بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ لا یمسہ الا المطہرون ۝

Al-marifat.org

مترجمہ

# قرآن عزیز

محشیٰ

امام اہل السنہ، رأس الاتقیاء، مجاہد فی سبیل اللہ

شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ تعالیٰ

انجمن خدام الدین شیرانوالہ دروازہ لاہور پاکستان

Downloaded from :: Al-marifat.org ::
al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

Al-marifat.org

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○

مترجم

# قرآن عزیز

محشّٰی

امام العلماء، رأس الاتقیاء، مجاہد فی سبیل اللہ

شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ تعالیٰ

انجمن خدام الدین شیرانوالہ دروازہ۔ لاہور۔ پاکستان

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

Al-marifat.org

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

امّا بعد

# ھَدِیَہ

## بہ درگاہِ ربُّ العزّت

اے اللہ! تو نے محض اپنے فضل و کرم سے قرآنِ حکیم کی یہ خدمت ارا کینِ انجمنِ خدام الدّین سے لی ہے۔ یہ تیری ہی چیز تیری بارگاہ میں ہدیۃً پیش کی جاتی ہے۔ تو اسے قبول فرما۔ اس میں حصہ لینے والوں کی نجاتِ آخرت کا ذریعہ بنا اور سب مسلمانوں کے لیے ہدایت کا سبب بنا۔ آمین یا الٰہ العالمین۔

احقر الانام احمد علی عفی عنہ

Downloaded from :: Al-marifat.org ::

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

Al-marifat.org

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

Al-marifat.org

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً

وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ

Downloaded from :::: Al-marifat.org ::::

اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور
شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو کیونکہ وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی

# چیدہ ترین علمائے کرام کی آراء

## حضرت مولانا سیّد محمّد انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی اما بعد

قرآن مجید و حکیم کا اعجاز مُفردات اور ترکیب و ترتیب کلمات اور مقاصد و حقائق کی جملہ وجُوہ سے ہے۔ مُفردات میں قرآن مجید وہ کلمہ اختیار فرمایا ہے جس سے اوفیٰ بالحقیقۃ و اوفیٰ بالمقام ثقلین نہیں لاسکتے مثلاً جاہلیت کے اعتقاد میں موت پر توفّی کا اطلاق درست نہ تھا۔ کیونکہ اُن کے اعتقاد میں نہ بقائے جسد تھی اور نہ بقائے رُوح۔ توفّی وصول کرنے کو کہتے ہیں ان کے عقیدہ میں موت توفّی نہیں ہوسکتی۔ قرآن مجید نے موت پر توفّی کا لفظ اطلاق کیا اور بتلایا کہ موت سے وصول یابی ہوتی ہے نہ فنا محض، اِس حقیقت کو ایک کلمہ سے کشف کر دیا۔ اور کہیں اس لفظ کا اطلاق اپنے اصلی معنی سے جسد مع الرُّوح کے وصول کرنے پر کیا۔ ترکیب و ترتیب جیسے وجعلوا اللہ شرکآء الجنّ ظاہر قیاس یہ تھا کہ عبارت یُوں ہوتی وجعلوا الجنّ شرکآء اللہ لیکن مراد یہ ہے کہ اُنھوں نے خُدا کے شریک ٹھہرائے، کوئی معمولی جُرم نہیں کیا اور وہ شریک بھی کون دجِنّ) پس یہ مراد اسی ترتیب اور نشست الفاظ سے حاصل ہوسکتی ہے۔ مقاصد سے میری مراد مخاطبین کو سبق دینا یا لینا ہے جیسا علمائے کرام نے اسمائے حسنیٰ کی شرُوح میں لکھا ہے۔ مقاصد قرآن حکیم کے وہ ہونے چاہئیں جن سے مبدأ و معاش و معاد اور فلاح و نجاحِ دُنیا و آخرت وابستہ ہو۔ حقائق سے میری مراد وہ اُمورِ غامضہ ہیں جن سے عقوُل و افکار قاصر ہے اور تجاذبِ جوانب اور نزاعِ عقلاً باقی رہا جیسے مسئلہ خلقِ افعالِ عباد کہ عبد کا ربط اپنے فعل سے کیا اور کیسا ہے اور اسی فعل کا ربط قدرتِ ازلیہ سے کیا ہے۔ قرآن مجید اس مقام میں ایسی تعبیر اختیار فرمائے گا کہ جس سے اوفیٰ بالحقیقت طوقِ بشر سے خارج ہو۔

قرآن کریم کی لاکھوں تفسیریں لکھی گئیں اور ہر ہی طرح اور ہر ہی پہلو سے خدمت کی گئی ؎

وعلیٰ تفنن واصفیہ بوصفہٖ   یفنی الزمان وفیہ مالم یوصف   لا تفنی عجائبہ

اب چونکہ زمانہ کا اَور دَور ہے اور تقریر و تحریر کا نیا طریقہ۔ مقاصدِ قرآن حکیم کی خدمت مناسب ضرورتِ وقت شروع ہوئی۔ جناب مستطاب مولانا احمد علی صاحب لاہوری دام ظلہ کی خدمت ظہور میں آئی جو عاجز نے متفرق دیکھی۔ یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ ماضی و مستقبل میں اس کی نظیر ناممکن ہے مگر یہ کہنا بیجا نہیں کہ حق تعالیٰ نے ایک بہت بڑی خدمت جناب ممدوح سے لی اور اب انشاء اللہ العزیز عوام و خواص دونوں طبقے اس تفسیر سے اپنی تشفی کرسکیں گے اور ترجمہ پڑھانے والے حضرات بہت سی مشکلات سے رہا ہو جائیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

میرے نزدیک خدمتِ قرآنِ کریم کا یہ ایک نیا دَور ہوگا۔ اور ربطِ آیات و مقاصدِ رکوعات کا ایک نیا باب۔ حق تعالیٰ جنابِ موصوف کے صحیفۂ اعمال میں اس ذخیرۂ حسنہ کو ودیعت رکھے اور اہلِ اسلام کو اس کے پڑھنے پڑھانے کی توفیق نصیب فرمائے۔ اٰمین یا ربّ العٰلمین ۰

اخقر محمد انور کشمیری عفا اللہ عنہ
۲۲ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ

## حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند

الحمد للّٰہ الذی اورث کتابہ الذین اصطفٰی من عبادہ الاخیار۔ فمنھم ظالم لنفسہٖ ومنھم مقتصد ومنھم سابق بالخیرات باذن الواھب الغفار۔ والصلوٰۃ والسلام علی من بفیضہ العلی تحل عرائس معانی الایات اساور من ذھب التحقیق ولاٰلی سکینۃ القلوب، وبببیانہ الجلی یقول الداخل فی جنان مبانیھا الحمد للّٰہ الذی اذھب عنا حزن القلق والاضطراب لا یمسنا فیھا نصب ولا لغوب ؛ وعلی الہ الکرام الذین بمعارفھم الکاملۃ احدوا حملۃ القران دار الاقامۃ الایقانیۃ ، وصحبہٖ وتابعیھم الذین بعلومھم العالیۃ البسوا الامۃ حریر الحقایق وحلل المعارف الایمانیۃ۔ **امّا بعد** سب سے عظیم الشان معجزہ جناب سرورِ کائنات حضرت خاتم الانبیاء سیّد المرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کا اور سب سے بڑا انعام اپنے بندوں پر حضرت ربُّ العالمین جلّ وعلیٰ شانہٗ کا یہ قرآن عظیم الشّان ہے جو کہ تمام کتب اور صحفِ سابقہ کا مہیمن اور جملہ انبیاء ورسل کے علوم کا جامع ہے۔ جس شخص کو اس میں سے کوئی بھی حصہ ملا وہ اس کے لیے حظِ وافر اور انتہائی خوش قسمتی کا سامان ہے اور کیونکر نہ ہو یہی تو وہ حبلِ متین ہے جو کہ خلق اور خالق کے مابین عروۃ وثقیٰ لا انفصام لہا کا کام دیتی ہے اور یہی تو وہ بحرِ ذخارِ حقیقی ہے جس کے بیش بہا موتی حسب ارشاد لا تنقضی عجائبہٗ ختم ہونے پر نہیں آتے۔ ہر چند کہ متقدمین اصحابِ معارف و یقین نے اپنی آخری قوت تک اس کی خدمات میں صرف کر دی مگر موفق متاخرین نے آکر دکھلا دیا کہ لاکھوں دُرِ گراں مایہ اس بحرِ ناپیدا کنار کے قعر میں چھپے ہوئے اب تک موجود ہیں جن پر کسی غواص کے ہاتھوں کا گزر تک نہیں ہوا ولنعم ما قیل۔ کم ترک الاول للاٰخر ولو ان ما فی الارض من شجرۃ اقلام والبحر یمدہ من بعد سبعۃ ابحر ما نفدت کلمات اللّٰہ ہزار ہزار تبریک کے مستحق وہ نفوس ہیں جو اپنی عمرِ گراں مایہ کو اس کی خدمت میں صرف کرنے میں دریغ نہیں فرماتے۔ اور ہزار ہزار ملامت کے مستحق وہ اشخاص ہیں جو اپنی گردنیں اس کتابِ عزیز لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہٖ کے سامنے نہ جھکاتے ہیں اور نہ اس میں غور وخوض کرتے ہیں۔

حضرات مولانا احمد علی صاحب (وفقہ اللّٰہ لما یحبہٗ ویرضاہ واصعدہٗ علی قلل المرادات المرضیہ ورقاہ آمین) کو عنایاتِ ازلیہ کی نظرِ انتخاب نے ازل ہی سے چن کر اس عظیم الشّان امر کے لیے مسبوق بالحسنیٰ قرار دے دیا تھا۔ جن کی جدّ وجہد اور جاں فشانیاں بفضلہٖ تعالیٰ عرصۂ دراز سے اس چمنستان میں بار آور ہو رہی ہیں۔ وذٰلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشآء ۰

میں نے مولانائے موصوف کی یہ تحریر دربارۂ ربطِ آیاتِ قرآنیہ وایضاحِ معانی فرقانیہ مختلف مقامات سے دیکھی۔ بحمد اللہ نہایت مفید اور کار آمد تحریر پائی۔ دلچسپ اور صحیح وضروری مضامین کا خلاصہ اس طرح اس میں بھر دیا گیا ہے کہ عوام اور خواص دونوں کو بہت زیادہ آسانی کے ساتھ دُرِ گراں مایہ ہاتھ آسکیں گے۔ میری نظر سے کوئی مضمون ایسا نہیں گزرا جو کہ مسلکِ اہلِ سنّت والجماعت کے خلاف ہو یا اس پر کوئی گرفت ہو سکے۔ مجھ کو قوی اُمید ہے کہ اگر لوگ اس عجیب وغریب تحریر کو غور وخوض کے ساتھ مطالعہ فرمائیں گے تو کتاب اللہ کے سمجھنے کا بہت بڑا فرض ادا کریں گے۔

آخر میں میں مولانا موصوف کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوا دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے دارین میں ان کو

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سرخرو اور کامیاب فرمائے اور اپنی لقاء اور رضوان کے اعلیٰ درجات سے ان کو مالا مال کرے آمین واللہ ولی التوفیق وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

تحریر ۱۴ من جمادی الاول ۱۳۵۱ھ

ننگ اسلاف

حسین احمد غفرلہٗ

خادم العلم بدار العلوم دیوبند

## امام العلماء اسوۃ المہتدین حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ امّا بعد قرآنِ حکیم کی خدمت خواہ اس کی نوعیت کچھ ہی ہو مسلمان کے لیے سعادت اور ذخیرۂ آخرت ہے۔ بالخصوص جب کہ وہ خدمت اُمتِ مرحومہ کو قرآنی معارف سے روشناس کرانے والی اور قلوب میں فہمِ قرآن کی رغبت پیدا کرنے والی ہو حضرت فاضل علامہ مولانا احمد علی صاحب نے جس صورت سے کتابُ اللہ کی خدمت کی ہے۔ یہ انشاء اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لیے بہت مفید ہوگی۔ اور ان کے قلوب میں قرآن مجید کی تلاوت کی رغبت اور مضامین قرآنیہ پر غور کرنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کا قوی ترین وسیلہ ثابت ہوگی۔ میں نے اس کو جستہ جستہ مقامات سے مطالعہ کیا اور اس طرز کو مفید اور سہل اور اقرب الی الفہم پایا۔ میری نظر میں کوئی بات مسلکِ اہل سنت والجماعت کے خلاف نہیں آئی۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کی مخلصانہ خدمت کو قبول فرما کر مسلمانوں کو مستفید وبہرہ مند کرے آمین۔ والحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔

محمد کفایت اللہ غفرلہٗ۔ ۲۱ محرم ۱۳۵۰ھ نیو سنٹرل جیل ملتان

## مخدوم ومحترم رئیس المؤرخین زمان حضرت مولینا سید محمد سلیمان صاحب ندوی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسلمانوں کی سعادت کا اصلی سرمایہ قرآن پاک ہے۔ مسلمان جب تک اس سرمایہ سے فائدہ اُٹھاتے رہے۔ ان کی دینی و دُنیاوی دولت کا کچھ ٹھکانا نہ تھا۔ لیکن ایک مدّت کے بعد زمانہ کے مرور۔ زبان کی اجنبیت اور رسمی کتابوں کی کثرت اور رسوم ورواج کی پابندیوں نے ان کو اس سرمایہ سے پوری طرح فائدہ اُٹھانے سے محروم کر دیا۔ یہ دیکھ کر علمائے حق نے اس کا فارسی ترجمہ کیا اور اس کی تفسیریں لکھیں۔ یہ ترجمے تفسیروں کے ضمن میں ہوتے تھے۔ اس قسم کی سب سے پہلی کوشش کا سراغ چوتھی صدی ہجری میں بخارا کے سامانی سلاطین کے عہد میں ملتا ہے۔ ہندوستان کے قرونِ وسطیٰ میں امام زاہدی کی فارسی تفسیر کے ترجمہ نے سب سے زیادہ ہر دلعزیزی حاصل کی۔ اس کے قلمی نسخے اب بھی ملتے ہیں۔ نویں صدی ہجری میں مُلا حسین واعظ کاشفی کی تفسیر حسینی نے سب سے زیادہ اہمیت حاصل کی اور بہت کثرت سے اسلام کے مشرقی ملکوں میں اس کا رواج ہوا۔ اور اس کے قلمی اور مطبوعہ نسخے گھر گھر پھیل گئے۔

عین اس وقت جب ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاسی قوت کا آفتاب غروب ہو رہا تھا۔ حکمتِ الٰہی نے اس غرض سے کہ اس آفتاب کے غروب سے مسلمانوں کے قلوب میں تاریکی نہ پھیلنے پائے۔ ایک اور آفتاب نکالا۔ جس نے اس وقت سے لے کر آج تک اس ملک کو اپنی نورانی شعاعوں سے منور رکھا ہے۔ یعنی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اور ان کے اخلاف۔ شاہ صاحب نے عوام کے لیے قرآن پاک کا فارسی ترجمہ کیا۔ اور خواص کے لیے قرآن پاک کے علوم پر متعدد رسائل لکھے۔ شاہ صاحب کے بعد ان کے صاحبزادوں

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

میں سے مولانا شاہ رفیع الدین نے قرآنِ پاک کا اُردو میں ترجمہ کیا۔ اور مولانا شاہ عبدُالقادر صاحب نے اُردو میں قرآنِ پاک کی تفسیر موضحُ القرآن لکھی اور اُردو میں قرآنِ پاک کا وہ ترجمہ کیا جو اپنی گُوناگُوں صفات کی بنا پر آج تک بے مثال ہے۔ شاہ عبدُالقادر صاحب کے ترجمہ اور حواشی کی خوبی کا اصلی اندازہ وہی لگا سکتا ہے جس نے خود قرآنِ پاک کے سمجھنے کی تھوڑی سی کوشش کی ہو۔ شاہ صاحب کے حواشی موضح القرآن اپنے اختصار کے باوجود فہمِ مطالب میں بے حد معین ہیں۔ اور ان سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب کو فہمِ قُرآن کا خاص ملکہ اللہ تعالیٰ نے بخشا تھا۔

قرآنِ پاک کے علُوم میں سب سے زیادہ دقیق اور نازک علم آیات اور سُور کے باہم ربط و تعلق کا ہے۔ امام رازی اور بقاعی نے اس پر بہت کچھ محنت کی ہے اور دوسرے علماء نے بھی اس میں کافی غور و خوض کیا۔ ہمارے زمانہ میں مولانا حمیدُ الدّین صاحب فراہی صاحبِ نظامُ القرآن اور مولانا عبیدُاللہ صاحب سندھی خاص ذکر کے قابل ہیں۔ دونوں مُدت تک اتحادِ مذاق کے باعث کراچی میں باہم ملتے جُلتے رہتے تھے۔ مولانا عبیدُاللہ صاحب کے درس نے متعدد باکمال پیدا کیے۔ جن میں سب سے پہلی جگہ مولانا احمد علی صاحب امیر انجمن خُدام الدین کو حاصل ہے۔ موصُوف نے اس درس میں جو کچھ پایا۔ اس کو وقفِ عام فرمایا۔

انجمن خدامُ الدین کے مخلص و باہمت ارکان شکریہ کے مُستحق ہیں کہ انھوں نے ایک ایسے قرآن کی طباعت و اشاعت کا سامان کیا جس میں یہ متفرق فیوض و برکات یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ قرآنِ پاک کے اس نسخہ میں ترجمہ حضرت مولانا احمد علیؒ کا اور ساتھ ہی حضرت موصُوف نے قرآنِ پاک پر آیات کے ربط و تسلسل کی پابندی کے ساتھ جو حواشی لکھے تھے اور جو مُستند عُلمائے عصر کی نگاہوں سے بار بار گزر چکے تھے اُن کا اضافہ کیا ہے۔ حضرت شاہ عبدُالقادر کے حواشی پر جس نے دِقّت کی نظر ڈالی ہے اس کو معلوم ہے کہ انھوں نے آیات کے ربط و تسلسل کا خاص خیال رکھا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ان کے یہ حواشی بہت مختصر تھے اور پُورے قرآن پر بالالتزام نہیں لکھے گئے تھے۔ مولانا احمد علی صاحب نے اس کمی کو پُورا کیا ہے۔ اور سارے قرآن پر التزام کے ساتھ ایسے حواشی لکھے ہیں جن میں ربط و تسلسل کے رمُوز و اسرار مُنکشف ہو جاتے ہیں۔ اور مختصر لفظوں میں آیات کے وہ حقیقت پرور مطالب سامنے آجاتے ہیں جن سے تفسیر کی بڑی بڑی کتابیں خالی ہیں۔ ان حواشی کی خاص خصوصیات یہ ہیں کہ ان میں مُسلمانوں کی موجودہ بیماریوں کے علاج کی طرف خاص طور سے اشارے کیے گئے ہیں اور ان کے قوائے عمل کو بیدار کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت محشّی کو جزائے خیر دے اور مُسلمانوں کو اس ترجمہ اور حواشی سے فائدہ اُٹھانے کی توفیق بخشے۔ والسّلام۔

کتبہ المستعین باللہ القوی سلیمان الندوی

۱۱۔ شوّال ۱۳۵۳ھ

## حضرت مولانا سلطان محمُود صاحب مدّ ظلہ مدرّس مدرسہ فتحپوری

الحمد للّٰہ فالق الحبّ والنوی خالق الارض والسمٰوٰت العلیٰ۔ عالم الجہر والسرمن القول والاخفی بل لایعزب عنہ مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء والصلوٰۃ والسّلام علی رسولہ المصطفیٰ۔ صاحب المقام المحمود والکوثر والشفاعۃ الکبریٰ المکتحل بمازاغ البصر وماطغیٰ۔ محمد الذی لا یاتی الزمان بمثل و ماثل وعلیٰ اٰلہ واصحابہ الطیبین الطاہرین۔ امّا بعد جس روز سے قرآنِ حکیم کا نزول دُنیا میں ہوا ہے اسی وقت سے علمائے اُمّتِ مرحومہ (علیٰ صاحبہا التحیات والتّسلیمات) نے اس خدمت کو ذریعۂ نجات سمجھ کر اپنا نصب العین قرار دے رکھا ہے۔ اور ہر زمانے میں حسبِ استطاعت اس کی خدمت کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ چنانچہ جس قدر تراجم و تفاسیر وجُود میں آئی ہیں

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وہ اس قدر ہیں کہ اگر کوئی شخص ان کے دیکھنے میں اپنی تمام عمر صرف کر دے تو بھی ان سب کو نہیں دیکھ سکتا۔ مگر باوجود اس قدر کثرت تراجم و تفاسیر کے چند اشیاء کی کمی باقی تھی۔ جس وجہ سے بہت طبائع کو قرآن مجید سے کما حقہٗ اطمینان و سیری حاصل نہیں ہوتی تھی۔ اور قرآن شریف کی امتیازی شان نمایاں نہیں ہوئی تھی اور اس قدر تراجم و تفاسیر دیکھنے کے باوجود ہر شخص اس نتیجہ پر نہیں پہنچ سکتا تھا کہ اسلام کی ترقی و تنزل کے ذرائع و اسباب کیا ہیں اور وہ کون سے اصول و قوانین تھے جن کی پابندی سے مسلمانوں کا عروج آسمان سے باتیں کرنے لگا تھا۔ مگر خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنی رحمتِ خاصہ سے اس کمی کے دور ہونے کا منظر بھی دکھایا اور اس خدمت سراپا سعادت کا قرعۂ ازلی علامۂ وقت مولانا مولوی احمد علی صاحب کے اسم گرامی پر واقع ہوا تھا۔ لہٰذا یہ خدمت ان کی ذاتِ بابرکت سے ظہور میں آئی۔ میں نے علامہ موصوف کی اس تفسیر کو اول سے آخر تک نہایت غور سے دیکھا ہے اور دیکھنے کے بعد جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ یہ ہے۔

۱۔ اول سے آخر تک کوئی بات ایسی نہیں پائی جو اہل سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہو۔

۲۔ ربطِ آیات اس خوبی کے ساتھ بیان کیا ہے کہ جس کی نظیر زمانۂ ماضیہ میں معدوم الوجود ہے۔

۳۔ مطالب و مضامینِ قرآن حکیم کی تشریح میں خیر الکلام ما قل ودل کے مطابق اختصار بھی ہے اور باوجود اختصار کے پیرایۂ بیان نہایت سہل و سلیس ہے سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی۔

۴۔ اصولِ اسلام و ترقی و تنزل کے اسباب اس خوبی سے واضح کیے ہیں کہ کوئی الجھن باقی نہیں چھوڑی۔ قرآن شریف کی ایک امتیازی شان پیدا کر دی ہے۔ پڑھنے والے کی طبیعت کو کامل سیری حاصل ہو جاتی ہے۔ نزول قرآن مجید کی جو اصلی غرض تھی (کہ اہل اسلام کو ایک مکمل دستور العمل دیا جائے) اس کی بے مثل تشریح ہے۔

۵۔ جو حضرات فرض تبلیغ کو اپنے ذمہ لیے ہوئے ہیں، ان کے لیے بے نظیر سرمایہ ہے۔

۶۔ زمانہ موجودہ کے لحاظ سے ہر طبقہ کو مفید خصوصاً نئی روشنی کے دلدادہ حضرات کو از حد مفید و مرغوب الطبع واقع ہوگی۔

الحاصل جو کمی باقی تھی وہ بحمد اللہ کامل طور سے رفع ہو گئی ہے۔ اور یہ رحمت الٰہیہ کا ایک نیا دور ہے جو عنقریب ان شاء اللہ العزیز دنیا میں ایک نیا رنگ لائے گا۔ علامہ موصوف کی یہ خدمت نجات اخروی کا ایک بیش بہا سرمایہ ہے۔ اب میں دعا کرتا ہوں کہ خداوند تعالیٰ ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے۔ اور اہل اسلام کے قلوب میں اس کی مقبولیت کا بیج بو دے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین

خادم الطلبہ مسیح اللہ محمد عفی عنہ
صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی
رجب المرجب ۱۳۵۱ھ

## حضرت مولانا خواجہ عبد الحی صاحب شیخ التفسیر جامعہ ملیہ قرول باغ دہلی

بسم اللہ وحدہٗ۔ میں نے تقریباً تمام کتاب کو بغور دیکھا۔ یہ اللہ کا فضل مخصوص ہے کہ اس نے حضرت العلام کو اس جلیل القدر خدمت کے لیے چن لیا اور سلفِ صالحین کے طریق پر اقتضائے زمانہ کے مطابق اپنی کتاب عزیز کی تشریح و توضیح کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ کی نصرت و کارسازی پر اعتماد کر کے میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ اسے قبولِ عام بخشے گا اور درس و فکر قرآن میں جو رکاوٹیں ہیں اس کی وجہ سے دور کر دیگا۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

عبد الحی استاد تفسیر و ناظم دینیات جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی
۳ رجب المرجب ۵۱ھ
۳ نومبر ۳۲ء

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# صدر احرار ہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے بیان کا خلاصہ

"حضرت علامہ مولانا احمد علی صاحبؒ امیر انجمن خدام الدین کے نام نامی سے مسلمانوں کا بچہ بچہ واقف ہے ۔ قرآن عزیز کے علوم و معارف آپ نے حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ سے حاصل کیے اور روحانی فیوض و برکات قطب الاقطاب علامہ سید تاج محمود امروٹیؒ رحمۃ اللہ علیہ صدیق دوراں شیخ المشائخ حضرت خلیفہ غلام محمد صاحب دین پوری نوراللہ مرقدہٗ سے حاصل کیے ۔ آپ کا موجودہ علمی اور روحانی فیض مذکورۃ الصدر بزرگان دین کی علمی اور روحانی تربیت کا نتیجہ ہے ۔

آپ کے علم و فضل، تقویٰ و دیانت اور خلوص نیت کے لیے یہ شہادت کافی ہے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں آپ کے علوم قرآنی کا شہرہ ہندوستان کے ہر گوشہ میں پہنچ گیا ۔ لاہور کے نہ صرف عوام بلکہ انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ اور سند یافتہ علمائے کرام نے آپ سے قرآن عزیز کا ترجمہ پڑھنا شروع کیا ۔ سینکڑوں سند یافتہ علماء اس وقت تک آپ سے ترجمہ و تفسیر قرآن مجید پڑھ چکے ہیں اور ہر سال ساٹھ ستر کے درمیان دارالعلوم دیوبند، جامعہ ڈابھیل اور دیگر مدارس کے سند یافتہ علماء رمضان المبارک میں آپ سے علوم قرآن حاصل کرتے ہیں ۔

تفسیر ربط آیات میں حسب ذیل علوم ہیں :-

(۱) ہر ایک سورت کا ایک عنوان (۲) ہر رکوع کا خلاصہ اور اس کا ماخذ (۳) ربط آیات (۴) مناسب موقعوں پر واقعات جزویہ سے قواعد کلیہ کا استنباط ۔

مولانا موصوف نے سترہ سال کی مسلسل محنت کے بعد آنے والی نسلوں کے لیے تفسیر ربط آیات لکھ کر احسان عظیم فرمایا ہے ۔ اس تفسیر کے متعلق شیخ الاسلام مولانا سید انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے لاہور میں تقریر کے دوران ۳ دسمبر ۱۹۳۰ء کو ارشاد فرمایا تھا " ہم نے مولانا احمد علیؒ صاحب کے مسودہ ربط آیات پر جو تقریظیں کی ہیں ہم نے ان میں خوشامد نہیں کی اور مسلمانوں کو دھوکا نہیں دیا ۔ میں نے مولانا احمد علی صاحب کو بارہا تکلیف دی کہ قرآن مجید کی یہ خدمت کریں ۔ یہ خدمت انھوں نے میرے کہنے پر کی ہے ہم ان کی اس خدمت کے شکر گزار ہیں "

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اراکین انجمن خدام الدین کو یہ توفیق دی کہ انھوں نے اس اہم کام کو اپنے ذمہ لے لیا ۔ اس وقت تک قرآن عزیز کے دس پاروں کی کتابت ہو چکی ہے ۔ یہ قرآن شریف بے انداز خصوصیات کا حامل ہے ۔ ابتدا میں قرآن عزیز کا بین السطور ترجمہ حضرت شاہ عبدالقادر قدس سرہ العزیز کا تھا اور حاشیہ پر تفسیر موضح القرآن مندرج تھی ۔ موجودہ ترجمہ حضرت شیخ التفسیر نوراللہ مرقدہٗ نے حضرت شاہ صاحبؒ کے ترجمۂ قرآن کی روشنی میں خود کیا تھا ۔ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی نے شاہ صاحبؒ کے کچھ حالات بھی تحریر فرمائے تھے جو افادیت کے پیش نظر درج ذیل ہیں :-

میں نے بعض بزرگوں سے سنا ہے کہ مولانا شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ جب موضح القرآن لکھ چکے تو فارسی کا یہ شعر تھوڑے سے تصرف کے ساتھ پڑھتے تھے ۔ شعر روز قیامت ہر کسے با خویش دارد نامۂ ٭ من نیز حاضر می شوم تفسیر قرآن در بغل ٭

حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ با محاورہ ترجمہ کے بانی اور امام ہیں اور بعد کے سب ترجمہ کرنے والے ان کے متبع ہیں ۔ حضرت مولانا سید محمد انور شاہؒ تمام شاگردوں کو ہمیشہ یہ وصیت فرمایا کرتے تھے ۔ "حضرت شاہ عبدالقادرؒ کا ترجمہ دیکھو اور بعض مسائل جو تفسیر سے حل نہیں ہوتے وہ اس ترجمہ سے حل ہو جاتے ہیں"۔

حضرت شاہ عبدالقادرؒ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے صاحبزادے ہیں ۔ یہ پہلا خاندان ہے جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے قرآن و سنت کے علوم ہندوستان میں پھیلائے ۔ میں نے دیوبند میں ایک بزرگ امیر شاہ خان سے سنا کہ حضرت شاہ عبدالقادرؒ نے چالیس برس مسلسل مسجد میں اعتکاف فرما کر اس کا ترجمہ اور موضح القرآن کو لکھا ہے ۔ جس دیوار کے ساتھ آپ تکیہ لگا کر بیٹھتے تھے اس پر بھی نشان پڑ گیا تھا اور خاں صاحب مرحوم حضرت شاہ صاحب دہلویؒ کی یہ دو کرامتیں بیان فرمایا کرتے تھے :-

(۱) اگر کوئی شخص آپ کو سلام کرتا تو زبانی جواب کے ساتھ شیعہ حضرات کو بائیں ہاتھ سے اور سنی حضرات کو دائیں ہاتھ سے اشارہ فرماتے ۔ کئی ایک شیعہ صاحبان اس آزمائش ہی پر اپنے عقیدہ سے توبہ کر گئے ۔

(۲) رمضان المبارک میں آپ خود تراویح میں قرآن شریف سنایا کرتے تھے ۔ اگر رمضان المبارک کی پہلی شب کو آپ دو پارے تراویح میں پڑھتے تو حضرت شاہ عبدالعزیزؒ جو آپ کے بڑے بھائی تھے فرمایا کرتے کہ رمضان ۲۹ کو ہوگا ۔ اور اگر ایک پڑھتے تو فرماتے کہ ۳۰ کا ہوگا ۔۔۔ باقی جو شریعت حکم دے ۔"

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## حضرت مولانا نجم الدّین صاحب مدّ ظلّہ، پروفیسر اورینٹل کالج لاہور

قرآن حکیم ایک ایسی کامل وجامع کتاب ہے، جس کے عجائبات کی کوئی انتہا نہیں۔ غواصانِ بحورِ معانی ہمیشہ نئے نئے لولوئے آبدار اور گوہر شاہوار کو قعرِ نظم ولفظ سے نکال کر مشتاقانِ دیدارِ تحقیق کی آنکھوں کو روشن اور دلوں کو مسرور فرماتے رہے ہیں۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ سے آج تک جتنی تفسیریں لکھی گئی ہیں سب نے حسبِ استطاعت قرآن حکیم کی تشریح اور توضیح کی خدمت کو انجام دینا اپنا فرضِ منصبی قرار دیا۔ حسب حال ہر عالم نے اپنے زمانے کے مطابق جس پہلوئے تفسیر کو زیادہ نمایاں کرنا اپنا موضوع قرار دیا اسی پر اپنے قلم کا زور صرف کر دیا۔ کسی نے نقل روایات و آثار پر ہی اکتفا کی اور کسی نے نحو، معانی کے مسائل کو ذکر کرتے ہوئے قرآن کی فصاحت ثابت کرنے پر داد دی اور کسی نے معقولی رنگ چڑھانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ فقہ کے شیدائیوں نے صرف آیات مسائل احکام کی تفصیل پر اپنا وقت صرف کر دیا۔ بحسن نیت ہر شخص ہماری دعائے خیر کا مستوجب ومستحق ہے۔ اتنی تفسیریں لکھنے کے باوجود قرآن کے چند ایسے پہلو معرض ظہور پر کماینبغی جلوہ افروز نہیں ہوئے ان میں سے چار اہم امر ہیں جن کی طرف علمائے کرام کی توجہ کی اشد ضرورت ہے۔

**اوّل**:۔ ربطِ آیات

**دوم**:۔ اَقسام القرآن۔ قسم اور جواب قسم میں ربط قائم کرنا۔

**سوم**:۔ قِصص القرآن۔ ایک ہی قصہ متعدد سورتوں میں بیان کیا جاتا ہے۔ کہیں مختصر اور کہیں مفصل آخر فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ اس تفصیل اور اختصار اور تکرار میں ضرور کوئی نہ کوئی حکمت ہوگی جو متوسّط الفہم لوگوں پر تا حال آشکار نہیں ہوئی۔

**چہارم**:۔ امثال القرآن۔ اس پر بھی تا حال کوئی مکمل کتاب نہیں لکھی گئی۔ اگرچہ بعض امثال پر بعض محققین نے بحث کی ہے۔

ان چار شعبوں کی تکمیل مسلمانوں پر فرض ہے۔ ربطِ آیات کے متعلق اگرچہ بعض تفاسیر میں سرسری طور پر کچھ نہ کچھ لکھا گیا ہے لاکن کَالّا یُسْمِنُ وَلَا یُغْنِیْ مِنْ جُوْعٍ کے درجے پر ہے۔ اس خدمت کے انجام دینے کے لیے میرے دوست مولانا مولوی احمد علی صاحب نے حتی الوسع ایسی کوشش کی ہے جس کا شکریہ ادا کرنا ناظرین کا فرضِ اوّلین ہے۔ اس میں شک نہیں کہ جو راہ دشواری یا عدم توجہ علماء کے باعث آج تک غیر مسلوک رہا ہو اس پر قدم رکھنا یا اس پر چل کر کسی ایسے نتیجے پر پہنچنا جس میں کسی قسم کی دقت و پیچیدگی نہ ہو، نا ممکن ہے۔ مولانا صاحب کی تفسیر ربطِ آیات کو جہاں تک میں نے مطالعہ کیا ہے، نہایت مفید اور کار آمد پایا۔ اُمید کہ اس کے مطالعہ سے متوسط درجے کے اہلِ علم بہت کچھ فائدہ اٹھا سکیں گے۔ اور اعلیٰ درجہ کے علماء اگرچہ اس کو اپنی شایانِ شان نہ سمجھیں تو کم از کم ان کی توجہ اس سلسلے کو بہتر صورت میں لانے کی طرف ضرور منعطف ہوگی۔ ربطِ آیات سے بہت سے مسائل پیچیدہ اور مشکل کا انحلال ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے تمام مسلمانوں کی طرف سے اس فرضِ کفایہ کو ادا کرنے کے لیے اپنا وقت صرف کیا۔ جزاہ اللہ الخیر عنی وعن سائر المسلمین آمین۔

نجم الدین پروفیسر اورینٹل کالج لاہور، ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## حضرت مولانا ابو محمّد احمد بن حسین چکوالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العٰلمین۔ والصلوٰۃ والسلام علی خاتم المرسلین واتباعہ و اشیاعہ اجمعین۔ امّا بعد خاکسار نے قرآن مجید مترجم طبع کردہ انجمن خدام الدّین وفقہ اللہ تعالیٰ لخدمۃ الدین المتین کا من اوّلہ الیٰ آخرہٖ بغور مطالعہ کیا۔ بغرض تصحیح لفظ لفظ پڑھا۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ عوام مسلمین بلکہ خواص کو بھی اس سے معتد بہا دینی فوائد

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حاصل ہوں گے۔

۱۔ تصحیح کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔

۲۔ ترجمہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جو بین السطور رکھا گیا ہے۔ معنی مرادی کی تفہیم کے لیے ایک استاد کامل کی حیثیت رکھتا ہے۔

۳۔ ربط آیات جس کے ضمن میں موضوع ہر سورۃ قرآن حکیم۔ و خلاصہ جملہ رکوعات ہر سورہ اور نمبروار آیاتِ سور کا سباق و سیاق سے ارتباط نہایت اختصار کے ساتھ ہر صفحہ کے حاشیہ کے حصہ اول پر رکھا گیا ہے۔" ایک نادر چیز ہے (جو میرے عزیز محترم جناب مولوی احمد علی صاحب سلّمہ اللہ امیر مجلس خدام الدین نے اپنی عمر کا معتد بہ حصہ صرف کر کے اساتذۂ باکمال کی تعلیم و تربیت سے حاصل کیا ہے) یہ حصہ بفضلہٖ تعالیٰ فہم قرآنِ حکیم و تدبر آیات السمیع العلیم کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ بے حد مفید ثابت ہو گا۔ بشرطیکہ تلاوت کرنے والے دل سے متوجہ ہو کر تدبر سے کام لیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ"

میں جناب باری تعالیٰ میں دست بدعا ہوں کہ اللہ جل جلالہٗ مجھے بھی اس سے متمتع ہونے کی توفیق بخشے اور تمام اہلِ اسلام کو توفیق دے کہ قرآنِ حکیم کو جس مقصد کے لیے نازل ہوا ہے اسی قصد سے پڑھیں، سمجھیں اور اس پر عمل پیرا ہوں تاکہ دنیا صلح و سلام و امن و امان کا گہوارہ بن جاتے۔ و اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ محمد نبی الامین و علی جمیع اخوانہ من النبیین و المرسلین و علی الہٖ و اصحابہٖ و اہل بیتہٖ و صالحی امتہٖ اجمعین۔ ع

ویرحم اللہ عبدا قال امینا۔ ۔ ۔ دانا العبد الحافظ ابو محمد لعبد بن حسین الکیلانی مولداً، اللاہوری مسکناً

مورخہ ۲ شوال المکرم ۱۳۵۲ھ

## حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب فاضل دیوبند خطیب جامع مسجد گوجرانوالہ

رب العٰلمین کے کلام کی خدمت جس طرح اہلِ اسلام نے کی ہے ان کے سوا جس قدر لوگوں کو اپنی کتاب کے آسمانی ہونے کا دعویٰ ہے وہ اس سے قاصر ہیں کہ کہیں اس کا عشر عشیر بھی پیش کر سکیں۔ جب استطاعت یا حسب ضرورت چھوٹی، متوسط، بڑی بلکہ بڑی سے بڑی غرض سات سات سو جلد کی تفسیریں لکھی گئیں اور جس شخص کو جو علمی امانت عطا ہوئی تھی قرآنِ کریم کی تفسیر میں اس کو ادا کیا۔ قرآن مجید علوم کا ماخذ اور مخزن تھا۔ محدث نے روایات کو قرآنِ کریم سے منطبق کیا۔ متکلم نے عقلی دلائل کی تصدیق قرآنِ کریم سے کرائی۔ فقیہ نے ہزاروں مسائل مستنبط کیے۔ ادیب نے اسے اپنا مرجع قرار دے کر بلاغتِ قرآن کو لوگوں کے سامنے واضح کیا۔ اور ہزاروں مسائل اس سے اخذ کیے غرض جس شخص کو جس فن میں زیادہ مہارت تھی تفسیر میں اسی رنگ کو زیادہ نمایاں کیا۔ لیکن قدیم سے بعض اہلِ علم کا یہ خیال رہا ہے کہ قرآنِ کریم کی ہر ایک آیت مستقل باب ہے۔ اور ہر ایک سورت مستقل کتاب ہے اس خیال کی وجہ سے بہت مفسرین نے اس طرف کم توجہ کی کہ سور اور آیات کے روابط اور مضامین کے تراجم کو بھی واضح کریں۔ اور جن حضرات نے اس خدمت کو ادا کیا ہے اس کا بہت سا حصہ تو اس وقت ہمارے سامنے ہی نہیں۔ یا مبسوط تفسیروں میں تبعاً اس کو ذکر کیا گیا ہے اور اس کا استخلاص مشکل ہے۔ یا اہلِ ہند کی زبان میں نہ ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کے لیے اصعب المرتقیٰ اور قلیل المجتنیٰ بن چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے برادر مکرم مولانا المولوی احمد علی صاحب کو جنھوں نے اس ضرورت کو محسوس فرما کر وہی چیز پیش کی ہے جس کی حاجت تھی۔ میں نے مختلف مواقع سے مولانا کے ارشاد کے موافق اس کو دیکھا ہے اور مولانا کی خدمت کی داد دیتا ہوں کہ آپ نے نہایت سہل طریق سے اس پہلو کو ذہن نشین کرنے کی سعی فرمائی اور اس میں کامیاب ہوئے۔ نہ ربط کے اظہار میں کچھ ایسی کھینچا تانی کی ہے کہ تفاسیر سلف کو مطروح کر دیا ہو نہ کسی رکوع یا سورت کے خلاصہ بیان کرنے میں خواہ مخواہ صامت کو ناطق بنانے کی کوشش کی ہو۔ اگر

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ہر اہلِ حق کے لیے لازم ہو کہ وہی کہے جو سابق کہہ چکا ہے تو پھر کسی تصنیف کی ہی نہیں رہتی۔ ہاں متاخرین کے لیے اتنا ضروری ہے کہ اصُول اہلِ سُنّت والجماعت یا جس حصّہ کا صرف نقل سے تعلق ہے اس کی پابندی کرتے ہُوئے اگر کسی چیز کے واضح کرنے یا تقریر میں کوئی ایسی چیز کہہ دیں جس کو بعینہٖ سلف کی تفاسیر میں نہ دکھا سکیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ جو بعض مقامات میری نظر سے گزرے ہیں بحمد اللہ اصُول اور نقل کی اس میں پوری رعایت کی گئی ہے اور ہمیں مولانا کے علم اور دیانت پر یہی امید ہے کہ اس چیز کو ہر جگہ ملحُوظ رکھا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ عنّا اور عن جمیع المسلمین اور اس تصنیف کو موجب برکت اور رابطہ بین الخالق والخلق ثابت کرے۔ و اٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین ۔

بندہ محمد عبدالعزیز عفی عنہ [illegible] شوال [illegible]

## حضرت مولانا عبیدُ اللہ صاحب فاضل دیوبند پروفیسر گورنمنٹ کالج شاہ پُور

الحمد للہ رب العٰلمین والصلٰوۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین۔ استاذی المکرم حضرت مولانا احمد علی صاحب کی تفسیر میں نے خود حضرت مولانا صاحب سے پڑھی ہے اور لکھی ہے اور یہ تقریر حضرت مولانا کی لکھی ہُوئی آپ کے ارشاد سے دیکھی ہے۔ میرے خیال میں صیغہ ربطِ آیات میں یہ تقریر بے نظیر ہے۔ یہ فن اب تک درجۂ تکمیل تک نہیں پہنچا تھا۔ حضرات مفسرین نے ربطِ آیات قرآن کریم کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی اور بعض نے اس طرف توجّہ کی ہے۔ مگر وہ درجۂ کفایت تک نہیں پہنچی۔ حضرت مولانا کی تفسیر نے اس کمی کو نہایت احسن طریق سے پُورا کر دیا ہے۔ تمام قرآن کریم کے مضامین کو ایسا مربُوط بیان کیا ہے کہ اوّل سے آخر تک ایک نہایت لطیف نظامِ ربط قائم ہو گیا ہے۔ بعض بعض مقامات پر تو ایسا نادر ربط بیان کیا ہے کہ بے اختیار زبان سے صدائے احسنت نکلتی ہے۔ قرآن کریم کی سُورتوں کا خلاصہ مضمون اور ہر سورۃ کا موضوع پھر اس کے دلائل و شواہد اس خوبی سے بیان کیے ہیں کہ پڑھنے والے کے ذہن میں مضمون کی ایک تصویر قائم ہو جاتی ہے۔ امثالِ قرآن کی بھی اکثر جگہ نہایت موزُوں تشریح کی ہے۔ اقسامِ قرآن کی مناسبت ان کے جوابات کے ساتھ واضح کی گئی ہے کہ کہیں وہ اپنے جوابات کی دلائل و شواہد ہیں اور کہیں امثال و نظائر ہیں۔ اِعتبار و تاویل کا حصّہ اگرچہ قرآنِ کریم کی تفسیر نہیں۔ جیسے خود حضرت مولانا نے ظاہر کر دیا ہے۔ مگر درجۂ اعتبار میں نہایت عمدہ چیز ہے اور اس کا انطباق آیات پر ایسا بیّن ہے کہ ادنیٰ تامّل سے واضح ہو جاتا ہے۔ جس کا مآخذ حضرت مولانا نے اپنی اپنی جگہ ذکر کر دیا ہے۔ غرضیکہ یہ مجمُوعہ ایک نادر تحفہ ہے جس کی قدر پڑھنے والے خود معلوم کریں گے۔ معمُولی تعلیم یافتہ اشخاص بھی جب ترجمہ پڑھ کر خلاصۂ سُورت اور ربطِ آیات کو دیکھیں گے تو خاص حظ اُٹھائیں گے اور اہلِ علم اگر درسِ قرآن کے وقت اس کا غور سے مطالعہ کریں گے تو اپنے سینوں میں ایک عجیب اِنشراح اور لُطف موجود پائیں گے۔ درحقیقت قسامِ ازل نے یہ نعمت حضرت مولانا کے حصّے میں رکھی تھی، جو اُنھیں مل گئی۔ و ذٰلِک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔

ایں سعادت بزورِ بازُو نیست ؎ تا نہ بخشد خُدائے بخشندہ

والسلام

احقر العباد عبید اللہ پروفیسر گورنمنٹ کالج شاہ پور

## حضرت مولانا غلام صدّیق صاحب فاضل دیوبند ڈیرہ غازی خاں

حضرت مولانا مولوی احمد علی صاحب کی تالیف دربارۂ ربطِ آیات سُورۂ فاتحہ سے اخیر تک لفظ بہ لفظ دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ تو اس کو نہایت مُفید پایا۔ اور اس میں کوئی چیز خلاف اہل السُّنۃ والجماعت کے نہیں دیکھی۔ احقر تہِ دل سے دُعا کرتا ہے کہ خُداوند کریم اس

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

کو مقبول و منظور فرمائیں اور جناب مؤلف کی سرافرازی فی الدنیا والآخرۃ کا باعث بنے۔ آمین ثم آمین۔

بندہ غلام صدیق عفا اللہ عنہ لعو
دینیورسٹی ہال وارد لاہور

## حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی

مکرم و محترم مولانا احمد علی صاحب دروازہ شیرانوالہ۔ لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ ـــــ آپ کا ارسال کردہ مطبوعہ نمونہ حواشی قرآن کریم موصول ہوا۔ اس سے قبل مولانا محمد چراغ صاحب کی معرفت آپ کے تحریر کردہ قلمی حواشی کا قرآن کریم کے مختلف مقامات سے بالاستیعاب دیکھنے کا بھی اتفاق ہوا ہے۔ جہاں تک میرا خیال ہے اسلوبِ بیان، خلاصہ آیت ربطِ مضامین اور تفسیرِ آیات میں جس حُسنِ نظم سے کام لیا گیا ہے موجودہ عنوان اور صورت میں اس کی نظیر بہت کم ملتی ہے۔ گو اصولاً متفرق طور پر تمام مواد متعلقہ کتب میں دستیاب ہو سکتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس شاندار خدمت کو قبول فرمائے اور مسلمانوں کو اس سے نفع اُٹھانے کی توفیق عنایت فرمائے۔ میرے ناقص خیال میں اگر آپ اسے حواشی کی بجائے تفسیر کی شکل میں طبع فرماتے تو زیادہ مناسب تھا۔ جہاں تک میرا خیال ہے انگریزی دان احباب کو یہ حواشیٔ قرآن کریم اُنھیں دیگر زمانۂ حال کی تمام تفاسیر سے بالکل مستغنی کر دیں گے۔

بندہ محمد نعیم عفا اللہ از لودھیانہ 25/11/36

## حضرت مولانا محمد چراغ صاحب فاضل دیوبند مدرس مدرسہ انوار العلوم جامع مسجد گوجرانوالہ

حضرت علامہ مولانا احمد علی صاحب کی ربطِ آیات کی تحریر مجھے ابتدا سے لے کر اخیر تک بالاستیعاب دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ میرے خیال میں حضرت مؤلف کی عرق ریزی صلۂ تحسین حاصل کیے بغیر نہیں رہ سکتی۔ ربطِ آیات کے سلسلے میں بہت سے مضامین بیحد دلچسپی کا سامان مہیا کر دیتے ہیں۔ سلفِ صالحین کے زمانہ میں ربطِ آیات کا مضمون ان کی ذکاوت اور نزولِ وحی کے زمانہ کے قُرب کی وجہ سے تالیفی اور تصنیفی رنگ کا محتاج نہ تھا۔ اب جب کہ زمانہ نزولِ وحی سے کافی دوری حاصل کر چکا ہے نظریں اول وہلہ میں اس طرف متوجہ ہوتی ہیں کہ قرآن حکیم کے موتیوں کو ایسی لڑی میں منظم دیکھیں کہ ہماری قاصر ذہنیتیں بھی ربطِ آیات کو بآسانی پہنچ سکیں تو اس مضمون میں مولانا موصوف کی تحریر کو میں بہترین ذخیرہ خیال کرتا ہوں اور اصولِ اسلامیہ کے خلاف کوئی چیز اس میں نہیں پاتا جزاہ اللہ عنی وعن سائر المسلمین احسن الجزاء۔

بر لعلی المعفو۔ محمد چراغ مدرس مدرسہ انوار العلوم جامع مسجد گوجرانوالہ وارد۔ رسول جل لاہور۔ ۲ رجب ۱۳۵۵ھ

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اَمَّا بَعْدُ

# فہرست مضامین قرآنیہ

## کتاب العقائد

# توحید کے باب

### باب (۱) اللہ تعالیٰ سارے جہان کا خالق (بنانے والا) ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۲۹ | هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ الآیة |
| ۷ | الانعام | ۱ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ تا الْاَرْضِ |
| ″ | ″ | ۷۳ | وَهُوَ الَّذِیْ تا بِالْحَقِّ |
| ″ | ″ | ۱۰۱ | خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۳۳ | وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ تا الْقَمَرَ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۱۲ تا ۱۴ | وَلَقَدْ خَلَقْنَا تا الْخٰلِقِیْنَ ○ |
| ″ | النور | ۴۵ | وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ تا یَشَآءُ |
| ″ | الفرقان | ۲ | وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ تا تَقْدِیْرًا ○ |
| ۲۱ | لقمٰن | ۱۰ | خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تا كَرِیْمٍ ○ |
| ۲۷ | الرحمٰن | ۱۴-۱۵ | خَلَقَ الْاِنْسَانَ تا نَارٍ |

### باب (۲) اللہ تعالیٰ ہی سارے جہان کا مالک ہے۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | اٰل عمرٰن | ۲۶ | قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ تا قَدِیْرٌ ○ |
| ۵ | النسآء | ۵۳ | اَمْ لَهُمْ نَصِیْبٌ تا نَقِیْرًا ○ |
| ۶ | المآئدۃ | ۱۷ | قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ تا شَیْئًا |
| ″ | ″ | ″ | وَلِلّٰهِ مُلْكُ تا بَیْنَهُمَا |
| ″ | ″ | ۷۶ | اَتَعْبُدُوْنَ تا وَلَا نَفْعًا |
| ۱۴ | النحل | ۷۳ | وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ تا لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ |
| ۱۵ | بنی اسرآئیل | ۱۱۱ | وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۸۸ | بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ |
| ۲۲ | السبا | ۲۲ | لَا یَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ تا ظَهِیْرٍ ○ |
| ″ | فاطر | ۱۳ | ذٰلِكُمْ تا الْمُلْكُ |
| ″ | ″ | ″ | مَا یَمْلِكُوْنَ تا قِطْمِیْرٍ ○ |
| ۲۴ | الزمر | ۴۳ | لَا یَمْلِكُوْنَ شَیْئًا |
| ۲۵ | الزخرف | ۸۶ | وَلَا یَمْلِكُ الَّذِیْنَ تا بِالْحَقِّ |
| ۲۶ | الفتح | ۱۱ | قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ تا نَفْعًا |
| ″ | ″ | ۱۴ | وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ |

### باب (۳) ہر چیز کا نفع ونقصان اللہ کے سوا کسی کے اختیار میں نہیں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المآئدۃ | ۴۱ | فَلَنْ تَمْلِكَ تا شَیْئًا |
| ۹ | الاعراف | ۱۸۸ | قُلْ لَّآ اَمْلِكُ تا مَا شَآءَ اللّٰهُ |
| ۱۱ | یونس | ۴۹ | ″ ″ ″ ″ ″ |
| ″ | ″ | ۱۰۷ | وَاِنْ یَّمْسَسْكَ تا لِفَضْلِهٖ |
| ۱۳ | الرعد | ۱۶ | اَفَاتَّخَذْتُمْ تا ضَرًّا |
| ۱۵ | بنی اسرآئیل | ۵۶ | فَلَا یَمْلِكُوْنَ تا تَحْوِیْلًا ○ |
| ۱۸ | الفرقان | ۳ | لَا یَمْلِكُوْنَ تا نَفْعًا |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۶ | الفتح | ۱۱ | قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ تا نَفْعًا |
| ۲۸ | الممتحنه | ۴ | وَمَآ اَمْلِكُ تا شَیْءٍ |
| ۲۹ | الجن | ۲۱ | قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ تا رَشَدًا ○ |

## باب (۴) رزق اور اس میں تنگی اور کشادگی فقط اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۲۱۲ | وَاللّٰهُ يَرْزُقُ تا حِسَابٍ ○ |
| ۶ | المآئدة | ۸۸ | وَكُلُوْا تا طَيِّبًا |
| ۱۲ | هود | ۶ | وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ تا رِزْقُهَا |
| ۱۳ | الرعد | ۲۶ | اَللّٰهُ يَبْسُطُ تا يَقْدِرُ |
| ۱۷ | الحج | ۵۸ | لَيَرْزُقَنَّهُمْ تا حَسَنًا |
| ۲۰ | العنكبوت | ۱۷ | اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ تا رِزْقًا |
| ۲۱ | " | ۶۰ | وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ تا اِيَّاكُمْ |
| " | الروم | ۴۰ | خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ |
| ۲۲ | فاطر | ۳ | هَلْ مِنْ خَالِقٍ تا وَالْاَرْضِ |
| ۲۴ | المؤمن | ۱۳ | وَيُنَزِّلُ تا رِزْقًا |
| ۲۵ | الشورٰى | ۲۷ | وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ تا مَا يَشَآءُ |
| ۲۷ | الذّٰريٰت | ۵۸ | اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ تا الْمَتِيْنُ ○ |
| ۲۸ | الطلاق | ۳ | وَيَرْزُقْهُ تا يَحْتَسِبُ |
| ۲۹ | الملك | ۲۱ | اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ تا رِزْقَهٗ |

## باب (۵) اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۶۳ | وَاِلٰهُكُمْ تا الرَّحِيْمُ ○ |
| ۳ | " | ۲۵۵ | اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ |
| ۳ | آل عمران | ۶۲ | وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ |
| ۶ | النسآء | ۱۷۱ | اِنَّمَا اللّٰهُ تا وَكِيْلًا ○ |
| " | المآئدة | ۷۳ | وَمَا مِنْ اِلٰهٍ تا وَاحِدٌ ○ |
| ۷ | انعام | ۴۶ | مَنْ اِلٰهٌ تا يَاْتِيْكُمْ بِهٖ |
| ۸ | الاعراف | ۶۵ | مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ |
| ۱۳ | ابراهيم | ۵۲ | اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ |
| ۱۴ | النحل | ۲۲ | اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ |
| ۱۴ | النحل | ۵۱ | اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ تا فَارْهَبُوْنِ ○ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۲۲ | لَا تَجْعَلْ تا اِلٰهًا اٰخَرَ |
| ۱۶ | الكهف | ۱۱۰ | اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ |
| ۱۷ | الانبيآء | ۱۰۸ | اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ |
| " | الحج | ۳۴ | فَاِلٰهُكُمْ تا الْمُخْبِتِيْنَ ○ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۹۱ | وَمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ تا يَصِفُوْنَ ○ |
| ۲۰ | النمل | ۶۰ | ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ |
| ۲۰ | القصص | ۷۱ | مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ |
| ۲۳ | صٓ | ۶۵ | وَمَا مِنْ اِلٰهٍ تا الْقَهَّارُ |
| ۲۴ | حٰمٓ السجدة | ۶ | اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ |
| ۲۵ | الزخرف | ۸۴ | وَهُوَ الَّذِيْ تا اِلٰهٌ |
| ۲۷ | الطور | ۴۳ | اَمْ لَهُمْ تا يُشْرِكُوْنَ ○ |

## باب (۶) علم غیب خاصہ خدا تعالیٰ ہے۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۳۳ | اِنِّيْٓ اَعْلَمُ تا الْاَرْضِ |
| ۷ | المآئدة | ۱۰۹ | قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا تا اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ |
| " | " | ۱۱۶ | لَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ تا اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ |
| " | الانعام | ۵۹ | وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ تا مُبِيْنٍ ○ |
| " | " | ۷۳ | عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ |
| ۱۰ | التوبة | ۷۸ | يَعْلَمُ سِرَّهُمْ تا عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ |
| ۱۱ | " | ۹۴ | اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ |
| " | " | ۱۰۵ | اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ |
| ۱۱ | يونس | ۲۰ | اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ |
| ۱۲ | هود | ۱۲۳ | وَلِلّٰهِ غَيْبُ تا كُلُّهٗ |
| ۱۵ | الكهف | ۲۶ | لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ |
| ۲۲ | فاطر | ۳۸ | عٰلِمُ غَيْبِ تا بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ |
| " | السبا | ۳ | عٰلِمِ الْغَيْبِ تا مُبِيْنٍ ○ |
| ۲۶ | الحجرٰت | ۱۸ | اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ تا وَالْاَرْضِ |

## (باب ۷) سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق اعلان کہ آپ عالم الغیب نہیں ہیں

Downloaded from ::: Al-marifat.org :::
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | الانعام | ۵۰ | قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ تا وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ |
| ۹ | الاعراف | ۱۸۷ | يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ تا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ |
| 〃 | 〃 | ۱۸۸ | قُلْ لَّآ اَمْلِكُ تا مَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ |
| ۲۹ | الجن | ۲۵ | قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ تا اَمَدًا ۝ |

(باب ۸) اللہ تعالیٰ اپنے خزانۂ غیب میں سے جسے چاہے اور جتنا چاہے عطا فرمائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۹ | الجن | ۲۶-۲۷ | عٰلِمُ الْغَيْبِ تا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ |

(باب ۹) اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی اولاد نہیں دے سکتا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | الشوریٰ | ۴۹، ۵۰ | يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ تا عَقِيْمًا ۝ |

(باب ۱۰) بیمار کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی شفا نہیں دے سکتا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | الشعرآء | ۸۰ | وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ |

(باب ۱۱) مصیبت کے وقت سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی کام نہیں آتا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | یونس | ۱۲ | وَاِذَا مَسَّ تا عَنْهُ ضُرَّهٗ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۸۴ | فَكَشَفْنَا تا مِنْ ضُرٍّ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۵۶ | فَلَا يَمْلِكُوْنَ تا عَنْكُمْ |
| ۲۴ | الزمر | ۳۸ | هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ |

(باب ۱۲) سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی سے دعا نہ مانگی جائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | الانعام | ۴۰-۴۱ | اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ تا بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ |
| ۸ | الاعراف | ۲۹ | وَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ |
| ۱۱ | یونس | ۱۰۶ | وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ |
| ۱۳ | الرعد | ۱۴ | لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ تا بِبَالِغِهٖ |
| ۱۹ | الفرقان | ۶۸ | وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ تا اٰخَرَ |
| ۲۴ | مومن | ۱۴ | فَادْعُوا اللّٰهَ تا الْكٰفِرُوْنَ ۝ |

(باب ۱۳) اللہ تعالیٰ مصیبت زدہ کی بے قراری کو دیکھ کر اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۸۶ | اُجِيْبُ تا دَعَانِ |
| ۲۰ | النمل | ۶۲ | اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ تا السُّوْٓءَ |
| ۲۴ | الزمر | ۴۹ | فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ تا عَلٰى عِلْمٍ |

# اَبْوَابُ الرِّسَالَةِ

(باب ۱) سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام پیغمبرِ خدا ہیں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۱۱۹ | اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ تا نَذِيْرًا |
| ۵ | النسآء | ۷۹ | وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا |
| ۱۳ | الرعد | ۳۰ | كَذٰلِكَ تا اُمَّةٍ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۱۰۵ | وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ تا نَذِيْرًا |
| ۱۷ | الانبیآء | ۱۰۷ | وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ تا لِلْعٰلَمِيْنَ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۴۵ | يٰٓاَيُّهَا تا اَرْسَلْنٰكَ |
| 〃 | السبا | ۲۸ | وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ تا نَذِيْرًا ۝ |
| 〃 | یٰسٓ | ۳ | اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ |

(باب ۲) پیغمبروں کو انسانی جامہ میں خدا سمجھنا کفر ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المآئدۃ | ۷۲ تا ۷۴ | لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ تا ابْنُ مَرْيَمَ |

(باب ۳) کسی نبی نے لوگوں کو اپنی بندگی کا سبق نہیں پڑھایا بلکہ بندۂ خدا بنایا۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | آل عمران | ۷۹ | مَا كَانَ لِبَشَرٍ تا رَبّٰنِيّٖنَ |

(باب ۴) سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہیں۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۲ | الاحزاب | ۴۰ | وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ تا النَّبِيّٖنَ |
| 〃 | السبا | ۲۸ | وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ تا نَذِيْرًا |

(باب ۵) حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصافِ حمیدہ

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | التوبة | ۱۲۸ | حَرِيصٌ تا رَحِيمٌ ○ |
| ۱۷ | الانبياء | ۱۰۷ | وَمَا أَرْسَلْنَاكَ تا لِلْعَالَمِينَ ○ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۴۵-۴۶ | يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ تا مُنِيرًا ○ |
| ؍ | السبا | ۲۸ | بَشِيرًا وَنَذِيرًا |

(باب۶) رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرض منصبی

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | آل عمران | ۲۰ | فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ |
| ۶ | المائدة | ۶۷ | يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ تا رِسَالَتَهُ |
| ۷ | ؍ | ۹۲ | أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا تا الْمُبِينُ ○ |
| ؍ | ؍ | ۹۹ | مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ |
| ۱۳ | الرعد | ۴۰ | فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ |
| ۲۵ | الشورى | ۴۸ | فَإِنْ أَعْرَضُوا تا الْبَلَاغُ |

(باب۷) حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وسلم مقربین دربار الٰہی (یعنی نمازیوں کے) امام ہیں۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۱۰۲ | وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ تا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ |
| ۱۱ | التوبة | ۱۰۳ | وَصَلِّ عَلَيْهِمْ تا سَكَنٌ لَهُمْ |

(باب۸) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فیصلہ جات میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے قاضی (جج) ہیں۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۶۵ | فَلَا وَرَبِّكَ تا تَسْلِيمًا ○ |
| ؍ | ؍ | ۱۰۵ | إِنَّا أَنْزَلْنَا تا لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ |

(باب۹) حضور انور شمع توحید پر قربان ہونے والے مجاہدوں کے قائد اعظم ہیں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | آل عمران | ۱۲۱ | وَإِذْ غَدَوْتَ تا عَلِيمٌ |
| ۵ | النساء | ۸۴ | فَقَاتِلْ تا الْمُؤْمِنِينَ ○ |
| ۱۰ | الانفال | ۵۷ | فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ تا يَذَّكَّرُونَ ○ |
| ؍ | ؍ | ۶۵ | يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ تا الْقِتَالِ |

(باب۱۰) حضور انور فداہ ابی و امی ایک فاتح بادشاہ ہونے کے لحاظ سے قیدیوں کو شرائط رہائی پیش کرنے والے ہیں۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | الانفال | ۷۰ | يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ تا غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ |

(باب۱۱) سرور کائنات کی ایک شاہی شوریٰ (پریوی کونسل) ہے جس کے حضور والا سرتاج (پریزیڈنٹ) ہیں۔

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | آل عمران | ۱۵۹ | وَشَاوِرْهُمْ تا عَلَى اللَّهِ |

(باب۱۲) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | آل عمران | ۱۵۹ | وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا تا عَلَى اللَّهِ |
| ۱۱ | التوبة | ۱۲۸ | لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ تا رَءُوفٌ رَحِيمٌ ○ |
| ۲۹ | القلم | ۴ | وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ○ |

(باب۱۳) اخلاق عالیہ کا انتہائی ثبوت کہ اپنے خون کے پیاسے دشمنوں کے ہدایت یافتہ نہ ہونے پر بے حد مغموم ہیں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | الكهف | ۶ | فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ تا أَسَفًا ○ |

(باب۱۴) قیامت کے دن تمام انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی اُمت پر گواہ ہوں گے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | النحل | ۸۴ | وَيَوْمَ نَبْعَثُ تا شَهِيدًا |
| ؍ | النحل | ۸۹ | وَيَوْمَ نَبْعَثُ تا هَؤُلَاءِ |

(باب۱۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت دوسری اُمتوں پر گواہ ہوگی

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۴۳ | وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ تا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ |

(باب۱۶) خلاف معمول جو فعل الٰہی انبیاء علیہم السلام کے ہاتھ پر ظاہر ہو اُسے معجزہ کہتے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| کو یہ اختیار نہیں تھا کہ جب چاہتے معجزہ ظاہر کر دکھاتے | | | |
| ۷ | الانعام | ۱۰۹ | وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰہِ تا عِنْدَ اللّٰہِ |
| ۱۳ | الرعد | ۳۸ | وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ تا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ |
| تقدیرِ الٰہی کا ذکر | | | |
| ۱۱ | یونس | ۵ | وَقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ |
| ۱۴ | الحجر | ۲۱ | وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ○ |
| 〃 | 〃 | ۶۰ | قَدَّرْنَاۤ تا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۱۸ | وَاَنْزَلْنَا تا مَآءًۢ بِقَدَرٍ |
| 〃 | الفرقان | ۲ | فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ○ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۳۸ | وَكَانَ اَمْرُ اللّٰہِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ○ |
| 〃 | السبأ | ۱۸ | وَقَدَّرْنَا تا السَّيْرَ |
| ۲۳ | یٰسٓ | ۳۹ | وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ |
| ۲۴ | حم السجدۃ | ۱۰ | وَقَدَّرَ فِيْهَاۤ اَقْوَاتَهَا |
| ۲۵ | الشوریٰ | ۲۷ | وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ |
| ۲۷ | القمر | ۱۲ | عَلٰۤى اَمْرٍ تا قُدِرَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۹ | اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ تا بِقَدَرٍ ○ |
| 〃 | الواقعۃ | ۶۰ | نَحْنُ قَدَّرْنَا تا الْمَوْتَ |
| ۲۹ | المزمل | ۲۰ | وَاللّٰہُ يُقَدِّرُ تا النَّهَارَ |
| 〃 | المرسلٰت | ۲۲ | اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۳ | فَقَدَرْنَا تا الْقٰدِرُوْنَ ○ |
| ۳۰ | عبس | ۱۹ | خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ○ |
| 〃 | الاعلیٰ | ۳ | وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰى ○ |
| اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم کو نازل فرمایا ہے | | | |
| ۱ | البقرۃ | ۲۳ | وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَيْبٍ تا صٰدِقِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۹۷ | فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ تا بِاِذْنِ اللّٰہِ |
| ۲ | 〃 | ۱۸۵ | شَهْرُ رَمَضَانَ تا اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ |
| ۳ | اٰل عمرٰن | ۳ | نَزَّلَ عَلَيْكَ تا بِالْحَقِّ |
| 〃 | 〃 | ۷ | هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ تا مِنْهُ |

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | اٰل عمرٰن | ۴۴ | ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ تا اِلَيْكَ |
| ۵ | النسآء | ۸۲ | اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ تا كَثِيْرًا ○ |
| ۶ | المآئدۃ | ۴۸ | وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ تا عَلَيْهِ |
| ۷ | الانعام | ۱۹ | وَاُوْحِیَ اِلَیَّ تا مَنْۢ بَلَغَ |
| 〃 | 〃 | ۹۲ | وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ |
| ۸ | 〃 | ۱۱۴ | اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ تا بِالْحَقِّ |
| 〃 | 〃 | ۱۵۵ | وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ |
| 〃 | الاعراف | ۲ | كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ |
| ۱۱ | یونس | ۳۷ | وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ تا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ |
| 〃 | 〃 | ۵۷ | يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ تا مِّنْ رَّبِّكُمْ |
| ۱۲ | ھود | ۱۳/۱۴ | اَمْ يَقُوْلُوْنَ تا بِعِلْمِ اللّٰہِ |
| 〃 | 〃 | ۴۹ | تِلْكَ مِنْ تا قَبْلِ هٰذَا |
| 〃 | یوسف | ۲ | اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ تا تَعْقِلُوْنَ ○ |
| ۱۳ | 〃 | ۱۰۲ | ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ تا اِلَيْكَ |
| 〃 | ابرٰھیم | ۱ | كِتٰبٌ تا الْحَمِيْدِ |
| ۱۴ | النحل | ۸۹ | وَنَزَّلْنَا تا الْكِتٰبَ |
| ۱۵ | بنی اسرآءیل | ۸۲ | وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ تا خَسَارًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۸۸ | قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ تا ظَهِيْرًا ○ |
| ۱۶ | طٰہٰ | ۲ | مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ تا لِتَشْقٰۤى ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۱۳ | وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ تا عَرَبِيًّا |
| ۱۸ | النور | ۳۴ | وَلَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ تا مُّبَيِّنٰتٍ |
| 〃 | الفرقان | ۱ | تَبٰرَكَ الَّذِیْ تا الْفُرْقَانَ |
| ۱۹ | الشعرآء | ۱۹۲ | وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ تا الْعٰلَمِيْنَ |
| ۲۱ | السجدۃ | ۲ | تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ تا الْعٰلَمِيْنَ |
| ۲۲ | یٰسٓ | ۵ | تَنْزِيْلَ تا الرَّحِيْمِ ○ |
| ۲۳ | صٓ | ۲۹ | كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ تا مُبٰرَكٌ |
| 〃 | الزمر | ۲۳ | اَللّٰہُ نَزَّلَ تا مُّتَشَابِهًا |
| ۲۴ | حم السجدۃ | ۲ | تَنْزِيْلٌ تا الرَّحِيْمِ ○ |
| ۲۵ | الشوریٰ | ۷ | وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ تا عَرَبِيًّا |
| 〃 | الزخرف | ۳ | اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا تا تَعْقِلُوْنَ ○ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | الدخان | ۳ | اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ تا مُنْذِرِیْنَ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۵۸ | فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ تا یَتَذَكَّرُوْنَ ۝ |
| ۲۷ | الطور | ۳۳/۳۴ | اَمْ یَقُوْلُوْنَ تا الصّٰدِقِیْنَ |
| 〃 | الواقعة | ۸۰ | تَنْزِیْلٌ تا الْعٰلَمِیْنَ |
| ۲۹ | الدھر | ۲۳ | اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا تا تَنْزِیْلًا ۝ |
| ۳۰ | القدر | ۱ | اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ تا الْقَدْرِ |

## قرآن حکیم کے نازل ہونے کی کیا غرض ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | آل عمران | ۱۳۸ | هٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى تا لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝ |
| ۶ | المآئدة | ۱۵، ۱۶ | قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ تا مُّسْتَقِیْمٍ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۴۸ | مُصَدِّقًا تا عَلَیْهِ |
| ۷ | الانعام | ۹۰ | اِنْ هُوَ تا لِلْعٰلَمِیْنَ |
| ۸ | 〃 | ۱۵۷ | فَقَدْ جَآءَكُمْ تا رَحْمَةٌ |
| ۱۱ | یونس | ۵۷ | یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ تا لِّلْمُؤْمِنِیْنَ |
| ۱۴ | النحل | ۶۴ | وَمَآ اَنْزَلْنَا تا یُّؤْمِنُوْنَ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۸۹ | نَزَّلْنَا عَلَیْكَ تا لِلْمُسْلِمِیْنَ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۹، ۱۰ | اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ تا اَلِیْمًا ۝ |
| 〃 | 〃 | ۸۲ | وَنُنَزِّلُ تا خَسَارًا ۝ |

## معجزات اور خوارق عادات

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۵۵ تا ۵۷ | وَاِذْ قُلْتُمْ تا السَّلْوٰى |
| 〃 | 〃 | ۶۰ | وَاِذِ اسْتَسْقٰى تا مَشْرَبَهُمْ |
| 〃 | 〃 | ۶۳ | وَاِذْ اَخَذْنَا تا الطُّوْرَ |
| 〃 | 〃 | ۶۵ | وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ تا خٰسِئِیْنَ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۷۲، ۷۳ | وَاِذْ قَتَلْتُمْ تا تَعْقِلُوْنَ ۝ |
| ۲ | 〃 | ۲۴۳ | اَلَمْ تَرَ اِلَى تا اَحْیَاهُمْ |
| 〃 | 〃 | ۲۴۸ | وَقَالَ لَهُمْ تا الْمَلٰٓئِكَةُ |
| ۳ | 〃 | ۲۵۹ | اَوْ كَالَّذِیْ تا لَحْمًا |
| 〃 | 〃 | ۲۶۰ | وَاِذْ قَالَ تا سَعْیًا |
| 〃 | آل عمران | ۱۳ | قَدْ كَانَ لَكُمْ تا الْعَیْنِ |
| 〃 | 〃 | ۳۷ | كُلَّمَا دَخَلَ تا عِنْدِ اللّٰهِ |
| ۳ | آل عمران | ۳۹ تا ۴۱ | فَنَادَتْهُ تا رَمْزًا |
| 〃 | 〃 | ۴۵ تا ۴۶ | اِذْ قَالَتِ تا كَهْلًا |
| 〃 | 〃 | ۴۹ | اَنِّیْٓ اَخْلُقُ تا بُیُوْتِكُمْ |
| ۴ | 〃 | ۱۲۳ تا ۱۲۵ | وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ تا مُسَوِّمِیْنَ ۝ |
| ۶ | النسآء | ۱۵۷ | وَقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا تا شُبِّهَ لَهُمْ |
| 〃 | 〃 | ۱۵۷، ۱۵۸ | وَمَا قَتَلُوْهُ تا اِلَیْهِ |
| 〃 | 〃 | ۱۵۹ | وَاِنْ مِّنْ تا مَوْتِهٖ |
| ۷ | المآئدة | ۶۰ | مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ تا الْخَنَازِیْرَ |
| ۹ | الاعراف | ۱۰۷، ۱۰۸ | فَاَلْقٰى تا لِلنّٰظِرِیْنَ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۱۱۵، ۱۲۲ | قَالُوْا یٰمُوْسٰٓى تا وَهٰرُوْنَ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۱۳۰، ۱۳۳ | وَلَقَدْ اَخَذْنَا تا مُفَصَّلٰتٍ |
| 〃 | 〃 | ۱۷۱ | وَاِذْ نَتَقْنَا تا بِقُوَّةٍ |
| 〃 | الانفال | ۹ | اِذْ تَسْتَغِیْثُوْنَ تا مُرْدِفِیْنَ ۝ |
| ۱۰ | التوبة | ۲۵، ۲۶ | لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ تا الْكٰفِرِیْنَ |
| 〃 | 〃 | ۴۰ | اِلَّا تَنْصُرُوْهُ تا السُّفْلٰى |
| ۱۲ | هود | ۳۶ تا ۴۴ | وَاُوْحِیَ اِلٰى نُوْحٍ تا الظّٰلِمِیْنَ |
| 〃 | 〃 | ۶۴ تا ۶۸ | هٰذِهٖ نَاقَةُ تا لَمْ یَغْنَوْا فِیْهَا |
| 〃 | 〃 | ۶۹ تا ۷۳ | وَلَقَدْ جَآءَتْ تا حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۷۷ تا ۸۳ | وَلَمَّا جَآءَتْ تا عِنْدَ رَبِّكَ |
| 〃 | 〃 | ۹۳ تا ۹۵ | وَیٰقَوْمِ اعْمَلُوْا تا لَمْ یَغْنَوْا فِیْهَا |
| 〃 | یوسف | ۲۳ تا ۲۷ | وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ تا الصّٰدِقِیْنَ ۝ |
| ۱۳ | 〃 | ۸۳ | عَسَى تا جَمِیْعًا |
| 〃 | 〃 | ۹۳ | اِذْهَبُوْا تا بَصِیْرًا ۝ |
| 〃 | 〃 | ۹۴ تا ۹۶ | اِنِّیْ لَاَجِدُ تا تَعْلَمُوْنَ ۝ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۱ | سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ تا مِنْ اٰیٰتِنَا |
| 〃 | الكهف | ۱۰-۱۲ | اِذْ اَوَى الْفِتْیَةُ تا اَمَدًا ۝ |
| 〃 | 〃 | ۱۷-۱۸ | وَتَرَى الشَّمْسَ تا رُعْبًا ۝ |
| 〃 | 〃 | ۲۵ | وَلَبِثُوْا تا تِسْعًا ۝ |
| 〃 | 〃 | ۶۰ تا ۶۳ | وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى تا عَجَبًا ۝ |
| ۱۶ | مریم | ۱۶، ۱۷ | وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ تا سَوِیًّا |
| 〃 | 〃 | ۲۴، ۲۵ | فَنَادٰىهَا تا جَنِیًّا ۝ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | آیت نمبر | آیت |
|---|---|---|---|
| ١٦ | مریم | ٢٩ تا ٣١ | قَالُوْا كَيْفَ تا حَيًّا ○ |
| 〃 | طٰهٰ | ١٩ تا ٢٢ | قَالَ اَلْقِهَا تا اُخْرٰى ○ |
| 〃 | 〃 | ٢٥ تا ٣٦ | قَالَ رَبِّ تا يٰمُوْسٰى ○ |
| 〃 | 〃 | ٦٦ تا ٧٠ | فَاِذَا حِبَالُهُمْ تا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ○ |
| 〃 | 〃 | ٩٧ | قَالَ فَاذْهَبْ تا لَا مِسَاسَ |
| ١٧ | الانبیاء | ٦٩ | قُلْنَا يٰنَارُ تا الْاَخْسَرِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ٧٩ | وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ تا وَالطَّيْرَ |
| 〃 | 〃 | ٨١ تا ٨٢ | وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ تا حٰفِظِيْنَ |
| ١٩ | الشعراء | ٦٠ تا ٦٦ | فَاَتْبَعُوْهُمْ تا الْاٰخَرِيْنَ ○ |
| 〃 | النمل | ٧ تا ١٢ | اِذْ قَالَ مُوْسٰى تا وَقَوْمِهٖ |
| 〃 | 〃 | ١٦ تا ١٩ | وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ تا قَوْلِهَا |
| 〃 | 〃 | ٢٠ تا ٢٨ | وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ تا يَرْجِعُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ٣٧ تا ٤٠ | اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ تا فَضْلِ رَبِّيْ |
| 〃 | 〃 | ٤٨ تا ٥١ | وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تا اَجْمَعِيْنَ ○ |
| ٢٠ | القصص | ٧ تا ١٣ | وَاَوْحَيْنَا تا اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ |
| 〃 | القصص | ٣٣ تا ٣٥ | فَقَالَ رَبِّ تا الْغٰلِبُوْنَ ○ |
| ٢١ | العنکبوت | ٥١ | اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ تا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ |
| 〃 | الاحزاب | ٩ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ تا لَمْ تَرَوْهَا |
| ٢٢ | السبا | ١٠ تا ١٤ | وَلَقَدْ اٰتَيْنَا تا الْمُهِيْنِ ○ |
| ٢٣ | الصّٰفّٰت | ١٤٠ تا ١٤٦ | اِذْ اَبَقَ اِلَى تا يَقْطِيْنٍ ○ |
| 〃 | صٓ | ١٧ | وَاذْكُرْ عَبْدَنَا تا اَوَّابٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ٣٦ تا ٣٨ | فَسَخَّرْنَا لَهُ تا الْاَصْفَادِ ○ |
| 〃 | 〃 | ٤٢-٤٣ | اُرْكُضْ تا مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ |
| ٢٤ | المؤمن | ٢٦ تا ٢٧ | وَقَالَ فِرْعَوْنُ تا الْحِسَابِ ○ |
| ٢٥ | الدخان | ٢٤ | وَاتْرُكِ تا مُغْرَقُوْنَ ○ |
| ٢٦ | الذّٰریٰت | ٢٨ | وَبَشَّرُوْهُ تا عَلِيْمٍ ○ |
| ٢٧ | النجم | ١ تا ١٨ | وَالنَّجْمِ تا الْكُبْرٰى ○ |
| 〃 | القمر | ١ | اِقْتَرَبَتِ تا الْقَمَرُ ○ |
| 〃 | 〃 | ٣٧ | وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ تا وَنُذُرِ ○ |
| ٣٠ | الفیل | ١ تا ٥ | اَلَمْ تَرَ كَيْفَ تا مَّاْكُوْلٍ ○ |

## اللہ تعالیٰ کے فرشتے اور اُن کے کارنامے

| پارہ | سورت | آیت نمبر | آیت |
|---|---|---|---|
| ١ | البقرة | ٣٠ تا ٣٤ | وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ تا الْكٰفِرِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ٩٧ تا ٩٨ | قُلْ مَنْ كَانَ تا لِلْكٰفِرِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ١٠٢ | وَمَا اُنْزِلَ تا زَوْجِهٖ |
| ٧ | الانعام | ٩٣ | وَلَوْ تَرٰى تا تَسْتَكْبِرُوْنَ ○ |
| ٩ | الاعراف | ٢٠٦ | اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ تا يَسْجُدُوْنَ |
| ١٣ | الرعد | ١١ | لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ تا اَمْرِ اللّٰهِ |
| ١٤ | النحل | ٤٩ تا ٥٠ | وَلِلّٰهِ تا يُؤْمَرُوْنَ ○ |
| ١٦ | مریم | ٦٤ | وَمَا نَتَنَزَّلُ تا نَسِيًّا ○ |
| ١٧ | الانبیاء | ١٩ تا ٢٠ | وَلَهٗ تا لَا يَفْتُرُوْنَ |
| 〃 | 〃 | ٢٦ تا ٢٩ | وَقَالُوا تا الظّٰلِمِيْنَ ○ |
| ١٩ | الفرقان | ٢٥-٢٦ | وَيَوْمَ تا عَسِيْرًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ١٩٢ تا ١٩٤ | وَاِنَّهٗ تا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ○ |
| ٢٢ | السبا | ٢٢-٢٣ | قُلِ تا الْكَبِيْرُ ○ |
| 〃 | فاطر | ١ | اَلْحَمْدُ تا قَدِيْرٌ ○ |
| ٢٣ | الصّٰفّٰت | ١٦٤ تا ١٦٦ | وَمَا مِنَّا تا الْمُسَبِّحُوْنَ ○ |
| ٢٤ | المؤمن | ٧ تا ٩ | اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ تا الْعَظِيْمُ ○ |
| 〃 | حم السجدة | ٣٨ | فَالَّذِيْنَ عِنْدَ تا لَا يَسْئَمُوْنَ |
| ٢٥ | الشوریٰ | ٥ | وَالْمَلٰٓئِكَةُ تا الْاَرْضِ |
| 〃 | الزخرف | ٧٧ | وَنَادَوْا تا مّٰكِثُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ٨٠ | اَمْ يَحْسَبُوْنَ تا يَكْتُبُوْنَ ○ |
| ٢٦ | قٓ | ١٦ تا ١٨ | وَلَقَدْ تا عَتِيْدٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ١٩ تا ٢٦ | وَجَآءَتْ تا الشَّدِيْدِ ○ |
| ٢٧ | النجم | ٢٦ | وَكَمْ مِّنْ تا يَرْضٰى |
| ٢٨ | تحریم | ٦ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ تا يُؤْمَرُوْنَ |
| ٢٩ | الحاقّة | ١٦-١٧ | وَانْشَقَّتِ تا ثَمٰنِيَةٌ ○ |
| 〃 | المدثر | ٣٠-٣١ | عَلَيْهَا تا اِلَّا مَلٰٓئِكَةً |
| ٣٠ | التکویر | ١٩ تا ٢١ | اِنَّهٗ لَقَوْلُ تا اَمِيْنٍ ○ |
| 〃 | الانفطار | ١٠ تا ١٢ | وَاِنَّ عَلَيْكُمْ تا تَفْعَلُوْنَ ○ |
| 〃 | القدر | ٤ | تَنَزَّلُ تا اَمْرٍ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# اَبْوَابُ الْقِيَامَةِ

## (بابؔ۱) قربِ قیامت کے حالات

مثلاً یاجوج ماجوج کا نکلنا۔ دابۃ الارض کا ظاہر ہونا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نازل ہونا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | الکہف | ۹۸-۹۹ | فَإِذَا جَآءَ تا بَعْضٍ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۹۶ | حَتّٰٓى إِذَا فُتِحَتْ الآیۃ |
| ۲۰ | النمل | ۸۲ | وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ تا الآیۃ |
| ۲۵ | الزخرف | ۶۱ | وَإِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ |
| 〃 | الدخان | ۱۰-۱۱ | فَارْتَقِبْ تا يَغْشَى النَّاسَ |
| ۲۶ | محمد | ۱۰ | فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ تا أَشْرَاطُهَا ۝ |
| ۲۷ | النجم | ۵۷ تا ۵۸ | أَزِفَتِ الْآزِفَةُ تا كَاشِفَةٌ ۝ |
| 〃 | القمر | ۱ | اِقْتَرَبَتِ الآیۃ |
| ۲۹ | المعارج | ۶-۷ | إِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ تا قَرِيْبًا |

## (بابؔ۲) قیامت کی ضرورت اور مرنے کے بعد جینے کا ثبوت

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۷۲-۷۳ | وَإِذْ قَتَلْتُمْ تا تَعْقِلُوْنَ ۝ |
| 〃 | • | ۲۵۹<br>۲۶۰ | أَوْ كَالَّذِيْ تا عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ |
| ۸ | الاعراف | ۲۹ | كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ |
| 〃 | • | ۵۷ | حَتّٰٓى إِذَآ أَقَلَّتْ تا تَذَكَّرُوْنَ ۝ |
| ۱۴ | النحل | ۳۸ تا ۴۰ | وَأَقْسَمُوْا تا فَيَكُوْنُ ۝ |
| 〃 | • | ۷۷ | وَمَآ أَمْرُ تا قَدِيْرٌ ۝ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۹۸-۹۹ | ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ تا فِيْهِ |
| • | الکہف | ۲۱ | وَكَذٰلِكَ أَعْثَرْنَا تا فِيْهَا |
| ۱۶ | مریم | ۶۶-۶۷ | وَيَقُوْلُ الْإِنْسَانُ تا شَيْئًا ۝ |
| 〃 | طٰہٰ | ۱۵ | إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ تا تَسْعٰى ۝ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۱۰۴ | كَمَا بَدَأْنَآ تا فَاعِلِيْنَ ۝ |
| 〃 | الحج | ۵ تا ۷ | يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ تا فِي الْقُبُوْرِ ۝ |
| ۲۰ | النمل | ۸۶ | أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا تا يُؤْمِنُوْنَ |
| ۲۰ | العنکبوت | ۱۹-۲۰ | أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ تا شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ |
| ۲۱ | الروم | ۱۹ | يُخْرِجُ الْحَيَّ تا تُخْرَجُوْنَ |
| 〃 | • | ۲۷ | وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا تا الْحَكِيْمُ |
| 〃 | • | ۵۰ | فَانْظُرْ إِلٰٓى آثَارِ تا قَدِيْرٌ |
| ۲۲ | السبأ | ۳ | وَقَالَ الَّذِيْنَ تا فِي الْأَرْضِ |
| 〃 | الفاطر | ۹ | وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ تا النُّشُوْرُ ۝ |
| ۲۳ | یٰسٓ | ۳۳ | وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ تا يَأْكُلُوْنَ |
| 〃 | • | ۷۸ تا ۸۲ | قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ تا فَيَكُوْنُ ۝ |
| 〃 | الصّٰفّٰت | ۱۱ | فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ تا لَازِبٍ ۝ |
| 〃 | صٓ | ۲۷/۲۸ | وَمَا خَلَقْنَا تا كَالْفُجَّارِ ۝ |
| ۲۴ | الزمر | ۴۲ | اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ تا يَتَفَكَّرُوْنَ |
| 〃 | المؤمن | ۵۷ | لَخَلْقُ تا لَا يَعْلَمُوْنَ |
| 〃 | حٰمٓ السجدۃ | ۳۹ | وَمِنْ آيٰتِهٖ تا قَدِيْرٌ ۝ |
| ۲۵ | الدخان | ۳۹-۴۰ | مَا خَلَقْنٰهُمَا تا أَجْمَعِيْنَ ۝ |
| 〃 | الجاثیۃ | ۲۱-۲۲ | أَمْ حَسِبَ تا بِمَا كَسَبَتْ |
| ۲۶ | الاحقاف | ۳ | مَا خَلَقْنَا تا مُعْرِضُوْنَ ۝ |
| 〃 | • | ۳۳ | أَوَلَمْ يَرَوْا تا قَدِيْرٌ |
| 〃 | قٓ | ۶ تا ۱۱ | أَفَلَمْ يَنْظُرُوْا تا كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ |
| 〃 | • | ۱۵ | أَفَعَيِيْنَا تا جَدِيْدٍ ۝ |
| • | الذّٰریٰت | ۱ تا ۶ | وَالذّٰرِيٰتِ تا لَوَاقِعٌ ۝ |
| ۲۷ | الطور | ۱ تا ۱۰ | وَالطُّوْرِ تا سَيْرًا ۝ |
| 〃 | الواقعۃ | ۵۷ تا ۶۲ | نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ تا تَذَكَّرُوْنَ ۝ |
| ۲۹ | القیٰمۃ | ۳-۴ | أَيَحْسَبُ تا بَنَانَهٗ ۝ |
| 〃 | • | ۳۶-۴۰ | أَيَحْسَبُ تا الْمَوْتٰى ۝ |
| 〃 | المرسلٰت | ۱ تا ۷ | وَالْمُرْسَلٰتِ تا لَوَاقِعٌ ۝ |
| ۳۰ | النبأ | ۶-۱۶ | أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ تا مِيْقَاتًا |
| 〃 | النّٰزعٰت | ۲۷ تا ۳۲ | ءَأَنْتُمْ تا أَرْسٰهَا ۝ |
| • | الطارق | ۵ تا ۸ | فَلْيَنْظُرِ تا لَقَادِرٌ ۝ |
| • | التین | ۴ تا ۸ | لَقَدْ خَلَقْنَا تا الْحٰكِمِيْنَ ۝ |

## (بابؔ۳) عالمِ برزخ کے حالات

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۵۴ | وَلَا تَقُوْلُوْا تا لَا تَشْعُرُوْنَ ○ |
| ۴ | آل عمرٰن | ۱۶۹ تا ۱۷۱ | وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ تا الْمُؤْمِنِيْنَ ○ |
| ۵ | النساء | ۹۷ | اِنَّ الَّذِيْنَ تا فِيْهَا |
| ۷ | الانعام | ۶۲ | ثُمَّ رُدُّوْٓا تا الْحَقِّ |
| ۸ | الاعراف | ۴۰ | اِنَّ الَّذِيْنَ تا الْجَنَّةَ |
| ۱۸ | المومنون | ۱۰۰ | وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ تا يُبْعَثُوْنَ ○ |
| ۲۱ | السجدۃ | ۱۱ | ثُمَّ اِلٰى تا تُرْجَعُوْنَ |
| ۲۴ | المومن | ۴۶ | اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ تا عَشِيًّا |
| ۲۶ | قٓ | ۴ | قَدْ عَلِمْنَا تا مِنْهُمْ |

## (باب ۴) نفخ صور

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | الانعام | ۷۳ | وَيَوْمَ تا الشَّهَادَةِ |
| ۱۶ | الکہف | ۹۸ تا ۱۰۱ | فَاِذَا جَآءَ تا سَمْعًا ○ |
| ۲۰ | النمل | ۸۷-۸۸ | وَيَوْمَ يُنْفَخُ تا السَّحَابِ |
| ۲۳ | صٓ | ۱۵ | وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ تا فَوَاقٍ ○ |
| ۲۴ | الزمر | ۶۸ | وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ تا يَنْظُرُوْنَ ○ |
| ۲۶ | قٓ | ۲۰ | وَنُفِخَ تا الْوَعِيْدِ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۱-۴۲ | يَوْمَ يُنَادِ تا الْخُرُوْجِ ○ |
| ۲۹ | الحاقۃ | ۱۳ تا ۱۷ | فَاِذَا نُفِخَ تا ثَمٰنِيَةٌ ○ |

## (باب ۵) حالاتِ حشر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۱۱۳ | فَاللّٰهُ يَحْكُمُ تا يَخْتَلِفُوْنَ ○ |
| ۲ | 〃 | ۱۴۸ | اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا تا جَمِيْعًا |
| 〃 | 〃 | ۱۷۴ | اِنَّ الَّذِيْنَ تا لَا يُزَكِّيْهِمْ |
| 〃 | 〃 | ۲۱۰ | هَلْ يَنْظُرُوْنَ تا الْاَمْرُ |
| ۴ | آل عمرٰن | ۱۰۶-۱۰۷ | يَوْمَ تَبْيَضُّ تا رَحْمَةِ اللّٰهِ |
| ۵ | النساء | ۴۱-۴۲ | فَكَيْفَ تا حَدِيْثًا ○ |
| ۷ | الانعام | ۳۱ | قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ تا يَزِرُوْنَ |
| 〃 | 〃 | ۳۶ | وَالْمَوْتٰى تا يُرْجَعُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۸ | وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ تا يُحْشَرُوْنَ ○ |
| ۸ | الاعراف | ۲۹ | كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ○ |

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۸ | الاعراف | ۵۳ | يَوْمَ يَاْتِيْ تا يَفْتَرُوْنَ ○ |
| ۱۰ | التوبہ | ۳۴-۳۵ | وَالَّذِيْنَ تا تَكْنِزُوْنَ ○ |
| ۱۱ | یونس | ۴ | اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ تا يَكْفُرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۶ تا ۳۰ | لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا تا يَفْتَرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۵ | وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ تا بَيْنَهُمْ |
| ۱۲ | ہود | ۱۸ | مَنْ اَظْلَمُ تا رَبِّهِمْ |
| 〃 | 〃 | ۹۸ | يَقْدُمُ تا النَّارَ |
| 〃 | 〃 | ۱۰۳ تا ۱۰۸ | ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ تا فَفِي الْجَنَّةِ |
| ۱۳ | ابرٰھیم | ۴۸ تا ۵۱ | يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ تا الْحِسَابِ ○ |
| ۱۴ | الحجر | ۲۴-۲۵ | وَلَقَدْ عَلِمْنَا تا يَحْشُرُهُمْ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۵۲ | يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ تا قَلِيْلًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۷۱-۷۲ | يَوْمَ نَدْعُوْا تا سَبِيْلًا |
| 〃 | 〃 | ۹۷ | وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ تا صُمًّا ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۰۴ | فَاِذَا جَآءَ تا لَفِيْفًا ○ |
| 〃 | الکہف | ۴۷ | وَيَوْمَ نُسَيِّرُ تا اَحَدًا ○ |
| 〃 | الکہف | ۵۲-۵۳ | وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا تا مَصْرِفًا ○ |
| ۱۶ | مریم | ۳۷ تا ۳۹ | فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ تا قُضِيَ الْاَمْرُ |
| 〃 | 〃 | ۶۸، ۷۲ | فَوَرَبِّكَ تا جِثِيًّا ○ |
| 〃 | 〃 | ۸۵-۸۶ | يَوْمَ نَحْشُرُ تا وِرْدًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۹۳ تا ۹۵ | اِنْ كُلُّ تا فَرْدًا ○ |
| 〃 | طٰہٰ | ۱۰۰، ۱۱۲ | مَنْ اَعْرَضَ تا ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۲۴ تا ۱۲۷ | وَمَنْ اَعْرَضَ تا تُنْسٰى ○ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۴۰ | بَلْ تَاْتِيْهِمْ تا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۰۳-۱۰۴ | لَا يَحْزُنُهُمُ تا فٰعِلِيْنَ |
| 〃 | الحج | ۷۸ | هُوَ سَمّٰىكُمُ تا النَّاسِ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۱۰۰-۱۰۱ | وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ تا لَا يَتَسَآءَلُوْنَ |
| ۱۹ | الفرقان | ۲۲ | يَوْمَ يَرَوْنَ تا مَحْجُوْرًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۴ | اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ تا سَبِيْلًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ۹۰ تا ۹۵ | وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ تا اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ○ |
| ۲۰ | النمل | ۸۳، ۸۵ | وَيَوْمَ نَحْشُرُ تا لَا يَنْطِقُوْنَ ○ |
| 〃 | القصص | ۶۵، ۷۵ | وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ تا يَفْتَرُوْنَ |

Downloaded from :: Al-marifat
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | الروم | ۱۴ تا ۱۶ | وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ تا مُحْضَرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۲ تا ۲۵ | وَمِنْ اٰيٰتِهٖ تا تَخْرُجُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۵۵ تا ۵۷ | وَيَوْمَ تَقُوْمُ تا يُسْتَعْتَبُوْنَ |
| 〃 | السجدة | ۵ | يُدَبِّرُ الْاَمْرَ تا تَعُدُّوْنَ ○ |
| ۲۳ | يٰسٓ | ۴۸ تا ۵۹ | وَيَقُوْلُوْنَ تا الْمُجْرِمُوْنَ ○ |
| 〃 | الصّٰفّٰت | ۲۰ تا ۲۶ | وَقَالُوْا تا مُسْتَسْلِمُوْنَ |
| ۲۴ | الزمر | ۷۵ | وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ تا رَبِّهِمْ |
| 〃 | مؤمن | ۱۵ تا ۱۷ | يَوْمَ التَّلَاقِ تا الْحِسَابِ ○ |
| ۲۵ | الشورٰی | ۴۷ | يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ تا نَّكِيْرٍ ○ |
| 〃 | الزخرف | ۶۶-۶۷ | هَلْ يَنْظُرُوْنَ تا الْمُتَّقِيْنَ ○ |
| 〃 | الدخان | ۴۰ | اِنَّ يَوْمَ تا اَجْمَعِيْنَ ○ |
| ۲۶ | قٓ | ۱۱ | وَاَحْيَيْنَا بِهٖ تا الْخُرُوْجُ ○ |
| ۲۷ | الطور | ۷ تا ۱۲ | اِنَّ عَذَابَ تا يَلْعَبُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۵ | يَوْمَهُمُ تا يُصْعَقُوْنَ |
| 〃 | القمر | ۶ | يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ |
| 〃 | الرحمٰن | ۳۷ تا ۴۳ | فَاِذَا انْشَقَّتِ تا الْمُجْرِمُوْنَ ○ |
| 〃 | الواقعة | ۱ ، ۶ | اِذَا وَقَعَتِ تا مُّنْۢبَثًّا ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۹-۵۰ | قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ تا مَعْلُوْمٍ ○ |
| 〃 | الحديد | ۱۲ تا ۱۵ | يَوْمَ تَرَى تا الْمَصِيْرُ ○ |
| ۲۸ | التغابن | ۹ | يَوْمَ تا التَّغَابُنِ |
| ۲۹ | القلم | ۴۲-۴۳ | يَوْمَ يُكْشَفُ تا ذِلَّةٌ |
| 〃 | الحاقه | ۱-۲ | اَلْحَآقَّةُ ○ مَا الْحَآقَّةُ ○ |
| 〃 | المعارج | ۱ تا ۱۰ | بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ تا حَمِيْمًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۳-۴۴ | يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ تا ذِلَّةٌ |
| 〃 | المزمل | ۱۲ تا ۱۴ | اِنَّ لَدَيْنَآ تا مَّهِيْلًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۷-۱۸ | فَكَيْفَ تا سَبِيْلًا ○ |
| 〃 | المدثر | ۸ تا ۱۰ | فَاِذَا تا يَسِيْرٍ ○ |
| 〃 | القيٰمة | ۷ ، ۱۲ | فَاِذَا بَرِقَ تا الْمُسْتَقَرُّ ○ |
| 〃 | المرسلٰت | ۸ ، ۱۵ | فَاِذَا النُّجُوْمُ تا لِّلْمُكَذِّبِيْنَ |
| ۳۰ | النبا | ۱۷ ، ۲۰ | اِنَّ يَوْمَ تا سَرَابًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۰ | يَوْمَ يَنْظُرُ تا يَدٰهُ |

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | النّٰزعٰت | ۶ تا ۹ | يَوْمَ تَرْجُفُ تا خَاشِعَةٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۳-۱۴ | فَاِنَّمَا هِيَ تا بِالسَّاهِرَةِ ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۴ تا ۳۹ | فَاِذَا تا هِيَ الْمَاْوٰى ○ |
| 〃 | عبس | ۳۳ تا ۴۲ | فَاِذَا جَآءَتِ تا الْفَجَرَةُ ○ |
| 〃 | التكوير | ۱ تا ۱۴ | اِذَا الشَّمْسُ تا اَحْضَرَتْ ○ |
| 〃 | الانفطار | ۱ ، ۵ | اِذَا السَّمَآءُ تا اَخَّرَتْ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۵ ، ۱۹ | يَصْلَوْنَهَا تا لِّلّٰهِ ○ |
| 〃 | المطففين | ۱۵ ، ۱۷ | كَلَّآ اِنَّهُمْ تا تُكَذِّبُوْنَ ○ |
| 〃 | الانشقاق | ۱-۲ | اِذَا السَّمَآءُ تا حُقَّتْ ○ |
| 〃 | الفجر | ۲۱ تا ۳۰ | كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ تا جَنَّتِيْ ○ |
| 〃 | الزلزال | ۱ ، ۸ | اِذَا تا شَرًّا يَّرَهٗ ○ |
| 〃 | العٰديٰت | ۶ ، ۱۱ | اِنَّ الْاِنْسَانَ تا لَّخَبِيْرٌ ○ |
| 〃 | القارعة | ۱ ، ۵ | الْقَارِعَةُ تا الْمَنْفُوْشِ ○ |

## (باب ۶) قیامت کے دن کی سختی اور اہلِ محشر کی بیقراری

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المآئدة | ۳۶ | اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تا اَلِيْمٌ ○ |
| ۷ | الانعام | ۳۱ | حَتّٰٓى اِذَا تا يَزِرُوْنَ ○ |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۴۲-۴۳ | وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ تا هَوَآءٌ ○ |
| ۱۶ | مريم | ۳۹ | وَاَنْذِرْهُمْ تا الْاَمْرُ |
| 〃 | 〃 | ۷۱ | وَاِنْ مِّنْكُمْ تا مَقْضِيًّا ○ |
| 〃 | طٰهٰ | ۱۰۸ | يَوْمَئِذٍ تا هَمْسًا ○ |
| ۱۷ | الانبياء | ۴۰ | بَلْ تَاْتِيْهِمْ تا يُنْظَرُوْنَ ○ |
| ۱۷ | 〃 | ۹۷ | فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ تا ظٰلِمِيْنَ ○ |
| ۱۷ | الحج | ۱-۲ | اِنَّ زَلْزَلَةَ تا شَدِيْدٌ ○ |
| ۱۸ | النور | ۳۷ | يَخَافُوْنَ تا الْاَبْصَارُ ○ |
| ۱۹ | الفرقان | ۲۷ | وَيَوْمَ يَعَضُّ تا سَبِيْلًا ○ |
| ۲۲ | السبا | ۳۳ | وَاَسَرُّوا تا كَفَرُوْا |
| ۲۳ | والصّٰفّٰت | ۲۰ | وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا تا الدِّيْنِ |
| 〃 | 〃 | ۲۲-۲۳ | اُحْشُرُوا تا الْجَحِيْمِ ○ |
| ۲۴ | الزمر | ۴۷-۴۸ | وَلَوْ اَنَّ تا يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۶۰ | وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تا لِلْمُتَكَبِّرِيْنَ ○ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۴ | المؤمن | ۱۸ | وَاَنْذِرْهُمْ تا يُطَاعُ ۝ |
| ۲۴ | حم السجدۃ | ۲۹ | وَقَالَ الَّذِيْنَ تا الْاَسْفَلِيْنَ ۝ |
| ۲۵ | الشوریٰ | ۲۲ | تَرَى الظّٰلِمِيْنَ تا بِهِمْ |
| ۲۵ | 〃 | ۴۵ | وَتَرٰىهُمْ تا خَفِيٍّ |
| ۲۵ | الزخرف | ۳۷ تا ۳۹ | وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ تا مُشْتَرِكُوْنَ ۝ |
| ۲۵ | الجاثیۃ | ۲۷-۲۸ | وَيَوْمَ تَقُوْمُ تا جَاثِيَةً |
| ۲۶ | الذّٰریٰت | ۱۳-۱۴ | يَوْمَ هُمْ تا تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ |
| ۲۷ | الطور | ۴۵-۴۶ | فَذَرْهُمْ تا لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ |
| 〃 | القمر | ۸ | يَقُوْلُ تا عَسِرٌ ۝ |
| 〃 | 〃 | ۴۶ | وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۝ |
| 〃 | الحدید | ۱۳ تا ۱۵ | يَوْمَ يَقُوْلُ تا الْمَصِيْرُ ۝ |
| ۲۹ | الملک | ۲۷ | فَلَمَّا رَاَوْهُ تا تَدَّعُوْنَ ۝ |
| 〃 | القلم | ۴۳ | خَاشِعَةً تا ذِلَّةٌ |
| 〃 | الحاقۃ | ۲۵ تا ۲۹ | وَاَمَّا مَنْ تا سُلْطٰنِيَهْ ۝ |
| 〃 | المعارج | ۱۱ تا ۱۴ | يَوَدُّ تا يُنْجِيْهِ ۝ |
| 〃 | المزمل | ۱۷ | فَكَيْفَ تا شِيْبًا ۝ |
| 〃 | المدثر | ۹-۱۰ | فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ تا يَسِيْرٍ ۝ |
| 〃 | القیٰمۃ | ۷ تا ۱۲ | فَاِذَا بَرِقَ تا الْمُسْتَقَرُّ ۝ |
| 〃 | الدھر | ۱۰-۱۱ | يَوْمًا عَبُوْسًا تا ذٰلِكَ الْيَوْمِ |
| 〃 | المرسلٰت | ۳۷ تا ۳۹ | وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ تا فَكِيْدُوْنِ ۝ |
| ۳۰ | النبا | ۴۰ | وَيَقُوْلُ تا تُرٰبًا ۝ |
| 〃 | النّٰزعٰت | ۸-۹ | قُلُوْبٌ تا خَاشِعَةٌ ۝ |
| 〃 | عبس | ۳۴ تا ۳۷ | يَوْمَ يَفِرُّ تا يُّغْنِيْهِ ۝ |
| 〃 | الطارق | ۱۰ | فَمَا لَهٗ تا نَاصِرٍ ۝ |
| 〃 | الغاشیۃ | ۱ تا ۳ | هَلْ اَتٰىكَ تا نَاصِبَةٌ ۝ |
| 〃 | الفجر | ۲۳ تا ۲۶ | يَوْمَئِذٍ تا وَثَاقَهٗ اَحَدٌ ۝ |
| 〃 | الیل | ۱۱ | وَمَا يُغْنِيْ تا تَرَدّٰى ۝ |
| 〃 | الزلزال | ۳ | وَقَالَ تا مَا لَهَا ۝ |
| 〃 | القارعۃ | ۴-۵ | يَوْمَ تا الْمَنْفُوْشِ ۝ |

**(باب) نافرمانوں کا دُنیا کی طرف لوٹنے کی تمنا کرنا۔**

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ابرٰھیم | ۴۴-۴۵ | وَاَنْذِرْ تا الْاَمْثَالَ ۝ |

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | السجدۃ | ۱۲ | وَلَوْ تَرٰى تا مُوْقِنُوْنَ ۝ |
| ۲۵ | الشوریٰ | ۴۴ | وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ تا سَبِيْلٍ ۝ |

**(باب) نافرمانوں کا اپنے معبُودوں سے عداوت کا اظہار اور معبُود مِن دُونِ اللہ کی عاجزی**

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۶۶-۱۶۷ | اِذْ تَبَرَّاَ تا مِنَّا |
| ۲۱ | الروم | ۱۳ | وَلَمْ يَكُنْ تا كٰفِرِيْنَ ۝ |

**(باب) قیامت کے دن کوئی کسی کے کام نہ آئے گا اور باطل معبُود اور شیطان اپنے تابعداروں سے علیحدہ ہو جائیں گے۔**

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۶۵ تا ۱۶۷ | وَلَوْ يَرَى تا النَّارِ ۝ |
| ۷ | الانعام | ۷۰ | وَذَكِّرْ بِهٖ تا لَا يُؤْخَذْ مِنْهَا |
| 〃 | 〃 | ۹۴ | وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا تا تَزْعُمُوْنَ ۝ |
| ۸ | 〃 | ۱۶۴ | وَلَا تَكْسِبُ تا تَخْتَلِفُوْنَ ۝ |
| ۱۱ | یونس | ۲۷ تا ۳۰ | مَا لَهُمْ مِّنَ تا يَفْتَرُوْنَ ۝ |
| ۱۳ | ابرٰھیم | ۲۱-۲۲ | وَبَرَزُوْا تا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ |
| ۱۴ | النحل | ۸۶-۸۷ | وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ تا يَفْتَرُوْنَ ۝ |
| ۱۵ | الکھف | ۵۲ | وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا تا مَّوْبِقًا ۝ |
| ۱۶ | مریم | ۸۱-۸۲ | وَاتَّخَذُوْا تا ضِدًّا ۝ |
| ۱۸ | المومنون | ۱۰۱ | فَاِذَا نُفِخَ تا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ |
| 〃 | الفرقان | ۱۷ تا ۱۹ | وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ تا وَلَا نَصْرًا |
| ۱۹ | الشعرآء | ۸۸ | يَوْمَ لَا تا بَنُوْنَ ۝ |
| ۲۰ | القصص | ۶۳-۶۴ | قَالَ الَّذِيْنَ تا يَهْتَدُوْنَ ۝ |
| 〃 | العنکبوت | ۲۵ | وَقَالَ اِنَّمَا تا نّٰصِرِيْنَ ۝ |
| ۲۱ | الروم | ۱۳ | وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ تا كٰفِرِيْنَ ۝ |
| 〃 | لقمٰن | ۳۳ | وَاخْشَوْا يَوْمًا تا شَيْـًٔا |
| ۲۲ | السبا | ۳۱ تا ۳۳ | وَلَوْ تَرٰى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ تا اَنْدَادًا |
| 〃 | 〃 | ۴۲ | فَالْيَوْمَ لَا تا ضَرًّا |
| 〃 | فاطر | ۱۴ | وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تا بِشِرْكِكُمْ |
| 〃 | 〃 | ۱۸ | وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ تا ذَا قُرْبٰى |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۲۵ تا ۳۳ | مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ تا مُشْتَرِكُوْنَ ۝ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۴ | المومن | ۱۸ | مَا لِلظّٰلِمِيْنَ تا يُطَاعُ ○ |
| ۲۵ | حٰم السجدة | ۴۸ | وَضَلَّ تا مَحِيْصٍ ○ |
| 〃 | الشوریٰ | ۴۶ | وَمَا كَانَ لَهُمْ تا سَبِيْلٍ ○ |
| 〃 | الزخرف | ۶۷ | اَلْاَخِلَّآءُ تا الْمُتَّقِيْنَ ○ |
| 〃 | الدخان | ۴۱-۴۲ | يَوْمَ لَا تا رَّحِمَ اللّٰهُ |
| ۲۶ | الاحقاف | ۶ | وَاِذَا حُشِرَ تا كٰفِرِيْنَ ○ |
| 〃 | قٓ | ۲۳ تا ۲۷ | وَقَالَ قَرِيْنُهٗ تا بَعِيْدٍ ○ |
| ۲۸ | الممتحنة | ۳ | لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ |
| ۲۹ | الحاقة | ۲۵ تا ۳۵ | وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ تا حَمِيْمٌ ○ |
| 〃 | المعارج | ۱۰، ۱۴ | وَلَا يَسْـَٔلُ تا يُنْجِيْهِ ○ |
| ۳۰ | عبس | ۳۴، ۳۶ | يَوْمَ يَفِرُّ تا بَنِيْهِ ○ |
| 〃 | الانفطار | ۱۹ | يَوْمَ لَا تَمْلِكُ تا لِلّٰهِ ○ |

## (باب ۱۰) قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی اجازت سے شفاعت ہوگی

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۴۸ | وَاتَّقُوْا يَوْمًا تا يُنْصَرُوْنَ ○ |
| ۳ | 〃 | ۲۵۴ | يَوْمٌ لَّا تا الظّٰلِمُوْنَ |
| 〃 | 〃 | ۲۵۵ | مَنْ ذَا الَّذِيْ تا بِاِذْنِهٖ |
| ۱۱ | يونس | ۳ | مَا مِنْ تا اِذْنِهٖ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۷۹ | عَسٰٓى تا مَّحْمُوْدًا ○ |
| ۱۶ | مریم | ۸۷ | لَا يَمْلِكُوْنَ تا عَهْدًا ○ |
| 〃 | طٰهٰ | ۱۰۹ | يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ تا قَوْلًا ○ |
| ۲۵ | الزخرف | ۸۶ | وَلَا يَمْلِكُ تا يَعْلَمُوْنَ ○ |
| ۲۷ | النجم | ۲۶ | وَكَمْ مِّنْ تا يَرْضٰى ○ |

## (باب ۱۱) معبودانِ باطل، کفار اور مسلمانوں سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی گفتگو

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | المآئدة | ۱۰۹ تا ۱۱۹ | يَوْمَ يَجْمَعُ تا الْعَظِيْمُ ○ |
| 〃 | الانعام | ۲۲-۲۳ | وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ تا مُشْرِكِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۰ | وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا تا تَكْفُرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۹۴ | وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا تا تَزْعُمُوْنَ ○ |
| ۸ | 〃 | ۱۲۸ تا ۱۳۰ | وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ تا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا |
| ۸ | الاعراف | ۶-۷ | فَلَنَسْـَٔلَنَّ تا غَآئِبِيْنَ ○ |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۴۴-۴۵ | فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا تا الْاَمْثَالَ |
| ۱۴ | النحل | ۲۷ تا ۲۹ | ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا |
| ۱۵ | الكهف | ۴۸ | وَعُرِضُوْا تا مَّوْعِدًا ○ |
| ۱۶ | طٰهٰ | ۱۲۵، ۱۲۶ | قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ تا تُنْسٰى ○ |
| ۱۸ | المومنون | ۱۰۵ تا ۱۱۴ | اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ |
| 〃 | الفرقان | ۱۷ تا ۱۹ | وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ تا صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا |
| ۲۰ | النمل | ۸۴ | حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ تا تَعْمَلُوْنَ ○ |
| 〃 | القصص | ۶۲ تا ۶۶ | وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ تا فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ |
| ۲۱ | السجدة | ۱۲، ۱۴ | وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ تا تَعْمَلُوْنَ |
| ۲۲ | السبا | ۴۰، ۴۲ | وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا تا تُكَذِّبُوْنَ ○ |
| ۲۳ | يٰسٓ | ۶۰، ۶۴ | اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ تا تَكْفُرُوْنَ |
| 〃 | الصّٰفّٰت | ۲۴-۲۵ | وَقِفُوْهُمْ تا لَا تَنَاصَرُوْنَ ○ |
| ۲۴ | الزمر | ۵۹ | بَلٰى قَدْ تا الْكٰفِرِيْنَ |
| ۲۵ | حٰم السجدة | ۴۷ | وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ تا شَهِيْدٍ ○ |
| 〃 | الجاثية | ۲۸ | اَلْيَوْمَ تا تَعْمَلُوْنَ ○ |
| ۲۶ | قٓ | ۲۲ تا ۲۹ | لَقَدْ كُنْتَ تا لِلْعَبِيْدِ ○ |
| ۲۹ | المرسلٰت | ۳۸-۳۹ | هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ تا فَكِيْدُوْنِ ○ |

## (باب ۱۲) قیامت کے دن حساب و کتاب کا ہونا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۵۱ | لِيَجْزِيَ اللّٰهُ تا الْحِسَابِ ○ |
| ۱۴ | النحل | ۹۳ | وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۱۳-۱۴ | وَنُخْرِجُ تا حَسِيْبًا ○ |
| 〃 | الكهف | ۴۹ | وَوُضِعَ تا اَحَدًا ○ |
| ۱۶ | 〃 | ۱۰۵ | اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ تا وَزْنًا ○ |
| 〃 | مریم | ۳۹ | وَاَنْذِرْهُمْ تا الْاَمْرُ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۴۷ | وَنَضَعُ تا حٰسِبِيْنَ ○ |
| ۲۱ | لقمٰن | ۱۶ | يٰبُنَيَّ تا لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ○ |
| ۲۳ | يٰسٓ | ۶۵ | اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ تا يَكْسِبُوْنَ ○ |
| ۲۴ | المومن | ۷۸ | فَاِذَا جَآءَ تا الْمُبْطِلُوْنَ ○ |
| ۲۵ | الزخرف | ۱۹ | سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ○ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | الزخرف | ۴۴ | وَاِنَّهٗ تا تُسْئَلُوْنَ ○ |
| ۲۷ | الرحمٰن | ۳۱ | سَنَفْرُغُ تا الثَّقَلٰنِ ○ |
| ۲۸ | الممتحنة | ۳ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تا بَصِيْرٌ ○ |
| ۳۰ | الغاشية | ۲۶ | اِنَّ اِلَيْنَا تا حِسَابَهُمْ ○ |
| ، | التكاثر | ۸ | ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ تا النَّعِيْمِ ○ |

## (باب ۱۳) قیامت کے دن عملوں کا تُلنا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۸ | الاعراف | ۸-۹ | وَالْوَزْنُ تا يَظْلِمُوْنَ |

## (باب ۱۴) نامۂ اعمال کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | آل عمران | ۳۰ | يَوْمَ تَجِدُ تا سُوْٓءٍ |
| ۲۹ | الحاقة | ۱۹ تا ۲۹ | فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ تا سُلْطٰنِيَهْ ○ |
| ۳۰ | التكوير | ۸ تا ۱۰ | وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ تا نُشِرَتْ ○ |
| ، | الانشقاق | ۷ تا ۱۲ | فَاَمَّا مَنْ تا سَعِيْرًا ○ |

## (باب ۱۵) عملوں کی جزا اور سزا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | آل عمران | ۱۸۵ | وَاِنَّمَا تا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ |
| ۱۱ | يونس | ۴ | يُعِيْدُهٗ تا يَكْفُرُوْنَ ○ |
| ۱۲ | هود | ۱۰۶ تا ۱۰۸ | فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا تا مَجْذُوْذٍ ○ |
| ، | ، | ۱۱۱ | وَاِنَّ كُلًّا تا خَبِيْرٌ ○ |
| ۱۴ | النحل | ۱۱۱ | وَتُوَفّٰى تا لَا يُظْلَمُوْنَ ○ |
| ۱۷ | الحج | ۵۶-۵۷ | اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ تا مُّهِيْنٌ ○ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۱۰۲-۱۰۳ | فَمَنْ ثَقُلَتْ تا خٰلِدُوْنَ ○ |
| ، | النور | ۲۳ تا ۲۵ | اِنَّ الَّذِيْنَ تا الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ○ |
| ۲۰ | النمل | ۸۵ | وَوَقَعَ تا لَا يَنْطِقُوْنَ ○ |
| ، | ، | ۹۰ تا ۹۳ | مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ تا تَعْمَلُوْنَ ○ |
| ، | العنكبوت | ۳ | وَلَيَحْمِلُنَّ تا يَفْتَرُوْنَ ○ |
| ۲۱ | الروم | ۴۳ تا ۴۵ | يَوْمَئِذٍ تا مِنْ فَضْلِهٖ |
| ۲۲ | يٰس | ۵۳-۵۴ | فَاِذَا هُمْ تا تَعْمَلُوْنَ ○ |
| ، | الزمر | ۱۰ | يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ تا حِسَابٍ ○ |
| ۲۴ | ، | ۷۰ | وَوُفِّيَتْ تا يَفْعَلُوْنَ ○ |

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۴ | المؤمن | ۱۷ | اَلْيَوْمَ تُجْزٰى تا الْحِسَابِ ○ |
| ، | ، | ۵۲ | يَوْمَ لَا يَنْفَعُ تا الدَّارِ ○ |
| ، | حٰم السجدة | ۲۴ | فَاِنْ يَّصْبِرُوْا تا الْمُعْتَبِيْنَ ○ |
| ۲۵ | الجاثية | ۳۳-۳۵ | وَقِيْلَ الْيَوْمَ تا يُسْتَعْتَبُوْنَ ○ |
| ۲۶ | قٓ | ۲۸-۳۱ | قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا تا غَيْرَ بَعِيْدٍ ○ |
| ۲۷ | الطور | ۱۶-۱۷ | اِصْلَوْهَا تا نَعِيْمٍ ○ |
| ، | الواقعة | ۷-۴۴ | اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً تا كَرِيْمٍ ○ |
| ، | ، | ۸۸ تا ۹۴ | فَاَمَّآ اِنْ كَانَ تا جَحِيْمٍ ○ |
| ۲۸ | التغابن | ۹-۱۰ | يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ تا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○ |
| ، | التحريم | ۷ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ تا تَعْمَلُوْنَ ○ |
| ۲۹ | الحاقة | ۱۸ تا ۳۲ | يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ تا فَاسْلُكُوْهُ ○ |
| ، | القيامة | ۲۲ تا ۲۵ | وُجُوْهٌ تا فَاقِرَةٌ ○ |
| ، | المرسلٰت | ۱۱، ۱۵ | وَاِذَا الرُّسُلُ تا لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ |
| ، | ، | ۳۵، ۳۹ | هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ تا فَكِيْدُوْنِ ○ |
| ۳۰ | النّٰزعٰت | ۳۴، ۴۱ | فَاِذَا جَآءَتِ تا الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ○ |
| | الزلزال | ۴، ۸ | يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ تا شَرًّا يَّرَهٗ ○ |
| | القارعة | ۶، ۹ | فَاَمَّا مَنْ تا هَاوِيَةٌ ○ |

# كتاب الطّهارة

## وضوء کے مسائل

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المائدة | ۶ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا الْكَعْبَيْنِ |
| ، | ، | ، | اَوْ جَآءَ تا الْغَآئِطِ |

## تیمم کے مسائل

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۴۳ | وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى تا اَيْدِيْكُمْ |

## غسل کے مسائل

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المائدة | ۶ | وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا |
| ۵ | النساء | ۴۳ | وَلَا جُنُبًا تا تَغْتَسِلُوْا |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## حیض کے مسائل

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۲ | وَیَسْـَٔلُوْنَكَ تا الْمُتَطَهِّرِیْنَ ○ |

# کتاب الصلوٰۃ

## نماز باجماعت پڑھنے کا حکم

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۴۳ | وَاَقِیْمُوا تا الرّٰکِعِیْنَ ○ |

## مقامِ ابراہیم کے پاس نماز پڑھنے کا حکم

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرۃ | ۱۲۵ | وَاتَّخِذُوْا تا السُّجُوْدِ ○ |

## نمازوں پر حفاظت کی تاکید

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۳۸ | حٰفِظُوْا تا قٰنِتِیْنَ ○ |

## تیمم کن حالتوں میں کرنا چاہیئے اور تیمم میں کن اعضا کا مسح کریں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۴۳ | یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ لَا تَقْرَبُوا تا غَفُوْرًا ○ |

## نماز میں قصر کرنے کا حکم اور میدانِ جنگ میں نماز پڑھنے کا طریقہ

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۱۰۱ تا ۱۰۳ | وَاِذَا ضَرَبْتُمْ تا مَوْقُوْتًا ○ |

## نماز سے پہلے وضو کرنے کا حکم

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المائدۃ | ۶ | اِذَا قُمْتُمْ تا الْكَعْبَیْنِ |

## پانچ نمازوں کا ثبوت

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | بنی اسرآئیل | ۷۸، ۷۹، ۸۰ | اَقِمِ الصَّلٰوةَ تا مَحْمُوْدًا ○ |

## جہری نماز میں قراءت درمیانی آواز سے پڑھی جائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | بنی اسرآئیل | ۱۱۰ | وَلَا تَجْهَرْ تا سَبِیْلًا ○ |

## نمازوں کے وقتوں کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | طٰهٰ | ۱۳۰ | وَسَبِّحْ تا النَّهَارِ |

## نماز میں عاجزی کرنے کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | المؤمنون | ۲ | الَّذِیْنَ هُمْ تا خٰشِعُوْنَ ○ |

## نمازوں کی حفاظت کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | المؤمنون | ۹ | وَالَّذِیْنَ هُمْ تا یُحَافِظُوْنَ ○ |

## خرید و فروخت خدا پرستوں کو نماز سے نہیں روکتی

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | النور | ۳۷ | رِجَالٌ تا اِقَامِ الصَّلٰوةِ |

## نماز بے حیائیوں اور برے کاموں سے روکتی ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | العنکبوت | ۴۵ | اِنَّ الصَّلٰوةَ تا الْمُنْكَرِ |

## جمعہ کے دن جب امام منبر پر بیٹھ جائے تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ فوراً مسجد میں پہنچ جائیں

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۸ | الجمعۃ | ۹ | اِذَا نُوْدِیَ تا تَعْلَمُوْنَ ○ |

## دکھلاوے کیلئے نماز پڑھنے والوں پر عذابِ الٰہی کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | الماعون | ۴ تا ۶ | فَوَیْلٌ تا یُرَآءُوْنَ ○ |

# کتاب الزکوٰۃ

## زکوٰۃ، صدقات اور ان کے مصارف کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۱۵ | قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ تا ابْنِ السَّبِیْلِ |
| ۳ | " | ۲۶۷ | اَنْفِقُوْا تا فِیْهِ |
| ۳ | " | ۲۷۱ | اِنْ تُبْدُوا تا خَیْرٌ لَّكُمْ |
| ۳ | " | ۲۷۳ تا ۲۷۴ | وَمَا تُنْفِقُوْا تا یَحْزَنُوْنَ |
| ۸ | الانعام | ۱۴۱ | وَاٰتُوْا تا حَصَادِهٖ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبة | ۶۰ | إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ تا حَكِيمٌ ۝ |
| ۱۸ | النور | ۵۶ | وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ تا تُرْحَمُوْنَ ۝ |
| ۱۹ | الفرقان | ۶۷ | وَالَّذِيْنَ إِذَا تا قَوَامًا ۝ |
| ۲۱ | الروم | ۳۹ | وَمَا اٰتَيْتُمْ تا الْمُضْعِفُوْنَ ۝ |
| ۲۹ | الدھر | ۸ - ۹ | وَيُطْعِمُوْنَ تا شُكُوْرًا ۝ |

# كِتَابُ الصِّيَام

## روزہ اور اعتکاف کے مسائل اور لیلۃ القدر کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۱۲۵ | أَنْ طَهِّرَا تا الْعٰكِفِيْنَ |
| ۲ | ” | ۱۸۳ تا ۱۸۵ | كُتِبَ تا تَشْكُرُوْنَ ۝ |
| ” | ” | ۱۸۷ | أُحِلَّ لَكُمْ تا الَّيْلِ |
| ” | ” | ” | وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ تا الْمَسٰجِدِ |
| ۲۵ | الدخان | ۳ تا ۵ | إِنَّا أَنْزَلْنٰهُ تا عِنْدِنَا |
| ۳۰ | القدر | ۱ تا ۵ | إِنَّا أَنْزَلْنٰهُ تا الْفَجْرِ ۝ |

# كِتَابُ الْحَجّ

### (باب ۱) خانہ کعبہ کی تعظیم کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرہ | ۱۲۵ | وَإِذْ جَعَلْنَا تا أَمْنًا |
| ۴ | آل عمران | ۹۶ - ۹۷ | إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ تا سَبِيْلًا |
| ۱۷ | الحج | ۲۶ - ۲۷ | وَإِذْ بَوَّأْنَا تا عَمِيْقٍ ۝ |

### (باب ۲) ایام حج کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۹۷ تا ۱۹۹ | اَلْحَجُّ أَشْهُرٌ تا رَّحِيْمٌ ۝ |

### (باب ۳) طواف زیارت کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | الحج | ۲۹ | وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ |

### (باب ۴) مقام ابراہیم میں دوگانہ پڑھنے کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۱۲۵ | وَاتَّخِذُوْا تا مُصَلًّى |

### (باب ۵) صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنے کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۵۸ | إِنَّ الصَّفَا تا عَلِيْمٌ ۝ |

### (باب ۶) عمرہ کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۹۶ | وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ |

### (باب ۷) عمرہ میں سر کے بال منڈانا یا کترانا شرط ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۶ | الفتح | ۲۷ | لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ تا قَرِيْبًا |

### (باب ۸) حالت احرام میں شکار کرنا حرام ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المائدة | ۱ | يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا حُرُمٌ |
| ۷ | ” | ۹۵ | يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا حُرُمٌ |
| ” | ” | ۹۶ | وَحُرِّمَ تا حُرُمًا |

### (باب ۹) احرام تمتع کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۹۶ | فَإِذَا أَمِنْتُمْ تا الْعِقَابِ |

### (باب ۱۰) قربانی کے جانور اور قلادہ کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | المائدة | ۹۷ | جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ تا عَلِيْمٌ ۝ |
| ۱۷ | الحج | ۲۸ | وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ تا الْفَقِيْرَ ۝ |

### (باب ۱۱) قربانی کا جانور بے عیب ہو

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | الحج | ۳۰ تا ۳۳ | ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ تا الْعَتِيْقِ ۝ |
| ” | ” | ۳۶ - ۳۷ | وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا تا الْمُحْسِنِيْنَ ۝ |

### (باب ۱۲) حالت احرام میں شکار کرنے کی سزا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | المائدة | ۹۵ | يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا ذُو انْتِقَامٍ ۝ |

### (باب ۱۳) احرام باندھنے کے بعد رک جانے کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۹۶ | فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ تا أَوْ نُسُكٍ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# کِتَابُ النِّکَاح

## (باب ۱) جوازِ نکاح

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | النساء | ۳ | وَاِنْ خِفْتُمْ تا اَلَّا تَعُوْلُوْا ○ |

## (باب ۲) کن عورتوں سے نکاح حرام ہے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۱ | وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ تا اَعْجَبَتْكُمْ |
| ۵ | النساء | ۲۲ تا ۲۴ | وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ تا كِتٰبَ اللّٰهِ |

## (باب ۳) ولی کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۲۵ | فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ |

## (باب ۴) مہر کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۳۶، ۲۳۷ | لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ تا بَصِيْرٌ ○ |
| ۵ | النساء | ۲۴ | وَاُحِلَّ لَكُمْ تا الْفَرِيْضَةِ |
| ۲۰ | القصص | ۲۷-۲۸ | قَالَ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ تا وَكِيْلٌ ○ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۵۰ | قَدْ عَلِمْنَا تا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ |

## (باب ۵) کوئی مسلمان بلا نکاح نہ رہنے پائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | النور | ۳۲ | وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى تا عَلِيْمٌ ○ |

## (باب ۶) ایک سے زائد بیویاں ہوں تو مساوات کا لحاظ رکھا جائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۵ | النساء | ۱۲۹ | وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْا تا كَالْمُعَلَّقَةِ |

# کِتَابُ الرَّضَاع

## دودھ پلانے اور چھڑانے کی مدت کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۳۳ | وَالْوَالِدٰتُ تا الرَّضَاعَةَ |
| ۲۶ | الاحقاف | ۱۵ | وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا |

# کِتَابُ الطَّلَاق

## (باب ۱) جوازِ طلاق

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۹ | اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ تا بِاِحْسَانٍ |
| ؍ | ؍ | ۲۳۱ | وَاِذَا طَلَّقْتُمُ تا هُزُوًا |
| ؍ | ؍ | ۲۳۲ | وَاِذَا طَلَّقْتُمُ تا بِالْمَعْرُوْفِ |

## (باب ۲) تین طلاقوں کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۳۰ | فَاِنْ طَلَّقَهَا تا حُدُوْدَ اللّٰهِ |

## (باب ۳) بیوی کو طلاق کا اختیار دینا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | الاحزاب | ۲۸-۲۹ | يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ تا عَظِيْمًا ○ |

## (باب ۴) رجعی طلاق دے کر عدت کے ایام میں رجوع کی اجازت

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۸ | وَبُعُوْلَتُهُنَّ تا اِصْلَاحًا |

## (باب ۵) عورت کے پاس نہ جانے کی قسم کھانا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۶، ۲۲۷ | لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ تا عَلِيْمٌ ○ |

## (باب ۶) خلع کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۹ | وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ تا افْتَدَتْ بِهٖ |

## (باب ۷) ظہار کا حکم

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۸ | المجادلۃ | ۲ تا ۴ | اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ تا مِسْكِيْنًا |

## (باب ۸) میاں بیوی کے لعان کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | النور | ۶ | وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ تا لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ |

## (باب ۹) عدت کا بیان

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۲۲۸ | وَالْمُطَلَّقٰتُ تا اَرْحَامِهِنَّ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| (باب۱۰) بیوہ کی عدت کا ذکر | | | |
| ۲ | البقرۃ | ۲۳۴ | وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ تا عَشْرًا |
| 〃 | 〃 | ۲۴۰ | وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ تا اِخْرَاجٍ |
| (باب۱۱) غیر مدخولہ کے لیے کوئی عدت نہیں | | | |
| ۲۲ | الاحزاب | ۴۹ | اِذَا نَكَحْتُمُ تا جَمِيْلًا ○ |
| (باب۱۲) چھوٹی عمر کے باعث حیض آنا شروع نہ ہوا ہو یا بوڑھی ہونے کے باعث بند ہو چکا ہو، یا حاملہ ہو، ان تینوں کی عدت کا بیان | | | |
| ۲۸ | الطلاق | ۴ | وَالّٰٓئِيْ يَئِسْنَ تا حَمْلَهُنَّ |
| (باب۱۳) مطلقہ کے نفقہ وغیرہ کا بیان | | | |
| ۲۸ | الطلاق | ۶-۷ | اَسْكِنُوْهُنَّ تا عُسْرٍ يُّسْرًا ○ |

## کتاب السرقۃ

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| (باب۱) چور کی سزا | | | |
| ۶ | المآئدۃ | ۳۸ | وَالسَّارِقُ تا حَكِيْمٌ ○ |
| (باب۲) رہزن کی سزا | | | |
| ۶ | المآئدۃ | ۳۳ | وَيَسْعَوْنَ تا عَظِيْمٌ ○ |

## باب الحدود والتعزيرات

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| زانی کی سزا، اور تہمت لگانے والے اور ثبوت بہم نہ پہنچانے والے کی تعزیر | | | |
| ۴ | النساء | ۱۵-۱۶ | وَالّٰتِيْ تا رَّحِيْمًا ○ |
| ۱۸ | النور | ۲ تا ۴ | اَلزَّانِيَةُ تا الْفٰسِقُوْنَ ○ |
| پردہ کے احکام | | | |
| ۱۸ | النور | ۲۷ تا ۳۱ | لَا تَدْخُلُوْا تا تُفْلِحُوْنَ ○ |
| ۱۸ | النور | ۵۸ تا ۶۰ | لِيَسْتَاْذِنْكُمُ تا سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۵۳، ۵۵ | وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ تا شَهِيْدًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۵۹ | يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ تا جَلَابِيْبِهِنَّ |
| وصیت اور میراث کے احکام | | | |
| ۲ | البقرۃ | ۱۸۰ تا ۱۸۲ | كُتِبَ عَلَيْكُمْ تا رَحِيْمٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۴۰ | وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ تا اِخْرَاجٍ |
| ۴ | النساء | ۷-۸ | لِلرِّجَالِ تا مَعْرُوْفًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۱-۱۲ | يُوْصِيْكُمُ تا عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ○ |
| ۵ | 〃 | ۳۳ | وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا تا نَصِيْبَهُمْ |
| ۶ | 〃 | ۱۷۶ | قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ تا عَلِيْمٌ ○ |
| ۷ | المآئدۃ | ۱۰۶ تا ۱۰۸ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ تا وَاسْمَعُوْا |
| ۱۰ | الانفال | ۷۵ | وَاُولُوْا تا عَلِيْمٌ ○ |

## کتاب البیوع

### خرید و فروخت کے احکام

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۹۸ | لَيْسَ عَلَيْكُمْ تا مِنْ رَّبِّكُمْ |
| ۳ | 〃 | ۲۷۵ | وَاَحَلَّ اللّٰهُ تا الرِّبٰوا |
| 〃 | 〃 | ۲۸۲-۲۸۳ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ تا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ○ |
| ۵ | النساء | ۲۹ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا تَرَاضٍ مِّنْكُمْ |
| ۱۸ | النور | ۳۷ | تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ |
| ۲۸ | الجمعۃ | ۱۰ | فَاِذَا قُضِيَتِ تا فَضْلِ اللّٰهِ |
| ۲۹ | المزمل | ۲۰ | وَاٰخَرُوْنَ تا فَضْلِ اللّٰهِ |
| سود کا بیان | | | |
| ۳ | البقرۃ | ۲۷۵ | اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا تا خٰلِدُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۷۸ تا ۲۸۰ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا تا تَعْلَمُوْنَ ○ |
| ۶ | النساء | ۱۶۱ | وَاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا تا عَنْهُ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|

# کِتَابُ الجِہَاد

## رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات

### غزوہ بدر کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | اٰلِ عمرٰن | ۱۳ | قَدْ كَانَ لَكُمْ تا الْاَبْصَارِ ○ |
| ۹ | الانفال | ۵ تا ۱۸ | كَمَآ اَخْرَجَكَ تا كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ○ |
| ۱۰ | " | ۴۱، ۴۴ | وَمَآ اَنْزَلْنَا تا الْاُمُوْرُ ○ |
| " | " | ۴۸ | وَاِذْ زَيَّنَ تا الْعِقَابِ ○ |

### غزوہ اُحد کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | اٰلِ عمرٰن | ۱۲۱ تا ۱۲۷ | وَاِذْ غَدَوْتَ تا خَآئِبِيْنَ ○ |
| " | " | ۱۴۰، ۱۴۳ | اِنْ يَّمْسَسْكُمْ تا تَنْظُرُوْنَ ○ |
| " | " | ۱۵۲، ۱۵۵ | وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ تا غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ○ |
| " | " | ۱۶۵، ۱۷۱ | اَوَلَمَّآ تا اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ |

### غزوہ بنو نضیر کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۸ | الحشر | ۲ تا ۶ | هُوَ الَّذِيْٓ تا قَدِيْرٌ ○ |

### غزوہ بدرِ صغرےٰ کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۴ | اٰلِ عمرٰن | ۱۷۲ تا ۱۷۵ | اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا تا مُّؤْمِنِيْنَ ○ |

### غزوہ احزاب کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | الاحزاب | ۹ تا ۲۵ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا عَزِيْزًا ○ |

### غزوہ بنو قریظہ کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | الاحزاب | ۲۶-۲۷ | وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ تا قَدِيْرًا ○ |

### صلح حُدیبیہ اور بیعت رضوان کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۶ | الفتح | ۱ | اِنَّا فَتَحْنَا تا مُّبِيْنًا ○ |

### غزوہ فتح مکہ مکرمہ کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | النصر | ۱ | اِذَا جَآءَ تا الْفَتْحُ |

### غزوہ حنین کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبۃ | ۲۵-۲۶ | لَقَدْ نَصَرَكُمُ تا الْكٰفِرِيْنَ ○ |

### غزوہ تبوک کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبۃ | ۴۲ تا ۵۹ | لَوْ كَانَ عَرَضًا تا رٰغِبُوْنَ ○ |
| " | " | ۸۱، ۸۳ | فَرِحَ تا الْخٰلِفِيْنَ ○ |
| ۱۰-۱۱ | " | ۹۰، ۹۶ | وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ تا الْفٰسِقِيْنَ ○ |

### مالِ غنیمت[1] اور فے کے احکام

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرۃ | ۱۹۰ تا ۱۹۴ | وَقَاتِلُوْا فِيْ تا الْمُتَّقِيْنَ ○ |
| " | " | ۲۱۷ | يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ تا الْقِتَالِ |
| ۵ | النسآء | ۷۱ | خُذُوْا تا جَمِيْعًا ○ |
| " | " | ۷۵-۷۶ | وَمَا لَكُمْ تا ضَعِيْفًا ○ |
| " | " | ۸۹ تا ۹۱ | فَاِنْ تَوَلَّوْا تا سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ○ |
| " | " | ۹۴ | اِذَا ضَرَبْتُمْ تا خَبِيْرًا ○ |
| ۹ | الانفال | ۱ | يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ تا وَالرَّسُوْلِ |
| " | " | ۱۲-۱۳ | فَاضْرِبُوْا تا رَسُوْلَهٗ |
| " | " | ۱۵-۱۶ | اِذَا لَقِيْتُمُ تا الْمَصِيْرُ ○ |
| " | " | ۳۹ | وَقَاتِلُوْهُمْ تا لِلّٰهِ |
| ۱۰ | " | ۴۱ | وَاعْلَمُوْٓا تا السَّبِيْلِ |
| " | " | ۴۵ تا ۴۷ | اِذَا لَقِيْتُمْ تا مُحِيْطٌ ○ |
| " | " | ۵۷-۵۸ | فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ تا الْخَآئِنِيْنَ ○ |
| " | " | ۶۰-۶۱ | وَاَعِدُّوْا تا السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ |
| " | " | ۶۷ تا ۶۹ | مَا كَانَ لِنَبِيٍّ تا رَّحِيْمٌ ○ |
| " | " | ۷۲-۷۳ | اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا كَبِيْرٌ ○ |

[1] کافروں سے لڑائی کے بعد جو مال ہاتھ آئے اُسے مالِ غنیمت کہتے ہیں اور جو لڑائی کے بغیر ہاتھ آئے اُسے فے کہتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبة | ۱ تا ۷ | بَرَآءَةٌ مِّنَ تا الْمُتَّقِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۱-۱۲ | فَاِنْ تَابُوْا تا يَنْتَهُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۸-۲۹ | اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ تا صٰغِرُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۶-۳۷ | اِنَّ عِدَّةَ تا الْكٰفِرِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۱ | اِنْفِرُوْا تا تَعْلَمُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۷۳-۷۴ | يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ تا يَنَالُوْا |
| ۱۴ | النحل | ۱۲۶ | وَاِنْ عَاقَبْتُمْ تا لِلصّٰبِرِيْنَ ○ |
| ۱۷ | الحج | ۳۹-۴۰ | اُذِنَ لِلَّذِيْنَ تا رَبُّنَا اللّٰهُ |
| ۲۲ | الاحزاب | ۶۰ تا ۶۲ | لَئِنْ لَّمْ تا تَبْدِيْلًا ○ |
| ۲۶ | محمد | ۴ | فَاِذَا لَقِيْتُمُ تا اَوْزَارَهَا |
| ۲۸ | الحشر | ۵ تا ۱۰ | مَا قَطَعْتُمْ تا رَّحِيْمٌ ○ |
| ۲۸ | الممتحنة | ۱۰-۱۱ | اِذَا جَآءَكُمُ تا مُؤْمِنُوْنَ |

## غدار اور خائن دشمن سے سلوک

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | الانفال | ۵۶ تا ۵۸ | اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ تا الْخَآئِنِيْنَ ○ |

## دشمن صلح کرنا چاہے تو اس کی درخواست کو رد نہ کرنا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | الانفال | ۶۰ تا ۶۳ | وَاَعِدُّوْا تا عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○ |

## دشمن سے بھی نقض عہد نہ کرنا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبة | ۱-۴ | بَرَآءَةٌ مِّنَ تا يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ○ |

## دشمن پناہ میں آنا چاہے تو امن دینا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | التوبة | ۶ | وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ تا لَا يَعْلَمُوْنَ ○ |

## دائرہ اسلام میں داخل کرنے کیلئے دشمن کو مجبور نہ کرنا

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | البقرة | ۲۵۶، ۲۵۷ | لَآ اِكْرَاهَ تا خٰلِدُوْنَ ○ |

## دشمن پر ظلم اور زیادتی نہ کی جائے

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲ | البقرة | ۱۹۰ | وَقَاتِلُوْا تا الْمُعْتَدِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۹۱ تا ۱۹۳ | وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ تا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○ |
| ۲ | البقرة | ۱۹۴ | اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ تا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ○ |

# قصص القرآن

## حضرت آدم اور حوا علیہما السلام کا قصہ اور ابلیس کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۳۰ تا ۳۹ | وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ تا خٰلِدُوْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۱۰۲ | مَا تَتْلُوْا تا السِّحْرَ |
| ۲ | 〃 | ۱۶۸، ۱۶۹ | خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ تا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ |
| ۳ | 〃 | ۲۶۸ | اَلشَّيْطٰنُ تا بِالْفَحْشَآءِ |
| 〃 | آل عمران | ۳۳ | اِنَّ اللّٰهَ تا اٰدَمَ |
| ۵ | النساء | ۱۲۰ | الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ○ |
| ۸ | الاعراف | ۱۱ تا ۱۹ | ثُمَّ قُلْنَا تا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۰، ۲۲ | فَوَسْوَسَ تا مُّبِيْنٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۷ | لَا يَفْتِنَنَّكُمُ تا لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ |
| ۹ | 〃 | ۱۸۹ | خَلَقَكُمْ تا اِلَيْهَا |
| ۱۰ | الانفال | ۴۸ | وَاِذْ زَيَّنَ تا الْعِقَابِ ○ |
| ۱۲ | یوسف | ۵ | الشَّيْطٰنَ تا مُّبِيْنٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۴۲ | فَاَنْسٰهُ تا سِنِيْنَ ○ |
| ۱۴ | الحجر | ۱۷-۱۸ | وَحَفِظْنٰهَا تا مُّبِيْنٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۳۱ تا ۴۴ | اِلَّآ اِبْلِيْسَ تا مَّقْسُوْمٌ ○ |
| 〃 | 〃 | ۲۸، ۳۱ | وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ تا اِبْلِيْسَ |
| 〃 | النحل | ۶۳ | فَزَيَّنَ تا اَعْمَالَهُمْ |
| ۱۵ | بنی اسرائیل | ۵۳ | اِنَّ الشَّيْطٰنَ تا مُّبِيْنًا ○ |
| 〃 | 〃 | ۶۱ تا ۶۵ | قَالَ ءَاَسْجُدُ تا وَكِيْلًا ○ |
| 〃 | الکهف | ۵۰-۵۱ | كَانَ مِنَ تا عَضُدًا ○ |
| ۱۶ | طٰهٰ | ۱۱۵ تا ۱۲۴ | وَلَقَدْ عَهِدْنَآ تا اَعْمٰى ○ |
| ۱۷ | الحج | ۳-۴ | كُلَّ شَيْطٰنٍ تا السَّعِيْرِ |
| 〃 | 〃 | ۵۲ | اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰىٓ تا اُمْنِيَّتِهٖ |
| ۱۸ | النور | ۲۱ | وَمَنْ يَّتَّبِعْ تا الْمُنْكَرِ |
| ۱۹ | الفرقان | ۲۹ | وَكَانَ الشَّيْطٰنُ تا خَذُوْلًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ۲۱۰ تا ۲۱۲ | وَمَا تَنَزَّلَتْ تا لَمَعْزُوْلُوْنَ ○ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | الشعراء | ۲۲۱ تا ۲۲۳ | هَلْ اُنَبِّئُكُمْ تا كٰذِبُوْنَ ○ |
| ۲۲ | السبا | ۲۰-۲۱ | وَلَقَدْ صَدَّقَ تا حَفِيْظٌ ○ |
| 〃 | الفاطر | ۶ | اِنَّ الشَّيْطٰنَ تا السَّعِيْرِ ○ |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۷ تا ۱۰ | وَحِفْظًا تا ثَاقِبٌ ○ |
| 〃 | صٓ | ۷۱، ۷۴ | اِذْ قَالَ تا اِبْلِيْسَ |
| ۲۴ | حٰمٓ السجدة | ۲۵ | وَقَيَّضْنَا تا خَلْفَهُمْ |
| 〃 | 〃 | ۳۶ | وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ تا الْعَلِيْمُ ○ |
| ۲۵ | الزخرف | ۳۶-۳۷ | وَمَنْ يَّعْشُ تا مُّهْتَدُوْنَ ○ |
| ۲۶ | محمد | ۲۵ | اِنَّ الَّذِيْنَ تا اَمْلٰى لَهُمْ ○ |
| ۲۸ | المجادلة | ۱۹ | اِسْتَحْوَذَ تا الْخٰسِرُوْنَ ○ |
| 〃 | الحشر | ۱۶-۱۷ | كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ تا الظّٰلِمِيْنَ ○ |
| ۳۰ | الناس | ۴ تا ۶ | شَرِّ الْوَسْوَاسِ تا الْجِنَّةِ |

## قصہ ہابیل وقابیل

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۶ | المآئدة | ۲۷ تا ۳۱ | وَاتْلُ عَلَيْهِمْ تا النّٰدِمِيْنَ ○ |

## حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کا قصہ

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۳ | آلِ عمران | ۳۳ | اِنَّ اللّٰهَ تا نُوْحًا |
| ۷ | الانعام | ۸۴ تا ۹۰ | وَنُوْحًا تا هَدَى اللّٰهُ |
| ۸ | الاعراف | ۵۹، ۶۴ | لَقَدْ اَرْسَلْنَا تا عَمِيْنَ ○ |
| ۱۱ | یونس | ۷۱، ۷۳ | وَاتْلُ عَلَيْهِمْ تا الْمُنْذَرِيْنَ ○ |
| ۱۲ | هود | ۲۵، ۴۸ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا اَلِيْمٌ ○ |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۹، ۱۷ | اَلَمْ يَاْتِكُمْ تا عَذَابٌ غَلِيْظٌ ○ |
| ۱۵ | بنی اسرآئیل | ۳ | اِنَّهٗ كَانَ تا شَكُوْرًا ○ |
| ۱۷ | الانبیاء | ۷۶-۷۷ | وَنُوْحًا تا اَجْمَعِيْنَ |
| ۱۸ | المؤمنون | ۲۳ تا ۲۹ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا الْمُنْزِلِيْنَ |
| ۱۹ | الفرقان | ۳۷ | وَقَوْمَ نُوْحٍ تا اَلِيْمًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ۱۰۵ تا ۱۲۰ | كَذَّبَتْ قَوْمُ تا الْبٰقِيْنَ |
| ۲۰ | العنکبوت | ۱۴-۱۵ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا لِّلْعٰلَمِيْنَ |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۷۵ تا ۸۳ | وَلَقَدْ نَادٰىنَا تا لَاِبْرٰهِيْمَ |
| ۲۷ | الذّٰريٰت | ۴۶ | وَقَوْمَ نُوْحٍ تا فٰسِقِيْنَ ○ |
| ۲۷ | النجم | ۵۲ | وَقَوْمَ نُوْحٍ تا اَطْغٰى ○ |
| 〃 | القمر | ۹ تا ۱۴ | كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ تا كُفِرَ ○ |
| 〃 | الحديد | ۲۶ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا فٰسِقُوْنَ ○ |
| ۲۸ | التحریم | ۱۰ | امْرَاَتَ نُوْحٍ تا الدّٰخِلِيْنَ ○ |
| ۲۹ | الحاقة | ۱۱ | اِنَّا لَمَّا تا الْجَارِيَةِ ○ |
| 〃 | نوح | ۱ تا ۲۸ | اِنَّا اَرْسَلْنَا تا تَبَارًا ○ |

## حضرت ہود علیہ السلام اور ان کی قوم عاد

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۸ | الاعراف | ۶۵ تا ۷۲ | وَاِلٰى عَادٍ تا مُؤْمِنِيْنَ ○ |
| ۱۲ | هود | ۵۰ | وَاِلٰى عَادٍ تا هُوْدًا |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۹ تا ۱۷ | اَلَمْ يَاْتِكُمْ تا عَذَابٌ غَلِيْظٌ ○ |
| ۱۹ | الفرقان | ۳۸-۳۹ | وَعَادًا تا تَتْبِيْرًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ۱۲۳ تا ۱۳۹ | كَذَّبَتْ عَادٌ تا فَاَهْلَكْنٰهُمْ |
| ۲۰ | العنکبوت | ۳۸ | وَعَادًا تا مُسْتَبْصِرِيْنَ ○ |
| ۲۴ | حٰمٓ السجدة | ۱۳ تا ۱۶ | صٰعِقَةِ عَادٍ تا يُنْصَرُوْنَ ○ |
| ۲۶ | الاحقاف | ۲۱، ۲۶ | وَاذْكُرْ تا يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ |
| ۲۷ | الذّٰريٰت | ۴۱-۴۲ | وَفِيْ عَادٍ تا كَالرَّمِيْمِ ○ |
| 〃 | النجم | ۵۰ | وَاَنَّهٗ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ○ |
| 〃 | القمر | ۱۸ تا ۲۰ | كَذَّبَتْ عَادٌ تا مُّنْقَعِرٍ ○ |
| ۲۹ | الحاقة | ۴، ۸ | كَذَّبَتْ تا بَاقِيَةٍ ○ |
| ۳۰ | الفجر | ۶، ۱۳ | اَلَمْ تَرَ تا سَوْطَ عَذَابٍ ○ |

## حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم ثمود کا ذکر

| پارہ | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۸ | الاعراف | ۷۳ تا ۷۹ | وَاِلٰى ثَمُوْدَ تا النّٰصِحِيْنَ ○ |
| ۱۲ | هود | ۶۱، ۶۸ | وَاِلٰى ثَمُوْدَ تا لِّثَمُوْدَ ○ |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۹، ۱۷ | اَلَمْ يَاْتِكُمْ تا عَذَابٌ غَلِيْظٌ ○ |
| ۱۴ | الحجر | ۸۰ تا ۸۴ | وَلَقَدْ كَذَّبَ تا يَكْسِبُوْنَ ○ |
| ۱۹ | الفرقان | ۳۸-۳۹ | وَثَمُوْدَ تا تَتْبِيْرًا ○ |
| 〃 | الشعراء | ۱۴۱ تا ۱۵۸ | كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ تا الْعَذَابُ |
| 〃 | النمل | ۴۵ تا ۵۸ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ○ |
| ۲۰ | العنکبوت | ۳۸ | وَثَمُوْدَا تا مُّسْتَبْصِرِيْنَ ○ |

Downloaded from ... marifat.org

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۴ | حٰمٓ السجدة | ۱۳-۱۴ | وَاَمَّا ثَمُوْدُ تا كَافِرُوْنَ ۝ |
| ″ | ″ | ۱۷-۱۸ | وَاَمَّا ثَمُوْدُ تا يَتَّقُوْنَ ۝ |
| ۲۷ | الذّٰرِيٰت | ۴۳-۴۵ | وَفِيْ ثَمُوْدَ تا مُنْتَصِرِيْنَ ۝ |
| ″ | النجم | ۵۱ | وَثَمُوْدَاْ فَمَآ اَبْقٰى ۝ |
| ″ | القمر | ۲۳ تا ۳۱ | كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ تا الْمُحْتَظِرِ ۝ |
| ۲۹ | الحآقّة | ۴-۵ | كَذَّبَتْ تا بِالطَّاغِيَةِ ۝ |
| ۳۰ | الفجر | ۹ تا ۱۳ | وَثَمُوْدَ تا سَوْطَ عَذَابٍ ۝ |
| ″ | الشمس | ۱۱، ۱۵ | كَذَّبَتْ تا عُقْبٰهَا ۝ |

## حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا قصہ

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۱۲۴ تا ۱۲۸ | وَاِذِ ابْتَلٰٓى تا اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ |
| ″ | ″ | ۱۳۰ تا ۱۳۶ | عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ تا اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ |
| ۳ | ″ | ۲۵۸ | اَلَمْ تَرَ تا كَفَرَ |
| ″ | ″ | ۲۶۰ | وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ تا حَكِيْمٌ ۝ |
| ″ | اٰل عمران | ۶۵ تا ۶۷ | فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ تا الْمُشْرِكِيْنَ ۝ |
| ۵ | النسآء | ۱۲۵ | وَاتَّخَذَ اللّٰهُ تا خَلِيْلًا ۝ |
| ۷ | الانعام | ۷۴ تا ۹۰ | وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ تا هَدَى اللّٰهُ |
| ۱۱ | التوبة | ۱۱۴ | وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ تا حَلِيْمٌ ۝ |
| ۱۲ | هود | ۶۹ تا ۷۶ | وَلَقَدْ جَآءَتْ تا مَرْدُوْدٍ ۝ |
| ″ | يوسف | ۶ | كَمَآ اَتَمَّهَا تا اِبْرٰهِيْمَ ۝ |
| ۱۳ | ابرٰهيم | ۳۵ تا ۴۱ | وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ تا الْحِسَابُ ۝ |
| ۱۴ | الحجر | ۵۱، ۶۰ | عَنْ ضَيْفِ تا الْغٰبِرِيْنَ ۝ |
| ″ | النحل | ۱۲۰، ۱۲۳ | اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ تا الْمُشْرِكِيْنَ ۝ |
| ۱۶ | مريم | ۴۱، ۴۹ | وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ تا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ |
| ۱۷ | الانبيآء | ۵۱، ۷۳ | وَلَقَدْ اٰتَيْنَا تا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ |
| ″ | الحج | ۲۶-۲۷ | وَاِذْ بَوَّاْنَا تا عَمِيْقٍ ۝ |
| ۱۹ | الشعرآء | ۶۹ تا ۸۷ | نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ تا يُبْعَثُوْنَ ۝ |
| ۲۰ | العنكبوت | ۱۶، ۲۷ | وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ تا لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ |
| ″ | ″ | ۳۱-۳۲ | وَلَمَّا جَآءَتْ تا الْغٰبِرِيْنَ ۝ |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۸۳ تا ۱۰۶ | لَاِبْرٰهِيْمَ تا الْمُبِيْنُ ۝ |
| ″ | صٓ | ۴۵، ۴۷ | عِبٰدَنَا تا الْاَخْيَارِ ۝ |

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | الزخرف | ۲۶ تا ۲۸ | وَاِذْ قَالَ تا يَرْجِعُوْنَ ۝ |
| ۲۶ | الذّٰرِيٰت | ۲۴، ۳۲ | هَلْ اَتٰىكَ تا مُّجْرِمِيْنَ ۝ |
| ۲۷ | الحديد | ۲۶ | وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا تا فٰسِقُوْنَ ۝ |
| ۲۸ | الممتحنة | ۴ | اِبْرٰهِيْمَ تا شَيْءٍ |

## حضرت لُوط علیہ السّلام کا قصہ

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۷ | الانعام | ۸۶ تا ۹۰ | وَلُوْطًا تا هَدَى اللّٰهُ |
| ۸ | الاعراف | ۸۰، ۸۴ | وَلُوْطًا تا الْمُجْرِمِيْنَ ۝ |
| ۱۲ | هود | ۷۴، ۸۳ | فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ تا عِنْدَ رَبِّكَ |
| ۱۴ | الحجر | ۵۸، ۷۷ | قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَا تا لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ |
| ۱۷ | الانبيآء | ۷۴-۷۵ | وَلُوْطًا تا الصّٰلِحِيْنَ ۝ |
| ۱۹ | الشعرآء | ۱۶۰ تا ۱۷۴ | كَذَّبَتْ قَوْمُ تا الْمُنْذَرِيْنَ ۝ |
| ″ | النمل | ۵۴، ۵۸ | وَلُوْطًا تا الْمُنْذَرِيْنَ ۝ |
| ۲۰ | العنكبوت | ۲۸، ۳۰ | وَلُوْطًا تا الْمُفْسِدِيْنَ ۝ |
| ″ | ″ | ۳۳، ۳۵ | وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ تا يَعْقِلُوْنَ ۝ |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۱۳۳ تا ۱۳۸ | وَاِنَّ لُوْطًا تا تَعْقِلُوْنَ ۝ |
| ۲۷ | الذّٰرِيٰت | ۳۲ تا ۳۷ | قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ تا الْاَلِيْمَ ۝ |
| ″ | القمر | ۳۳، ۳۸ | كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ تا مُّسْتَقِرٌّ ۝ |
| ۲۸ | التحريم | ۱۰ | وَامْرَاَتَ لُوْطٍ تا الدّٰخِلِيْنَ ۝ |

## حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام کا قصہ

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۱۲۵ تا ۱۲۹ | وَعَهِدْنَآ تا الْحَكِيْمُ ۝ |
| ″ | ″ | ۱۳۳ | نَعْبُدُ تا اِسْمٰعِيْلَ |
| ۷ | الانعام | ۸۶ تا ۹۰ | وَاِسْمٰعِيْلَ تا هَدَى اللّٰهُ |
| ۱۶ | مريم | ۵۴-۵۵ | وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ تا مَرْضِيًّا ۝ |
| ۱۷ | الانبيآء | ۸۵ | وَاِسْمٰعِيْلَ تا الصّٰبِرِيْنَ ۝ |
| ۲۳ | الصّٰفّٰت | ۱۰۱ تا ۱۰۷ | بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ تا بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝ |
| ″ | صٓ | ۴۸ | وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ تا الْاَخْيَارِ ۝ |

## حضرت اسحاق علیہ السّلام کا قصہ

| پاره | سورت | نمبر آیت | آیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | البقرة | ۱۳۳ | نَعْبُدُ تا وَاِسْحٰقَ |

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد سورۂ فاتحہ کے نام اور ان کے وجوہ۔ پہلا نام فاتحۃ الکتاب ہے۔ کیونکہ قرآن حکیم کا افتتاح و شروع اسی سے ہوتا ہے۔ دوسرا نام سورۃ الحمد ہے کیونکہ اسی سے شروع کی جاتی ہے۔ تیسرا نام ام القرآن یا ام الکتاب ہے۔ ام ہر چیز کی اصل کو کہتے ہیں اس سورۃ کے مضامین قرآن حکیم کے سارے مضامین کی اصل اور جڑ ہیں۔ یہ مضامین بمنزلہ بیج کے ہیں اور سارے قرآن حکیم کے مضامین بمنزلہ درخت کے ہیں۔ سورۂ فاتحہ میں قرآن حکیم کے مضامین کا ایک اجمالی خاکہ موجود ہے جس کی تفصیل سارا قرآن مجید ہے۔ چوتھا نام السبع المثانی ہے یعنی سات آیتیں دہرائی ہوئیں کیونکہ اس سورۃ کو ہر نماز اور ہر رکعت میں دہرایا جاتا ہے۔ پانچواں نام وافیہ ہے۔

**خلاصہ:** یہ سورۃ سارے قرآن حکیم کے مضامین کا اجمالی نقشہ ہے۔
**ماخذ:** توحید آیت ۱، ۲، قیامت آیت ۳، رسالت وغیرہ آیت ۶، برگزیدہ لوگوں کا آیت ۷ ، مردود لوگوں آیت ۷۔

وافیہ کے معنی پوری ہونے والی کیونکہ ہر رکعت میں یہ پوری پڑھی جاتی ہے۔ چھٹا نام کافیہ ہے کیونکہ قرآن حکیم کے سارے مضامین پر اجمالی طور پر کافی ہونے والی ہے۔ ساتواں نام سورۃ الکنز ہے کنز کے معنی خزانہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ سورۂ فاتحہ میرے عرش کے خزانوں سے ایک خزانہ ہے۔ آٹھواں نام سورۃ الشفاء ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ فاتحۃ الکتاب میں ہر بیماری کا علاج ہے۔ نواں نام سورۃ الاساس ہے۔ اساس کے معنی بنیاد اور یہ سورۃ سارے قرآن حکیم کی بنیاد ہے۔ ... خلاصہ مضامین سورۂ فاتحہ۔ اور سارے قرآن حکیم کے مضامین کا اجمالی نقشہ ہے۔ عقاید اسلامی کے اصل الاصول تین عقیدے ہیں۔ توحید یعنی اللہ تعالیٰ کو ذات و صفات میں وحدہ لاشریک لہ ماننا۔ رسالت سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سچا رسول جاننا اور قیامت کا قائل ہونا۔ ... آپ کی مبارک زندگی ... اس لئے تھا ...



آیاتہا (۷)　سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ (۱)　رکوعہا (۱)

آیتیں ۷　سورۂ فاتحہ مکہ میں نازل ہوئی　رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ (۱) الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے　بڑا مہربان

الرَّحِيْمِ ۙ (۲) مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ (۳)

نہایت رحم والا　جزا کے دن کا مالک

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ (۴)

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ (۵) صِرَاطَ

ہمیں سیدھا راستہ دکھا　ان لوگوں

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ (۵) غَيْرِ

کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا　نہ

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ (۷) ع

جن پر تیرا غضب نازل ہوا　اور نہ وہ گمراہ ہوئے

منزل ۱

Downloaded From　https://bit.ly/QuranAziz24

(بقیہ صفحہ) ... کرحمت ... اس آیت میں قول الغانسان ... تو مطلعین نظر آتا ہے

کو دیکھا گیا ہے کہ انسان ظہور ربوبیت کے ایک ادنیٰ سے نمونے کے ساتھ جب تعلیل اتنا متحمل ہے تو تمیس وسیع ربوبیت کے ساتھ بطریق اولیٰ متحمل ہونا چاہیے جو ایسے جہان کا حقیقی مربی ہے بالخصوص مجازی نظر سے بالاتر ہو کر نعمت کے لیے حقیقی مربی کا شکر بجا لانا چاہیے (۲) صفت ربوبیت تین طرح ہے جن کے ساتھ ہر انسان کا تعلق ہے باپ، ماں اور بادشاہ

**خلاصہ سورۂ بقرہ**

رکوع ۱ تا ۱۰ مناظرہ با یہود، رکوع ۹ تہذیب اخلاق رکوع ۲۰ تا ۳۰ تدبیر منزل رکوع ۳۰ تا ۳۵ سیاست مدنیہ، وسعت ملک گیری وملک داری رکوع ۳۶ تا ۴۰ مخالفات کبریٰ۔

پدری اور مادری رحمت میں فرق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ بیٹا صاحب فضل و کمال ہو جائے خواہ کتنی ہی محنت کر

**خلاصہ رکوع ۱**

یہود کو دعوت الی الکتاب و اوصاف متقین۔

تعداد آیت ۳۴۳۲

مشقت اٹھانے مصیبتیں جھیلے مگر اس قابل ہو جائے کہ دنیا کی زندگی بچے معزز طور پر عزت سے بسر کر سکے اسی جذبہ کے ماتحت بعض اوقات باپ بچے کو استاد کے سپرد کر دیتا ہے کہ اس کی ہڈیاں ہماری اور گوشت تمہارا۔ ماں کا دل یہ چاہتا ہے کہ بچے کو کھانا خوب نصیب ہو اس کا لباس قیمتی ہو کپڑے ستھرے ہوں میٹھی نیند سوئے مار تو بجائے خود کوئی اسے گھور کر بھی نہ دیکھے۔ اگر استاد کبھی بچے کو تنبیہ کرے تو ماں لڑتی ہے بددعائیں دیتی ہے۔ رحمن اللہ تعالیٰ کی وہ صفت ہے جو باپ کی سی رحمت عمومی کا منبع ہے بلکہ باپ تو فقط اولاد کی دنیاوی سرفرازی کا متمنی تھا اور اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے

| رکوعاتھا ۴۰ | ۸۷ | سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۲ | ایاتھا ۲۸۶ |
| --- | --- | --- | --- | --- |

آیتیں ۲۸۶ سورۃ بقرہ مدنی ہے رکوع ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ

یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی بھی شک نہیں

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے جو بن دیکھے ایمان

بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے

يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو اتارا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ

آپ پر اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا اور آخرت پر بھی

هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ ﴿۴﴾ اُولٰۗىِٕكَ عَلٰي هُدًى

وہ یقین رکھتے ہیں وہی لوگ اپنے رب کے

مِّنْ رَّبِّهِمْ ۤ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

راستہ پر ہیں اور وہی نجات پانے والے ہیں

منزل ۱

کہ انسان ایسے کمالات اپنے اندر پیدا کرے جن سے غیر متناہی زمانہ تک ... معزز رہے ... اور رحیم وہ صفت ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنی سعادت کے باعث ایسا ہو جائے کہ دنیا میں آرام کی زندگی بسر کرے بلکہ ہمیشہ کے لئے مستحق آرام ہو جائے۔ گویا صفت رحیم والدہ کی رحمت کا غیر متناہی منبع ہے۔ (۳) جیسے ہر انسان اپنے منفع پانے اور شر سے اپنے آپ کو بچانے کے لئے والدین کا (باقی بر صفحہ ۴)

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

(بقیہ صفحہ ۳ کا مطلب جب حاکم کرتا ہے لیکن جب بڑا ہو جائے اور کاروبار کا سلسلہ چلائے تو پھر اپنے حقوق کی نگہداشت کے لئے جس مظہر ربوبیت کی طرف رجوع کرتا ہے۔ وہ بادشاہ عادل ہے۔ اگر اس کی کوئی حق تلفی کرے تو بادشاہ کا



إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ
بے شک جو لوگ انکار کر چکے ہیں برابر ہے انہیں تو ڈرائے یا نہ
تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ
ڈرائے وہ ایمان نہیں لائیں گے اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر
وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ
مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے
وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن
اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے اور کچھ ایسے بھی لوگ ہیں جو
يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم
کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے حالانکہ وہ
بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا
ایماندار نہیں ہیں اللہ اور ایمانداروں کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ
وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٩﴾
وہ اپنے آپ ہی کو دھوکا دے رہے ہیں اور نہیں سمجھتے
فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
ان کے دلوں میں بیماری ہے پھر اللہ نے ان کی بیماری بڑھا دی اور ان کے لئے دردناک
أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿١٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ
عذاب ہے اس لئے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے اور جب انہیں کہا جاتا ہے
لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ﴿١١﴾
کہ ملک میں فساد نہ ڈالو تو کہتے ہیں کہ ہم ہی تو اصلاح کرنے والے ہیں
أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ﴿١٢﴾
خبردار بیشک وہی لوگ فسادی ہیں لیکن نہیں سمجھتے

منزل ۱

دروازہ کھٹکھٹاتا ہے (۴) جب ایک شخص مزاج انسان ان مذکورہ بالا مظاہر ربوبیت کی قدردانی اور عزت افزائی اپنا فرض منصبی خیال کرتا ہے تو ان کے منبع اصلی خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک کی اطاعت بطریق اولیٰ فرض ہوگی بلکہ حقیقت میں مستحق شکر فقط وہی ہوگا اس آیت میں اسی کا اعلان ہے اور جب زمین و آسمان کے چلانے والے مولیٰ حقیقی بغیر واسطے انسان کا براہ راست تعلق ہے تو دوسرے کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی بجائے کیوں نہ اسی سے مدد کی درخواست کی جائے (۵) جب انسان نے خدا تعالیٰ کی غلامی کا حلقہ اپنے گلے میں ڈال لیا تو اسے ہر وقت ہر کام میں

**خلاصہ رکوع ۲**
اغراض المنافقین وافعالہم۔
ماخذ آیت ۹-۱۰-۱۲-۱۳-۱۴-۱۶-۱۹

اپنے آقا سے احکام لینے کی ضرورت ہوگی جب مجازی غلام پر مجازی آقا کا یہ حق ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر ایک پیسے کی خرید و فروخت نہیں کر سکتا، اس کی اجازت کے سوا جا آ نہیں سکتا تو حقیقی غلام پر حقیقی آقا کے تو اور زیادہ مستحکم حقوق ہوں گے اس لئے درخواست کی گئی ہے کہ مجھے اپنی غلامی کا حق ادا کرنے کے لئے احکام عطا فرما (۶) الذین انعمت علیہم کی تفسیر دوسری جگہ قرآن حکیم میں موجود ہے۔ ومن یطع اللہ والرسول فاولٰئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولٰئک رفیقا ترجمہ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کریں گے وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے اور وہ انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین ہیں اور یہ لوگ بہتر رفیق ہیں۔ ایک خدا پرست ان حضرات کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق چاہتا ہے اور انہی کا مسلک صراط مستقیم ہے (۷) ازراہ دعا گاہ الٰہی کے مسلک سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے استدعا کرتے ہیں مغضوب علیہم سے مراد یہود اور ضالین سے مراد نصاریٰ ہیں۔ واللہ اعلم بمرادہ (دوسرا رکوع) حاشیہ صفحہ ۴۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (۱) الحروف المقطعة قرآن حکیم میں انتیس سورتیں ایسی ہیں جن کی ابتدا حروف مقطعات سے ہوتی ہے۔ کل حروف

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

(بقیہ صفحہ ۴) کے آخیر میں تمام حروف تہجی کے معانی بیان فرمائے ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت شاہ صاحب نے فوز الکبیر فی اصول التفسیر کے آخیر میں بھی حروف مقطعات کے متعلق بقدر ضرورت ارقام فرمایا ہے اور شیخ صدرالدین قونوی نے انہی حروف کے معانی بیان کرنے میں دو رسالے لکھے ہیں۔ قدمائے مفسرین سے مقطعات کی تحقیق میں سوا قوال منقول ہیں جن کی تفصیل کا بیان موقع نہیں ہے حاصل یہ ہے کہ حروف مقطعات کے معانی اس تفصیل کا اجمال ہوتے ہیں جو آئندہ سورۃ میں آتی ہے جس طرح کہ کتاب کا نام وہ رکھا جاتا ہے جس کے سنتے ہی سے سامع کے ذہن میں کل کے مضامین کا خاکہ آجائے۔

**ربط آیات سورۃ البقرہ**

(۳) اس کتاب کو دعوت الی الکتاب (الفرقان ۳۰) ان متقین کے اوصاف جو تعلیم قرآن سے تیار ہوئے ہیں (۴) فقط عرب ہی نہیں بلکہ اہل کتاب بھی اس دور قرآن پر ایمان لائے ہیں جب تمام تورات بھی اس پر ایمان لاچکے تو تمہیں کیا اعتراض ہے (۵) ان اوصاف سابقہ والے حضرات منتذی ہیں اور یہی دنیا اور آخرت دونوں سے نجات پائیں گے۔ حاشیہ صفحہ ۴۰/۶- ۷ بشامت اعمال سے فطرت انسانی کو مسخ کرنے والی ہستیاں قرآن سے ہرگز متاثر نہیں ہو سکتیں (۸) وہ منافق جن کے ظاہر پر قرآن کا پھیکا رنگ چڑھا اور دل میں اس تعلیم کے دشمن ہیں (۹) کسی جماعت کو دھوکا دینا اس کے مقتدائے اعظم کو دھوکا دینے کا مرادف ہے۔ لہٰذا یہ منافق ظاہر داری سے اپنے زعم میں اللہ تعالیٰ اور مسلمانوں کو دھوکا دے رہے ہیں (۱۰) ان کے دلوں میں عناد بالاسلام کا مرض ہے (۱۱-۱۲) ان کے دلوں میں دوسرا مرض فساد فی الارض کا ہے یعنی کفر کو اسلام کے مساوی رکھنا چاہتے ہیں تاکہ باغی اور وفادار برابر کے حقوق پائیں یہی ان کے خیال میں اصلاح ہے حالانکہ حقیقۃً



وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

اور جب انہیں کہا جاتا ہے ایمان لاؤ جس طرح اور لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کیا ہم ایمان

كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

لائیں جس طرح بے وقوف ایمان لائے ہیں خبردار وہی بے وقوف ہیں لیکن

لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ښ وَ

نہیں جانتے اور جب ایمان داروں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور

اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تو تمہارے ساتھ ہیں ہم تو صرف

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ

ہنسی کرنے والے ہیں اللہ ان سے ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت دیتا ہے

فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

کہ وہ اپنی گمراہی میں حیران رہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَ

کے بدلے گمراہی خریدی سو ان کی تجارت نے نفع نہ دیا اور

مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى

ہدایت پانے والے نہ ہوئے ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ

آگ جلائی پھر جب آگ نے اس کے آس پاس کو روشن کر دیا تو اللہ نے ان

بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ

کی روشنی بجھا دی اور انہیں اندھیروں میں چھوڑا کہ کچھ نہیں دیکھتے بہرے

بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ

گونگے اندھے ہیں سو وہ نہیں لوٹیں گے یا جیسا کہ آسمان سے بارش

منزل ۱

فساد فی الارض ہے۔ حاشیہ صفحہ ہذا (۱۳) ظاہر اور باطن میں اصلاح کی حمایت کرنے کو سفاہت (بیوقوفی) خیال کرتے ہیں (۱۴) منافق دو روپے ہیں مسلمانوں میں مسلمان بنتے ہیں اور لوٹتے اسلام کو (باقی برصفحہ ۹)




Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السَّمَآءِ فِيهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ

ہو جس میں اندھیرے اور گرج اور بجلی ہو اپنی انگلیاں اپنے

فِيٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۗ وَاللّٰهُ مُحِيطٌ ۢ

کانوں میں کڑک کے سبب سے موت کے ڈر سے دیتے ہوں اور اللہ کافروں کو

بِالْكٰفِرِينَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ۖ كُلَّمَآ

گھیرے ہوئے ہے قریب ہے کہ بجلی ان کی آنکھیں اُچک لے جب ان

أَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيهِ ۙ وَإِذَآ أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ

پر چمکتی ہے تو اس کی روشنی میں چلتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا ہوتا ہے تو ٹھہر جاتے ہیں اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

اللہ چاہے تو ان کے کان اور آنکھیں لے جائے بے شک اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي

چیز پر قادر ہے اے لوگو اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٢١﴾

تمہیں پیدا کیا اور انہیں جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّأَنْزَلَ

جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا

سے پانی اتارا پھر اس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل نکالے سو کسی

تَجْعَلُوا لِلّٰهِ أَنْدَادًا وَّأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٢٢﴾ وَإِنْ كُنْتُمْ فِي

کو اللہ کا شریک نہ بناؤ حالانکہ تم جانتے بھی ہو اور اگر تمہیں اس چیز میں

رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّنْ مِّثْلِهِ ۪

شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے تو ایک سورت اس جیسی لے آؤ

ع ٣ / ٢

قبیہ صفحہ ۵ میں ان کے بیچ خود اور
ہم مشرب کہلاتے ہیں ۱۵ ان
پر عذاب بصورت استہزاء ہوگا۔
افضل انہیں مہلت ملی ہوئی ہے
۱۶ سرور کائنات صلی اللہ علیہ و
سلم خداوادی واقعی کے دربار میں
ان کا حصہ دراصل ہدایت تھی۔
لیکن شامت اعمال کے باعث
بجائے ہدایت کے انہوں نے
گمراہی پائی ۱۷ اول صدق دل
سے ایمان لائے۔ نور ایمان چمکا
پھر شامت اعمال کے باعث بجھ
گیا ۱۸ ایسا بجھا کہ دوبارہ اس
کا روشن ہونا محال ہوگیا یہ لوگ
ناقابل اصلاح ہو چکے ہیں ۱۰
ربط آیات صفحہ ہذا ۱۹
پہلے نمبر کے منافقین تو ناقابل اصلاح
تھے۔ اب دوسرے نمبر کے
منافقین کا تذکرہ ہے جن کی حالت
قابل اصلاح ہے ۲۰ ان

**خلاصہ رکوع ٣**
تذکیر بآلاء اللہ سے منافقین نمبر ۲
کی اصلاح کا قانون۔
ماخذ آیت ۲۱-۲۲۔

کی حس سمع و بصر فنا نہیں ہوئی۔
ان پر نور کی جھلک پڑ جائے تو راہ
دیکھ کر چل سکتے ہیں ۲۱ اگرچہ
خطاب عام ہے لیکن ربط آیات
کے لحاظ سے دوسرے نمبر کے
منافقین کی اصلاح پیش نظر ہے
اور اس آیت میں تذکیر بآلاء اللہ
ہے ۲۲ تذکیر بآلاء اللہ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السَّمَآءِ فِيهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُونَ اَصَابِعَهُمْ

ہو جس میں اندھیرے اور گرج اور بجلی ہو اپنی انگلیاں اپنے

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ

کانوں میں کڑک کے سبب سے موت کے ڈر سے دیتے ہوں اور اللہ کافروں کو

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ

گھیرے ہوئے ہے قریب ہے کہ بجلی ان کی آنکھیں اُچک لے جب ان

اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ

پر چمکتی ہے تو اس کی روشنی میں چلتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا ہوتا ہے تو ٹھہر جاتے ہیں اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

اللہ چاہے تو ان کے کان اور آنکھیں لے جائے بے شک اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ

چیز پر قادر ہے اے لوگو اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٢١﴾

تمہیں پیدا کیا اور انہیں جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۠ وَّاَنْزَلَ

جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا

سے پانی اُتارا پھر اس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل نکالے سو کسی

تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ

کو اللہ کا شریک نہ بناؤ حالانکہ تم جانتے بھی ہو اور اگر تمہیں اس چیز میں

رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠

شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے تو ایک سورت اس جیسی لے آؤ

ع ٢ ٣

(بقیہ صفحہ ۵) میں ان کے بھی خواہ اور ہم مشرب کہلاتے ہیں (۱۵) ان کو عذاب بصورت استہزاء ہوگا۔ (یفصل انہیں مہلت ملی ہوئی ہے (۱۶) سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فداہ ابی وامی کے دربار میں ان کا حصہ دراصل ہدایت تھی۔ لیکن شامت اعمال کے باعث بجائے ہدایت کے انہوں نے گمراہی پائی (۱۷) اول صدق دل سے ایمان لائے۔ نور ایمان چمکا پھر شامت اعمال کے باعث بجھ گیا (۱۸) ایسا بجھا کہ دوبارہ اس کا روشن ہونا محال ہوگیا۔ یہ لوگ ناقابل اصلاح ہو چکے ہیں (۱۹) ربط آیات صفحہ ہذا (۱۹) پہلے نمبر کے منافقین تو ناقابل اصلاح تھے۔ اب دوسرے نمبر کے منافقین کا تذکرہ ہے جن کی حالت قابل اصلاح ہے (۲۰) ان

**خلاصہ رکوع ۳**

تذکیر بآلاء اللہ سے منافقین نمبر ۲ کی اصلاح کا قانون۔

ماخذ آیت ۲۱-۲۲۔

کی حس سمع و بصر فنا نہیں ہوئی۔ ان پر نور کی جھلک پڑ جاتی ہے تو راہ دیکھ کر چل سکتے ہیں (۲۱) اگرچہ خطاب عام ہے لیکن ربط آیات کے لحاظ سے دوسرے نمبر کے منافقین کی اصلاح پیش نظر ہے اور اس آیت میں تذکیر بآلاء اللہ ہے (۲۲) تذکیر بآلاء اللہ ہ



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
اور اللہ کے سوا جس قدر تمہارے حمایتی ہوں بُلا لو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ
سچے ہو بھلا اگر ایسا نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے

الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾
بچو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ
اور ان لوگوں کو خوشخبری دے جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ ان کے لئے باغ ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ
ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں جب انہیں وہاں کا کوئی پھل کھانے کو

رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ
ملے گا تو کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہمیں اس سے پہلے ملا تھا اور انہیں ہم شکل

مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ڎ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥﴾
پھل دیئے جائینگے اور ان کیلئے وہاں پاکیزہ عورتیں ہوں گی اور وہ وہیں ہمیشہ رہیں گے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً
بیشک اللہ نہیں شرماتا اس بات سے کہ کوئی مثال بیان کرے مچھر کی

فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ
یا اس چیز کی جو اس سے بڑھ کر ہے سو جو لوگ مومن ہیں وہ اسے اپنے رب کی طرف سے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ
صحیح جانتے ہیں اور جو کافر ہیں سو کہتے ہیں اللہ کا اس مثال

اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ
سے کیا مطلب ہے اللہ اس مثال سے بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو اس سے

## ربط آیات

(۲۳) اثر تذکیر بآلاء اللہ سے متاثر ہو کر اگر خدا تعالیٰ سے رابطہ جوڑنا چاہتے ہو تو اتباع قرآن کرو۔ اور اگر قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں شک ہو تو تم بھی اس جیسی کوئی سورت بنا کر لاؤ۔ (۲۴) اگر ساری قوت صرف کر کے بھی ایک چھوٹی سی سورت کا مقابلہ نہ کر سکو تو سمجھ لو کہ یہ انسانی طاقت سے نہیں بلکہ خدائی طاقت سے نازل ہوئی ہے۔ پھر اس کی مخالفت چھوڑ دو۔ تاکہ عذاب الٰہی سے بچ سکو۔ (۲۵) اتباع قرآن کرنے والوں کی جزائے خیر۔

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَثِيرًا ۙ وَمَا يُضِلُّ بِهِۦٓ إِلَّا ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿٢٦﴾ ٱلَّذِينَ يَنقُضُونَ
ہدایت کرتا ہے اور اس سے گمراہ تو بدکاروں ہی کو کیا کرتا ہے جو اللہ کے عہد کو پختہ کرنے

عَهْدَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مِيثَٰقِهِۦ وَيَقْطَعُونَ مَآ أَمَرَ ٱللَّهُ
کے بعد توڑتے ہیں اور جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم

بِهِۦٓ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ
دیا ہے اسے توڑتے ہیں اور ملک میں فساد کرتے ہیں وہی لوگ نقصان

ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿٢٧﴾ كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِٱللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَٰتًا
اٹھانے والے ہیں تم اللہ کا کیونکر انکار کرسکتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے

فَأَحْيَٰكُمْ ۖ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٨﴾
پھر تمہیں زندہ کیا پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے

هُوَ ٱلَّذِى خَلَقَ لَكُم مَّا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ ٱسْتَوَىٰٓ
اللہ وہ ہے جس نے جو کچھ زمین میں ہے سب تمہارے لئے پیدا کیا ہے پھر آسمان کی طرف

إِلَى ٱلسَّمَآءِ فَسَوَّىٰهُنَّ سَبْعَ سَمَٰوَٰتٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ﴿٢٩﴾ ۳ ع ۳
متوجہ ہوا تو انہیں سات آسمان بنایا اور وہ ہر چیز جانتا ہے

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَٰٓئِكَةِ إِنِّى جَاعِلٌ فِى ٱلْأَرْضِ
اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا میں زمین میں ایک نائب بنانے

خَلِيفَةً ۖ قَالُوٓا۟ أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ
والا ہوں فرشتوں نے کہا کیا تو زمین میں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو فساد پھیلائے اور

ٱلدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ قَالَ إِنِّىٓ
خون بہائے حالانکہ ہم تیری حمد کے ساتھ تسبیح بیان کرتے اور تیری پاکی بیان کرتے ہیں فرمایا میں جو کچھ

أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ ءَادَمَ ٱلْأَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ
جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے اور اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھائے پھر

## ربطِ آیات

(۲۶) عام فہم مثالوں سے مومنوں کے ایمان پختہ ہوتے ہیں اور پوشیدہ عداوت والوں کی عداوت ظاہر ہوجاتی ہے (۲۷) قرآن حکیم کی تعلیم سے وہ لوگ فائدہ نہیں اٹھا سکتے جن کی تینوں قوتیں (ایمانی، طبعی، عقلی) بیکار ہوچکی ہوں۔ (۲۸) قرآن حکیم سے اعراض کرکے خلاقِ قدوس سے تعلقات بگاڑ رہے ہو۔ حالانکہ تمہاری موت و حیات کی باگ بھی اسی کے قبضے میں ہے (۲۹) وہ تو تمہارا اتنا بڑا محسن ہے کہ اس نے زمین و آسمان کا نظام ہی تمہارے لئے بنایا ہے (۳۰) آدم علیہ السلام کی پیدائش کی اطلاع فرشتوں کو ملی تو انہوں نے اجزائے ترکیبی ارضی دیکھ کر اعتراض کیا کہ اس پتلے کے اندر حس و حرکت تو ہوگی لیکن مآل اندیش نہیں ہوگا۔ اس نے نفع عاجل کے لئے لڑ مرے گا۔ جواب ملا کہ میں ہی اس کی حکمتِ خصوصی کو سمجھتا ہوں۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۴ |
| ضرورت الہام۔ |
| ماخذ آیت ۳۰ |



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ
ان سب چیزوں کو فرشتوں کے سامنے پیش کیا پھر فرمایا مجھے ان کے نام بتاؤ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا
اگر تم سچے ہو انہوں نے کہا تو پاک ہے ہم تو اتنا ہی جانتے ہیں جتنا
مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ یٰٓاٰدَمُ
تو نے ہمیں بتایا ہے بیشک تو بڑے علم والا حکمت والا ہے فرمایا اے آدم
اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ
ان چیزوں کے نام بتا دو پھر جب آدم نے انہیں ان کے نام بتا دیئے فرمایا کیا میں
اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۙ وَ اَعْلَمُ
نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزیں جانتا ہوں اور جو تم
مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ
ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہوں اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا
اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰى وَ اسْتَكْبَرَ ۗ
کہ آدم کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس کہ اس نے انکار کیا اور تکبر کیا
وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۴﴾ وَ قُلْنَا یٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ
اور کافروں میں سے ہو گیا اور ہم نے کہا اے آدم تم اور تمہاری بیوی
زَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَ كُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا ۪ وَ لَا
جنت میں جا کر رہو اور اس میں سے جو چاہو اور جہاں سے چاہو کھاؤ اور اس
تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا
درخت کے نزدیک نہ جاؤ پھر ظالموں میں سے ہو جاؤ گے پھر شیطان نے
الشَّیْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِیْهِ ۪ وَ قُلْنَا
ان کو وہاں سے ڈگمگایا پھر انہیں اس عزت و راحت سے نکالا کہ جس میں تھے اور ہم نے کہا

### ربط آیات

(۳۱) فطری طور پر سکھائے نہ کہ بطریقہ تعلیم و تعلّم۔ واللہ اعلم۔
(۳۲) ہمارے علم سے یہ چیز باہر ہے (۳۳) آدم علیہ السلام نے استعداد اجمالی سے بتلا دیئے اور بالآخر ملائکہ پر خلقت آدم علیہ السلام کی حکمت کا انکشاف ہو گیا (۳۴) آدم علیہ السلام کو تحیۃً کا سجدہ کرایا گیا۔ ممکن ہے سارے فرشتے وہی ہوں جو آدم علیہ السلام کی خدمت پر مامور ہونے والے تھے اور آدم علیہ السلام کی امارت و اطاعت تسلیم کرانے کے لئے سجدہ کرایا گیا ہو۔ واللہ اعلم۔ (۳۵) دونوں حضرات قانونِ خلقت انسان کے خلاف پیدا کئے گئے ہیں لہٰذا قوی طبیعیہ اس قابل نہیں تھے کہ فوراً دنیا میں کام کر سکیں لہٰذا چند روز کے لئے جنت میں قیام کرایا گیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ
تم سب اُترو کہ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لئے زمین میں

مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ
ٹھکانا ہے اور سامان ایک وقت معین تک پھر آدم نے اپنے رب سے چند کلمات

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾
حاصل کئے پھر اس کی توبہ قبول فرمائی بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى
ہم نے کہا کہ تم سب یہاں سے نیچے اُتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے

فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾
پس جو میری ہدایت پر چلیں گے ان پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰۤئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
اور جو انکار کریں گے اور ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے وہی دوزخی ہوں گے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾ ع يٰبَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ
جو اس میں ہمیشہ رہیں گے اے بنی اسرائیل میرے احسان یاد کرو

الَّتِىْۤ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْۤ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ
جو میں نے تم پر کئے اور تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا

وَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَاۤ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا
اور مجھ ہی سے ڈرا کرو اور اس کتاب پر ایمان لاؤ جو میں نے نازل کی تصدیق کرتی ہے

مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْۤا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ
اس کی جو تمہارے پاس ہے اور تم ہی سب سے پہلے اس کے منکر نہ ہو اور میری آیتوں کو تھوڑی قیمت

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ
پر نہ بیچو اور مجھ ہی سے ڈرو اور سچ میں جھوٹ نہ

## ربط آیات

(۳۶) جس شجرہ سے روکا گیا تھا شیطان نے جھوٹی قسم کھا کر وہی کھلایا اور پھر دونوں بزرگوں کو معتوب بنا کر جنت سے نکلوایا

(۳۷) ایک عرصہ تک سرگرداں و پریشان رہنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے چند کلمات عطا فرمائے جن سے دوبارہ رضائے الٰہی کی نعمت نصیب ہوئی۔ جب آدم علیہ السلام کے تعلق باللہ کی درستی بغیر الہام کے نہیں ہوئی تو نسل آدم کے لئے یہ چیز بطریق اولیٰ ضروری ہوگی

(۳۸-۳۹) آدم علیہ السلام کو مع ان کی اولاد جو صلب میں ہے، کے اخراج کے وقت مطلع کیا گیا کہ آئندہ تمہیں عزت تب ملے گی جب میری نازل کردہ

ع ٤ / ٤

**خلاصہ رکوع ۵**

بنی اسرائیل من اللہ جماعت کی صورت کیونکر بیوہ بیکار ہو چکے ہیں۔

ماخذ آیت ۴۱۔۴۲۔۴۳

ہدایات کی قدر کروگے (۴۰۔۴۱) اہل کتاب کو تذکیر بالآلاء اللہ سے دعوت الی الکتاب دی گئی ہے۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٤٢﴾ وَأَقِيمُوا

ملاؤ اور جان بوجھ کر حق کو نہ چھپاؤ اور نماز

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِينَ ﴿٤٣﴾

قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ

کیا لوگوں کو تم نیکی کا حکم کرتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم

تَتْلُونَ الْكِتٰبَ ؕ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ

کتاب پڑھتے ہو پھر کیوں نہیں سمجھتے اور صبر کرنے اور نماز پڑھنے سے

وَالصَّلٰوةِ ؕ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَ ﴿٤٥﴾ الَّذِينَ

مدد لیا کرو اور بیشک نماز مشکل ہے مگر ان پر جو عاجزی کرنے والے ہیں جو یہ

يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُونَ ﴿٤٦﴾ ع

سمجھتے ہیں کہ انہیں ضرور اپنے رب سے ملنا ہے اور انہیں اس کے پاس لوٹ کر جانا ہے

يٰبَنِيْٓ إِسْرَآءِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ

اے بنی اسرائیل میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تمہیں دی تھیں

وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِينَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِي

اور میں نے تمہیں جہان پر فضیلت دی تھی اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی

نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا

شخص کسی کے کچھ بھی کام نہ آئے گا اور نہ ان کے لئے کوئی سفارش قبول ہوگی اور نہ

يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٤٨﴾ وَإِذْ نَجَّيْنٰكُمْ

اس کی طرف سے بدلہ لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی اور جب ہم نے تمہیں

مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ

فرعونیوں سے نجات دی وہ تمہیں بری طرح عذاب دیا کرتے تھے تمہارے بیٹوں

### ربط آیات

(۴۲) تلبیس حق بالباطل اور کتمان حق چھوڑ دو اور قرآن حکیم کے متبع بن جاؤ۔ (۴۳) اتباع قرآن حکیم کا عزم مصمم کر کے بدنی اور مالی قربانی شروع کر دو (۴۴) لوگوں کو نیکی کی رغبت دلاتے ہو اور خود نیکی پر عمل کرنے سے جی چراتے ہو ورنہ اتباع قرآن سے اور کون سی چیز مانع ہے (۴۵) اتباع قرآن میں مصائب کا خطرہ ہے تو صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے رفع تکلیف کی دعا کرو (۴۶) سابقہ آیت والا سلسلہ خدا پرستوں کے لئے کوئی مشکل نہیں ہے (۴۷) تذکیر بآلاء اللہ (۴۸) تذکیر بما بعد الموت۔ یعنی اس دن کو یاد کرو جس دن مجرم کی نجات کی چاروں راہیں بند ہوں گی یعنی ایک کے بدلے میں دوسرے کا گرفتار ہو جانا، سفارش یا بلا اجازت الٰہی سفارش کا ہونا، جرمانہ دے کر چھوٹ جانا۔ مددگاروں کا زبردستی سے مجرم کو چھڑا لینا۔

ع ٥

**خلاصہ رکوع ٦**

(۱) تذکیر بآلاء اللہ و بما بعد الموت سے یہود کو دعوت الی الکتاب (۲) اور ان کا بدوی اور قروی زندگی میں فیل (ناکام) ہونا۔

ماخذ (۱) آیت ۴۷ تا ۵۴۔ (۲) آیت ۵۷-۵۸۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ ۚ وَفِي ذَٰلِكُم بَلَآءٌ مِّن

کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے

رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ﴿٤٩﴾ وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَ

تمہاری بڑی آزمائش تھی اور جب ہم نے تمہارے لئے سمندر کو پھاڑ دیا پھر تمہیں تو بچا لیا

أَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ﴿٥٠﴾ وَإِذْ وَاعَدْنَا

اور تمہارے دیکھتے دیکھتے فرعونیوں کو ڈبو دیا اور جب ہم نے موسیٰ

مُوسَىٰ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ

سے چالیس رات کا وعدہ کیا پھر اس کے بعد تم نے بچھڑا بنا لیا

وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ

حالانکہ تم ظالم تھے پھر اس کے بعد بھی ہم نے تمہیں معاف کر دیا

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٥٢﴾ وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ

تاکہ تم شکر کرو اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب اور قانون فیصلہ دیا

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿٥٣﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ

تاکہ تم ہدایت پاؤ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم

إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَىٰ

بیشک تم نے بچھڑا بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا سو اپنے پیدا کرنے والے کے

بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ

آگے توبہ کرو پھر اپنے آپ کو قتل کرو تمہارے لئے تمہارے خالق کے نزدیک یہی بہتر ہے

فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿٥٤﴾ وَإِذْ قُلْتُمْ

پھر اس نے تمہاری توبہ قبول کر لی بیشک وہی بڑا توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے اور جب تم نے کہا

يَا مُوسَىٰ لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً

اے موسیٰ ہم ہرگز تیرا یقین نہیں کریں گے جب تک کہ رُوبرُو اللہ کو دیکھ نہ لیں



## ربطِ آیات

(۴۹) تمہیں تمہاری نشو ونما کے بدترین دشمن سے چھڑایا (۵۰) تمہیں ہلاکت کے مقام سے بچایا اور بدترین دشمن کی غرقابی کا منظر دکھایا (۵۱-۵۲) تمہاری دُنیا اور آخرت کی بھلائیوں کے لئے مُوسیٰ علیہ السلام کو طور پر خدا تعالیٰ سے قانون لینے کے لئے گئے تو تم نے سونے اور چاندی کا بچھڑا اوجنا شروع کر دیا اس جرم کو اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا۔ معافی کی صورت آگے آرہی ہے (۵۳) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے فرقان اور کتاب نازل کئے۔ فرقان قوت فارقہ بین الحق والباطل ہے اور وہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت سے پہلے نازل ہوتی ہے جس کو تشنگی طلب حق کہنا چاہیے۔ اگر فرقان طبائع میں نہ ہو تو کتاب بے کار نظر آئے۔ چنانچہ ارشاد واجب الاعتقاد نبوی اس پر شاہد ہے ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال فعلموا من الکتب و علموا من السنۃ ترجمہ: بیشک لوگوں کے سویدائے قلب میں امانت کا نزول ہوا۔ اس لئے انہوں نے کتاب وسنت کی تعلیم حاصل کی (۵۴) جتنے لوگوں نے گوسالہ پرستی کی تھی سب کے سب واجب القتل تھے لیکن چند افراد کو قتل کر کے باقی سے درگزر کیا۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت اور اس کا احسان تھا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ

تب تمہیں بجلی نے دیکھتے دیکھتے آ لیا پھر ہم نے تمہیں تمہاری

مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ

موت کے بعد زندہ کر اٹھایا تاکہ تم شکر کرو اور ہم نے تم پر ابر کا

الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ

سایہ کیا اور تم پر من اور سلوٰی اُتارا جو کچھ ہم نے تمہیں

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

پاکیزہ چیزیں عطا کی ہیں ان میں سے کھاؤ اور انہوں نے ہمارا کچھ نقصان نہ کیا بلکہ اپنا ہی نقصان

يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا

کرتے رہے اور جب ہم نے کہا اس شہر میں داخل ہو جاؤ پھر اس میں

مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ

جہاں سے چاہو بے تکلفی سے کھاؤ اور دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور

قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

کہتے جاؤ بخش دے تو ہم تمہارے قصور معاف کر دیں گے اور نیکی کرنے والوں کو زیادہ بھی دیں گے

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ

پھر ظالموں نے بدل ڈالا کلمہ سوائے اس کے جو انہیں کہا گیا تھا

فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا

سو ہم نے ان ظالموں پر ان کی نافرمانی کی وجہ سے آسمان سے عذاب

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

نازل کیا پھر جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

تو ہم نے کہا اپنے عصا کو پتھر پر مار سو اس سے بارہ چشمے

**ربطِ آیات**

(۵۵-۵۶) فرد جرم لگا کر سزا کے طور پر انہیں مار ڈالا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے اللہ نے انہیں زندہ کر دیا۔ (۵۷) یہود کا بدوی زندگی میں ناکام ہونا۔ جب بھی کوئی قوم ارتقائے قومی کے منازل طے کرتی ہے تو سب سے پہلے بدوی زندگی کا دور اس پر گزرتا ہے یعنی پُرتکلف طرز معاشرت سے سروکار نہیں ہوتا جنگل کے ساگ پات اناج پر گزر اوقات کرتی ہے۔ اور نہایت ہی سادہ قسم کی جھونپڑیاں بنا کر رہتی ہے۔ یہود نے جزیرہ نمائے سینا میں اس ابتدائی مرحلہ کو طے کیا۔ اس موقع پر بھی وہ عصیان امر الٰہی سے باز نہ آئے۔ وَمَا ظَلَمُوْنَا الآیہ اس پر شاہد ہے۔ (۵۸-۵۹) یہود کے ارتقائے طبعی کی منزل دوم یعنی قصبہ کی زندگی میں ناکام ہونا۔

ع ۶

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۷ |
| یہود کا مصری زندگی میں ناکام ہونا |
| ماخذ آیت ۶۱ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۖ

بہہ نکلے ہر قوم نے اپنا گھاٹ پہچان لیا

كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ

اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے کھاؤ پیو اور زمین میں فساد مچاتے

مُفْسِدِينَ ﴿٦٠﴾ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ

نہ پھرو اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ایک ہی طرح کے کھانے پر ہرگز

وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ

صبر نہ کریں گے سو ہمارے لئے اپنے رب سے دعا مانگ کہ وہ ہمارے لئے زمین کی پیداوار میں سے

مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ

ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز پیدا کر دے

قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ۚ

کہا کیا تم اس چیز کو لینا چاہتے ہو جو ادنیٰ ہے بدلہ اس کے جو بہتر ہے

اهْبِطُوا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُم مَّا سَأَلْتُمْ ۗ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

کسی شہر میں اترو بے شک جو تم مانگتے ہو تمہیں ملے گا اور ان پر ذلت اور

الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ ۗ ذَٰلِكَ

محتاجی ڈال دی گئی اور انہوں نے غضب الٰہی کمایا یہ اس

بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ

لئے کہ وہ اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ﴿٦١﴾ ع

کرتے تھے یہ اس لئے کہ نافرمان تھے اور حد سے بڑھ جاتے تھے

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَ

جو کوئی مسلمان اور یہودی اور نصرانی اور

### ربط آیات

(٦٠) یہود کا قریہ سے نکل کر دوبارہ جنگل میں آنا اور موسیٰ علیہ السلام کے معجزے سے پانی کا ملنا

(٦١) عالم مثال کی قوتوں سے پیدا شدہ پاکیزہ ترین لطیف غذا کی بجائے ردی اور کثیف غذا کا مطالبہ جو پہلی غذا سے بہت ہی کم درجہ رکھتی ہے۔ پھر شہری زندگی میں قدم رکھنا اور وہاں بھی ناکام رہنا۔ ذلت، مسکنت، غضب الٰہی۔ کفر بآیات اللہ، قتل الانبیاء، عصیان و عدوان۔ ان تینوں نمبروں میں سے جو چیز ذکر میں سب پر مقدم ہے وہ تحقق میں سب سے مؤخر ہے اور جو ذکر میں سب سے مؤخر ہے وہ تحقق میں سب پر مقدم ہے۔

**خلاصہ رکوع ٨**

یہود کے امراض: شقاوت۔ تولّی، حیلہ سازی۔ تعمق۔

ماخذ آیات ٦٣-٦٥-٦٦-٦٧



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ
صابئی اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور اچھے کام

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
بھی کرے تو ان کا اجر ان کے رب کے ہاں موجود ہے اور ان پر نہ کچھ خوف

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ
ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جب ہم نے تم سے عہد لیا

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ
اور تم پر کوہ طور بلند کیا جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوط پکڑو

وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ
اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد رکھو تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ پھر تم اس کے

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
بعد پھر گئے سو اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ
تو تم تباہ ہو جاتے اور بیشک تمہیں وہ لوگ بھی معلوم ہیں

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِى السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً
جنہوں نے تم میں سے ہفتہ کے دن زیادتی کی تھی پھر ہم نے ان سے کہا تم ذلیل بندر

خٰسِـِٕيْنَ ۚ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا
ہو جاؤ پھر ہم نے اس واقعہ کو اس زمانہ کے لوگوں کے لئے اور ان سے پچھلوں کے

خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى
لئے عبرت اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت بنا دیا اور جب موسیٰ نے اپنی قوم

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا
سے کہا کہ اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو انہوں نے کہا

**ربط آیات**

(۶۲) تمام علل و مذاہب کی نجات کا معیار (۶۳-۶۴) یہود کے مرض تولی کا ذکر۔ (۶۵-۶۶) یہود کے مرض حیلہ سازی کا ذکر۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ
کیا تو ہم سے ہنسی کرتا ہے کہا میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ جاہوں میں

الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ
سے ہوں انہوں نے کہا ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر ہمیں بتائے کہ وہ گائے کیسی ہے

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ
کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک ایسی گائے ہے نہ بوڑھی اور نہ بچہ

عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾ قَالُوا
اس کے درمیان ہے بس کر ڈالو جو تمہیں حکم دیا جاتا ہے انہوں نے کہا

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ
ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر ہمیں بتائے کہ اس کا رنگ کیسا ہے کہا وہ فرماتا ہے

اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾
کہ وہ ایک زرد گائے ہے اس کا رنگ خوب گہرا ہے دیکھنے والوں کو بھلی معلوم ہوتی ہے

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ
انہوں نے کہا ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر ہمیں بتائے کہ وہ کس قسم کی ہے کیونکہ وہ گائے

تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ
ہم پر مشتبہ ہو گئی ہے اور ہم اگر اللہ نے چاہا تو ضرور پتہ لگا لیں گے کہا

اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَ
وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک ایسی گائے ہے محنت کرنے والی نہیں جو زمین کو جوتتی ہو یا

لَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا
کھیتی کو پانی دیتی ہو بے عیب ہے اس میں کوئی داغ نہیں انہوں نے کہا

الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع
اب تو نے ٹھیک بات بتائی پھر انہوں نے اسے ذبح کر دیا اور وہ کرنے والے تو نہیں تھے

## ربط آیات

(۶۷ تا ۷۱) یہود کے مرضِ تحقق کا ذکر (۶۸ تا ۷۱): یہود کے مرضِ تحقق کا ذکر پہلے مضمون یہ آرہا ہے کہ یہود کی جماعت بیکار ہے۔ اس لئے نبی صلعم من اللہ جماعت کی ضرورت ہے اور وہ مسلمانوں کی جماعت ہے۔ امراضِ گذشتہ نے یہود کی نالائقی پر آخری مہر لگا دی۔ یہ جماعت ابتدا سے کج رو چلی آرہی تھی۔ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ اس کا عناد دائمی تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا
اور جب تم ایک شخص کو قتل کر کے اس میں جھگڑنے لگے اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا اس چیز

كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٧٢﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ
کو جسے تم چھپاتے تھے پھر ہم نے کہا اس مردہ پر اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو اسی طرح

يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٣﴾
اللہ مُردوں کو زندہ کرے گا اور تمہیں اپنی قدرت کی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم سمجھو

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ
پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے گویا کہ وہ پتھر ہیں

اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ
یا ان سے بھی زیادہ سخت اور بعض پتھر تو ایسے بھی ہیں جن سے نہریں پھوٹ کر

الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ
نکلتی ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں جو پھٹتے ہیں پھر ان سے پانی نکلتا ہے اور بعض

مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
ایسے بھی ہیں جو اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے کاموں سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ
بے خبر نہیں کیا تمہیں یہ امید ہے کہ یہود تمہارے کہنے پر ایمان لے آئیں گے حالانکہ ان

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ
میں ایک ایسا گروہ بھی گزرا ہے جو اللہ کا کلام سنتا تھا پھر اسے سمجھنے کے بعد

بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ
جان بوجھ کر بدل ڈالتا تھا اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں

اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا
جو ایمان لا چکے ہیں تو کہتے ہیں ہم بھی ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ ایک دوسرے کے پاس علیحدہ ہوتے ہیں تو کہتے ہیں



**خلاصہ رکوع ۹**

یہود مسلمانوں کے مساوی رہ کر بھی کام نہیں کر سکتے اور ان کی علمی کمزوریاں۔

ماخذ (۱) آیت ۷۵ - (۲) ۷۸ - ۷۹ ۞

## ربطِ آیات

(۷۲ - ۷۳) ابھی کے جس حکم کو تم بے معنی اور بے مصلحت سمجھتے تھے اسی میں مُردہ کو زندہ کرنے کی تاثیر ظاہر ہوتی لہٰذا آئندہ کسی حکم پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے بلکہ اسے حیاتِ قومی کا پیغام سمجھنا چاہیے۔ (۷۴) خدا تعالیٰ کی نعمتوں سے مالا مال ہو کر بھی تمہاری ایمانی قوتوں نے نشوونما نہ پائی اور اس قدر بے حسی اور مُردگی طاری ہوئی کہ پتھروں سے بھی زیادہ بیکار ہو گئے۔ (۷۵) دو جماعتوں کے مل کر کام کرنے کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔ مثلاً دو قومیں ا، ب ہیں۔ اوّل ا کو متبوع اور ب کو تابع مانا جائے۔ دوم ا اور ب مساوی ہوں۔ سوم ب متبوع اور ا تابع ہو۔ اس سے ماقبل ثابت ہو چکا ہے کہ یہود میں متبوع بننے کی قابلیت نہیں رہی۔ اس آیت میں بتلایا جاتا ہے کہ ہمیں اس کی طمع بھی نہیں رکھنی چاہیے کہ وہ ہماری بات مان جائیں گے اور ہمارے ساتھ مساوی رہ کر کام کریں گے۔ آئندہ وقالوا اقولو تا خلف میں بتلایا جائے گا کہ وہ ہمارے ماتحت رہ کر بھی کام نہیں دے سکتے لہٰذا وہ ہر لحاظ سے بیکار ہیں۔ واللہ اعلم۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ
کیا تم انہیں وہ راز بتا دیتے ہو جو اللہ نے تم پر کھولے ہیں تاکہ وہ اس سے تمہیں تمہارے رب کے روبرو
رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ
الزام دیں کیا تم نہیں سمجھتے کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے
مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٧﴾ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ
جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور بعض ان میں سے ان پڑھ ہیں جو کتاب نہیں
الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ﴿٧٨﴾ فَوَيْلٌ
جانتے سوائے جھوٹی آرزوؤں کے اور وہ محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں سو افسوس ہے
لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا
ان لوگوں پر جو اپنے ہاتھوں سے لکھتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ یہ
مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَّهُم
اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس سے کچھ روپیہ کمائیں پھر افسوس ہے ان
مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ﴿٧٩﴾ وَ
کے ہاتھوں کے لکھنے پر اور افسوس ہے ان کی کمائی پر اور
قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ
کہتے ہیں کہ ہمیں سوائے چند گنتی کے دنوں کے آگ نہیں چھوئے گی کہہ دو
أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ
کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لے لیا ہے کہ ہرگز اللہ اپنے عہد کا خلاف نہیں کرے گا
أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٠﴾ بَلَىٰ مَن كَسَبَ
یا تم اللہ پر وہ باتیں کہتے ہو جو تم نہیں جانتے ہاں جس نے کوئی گناہ
سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ فَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ
کیا اور اسے اس کے گناہ نے گھیر لیا سو وہی دوزخی

النصف

### ربط آیات

(۷۶) یہ ذو وجہین ہیں (۷۷) ان کی شرارت اللہ تعالیٰ سے چھپ نہیں سکتی (۷۸) جہال یہود کا مبلغ علم (۷۹) علمائے یہود کا علمی مذاق (۸۰) باوجود سابقہ کمزوریوں کے اپنی نجات کا وثوق ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع

کام کئے وہی بہشتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا

اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت

اللّٰهَ ۟ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

نہ کرنا اور ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں سے

وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اچھا سلوک کرنا اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز قائم کرنا

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ

اور زکوٰۃ دینا پھر سوائے چند آدمیوں کے تم میں سے سب منہ موڑ کر

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ

پھر گئے اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ آپس میں خونریزی نہ کرنا

وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَ

اور نہ اپنے لوگوں کو جلاوطن کرنا پھر تم نے اقرار کیا اور

اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ

تم خود گواہ ہو پھر تم ہی وہ ہو کہ اپنے لوگوں کو قتل کرتے ہو اور

تُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ

ایک جماعت کو اپنے میں سے ان کے گھروں میں سے نکالتے ہو ان پر گناہ اور ظلم سے

بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ

چڑھائی کرتے ہو اور اگر وہ تمہارے پاس قیدی ہو کر آئیں تو ان کا تاوان دیتے ہو

خلاصہ رکوع ۱۰
یہود کی عملی کمزوریاں۔
ماخذ آیت ۸۳-۸۵

## ربط آیات

(۸۱) اس ناگفتہ بہ حالت تک پہنچنے والوں کی ناکامی (۸۲) کامیابی کا اصل معیار (۸۳) حقوق اللہ و حقوق العباد کو پامال کرتے رہے (۸۴-۸۵) بدترین جرم یعنی خونریزی کا ارتکاب کرتے ہو حالانکہ اس سے بچنے کا اللہ تعالیٰ سے عہد کر چکے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ

حالانکہ تم پر ان کا نکالنا بھی حرام تھا کیا تم کتاب کے ایک حصے پر ایمان

الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاۗءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ

رکھتے ہو اور دوسرے حصے کا انکار کرتے ہو پھر جو تم میں سے ایسا کرے اس کی یہی سزا

مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ

ہے کہ دنیا میں ذلیل ہو اور قیامت کے دن بھی سخت

اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۸۵ اُولٰۗىِٕكَ

عذاب میں دھکیلے جائیں اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو یہی وہ

الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ

لوگ ہیں جنھوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے خریدا سو ان سے عذاب ہلکا

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝۸۶ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا ع ۱۰

نہ کیا جائے گا اور نہ انہیں کوئی مدد مل سکے گی اور بیشک ہم نے موسیٰ

مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۡ وَاٰتَيْنَا

کو کتاب دی اور اس کے بعد بھی پے در پے رسول بھیجتے رہے اور ہم نے

عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ

عیسیٰ مریم کے بیٹے کو نشانیاں دیں اور روح القدس سے اس کی تائید کی

اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ

کیا جب تمہارے پاس کوئی رسول وہ حکم لایا جسے تمہارے دل نہیں چاہتے تھے تو تم اکڑ بیٹھے

فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۡ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝۸۷ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

پھر ایک جماعت کو تم نے جھٹلایا اور ایک جماعت کو قتل کیا اور کہتے ہیں ہمارے دلوں پہ

غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝۸۸

غلاف ہیں بلکہ اللہ نے ان کے کفر کے سبب لعنت کی ہے سو بہت ہی کم ایمان لاتے ہیں



### ربط آیات

(۸۵) پچھلے صفحہ پر۔
(۸۶) معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے دُنیا کے مفاد پر آخرت کو قربان کر دیا ہے۔ ان کی سزا جہنم ہوگی (۸۷) دعوت الی الحق دینے والوں سے عناد ان کی عادت مستمرہ ہے (۸۸) ہمارے ماتحت رہ کر بھی کام نہیں کر سکتے کیونکہ اگر انہیں کوئی بات سمجھائی جائے تو ٹھٹھے کے طور پر کہتے ہیں کہ آپ کی بات ہماری سمجھ میں نہیں

**خلاصہ رکوع ۱۱**
یہود کے امراض مستمرہ ہیں اور وہ مسلمانوں کے ماتحت رہ کر بھی کام نہیں کر سکتے۔
ماخذ آیت نمبر ۸۸۔

آج۔ ماتحت کا کم از کم اتنا فرض ہے کہ جو بات سمجھائی جائے اسے سمجھ لے اور کام پورا کر دے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ

اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے کتاب آئی جو تصدیق کرتی ہے اس کی جو ان کے پاس ہے

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚۖ فَلَمَّا

اور اس سے پہلے وہ کفار پر فتح مانگا کرتے تھے پھر جب

جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾

انکے پاس وہ چیز آئی جسے انہوں نے پہچان لیا تو اس کا انکار کیا سو کافروں پر اللہ کی لعنت ہے

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

انہوں نے اپنی جانوں کو بہت ہی بُری چیز کے لئے بیچ ڈالا یہ کہ اللہ کی نازل کی ہوئی چیزوں کا اس ضد

بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ

میں آکر انکار کرنے لگے کہ وہ اپنے فضل کو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے کیوں

عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ

نازل کر دیتا ہے سو غضب پر غضب میں آگئے اور کافروں کے لئے ذلت کا

مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا

عذاب ہے اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس پر ایمان لاؤ جو اللہ نے نازل کیا ہے تو کہتے

نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَ

ہیں ہم تو اسی کو مانتے ہیں جو ہم پر اترا ہے اور اسے نہیں مانتے ہیں جو اس کے سوا ہے حالانکہ

هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ

وہ حق ہے اور تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس ہے کہہ دو پھر تم کیوں اس سے پہلے

اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَلَقَدْ

اللہ کے نبیوں کو قتل کرتے رہے اگر تم مومن تھے اور تمہارے

جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ

پاس موسیٰ صریح معجزے لے کر آیا پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو



## ربط آیات

(۸۹) جس کتاب کی تعلیم کو قومٹیا غلط کہہ کر ٹال رہے ہیں اس کے نزول سے پہلے اسی کی برکت سے دشمنوں پر فتح کی دعائیں مانگا کرتے تھے (۹۰) قرآن مجید سے انکار محض اس لئے کرتے ہیں کہ نعمت بجائے بنی اسرائیل کے بنی اسمٰعیل کو کیوں عطا ہوئی (۹۱) قرآن پر ایمان کی دعوت دی جاتی ہے تو کہتے ہیں ہم فقط تورات کو مانتے ہیں حالانکہ قرآن حکیم اور تورات اصولاً دونوں ایک ہیں۔ دراصل تورات پر عمل کرنے اور ماننے کا دعوٰی بھی غلط ہے۔ ورنہ وہ اپنے انبیاء علیہم السلام کو قتل نہ کرتے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَ
بنا لیا اور تم ظالم تھے اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور

رَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ
تم پر کوہ طور کو اٹھایا کہ جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی سے پکڑو اور سنو

قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ
انہوں نے کہا ہم نے سُن لیا اور مانیں گے نہیں اور ان کے دلوں میں کفر کی وجہ سے بچھڑے کی محبت

بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ
رچ گئی تھی کہہ دو اگر تم ایماندار ہو تو تمہارا ایمان تمہیں بہت ہی

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ
بُرا حکم دے رہا ہے کہہ دو اگر اللہ کے نزدیک آخرت کا گھر

الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ
خصوصیت کے ساتھ سوائے اور لوگوں کے تمہارے ہی لئے ہے

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ
تو تم موت کی آرزو کرو اگر تم سچے ہو وہ کبھی بھی اس کی ہرگز

اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٥﴾
آرزو نہیں کرینگے ان گناہوں کی وجہ سے جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۛۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ
اور آپ انہیں زندگی پر سب لوگوں سے زیادہ حریص پائیں گے اور ان سے بھی جو مشرک ہیں

اَشْرَكُوْا ۛۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ
ہر ایک ان میں سے چاہتا ہے کہ کاش اسے ہزار برس عمر ملے اور اسے عمر کا ملنا عذاب سے

مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ ع ١١
بچانے والا نہیں اور اللہ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں

معانقہ

## ربط آیات

(٩٢) دوسرے انبیاء علیہم السلام تو بجائے خود رہے یہود نے خود حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کی اور وہ بھی مسئلۂ توحید میں۔

(٩٣) تورات کی بھی توہین کی۔ اس مخالفت اور توہین کا باعث یہود کی زرپرستی تھی (٩٤ تا ٩٥) باوجود قبائح اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے ہاں بلاشرکت غیرے عزت کا مستحق سمجھتے ہیں۔ اگر واقعی ان کا یہ دلی عقیدہ ہے تو وہ ایسے مواقع میں قدم رکھیں جہاں جلد انہیں موت آجائے لیکن یہ لوگ اپنی بداعمالی کے باعث کبھی اس کا خیال بھی نہیں کر سکتے جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے لئے عذاب ہی مقدر ہوگا

(٩٦) یہ تو دُنیا کی زندگی کے لئے مشرکوں سے بھی زیادہ حریص ہیں۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۱۲**
حالاتِ انحطاط میں یہود کا مشغلہ
ماخذ آیت ۱۰۲ ۔

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

کہہ دو جو کوئی جبرائیل کا دشمن ہو سو اسی نے اُتارا ہے وہ قرآن اللہ کے حکم سے آپ

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى

کے دل پر ان کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے ہیں اور ایمان والوں کے لئے ہدایت

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ

اور خوشخبری ہے جو شخص اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں

وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدْ

اور جبرائیل اور میکائیل کا دشمن ہو تو بیشک اللہ بھی ان کافروں کا دشمن ہے اور ہم نے

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾

آپ کی طرف روشن آیتیں اُتاری ہیں اور ان سے انکاری نہیں مگر فاسق

اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ

کیا جب کبھی انہوں نے کوئی عہد باندھا تو اسے ان میں سے ایک جماعت نے پھینک دیا بلکہ

اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

ان میں سے اکثر ایمان ہی نہیں رکھتے اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے وہ

عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ

رسول آیا جو اس کی تصدیق کرتا ہے جو ان کے پاس ہے تو اہلِ کتاب کی ایک جماعت نے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ

اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ایسا پھینکا کہ گویا اسے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى

جانتے ہی نہیں اور انہوں نے اس چیز کی پیروی کی جو شیطان سلیمان کی

مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

بادشاہت کے وقت پڑھتے تھے اور سلیمان نے کفر نہیں کیا تھا لیکن شیطانوں نے ہی

## ربط آیات

(۹۷) کہتے ہیں ہم قرآن حکیم کو اس لئے تسلیم نہیں کرتے کہ اس کا لانے والا جبرائیل علیہ السلام ہمارا دشمن ہے۔ (۹۸) اگر جبرائیل علیہ السلام سے تمہاری دشمنی ہے تو پھر یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور سارے رسولوں کے تم دشمن ہو۔ کیونکہ دوست کا دشمن دشمن ہوتا ہے (۹۹) باتیں تو ہم نے تمہیں صحیح اور واضح کر کے بتلا دی ہیں لیکن جن لوگوں نے نافرمانی کو شیوہ بنا لیا ہو وہ کیسے مان سکتے ہیں (۱۰۰) عہد شکنی ان کی پرانی عادت ہے (۱۰۱) جب تورات کے مصدق نبی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) آگئے تو انہوں نے تورات کو بھی پس پشت پھینک دیا۔ حالانکہ تورات میں حضور سرا پا نور کی تصدیق موجود تھی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى

کفر کیا لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور اس کی بھی جو شہر بابل

الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

میں ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر اُتارا گیا تھا اور وہ کسی کو نہ

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ

سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیتے کہ ہم تو صرف آزمائش کے لئے ہیں تو کافر نہ بن

فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ

پس ان سے وہ بات سیکھتے تھے جس سے خاوند اور بیوی میں جدائی

زَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ

ڈالیں حالانکہ وہ اس سے کسی کو اللہ کے حکم کے سوا کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے

اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا

تھے اور سیکھتے تھے وہ جو ان کو نقصان دیتی تھی اور نہ نفع اور وہ یہ بھی جانتے تھے

لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۟ وَ

کہ جس نے جادو کو خریدا اس کے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور

لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَلَوْ

وہ چیز بہت بُری ہے جس کے بدلہ میں انہوں نے اپنے آپ کو بیچا کاش وہ جانتے اور اگر

اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ

وہ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو البتہ اللہ کے ہاں کا اجر ان کے لئے بہتر تھا۔ کاش

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا ع ١٢ ١٢

وہ جانتے اے ایمان والو راعنا نہ کہو

وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾

اور انظرنا کہو اور سُنا کرو اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے

## ربط آیات

(١٠٢) خدائی تعلیم تورات کو چھوڑ کر شیطانی تعلیم کے پیچھے لگ گئے اور ہاروت و ماروت دو فرشتے بشر انسانوں پر جو ادعیہ نازل ہوئی تھیں جن کے باعث وہ لوگ میاں بیوی میں تفریق ڈالا کرتے تھے ان کے درپے رہتے ہیں (١٠٣) اگر یہ لوگ ایسی باتوں کی بجائے ایمان لے آتے اور خدا تعالیٰ سے تعلق درست کر لیتے تو بہتر تھا (١٠٤) یہود کے الفاظ مختصہ میں اشتراک عمل سے مسلمانوں کو روکا گیا تو باقی خصائل ذمیمہ سے بطریق اولیٰ احتراز لازمی ہوگا۔

خلاصہ رکوع ۴

اہل کتاب سے مناظرہ اور بحث نسخ فی الشرائع۔

ماخذ آیت ۱۰۴-۱۰۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب کے کافر اور مشرک نہیں چاہتے

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ

کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھی اچھی بات نازل ہو اور اللہ اپنی رحمت کے ساتھ

بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ١٠٥ مَا نَنْسَخْ

خاص کر لیتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے ہم جو کسی آیت

مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۭ اَلَمْ تَعْلَمْ

کو منسوخ کرتے ہیں یا بھلا دیتے ہیں تو اس سے بہتر یا اس کے برابر لاتے ہیں کیا تم نہیں جانتے

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ١٠٦ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہی کے لئے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور تمہارے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ١٠٧ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْــَٔلُوْا

دوست ہے نہ مددگار کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے رسول

رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ

سے سوال کرو جیسے اس سے پہلے موسیٰ سے سوال کئے گئے تھے اور جو کوئی ایمان کے

الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ١٠٨ وَدَّ

عوض کفر کو بدل لے سو وہ سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا اکثر

كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ

اہل کتاب تو اپنے حسد سے حق ظاہر ہونے کے بعد بھی یہ چاہتے ہیں کہ کسی طرح سے

كُفَّارًا ښ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ

تمہیں ایمان لانے کے بعد پھر کفر کی طرف لوٹا کرلے

## ربط آیات

(۱۰۵) اہل کتاب اور مشرکین تمہارے دشمن ہیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ تمہیں کوئی بھلائی نصیب ہو۔ (۱۰۶) ان کی عداوت باطنی ہی کا نتیجہ ہے کہ تحویل قبلہ کے وقت انھوں نے شور مچایا کہ اگر یہ خدائی تعلیم ہوتی تو اس میں نسخ کیوں ہوتا۔ اس اعتراض کے الزامی جوابات انہیں متعدد دیئے جائیں گے۔ تحقیقی جواب دوسرے پارے کے پہلے رکوع میں مذکور ہے۔ پہلا جواب اسی آیت کے آخر میں ہے۔ کیا خدا تعالیٰ کو ایک حکم کے بعد دوسرا حکم دینے کی قدرت نہیں ہے (۱۰۷) کیا تم اللہ تعالیٰ کو زمین اور آسمان کا مالک نہیں سمجھتے لہٰذا مالک جو حکم چاہے دے سکتا ہے (۱۰۸) اے مسلمانو! تم بھی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے غیر متعلقہ سوال کرنا چاہتے ہو جس طرح موسیٰ علیہ السلام سے کئے گئے •



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا حَتّٰى يَأْتِيَ اللّٰهُ بِأَمْرِهٖ ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

جائیں سو معاف کرو اور درگزر کرو جب تک کہ اللہ اپنا حکم بھیجے بیشک اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾ وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۗ وَمَا

چیز پر قادر ہے اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور جو کچھ

تُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ إِنَّ

نیکی سے اپنے واسطے آگے بھیجو گے اسے اللہ کے ہاں پاؤ گے بیشک

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١٠﴾ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا

اللہ جو کچھ تم کرتے ہو سب دیکھتا ہے اور کہتے ہیں کہ سوائے یہود یا نصاریٰ کے

مَنْ كَانَ هُوْدًا أَوْ نَصٰرٰى ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

اور کوئی جنت میں ہرگز داخل نہ ہوگا یہ ان کے ڈھکوسلے ہیں کہہ دو اپنی دلیل لاؤ

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١١١﴾ بَلٰى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ

اگر تم سچے ہو ہاں جس نے اپنا منہ اللہ کے سامنے جھکا دیا اور وہ نیکوکار

فَلَهٗ أَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١١٢﴾ ع

بھی ہو تو اس کے لئے اس کا بدلہ اس کے رب کے ہاں ہے اور ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۖ وَّقَالَتِ

اور یہود کہتے ہیں کہ نصاریٰ ٹھیک راہ پر نہیں اور نصاریٰ

النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۗ

کہتے ہیں کہ یہودی راہ حق پر نہیں ہیں حالانکہ وہ سب کتاب پڑھتے ہیں

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ

ایسی ہی باتیں وہ لوگ بھی کہتے ہیں جو بے علم ہیں پھر اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١١٣﴾

قیامت کے دن ان باتوں کا کہ جس میں وہ جھگڑ رہے ہیں خود فیصلہ کرے گا



## ربطِ آیات

(۱۰۹) اہل کتاب تمہیں مرتد بنانا چاہتے ہیں لیکن جب تک اللہ تعالیٰ انتقام کا حکم نہ دے اشتعال میں آکر خود بخود انتقام لینے کے لئے تیار نہ ہو جاؤ (۱۱۰) بدلہ کا حکم یعنی قتال کی اجازت سے پہلے بدنی اور مالی قربانی کی مشق کیا کرو (۱۱۱) ہم نے یہود کے ذمیمہ اوصاف اس قدر بیان کئے ہیں کہ ان کو اپنی عزت اور وجاہت کے بچانے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اب ان کو ایک نئی بات سوجھی ہے۔ کہتے ہیں کہ آخرت کی عزت کے فقط ہم مستحق ہیں سوال کیا جاتا ہے کہ اس کا تمہارے پاس کیا ثبوت ہے (۱۱۲) اللہ تعالیٰ کے ہاں کامیابی اور وراثت جنت کی یہ شرطیں ہیں۔ کیا تم میں یہ پائی

١٣ ع ١٣

جاتی ہیں (۱۱۳) اگر نسخ فی الشرائع نہیں ہے تو تمہاری شرائع کیسے ثابت ہو چکتی ہیں یہود کا یہ خیال ہے کہ پہلی شرائع منسوخ ہو چکی

**خلاصہ رکوع ۱۳**

یہود بحث نسخ فی الشرائع چھیڑ کر مساجد الٰہیہ کو غیر آباد کرنا چاہتے ہیں۔ ماخلف آیت ۱۱۳۔

ہیں اور ہماری شریعت ان کی ناسخ ہے۔ نصاریٰ کا خیال ہے کہ یہود کی بہت کے لئے ہمارا دین ناسخ ہے لہٰذا اے اہل کتاب تم نسخ کے معاملے میں آپس میں نپٹ لو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا
اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جس نے اللہ کی مسجدوں میں اس کا نام لینے کی ممانعت
اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ
کردی اور ان کے ویران کرنے کی کوشش کی ایسے لوگوں کا حق نہیں ہے کہ ان میں داخل ہوں
اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي
مگر ڈرتے ہوئے ان کے لئے دُنیا میں بھی ذلّت ہے اور ان کے لئے آخرت
الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ
میں بہت بڑا عذاب ہے اور مشرق اور مغرب اللہ ہی کا ہے
فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾
سو تم جدھر بھی رُخ کرو اُدھر ہی اللہ کا رُخ ہے بیشک اللہ وسعت والا جاننے والا ہے
وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
اور کہتے ہیں اللہ نے بیٹا بنایا ہے حالانکہ وہ پاک ہے بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے
وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ
سب اسی کا ہے سب اسی کے فرمانبردار ہیں آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے
الْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
والا ہے اور جب کوئی چیز کرنا چاہتا ہے تو صرف یہی کہہ دیتا ہے کہ ہو جا
فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا
سو وہ ہو جاتی ہے اور بے علم کہتے ہیں کہ اللہ ہم سے کیوں کلام نہیں
اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی ان سے پہلے لوگ بھی ایسی ہی باتیں
مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ
کہہ چکے ہیں ان کے دل ایک جیسے ہیں یقین کرنے والوں کے لئے تو ہم

**ربطِ آیات**

(۱۱۴) بحث نسخ سے بیت اللہ الحرام اور اس کی طرح مساجد کو یہ غیر آباد کرنا چاہتے ہیں (۱۱۵) مشرق اور مغرب سب خدا تعالیٰ کے ہیں، جدھر چاہے توجہ کا حکم دے (۱۱۶) بحث نسخ میں یہ ایسا ہی دھوکا کھا بیٹھے ہیں جس طرح انھوں نے اتخاذ ولد میں دھوکا کھایا (۱۱۷) اللہ تعالیٰ کا ولد کوئی نہیں ہے اللہ تعالیٰ تمام زمین اور آسمان (وما فیہما) کا از سر نو پیدا کرنے والا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا

نشانیاں بیان کر چکے ہیں   بیشک ہم نے تمہیں سچائی کے ساتھ بھیجا ہے خوشخبری سنانے کیلئے اور ڈرانے

وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ

کے لئے اور تم سے دوزخیوں کے متعلق باز پرس نہ ہوگی   اور تم سے یہود اور نصاریٰ

الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى

ہرگز راضی نہ ہوں گے جب تک کہ تم ان کے دین کی پیروی نہیں کرو گے کہہ دو بیشک ہدایت

اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِىْ

اللہ ہی کی ہدایت ہے   اور اگر تم نے ان کی خواہشوں کی پیروی کی اس کے بعد جو

جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾

تمہارے پاس علم آچکا   تو تمہارے لئے اللہ کے ہاں کوئی دوست اور کوئی مددگار نہیں ہوگا

وقف منزل

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

وہی لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں   اور جو اس سے انکار کرتے ہیں وہی نقصان اٹھانے

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ ۱۴ ع ۱۴

والے ہیں   اے بنی اسرائیل میرے احسان یاد کرو   جو میں نے

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ

تم پر کئے   اور بیشک میں نے تمہیں سارے جہان پر بزرگی دی تھی   اور

اتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ

اس دن سے ڈرو جس دن کوئی بھی کسی کے کام نہ آئے گا   اور نہ اس سے بدلہ

مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

قبول کیا جائے گا   اور نہ اسے کوئی سفارش نفع دے گی اور نہ وہ مدد دیئے جائیں گے



## ربط آیات

(۱۱۸) اہل کتاب کے اعتراضات ایسے ہی واہیہ ہیں جس طرح بےسمجھی سے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سے باتیں کیوں نہیں کرتا۔ ہمارے ہاں کوئی نشانی کیوں نہیں نازل ہوتی۔ ان کی یہ باتیں جہالت پر مبنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ منصب رسالت کا کون مستحق ہے (۱۱۹) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کام انذار و تبشیر ہے۔ ان نالائقوں کے ہدایت یافتہ نہ ہونے کے متعلق آپ سے باز پرس نہ ہوگی (۱۲۰) جب تک آپ اپنا دین چھوڑ کر اہل کتاب کی خواہشات کو پورا نہ کر دکھائیں گے اہل کتاب آپ سے کبھی راضی نہیں ہو سکتے۔

(۱۲۱) آپ ان مخالفین اہل کتاب کی پرواہ نہ کیجئے، آپ کے متبعین مسلمان تو قرآن کے پڑھنے کا حق ادا کرتے ہیں (۱۲۲-۱۲۳) (۱) تذکیر بآلاء اللہ (۲) تذکیر بما بعد الموت۔ ان دو تذکیروں کے بعد بنی اسرائیل سے پوچھا جاتا ہے کہ جو اتہامات آئندہ آیات میں پیش کئے گئے ہیں اگر وہ صحیح

**خلاصہ رکوع ۱۵**

مسلمات یہود پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ بیت اللہ ہی کو ہونا چاہیے۔

ماخذ آیت ۱۲۴-۱۲۵-۱۲۶-۱۲۸-۱۲۹

ہیں تو انصاف سے بتاؤ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ کون سا ہونا چاہیے بیت الحرام یا بیت المقدس۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا

نشانیاں بیان کر چکے ہیں بیشک ہم نے تمہیں سچائی کے ساتھ بھیجا ہے خوشخبری سنانے کیلئے اور ڈرانے

وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ

کے لئے اور تم سے دوزخیوں کے متعلق باز پرس نہ ہوگی اور تم سے یہود اور نصاریٰ

الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ اِنَّ هُدَى

ہرگز راضی نہ ہوں گے جب تک کہ تم ان کے دین کی پیروی نہیں کرو گے کہہ دو بیشک ہدایت

اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِىْ

اللہ ہی کی ہدایت ہے اور اگر تم نے ان کی خواہشوں کی پیروی کی اس کے بعد جو

جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾

تمہارے پاس علم آچکا تو تمہارے لئے اللہ کے ہاں کوئی دوست اور کوئی مددگار نہیں ہوگا

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

وہی لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں اور جو اس سے انکار کرتے ہیں وہی نقصان اٹھانے

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ ع ۱۴ / ۱۴

والے ہیں اے بنی اسرائیل میرے احسان یاد کرو جو میں نے

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ

تم پر کئے اور بیشک میں نے تمہیں سارے جہان پر بزرگی دی تھی اور

اتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ

اس دن سے ڈرو جس دن کوئی بھی کسی کے کام نہ آئے گا اور نہ اس سے بدلہ

مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

قبول کیا جائے گا اور نہ اسے کوئی سفارش نفع دے گی اور نہ وہ مدد دیئے جائیں گے

وقف منزل

## ربط آیات

(۱۱۸) اہل کتاب کے اعتراضات ایسے ہی واہیہ ہیں جس طرح بے علمی سے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سے باتیں کیوں نہیں کرتا۔ ہمارے ہاں کوئی نشانی کیوں نہیں نازل ہوتی۔ ان کی یہ باتیں جہالت پر مبنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ منصب رسالت کا کون مستحق ہے (۱۱۹) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کام انذار و تبشیر ہے۔ ان نالائقوں کے ہدایت یافتہ نہ ہونے کے متعلق آپ سے باز پرس نہ ہوگی (۱۲۰) جب تک آپ اپنا دین چھوڑ کر اہل کتاب کی خواہشات کو پورا نہ کر دکھائیں گے اہل کتاب آپ سے کبھی راضی نہیں ہو سکتے۔ (۱۲۱) آپ ان مخالفین اہل کتاب کی پرواہ نہ کیجئے آپ کے متبعین مسلمان تو قرآن کے پڑھنے کا حق ادا کرتے ہیں (۱۲۲-۱۲۳) لا تہدید کبیر بالآلاء (۲) تہدید کبیر بما بعد الموت۔ ان دو تہدیدوں کے بعد بنی اسرائیل سے پوچھا جاتا ہے کہ جو اتفاقات آئندہ آیات میں پیش کئے گئے ہیں اگر وہ صحیح ہیں تو انصاف سے بتاؤ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ کون سا ہونا چاہیئے۔ بیت الحرام یا بیت المقدس۔

**خلاصہ رکوع ۱۵**

مسلمات یہود پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ بیت اللہ شریف ہونا چاہیئے۔

ماخذ آیت ۱۲۴-۱۲۵-۱۲۶-۱۲۷-۱۲۹۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذِ ابْتَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ ۖ قَالَ

اور جب ابراہیم کو اس کے رب نے کئی باتوں میں آزمایا تو اس نے انہیں پورا کر دیا فرمایا

إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا ۖ قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي ۖ

بیشک میں تمہیں سب لوگوں کا پیشوا بنا دوں گا کہا اور میری اولاد میں سے بھی

قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ ﴿١٢٤﴾ وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ

فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچے گا اور جب ہم نے کعبہ لوگوں کے

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ

لیے عبادت گاہ اور امن کی جگہ بنایا (اور فرمایا) مقام ابراہیم کو نماز کی

مُصَلًّى ۖ وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا

جگہ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل سے عہد لیا کہ میرے گھر کو

بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿١٢٥﴾ وَ

طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھو

إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ

اور جب ابراہیم نے کہا اے میرے رب اسے امن کا شہر بنا دے اور اس کے

أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ

رہنے والوں کو پھلوں سے رزق دے جو کوئی ان میں سے اللہ اور قیامت کے دن پر

الْآخِرِ ۖ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ

ایمان لائے فرمایا اور جو کافر ہوگا سو اسے بھی تھوڑا سا فائدہ پہنچاؤں گا پھر اسے دوزخ کے

إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٢٦﴾ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ

عذاب میں دھکیل دوں گا اور وہ برا ٹھکانا ہے اور جب ابراہیم اور

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ

اسمٰعیل کعبہ کی بنیادیں اٹھا رہے تھے (کہتے تھے) اے ہمارے رب ہم سے قبول کر

### ربطِ آیات

(۱۲۴) حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ نے چار امتحان لئے جن میں وہ کامیاب ہوئے اور امامت و پیشوائی کا عہدہ ملا۔ پہلا امتحان جذبۂ توحید کی پاداش میں آگ میں ڈالے گئے۔ دوسرا اسی پاکیزہ جذبہ کے باعث وطن، دیار اور اعزہ کو خیرباد کہنا پڑا۔ تیسرا شیر خوار بچہ اور عصمت پناہ بیوی کو اعتماد علی اللہ پر بیابان میں چھوڑا اور نشر و اشاعت دین کے لئے تشریف لے گئے۔ چوتھا اپنے اکلوتے بیٹے کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ (۱۲۵) ابراہیم اور اسمٰعیل علیہما السلام سے خدا پرستوں کے لئے یادِ الٰہی کا مرکز بنوایا۔ (۱۲۶) اے اللہ اس شہر کو آباد فرما اور یہاں کے رہنے والوں کو رزق عطا کر۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ
بیشک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے اے ہمارے رب ہمیں اپنا فرمانبردار

لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا
بنا دے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک جماعت کو اپنا فرمانبردار بنا اور ہمیں ہمارے حج کے طریقے بتا دے

وَتُبْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا وَ
اور ہماری توبہ قبول فرما بیشک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے اے ہمارے رب اور

ابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَ
ان میں ایک رسول انہیں میں سے بھیج جو ان پر تیری آیتیں پڑھے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ
انہیں کتاب اور دانائی سکھائے اور انہیں پاک کرے بیشک تو ہی

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٢٩﴾ ع وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِيمَ ع ١٥
غالب حکمت والا ہے اور کون ہے جو ملت ابراہیمی سے روگردانی کرے

إِلَّا مَن سَفِهَ نَفْسَهُ ۚ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا ۖ وَ
سوائے اس کے جو خود ہی احمق ہو اور ہم نے تو اسے دنیا میں بھی بزرگی دی تھی اور

إِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٣٠﴾ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ
بیشک وہ آخرت میں بھی اچھے لوگوں میں سے ہوگا جب اسے اس کے رب نے کہا

أَسْلِمْ ۖ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٣١﴾ وَوَصَّىٰ بِهَا
کہ فرمانبردار ہو جا تو کہا میں جہانوں کے پروردگار کا فرمانبردار ہوں اور اسی بات کی

إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ لَكُمُ
ابراہیم اور یعقوب نے بھی اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ اے میرے بیٹو بیشک اللہ نے تمہارے لئے یہ

الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٣٢﴾
دین چن لیا سو تم ہرگز نہ مرنا مگر درانحالیکہ تم مسلمان ہو

### ربط آیات

(١٢٧) اے اللہ حسب عرض کے لئے ہم یہ عمارت بنا رہے ہیں اسے قبول فرما یعنی اس گھر کو خدا پرستوں کا مجاہد و ماوی بنا (١٢٨) اے اللہ ہماری اولاد میں سے امت مسلمہ پیدا کر (١٢٩) اس امت میں ایک رسول بھیج فیصلہ۔ یہود انصاف سے بتلائیں کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ بیت اللہ الحرام نہ ہے تو کیا سابقہ علامتیں پوری ہو سکتی ہیں۔ اگر اب بھی تحویل قبلہ والا اعتراض واپس نہ لو تو معلوم ہوگا کہ تمہیں دین ابراہیمی سے عداوت ہے (١٣٠) ملت ابراہیمی سے اعراض حماقت کی دلیل ہے (١٣١) ابراہیم علیہ السلام تو اللہ تعالیٰ کے اعلیٰ درجہ کے فرمانبردار تھے (١٣٢) ابراہیم اور یعقوب علیہما السلام اپنی اولاد کو بھی اعلیٰ درجہ کی وفاداری کی وصیت کر گئے تھے۔

**خلاصہ رکوع ١٦**

دین میں ہمارا مسلک یہود کے مسلم التعظیم بزرگوں والا ہے

ماخذ آیت ١٣٢



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَمْ كُنتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ

کیا تم حاضر تھے جب یعقوب کو موت آئی تب اس نے

لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِنۢ بَعْدِي ۖ قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ

اپنے بیٹوں سے کہا تم میرے بعد کس کی عبادت کرو گے انہوں نے کہا ہم آپ کے اور آپ کے

وَإِلَٰهَ آبَآئِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا ۚ

باپ دادا ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق کے معبود کی عبادت کریں گے جو ایک معبود ہے

وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا

اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں یہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی ان کے لئے

كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا

ان کے اعمال ہیں اور تمہارے لئے تمہارے اعمال ہیں اور تم سے نہیں پوچھا جائے گا کہ وہ کیا

يَعْمَلُونَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا ۗ

کرتے تھے اور کہتے ہیں کہ یہودی یا نصرانی ہو جاؤ تاکہ ہدایت پاؤ

قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۱۳۵﴾

کہہ دو بلکہ ہم تو ملت ابراہیمی پر رہیں گے جو موحد تھا اور مشرکوں میں سے نہیں تھا

قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

کہہ دو ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہم پر اتارا گیا اور جو ابراہیم

وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ

اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اس کی اولاد پر اتارا گیا اور جو

مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ ۚ

موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا اور جو دوسرے نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿۱۳۶﴾

ہم کسی ایک میں ان میں سے فرق نہیں کرتے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں

## ربطِ آیات

(۱۳۳) چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادوں نے اللہ تعالیٰ اطاعت تامہ کا عہد اپنے والد کے روبرو کیا تھا۔ (۱۳۴) یہود اپنی کمزوریوں اور بے ایمانیوں کا کوئی صحیح جواب نہیں دے سکتے۔ اس لئے انہیں اپنے بزرگوں کی طرف نسبت کر دیتے ہیں کہ چاہئے ان بزرگوں سے یہی سلسلہ چلا آ رہا ہے۔ ان سے کہا جاتا ہے کہ ہر شخص اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے۔ ان کے اعمال کے متعلق ان ہی سے پوچھا جائے گا۔ تمہارا فرض ہے کہ اپنے اعمال پر تنقیدی نگاہ ڈالو اور جو کمزوری اعتقادات و اعمال کے متعلق نظر آئے اس کی خود اصلاح کر لو (۱۳۵) حکم اعتراضوں کا ان کے پاس کوئی صحیح جواب تو ہے نہیں۔ ایک ہی بے دلیل دعویٰ کی رٹ لگائے جا رہے ہیں کہ یہودی یا نصرانی ہوئے بغیر انسان ہدایت کی راہ نہیں پا سکتا۔ واقعہ یہ ہے کہ ملت ابراہیمی کے اتباع کے بغیر انسان ہدایت یافتہ نہیں ہو سکتا اور ابراہیم علیہ السلام مشرک نہیں تھے۔ (۱۳۶) ابراہیمی ایمان تو یہ ہے *



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَإِنْ

پس اگر وہ بھی ایمان لے آئیں جس طرح تم ایمان لائے ہو تو وہ بھی ہدایت پا گئے اور اگر

تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ وَهُوَ

وہ نہ مانیں تو وہی ضد میں پڑے ہوئے ہیں سو تمہیں ان سے اللہ کافی ہے اور وہی

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣٧﴾ صِبْغَةَ اللَّهِ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ

سننے والا جاننے والا ہے اللہ کا رنگ اللہ کے رنگ سے اور کس کا

اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ﴿١٣٨﴾ قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا

رنگ بہتر ہے اور ہم تو اسی کی عبادت کرتے ہیں کہہ دو کیا تم ہم سے اللہ کی

فِي اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

نسبت جھگڑا کرتے ہو حالانکہ وہی ہمارا اور تمہارا رب ہے اور ہمارے لئے ہمارے عمل ہیں اور تمہارے

أَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ ﴿١٣٩﴾ أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ

لئے تمہارے عمل اور ہم تو خالص اسی کی عبادت کرتے ہیں یا تم کہتے ہو کہ

إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا

ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اس کی اولاد یہودی

هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ ۗ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللَّهُ ۗ وَمَنْ أَظْلَمُ

یا نصرانی تھے کہہ دو کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ اور اس سے بڑھ کر

مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ

کون ظالم ہے جو گواہی چھپائے جو اس کے پاس اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ بے خبر نہیں اس

عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿١٤٠﴾ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ

سے جو تم کرتے ہو وہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی ان کے لئے ان کے عمل ہیں اور

لَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤١﴾ ع ۱۶

تمہارے لئے تمہارے عمل ہیں اور تم سے ان کے اعمال کی نسبت نہیں پوچھا جائے گا

## ربط آیات

(۱۳۷) اگر وہ مسلمانوں کے مسلک کو مان لیں تو بہت غنیمت ورنہ وہ سیدھے راستے سے بھٹکے ہوئے کہلائیں گے (۱۳۸) کہتے ہیں کہ دائرہ اہل کتاب میں آئے بغیر رنگ نہیں چڑھتا۔ انہیں بتا دو کہ اللہ تعالیٰ سے بہتر رنگ چڑھانے والا کون ہو سکتا ہے۔ لہٰذا بہترین رنگ چاہتے ہو تو اللہ تعالیٰ کے دروازہ پر آ جاؤ (۱۳۹) یہود کو اطاعت الٰہی کی دعوت دی جاتی ہے اور وہ جھگڑتے ہیں حالانکہ خدا ان کے نزدیک بھی مسلّم ہے (۱۴۰) یہودیت اور نصرانیت پر اتنا زور دیتے ہیں کہ گویا بڑے بڑے انبیاء علیہم السلام بھی یہودی اور نصرانی ہی تھے۔ کیا انہیں اللہ تعالیٰ سے بھی زیادہ علم ہے (۱۴۱) یہ لوگ ان مقدس ترین ہستیوں کا نام ہی کیوں لیتے ہیں جن کے متعلق ان سے کوئی باز پرس نہیں ہوگی۔ یہ اپنی خیر منائیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَيَقُولُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ
بے بے وقوف لوگ کہیں گے کہ کس چیز نے مسلمانوں کو ان کے قبلہ سے

قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ
پھیر دیا جس پر وہ تھے کہہ دو مشرق اور مغرب اللہ ہی کا ہے

يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَكَذٰلِكَ
وہ جسے چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے اور اسی طرح

جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَ
ہم نے تمہیں برگزیدہ اُمت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور

يَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۗ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِىْ
رسول تم پر گواہ ہو اور ہم نے وہ قبلہ نہیں بنایا تھا

كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ
جس پر آپ پہلے تھے مگر اس لئے کہ ہم معلوم کریں اس کو جو رسول کی پیروی کرتا ہے اس سے

يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ۗ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى
جو اُلٹے پاؤں پھر جاتا ہے اور بیشک یہ بات بھاری ہے سوائے ان کے

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۗ
جنہیں اللہ نے ہدایت دی اور اللہ تمہارے ایمان کو ضائع نہیں کرے گا

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ
بیشک اللہ لوگوں پر بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے بیشک ہم آپ کے منہ کا

وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ
آسمان کی طرف پھرنا دیکھ رہے ہیں سو ہم آپ کو اسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جسے آپ پسند کرتے ہیں پس اب

**خلاصہ رکوع ۱۷**

تحویلِ قبلہ کا تحقیقی جواب اور اہل کتاب کی خوشنودی بیت المقدس کو قبلہ بنانے سے حاصل نہیں ہو سکتی بجز ان کی خواہشات کے اتباع سے حاصل ہو سکتی ہے اور وہ بدترین جرم ہے ماخذ آیت ۱۴۲ - ۱۴۵

**ربط آیات**

(۱۴۲) اس سے پہلے چار رکوع میں متعدد جواب دیئے جا چکے ہیں جن سے ثابت ہو جاتا ہے کہ بیت المقدس کو چھوڑ کر بیت اللہ الحرام کی طرف توجہ کیوں کرائی گئی لیکن بیوقوف اب بھی مطمئن نہیں ہیں۔ (۱۴۳) جس طرح ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہترین قبلہ عطا فرمایا اسی طرح امتوں میں سے آپ کی امت کو بہترین امت بنایا اور عارضی طور پر بیت المقدس کو قبلہ بنانے کی غرض یہ بھی کہ ایمانداروں کے ایمان کا امتحان ہو جائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا

اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لیجیے اور جہاں کہیں تم ہوا کرو اپنے

وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ

مونہوں کو اسی کی طرف پھیر لیا کرو اور بیشک وہ لوگ جنہیں کتاب دی گئی ہے یقیناً جانتے ہیں

أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٤﴾

کہ وہی حق ہے ان کے رب کی طرف سے اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو وہ کر رہے ہیں

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا

اور اگر آپ ان کے سامنے تمام دلیلیں لے آئیں جنہیں کتاب دی گئی تو بھی وہ آپ کے قبلے کو

قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ

نہیں مانیں گے اور نہ آپ ہی ان کے قبلہ کو ماننے والے ہیں اور نہ ان میں کوئی دوسرے قبلہ

قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا

کو ماننے والا ہے اور اگر آپ ان کی خواہشوں کی پیروی کریں گے بعد اس کے کہ

جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٥﴾ الَّذِينَ

آپ کے پاس علم آچکا تو بیشک آپ بھی تب ظالموں میں سے ہوں گے وہ لوگ

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ

جنہیں ہم نے کتاب دی تھی وہ اسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بیشک

فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤٦﴾ الْحَقُّ مِنْ

کچھ لوگ ان میں سے حق کو چھپاتے ہیں اور وہ جانتے ہیں آپ کے رب کی طرف

رَبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿١٤٧﴾ ع وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ

سے حق وہی ہے پس شک کرنے والوں میں سے نہ ہو اور ہر ایک کے لئے ایک طرف ہے جس طرف

مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ

وہ منہ کرتا ہے پس تم نیکیوں کی طرف دوڑو تم جہاں کہیں بھی ہو گے تم سب کو اللہ

وقف لازم

وقف منزل

ع ۱۷

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## ربط آیات

(۱۴۴) اہل تحویل قبلہ کے شوق و انتظار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظریں بار بار آسمان کی طرف اُٹھ اٹھ جاتی تھیں۔ اس شوق و انتظار کا ذکر فرماتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے کہ اب بیت اللہ الحرام ہی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جائے (۱۴۵) اہل کتاب کے سامنے کوئی نشانی پیش کی جائے تو وہ کسی حالت میں بھی بیت اللہ الحرام کو قبلہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں بلکہ قبلہ کے معاملہ میں تو وہ ایک دوسرے کے بھی مخالف ہیں (۱۴۶) اہل کتاب سے بیت اللہ الحرام کی حقیقت اور اس کے قبلہ بن جانے کے معارف پوشیدہ نہیں ہیں بلکہ وہ ان چیزوں سے اسی طرح آگاہ ہیں جس طرح کہ اپنی اولاد سے آگاہ ہیں (۱۴۷) قبلہ کے معاملہ میں صحیح مسلک وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے بتلا دیا ہے۔ لہٰذا اس پر جمے رہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهُ جَمِيعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٤٨﴾ وَمِنْ

سمیٹ کر لے آئے گا بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور جہاں

حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط

سے آپ نکلیں تو اپنا منہ مسجد حرام کی طرف کیا کریں

وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٩﴾

اور آپ کے رب کی طرف سے یہی حق بھی ہے اور اللہ تمہارے کام سے غافل نہیں

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ

اور آپ جہاں کہیں سے نکلیں تو اپنا منہ مسجد حرام کی طرف

الْحَرَامِ ط وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ

کیا کریں اور تم بھی جہاں کہیں ہو تو اپنا منہ اس کی طرف کیا کرو

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ

تاکہ لوگوں کو تم پر کوئی الزام نہ رہے مگر ان میں سے جو

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ق فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ق وَلِاُتِمَّ

ہٹ دھرم ہیں تو تم بھی ان سے نہ ڈرو اور ہم سے ڈرتے رہا کرو اور تاکہ میں

نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا

اپنی نعمت تم پر پوری کروں اور تاکہ تم راہ پاؤ جیسا کہ ہم نے تم میں

فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ

ایک رسول تم ہی میں سے بھیجا جو تم پر ہماری آیتیں پڑھتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے

وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ

اور تمہیں کتاب اور دانائی سکھاتا ہے اور تمہیں سکھاتا ہے جو تم

تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ

نہیں جانتے تھے پس مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور میرا شکر کرو

**خلاصہ رکوع ۱۸**
تلقین استقامت علی القبلہ اور باب تہذیب اخلاق کے دو مسائل۔ ذکر، شکر۔
ماخذ آیت ۱۴۹۔۱۵۲

## ربط آیات

(۱۴۸) ہر ایک امت کا قبلہ اپنا اپنا رہا۔ قیامت کے دن دیکھا جائے گا کہ کس امت نے اپنے قبلہ کی کتنی قدر کی (یعنی) اس کی طرف توجہ کر کے یاد الٰہی کا کیا حق ادا کیا (۱۴۹) دنیا کے کسی حصہ میں جاؤ قبلہ تمہارا یہی رہے (۱۵۰) جہاں جاؤ قبلہ یہی ہے تاکہ مخالفین اسلام کو یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ مسلمانوں کا کوئی اصول نہیں وہ جس قوم میں جاتے ہیں اسی کے قبلہ کی طرف منہ کر لیتے ہیں۔ اگرچہ ظالم تو اس ایک دفعہ کی تحویل کے باعث ابھی پیچھا نہیں چھوڑتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حقیقتاً امر الٰہی کے مطابق کی۔ (۱۵۱) جس طرح تمہارے لئے ایک رسول منتخب کیا گیا ہے، اسی طرح تمہارے لئے قبلہ بھی بہترین مقرر کیا گیا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ربط آیات (۱۵۲) ابتداء پارہ الم سے لے کر اس سے ماقبل کی آیت تک اہل کتاب سے مناظرہ تھا۔ اب یہاں سے اخیر سورۃ تک ترقی کے پانچ مرتبوں کی تشریح اور ان کے اسباب بیان کئے



وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿١٥٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ
اور ناشکری نہ کرو اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد

وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٣﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ
لیا کرو بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور جو اللہ کی راہ میں مارے

يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ
جائیں انہیں مرا ہوا نہ کہا کرو بلکہ وہ تو زندہ ہیں لیکن

لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ
تم نہیں سمجھتے اور ہم تمہیں کچھ خوف اور

الْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ
بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٥﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ
اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دو وہ لوگ کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے

قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿١٥٦﴾ ۭ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ
تو کہتے ہیں ہم تو اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں یہ لوگ ہیں جن پر

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿١٥٧﴾
ان کے رب کی طرف سے مہربانیاں ہیں اور رحمت اور یہی ہدایت پانے والے ہیں

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ
بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں پس جو کعبہ کا

الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ
حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان کے درمیان طواف کرے

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿١٥٨﴾ اِنَّ
اور جو کوئی اپنی خوشی سے نیکی کرے تو بیشک اللہ قدر دان جاننے والا ہے بیشک

منزل ۱

ع ۱۸ / ۴

جائیں گے۔ واللہ اعلم جب کوئی قوم بام عروج پر چڑھنا چاہتی ہے۔ تو اسے زندگی کے پانچ مرحلے طے کرنے پڑتے ہیں۔ پہلا زینہ تہذیب اخلاق کا ہے۔ دوسرا تدبیر منزل کا تیسرا سیاست مدنیہ میں ملک گیری کا چوتھا سیاست مدنیہ میں ملک داری کا

**خلاصہ رکوع ۱۹**
باب تہذیب اخلاق کے پہلے شعبے ذکر شکر صبر دعا تعظیم شعائر اللہ
ماخذ آیت ۱۵۲ تا ۱۵۸

پانچواں خلافت کبریٰ کا یعنی دنیا بھر میں اس منصب کے حاملوں جیسا کوئی بادشاہ نہ ہو۔ فاذکرونی اذکرکم سے باب تہذیب اخلاق شروع ہوتا ہے۔ اس باب میں پانچ مسئلے ہیں (۱) ذکر (۲) شکر (۳) صبر (۴) دعا (۵) تعظیم شعائر اللہ۔ دو پہلے مسئلے اس آیت میں حل کئے گئے ہیں۔ کہ ہر طرح کی ضرورت کے وقت اللہ تعالیٰ کے دروازے پر جاؤ جب مطلب برآری ہو جائے تو اس کا شکر بجا لاؤ۔ (۱۵۳) اللہ تعالیٰ کے دروازے پر جانے کے بعد اگر مطلب کے پورا ہونے میں دیر لگے تو صبر کے ساتھ اس کے دروازے پر پڑے رہو اور دعا کا سلسلہ جاری رکھو (۱۵۴) منزل مقصود تک پہنچنے سے پہلے بعض آدمی راستہ ہی میں فنا ہو جاتے ہیں۔ تو ان کو مردہ سمجھو اور یہ خیال نہ کرو کہ انعامات سے محروم ہو گئے بلکہ ان کو حیات اخروی مل چکی ہے اور رحمت الٰہی سے مستفید ہو رہے ہیں لیکن تم نہیں معلوم کر سکتے (۱۵۵) اقرب الٰہی کے لئے جس قدر قدم اٹھاؤ گے اور نصرت و اعانت کے لئے دروازہ الٰہی پر ہاتھ پھیلاؤ گے تو پہلے امتحان کی بھٹی میں ڈالے جاؤ گے۔ ان امتحانوں کی تفصیل اس آیت میں موجود ہے۔ جو لوگ امتحان میں کامیاب نکلیں گے

انہیں بشارت دی گئی ہے یعنی وہ ضرور منزل مقصود پر پہنچا دیئے جائیں گے (۱۵۶) جو لوگ مصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ ہم تو قدر ہی کے لئے ہیں اس کی طرف سے جو کچھ ہم پر نازل ہوتا ہے ہم اس پر راضی ہیں اور یہی اس

سکتی۔ اور ہر تکلیف کا اجر دینے والا ہے (۱۵۷) اسی قسم کے سچے اور برگزیدہ لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں گی (۱۵۸) محبت کا پیمانہ جب لبریز ہو جاتا ہے تو محبوب کے گھر کے متعلقات بھی محبوب نظر آتے ہیں۔ اگرچہ ذکر شکر صبر و دعا محبت الٰہی کا پتہ دیتے ہیں۔ مزید برآں تعظیم شعائر اللہ بھی پیمانہ محبت کے فیصلہ کی دلیل ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ
جو لوگ ان کھلی کھلی باتوں اور ہدایت کو کہ جسے ہم نے نازل کر دیا ہے اس کے بعد بھی چھپاتے ہیں

مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ
کہ ہم نے ان کو لوگوں کے لئے کتاب میں بیان کر دیا یہی لوگ ہیں کہ ان پر اللہ لعنت کرتا ہے اور لعنت

اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا
کرنے والے لعنت کرتے ہیں مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کر لی اور ظاہر کر دیا

فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ
پس یہی لوگ ہیں کہ میں ان کی توبہ قبول کرتا ہوں اور میں بڑا توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہوں بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ
جنہوں نے انکار کیا اور انکار ہی کی حالت میں مر بھی گئے تو ان پر

لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ
اللہ کی لعنت ہے اور فرشتوں اور سب لوگوں کی بھی وہ ہمیشہ اسی

فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ
میں رہیں گے ان سے عذاب ہلکا نہ کیا جائے گا اور نہ وہ

يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
مہلت دیئے جائیں گے اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں بڑا مہربان

ع ۱۹ ۲ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ
نہایت رحم والا ہے بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ
کے بدلنے میں اور جہازوں میں جو دریا میں لوگوں کی نفع دینے والی چیزیں لے کر

النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ
چلتے ہیں اور اس پانی میں جسے اللہ نے آسمان سے نازل کیا ہے پھر اس سے

خدا تعالیٰ بھی راضی ہوگا اور مخلوق خدا بھی راضی ہوگی اس کی دنیا بھی سنور جائے گی اور وہ آخرت میں بھی نجات پائے گا۔ ایسا نسخہ اکسیر جس شخص کے پاس موجود ہو اور وہ خاموش رہے یعنی اس نسخہ سے لوگوں کو آگاہ نہ کرے اور اس وجہ سے دنیا میں فسادات برپا ہوں اس جہان میں لوگ ذلیل و خوار ہو جائیں اور آخرت میں جہنم رسید ہوں تو واقعی اس کتمان حق کرنے والے کی سزا یہی ہونی چاہیے۔ اللھم اعذنا منہ و جمیع المسلمین۔ (۱۶۰) جو اس کتمان حق سے تائب ہو جائیں گے اور اعلائے کلمۃ اللہ شروع کر دیں گے تو وہ کتمان کی سزا سے بچ جائیں گے (۱۶۱) جو لوگ مرض کتمان میں مبتلا رہیں گے وہ لعنت میں مبتلا رہیں گے (۱۶۲) ایک مقتول جسمانی کا قاتل جہنم میں جاتا ہے تو مقتول روحانی کے قاتل کی سزا اس سے بدرجہا زیادہ ہونی چاہیے کیونکہ جسمانی مقتول کا قاتل مقتول کو فقط جسمانی دنیاوی نعمتوں سے محروم کرتا ہے۔ اس کے خلاف روحانیت کا قاتل اپنے مقتول کو ابدالآباد کی نعمتوں سے محروم کر دیتا ہے اور کتمان حق کرنے والے عالم کے مقتول روحانی سینکڑوں سینکڑوں بلکہ ممکن ہے لاکھوں تک پہنچ جائیں۔ لہٰذا یہ شخص واقعی تخفیف سزا کا مستحق نہیں ہو سکتا۔ اللھم اعذنا منہ و جمیع المسلمین۔ (۱۶۳) باب تہذیب اخلاق کا حاصل یہ ہے کہ معبود حقیقی وحدہٗ

خلاصہ رکوع ۲۰
آمدہ ہر جزئی کے پانچ مسئلوں میں سے پہلا مسئلہ کسب رزق۔
ماخذ آیت ۱۶۴ •

لا شریک لہٗ کی ذات مجیدہ سے انسان کا تعلق بہترین طریقے سے قائم ہو جائے۔ لہٰذا خاتمہ باب پر انتہائی غایت تہذیب بتلا دی گئی ہے۔ واللہ اعلم •





Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪

مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے اور اس میں ہر قسم کے چلنے والے جانور پھیلاتا ہے

وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ

اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان حکم کا

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَمِنَ النَّاسِ

تابع ہے البتہ عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں اور ایسے لوگ بھی ہیں

مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ

جنہوں نے اللہ کے سوا اور شریک بنا رکھے ہیں جن سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی کہ اللہ

اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ

سے رکھنی چاہیئے اور ایمان والوں کو تو اللہ ہی سے زیادہ محبت ہوتی ہے اور کاش دیکھتے وہ لوگ

ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّ

جو ظالم ہیں جب عذاب دیکھیں گے کہ سب قوت اللہ ہی کے لئے ہے اور

اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿١٦٥﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا

اللہ سخت عذاب دینے والا ہے جب وہ لوگ بیزار ہو جائینگے جن کی پیروی کی گئی

مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

تھی ان لوگوں سے جنہوں نے پیروی کی تھی اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے اور ان کے تعلقات ٹوٹ

الْاَسْبَابُ ﴿١٦٦﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً

جائیں گے اور کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے پیروی کی تھی کاش ہمیں دوبارہ جانا ہوتا

فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ

تو ہم بھی ان سے بیزار ہو جاتے جیسے یہ ہم سے بیزار ہوئے ہیں اسی طرح اللہ انہیں ان کے اعمال

اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿١٦٧﴾ ع

حسرت دلانے کے لئے دکھائے گا۔ اور وہ دوزخ سے نکلنے والے نہیں

## ربطِ آیات

(١٦٤) خزائن قدرت الٰہیہ اُبل رہے ہیں اور خالق قدرت وحدہٗ لاشریک ہے انسان نے عقل دے دی ہے لہٰذا عقل کے ذریعے ترکیب و تحلیل سے رزق کماؤ (١٦٥) ذرائع معاش میں دست اندازی کرنے کے بعد رکاوٹوں کا پیدا ہو جانا لازمی ہے۔ اس وقت انسان شیطان کے مشورہ سے بعض اوقات غیر اللہ کے دروازے پر جا کر حاجت روائی کے لئے ہاتھ پھیلاتا ہے اور حق عبودیت کے پھول ان ہی کی بارگاہ میں بطور نذرانہ پیش کرتا ہے لیکن ایمان والے سوائے دروازہ الٰہی کے نہ کہیں جاتے ہیں نہ حقیقی مولیٰ کے سوا کسی سے لو لگاتے ہیں۔ ایک وقت آئے گا کہ مشرکین کو معلوم ہو جائے گا کہ ساری قوت محض اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے اگر انہیں آج اس چیز کا یقین ہوتا تو غیر اللہ کے دروازے پر کیوں جاتے (١٦٦) یہ لوگ جن کو آج حاجت روا جانتے ہیں، قیامت کے دن وہ ان سے بیزار ہو جائیں گے (١٦٧) غیر اللہ کے دروازے پر جانے والے حسرت سے کہیں گے کہ اگر دنیا میں ہمیں دوبارہ بھیجا جائے تو ہم بھی ان سے ایسے ہی بیزار ہو جائیں جس طرح یہ آج ہم سے بیزار ہیں ٭

ع ٢ ٣



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ربط آیات (۱۶۸) جب انسان کو کوئی خصلت پیدا کرنا منظور ہو تو وہ اپنے طرز کو ایسے رنگ میں بدل لیتا ہے جس کے پیش نظر مقصد پورا ہو جائے۔ مثلاً پہلوان بننے کے لئے دودھ، گوشت، انڈے اور دوسری مقوی غذاؤں کو لازم کر لیا جاتا ہے۔ اسی طرح جس شخص کو دنیا میں بڑا کام کرنا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے روحانی مربی یعنی نبی کے مشورے سے چیزیں صرف کرے تاکہ اس کا

**خلاصہ رکوع ۲۱**
مسئلہ دوم صرف کرنے کے اصول
ماخذ آیت ۱۶۸ •

مطلب اور ارادہ جلد پورا ہو جائے نبی کی تعلیم کا یہ اثر ہوتا ہے کہ انسان کی عقل میں ایسے علوم اور خیالات بھر دیئے جاتے ہیں جن سے ادراک میں پختگی پیدا ہو اور وہ جلد منزل مقصود پر پہنچ سکے۔ اس کے برعکس افکار شیطانی اور اتباع شیطان کا یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انسان کی ہمت پست ہو جائے۔ نہ ارادہ کی تکمیل ہو اور نہ منزل مقصود پر پہنچنا نصیب ہو لہٰذا اے لوگو! اللہ تعالیٰ کی ہر چیز کو جائز طریقے سے کمایا کرو اور حلال شدہ چیزوں میں سے بھی ستھری اور پسندیدہ چیزوں کا استعمال کیا کرو (۱۶۹) شیطان تمہیں بےحیائی اور بداخلاقی کی تعلیم دیتا ہے اور سکھاتا ہے کہ تم خود خواہشات نفسانی کو پورا کرنے کے لئے باتیں بناؤ اور یہ دعویٰ کرتے رہو کہ جو کچھ کر رہے ہو اللہ تعالیٰ کے حکم ہی سے کر رہے ہو (۱۷۰) اگر نبی کی تعلیم چھوڑنے پر یہ لوگ کسی کا اتباع نہ کرتے تو بھی عیب چھپا رہتا لیکن یہ تو نبی کی تعلیم کو چھوڑ کر باپ دادا کی رسمیں پوری کرتے ہیں۔ بہرحال کسی نہ کسی قانون کی پابندی تو یہ ضرور کریں گے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ نبی کے قانون کا اتباع کریں اور یہی قانون گھر میں جاری کریں۔ اگر نبی کا اتباع نہیں کرتے تو انہیں جاہلوں کا اتباع کرنا پڑے گا (۱۷۱) بیہودہ منزل کی جو صفتیں ان کے سامنے پیش کی جاتی ہیں ان پر یہ

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا
اے لوگو ان چیزوں میں سے کھاؤ جو زمین میں ہیں حلال پاکیزہ اور

تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾
شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو بیشک وہ تمہارا صریح دشمن ہے

اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى
وہ تو تمہیں برائی اور بے حیائی ہی کا حکم دے گا اور یہ کہ اللہ کے ذمے تم وہ باتیں

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ
لگاؤ جنہیں تم نہیں جانتے اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کرو جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ
اللہ نے نازل کیا ہے تو کہتے ہیں بلکہ ہم تو اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾
کیا اگرچہ ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھی راہ پاتے ہوں

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا
اور ان کی مثال جو کافر ہیں اس شخص کی سی ہے جو اس چیز کو پکارتا ہے جو

لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ
سوائے پکار اور آواز کے نہیں سنتی وہ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں

فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ
پس وہ نہیں سمجھتے اے ایمان والو پاکیزہ چیزوں میں

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کی اور اللہ کا شکر کرو اگر تم

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ
اسی کی عبادت کرتے ہو سوائے اس کے نہیں کہ تم پر مردار



لوگ اس لئے غور نہیں کرتے کہ ان کے اپنے طریقوں کی غلطیاں ظاہر ہو جائیں گی جنہیں اپنے باپ دادا کی پیروی میں انہوں نے اختیار کر رکھا ہے۔ ایسے لوگوں کی حالت حیوانوں کی سی ہے۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

(پچھلے صفحہ کا بقیہ) ان کو سمجھانا اور دینی باتیں ان کے روبرو پیش کرنا ایسا ہے جس طرح جانوروں کو کوئی شخص پکار رہا ہو (۲) آمنوا سے مراد وہ لوگ ہیں جو تعلیم نبوی پر چلنے کا ارادہ کر لیں۔ ایمان کی تعریف میں بہت اختلاف



وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ

اور خون اور سؤر کا گوشت اور اس چیز کو کہ اللہ کے سوا اور کے نام سے پکاری گئی ہو حرام کیا ہے

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۗ

پس جو لاچار ہو جائے نہ سرکشی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر کوئی گناہ نہیں

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

بیشک اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے بیشک جو لوگ اللہ کی نازل کی ہوئی

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا

کتاب کو چھپاتے اور اس کے بدلہ میں تھوڑا سا مول

قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ

لیتے ہیں یہ لوگ اپنے پیٹوں میں نہیں کھاتے مگر آگ

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ

اور اللہ ان سے قیامت کے دن کلام نہیں کرے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے گمراہی

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ

کو بدلے ہدایت کے خریدا اور عذاب کو بدلے بخشش کے پس

اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ

دوزخ کی آگ پر ان کا کتنا بڑا صبر ہے یہ اس لئے کہ اللہ نے کتاب سچائی

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ

کے ساتھ اُتاری اور بیشک جنھوں نے کتاب میں اختلاف کیا

لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ

البتہ ضد میں بہت دور جا پڑے یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق

ہے لیکن ذکر معنوں پر سب محققوں کا اتفاق ہے اور مولانا محمد قاسم صاحب مرحوم کا بھی یہی خیال ہے کیونکہ ارادہ ہی اصل چیز ہے اور اگر کام بھی کر لیا جائے تو وہ اسلام ہے (۲) کلوا من طیبات (ان چیزوں کی قسمیں بیان ہوتی ہیں) یعنی اپنی پسند کی چیزیں کھاؤ (۳) واشکروا للہ اور جو تمہارا مقصد ہے یعنی عبودیت کا حق ادا کرنا اس کو پورا کرو (۴) ان کنتم ایاہ تعبدون یعنی خدائے واحد کے تابع فرمان ہو کر چلنے کا طریقہ یہی ہے۔

ربط آیات (۱۷۳) جن چیزوں کے کھانے کی قسمیں گنائی ہیں وہ یہ ہیں (۱۷۴) اب کھانے کا قانون ختم ہو گیا۔ پہلے حکم ہوا تھا کہ خدا تعالیٰ کے خزانوں سے محنت کے ساتھ کما کر کھاؤ اور کھانے میں یہ قاعدہ بیان ہوا کہ مقتدا کی رائے ہر حال مقدم ہے۔ جن چیزوں کی اجازت دے کھاؤ اور باقیوں سے رک جاؤ۔ اس کے بعد بیان ہوا کہ تم اپنے گھر میں کوئی نہ کوئی قاعدہ ضرور رکھو گے تو پھر نبی کی تعلیم جو عقل کے موافق ہے اس کا اتباع ہر حال بہتر ہے۔ اب علمائے کرام کا فرض ہے کہ گھر کے قانون کے یہ دو چھوٹے چھوٹے علم کر دیں۔ اگر علماء دنیا کے فائدے کی وجہ سے اس قانون کی اشاعت سے رکتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کی کوئی عزت نہیں (۱۷۵) چاہیے تو یہ تھا کہ یہ لوگ تعلیم پا کر ہدایت لیتے۔ لیکن انہوں نے بجائے ہدایت کے گمراہی خریدی اور بجائے مغفرت کے عذاب پایا (۱۷۶) یہ سزا اس لئے دی جاتی ہے کہ کتاب تو ضرورت پوری کرنے کے لئے نازل کی گئی تھی اور ان لوگوں نے کتاب کی تفسیر میں اتنا اختلاف پیدا کر دیا ہے جس سے وہ قابل فیصلہ ہی نہیں رہی تو گویا انہوں نے کتاب کو بیکار کر دیا ہے۔ جملہ معترضہ۔ تمہید منزل کا اوّل حصہ ختم ہو گیا ہے جس میں کمانے اور صرف کرنے کے اصول بتلائے گئے ہیں ٥

۲۱ ع ۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
اور مغرب کی طرف پھیرو بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَ
قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر اور
اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ
اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور
الْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ
مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے
وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ
اور نماز پڑھے اور زکوٰۃ دے اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں
اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ
جب وہ عہد کرلیں اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت
وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَ
صبر کرنے والے ہیں یہی سچے لوگ ہیں اور
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ
یہی پرہیزگار ہیں اے ایمان والو مقتولوں
عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ
میں برابری کرنا تم پر فرض کیا گیا ہے آزاد بدلے آزاد کے اور غلام
بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ
بدلے غلام کے اور عورت بدلے عورت کے پس جسے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ بھی
اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ
معاف کیا جائے تو دستور کے موافق مطالبہ کرنا چاہیئے اور اسے نیکی کے ساتھ ادا

**خلاصہ رکوع ۲۲**
مسئلہ سوم۔ نظام فوجداری و مسئلہ چہارم نظام دیوانی۔
ماخذ آیت ۱۷۷۔۱۸۰

## ربط آیات

(۱۷۷) اس رکوع میں تدبیر منزل کا دوسرا حصہ آئے گا جس میں انتظامی مشق ہو۔ علمی لحاظ سے تو قرآن شریف کا اچھا سمجھنے والا معزز قرار دیا گیا ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ اور عمل کے لحاظ سے اچھائی کا معیار یہ ہے کہ جو شخص گھر میں اچھا ہو وہی اچھا ہے کیونکہ جو شخص یہاں اپنے رفقاء میں اچھی طرح رہ سکتا ہے وہی اوپر جاکر بھی اچھا رہے گا۔ جب گزشتہ حالات سے ترقی ہوئی تو فرائض کا دائرہ بھی وسیع ہو گیا۔ لہذا ارشاد ہوتا ہے کہ جب تم آگے بڑھنا چاہتے ہو تو یہ سب کام کرو۔ انفاق مال پر زور اس لئے دیا گیا ہے کہ بخل دور ہو اور بخیل آدمی کبھی اچھا حاکم نہیں بن سکتا۔ اور جن لوگوں پر انسان احسان کرے گا وہ اس کے تابع ہو جائیں گے اس آیت میں پہلا فرض ایمان ہے دوسرا ایتاء مال تیسرا اقامۃ الصلوٰۃ و ایتاء زکوٰۃ۔ چوتھا ایفائے عہد۔ پانچواں تکالیف میں صبر اور تنگ الذین صدقوا اس فرض کو بجالانے والے لوگ ہی سچے ہیں اور یہی امام بننے کے قابل ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ

کرنا چاہیئے یہ تمہارے رب کی طرف سے آسانی اور مہربانی ہے پس جو

اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَ لَكُمْ

اس کے بعد زیادتی کرے تو اس کے لئے دردناک عذاب ہے اور اے

فِی الْقِصَاصِ حَیٰوةٌ یّٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ

عقلمندو تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے تاکہ تم (خونریزی

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَیْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

سے) بچو تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے

اِنْ تَرَكَ خَیْرَا ۖۚ الْوَصِیَّةُ لِلْوَالِدَیْنِ وَ الْاَقْرَبِیْنَ

اگر وہ مال چھوڑے تو ماں باپ اور رشتہ داروں کے لئے مناسب طور پر

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَی الْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۸۰﴾ ؕ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا

وصیت کرے یہ پرہیزگاروں پر حق ہے پس جو اسے اس کے سننے کے بعد

سَمِعَهٗ فَاِنَّمَاۤ اِثْمُهٗ عَلَی الَّذِیْنَ یُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

بدل دے اس کا گناہ ان ہی پر ہے جو اسے بدلتے ہیں بیشک اللہ

سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۸۱﴾ ؕ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ

سننے والا جاننے والا ہے پس جو وصیت کرنے والے سے طرف داری یا گناہ کا خوف

اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَیْنَهُمْ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

کرے پھر ان کے درمیان اصلاح کر دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں بیشک اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ ع ۲۲

نہایت رحم والا ہے اے ایمان والو تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں

كَمَا كُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ لا

جس طرح ان لوگوں پر فرض کئے گئے تھے جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ

منزل ۱

ربط آیات (۱۷۸ - ۱۷۹) نظام حکومت میں دو صیغے ہیں ۔ فوجداری اور دیوانی ۔ ان دو آیتوں میں نظام فوجداری سکھایا گیا ہے ۔ ابتدائی مسلہ اس کا گھر سے شروع ہوتا ہے ۔ مثلاً اگر گھر میں لڑائی ہو تو کس طرح فیصلہ ہوگا ۔ گھر کا بڑا آدمی اس قسم کے فیصلے کریگا اگر گھر میں سیاست کا مادہ پیدا ہو سکے ۔ قصاص کے معنی قتل کرنا غلط ہیں ۔ شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مسوّی میں قصاص کے معنی مساوات کے لکھے ہیں ۔ (۱۸۰) مسئلہ چہارم نظام دیوانی جس طرح مالدار کے لئے وصیت میں نقصان کا خیال رکھنا لازمی ہے اسی طرح مال کے ہر معاملہ میں عدل و انصاف کا ملحوظ رکھنا اہم فرضیت میں سے ہے ۔ جملہ معترضہ ۔ اس آیت کو منسوخ مانا جاتا ہے ۔ اگر والدین یا اعزا غیر مسلم ہوں اس حالت میں یہ آیت معمول بہا ہو سکتی ہے واللہ اعلم (۱۸۱) بعد کو وصیت تبدیل کرنے کا جرم اس کے مرتکب ہونے والوں پر ہوگا نہ کہ وصیت کرنے والے پر (۱۸۲) مصلح پر کوئی گناہ نہیں ہے (۱۸۳) قانون الٰہی کی پابندی سکھلا دینے کا خاص مقصد ہے اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ پہلی امتوں سے بھی روزے رکھائے گئے واللہ اعلم جملہ معترضہ ۔ ماہ رمضان میں تین چیزیں مقصود نظر آتی ہیں اول گھروں میں مذہبی تعلیم پھیلانا ۔ دوم قانون مذہب اور روح مذہب کا پابند بنانا ۔ سوم انتظام قائم کرنا ۔ جملہ معترضہ ۔ اقوام عالم میں ایک دستور معلوم ہوتا ہے کہ جس ملک میں جس قوم پر کوئی نعمت نازل ہو اس وقت اور اس دن میں اس کی سالگرہ مناتے ہیں اور خوشی کرتے ہیں ۔ مسلمانوں پر نزول قرآن ایک نعمت عظمیٰ ہے اور اس کا نزول ماہ رمضان میں ہوا ۔ لہٰذا قرآن حکیم کی سالگرہ رمضان المبارک میں منائی جاتی ہے اور اس میں قرآن پاک کو دہرایا جاتا ہے ۔ لہٰذا مسلمانوں کا نصاب تعلیم قرآن ہے ۔ زمانہ تعلیم رمضان ہے اور طریقہ تعلیم صلوٰۃ التراویح ہے ۔ واللہ اعلم ۔

**خلاصہ رکوع ۲۳**
مسئلہ خمسہ اشاعت تعلیم اور صلاح مساوات ۔
ماخذ آیت ۱۷۸ ۔ ۱۸۲

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى
گنتی کے چند روز پھر جو کوئی تم میں سے بیمار یا سفر
سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ
پر ہو تو دُوسرے دنوں سے گنتی پُوری کرلے اور ان پر جو اس کی طاقت رکھتے ہیں
فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ
فدیہ ہے ایک مسکین کا کھانا پھر جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو وہ اس کے لئے بہتر
لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾
ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو
شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى
رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اُتارا گیا جو لوگوں کے واسطے
لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ
ہدایت ہے اور ہدایت کی روشن دلیلیں اور حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے سو جو کوئی
شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا
تم میں سے اس مہینے کو پالے تو اس کے روزے رکھے اور جو کوئی بیمار
اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ
یا سفر پر ہو تو دُوسرے دنوں سے گنتی پُوری کرے اللہ تم پر
بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ وَلِتُكْمِلُوا
آسانی چاہتا ہے اور تم پر تنگی نہیں چاہتا اور تاکہ تم گنتی
الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ
پوری کرلو اور تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی اور تاکہ تم
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ
شکر کرو اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں

منزل ۱

**ربط آیات** (۱۸۴) سال کے تین سو ساٹھ دنوں میں سے کل تیس دن رمضان المبارک کے ہیں چونکہ روزہ دار کے لئے تخلق کی تکمیل مقصود ہے، محض بھوکا پیاسا رکھنا مقصد نہیں ہے اس لئے اگر بیمار یا مسافر بھوک کی وجہ سے روزہ کے مقصد کی طرف پوری توجہ نہیں کرسکتا تو ان عوارض کے رفع ہونے کے بعد رکھ لے اور علی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین مبتدا ہے اور علی الذین یطیقونہ خبر مقدم ہے طعام مسکین فدیہ سے بدل ہے یطیقونہ میں ضمیر منصوب طعام مسکین کی طرف راجع ہے حضرت شاہ صاحب نے بھی یہی معنی لکھے ہیں اور پہلے لوگوں سے بھی ان کی طرف اشارہ موجود ہے اور یہی صدقۂ فطر ہے جو مستطاعت والوں پر واجب ہے اس کے وجوب کی حکمت بیان کردینا بھی ضروری ہے روزے کی اصلی روح اور حقیقی مقصد معلوم ہوتا ہے کہ انسان میں اعلیٰ درجہ کی اخلاقی خوبی پیدا ہو جائے کہ اسے جب کسی محبوب چیز کے چھوڑنے کا حکم ملے تو بلا تامل اس کی تعمیل کے لئے تیار ہو جائے اور انسان کی ذاتی مرغوبات میں سے خورد و نوش سے بڑھ کر اور کوئی چیز محبوب نہیں جس پر اس کی حیات مستعار کا انحصار ہے روزے میں چونکہ انسان ایک معین وقت تک کھانے پینے سے محترز رہتا ہے اور ماکولات و مشروبات کا استعمال اعلیٰ پیمانے پر نہیں کر سکتا جیسے پہ راہ رمضان سے پہلے یا پیچھے کرتا ہے اس لئے خطرہ تھا کہ کہیں کھانے پینے سے معین احتراز کے باعث بخل کی خصلت نہ پیدا ہو جائے۔ اس خطرے کے انسداد کے لئے بظاہر یہ مناسب تھا کہ رمضان میں انسان کو حکم دیا جاتا کہ مقررہ وقت میں کھانے پینے سے الگ رہنے کے علاوہ روزانہ اپنا کھانا مسکینوں کو دیدیا کرے لیکن اس طرح کا حکم مشکل ہو جاتا اور عام مسلمان اس کی پیروی نہ کر سکتے دوسری صورت یہ تھی کہ رمضان کے اختتام پر پہلے مہینے کا کچھ نا جمع کرکے سب کو میں تقسیم کر دیا جاتا لیکن اس میں بھی مشکلات تھیں لہٰذا یہ حکم دیا گیا کہ رمضان کے اختتام پر نماز عید سے قبل ہر ذی استطاعت مسلمان ایک مقررہ مقدار میں صدقۂ فطر ادا کرے۔ چھوٹے بچوں، غلاموں، عورتوں سب کی طرف سے صدقۂ فطر کو واجب بنا دینے سے مقصد کثرت صدقہ بھی پورا ہو گیا۔ بعض احادیث میں آتا ہے کہ جو شخص صدقۂ فطر ادا نہ کرے اس کے روزے قبول نہیں ہوتے۔ فقہائے احناف کے نزدیک مشہور ہے کہ صدقۂ فطر صاحب نصاب پر (بقیہ اگلے صفحہ پر)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

(پچھلے صفحہ کا بقیہ) کے ذمے واجب ہے۔ حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص عید کے دن اتنے صدقہ کی استطاعت رکھتا ہو اس کے ذمے واجب ہے۔ منذری نے یہی لکھا ہے، صحابہ کرام اور تابعین کا معمول بھی یہی رہا ہے



قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا

نزدیک ہوں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے پھر چاہیئے کہ میرا حکم

لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿١٨٦﴾ أُحِلَّ لَكُمْ

مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ ہدایت پائیں تمہارے لئے روزوں

لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ

کی راتوں میں اپنی عورتوں سے مباشرت کرنا حلال کیا گیا ہے وہ تمہارے لئے پردہ ہیں

وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ

اور تم ان کے لئے پردہ ہو اللہ کو معلوم ہے کہ تم اپنے نفسوں سے خیانت

أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۖ فَالْآنَ

کرتے تھے پس تمہاری توبہ قبول کر لی اور تمہیں معاف کر دیا سو اب

بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَ

ان سے مباشرت کیا کرو اور طلب کرو وہ چیز جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے اور کھاؤ اور

اشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ

پیئو جب تک کہ تمہارے لئے سفید دھاری سیاہ دھاری سے

الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى

فجر کے وقت صاف ظاہر ہو جاوے پھر روزوں کو رات تک پورا

اللَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي

کرو اور ان سے مباشرت نہ کرو جب کہ تم مسجدوں میں معتکف

الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذَٰلِكَ

ہو یہ اللہ کی حدیں ہیں سو ان کے قریب نہ جاؤ اسی طرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٨٧﴾

اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے لئے بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں

احناف کی کتابوں سے معلوم ہوتی ہے کہ صدقہ فطر صاحب استطاعت یا غنی پر واجب ہے اور غنی کا عام معیار یہی ہے کہ وہ صاحب نصاب ہو۔ تحریر سابق کے لحاظ سے وعلی الذین یطیقونہ منسوخ نہیں ہے۔ لہٰذا وان تصوموا خیر لکم کا مطلب یہ ہوگا کہ روزہ تمہارے لئے بہترین چیز ہے

۱۸۵ رمضان ایسا ماہ ہے کہ جس میں قرآن نازل ہوا لہٰذا اسی مہینے میں اس کی تجدید مناسب جانتے اور یاد تازہ کی جاتی ہے۔ وفعدۃ من ایام اخر۔ اگر کوئی جانب علم جماعت میں حاضر نہ ہو سکے تو اسے لازم ہے کہ اپنی جگہ پر مضامین یاد کرے اور لعلکم تشکرون اشکر کا یہ مطلب ہے کہ جو نعمت تمہیں ملی ہے اسے صحیح مصرف میں خرچ کرو یعنی جب خدا تعالیٰ نے تمہیں قرآن عطا فرمایا ہے تو اسے لے کر آگے بڑھو اور کوئی چیز تمہیں روک نہ سکے گی۔

**ربط آیات صفحہ ہذا (۱۸۶)**

اب دوسرا کلام شروع ہوتا ہے یعنی روح تعلیم اعلیٰ شعور پیدا ہوا پابندی کے لئے دعا نہایت عمدہ ذریعہ ہے آپ نے فرمایا ہے۔ الدعاء مخ العبادۃ اس کے کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ جو اعلیٰ سے اعلیٰ قبولیت دعا کے وقت ہیں ان میں دعا کے تمام شرائط کو پورا کر کے دعا کرو۔ اگر کثر اچھا نتیجہ نکلا تو سمجھ لینا کہ دعا بھی کوئی چیز ہے قبولیت دعا کے اعلیٰ اوقات اور شرائط دعا موجود نہ ہوں تو مطلوبہ نتیجہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس کی مثال یہ ہو سکتی ہے کہ اگر ہم کسی کو گندم کے اُگنے کا تجربہ کرانا چاہیں گے تو یہ تجربہ فصل گندم کی کاشت کے اوقات ہی میں دکھایا جا سکے گا۔ ۱۸۷ چونکہ مسلمانوں میں لڑنے کی قوت پیدا کرنا سخت ضروری ہے اس لئے ان کا موٹا تازہ رہنا بھی ضروری ہوگا

حرام ہو جاتیں) کی پابندی کرنا سخت تکلیف کا باعث ہوگا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے سحر تک خورد و نوش اور میل جول وغیرہ کی اجازت دے دی۔ (وابتغوا ما کتب اللہ) یعنی اولاد طلب کرو



اور موٹا تازہ رہنے کے بعد اگر وہ نکاح نہ کریں تو سخت خرابیاں پیدا ہوں گی۔ اور نکاح کے بعد ایسے آدمیوں سے اہل کتاب کے قانون صوم (یعنی مغرب کے بعد اگر نیند آجائے تو کھانا پینا اور میاں بیوی کا ملنا

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ربط آیات (۱۸۸) تدبیر منزل کے فرائض انتظامی بھی ختم ہو چکے۔ تدبیر منزل اور سیاست مدنیہ کے درمیان ایک چھوٹا سا حصہ ہے جسے شاہ صاحب کی اصطلاح میں معاملات کہتے ہیں۔ اس آیت میں اس کا بیان ہے مثلاً چار گھر ل کر رہیں گے تو انہیں تبادلۂ اشیاء کی ضرورت پڑے گی۔ اس کے لئے قاعدہ کلیہ بتلایا گیا ہے کہ ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقہ سے نہ کھاؤ۔ اگرچہ ناحق دعویٰ پیش کرنے پر حکومت کی عدالت بھی اس کے مطابق فیصلہ کر دے۔ خدا تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے اصلاح معاملات کا اتنا قانون کافی ہے جتنا اس آیت میں بتلایا گیا ہے ۱۸۹؛ عام تفاسیر میں لکھا ہے کہ لوگوں نے چاند کے گھٹنے بڑھنے کا سوال کیا تھا۔ شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ اس کا ترجمہ چاند نہیں ہے بلکہ مہینے۔ تو مطلب یہ نکلا کہ وہ پوچھتے ہیں مہینے قمری استعمال کریں یا شمسی۔ حالانکہ شمسی مہینوں میں یہ دقت ہے کہ وہ عام فہم نہیں ہیں اور ایک پڑھے لکھے حساب دان کی ضرورت پڑتی ہے جو حساب جنتری کے اس کو جانتے ہیں اور مذہبی ضروریات کے لئے ممکن نہیں کہ ہر وقت اچھے محاسب ملیں۔ قمری مہینے عام فہم ہیں اس لئے حکم ہوا کہ ان کا اعتبار کیا کرو۔ اور امام الاحکم ابراہیم علیہ السلام نے بھی قمری مہینوں کا اعتبار کیا ہے کیونکہ حج وغیرہ ان ہی مہینوں پر مقرر کیا ہے۔ بہرحال اس کے بعد میں تدبیر اس طرح نہ کیا کرو کہ صورت قانون کی تعمیل کر دی جائے اور روح قانون اڑا دی جائے (۱۹۰) عام طور پر یہ ترجمہ کیا گیا ہے کہ جو لڑنے کے لئے آئے اس سے لڑو اور جو لڑنے کے لئے نہ آئے تو خود بڑھ کر لڑنے کے لئے نہ جاؤ۔ حق طور پر یہ بہت مسلّم ہے کہ جو قوم ظلم کرنے کے لئے تیار نہ ہو وہ غالب نہیں ہو سکتی۔ اگر خدا تعالیٰ کو مسلمانوں کا غلبہ رکھنا منظور ہے تو یہ تعلیم ہو ہی نہیں سکتی

خلاصہ رکوع ۲۴
باب سوم ملک گیری
ماخذ آیت ۱۹۰

وَلَا تَأْكُلُوٓا۟ أَمْوَٰلَكُم بَيْنَكُم بِٱلْبَٰطِلِ وَتُدْلُوا۟ بِهَآ
اور ایک دوسرے کے مال آپس میں ناجائز طور پر نہ کھاؤ اور انہیں حاکموں
إِلَى ٱلْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا۟ فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَٰلِ ٱلنَّاسِ
تک نہ پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ گناہ سے
بِٱلْإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۱۸۸﴾ يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلْأَهِلَّةِ ۖ قُلْ
۲۳ ع
کھا جاؤ حالانکہ تم جانتے ہو آپ سے چاندوں کے متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو
هِىَ مَوَٰقِيتُ لِلنَّاسِ وَٱلْحَجِّ ۗ وَلَيْسَ ٱلْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا۟
یہ لوگوں کے لئے اور حج کے لئے وقت کے اندازے ہیں اور نیکی یہ نہیں ہے کہ تم گھروں میں
ٱلْبُيُوتَ مِن ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ ٱلْبِرَّ مَنِ ٱتَّقَىٰ ۗ وَأْتُوا۟
ان کی پشت کی طرف سے آؤ اور لیکن نیکی یہ ہے کہ جو کوئی اللہ سے ڈرے اور تم
ٱلْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَٰبِهَا ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۱۸۹﴾
گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ
وَقَٰتِلُوا۟ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ يُقَٰتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوٓا۟ ۚ
اور اللہ کی راہ میں ان سے لڑو جو تم سے لڑیں اور زیادتی نہ کرو
إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلْمُعْتَدِينَ ﴿۱۹۰﴾ وَٱقْتُلُوهُمْ حَيْثُ
بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور انہیں قتل کرو جہاں
ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ ۚ وَ
پاؤ اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا ہے اور
ٱلْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ ٱلْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَٰتِلُوهُمْ عِندَ ٱلْمَسْجِدِ
غلبہ شرک قتل سے زیادہ سخت ہے اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ
ٱلْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَٰتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِن قَٰتَلُوكُمْ فَٱقْتُلُوهُمْ ۗ
لڑو جب تک کہ وہ تم سے یہاں نہ لڑیں پھر اگر وہ تم سے لڑیں تم بھی انہیں قتل کرو



بلکہ مطلب یہ ہے کہ تم لڑنے کے لئے ہر وقت تیار رہو جس طرح فوج چھاؤنی میں ہر وقت تیار رہتی ہے وہ گویا لڑ رہی ہے۔ کیونکہ لڑنے پر ہر وقت آمادہ رہنا بھی لڑنا ہے یہ نہیں کہ ہر وقت تلوار ہی چلتی رہے۔ یعنی اس قانون الٰہی کے لئے اگر کوئی شخص مانع ہو اور روک پیدا کرے اور وہ تم سے لڑنے کے لئے تیار رہتا ہو تو تم بھی اس سے لڑنے کے لئے ہر وقت تیار رہو اور جو لوگ فطرتاً لڑنے سے عاجز ہیں بقیہ اگلے صفحہ پر

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
کافروں کی یہی سزا ہے پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ
نہایت رحم والا ہے اور ان سے لڑو یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے اور اللہ کا

الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى
دین قائم ہو جائے پھر اگر وہ باز آجائیں تو سوائے ظالموں کے کسی پر سختی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ
جائز نہیں حرمت والے مہینے کا بدلہ حرمت والا مہینہ ہے اور سب قابلِ تعظیم باتوں

قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ
کا بدلہ ہے پھر جو تم پر زیادتی کرے تم بھی اس پر زیادتی کرو

بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا
جیسی کہ اس نے تم پر زیادتی کی اور اللہ سے ڈرو اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو

وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَاَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ
اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بے شک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ
اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور اللہ کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو

فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا
پس اگر رو کے جاؤ تو جو قربانی سے میسر ہو اور اپنے سر

رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ
نہ منڈاؤ جب تک کہ قربانی اپنی جگہ پر نہ پہنچ جائے پھر جو کوئی تم میں سے

منزل ۱

(آخر جو تم کو جیسا کہ جیسے انہوں نے تمہیں دارالسلطنت مکہ معظمہ سے نکالا ہے تم بھی وہاں سے انہیں نکال دو۔ فتنہ کے معنی بدنظمی کے ہیں اور بدنظمی میں امتحان ہوتا ہے اور قرآن حکیم میں کہیں تو فتنہ بمعنی امتحان ہوتا ہے اور کہیں بدنظمی اور اس آیت سے بدنظمی مراد ہے۔ بدنظمی میں چونکہ کام اچھا نہیں ہوتا اس لئے جو لوگ بدنظمی پھیلاتے ہیں ان کو قتل کرنا لازمی ہو گا۔ جس طرح ایک عضو ماؤف کو کاٹ دیا جائے تو باقی بدن صحیح و سالم ہو کر کام کر سکتا ہے۔ ایسی حالت میں اس عضو کا کٹنا رحمت ہے۔ اسی طرح جب کوئی قوم ناقابل اصلاح ہو جائے اور اس کا وجود دوسرے انسانوں کے لئے تباہی کا موجب ہو رہا ہو تو انبیاء علیہم السلام اس کے کاٹنے کا حکم دیتے ہیں۔ (۱۹۲) اگر وہ لوگ اپنی اصلاح کر لیں تو انہیں تکلیف دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ (۱۹۳) لڑتے رہو یہاں تک کہ ساری دنیا میں قانون الٰہی قائم ہو جائے یعنی قانون الٰہی وہ قانون بن جائے جس کے خلاف پر حکومتیں سزا دیتی ہیں۔ (۱۹۴) عام طور پر مشہور ہے کہ مہینے حرام کے منسوخ ہیں۔ یہ صحیح نہیں ہے بلکہ حرمت باقی ہے۔ تین مہینے حج کے لئے حرام ہیں اور رجب عمرہ کے لئے۔ اگر کوئی قوم ہماری مذہبی مقدس اشیاء کو تباہ کر چکی تو ہمیں بھی ان کی مذہبی مقدس اشیاء کو تباہ کرنا چاہیئے۔ ان اللہ مع المتقین اللہ تعالیٰ کا پہلا انعام جو لوگوں پر ہوتا ہے وہ ہے ارادہ کا عزم اور استحکام۔ جب تک کسی قانون چلنے والی قوم کی بات مضبوط ہو گی کوئی قوم اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گی۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے یعنی تمہارے ارادوں کو مستحکم رکھے گا۔ واللہ اعلم (۱۹۵) انصار نے خیال کیا کہ

ع

ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اسلام کی کافی خدمت کی اور جہاد میں شریک رہے۔ اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مسلمان مہاجر کثرت سے جمع ہو گئے ہیں لہٰذا ہمیں اب جہاد میں شرکت کی ضرورت

Downloaded From
https://bit.ly/QuranAziz24

مَّرِيضًا أَوْ بِهِۦٓ أَذًى مِّن رَّأْسِهِۦ فَفِدْيَةٌ مِّن صِيَامٍ أَوْ
بیمار ہو یا اسے سر میں تکلیف ہو تو روزوں سے یا

صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَآ أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ بِٱلْعُمْرَةِ
صدقہ سے یا قربانی سے فدیہ دے پھر جب تم امن میں ہو تو جو عمرہ سے حج تک فائدہ

إِلَى ٱلْحَجِّ فَمَا ٱسْتَيْسَرَ مِنَ ٱلْهَدْىِ ۚ فَمَن لَّمْ يَجِدْ
اٹھائے تو قربانی سے جو میسّر ہو (دے) پھر جو نہ پائے

فَصِيَامُ ثَلَٰثَةِ أَيَّامٍ فِى ٱلْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ ۗ
تو تین روزے حج کے دنوں میں رکھے اور سات جب تم لوٹو

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذَٰلِكَ لِمَن لَّمْ يَكُنْ أَهْلُهُۥ حَاضِرِى
یہ دس پورے ہو گئے یہ اس کے لئے ہے کہ جس کا گھر بار

ٱلْمَسْجِدِ ٱلْحَرَامِ ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ
مکہ میں نہ ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ اللہ سخت عذاب دینے

٢٣ ع ٱلْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ ٱلْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَٰتٌ ۚ فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ
والا ہے حج کے چند مہینے معلوم ہیں سو جو کوئی ان میں حج کا قصد کرے

ٱلْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِى ٱلْحَجِّ ۗ
تو مباشرت جائز نہیں اور نہ گناہ کرنا اور نہ حج میں لڑائی جھگڑا کرنا

وَمَا تَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ ٱللَّهُ ۗ وَتَزَوَّدُوا۟ فَإِنَّ خَيْرَ
اور تم جو نیکی کرتے ہو اللہ اس کو جانتا ہے اور زادِ راہ لے لیا کرو اور بہترین زادِ راہ

ٱلزَّادِ ٱلتَّقْوَىٰ ۚ وَٱتَّقُونِ يَٰٓأُو۟لِى ٱلْأَلْبَٰبِ ﴿١٩٧﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ
پرہیزگاری ہے اور اے عقلمندو مجھ سے ڈرو تم پر کوئی گناہ

جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُوا۟ فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ ۚ فَإِذَآ أَفَضْتُم
نہیں ہے کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو پھر جب تم عرفات

## ربط آیات

(۱۹۶) قتال کی تیاری کے حکم کے بعد حج کا حکم دیا گیا کیونکہ جن اصحاب کی قتال میں ضرورت ہوتی ہے ان کی مشق پہلے حج میں ہر مسلمان کو ہونی چاہیئے۔ سفر حج میں مندرجہ ذیل اشیا پیدا ہوں گی (۱) اعزہ و اقربا سے مفارقت (۲) وطن و دیار کو خیرباد کہنا (۳) مصائب سفر جھیلنا (۴) خوراک و پوشاک میں سادگی اختیار کرنا (۵) حصول رضاء الٰہی کے لئے سینکڑوں روپے خرچ کرنا (۶) تعمیل حکم میں سر پر تجاوز ہو جائے تو جرمانہ دینا۔ (۷) ایک دن ایک گھڑی میں ساری دنیا کے مسلمانوں کا ایک مرکز پر جمع ہونا (۸) ساری دنیا کے مسلمانوں کا ایک امام کے حکم کی تعمیل کرنا (۹) ساری دنیا کے مسلمانوں کا ایک جگہ جمع ہونا۔ اور تمام خانگی تعلقات کو خیرباد کہہ کر یک دل و یک جان ہو کر رہنا فلا رفث ولا فسوق و لا جدال فی الحج (۱۰) قربانی کر کے سر فروشی کا مادہ پیدا کرنا۔ (۱۹۷) سفر حج میں اخلاق ہی کی تو اصلاح منظور ہے۔ لہٰذا اس سفر مبارک میں کوئی کسی قسم کا جھگڑا نہ ہونے پائے اور اس میں اصلاح روحانیت اور حفاظت اخلاق کا زادِ راہ ساتھ لاؤ۔ تاکہ کوئی بداخلاقی نہ ہونے پائے تعلق باللہ میں کوئی خلل نہ آ جائے واللہ اعلم۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۲۵ |
| احکام الحاج |
| ماخذ آیت ۲۰۰-۲۰۰ + |

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ربط آیات (۱۹۸) سفر حج میں تجارت جائز ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ چونکہ مسلمانوں نے لڑائی اس لئے کی تھی کہ کلمۃ اللہ سربلند ہو لیکن جب فتوحات ہوئیں تو جو چیزیں انہیں غنیمت میں ملیں گی

مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪
سے پھرو تو مشعر الحرام کے پاس اللہ کو یاد کرو
وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ
اور اس کی یاد اس طرح کرو کہ جس طرح اس نے تمہیں بتائی ہے اور اس سے پہلے تو تم گمراہوں
الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ
میں سے تھے پھر تم لوٹ کر آؤ جہاں سے لوگ لوٹ کر آتے ہیں
وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا
اور اللہ سے بخشش مانگو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے پھر جب
قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ
حج کے ارکان ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کو یاد کیا کرتے
اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۭ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا
تھے یا اس سے بھی بڑھ کر یاد کرنا پھر بعض تو یہ کہتے ہیں اے رب ہمارے ہمیں دنیا
فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ
میں دے اور اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور بعض
مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
یہ کہتے ہیں اے رب ہمارے ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں بھی
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ
نیکی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ان کی
مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ
کمائی کا حصہ ملتا ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے اور اللہ کو چند گنتی
فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ
کے دنوں میں یاد کرو پھر جس نے دو دن کے اندر کوچ کرنے میں جلدی

یہ ایسی ہی ہیں جیسے آدمی حج میں تجارت کرے حالانکہ تجارت حج کا اصلی مقصد نہ تھی (فاذا افضتم) عرفات میں فقط خطبہ ہوتا ہے یعنی جو باتیں ساری دنیا کے لئے ضروری ہوں وہ امام سب کو پیش کرے (۱۹۹) قریش نے یہ بدعت اختیار کر رکھی تھی کہ مزدلفہ اگرچہ حدود حرم کے اندر ہے مگر وہ مشعر سے پیچھے کھڑے ہو کر اپنا خطبہ پڑھ لیتے تھے اور عرفات میں نہ جاتے اس لئے حکم دیا گیا کہ تم بھی مسلمانوں کے برابر ہو مسلمانوں میں کسی قوم کے لئے جدا امتیاز نہیں ہے (واستغفروا اللہ) اکثر قوموں کی تباہی کی ابتدا یہیں سے ہوتی ہے کہ خاص آدمی عوام سے علیحدہ رہنا شروع کر دیتے ہیں اور آخر دونوں تباہ ہو جاتے ہیں (۲۰۰) اس آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ شریف اور خاندانی آدمی دینی کاموں کی طرف متوجہ ہوں آپ نے فرمایا ہے الناس معادن کمعادن الذہب والفضۃ چونکہ خاندانی آدمیوں میں اکثر اچھے ملکات موروثی ہوتے ہیں اگر انہیں تعلیم بھی اعلیٰ درجے کی دی جائے تو ان کے ملکات جلدی ابھر سکتے ہیں۔ مذہب کو جب تک یہ خاندان طلب نہ کریں ترقی نہیں کر سکتا۔ آپ نے اس قسم کے الفاظ بھی فرمائے ہیں۔ خیارکم فی الجاہلیۃ خیارکم فی الاسلام اذا فقہوا (فمن الناس من یقول) کلام کی جب مشق ہو گئی تو اس کے بعد تعلیم حاصل کرنے والے دو طرح کے ہو جاتے ہیں۔ ایک وہ جن کو محض دنیا مطلوب ہو گی۔ (۲۰۱) اور دوسرے وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے علاوہ فلاح دنیا بھی مطلوب ہو گی (۲۰۲) اللہ تعالیٰ کی رضا اور دنیا میں عزت کی زندگی پانے کے لحاظ سے یہ لوگ مستحق ہوں گے۔

النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۗ

کی تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو تاخیر کرے تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں جو (اللہ سے) ڈرتا ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَمِنَ

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے اور بعض ایسے

النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ

بھی ہیں جن کی بات دنیا کی زندگی میں آپ کو بھلی معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنی

اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا تَوَلّٰى

دل کی باتوں پر اللہ کو گواہ کرتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے اور جب پیٹھ پھیر کر

سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ

جاتا ہے تو ملک میں فساد ڈالتا اور کھیتی اور مویشی کو برباد کرنے کی کوشش

وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ

کرتا ہے اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا اور جب اسے کہا جاتا ہے

اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۗ

کہ اللہ سے ڈر تو شیخی میں آکر اور بھی گناہ کرتا ہے سو اس کے لئے دوزخ کافی ہے

وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ

اور البتہ وہ بُرا ٹھکانا ہے اور بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کی رضا جوئی کے لئے

ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

اپنی جان بھی بیچ دیتے ہیں اور اللہ بندوں پر بڑا مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَلَا

اے ایمان والو اسلام میں سارے کے سارے داخل ہو جاؤ اور شیطان

تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۗ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾

کے قدموں کی پیروی نہ کرو کیونکہ وہ تمہارا صریح دشمن ہے

## ربط آیات

(۲۰۳) جس کا حج ہو چکا ہے دسویں کے بعد دو دن ٹھہرے اور جی چاہے تو تین دن ٹھہرے (۲۰۴) بعض آدمی شریعت کی پابندی فقط ریا کے طور پر کر لیتے ہیں، اخلاق کی طرف مطلق توجہ نہیں کرتے اور قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ وہ اخلاق ہم میں اچھی طرح سے پیدا ہو گئے ہیں (۲۰۵) حالانکہ وہ بہت بڑا مفسد ہے اہلاک حرث کرتا ہے اور اہلاک نسل کرتا ہے (۲۰۶) اگر کوئی شخص محض صورت اچھی بنالے تو اسلام میں اس کی کوئی عزت نہیں ہے (۲۰۷) بعض وہ لوگ ہیں کہ سفر حج کے باعث اور احکام حج کے ادا کرنے سے ان کے اندر یہ ملکہ پیدا ہو گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نام پر بک چکے ہیں، جو خدمت ان سے رضائے الٰہی کے لئے لی جاوے بخوشی دینے کے لئے تیار ہیں وہ مقبول اور قابل تعظیم ہیں (۲۰۸) جس طرح تم نے حج کے احکام کو ان پابندیوں سے پورا کیا ہے اسی طرح جو احکام اسلامی تمہیں دیئے جائیں سب کو اسی شوق اور قاعدے پر جاری کرو اور لا تتبعوا خطوٰت الشیطٰن، اور جن لوگوں میں یہ مطلب حاصل نہیں ہے اور وہ مقتدی بنے بیٹھے ہیں۔ ان کے قواعد کی پابندی نہ کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا

پھر اگر تم کھلی کھلی نشانیاں آ جانے کے بعد بھی پھسل گئے تو جان لو

اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٠٩﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

کہ اللہ غالب حکمت والا ہے کیا وہ انتظار کرتے ہیں کہ اللہ ان

يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ

کے سامنے بادلوں کے سایہ میں آ موجود ہو اور فرشتے بھی آ جائیں اور کام پورا

الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٢١٠﴾ ع سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

۲۵ ع ۹

ہو جائے اور سب باتیں اللہ ہی کے اختیار میں ہیں بنی اسرائیل سے پوچھیے

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ

کہ ہم نے انہیں کتنی روشن دلیلیں دیں اور جو اللہ کی نعمت کو بدل دیتا ہے بعد

بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢١١﴾ زُيِّنَ

اس کے کہ وہ اس کے پاس آ چکی ہو تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے کافروں

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ

کو دنیا کی زندگی بھلی لگتی ہے اور وہ ان لوگوں کا مذاق اڑاتے ہیں جو

اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ

وقف لازم

ایمان لائے حالانکہ جو لوگ پرہیزگار ہیں وہ قیامت کے دن ان سے بالاتر ہوں گے اور اللہ جسے چاہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢١٢﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۣ

بے حساب رزق دیتا ہے سب لوگ ایک دین پر تھے

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ

پھر اللہ نے انبیاء خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے بھیجے اور ان کے

مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا

ساتھ سچی کتابیں نازل کیں تاکہ لوگوں میں اس بات میں فیصلہ کرے جس میں اختلاف کرتے

اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے حالانکہ پیدا والدین کے ذریعے سے ہوتے ہیں اور رزق نباتات کے ذریعے سے ملتا ہے تو تعلیم جنہیں کیوں حاصل نہ ہو، یہ خواہش پیدا ہو کہ نبی کے واسطے کے بجائے ہم اللہ تعالیٰ سے براہ راست سب کچھ لیں (۲۱۱) مسلمانوں کو حکم ہوا کہ سارے کے سارے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ وہ بنی اسرائیل کی طرح زبان سے تو پابندی احکام کا اقرار کرتے جائیں لیکن عمل کے اعتبار سے اس کی بے قدری کے مرتکب ہوں اور ان تمام سزاؤں کے مستوجب قرار پائیں جو بنی اسرائیل کو دی گئیں (۲۱۲) تعلیم صحیح ملنے کے بعد بھی جو لوگ معاندت پر تلے ہیں ان کا کفر مسلمانوں کو نا

**خلاصہ رکوع ۲۶**
تمہید قتال کے بعد اعادۂ حکم قتال
ماخذ آیت ۲۱۶ ۔

چاہیے۔ یہ لوگ جب دیکھتے ہیں کہ مصلحین اخلاق کے پاس ذخیری ساز و سامان نہیں ہے تو ان کا تمسخر اڑاتے ہیں۔ ان پر آوازے کستے ہیں۔ حالانکہ اگر ان کی نظر حقائق پر ہوتی تو جان لیتے کہ اخلاق ہی انسان کی حقیقی دولت ہیں۔ ان تمسخر پیشہ لوگوں کو تو ذلیل کر دینا چاہیے کہ یہ تمسخر نشانہ علیہ اس لیے کہ قانون کی پابندی نہ کرنا ایک جرم ہے لیکن قانون کا تمسخر اڑانا یا پابندی قانون کی تعلیم دینے والوں کو مشق تمسخر بنانا دوہرا جرم ہے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ تمسخر اڑانے والوں کے قطعی انسداد کی کوشش کرے اور اللہ بے رزق میں بنا رہ مسلمانوں کو اس کام کے لیے کھڑے ہو جانا چاہیے مجرموں کے پاس ساز و سامان موجود نہ ہو گا تو اللہ تعالیٰ اپنے لطف و فضل سے مجرموں پر کا بند و بست فرمائے گا۔ لہذا کا



استقلال اور انصاف کی پابندی وہ ایسی قوتیں ہیں جن کا مقابلہ ساری دنیا نہیں کر سکتی۔ یہی وہ چیزیں ہیں سارے سر و سامان کا سرچشمہ ہیں ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيهِ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِنْ بَعْدِ

تھے اور اس میں اختلاف نہیں کیا مگر انہیں لوگوں نے جنھیں وہ (کتاب) دی گئی تھی اس کے بعد

مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۖ فَهَدَى اللَّهُ الَّذِينَ

کہ ان کے پاس روشن دلیلیں آچکی تھیں آپس کی ضد کی وجہ سے پھر اللہ نے اپنے حکم سے ہدایت کی ان کو

آمَنُوا لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ ۗ وَاللَّهُ يَهْدِي

جو ایمان والے ہیں اس حق بات کی جس میں وہ اختلاف کر رہے تھے اور اللہ جسے چاہے

مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿۲۱۳﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ

سیدھے راستہ کی ہدایت کرتا ہے کیا تم خیال کرتے ہو کہ

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا

جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ تمہیں وہ (حالات) پیش نہیں آئے جو ان لوگوں کو پیش آئے جو

مِنْ قَبْلِكُمْ ۖ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا

تم سے پہلے ہو گزرے ہیں انہیں سختی اور تکلیف پہنچی اور ہلا دیئے گئے

حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

یہاں تک کہ رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے بول اُٹھے

مَتَىٰ نَصْرُ اللَّهِ ۗ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ ﴿۲۱۴﴾

کہ اللہ کی مدد کب ہوگی سُنو بے شک اللہ کی مدد قریب ہے

يَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ ۖ قُلْ مَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ

آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں کہہ دو جو مال بھی تم خرچ کرو

خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ وَالْيَتَامَىٰ وَ

وہ ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور

الْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ

محتاجوں اور مسافروں کا حق ہے اور جو نیکی تم کرتے

## ربط آیات

(۲۱۳) انسانوں کیلئے ضروری تھا کہ باوجود اختلاف مزاج ایک جماعت بن کر رہیں اور جب مختلف مزاج لوگ مل کر رہیں گے اختلاف ضرور رونما ہوگا اس اختلاف لازمی کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کو مبعوث فرماتا رہا نبی چونکہ ہمیشہ نہیں رہتا اس لئے اس کے ساتھ کتاب نازل ہوتی ہے تاکہ نبی کے رخصت ہو جانے کے بعد کام دیتی رہے فہدی اللہ الذین آمنوا جن باتوں میں پہلے لوگ اختلاف کر چکے تھے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان باتوں کا اختلاف دور کر کے صحیح تعلیم دی۔ پہلا مقصد تو یہ تھا کہ حق کرنے والوں کو روکا جائے دوسرا یہ بتایا کہ اہل کتاب سے کتاب کو بچایا جائے جو اسے بگاڑنا چاہتے ہیں۔ اب حاصل یہ نکلا کہ سب فرقوں کے ساتھ لڑنا پڑے گا کیونکہ دوسرے فرقے اہل کتاب ہیں کہ دشمن ضرور ہوں گے تو ایک طرح پر مسلمانوں کو ساری دنیا کے مقابلے کے لئے تیار کیا جا رہا ہے۔ ممکن ہے اس خیال سے مسلمانوں کے دل پر برا اثر پیدا ہو جس کی اصلاح آئندہ آیت ام حسبتم والی میں ہے (۲۱۴) یعنی کیا تمہارے لئے وہ قانون بدل دیا جائیگا؟ باساء اور ضراء بیرونی تکالیف ہیں اور زلزال جسمانی مرادوں کے ضعف اور اضمحلال کو کہتے ہیں۔ کم ہمت لوگ پریشانی میں پھنسنے لگتے ہیں اور پھر سب کو تکلیف پہنچتی ہے (حتی یقول الرسول) حتی کہ نبی اور مخلص آدمی بھی انتظار کرتے کرتے یاس کے قریب تک آگئے پھر امداد الٰہی ظہور میں آئی جب ان کے ارادے اور ہمتیں صرف ہو چکیں اور کچھ باقی نہ رہا تو پھر عمدہ نتیجے نکلنے لگے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَ
ہو سو بے شک اللہ اسے خوب جانتا ہے تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے اور
هُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ
وہ تمہیں ناگوار ہے اور ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو ناگوار سمجھو اور وہ تمہارے لئے
لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
بہتر ہو اور ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لئے مضر ہو اور اللہ ہی جانتا ہے
وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ ع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ
اور تم نہیں جانتے آپ سے حرمت والے مہینے میں لڑائی کے
قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ
متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو اس میں لڑنا بڑا (گناہ) ہے اور اللہ کے راستہ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ
سے روکنا اور اس کا انکار کرنا اور مسجد حرام سے روکنا اور اس کے رہنے والوں کو اس
مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَ
میں سے نکالنا اللہ کے نزدیک اس سے بڑا گناہ ہے اور فتنہ انگیزی تو قتل سے بھی بڑا جرم ہے اور
لَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ
وہ تم سے ہمیشہ لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں
اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ
اگر ان کا بس چلے اور جو تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے
فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا
پھر کافر ہی مر جائے پس یہی وہ لوگ ہیں کہ ان کے عمل دنیا اور آخرت میں
وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾
ضائع ہو گئے اور وہی دوزخی ہیں جو اسی میں ہمیشہ رہیں گے

ع ۲۶ ۱۰



## ربط آیات

(۲۱۵) یعنی: مال اللہ تعالیٰ کے لئے صرف کریں۔ تو کہاں اور کس مصرف میں صرف کریں۔ فللوالدین الخ: جو لوگ تمہارے گردوپیش میں اور تمہیں جہاد کے لئے تیاری کی ضرورت ہے انہیں دیدو۔ وما تفعلوا من خیر: تم نے جس کام کے لئے روپیہ دیا تھا۔ اگر اس نے اس کام پر صرف نہیں کیا تو اس پر تمہیں پرسندہ نہیں ہوگا بلکہ تم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ بجگہ معتبر عمرو بن الجموح نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کتنا خرچ کریں اور کہاں خرچ کریں۔ اس پر جواب ملا کہ جو مال خرچ کرو اس کے مصارف یہ ہیں۔

(۲۱۶) سوال پیدا ہوا تھا کہ جہاد کا حکم کب تک رہے گا۔ اس کا جواب ہے

| خلاصہ رکوع ۲۷ |
| --- |
| مسائل متفرقہ متعلقہ قتال، شراب، |
| جوا، یتیم، نکاح وغیرہ۔ |
| ماخذ آیت ۲۱۷ - ۲۲۱ |

کہ امن تمہارے لئے مضر نتائج پیدا کرے گا اس لئے جہاد کا حکم دوامی ہے۔ (۲۱۷) حیلہ سازی: اگر جہاد سے بچنے کا حیلہ سوچنا چاہیں تو ان کیلئے جواب ہے کہ قتال ہمیشہ کے لئے لازم ہے اگرچہ امن پھیلانا ضروری ہے لیکن اگر قتال کے لئے ہمیشہ تیار نہیں رہو گے تو بدنظمی پھیلے گی۔ ولا یزالون یقاتلونکم: کفار چونکہ ہمیشہ کوشاں رہیں گے کہ تمہیں تمہارے دین سے پھسلائیں۔ اس لئے تمہیں بھی ہمیشہ لڑنے کیلئے تیار رہنا ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الجہاد ماض الی یوم القیامۃ۔ اگر جہاد کے لئے ہر وقت تیار نہ رہیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم خود بخود مرتد ہونے کے لئے تیار ہو گئے۔ حبطت: مثلاً ساری عمر ایک شخص بادشاہ کا وفادار رہ کر آخر میں بغاوت شروع کر دے تو اس کے سارے گذشتہ اعمال غیر معتبر ہو جائیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**ربط آیات** (۲۱۸) اگر کوئی وطن پرست اپنا وطن چھوڑ سکتا ہے تو ایک مسلم بطریق اولیٰ وطن چھوڑ سکتا ہے۔ جو قوم راحت دنیاوی کے لئے لڑتی ہے مسلمان اس سے زیادہ ہمت کے ساتھ لڑ سکتا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں

سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ

جہاد کیا وہی اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اللہ

غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ

بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے آپ سے شراب اور جوئے کے متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو

فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ

ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ فائدے بھی ہیں اور ان کا گناہ ان کے نفع

مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ ۖ قُلِ

سے بہت بڑا ہے اور آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا خرچ کریں کہہ دو

الْعَفْوَ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ

کہ جو زاید ہو ایسے ہی اللہ تمہارے لئے آیتیں کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم

تَتَفَكَّرُونَ ﴿۲۱۹﴾ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ

غور کرو دنیا اور آخرت کے بارے میں اور یتیموں کے متعلق آپ سے

الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ

پوچھتے ہیں کہہ دو ان کی اصلاح کرنا بہتر ہے اور اگر تم انہیں ملا لو

فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ

تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ بگاڑنے والے کو اصلاح کرنے والے سے جانتا ہے اور اگر

شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا

اللہ چاہتا تو تمہیں تکلیف میں ڈالتا بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے اور

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ ۚ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ

مشرک عورتیں جب تک ایمان نہ لائیں ان سے نکاح نہ کرو اور مشرک عورتوں سے تو

(۲۱۹) جب کام اتنا بڑا ہے تو روپے کی سخت ضرورت ہو گی جس کے لئے قمار اچھا ناصر ذریعہ ہے اور قوت تیز کرنے کی بھی ضرورت ہے جس کے لئے شراب اچھا ذریعہ معلوم ہوتا ہے تو اب سوال یہ ہو سکتا ہے کہ ایسے ذرائع بھی گوارا کرلئے جائیں یا نہ کئے جائیں جو اخلاقی لحاظ سے جرم ہیں تو اس کا جواب نفی میں ہے یہ ذرائع ناجائز ہیں اس لئے کہ اخلاق کی جڑ کاٹنے والے ہیں یہ بھی اسلام کی تعلیم کا خاصہ کہ جو قانون کم نے ابتداءً مشروع کیا ہے اس کو پورا نباہیں گے اور یسئلونک ماذا ینفقون یعنی کتنا روپیہ جہاد میں صرف کریں۔ کہہ دو جو ضروریات سے زائد ہو وہ جہاد میں صرف کرو اور اپنی ضروریات میں بھی اس طرح احتیاط سے صرف کرو جس طرح یتیم کے مال کو احتیاط سے صرف کرتے ہو (۲۲۰) جہاد کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ یتامیٰ بکثرت ہوں اب ان کی اصلاح کے لئے قانون کی ضرورت ہے جتنی تم سے اصلاح ہو سکے کرو انہیں ویسا رکھو جیسے تم اپنے چھوٹے بھائیوں اور بچوں کو رکھتے ہو۔ یہ بات بڑی ضروری ہے کہ جنگ میں جانے والے آدمی اپنی عورتوں اور بچوں کی طرف سے بےفکر ہیں ان کے ضائع ہونے یا تکلیفوں میں پڑ جانے کا کوئی اندیشہ باقی نہ رہے اور شاء اللہ لاعنتکم جتنے احکام بڑھتے جائیں اتنی ہی دقت بڑھ جاتی ہے اس لئے ہر کسی کو اس کی رائے پر چھوڑ دیا جانا ضروری تمہید۔ ستائیسویں رکوع سے اکتیسویں رکوع تک ملک داری کے مسائل اعتبارا مستنبط ہوتے ہیں اور ان مسائل کو تفسیر نہیں کہا جا سکتا ور انہیں بطریق اعتبار استنباط کرنے کا باعث یہ ہے کہ سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ و



السلام کا ارشاد ہے کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ۔ ترجمہ: تم میں سے ہر ایک راعی (حاکم) ہے اور ہر ایک سے اپنی رعایا کے متعلق بازپرس کی جائے گی۔ گھر کی چار دیواری کے اندر شوہر کو حاکم اور تابع کو محکوم قرار دیا گیا ہے۔ بعد ازاں اس چھوٹے سے راعی اور چھوٹی سی رعایا کے تعلقات کی درستی کے لئے ایک مکمل قانون ۲۸ ویں رکوع میں دیا گیا ہے تو بعید از قیاس نہ ہوگا کہ انہی مسائل سے بڑے راعی (راقی) بڑی رعایا

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

(بقیہ از صفحہ ۵۳) یعنی والی سلطنت اور اس کی رعایا کے تعلقات کی درستی کا قانون بھی اعتبار اشکال بیا جائے۔ فرق فقط اتنا ہو گا گھر کی چاردیواری اندر کی چھوٹی سی سلطنت کا دائرہ تنگ سلطنت ملکی کا دائرہ اس سے



خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ

ایماندار لونڈی بہتر ہے گو وہ تمہیں بھلی معلوم ہو اور مشرک مردوں سے نکاح نہ کرو

حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ

یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں اور البتہ مومن غلام مشرک سے بہتر ہے اگرچہ وہ

اَعْجَبَكُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ښ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

تمہیں اچھا ہی لگے یہ لوگ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ جنت اور

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

بخشش کی طرف اپنے حکم سے بلاتا ہے اور لوگوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کر بیان

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٢١﴾ ع وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ ٢٧ ع ٥ ١١

کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں اور آپ سے حیض کے بارے میں پوچھتے ہیں

قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا

کہہ دو وہ نجاست ہے پس حیض میں عورتوں سے علیحدہ رہو اور ان کے

تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ

پاس نہ جاؤ یہاں تک کہ وہ پاک ہولیں پھر جب وہ پاک ہوجائیں تو ان کے پاس جاؤ

مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ

جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے بیشک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿٢٢٢﴾ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا

اور بہت پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس تم

حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا

اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ اور اپنے لئے آئندہ کی بھی تیاری کرو اور اللہ سے

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٢٣﴾

ڈرتے رہو اور جان لو کہ تم ضرور اسے ملو گے اور ایمان والوں کو خوشخبری سنا دو

وسیع ہے۔ گھر میں قانون کا اجرا چند افراد پر ہو گا اور مسائل ملکی میں ایک بہت بڑے حجم غفیر پر۔ واللہ اعلم براوہ وصراحت کتاب المسائل المستنبطہ بالاعتبار والتأویل ولا بتقال لیا التفسیر مسائل مستنبطہ صفحہ ہذا (۲۲۱) جب ایک مسلمان لڑکی کا نکاح مشرک نہیں ہو سکتا تو امت مسلمہ کا راعی مشرک کب ہو سکے گا۔ ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا۔ ولعبد مؤمن خیر من مشرک الآیۃ (مشبہ کو مشبہ بہ کے ساتھ ادنیٰ وجہ تشبیہ بھی کافی ہے لہٰذا یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر آیت کے ہر لفظ سے مسئلہ استنباط کیا جائے۔ البتہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں بیوی کے متعلق جو حکم دیا جائے اس سے مجملاً ایک مسئلہ سیاسی قیاساً نکال لیا جائے۔ (۲۲۲) خلاصہ مضمون۔ اگرچہ شرعاً میاں کو بیوی پر ہر طرح کا اقتدار حاصل ہے اور وہ اس کے ہر معاملہ میں دخیل ہو سکتا ہے بلکہ بعض حالتیں ایسی بھی ہیں

**خلاصہ رکوع ۲۸**

مسائل ملک داری۔

ماخذ آیت ۲۲۲ تا ۲۲۸

جن میں شارع نے عورت کو ناپاک قرار دے کر مرد کے انتفاع کو ناجائز قرار دیا ہے بعینہٖ اگرچہ راعی کبیر (حاکم) کو رعایا پر اقتدار تام حاصل ہے لیکن پھر بھی مشترک رعایا کی بعض ایسی ناپاک حالتیں ہیں جن میں راعی دخل کا حقدار نہیں ہے۔ مثلاً جس وقت مشرکین اپنے مندروں میں بت پرستی کر رہے ہوں اس وقت راعی دخل دینے کا مجاز نہیں ہے۔ لا اکراہ فی الدین الآیہ ماخذ (قل ہو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض ولا تقربوہن حتی یطہرن الخ ۲۲۳) خلاصہ مضمون۔ اختیارات راعی کی تحدید یعنی راعی ایسے احکام جاری کرے جن سے اس کے مستقبل



پر برا اثر نہ پڑے اور نفوذ بھی گے اندر ہوں۔ (ماخذ: وقدموا لانفسکم واتقوا اللہ)

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَ

اور اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بناؤ نیکی اور پرہیزگاری

تَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾

اور لوگوں کے درمیان اصلاح کرنے سے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ

اللہ تمہیں تمہاری قسموں میں بے ہودہ گوئی پر نہیں پکڑتا لیکن تم سے ان قسموں پر مواخذہ کرتا

بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ

ہے جن کا تمہارے دلوں نے ارادہ کیا ہو اور اللہ بڑا بخشنے والا بُردبار ہے جو لوگ اپنی بیویوں

يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ

کے پاس جانے سے قسم کھا لیتے ہیں ان کے لئے چار مہینے کی مہلت ہے پھر اگر وہ

فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا

رجوع کرلیں تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اور اگر انہوں نے طلاق کا

الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ

پختہ ارادہ کرلیا تو بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے اور طلاق دی ہوئی عورتیں

يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ

تین حیض تک اپنے آپ کو روکے رکھیں اور ان کے لئے جائز نہیں

اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ

کہ چھپائیں جو اللہ نے ان کے پیٹوں میں پیدا کیا ہے اگر وہ اللہ اور قیامت

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ

کے دن پر ایمان رکھتی ہیں اور ان کے خاوند اس مدت میں ان کو لوٹا لینے کے

فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ

زیادہ حق دار ہیں اگر وہ اصلاح کا ارادہ رکھتے ہیں اور دستور کے مطابق ان کا ویسا ہی حق ہے

## مسائل مستنبطہ

(۲۲۴) خلاصہ مضمون۔ اگر راعی بر، تقویٰ، اصلاح بین الناس کے خلاف کوئی حکم دے چکا ہے جس کے مضر نتائج نکل رہے ہیں تو اس پر فرض ہے کہ اس حکم کو واپس لے خواہ اس حکم کی ترویج قسم ہی سے کرچکا ہو۔ (ماخذ) ولا تجعلوا اللہ عرضۃ الآیۃ۔

(۲۲۵) خلاصہ مضمون۔ اگر راعی یمین لغو سے کوئی حکم نافذ کرچکا ہے تو اس کے واپس لینے میں کوئی کفارہ نہیں دینا پڑے گا۔ (ماخذ) لایؤاخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم

(۲۲۶-۲۲۷) خلاصہ مضمون۔ راعی اور رعایا کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو جائے تو راعی کو استعفا سے قبل چار ماہ غور کی مہلت دی جائے۔ کیونکہ ہر عہدہ کے لئے قابل آدمی کا ملنا آسان کام نہیں ہے۔ سیاسی امور میں چار ماہ کی مہلت سورۃ توبہ کی دوسری آیت سے بھی ثابت ہوتی ہے۔ (ماخذ) للذین یؤلون من نسائھم تربص اربعۃ اشہر۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مسائل مستنبطہ (۲۲۸) (۱) خلاصہ مضمون جس طرح مطلقہ عورت کے لئے شوہر کی حق تلفی جائز نہیں، اسی طرح رعایا کے لئے مستغنی راعی کی حق تلفی رشلاً تقاضا یا مشاہرات کا ضبط وغیرہ) جائز نہیں، (۲) مستغنی



عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ

جیسا ان پر ہے اور مردوں کو ان پر فضیلت دی ہے

۲۸ ع ۱۲ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ

اور اللہ غالب حکمت والا ہے طلاق دو مرتبہ ہے پھر بھلائی کے ساتھ

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

روک لینا ہے یا نیکی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے اور تمہارے لئے اس میں سے

تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا

کچھ بھی لینا جائز نہیں جو تم نے انہیں دیا ہے مگر یہ کہ دونوں ڈریں کہ

يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ

اللہ کی حدیں قائم نہیں رکھ سکیں گے پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ دونوں اللہ کی حدیں قائم نہیں رکھ

اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ

سکیں گے تو ان دونوں پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ عورت معاوضہ دے کر پیچھا چھڑا لے یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ

اللہ کی حدیں ہیں سو ان سے تجاوز نہ کرو اور جو اللہ کی حدوں سے تجاوز

اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ

کرے گا سو وہی ظالم ہیں پھر اگر اسے طلاق دے دی تو اس کے بعد

لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا

اس کے لئے وہ حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ کسی اور خاوند سے نکاح کرے پھر اگر وہ اسے طلاق دیدے

جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ

تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ آپس میں رجوع کر لیں اگر ان کا گمان غالب ہو کہ وہ اللہ کی حدیں قائم رکھ

اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾

سکیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں وہ انہیں کھول کر بیان کرتا ہے ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں



استعفا واپس لے کر دوبارہ کام کرنا چاہے تو یہ بہتر ہے بشرطیکہ رعایا کی خیر خواہی مقصود ہو، جس طرح راعی کے حقوق رعایا پر ہیں اسی طرح رعایا کے حقوق راعی کے ذمہ میں تعلق رکھتے ہیں، دونوں پہلو مساوی نظر آئیں تو جس طرف راعی ہو اس کو ترجیح دے دی جائے کیونکہ راعی کی فضیلت دوسرے لوگوں پر مسلم ہے۔ (ماخذ) (۱) ولا یحل لھن ان یکتمن (۲) و بعولتھن احق بردھن فی ذلک ان ارادوا

**خلاصہ رکوع ۲۹**
مسائل ملک داری۔
ماخذ آیت ۲۲۹ تا ۲۳۱ •

اصلاحاً (۳) ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف (۴) وللرجال علیھن درجۃ (۲۲۹-۲۳۰) (۱) خلاصہ مضمون: راعی و رعایا کے تعلقات کی کشیدگی کے باعث اگر تین دفعہ مستعفی ہو چکا ہو تو پھر اسے انتخاب کرنا درست نہیں ہوگا۔ ورنہ یہ عہدہ بازیچۂ اطفال بن جائے گا (۲) ہاں یہ ممکن ہے کہ راعی کسی دوسری جگہ تبدیل کر دیا جائے وہاں ایک عرصہ تک ایسا انتظام کرے کہ کوئی شکایت نہ پیدا ہونے پائے جس سے ثابت ہو جائے کہ اس کے اندر انتظامی قابلیت کافی پیدا ہو گئی ہے۔ تب دوبارہ اسے سابقہ عہدہ پر مامور کر دیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہوگا (۳) راعی کے لئے استعفیٰ کے وقت اصلاحی تجاویز جو اس نے نافذ کی تھیں ان کا فسخ کرنا جائز نہیں (۴) اگر راعی کے مستعفی کرنے پر آتش فساد کے مشتعل ہونے کا خطرہ ہے تو اندرونی طور پر رعایا راعی کو کچھ دے دلا کر جان چھڑا لے تو جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ ماخذ (۱) الطلاق مرتٰن ... فان طلقھا فلا تحل لہ من بعد (۲) حتی تنکح زوجا غیرہ

(۳) ولا یحل لکم ان تاخذوا مما اٰتیتموھن شیئا۔ (۴) فلا جناح علیھما فیما افتدت بہ •

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ

اور جب عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ اپنی عدت کو پہنچ جائیں تو انہیں حسن سلوک سے

بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۚ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ

روک لو یا انہیں دستور کے مطابق چھوڑ دو اور انہیں تکلیف دینے کے

ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ

لئے نہ روکو تاکہ تم سختی کرو اور جو ایسا کرے گا تو وہ اپنے اوپر ظلم

نَفْسَهُ ۚ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا ۚ وَاذْكُرُوا

کرے گا اور اللہ کی آیتوں کا تمسخر نہ اڑاؤ اور اللہ کے احسان کو

نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ

یاد کرو جو اس نے تم پر کیا ہے اور جو اس نے تم پر کتاب اور حکمت

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ

اتاری ہے کہ تمہیں اس سے نصیحت کرے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ

اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٢٣١﴾ ع وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو

فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْنَ

پس وہ اپنی عدت تمام کر چکیں تو اب انہیں اپنے خاوندوں سے نکاح کرنے

أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُم بِالْمَعْرُوفِ ۗ

سے نہ روکو جبکہ وہ آپس میں دستور کے مطابق راضی ہو جائیں

ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ مِنكُمْ يُؤْمِنُ

تم میں سے یہ نصیحت اسے کی جاتی ہے جو اللہ اور

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۗ ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۗ

قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے یہ تمہارے لئے بڑی پاکیزگی اور بڑی صفائی کی بات ہے

**مسائل مستنبطہ**

۲۳۱ خلاصہ مضمون رجا یا کر محض اپنی شکم پروری کے لئے قبضہ میں رکھنا جائز نہیں ہے ورنہ اس کے نتائج کا ذمہ دار ہوگا۔ **ماخذ۔** ولا تمسکوھن ضرارا لتعتدوا ومن یفعل ذلک فقد ظلم نفسہ۔

ع ۲۹ ۱۳

خلاصہ رکوع ۳۰
مسائل مُلک داری۔
ماخذ آیت ۲۲۲ تا ۲۳۵۔



Downloaded from almarifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ

اور اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے اور مائیں

يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ

اپنے بچوں کو پورے دو برس دودھ پلائیں یہ اس

اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۭ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

کے لئے ہے جو دودھ کی مدت کو پورا کرنا چاہے اور باپ پر دودھ پلانے والیوں

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ

کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق ہے کسی کو تکلیف نہ دی

نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِھَا وَ

جائے مگر اسی قدر کہ اس کی طاقت ہو نہ ماں کو اس کے بچہ کی وجہ سے تکلیف دی جائے اور

لَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۤ وَعَلَي الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

نہ باپ ہی کو اس کی اولاد کی وجہ سے اور وارث پر بھی ویسا ہی نان نفقہ ہے

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَ

پھر اگر دونوں اپنی رضامندی اور مشورہ سے دودھ چھڑانا

تَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ

چاہیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں ہے اور اگر کسی اور سے اپنی

تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا

اولاد کو دودھ پلوانا چاہو تو اس میں بھی تم پر کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ

سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

تم دے دو جو دستور کے مطابق تم نے دینا ٹھہرایا ہے اور اللہ سے ڈرو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾

اور جان لو کہ اللہ اسے جو تم کرتے ہو خوب دیکھتا ہے

## مسائل مستنبطہ

۲۳۲، خلاصہ مضمون جس طرح طلاق دینے کے بعد شوہر اول کو یہ حق نہیں ہے کہ عورت کو دوسرے خاوند کے ساتھ نکاح کرنے سے روکے اسی طرح پہلے متعلق حاکم کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اہلی عہدے کے انتخاب میں روڑے اٹکائے ماخذ فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن۔

### اشاراتِ ضروریہ

عموماً مفسرین حضرات لاتعضلوھن کا خطاب دیناً ذکر کیا کرتے ہیں۔ بخلاف حضرت مولانا عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے حضرت مولانا فرماتے تھے کہ یہ خطاب بھی بدستور سابق شوہروں کو کرنا مناسب ہے، تاکہ فصیح و بلیغ کلام میں انتشار ضمائر لازم نہ آئے شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی لا تعضلوا کا خطاب مردوں ہی کی طرف خیال فرماتے ہیں اور حدیث شریف میں جو واقعہ آیا ہے اس کو بطریق اولیٰ پر عمل کرتے ہیں۔ کیونکہ اولیاء سے بھی مرد میں عورت کی نسبت زیادہ غیرت ہوتی ہے۔

حجۃ منقرضہ۔ یہاں تک قرآن میں مرکزی حکومت کا ذکر تھا۔ اب آئندہ اس قانون کا ذکر ہوگا جو دوسری قوموں پر حکومت کے لئے ضروری ہے ۲۳۳، خلاصہ مضمون۔ نوزائیدہ بچے کے حق میں جس طرح دونوں ماں باپ تربیت کی کوشش کرتے ہیں۔ باپ تو روپیہ پیسے سے مدد کرتا ہے اور ماں دودھ پلاتی ہے اسی طرح حاکم اور رعایا کی متفقہ کوشش سے جو ملک فتح ہو گئے ہوں ان کی رعایا کی شان جیسے نوزائیدہ بچے کی سی ہوگی۔ پس حاکم کا فرض ہے کہ امن تنا قائم رکھے کہ رعایا علوم تعلیم اور تعمیم میسر کر، جو بمنزلہ شیر مادر کے ہے، ان لوگوں کو بخوبی پہنچا سکے اور ان کے اخلاق کی صحیح طریقہ پر تربیت ہو سکے۔ ماخذ۔ وعلی المولود لہ رزقھن وکسوتھن۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا

تو ان بیویوں کو چار مہینے دس دن تک اپنے نفس کو روکنا چاہیئے پھر جب

بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ

وہ اپنی مدت پوری کر لیں تو تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ دستور کے مطابق اپنے

اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾

حق میں کریں اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو خبردار ہے

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ

اور تم پر اس میں گناہ نہیں ہے کہ ان عورتوں کو اشارہ سے پیغام نکاح دو

اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ

اور یا تم اسے اپنے دل میں چھپاؤ اللہ جانتا ہے کہ تمہیں ان عورتوں کا خیال پیدا ہوگا

وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْھُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا

لیکن مخفی طور پر ان سے نکاح کا وعدہ نہ کرو مگر یہ کہ قاعدہ کے مطابق

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ڛ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ

کوئی بات کہو اور جب تک میعاد نوشتہ پوری نہ ہو اس

حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

وقت تک نکاح کا قصد بھی نہ کرو اور جان لو کہ اللہ جانتا ہے

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے پس اس سے ڈرتے رہو اور جان لو اللہ

ع ۳۰ / ۱۴ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ

بڑا بخشنے والا بردبار ہے تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم عورتوں کو طلاق

## مسائل مستنبطہ

(۲۳۴) خلاصہ مضمون جس طرح مرد کے مرنے کے بعد عورت چند روز تک انتظار کرتی ہے اور اپنے سابقہ اثاثات البیت پر اکتفا کرتی ہے اسی طرح جس وقت سلطان حاکم نہ ہو اور سلطان نئے حاکم کی تلاش میں ہوں اس وقت اسی سابقہ قانون پر عملدرآمد کرتے رہیں جو پہلے دیا جا چکا ہے ماخذ یتربصن بانفسہن اربعۃ اشہر وعشرا

(۲۳۵) خلاصہ مضمون ایام عدت میں دوسرے شوہر کو عورت سے خطبہ کرنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ ابھی تک ایک طرح پردہ عورت پہلے خاوند کے حق میں ہے اسی طرح اگر ایک رعایا کی اپنے رعایا سے اُن بن ہو گئی ہے لیکن تعلق پورے طور پر منقطع نہیں ہوا تو دوسرے شخص کو حق نہیں ہے کہ وہ اپنے آپ کو والی بننے کے لئے پیش کرے۔ ہاں تعریض دونوں کو جائز ہے۔ ماخذ ولا جناح علیکم فیما عرضتم بہ ...... ولکن لا تواعدوہن سرا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚۖ
دے دو جب کہ انہیں ہاتھ بھی نہ لگایا ہو اور ان کے لئے کچھ مہر بھی مقرر نہ کیا ہو

وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ
اور انہیں کچھ سامان دے دو وسعت والے پر اپنے قدر کے مطابق اور مفلس پر اپنے

قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَ
قدر کے مطابق سامان حسب دستور ہے نیکوکاروں پر یہ حق ہے اور

اِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ
اگر تم انہیں طلاق دو اس سے پہلے کہ انہیں ہاتھ لگاؤ حالانکہ تم

فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ
ان کے لئے مہر مقرر کر چکے ہو تو نصف اس کا جو تم نے مقرر کیا تھا مگر

اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ
یہ کہ وہ معاف کر دیں یا وہ شخص معاف کر دے جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے

وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ
اور تمہارا معاف کر دینا پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے اور آپس میں احسان کرنا

بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا
نہ بھولو کیونکہ جو کچھ بھی تم کر رہے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے سب نمازوں کی

عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ
حفاظت کیا کرو اور (خاص کر) درمیانی نماز کی اور اللہ کے لئے ادب سے

قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ
کھڑے رہا کرو پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیادہ یا سوار ہی (پڑھ لیا کرو) پھر جب امن پاؤ تو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾
اللہ کو یاد کیا کرو جیسا اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے



## مسائل متنبطہ

(۲۳۶) خلاصہ مضمون جس طرح طلاق قبل المس جائز ہے اسی طرح حاکم کے منتخب ہونے کے بعد کام شروع کرنے سے پہلے استعفا جائز ہے

خلاصہ رکوع ۳۱
مسائل ملک داری۔
ماخذ آیات ۲۳۶۔۲۳۷۔
۲۳۰۔۲۴۱ ۔

ماخذ۔ لا جناح علیکم ان طلقتم النساء ما لم تمسوہن (۲۳۷) خلاصہ مضمون میاں بیوی کو متارکہ کے وقت آپس میں عفو اور فضل کا حکم دیا گیا ہے۔ اسی طرح راعی اور رعایا کے متارکہ کے وقت بھی ایک دوسرے پر عفو اور فضل کا لحاظ رکھنا ضروری ہے مثلاً راعی جاتے جاتے نافذ کردہ اصلاحات کو مٹانے کی کوشش نہ کرے اور رعایا رخصت کرتے وقت راعی کو نہایت عزت احترام اور خلوص سے رخصت کرے۔ ماخذ۔ وان تعفوا اقرب للتقوی ولا تنسوا الفضل بینکم (۲۳۸۔۲۳۹) خلاصہ مضمون ساری نمازوں پر پوری حفاظت کرو اور اگر اس قاعدہ پر پورا عمل نہ ہو سکے تو رجالا او رکبانا پڑھ لو اور امن قائم ہو جانے کے بعد پھر اصلی صورت میں قانون کی پابندی کرو۔ اسی طرح تمہارے لئے قانون تدبیر منزل اور سیاست مدنیہ دے دیا گیا ہے۔ اب اس کی پوری حفاظت کرو اور اگر کوئی وقت پیش آ جائے۔ تو حتی الوسع عمل کرو اور ضرورت رفع ہونے کے بعد پھر اصل قانون کی طرف عود کرنا اور یہ اجازت بحالت اضطرار ہوگی۔ ماخذ حافظوا علی الصلوۃ ۔ فان خفتم فرجالا او رکبانا فاذا امنتم فاذکروا اللہ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ وَّصِيَّةً
اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو انہیں اپنی
لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ
بیویوں کے لئے سال بھر کے لئے گزارہ کے واسطے وصیت کرنی چاہیئے گھر سے باہر نکالے بغیر
فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِىْ مَا فَعَلْنَ فِىْٓ
پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ عورتیں اپنے حق میں
اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۲۴۰ وَ
دستور کے موافق کریں اور اللہ زبردست حکمت والا ہے اور
لِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝۲۴۱
طلاق دی ہوئی عورتوں کے واسطے دستور کے موافق خرچ دینا ہے پرہیزگاروں پر یہ لازم ہے
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۲۴۲ ع ۳۱ ۱۵
اسی طرح اللہ تمہارے واسطے اپنے احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھ لو
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ
کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکلے حالانکہ وہ
حَذَرَ الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۟ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ
ہزاروں تھے پھر اللہ نے ان کو فرمایا کہ مر جاؤ پھر انہیں زندہ کر دیا
اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر لوگ
لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۲۴۳ وَقَاتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
شکر نہیں کرتے اور اللہ کی راہ میں لڑو اور سمجھ لو کہ بیشک
اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۴۴ مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ
اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے ایسا کون شخص ہے جو اللہ کو اچھا

## مسائل مستنبطہ

(۲۴۰ تا ۲۴۲) خلاصہ مضمون
(۱) اگر مرد مر جائیں اور عورتیں بیوہ رہ جائیں اور گھر والوں میں رہنا چاہیں تو سال تک وہ بیٹھک رہیں اور اگر چار مہینے دس دن پورے کر کے چلی جائیں تو بھی انہیں جانے کا حق ہے تو اب گھر والوں پر حق ہے کہ عورتوں پر احسان کریں۔
(۲) دوسری آیت میں لازم کیا گیا ہے کہ طلاق دینے کے بعد بھی ننگے سر نہ نکالیں بلکہ باعزت رخصت کریں اسی طرح حاکم کو چاہیئے کہ رعایا پر جتنا ہو سکے احسان کرے۔ یہ ربط مستحکم کرنے کا اصول ہے اس کے سوا حاکم اور محکوم کے درمیان ایک تاجرانہ معاملہ ہوگا اور اس سے دوسری قوموں پر حکومت کر سکنے خود اپنی قوم پر بھی صحیح حکومت قائم نہیں رہ سکتی۔ ماخذ (۱) وصیۃ لازواجہم متاعا الی الحول (۲) و للمطلقت متاع بالمعروف۔ جملہ معترضہ: یہاں تک وہ کنبہ کے قوانین ختم ہو چکے جب ملک گیری اور ملک داری کی تیاری ختم ہو چکی

| خلاصہ رکوع ۳۲ |
| --- |
| قانون ملک گیری اور ملک داری کے بعد اقدام عمل۔ |
| ماخذ آیت ۲۴۳ تا ۲۴۹۔ |

جب یہ تعلیم عام ہو جائے اس کے بعد چاہیے کہ اس پر عمل ہو۔ اب آئندہ کام کرنے کی تحریک کی جاتی اور عمل کر کے اس مضمون کو ختم کر دیا جائے۔

## ربط آیات

(۲۴۳) اصل یہ ہے کہ مسلمان کو موت اور زندگی کے سوال میں الجھنا نہیں چاہیئے بلکہ کام کرنا چاہیئے موت و زندگی تو خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے جب چاہے مارے جب تک چاہے زندہ رکھے (۲۴۴) اللہ تعالیٰ کے نام پر جان دینے کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ

قرض دے پھر اللہ اس کو کئی گنا بڑھا کر دے اور اللہ ہی

يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ

تنگی کرتا ہے اور کشائش کرتا ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے کیا تم نے بنی اسرائیل

مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ

کی ایک جماعت کو موسیٰ کے بعد نہیں دیکھا جب انہوں نے اپنے نبی

وقف لازم

لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ

سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دو تاکہ ہم اللہ کی راہ میں لڑیں پیغمبر نے کہا کیا

عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا

یہ بھی ممکن ہے کہ اگر تمہیں لڑائی کا حکم ہو تو تم اس وقت نہ لڑو انہوں نے کہا

وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ

ہم اللہ کی راہ میں کیوں نہیں لڑیں گے حالانکہ ہمیں اپنے گھروں اور بچوں

دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا

سے نکال دیا گیا ہے پھر جب انہیں لڑائی کا حکم ہوا تو سوائے چند

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ

آدمیوں کے سب پھر گئے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے ان کے نبی

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۭ قَالُوْٓا

نے ان سے کہا بیشک اللہ نے طالوت کو تمہارا بادشاہ مقرر فرمایا ہے انہوں نے کہا

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ

اس کی حکومت ہم پر کیونکر ہو سکتی ہے اس سے تو ہم ہی سلطنت کے زیادہ مستحق ہیں

وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۭ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ

اور اسے مال میں بھی کشائش نہیں دی گئی پیغمبر نے کہا بیشک اللہ نے اسے تم پر پسند فرمایا

### ربط آیات

(۲۴۵) گاڑھے پسینے کی کمائی بھی قربان کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ (۲۴۶) کام شروع کرنے سے پہلے ایک امام کا انتخاب کرنا ضروری ہے ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ

ہے اور اسے علم اور جسم میں زیادہ فراخی دی ہے اور اللہ

يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَ

اپنا ملک جسے چاہے دیتا ہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے اور

قَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

بنی اسرائیل سے ان کے نبی نے کہا کہ طالوت کی بادشاہی کی یہ نشانی ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق

التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا

واپس آئے گا جس میں تمہارے رب کی طرف سے اطمینان ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں ان

تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ

میں سے جو موسٰی اور ہارون کی اولاد چھوڑ گئی تھی اس صندوق کو فرشتے اٹھا لائیں گے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ ع

بیشک اس میں تمہارے لئے پوری نشانی ہے اگر تم ایمان والے ہو

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ

پھر جب طالوت فوجیں لے کر نکلا کہا بیشک اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش

بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ

کرنے والا ہے جس نے اس نہر کا پانی پیا تو وہ میرا نہیں ہے اور جس نے اسے

يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ

نہ چکھا تو وہ بیشک میرا ہے مگر جو کوئی اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھرلے (تو

بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا

اسے معاف ہے) پھر ان میں سے سوائے چند آدمیوں کے سب نے اس کا پانی پی لیا پھر جب

جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا

طالوت اور ایمان والے اس کے ساتھ پار ہوئے تو کہنے لگے آج

ربط آیات

(۲۴۷) انتخاب امیر میں دنیا داروں کے زاویہ نگاہ کے طالب مال و دولت کو معیار قرار دینا غلط ہے صحیح معیار وسعت علم اور طاقت جسم ہے کیونکہ عموماً عقل سلیم جسم کا ملکی بھی بڑا ہوتا ہے اور ایسا آدمی عام طور پر بستہ قد اور منحنی جسم انسان سے مرعوب نہیں ہو سکتا۔ (۲۴۸) انتخاب صحیح پر نزول برکات لازمی ہے۔

ع ۱۴ ۳

خلاصہ رکوع ۳۳

انتخاب امیر کے بعد خود امیر لوگوں کا امتحان لیگا۔ نافرمان اور فرمانبردار کو الگ کریگا۔ پھر خدا پرست لائق آدمیوں کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ ضرورت خلافت۔

ماخذ آیت ۲۴۹ تا ۲۵۱۔

۲۵۳ ع



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ
ہمیں جالوت اور اس کے لشکروں سے لڑنے کی طاقت نہیں جن لوگوں کو خیال تھا کہ

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ
انہیں اللہ سے ملنا ہے وہ کہنے لگے بارہا بڑی جماعت پر چھوٹی

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ
جماعت اللہ کے حکم سے غالب ہوئی ہے اور اللہ صبر کرنے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ
والوں کے ساتھ ہے اور جب جالوت اور اس کی فوجوں کے سامنے ہوئے

قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا
تو کہا اے رب ہمارے ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور ہمارے پاؤں جمائے رکھ

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ؕ﴿۲۵۰﴾ فَهَزَمُوْهُمْ
اور اس کافر قوم پر ہماری مدد کر پھر اللہ کے حکم سے مومنوں

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ قف وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ
نے جالوت کے لشکروں کو شکست دی اور داؤد نے جالوت کو مار ڈالا اور اللہ نے سلطنت اور

الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ
حکمت داؤد کو دی اور جو چاہا اُسے سکھایا اور اگر اللہ کا بعض کو

النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ
بعض کے ذریعے سے دفع کرا دینا نہ ہوتا تو زمین فساد سے پُر ہو جاتی لیکن

اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ
اللہ جہان والوں پر بہت مہربان ہے یہ اللہ کی آیتیں ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾
ہم تمہیں ٹھیک طور پر پڑھ کر سناتے ہیں اور بیشک تو ہمارے رسولوں میں سے ہے

## ربط آیات

(۲۴۹) حضرت طالوت نے امتحان لیا کہ کون اس کا فرمانبردار ہے (۲۵۰) فرمانبردار جماعت کہہ رہی ہے خدا دعا ہم پر صبر چپ دے کہ ہم یہاں سے نہ ہٹیں۔ آخر کار فتح ہوئی شکست یہ ہمارا کام نہیں ہے (۲۵۱) لہٰذا ارشاد ان تنصروا اللہ ینصرکم اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد کی اور فتح دلائی (۲۵۲) تمہاری ضروریات پوری کرنے کے لئے یہ قصہ سنایا جاتا ہے۔ تمہارے لئے بھی اسی طرح سلطنت قائم کردی جائے گی جس طرح بنی اسرائیل کے لئے قائم کردی گئی گویا اس آیت میں سلطنت کے عطا ہونے کا وعدہ ہے۔ اب آئندہ خلافت شروع ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ
یہ سب رسول ہیں ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا
بعض وہ ہیں جن سے اللہ نے کلام فرمائی اور بعضوں کے درجے بلند کئے اور ہم نے

عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَ
عیسٰی مریم کے بیٹے کو صریح معجزے دیئے تھے اور اُسے روح القدس کیساتھ قوت دی تھی اور

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ
اگر اللہ چاہتا تو وہ لوگ جو ان پیغمبروں کے بعد آئے وہ آپس میں نہ لڑتے بعد اس کے کہ

مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ
ان کے پاس صاف حکم پہنچ چکے تھے لیکن ان میں اختلاف پیدا ہوگیا پھر کوئی ان میں سے ایمان لایا

وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۗ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
اور کوئی کافر ہوا اور اگر اللہ چاہتا تو وہ آپس میں نہ لڑتے لیکن اللہ

يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا
جو چاہتا ہے کرتا ہے اے ایمان والو! جو ہم نے تمہیں رزق دیا ہے اس میں سے

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ
خرچ کرو اُس دن کے آنے سے پہلے کہ جس میں نہ کوئی خرید و فروخت ہوگی اور نہ کوئی دوستی

وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اور نہ کوئی سفارش اور کافر وہی ظالم ہیں اللہ کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ
معبود نہیں زندہ ہے سب کا تھامنے والا نہ اُس کو اُونگھ دبا سکتی ہے نہ نیند

## ربطِ آیات

(۲۵۳) تمام انبیاء علیہم السلام نبوت میں تو مساوی ہیں لیکن خاص خاص خوبیاں ہر ایک کی علیحدہ ہیں جس طرح ایک بادشاہ کے وزراء کے مدارج ہیں کوئی وزیر جنگ کوئی وزیر مال کوئی وزیر تعلیم (آیۃ عیسٰی) جو فائدہ جسمانی دواؤں سے بڑا ہوتا ہے وہ روحانیت کی قوت سے بہت جلدی اور زیادہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے واقعات ہر مذہب کی کتب میں پائے جاتے ہیں اور تائید روح القدس کی شرح حضرت شاہ صاحب کی اصطلاح میں اس طرح ہے کہ روحانی خزانے سے شعاعیں ہر وقت برستی رہتی ہیں۔ روح کی جو قوت صرف ہو جاتی ہے اُس کا بدل اور تحلیل ان شعاعوں سے قائم ہو جاتا ہے۔ بعض آدمیوں پر یہ شعاعیں تھوڑی آتی ہیں اور بعض میں حد سے بڑھ کر وہ قوت شامل ہونے لگتی ہے جس طرح ایک پہلوان کی طبیعت میں تھوڑی یا زیادہ قوت ہوتا ہے اور باقی آدمیوں میں اس سے کم (ولو شاء اللہ ما اقتتل الذین) انبیاء علیہم السلام کے مدارج میں تو فرق ظاہر ہے اور ایک سمجھدار آدمی ہر ایک کو پہچان سکتا ہے لیکن تعلیم پانے کے بعد بھی جس بے سمجھ پیدا ہو جاتے ہیں وہ مختلف مذہب

خلاصہ رکوع ۳۴ دو فرقوں کا حال۔ خلیفہ وقت سے کیا فرض ہے اور صحبت توحید میں اپنی اور اپنے تابعین کی جان مال خرچ کرے۔ ماخذ آیت ۲۵۳، ۲۵۴

رکوع ۳۴ ۱

رکھیں گے پھر اپنے نبی کو ایک دوسرے سے بڑھائیں گے۔ اس کے بعد اُمتوں میں آپس میں لڑائی پیدا ہوگی۔ جس طرح چھوٹے چھوٹے بادشاہوں کو آپس میں لڑنے سے روکنے کے لئے ایک بڑے زبردست طاقتور بادشاہ کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح مختلف مذہب کی لڑائی کو روکنے کے لئے ایک بہت بڑے زبردست اور طاقتور مذہب کی ضرورت ہے جو مذہبی نقطۂ نگاہ سے ہر ایک کا صحیح فیصلہ کر سکے اور ہر ایک مذہب کو اپنے درجہ پر رکھے۔ وہ مذہب اسلام ہے اور اسی کا نام خلافت

بڑی ہے۔ (۲۵۴) گزشتہ آیت میں تھا کہ اُمتیں آپس میں ضرور لڑیں گی۔ اس آیت میں حکم دیا جاتا ہے اے مسلمانو! تم اپنی سب چیز خرچ کر دو تو یہ صاف ظاہر ہے کہ اس لڑائی کے جھگڑے کو مٹانے کے لئے ہر چیز صرف کرو۔ واللہ اعلم۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ

آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے سب اُسی کا ہے ایسا کون ہے جو اُس کی اجازت

عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا

کے سوا اُس کے ہاں سفارش کر سکے مخلوقات کے تمام حاضر اور غائب حالات کو جانتا ہے اور وہ

یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ

سب اُس کی معلومات میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا کہ وہ چاہے اُس کی کرسی نے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ الْعَلِیُّ

سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہی

الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ۫ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ

سب سے برتر عظمت والا ہے دین کے معاملہ میں زبردستی نہیں ہے بے شک ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے

فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ یُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ

پھر جو شخص شیطان کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے تو اُس نے

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَ

مضبوط حلقہ پکڑ لیا جو ٹوٹنے والا نہیں اور

اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ

اللہ سُننے والا جاننے والا ہے اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے

یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ۬ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا

اور اُنہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالتا ہے اور جو لوگ کافر ہیں

اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی

اُن کے دوست شیطان ہیں اُنہیں روشنی سے اندھیروں کی طرف

الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ ع ۳۴ ۲

نکالتے ہیں یہی لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

### ربط آیات

(۲۵۵) لڑائی کے ہنگامے کو مٹا کر نورِ توحید پھیلاؤ اور آیت الکرسی والی توحید کا رنگ چڑھا دو۔

(۲۵۶) ہاں دائرۂ اسلام میں لانے اور توحید کا نور پھیلانے میں جبر نہیں ہونا چاہیے۔ خلافت جبر کرنے کے لئے قائم نہیں ہوئی بلکہ بیّنات واضح ہو چکی ہیں۔ مذہب جذبۂ انسانی کو ترک نہیں کرتا بلکہ تبدیل کرتا ہے۔ مذہب تو انسانی ترقی کا مؤید اور اعلیٰ ترقی کا ضامن ہے۔ اس کے بعد بھولا بھٹکا خود اس راستے پر آ جائیں گے کسی پر جبر کرنے کی ضرورت نہیں۔ (۲۵۷) تشبیہ تجسیم کو اللہ تعالیٰ تمام ظاہری اور باطنی عیوب و نقائص سے پاک کر دے گا اور طاغوت پرست اور زیادہ بُرائیوں میں مبتلا ہوتے جائیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ أَنْ آتَاهُ

کیا تو نے اُس شخص کو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے اُس کے رب کی بابت جھگڑا کیا اِس لئے کہ

اللَّهُ الْمُلْكَ إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَ

اللہ نے اُسے سلطنت دی تھی جب ابراہیم نے کہا کہ میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور

يُمِيتُ قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ ۖ قَالَ إِبْرَاهِيمُ فَإِنَّ اللَّهَ

مارتا ہے اُس نے کہا میں بھی زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں کہا ابراہیم نے بیشک اللہ

يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ

سورج مشرق سے لاتا ہے تو اُسے مغرب سے لے آ

فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

تب وہ کافر حیران رہ گیا اور اللہ بے انصافوں کو سیدھی راہ

الظَّالِمِينَ ﴿٢٥٨﴾ أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ

نہیں دکھاتا یا تو نے اُس شخص کو نہیں دیکھا جو ایک شہر پر گزرا اور وہ

خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ

اپنی چھتوں پر گرا ہوا تھا کہا اسے اللہ مرنے کے بعد

بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ

کیونکر زندہ کرے گا پھر اللہ نے اُسے سو برس تک مار ڈالا پھر اُسے اُٹھایا

قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ

کہا کہ تو یہاں کتنی دیر رہا کہا ایک دن یا اس سے کچھ کم رہا

قَالَ بَلْ لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَ

فرمایا بلکہ تو سو برس رہا ہے اب تو اپنا کھانا اور پینا دیکھ

شَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ وَانْظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ

وہ تو سڑا نہیں اور اپنے گدھے کو دیکھ اور ہم نے تجھے

وقف لازم

## ربطِ آیات

(۲۵۸) اگرچہ یہ تین واقعے جو اس رکوع میں مذکور ہیں آج سے کئی ہزار برس پہلے کے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس لئے بیان فرمائے ہیں کہ خدا پرستوں کے لئے عبرت اور تسلی کا موجب ہوں و تفہیم علم۔ اس سے یہ نتیجہ مستنبط

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳۵ - واقعات مؤیدہ توحید کی نشر و اشاعت بھی خلیفہ ہی کے ذمہ ہے۔ |
| ماخذ آیت ۲۵۸ - ۲۶۰ |

ہوتا ہے کہ اس قسم کے واقعات شاذ و نادر ہوا کریں گے مسلمانوں کے خلیفہ کو چاہیے کہ ان کی نشر و اشاعت کرے تاکہ مؤمنوں کو مزید اطمینان حاصل ہو اور دشمنانِ مخالفین کو بھی اس سے کچھ فائدہ پہنچ جائے۔ اس آیت والے واقعہ میں ایک طرف توحید پرست اللہ تعالیٰ کا بندہ ہے اور دوسری طرف ایک شخص ہے جو اپنی خدائی کا مدعی ہے اللہ تعالیٰ نے باطل پرست کو مبہوت اور لاجواب کر دیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ

لوگوں کے واسطے نمونہ بنانا چاہا ہے اور ہڈیوں کی طرف دیکھ کہ ہم انہیں کس طرح ابھار کر جوڑ دیتے ہیں

نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ

پھر ان پر گوشت پہناتے ہیں پھر جب اس پر یہ حال ظاہر ہوا تو کہا میں یقین کرتا ہوں کہ بیشک

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۵۹﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ

اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور یاد کر جب ابراہیم نے کہا اے میرے

اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ

پروردگار! مجھ کو دکھا کہ تو مُردے کو کس طرح زندہ کرے گا فرمایا کیا تم یقین نہیں لاتے کہا

بَلٰی وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً

کیوں نہیں لیکن اس واسطے چاہتا ہوں کہ میرے دل کو تسکین ہو جائے فرمایا تو چار جانور اُڑنے والے

مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی

پکڑ لے پھر انہیں اپنے ساتھ ہلا لے پھر ہر پہاڑ پر ان کے بدن کا

كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ

ایک ایک ٹکڑا رکھ دے پھر ان کو بلا تیرے پاس دوڑتے ہوئے آئیں گے

وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۶۰﴾ ع مَثَلُ الَّذِیْنَ

اور جان لے کہ بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے ان لوگوں کی مثال جو

یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ

اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہیں ایسی ہے کہ جیسے ایک دانہ

اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

کہ اگائے سات بالیں ہر بالی میں سو سو دانے

وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۶۱﴾

اور اللہ جس کے واسطے چاہے بڑھاتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا جاننے والا ہے

## ربطِ آیات

(۲۵۹) یہ واقعہ بیت المقدس کے متعلق ہے جب بخت نصر نے اسے تباہ کیا تھا۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ظرف بعث بعد الموت پر شہادت دے رہی ہے۔ بیت المقدس کی دوبارہ تعمیر ٹھیک سو برس بعد ہوئی تھی۔ (۲۶۰) یہ تیسرا واقعہ بھی بعث بعد الموت پر شہادت ہے۔ الحاصل: حاصل یہ ہے کہ جہاں کہیں حق کی تعلیم میں دقتیں پیدا ہوں گی ان کے رفع کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ مختلف آدمی پیدا کرے گا۔ خلیفہ کا یہ فرض ہوگا کہ ایسے آدمیوں کی تعلیم کو عام کرے اور جو لوگ ان کے پاس تعلیم لینے کیلئے آنا چاہیں ان کے موانع دور کر دے۔

۳۵ ع۴ ۳

خلاصہ رکوع ۳۶ - فرض سیاسی خلافت اور شرائط انفاق فی سبیل اللہ کی شرائط اور بیع سلف - خلاصہ آیت
۲۶۱، ۲۶۲، ۲۶۴، ۲۶۵

(۲۶۱) معاونینِ خلافت دو قسم کے ہوں گے: اہلِ دولت اور اہلِ علم۔ اس رکوع میں اہلِ دولت کا فرض مذکور ہے اور دولت کے خرچ کرنے کی شرطیں بتلائی گئی ہیں۔ کل شرطیں پانچ ہیں دو سلبی اور تین ایجابی۔ یہ شرطیں اس رکوع میں مذکور ہیں اور پانچویں شدہ رکوع میں ہے۔ اس آیت میں ترغیب انفاق ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ

جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر

لَا يُتْبِعُونَ مَا أَنْفَقُوا مَنًّا وَلَا أَذًى لَهُمْ

خرچ کرنے کے بعد نہ احسان رکھتے ہیں اور نہ ستاتے ہیں اُنہیں کے لئے

أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا

اپنے رب کے ہاں ثواب ہے اور ان پر نہ کوئی ڈر ہے اور نہ

هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَعْرُوفٌ وَمَغْفِرَةٌ

وہ غمگین ہوں گے مناسب بات کہہ دینا اور درگزر کرنا

خَيْرٌ مِنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا أَذًى وَاللَّهُ غَنِيٌّ

اُس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد ستانا ہو اور اللہ بے پروا

حَلِيمٌ ﴿۲۶۳﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ

نہایت تحمل والا ہے اے ایمان والو! احسان رکھ کر اور ایذا دے کر اپنی

بِالْمَنِّ وَالْأَذَى كَالَّذِي يُنْفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ

خیرات کو ضائع نہ کرو اس شخص کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دکھانے کو

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَمَثَلُهُ

خرچ کرتا ہے اور اللہ پر اور قیامت کے دن پر یقین نہیں رکھتا سو اس کی

كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ

مثال ایسی ہے جیسے صاف پتھر کہ اس پر کچھ مٹی پڑی ہو پھر اس پر زور کا

وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا لَا يَقْدِرُونَ عَلَى

مینہ برسا پھر اس کو بالکل صاف کر دیا ایسے لوگوں کو اپنی

شَيْءٍ مِمَّا كَسَبُوا وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

کمائی ذرا بھی ہاتھ نہ لگے گی اور اللہ کافروں کو سیدھی راہ

### ربطِ آیات

(۲۶۲) اس آیت میں دو شرطیں ذکر کی گئی ہیں کہ دینے کے بعد احسان نہ جتلایا جائے اور کوئی تکلیف نہ دی جائے۔ (۲۶۳) جب صدقہ کے بعد احسان جتلانا ہو اور تکلیف پہنچانی ہو، اُس سے نہ دینا بہتر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦٤﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

نہیں دکھاتا اور اُن لوگوں کی مثال جو اپنے مال

اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا

اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اور اپنے دلوں کو مضبوط

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا

کر کے خرچ کرتے ہیں ایسی ہے جس طرح بلند زمین پر ایک باغ ہو اُس پر

وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ

زور کا مینہ برسا تو وہ باغ اپنا پھل دوگنا لایا اور اگر اُس پر

يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

مینہ نہ برسا تو شبنم ہی کافی ہے اور اللہ تمہارے کاموں کو خوب

بَصِيْرٌ ﴿٢٦٥﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ

دیکھنے والا ہے کیا تم میں سے کسی کو یہ بات پسند آتی ہے کہ اُس کا ایک باغ

مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

کھجور اور انگور کا ہو جس کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ

بہتی ہوں اُسے اِس باغ میں اور بھی ہر طرح کا میوہ حاصل ہو اور اُس پر

الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ

بڑھاپا آگیا ہو اور اُس کی اولاد ضعیف ہو تب اس باغ پر ایک

اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

بگولہ آپڑا جس میں آگ تھی جس سے وہ باغ جل گیا اللہ تمہیں

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٦٦﴾ ع ٦ ٤

اس طرح نشانیاں سمجھاتا ہے تاکہ تم سوچا کرو

## ربطِ آیات

(٢٦٤) من اور اذی سے صدقہ باطل ہو جائے گا۔ (٢٦٥) اس آیت میں دو شرطیں وجودی مذکور ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے دو اور دینے کے بعد ملال خاطر نہ ہو۔ (٢٦٦) اگر رضائے الٰہی کے خیال سے دیا اور ریا کے طور پر خرچ کیا تو آخرت میں ضرورت کے وقت ایک کوڑی کام نہیں آئے گی۔ ریا اس خرمنِ مال کو تباہ کر دے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ

اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے ستھری چیزیں خرچ کرو

وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَيَمَّمُوا

اور اُس چیز میں سے بھی جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے پیدا کی ہے اور اُس میں سے ردّی چیز کا

الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّاۤ اَنْ

ارادہ نہ کرو کہ اس کو خرچ کرو حالانکہ تم اُسے کبھی نہ لو مگر یہ کہ

تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾

چشم پوشی کر جاؤ اور سمجھ لو کہ بے شک اللہ بے پروا تعریف کیا ہوا ہے

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ

شیطان تمہیں تنگ دستی کا وعدہ دیتا ہے اور بے حیائی کا حکم کرتا ہے

وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

اور اللہ تمہیں اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ دیتا ہے اور اللہ بہت کشائش

عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾ يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ

کرنیوالا سب کچھ جاننے والا ہے جس کو چاہتا ہے سمجھ دے دیتا ہے اور جسے سمجھ

الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِىَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ

دی گئی تو اُسے بڑی خوبی ملی اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں

اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾ وَمَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ

جو عقل والے ہیں اور جو تم خیرات کے طور پر خرچ کرو گے

اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا

یا تم کوئی منت مانو گے تو بے شک اللہ کو سب معلوم ہے اور

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے اگر تم خیرات ظاہر کر کے دو تو بھی

### ربطِ آیات

(۲۶۷) انفاق کی شرط بتائی کہ عمدہ چیز اللہ تعالیٰ کے نام پر دو۔ (۲۶۸) شیطان تو تمہیں یہی مشورہ دے گا کہ عمدہ چیز خرچ کرنے سے تم نادار ہو جاؤ گے۔ لہٰذا اس بے حیائی کا ارتکاب کرو کہ جو چیز تمہیں پسند نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کے نام پر دے دو۔ (۲۶۹) حکمت سے مراد علم ہے۔ مال کو قرآن پاک کی اصطلاح میں لفظ خیر سے تعبیر کیا گیا ہے۔ چنانچہ سورۃ عادیات

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳۷: انفاق مال کی پانچ شرائط اور اس کے عوض کی طرف اشارہ۔ عا: ۲۶۷، اختتام: ۲۶۹ – ۲۷۰ |

پارہ ۳۰ میں (ان الانسان لربہ لکنود۔ وانہ علی ذٰلک لشہید وانہ لحب الخیر لشدید) اور علم کو اس آیت میں خیر کثیر سے بیان کیا گیا ہے۔ لہٰذا جب خیر یعنی مال کے خرچ کرنے کی پانچ شرطیں بیان کی گئی ہیں تو خیر کثیر کو بھی شرائط پر خرچ کرنا بطریق اولیٰ ضروری ہوگا۔ (۲۷۰) اس آیت میں تعمیم کر دی گئی ہے خواہ تم اپنے ذمہ کوئی حصہ مال کا مقرر کرو یا غیر معین طور پر دو۔ دونوں جائز ہیں (وما للظّٰلمین) جب تعمیم کی اجازت ہے۔ اب بھی بہانہ کرکے جو لوگ دینا نہیں چاہتے ان کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ

اچھی بات ہے ۔ اور اگر اُسے چھپا کر دو ۔ اور فقیروں کو پہنچا دو

فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِنْ سَيِّئَاتِكُمْ ۗ وَاللَّهُ

تو تمہارے حق میں وہ بہتر ہے ۔ اور اللہ تمہارے کچھ گناہ دُور کر دے گا ۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٧١﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ

تمہارے کاموں سے خوب خبر رکھنے والا ہے ۔ انہیں راہ پر لانا ۔ تیرے ذمہ نہیں

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۗ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ

اور لیکن اللہ جسے چاہے ۔ راہ پر لاتا ہے ۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے اُس کا

خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُونَ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ

نفع تمہاری جان کے لئے ہے ۔ اور اللہ ہی کی رضامندی کے لئے ۔ خرچ

اللَّهِ ۚ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ

کرو ۔ اور جو اچھی چیز تم خرچ کرو گے اُس کا پورا اجر تمہیں دیا جائے گا ۔ اور تم پر

لَا تُظْلَمُونَ ﴿٢٧٢﴾ لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي

ظلم نہیں کیا جائے گا ۔ خیرات اُن حاجت مندوں کے لئے ہے ۔ جو اللہ کی

سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ

راہ میں رُکے ہوئے ہیں ۔ ملک میں چل پھر نہیں سکتے

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ

ناواقف ۔ ان کے سوال نہ کرنے سے ۔ انہیں مال دار سمجھتا ہے

تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا ۗ

تو ان کے چہرے سے پہچان سکتا ہے ۔ لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے

وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿٢٧٣﴾ ع ٣٧ ٥

اور جو کام کی چیز ۔ تم خرچ کرو گے ۔ بے شک وہ اللہ کو معلوم ہے

### ربطِ آیات

(٢٧١) شرائطِ انفاق کو ضرور ملحوظ رکھو پھر خواہ ظاہر کر کے دو یا در پردہ دو۔
(٢٧٢) ان لوگوں میں تقویت کا یہ رنگ پیدا کر دینا آپ کا کام نہیں ہے (٢٧٣) ان ضرورت مند لوگوں پر خرچ کرو جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں دن رات مشغول ہو کر دُنیاوی کام کرنے سے بند ہو گئے ہیں۔ ملک میں سفر نہیں کر سکتے اگرچہ ان میں قابلیتیں ہیں لیکن فرائض دینی کے پورا کرنے کی وجہ سے محصور ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ بِالَّیۡلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا

جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں رات اور دن کو چھپا کر اور ظاہر

وَّعَلَانِیَةً فَلَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا خَوۡفٌ

خرچ کرتے ہیں تو اُن کے لئے اپنے رب کے ہاں ثواب ہے اُن پر نہ کوئی

عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِیۡنَ یَاۡکُلُوۡنَ

ڈر ہے اور نہ وُہ غمگین ہوں گے جو لوگ سُود

الرِّبٰوا لَا یَقُوۡمُوۡنَ اِلَّا کَمَا یَقُوۡمُ الَّذِیۡ یَتَخَبَّطُهُ

کھاتے ہیں قیامت کے دن وُہ نہیں اُٹھیں گے مگر جس طرح کہ وُہ شخص اُٹھتا ہے

الشَّیۡطٰنُ مِنَ الۡمَسِّ ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡۤا اِنَّمَا

جس کے حواس جن نے لپٹ کر کھو دیئے ہیں یہ حالت اُن کی اس لئے ہوگی کہ انہوں نے کہا تھا کہ

الۡبَیۡعُ مِثۡلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الۡبَیۡعَ وَحَرَّمَ

سوداگری بھی تو ایسی ہی ہے جیسے سُود لینا حالانکہ اللہ نے سوداگری کو حلال کیا ہے اور سُود

الرِّبٰوا ؕ فَمَنۡ جَآءَهٗ مَوۡعِظَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ فَانۡتَهٰی

کو حرام کیا ہے پھر جسے اپنے رب کی طرف سے نصیحت پہنچی اور وُہ باز آگیا

فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمۡرُهٗۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ عَادَ

تو جو پہلے ہو چکا ہے وُہ اُسی کا رہا اور اُس کا معاملہ اللہ کے حوالہ ہے اور جو کوئی پھر سُود لے

فَاُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِیۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۷۵﴾

وُہی لوگ دوزخ والے ہیں وُہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

یَمۡحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَیُرۡبِی الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ

اللہ سُود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے اور اللہ

لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیۡمٍ ﴿۲۷۶﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ

کسی ناشکرے گنہگار کو پسند نہیں کرتا جو لوگ

منزل ۱

## ربطِ آیات

(۲۷۴) جس وقت یا جس طریقے سے بھی کوئی خرچ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو اجر دے گا (۲۷۵) چونکہ انفاق فی سبیل اللہ کا خلق پیدا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے اس کی ضد کو حرام کر دیا جائے گا۔ سُود خوری کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے پاس جو روپیہ زائد رکھا ہے ہم وُہ زائد روپیہ کسی آدمی کو نہیں دینا چاہتے اور نہ چند روزہ مُفت استعمال ہی کی اجازت دے سکتے ہیں۔ حالانکہ یہاں مسلمانوں کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ زائد مُفت خدا تعالیٰ کے نام پر

وقف منزل

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳۸۔ انفاق فی سبیل اللہ کی ضد یعنی سود خواری کی مُمانعت ماخذ آیت ۲۷۸۔ |

وقف لازم

دے دو اور دینے کے بعد نام تک نہ لو۔ قیامت کے دن اخلاق حمیدہ کی قدر و قیمت ہوگی اور سُود خوار تو اخلاق حمیدہ سے دور بد اخلاقی کا شکار رہا۔ اس لئے اس کی وہاں ایسی حالت ہوگی، جس طرح آسیب زدہ مخبوط الحواس آدمی ہو۔ (۲۷۶) اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ربٰو مُوجب لعنت اور صدقہ مُوجب نزولِ رحمت ہے۔ ربٰو خوار کے پاس مال کا جمع ہونا ایسا ہی ہے جیسے ڈاکو کے پاس مال جمع ہو۔ وُہ اُسی وقت تک مال اپنا بنائے بیٹھا ہے جب تک مالک نہیں آتا اور یہ گرفتار نہیں ہوتا۔ کوئی شریف آدمی ایسے مال کو مُوجب عزت نہیں خیال کر سکتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا
ایمان لائے | اور نیک کام کئے | اور نماز کو قائم رکھا | اور

الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
زکوٰۃ دیتے رہے | توان کے رب کے ہاں اُن کا اجر ہے | اور اُن پر کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
خوف نہ ہوگا | اور نہ وہ غمگین ہوں گے | اے ایمان والو!

اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ
اللہ سے ڈرو | اور جو کچھ باقی سود رہ گیا ہے اُسے چھوڑ دو | اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ
ایمان والے ہو | اگر تم نے نہ چھوڑا | تو اللہ اور اس کے رسول کی

مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ
طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے | اور اگر توبہ کر لو | تو اصل مال تمہارے

اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾ وَاِنْ
واسطے ہے | نہ تم کسی پر ظلم کرو | اور نہ تم پر ظلم کیا جائے گا | اور اگر

كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ
وہ تنگ دست ہے | تو آسودہ حالی تک مہلت دینی چاہئے | اور

تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَ
بخش دو | تو تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے | اگر تم جانتے ہو | اور

اتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۖ قف ثُمَّ
اُس دن سے ڈرو | جس دن اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے | پھر

تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ ع ۳۸/۶
ہر شخص کو اُس کی کمائی کا پورا پورا بدلہ دے دیا جائے گا | اور اُن پر ظلم نہ ہوگا

## ربطِ آیات

(۲۷۷) جو لوگ اِس حکم کو مان گئے ان کو اللہ تعالیٰ اجر عطا فرمائے گا۔ (۲۷۸) اے مسلمانو! جو پچھلے سود لے چکے سو لے چکے اور جو باقی ہے سب چھوڑ دو۔ (۲۷۹) اگر حکم پہنچنے کے بعد بھی سود چھوڑنے کے لئے آمادہ نہیں ہو تو پھر خدا تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی طرف سے اعلان جنگ ہے۔ (۲۸۰) سود تو چھوڑو بلکہ مقروض تنگ دست ہے تو اصل قرضہ وصول کرنے میں بھی مالی وسعت پیدا ہونے تک مہلت دو۔ (۲۸۱) اگر تم اپنے مالک سے نرم معاملے کی امید رکھنا چاہتے ہو تو تم بھی لوگوں پر نرمی کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى

اے ایمان والو! جب تم کبھی وقت مقرر تک آپس میں

اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ

ادھار کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ تمہارے درمیان لکھنے والا

بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ

انصاف سے لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا کہ اس کو اللہ نے

اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَ

سکھایا ہے سو اسے چاہیے کہ لکھ دے اور وہ شخص بتلاتا جائے کہ جس پر قرض ہے اور

لْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ

اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے اور اس میں سے کچھ کم کر کے نہ لکھائے پھر اگر وہ

الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ

شخص کہ جس پر قرض ہے بے وقوف ہے یا کمزور ہے یا وہ بتلا نہیں سکتا

اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا

تو اس کا کارکن ٹھیک طور پر لکھوا دے اور اپنے مردوں

شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ

میں سے دو گواہ کر لیا کرو پھر اگر دو مرد نہ ہوں

فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ

تو ایک مرد اور دو عورتیں ان لوگوں میں سے جنہیں تم گواہوں میں سے پسند کرتے ہو تاکہ

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا

اگر ایک ان میں سے بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلا دے اور

يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ

جب گواہوں کو بلایا جائے تو انکار نہ کریں اور معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا



ALMARIFAT 112
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ

اس کی میعاد تک لکھنے میں سستی نہ کرو یہ لکھ لینا اللہ کے نزدیک انصاف کو زیادہ قائم

وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ

رکھنے والا ہے اور شہادت کا زیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ قریب ہے اس بات کے کہ تم کسی شبہ میں نہ پڑو

تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ

مگر یہ کہ سوداگری ہاتھوں ہاتھ ہو جسے آپس میں لیتے دیتے ہو پھر تم پر کوئی

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠

گناہ نہیں کہ اسے نہ لکھو اور جب آپس میں سودا کرو تو گواہ بنا لو

وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ڛ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ

اور لکھنے والے اور گواہ بننے والے کو تکلیف نہ دی جائے اور اگر تم نے تکلیف دی تو

فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ

تمہیں گناہ ہوگا اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰي سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا

ہر چیز کا جاننے والا ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی لکھنے والا

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ

نہ پاؤ تو گروی پر قبضہ کیا جائے اور اگر ایک تم میں سے دوسرے پر

بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ

اعتبار کرے تو چاہیے کہ وہ شخص امانت ادا کر دے جس پر اعتبار کیا گیا اور اپنے اللہ

اللّٰهَ رَبَّهٗ ۭ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۭ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا

سے ڈرے جو اس کا رب ہے اور گواہی کو نہ چھپاؤ اور جو شخص اسے چھپائے گا

فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٣﴾ ع ٣٩ ٢ ٧

تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے

## ربطِ آیات

(٢٨٢) جب ربٰو کو اس شدت سے روک دیا گیا اور ربٰو کی ضرورت اس لئے تھی کہ لوگ صحیح وقت پر قرض نہیں ادا کرتے تھے اس لئے اب قرض کے پورے وقت پر ادا کرنے کی تاکید کی جاتی ہے اور یہ آیۃ المداینہ کہلاتی ہے اس کے برابر سارے قرآن شریف میں کوئی آیت نہیں جیسے آیت الکرسی الٰہیات کے لحاظ سے بڑی تھی۔ (٢٨٣) اگر سفر پر ہو اور کاتب نہ مل سکے تو مقروض سے رہن رکھ لو اور اگر قرض خواہ مقروض کو امین خیال کرکے رہن نہ لے تو مقروض کا فرض ہے کہ ایمانداری سے اس کا روپیہ ادا کردے

خلاصہ رکوع ٣٩۔ قانونِ دین
ماخذ ٢٨٢۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا
جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ ہی کا ہے اور اگر تم اپنے

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ
دل کی بات ظاہر کرو گے یا چھپاؤ گے اللہ تم سے اس کا حساب لے گا

فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَ
پھر جس کو چاہے بخشے گا اور جسے چاہے عذاب کرے گا اور

اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ
اللہ ہر چیز پر قادر ہے رسول نے مان لیا جو کچھ

اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ
اس پر اس کے رب کی طرف سے اُترا ہے اور مسلمانوں نے بھی مان لیا سب نے

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ قف لَا
اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے رسولوں کو مان لیا ہے

نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا
کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسولوں کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کرتے اور کہتے ہیں ہم نے سنا

وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا
اور مان لیا اے ہمارے رب ہم تیری بخشش چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے اللہ

يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
کسی کو اس کی طاقت کے سوا تکلیف نہیں دیتا نیکی کا فائدہ بھی اسی کو ہوگا اور

عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ
اور برائی کی زد بھی اسی پر پڑے گی اے رب ہمارے! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کریں

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
تو ہمیں نہ پکڑ اے رب ہمارے! اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے

## ربطِ آیات

(۲۸۴) یہاں تک خلافت کا مقصد پورا ہو گیا جس قدر رو ئے کی ضرورت تھی۔ اس کے پورا کرنے کے وسائل ذکر کر دیئے گئے اور ان وسائل کی ضد پیدا کرنے والی چیزیں روک دی گئیں۔ اب چونکہ خلافت کو ایک جماعت چلائے گی اس رکوع میں ذکر کیا جاتا ہے کہ ان کا اپنے مالک حقیقی سے کیا تعلق ہو گا (وان تبدوا) اہلِ جماعت اگر برا ارادہ بھی کرے گی تو وہ بھی اس کے حق میں مضر ہے۔ جب آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرامؓ کی ایک بڑی جماعت آنحضرت

> خلاصۂ رکوع ۴۰ ۔ مشیت کی حکمت کا تعلق باللہ ۔ ماخذ آیت ۲۸۴

صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آئی۔ بلکہ خود حضرت ابوبکرؓ نے عرض کی کہ یہ معاملہ کس طرح ہو گا۔ آپ نے فرمایا کہ کیا سمعنا وعصینا کہنا تمہارا مقصد ہے۔ پھر سب مان گئے۔ اس کے بعد آئندہ آیت "آمن الرسول" والی آیت نازل ہوئی۔ (۲۸۵) یہ ایک قسم کی سند ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرامؓ نے جو کچھ ان کی طرف نازل ہوا تھا سب مان لیا (لانفرق بین احد) جتنے احکام تمام گزشتہ انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ سے ملے تھے وہ اگر آج ہمیں دے دیئے جائیں تو سب کے کرنے کے لئے پورے تیار ہیں اب کوئی قوم مسلمانوں پر یہ فخر نہیں کر سکتی کہ ہم نے بڑے بڑے کام کئے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

ہم سے پہلے لوگوں پر رکھا تھا اے رب ہمارے اور ہم سے وہ بوجھ نہ

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ

اُٹھوا جس کی ہم کو طاقت نہیں اور ہمیں معاف کر دے اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

تو ہی ہمارا کارساز ہے کافروں کے مقابلہ میں تو ہماری مدد کر

(۳) سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ (۸۹) — اٰيَاتُهَا ۲۰۰ — رُكُوْعَاتُهَا ۲۰

سورۂ آل عمران مدنی ہے اور اس میں دو سو آیتیں اور بیس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ

اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے نظام کائنات کا سنبھالنے والا ہے اس نے

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

تجھ پر سچی کتاب نازل فرمائی جو پہلی کتابوں کی تصدیق

يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾ مِنْ

کرتی ہے اور اسی نے اس کتاب سے پہلے تورات و انجیل نازل فرمائی وہ

قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۗ اِنَّ

کتابیں لوگوں کے لئے راہ نما ہیں اور اسی نے فیصلہ کن چیزیں نازل فرمائیں بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۗ

جو لوگ اللہ کی آیتوں سے منکر ہوئے ان کے لئے سخت عذاب ہے

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى

اور اللہ تعالیٰ زبردست بدلہ لینے والا ہے اللہ پر زمین اور



## ربطِ آیات

(۲۸۶) جب تمہارے ارادہ کرنے کے نتیجہ میں سب اسباب میں تھوڑا ... کرنے کی گنجائش ہو ایسی حالت میں طاقت سے زیادہ اللہ تعالیٰ تکلیف نہیں دیتا (ربنا لا تواخذنا)۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ یہ آخری دعائیں جب انسان پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "قد فعلت قد فعلت"۔ جملۂ معترضہ: سورۂ بقرہ میں یہود مخاطب بالذات تھے اور نصاریٰ بالتبع۔ آل عمران میں نصاریٰ کی اصلاح مقصود بالذات ہے اور یہود کی بالتبع۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ علیہ کا بھی خیال ہے۔

(۲) جس سورۃ میں جس قوم کی اصلاح پیش نظر ہوتی ہے بطور براعت استہلال اسی کے خیالات کو مدنظر رکھ کر ابتداء سورۃ میں تمہید اٹھائی جاتی ہے۔ چنانچہ سورۂ بقرہ میں یہود مخاطب تھے اس لئے انہیں کی کتاب سے چھیڑنے کی صورت دکھائی تھی اور نصاریٰ چونکہ مسئلہ توحید میں غلطی کر چکے تھے اور تثلیث فی التوحید کے قائل ہو چکے

> خلاصۂ رکوع ۱۔ نصاریٰ کو دعوت الی الکتاب اور تسلیم کتاب میں نسبت ... کی تمیز ماخذ ...

تھے اس لئے آل عمران میں انہیں لا الٰہ الا اللہ کی طرف دعوت دی گئی۔ (الٓمّٓ) جو مطلب سورۂ بقرہ میں الٓمّٓ کا تھا وہی یہاں ہے جس تقسیم پر وہاں یہود کو لانا منظور تھا اسی تقسیم پر نصاریٰ کو لانا منظور ہے۔ (الحی القیوم) اشیاء کی دو صورتیں مادہ اور صورت ہے جس صفت کے انعکاس سے صورتیں پیدا ہوتی ہیں وہ حی ہے اور جس اسم کی تاثیر سے مادہ پیدا ہوتا ہے وہ قیوم کہلاتا ہے تو حاصل یہ نکلا کہ مادہ اور صورت کی ابتدا اللہ تعالیٰ ہی سے ہے جب مادہ اور صورت کی ابتدا اسی سے ہے تو پھر دوسرے کو دائرے پر جانے کی ضرورت ہی کیا ہے کیونکہ جس چیز کی ہمیں ضرورت ہوگی وہیں سے ہمیں دستیاب ہو گی۔ (۳، ۴) جس نے تمہیں راہ راست پر ڈالنے کے لئے قرآن حکیم نازل کیا ہے۔ انسان کو جس تدریجی تعلیم کی ضرورت ہوتی ہے اس وقت کی کتاب الٰہی سے وہ بھی صحیح طریقہ پر ہوتی ہے (انزل التوراۃ والانجیل) پہلے سے یہ سلسلہ الٰہی کا چلا آتا ہے یہ بھی اسی کی ایک کڑی ہے اور اس سلسلہ کی متصل کڑیاں تورات اور انجیل

ہیں (وانزل الفرقان) اگر صرف کتاب الٰہی بغیر نزول فرقان کے دی جائے تو بیکار رہتی ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے (ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال فعلموا من الکتاب وعلموا من السنۃ) مثلاً اگر ہمیں بھوک ہو اور سامنے میوہ دار باغ نظر آ رہا ہو تو ضروری ہے کہ اس باغ کا دروازہ تلاش کریں اگر میوے کو نہیں اسی طرح جب تک انسان کو اپنے مخلوق ہونے کا تعلق مکمل کرنے کا خیال پیدا نہ ہو وہ کتاب

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝٥ هُوَ
آسمان میں کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں وہی

الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا
جس طرح چاہے ماں کے پیٹ میں تمہارا نقشہ بناتا ہے اس کے سوا

إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝٦ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ
اور کوئی معبود نہیں زبردست حکمت والا ہے وہی ہے جس نے تجھ پر

عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ
کتاب اتاری اس میں بعض آیتیں محکم ہیں (جن کے معنی واضح ہیں) وہ کتاب کی اصل ہیں

وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ
اور دوسری متشابہ ہیں (جن کے معنی معلوم یا متعین نہیں) سو جن لوگوں کے دل ٹیڑھے ہیں وہ

فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ
گمراہی پھیلانے کی غرض سے اور مطلب معلوم کرنے کی غرض سے متشابہات کے

تَأْوِيلِهِ ۗ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۗ وَالرَّاسِخُونَ
پیچھے لگتے ہیں اور حالانکہ ان کا مطلب سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا اور مضبوط

فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۗ
علم والے کہتے ہیں ہمارا ان چیزوں پر ایمان ہے یہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہی ہیں

وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝٧ رَبَّنَا لَا تُزِغْ
اور نصیحت وہی لوگ مانتے ہیں جو عقلمند ہیں اے رب ہمارے! جب تو

قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ
ہم کو ہدایت کر چکا تو ہمارے دلوں کو نہ پھیر اور اپنے ہاں سے ہمیں

لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝٨ رَبَّنَا إِنَّكَ
رحمت عطا فرما بے شک تو بہت زیادہ دینے والا ہے اے رب ہمارے! تو



## ربط آیات

(۵) خدا تعالیٰ کو اچھی طرح علم ہے کہ کون حقیقت پوری کرنے والا ہے (۶) وہ تو ایسا علیم ہے کہ تمہاری ماؤں کے رحم میں تمہیں بنا رہا ہے العزیز الحکیم وہ اپنے احکام کو پامال کرنے والوں کو ضرور بدلے گا لیکن سزا میں تاخیر اس کی حکمت پر مبنی ہے (۷) مسائل کے دو حصے ہوتے ہیں ایک بدیہی دوسرا نظری۔ صحیح طریقہ تعلیم کا یہ ہے کہ بدیہی دل کھول جائیں اور پھر نظری کی تعلیم دی جائے کتاب اللہ کے بدیہیات آیات محکمات کہلاتے ہیں اور وہی کتاب الٰہی کی جڑ اور اصول ہیں جو نظری ہیں وہ متشابہات کہلاتے ہیں۔ اگر صحیح راستہ پر عمل کیا گیا تو نتیجہ صحیح نکلے گا ورنہ غلط (فی قلوبہم زیغ) جن لوگوں کی طبیعت میں زیغ ہے وہ پہلے ہی متشابہات پر بحث کرتے ہیں اور طریقہ تحقیق چھوڑ کر علم کے لئے اختیار کرتے ہیں (والراسخون فی العلم) اس کا صحیح تاویل اللہ تعالیٰ اور راسخین فی العلم جانتے ہیں جب تک لوگ علم میں رسوخ پیدا کر لیں اور بدیہی علوم سے صحیح نتیجے نکال کر اپنے ذہن کو پختہ کر لیں تب تک وہ ایسی باتوں میں الجھ جاتے ہیں (آمنا بہ) ان کا یہی خیال ہے کہ جو تعلیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے ہم اس سب کو صحیح مانتے ہیں (وما یذکر الا اولوا الالباب) فقط وہی عقلمند سمجھ سکتے ہیں جو ابتدائی مدارج طے کر چکے ہوں (۸) اے خداوندا! جس طرح ہم نے ابتدائی مدارج طے کر لئے ہیں اسی طرح آئندہ بھی ہمیں سیدھی راہ پر رکھ۔ ایسا نہ ہو کہ آئندہ ٹھیک نہ چلیں ہم کسی علمی بات میں تب تک تجھ سے ڈرتے رہیں جب تک اس کے سمجھنے کے قابل نہ ہوں اور پھر سمجھے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم — وقف غفران — وقف منزل

مانتے پر مجبور ہو جائیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا یہی طرز عمل تھا کہ جب تک ایک سورۃ پوری طرح حفظ نہ ہو جاتی تھی تب تک آگے نہ پڑھتے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ

ایک دن سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے جس میں کوئی شک نہیں بے شک اللہ اپنے وعدے کا

الْمِيعَادَ ﴿٩﴾ ع إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ

خلاف نہیں کرتا بے شک جو لوگ کافر ہیں اُن کے مال اور اُن کی اولاد

أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ

اللہ کے مقابلے میں ہرگز کام نہیں آئیں گے اور وہ لوگ

هُمْ وَقُودُ النَّارِ ﴿١٠﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ

دوزخ کا ایندھن ہیں جس طرح فرعون والوں اور اُن سے

مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ

پہلے لوگوں کا معاملہ تھا انہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا پھر اللہ نے ان کے گناہوں کے سبب سے انہیں پکڑا

وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١١﴾ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا

اور اللہ سخت عذاب والا ہے کافروں کو کہہ دے

سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ

کہ اب تم مغلوب ہو گے اور دوزخ کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے اور وہ

الْمِهَادُ ﴿١٢﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ

بُرا ٹھکانا ہے تمہارے سامنے ابھی ایک نمونہ دو فوجوں کا گزر چکا ہے جو آپس میں ملیں

فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم

ایک فوج اللہ کی راہ میں لڑتی ہے اور دوسری فوج کافروں کی ہے وہ کافر مسلمانوں کو

مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَن

اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے آنکھوں کے دیکھنے سے اور اللہ جسے چاہے اپنی مدد سے

يَشَاءُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ﴿١٣﴾

قوت دیتا ہے اس واقعہ میں دیکھنے والوں کے لئے عبرت ہے

## ربطِ آیات

(۹) خداوندا اگر تُو نے کوئی

> خلاصۂ رکوع ۲۔ مخالفین مسلک صحیح کی بربادی اور موافقین کی سرفرازی کا اعلان۔ ماخذ آیت ۱۲ - ۱۵۔

ع ۹/۹

نظم کسی جماعت کو بھی دیا ہے تو ہمیں بھی وہ درجہ ضرور عطا فرما ورنہ ہمیں اُس دن شرمسار ہونا پڑے گا کیونکہ وہ ہم سے درجہ میں بڑھ جائیں گے (۱۰) یعنی جو مسلک صحیح پہلے رکوع میں بیان کیا گیا ہے اس کے منکر ہیں۔ (اولئک ہم وقود النار) اگرچہ انہوں نے مال و اولاد حاصل کر لئے لیکن چونکہ حقیقت مطلوبہ پیدا نہیں کی اس لئے دوزخ کے ایندھن بن گئے (۱۱) جس طرح فرعون والوں نے احکامِ الٰہی سے انکار کیا اور ایندھن بنے۔ (۱۲) نزولِ قرآن کے وقت میں جس جماعت نعیم کی صورت سے کثرت تھی اور اس میں حقیقت کچھ نہیں تھی اور انہوں نے بادشاہی قائم کر رکھی تھی۔ ان کو کہہ دو کہ جو لوگ قرآن شریف پر عمل کر کے تیار ہوئے ہیں وہ تم پر عنقریب غالب ہو جائیں گے اور تم دوزخ کے ایندھن ہو گے۔ (۱۳) یہ خیال پیدا ہوا کہ عرب جیسی بے سروسامان قوم قیصر و کسریٰ پر کس طرح غالب آ سکتی ہے۔ اس کی مثال اس آیت میں بیان کر دی گئی کہ تم پہلے اس بات کو بدر میں آزما چکے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَ
لوگوں کو مرغوب چیزوں کی محبت نے فریفتہ کیا ہوا ہے جیسے عورتیں اور بیٹے اور
الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ
سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے اور نشان
الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ
کئے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی یہ دنیا کی زندگی کا
الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ
فائدہ ہے اور اللہ ہی کے پاس اچھا ٹھکانا ہے کہہ دے کیا میں تم کو
بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ
اس سے بہتر بتاؤں پرہیزگاروں کے لئے اپنے رب کے ہاں باغ ہیں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ
جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک عورتیں ہیں
وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۚ ﴿۱۵﴾ اَلَّذِيْنَ
اور اللہ کی رضامندی ہے اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے وہ جو
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ
کہتے ہیں اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں سو ہمیں ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے
النَّارِ ۚ ﴿۱۶﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ
عذاب سے بچا لے وہ صبر کرنے والے ہیں اور سچے ہیں اور فرمانبرداری کرنے والے ہیں اور خرچ کرنے
وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ
والے ہیں اور پچھلی راتوں میں گناہ بخشوانے والے ہیں اللہ نے اور فرشتوں نے اور علم والوں نے
اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ
گواہی دی کہ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں وہی انصاف کا حاکم ہے۔



## ربطِ آیات

(۱۴) حق پرستوں کی کامیابی کا باعث اصل یہ ہے کہ خدا پرست میدانِ جنگ میں مرنے کے لئے آتا ہے اور آخرت کا منکر کافر بچنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے مرنے کے خیال سے میدان میں آنے والا ایک بھی ایسے ہزار آدمیوں پر بھاری ہو سکتا ہے جو جان بچانے کو مقصد بنا کر آئیں (۱۵) (لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا) جن لوگوں نے اپنے آپ کو قانونِ الٰہی کا پابند بنانے کے لئے دنیاوی لذات ترک کر دی ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کو ان سے بہتر نعمتیں ملیں گی دنیا کی چیزوں اور موعودہ چیزوں میں اشتراک محض لفظی ہے۔ یہ تفسیر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے منقول ہے اور اعلیٰ فلاسفر بھی اس کو تسلیم کرتے ہیں (۱۶) یہاں سے اہلِ تقویٰ کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں کیونکہ ہر شخص یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ میں متقی ہوں (اِنَّنَآ اٰمَنَّا) خداوندا جو مقصد تو نے ہمارے لئے قرار دیا ہے ہم اسے تسلیم کرتے ہیں (فَاغْفِرْ لَنَا) اپنے کاموں میں اگر ہم سے کچھ غلطیاں ہو جائیں تو ہمیں معاف کر دے (۱۷) اپنا مقصد پورا کرنے کے لئے ایک بات پر جمنے والے (الصّٰدِقِيْنَ) سچے (الْقٰنِتِيْنَ) تعمیلِ حکم کا اگر پورا مادہ پیدا ہو جائے تو قوتِ عمل ہو جاتی ہے (وَالْمُنْفِقِيْنَ) جو کچھ ان کے پاس ہو خرچ کر دیتے ہیں (وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ) تخلیہ میں عبادت کرنا انسان کو اس طرح بڑھا دیتا ہے جس طرح کھیتی کو بارش۔ اخلاقی غذا مہیا کرنا ہر روحانی کا فرض ہے اس کی عمدہ صورت یہ ہے کہ تخلیہ میں اپنے اخلاق کا محاسبہ کرے اور سب سے اعلیٰ وقت تخلیہ کا وقت سحر ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ

اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں زبردست حکمت والا ہے بے شک دین اللہ کے ہاں

الْاِسْلَامُ ۟ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ

فرمانبرداری ہی ہے اور جنہیں کتاب دی گئی تھی انہوں نے صحیح علم ہونے کے

بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ

بعد آپس کی ضد کے باعث اختلاف کیا اور جو شخص اللہ کے حکموں کا

اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿١٩﴾ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ

انکار کرے تو اللہ جلد ہی حساب لینے والا ہے پھر بھی اگر تجھ سے جھگڑیں تو ان سے کہہ دے

اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۭ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا

کہ میں نے اپنا منہ اللہ کے حکم کے تابع کیا ہے اور ان لوگوں نے بھی جو میرے ساتھ ہیں اور ان لوگوں سے کہہ دے جنہیں

الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۭ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ

کتاب دی گئی ہے اور ان پڑھوں سے کیا تم بھی تابع ہوتے ہو پھر اگر وہ تابع ہو گئے تو انہوں نے بھی سیدھی

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠﴾ ع

راہ پالی اور اگر وہ منہ پھیریں تو تیرے ذمہ فقط پہنچا دینا ہے اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

بے شک جو لوگ اللہ کے حکموں کا انکار کرتے ہیں اور پیغمبروں کو ناحق

بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ

قتل کرتے ہیں اور لوگوں میں سے انصاف کا حکم کرنے والوں کو قتل

النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢١﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ

کرتے ہیں سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دے یہی وہ لوگ ہیں جن کی دنیا

اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٢﴾

اور آخرت میں محنت ضائع ہو گئی اور ان کا کوئی مددگار نہیں

منزل ١

## ربطِ آیات

(۱۸) جس قوم کی سلطنت قائم ہو اور اس کو نئے مذہب کی دعوت دی جائے تو وہ نہیں سکتی جب تک کہ اسے سلطنت کے زوال کا خوف نہ ہو۔ جب یہ سلطنت والے لوگ اس با اخلاق مذکورہ العصر جماعت کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو ضروری ہے کہ وہ اخلاق پہلے ایک مکمل نصاب میں اس جماعت کے سامنے پیش کر دیئے جائیں کہ بھائی اگر ان قوانین کی پابندی کرو گے تو تمہاری حکومت قائم رہ سکتی ہے ورنہ چھین لی جائے گی اور وہ نصاب یہ ہے اللہ تعالیٰ کی تمام کتابیں تفتیش کر کے دیکھ لو ان میں کہیں بھی توحید کے خلاف تعلیم نہ ہو گی یہ معنی (شهد الله) کا ہے۔ (و الملٰئكة) اور جتنے علم پیدا ہوئے ہیں اور انہوں نے ملائکہ کو دیکھا اور ان سے گفت و شنید کی ایسے لوگوں نے بھی توحید کے خلاف کبھی شہادت نہیں دی (و اولوا العلم) اور جتنے عالم پیدا ہوئے ہیں انہوں نے بھی یہی تعلیم دی ہے حاصل یہ ہے کہ سب کا فیصلہ یہی ہے کہ اگر انسان کسی کا غلام ہو سکتا ہے تو وہ ذات فقط اللہ تعالیٰ ہی کی ہے علاوہ ازیں اگر انصاف سے پرکھو تو توحید کے سوا کوئی تعلیم نہیں رہ سکتی (۱۹) اللہ تعالیٰ کے ان اطاعت یہی ہے کہ انسان ہر وقت صاحب حکم کے لئے تیار رہے (اختلف الذين اوتوا الكتٰب) اختلاف اور اس سب کے اہل علم سمجھنے کے بعد بگاڑ دیئے بگاڑ کی اصل غرض یہی ہے تاکہ ان کی حکومت قائم ہے (ومن يكفر بايٰت الله) جس قوم میں یہ مرض پھیل جائے پھر اس کی حکومت قائم نہیں رہ سکتی۔ (۲۰) اور اگر وہ مناظرہ کریں کہ نہیں صاحب اسلام کا خلاصہ ان دو لفظوں میں کب پورا ہو سکتا ہے تو کہہ دو بھائی! ہم تو اسی کو مذہب اور اسلام سمجھتے ہیں اور یہ جو کچھ تمہارے روبرو پیش کیا گیا ہے میرا اور میرے متبعین کا یہی طریقہ ہے اور ہماری ترقی فقط اسی بات پر

النصف

ع ٢ / ١٠

خلاصہ رکوع ٣۔ مسلک صحیح کے معاند بگاڑ رہا ہے بہت بڑا مشکل ہے لہٰذا مسلمانوں کی اپنی کامیابی کے لئے قائم رہنا چاہیئے۔ ماخذ آیت ٢١، آیت ٢٩۔

[illegible]

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ
کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں ایک حصہ کتاب کا ملا وہ اللہ کی کتاب
إِلَىٰ كِتَابِ اللَّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُم
کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ کتاب ان میں فیصلہ کرے پھر ایک فرقہ ان میں سے پھر جاتا ہے ایسے حال
مُّعْرِضُونَ ﴿٢٣﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا
میں کہ وہ منہ پھیرنے والے ہوتے ہیں یہ اس لئے ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہرگز آگ نہیں لگے گی مگر
أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾
چند دن گنتی کے اور ان کی اپنی بنائی جھوٹی باتوں نے انہیں دین میں دھوکا دیا ہوا ہے
فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ
پھر ان کا کیا ہوگا جب ہم انہیں ایک دن جمع کریں گے جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں اور ہر کسی کو
نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ
اپنی کمائی کا اجر پورا دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا تو کہہ اے اللہ! بادشاہی
الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن
کے مالک جسے تو چاہتا ہے سلطنت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے سلطنت چھین
تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ
لیتا ہے جسے تو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے تو چاہے ذلیل کرتا ہے سب خوبی تیرے
الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٦﴾ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي
ہاتھ میں ہے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے تو رات کو دن میں داخل
النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور زندہ کو مُردہ سے
الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ
نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے تو چاہتا ہے بے حساب

## ربطِ آیات

(۲۳) اہل کتاب میں سے بعض آدمیوں کو کتاب کے جس خاص حصے کی سمجھ ہے نہیں اگر اسی کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو وہ جب بھی انکار کرتے ہیں مثلاً تثلیث کا مسئلہ انجیل میں نہیں ہے بلکہ ایک خلاف اس کا صحیح ہے اب اگر انہیں کہا جاتا ہے کہ تم اپنی ہی کتاب کو مانو۔ اور تثلیث چھوڑ دو تو بھی انکار کرتے ہیں چنانچہ آپ نے ہرقل کو لکھا تھا تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم

(۲۴) ان بےجا باتوں پر نادم نہیں ہوتے بلکہ اپنی افترا پردازیوں پر نازاں ہیں۔

(۲۵) یہ جو کہہ رہے ہیں کہ نہیں اور کوئی کفارہ بن کر چھڑا دے گا تو اس وقت ان کی کیا حالت ہوگی جس وقت احکم الحاکمین خود فیصلہ کرنے والا ہوگا اور کوئی مددگار نہ ہوگا۔ (۲۶) جس وقت یہ لوگ بد اخلاق ہو کر گر گئے ہیں تو اے مسلمانو! تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں سرفرازی (بادشاہی) کا تمغہ عطا فرمائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ

رزق دیتا ہے ۔ مسلمان مسلمانوں کو چھوڑکر کافروں کو

مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ

دوست نہ بنائیں اور جو کوئی یہ کام کرے اُسے اللہ

اللَّهِ فِي شَيْءٍ إِلَّا أَن تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ

سے کوئی تعلق نہیں مگر اس صورت میں کہ تم ان سے بچاؤ کرنا چاہو اور اللہ تمہیں

اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ إِن تُخْفُوا

اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے تو کہہ دے اگر تم اپنے دل

مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَيَعْلَمُ مَا

کی بات چھپاؤ یا ظاہر کرو اُسے اللہ جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

اور جو کچھ زمین میں ہے اُسے جانتا ہے اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا

قادر ہے جس دن ہر شخص موجود پائے گا اپنے سامنے اُس نیکی کو جو اُس نے کی تھی

وَمَا عَمِلَتْ مِن سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا

اور جو کچھ کہ اُس نے برائی کی تھی اُس دن چاہے گا کہ کاش درمیان اُس کے اور درمیان اُس کی

بَعِيدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَاللَّهُ رَءُوفٌ

برائی کے مسافت دُور کی ہو اور اللہ تمہیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ بندوں پر شفقت

بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي

کرنے والا ہے کہہ دو اگر تم اللہ کی محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو

يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣١﴾

تاکہ تم سے اللہ محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

منزل ١

## ربطِ آیات

(٢٧) ان کے پاس سب اسباب موجود ہیں اور مسلمانوں کے پاس کچھ بھی نہیں۔ تو نے نقدہ (قرونی) کو ظلمت میں اور ظلمت کو روشنی میں داخل کر دیتا ہے۔ اسی طرح ہمارے لئے اسی تصور کو ظاہر اور روشن فرما اور کفار کے قوا کو ظاہر اور روشن کو پوشیدہ کر اور ہمارے لئے ایسے اسباب مہیا کر کہ جو ہمارے قوی کو قوت سے فعل میں لائیں اور یہ انقلاب ترجیح بلا مرجح کے لحاظ سے نہیں ہوگا بلکہ ہمارے لئے مرجح موجود ہے کہ ہم نے تجھ سے تعلق جوڑا ہے اور انہوں نے تجھ سے تعلق توڑ رکھا ہے۔ ہم تیری توحید کے قائل ہیں اور وہ منکر ہیں (تخرج الحی) زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالا ہی کرتے ہے ہمارے اسلاف اگرچہ مردہ (جہلا فی الشرک) تھے لیکن ہم توحید پرستی کے باعث زندہ ہو گئے ہیں اور ہمارے مخالفین کے اسلاف اگرچہ زندہ تھے لیکن یہ خلف عناد باتوحید و باطن کے باعث مردہ ہو گئے ہیں (ترزق من تشاء بغیر حساب) اگر تنہا بدن کام کرے تو نتائج بہت ہی تھوڑے نکلتے ہیں اور اگر روح بھی ان کے ہمراہ کام کرنے کے لئے آمادہ ہو جائے تو پھر یہ بدنی اعمال بہت زیادہ قیمت پیدا کر لیتے ہیں جس کی بہترین مثال بسم اللہ (؟) دس سے شروع ہوتی ہے اور سات سو بلکہ سات ہزار اور اس سے بھی زیادہ ترقی ہو سکتی ہے۔ تو اب مثلاً جن قوموں نے صدیوں سے حکومت کی ہے اور حکومت کرتے کرتے جو ترقی انہوں نے مدتوں کے بعد حاصل کی ہے تو اب مسلمانوں کو وہ حکومت فوراً سونپے تدریجی ترقی کے کیسے مل سکتی ہے اب بغیر حساب کا یہ مطلب ہے کہ جو کام کسی قوم نے ہزار سال میں کیا ہے روحانی قوت والی قوم اُسے ایک سال میں کر سکتی ہے۔ جب روحانی قوت تیزی سے بدنی قوتوں کے ساتھ مل کر کام کرنے لگ جاتی ہے تو پھر ان شخصوں کے حق میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ ان پر پیچھلی قوم کے حساب سے بے حساب ہی اور ایسی قوم کی ترقی کا کوئی قاعدہ مقرر کیا ہی نہیں جا سکتا۔ اب بھی اگر مسلمان اس تعلیم کی قدر کریں تو بے حساب ترقی کر سکتے ہیں

معانقہ ٣

ع ١٠ ١١

(٢٨) گزشتہ دعا کی قبولیت کے لئے ایک شرط بتلائی جاتی ہے کہ ہمارے دشمنوں سے دوستی نہ رکھو کیونکہ دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہے (ویحذرکم اللہ نفسہ) جس قدر تمہیں طلب کی ضرورت ہے اس سے اگر ایک قدم بھی آگے بڑھے تو خدا تعالیٰ حساب لے گا جس طرح کہ زندگی بچانے کے لئے مردہ کھانے کی بقدر ضرورت اجازت مل سکتی ہے اور پیٹ بھر کر حرام ہے بعینہٖ یہی حال کفار کی دوستی کا ہے (٢٩) کفار کی دوستی

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُولَ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللّٰهَ لَا

کہہ دو اللہ اور اُس کے رسول کی فرمانبرداری کرو پھر اگر وہ منہ موڑیں تو اللہ کافروں کو

يُحِبُّ الْكٰفِرِينَ ﴿۳۲﴾ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوحًا وَّ

دوست نہیں رکھتا بے شک اللہ نے آدم کو اور نوح کو اور

آلَ إِبْرٰهِيمَ وَآلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِينَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا

ابراہیم کی اولاد کو اور عمران کی اولاد کو سارے جہان سے پسند کیا ہے جو ایک دوسرے

مِنْ بَعْضٍ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿۳۴﴾ إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرٰنَ

کی اولاد تھے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے جب عمران کی عورت نے کہا

رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۚ

اے میرے رب جو کچھ میرے پیٹ میں ہے سب سے آزاد کر کے میں نے تیری نذر کیا سو تو مجھ سے قبول فرما

إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ

بے شک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے پھر جب اُسے جنا کہا

رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثٰى ۖ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۖ

اے میرے رب میں نے تو وہ لڑکی جنی ہے اور جو کچھ اس نے جنا ہے اللہ اُسے خوب جانتا ہے

وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثٰى ۚ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي

اور بیٹا بیٹی کی طرح نہیں ہوتا اور میں نے اُس کا نام مریم رکھا اور میں اسے

أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ ﴿۳۶﴾

اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے بچا کر تیری پناہ میں دیتی ہوں

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَّأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ

پھر اُسے اس کے رب نے اچھی طرح سے قبول کیا اور اُسے اچھی طرح سے بڑھایا

وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۖ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ

اور وہ زکریا کو سونپ دی جب زکریا اُس کے پاس حجرہ میں آتے

منزل ۱

## ربطِ آیات

(۳۲) اطیعوا اللہ سے مراد قرآن مجید شریف کا اتباع ہے اور اطیعوا الرسول سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عملی نمونہ کا اتباع کرو تب تمہیں متبع رسول سمجھا جائے گا۔ آئندہ آیات میں تاریخ سے شہادت پیش کر کے یہ حقیقت بیان کی گئی ہے کہ کبھی اللہ تعالیٰ نے اس کے قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کی مدد نہیں کی (۳۳) اللہ تعالیٰ نے خاندانوں کو حکومت اور ترقی دی جب شخص نے ان لوگوں کی اولاد میں سے قانون کی خلاف ورزی کی اللہ تعالیٰ نے ان کی تائید چھوڑ دی۔ (۳۴) خدا تعالیٰ ہر شخص کی بات سنتا ہے اور ہر شخص کے دل کا حال

خلاصہ رکوع ۴ - اللہ تعالیٰ کا نیک سے عزت پانے کے لئے (اصطفیٰ) انبیاء اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ اور حبیب بندوں کے نقش قدم پر چلنا ہوگا۔ ماخذ ۴۴

جانتا ہے جتنا ہم اس کے قانون کو چھوڑ دیں گے اتنی ہی امداد کم ہو جائے گی۔ (۳۵) مرتہ عمران اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں میں سے تھیں۔ جب ایک عورت اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے خلوص دل سے دعا کرتی ہے اور اپنے پیٹ والے بچے کو اللہ تعالیٰ کے نام پر آزاد کرتی ہے تو دیکھئے اس دعا سے کیسے نتائج حسنہ نکلتے ہیں کہ مریم علیہا السلام جیسی برگزیدہ بیٹی پیدا ہوتی ہے اور پھر اس کے پیٹ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے بلند انبیاء پیدا ہوتے ہیں۔ جب ایک عورت کی دعا اتنے نتائج بارگاہ الٰہی سے لے کر سکتی ہے تو کیا یہ ممکن نہیں کہ تم جو حقیقت میں جو کام شروع کرو گے اور دعاؤں سے اسے تقویت پہنچاؤ گے تو اسے نتائج پیدا ہوں جو قیامت تک کم نہ ہوں

تو وہ بن سکیں۔ ۴۱/۴۳) لڑکی پیدا ہونے سے عمران کی بیوی کا دل ٹھنڈا نہیں ہوا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربطِ آیات

(۳۷) چونکہ مریم علیہا السلام کی خالہ حضرت زکریا علیہ السلام کے گھر میں تھیں اس لئے ان کے سپرد کی گئیں (وجد عندھا رزقا) تعارضِ اسباب میں اللہ تعالیٰ کی تدبیر اصل کا اصل راستہ اختیار کیا کرتی ہے ایک طرف حضرت زکریا علیہ السلام متوکل علی اللہ ہیں جن کے گھر میں کبھی فاقہ ہوتا ہے کبھی خشک کھانا ملتا ہے! دوسری طرف اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ مریم علیہا السلام جلدی جوان ہوں اور اُن سے عیسیٰ پیدا ہوں تاکہ امراۃ عمران کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کی تدبیر یہ کام کرتی ہے کہ خارقِ عادت کے طور پر مریم علیہا السلام کی تربیت ہوتی ہے کیونکہ اگر خاص بندگانِ خدا کی پرورش کے لئے ظاہری اسباب ہوں تو اللہ تعالیٰ عام انسانوں کی طرح ان کو رزق بہم پہنچاتا ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے خزانے بھرپور ہوں اور اس کے بندے ترستے رہیں

(۳۸) زکریا علیہ السلام کا ذہن منتقل ہوا کہ جو اللہ تعالیٰ بے موسم کے پھل پیدا کر سکتا ہے، بے موسم کی اولاد بھی دے سکتا ہے۔

(۳۹) فرشتے خبر دیتے تھے کی بشارت لائے کلمۃ اللہ سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں (رشیدی) بعض انسان بالطبع سید ہوتے ہیں کہ کبھی غلامی کر ہی نہیں سکتے اور بعض عبد بالطبع ہوتے ہیں یہاں ان کا سید بالطبع ہونا مراد ہے (حصوراً) یہ مطلب نہیں کہ معاذ اللہ بالطبع نفسانی خواہشات کے اہل نہ ہوں گے بلکہ ضبطِ نفس کرنے والے ہوں گے تاکہ عصیان و عدوان میں نہ الجھیں جو انسانوں کے لئے بہتر ہو نمونہ پیش کر سکیں (۴۰) یہ سوال وراصل رب جلیل کی آپ کے لئے تسبیح ہے

وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۖ قَالَتْ

تو اُس کے پاس کچھ کھانے کی چیز پاتے کہتے اے مریم! تیرے پاس یہ چیز کہاں سے آئی ہے وہ کہتی

هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ

یہ اللہ کے ہاں سے آئی ہے اللہ جسے چاہے بے قیاس رزق

حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

دیتا ہے زکریا نے وہیں اپنے رب سے دعا کی کہا اے میرے رب

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ

مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما بے شک تو دعا کا

الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي

سننے والا ہے پھر فرشتوں نے اُس کو آواز دی جب وہ حجرے کے اندر

الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ

نماز میں کھڑے تھے کہ بے شک اللہ تجھ کو یحییٰ کی خوشخبری دیتا ہے جو اللہ کے ایک حکم کی

مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾

گواہی دے گا اور سردار ہوگا اور عورت کے پاس نہ جائے گا اور صالحین میں سے نبی ہوگا

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ

کہا اے میرے رب! میرا لڑکا کہاں سے ہوگا حالانکہ میں بڑھاپے کو پہنچ چکا ہوں اور میری بیوی

عَاقِرٌ ۖ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ

بانجھ ہے فرمایا اللہ اسی طرح جو چاہتا ہے کرتا ہے کہا اے میرے رب

اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۖ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

میرے لئے کوئی نشانی مقرر کر فرمایا تیرے لئے نشانی یہ ہے کہ تو لوگوں سے تین دن سوائے اشارے کے

اِلَّا رَمْزًا ۖ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ ع

بات نہ کر سکے گا اور اپنے رب کو بہت یاد کر اور شام اور صبح تسبیح کر

منزل ۱

ورنہ یہ ناممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے اور حضرت زکریا علیہ السلام کو یقین نہ آتے۔ (۴۱) بچہ جب ماں کے پیٹ میں رہے اُس وقت کے لئے مجھے کوئی علامت بتلائی جائے (آیتک الا تکلم) بلحاظ قاعدہ تعرف الاشیاء باضدادہا تمہاری قبض شدہ قوتوں سے اللہ تعالیٰ بسط کر کے اسی طرح بچہ پیدا کرے گا جس طرح آپ کی بسط شدہ قوت گویائی کو اللہ تعالیٰ قبض کر لے گا [illegible]

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَ
اور جب فرشتوں نے کہا اے مریم! بے شک اللہ نے تجھے پسند کیا ہے اور
طَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ
تجھے پاک کیا ہے اور تجھے سب جہان کی عورتوں پر پسند کیا ہے اے مریم!
اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾
اپنے رب کی بندگی کر اور سجدہ اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کر
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ
یہ غیب کی خبریں ہیں ہم بذریعہ وحی تمہیں اطلاع دیتے ہیں اور تو اُن کے پاس نہیں تھا
اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ
جب اپنا قلم ڈالنے لگے تھے کہ مریم کی کون پرورش کرے اور تو اُن کے پاس
لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ
نہیں تھا جبکہ وہ جھگڑتے تھے جب فرشتوں نے کہا اے مریم!
اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ڰ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى
اللہ تجھ کو ایک بات کی اپنی طرف سے بشارت دیتا ہے اُس کا نام مسیح عیسٰی
ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ
بیٹا مریم کا ہوگا دُنیا اور آخرت میں مرتبے والا اور اللہ کے
الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّ
مقربوں میں سے ہوگا اور جبکہ وہ ماں کی گود میں ہوگا تو لوگوں سے باتیں کرے گا اور جبکہ وہ
مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّ
اُدھیڑ عمر کا ہوگا اور نیکوں میں سے ہوگا مریم نے کہا اے میرے رب مجھے بیٹا کیسے ہوگا حالانکہ
لَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ
مجھے کسی آدمی نے ہاتھ نہیں لگایا فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہے پیدا کرتا ہے

منزل ۱

## ربطِ آیات

(۴۲) مریم علیہا السلام تربیت پا کر جوان ہو چکی تو بتلایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا درجہ بہت بلند ہے۔ (۴۳) چونکہ مریم علیہا السلام کو اللہ تعالیٰ نے برگزیدہ بنایا ہے اس لئے اسے بھی ہر وقت اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں رہنا چاہئے۔ (۴۴) اصل یہ ہے کہ یہ واقعات آئندہ کے لئے پیشین گوئیاں ہیں اور ترغیب ہے۔ لہٰذا مذکورہ آیات کا یہ مطلب ہے کہ جس طرح مریم علیہا السلام اور زکریا علیہ السلام کی ضروریات اللہ تعالیٰ نے پوری کیں۔ کھانے کی ضرورت تھی کھانا دیا۔ آدمی کی ضرورت تھی آدمی دیا۔ جب آپ بھی ان کے طریق پر ہیں۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم)

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۵ - بشارت پیدائش عیسٰی علیہ السلام اور خصوصیات عیسٰی علیہ السلام - ماخذ آیت ۴۵ - ۵۱ |

کو بھی مطلع کیا جاتا ہے جہاں آپ کو سامان کی ضرورت ہوگی وہاں سامان ملے گا، جہاں آدمیوں کی ضرورت ہوگی آدمی ملیں گے۔
(۴۵) امرأۃ عمران کی خواہش پوری کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ مریم علیہا السلام کے پیٹ سے بیٹا پیدا کرنے کی بشارت دے رہے ہیں (المسیح) مسیح تیل ملے ہوئے کو کہتے ہیں اور تیل کا یہ کام ہے کہ اس پر پانی نہیں ٹھہرتا۔ اسی طرح حضرت عیسٰی علیہ السلام کی روحانیت میں سرایت اس قدر بھری ہوئی تھی کہ جو ارادہ یا مقصد خدا تعالیٰ نے ان پر رکھ دیا تھا کوئی بات اس کے خلاف ان کی طبیعت میں ٹھہر ہی نہیں سکتی تھی۔
(۴۶) رفع کے وقت حضرت عیسٰی علیہ السلام کہولت تک نہیں پہنچے لہٰذا کہولت کی تکلیم اب تک باقی ہے۔ مہد کی تکلیم کا ذکر سورۂ مریم میں ہے۔ (قال الرازی جلد ثالث)۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذَا قَضَىٰٓ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ

جب کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے اور اس کو کتاب

ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ وَٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُولًا

سکھائے گا اور دانش عطا فرمائے گا اور توریت اور انجیل اور اس کو

إِلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ أَنِّى قَدْ جِئْتُكُم بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ

بنی اسرائیل کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجے گا بے شک میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانیاں

أَنِّىٓ أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ ٱلطِّينِ كَهَيْـَٔةِ ٱلطَّيْرِ فَأَنفُخُ

لے کر آیا ہوں کہ میں تمہارے لئے مٹی سے ایک پرندہ کی شکل بنا دیتا ہوں پھر اس میں پھونک

فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۖ وَأُبْرِئُ ٱلْأَكْمَهَ وَ

مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے اڑتا جانور ہو جاتا ہے اور مادر زاد اندھے اور

ٱلْأَبْرَصَ وَأُحْىِ ٱلْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۖ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا

کوڑھی کو اچھا کر دیتا ہوں اور اللہ کے حکم سے مردے زندہ کرتا ہوں اور تمہیں بتا دیتا ہوں جو

تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِى بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ

کھا کر آؤ اور جو اپنے گھروں میں رکھ کر آؤ اس میں تمہارے لئے

لَءَايَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

نشانیاں ہیں اگر تم ایمان دار ہو اور مجھ سے پہلی کتاب جو تورات

يَدَىَّ مِنَ ٱلتَّوْرَىٰةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ ٱلَّذِى حُرِّمَ عَلَيْكُمْ ۚ

ہے اس کی تصدیق کرنے والا ہوں اور تاکہ تم کو وہ بعض چیزیں حلال کر دوں جو تم پر حرام

وَجِئْتُكُم بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿٥٠﴾ إِنَّ

تھیں اور تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں سو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو

ٱللَّهَ رَبِّى وَرَبُّكُمْ فَٱعْبُدُوهُ ۗ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٥١﴾

بے شک اللہ ہی میرا اور تمہارا رب ہے سو اسی کی بندگی کرو یہی سیدھا راستہ ہے

## رابطِ آیات

(۴۷) حضرت مریم علیہا السلام کا استبعاد تقاضائے بشریت اور سلسلۂ اسباب پر نظر رکھنے کے لحاظ سے ٹھیک تھا۔ جواب کا مطلب ہے (اذا قضی امرا) اللہ تعالیٰ جس کام کا ارادہ کرتا ہے تو جن اسباب کا جمع ہونا وہاں ضروری ہے وہ خود بخود جمع ہو جاتے ہیں لیکن کوئی کام بلا سبب نہیں ہوتا یہ مجھو کہ تشریح ہے (اذا ارادہ شیئا ہیا اسبابہ) اب مثلاً اس خاندان میں بیٹا پیدا کرنا منظور ہے۔ جب ایک عورت میں وہ اسباب جمع ہو سکتے ہیں تو خود جمع ہو جائیں گے۔ (۴۸) اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو تورات کا عالم بنانے کا اور انجیل (مجموعۂ بشارات) عطا فرمائے گا۔ (۴۹) اور اسے بنی اسرائیل کا پیغمبر بنائے گا اور اس کے ہاتھ پر یہ معجزات عطا فرمائے گا۔ (عبرت) اس آیت کی مثالوں سے واضح کیا گیا ہے کہ اگر کسی جگہ کوئی بزرگ کسی کام کے کرنے کا مستحکم ارادہ کرے اور وہاں اسباب پورے موجود نہ ہوں تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے ضرور ویسے اسباب کا تہیہ کر دیا جائے گا کہ اس کا ارادہ پورا ہو جائے یہ فعل تدبر کہلاتا ہے۔ (وانبئکم بما تاکلون) پہلی مثالیں تو ان کی قوت ارادی کے اثر کی تھیں۔ اب ان کی فراست کی مثال دی گئی ہے۔ قومی قوت کا صحیح اندازہ لگا لینا خاص نبی کا کام ہے۔ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں گمان کرتا ہوں میری امت نصف دن سے کم حکومت نہیں کرے گی۔ امت سے مراد عرب ہیں اور قوم کی ترقی و تنزل کا ایک دن ہزار سال کا ہوتا ہے تو آپ نے عرب کی حکومت کا اندازہ لگا دیا ہے اور تاریخ سے یہ ٹھیک پتہ چلتا ہے کہ عرب کی حکومت پانچ سو سال ٹھیک رہی اور ایک سو برس بعد کو بھی اگرچہ رہی لیکن

اس کی مثال ایسی تھی جس طرح ایک جہاز کے تختے بکھر رہے ہوں۔ (۵۰) حضرت عیسیٰ علیہ السلام پہلی تعلیم کے مصدق ہیں۔ جو چیزیں اخلاق کے راستے میں حائل ہوں گی ان کو توڑ دیں گے۔ (۵۱) جس طرح میرے ارادے خدا تعالیٰ نے پورے کئے ہیں۔ اسی طرح تم بھی اگر ایک خدا تعالیٰ پر اعتماد کرو تو تمہارے ارادے بھی پورے ہو سکتے ہیں اور تمہارے ہاتھ پر



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى

جب عیسیٰ نے بنی اسرائیل کا کفر معلوم کیا تو کہا کہ اللہ کی راہ میں میرا کون

اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ

مددگار ہے حواریوں نے کہا ہم اللہ کے دین کی مدد کرنے والے ہیں ہم اللہ پر یقین لائے

وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٥٢﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَ

اور تم گواہ رہو کہ ہم فرمانبردار ہونے والے ہیں اے ہمارے رب ہم اس چیز پر ایمان لائے جو تُونے نازل کی اور

اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٥٣﴾ وَمَكَرُوْا

ہم رسول کے تابعدار ہوئے سو تُو ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ لے اور اُنہوں نے خفیہ تدبیر کی

وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ ع اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى

اور اللہ نے بھی خفیہ تدبیر فرمائی اور اللہ بہترین خفیہ تدبیر کرنے والوں میں سے ہے جس وقت اللہ نے فرمایا اے عیسیٰ!

اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ

بیشک میں تمہیں وفات دینے والا ہوں اور تمہیں اپنی طرف اُٹھانے والا ہوں اور تمہیں کافروں سے پاک کرنے والا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ

ہوں اور جو لوگ تیرے تابعدار رہیں گے اُنہیں ان لوگوں پر قیامت کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ

دن تک غالب رکھنے والا ہوں جو تیرے منکر ہیں پھر تم سب کو میری طرف لوٹ کر آنا ہوگا

فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاَمَّا

پھر میں تم میں فیصلہ کروں گا جس بات میں تم جھگڑتے تھے سو جو لوگ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا

کافر ہوئے اُنہیں دُنیا اور آخرت میں سخت

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

عذاب دُوں گا اور اُن کا کوئی مددگار نہیں ہوگا اور جو لوگ

الربع ع ۱۴ ۵

### ربطِ آیات

(۵۲) کیا اس بیج کے قائم رکھنے کے لئے کوئی چیز مددگار بن سکتا ہے (۵۳) جو معاملہ تیرا انبیاء علیہم السلام کے مددگاروں کے ساتھ ہوا کرتا ہے وہی ہمارے ساتھ ہونا چاہئے (۵۴) انہوں نے اس بیج کو ضائع کرنے کی کوشش کی

خلاصۂ رکوع ۶ - عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر۔ ماخذ آیات ۵۵

اور خدا تعالیٰ نے اس بیج کو قائم رکھنا ضروری سمجھا۔ اللہ تعالیٰ کامیاب ہوا اور وہ بیج باقی رہا۔ (۵۵) مراتبِ اربعہ۔ متوفیک۔ رافعک الیّ۔ مطہرک من الذین کفروا۔ جاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا۔ (۵۶) معاندینِ عیسیٰ علیہ السلام کی سزا کا ذکر



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ لَا

ایمان لائے اور نیک کام کیئے انہیں ان کا حق پورا پورا دے گا اور اللہ

يُحِبُّ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتۡلُوۡهُ عَلَيۡكَ مِنَ الۡاٰيٰتِ وَ

ظالموں کو پسند نہیں کرتا یہ آیتیں ہم تمہیں پڑھ کر سناتے ہیں اور

الذِّكۡرِ الۡحَكِيۡمِ ﴿۵۸﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيۡسٰى عِنۡدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ

نصیحت حکمت والی بے شک عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدم

اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنۡ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿۵۹﴾

کی سی ہے اسے مٹی سے بنایا پھر اُسے کہا کہ ہو جا پھر ہو گیا

اَلۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنۡ مِّنَ الۡمُمۡتَرِيۡنَ ﴿۶۰﴾ فَمَنۡ

حق وہی ہے جو تیرا رب کہے پھر تو شک کرنے والوں میں سے نہ ہو پھر جو کوئی

حَآجَّكَ فِيۡهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ فَقُلۡ

تجھ سے اس واقعہ میں جھگڑے بعد اس کے کہ تیرے پاس صحیح علم آ چکا ہے تو کہہ دے

تَعَالَوۡا نَدۡعُ اَبۡنَآءَنَا وَاَبۡنَآءَكُمۡ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمۡ

آؤ ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں

وَاَنۡفُسَنَا وَاَنۡفُسَكُمۡ ۟ ثُمَّ نَبۡتَهِلۡ فَنَجۡعَلْ لَّعۡنَتَ

اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں بلائیں پھر سب التجا کریں اور اللہ کی لعنت

اللّٰهِ عَلَى الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الۡقَصَصُ

ڈالیں ان پر جو جھوٹے ہوں بے شک یہی سچا بیان

الۡحَقُّ ۚ وَمَا مِنۡ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ

ہے اور اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور بے شک اللہ ہی زبردست

الۡحَكِيۡمُ ﴿۶۲﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌۢ بِالۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿۶۳﴾ ع

حکمت والا ہے پھر اگر پھر جائیں تو بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو جانتا ہے



## ربطِ آیات

(۵۷) منتبعین تعلیم عیسوی کی جزائے خیر کا ذکر (۵۸) یہ گزشتہ شرائع کے واقعات بطور نمونہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائے جاتے ہیں۔
(۵۹) اہل کتاب جب آدم علیہ السلام کی پیدائش کو تسلیم کر چکے ہیں تو اب انہیں عیسیٰ علیہ السلام کے بن باپ پیدا ہونے میں کیوں شک ہے۔
(۶۰) عیسیٰ علیہ السلام کو مقصد اور ان کی کامیابی کی ابتدا اور انتہا۔ ان کی تعلیم اور اس کا نتیجہ۔ یہی ہے جو ہم نے آپ سے ذکر کر دیا ہے۔ اگرچہ عیسائی اس کے خلاف کرنے لگیں لیکن آپ کو اس میں شک نہیں کرنا چاہیے
(۶۱) اگر اب بھی عیسائی مخالفت سے باز نہ آئیں اور اپنے عقیدہ کو صحیح مانتے رہیں تو اس پر فنا ہونے کے لیئے آمادہ ہو جائیں جس طرح مسلمان اپنی تعلیم پر یقین رکھنے کی وجہ سے فنا ہونے کے لیئے تیار رہیں اور مل کر دونوں ہی دُعا مانگیں کہ خدا وندا! اگر ہماری تعلیم جھوٹی ہے تو ہم فنا ہو جائیں۔ ان آیات کے نزول کے بعد آپ بمعہ حسنین اور فاطمہ تشریف لائے اور حضرت علی بھی آئے اور عیسائی نہ آئے اور کہا کہ ہم نے ایسے آدمی دیکھے ہیں کہ اگر وہ بد دُعا کریں گے تو ہماری ساری قوم تباہ ہو جائے گی۔ (۶۲) یہ صحیح واقعات ہیں لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے (۶۳) اگر اب بھی نہ مانیں تو اللہ تعالیٰ ان کے فساد سے خوب آگاہ ہے وہ جانتا ہے کہ مخالفتِ توحید محض شرارت اور ہٹ دھرمی پر مبنی ہے۔

ع ۶ / ۹ / ۱۴

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَ
کہہ اے اہل کتاب! ایک بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان
بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ
برابر ہے کہ سوائے اللہ کے اور کسی کی بندگی نہ کریں اور اس کا کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور
بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا
سوائے اللہ کے کوئی کسی کو رب نہ بنائے پس اگر وہ پھر جائیں تو کہہ دو
اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ
گواہ رہو کہ ہم تو فرمانبردار ہونے والے ہیں اے اہل کتاب! ابراہیم کے معاملہ میں
فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ
کیوں جھگڑتے ہو حالانکہ تورات اور انجیل تو اس کے بعد
بَعْدِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٥﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا
اتری ہیں کیا تم یہ نہیں سمجھتے ہاں! تم وہ لوگ ہو کہ جس چیز کا تمہیں علم تھا اس
لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاۗجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَ
میں تو جھگڑے پس اس چیز میں کیوں جھگڑتے ہو جس چیز کا تمہیں علم ہی نہیں اور
اللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا
اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ابراہیم نہ یہودی تھے
وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ
اور نہ نصرانی لیکن سیدھے راستے والے مسلمان تھے اور مشرکوں میں
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ
سے نہ تھے لوگوں میں سے سب سے زیادہ قریب ابراہیم کے وہ لوگ تھے جنہوں
وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٨﴾
نے اس کی تابعداری کی اور یہ نبی اور جو اس نبی پر ایمان لائے اور اللہ ایمان والوں کا دوست ہے ،



## ربطِ آیات

(۶۴) آؤ اس بات پر اتفاق کریں تاکہ توحید کا مسئلہ صاف ہو جائے۔ جملہ معترضہ۔ ابتدائے سورۃ سے تیسرے رکوع تک یہ حکم ہوا کہ کفار سے دوستی نہ رکھو۔ اس کے بعد اطاعت الٰہی کا حکم ہوا اور اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل کو بطور نمونہ پیش کیا گیا۔ اگر اس نمونے کی پیروی نہ ہوگی، تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امداد ہرگز نہیں ملے گی۔ کیونکہ گزشتہ صالح بڑے بڑے خاندانوں سے اللہ تعالیٰ کی سنت یہی رہی ہے کہ جو ان میں سے اللہ تعالیٰ کے طریقے سے ہٹے ان کی مدد اللہ تعالیٰ کی طرف سے بند ہو گئی۔ اس کے بعد آل عمران یعنی عیسائیوں کا نمونہ

خلاصہ رکوع ۷ - اہل کتاب کو مسئلہ
توحید کی طرف دعوت اور ان کا تو الزام کہ
وہ مسلمانوں کو گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔
ماخذ آیت ۶۴ - ۷۱ +

پیش کیا گیا ہے کہ چونکہ انہوں نے اپنے رسول کی تعلیم پر پابندی سے عمل نہیں کیا، اس لئے انہیں شکست ہو رہی ہے اور مسلمانوں کو فتح نصیب ہو رہی ہے۔

(۶۵) اگر عیسائی اپنی غلط تعلیم کی یہ توجیہ کرنے لگیں کہ یہ اصل ابراہیمی تعلیم ہے جو سینہ بسینہ آ رہی ہے تو ان سے کہہ دو کہ یہ غلط ہے۔ (۶۶) معلومات صحیحہ کی بنا پر بحث بھی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ جہالت کے باوجود جھگڑنا اچھا نہیں۔ (۶۷) ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں سب قومیں مشرک تھیں۔ اس لئے انہوں نے اپنا ہی طریقہ توحید کا ایجاد کیا تھا (۶۸) حضرت اسماعیل اور اسحٰق علیہما السلام ان کے صحیح متبع تھے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضور کی جماعت۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا

بعض اہل کتاب دل سے چاہتے ہیں کہ کسی طرح تم کو گمراہ کر دیں اور گمراہ

يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

نہیں کرتے مگر اپنے نفسوں کو اور نہیں سمجھتے اے اہل کتاب!

لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰۤاَهْلَ

اللہ کی آیتوں کا کیوں انکار کرتے ہو حالانکہ تم گواہ ہو اے

الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ

اہل کتاب! سچ میں جھوٹ کیوں ملاتے ہو اور سچی بات کو چھپاتے ہو

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

حالانکہ تم جانتے ہو اور اہل کتاب میں سے ایک جماعت نے کہا

اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

جو کچھ مسلمانوں پر اترا ہے اس پر صبح ایمان لاؤ

وَاكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ ج وَلَا تُؤْمِنُوْۤا اِلَّا لِمَنْ

اور شام کو اس سے انکار کر دو شاید کہ وہ بھی پھر جائیں اور اپنے مذہب والے کے سوا کسی کی بات

تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰۤى اَحَدٌ

نہ مانو ان سے کہہ دو کہ بیشک ہدایت وہی ہے جو اللہ ہدایت کرے اور یہ بات نہ مانو کہ کوئی شخص

مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ

دیا جا سکتا ہے مثل اس کے کہ تم دیئے گئے ہو یا کوئی گروہ خدا کے ہاں تم پر الزام قائم کر سکتا ہے ان سے کہہ دو

بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ ج

کہ فضل اللہ کے اختیار میں ہے جسے چاہے وہ دیتا ہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾

جسے چاہے اپنی مہربانی سے خاص کرتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے

منزل ۱

## ربط آیات

(۶۹) وہ خود تو اپنی تعلیم پر عامل نہیں ہیں لیکن مسلمانوں کو بھی اس تعلیم پر عمل کرتے ہوئے دیکھنا برداشت نہیں کر سکتے چاہتے ہیں کہ مسلمان بھی گمراہ ہو جائیں (۷۰) اہل کتاب اس منزل من اللہ تعلیم کی جان بوجھ کر کیوں مخالفت کرتے ہیں۔ (۷۱) حق کو باطل کا درجہ اور باطل کو حق کا درجہ کیوں دیتے ہیں اور حق کو کیوں چھپاتے ہیں (۷۲) اہل کتاب نے تحریک اسلام کے مٹانے کی یک نئی تدبیر نکالی ہے۔ ان کا خیال ہے اس طرز عمل سے عوام پر

ع ۸ ۷ ۱۵

**خلاصہ رکوع ۸ - اہل کتاب کا مسلمانوں کے خلاف سعی کرنا۔ مخصوصیت**

بہت ہی برا اثر پڑے گا۔ وہ خیال کریں گے کہ علمائے اسلام میں کچھ نقص دیکھا ہے جس کے باعث علیحدہ ہو گئے ہیں۔ جملہ معترضہ۔ اس رکوع میں چار مسئلے ہیں گے۔ پہلا انکشاف سازش اہل کتاب۔ اس سازش باطلہ سے بعض ہستیوں کا استثناء۔ سازش کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ کا سلوک۔ سازش کرنے والے کے سلف اسلاف کے خلاف ہیں انکشاف سازش تو اسی آیت میں ہو چکا ہے (۷۳) اور اپنا ایمان انہی رکھو جو پہلے سے ہے (یؤتیہ من یشاء) یہ آیت یا اس قسم کی اور آیتیں مثلاً یؤتی الحکمۃ من یشاء وغیرہ کا یہ مطلب ہے کہ خدا تعالیٰ استعدادوں کو خوب جانتا ہے۔ اگرچہ قابلیت کے بعد ہر شخص پہچان جاتا ہے۔ لہٰذا خدا تعالیٰ کے ہاں سوائے لیاقت و رکھا کے اور کوئی مرجح ہو ہی نہیں سکتا۔ (واللہ واسع علیم) وہ ان باتوں کو خوب جانتا ہے۔ جہاں استعداد پاتا ہے وہاں حکمت اور علم دے دیتا ہے۔ (۷۴) جس پر چاہے اپنا فضل کرے۔




Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ

اور اہل کتاب میں بعض ایسے ہیں کہ اگر تو اُن کے پاس ایک ڈھیر مال کا امانت رکھے تو وہ تجھ کو

اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ

ادا کر دیں اور بعضے ان میں سے وہ ہیں کہ اگر تو ان کے پاس ایک اشرفی امانت رکھے تو بھی

اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

تجھے واپس نہیں کریں گے ہاں جب تک کہ تو اس کے سر پر کھڑا رہے یہ اس واسطے ہے کہ وہ

قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

کہتے ہیں کہ ہم پر اَن پڑھ لوگوں کا حق لینے میں کوئی گناہ نہیں اور اللہ پر وہ

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى

جھوٹ بولتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں گناہ کیوں نہ ہوگا

بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٧٦﴾ اِنَّ

جس شخص نے اپنا عہد پورا کیا اور اللہ سے ڈرا تو بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے بیشک

الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے حقیر معاوضہ لیتے ہیں

اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

آخرت میں اُن کا کوئی حصہ نہیں اور اُن سے اللہ کلام نہیں

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَ

کرے گا اور قیامت کے دن اُن کی طرف نہ دیکھے گا اور انہیں پاک بھی نہ کرے گا اور

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٧﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ

اُن کے لئے دردناک عذاب ہے اور بے شک ان میں سے ایک جماعت ہے کہ کتاب

اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا

کو زبان مروڑ کر پڑھتے ہیں تاکہ تم یہ خیال کرو کہ وہ کتاب میں سے ہے حالانکہ وہ

### ربطِ آیات

(۷۵) انہی باطل پرستوں میں بعض ہستیاں قابلِ قدر بھی ہیں اور یہ لوگ اس سازش میں شریک نہیں (قالوا لیس علینا) یہ بڑے بیانی اس طرح کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک مسئلہ وضع کر رکھا ہے کہ علماء کو امیین کا مال کھانا جائز ہے (۷۶) وعدہ کا ایفا صفت ضروری ہے کیونکہ خلق امانت کے بغیر کوئی کام چل ہی نہیں سکتا۔ یہود چند دنیاوی فوائد کے لئے خلق امانت کو تباہ کر دیتے ہیں حالانکہ یہ کسی مذہب میں جائز نہیں کہ اخلاق تباہ ہوں۔ (۷۷) سازش باطلہ کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ کا برتاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا
کتاب میں سے نہیں ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے ہاں سے ہے حالانکہ

هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
وہ اللہ کے ہاں سے نہیں ہے اور اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ
بولتے ہیں کسی انسان کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ

الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا
اللہ اسے کتاب اور حکمت اور نبوت عطا فرمائے پھر وہ لوگوں سے یہ کہے کہ اللہ کو

عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ
چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ لیکن کہے گا کہ تم لوگ اللہ والے بن جاؤ

بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ لا
اس لئے کہ تم اللہ کی کتاب سکھاتے ہو اور اس واسطے کہ تم پڑھتے ہو

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ
اور نہ یہ جائز ہے کہ تمہیں حکم کرے کہ تم فرشتوں اور نبیوں کو

اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ ع
رب بنالو کیا وہ تمہیں کفر سکھائے گا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ہو

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ
اور جب اللہ نے نبیوں سے عہد لیا اور البتہ جو کچھ میں تمہیں کتاب اور

كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا
علم سے دوں پھر تمہارے پاس پیغمبر آئے جو اس چیز کی تصدیق کرنے والا ہو جو تمہارے

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ
پاس ہے البتہ اس پر ایمان لے آنا اور البتہ اس کی مدد کرنا فرمایا کیا تم نے اقرار کیا

## ربطِ آیات

(۷۸) حق کے خلاف جو حربے کیے جا رہے ہیں اس آیت میں بھی یہود کی ایک شائستہ حرکت کا ذکر ہے۔ عام مفسرین نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ آیت پڑھتے پڑھتے زیر و زبر میں فرق کر جاتے ہیں جس سے مفہوم میں بڑا فرق پڑ جاتا ہے۔ یہ مطلب بھی صحیح ہے لیکن اس کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی آیت لے کر اس سے اپنا مطلب نکال لیتے ہیں حالانکہ انہیں یقین ہے کہ یہ کتاب الٰہی کا حکم نہیں اور نبی کا بھی یہ حکم نہیں ہے اور پھر کہتے ہیں کہ یہ من عند اللہ ہے۔

(۷۹) قرآن حکیم کی آواز کے خلاف سازش کرنا ان کے اسلاف کے مسلک کے بھی خلاف ہے مثلاً قرآن کہتا ہے کہ خدا تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک جانو اور عیسیٰ علیہ السلام وغیرہ انبیاء علیہم السلام کو بندۂ خدا مانو۔ یہ اس آواز کی بھی مخالفت کرتے ہیں۔

خلاصہ رکوع ۹ تمہارے مقتداؤں وانبیاء علیہم السلام نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کا اقرار کیا تھا۔ ماخذ آیت ۸۱۔

ع ۸ ۹ ۱۶

(۸۰) خدا تعالیٰ نے کہاں اور کس کتاب میں اجازت دی ہے کہ فرشتوں اور نبیوں کو خدا بنایا جائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربطِ آیات

(۸۱) جب تمہارے انبیاء علیہم السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کا وعدہ کیا ہے تو تمہیں بطریق اولیٰ آپ کے اتباع کو فرض خیال کرنا چاہیے۔ (۸۲) جو شخص سرورِ کائنات کی حکومت میں اقتداء سے جی چرائے گا تو وہ عہدِ الٰہی کو توڑنے گا بفضلہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام تو اس عہد شکنی سے پاک ہیں لیکن قوم ان کی امتیں کہلا کر اس عہد کو توڑ رہی ہیں۔ (۸۳) عہدِ الٰہی سے منہ موڑ کر کوئی اور نیا دین بنا لینا چاہتے ہیں۔ حالانکہ آسمان و زمین کے مالک کی غلامی کرنا تو سرمایۂ عزت ہے اور اس کے سوا دوسروں کی اطاعت کرنا باعثِ صد ذلت ہے۔ (۸۴) دیکھئے ہمارا طریقہ سابقہ انبیاء علیہم السلام کے مسلک کے بالکل موافق ہے۔ (۸۵) انبیاء علیہم السلام کے متفقہ دین یعنی اسلام کے سوا اور کوئی دین کبھی قبول نہ ہوا اور نہ ہوگا۔

وَاَخَذۡتُمۡ عَلٰى ذٰلِكُمۡ اِصۡرِىۡ ؕ قَالُوۡۤا اَقۡرَرۡنَا ؕ قَالَ

اور اس شرط پر میرا عہد قبول کیا انہوں نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا اللہ نے فرمایا

فَاشۡهَدُوۡا وَاَنَا مَعَكُمۡ مِّنَ الشّٰهِدِيۡنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنۡ

تو اب تم گواہ رہو میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں پھر جو کوئی

تَوَلّٰى بَعۡدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيۡرَ

اس کے بعد پھر جائے تو وہی لوگ نافرمان ہیں کیا اللہ

دِيۡنِ اللّٰهِ يَبۡغُوۡنَ وَلَهٗۤ اَسۡلَمَ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَ

کے دین کے سوا کوئی اور دین تلاش کرتے ہیں حالانکہ جو کوئی آسمان اور زمین میں ہے

الۡاَرۡضِ طَوۡعًا وَّكَرۡهًا وَّاِلَيۡهِ يُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۳﴾ قُلۡ اٰمَنَّا

خوشی سے یا لاچاری سے سب اسی کے تابع ہے اور اس کی طرف لوٹائے جائیں گے کہہ دو ہم اللہ

بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡنَا وَمَاۤ اُنۡزِلَ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ

پر ایمان لائے اور جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا اور جو کچھ ابراہیم اور اسماعیل

وَاِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ وَالۡاَسۡبَاطِ وَمَاۤ اُوۡتِىَ مُوۡسٰى

اور اسحاق اور یعقوب اور اس کی اولاد پر نازل کیا گیا اور جو کچھ موسیٰ

وَعِيۡسٰى وَالنَّبِيُّوۡنَ مِنۡ رَّبِّهِمۡ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ

اور عیسیٰ اور سب نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے ملا ہم ان میں سے کسی کو جدا

مِّنۡهُمۡ وَنَحۡنُ لَهٗ مُسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنۡ يَّبۡتَغِ غَيۡرَ

نہیں کرتے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں اور جو کوئی اسلام کے سوا

الۡاِسۡلَامِ دِيۡنًا فَلَنۡ يُّقۡبَلَ مِنۡهُ ۚ وَهُوَ فِى الۡاٰخِرَةِ

اور کوئی دین چاہے تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں

مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۸۵﴾ كَيۡفَ يَهۡدِى اللّٰهُ قَوۡمًا كَفَرُوۡا

نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا اللہ ایسے لوگوں کو کیونکر راہ دکھائے جو ایمان لانے



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّ

کے بعد کافر ہو گئے اور گواہی دے چکے ہیں کہ بے شک یہ رسول سچا ہے اور

جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾

ان کے پاس روشن نشانیاں آ گئی ہیں اور اللہ ظالموں کو راہ نہیں دکھاتا

اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ

ایسے لوگوں کی یہ سزا ہے کہ ان پر اللہ اور فرشتوں اور سب

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ

لوگوں کی لعنت ہو اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے ان سے

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے مگر جنہوں نے

تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اس کے بعد توبہ کی اور نیک کام کئے تو بے شک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا

مہربان ہے بے شک جو لوگ ایمان لانے کے بعد منکر ہو گئے پھر انکار میں

كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُھُمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الضَّاۗلُّوْنَ ﴿٩٠﴾

بڑھتے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی اور وہی گمراہ ہیں

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ

بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور کفر کی حالت میں مر گئے تو کسی ایسے سے

مِنْ اَحَدِھِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَھَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ۭ

زمین بھر کر سونا بھی قبول نہیں کیا جائے گا اگرچہ وہ اس قدر سونا بدلے میں دے

اُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَھُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٩١﴾ ع ۹ ۱۱ ۱۷

ان لوگوں کے لئے دردناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا

## ربطِ آیات

(۸۶) جب وہ پہلے تسلیم کر چکے ہیں کہ آپ عرب کے لئے نبی ہیں۔ ہجرت سے پہلے تو وہ آپ کے حالات سن کر اس نتیجہ پر پہنچے ہوئے تھے۔ جب انہیں دعوت دی گئی تو سرے سے نبوت ہی کا انکار کر بیٹھے۔ ایسے ہٹ دھرم ظالموں کو کیسے ہدایت ہو۔ (۸۷) یہ ساری باتیں جان کر پھر انکار کر نا گویا لعنت کو خود خریدنا ہے۔ (۸۸) جو کہ حق و ہدایت کے مسلک کی ایک لمحہ بھی چلنے کی کوشش نہیں کی اس لئے ہمیشہ ہمیشہ لعنت میں مبتلا رہیں گے (۸۹) جن لوگوں نے توبہ کی وہ اس عذاب سے مستثنیٰ ہو جائیں گے (۹۰) آپ کی نبوت کو دل میں صحیح مان کر پھر جو لوگ مخالف رہے وہ اسی پر مرے۔ مرنے کے بعد یا غرغرہ کی حالت میں اگر توبہ کریں تو ہرگز قبول نہ ہوگی (۹۱) جو لوگ سابقہ انکار اور کفر پر مرے مرنے کے بعد جرمانہ میں خواہ زمین کو سونے سے بھر دیں تو بھی قبول نہیں ہوگا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**ربطِ آیات**

خلاصہ رکوع ۱۰۔ یہود کے شبہ کا جواب درس گاہ ابراہیمی کی طرف دعوت مخاطب اہلِ الکتاب ماخذ آیت ۹۲-۹۷۔ ۱۰۰۔

(۹۲) اس طریقہ پر مال صرف کرنا نتیجہ خیز ہے۔ کیونکہ اس صورت میں تزکیہ نفس ہوگا اور یہی عنداللہ قدر و قیمت رکھتا ہے۔ (۹۳) اہلِ کتاب اپنے عناد اور ضد سے باز نہیں آتے وہ چاہتے ہیں کہ کلمہ حق کی آواز جو اٹھ رہی ہے بند ہو جائے اعتراض کرتے ہیں کہ آپ ملت ابراہیمی کے متبع کہلاتے ہیں تو اونٹ کا گوشت کیوں کھاتے ہیں اور دودھ کیوں پیتے ہیں جواب دیا جاتا ہے کہ یہ چیزیں ملتِ ابراہیمی میں حرام نہیں تھیں۔ بلکہ یعقوب علیہ السلام نے اپنے نفس پر ایک غرض کے لئے حرام کیں اور پھر بنی اسرائیل نے ان کا کھانا چھوڑ دیا اور بعد کو ان پر حرام ہو گئیں۔ اور یہ حرمت خباثت کی وجہ سے نہیں تھی لہٰذا اس کا اتباع بنی اسرائیل کے لئے ضروری تھا۔ نہ کہ بنی اسمٰعیل کے لئے (۹۴) اتنا جب معلوم ہو چکے بعد بھی کہے جاؤ تو پھر اس جھوٹ کا کیا علاج ہو سکتا ہے (۹۵) اللہ کے بندو خصوصیات اسرائیلی کو چھوڑ دو اور ملتِ ابراہیمی میں چلے آؤ دونوں پرش چلو تاکہ ل کو کام کر سکیں۔

(۹۶) اگر خصوصیات ابراہیمی پیدا کرنا چاہتے ہو تو مرکز ابراہیمی سے تعلق پیدا کرو۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۚ۬

ہرگز نیکی میں کمال حاصل نہ کر سکو گے یہاں تک کہ اپنی پیاری چیز سے کچھ خرچ کرو

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ

اور جو چیز تم خرچ کرو گے بے شک اللہ اسے جاننے والا ہے بنی اسرائیل

كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰی

کے لئے سب کھانے کی چیزیں حلال تھیں مگر وہ چیز جو اسرائیل نے

نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا

تورات نازل ہونے سے پہلے اپنے اوپر حرام کی تھی کہہ دو

بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ

تورات لاؤ اور اسے پڑھو اگر تم سچے ہو پھر جس

افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

شخص نے اس کے بعد اللہ پر جھوٹ بنایا وہی بڑے

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ

بے انصاف ہیں کہہ دو اللہ نے سچ فرمایا ہے اب ابراہیم کے دین کے تابع

حَنِیْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ

ہو جاؤ جو ایک ہی کے ہو گئے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے بے شک لوگوں کے واسطے

وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًی

جو سب سے پہلا گھر مقرر ہوا یہی ہے جو مکہ میں برکت والا ہے اور جہان کے لوگوں

لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۶﴾ فِیْهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ ۚ۬ وَ

کے لئے راہ نما ہے اس میں ظاہر نشانیاں ہیں مقامِ ابراہیم ہے اور



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۭ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ

جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے اور لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا اللہ کا حق ہے

مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۭ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو اور جو انکار کرے تو پھر اللہ جہان والوں

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ

سے بے پرواہ ہے کہہ دو اے اہل کتاب اللہ کی آیتوں کا کیوں انکار

اللّٰهِ ښ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

کرتے ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر گواہ ہے کہہ دو اے اہل کتاب

لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا

اللہ کی راہ سے کیوں روکتے ہو اس شخص کو جو ایمان لائے اس میں عیب

عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَاۗءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾

ڈھونڈتے ہو اور تم خود جانتے ہو اور تمہارے کام سے اللہ بے خبر نہیں ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

اے ایمان والو اگر تم اہل کتاب کی کسی جماعت کا بھی

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

کہا مانو گے تو وہ تمہیں ایمان لانے کے بعد کافر کر دیں گے

وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ

اور تم کس طرح کافر ہو گے حالانکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور

فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ۭ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ

اس کا رسول تم میں موجود ہے اور جو شخص اللہ کو مضبوط پکڑے گا تو اسے سیدھے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

راستے کی ہدایت کی جائے گی اے ایمان والو

## ربط آیات

(۹۷) مسلمانو! خصوصاً ایسے ہی کی یادگار ہے زبان حال سے تمہیں بتا رہی ہے جس کو وسعت ہو۔ وہ وہاں پہنچ جائے تاکہ مشاہدہ کرے کہ [illegible] دین کا پیغام کیسے دیا۔ اگر تم ایک گز پر جمع ہو کر اس کے فوائد سے محروم رہنا چاہتے ہو تو اس کا نقصان تمہیں ہی پہنچے گا خدا تعالیٰ کا کچھ نہیں بگڑ سکتا۔

(۹۸) باوجود یکہ تمہیں معلوم ہے کہ یہ جماعت حق پر ہے پھر بھی تم اپنی تورات انجیل والی پیشینگوئیاں کو جھٹلاتے ہو۔

(۹۹) تمہارا تو یہی منشا ہے کہ جو مطلب ٹیڑھا کر کے لوگوں کو بتلاتے ہو سب اسی کے پابند رہیں اور دنیا میں مذہب ہمیشہ ٹیڑھا ہی رہے۔

(۱۰۰) اے مسلمانو! مذکورہ بالا قصد و خیالات فاسدہ والے اہل کتاب کی پیروی کرو گے تو تم بھی مرتد ہو جاؤ گے۔

(۱۰۱) اور تم کفر کیسے کر سکتے ہو حالانکہ قرآن حکیم تم پر نازل ہو رہا ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے اندر موجود ہیں۔

ع

خلاصہ رکوع (۱۱) [illegible] مسلک [illegible] کی طرف [illegible] جماعت کو دعوت [illegible] ماخذ آیت ۔۔۔۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ

اللہ سے ڈرتے رہو جیسا اس سے ڈرنا چاہیے اور نہ مرو مگر ایسے حال میں کہ تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا

مسلمان ہو اور سب مل کر اللہ کی رسی مضبوط پکڑو اور

تَفَرَّقُوْا ۖ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً

پھوٹ نہ ڈالو اور اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جبکہ تم آپس میں دشمن تھے

فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ج

پھر تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی پھر تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ط

اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے پھر تم کو اس سے نجات دی

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

اسی طرح تم پر اللہ اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ

اور چاہیے کہ تم میں سے ایک جماعت ایسی ہو جو نیک کام کی طرف بلاتی رہے اور اچھے کاموں

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

کا حکم کرتی رہے اور برے کاموں سے روکتی رہے اور وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا

نجات پانے والے ہیں ان لوگوں کی طرح مت ہو جو متفرق ہو گئے بعد اس کے کہ

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ط وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ

ان کے پاس واضح احکام آئے انہوں نے اختلاف کیا اور ان کے لئے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ لا يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ

بڑا عذاب ہے جس دن بعضے منہ سفید اور بعضے منہ سیاہ

## ربطِ آیات

(۱۰۲) چونکہ ہمیں مرتے دم تک اطاعتِ الٰہی کا حق ادا کرنا ہے لہٰذا اہلِ کتاب سے انقطاع بھی تا دمِ مرگ رکھنا پڑے گا۔ کیونکہ ان سے خلط ملط ہونے سے تو وہ ہمیں مرتد بنانے میں ساعی ہوں گے بلکہ ہمیں تو اس مقصد کے لئے دوسروں کا داعی بننا ہے۔ لہٰذا پہلے اپنے اندر استقامت پیدا کر لیں اہلِ کتاب سے ہمارا خلط ملط نہ ہونے پائے۔ (۱۰۳) اور اللہ تعالیٰ کی رسی یعنی قرآن مجید کو مضبوط پکڑے رہیں اور اندرونی فرقہ بندیوں سے بچے رہیں۔ (۱۰۴) جب اپنے اندرونی اختلافات سے بھی بچ جائیں اور بیرونی حملوں سے بھی محفوظ ہو جائیں تو دوسروں کو اس مقصد خیر میں شریک بنائیں۔

(۱۰۵) پہلی امتوں کی طرح اگر ہم بھی فرقہ بندیوں کی الجھن میں پڑ گئے تو اسی سزا کے مستحق ہوں گے۔ جو ان کو ملی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ

ہوں گے سو وہ جن کے منہ سیاہ ہو نگے ان سے کہا جائیگا

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾

کیا تم ایمان لاکر کافر ہوگئے تھے اب اس کفر کرنے کے بدلے میں عذاب چکھو

وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ

اور وہ لوگ جن کے منہ سفید ہوں گے تو وہ اللہ کی رحمت میں ہونگے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ کے احکام ہیں ہم تمہیں ٹھیک ٹھیک

بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا

سناتے ہیں اور اللہ مخلوقات پر ظلم نہیں کرنا چاہتا اور جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ ع

آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور سب کام اللہ ہی کی طرف پھیرے جاتے ہیں

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

تم سب امتوں میں سے بہتر ہو جو لوگوں کے لئے بھیجی گئیں اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو

وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۭ وَلَوْ اٰمَنَ

اور برے کاموں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو اور اگر

اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ

اہل کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لئے بہتر تھا کچھ ان میں سے ایماندار ہیں اور

اَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ وَ

اکثر ان میں سے نافرمان ہیں وہ زبان سے ستانے کے سوا تمہارا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے اور

اِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر دیں گے پھر مدد نہیں دیئے جائیں گے

## ربط آیات

(۱۰۶) اسلئے صحیح یعنی اسلام و اتقیاء کے راستے پر چلنے والوں کے منہ روشن ہوں گے اور اختلاف ڈالنے والوں کے منہ قیامت کے دن سیاہ ہوں گے (۱۰۷) اتقیاء الٰہی کے راستے کی طرف صورت اتحاد دینے والوں کے منہ روشن ہوں گے (۱۰۸) بارگاہ الٰہی کے صحیح فیصلے ہم نے تمہیں سنا دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی کو بلا اشتباہ پکڑنا نہیں چاہتے۔ (۱۰۹) اللہ تعالیٰ جس طرح باقی خیر و شر کے سلسلوں کو چلا رہا ہے اسی طرح ان دونوں جماعتوں کو چلا رہا ہے گا پھر سب سلسلے اللہ تعالیٰ ہی کے پاس منتہی ہونگے اب یہ سوال کہ اس صحیح طریقے کے مقابلہ میں یہ برا طریقہ کیوں قائم ہے؟ تو اس کی حکمت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ جملہ معترضہ اس رکوع

ع ۱۱ / ۲

خلاصہ رکوع ۱۲۔ امت مسلمہ کا فرض اور منافقین سے مقاطعہ
ماخذ: ۱۱۰ - ۱۱۸

میں تین مسئلے ذکر ہونگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت مبلغ ہے۔ یہود اپنے فرض منصبی کے ترک کی وجہ سے گر گئے۔ منافقین سے مقاطعہ اور اس سے پہلے اہل کتاب سے مقاطعہ ہو چکا ہے۔ (۱۱۰) امت کا بحیثیت امت کے یہ فرض ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے لہٰذا جو شخص بھی اس امت کا فرد کہلائے گا اس کے ذمہ یہ فرض عاید ہو جائے گا چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ارشاد ہے بلغوا عنی ولو آیۃ۔ (ولو آمن اہل الکتاب) ایمان کے معنی حکم کا دل سے مان لینا۔

(بقیہ اگلے صفحے پر)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ
ان پر ذلت لازم کی گئی ہے جہاں وہ پائے جائیں مگر ساتھ اللہ کی

اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ
پناہ کے اور لوگوں کی پناہ کے اور وہ اللہ کے غضب کے مستحق ہوئے

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ
اور ان پر پستی لازم کی گئی یہ اس واسطے ہے کہ اللہ کی نشانیوں کے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا
ساتھ کفر کرتے تھے اور پیغمبروں کو ناحق قتل کرتے تھے یہ اس سبب سے ہے

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ
کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے نکل جاتے تھے وہ سب برابر نہیں اہل کتاب میں

الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ
سے ایک فرقہ سیدھی راہ پر ہے وہ رات کے وقت اللہ کی آیتیں پڑھتے ہیں

وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور وہ سجدے کرتے ہیں اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں

وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ
اور اچھی بات کا حکم کرتے ہیں اور برے کاموں سے روکتے ہیں اور نیک کاموں

فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا
میں دوڑتے ہیں اور وہی لوگ نیک بخت ہیں وہ لوگ جو

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ
نیک کام کریں گے اس سے محروم نہ کئے جائیں گے اور اللہ پرہیزگاروں کو جاننے والا ہے بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ
جو لوگ کافر ہیں ان کے مال اور اولاد

## ربط آیات

بقیہ صفحہ ۔ لہٰذا ربط آیات کے اعتبار سے یہ مطلب ہوگا کہ اگر اہل کتاب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے تو ان کے لئے بھلائی ہوتی لیکن اکثر نے اس فرض کو چھوڑ دیا اور اکثر ہم الفسقون۔ (۱۱۱) وہ لوگ تمہاری تحریک کو مٹا نہیں سکتے فقط زبانی تحقیر پہنچا سکتے ہیں گے اگر میدان مقابلہ میں آئیں گے تو بھاگ جائیں گے اور ذلیل ہوں گے۔

(۱۱۲) ان لوگوں کے عصیان اور عدوان کے باعث کفر بآیات اللہ اور قتل انبیاء تک نوبت پہنچائی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ذلت اور مسکنت کی سزا تجویز کی۔ اب جہاں ہیں گے دو رسیاں ان کے گلے میں ہیں گی، ایک تو اللہ تعالیٰ کی دینی قرار دی ہے کہ جیسے وہ نہیں چھوڑ سکیں گے، اور دوسری غیروں کی غلامی کی رسی (۱۱۳) یہ سب یکساں نہیں ہیں بعض ان میں اچھے آدمی بھی ہیں۔ (۱۱۴) وہ اچھے آدمی اپنے فرض تبلیغی دعوت الی الخیر سے غافل نہیں ہیں (۱۱۵) یہ لوگ اگرچہ اسی برباد شدہ معاند باغی قوم کے فرد ہیں لیکن ان کی خوبیوں کا بدلہ انہیں یقیناً ملے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

اللہ کے مقابلے میں کچھ کام نہ آئیں گے اور وہی لوگ دوزخی ہیں وہ اس آگ میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِىْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ

اس دنیا کی زندگی میں جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک ہوا ہو

فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ

جس میں تیز سردی ہو وہ ایسے لوگوں کی کھیتی کو لگ جائے جنہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تھا پھر اسکو برباد کر دے

وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ

ایمان والو اپنوں کے سوا کسی کو بھیدی نہ بناؤ وہ تمہاری خرابی میں

خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ

قصور نہیں کرتے جو چیز تمہیں تکلیف دے وہ انہیں پسند آتی ہے ان کے مونہوں سے دشمنی نکل پڑتی ہے

وَمَا تُخْفِىْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اور جو ان کے سینوں میں چھپی ہوئی ہے وہ بہت زیادہ ہے ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کر دیں

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا

اگر تم عقل رکھتے ہو سن لو تم ان کے دوست ہو اور وہ

يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا

تمہارے دوست نہیں اور تم تو سب کتابوں کو مانتے ہو اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ

اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ

ہم مسلمان ہیں اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصے سے انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں

قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾

کہہ دو تم اپنے غصہ میں مرو اللہ کو دلوں کی باتیں خوب معلوم ہیں

### ربط آیات

(۱۱۶) جو لوگ اپنی زندگی کے فرض منصبی کو بھلا کر اموال اور اولاد میں منہمک ہیں یہ چیزیں انہیں عذاب الٰہی سے ہرگز نہیں بچا سکیں گی (۱۱۷) جو لوگ مذہبی فرائض تجارت سے چھوڑ چکے ہیں اس کے بعد اگرچہ کچھ نہ کچھ حصہ مال کا مذہبی کاموں پر صرف کر دیں وہ سب بیکار ہوگا۔ ان کی مثال ایسی ہے کہ ایک قوم نے اپنے آپ کو مشقت میں ڈال کر فصل کی پرورش کی اس کے بعد ایک ایسی ٹھنڈی ہوا چلی کہ ساری کھیتی تباہ ہو گئی۔

(۱۱۸) یہاں سے اخیر رکوع تک یہ بیان ہوگا کہ منافقین تمہارے دشمن ہیں ان کو اپنے راز نہ بتایا کرو

(۱۱۹) تم ان سے دوستی رکھنا چاہتے ہو لیکن وہ تمہارے پکے دشمن ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ
اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بُری لگتی ہے اور اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو
يَفْرَحُوا بِهَا ۖ وَإِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ
اس سے خوش ہوتے ہیں اور اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری کرو تو ان کے فریب تمہارا کچھ
شَيْئًا ۗ إِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (۱۲۰) ع وَإِذْ غَدَوْتَ ۱۲ ع ۱۱ ۲
نہ بگڑے گا بے شک اللہ ان کے اعمال پر احاطہ کرنے والا ہے اور جب تو صبح کو
مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۗ
اپنے گھر سے نکلا مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانے پر بٹھا رہا تھا
وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (۱۲۱) إِذْ هَمَّت طَّائِفَتَانِ مِنكُمْ أَن
اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے جب تم میں سے دو جماعتوں نے قصد کیا کہ
تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (۱۲۲)
نامردی کریں اور اللہ ان کا مددگار تھا اور چاہیے کہ اللہ ہی پر مسلمان بھروسہ کریں
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ
اور اللہ بدر کی لڑائی میں تمہاری مدد کر چکا ہے حالانکہ تم کمزور تھے پس اللہ سے ڈرو
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (۱۲۳) إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن
تاکہ تم شکر کرو جب تو مسلمانوں کو کہتا تھا کیا
يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِّنَ
تمہیں یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تمہاری مدد کے لئے تین ہزار فرشتے
الْمَلَائِكَةِ مُنزَلِينَ (۱۲۴) بَلَىٰ ۚ إِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا
آسمان سے اترنے والے بھیجے بلکہ اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری کرو
وَيَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم
اور وہ تم پر ایک دم سے آ پہنچیں تو تمہارا رب

## ربط آیات

(۱۲۰) وہ تمہاری مصیبت سے خوش ہوتے ہیں اور تمہارے آرام سے انھیں تکلیف پہنچتی ہے (۱۲۱) اس سے پہلے مسلمانوں کا فرض مذہبی تبلیغ بتلایا جا چکا ہے اس کے بعد حکم دیا گیا ہے کہ اہل کتاب اور منافقین سے علیحدہ رہو۔ آئندہ اس قانون کا اجرا کرکے دکھایا جاتا ہے کہ غزوۂ بدر میں صحابہ کرام میں استقلال تھا اور مخالفین کے خیالات سے متاثر نہیں تھے تو فتح ہوئی۔ اور غزوۂ احد میں منافقین کے خیالات کا کچھ کچھ اثر تھا، تو شرکت جنگ کے موقع پر بھی بعض لوگوں کی طبیعتوں میں تذبذب تھا اور یہ تخلف و عمل منافقین کا مسلک تھا۔ اس کمزوری کے باعث غزوۂ احد میں شکست ہوئی۔ پہلی آیت غزوۂ احد کے حق میں ہے۔

خلاصہ رکوع ۱۳، غزوۂ بدر کی کامیابی کا باعث تقویٰ اور منافقین سے علیحدگی ہی تھا۔ اسی لئے طمانیت میں استقامت تھی۔ بقیہ آیت ۱۲۳

(۱۲۲) مخلص مسلمانوں کی دو جماعتیں منافقین کی طرح جہاد سے پیچھے رہنا چاہتی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں تخلف سے بچا لیا۔ (۱۲۳) بدر میں قلت تعداد، قلت آلات حرب، قلت دانہ پانی اور میدان کی ناموافقت صحابہ کرام ریتیلی طرف تھے اور کفار عمدہ زمین کی طرف تھے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مدد دی اور فتح ہوئی (۱۲۴) اگر ضرورت ہو تو تین ہزار فرشتے اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کے لئے نازل فرمادے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا جَعَلَهُ

پانچ ہزار فرشتے نشان دار گھوڑوں پر مدد کے لئے بھیجے گا اور اس چیز کو

اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا

اللہ نے تمہارے دل کی خوشی کے لئے کیا ہے اور تاکہ تمہارے دلوں کو اس سے اطمینان ہو اور

النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١٢٦﴾ لِيَقْطَعَ

مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو زبردست حکمت والا ہے تاکہ

طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا

بعض کافروں کو ہلاک کرے یا انہیں ذلیل کرے پھر وہ ناکام ہو کر

خَآئِبِيْنَ ﴿١٢٧﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ

لوٹ جائیں تیرا کوئی اختیار نہیں ہے یا اللہ انہیں توبہ کی

عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١٢٨﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي

توفیق دے یا انہیں عذاب کرے کیونکہ وہ ظالم ہیں اور جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے جسے چاہے بخش دے اور

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٩﴾ ع

جسے چاہے عذاب کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا

اے ایمان والو سود دونے پر دونا

مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٣٠﴾ ۚ وَاتَّقُوا

نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تمہارا چھٹکارا ہو اور اس

النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿١٣١﴾ ۚ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

آگ سے بچو جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے اور اللہ اور

## ربط آیات

(۱۲۵) اگر تم نے صبر اور تقویٰ اختیار کیا اور زیادہ فرشتوں کی ضرورت پڑی تو پانچ ہزار بھیجے جائیں گے۔ (۱۲۶) یہ تعداد فقط تمہارے خوش کرنے کیلئے ہے ورنہ ایک فرشتہ بھی کفار کو نیست و نابود کرنے کیلئے کافی ہے۔ (۱۲۷) آپ کی مدد اللہ تعالیٰ اس لئے کرے گا کہ باطل پرست نافرمانوں کو ذلیل کرائے۔ یہاں تک بدر کی کامیابی کا ذکر ختم ہو چکا ہے۔

(۱۲۸) احد میں اول مسلمانوں کی اپنی غلطی کی پاداش میں شکست ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاج میں اس کا سخت رنج تھا اس لئے آپ نے نماز فجر کی دوسری رکعت میں رکوع کے بعد نام لے کر کفار پر بددعا شروع کی۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا کہ نام لے کر بددعا نہ فرمائیے۔ (۱۲۹) کیونکہ ممکن ہے انہیں کفار میں سے بعض کو آئندہ اللہ تعالیٰ ہدایت کر دے اور سابقہ غلطی معاف فرما دے۔

۱۳ ع ۴

خلاصہ رکوع ۱۳۔ اصلاح غلط بخشش [illegible] آیت ۱۳۰-۱۳۳

(۱۳۰) کفار نے جس سے احد کا حملہ کیا تھا یعنی کمائی تاکہ سود وغیرہ کاٹ دیتے تھے اس پر بطور اکرام نے استعمال میں آکر فرمایا (لا تاکلوا) یعنی ایک ایک کے عوض میں کئی کئی کا شمار کیجئے اسے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا۔ (۱۳۱) جو آگ کفار کے لئے تیار کی گئی ہے وہ بد خلق کی سزا ہے لہٰذا تم بد اخلاق سے بچو چیزوں اختصیت سمجھنا تو ہو سکتی ہے لیکن زیادتی جرم ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى
رسول کی تابعداری کرو تاکہ تم رحم کئے جاؤ اور اپنے رب کی
مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ
بخشش کی طرف دوڑو اور بہشت کی طرف جس کا عرض آسمان
وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٣﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ
اور زمین ہے جو پرہیزگاروں کے لئے تیار کی گئی ہے جو خوشی اور
فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ
تکلیف میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ ضبط کرنے والے ہیں اور
الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣٤﴾ ۚ
لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے
وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
اور وہ لوگ جب کوئی کھلا گناہ کر بیٹھیں یا اپنے حق میں ظلم کریں تو
ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ
اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں سے بخشش مانگتے ہیں اور سوائے اللہ کے
الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ ۣ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَ
اور کون گناہ بخشنے والا ہے اور اپنے کئے پر وہ اڑتے نہیں اور
هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٥﴾ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ
وہ جانتے ہیں یہ لوگ ان کا بدلہ ان کے رب کے ہاں سے بخشش
رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
ہے اور باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان باغوں میں ہمیشہ
فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾ ۭ قَدْ خَلَتْ مِنْ
رہنے والے ہوں گے اور کام کرنے والوں کی کیسی اچھی مزدوری ہے تم سے پہلے

**ربط آیات**

(۱۳۲) ان خیالات سے دلوں کو صاف کر کے ادھر لگاؤ
(۱۳۳) اس طرف ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرو۔ (۱۳۴) ورثاء جنت کے یہ اوصاف ہیں، اپنے اندر یہ اوصاف پیدا کرو۔
(۱۳۵) اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے وہ ہیں جو غلطی کر بیٹھیں تو اس پر اصرار نہ کریں۔
(۱۳۶) ان ہی خوبیوں والے بندے مغفرت اور جنت کے مستحق ہو سکتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ
کئی واقعات ہو چکے ہیں سو زمین میں سیر کرو اور دیکھو کہ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَ
جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا یہ لوگوں کے واسطے بیان ہے اور

هُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا
ڈرنے والوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے اور سست نہ ہو اور

تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾
غم نہ کھاؤ اور تم ہی غالب رہو گے اگر تم ایمان دار ہو

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ
اگر تمہیں زخم پہنچا ہے تو انہیں بھی ایسا ہی زخم

مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ
پہنچ چکا ہے اور ہم یہ دن لوگوں میں باری باری بدلتے رہتے ہیں

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ
اور تاکہ اللہ ایمان والوں کو جان لے اور تم میں سے بعضوں کو

شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ
شہید کرے اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور تاکہ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ
اللہ ایمان والوں کو پاک کردے اور کافروں کو مٹا دے کیا

حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ
تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے اور ابھی تک اللہ نے نہیں ظاہر کیا

الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾
ان لوگوں کو جو تم میں سے جہاد کرنے والے ہیں اور ابھی صبر کرنے والوں کو بھی ظاہر نہیں کیا

منزل ۱

## ربطِ آیات

(۱۳۷) زمین میں سیر کرکے دیکھو کہ مکذبین تباہ ہوتے رہے یا نہیں۔ لہٰذا تمہارے مخالف تو خود ہی اپنے آپ کو سنت اللہ کے ماتحت تباہی کے لئے تیار کر رہے ہیں۔ (۱۳۸) گذشتہ آیت کی اطلاع میں ہم نے متقین کو نصیحت دے دی ہے۔ اور ان کی صحیح رہنمائی فرما دی ہے (۱۳۹) گھبراتے کیوں ہو اپنے ایمانوں کو مضبوط رکھو آخری فتح تمہاری ہی ہوگی۔ یہ شکست در اصل تمہاری اپنی غلطی کا نتیجہ ہے اس غلطی کا ذکر آگے آرہا ہے۔ (۱۴۰) اگر تمہیں اس شکست میں نقصان پہنچا ہے تو اس سے پہلے بدر میں کفار کو بھی شکست فاش مل چکی ہے۔ بعض اسباب کے لحاظ سے فتح اور بعض کمزوریوں کے باعث شکست تو ہوا ہی کرتی ہے۔ ہاں اس قسم کی شکستوں میں البتہ کھرے اور کھوٹے کا پتہ چل جاتا ہے بلکہ بعض اوقات شکست دینا اور بعض آدمیوں کو شہید کرانا، اللہ تعالیٰ کا مقصود ہوتا ہے تاکہ مسلمانوں کے خون میں جوش پیدا ہو جائے۔ اور خوابیدہ قوم زخم خوردہ ہو کر بیدار ہو جائے (۱۴۱) تاکہ کھرے اور سچے ایمانداروں کا پتہ لگ جائے (۱۴۲) کیا تم چاہتے ہو کہ مصائب کی بھٹی میں پڑنے سے پہلے ہی جنت کے مستحق بن جاؤ۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ص
اور تم موت سے پہلے اس کی ملاقات کی آرزو کرتے تھے
فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا
سو اب تم نے اسے آنکھوں کے سامنے دیکھ لیا اور محمد تو ایک
رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط اَفَا۟ئِنْ مَّاتَ
رسول ہے اس سے پہلے بہت رسول گزرے پھر کیا اگر وہ مرجائے
اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ط وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى
یا مارا جائے تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں
عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْــًٔا ط وَسَيَجْزِى اللّٰهُ
پھر جائے گا تو اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑیگا اور اللہ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا
شکرگذاروں کو ثواب دے گا اور اللہ کے حکم کے سوا کوئی مر نہیں
بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ط وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا
سکتا ایک وقت مقرر لکھا ہوا ہے اور جو شخص دنیا کا بدلہ چاہے گا
نُؤْتِهٖ مِنْهَا ج وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ط
ہم اسے دنیا ہی میں دے دیں گے اور جو آخرت کا بدلہ چاہے گا ہم اسے اسی میں سے دیں گے
وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٥﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِىٍّ
اور ہم شکرگذاروں کو جزا دیں گے اور کتنے نبی ہیں
قٰتَلَ لا مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ج فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ
جن کے ساتھ ہو کر بہت اللہ والے لڑے ہیں پھر اللہ کی راہ میں
اَصَابَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا
تکلیف پہنچنے پر نہ ہارے ہیں اور نہ سست ہوئے ہیں اور نہ

ع ۱۴ ۵

## ربط آیات

(۱۴۳) جب مشورہ کیا گیا تھا کہ مدینہ منورہ میں ٹھہر کر کفار کا مقابلہ کریں، یا باہر میدان میں نکل کر اس وقت تم نے ہی فیصلہ کیا کہ باہر نکل کر لڑیں تاکہ بہادری کے جوہر دکھائیں اس وقت تو موت کے لئے اپنے آپ کو خود پیش کیا اور اب گھبراتے ہو

خلاصہ رکوع ۱۵۔ کام مقصود اور حق کے بھروسہ پر ہونا چاہیے نہ کہ کسی شخص مقتدا کے اعتبار پر۔ ماخذہ آیت ۱۴۴

(۱۴۴) اُحد میں حضور ﷺ کی شہادت کی غلط خبر مشہور ہوئی تو بعض صحابہ کرام خوب جان توڑ کر لڑے اور ایک جماعت ایسی بھی تھی جو خبر سنتے ہی بھاگ نکلی اس سے صاف ظاہر ہے کہ تمام جماعتوں میں ہمت اور استقلال تام نہیں تھا (۱۴۵) موت تو ہر ایک شخص کے لئے اپنے وقت پر ضرور ہی آتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اسْتَكَانُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ ﴿١٤٦﴾ وَمَا كَانَ

وہ دبے ہیں اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کو پسند کرتا ہے اور انہوں نے

قَوْلَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَ

سوائے اس کے کچھ نہیں کہا کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دے اور

إِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

جو ہمارے کام میں ہم سے زیادتی ہوئی ہے اور ہمارے قدم ثابت رکھ اور کافروں کی

عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿١٤٧﴾ فَآتَاهُمُ اللَّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

قوم پر ہمیں مدد دے پھر اللہ نے اُن کو دنیا کا ثواب

وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٤٨﴾ ع

اور آخرت کا عمدہ بدلہ دیا اور اللہ نیک کاموں کو پسند کرتا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا

اے ایمان والو اگر تم کافروں کا کہا مانو گے

يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿١٤٩﴾

تو وہ تمہیں اُلٹے پاؤں پھیر دیں گے پھر تم نقصان میں جا پڑو گے

بَلِ اللَّهُ مَوْلَاكُمْ ۖ وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِينَ ﴿١٥٠﴾

بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ بہترین مدد کرنے والا ہے

سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَا

اب ہم کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دیں گے اس لئے

أَشْرَكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا ۖ وَمَأْوَاهُمُ

کہ انہوں نے اللہ کا شریک ٹھیرایا جس کی اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور ان کا ٹھکانا

النَّارُ ۚ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ ﴿١٥١﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ

دوزخ ہے اور ظالموں کا وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے اور اللہ تو اپنا وعدہ تم سے سچا

منزل ۱

## ربطِ آیات

(۱۴۶) انبیاء علیہم السلام کے ساتھی بن کر ہمیشہ خدا پرستوں نے قربانیاں کیں لیکن وہ کبھی شکست خوردہ نہیں ہوئے۔ باوجودیکہ ان پر کئی مصیبتیں آئی رہیں۔ (۱۴۷) خداوندا ہماری غلطی کی وجہ ہمیں شکست ملی ہے (۱۴۸) اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا میں عزت عطا فرمائی اور آخرت کی سرفرازی سے بھی ممتاز فرمایا

۱۵ ع ۹

خلاصہ رکوع ۱۰۔ احد کی شکست مسلمانوں کی غلطی کا نتیجہ اور عیسیٰ ابن رسول کا نتیجہ ہے۔ ماخذ آیت ۱۵۲

(۱۴۹) اگر تم نے کفار کی اطاعت کی تو تمہیں مرتد بنا دیں گے غزوۂ اُحد میں تم منافقین کے خیالات سے متاثر ہو گئے جو دل میں کافر اور اسلام کے دشمن ہیں۔ (۱۵۰) چونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا مولیٰ ہے جب اُس کے نام پر جان دینے کے لئے تیار ہو جاؤ گے تو پھر دنیا کی کوئی طاقت تمہارا مقابلہ نہیں کر سکے گی۔ (۱۵۱) اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ مدد ہے جو اسباب سے پیدا نہیں ہو سکتی۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ

کر چکا جب تم اس کے حکم سے انہیں قتل کرنے لگے یہاں تک کہ جب تم نے نامردی کی

وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ

اور کام میں جھگڑا ڈالا اور نافرمانی کی بعد اس کے

اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَ

کہ تم کو دکھا دی وہ چیز جسے تم پسند کرتے تھے بعض تم میں سے دنیا چاہتے تھے اور

مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ

بعض تم میں سے آخرت کے طالب تھے پھر تمہیں ان سے پھیر دیا تاکہ

لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ

تمہیں آزمائے اور البتہ تحقیق تمہیں اس نے معاف کر دیا ہے اور اللہ ایمانداروں پر

عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ١٥٢ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓي

فضل والا ہے جس وقت تم چڑھے جاتے تھے اور کسی کو مڑ کر نہ دیکھتے

اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا

تھے اور رسول تمہیں تمہارے پیچھے سے پکار رہا تھا سو اللہ نے تمہیں اس کی پاداش میں غم

بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ

دیا بسبب غم دینے کے تاکہ تم مغموم نہ ہو اس پر جو ہاتھ سے نکل گئی اور نہ اس پر جو تمہیں پیش آئی

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ١٥٣ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

اور اللہ خبردار ہے اس چیز سے جو تم کرتے ہو پھر اللہ نے اس غم کے بعد تم پر

الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ

چین یعنی اونگھ بھیجی اس نے بعضوں کو تم میں سے ڈھانک لیا اور بعضوں کو

قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ

اپنی جان کا فکر لگ رہا تھا اللہ پر جھوٹے خیال

**ربط آیات**

(١٥٢) اللہ تعالیٰ نے تو غزوۂ احد میں بھی اپنا وعدہ پورا کر دیا تھا لیکن تمہاری اپنی غلطیاں کی وجہ سے فتح ہوتے ہوتے شکست ہو گئی۔

(١٥٣) تم خود ہی میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے۔



Downloaded From Al-marifat.org

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ
جاہلوں جیسے کر رہے تھے کہتے تھے ہمارے ہاتھ میں کچھ

مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي
کام ہے کہہ دو کہ سب کام اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ اپنے دل میں

أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ
چھپاتے ہیں جو تیرے سامنے ظاہر نہیں کرتے کہتے ہیں اگر

لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُلْ لَوْ كُنْتُمْ
ہمارے ہاتھ میں کچھ کام ہوتا تو ہم اس جگہ مارے نہ جاتے کہہ دو اگر تم

فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ
اپنے گھروں میں ہوتے البتہ اپنے گرنے کی جگہ پر باہر نکل آتے وہ لوگ جن پر

مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ
قتل ہونا لکھا جا چکا تھا اور تاکہ اللہ آزمائے جو تمہارے سینوں میں ہے

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ
اور تاکہ اس چیز کو صاف کر دے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ دلوں کے بھید

الصُّدُورِ ﴿١٥٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ
جاننے والا ہے بے شک وہ لوگ جو تم میں پیٹھ پھیر گئے جس دن

الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ
دونوں فوجیں ملیں سو شیطان نے ان کے گناہ کے سبب سے انہیں

مَا كَسَبُوا ۖ وَلَقَدْ عَفَا اللَّهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ
بہکا دیا تھا اور اللہ نے ان کو معاف کر دیا ہے بے شک اللہ

غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٥٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا ع
بخشنے والا تحمل کرنے والا ہے اے ایمان والو تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو

**ربط آیات**

(۱۵۴) جو صحابہ کرام میدان میں ڈٹے کھڑے رہے ان پر اطمینان قلب کے باعث نیند غالب آ رہی تھی اور ایک جماعت بدظن ہو کر بھاگ نکلی تھی۔ (۱۵۵) غزوۂ احد کے دن بھاگنا اپنی غلطی کے سبب سے تھا۔ (ولقد عفا اللہ عنہم) چونکہ یہ پہلی غلطی تھی اس لئے معاف کر دی گئی۔

خلاصہ رکوع ۱۵ ۔ تنبیہ (۲) منتشرہ کو کمزوریوں سے محفوظ فرمایا۔ ہدایت احد فتح ہو کر شکست ہے۔
ماخذ آیت ۱۵۴ ۔ ۱۵۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَالَّذِينَ كَفَرُوا وَقَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوا
جو کافر ہوئے اور وہ اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں جب وہ ملک میں
فِي الْأَرْضِ أَوْ كَانُوا غُزًّى لَّوْ كَانُوا عِندَنَا
سفر پر نکلیں یا جہاد پر جائیں اگر ہمارے پاس رہتے تو
مَا مَاتُوا وَمَا قُتِلُوا لِيَجْعَلَ اللَّهُ ذَٰلِكَ
نہ مرتے اور نہ مارے جاتے تاکہ اللہ اس خیال سے
حَسْرَةً فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۗ وَاللَّهُ
ان کے دلوں میں افسوس ڈالے اور اللہ ہی جلاتا اور مارتا ہے اور اللہ
بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١٥٦﴾ وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ
تمہارے سب کاموں کو دیکھنے والا ہے اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے
اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا
گئے یا مرگئے تو اللہ کی بخشش اور اسکی مہربانی اس چیز سے بہتر ہے
يَجْمَعُونَ ﴿١٥٧﴾ وَلَئِن مُّتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ
جو وہ جمع کرتے ہیں اور اگر تم مرگئے یا مارے گئے تو البتہ تم سب اللہ ہی
تُحْشَرُونَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ
کے ہاں جمع کئے جاؤ گے پھر اللہ کی رحمت کے سبب سے تو ان کیلئے نرم ہوگیا اور اگر
كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ ۖ
تو تند خو اور سخت دل ہوتا تو البتہ تیرے گرد سے بھاگ جاتے
فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۖ
پس انہیں معاف کردے اور ان کے واسطے بخشش مانگ اور کام میں ان سے مشورہ لیا کر
فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ
پھر جب تو اس کام کا ارادہ کرچکا تو اللہ پر بھروسہ کر بے شک اللہ توکل کرنے والوں

### ربط آیات

الحاصل، آئندہ مسلمانوں کے شیرازہ منتشر کو وہی شخص متحد کرسکے گا جس میں صفات محمدیہ کا رنگ پایا جائے۔ (۱۵۶) مخلص مومنوں سے کہا جاتا ہے کہ تمہیں منافقین کی طرح (لو کان لنا من الامر شیء) یا اور اس قسم کے فقرے نہیں کہنے چاہئیں تمہارا شہنشاہ حقیقی عزاسمہ و جل مجدہ تمہیں اس حالت میں بھی اپنی روحانی قوتوں کی امداد سے زندہ رکھ سکتا ہے جس وقت تمام جسمانی قوتیں امداد دینے سے عاجز آجائیں (۱۵۷) حالانکہ جو شخص کسی دینی خدمت کے لئے روانہ ہوا اور وہاں مرگیا تو اس کا مرنا سب گذشتہ گناہوں کا جبر ہوگا۔ اور اگر وہ کام پورا ہونے سے پہلے بھی فوت ہوگیا ہے تو بھی اس کا عمدہ بدلہ اور تنخواہ بند نہیں ہوگی۔ (۱۵۸) اگر بالفرض تم سفر نہ کرو اور میدان میں نہ جاؤ تو بھی ضرور مروگے اور حساب کتاب دوگے جب یہ باتیں ضروری ہیں تو پھر انسان اچھے کام میں کیوں نہ مرے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿١٥٩﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَ
کو پسند کرتا ہے   اگر اللہ تمہاری مدد کرے گا   تو تم پر کوئی غالب ہو سکے گا   اور

اِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ
اگر اس نے مدد چھوڑ دی تو پھر ایسا کون ہے   جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ
اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے   اور کسی نبی کو یہ لائق نہیں

اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ
کہ خیانت کرے   اور جو کوئی خیانت کرے گا اس چیز کو قیامت کے دن لائے گا جو خیانت کی تھی

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَھُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦١﴾
پھر ہر کوئی پورا پالے گا   جو اس نے کمایا تھا   اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے

اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ
آیا وہ شخص جو اللہ کی رضا کا تابع ہے   اس کے برابر ہو سکتا ہے جو غضب الٰہی کا مستحق ہوا

وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦٢﴾ ھُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ
اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیسی وہ بری جگہ ہے   اللہ کے ہاں لوگوں کے مختلف

اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٣﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ
درجے ہیں اور اللہ دیکھتا ہے   جو کچھ وہ کرتے ہیں   اللہ نے ایمان والوں پر

عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْھِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِھِمْ
احسان کیا ہے   جو ان میں انہیں میں سے رسول بھیجا ان پر

يَتْلُوْا عَلَيْھِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْھِمْ وَيُعَلِّمُھُمُ الْكِتٰبَ وَ
اس کی آیتیں پڑھتا ہے   اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں   کتاب   اور

الْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٦٤﴾
دانش سکھاتا ہے   اگرچہ وہ   اس سے پہلے   صریح گمراہی میں تھے

منزل ۱

## ربط آیات

(۱۵۹) آپ ان کی حالت کو پورا جانتے تھے کہ ترقی تدریجاً ہی ہوا کرتی ہے اس لئے آپ نے ان پر شفقت کی اور نہایت ہی رحم سے پیش آئے اور قرآن شریف میں آپ کی نرمی کا عکس اس لئے اعلان ہوا ہے کہ آئندہ کوئی شخص ان صحابہ کرام پر نکتہ چینی نہ کرسکے۔ واللہ اعلم (فاذا عزمت) اس فیصلہ کو توڑنے والی دنیا میں کوئی قوت پیدا ہو ہی نہیں سکتی

(۱۶۰) جو لوگ اپنی صحیح رائے قائم کرنے میں پوری ہمت صرف کرتے ہیں اور اس کے بعد پوری ہمت سے کام کرتے ہیں خدا تعالیٰ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے۔

(۱۶۱) گذشتہ آیت میں اس کا واقعہ مذکور تھا کہ اس میں حضور نے مسلمانوں کی بکھری ہوئی قوت کو کس طرح جمع کیا۔ اب یہ سوال وارد ہو سکتا تھا کہ آئندہ اس کام کے کرنیوالے کس قسم کے آدمی ہونگے لہٰذا بتلایا گیا کہ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس صفت کا اپنے آپ کو نمونہ بنائیں گے وہ خیانت نہیں کرینگے اور کوئی چیز مسلمانوں سے چھپا کر اپنے لئے خاص نہیں کرینگے اس قسم کے آدمی آپکے نائب ہونگے۔

(۱۶۲) فقط وہی شخص اسلامی خدمت کرنے کے قابل ہے جو قانون الٰہی پورا کرنے کے لئے اپنے مقاصد کو مؤخر کر سکتا ہے

(۱۶۳) من اتبع رضوان اللہ اور من باء بسخط من اللہ دو لوگ بے انتہا درجے نکل سکتے ہیں چونکہ یہ دونوں جنسیں برابر نہیں ہیں اس لئے نیابت نبوی کے لئے من اتبع رضوان اللہ والوں میں سے آدمی ہونا چاہیئے۔

النصف

(۱۶۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس غرض کے انجام دینے کے لئے بھیجا گیا ہے لہٰذا اس کسوٹی پر آئندہ آپ کے سچے متبعین کو پرکھ لیا جائے گا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَلَمَّآ أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ
کیا جب تمہیں ایک تکلیف پہنچی حالانکہ تم تو اس سے دوچند تکلیف پہنچا چکے ہو تو کہتے ہو
أَنَّىٰ هَـٰذَا ۖ قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ
یہ کہاں سے آ گئی کہہ دو یہ تکلیف تمہیں تمہاری ہی طرف سے پہنچی ہے بے شک اللہ
عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَآ أَصَـٰبَكُمْ يَوْمَ ٱلْتَقَى
ہر چیز پر قادر ہے اور جو کچھ تمہیں اس دن پیش آیا جس دن دونوں
ٱلْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ ٱللَّهِ وَلِيَعْلَمَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٦٦﴾ وَ
جماعتیں میں سو اللہ کے حکم سے ہوا اور تاکہ اللہ ایمان داروں کو ظاہر کردے اور
لِيَعْلَمَ ٱلَّذِينَ نَافَقُوا۟ ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا۟ قَـٰتِلُوا۟ فِى
تاکہ منافقوں کو ظاہر کردے اور انہیں کہا گیا تھا کہ آؤ اللہ کی
سَبِيلِ ٱللَّهِ أَوِ ٱدْفَعُوا۟ ۖ قَالُوا۟ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّٱتَّبَعْنَـٰكُمْ ۗ
راہ میں لڑو یا دشمنوں کو دفع کرو تو انہوں نے کہا اگر ہمیں علم ہوتا کہ آج جنگ ہوگی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے
هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَـٰنِ ۚ يَقُولُونَ
وہ اس وقت بہ نسبت ایمان کے کفر سے زیادہ قریب تھے وہ اپنے مونہوں سے
بِأَفْوَٰهِهِم مَّا لَيْسَ فِى قُلُوبِهِمْ ۗ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا
وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں اور جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اللہ اس کو
يَكْتُمُونَ ﴿١٦٧﴾ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ لِإِخْوَٰنِهِمْ وَقَعَدُوا۟ لَوْ
خوب جانتا ہے یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں حالانکہ خود بیٹھ رہے تھے اگر
أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا۟ ۗ قُلْ فَٱدْرَءُوا۟ عَنْ أَنفُسِكُمُ ٱلْمَوْتَ
وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ کئے جاتے کہہ دو اگر تم سچے ہو تو اپنی جانوں سے موت
إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ ﴿١٦٨﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ قُتِلُوا۟
کو ہٹا دو اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں

### ربط آیات

(۱۶۵) بدر کے قیدیوں میں آپ کو تخییر دی گئی تھی، کہ یا تو انہیں قتل کر دو یا فدیہ لے کر چھوڑ دو، لیکن دوسری صورت میں تمہارے ستر آدمی آئندہ ضرور شہید ہوں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے بدر کے فیصلے کے حق میں یہ وجہ ذکر کی کہ اب ہمیں روپے کی ضرورت ہے لہٰذا فدیہ لینے سے اولاً روپے کی ضرورت پوری ہو جائے گی، ثانیاً آئندہ جو ہمارے ستر آدمی قتل ہوں گے وہ شہید ہوں گے۔ لہٰذا یہ اُحد کی شکست بدر کی فتح کا نتیجہ ہے۔ اور یہ تکلیف مسلمانوں نے اپنے ہی فیصلہ پر خود منظور کر لی تھی (۱۶۶) یہ تکلیف اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوئی۔ (۱۶۷) اور اس میں یہ فائدہ بھی ہوا کہ مومن اور منافق کی تمیز ہو گئی۔ (۱۶۸) منافق نہ محض خود ہی جنگ میں نہیں گئے بلکہ مسلمانوں کو بہکانے کی سعی کرتے رہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ ۙ
انہیں مُردے نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں سے رزق دیئے جاتے ہیں

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ
اللہ نے اپنے فضل سے جو انہیں دیا ہے اس پر خوش ہونے والے ہیں اور ان کی طرف سے بھی

بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ
خوش ہوتے ہیں جو ابھی تک ان کے پیچھے سے ان کے پاس نہیں پہنچے اس لئے کہ نہ

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ
ان پر خوف ہے اور نہ وہ غم کھائیں گے اللہ کی نعمت

مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
اور فضل سے خوش ہوتے ہیں اور اس بات سے کہ اللہ ایمان داروں کی مزدوری

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ۚۛ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ
کو ضائع نہیں کرتا جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانا بعد

بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ
اس کے کہ انہیں زخم پہنچ چکے تھے جو ان میں سے نیک ہیں

وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ
اور پرہیزگار ہوئے ان کے لئے بڑا اجر ہے جنہیں لوگوں نے کہا کہ

النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖۗ
مکہ والوں نے تمہارے مقابلہ کیلئے سامان جمع کیا ہے سو تم ان سے ڈرو تو ان کا ایمان اور زیادہ ہوا

وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا
اور کہا کہ ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے پھر مسلمان

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ
اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹ آئے انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچی

## ربط آیات

(۱۶۹) جو لوگ شہید ہو گئے وہ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے نفع اٹھا رہے ہیں جس طرح زندگی میں انسان نعمتوں سے متمتع ہوتا ہے۔ (۱۷۰) اس شہادت کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے جو ان پر فضل کیا ہوا ہے وہ اس میں بڑے خوش ہیں۔ (۱۷۱) ان کو اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل پر ناز تو ہے، علاوہ اس کے یہ بھی معلوم کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایمان داروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ (۱۷۲) پہلے منافقین کے خیالات کا اظہار ہو چکا ہے

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۸۔ بدر صغریٰ کی کامیابی کا باعث۔ |
| ماخذ آیت ۱۷۳۔ |

ع ۱۸ / ۹

اس کے بعد مومنین کو سمجھا دیا گیا ہے کہ یہ موت نہیں بلکہ زندگی ہے۔ اب آئندہ سمجھایا جاتا ہے کہ میدان جنگ میں خواہ مخواہ موت نہیں ہے۔ یہ واقعہ بدر صغریٰ کی طرف اشارہ ہے۔ جو جنگ احد سے ایک سال بعد پیش آیا۔ ابوسفیان احد میں کہہ گیا تھا کہ آئندہ سال ہماری جنگ بدر کے میدان میں ہوگی چنانچہ آئندہ سال مسلمان بغرض دفاع بدر میں جمع ہوئے۔ لیکن کفار نہ آئے۔ وہاں ایک میلہ تھا صحابہ کرام نے خوب تجارت کی اور نفع اٹھا کر واپس آ گئے (۱۷۳) کفار نے یہ غلط خبر دانستہ مشہور کرائی تھی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾

اور اللہ کی مرضی کے تابع ہوئے اور اللہ بڑے فضل والا ہے

اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۪ فَلَا تَخَافُوْهُمْ

سو یہ شیطان ہے کہ اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے پس تم ان سے مت ڈرو

وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ

اور مجھ سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو اور وہ لوگ آپ کو غم میں نہ ڈالیں

يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ

جو کفر کی طرف دوڑتے ہیں وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑیں گے

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ

اللہ ارادہ کرتا ہے کہ آخرت میں انہیں کوئی حصہ نہ دے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے جنہوں نے ایمان

الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

کے بدلے کفر کو خرید لیا وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑیں گے اور ان کے لئے دردناک

اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ

عذاب ہے اور کافر نہ سمجھیں کہ ہم جو انہیں مہلت دیتے ہیں

خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ

یہ اُن کے حق میں بھلائی ہے ہم تو انہیں مہلت اس لئے دیتے ہیں کہ وہ گناہ میں زیادتی کریں اور ان

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کے لئے خوار کرنے والا عذاب ہے اللہ مسلمانوں کو اس حالت پر رکھنا نہیں چاہتا

عَلٰي مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَ

جس پر تم اب ہو جب تک کہ ناپاک کو پاک سے جدا نہ کردے اور

## رابطِ آیات

(۱۷۴) تجارت سے خوب نفع کما کر واپس آئے (۱۷۵) یہ شیطان کی اطلاعات تھیں جو اپنے دوستوں سے مسلمانوں کو ڈرانا چاہتا تھا (۱۷۶) تبلیغ کرنے کے بعد بھی جو لوگ کفر کی طرف جا رہے ہیں ان کا غم نہ کھایا کیجئے۔ جملہ معترضہ۔ یہاں سے اخیر سورۃ تک دو مسئلے حل ہوں گے پہلا مسئلہ یہ کہ عیسائی یہودیوں کی ایک اصلاح شدہ جماعت ہے اور یہود کی متعدد خرابیاں عیسائیوں نے چھوڑ دی تھیں جن سے مسلمانوں کو بھی پرہیز کرنی چاہئے۔ ورنہ وہ عیسائیوں کو ہدایت نہیں کر سکیں گے دوم یہ کہ انھیں ان تمام عادات و اطوار سے متنفر ہونا چاہئے جو عیسائیوں کے اعلیٰ طبقہ میں پیدا ہو گئی تھیں اسی حالت میں مسلمان اس قابل ہوں گے کہ عیسائیوں کی حکومت انہیں مل جائے۔ (۱۷۷) اس کفر کا بُرا اثر انہی پر پڑے گا۔ (۱۷۸) یہ لوگ دنیا میں بھی ذلیل ہو کر رہیں گے۔ اور یہ اس قانون کے ترک کرنے کا لازمی نتیجہ ہے کیونکہ دنیا میں محکوم ہو کر رہنا انتہا درجہ کی ذلت ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ

اللہ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ تمہیں غیب پر مطلع کر دے لیکن اللہ اپنے

مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ

رسولوں میں جسے چاہے چن لیتا ہے سو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اگر

تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٩﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ

تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو تمہارے لئے بہت بڑا اجر ہے اور جو لوگ اس چیز پر

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ

بخل کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے وہ یہ خیال نہ کریں کہ

خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا

بخل ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے قیامت کے دن وہ مال طوق بنا کر ان کے گلوں میں

بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ

ڈالا جائیگا جس میں وہ بخل کرتے تھے اور اللہ ہی آسمانوں اور

الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١٨٠﴾ ع لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ

زمین کا وارث ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے بیشک اللہ نے انکی بات سنی ہے

قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ

جنہوں نے کہا کہ بیشک اللہ فقیر ہے اور ہم دولت مند ہیں

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّ

اب ہم ان کی بات لکھ رکھیں گے اور جو انہوں نے انبیاء کے ناحق خون کئے ہیں اور

نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿١٨١﴾ ذٰلِكَ بِمَا

کہیں گے کہ جلتی آگ کا عذاب چکھو یہ اس چیز کے بدلے ہے

قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿١٨٢﴾ ج

جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا

**ربط آیات**

(۱۷۹) یہود کی قبیح رسموں سے بچنے کے لئے ان کی قبیح اور مکروہ رسموں میں تمیز کرنا ضروری ہے اس لئے اب ان کی قبیح رسموں کا ذکر آئے گا (حتیٰ یمیز الخبیث) چونکہ صحابہ کرام آئندہ ساری دنیا کے لئے نمونہ بننے والے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ ان میں سے منافقین کی جماعت کو علیحدہ کر دے اور ان لوگوں کے عادات و اطوار دیکھ کر ان سے پرہیز کیا جائے لیکن یہ تمیز ہر آدمی کو نہیں ملے گی۔ (۱۸۰) دنیا میں جب تک آدمی کما کر جمع کرے

خلاصہ رکوع ۱۹۔ تذکرۂ امراضِ یہود بھی ہے مسلمانوں کو احتراز لازمی ہے بخل کے نتائج۔
ماخذ ۱۷۱، ۱۸۱، ۳۲، ۱۸۵ و

۱۸ ع ۹

وقف لازم

وہ مال بالآخر اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں آ جاتا ہے اس لئے آدمی خود کیوں نہ دے۔ (۱۸۱) چونکہ جبیعت انسانی میں بخل موجود ہے اس لئے خدا تعالیٰ کے نام پر مانگا جانے پر بہانے بناتے ہیں اور اسی پر دوسروں کو قیاس کر لیجئے۔ (۱۸۲) یہ سزا یہود کے اعمال کا نتیجہ ہے



ALMARIFAT
153
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ

وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں حکم فرمایا تھا کہ ہم کسی پیغمبر پر ایمان

لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ

نہ لائیں یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس قربانی لائے کہ اسے آگ کھا جائے کہہ دو

قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِىْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِىْ

مجھ سے پہلے کتنے رسول نشانیاں لے کر تمہارے پاس آئے اور یہ نشانی بھی جو

قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

تم کہتے ہو پھر انہیں تم نے کیوں قتل کیا اگر تم سچے ہو

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ

پھر اگر یہ تجھے جھٹلائیں تو تجھ سے پہلے بہت سے رسول جھٹلائے گئے

بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ

جو نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتاب لائے ہر جان موت کا مزا چکھنے

الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ

والی ہے اور تمہیں قیامت کے دن پورے پورے بدلے ملیں گے پھر جو کوئی

زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا

دوزخ سے دور رکھا گیا اور بہشت میں داخل کیا گیا سو وہ پورا کامیاب ہوا اور

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِىْٓ

دنیا کی زندگی سوائے دھوکے کی پونجی کے اور کچھ نہیں البتہ تم اپنے

اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۟ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

مالوں اور جانوں میں آزمائے جاؤ گے اور البتہ پہلی کتاب

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ

والوں اور مشرکوں سے تم بہت بدگوئی سنو گے

منزل ۱

### ربطِ آیات

(۱۸۳) اس آیت میں یہود کی ایک اور خرابی کا ذکر ہے یعنی وہ رسول کے احکام کی تعمیل سے بچنے کے لئے بہانے تراشتے ہیں۔ (۱۸۴) تکذیبِ رسل پرانا مرض ہے لہٰذا آپ کبیدہ خاطر نہ ہوں۔ بینٰت سے مراد وہ احکام ہیں جو واضح ترین ہوں جن کو فطرتِ سلیم والا ادنیٰ سے ادنیٰ آدمی بھی بآسانی جان سکے زبر سے مراد کتاب کے چھوٹے حصے ہیں جس طرح قرآن کریم کی چھوٹی چھوٹی سورتیں اور کتاب منیر سے مراد بڑی کتابیں ہیں۔ (۱۸۵) دوزخ سے بچنا چونکہ ضروری ہے اس لئے ان اعمال کی ضرور پابندی کرنی چاہئے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ
اور اگر تم نے صبر کیا اور پرہیزگاری کی تو یہ ہمت کے کاموں
الْأُمُورِ ﴿١٨٦﴾ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا
میں سے ہے اور جب اللہ نے اہل کتاب سے یہ عہد لیا
الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ فَنَبَذُوهُ
کہ اسے لوگوں سے ضرور بیان کروگے اور نہ چھپاؤ گے انہوں نے وہ عہد اپنی
وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ
پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا اور اس کے بدلے میں تھوڑا سا مول خرید کیا
فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ﴿١٨٧﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ
سو کیا ہی برا ہے جو وہ خریدتے ہیں مت گمان کر ان لوگوں کو جو خوش ہوتے ہیں
بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا
جو کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس چیز کے ساتھ تعریف کئے جائیں جو انہوں نے نہیں کی
فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
پس ہرگز تو انہیں عذاب سے خلاصی پانے والا خیال نہ کر اور ان کے لئے دردناک
أَلِيمٌ ﴿١٨٨﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ
عذاب ہے اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے واسطے ہے
وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٨٩﴾ إِنَّ فِي خَلْقِ
اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے بے شک
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ
آسمان اور زمین کے بنانے اور رات اور دن کے آنے جانے میں
لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ
البتہ عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں وہ جو اللہ کو

## ربط آیات

(۱۸۶) اگر مسلمانوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے طرز عمل کو مستحکم رکھا اور جو طریقہ حضورؐ نے یہود کی خباثتوں سے بچنے کا اختیار کیا تھا اس پر مستحکم رہے تو یہ عزم الامور ہوگا (۱۸۷) اس آیت میں یہود کے مرض کتمان علم کا ذکر ہے (۱۸۸) یہود اپنی ان حرکات پر خوش نہ ہوں۔ ان کے لئے دردناک عذاب تیار ہے (۱۸۹) اگر یہ لوگ بخل اور کتمان حق سے تائب نہیں ہوں گے تو اللہ تعالیٰ اس کام کے لئے اپنے ملک اور بادشاہی میں اور آدمی ما مور کرے گا واللہ اعلم (۱۹۰) اس سے پہلے ایک بیکار جماعت کا ذکر تھا۔ اسے کام کرنے کی توفیق نہ تھی۔ اور کام کے بغیر ہی وہ مدح کی خواہش مند تھی۔ اس رکوع میں ایک خدا پرست جماعت کا ذکر ہے

۱۹ ع ۱۰

خلاصہ رکوع ۲۰۔ نصاریٰ کی پاکیزہ خصائل کی تعلیم ماخذ آیت ۱۹۹۔

جس کے لئے ہر چیز بکار آمد ہے۔ اور وہ ہر چیز سے عبرت حاصل کرتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ
کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے یاد کرتے ہیں اور آسمان اور

فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِۚ رَبَّنَا مَا
زمین کی پیدائش میں فکر کرتے رہیں (کہتے ہیں) اے ہمارے رب

خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًاۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ
تونے یہ بے فائدہ نہیں بنایا تو سب عیبوں سے پاک ہے سو ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ
سے بچا اے رب ہمارے جسے تو نے دوزخ میں داخل کیا سو تو نے

اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ
اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا اے رب ہمارے

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِىْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا
ہم نے ایک پکارنے والے سے سنا جو ایمان لانے کو پکارتا تھا کہ اپنے رب پر

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ
ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے اے رب ہمارے اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے

عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا
ہماری برائیاں دور کردے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے اے رب ہمارے

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا
اور ہمیں دے جو تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے سے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ
کے دن رسوا نہ کر بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا پھر ان کے رب نے

لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّىْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ
ان کی دعا قبول کی کہ میں تم میں سے کسی کام کرنے والے کا کام ضائع نہیں کرتا

## ربطِ آیات

(۱۹۱) جو ہر حالت میں ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں اور دنیا خلقت ہذا باطلا جب وہ زمین آسمان کی پیدائش میں پہلے غور کر چکے ہیں کہ جو چیز جس مقصد کیلئے پیدا کی گئی ہے اگر وہ اس درجے سے گر جائے تو پھر اس مقصد کو پورا نہیں کر سکتی۔ اسی طرح انسان جس مقصد کے لئے پیدا کیا گیا تھا اس سے تنزل کر آئے تو کیا پھر بھی وہ راحت جس کو اہلِ فطرت جنت کہتے اس میں پہنچ سکتے ہیں ہرگز نہیں بلکہ اگر ایسا ہو جائے تو معلوم ہوگا کہ دنیا کو اس خاص نظام کا پابند بنانا ہی فضول ہوگا (۱۹۲) جس شخص نے اپنے نفس میں گرایا ہو کی اس کو حد درجہ کی تکلیف یعنی جہنم سے کوئی چیز بچا ہی نہیں سکتی۔ (۱۹۳) ہم نے تیری منادی دینے والے کو سنا اور اس کا کہا مان لیا اب نفس کے پورا کرنے میں اگر ہم سے کوئی غلطی ہو جائے تو چونکہ وہ نادانستہ ہوگی اس لئے معاف ہو (مغفرت) غلطی پر پردہ ڈال دیا جائے اور تکفیر غلطی کا جبر ہو جائے (۱۹۴) جو کیسے کام ہم کر چکے ہیں اسے دین و دنیا میں ہر قسم کی امداد دو گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

خواہ مرد ہو یا عورت تم آپس میں ایک دوسرے کے جزء ہو پھر جن لوگوں نے

هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ

وطن چھوڑا اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں

سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے البتہ میں اُن سے اُن کی برائیاں

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

دور کروں گا اور انہیں باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

نہریں بہتی ہوں گی یہ اللہ کے ہاں سے بدلہ ہے اور اللہ

عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ

ہی کے ہاں اچھا بدلہ ہے تجھ کو

تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ

کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکہ نہ دے یہ تھوڑا سا

قَلِيْلٌ ۫ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾

فائدہ ہے پھر ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے باغ ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾

یہ اللہ کے ہاں مہمانی ہے اور جو اللہ کے ہاں ہے وہ نیک بندوں کے لئے بدرجہا بہتر ہے

الثلثة

## ربط آیات

(۱۹۵) کسی شخص کا اجر ضائع نہیں ہوگا۔ چونکہ تم بھی ایک دوسرے کے بھائی ہو لہٰذا جو برتاؤ مہاجرین کے ساتھ رہا ہے وہی تمہارے ساتھ ہوگا اور تم پر برکات نازل ہوں گی (جیسی اثر اب یہ پیدا تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری اور صحابہ کرام کا ہے جب تم ایسے بن گئے پھر تمہارے سامنے بڑی بڑی سلطنتیں منتشر ہو سکیں گی۔

(۱۹۶) تمہیں یہ خیال پیدا نہ ہو کہ ان کے ہاں پورا ساز و سامان موجود ہے اور تمہارے ہاں نہیں (۱۹۷) جتنا سامان جب انہیں مل چکا ہے تو کیا تمہیں نہیں ملے گا۔ (۱۹۸) دنیا کے اسباب بھی تمہارے لئے میسر ہوں گے علاوہ اس کے آخرت کی نعمتیں تو متقین کے واسطے مخصوص ہو چکی ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾

اور اہل کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور جو چیز تمہاری طرف نازل کی گئی اور جو ان کی طرف نازل کی گئی اللہ کے سامنے عاجزی کرتے اللہ کی آیتوں پر تھوڑا مول نہیں لیتے یہی ہیں جن کے لئے ان کے رب کے ہاں مزدوری ہے بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٢٠٠﴾ ع

اے ایمان والو صبر کرو اور مقابلہ کے وقت مضبوط رہو اور لگے رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم نجات پاؤ

## آیاتہا ۱۷۶ — سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ (۴) (۹۲) — رکوعاتہا ۲۴

آیتیں ۱۷۶ سورۂ نساء جو مدینہ میں نازل ہوئی رکوع ۲۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں اس اللہ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے

(۱۹۹) اہل کتاب میں ان خوبیوں کے حامل بعض آدمی موجود ہیں جو مسلمانوں میں بھی بعض ہی پائے جاتے ہیں۔ قرآن کو ترجیح نا ممکن ہو گی۔ گر یہ بلحاظ اعلان دخول اسم۔ ملک الملک تو تی الملک من تشاء والہیہ چاہتے ہیں کہ جہیں اللہ تعالیٰ نے سرفراز فرمائے اور عیسائیوں پر غالب کرے تو انہیں چاہئے کہ اس قسم کے اوصاف حمیدہ والے ان میں اکثر پائے جائیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو ترجیح دے۔ و سریع الحساب اعمال کی جزا فوراً شروع ہو جاتی ہے ہاں ایک جزا کا نتیجہ فوراً نکل آتا ہے۔ دوسری کا نتیجہ سال کے بعد نکلے گا۔ تیسری

خلاصہ رکوع ۲۰۔ دعا و حالی ۔۔۔ کی روک تھام۔ انفا آیت ۲۰۰۔

کا دس سال کے بعد و مجموعہ جزاؤں کے نتائج قیامت کے دن پورے ظاہر ہوں گے۔

(۲۰۰) اے ایمان والو اپنے فرض پر پختہ رہو دوسروں کو مٹنے پر تیار کرو۔ دشمنوں کی گھات میں لگے رہو اور خدا تعالیٰ سے تعلق درست رکھو۔ تاکہ تم ہر مصیبت میں نجات پا سکو۔

خلاصہ سورۂ نساء میں اصل ہوئی ہو گی اس میں دو باب آئیں گے۔ تدبیر منزل۔ سیاست مدنیہ اور تدبیر منزل کا باب دو فصلوں پر مشتمل ہے قانون اصلاح مال قانون اصلاح ازدواج۔ اصلاح ازدواج میں اصلاح اولاد خود بخود ہو جائے گی اور آمدنی کی درآمد صحیح ہو جانے یعنی مال کو صحیح اور شرعی طریقہ سے حاصل

کیا جائے تو خرچ کا شک بنیاد قائم ہو جائے گا۔ ورنہ شک بنیاد ہی بیچ ہی رہ جائے گی کیونکہ جس کا لقمہ حرام ہے نہ اس کے قلب میں نور ہو گا نہ اس کے کام میں برکت ہو گی نہ اس کی عبادت درجہ قبول پائے گی۔ اور نہ دعا مستجاب ہو گی سب کو تیں جمع ہوں گی اور قلب مسخ ہوتا جائے تو پھر اولاد بھی اسی طرح ہو گی غرض ان خرابیوں کا انتظام مشکل ہو گا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ① وَاٰتُوا

اپنا حق مانگتے ہو اور رشتہ داری کے تعلقات کو بگاڑنے سے بچو۔ بیشک اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے اور

الْيَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ص

یتیموں کو اُن کے مال دے دو اور ناپاک کو پاک سے نہ بدلو

وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

اور ان کے مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر نہ کھا جاؤ یہ بڑا

حُوْبًا كَبِيْرًا ② وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى

گناہ ہے اور اگر تم یتیم لڑکیوں سے بے انصافی کرنے سے ڈرتے ہو

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ

تو جو عورتیں تمہیں پسند آئیں ان میں سے دو دو تین تین

وَرُبٰعَ ج فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا

چار چار سے نکاح کرلو اگر تمہیں خطرہ ہو کہ انصاف نہ کر سکو گے تو پھر ایک ہی سے نکاح کرو یا

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ③ وَاٰتُوا

جو لونڈی تمہاری ملک میں ہو یہی طریقہ بے انصافی سے بچنے کے لئے زیادہ قریب ہے اور

النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ

عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دو پھر اگر وہ اس میں سے اپنی خوشی سے

شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ④ وَلَا تُؤْتُوا

تمہیں کچھ معاف کر دیں تو تم اسے مزہ دار خوشگوار سمجھ کر کھاؤ اور اپنے وہ مال

السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّ

جنہیں اللہ نے تمہاری زندگی کے قیام کا ذریعہ بنایا ہے بے سمجھوں کے حوالہ نہ کرو البتہ

ارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤

انہیں اُن مالوں سے کھلاتے اور پہناتے رہو اور انہیں نصیحت کی بات کہتے رہو

## ربطِ آیات

(۱) اے لوگو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اس کے قانون کو نہ توڑو۔ قانون کی دو قسمیں ہیں: ایک تکوینی یعنی طبعی دوسرا نقلی جو کہ نبی کی تعلیم سے حاصل ہوتا ہے یہاں تکوینی تعلیم کا تذکرہ ہے کہ تم فطری قانون کو نہ توڑو اس کی پابندی سے تمہیں بہت جلد رفعت و عروج ہوگا (علیکم رقیبا) قطع رحم کرنے میں اگر واقعی کوئی عذر ہے تو اس کو بھی اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اور اگر ویسے ہی جھوٹے عذر بنا رکھے ہیں اور لوگوں میں سچا بننا چاہتے ہو تو وہ بھی عالم السر سے مخفی نہیں۔

(۲) پہلا حکم رشتہ داروں کے ملاپ کا تھا اس کے بعد انسان کو کام کرنے کے لئے روپے کی ضرورت پیش آتی ہے اور سب سے پہلے جو مال ہاتھ آتا ہے وہ گھر کا وراثت کا ہوتا ہے اس لئے پہلے یہی حکم ہوا کہ یتیموں پر ظلم نہ کرنا تاکہ تمہارے گھر میں ناجائز مال کی درآمد نہ ہو (۳) یتیم لڑکی کے مال ہضم کرنے کی بیہودہ تدبیر اختیار نہ کرو کہ اس سے نکاح کر کے پھر اس کے حصے کا سارا مال کھا جاؤ۔ (۴) دوسری عورتوں سے نکاح کرو ان پر بھی ظلم نہ کرو ان کے مقرر کردہ مہر کھا نہ جاؤ۔ بلکہ خوشی سے دے دو۔ (۵) یتیم کے مال کی حفاظت منظور ہے نہ تم بیجا لے جاؤ اور نہ اس کو ضائع کرنے کے لئے دو جب تک وہ کاروبار سنبھالنے کے قابل نہ ہو جائے اسے روٹی کپڑا دے کر تسلی دیتے جاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

اور یتیموں کی آزمائش کرتے رہو یہاں تک کہ وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جاویں پھر اگر ان میں

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ

ہوشیاری دیکھو تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو اور انصاف کی حد سے تجاوز

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا

کر کے یتیموں کا مال نہ کھا جاؤ اور انکے بڑے ہونیکے ڈر سے ان کا مال جلدی نہ کھاؤ اور جسے ضرورت نہ ہو

فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

تو وہ یتیم کے مال سے بچے اور جو حاجت مند ہو تو مناسب مقدار کھالے

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى

پھر جب اُن کے مال ان کے حوالے کرو تو اس پر گواہ بنا لو اور حساب

بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝٦ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

لینے کے لئے اللہ کافی ہے مردوں کا اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ

وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ

اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اور عورتوں کا بھی اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور

الْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝٧

رشتہ داروں نے چھوڑا ہو تھوڑا ہو یا بہت یہ حصہ مقرر ہے

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ

اور جب تقسیم کے وقت رشتہ دار اور یتیم اور مسکین آئیں

فَارْزُقُوْھُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝٨ وَ

تو اس مال میں سے کچھ انہیں بھی دے دو اور ان کو معقول بات کہہ دو اور

لْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِھِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا

ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے اگر اپنے بعد چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ جائیں

### ربط آیات

(۶) جب یتیم جوان ہو جائے۔ اور کاروبار سنبھال سکے تو گواہوں کے روبرو اسے مال سپرد کر دو حقیقی حساب و کتاب تو اللہ تعالیٰ ہی لے گا۔ (۷) میت کے مال کے وارث مرد بھی ہیں اور عورتیں بھی۔ (۸) تقسیم مال کے وقت اگر مسکین یتیم یا وہ لوگ رشتہ داروں میں سے آجائیں جن کو حصہ نہیں مل سکتا تو کوئی چیز تھوڑی سی ان کو بھی علی الحساب دے دو پھر بانٹ لینا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٩﴾
جن کی انہیں فکر ہو ان لوگوں کو چاہیے کہ خدا سے ڈریں اور سیدھی بات کہیں

إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ
بے شک جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے

فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ﴿١٠﴾ يُوصِيكُمُ
پیٹ آگ سے بھرتے ہیں اور عنقریب آگ میں داخل ہوں گے اللہ تعالیٰ تمہاری

اللّٰهُ فِي أَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۚ فَإِنْ
اولاد کے حق میں تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے پھر اگر

كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۖ وَإِنْ كَانَتْ
دو سے زاید لڑکیاں ہوں تو ان کے لئے دو تہائی اس مال میں سے ہے جو میت نے چھوڑا اور اگر ایک ہی

وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۚ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا
لڑکی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے۔ اور اگر میت کی اولاد ہے تو اس کے والدین میں سے

السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ
ہر ایک کو کل مال کا چھٹا حصہ ملنا چاہیے اور اگر اس کی کوئی

لَهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُ
اولاد نہیں اور ماں باپ ہی اس کے وارث ہیں تو اس کی ماں کا ایک تہائی حصہ ہے پھر اگر میت کے بھائی

إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ ۚ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا
بہن بھی ہوں تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے (یہ حصہ اس) وصیت کے بعد ہوگا جو وہ کر گیا تھا اور بعد ادا

أَوْ دَيْنٍ ۗ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ
کرنے قرض کے تم نہیں جانتے تمہارے باپوں اور تمہارے بیٹوں میں سے کون تمہیں زیادہ

لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً مِنَ اللّٰهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١١﴾
نفع پہنچانے والا ہے اللہ کی طرف سے یہ حصہ مقرر کیا ہوا ہے بے شک اللہ خبردار حکمت والا ہے

ع ۱ / ۱۲

خلاصہ رکوع ۲ - ورثہ مال کا صحیح قانون - ماخذ آیت ۱۱-۱۴

## ربط آیات

(۹) اس قانون میں جو دقت تمہیں محسوس ہوتی ہے اسے یوں حل کرلو کہ اگر تم مرتے اور اولاد ضعیف چھوڑتے تو تمہاری طبیعت کیا چاہتی تھی۔ تمہاری اولاد کھا جائے یا دوسروں کو بانٹ دیا جائے (۱۰) یتیم کا مال ناحق کھانے سے برے نتائج نکلیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ

جو مال تمہاری عورتیں چھوڑ مریں اس میں تمہارا آدھا حصہ ہے بشرطیکہ ان کی اولاد نہ

وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ

ہو اور اگر ان کی اولاد ہو تو اُس میں سے جو چھوڑ جائیں ایک چوتھائی تمہاری ہے

مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوصِينَ بِهَآ أَوْ دَيْنٍ ۗ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ

اس وصیّت کے بعد جو وہ کر جائیں یا قرض کے بعد اور عورتوں کے لئے چوتھائی مال

مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ

ہے جو تم چھوڑ کر مرو بشرطیکہ تمہاری اولاد نہ ہو پس اگر تمہاری اولاد ہو

فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ

تو جو تم نے چھوڑا اُس میں سے اُن کا آٹھواں حصّہ ہے اس وصیّت کے بعد جو تم کر جاؤ

بِهَآ أَوْ دَيْنٍ ۗ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّورَثُ كَلٰلَةً أَوِ امْرَأَةٌ

یا قرض کے بعد اور اگر وہ مرد یا عورت جس کی یہ میراث ہے باپ بیٹا کچھ نہیں رکھتا اور

وَّلَهٗٓ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ

اس میّت کا ایک بھائی یا بہن ہے تو دونوں میں سے ہر ایک کا چھٹا حصّہ ہے

فَإِنْ كَانُوٓا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ

پس اگر اس سے زیادہ ہوں تو ایک تہائی میں سب شریک ہیں

بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوصٰى بِهَآ أَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً

وصیت کے بعد جو ہو چکی ہو یا قرض کے بعد بشرطیکہ اور ثہ کا نقصان نہ ہو یہ

مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿١٢﴾ تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ ۗ وَ

اللہ کا حکم ہے اور اللہ جاننے والا تحمل کرنے والا ہے یہ اللہ کی باندھی ہوئی حدیں ہیں اور

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ

جو شخص اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے اُسے بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے

**ربطِ آیات**

(۱۱-۱۲-۱۳-۱۴) مال میراث میں سے ورثا مع ترجیح کا قانون اگر خدا داد معین حصہ لے لو تو بھی جائز ہے اگر اس قانون کی عزت کروگے۔ تو عزت پاؤگے اور اگر بے حرمتی کروگے تو ذلیل کئے جاؤگے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٣﴾

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی ہے بڑی کامیابی

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی حدوں سے نکل جائے اسے آگ میں

نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿١٤﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ

ڈالے گا اس میں ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے ذلت کا عذاب ہے اور تمہاری

الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ

عورتوں میں سے جو کوئی بدکاری کرے ان پر اپنوں میں سے

اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ

چار مرد گواہ لاؤ پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو

حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿١٥﴾

یہاں تک کہ انہیں موت آجائے یا اللہ ان کے لئے کوئی راستہ نکال دے

وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْھُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَ

اور تم میں سے جو دو مرد بھی بدکاری کریں تو ان کو تکلیف دو پھر اگر وہ توبہ کریں اور

اَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا

اپنی اصلاح کرلیں تو انہیں چھوڑ دو بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا

رَّحِيْمًا ﴿١٦﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَي اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

مہربان ہے اللہ پر توبہ قبول کرنے کا حق انہیں لوگوں کے لئے ہے جو جہالت کی وجہ

السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ

سے برا کام کرتے ہیں اس کے بعد جلد ہی توبہ کر لیتے ہیں ان لوگوں کو

يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِــيْمًا حَكِـيْمًا ﴿١٧﴾

اللہ معاف کر دیتا ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا دانا ہے

## ربط آیات

(۱۵) یہاں سے قانون صلح ازدواج شروع ہوتا ہے عورت اگر اتنے درجہ کی بے حیا ہو گئی ہے کہ وہ ایسے موقع پر روسیاہی کر رہی ہے جہاں چار آدمی اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں اس کی سزا اس آیت میں یہ ہے کہ

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳۔ قانون صلاح معاشرت ازدواج سے متعلق معاشرت یافتہ آیت ۱۵ تا ۱۶ |

ع ۲ ۱۲

اسے ساری عمر قید بھگتنی جب تک اللہ تعالیٰ کوئی دوسرا حکم دے دوسرا حکم اللہ تعالیٰ نے سورہ نور میں دیا۔ اب غیر شادی شدہ کی سزا یہی ہے کہ اس کو سو کوڑے لگائے جائیں اور ایک سال خارج البلد کیا جائے یعنی وہ ایک سال تک اس شہر میں نہ آنے پائے جب ثیب ہو تو اس کی سزا سنگسار کرنا ہے اور رجم دونوں ہیں لیکن جب اس کی جان لینا مقصود ہو تو حاکم کو حق حاصل ہے کہ چھوٹی سزا کو معاف کر دے۔ رجم کا حکم صحیح مسلم شریف میں عبادہ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے مروی ہے۔ قرآن شریف میں مذکور نہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا تھا کہ اگر لوگ یوں نہ کہتے کہ عمرؓ نے قرآن شریف میں زیادتی کر دی ہے۔ تو میں رجم کی آیت کو قرآن شریف میں بڑھا دیتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ رجم کا حکم دراصل قرآن شریف کی شرح میں تھا۔ لیکن حضرت عمرؓ اس کو اس قدر لازمی اور ضروری خیال کرتے تھے کہ اگر انہیں تحریف کا خطرہ نہ ہوتا تو قرآن شریف میں لکھ دیتے۔ تاکہ آئندہ مسلمان حاکم اس کو چھوڑ نہ سکیں۔ (۱۶) عام مفسرین حضرات نے اس آیت کا مطلب زنا ہی قرار دیا ہے اور حضرت شاہ صاحب بھی زنا ہی مراد لیتے ہیں۔ لیکن بعض بزرگوں نے اس آیت کو دو مردوں کی باہمی بدکاری پر بھی محمول کیا ہے۔

(۱۷) توبہ کی توفیق کی بہترین صورت یہ ہے کہ مغلوب الثانی ہو کر کوئی فعل سرزد ہو گئی تو اس کے بعد فوراً طبیعت میں ندامت پیدا ہو گئی اور باز آ گئے۔




Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰۤى

اور ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہے جو بُرے کام کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ

إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْـٰٔنَ وَ

جب ان میں سے کسی کی موت کا وقت آجاتا ہے اس وقت کہتا ہے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور

لَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولٰٓئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ

اسی طرح ان لوگوں کی توبہ بھی قبول نہیں ہے جو کفر کی حالت میں مرتے ہیں ان کے لئے ہم نے

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٨﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ

دردناک عذاب تیار کیا ہے اے ایمان والو! تمہیں یہ حلال نہیں کہ

أَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۚ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا

کر زبردستی عورتوں کو میراث میں لے لو اور ان کو اس واسطے نہ روکے رکھو کہ ان سے

بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّآ أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ

کچھ اپنا دیا ہوا مال واپس لے لو ہاں اگر وہ کسی صریح بدچلنی کا

مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ

ارتکاب کریں اور عورتوں کے ساتھ اچھی طرح سے زندگی بسر کرو اگر وہ تمہیں ناپسند ہوں

فَعَسٰٓى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ﴿١٩﴾

تو ممکن ہے کہ تمہیں ایک چیز پسند نہ آئے مگر اللہ نے اس میں بہت کچھ بھلائی رکھی ہو

وَإِنْ أَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ

اور اگر تم ایک عورت کی جگہ دوسری عورت کو بدلنا چاہو اور ایک کو

إِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ۚ

بہت سا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو

أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَّإِثْمًا مُّبِينًا ﴿٢٠﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ

کیا تم اسے بہتان لگاکر اور صریح ظلم کرکے واپس لوگے تم اسے کیونکر لے سکتے ہو

### ربط آیات

(۱۸) توبہ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ ساری عمر دانستہ گناہوں پر اصرار کرتے رہیں جب موت کا یقین ہوجائے اور دم سینہ میں آکر ہچکیاں لینے لگے تب توبہ کریں ایسی توبہ قبول نہ ہوگی اور مرنے کے بعد بھی توبہ قبول نہ ہوگی۔ (۱۹) عورت کی غلطی کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ مدعی عدالت میں چار گواہ پیش نہیں کرسکتا لیکن اس کی بے حیائی کنبہ والوں کے ہاں بالکل ظاہر ہے ایسی حالت میں رجم نہیں ہوگا ایسی حالت میں عورت سے جرمانہ کے طور پر کچھ وصول کرکے طلاق دے دے تو جائز ہوگا۔ (۲۰) عورت کی غلطی کا تیسرا درجہ یہ ہے کہ فقط مرد کو جرم معلوم ہے کنبہ والوں کے ہاں بھی ثبوت کی کوئی بین دلیل نہیں ہے اور اس عیب کو ظاہر کرکے مرد ثبوت میں کوئی قوی دلیل پیش نہیں کرسکتا البتہ اپنے دل میں نفرت کرچکا ہے ایسی حالت میں کوئی چیز جرمانہ کے طور پر بھی وصول نہیں کرنی چاہیئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنكُم
جب کہ تم میں سے ہر ایک دوسرے سے لطف اندوز ہو چکا ہے اور وہ عورتیں تم سے
مِّيثَاقًا غَلِيظًا ﴿٢١﴾ وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ
پختہ عہد لے چکی ہیں ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نکاح کر چکے ہیں
إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا وَسَاءَ
مگر جو پہلے ہو چکا یہ بے حیائی ہے اور غضب کا کام ہے اور بُرا
سَبِيلًا ﴿٢٢﴾ ع حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ
چلن ہے تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں
وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَ
اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور
أُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ
جن ماؤں نے تمہیں دودھ پلایا اور تمہاری دودھ شریک بہنیں
وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُم
اور تمہاری عورتوں کی مائیں اور اُن کی بیٹیاں جنہوں نے تمہاری گودوں میں پرورش پائی ہے
مِّن نِّسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُوا
اُن بیویوں کی لڑکیاں جن سے تمہارا تعلق زن و شو ہو چکا ہے اور اگر تعلق
دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ
زن و شو نہ ہوا ہو تو تم پر اس نکاح میں کچھ گناہ نہیں اور تمہارے بیٹوں کی عورتیں
الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ
جو تمہاری پشت سے ہیں (یہ سب عورتیں تم پر حرام ہیں) اور دو بہنوں کو (ایک نکاح میں) اکٹھا کرنا حرام ہے
إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٣﴾
مگر جو پہلے ہو چکا بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

### ربط آیات

(۲۱) خواہ مخواہ بہتان لگا کر مال لینا تو جائز نہیں ہے۔

خلاصہ رکوع ۴ - ایسا طرزِ معاشرت جس سے اخلاقی خرابیاں پیدا ہی نہ ہوں
ماخذ آیت ۲۲-۲۳-۲۴

ع ۹ ۱۴

(۲۲) اس آیت سے چوتھے رکوع کے آخر تک وہ طرزِ معاشرت بتلایا گیا ہے جس سے اخلاقی خرابیاں حتی الوسع پیدا ہی نہ ہوسکیں۔
(۲۳) جن عورتوں اور مردوں کا خلا ملا معاشرت میں ناگزیر ہے اُن کا نکاح آپس میں حرام کر دیا گیا ہے تاکہ بلحاظ قاعدہ الیاس احدی الراحتین بدنیتی پیدا ہی نہ ہونے پائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ

اور خاوند والی عورتیں مگر تمہارے ہاتھ جن کے مالک ہو جائیں

كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا

یہ اللہ کا قانون تم پر لازم ہے اور ان کے سوا تم پر سب عورتیں حلال ہیں بشرطیکہ انہیں اپنے مال

بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۗ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ

کے بدلے میں طلب کرو ایسے حال میں کہ نکاح کرنے والے ہو نہ کہ آزاد شہوت رانی کرنے مگر پھر ان عورتوں میں سے

بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۗ وَلَا جُنَاحَ

جسے تم کام میں لائے ہو تو ان کے حق جو مقرر ہوئے ہیں وہ انہیں دے دو البتہ مہر کے مقرر ہو

عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

جانے کے بعد آپس کی رضامندی سے باہمی کوئی سمجھوتہ ہو جائے تو اس میں کوئی گناہ نہیں بے شک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا

خبردار حکمت والا ہے اور جو کوئی تم میں سے اس بات کی طاقت نہ رکھے

ربط آیات
(۲۴) محصنت بھی نکاح
حرام کردیا گیا۔

اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ

کہ خاندانی مسلمان عورتیں نکاح میں لائے تو تمہاری ان لونڈیوں میں سے کسی سے

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۗ

نکاح کرلے جو تمہارے قبضہ میں ہوں اور ایماندار بھی ہوں اور اللہ تمہارے ایمانوں کا حال خوب جانتا ہے

بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَ

تم آپس میں ایک ہو لہٰذا ان کے لوگوں کی اجازت سے ان سے نکاح کرلو اور

اٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ

دستور کے موافق ان کے مہر دے دو درآنحالیکہ نکاح میں آنے والیاں ہوں آزاد شہوت رانیاں



Downloaded from ::: Al-marifat.org :::
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ

کرنیوالیاں ہوں اور نہ چھپی یاری کرنیوالیاں پھر جب وہ قید نکاح میں آ جائیں پھر اگر

بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۚ

بے حیائی کا کام کریں تو ان پر آدھی سزا ہے جو خاندانی عورتوں پر مقرر کی گئی ہے

ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۚ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ

یہ سہولت اس کیلئے ہے جو کوئی تم میں سے تکلیف میں پڑنے سے ڈرے اور صبر کرو تو تمہارے حق میں بہتر ہے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے واسطے بیان کرے اور تمہیں

سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

پہلوں کی راہ پر چلائے اور تمہاری توبہ قبول کرے اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۟ وَيُرِيْدُ

حکمت والا ہے اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر اپنی رحمت سے متوجہ ہو اور جو لوگ

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾

اپنے مزوں کے پیچھے لگے ہوئے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راہ سے بہت دور ہٹ جاؤ

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ

اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کرے کیونکہ انسان

ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ

کمزور پیدا کیا گیا ہے اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے

بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ

مال ناحق نہ کھاؤ مگر یہ کہ آپس کی خوشی سے تجارت

مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾

ہو اور آپس میں کسی کو قتل نہ کرو بے شک اللہ تم پر مہربان ہے

منزل ۱

## ربط آیات

(۲۵) جو کسی نکاح کی توفیق نہیں
ہے تو لونڈی سے نکاح کرے،
جملہ معترضہ۔ اگر اس ضابطہ کی
پوری پابندی کی جائے تو یہ
اخلاق کا قطعی انسداد ہو جانے کا
جملہ معترضہ۔ (قانون تدبیر)
منزل ختم ہو گیا ہے۔ قانون
اصلاح معاملات قانون کے
منزل کا تتمہ ہے (۲۶) اس
آیت کی ابتداء سے کر
خلق الانسان ضعیفا تک دلیل

ع ۳

| خلاصہ رکوع ۵ · قانون اصلاح |
| --- |
| معاملات، دفعہ آیت ۲۹ |

کے مضمون کا تتمہ ہے خدا تعالیٰ
چاہتا ہے کہ تمہیں پورا قانون
سمجھائے اور گزشتہ لوگوں
کے طریقے پر واقف کر
دے (۲۷) جو لوگ شہوات کے
پیرو ہیں وہ کہتے کہ بجائے
اس قانون کے ماننے کے
فلاں فلاں جگہ وقت پیش نہ
کی لہٰذا اس قانون کو سرے
سے ناقابل عمل قرار دیا جائے
(۲۸) نکاح کے قوانین کی
تعیین میں اللہ تعالیٰ تم پر تخفیف
کا ارادہ رکھتا ہے خلق الانسان
ضعیفا، انسان پر رحمت الٰہی
یہی ہے کہ اسے آسان سے
آسان قانون دیا جائے لیکن بعض
انسان اپنے نقص عقل اور
ضعف کی وجہ سے غلط راستے
گھڑ لیتا ہے، مثلاً بعض لوگ
طلاق و نکاح ناپسند کرتے ہیں۔
(۲۹) مسلمانو دوسرے کا مال نہ
اس کی رضا اور تجارت کے نہ
کھاؤ ورنہ وہ اکل بالباطل ہو گا
اور لاتقتلوا انفسکم ہر باہمی رضامندی
سے بنی ہوئی جائز تجارت
سے اس کے سوائے ہر شخص
کے لئے روا رکھتے ہیں، یہ کہ کسی کی رضامندی کے بغیر اس کا مال ہضم کر لیا جائے دوسرا یہ کہ لین دین کا مسئلہ بھی بند کر دیا جائے، معاملات میں جبر و اکراہ کا دروازہ کھولنا بھی موجب
ہلاکت ہے۔ لہٰذا اسے قتل نفس کہنا بالکل بجا ہے۔ اور قوم سے لین دین کے تعلقات منقطع کر لینا بھی قتل نفس کے برابر ہے اس لئے کہ اس طرح قوم کی ترقی بالکل رک جاتی ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ

اور جو شخص تعدی اور ظلم سے یہ کام کرے گا تو ہم اسے آگ میں

نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا

ڈالیں گے اور یہ اللہ پر آسان ہے اگر تم ان بڑے گناہوں

كَبَاۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ

سے بچو گے جن سے تمہیں منع کیا گیا تو ہم تم سے تمہارے چھوٹے گناہ معاف کر دیں گے اور تمہیں

مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ

عزت کے مقام میں داخل کریں گے اور مت ہوس کرو اس فضیلت میں جو اللہ نے بعض کو

عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ

بعض پر دی ہے مردوں کو اپنی کمائی سے حصہ ہے اور عورتوں کو

نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ

اپنی کمائی سے حصہ ہے اور اللہ سے اس کا فضل مانگو بے شک

اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ

اللہ کو ہر چیز کا علم ہے اور ہر شخص کے ہم نے وارث مقرر کر دیے ہیں

مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ

اس مال کے جو ماں باپ یا رشتہ دار چھوڑ کر مریں اور وہ لوگ جن سے تمہارے

اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

عہد و پیمان ہوں تو انہیں ان کا حصہ دے دو بے شک اللہ ہر چیز پر

شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ ع اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَي النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ

گواہ ہے مرد عورتوں پر حاکم ہیں اس واسطے کہ

اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ

اللہ نے ایک کو ایک پر فضیلت دی ہے اور اس واسطے کہ انہوں نے اپنے مال خرچ کئے ہیں



## ربطِ آیات

(۳۰) عدوان سے مراد زیادتی کرنا اور ظلم سے مراد کمی کرنا ہے جو شخص اس قانون کے خلاف زیادتی کرنے لگے یا ظلم کرے اس کو اللہ تعالیٰ دوزخ میں بھیجے گا۔ (۳۱) معاملات میں جو تکلیف پیدا ہوتی ہے اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہے کہ بڑے گناہوں سے اجتناب کیا جائے چھوٹے گناہ اللہ تعالیٰ خود معاف کر دے گا اور مدخلاً کریما تمہارے چھوٹے گناہ معاف کر کے تمہیں عزت کے اعلیٰ ٹھکانے سے داخل کریں گے۔ جس دروازے سے قومیں ترقی کرنے کے وقت داخل ہوتی رہی ہیں چھوٹے کاموں پر زور دیا گیا ہے اور قوم اس سے تباہ ہو جاتی ہے (۳۲) اب یہ بیان ہوگا کہ مقابلہ کرنے میں فطری قانون کو نہ توڑا جائے۔ مرد اور عورت اپنے اپنے دائروں میں رہ کر ترقی کریں۔ (۳۳) بعض اوقات ایسا پایا گیا ہے کہ کسی آدمی کو اپنے کنبے میں ہم خیال نہیں ملتے تو وہ اور کنبوں میں اپنے ہم خیال پا کر دوستانہ تعلق قائم کر لیتا ہے اور انہیں سے اپنے کام میں مدد

خلاصہ رکوع ۵۔ تقسیم مراتب زوجین اور فرض مشترک۔
ماخذ آیت ۳۳-۳۹

ع ۵ ۲

لیتا ہے۔ اس نے ابتداً وارثوں کو حق وراثت ملتا ہی تھا لیکن ایسے عزیز دوستوں کو بھی دیا جاتا تھا اب وہ تعیینی قانون نہیں رہا لیکن چونکہ وصیت ثلث میں جائز رکھی گئی ہے۔ لہٰذا اس قسم کے احباب کو دلوانا چاہو تو ثلث مال میں سے دلوا سکتے ہو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ط

پھر جو عورتیں نیک ہیں وہ تابعدار ہیں مردوں کی پیٹھ پیچھے اللہ کی نگرانی میں (انکے حقوق کی) حفاظت کرتی ہیں

وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي

اور جن عورتوں سے تمہیں سرکشی کا خطرہ ہو تو انہیں سمجھاؤ اور سونے میں

الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ج فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ

جدا کر دو اور مارو پھر اگر تمہارا کہا مان جائیں تو ان پر الزام لگانے کیلئے بہانے

سَبِيْلًا ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ

مت تلاش کرو بے شک اللہ سب سے اوپر بڑا ہے اور اگر تمہیں کہیں میاں بیوی

شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ

کے تعلقات بگڑ جانے کا خطرہ ہو تو ایک منصف مرد کے خاندان میں سے اور ایک منصف عورت کے

اَهْلِهَا ج اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ط اِنَّ اللّٰهَ

خاندان میں سے مقرر کرو اگر یہ دونوں صلح کرنا چاہیں گے تو اللہ ان دونوں میں موافقت کر دے گا بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا

سب کچھ جاننے والا اور خبردار ہے اور اللہ کی بندگی کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ کرو

وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں

وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ

اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور پاس بیٹھنے والے

وَابْنِ السَّبِيْلِ لا وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

اور مسافر اور اپنے غلاموں کے ساتھ بھی نیکی کرو بے شک اللہ اترانے

مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ﴿۳۶﴾ لا الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ

والے بڑائی کرنے والے کو پسند نہیں کرتا جو لوگ بخل کرتے ہیں

## ربط آیات

(۳۴) اگر عورتیں مردوں سے علیحدہ رہیں تو انتظام قائم نہیں رکھ سکتیں اور دونوں کے اکٹھا رہنے کی صورت میں ایک کو حاکم بنانا ضروری ہے چونکہ مرد طبعاً حاکم ہے اس لئے کاموں کی تقسیم یوں کی جائے گی۔ کہ مشکل کام مرد انجام دیں سہل اور آسان کام عورتوں کے سپرد کئے جائیں اگرچہ بعض عورتیں ہمت میں مردوں سے بھی بڑھی ہوئی نظر آئیں گی لیکن اس سے قانون میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ وفا تعلقات تشریف عورتیں مردوں کی فرمانبردار رہیں گی، اور مردوں کی غیر حاضری میں ان کی عزت کو محفوظ رکھیں گی اس حفاظت کرنے میں خدا انھیں پوری امداد دے گا۔ واللّٰتی تخافون نشوزھن شریف عورت میں بھی قدر فطری خصائل اٹھتے ہیں ان کا ذکر آچکا ہے جو عورت مرد کی اطاعت کی بجائے اور خود حاکم بننا چاہے تو خلاف جبلت ہوگا۔ عورت کی اس خیال سے روک کر جبلت پر لانے کے لئے آئندہ قانون آگیا ہے۔

(۳۵) اور نصیحت ہی اگر اصلاح نہ ہو تو پھر یہ طریقہ اختیار کیا جائے (۳۶) یہاں تک مرد و عورت کے ملاپ کا طریقہ بیان ہو چکا اب یہ ذکر ہوگا کہ مرد و عورت کے ملنے کے بعد ان کا مشترک مقصد کیا ہے وہ مقصد ایسا ہے کہ دونوں میں سے کوئی بھی تنہا اسے پورا نہیں کر سکتا اور جب دونوں کی توجہ ایک مقصد کی طرف ہوگی تو اختلافات بہت کم پیدا ہوں گے اس مقصد کا پہلا کام یہ ہے کہ

منزل ۱

غیر اللہ کی عبادت نہ کرو (وبالوالدین احسانا)، دوسرا اتحادی مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعد جن لوگوں نے تمہاری تربیت کی ہے ان کی فرمانبرداری کرو (من کان مختالا فخورا) چونکہ فخر اور خود پسندی کا مرض بہت ہی برا ہے اس لئے مذکورہ بالا احسانات فرض قرار دئے گئے ہیں تاکہ انسان اپنے فرض کی ادائیگی میں مصروف رہے اور خود پسندی کی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ

اور لوگوں کو بخل سکھاتے ہیں اور اللہ نے انہیں اپنے فضل سے جو دیا ہے

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ ﴿۳۷﴾ وَ

اسے چھپاتے ہیں اور ہم نے کافروں کے لئے ذلّت کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور

الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

جو لوگ اپنے مالوں کو لوگوں کے دکھانے میں خرچ کرتے ہیں اور اللہ پر

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا

اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے اور جس کا شیطان ساتھی ہوا تو وہ

فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

بہت برا ساتھی ہے اور اگر یہ اللہ اور قیامت کے دن

الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

پر ایمان لے آتے اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے خرچ کرتے تو ان کا کیا نقصان تھا اور اللہ انہیں خوب جانتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً

بے شک اللہ کسی کا ایک ذرہ برابر بھی حق نہیں رکھتا اور اگر نیکی ہو تو اس کو

يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ

دگنا کر دیتا ہے اور اپنے ہاں سے بڑا ثواب دیتا ہے پھر کیا حال ہوگا

اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى

جب ہم ہر اُمّت میں سے گواہ بلائیں گے اور تمہیں ان پر

هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ؕ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا

گواہ کر کے لائیں گے جن لوگوں نے کفر کیا تھا اور رسول کی

الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ

نافرمانی کی تھی وہ اس دن آرزو کریں گے کہ زمین کے برابر ہو جائیں اور اللہ سے کوئی بات نہ

## ربطِ آیات

(۳۷) اب فخر کرنے کے بُرے نتائج بتلائے جاتے ہیں (۳۸) خودپسندی کا یہ دوسرا نتیجہ ہے کہ جہاں خودپسندوں کی تعریف ہو وہاں تو ہزاروں روپے لگانے کے لئے تیار ہوتے ہیں اور جہاں شرعاً صرف کرنا ضروری ہے وہاں صرف نہیں کرتے۔

(۳۹) اگر یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے اور خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے خرچ کرتے کیا اللہ تعالیٰ کو اس کا علم نہ ہوتا۔ ہاں اللہ تعالیٰ ان کے حالات سے پورا واقف ہے اس کے ہاں بھی انہیں عزت ملتی اور سرفراز کئے جاتے۔

(۴۰) اللہ تعالیٰ کسی کی نیکی کا اجر ضائع نہیں کیا کرتا بلکہ اسے بڑھاتا ہے۔ (۴۱-۴۲) ہر قوم کا امام قوم کی پابندی قانون پر گواہ ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿٤٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ

چھپا سکیں گے — اے ایمان والو: — جس وقت کہ تم نشہ میں ہو نماز کے

وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا

نزدیک نہ جاؤ — یہاں تک کہ تم سمجھ سکو کہ تم کیا کہہ رہے ہو اور نہ جنبی ہونے کی حالت میں مگر

عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ

راستہ گزرتے ہوئے — یہاں تک کہ غسل کر لو — اور اگر تم — بیمار ہو — یا

عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ

سفر میں ہو — یا کوئی شخص تم میں سے — رفع حاجت کر کے آئے یا عورتوں کے

النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا

پاس گئے ہو — پھر تمہیں پانی نہ ملے — تو پاک مٹی سے کام لو — اور اپنے

بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿٤٣﴾ اَلَمْ تَرَ

مونہوں پر — اور ہاتھوں پر ملو — بے شک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے — کیا تم نے

اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ

ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کچھ حصہ — کتاب سے ملا ہے — وہ گمراہی خریدتے ہیں

وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَاۗىِٕكُمْ

اور چاہتے ہیں — کہ تم بھی راستہ گم کر دو — اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۡ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿٤٥﴾ مِنَ الَّذِيْنَ

اور تمہاری حمایت اور مدد کے لئے — اللہ ہی کافی ہے — یہودیوں میں بعض ایسے

هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا

ہیں — جو الفاظ کو — ان کے محل سے پھیر دیتے ہیں — اور کہتے ہیں ہم نے سنا

وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ

اور نہ مانا — اور کہتے ہیں کہ سن نہ سنایا جائے تو اور کہتے ہیں راعنا — اپنی زبان کو مروڑ کر

ع ۶ ۴

**ربط آیات**

(۴۳) مسلمانوں کو نماز میں قرآن شریف سننے کے وقت دماغ

خلاصہ رکوع — (۱) اچھی طرح سمجھنا اور الٰہی کے سننے میں تیقظ کی ضرورت (۲) ذہنی تیقظ سے صحیح فطرت کا حفظ (۳) قانون الٰہی کو سمجھ کر عمل پیرا ہونا قانون کو دو وجہ دنیا میں بھی ایک طرح کا شرک کی پرستش ہے (۴) آیت ۴۳ (۵) ۴۶

ٹھیک کر کے آیا کرو غفلت کی حالت میں نہ آیا کرو معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں تلاوت قرآن کرنا یا مقتدیوں کو سننا مہتم بالشان امر ہے۔ اس لئے از راہ بحکایت نشہ یا اعلیٰ بحکایت نشہ کو امام بنانا منع ہے۔ بلکہ جنبی حالتیں بھی ایسی ہیں جن میں تمہارا دماغ مکدر ہوتا ہے۔ ان میں قرآن شریف سننے کے لئے نہ آؤ ہاں اگر راہ گزرنے کی ضرورت ہے تو گزر سکتے ہو مثلاً مسجد میں سونے کی حالت میں غسل کی حاجت ہو جائے یا بعض حضرات کا خیال ہے کہ جس پر غسل واجب ہے وہ مسجد کے اندر جا کر کوئی چیز اٹھا کر لا سکتا ہے (۴۴) اہل کتاب جس طرح اپنا قانون چھوڑے بیٹھے ہیں چاہتے ہیں کہ تم بھی قرآن حکیم پر عمل کرنا چھوڑ دو (۴۵) اللہ تعالیٰ تمہارے ان دشمنوں کو خوب جانتا ہے وہ کتنی بار خدا لیا چونکہ خدا تعالیٰ مسلمانوں کا مددگار ہے اس لئے سب دشمنوں کے تیغ میں نہ آئیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَطَعْنًا فِي الدِّينِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ قَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَ
اور دین میں طعن کرنے کے خیال سے اور اگر وہ کہتے کہ ہم نے سُنا اور ہم نے مانا اور
اسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ وَأَقْوَمَ وَلَٰكِنْ لَعَنَهُمُ
سُن تو اور ہم پر نظر کر تو ان کے حق میں بہتر اور درست ہوتا لیکن اُن کے کفر کے
اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٤٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
سبب اللہ نے اُن پر لعنت کی سو ان میں سے بہت کم لوگ ایمان لائیں گے اے کتاب والو
أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ
اس پر ایمان لے آؤ جو ہم نے نازل کیا ہے اُس کتاب کی تصدیق کرتا ہے جو تمہارے پاس ہے اس سے
قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا أَوْ
پہلے کہ ہم بہت سے چہروں کو مٹا ڈالیں پھر انہیں پیٹھ کی طرف اُلٹ دیں یا
نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ﴿٤٧﴾
ان پر لعنت کریں جس طرح ہم نے ہفتے کے دن والوں پر لعنت کی تھی اور اللہ کا حکم تو نافذ ہو کر ہی رہتا ہے ۔
إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ
بے شک اللہ اسے نہیں بخشتا جو اس کا شریک کرے اور شرک کے ماسوا دوسرے گناہ جسے چاہے
لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا
بخشتا ہے اور جس نے اللہ کا شریک ٹھیرایا اُس نے بڑا ہی گناہ
عَظِيمًا ﴿٤٨﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ بَلِ اللَّهُ
کیا کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنی پاکیزگی کا دم بھرتے ہیں بلکہ اللہ
يُزَكِّي مَنْ يَشَاءُ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٤٩﴾ انْظُرْ كَيْفَ
جسے چاہے پاک کرتا ہے اور ان پر تاگے برابر بھی ظلم نہ ہوگا دیکھو یہ لوگ
يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ ۖ وَكَفَىٰ بِهِ إِثْمًا مُبِينًا ﴿٥٠﴾ ع
اللہ پر کیسا جھوٹ باندھتے ہیں یہی ایک صریح گناہ کافی ہے

## ربط آیات

(۴۶) بعض خود بھی ہدایت نہیں چاہتے اور دوسروں کو بھی ہدایت نہیں پانے دیتے بلکہ تحریف کرتے ہیں (۴۷) نئی کتاب اس دین میں اور پچھلی کتاب کی مخالفت چھوڑ دو ورنہ قبل ان نطمس (الخ) میں مسخ سیرت ہے (وجوھاً) میں مسخ صورت سے مراد یہ بتلایا کہ اگر تم قرآن شریف کو چھوڑ دو گے تو ہم تم سے نازل کردہ نور کو سلب کر لیں گے اور تم میں انسانیت کے آثار بھی بالکل ناپید ہو جائیں گے۔ (۴۸) اہل کتاب کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ تم نے قانونِ الٰہی یعنی قرآن حکیم کو چھوڑ کر دوسرے قوانین خود ساختہ پر عمل کرنا مقصد قرار دے لیا ہے یہ شرک ہے جو کبھی معاف نہیں ہو سکتا۔ (۴۹) بعض لوگ اپنی پاکی کا دعویٰ کرتے ہیں مگر تم اللہ تعالیٰ کے تجویز کردہ قانون (قرآن حکیم) پر عمل کرو تو تمہیں اس عمل صالح کی برکت سے اللہ تعالیٰ پاک کر دے گا۔ (۵۰) اگرچہ وہ دیکھ چکے ہیں لیکن پھر بھی لوگوں سے متاثر ہو کر اس پرانی بات پر چلے جاتے ہیں۔

خلاصہ رکوع ۵ [illegible]

ع ۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا کچھ حصہ دیا گیا وہ

بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا

بتوں اور شیطانوں کو مانتے ہیں اور کافروں سے یہ کہتے ہیں

هَٰؤُلَاءِ أَهْدَىٰ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا سَبِيلًا ﴿۵۱﴾ أُولَٰئِكَ

کہ یہ لوگ مسلمانوں سے زیادہ راہ راست پر ہیں یہی وہ

الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَمَن يَلْعَنِ اللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ نَصِيرًا ﴿۵۲﴾

لوگ ہیں جن پر اللہ کی لعنت ہے اور جس پر اللہ لعنت کرے تو اس کا کوئی مددگار نہیں پائے گا

أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَإِذًا لَّا يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيرًا ﴿۵۳﴾

کیا سلطنت میں ان کا بھی کچھ حصہ ہے پھر تو یہ لوگوں کو ایک تل بھر بھی نہیں دیں گے

أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَىٰ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۖ فَقَدْ

یا لوگوں پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے ہم نے تو

آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُم مُّلْكًا عَظِيمًا ﴿۵۴﴾

ابراہیم کی اولاد کو کتاب اور حکمت عطا کی ہے اور ان کو ہم نے بڑی بادشاہی دی ہے

فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ بِهِ وَمِنْهُم مَّن صَدَّ عَنْهُ ۚ وَكَفَىٰ بِجَهَنَّمَ

پھر ان میں سے کوئی اس پر ایمان لایا اور کوئی اس سے ہٹ گیا اور دوزخ کی بھڑکتی

سَعِيرًا ﴿۵۵﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا سَوْفَ نُصْلِيهِمْ نَارًا

ہوئی آگ کافی ہے بے شک جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا انہیں ہم آگ میں ڈال دیں گے

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُم بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا لِيَذُوقُوا

جس وقت ان کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم ان کو اور کھالیں بدل دیں گے تاکہ

الْعَذَابَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِينَ

عذاب چکھتے رہیں بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے اور جو لوگ

الربع

## ربط آیات

(۵۱) جب ان پر یہ چوٹ پڑی کہ اگر تم اس شرک کو چھوڑ دو تو اچھے ہی جاؤ گے۔ ورنہ مشرک رہو گے تو انہوں نے محض ضد کی بنا پر مشرکین کی جماعت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت پر ترجیح دے دی اور کہنے لگے کہ بھائی یہ جماعت تو مشرکین عرب سے بھی بری ہے

(۵۲) پہلے تو اہل کتاب کی حالت یہ تھی کہ انہیں تمام حقائق کا علم تھا مگر ان کے عمل برے تھے اب انہوں نے علم کو بھی خیرباد کہہ دی ہے اور بالکل اندھے ہوگئے ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ ایک موحد جماعت کو مشرکین سے برا جانتے ہیں۔ اور یہ مغضوب علیہ ہونے کی علامت ہے۔ اس حالت کے بعد ان کی اصلاح ناممکن ہے اس لیے اب انہیں ذبح کر دینا چاہیے جب افراد معدودہ کی یہ حالت ہو جائے تو پھر اس حصہ کو ضرور کاٹ دینا چاہیے ورنہ ساری قوم کو تباہ کر دیں گے ان پر لعنت الٰہی برستی ہے اور آئندہ کوئی نبی کوئی سمجھانے والا ان کے پاس خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں آئے گا جس وقت انسان کی اندرونی قوت تباہ ہو جائے تو پھر کوئی بیرونی قوت امداد نہیں دے سکتی۔ بلکہ وہ آدمی ضرور موت کا لقمہ ہو جاتا ہے بعینہ یہی حالت ایمانی قوت کی ہے

(۵۳) کیا سلطنت میں کچھ ان کا بھی حصہ ہے کہ یہ اوروں کو ایک تل برابر بھی نہیں دیں گے۔

(۵۴) ان کو یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے آل ابراہیم کو حکمت کتاب اور عظیم الشان بادشاہی دینے کا وعدہ کر رکھا ہے اور یہ وعدہ ضرور پورا ہوگا یعنی مسلمانوں کو قیصر و کسریٰ کی حکومت بھی ملے گی۔ (۵۵) بعض نے تو بات مان لی اور حسد سے آگے اور بعض باز نہ آئے تو دوسری جماعت قابل لعنت ہوگی: (۵۶) مخالفت حق سے باز نہ آنے والوں کی یہ سزا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ
ایمان لائے اور نیک کام کیے انہیں ہم ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِیْهَاۤ اَزْوَاجٌ
نیچے نہریں بہتی ہونگی ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے ان کے لئے وہاں ستھری

مُّطَهَّرَةٌ ؗ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِیْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ
عورتیں ہوں گی اور ہم انہیں گھنی چھاؤں میں رکھیں گے بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے

اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَیْنَ
کہ امانتیں امانت والوں کو پہنچادو اور جب لوگوں کے درمیان

النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا
فیصلہ کرو تو انصاف سے فیصلہ کرو بیشک اللہ تمہیں نہایت اچھی

یَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ﴿۵۸﴾ یٰۤاَیُّهَا
نصیحت کرتا ہے بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی
ایمان والو اللہ کی فرمانبرداری کرو اور رسول کی فرمانبرداری کرو اور ان لوگوں کی

الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ
جو تم میں سے حاکم ہوں پھر اگر آپس میں کسی چیز میں جھگڑا کرو تو اسے اللہ اور اس کے

الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
رسول کی طرف پھیرو اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر یقین رکھتے ہو

ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۵۹﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى
یہی بات اچھی ہے اور انجام کے لحاظ سے بہت بہتر ہے کیا تم نے

الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَاۤ
ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اس چیز پر ایمان لانے کا دعوے کرتے ہیں جو تجھ پر نازل کی گئی ہے اور جو

## ربط آیات

(۵۷) اور جو باز آجائیں گے ان کے لئے یہ جزا ہے (۵۸) یہاں سے دوسرا باب یعنی سیاست مدنیہ شروع ہوتی ہے وقیل الخطاب فی قولہ ان اللہ یامرکم الآیۃ لولاۃ امور المسلمین من الامراء والحکام وغیرہم ویدل علی ذلک سیاق الآیۃ وہو قولہ واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل ومعنی الآیۃ ان اللہ یامرکم یا ولاۃ الامور ان تؤدوا ما ائتمنتم علیہ من امور رعیتکم وان توفوا حقوقہم وان تعدلوا بینہم۔

خازن جلد اول صفحہ ۳۹۸ مصری ترجمہ بعض مفسرین کی رائے ہے کہ اس آیت میں مسلمانوں کے جو والی ہیں ان کو خطاب ہے خواہ وہ امراء ہوں یا حکام۔ آیت کے سیاق سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے چنانچہ واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل سے یہی سمجھ میں آتا ہے آیت کے معنی یہ ہوں گے۔ اے مسلمانوں کے حاکمو، اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ اپنی رعیت کے کاموں میں جن کا تمہیں امین بنایا گیا ہے پورا حق ادا کرو۔ اور ان کے درمیان انصاف کرو یعنی (۵۹) انصاف کرتے وقت

خلاصہ رکوع ۹ ... [illegible] کے ترک کرنے پر حکام کی اطاعت کرنا ہے ... [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کی تحدید
ماخذ [illegible] ۹۶۔۹۵۔۶۰۔۹۰

ع ۵

اتباع کتاب وسنت اور اس کے بعد مسلمانوں میں سے اولی الامر کی مخالفت نہ ہونے پائے اور اولی الامر میں اختلاف رائے ہو جائے تو مسلک کتاب وسنت جس کی تائید کرے اس کو مانو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَنْ يَتَحَاكَمُوا إِلَى الطَّاغُوتِ
چیز تم سے پہلے نازل کی گئی ہے وہ چاہتے ہیں کہ اپنا فیصلہ شیطان سے کرائیں
وَقَدْ أُمِرُوا أَنْ يَكْفُرُوا بِهِ ۖ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ
حالانکہ انہیں حکم دیا گیا ہے کہ اسے نہ مانیں اور شیطان تو چاہتا ہے کہ
يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ
انہیں بہکا کر دُور جا ڈالے اور جب انہیں کہا جاتا ہے جو چیز
مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ
اللہ نے نازل کی ہے اس کی طرف آؤ اور رسول کی طرف آؤ تو تو منافقوں کو دیکھے گا کہ تجھ سے
عَنْكَ صُدُودًا ﴿٦١﴾ ج فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ بِمَا
پہلو تہی کرتے ہیں پھر کیا ہوتا ہے جب ان کے اپنے ہاتھوں سے لائی ہوئی مصیبت
قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ ۖ بِاللَّهِ إِنْ
اُن پر آتی ہے پھر تیرے پاس آکر خدا کی قسمیں کھاتے ہیں کہ ہم کو تو
أَرَدْنَا إِلَّا إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ
سوائے بھلائی اور باہمی موافقت کے اور کوئی غرض نہ تھی یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ
اللَّهُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ ق فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَهُمْ
جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے تو ان سے منہ پھیر لے اور انہیں نصیحت کر اور ان سے ایسی
فِي أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ
بات کہو جو ان کے دلوں میں اتر جائے اور ہم نے کبھی کوئی رسول نہیں بھیجا
إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ
مگر اسی واسطے کہ اللہ کے حکم سے اس کی تابعداری کی جائے اور جب اُنہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تھا
جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ
تیرے پاس آتے پھر اللہ سے معافی مانگتے اور رسول بھی اُن کی معافی کی درخواست کرتا

## ربطِ آیات

(۶۰) اہلِ کتاب میں ایک ایسی جماعت ہے جو مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتی ہے حالانکہ وہ منافق ہے یہ جماعت چاہتی ہے کہ خدا تعالیٰ کی کتاب سے انحراف کر کے غیر اللہ کے فیصلہ کی طرف جائے حالانکہ انہیں اس سے منع کیا گیا ہے طاغوت وہ چیز ہے جو قرآن حکیم سے ہٹائے اور قرآن حکیم ہی اصل مرکز ہے۔

(۶۱) جب انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو اعراض کرتے ہیں۔ (۶۲) جب وہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کو نہیں مانتے اور اپنی رائے پر فیصلہ کرتے ہیں پھر انہیں اس فیصلہ سے نقصان پہنچتا ہے پھر آکر قسمیں کھاتے ہیں کہ ہمارا خیال یہی تھا کہ ہمارا فیصلہ تمہیں کے حق میں بہتر ہوگا لیکن ہمارے فیصلے سے بھی ان کو نقصان ہی پہنچا ہے۔

(۶۳) خدا تعالیٰ ان کے دلوں کی حالت کو خوب جانتا ہے تو قانونِ الٰہی کو ناقص جانتے ہیں



ALMARIFAT 136
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿٦٤﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ
تو یقیناً یہ اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا پاتے سو تیرے رب کی قسم ہے یہ کبھی مومن نہیں ہونگے

حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِيٓ أَنْفُسِهِمْ
جب تک کہ اپنے اختلافات میں تجھے منصف نہ مان لیں پھر تیرے فیصلہ پر اپنے دلوں میں

حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا
کوئی تنگی نہ پائیں اور خوشی سے قبول کریں اور اگر ہم ان پر حکم

عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوٓا أَنْفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوهُ
کرتے کہ اپنی جانوں کو ہلاک کر دو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو ان میں سے بہت

إِلَّا قَلِيلٌ مِّنْهُمْ ۖ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ
ہی کم آدمی اس پر عمل کرتے اور اگر یہ لوگ کریں جو ان کو نصیحت کی جاتی ہے تو یہ ان کے لئے

خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا ﴿٦٦﴾ وَإِذًا لَّآتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ أَجْرًا
زیادہ بہتر ہوتا اور دین میں زیادہ ثابت رکھنے والا ہوتا اور اس وقت البتہ ہم ان کو اپنے ہاں سے بڑا

عَظِيمًا ﴿٦٧﴾ وَلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٦٨﴾ وَمَنْ يُّطِعِ
ثواب دیتے اور البتہ انہیں سیدھا راستہ دکھاتے اور جو شخص

اللّٰهَ وَالرَّسُولَ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ
اللہ اور اس کے رسول کا فرمانبردار ہو تو وہ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا وہ

النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِينَ ۚ وَحَسُنَ
نبی اور صدیق اور شہید اور صالح ہیں اور یہ رفیق

أُولٰٓئِكَ رَفِيقًا ﴿٦٩﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
کیسے اچھے ہیں یہ اللہ کی طرف سے احسان ہے اور اللہ کافی ہے

عَلِيمًا ﴿٧٠﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ
جاننے والا اے ایمان والو! اپنے ہتھیار لے لو پھر جدا جدا فوج ہو کر نکلو

## رابطِ آیات

(۶۴) رسولوں کے بھیجنے کی غرض یہی تھی کہ لوگ انہیں نمونہ بنا کر ان کا اتباع کریں۔ منافق اتباع سے بھی پھر گئے تو ان کا ایمان بالرسول کہاں رہا۔ (۶۵) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کی یہ صورت ہے کہ اپنے ہر اختلاف میں آپ کو حَکَم بنائیں اور پھر آپ کے فیصلہ پر سر تسلیم خم کر دکھائیں۔ (۶۶) رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے پر ملک چھوڑنا پڑے یا قتل ہونا پڑے تو وہ ان باتوں پر بھی تیار ہوں (الا قلیل) میں قلیل سے منافقین کے مراد ہیں نہ کہ انصار و مہاجرین کے۔ (۶۷) دنیا میں یہ لوگ بادشاہ ہو کر رہتے اور مرنے کے بعد فوراً مغفورین کی فہرست میں داخل ہو جاتے (۶۸) صراط مستقیم پر چلنے میں ہم ان کی دستگیری فرماتے (۶۹) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا کے تابع ہو کر چلنے میں ان مقدس جماعتوں کی رفاقت نصیب ہوگی (۷۰) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ کون اس فضل کا مستحق ہے

ع ۹ ۱۱ ۶

خلاصۂ رکوع ۱۰- اشاعت قانون عدل میں قتال کی ضرورت بالخصوص مستضعفین کی حمایت کیلئے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوِ انْفِرُوا جَمِيعًا ﴿٧١﴾ وَإِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَيُبَطِّئَنَّ ۚ فَإِنْ
یا سب اکٹھے ہو کر نکلو اور بیشک تم میں بعض ایسا بھی ہے جو لڑائی سے جی چراتا ہے پھر اگر
أَصَابَتْكُمْ مُصِيبَةٌ قَالَ قَدْ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيَّ إِذْ لَمْ
تم پر کوئی مصیبت آ جائے تو کہتا ہے کہ اللہ نے مجھ پر فضل کیا کہ میں
أَكُنْ مَعَهُمْ شَهِيدًا ﴿٧٢﴾ وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِنَ اللَّهِ
اُن لوگوں کے ساتھ نہ تھا اور اگر اللہ کی طرف سے تم پر فضل ہو
لَيَقُولَنَّ كَأَنْ لَمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي
تو اس طرح کہنے لگتا ہے کہ گویا تمہارے اور اس کے درمیان دوستی کا کوئی تعلق ہی نہیں کہ کاش
كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧٣﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ
میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی مراد پاتا سو چاہیئے کہ اللہ کی راہ میں
اللَّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۚ وَمَنْ
وہ لوگ لڑیں جو دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے بیچتے ہیں اور جو کوئی
يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ
اللہ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب رہے تو اسے ہم بڑا
أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٧٤﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَ
ثواب دیں گے اور کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں ان
الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ
بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو
يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ
کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے باشندے
أَهْلُهَا ج وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا ج وَاجْعَلْ لَنَا
ظالم ہیں اور ہمارے واسطے اپنے ہاں سے کوئی حمایتی کر دے اور ہمارے واسطے

منزل ۱

## ربط آیات

(۷۱) جملہ معترضہ مسلمانوں کو حکم جنگ بھیجا اور حاکمہ بالعدل کا قانون دیا گیا۔ اب اس قانون کی نشر و اشاعت کے لئے آگے بڑھیں گے تو اسباب قتال پیدا ہوں گے ضعیف افراد یا جماعتیں اس قانون کو سر آنکھوں پر رکھنا چاہیں گی۔ لہٰذا مرکزی جماعت کا فرض ہوگا کہ اس ضعیف جماعت کو اعدائے اسلام کے پنجے سے چھڑائے۔ اور ان کے چھڑانے کے لئے قتال کرنا پڑے گا۔ نویں رکوع تک مبلغین حق کی تکمیل کا پروگرام بتا دیا گیا۔ اب دسویں رکوع سے سفر تبلیغ شروع ہوتا ہے۔ انتہیٰ

اے مسلمانو! نشر و اشاعت قانون الٰہی یعنی قرآن کے لئے نکلو تو اپنی حفاظت کے لئے ہتھیار باندھ کر نکلو۔ (۷۱، ۷۲، ۷۳) تم میں سے بعض ایسے ہیں جو نکلنے میں توقف کرتے ہیں۔ ان کا ارادہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ پہلے اس غرض کے لئے جا چکے ہیں ان کے کام کا نتیجہ دیکھیں اگر نتیجہ شکست کی صورت میں ظاہر ہوا تو یہ کہیں گے کہ خدا کا شکر ہے ہم شکست خوردہ گروہ میں موجود نہ تھے اگر جماعت حق کو فتح حاصل ہوئی تو حسرت کے ساتھ کہیں گے کہ کاش ہم بھی ساتھ ہوتے اور مال غنیمت پاتے۔ (۷۴) جو لوگ دنیاوی زندگی کے بدلے میں آخرت خریدنا چاہتے ہیں ان کے لازم ہے کہ پیغام حق کو لے کر ہر نوع کی مشکلات کے مقابلے کے لئے نکلیں خدا کی راہ میں جہاد کرنے والا خواہ قتل ہو جائے یا فتح پائے دونوں صورتوں میں ثواب عظیم کا مستحق ہوگا

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا ﴿٧٥﴾ الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي

اپنے ہاں سے کوئی مددگار بنا دے جو ایمان والے ہیں وہ اللہ کی راہ

سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ

میں لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ شیطان کی راہ میں

الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّ كَيْدَ

لڑتے ہیں سو تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو بے شک

ع ۱۰

الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ﴿٧٦﴾ ع أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ

شیطان کا فریب کمزور ہے کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کہا گیا تھا

كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا

کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو پھر جب

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ

انہیں لڑنے کا حکم دیا گیا اسوقت انہیں سے ایک جماعت لوگوں سے ایسا ڈرنے لگی

كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ

جیسا اللہ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر اور کہنے لگے اے رب ہمارے تو نے ہم پر

عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۗ قُلْ

لڑنا کیوں فرض کیا کیوں نہ ہمیں تھوڑی مدت اور مہلت دی ان سے کہہ دو

مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَىٰ قف وَلَا

دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے اور آخرت پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے اور ایک تاگے برابر

تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٧٧﴾ أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ

بھی تم سے بے انصافی نہیں کی جائیگی تم جہاں کہیں ہوگے موت تمہیں آ ہی پکڑے گی

وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۗ وَإِن تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ

اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہی ہو اور اگر انہیں کوئی فائدہ پہنچتا ہے

## ربط آیات

(۷۵) حق پرستوں کی اسی کمزور جماعت کی حمایت کے لئے سرفروشان اسلام کو میدان جنگ میں آنا لازمی ہوگا۔

(۷۶) اور حق و باطل کی لڑائی میں فتح یقیناً حق کو ہوگی۔

(۷۷) اقامت صلوٰۃ و ایتاء الزکوٰۃ جہاد کا مقدمہ ہیں جس چیز کی جہاد میں ضرورت ہے اس کی دونوں میں مشق کرائی جاتی ہے یعنی مالی بدنی قربانی بعض جوشیلے آدمی ہوتے ہیں کہ کام کی تیاری سے پہلے جوش دکھاتے ہیں اور جب کام کا وقت آئے تو تیاری نہ ہونے کی وجہ سے قدم ہٹالتے ہیں۔

خلاصہ رکوع ۱۱- (۱) موت کا خیال دل سے نکال کر عملی تیاری کرکے نکلنا پڑے گا (۲) اس سفر و قتال میں ہر عسر و یسر کو تقدیر الٰہی سمجھ کر رسول کی اطاعت لیے گریز نہ کی جائے۔ (۳) اور جہاں تک ہو سکے صحیح غزاۃ کرد جانے کی سعی کی جائے۔
ماخذ (۱) آیت ۷۷-۷۸ (۲) ۷۹ (۳) آیت ۸۳-۸۵

منزل ۱

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

تو کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی نقصان پہنچتا ہے

يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ

تو کہتے ہیں کہ یہ تیری طرف سے ہے کہہ دے کہ یہ سب اللہ کی طرف سے ہے

فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾

ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ کوئی بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ

تجھے جو بھلائی بھی پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو تجھے برائی پہنچے وہ

سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى

تیرے نفس کی طرف سے ہے ہم نے تجھے لوگوں کو پیغام پہنچانے والا بنا کر بھیجا ہے اور

بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ

اللہ کی گواہی کافی ہے جس نے رسول کا حکم مانا اس نے اللہ کا حکم مانا

وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

اور جس نے منہ موڑا تو ہم نے تجھے ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا اور کہتے ہیں

طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ

قبول کیا پھر جب تیرے ہاں سے باہر گئے تو ان میں سے ایک گروہ رات کو جمع

غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ

ہو کر تمہاری باتوں کے خلاف مشورہ کرتا ہے اور اللہ لکھتا ہے جو وہ مشورے کرتے ہیں تو ان کی پرواہ

عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا

نہ کر اور اللہ پر بھروسہ کر اور اللہ کارساز کافی ہے کیا یہ لوگ

يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ قرآن سوائے اللہ کے کسی اور کی طرف سے ہوتا

## ربط آیات

(۷۸) مرنے سے کیا ڈرنا موت تو اپنے وقت پر ہی آئے گی اور ضرور آئے گی اگر تمہیں اپنی غلطی کی پاداش میں کوئی تکلیف پہنچ جائے تو اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ مت لگایا کرو۔ (۷۹) بھلائی بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے نصیب ہوتی ہے اور برائی بھی اسی کی طرف سے البتہ برائی اپنی شامت اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے۔ لہٰذا اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ لگانا ٹھیک نہیں ہے

(۸۰) جس نے تحقیق سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مان لی اس نے اللہ تعالیٰ کی بات مان لی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہوئی تو کیا پھر بھی تم کہہ سکتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غلطی سے تمہیں تکلیف پہنچی (۸۱) چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق بدگمانی منافقوں کے دل میں راسخ ہو چکی ہے اس لئے سامنے تو ہیں تو اطاعت کا اقرار کر لیتے ہیں لیکن پھر جا کر سازشیں کرنے لگتے ہیں۔



Downloaded from ...... Al-marifat.org

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا جَآءَهُمْ أَمْرٌ
تو وہ اس میں بہت اختلاف پاتے اور جب اُن کے پاس کوئی خبر

مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوْا بِهٖ ۖ وَلَوْ رَدُّوْهُ إِلَى
امن یا ڈر کی پہنچتی ہے تو اسے مشہور کر دیتے ہیں اور اگر اُسے

الرَّسُوْلِ وَإِلٰٓى أُولِى الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ
رسُول اور اپنی جماعت کے ذمہ دار اصحاب تک پہنچاتے تو اس کی تحقیق کرتے جو

يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
ان میں تحقیق کرنے والے ہیں اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی

لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٣﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ
تو البتہ تم شیطان کے پیچھے ہو لیتے سوائے چند لوگوں کے سو تو اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ
لڑ تو سوائے اپنی جان کے کسی کا ذمہ دار نہیں اور مسلمانوں کو تاکید کر

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّكُفَّ بَأْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۗ وَاللّٰهُ أَشَدُّ
قریب ہے کہ اللہ کافروں کی لڑائی بند کر دے اور اللہ لڑائی میں

بَأْسًا وَّأَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿٨٤﴾ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً
بہت ہی سخت ہے اور سزا دینے میں بھی بہت سخت ہے جو کوئی اچھی بات میں سفارش کرے

يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً
اسے بھی اس میں سے ایک حصہ ملے گا اور جو کوئی بُری بات میں سفارش کرے اس میں سے

يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿٨٥﴾
ایک بوجھ اس پر بھی ہے اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَآ أَوْ رُدُّوْهَا ۗ
اور جب تمہیں کوئی دعا دے تو تم اس سے بہتر دعا دو یا الٹ کر ویسی ہی کہو



## ربطِ آیات

(۸۲) اگر یہ کتاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بنائی ہوئی ہوتی تو کیا ایک بھی حکم خلاف مصلحت اور بے موقعہ نہ ہوتا حالانکہ اعلیٰ درجہ کے عقلمند اور ریفارمر اور مقنن جو قانون بناتے ہیں تو ضرور کبھی نہ کبھی غلطی کر ہی بیٹھتے ہیں۔ بخلاف اس کے اس کتاب میں کہیں غلطی واقع نہیں ہوئی۔

(۸۳) اس سے پہلے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا ایک درجہ ختم ہو گیا ہے یعنی اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم موت کے منہ میں بھی جانے کا حکم دیں تو فوراً جانا چاہیئے اب یہ ذکر ہو گا کہ اولی الامر کون لوگ بن سکتے ہیں آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جب سے پہلے اسے بات کی تہ کو پہنچ جانے والے آدمیوں کے روبرو پیش کرنا چاہیئے وہ اسے قابل اشاعت سمجھیں تو اشاعت کی جائے۔ بات کی تہ کو پہنچ جانے والے لوگ اولی الامر یعنی صاحب حکم واختیار ہیں۔ یہ تعلیم مکمل ہو چکی اس لئے آئندہ آیت سے قتال کا حکم شروع ہوتا ہے

(۸۴) خود قتال کیجئے اور دوسروں کو بھی قتال پر آمادہ کیجئے اور جب اللہ تعالیٰ کا رسُول صلی اللہ علیہ وسلم لڑنے کے لئے آئے پھر جو شخص اس کے مقابلہ میں آئے گا وہ کبھی کامیاب نہ ہو گا۔ (۸۵) غزاۃ کی تعداد کے بڑھانے میں جو شخص اچھی یا بری سفارش کرے گا۔ ویسا ہی بدلہ پائے گا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ﴿٨٦﴾ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ
بے شک اللہ ہر چیز کا حساب کرنے والا ہے اللہ وہ ہے جس کے سوا

إِلَّا هُوَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ وَ
کسی کی بندگی نہیں بیشک قیامت کے دن تم سب کو جمع کرے گا اس میں کوئی شک نہیں اور

مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ﴿٨٧﴾ ع فَمَا لَكُمْ فِي
اللہ سے بڑھ کر کس کی بات سچی ہو سکتی ہے پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ

الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوا ۚ أَتُرِيدُونَ
منافقوں کے معاملہ میں دو گروہ ہو رہے ہو اور اللہ نے انکے اعمال کے سبب سے انہیں الٹ دیا ہے کیا تم چاہتے ہو

أَنْ تَهْدُوا مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَنْ تَجِدَ
کہ جسے اللہ نے گمراہ کیا ہو اسے راہ پر لاؤ اور جسے اللہ گمراہ کرے تو اس کے لئے

لَهُ سَبِيلًا ﴿٨٨﴾ وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ
ہرگز کوئی راہ نہیں پائے گا وہ تو چاہتے ہیں کہ جیسے وہ کافر ہوئے ہیں تم بھی کافر ہو جاؤ پھر تم سب

سَوَاءً ۖ فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا فِي
برابر ہو جاؤ لہٰذا ان میں سے کسی کو اپنا دوست نہ بناؤ جب تک کہ وہ اللہ کی راہ میں

سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ
ہجرت کر کے نہ آ جائیں پھر اگر وہ اس بات کو قبول نہ کریں تو جہاں پاؤ انہیں پکڑو

وَجَدْتُمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٨٩﴾ لا
اور قتل کرو اور ان میں سے کسی کو اپنا دوست اور مددگار نہ بناؤ

إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ
البتہ وہ منافق اس حکم سے مستثنیٰ ہیں جو کسی ایسی قوم سے جا ملیں جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہو

أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ
یا وہ جو تمہارے پاس آتے ہیں اور لڑائی سے دل برداشتہ ہیں نہ تم سے لڑتے ہیں



النصف

ع ۱۱ / ۸

## ربطِ آیات

(۸۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں توحید کا سبق پڑھایا، شرک سے بچایا اور خدا کے دروازے پر پہنچایا۔ حدیث شریف میں آیا ہے

خلاصہ رکوع ۱۲ - اقسام الکفار
اقسام ثلاثہ سے قتال مشروع ہے
بقسم رابع سے مصالحت مشروع ہے
مذکورہ بین سے قتال مشروع ہے آیت ۹
اور بین سے مصالحت مشروع ہے آیت ۱

من لم یشکر الناس لا یشکر اللہ لہٰذا مسلمانوں کو بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شکریہ بجا لانا چاہیے جس طرح السلام علیکم کے جواب میں وعلیکم السلام کہا جاتا ہے لہٰذا رسول اللہ علیہ وسلم کے اس تحفہ کا شکریہ ہے۔ کہ ایک گمراہ کی اصلاح کر کے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پیش کر دو کہ حضرت آپ نے مجھے کو پڑھایا اور میں نے اس کو پڑھایا اور حسن مسلمانوں ہو سکتا ہے کہ ایک سے زیادہ آدمیوں کو کوشش کر کے دائرہ اسلام میں داخل کر دو۔ واللہ اعلم
(۸۷) تم لوگوں نے تبلیغ کی یا نہ کی اور کی تو کس نیت سے کی۔ ان سب باتوں کا حساب قیامت کے دن ہو گا۔
(۸۸) اس آیت میں منافقین سے مراد کفار ذو وجہین ہیں کیونکہ دوسری آیت میں آتا ہے فخذوھم واقتلوھم الآیہ اور قتال کبھی مسلمان کہلانے والے منافقوں سے نہیں ہوا لہٰذا حکم ہوا کہ تمہیں ذو وجہین کفار کے متعلق اختلاف رائے نہیں کرنا چاہیے۔ (۸۹) وہ تمہیں بھی اپنے جیسا کافر بنانا چاہتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ
اور نہ اپنی قوم سے اور اگر اللہ چاہتا تو انہیں تم پر مسلط کر دیتا

فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا
پھر وہ تم سے لڑتے سو اگر وہ تم سے یکسو رہیں اور تم سے نہ لڑیں اور تمہاری

إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ﴿٩٠﴾
طرف صلح کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے نہیں ان پر کوئی راہ نہیں دی

سَتَجِدُونَ آخَرِينَ يُرِيدُونَ أَنْ يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا
ایک اور قسم کے منافق تم دیکھو گے جو چاہتے ہیں تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی

قَوْمَهُمْ كُلَّمَا رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ فَإِنْ
قوم سے بھی جب کبھی وہ فساد کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تو اس میں کود پڑتے ہیں پھر اگر

لَمْ يَعْتَزِلُوكُمْ وَيُلْقُوا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ
وہ تم سے یکسو نہ رہیں اور تمہارے آگے صلح پیش نہ کریں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں

فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ ۚ وَ
تو انہیں جہاں پاؤ پکڑو اور مار ڈالو اور

أُولَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُبِينًا ﴿٩١﴾ وَمَا
ان پر ہاتھ اٹھانے کے لئے ہم نے تمہیں کھلی حجت دے دی ہے اور

كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَنْ
مسلمان کا یہ کام نہیں کہ کسی مسلمان کو قتل کرے مگر غلطی سے اور جو

قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَ
مسلمان کو غلطی سے قتل کرے تو ایک مسلمان کی گردن آزاد کرے اور

دِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوا ۚ
مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے مگر یہ کہ وہ خون بہا معاف کر دیں

**ربط آیات**

(۹۰) ہاں ان تین قسم کے کفار سے مت لڑو۔ کیونکہ اسلام خونریزی کے لئے نہیں آیا بلکہ امن پھیلانا اس کا شیوہ ہے۔ ہاں جو اسلام سے لڑے گا اسلام اس کا مقابلہ کرے گا۔ معاہد اور معاہد کے معاہد اور عاجزوں سے نہ لڑو۔

(۹۱) یہ کافر اگر شرارت سے باز نہ آئیں تو ان کو تلوار کی نوک اور نیزے کی انی سے ٹھیک کر دو۔

ع ۱۲ / ۹

خلاصہ رکوع ۱۳ مسلمانوں میں قتال کا انسداد، میدان قتال میں مومن کی تمیز، اعلان جنگ کے بعد مسلمانوں کی اقسام اور ان میں سے اقسام شدید کا ذکر۔ ماخذہ ۹۳، ۹۴۔ ۹۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ
پھر اگر وہ مسلمان مقتول کسی ایسی قوم سے تھا جس سے تمہاری دشمنی ہے تو ایک مومن
فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ
غلام آزاد کرنا ہے اور اگر وہ مقتول مسلمان کسی ایسی قوم میں سے تھا
وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ
جس سے تمہارا معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو خون بہا دیا جائے گا اور ایک
رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ
مومن غلام کو آزاد کرنا ہوگا پھر جو غلام نہ پائے وہ پے در پے دو مہینے کے
مُتَتَابِعَيْنِ ز تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
روزے رکھے اللہ سے گناہ بخشوانے کے لئے اور اللہ جاننے والا
حَكِيْمًا ﴿٩٢﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ
حکمت والا ہے اور جو کوئی کسی مسلمان کو جان کر قتل کرے اس کی سزا
جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَ
دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور
اَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿٩٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا
اللہ نے اس کے لئے بڑا عذاب تیار کیا ہے اے ایمان والو! جب
ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ
اللہ کی راہ میں سفر کرو تو تحقیق کرلیا کرو اور جو تم پر سلام کہے اس کو
اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ
مت کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے تم دنیا کی زندگی کا
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ
سامان چاہتے ہو سو اللہ کے ہاں بہت غنیمتیں ہیں تم بھی تو

**ربطِ آیات**

(۹۲) مومن کا مومن کو قتل کرنا بعید از قیاس ہے۔ ہاں نادانستہ ہوسکتا ہے اگر نادانستہ ہو جائے تو اس کا مکمل قانون اس آیت میں ہے۔ (۹۳) اگر دانستہ کوئی مسلمان کسی مسلمان کو قتل کرے تو اس کی یہ سزا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كُنتُم مِّن قَبْلُ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ

اس سے پہلے ایسے ہی تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کیا لہٰذا تحقیق سے کام لیا کرو بیشک اللہ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿٩٤﴾ لَّا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ

تمہارے کاموں سے باخبر ہے مسلمانوں میں سے جو لوگ کسی عذر

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ

کے بغیر گھر بیٹھے رہتے ہیں اور وہ جو اللہ کی راہ

فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللَّهُ

میں جان و مال سے جہاد کرتے ہیں دونوں برابر نہیں ہیں اللہ نے بیٹھنے والوں

الْمُجَاهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ

پر جان و مال سے جہاد کرنے والوں کا درجہ بڑھا دیا

دَرَجَةً ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ

ہے اگرچہ ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے اور اللہ نے

الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٩٥﴾ دَرَجَاتٍ

لڑنے والوں کو بیٹھنے والوں سے اجر عظیم میں زیادہ کیا ہے ان کے لئے اللہ کی

مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٩٦﴾ ع

طرف سے بڑے درجے ہیں اور مغفرت اور رحمت ہے اور اللہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ

بے شک جو لوگ اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے تھے ان کی روحیں جب فرشتوں نے قبض کیں

قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي

تو ان سے پوچھا کہ تم کس حال میں تھے انہوں نے جواب دیا ہم اس ملک میں بےبس

الْأَرْضِ ۚ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا

تھے فرشتوں نے کہا کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے

## ربط آیات

(۹۴) اس آیت میں مسلمان اور کافر کے امتیاز کا قانون بتلایا جاتا ہے ورنہ قتل نفس کی ایک یہ صورت بھی نکل آتی کہ صاحب ہم نے اس کو مسلمان نہیں سمجھا تھا اس لئے قتل کر دیا۔ لہٰذا حکم ہے کہ جو شخص تم پر اسلامی سلام کہہ دے وہ پورا مسلمان ہے۔ اس کے اندرونی عقائد و معاملات جانچنے کی تمہیں ضرورت نہیں۔

(۹۵) خروج الی القتال کے اعتبار سے مسلمانوں کی چار قسمیں ہیں تین قسمیں اس آیت میں مذکور ہیں۔ قاعد، مجاہد، اولی الضرر قاعد جو جنگ میں جانے کے لئے تیار ہیں لیکن روانگی کا حکم نہیں ملا۔ مجاہد جو میدان جنگ میں مال و جان قربان کر رہے ہیں اولی الضرر معذور جو جنگ میں جانے کے قابل ہی نہیں ہیں

۱۴ ع ۱۰

| خلاصہ رکوع ۱۴ |
| --- |
| حکم قتال کے بعد مسلمانوں کی قسم رابع کا ذکر۔ ماخذ آیت ۹۷، |

(۹۶) ان مفضلین میں سے ہر ایک کو اللہ تعالیٰ کارکردگی کے لحاظ سے درجات مغفرت اور رحمت عطا فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ﴿٩٧﴾

سو ایسوں کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے

إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَ

ہاں جو مرد اور عورتیں اور

الْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ

بچے واقعی کمزور ہیں جو نکلنے کا کوئی ذریعہ اور

سَبِيلًا ﴿٩٨﴾ فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ

راستہ نہیں پاتے پس امید ہے کہ ایسوں کو اللہ معاف کر دے

وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا ﴿٩٩﴾ وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي

اور اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے اور جو کوئی اللہ کی راہ میں

سَبِيلِ اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا

وطن چھوڑے اس کے عوض جگہ بہت اور

وَسَعَةً ۚ وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى

کشائش پائے گا اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ اور رسول کی

اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ

طرف ہجرت کر کے نکلے پھر اس کو موت پالے تو اللہ کے ہاں

أَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿١٠٠﴾ ع

اس کا ثواب ہو چکا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

اور جب تم سفر کے لئے نکلو تو تم پر کوئی گناہ نہیں

أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ

کہ نماز میں سے کچھ کم کردو اگر تمہیں یہ ڈر ہو

### ربط آیات

(٩٧) مسلمانوں کی چوتھی قسم جس نے جہاد میں مسلمانوں کے ساتھ شرکت نہیں کی بلکہ کفار کو امداد دی۔ (٩٨-٩٩) وہ مسلمان مرد عورتیں اور بچے جو بیچارہ کار میں بے بس ہوں اور سفر کی راہ نہ پائیں دارالکفر کو چھوڑ کر ہجرت نہ کرنے کے الزام سے بری ہیں امید ہے اللہ تعالیٰ انہیں معاف کردے لیکن حیلہ بازوں کے لئے معافی کی کوئی صورت نہیں۔

(١٠٠) کفار کے ایذا سے تنگ آکر جو شخص وطن چھوڑے گا۔ اس کو اللہ تعالیٰ اچھی جگہ اور کشائش عطا فرمائے گا۔ اگر گھر سے نکلنے کے بعد وہ پیش نظر کام کو پورا کرنے سے پہلے بھی وفات پا جائے گا تو اللہ کے ہاں اس کا اجر ثابت ہوگا۔

ع ١٤ ١١

خلاصہ رکوع ١٥-١٤ اہمیت قتال
ماخذ ١٠١-١٠٢



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ
کافر تمہیں ستائیں گے بے شک کافر تمہارے
عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ
صریح دشمن ہیں اے نبی جب تو مسلمانوں میں موجود ہو اور
الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا
انہیں نماز پڑھانے کیلئے کھڑا ہو تو چاہیے ان میں سے ایک جماعت تیرے ساتھ کھڑی ہو اور اپنے
اَسْلِحَتَهُمْ ۣ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَاۗىِٕكُمْ ۠
ہتھیار ساتھ لے لیں پھر جب یہ سجدہ کریں تو تیرے پیچھے سے ہٹ جائیں
وَلْتَاْتِ طَاۗىِٕفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ
اور دوسری جماعت آئے جس نے نماز نہیں پڑھی وہ تیرے ساتھ نماز پڑھے
وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ
اور وہ بھی اپنے بچاؤ اور ہتھیار ساتھ رکھیں کافر چاہتے
كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ
ہیں کہ کسی طرح تم اپنے ہتھیاروں اور اسباب سے بے خبر ہو جاؤ
فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ
تا کہ تم پر یک بارگی ٹوٹ پڑیں اور اگر
عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ
تم بارش کی وجہ سے تکلیف محسوس کرو یا
مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ
بیمار ہو تو ہتھیار رکھ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں اور (تب بھی) اپنا بچاؤ ساتھ رکھو
اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا
بے شک اللہ نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے پھر جب

### ربط آیات

(۱۰۱) غور کیجئے کہ جب آدمی ہجرت اور جہاد کے ارادے سے نکلے تو سب سے بڑا فرض نماز ہے جس کے چھوڑنے سے آدمی کافر (خدا تعالیٰ کا نافرمان) ہو جاتا ہے۔ اس میں یہ تخفیف کر دی گئی ہے کہ چار رکعت سے دو کر دی گئیں اور دوسرا یہ کہ جمع صوری جائز قرار دے دی گئی۔ (۱۰۲) پہلے قصر رکعات کا ذکر تھا یہاں قصر جماعت کا ذکر ہے اب دیکھیے جو چیز بنیاد اسلام قرار دی گئی ہے اس میں بھی جہاد کے موقعہ پر اتنی پابندی ضروری نہیں رہی۔ جملہ معترضہ۔ قصر کی تین صورتیں متصور ہو سکتی ہیں، قصر رکعات قصر جماعت، قصر اوقات۔ دو قرآن شریف سے ثابت ہیں تیسری حدیث شریف سے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا

نماز سے فارغ ہو جاؤ تو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے

وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ

اور لیٹے ہونے کی حالت میں یاد کرو پھر جب تمہیں اطمینان ہو جائے تو پوری نماز پڑھو

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾

بے شک نماز اپنے مقرر وقتوں میں مسلمانوں پر فرض ہے

وَلَا تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۗ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

اور ان لوگوں کا پیچھا کرنے سے ہمت نہ ہارو اگر تم تکلیف اٹھاتے ہو

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ

تو وہ بھی تمہاری طرح تکلیف اٹھاتے ہیں حالانکہ تم اللہ سے جس چیز کے امیدوار ہو

مَا لَا يَرْجُوْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ ع اِنَّآ

وہ نہیں ہیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے بے شک

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ

ہم نے تیری طرف سچی کتاب اتاری ہے تاکہ تو لوگوں میں انصاف کرے

بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۗ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ لا

جو کچھ تمہیں اللہ سمجھا دے اور تو بد دیانت لوگوں کی طرف سے جھگڑنے والا نہ ہو

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ ج

اور اللہ سے بخشش مانگ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۗ

اور ان لوگوں کی طرف سے مت جھگڑو جو اپنے دل میں دغا رکھتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ ج

جو شخص دغاباز گنہگار ہو بے شک اللہ اسے پسند نہیں کرتا

## ربطِ آیات

(۱۰۳) قصر کرنے سے جس قدر ذکر الٰہی میں کمی واقع ہوئی ہے اس کو بعد میں پورا کرو۔ اٹھتے بیٹھتے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہو (۱۰۴) اور دشمنوں کے تعاقب میں سستی نہ کرو۔ (۱۰۵) مرضی الٰہی کے مطابق فیصلہ ہونا چاہیئے اور کسی کی رعایت نہ کی جائے جملہ معترضہ۔ امیر کو ایسے امور سے پرہیز لازم ہے جن سے

۱۵ ع ۴ ۱۲

خلاصہ رکوع ۱۶۔ اہل حل و عقد کو خوان (خیانت کرنے والے) اور اثیم (گناہ گار مجرم) کی طرف داری نہیں کرنی چاہیئے۔ ماخذ آیت ۱۰۵

جنبہ داری کی بو آئے کیونکہ اگر افسر جنگ جنبہ داری سے کام لے گا تو فوج کو اس پر اعتماد نہیں رہے گا اور وہ اس کے اشارے پر جان نہیں دے گی۔ (۱۰۶) اگر ایسی غلطی ہو جائے تو اہل حل و عقد کا فرض ہے کہ خدا تعالیٰ سے معافی مانگیں تاکہ اللہ تعالیٰ ناراض ہو کر ان کی مدد نہ چھوڑ دے۔ (۱۰۷) لوگوں کے اموال کی خیانت کرنے والے مجرموں کی ہرگز طرف داری نہ کی جائے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ

یہ لوگ انسانوں سے چھپتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپتے

وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ

حالانکہ وہ اس وقت بھی ان کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ رات کو چھپ کر اس کی مرضی کے خلاف مشورے

الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿١٠٨﴾ هٰٓاَنْتُمْ

کرتے رہیں اور ان کے سارے اعمال پر اللہ احاطہ کرنے والا ہے ہاں تم لوگوں

هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۟ فَمَنْ

نے ان مجرموں کی طرف سے دُنیا کی زندگی میں تو جھگڑا کر لیا پھر

يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ

قیامت کے دن ان کی طرف سے اللہ سے کون جھگڑے گا یا ان کا

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿١٠٩﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ

وکیل کون ہوگا اور جو کوئی بُرا فعل کرے یا اپنے

نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا

نفس پر ظلم کرے پھر اس کے بعد اللہ سے بخشوائے تو اللہ کو بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿١١٠﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى

مہربان پائے اور جو کوئی گناہ کرے سو اپنے ہی حق میں کرتا

نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ

ہے اور اللہ سب باتوں کا جاننے والا حکمت والا ہے اور جو کوئی

خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ

خطا یا گناہ کرے پھر کسی بے گناہ پر تہمت لگائے تو اس نے بڑے

بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿١١٢﴾ ع وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ

بہتان اور صریح گناہ کا بار سمیٹ لیا اور اگر تجھ پر اللہ کا فضل

ع ١٦ / ٨ / ١٢

## ربطِ آیات

(۱۰۸) لوگوں سے وہ چھپ سکتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ تو ان کی کارروائیوں سے پوری طرح آگاہ ہے۔ (۱۰۹) اگر تم نے دنیا میں ان مجرموں کو بچا لیا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے عذاب سے انہیں کون بچائے گا۔ (۱۱۰) قرآن شریف کی تعلیم میں رخنہ ڈالنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ روحِ تعلیم اڑا دی جائے، مثلاً جہاد فرض قرار دیا گیا ہے۔ ایک جماعت پیدا ہو کہ وہ جہاد کی روحیت کو اڑا دے تو یہ عمل سوء میں داخل ہوگا اور دوسری صورت یہ ہے حکم کی صورت کو توڑ دیا جائے تو یہ ظلم نفس ہوگا۔ مثلاً کوئی شخص باجماعت نماز پڑھنے میں نقص پیدا کر دے ان جرموں کا مرتکب بھی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے گا تو اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دے گا (۱۱۱) کسب اثم میں سابقہ آیت والے دونوں جرم داخل ہیں ایسا مجرم گویا اپنے آپ کو تباہ کر رہا ہے۔ (۱۱۲) یکسب خطیئۃ بے ارادہ غلطی کرے او اثما۔ دانستہ غلطی کرے پھر یہ کہے کہ صاحب ہمارے بزرگوں کا یہی طریقہ تھا یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا تو یہ شخص بہتان عظیم اور کھلے گناہ کا مرتکب ہوا۔

خلاصہ رکوع ۱۶: مومنین کو اپنے مسلک صحیح سے ہرگز نہیں ہٹنا چاہیے۔ ماخذ آیت ۱۱۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَؕ
اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو ان میں سے ایک گروہ نے تمہیں غلط فہمی میں مبتلا کرنے کا فیصلہ کر ہی لیا تھا

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ
حالانکہ وہ اپنے سوا کسی کو غلط فہمی میں مبتلا نہیں کر سکتے تھے اور وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ

شَيْءٍؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ
سکتے تھے اور اللہ نے تجھ پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور

عَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ
تجھے وہ باتیں سکھائی ہیں جو تو نہ جانتا تھا اور اللہ کا تجھ پر

عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ
بہت بڑا فضل ہے اُن لوگوں کی خفیہ سرگوشیوں میں اکثر کوئی بھلائی نہیں ہوتی ہاں مگر کوئی پوشیدہ

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِؕ
طور پر صدقہ کرنے یا کسی نیک کام کے کرنے یا لوگوں میں صلح کرنے میں کی جائے تو یہ بھلی بات ہے

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ
اور جو شخص یہ کام اللہ کی رضا جوئی کے لئے کرے تو ہم اسے

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ
بڑا ثواب دیں گے اور جو کوئی رسول کی مخالفت کرے

مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ
بعد اس کے کہ اس پر سیدھی راہ کھل چکی ہو اور سب مسلمانوں کے

سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَؕ
راستہ کے خلاف چلے تو ہم اسے اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا ہے اور اسے دوزخ میں ڈالیں گے

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ؑ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ
اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے بے شک اللہ اس کو نہیں بخشتا جو کسی کو

## ربط آیات

(۱۱۳) منافقین مدینہ کی ایک جماعت نے آپ کو صحیح مسلک سے پھسلانا چاہا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو مطلع فرما دیا۔ (۱۱۴) ان کی سرگوشیوں میں کوئی نفع نہیں ہاں امر بالصدقہ، امر بالمعروف یا اصلاح بین الناس کی سرگوشی ہو تو مفید ہوگی۔ (۱۱۵) منافقین جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی راہ راست سے ہٹانے کی کوشش سے باز نہیں آتے تو باقی لوگوں کو کب چھوڑیں گے۔ لہٰذا مسلمانوں کو تاکید کی جاتی ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم اور آپ کی مخلص جماعت کی پیروی کو ہرگز نہ چھوڑیں۔

الربع

۱۷ ع ۱۲

خلاصہ رکوع ۱۷: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مسلک سے ہٹنے والے اور شرک میں مبتلا ہو کر شیطان کے پیچھے چلنے والے جہنم کے مستحق ہوں گے۔
ماخذ آیت ۱۱۵ - ۱۱۸



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُّشۡرَكَ بِهٖ وَيَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ يَّشَآءُ ؕ

اس کا شریک بنائے اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دے

وَمَنۡ يُّشۡرِكۡ بِاللّٰهِ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيۡدًا ﴿۱۱۶﴾

اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا

اِنۡ يَّدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰـثًا ۚ وَاِنۡ يَّدۡعُوۡنَ

یہ لوگ اللہ کے سوا عورتوں کی عبادت کرتے ہیں اور صرف

اِلَّا شَيۡطٰنًا مَّرِيۡدًا ۙ ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ

شیطان سرکش کی عبادت کرتے ہیں جس پر اللہ کی لعنت ہے اور شیطان نے کہا کہ لے

مِنۡ عِبَادِكَ نَصِيۡبًا مَّفۡرُوۡضًا ۙ ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّـنَّهُمۡ

اللہ میں تیرے بندوں میں سے حصہ مقرر لوں گا اور البتہ انہیں ضرور گمراہ کرونگا

وَلَاُمَنِّيَنَّهُمۡ وَلَاٰمُرَنَّهُمۡ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ

اور البتہ ضرور انہیں امیدیں دلاؤں گا اور البتہ ضرور انہیں حکم کروں گا کہ جانوروں کے کان

الۡاَنۡعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمۡ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلۡقَ اللّٰهِ ؕ وَ

چیریں اور البتہ ضرور انہیں حکم دوں گا کہ اللہ کی بنائی ہوئی صورتیں بدلیں اور

مَنۡ يَّتَّخِذِ الشَّيۡطٰنَ وَلِيًّا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ فَقَدۡ

جو شخص اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنائے گا وہ

خَسِرَ خُسۡرَانًا مُّبِيۡنًا ؕ ﴿۱۱۹﴾ يَعِدُهُمۡ وَيُمَنِّيۡهِمۡ ؕ وَ

صریح نقصان میں جا پڑا شیطان ان سے وعدے کرتا ہے اور انہیں امیدیں دلاتا ہے اور

مَا يَعِدُهُمُ الشَّيۡطٰنُ اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰۤـئِكَ

شیطان ان سے صرف جھوٹے وعدے کرتا ہے ایسے لوگوں کا

مَاۡوٰٮهُمۡ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُوۡنَ عَنۡهَا مَحِيۡصًا ﴿۱۲۱﴾

ٹھکانا دوزخ ہے اور اس سے کہیں بچنے کے لئے جگہ نہ پائیں گے

## ربطِ آیات

(۱۱۶) سردارِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کے مسلک کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان واصل باللہ ہو جائے۔ خدا تعالیٰ کا مخلص بندہ بن جائے دنیا میں شریف نظر آئے اور عزت سے دیکھا جائے۔ اب جو شخص اس مسلک سے نفرت کرے گا۔ وہ یقیناً شرک میں مبتلا ہوگا اور وہ شرک بلا توبہ مر گیا۔ تو اس کے بعد اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی (۱۱۷) مشرکین عرب فرشتوں کو اسی طرح معبود سمجھ کر ان کی عبادت کرتے تھے جس طرح ہندو دیوی کی پوجا کرتے ہیں۔ دراصل شیطان ان کو یہ باتیں سمجھاتا اور کرتا ہے۔ (۱۱۸) یہ دراصل اسی مضمون کے پیرو ہیں۔ اور وہ انبیاء عدو ان پر پیچھا کر رہا ہے (۱۱۹) وہ پہلے ہی کہہ کر آیا تھا کہ میں اپنے متبع انسانوں سے جو الٹا سیدھا کام چاہوں گا کراؤں گا۔ یہ لوگ دراصل اس کے ہاتھوں کٹھ پتلی ہیں ایسے لوگ خسارہ اٹھائیں گے۔ (۱۲۰) شیطان انہیں فریب دیتا ہے۔ اور باطل آرزوؤں میں الجھاتا ہے (۱۲۱) ایسے لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ وہ اس سے بچ نہیں سکیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے انہیں ہم باغوں میں داخل کرینگے

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ

أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ

رہیں گے اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اللہ سے زیادہ سچا

اللَّهِ قِيلًا ﴿١٢٢﴾ لَّيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا أَمَانِيِّ

کون ہے نہ تمہاری امیدوں پر مدار ہے اور نہ اہل کتاب

أَهْلِ الْكِتَابِ ۗ مَن يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ وَلَا

کی امیدوں پر جو کوئی برا کام کرے گا اس کی سزا دیا جائے گا اور

يَجِدْ لَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٢٣﴾ وَ

اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی اور مددگار نہیں پائے گا اور

مَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ

جو کوئی اچھے کام کرے گا مرد ہے یا عورت

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا

درآنحالیکہ وہ ایمان دار ہو تو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور

يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ﴿١٢٤﴾ وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا

کھجور کے شگاف برابر بھی ظلم نہیں کئے جائینگے اس شخص سے بہتر دین میں کون ہے

مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ

جس نے اللہ کے حکم پر پیشانی رکھی اور وہ نیکی کرنے والا ہو اور ابراہیم

مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۗ وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ

حنیف کے دین کی پیروی کرے اور اللہ نے ابراہیم کو

### ربط آیات

(۱۲۲) جو لوگ شیطان کے فریب سے بچ گئے اور اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بن گئے وہ یہ جزا پائیں گے (۱۲۳) خدا تعالیٰ کے ہاں یہ قانون ہے کہ جو برائی کرے گا سزا کا مستحق ٹھہر جائے گا خواہ مسلمان کہلائے یا یہودی یا نصرانی (۱۲۴) جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان صحیح رکھتے ہوں اور نیک عمل کریں تو جنت انہی لوگوں کا ٹھکانا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَلِيْلًا ﴿١٢٥﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
خالص دوست بنا لیا ہے اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے
وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿١٢٦﴾ ع وَيَسْتَفْتُوْنَكَ
اور اللہ سب چیزوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے اور تجھ سے عورتوں کے نکاح کی
فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى
رخصت مانگتے ہیں کہہ دے اللہ تمہیں ان کی اجازت دیتا ہے اور وہ جو
عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا
تمہیں قرآن میں سنایا جاتا ہے سو ان یتیم عورتوں کا حکم ہے جنہیں
تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ
تم نہیں دیتے جو ان کے لئے مقرر کیا گیا ہے اور چاہتے ہو کہ
تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ
ان سے نکاح کرو اور کمزور لڑکوں کے بارے میں ہے
وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ
اور یہ کہ یتیموں کے حق میں انصاف پر قائم رہو اور جو تم
خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿١٢٧﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ
نیکی کرو گے پس تحقیق اللہ اسے جاننے والا ہے اور اگر کوئی عورت اپنے
مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ
خاوند کے لڑنے یا منہ پھیرنے سے ڈرے تو دونوں پر کوئی
عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ
گناہ نہیں کہ آپس میں کسی طرح صلح کر لیں اور یہ صلح بہتر ہے
وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا
اور دلوں میں حرص موجود ہے اور اگر تم نیکی کرو اور پرہیزگاری کرو

## ربط آیات

خلاصہ رکوع ہذا مسائل ملکی
(انظر آیت ۱۲۶ تا ۱۳۰)
مسائل ملکی اور ادارتی کی جو ترتیب رکوع میں ذکر ہو چکی ہے اُسے ضرور ملحوظ رکھا جائے۔

۱۸ ع ۱۱ ۱۵

(۱۲۵) اس سے بڑھ کر اور کون سا دین اچھا ہو سکتا ہے کہ اپنے آپ کو خدا کے حوالے کر دے اور ابراہیم علیہ السلام کا نمونہ اختیار کرے (۱۲۶) تحقیق کا مالک اللہ تعالیٰ ہی ہے اور اسی کی طرف سب کو لوٹنا ہے اب اگر انسان اس کے ساتھ خود بخود دوستانہ تعلق پیدا کرے تو یہ اس کے لئے بہتر ہوگا۔ المسائل المستنبطة: بالاقتباس والتاویل والاقبال او التفسیر (۱۲۷) خلاصہ مضمون: جس طرح یتیم لڑکیوں کو نکاح میں عدل و انصاف کا لحاظ لازمی ہے تاکہ ان پر کوئی زیادتی اور ظلم نہ ہونے پائے اسی طرح رعایا پر بھی پوری شفقت سے حکومت کی جائے جس میں بے انصافی کی بو نہ آنے پائے (ماخذ: وان تقوموا للیتٰمی بالقسط الآیہ)۔ (۱۲۸) چونکہ نکاح کی روح دراصل اتفاق ہی تھا، اس لئے اگر عورت کے بعض حقوق چھوڑنے سے میاں بیوی میں اتفاق ہو سکتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اسی طرح اگر رعایا اپنے بعض حقوق بھی کے حوالے کر دے تو اسے اختیار ہے تاکہ مصالحت کی جگہ قائم رہے (ماخذ: فلا جناح علیہما ان یصلحا الآیہ)۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ

تو اللہ کو تمہارے اعمال کی پوری خبر ہے اور تم

تَسْتَطِيْعُوْآ أَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ

عورتوں کو ہرگز برابر نہیں رکھ سکو گے اگرچہ اس کی حرص کرو

فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ

سو تم بالکل ایک ہی طرف نہ جھک جاؤ کہ دوسری عورت کو لٹکی ہوئی چھوڑ دو

وَإِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

اور اگر اصلاح کرتے رہو اور پرہیزگاری کرتے رہو تو اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَإِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ

مہربان ہے اور اگر دونوں میاں بیوی جدا ہو جائیں تو اللہ اپنی وسعت سے ہر ایک کو

سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا

بے پرواہ کردیگا اور اللہ وسعت کرنے والا حکمت والا ہے اور جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے وہ اللہ ہی کا ہے اور ہم نے

الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ

پہلی کتاب والوں کو اور تمہیں حکم دیا ہے

أَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَإِنْ تَكْفُرُوْا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي

کہ اللہ سے ڈرو اور اگر ناشکری کروگے تو جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور اللہ بے پرواہ

حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ؕ

تعریف کیا ہوا ہے اور جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں سب اللہ ہی کا ہے

## ربطِ آیات

المسائل المستنبطۃ بالاعتبار والتاویل لاانتقال لہا التفسیر

(۱۲۹) خلاصۂ مضمون: متعدد بیویوں کی حالت میں یہ انسان کے بس کی بات نہیں کہ سب کے ساتھ یکساں دلی محبت ہو تاہم یہ ضروری ہے کہ کوئی مرد صرف ایک ہی بیوی کی طرف نہ جھک جائے بلکہ حتی الوسع سب کے ساتھ اچھا نباہ کرے اور ظاہری برتاؤ میں کوئی فرق پیدا نہ ہونے دے اسی طرح مسلم راعی کے ماتحت جب مختلف قومیں دارالاسلام میں آباد ہوں تو راعی اگرچہ طبعا مسلمانوں سے نسبت زیادہ مانوس ہوگا لیکن اس کے لئے لازم ہوگا کہ دوسری قوموں کو بھی قانون سے پورا فائدہ اٹھانے کا موقع دے تاکہ اُن کے دل میں یہ خیال پیدا نہ ہو کہ ان پر ظلم اور تشدد ہو رہا ہے (ماخذ: فلا تمیلوا کل المیل فتذروہا کالمعلقۃ الآیہ۔

(۱۳۰) اگر میاں بیوی میں کسی صورت سے نباہ نہ ہو سکے تو جدا ہو جائیں۔ دونوں کو اللہ تعالیٰ مناسب جوڑا دلادے گا اسی طرح اگر راعی اور رعایا نباہ نہ کرسکیں تو وہ جدا ہو جائیں دونوں کی ضروریات کے پورا کرنے کا اللہ تعالیٰ ذمہ دار ہے رعایا کو اور راعی مل جائے گا اور راعی کو دوسری جگہ میسر ہوگی (ماخذ: وان یتفرقا یغن اللہ کلا من سعتہ الآیہ (۱۳۱) چونکہ زمین و آسمان خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے اس لئے یہ ناممکن ہے کہ کوئی آدمی خدا تعالیٰ کے قانون پر عمل کرنے کے لئے نکلے اور اسے دنیا میں کوئی جگہ کام کرنے کی نہ ملے۔ (وان تکفروا فان للہ۔ الآیہ) اگر تم کام کرنا چھوڑ دوگے تو چونکہ آسمان و زمین کا مالک ہے اس لئے اور آدمی کام کرنے کے لئے پیدا کرے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا

اور اللہ کارساز کافی ہے اگر چاہے تو

النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي ذٰلِكَ

لے لوگو تمہیں لے جائے اور اوروں کو لے آئے اور اللہ اس پر

قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ

قادر ہے جو شخص دنیا کا ثواب چاہتا ہے تو اللہ کے ہاں

ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع

دنیا اور آخرت کا ثواب ہے اور اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ

اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو

شُهَدَاۗءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

اللہ کی طرف کی گواہی دو اگرچہ اپنی جانوں پر ہو یا ماں باپ

وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ

اور رشتہ داروں پر اگر کوئی مالدار ہے یا فقیر ہے تو اللہ ان کا

اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

تم سے زیادہ خیرخواہ ہے سو تم انصاف کرنے میں دل کی خواہش کی پیروی نہ کرو

وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور اگر تم کج بیانی کروگے یا پہلو تہی کروگے تو بلاشبہ اللہ تمہارے سب اعمال سے

خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ

باخبر ہے اے ایمان والو! اللہ اور

رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ

اس کے رسول پر یقین لاؤ اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے



## ربط آیات

(۱۳۲) جو آدمی خدا تعالیٰ پر اعتماد کرکے کام شروع کرے تو چونکہ آسمان و زمین خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں ایسے شخص کو ہر جگہ سے مدد ملتی ہے۔

(۱۳۳) تم خدا تعالیٰ کے قانون کی عزت کرنا اپنا فخر سمجھو اس وہم میں مبتلا نہ ہو کہ تم خدا تعالیٰ پر احسان کر رہے ہو۔ ورنہ تمہیں فنا کرکے وہ ایسی جماعت پیدا کردے گا جو اللہ تعالیٰ کی غلامی کو فخر سمجھے گی۔

۱۹ ع ۸ ۱۶

خلاصہ حصہ رکوع ۲۰، ۲۱، ۲۲ حقیقی مقصد کے ہے مستقل کے آثار [illegible] کے نتیجے۔ ملحقہ آیت ۱۲۷ - ۱۲۷ آیت ۱۲۸، ۱۳۱ آیت ۱۳۳، ۱۳۵۔

المسائل المستنبطہ بالاختبار و تقابلی و دقیقال بنا التفسیر۔

(۱۳۴) خلاصہ مضمون یہ جو شخص اس وقت قانون الٰہی کو محض دنیا کے لئے ہی اس پر عمل کرے گا۔ پھر بھی قانون الٰہی ہونے کی برکت سے اسے آخرت میں بھی حصہ مل جائے گا۔

(۱۳۵) انسان کا پہلا فرض جو اس آیت میں مذکور ہے کہ جس چیز کو وہ انصاف سمجھے اس کا ہمیشہ پابند رہے۔ اگرچہ جان و مال جائے لیکن اس نہ جائے اور اسی پر قائم رہنا چاہیئے۔ اگرچہ پابندی انصاف میں والدین اور باقی اعزہ کٹ جائیں۔ وان تلوا او تعرضوا۔ اگر تم نے بیہودہ الفاظ میں اظہار کیا یا اس قانون سے اعراض کرگئے تو بھی اللہ تعالیٰ ان کو خوب جانتا ہے۔ اگر تم اس کے قانون کی خلاف ورزی کرکے ترقی کرنا چاہو گے تو وہ پیچھے ہٹادے گا۔ واللہ اعلم۔

اشارات فراہیہ۔ سورۃ النساء میں رواج تھے تعمیر منزل [illegible] مدنیہ۔ سیاست کے پہلو دوبارہ تھے۔ [illegible] شروع ہوتی ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالْكِتٰبِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ
اور اس کتاب پر جو پہلے نازل کی تھی اور جو کوئی اللہ کا انکار

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
کرے اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اسکے رسولوں کا اور قیامت کے دن کا

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
تو وہ شخص بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے

ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا
پھر کفر کیا پھر ایمان لائے پھر کفر کیا پھر کفر میں بڑھتے

كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
رہے تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ انہیں راہ

سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ ؕ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ﴿۱۳۸﴾
دکھائے گا منافقوں کو تو خوشخبری سنا دے کہ ان کے واسطے دردناک عذاب ہے

اِۨلَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ
وہ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا

دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ
دوست بناتے ہیں کیا ان کے ہاں سے عزت چاہتے ہیں

فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ ؕ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ
سو ساری عزت اللہ ہی کے قبضہ میں ہے اور اللہ نے تم پر قرآن میں

فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا
حکم اتارا ہے کہ جب تم اللہ کی آیتوں پر انکار

وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا
اور مذاق ہوتا سنو تو ان کے ساتھ نہ بیٹھو یہاں تک کہ کبھی

## ربطِ آیات

(۱۳۶) جو لوگ پہلے فرائض پورے کر چکے ہیں۔ انہیں حکم ہے کہ خدا تعالیٰ کے احکام کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق بھی ضرور کریں یعنی جو شرعی قانون کہ آپ نے فرمائی ہے اس کا اتباع کریں۔ اس کتاب کی اور جو کتابیں پہلے نازل ہو چکی ہیں۔ ان سب کی تصدیق کریں۔ (ومن یکفر باللہ) اللہ جو شخص قانون الٰہی اور فیض انسانیت سے بیراہ ہو۔ وہ اگرچہ اعلیٰ درجہ کا عقلمند اور فلاسفر کہلائے۔ لیکن وہ اعلیٰ درجہ کا بدنصیب ہوگا۔ اس کو شریف کہنا ہی غلط ہے۔ بگڑے زمانے کے فلاسفروں کا عموماً یہی حال ہے (۱۳۷) بے استقلالی کے آثار ان لوگوں میں پائے جاتے ہیں جب ان کو کوئی راستہ پر استقامت نہیں ہے تو مغفرت اور ہدایت کے نتائج کیسے نکل سکتے ہیں۔ (۱۳۸) بے استقلالی کا پہلا نتیجہ نفاق ہے اور نفاق کی سزا عذاب الیم ہوگی۔ (۱۳۹) دوسرا نتیجہ یہ نکلے گا۔ کہ یہ لوگ بجائے مومنوں کے دشمنان اسلام سے دوستی رکھیں گے (ایبتغون) تیسرا نتیجہ یہ ہوگا کہ کفار سے عزت کے خواہاں ہوں گے۔



Downloaded from Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ڮ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

دوسری بات میں مشغول ہوں ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو جاؤ گے اللہ

جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَۨا ﴿١٤٠﴾

منافقوں اور کافروں کو دوزخ میں ایک ہی جگہ اکٹھا کرنے والا ہے

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ

وہ منافق جو تمہارے متعلق انتظار کرتے ہیں پھر اگر تمہیں اللہ کی

مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ڮ وَاِنْ كَانَ

طرف سے فتح ہو تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر

لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ

کافروں کو کچھ حصہ مل جائے تو کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے

وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

اور کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں سے بچا نہیں لیا سو اللہ تمہارا اور ان کا قیامت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَي

میں فیصلہ کرے گا اور (وہاں) اللہ کافروں کو مسلمانوں کے

الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿١٤١﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ

مقابلہ میں ہرگز غالب نہیں کرے گا منافق اللہ کو فریب

اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ

دیتے ہیں اور وہی ان کو فریب دے گا اور جب وہ نماز میں کھڑے ہوتے ہیں

قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَاۗءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ

تو سست بن کر کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھاتے ہیں اور اللہ کو

اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٤٢﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ڰ

بہت کم یاد کرتے ہیں کفر اور ایمان کے درمیان ڈانواں ڈول ہیں

## ربط آیات

(۱۴۰) چوتھا نتیجہ یہ ہوگا کہ انہیں کفر بآیات اللہ اور آیات الٰہی پر تمسخر سن کر خاموش رہنا پڑے گا۔ آخرت میں یہ کفار کے ساتھ جہنم میں ہوں گے۔

(۱۴۱) پانچواں نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کی شکست کو خوشی کی نگاہ سے دیکھیں گے ولن یجعل اللہ للکافرین علی المؤمنین سبیلا جملہ معترضہ ہے۔ عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد ایک سو سال کی تاریخ پڑھ کر دیکھئے کہ اسلام نے ہم پر بال برابر بھی ظلم نہ کیا۔ بلکہ ہم نے اسلام کو چھوڑا اور ہماری حکومت چھین گئی۔

خلاصہ رکوع ۱۴۰۔ ۱۴۱ تخاطب منافقین، ۲۔ نتائج عدم ترک مکالمہ مافقہ، ۳۔ آیت ۱۴۰ ۱۴۱، مطابقت ۱۴۰ ۱۴۱

٢٠ ع ١٥

(۱۴۲) اس آیت میں منافقین کے تین امراض کا ذکر ہے۔ مخادعہ، کسل، ریاء۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

نہ پورے اس طرف ہیں اور نہ پورے اس طرف اور جسے اللہ گمراہ کردے

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

تو اس کے واسطے ہرگز کہیں راہ نہ پائے گا اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

والو! مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ

بناؤ کیا تم اپنے اوپر اللہ کا صریح

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ

الزام لیا چاہتے ہو بے شک منافق دوزخ کے

الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾

سب سے نیچے درجہ میں ہوں گے اور تو ان کے واسطے کوئی مددگار ہرگز نہ پائے گا

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ

مگر جنہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کی اور اللہ کو مضبوط پکڑا

وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

اور اپنے دین کو خالص اللہ ہی کے لئے کیا تو وہ لوگ ایمان والوں کے ساتھ ہیں

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾

اور اللہ جلدی ایمان والوں کو بہت بڑا ثواب دے گا

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ

(اے منافقو!) اللہ تمہیں سزا دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر گزار بنو

وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

اور ایمان لے آؤ اور اللہ قدردان جاننے والا ہے

## ربط آیات

(۱۴۳) منافقین کے چوتھے مرض تذبذب کا ذکر۔ (۱۴۴) اے اہلِ اسلام منافق ہوں یا کافر ان سے دوستی نہ رکھو، ورنہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر الزام عائد ہوگا۔ (۱۴۵) منافقین کی اخروی سزا کا ذکر۔ ان کا درجہ کفار سے بھی بدتر ہے۔ (۱۴۶) ہاں جو تائب ہوجائیں وہ مخلص جماعت میں شامل کرتے جائیں گے۔ (۱۴۷) اگر تم شکر گزار رہو اور احکام الٰہی کے پابند بن جاؤ تو پھر نہ کوئی جرم عائد ہوگا نہ سزا ملے گی۔ بلکہ اعمال صالحہ کی برکت سے کئی گنا زائد اجر عطا ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۱۴۸) یعنی ذو و جہین مسلمانوں سے اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو اس کا اظہار نہ کیا جائے کیونکہ اس میں مسلمانوں کی اہانت ہوگی غیر مسلم یہ گمان کریں گے کہ سارے مسلمان ہی ایسے بد اخلاق ہیں (الا من ظلم) ہاں اگر کوئی بیماری حد سے پہنچا پایا گیا ہے تو ایسے موقع پر اظہار و شکایت کی جائے جہاں کچھ فائدہ بر آمد ہو مثلاً حاکم کے ہاں تو اظہار جائز ہے (۱۴۹) اگر تم اس جرم کو ہر جرم میں معاف کر دو یا خلوت میں معاف کر دو یا برائی سے بالکل ہی درگزر کر دو کہ ذکر ہی نہ آئے پائے تو اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور وہ اس بات پر قادر ہے (۱۵۰) جو لوگ بظاہر مسلمان ہوں قرآن حکیم کو مانتے ہوں لیکن اپنی طرف سے اس کی تاویلیں کرنی چاہیں کہ کلام الٰہی کی ایسی شرح کی جائے جس میں جہاد کا ذکر نہ آنے پائے کیونکہ اس سے دنیا کی تباہی ہے اور کچھ دنیا چاہیے کہ یہ لوگ کفر اور ایمان کے درمیان کوئی راستہ اختیار کرنے کے آرزومند ہیں یا چاہتے ہیں کہ قرآن حکیم تورات اور انجیل میں سے صرف اپنے مطلب کی باتیں اخذ کریں اور ایسے انتخاب کو اس دعویٰ کی بنا پر جائز بتاتے ہیں کہ سب کتابیں آسمان سے نازل ہوئی ہیں۔ یہ لوگ یقیناً کافر ہیں اور ان کے لئے ذلت خیز عذاب مہیا ہے۔ جاہل یہ ہے کہ اس آیت سے منافقین کے خاص بیان کئے جاتے ہیں اور بیان کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ عند اللہ پکے کافر ہیں

الجزء السادس ٦

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا

اللہ کو کسی کی بُری بات کا ظاہر کرنا پسند نہیں مگر

مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا

جس پر ظلم ہوا ہو اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے اور اگر تم

خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

نیک کام علانیہ کرو یا اسے خفیہ کرو یا کسی برائی کو معاف کر دو تو اللہ بڑا

كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

معاف کرنے والا قدرت والا ہے بےشک جو لوگ اللہ اور اس کے

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ

رسولوں کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان

اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ

فرق رکھیں اور کہتے ہیں کہ ہم بعضوں پر ایمان لائے ہیں اور بعضوں کے

بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ

منکر ہیں اور چاہتے ہیں کہ کفر اور ایمان کے درمیان

سَبِيْلًا ۙ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ

ایک راہ نکالیں ایسے لوگ یقیناً کافر ہیں اور

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ

ہم نے کافروں کے واسطے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

اللہ پر ایمان لائے اور اس کے رسولوں پر اور ان میں سے کسی کو جدا نہ کیا



(۱۵۱) اس قسم کی تفریق کرنے والے اور کتب الٰہی کے بعض حصوں پر ایمان لانے والے اور بعض کو نظر انداز کرنے والے پکے کافر ہیں

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أُولَٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا

ان لوگوں کو اللہ جلد ان کے ثواب دے گا اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيمًا ﴿١٥٢﴾ يَسْـَٔلُكَ أَهْلُ ٱلْكِتَٰبِ أَن تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ

مہربان ہے اہل کتاب تجھ سے درخواست کرتے ہیں کہ تو ان پر

كِتَٰبًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ۚ فَقَدْ سَأَلُوا۟ مُوسَىٰٓ أَكْبَرَ مِن ذَٰلِكَ

آسمان سے لکھی ہوئی کتاب اُتار لائے سو موسیٰ سے اس سے بڑی چیز مانگ چکے ہیں

فَقَالُوٓا۟ أَرِنَا ٱللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ ٱلصَّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

اور کہا ہمیں اللہ کو بالکل سامنے لاکر دکھادے ان کے اس ظلم کے باعث ان پر بجلی ٹوٹ پڑی

ثُمَّ ٱتَّخَذُوا۟ ٱلْعِجْلَ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ

پھر بہت سی نشانیاں پہنچ چکنے کے بعد بچھڑے کو بنا لیا

فَعَفَوْنَا عَن ذَٰلِكَ ۚ وَءَاتَيْنَا مُوسَىٰ سُلْطَٰنًا مُّبِينًا ﴿١٥٣﴾

پھر ہم نے وہ بھی معاف کر دیا اور ہم نے موسیٰ کو بڑا رعب دیا تھا

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ ٱلطُّورَ بِمِيثَٰقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ٱدْخُلُوا۟

اور لوگوں پر طور اٹھا کر ان سے عہد لیا اور ہم نے کہا کہ دروازہ میں

ٱلْبَابَ سُجَّدًا وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا۟ فِى ٱلسَّبْتِ وَ

سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور ہم نے کہا کہ ہفتہ کے بارے میں زیادتی نہ کرو اور

أَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَٰقًا غَلِيظًا ﴿١٥٤﴾ فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَٰقَهُمْ

ہم نے ان سے پختہ عہد لیا پھر ان کی عہد شکنی پر

وَكُفْرِهِم بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَقَتْلِهِمُ ٱلْأَنۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ

اور اللہ کی آیتوں سے منکر ہونے پر اور پیغمبروں کا ناحق خون کرنے پر

وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌۢ ۚ بَلْ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ

اور اس کہنے پر کہ ہمارے دلوں پر پردے ہیں نہیں سزا ملی پردے نہیں بلکہ اللہ نے ان کے دلوں پر کفر کے سبب مہر کر دی ہے

ع ۲۱ / ۱۱ / ۱

خلاصہ رکوع ۲۲ - نقائص اہل کتاب - ماخذ آیت ۱۵۳-۱۵۵

## ربطِ آیات

(۱۵۲) جو لوگ انبیاء علیہم السلام کی تعلیم کو پورا مانتے ہیں اور انتخاب نہیں کرتے اور جو شریعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے اس کو بھی پوری طرح تسلیم کرتے ہیں اگر یہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت ہوتے تو ان کی تعلیم کو بھی پورا مان لیتے جس طرح وہ آج رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کو پورا مان رہے ہیں۔ یہ سچے مومن ہیں۔

(تفصیل نقائص اہل کتاب)

(۱۵۳) (۱) الاعنتی سوال۔
(۲) طلب رویۃ الٰہی فی الدنیا
(۳) تعلیم تسلیم پانے کے بعد بچھڑے کو خدا بنانا (۱۵۴) کوہ طور اٹھا کر پختہ وعدہ لیا گیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥٥﴾ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ
سو ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے اور ان کے کفر اور مریم پر

عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ﴿١٥٦﴾ وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ
بڑا بہتان باندھنے کے سبب سے اور ان کے اس کہنے پر کہ ہم نے مسیح

عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا
عیسیٰ مریم کے بیٹے کو قتل کیا جو اللہ کا رسول تھا حالانکہ انہوں نے نہ اسے قتل کیا اور

صَلَبُوهُ وَلَٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا
نہ سولی پر چڑھایا لیکن ان کو اشتباہ ہو گیا اور جن لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف

فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ
کیا ہے وہ بھی درحقیقت شک میں مبتلا ہیں ان کے پاس بھی اس معاملہ میں کوئی یقین نہیں ہے محض گمان

الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ
ہی کی پیروی ہے انہوں نے یقیناً مسیح کو قتل نہیں کیا بلکہ اسے اللہ نے اپنی طرف اٹھا لیا

وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿١٥٨﴾ وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ
اور اللہ زبردست حکمت والا ہے اور اہل کتاب میں کوئی ایسا نہ ہوگا

إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ
جو اس کی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لائے گا اور قیامت کے دن وہ

عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِنَ الَّذِينَ هَادُوا
ان پر گواہ ہوگا سو یہود کے گناہوں کے سبب سے

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ
ہم نے ان پر بہت سی پاک چیزیں حرام کر دیں جو ان پر حلال تھیں اور اس سبب سے کہ اللہ کی راہ

سَبِيلِ اللَّهِ كَثِيرًا ﴿١٦٠﴾ وَأَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا
سے بہت روکتے تھے اور ان کے سود لینے کے سبب سے حالانکہ اس سے منع

**ربطِ آیات**

(١٥٥) (٣) نقضِ میثاق۔ (٥) کفر بآیات اللہ (٦) قتلِ انبیاء علیہم السلام (٧) غلف علی الغفر (١٥٦) (٨) قلوب پر مہر کا لگنا (٩) مریم علیہا السلام پر بہتانِ عظیم باندھنا (١٥٧) عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کا افترا باندھنا (١٥٨) بلکہ خدا تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو جسم سمیت اٹھا لیا (١٥٩) جب عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زندہ آسمان سے نازل ہوں گے تو سب اہلِ کتاب ان پر ایمان لائیں گے اور جو نہیں لائیں گے وہ کافر بنا کر اڑا دیے جائیں گے۔ (١٦٠) بقیہ تفصیل نقائص اہلِ کتاب (١١) ظلم (١٢) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ط وَاَعْتَدْنَا

کیے گئے تھے اور اس سبب سے کہ لوگوں کا مال ناحق کھاتے تھے اور ان میں سے

لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ

جو کافر ہیں ہم نے ان کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے لیکن ان میں سے

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

جو علم میں پختہ ہیں اور مسلمان ہیں سو مانتے ہیں اس کو جو تجھ پر

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ

نازل ہوا اور جو تجھ سے پہلے نازل ہو چکا ہے اور نماز قائم کرنے والے

وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط

اور زکوٰۃ دینے والے اور اللہ اور قیامت پر ایمان لانے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ع ﴿۱۶۲﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ۲۲ ع ۱۰ ۲

یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ہم بڑا ثواب عطا فرمائیں گے ہم نے تیری طرف وحی بھیجی

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ ج وَ

جیسی نوح پر وحی بھیجی اور ان نبیوں پر جو اس کے بعد آئے اور

اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ

وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ

اور اس کی اولاد اور عیسیٰؑ اور ایوبؑ اور یونسؑ اور ہارونؑ

وَسُلَيْمٰنَ ج وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ع ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ

اور سلیمان پر وحی بھیجی اور ہم نے داؤد کو زبور دی اور ایسے رسول بھیجے جن کا

قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

حال اس سے پہلے ہم تمہیں سنا چکے ہیں اور ایسے رسول جن کا ہم نے تم سے بیان

### ربطِ آیات

(۱۶۱) (۱۳) سود خواری (۱۴) لوگوں کے مال ناحق کھانا۔ (۱۶۲) ہاں ان میں بعض خدا پرست صحیح راستہ پر چلنے والے بھی ہیں۔ (۱۶۳) تمام انبیا علیہم السلام کا دین اصولاً متحد ہے۔ توحید، رسالت، مجازاۃ

خلاصہ رکوع ۲۳ - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دین ادیان سابقہ سے اصولاً متحد ہے۔ ماخذ آیت ۱۶۳

سب میں بنیادی چیزیں ہیں اگرچہ فروع میں اختلاف ہوتا رہا اور یہ اختلاف حقیقی اختلاف نہیں ہے۔ لہٰذا امم سابقہ یعنی یہود و نصاریٰ کو شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے اختلاف نہیں کرنا چاہیے بلکہ تسلیم کر لینا چاہیے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ رُسُلًا

نہیں کیا اور اللہ نے موسیٰ سے خاص طور پر کلام فرمایا ہم نے پیغمبر بھیجے

مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ

خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تاکہ لوگوں کا

عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

اللہ پر پیغمبروں کے بعد الزام نہ رہے اور اللہ غالب

حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ

حکمت والا ہے لیکن اللہ اس پر شاہد ہے جو تم پر نازل کیا کہ اسے اپنے

بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾

علم سے نازل کیا اور فرشتے بھی گواہ ہیں اور اللہ گواہی دینے والا کافی ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ

بیشک جو لوگ کافر ہوئے اور اللہ کی راہ سے روکا وہ

ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا

بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑے بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور ظلم کیا

لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾

اللہ انہیں کبھی نہیں بخشے گا اور نہ ان کو سیدھی راہ دکھائے گا

اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ

مگر دوزخ کی راہ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ پر

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

یہ آسان ہے اے لوگو! تمہارے پاس

الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ

تمہارے رب کی طرف سے ٹھیک بات لے کر رسول آچکا سو مان لو تاکہ تمہارا بھلا ہو

## ربطِ آیات

(۱۶۴) یہ قاعدہ ہے کہ کسی قوم کو اس کی طاقت سے زیادہ علم نہیں دیا جاتا لہٰذا عرب چونکہ ارضِ مقدس (شام، مصر، عراق عرب) کے انبیاء علیہم السلام سے کچھ نہ کچھ واقفیت رکھتے تھے اس لئے قرآن شریف میں فقط انہیں کا ذکر آیا ہے۔ (۱۶۵) مبشرین متبعین کی ہمت کو چست کرنے والے، منذرین۔ غلط کاروں کی ہمت پست کرنے والے (لئلا یکون) تاکہ پھر کوئی یہ نہ کہے کہ صاحب اس قانون پر عمل کرنے کے لئے فلاں فلاں مانع تھے اس لئے ہم نے عمل نہیں کیا، انبیاء علیہم السلام کی تشریف آوری کے بعد تمام عقدے حل ہو جاتے ہیں۔

(۱۶۶) خدا نے تعالیٰ نے اس قرآن کو پورے علم سے نازل فرمایا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اس کے حامل غالب ہیں گے اور تمہاری ہمت افزائی کے لئے یہ کافی ہے کہ فرشتے بھی اس کی تحسین کرتے ہیں۔

(۱۶۷) جو لوگ قرآن کی نشر و اشاعت میں سدِ راہ بنتے ہیں اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی کبھی امداد نہیں کرے گا اور وہ صحیح راستہ سے بہت دور جا چکے ہیں۔ (۱۶۸) ایسے ظالموں کی کبھی مغفرت نہیں ہوگی۔ جو اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ قانون یعنی قرآن حکیم سے دشمنی کر کے اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔

(۱۶۹) ان کے لئے سوائے جہنم کے اور کوئی راستہ نہیں ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ

اور اگر انکار کروگے تو اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوا

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے اے اہل کتاب تم اپنے

فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللّٰهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا

دین میں حد سے نہ نکلو اور اللہ کی شان میں سوائے پکی بات کے نہ کہو بے شک

الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ

مسیح عیسیٰ مریم کا بیٹا اللہ کا رسول ہے اور اللہ کا ایک کلمہ ہے

أَلْقٰهَآ إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ ۖ فَآمِنُوا بِاللّٰهِ وَ

جسے اللہ نے مریم تک پہنچایا اور اللہ کی طرف سے ایک جان ہے سو اللہ پر اور اس کے سب رسولوں

رُسُلِهٖ ۖ وَلَا تَقُولُوا ثَلٰثَةٌ ۚ اِنْتَهُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ

پر ایمان لاؤ اور نہ کہو کہ خدا تین ہیں اس بات کو چھوڑ دو تمہارے لئے بہتر ہوگا

إِنَّمَا اللّٰهُ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۖ سُبْحٰنَهٗٓ أَنْ يَّكُونَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ

بے شک اللہ اکیلا معبود ہے وہ اس سے پاک ہے کہ اس کی اولاد ہو

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ کارساز

وَكِيلًا ﴿١٧١﴾ ع لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيحُ أَنْ يَّكُونَ

کافی ہے مسیح خدا کا بندہ بننے سے ہرگز

عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ ۚ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ

عار نہیں کرے گا اور نہ مقرب فرشتے اور جو کوئی اس کی

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ﴿١٧٢﴾

بندگی سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا پھر ان سب کو اپنی طرف اکٹھا کرے گا

## ربط آیات

(۱۷۰) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہی باتیں فرما رہے ہیں جن کو اصولاً تم بھی مانتے ہو اور ٹھیک جانتے ہو تو سیدھے ہو کر فرمانبرداروں کی فہرست میں شامل ہو جاؤ (وان تکفروا) اور اگر انکار کیا تو زمین و آسمان میں کہیں بھی اس کی گرفت سے بچ نہیں سکوگے اللہ تعالیٰ تمہارے حالات سے پورا آگاہ ہے جب وہ چاہے گا تو اپنے حکمت کے طریقے سے تمہیں عذاب میں پھنسائے گا۔ کہ تمہیں پتہ بھی نہ لگنے پائے واللہ اعلم (۱۷۱) اہل کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس لئے اختلاف کر رہے ہیں کہ وہ اپنے دین میں حد اعتدال سے نکل کر غالی بن چکے ہیں۔ لہٰذا انہیں کہا جاتا ہے کہ غلو سے باز آ جاؤ اور سید الکونین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہو جاؤ۔

(۱۷۲) حضرت مسیح علیہ السلام کو تو بندہ خدا بننے سے انکار نہیں تھا۔ تمہیں نے غلو کر کے انہیں خدا مان لیا۔

ع ۲۳ ۲

خلاصہ رکوع ۲۳۔ اہل کتاب کے انبیاء علیہم السلام تو غالی نہیں تھے لہٰذا وہ تو اس تعلیم کے حامی تھے جس کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم حامی ہیں۔ ماخذہ آیات ۱۷۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ

پھر جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور اچھے کام کیے ہوں گے انہیں تو ان کا پورا

أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ

ثواب دے گا اور انہیں اپنے فضل سے اور زیادہ دے گا اور جن لوگوں نے

اسْتَنْكَفُوا وَاسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

انکار کیا اور تکبر کیا انہیں درد دینے والا عذاب دے گا

وَلَا يَجِدُونَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا

اور وہ اللہ کے سوا اپنے واسطے کوئی دوست اور

نَصِيرًا ﴿١٧٣﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ

مددگار نہیں پائیں گے اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے

مِنْ رَبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا ﴿١٧٤﴾ فَأَمَّا

ایک دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف ایک ظاہر روشنی اتاری ہے سو جو

الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ

لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے اللہ کو مضبوط پکڑا انہیں اللہ

فِي رَحْمَةٍ مِنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَاطًا

اپنی رحمت اور اپنے فضل میں داخل کرے گا اور اپنے تک ان کو سیدھا راستہ

مُسْتَقِيمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ

دکھائے گا تجھ سے حکم دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ اللہ تمہیں کلالہ کے بارے میں

فِي الْكَلَالَةِ ۚ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ

حکم دیتا ہے اگر کوئی شخص مرجائے جس کی اولاد نہ ہو اور اس کی

أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ

ایک بہن ہو تو اسے اس کے تمام ترکہ کا نصف ملے گا اور وہ شخص اس بہن کا وارث ہوگا اگر اس کی کوئی

### ربطِ آیات

(۱۷۳) جو لوگ اس سے باز آکر دینِ اسلام کے پیرو ہو جائیں گے وہ یقیناً اجر کے مستحق ٹھہرائے جائیں گے اور جو شر پر اڑے رہیں گے سزا پائیں گے اللہ تعالیٰ کے مخالف ہو کر وہ کہاں سے مدد پائیں گے (۱۷۴) اے لوگو تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے صحیح طریقہ الہام کیا گیا ہے (وانزلنا الیکم نوراً مبینا) ہر خیر و رشد کے منبع اس میں روشنی کی چمک پڑتی ہے۔ (۱۷۵) اس پاک نور سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اور اچھی طرح سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق پیدا کر لیں گے ان کو اپنی رحمت اور فضل سے حصہ دلائے گا (ویہدیہم الیہ صراطاً مستقیماً) جہاں انہیں رہنمائی کی ضرورت پیش آئے گی اللہ تعالیٰ ان کی دستگیری فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهَا وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مِمَّا

اولاد نہ ہو اور اگر دو بہنیں ہوں تو انہیں کل ترکہ میں سے دو تہائی

تَرَكَ ۚ وَإِن كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ

ملے گا اور اگر چند وارث بھائی بہن ہوں مرد اور عورت تو ایک مرد کو دو

حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ ۗ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ أَن تَضِلُّوا ۗ

عورتوں کے حصہ کے برابر ملے گا اللہ تم سے اس لئے بیان کرتا ہے کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ

وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (١٧٦) ع

اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے

آیاتہا ١٢٠ ۔ (٥) سُورَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ (١١٢) ۔ رکوعاتہا ١٦

سورہ مائدہ مدنی ہے

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ ۚ أُحِلَّتْ

اے ایمان والو! عہدوں کو پورا کرو تمہارے لئے

لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ

چوپائے مویشی حلال ہیں سوائے ان کے جو تمہیں آگے سنائے جائیں گے

مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ ۗ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ

مگر شکار کو احرام کی حالت میں حلال نہ جانو اللہ جو چاہے حکم

مَا يُرِيدُ (١) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ

دیتا ہے اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کو حلال نہ

اللَّهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ

سمجھو اور نہ حرمت والے مہینے کو اور نہ حرم میں قربانی ہونے والے جانور کو اور نہ ان جانوروں کو

منزل ۲

## ربطِ آیات

(۱۷۶) اللہ تعالیٰ کی رہنمائی کی ایک نظیر بتلائی جاتی ہے کہ مسلمانوں کو باوجود یکہ قانون میراث پہنچ چکا ہے لیکن جب ایک صورت کے متعلق ان کی تشفی نہیں ہوئی اور سوال کرتے ہیں تو قرآن حکیم کے ذریعے ان کو مفصل جواب دیا جاتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس آیندہ جب کبھی مخلص مومنوں کو کوئی ضرورت پیش آئے گی تو اگرچہ سلسلۂ وحی منقطع ہو گا لیکن ایسے بندے اللہ تعالیٰ ہمیشہ مہیا فرمائے گا جو کتاب و سنت سے اخذ کر کے خلق خدا کی رہنمائی کریں گے۔

٢٣ ع ٥ ٣ — خلاصہ رکوع ۱۔ ایفائے عہد علیٰ کی تفصیل۔ ماخذ آیت ۱ تا ۳۔

المنزل الثانی

موضوع سورة المائدہ

اصلاح عرب

(۱) عقود سے مراد عام ہے عہد بالخالق ہو یا بالخلق، جو حقوق انسان ایفائے عقد بالخالق کی مشق کرے گا تو ایفائے عہد بالخلق کی بھی آسانی ہو گی۔ (۲) احلت لکم بهيمة الانعام یعنی بہیمی پابندی کر کے اللہ تعالیٰ کی مرضی کے سوا ایک منٹ بھی ضد ہو جانے نہ پائے اور جب پابندی کی اتنی مشق ہو جائے گی تو قلب میں رضائے الٰہی کا جلوہ پیدا ہو گا جو بہت گوشت چھوڑنا ایسا ہی ہے جس طرح شہد دستانیوں سے اناج بکریوں کو وہاں اناج کر پیدا ہوتا ہے، وہ وہ ہوا اور گوشت پر سب کا زیادہ گذارہ ہوتا ہے۔ ایفائے عہد بھلی تعمیل کرکے اشیائے منزرہ شدہ کی جاتی ہیں۔ اور پھر کیا جاتا

ہے کہ تمہیں ایفائے عہد سفر و حضر میں کرنا ہو گا پہلے سفر حج کی ممنوعہ اشیاء کا ذکر کیا گیا ہے۔ کیونکہ سفر حج کو ہر مسلمان کو پیش آتا ہے اور پھر حضر کی اشیاء کا ذکر ہے۔ واتقوا اللہ ان اللہ شدید العقاب تک

Downloaded From ۔ https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَآ آٰمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنْ

جن کے گلے میں پٹے پڑے ہوں اور نہ حرمت والے گھر کی طرف آنے والوں کو جو اپنے رب کا فضل اور

رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا ۚ وَلَا

اسی کی خوشی ڈھونڈتے ہیں اور جب تم احرام کھول دو پھر شکار کرو اور

يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

تمہیں اس قوم کی دشمنی جو کہ تمہیں حرمت والی مسجد سے روکتی تھی اس بات کا

الْحَرَامِ أَنْ تَعْتَدُوا ۘ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَ

باعث نہ بنے کہ زیادتی کرنے لگو اور آپس میں نیک کام اور

التَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ

پرہیزگاری پر مدد کرو اور گناہ اور ظلم پر مدد نہ کرو

وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٢﴾ حُرِّمَتْ

اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے تم پر

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَآ

مردار اور لہو اور سور کا گوشت حرام کیا گیا ہے اور وہ

أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَ

جانور جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اور جو گلا گھونٹ کر یا چوٹ سے یا

الْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَآ أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا

بلندی سے گر کر یا سینگ مارنے سے مر گیا ہو اور وہ جسے کسی درندے نے پھاڑ ڈالا ہو مگر جسے

ذَكَّيْتُمْ ۙ قف وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا

تم نے ذبح کر لیا ہو اور وہ جو کسی تھان پر ذبح کیا جائے اور یہ کہ جوئے کے تیروں

بِالْأَزْلَامِ ۚ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ ۗ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا

سے تقسیم کرو یہ سب گناہ ہیں آج تمہارے دین سے کافر

وقف لازم

ربط آیات

(۲) اس آیت کا ما حصل سابقہ آیت کے ما حصل میں آچکا ہے۔



Downloaded from ::: Al-marifat.org :::
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ
ناامید ہو گئے سو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو آج

اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ
میں تمہارے لئے تمہارا دین پورا کر چکا اور میں نے تم پر اپنا احسان پورا کر دیا اور

رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ
میں نے تمہارے واسطے اسلام ہی کو دین پسند کیا ہے پھر جو کوئی بھوک

مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
سے بیتاب ہو جائے لیکن گناہ پر مائل نہ ہو تو اللہ معاف کرنے والا

رَّحِيْمٌ ۝۳ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَاۤ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ
مہربان ہے تجھ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لئے کیا چیز حلال ہے کہہ دو تمہارے واسطے

لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ
سب پاکیزہ چیزیں حلال کی گئی ہیں اور جو شکاری جانور جیسے شکار پر دوڑنے کی تعلیم دو

تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۟ فَكُلُوْا مِمَّاۤ اَمْسَكْنَ
کہ انہیں سکھاتے ہو اس میں سے جو اللہ نے تمہیں سکھایا ہے سو اس میں سے کھاؤ جو وہ تمہارے

عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ
لئے پکڑ رکھیں اور اس پر اللہ کا نام لو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک

اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝۴ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ
اللہ جلد حساب لینے والا ہے آج تمہارے واسطے سب پاکیزہ چیزیں حلال کی گئی ہیں

وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَطَعَامُكُمْ
اور اہل کتاب کا کھانا تمہیں حلال ہے اور تمہارا کھانا

حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ
انہیں حلال ہے اور تمہارے لئے پاک دامن مسلمان عورتیں حلال ہیں اور ان میں سے پاک دامن عورتیں



## ربط آیات

(۳) پہلے اشیاء ممنوعہ کا ذکر ہے۔ اس کے بعد فرمایا ہے۔ (الیوم یئس الذین کفروا من دینکم) جس وقت تم اس درجہ کے تابع فرمان الٰہی بن جاؤ گے کہ اور چیزیں تو الگ رہیں تم ہر ایک لقمہ اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر منہ میں ڈالنے لگو گے تو اس قسم کی خدا پرست باہمت مستقل مزاج جماعت کے دین سے کافر یقیناً ناامید ہو جائیں گے وہ سمجھ جائیں گے کہ ایسی خدائی جماعت سے جیتنا ناممکن ہے

(۴) اس آیت سے پہلے جو تعلیم ختم ہو چکی ہے۔ اصل غرض یہ تھی کہ عرب میں یہ جذبہ پیدا کر دیا جائے۔ کہ مرضی الٰہی کے سوا ایک لقمہ بھی پیٹ میں نہ جانے پائے۔ اور یہ قاعدہ ہے کہ انسان کو اپنی تکمیل کے بعد تعلیم کا دروازہ کھولنا پڑتا ہے ورنہ اس پر کتمان علم کا فرد جرم لگ جائے گا۔ لہٰذا مسلمانوں کے دین کی تکمیل تو ہو چکی چنانچہ خود ہی ارشاد ہو رہا ہے (الیوم اکملت لکم دینکم) اب دوسرا فرض تبلیغ ہے اور الاقرب فالاقرب کے مطابق شروع ہونا چاہئے۔ اور مسلمانوں کے سب سے اقرب اہل کتاب ہیں انہیں سب سے پہلے تبلیغ کرنا موزوں ہے لہٰذا مسلمان پوچھتے ہیں کہ ہم جب باہر جائیں تو کونسی چیز استعمال کریں تو فرمایا جاتا ہے کہ جتنی ستھری اور عمدہ چیزیں ملیں وہ استعمال کرو اور سدھائے ہوئے جانوروں سے جو شکار کرو اس کا کھانا بھی جائز ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے جب ان کے مہر انہیں دے دو

اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ

ایسے حال میں کہ نکاح میں لانے والے ہو نہ بدکاری کرنے والے اور نہ خفیہ آشنائی

اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ز

کرنے والے اور جو ایمان سے منکر ہوا تو اس کی محنت ضائع ہوئی

وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۟ع ٥ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا اے ایمان

اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ

والو! جب تم نماز کے لئے اٹھو تو اپنے منہ دھو لو

وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ

اور ہاتھ کہنیوں تک اور اپنے سروں پر مسح کرو اور

اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ط

اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھو لو اور اگر تم ناپاک ہو تو نہا لو

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر پر ہو یا کوئی تم میں سے

مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

جائے ضرور سے آیا ہو یا عورتوں کے پاس گئے ہو پھر تم پانی نہ پاؤ

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ

تو پاک مٹی سے تیمم کرو اور اسے اپنے مونہوں

وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ

اور ہاتھوں پر مل لو اللہ تم پر تنگی کرنا

رابطِ آیات

ع ١ ٥

خلاصہ رکوع ۲ ۔ مزید ترغیب و ترہیب اور تاکید ایفائے میثاق
ماخذ آیت ۵-۶

(۵) ستھری چیزیں اور اہل کتاب کی ذبیحہ بھی استعمال کرنے کی اجازت ہے اور ان کی محصنات سے نکاح بھی کر سکتے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ
نہیں چاہتا لیکن تمہیں پاک کرنا چاہتا ہے اور تاکہ اپنا احسان تم پر

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ
پورا کرے تاکہ تم شکر کرو اور اللہ کا انعام جو تم پر

عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ
ہوا ہے اسے یاد کرو اور اس کا عہد جس کا تم سے معاہدہ کیا ہے جب تم نے کہا تھا

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
کہ ہم نے سنا اور مان لیا اور اللہ سے ڈرتے رہو اللہ دلوں کی بات خوب

الصُّدُوْرِ ۝۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ
جانتا ہے اے ایمان والو! اللہ کے واسطے انصاف

لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ
کی گواہی دینے کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی کے باعث

قَوْمٍ عَلٰٓي اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ
انصاف کو ہرگز نہ چھوڑو انصاف کرو یہی بات تقوے کے زیادہ نزدیک ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸
اور اللہ سے ڈرتے رہو جو کچھ تم کرتے ہو بیشک اللہ اس سے خبردار ہے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ
اللہ نے ایمان والوں سے اور جو نیک کام کرتے ہیں بخشش

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۹ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا
اور بڑے اجر کا وعدہ کیا ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۱۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
آیتیں جھٹلائیں وہ دوزخی ہیں اے ایمان

### ربط آیات

(۶) تہذیب طبیبات، نظافت جسم پر موقوف ہے۔ نظافت جسم کے لئے طہارت ضروری ہے اور طہارت سے مراد وضو و غسل کی طہارت ہے اور یہ دونوں ہی نظافت جسم کا موقوف علیہ ہیں۔ لہٰذا مسلمانوں کو طہارت جسمی کا پابند بنایا جاتا ہے۔ یہ وضو سے ہوگی اور طہارت روحانی بھی سکھائی جاتی ہے جو نماز میں پیدا ہوگی۔ ان الصلوٰۃ تنہیٰ عن الفحشاء والمنکر۔ (۷) تاکید ایفائے میثاق الٰہی اور خدا تعالیٰ کے عہد کے ایفا کے بعد تاکید کی جاتی ہے کہ مخلوق خدا کے ساتھ سلوک میں جادۂ اعتدال سے ہٹنے نہ پاؤ خواہ دشمن ہی سے واسطہ پڑ جائے۔ (۸) جو لوگ تعلق بالخالق و تعلق بالمخلوق کو ٹھیک بنائیں گے وہ مغفرت اور اجر عظیم پائیں گے اور انکار اور ہٹ دھرمی والے ہمیشہ کے لئے جہنمی ہو جائیں گے۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ

والو! اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جب لوگوں نے ارادہ کیا کہ

يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ

تم پر دست درازی کریں پھر اللہ نے ان کے ہاتھ تم پر اٹھنے سے روک دیئے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع

اور اللہ سے ڈرتے رہو اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے

ع ۲/۶

خلاصہ رکوع ۳۔ نقض میثاق کے نتائج۔ ماخذ آیت ۱۳۔

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا

اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا اور ہم نے

مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ

ان میں سے بارہ سردار مقرر کئے اور اللہ نے کہا میں تمہارے ساتھ ہوں

لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ

اگر تم نماز کی پابندی کرو گے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے

بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا

سب رسولوں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ کو اچھے طور پر قرض

حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ

دیتے رہو گے تو میں ضرور تمہارے گناہ تم سے دور کر دوں گا اور تمہیں باغوں میں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ

داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں پھر جو کوئی تم

بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾ ع

میں سے اس کے بعد کافر ہوا وہ بے شک سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ

پھر ان کی عہد شکنی کے باعث ہم نے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو

ربطِ آیات

(۱۱) اے مسلمانو! تم تجربہ کرچکے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے راضی ہونے کی وجہ سے اس نے تمہیں دشمنوں کی ترغیب سے بچایا۔ لہٰذا آئندہ بھی اس کی رضا کے پابند رہو گے تو وہ اسی طرح تمہاری امداد فرمائے گا۔ (۱۲) اللہ تعالیٰ نے یہود سے میثاق کی شرطیں طے کیں کہ اگر وہ ان شرطوں کو پورا کریں گے تو ان کی دنیا اور آخرت کی کامیابی کا خود اللہ تعالیٰ ذمہ دار ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا

سخت کر دیا وہ لوگ کلام کو اس کے ٹھکانے سے بدلتے ہیں اور اس نصیحت سے

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ

نفع اٹھانا بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی اور تو ہمیشہ ان کی کسی نہ کسی خیانت پر اطلاع

مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ

پاتا رہے گا مگر تھوڑے ان میں سے سو انہیں معاف کر اور درگزر کر بے شک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا

اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے اور جو لوگ اپنے آپ کو

نَصٰرٰۤى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا

نصاریٰ کہتے ہیں ان سے بھی ہم نے عہد لیا تھا پھر وہ اس نصیحت سے نفع اٹھانا بھول گئے

بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى

جو انہیں کی گئی تھی پھر ہم نے ان کے درمیان ایک دوسرے کی دشمنی اور بغض قیامت

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

تک کے لئے ڈال دیا اور اللہ ان کا کیا ہوا انہیں

يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا

جتلا دے گا اے اہل کتاب تحقیق تمہارے پاس ہمارا رسول آیا ہے

يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ

جو بہت سی چیزیں تم پر ظاہر کرتا ہے جنہیں تم کتاب سے چھپاتے تھے

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ

اور بہت سی چیزوں سے درگزر کرتا ہے بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور

كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ

واضح کتاب آئی ہے اللہ سلامتی کی راہیں دکھاتا ہے اسے جو اس کی رضا کا

**ربط آیات**

(۱۳) انہوں نے عہد الٰہی کو توڑا اور بد عہدی کی سزا پائی۔ (۱) لعنت (۲) قساوت قلبی۔ (۳) تحریفات کلمات کا مرض۔ (۴) تعلیم الٰہی کے ایک حصے کو پس پشت ڈالنا (۵) خیانت کا عادی ہونا۔ (۱۴) نصاریٰ کو نقض میثاق کی یہ سزا ملی کہ ان میں عداوت اور بغض کا پیدا ہونا۔ عداوت عام ہے۔ عام زندگی میں ہو یا مذہبی زندگی یا سلطنت کی زندگی میں۔ (۱۵) اہل کتاب کے نقائص بیان کرنے کے بعد انہیں تبلیغ کی جاتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

تابع ہو اور انہیں اپنے حکم سے اندھیروں سے روشنی کی طرف

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ

نکالتا ہے اور انہیں سیدھی راہ پر چلاتا ہے بے شک وہ

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ

کافر ہوئے جنہوں نے کہا کہ اللہ تو وہی مسیح مریم کا بیٹا ہے

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

کہہ دے پھر اللہ کے سامنے کس کا بس چل سکتا ہے اگر وہ چاہے کہ

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ

مسیح مریم کے بیٹے اور اس کی ماں اور جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو ہلاک کردے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ

اور آسمانوں اور زمین اور ان دونوں کے درمیان کی سلطنت اللہ ہی کے واسطے ہے جو چاہے

مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ

پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور

الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰۗؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ

یہود اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں کہہ دو

فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

پھر تمہارے گناہوں کے باعث وہ تمہیں کیوں عذاب دیتا ہے بلکہ تم بھی اور مخلوقات کی طرح ایک

خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

آدمی ہو جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے سزا دے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ وَ

اور آسمانوں اور زمین اور ان دونوں کے درمیان کی سلطنت اللہ ہی کے لئے ہے اور

### ربطِ آیات

(١٦) اس نور اور کتاب مبین کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ سیدھے راستہ پر چلائے گا اور ظلمات سے نور کی طرف لائے گا۔ اہل کتاب کو اپنی اصلاح کی بے حد ضرورت ہے یہ تغلیب شرک میں مبتلا ہو چکے ہیں اور بندگان خدا کو خدا مانتے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا
اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اے اہل کتاب تحقیق تمہارے پاس ہمارا پیغمبر آیا
يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُوا مَا
جو تمہیں صاف صاف بتلاتا ہے ایسے وقت میں کہ رسولوں کا سلسلہ موقوف تھا تاکہ تم یوں نہ کہنے لگو کہ
جَاءَنَا مِن بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ جَاءَكُم بَشِيرٌ
ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا سو تمہارے پاس خوشخبری دینے والا اور
وَنَذِيرٌ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٩﴾ وَإِذْ قَالَ
ڈرانے والا آگیا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور جب
مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ
موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو
إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا ۖ وَ
جب کہ تم میں نبی پیدا کئے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور
آتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴿٢٠﴾ يَا قَوْمِ
تمہیں وہ دیا جو جہان میں کسی کو نہ دیا تھا اے میری قوم
ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا
اس پاک زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے مقرر کر دی اور
تَرْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿٢١﴾ قَالُوا
پیچھے نہ ہٹو ورنہ نقصان میں جا پڑو گے انہوں نے کہا
يَا مُوسَىٰ إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ ۖ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا
اے موسیٰ بے شک وہاں ایک زبردست قوم ہے اور ہم وہاں ہرگز نہ جائیں گے
حَتَّىٰ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِن يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ﴿٢٢﴾
یہاں تک کہ وہ وہاں سے نکل جائیں پھر اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہوں گے

## ربطِ آیات

(۱۸) ابتلاءِ شرک میں یہ اور ترقی ہے کہ دوسرے انسانوں کو خدا بناتے بناتے خود بھی خدا کے بیٹے بننے کے مدعی ہو بیٹھے اگر تم خدا تعالیٰ کے بیٹے ہوتے تو تمہیں خدائی ملنے کے بعد عذاب کیوں ہو؟

۳ ع ۸

خلاصہ رکوع ہم رُشن عہد کے باعث لعنت جس کا ذکر پچھلے رکوع میں ہے اس لعنت سے بزدلی پیدا ہوئی۔
ماخذ آیت ۲۲

بیٹے نہیں بلکہ سب اللہ تعالیٰ کے غلام ہو۔ (۱۹) اے اہلِ کتاب ہم نے تم پر اتمامِ حجت کر دی ہے تاکہ تمہارا یہ عذر نہ رہے کہ ہمارے پاس کوئی بشیر و نذیر نہیں آیا تھا (۲۰) موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو برانگیختہ کرنے کے لئے فرماتے ہیں کہ تم نبی زادے بھی ہو اور شاہزادے بھی ہو لہٰذا تمہاری غیرت جوش میں آنی چاہئے۔ لیجئے باپ دادا کا ملک دشمنوں سے واگزار کرائیں لیکن چونکہ ان پر نقضِ عہد کے باعث لعنت، یعنی ناراضی ہو چکی تھی اور اس لعنت کا نتیجہ بزدلی ہے لہٰذا وہ ذرا بھی متاثر نہیں ہوتے۔ (۲۱) بارگاہِ الٰہی سے ارضِ مقدس کا فیصلہ تمہارے حق میں ہو چکا ہے۔ (۲۲) بزدلی کا اظہار کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

اللہ سے ڈرنے والوں میں سے دو مردوں نے کہا جن پر اللہ کا فضل

عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ

تھا کہ ان پر حملہ کرکے دروازہ میں گھس جاؤ پھر جب تم اس میں گھس جاؤ گے

فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ

تو تم ہی غالب ہوگے اور اللہ پر بھروسہ رکھو اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ

ایمان دار ہو کہا اے موسیٰ ہم کبھی بھی وہاں داخل نہیں ہوں گے

اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ

جب تک کہ وہ اس میں ہیں سو تو اور تیرا رب جائے

فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ

اور تم دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں موسیٰ نے کہا کہ اے میرے رب

لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَ

میرے اختیار میں تو سوائے میری جان اور میرے بھائی کے اور کوئی نہیں سو ہمارے درمیان اور

بَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

اس نافرمان قوم کے درمیان جدائی ڈال دے فرمایا تحقیق وہ زمین ان پر

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ

چالیس برس حرام کی گئی ہے اس ملک میں سرگرداں پھریں گے

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

سو تو نافرمان قوم پر افسوس نہ کر تو اہلِ کتاب کو

نَبَاَ ابْنَىْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ

آدم کے دو بیٹوں کا قصہ صحیح طور پر پڑھ کر سنائے جب ان دونوں نے قربانی کی ان میں سے ایک کی

ع ۸ ۴

وقف لازم

## ربطِ آیات

٢٣ جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا خاص انعام تھا انہیں اپنی فتح کا یقین تھا وہ ان لوگوں کی بہتری کی ہمت دلاتے ہیں لیکن ان مُردہ دلوں اور مسخ شدہ فطرت والوں پر ان ترغیبوں کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔ ٢٤ کہتے ہیں اے موسیٰ علیہ السلام بار بار کیوں کہتے ہو ہمارا فیصلہ ہے کہ جب تک ان کی شکلیں بھی وہاں دکھائی دیتی ہیں ہم ہرگز نہیں جائیں گے۔ ٢٥ موسیٰ علیہ السلام مایوس ہو کر بارگاہِ الٰہی میں عرض کرتے ہیں۔ خداوندا ہم دونوں بھائی تیرے حکم کی تعمیل کے لئے حاضر ہیں اور ہمیں ان نالائقوں میں رہنا بھی نہیں چاہیے ٢٦ اگر یہ ایسے ہی ڈرپوک اور جبیں ہوگئے ہیں تو ان کو ارضِ مقدس کی بادشاہی دینے سے کیا نفع ہوگا۔ لہٰذا سزا کے طور پر یہ چالیس برس یہاں جنگل میں پھریں تاکہ بے غیرت اور بے حس بڈھے مر جائیں اور ایک نئی نسل غیور اور حریت پسند پیدا ہو۔ وہ جا کر اپنے آبائی ملک پر قبضہ جمالے۔

خلاصہ رکوع ۵ بعثت الٰہی اور ہر اثر سب عقل ہے جو عقل پر ایسا پردہ پڑ جائے کہ حیوانوں سے بھی کم عقل ہو جائے۔ مانند آیت ۳۰۔ آیت ۳۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَؕ
قربانی قبول ہوگئی اور دوسرے کی نہ ہوئی اس نے کہا میں تجھے مارڈالوں گا

قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ
اس نے جواب دیا اللہ پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے اگر تو

بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ
مجھے قتل کرنے کے لئے ہاتھ اٹھائے گا تو میں تجھے قتل کرنے کے لئے

اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾
ہاتھ نہ اٹھاؤں گا میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں

اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ
میں چاہتا ہوں کہ میرا اور اپنا گناہ تو ہی سمیٹ لے اور

اَصْحٰبِ النَّارِۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ۚ فَطَوَّعَتْ
دوزخی بن جائے اور ظالموں کی یہی سزا ہے پھر اسے

لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ
اس کے نفس نے اپنے بھائی کے خون پر راضی کرلیا پھر اسے مارڈالا پس وہ نقصان اٹھانے والوں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ
میں سے ہوگیا پھر اللہ نے ایک کوا بھیجا جو زمین کریدتا تھا

لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى
تاکہ اسے دکھلائے کہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طرح چھپاتا ہے اس نے کہا افسوس

اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ
مجھ پر میں اس کوے جیسا بھی نہ ہوسکا کہ اپنے بھائی کی لاش

سَوْءَةَ اَخِيْۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ۚۛ مِنْ اَجْلِ
چھپانے کی تدبیر کرتا پھر پچھتانے لگا اسی سبب سے

النصف

## ربطِ آیات

(۲۷) دونوں بھائیوں نے قربانی کی۔ ایک کی قربانی بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوئی اور دوسرے کی نامنظور ہوئی جس کی قربانی قبول نہیں ہوئی اس نے دوسرے کو کہا میں تمہیں قتل کردوں گا۔

(۲۸) قربانی قبول ہونے والے متقی نے کہا اگر تو میرے قتل ناحق کا ارادہ کرے گا تو میں تیرا مقابلہ نہیں کروں گا (۲۹) میں چاہتا ہوں کہ میرے مقتول ہونے اور تیرے قاتل ہونے کا گناہ تیرے ہی سر پر ہو۔

(۳۰) اپنے نفس کے کہنے پر بھائی کو قتل کر ڈالا اور خسارہ پایا۔

(۳۱) بھائی کے قتل کرنے کے بعد اسے یہ پریشانی لاحق ہوئی کہ لاش کے ساتھ کیا سلوک کرے اللہ تعالیٰ نے ایک کوا بھیجا جس نے زمین کرید کر دکھائی کہ اپنے بھائی کو اس طرح زمین کھود کر دفن کرو تب اس قاتل کو افسوس ہوا کہ اس کی عقل کوے جتنی بھی نہیں رہی اس واقعہ سے ثابت ہوا کہ نافرمانی کے باعث انسان بے عقل سبب ہوجاتی ہے کہ وہ حیوان سے بھی گرجاتا ہے۔

معانقہ ۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ

ہم نے بنی اسرائیل پر لکھا کہ جس نے کسی انسان کو

وقف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا

خون کے بدلے یا زمین میں فساد پھیلانے کے سوا کسی اور وجہ سے قتل کیا گویا اس نے

قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ

تمام انسانوں کو قتل کر دیا اور جس نے کسی کو زندگی بخشی اس نے گویا

اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا

تمام انسانوں کو زندگی بخشی اور ہمارے رسول ان کے پاس کھلے

بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي

حکم لا چکے ہیں پھر بھی ان میں سے بہت لوگ

الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿٣٢﴾ اِنَّمَا جَزٰۗؤُا الَّذِيْنَ

زمین میں زیادتیاں کرنے والے ہیں ان کی بھی یہی سزا ہے جو

يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ

ہیں یہ کہ انہیں قتل کیا جائے یا وہ سولی پر چڑھائے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں

وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ

مخالف جانب سے کاٹے جائیں یا وہ جلا وطن کر دیئے جائیں

ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

یہ ذلت ان کے لئے دنیا میں ہے اور آخرت میں ان کے لئے بڑا

عَظِيْمٌ ﴿٣٣﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا

عذاب ہے مگر جنہوں نے تمہارے قابو پانے سے پہلے توبہ

### رابطِ آیات

(۳۲) ماحصل یہ نکلا کہ آپس کی خونریزی پر بیرونی مقابلہ سے تقاضا شروع ہوگا۔ اس لئے یہ قانون بنایا گیا کہ آپس میں قتل ناحق کرنے والا ساری قوم کو تباہ کرتا ہے اور قتل ناحق کو بند کرنے والا ساری قوم کو زندگی کے راستہ پر ڈالتا ہے وہ اقتدا۔ تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے احکام کی تعمیل اس قوم کے لئے رحمت الٰہی کا دروازہ کھولتی ہے کہ مقدس زمین جس میں دنیا اور دین کی بہتری ہے اور وہ ان کی موروثی ہے ان کے ہاتھ لگے گی لیکن قوم اس ترقی کے وسائل کو استعمال کرنے سے انکار کرتی ہے (۳۳) اس آیت میں ایک طرح پر سرکشی کی تفصیل اور ان کے اعمال کی سزا بتلائی گئی ہے کہ آپس میں کشت و خون حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ منظم حکومت کے خلاف بغاوت کرنے والے کی سزا قتل اور سُولی وغیرہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٤﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

کر لی تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اللہ کا قرب تلاش کرو

وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ بے شک جو لوگ

كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ

کافر ہیں اگر ان کے پاس دنیا بھر کی چیزیں ہوں اور اس کے

مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ

ساتھ اتنا ہی اور ہو تاکہ قیامت کے عذاب سے بچنے کے لئے بدلہ میں دیں تو بھی ان سے

مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا

قبول نہ ہوگا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے وہ چاہیں گے کہ

مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ

آگ سے نکل جائیں حالانکہ وہ اس سے نکلنے والے نہیں اور ان کے لئے دائمی

مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا

عذاب ہے اور چور خواہ مرد ہو یا عورت دونوں کے ہاتھ

اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

کاٹ دو یہ ان کی کمائی کا بدلہ اور اللہ کی طرف سے عبرت ناک سزا ہے اور اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ

غالب حکمت والا ہے پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کی اور اصلاح کر لی

فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾

تو اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

منزل ۲

ع ٥ ع ٩

خلاصۂ رکوع ۱۰ ابیات عمل
جس سے نقض عہد کی نوبت نہ آئے
ماخذ آیت ۳۵

## ربطِ آیات

(۳۴) گرفتار ہونے سے پہلے خود بخود ہتھیار ڈال کر معافی کے لئے ہاتھ بڑھائیں۔ تو معافی دی جا سکتی ہے۔

(۳۵) یہود کی حالت پہلے دو رکوع میں ذکر ہو چکی ہے۔ کہ باوجود شہزادے اور نبی زادے ہونے کے مخالفوں کے روبرو نہیں ہو سکتے اور لڑنے کی قوت اپنے اندر صرف کرتے ہیں۔ اب مسلمانوں کو خاص طور پر متنبہ کیا جاتا ہے اور اس مرض کا علاج اس آیت میں بیان کیا گیا ہے کہ ہر ایک اپنی انفرادی زندگی میں اقرب الی اللہ بننے کو نصب العین بنائے، بلکہ اجتماعی زندگی میں بھی اقرب الی اللہ کو تلاش کیا جائے اور اسے ہی اہم بنایا جائے جو سب سے زیادہ حق کے راستے میں قربانی کرنے اور شہوات و رذائل سے پاک ہو

بقیہ بر صفحۂ آئندہ

ف لفظ وسیلہ کی تحقیق: وسیلہ کے معنی ہیں جالب میں طالب اور مطلوب کے درمیان واسطہ ہے اور شریعت میں اس کے دو معنی آتے ہیں مرتبہ طاعات۔ کما فی تفسیر المظہری (ابتغوا الیہ الوسیلۃ) التقرب بطاعتہ کما هو عن حذیفۃ وکذا روی الفریابی وعبد بن حمید وابن المنذر وابن ابی حاتم عن ابن عباس قتادۃ یعنی تقربوا الیہ بالطاعۃ فی القاموس الوسیلۃ المرتبۃ عند الملک والدرجۃ والقربۃ والوصل

اور غیب دانی و حدیث وسیلہ درجہ عند اللہ سبحانہ قتادہ درجہ عملوا اسدان یرتیی الوسیلۃ رواہ احمد بسند صحیح عن ابی سعید الخدری مرفوعا وروی مسلم عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمعتم
المؤذن فقولوا مثل ما یقول المؤذن ثم صلوا علی فانہ من صلی علی صلوۃ صلی اللہ علیہ بہا عشرا ثم سلوا اللہ لی الوسیلۃ فانہا منزلۃ فی الجنۃ لا تنبغی الا لعبد من عباد اللہ وارجو ان اکون انا ہو فمن سأل لی الوسیلۃ حلت لہ الشفاعۃ

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۭ

کیا تجھے معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اللہ ہی کے واسطے ہے

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى

وہ جسے چاہے عذاب دے اور جسے چاہے بخش دے اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾ يٰٓأَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ

سب چیز پر قادر ہے اے رسول ان کا غم نہ کر جو

يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

دوڑ کر کفر میں گرتے ہیں وہ لوگ جو اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم

بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ

مومن ہیں حالانکہ ان کے دل مومن نہیں ہیں اور وہ جو

هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

یہودی ہیں جھوٹ بولنے کے لئے جاسوسی کرتے ہیں وہ دوسری جماعت

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَأْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ

کے جاسوس ہیں جو تجھ تک نہیں آئی بات کو اس کے ٹھکانے سے بدل

مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ إِنْ أُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَإِنْ

دیتے ہیں کہتے ہیں کہ تمہیں یہ حکم ملے تو قبول کر لینا اور اگر

لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ

یہ نہ ملے تو بچتے رہنا اور جسے اللہ گمراہ کرنا چاہے سو تو

تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ

اللہ کے ہاں اس کے لئے کچھ نہیں کر سکتا یہ وہی لوگ ہیں جن کے دل پاک

أَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ښ وَّلَهُمْ فِي

کرنے کا اللہ نے ارادہ نہیں کیا ان کے لئے دنیا میں ذلت ہے اور

بقیہ ربط آیات صفحہ ۱۸۰

(۳۶) جو لوگ اس طرح سے کام کرنے سے انکار کرتے ہیں تو وہ اگر ساری زمین کے خزانے اور اتنے خزانے دے کر بھی اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچنا چاہیں تو نہیں بچ سکتے کیونکہ ایک صحیح راستہ ان کو دانستہ اس سے انکار کر رہے ہیں۔ (۳۷) ان کی بداعمالی کا تقاضا یہی ہے کہ وہ ہمیشہ عذاب ہی میں مبتلا رکھا جائے۔ (۳۸) اس میں نظام قائم کرنے کے لئے تعزیر کی ضرورت پیش آجائے تو بقدر ضرورت اجازت دی جاتی ہے۔ (۳۹-۴۰) ایک دفعہ غلطی ہونے کے بعد اگر کوئی اپنی اصلاح کرے گا تو اچھا سمجھا جائے گا۔

ربط آیات صفحہ ہذا

(۴۱) اللہ تعالیٰ چونکہ زمین و آسمان کا مالک ہے، اس لئے بداخلاقی کے روکنے کے لئے جو سزا چاہے تجویز کر سکتا ہے۔

مع ٣

الوقف علی الاول اجود ۱۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُونَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُونَ

آخرت میں بڑا عذاب ہے جھوٹ بولنے کے لئے جاسوسی کرنے والے ہیں اور

لِلسُّحْتِ ۚ فَاِنْ جَآءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ

بہت حرام کھانیوالے ہیں سو اگر وہ تیرے پاس آئیں تو ان میں فیصلہ کردے یا ان سے منہ پھیر لے

وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوكَ شَيْـًٔا ۗ وَاِنْ حَكَمْتَ

اور اگر تو ان سے منہ پھیرے گا تو وہ تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اور اگر تو فیصلہ کرے

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٤٢﴾

تو ان میں انصاف سے فیصلہ کر بے شک اللہ انصاف کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيهَا حُكْمُ اللّٰهِ

اور وہ تجھے کس طرح منصف بنائیں گے حالانکہ ان کے پاس تو تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے

ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۗ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٣﴾ ع

پھر اس کے بعد ہٹ جاتے ہیں اور یہ مومن نہیں ہیں

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيهَا هُدًى وَّنُورٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ

ہم نے تورات نازل کی کہ اس میں ہدایت اور روشنی ہے اس پر پیغمبر

الَّذِينَ اَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبّٰنِيُّونَ وَالْاَحْبَارُ

جو اللہ کے فرمانبردار تھے۔ یہود کو حکم کرتے تھے اور اہل اللہ اور علماء بھی

بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ

اس لئے کہ وہ اللہ کی کتاب کے محافظ ٹھہرائے گئے تھے اور اس کی خبرگیری پر مقرر تھے

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوا بِاٰيٰتِي ثَمَنًا

سو تم لوگوں سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کے بدلے میں تھوڑا

قَلِيلًا ۗ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُونَ ﴿٤٤﴾

مول مت لو اور جو کوئی اس کے موافق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے اتارا تو وہی لوگ کافر ہیں

## ربط آیات

(۴۱) صحابہ کرامؓ میں قربانی کا مادہ پورے طور پر پیدا ہو گیا تھا اور یہود میں بالکل مفقود تھا۔ اب دونوں کے درمیان ایک تیسری جماعت پیدا ہوئی ہے جو ہرگز قابل تقلید نہیں ہے یہ جماعت منافقین کی ہے پہلے ان کی غلطیاں نمایاں کی گئی ہیں۔ اور اخیر میں علیحدگی کا حکم دے دیا گیا ہے۔ (۴۲) یہ جھوٹ سننے والے حرام کھانے والے خواہ یہود ہوں یا منافقین اگر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس کوئی فیصلہ لائیں۔ ان کی رعایت ہرگز نہ کی جائے۔ صاف طور پر انصاف کے مطابق

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۹ تقرب الی اللہ کیلئے اتباع کتاب اللہ ضروری ہے ماخذ آیت ۴۵ |

ع ۹ / ۱۰

فیصلہ کر دیا جائے یا اعراض کیا جائے بشرطیکہ آپ مناسب سمجھیں۔ (۴۳) اگر فیصلہ الٰہی کے طالب ہوں تو وہ ان کے گھر میں بھی موجود ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خواہاں نہیں ہیں اپنی آسانی کے متلاشی ہیں۔ (۴۴) سارے رکوع کے مضمون کا خلاصہ یہ نکلا کہ یہود کے لئے اپنے زمانہ میں توریت کا اتباع ضروری تھا اور نصاریٰ کے لئے اپنے زمانہ میں انجیل کی پیروی ضروری تھی جب قرآن نازل ہوا تو سب کے لئے اس کا اتباع ضروری ہوا۔ کیونکہ یہ سب کے لئے مصدق ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَآ أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ
اور ہم نے ان پر اس کتاب میں لکھا تھا کہ جان بدلے جان کے اور آنکھ
بِالْعَيْنِ وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَ
بدلے آنکھ کے اور ناک بدلے ناک کے اور کان بدلے کان کے اور
السِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ
دانت بدلے دانت کے اور زخموں کا بدلہ ان کے برابر ہے پھر جس نے معاف کر
بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ
دیا تو وہ گناہ سے پاک ہو گیا اور جو کوئی اس کے موافق حکم نہ کرے جو اللہ نے اُتارا
فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُونَ ﴿٤٥﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيسَى
سو وہی لوگ ظالم ہیں اور ہم نے ان کے پیچھے انہیں کے قدموں پر عیسیٰ
ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَاٰتَيْنٰهُ
مریم کے بیٹے کو بھیجا جو اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا تھا اور ہم نے
الْإِنْجِيلَ فِيهِ هُدًى وَّنُورٌ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
اسے انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی تھی اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق
مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٦﴾ وَلْيَحْكُمْ
کرنے والا تھا اور راہ بتانے والی اور ڈرنے والوں کے لئے نصیحت تھی اور چاہئے
أَهْلُ الْإِنْجِيلِ بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ وَمَنْ لَّمْ
کہ انجیل والے اس کے موافق حکم کریں جو اللہ نے اس میں اتارا ہے اور جو چیز
يَحْكُمْ بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُونَ ﴿٤٧﴾
اللہ نے اُتاری ہے جو شخص اس کے موافق حکم نہ کرے سو وہی لوگ نافرمان ہیں
وَأَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
ہم نے تجھ پر سچی کتاب اتاری جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور ان کے مضامین پر نگہبانی

رابطِ آیات
(٤٥) تورات میں فوجداری کا یہ قانون تھا۔ (٤٦ تا ٤٧) عیسیٰ علیہ السلام تورات کے مصدق ہو کر تشریف لائے اور انہیں انجیل دی گئی (٤٧) انجیل والوں کو اپنے زمانہ میں یہی حکم تھا کہ انجیل کو معمول بہ بنائیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

کرنے والی ہے سو تو ان میں اس کے موافق حکم کر جو اللہ نے اتارا ہے

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

اور جو حق تیرے پاس آیا ہے اس سے منہ موڑ کر ان کی خواہشات کی پیروی نہ کر ہم نے تم میں سے

مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً

ہر ایک کیلئے ایک شریعت اور ایک واضح راہ مقرر کر دی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی امت

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا

کر دیتا لیکن وہ تمہیں اپنے دیئے ہوئے حکموں میں آزمانا چاہتا ہے لہٰذا نیکیوں میں ایک

الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرو تم سب کو اللہ کے پاس پہنچنا ہے پھر تمہیں جتائے گا

فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۙ﴿۴۸﴾ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

جس میں تم اختلاف کرتے تھے اور فرمایا کہ تو ان میں اس کے موافق حکم کر جو اللہ نے اتارا ہے

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ

اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کر اور ان سے بچتا رہ کہ تجھے کسی ایسے حکم سے

بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ

بہکا نہ دیں جو اللہ نے تجھ پر اتارا ہے پھر اگر یہ منہ موڑیں تو جان لو کہ اللہ کا ارادہ

اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

انہیں ان کے بعض گناہوں کی پاداش میں مصیبت میں مبتلا کرنے کا ہے اور لوگوں میں

النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَ

بہت سے نافرمان ہیں تو کیا پھر جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں حالانکہ

مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں ان کے ہاں اللہ سے بہتر اور کوئی فیصلہ کرنے والا نہیں

ع ۷ / ۱۱

## ربطِ آیات

(۴۸) اس کے بعد آپ کی طرف قرآن حکیم نازل کیا گیا۔ جو ساری پہلی آسمانی کتابوں کا اصولاً مصدق ہے اب آپ کو حکم ہے کہ اس قرآن کے مطابق فیصلے دیا کیجئے۔ (۴۹) قرآن کے خلاف کوئی فیصلہ نہ ہونے پائے اور آپ احتیاط کریں کہ وہ اپنی چالبازی اور شرارت سے آپ کو اس مسلک سے ہٹا نہ دیں (۵۰) قرآن حکیم کے خلاف کیا وہ جاہلیت کے بے تکے بے ڈھنگے اور بے اصولے ریاکاری کے فیصلے چاہتے ہیں ورنہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے بہتر فیصلہ انہیں کہاں سے مل سکتا ہے۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى
اے ایمان والو یہود اور نصاریٰ کو
اَوْلِيَآءَ ؔ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ
دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو کوئی تم میں سے ان کے ساتھ
فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾
دوستی کرے تو وہ انہیں میں سے ہے اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا
فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ
پھر تو ان لوگوں کو دیکھے گا جن کے دلوں میں بیماری ہے ان میں دوڑ کر جا ملتے ہیں
يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ
کہتے ہیں کہ ہمیں ڈر ہے کہ ہم پر زمانہ کی گردش نہ آجائے سو قریب ہے کہ اللہ
اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى
جلدی فتح ظاہر فرما دے یا کوئی اور حکم اپنے ہاں سے ظاہر کرے پھر یہ اپنے دل کی
مَاۤ اَسَرُّوْا فِىْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ؕ ﴿۵۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ
چھپی ہوئی بات پر شرمندہ ہوں گے اور مسلمان کہتے ہیں
اٰمَنُوْۤا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ
کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ کے نام کی پکی قسمیں کھاتے
اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا
تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں ان کے اعمال برباد ہو گئے پھر وہ نقصان
خٰسِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ
اٹھانے والے ہو گئے اے ایمان والو جو کوئی تم میں سے اپنے
عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ
دین سے پھر جائے گا تو عنقریب اللہ ایسی قوم کو لائے گا کہ اللہ ان کو چاہتا ہے اور وہ اس کو چاہتے ہیں

وقفِ لازم
وقف غفران
وقف منزل عند المتقدمین

خلاصہ رکوع ۸۔ اعدائے الٰہی سے مقاطعت تاکہ اتباع کتاب اللہ ہو سکے ماخذ آیت ۵۱

**ربطِ آیات**

(۵۱) یہود اور نصاریٰ سے دوستانہ تعلقات منقطع کرو ورنہ اختلاط سے ان کے عادات و اخلاق تم میں سرایت کر جائیں گے۔ اور تم بھی گمراہ ہو جاؤ گے۔

(۵۲) جن کے دلوں میں مرض نفاق ہے وہ ڈر کے مارے مقاطعہ میں شامل نہیں ہونگے نفاق کا خاصہ بزدلی ہے اور توحید کا خاصہ جرأت ہے۔

(۵۳) مسلمان متعجب ہو کر کہیں گے یہ تو ہماری جماعت میں شمولیت کے حتمی دعوے کیا کرتے تھے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِينَ يُجَاهِدُونَ

مسلمانوں پر نرم دل ہوں گے اور کافروں پر زبردست اللہ کی

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۚ ذٰلِكَ

راہ میں لڑیں گے اور کسی کی ملامت سے نہیں ڈریں گے یہ

فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٤﴾

اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دیتا ہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

تمہارا دوست تو اللہ اور اس کا رسول اور ایماندار لوگ ہیں

يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ﴿٥٥﴾

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ عاجزی کرنے والے ہیں

وَمَنْ يَتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول اور ایمانداروں کو دوست رکھے تو

حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُونَ ﴿٥٦﴾ ع يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

اللہ کی جماعت وہی غالب ہونے والی ہے اے ایمان والو!

لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا

ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے

مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

ان لوگوں میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور کافروں

أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾ وَإِذَا

کو اور اللہ سے ڈرو اگر تم ایماندار ہو اور جب

نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ

تم نماز کے لئے پکارتے ہو تو وہ لوگ اس کے ساتھ ہنسی اور کھیل کرتے ہیں

### ربطِ آیات

(۵۴) اے مسلمانو، اگر تم نے خدا تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کر کے دشمنانِ خدا سے علیحدگی اختیار نہ کی تو اللہ تعالیٰ دوسری جماعت پیدا کر دے گا جو مومنوں پر نرم اور اعدائے اسلام کے حق میں سخت گیر ہوگی۔ (۵۵) اے مسلمانو تمہارے دوست فقط اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مخلص ایمان والے لوگ۔ (۵۶) اور یہی جماعت غالب آنے والی ہے۔ (۵۷) اہلِ کتاب اور کفار جو تمہارے دین کا تمسخر اڑاتے ہیں ان کو دوست مت بناؤ۔

ع ۱۲

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۹۔ اشتعالی خدا سے تقاضہ، سبب استہزاء عمل الدینی ہے۔ ماخذ آیت ...... |

Downloaded from ..... Al-marifat.org .....



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربطِ آیات

(۵۸) اذان میں اسلام کی ساری روح آجاتی ہے اور دن رات اس کے اعلان کرنے میں بچے بچے کے کان تک یہ روح پہنچ جاتی ہے جب اس اعلان پر وہ لوگ ہنسی ٹھٹھا کرتے ہیں تو تم ان کے ساتھ کس طرح دوستی رکھ سکتے ہو۔ (۵۹) ان سے پوچھ کہ ہمارے ساتھ تو تمہاری عداوت کی اور کوئی وجہ نہیں سوائے اس کے کہ ہم خدا پرست قرآن کے ماننے والے اور پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والے ہیں اور تم اس نعمت سے بے بہرہ ہو (۶۰) اپنے گریبان میں تو منہ ڈال کر دیکھو تم پر خدا تعالیٰ کی لعنت اور غضب نازل ہوا تم ہی میں سے بندر اور خنزیر بنائے گئے اور تم نے شیطان کی بندگی کی۔ بدترین تو تم ہو اور استہزاء ہم پر کرتے ہو۔ (۶۱) ظاہر داری کے طور پر تمہارے مسلمانوں کے پاس حاضر ہو کر کہتے ہیں کہ ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہے حالانکہ دل میں بے ایمانی بحال رکھتے ہیں۔ (۶۲) ان کے اکثر افراد اثم، عدوان اور حرام خوری میں مبتلا ہیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

یہ اس واسطے کہ وہ لوگ بے عقل ہیں کہہ دو اے اہل کتاب

هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ

تم ہم میں کون سا عیب پاتے ہو بجز اس کے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر جو ہمارے

اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

پاس بھیجی گئی ہے اور اس پر جو پہلے بھیجی جا چکی ہے باوجود اس کے تم میں اکثر لوگ نافرمان ہیں

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

کہہ دو میں تم کو بتلاؤں اللہ کے ہاں ان میں سے کس کی بری جزا ہے

مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ

وہ جس پر اللہ نے لعنت کی اور اس پر غضب نازل کیا اور بعضوں کو ان میں سے

الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ

بندر بنا دیا اور بعضوں کو سؤر اور جنہوں نے شیطان کی بندگی کی وہی لوگ

شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ وَاِذَا

درجہ میں بدتر ہیں اور راہ راست سے بھی بہت دور ہیں اور جب

جَآءُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ

تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالانکہ وہ کافر ہی آئے تھے اور

خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَتَرٰى

کافر ہی گئے اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے تھے اور تو

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ

ان میں سے اکثر کو دیکھے گا کہ گناہ پر اور ظلم پر اور

اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾

حرام کھانے پر دوڑتے ہیں بہت برا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

ان کے فقراء اور علماء گناہ کی بات کہنے اور

الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾

حرام مال کھانے سے انہیں کیوں نہیں منع کرتے البتہ بری ہے وہ چیز جو وہ کرتے ہیں

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ

اور یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے انہیں کے ہاتھ بند ہوں

وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ

اور انہیں اس کہنے پر لعنت ہے بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح

كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ

چاہے خرچ کرتا ہے جو کلام تیرے رب کی طرف سے تم پر نازل ہوا

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا

ہے وہ ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں زیادتی کا باعث بن گیا اور ہم نے

بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ

ان کے درمیان قیامت تک عداوت اور دشمنی ڈال دی ہے

كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَ

جب کبھی لڑائی کے لئے آگ سلگاتے ہیں تو اللہ اس کو بجھا دیتا ہے یہ

يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

زمین میں فساد پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

کو پسند نہیں کرتا اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور ڈرتے

لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾

تو ہم ان میں سے ان کی برائیاں دور کر دیتے اور ضرور انہیں نعمت کے باغوں میں داخل کرتے

## ربطِ آیات

(۶۳) دنیادار قرآن کے نزول سے پہلے ہی تھے لیکن ان کے درویش صوفی اور عالم بھی ان کو ان برائیوں سے نہیں روکتے وہ بھی بہت ہی برا کر رہے ہیں۔ (۶۴) انہوں نے اتباعِ دینِ حق چھوڑ دیا ہے اور جاہل و عالم فرضِ منصبی کے تارک ہو گئے ہیں۔ اشاعتِ دینِ الٰہی اور حمایتِ حق کے باعث جو روزانہ کرتے رہتے تھے اب وہ بند ہو گئی ہے اب اس کی بندش کا الزام خدا تعالیٰ پر لگاتے ہیں اس بہتان کے باعث ان پر لعنت پڑ رہی ہے خدا تعالیٰ تو ان کو دینے کے لئے تیار ہے لیکن انہوں نے لینے کا دروازہ خود بند کر دیا ہے۔ (۶۵) اگر اہل کتاب ان حرکتوں سے باز آ کر خدا تعالیٰ کی باتوں کو مان جاتے تو ان کو بھی سرفرازی کا تحفہ مل جاتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَآ أُنْزِلَ
اور اگر وہ تورات اور انجیل کو قائم رکھتے اور اس کو جو ان پر

إِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ
اُن کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے تو اپنے اوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے

أَرْجُلِهِمْ ۚ مِنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا
سے کھاتے کچھ لوگ ان میں سیدھی راہ پر ہیں اور اکثر ان میں سے بُرے کام

يَعْمَلُونَ ﴿٦٦﴾ ع يٰٓأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ
کر رہے ہیں اے رسول جو تجھ پر تیرے رب کی طرف سے اُترا ہے اُسے

رَّبِّكَ ۖ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۚ وَاللّٰهُ
پہنچا دے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہیں کیا اور اللہ

يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
تجھے لوگوں سے بچائے گا بے شک اللہ کافروں کی قوم کو راستہ

الْكٰفِرِينَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى
نہیں دکھاتا کہہ دو اے اہل کتاب تم کسی راہ پر نہیں ہو جب تک کہ تم

تُقِيمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَآ أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِّنْ
تورات اور انجیل اور جو چیز تمہارے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے قائم نہ

رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ مَّآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ
کرو اور ضرور ہے کہ یہ فرمان جو تم پر نازل ہوا ہے اُن میں سے اکثر کی سرکشی اور

رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ ﴿٦٨﴾
انکار کو اور زیادہ بڑھائے گا مگر انکار کرنے والوں کے حال پر کچھ افسوس نہ کرو

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصّٰبِـُٔونَ
بے شک جو مسلمان ہیں اور جو یہودی ہیں اور صابی

## ربط آیات

(٦٦) اگر یہ تورات اور انجیل کے ساتھ قرآن حکیم کو معمول بہ بنالیں تو زمین و آسمان کے خزانے ان کی خدمت کے لئے وقف کردئے جائیں۔ ان میں ایک جماعت میانہ رو موجود ہے اور اکثر خراب ہیں۔

ع ٩ ١٠ ١٣

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ١٠، امت مقتصدہ کی تبلیغ اور مسائل تبلیغیہ۔ ماخذ آیات ٦٦ـ٦٧، ٣، ٦٧ ۔ |

(٦٧) اس سے پہلی آیت میں آچکا ہے کہ اہل کتاب میں ایک جماعت میانہ رو نیک بخت موجود ہے۔ اس جماعت کے کانوں تک کلمہ حق پہنچانا آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا اور آپ کی جماعت کا فرض ہوگا۔

(٦٨) اہل کتاب سے کہا جائے گا کہ ہم تمہیں یہ نہیں کہتے کہ اپنی اپنی کتاب کی تکذیب کرو۔ بلکہ یہ چاہتے ہیں کہ ان کتابوں کے ساتھ اس کی بھی تصدیق کرو۔ اکثر ان میں سے اس ترمیم کے ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ
اور نصاریٰ جو کوئی اللہ اور قیامت پر ایمان لایا اور نیک کام

صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَقَدْ
کیے تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ہم نے

اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ
بنی اسرائیل سے پختہ وعدہ لیا تھا اور ان کی طرف کئی رسول

رُسُلًا ۭ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ
بھیجے تھے جب کبھی کوئی رسول ان کے پاس وہ حکم لایا جو ان کے نفس نہیں چاہتے تھے

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ
تو ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک جماعت کو قتل کر ڈالا اور یہی گمان کیا کہ کوئی

فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا
فتنہ نہیں ہوگا پھر اندھے اور بہرے ہوئے پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول کی پھر ان میں سے

وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ
اکثر اندھے اور بہرے ہو گئے اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ دیکھتا ہے البتہ تحقیق

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَ
وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا بے شک اللہ وہی مسیح مریم کا بیٹا ہی ہے حالانکہ

قَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ
مسیح نے کہا اے بنی اسرائیل اس اللہ کی بندگی کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے

اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ
بے شک جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا سو اللہ نے اس پر جنت حرام کی

وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾
اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا

## ربط آیات

(۶۹) تمام بنی آدم کے لیے نجات کا یہ اصول ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حکم آسکے جس وقت آسکے جس نبی کی معرفت آسکے اس پر ایمان لایا جائے اور اس کو عملی جامہ پہنایا جائے اور حساب وکتاب کا آخرت قائل ہو۔ تم یہ کہہ رہے ہو کہ خدا تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام یا عیسیٰ علیہ السلام کی معرفت توراۃ یا انجیل میں حکم دے گا تو اس کا اقرار کروگے لیکن قرآن میں آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت آئے تو نہیں مانوگے۔ یہ ایمان جیسے کامل اور خالص نہیں ہے (۷۰) وعدہ خلافی انبیاء علیہم السلام کی تکذیب اور ان کا قتل بنی اسرائیل کی عادت رہی ہے تفقد اب بھی اسی عادت مستمرہ کا اظہار کر رہے ہیں (۷۱) اعلانًا اتنی بے حیائیاں کر کے بھی انہوں نے سمجھا کہ یہ معمولی باتیں ہیں۔ اتنی شرارتوں کے باعث ان کو نظر میں سخت ہو گئیں۔ اندھے اور بہرے بن گئے

(۷۲) اس سے پہلے زیادہ تر یہود کی خرابیوں کا ذکر تھا۔ اب نصاریٰ کو تبلیغ کی جاتی ہے نصاریٰ میں مختلف خیال کے لوگ تھے بعض کا خیال تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام خود خدا ہی تھے۔ اس آیت میں اسی عقیدہ کا ذکر ہے۔ حالانکہ مسیح علیہ السلام نے بھی تصریح ہی سے باطل عقیدہ کے خلاف تبلیغ کی تھی کوشش ہی نہیں چھوڑی۔ وہ تو کہہ گئے ہیں اعبدوا اللہ ربی وربکم۔ الآیۃ



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وقف لازم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوٓا إِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ

جنہوں نے کہا کہ اللہ تین میں سے ایک ہے بے شک وہ کافر ہوئے حالانکہ سوائے

إِلٰهٍ إِلَّآ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ وَإِنْ لَّمْ يَنْتَهُوا عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ

ایک معبود کے اور کوئی معبود نہیں ہے اور اگر وہ اس بات سے باز نہ آئیں گے جو وہ کہتے ہیں تو ان میں

الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٣﴾ أَفَلَا يَتُوبُونَ إِلَى

سے کفر پر قائم رہنے والوں کو دردناک عذاب پہنچے گا اللہ کے آگے کیوں توبہ نہیں

اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ ۚ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيحُ

کرتے اور اس سے گناہ نہیں بخشواتے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے مسیح

ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ

مریم کا بیٹا تو صرف ایک پیغمبر ہی ہے جس سے پہلے اور بھی پیغمبر گزر چکے ہیں

وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ انْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ

اور اس کی ماں ولی ہے دونوں کھانا کھاتے تھے دیکھ ہم انہیں کیسی

لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ أَنّٰى يُؤْفَكُونَ ﴿٧٥﴾ قُلْ أَتَعْبُدُونَ

دلیلیں بتلاتے ہیں پھر دیکھ وہ کہاں الٹے جاتے ہیں کہہ دو تم اللہ کو چھوڑ کر ایسی

مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۚ

چیز کی بندگی کرتے ہو جو تمہارے نقصان اور نفع کے مالک نہیں

وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لَا

اور اللہ وہی ہے سننے والا جاننے والا کہہ اے اہل کتاب تم اپنے

تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوٓا أَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ

دین میں ناحق زیادتی مت کرو اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو اس

ضَلُّوا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَّضَلُّوا عَنْ سَوَآءِ

سے پہلے گمراہ ہو چکے اور انہوں نے بہتوں کو گمراہ کیا اور سیدھی راہ سے

## ربطِ آیات

(۷۳) یہ نصاریٰ کی دوسری جماعت کا عقیدہ ہے جو تین خدا مانتے ہیں۔ (۷۴) یہ کمبخت توبہ کر کے اللہ تعالیٰ سے معافی کیوں نہیں مانگ لیتے اللہ تعالیٰ کی مغفرت کا دروازہ ان پر کھلا ہے جب چاہیں تائب ہو کر داخل ہو سکتے ہیں (۷۵) عیسیٰ علیہ السلام بھی انبیاء علیہم السلام کی طرح ایک رسول تھے وہ اور ان کی والدہ بھی کھانا کھاتے تھے خدا تعالیٰ تو کھانے سے پاک ہے لہٰذا یہ ماں اور بیٹا خدا کیسے بن سکتے ہیں (۷۶) ایسے بے سمجھ ہو ایسی ہستیوں کو خدا بناتے ہو۔ جن کے قبضہ میں نہ تمہاری مضرت ہے اور نہ تمہارا نفع ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ۱۱ / ۱۴

السَّبِيلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ
دور ہو گئے بنی اسرائیل میں سے جو کافر ہوئے ان پر داؤد

لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوا
اور عیسیٰ بیٹے مریم کی زبان پر لعنت کی گئی یہ اس لئے کہ وہ نافرمان تھے اور حد سے

يَعْتَدُونَ ﴿٧٨﴾ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ
گذر گئے تھے آپس میں بُرے کام سے منع نہ کرتے تھے جو وہ کر رہے تھے

لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾ تَرَىٰ كَثِيرًا مِنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ
کیسا ہی بُرا کام ہے جو وہ کرتے تھے تو دیکھے گا کہ ان میں سے بہت سے لوگ کافروں سے

كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنْفُسُهُمْ أَنْ سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ
دوستی رکھتے ہیں انہوں نے کیسا ہی بُرا سامان اپنے نفسوں کے لئے آگے بھیجا اور وہ یہ کہ ان پر اللہ کا غضب ہوا

وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ
اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہنے والے ہیں اور اگر وہ اللہ اور نبی پر اور اس چیز پر جو

وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا
اس کی طرف سے نازل کی گئی ہے ایمان لاتے تو کافروں کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر لوگ

مِنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِينَ
نافرمان ہیں تو سب لوگوں سے زیادہ مسلمانوں کا دشمن

آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُمْ مَوَدَّةً
یہودیوں اور مشرکوں کو پائے گا اور تو سب سے نزدیک محبت میں

لِلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ
مسلمانوں سے ان لوگوں کو پائے گا جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں یہ اس لئے کہ ان میں

مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٨٢﴾
علماء اور فقراء ہیں اور اس لئے کہ وہ تکبر نہیں کرتے



## ربط آیات

تعلق نصاریٰ کو ۱۰۔ اہل کتاب کی تبلیغ میں نصاریٰ مقدم اور یہود دوسرے نمبر پر
ماخذ آیت ۸۰

(۷۷) اے اہل کتاب غلو میں پڑ کر یہود نے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی اور عیسائیوں نے انہیں یہاں تک بلند کیا کہ خدا بنا دیا۔ لہٰذا اے اہل کتاب یہ گمراہی کا راستہ چھوڑ دو اور سیدھے ہو کر خدا پرست بن جاؤ۔ جملہ معترضہ جس وقت مسلمان تبلیغ شروع کریں گے تو پہلے نصاریٰ کو تبلیغ کرنا کیونکہ ان کو فقط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو قائل کرنے کی ضرورت تھی اور یہود کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت منوانے کی بھی ضرورت تھی۔ لہٰذا یہود کے متعلق ہمارا کام دوگنا ہو جائے گا۔ اگر نصاریٰ کو پہلے اپنے ساتھ ملا لیں تو پھر یہود کو ساتھ ملانا آسان ہو گا۔ (۸۱-۷۸) یہود کی جماعت اپنے عصیان اور ظلم کے باعث ملعون ہو چکی ہے۔ (۷۹) ان میں یہ بہت بڑا مرض تھا کہ ایک دفعہ غلطی کر بیٹھتے تو اس پر ضد کرتے اور باز نہ آتے۔ (۸۰) ان میں سے اکثر کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھیں گے کہ خدا تعالیٰ کے دشمنوں سے دوستی رکھتے ہیں۔ حالانکہ یہ بدیہی بات ہے کہ دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہے۔ (۸۱) اگر یہ صاحب ایمان ہوتے تو کفار سے دوستی نہ رکھتے۔ (۸۲) اسلام سے یہود کو تو ایسی ہی عداوت ہے جیسی مشرکین کو۔ البتہ نصاریٰ نسبتاً یہود سے کم دشمن ہیں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ نصاریٰ میں اللہ تعالیٰ کے دوست موجود ہیں۔ اور ان میں ایسے علماء اور صوفی موجود ہیں جو حق بات کو دیکھ کر ماننے میں تامل نہیں کرتے اس لئے ان کے عوام

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ

اور جب اس چیز کو سنتے ہیں جو رسول پر اتری تو ان کی

أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۚ

آنکھوں کو دیکھے گا کہ آنسوؤں سے بہتی ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا

يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨٣﴾ وَمَا

کہتے ہیں اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں تو ہمیں ماننے والوں کے ساتھ لکھ لے اور ہمیں

لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ

کیا ہے کہ ہم اللہ پر ایمان نہ لائیں اور اس چیز پر جو ہمیں حق سے پہنچی ہے اور اس کی طمع

أَنْ يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ﴿٨٤﴾ فَأَثَابَهُمُ

رکھتے ہیں کہ ہمیں ہمارا رب نیکوں میں داخل کرے گا پھر اللہ نے

اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

انہیں اس کہنے کے بدلے ایسے باغ دیئے کہ جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں

خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٥﴾ وَالَّذِينَ

ان میں ہمیشہ رہیں گے اور نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے اور وہ لوگ

ع ١١

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٨٦﴾

جو کافر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ دوزخ کے رہنے والے ہیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ

اے ایمان والو ان ستھری چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ نے تمہارے لیے حلال

لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوا

کی ہیں اور حد سے نہ بڑھو بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور

## ربطِ آیات

(۸۳) نصاریٰ میں سلیم الفطرت آدمی اچھی تعداد میں موجود ہیں جو تعلیم قرآن سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ (۸۴) حق کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے میں انہیں عار نہیں ہے (۸۵) ایسے حق پرست اللہ تعالیٰ کے ہاں پوری عزت پائیں گے (۸۶) اور ان میں سے جو لوگ ہٹ دھرمی اور ضد سے باز نہ آنے والے ہیں جہنم کا ایندھن بنائے جائیں گے (۸۷) (جملہ معترضہ) آیات قرآن حکیم میں عموماً اس قدر جامع مضمون ہوتا ہے کہ اگر ماقبل و مابعد سے منقطع کر دیا جائے تو بھی کوئی حرج واقع نہیں ہوتا یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ عموماً مفسرین حضرات نے ربطِ آیات کی طرف بہت کم توجہ کی ہے لیکن جب ربطِ آیات قائم کیا جائے تو اس

خلاصہ رکوع ۱۲ - دین اسلام میں افراط و تفریط سے احتراز ہے۔ مانند آیت ۸۷۔

عام مضمون کو سیاق و سباق کے مناسب بیان کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ اس آیت میں یوں ہی کیا جائے گا، اے مسلمانو! جب تم سفرِ تبلیغ پر جاؤ تو حلال کو حرام یا حرام کو حلال نہ کر دینا بلکہ غیر مسلموں کے سامنے اصل اسلام پیش کرنا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ

اللہ کے رزق میں سے جو چیز حلال ستھری ہو کھاؤ اور اللہ سے ڈرو جس پر تم

بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ

ایمان رکھتے ہو اللہ تمہیں تمہاری بے ہودہ قسموں پر نہیں پکڑتا

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ

لیکن ان قسموں پر پکڑتا ہے جنہیں تم مستحکم کردو سو اس کا کفارہ

اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ

دس مسکینوں کو اوسط درجہ کا کھانا دینا ہے جو تم اپنے

اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

گھر والوں کو دیتے ہو یا دس مسکینوں کو کپڑا پہنانا یا گردن آزاد کرنی پھر جو شخص یہ نہ پائے

فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ

تو تین دن کے روزے رکھنے ہیں اسی طرح تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھاؤ

وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنے حکم بیان کرتا ہے

تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ

تاکہ تم شکر کرو اے ایمان والو شراب اور جوا

وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ

اور بت اور فال کے تیر سب شیطان کے گندے کام ہیں

فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ

سو ان سے بچتے رہو تاکہ تم نجات پاؤ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب

بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ

اور جوئے کے ذریعے سے تم میں دشمنی اور بغض ڈال دے اور تمہیں

## ربطِ آیات

(۸۸) یہ حلال چیزیں استعمال کرو۔ اصل چیز تقویٰ ہے اس کا البتہ پورا لحاظ رہے۔ (۸۹) جس حلال چیز کا کھانا تم نے چھوڑا ہے۔ اگر قسمیں منعقدہ سے بھی چھوڑا ہے۔ تو قسم توڑ کر اُسے کھاؤ اور کفارہ دے دو۔ (۹۰) پہلی آیات میں افراط سے روکا گیا تھا۔ اب تفریط سے روکا جاتا ہے۔ کہ ان محرمات کو حلال نہ سمجھو۔ اور اہل کتاب ان امور میں مبتلا ہوں تو تم ان کے ساتھ شریک نہ ہو جاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۹۱) یہ شیطان کے پھندے ہیں۔ ان کے باعث آپس میں عداوت ڈالتا ہے اور یادِ الٰہی سے روکتا ہے۔ (۹۲) تمہارا فرض ہے کہ شیطانی پھندوں سے بچو اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو۔ (۹۳) سابق الذکر حکم کے معلوم ہونے سے پہلے اگر افراط و تفریط کا ارتکاب ہو چکا ہے اور اب تعمیل حکم کے لئے تیار ہو تو پچھلی غلطیاں معاف ہو جائیں گی۔ (جملہ معترضہ) اپنی تکمیل کے بعد سفر تبلیغ کے لئے مسلمان نکلے تھے۔ مرکز اصلی کے ساتھ

ع ۱۲ / ۲

> خلاصہ رکوع ۱۳: مسلمان جہاں جائیں مرکز اصلی (بیت الحرام) سے تعلق منقطع نہ ہونے پائے۔ ماخذ آیت ۹۴۔۹۵۔۹۷۔

تعلق کا ذکر ابتدا سورۃ میں آ چکا ہے۔ اب پھر اخیر میں دوبارہ آیا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دور دراز ممالک میں جا کر مرکز اصلی سے تعلق منقطع نہ ہونے پائے۔ اسی میں زندگی ہے کہ ساری دنیا کے مسلمانوں کا مجاوماویٰ ایک ہے۔ ورنہ فنا ہو جائیں گے۔ (۹۴) یہ واقعہ حدیبیہ میں ہوا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا کمال اتباع ہے کہ شکار اتنا قریب ہے۔

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿٩١﴾
اللہ کی یاد سے اور نماز سے روکے سو اب بھی باز آ جاؤ

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ
اور اللہ اور رسول کا حکم مانو اور بچتے رہو پھر اگر تم

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٩٢﴾
پھر جاؤ گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کے ذمہ صرف کھول کر پہنچا دینا ہی ہے

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ
جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان پر اس میں کوئی گناہ نہیں

فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ
جو پہلے کھا چکے جبکہ آئندہ کو پرہیزگار ہوئے اور ایمان لائے اور عمل نیک کئے پھر

اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ
پرہیزگار ہوئے اور ایمان لائے پھر پرہیزگار ہوئے اور نیکی کی اور اللہ نیکی کرنے والوں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ
دوست رکھتا ہے اے ایمان والو! البتہ اللہ ایک بات سے تمہیں

بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ
آزمائے گا اس شکار سے جس پر تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچیں گے تاکہ اللہ معلوم

اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ
کرے کہ بن دیکھے اس سے کون ڈرتا ہے پھر جس نے اس کے بعد زیادتی کی

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ
تو اس کے لئے دردناک عذاب ہے اے ایمان والو! جس وقت تم احرام میں ہو

وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا
تو شکار کو نہ قتل کرو اور جو کوئی تم میں سے اسے جان بوجھ کر مارے تو اس مارے ہوئے کے برابر



کہ ہاتھ سے پکڑ سکتے ہیں لیکن نہیں پکڑتے بخلاف یہود کے کہ شکار سے منع کیا جاتا ہے لیکن حیلے بہانے بنا کر پکڑ لیتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًاۢ بٰلِغَ

مویشی میں سے اس پر بدلہ لازم ہے جو تم میں سے دو معتبر آدمی تجویز کریں بشرطیکہ قربانی

الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ

کعبہ تک پہنچنے والی ہو یا کفارہ مسکینوں کا کھانا کھلانا ہو یا اس کے برابر

صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ

روزے تاکہ اپنے کام کا وبال چکھے اللہ نے اس چیز کو معاف کیا جو گذر چکی

وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾

اور جو کوئی پھر کرے گا اللہ اس سے بدلہ لے گا اور اللہ غالب بدلہ لینے والا ہے

اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ

تمہارے لئے دریا کا شکار کرنا اور اس کا کھانا حلال کیا گیا ہے تمہارے واسطے اور مسافروں کے لئے فائدے ہے

وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اور تم پر جنگل کا شکار کرنا حرام کیا گیا ہے جب تک کہ تم احرام میں ہو اور اس اللہ سے ڈرو

الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ

جس کی طرف جمع کئے جاؤ گے اللہ نے کعبہ کو جو کہ بزرگی والا گھر ہے

الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَاۗىِٕدَ ۭ

لوگوں کے لئے قیام کا باعث کر دیا ہے اور عزت والے مہینے کو اور حرم میں قربانی والے جانور کو بھی اور جن کے گلے

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَ

میں پٹہ ڈال کر کعبہ کو لے جائیں یہ اس لئے ہے کہ تم جان لو کہ بیشک اللہ کو معلوم ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے اور

اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے جان لو بیشک اللہ سخت

الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ ۭ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ

عذاب والا ہے اور بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے رسول کے ذمہ سوائے پہنچانے

## ربطِ آیات

(۹۵) وہ احکام بتلائے جا رہے ہیں کہ جب اپنے مرکز کی طرف آؤ تو ان آداب کا لحاظ رکھ کر آؤ۔ (۹۶) ہاں احرام کی حالت میں سمندر کا شکار جائز ہے۔ (۹۷) سورۂ نساء کے پہلے رکوع میں مال کے لئے قیاماً کا لفظ استعمال کیا گیا ہے (ولا تؤتوا السفہاء اموالکم التی جعل اللہ لکم قیاماً) اور اس آیت میں بیت اللہ الحرام کو قیاماً للناس کہا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح مال معاشرت میں عزت کی زندگی کا کفیل ہے اسی طرح قومی اور سیاسی زندگی میں دنیائے اسلام کے لئے بیت اللہ الحرام کا تعلق روح رواں ہے جس طرح مال کے فنا ہو جانے سے انسان ذلیل و خوار پھرتا ہے۔ اسی طرح اگر مسلمان مرکز سے ٹوٹ جائیں گے تو انہیں عزت کی بجائے ذلت نصیب ہوگی اور بقا کی بجائے وہ فنا سے دوچار کئے جائیں گے۔ واللہ اعلم (۹۸) مرکز سے تعلق توڑا تو شدید العقاب کا سلوک ہوگا اور تعلق قائم رکھا تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اگر کوئی غلطی بھی ہو جائے گی۔ تو اللہ تعالیٰ درگذر فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَّا الْبَلٰغُ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿٩٩﴾ قُلْ
کے اور کچھ نہیں اور اللہ کو معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپ کر کرتے ہو کہہ دو

لَا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ
کہ ناپاک اور پاک برابر نہیں اگرچہ تمہیں ناپاک کی کثرت

الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰأُولِي الْأَلْبٰبِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠٠﴾ ع
بھلی معلوم ہو سو اے عقل مندو اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تمہاری نجات ہو

يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ
اے ایمان والو! ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کی جائیں

تَسُؤْكُمْ ۚ وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ ۖ
تو تمہیں بری لگیں اور اگر یہ باتیں ایسے وقت میں پوچھو گے جبکہ قرآن نازل ہو رہا ہے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی

عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۗ وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٠١﴾ قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ
گذشتہ سوالات اللہ نے معاف کر دیئے ہیں اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے ایسی باتیں تم سے پہلے ایک

مِنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كٰفِرِينَ ﴿١٠٢﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ
جماعت پوچھ چکی ہے پھر ان باتوں کے وہ مخالف ہو گئے اللہ نے

بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ وَلَا حَامٍ ۙ وَلٰكِنَّ الَّذِينَ
بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ اور حام مقرر نہیں کیے لیکن

كَفَرُوا يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۖ وَأَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿١٠٣﴾
کافر اللہ پر بہتان باندھتے ہیں اور ان میں سے اکثر بیوقوف ہیں

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَإِلَى الرَّسُولِ
اور جب انہیں کہا جاتا ہے اس کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کیا اور رسول کی طرف

قَالُوا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ
تو کہتے ہیں کہ ہمیں وہ کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا بھلا اگرچہ

### ربط آیات

(٩٩) سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کام فقط صحیح راستہ دکھانا ہے کام کرنا تمہارا فرض

ع ١٣ ٧ ٤

خلاصہ رکوع ١٣۔ سوالات لایعنی اور رسوم جاہلیت سے شدید پرہیز کرنا لازمی ہے ماخوذ آیات ١٠١-١٠٣

ہے۔ (١٠٠) مالی اور جانی قربانی پر آمادہ ہونے والا طیب ہے۔ ایسے طیبین کی چھوٹی سی جماعت بھی بڑا کام دے گی اور اگر یہ مادہ پیدا نہ ہوا پھر وہ جماعت خواہ کتنی ہی بڑی ہو بیکار محض ہوگی (١٠١) ایک ضرب المثل ہے کثرۃ الکلام یعنی عن العمل یعنی باتونی آدمی بیکار ہوتا ہے لہٰذا اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو زیادہ سوالات کرنے سے روکا جاتا ہے کہ جو حکم ملے فقط اس کی تعمیل کرو ورنہ جو پوچھو گے جواب ملے گا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہاری آزادی کا دائرہ تنگ ہو جائے گا اور تکلیف اٹھاؤ گے (١٠٢) پہلی قومیں اس طرح تباہ ہو چکی ہیں کہ ہر بات اپنے نبی سے پوچھی اپنا دائرہ تنگ کر لیا اور پھر عمل نہ کر سکے اور نافرمانی کے جرم میں مارے گئے۔ (١٠٣) اسلام کے دائرے میں آنے کے بعد رسوم جاہلیت سے بھی تائب ہو جاؤ۔ وہ رسمیں اکثر کفار کی افترا پردازی سے پیدا شدہ ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٠٤﴾ يٰٓأَيُّهَا

ان کے باپ دادا نہ کچھ علم رکھتے ہوں نہ انھوں نے ہدایت پائی ہو تو بھی ایسا ہی کرینگے — اے

الَّذِينَ اٰمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ

ایمان والو! تم پر اپنی جان کی فکر لازم ہے تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی گمراہ ہو

إِذَا اهْتَدَيْتُمْ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ

جبکہ تم ہدایت یافتہ ہو تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتلاوے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا شَهَادَةُ

جو کچھ تم کرتے تھے اے ایمان والو! جبکہ

بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِينَ الْوَصِيَّةِ

تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے تو وصیت کے وقت تمہارے

اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ أَوْ اٰخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ

درمیان تم میں سے معتبر آدمی گواہ ہونے چاہئیں یا تمہارے سوا دو گواہ اور ہوں اگر

أَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ

تم نے زمین میں سفر کیا ہو پھر تمہیں موت کی مصیبت

الْمَوْتِ تَحْبِسُونَهُمَا مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ

آ پہنچے ان دونوں کو نماز کے بعد کھڑا کرو وہ دونوں اللہ کی

بِاللّٰهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا

قسمیں کھائیں اگر تمہیں کہیں شبہ ہو کہ ہم قسم کے بدلے مال نہیں لیتے اگرچہ رشتہ داری کیوں

قُرْبٰى وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ إِنَّآ إِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِينَ ﴿١٠٦﴾

نہ ہو اور ہم اللہ کی گواہی نہیں چھپاتے ورنہ ہم بے شک گناہ گار ہوں گے

فَإِنْ عُثِرَ عَلٰٓى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ إِثْمًا فَاٰخَرَانِ يَقُومٰنِ

پھر اگر اس بات کی اطلاع ہو جائے کہ وہ دونوں گناہ کے مستحق ہوئے ہیں تو ان کی جگہ اور دو گواہ کھڑے

## ربطِ آیات

(۱۰۴) معاندین حق کو جب جاہلانہ تباہ کن رسموں سے روکا جاتا ہے تو آباؤ اجداد کی پاسداری کے باعث اتباع حق سے انکار کرتے ہیں۔ (۱۰۵) اپنی اصلاح کے بعد کہیں رعونت اور تکبر میں مبتلا نہ ہو جانا۔ کہ ہم تو ہو گئے نیست اور دوسرے کی گمراہی دیکھ کر اس کے پیچھے پڑ جانا بلکہ اپنے نفس کی محافظت میں ہشیار رہو صحبت سے آدمی خواہ مخواہ بڑے اچھے اور فی الحقیقت برے اور بعض اس کے برعکس باطن کا اندازہ لگانا بے شک ہمارا فرض نہیں ہے ہاں بظاہر نظام کے چلانے کے لئے ہمیں اچھے آدمی چاہئیں اس کے لئے آئندہ آیت میں قاعدہ بیان کیا جاتا ہے۔ (۱۰۶) معاملات میں اچھا وہ شخص ہے جس کے حق میں دو بھلے مانس گواہی دے دیں کہ یہ اچھا ہے البتہ وہ آدمی ایسے ہونے چاہئیں جن کا اس کے ساتھ کبھی کوئی معاملہ بھی ہوا ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص نے دوسرے کے حق میں اچھے ہونے کی گواہی دی آپ نے فرمایا تم نے کبھی اس کے ساتھ سفر کیا جواب ملا نہیں فرمایا کہ تجارت میں شرکت کی جواب ملا نہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا پھر تم اس کے حق میں کس طرح اچھے ہونے کی گواہی دیتے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24 ALMARIFAT

مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيٰنِ

ہوں ان میں سے جن کا حق دبایا گیا ہے جو سب سے زیادہ میت کے قریب ہوں

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

پھر اللہ کی قسم کھائیں کہ ہماری گواہی ان کی گواہی سے زیادہ سچی ہے

وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ إِنَّآ إِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿١٠٧﴾ ذٰلِكَ أَدْنٰٓى

اور ہم نے زیادتی نہیں کی ورنہ ہم بیشک ظالموں میں سے ہوں گے یہ اس امر کا قریب ذریعہ

أَنْ يَّأْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ أَوْ يَخَافُوٓا أَنْ

ہے کہ وہ لوگ واقع کو ٹھیک طور پر ظاہر کردیں یا اس بات سے ڈر جائیں کہ

تُرَدَّ أَيْمَانٌۢ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۗ

قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کی جائیں گی اور اللہ سے ڈرتے رہو اور سنو

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِينَ ﴿١٠٨﴾ ع يَوْمَ يَجْمَعُ

اور اللہ نافرمانوں کو سیدھی راہ پر نہیں چلاتا جس دن اللہ

اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ أُجِبْتُمْ ۖ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۖ

سب پیغمبروں کو جمع کریگا پھر کہے گا تمہیں کیا جواب دیا گیا تھا وہ کہیں گے ہمیں کچھ خبر نہیں

إِنَّكَ أَنْتَ عَلّٰمُ الْغُيُوْبِ ﴿١٠٩﴾ إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيسَى ابْنَ

تو ہی چھپی باتوں کو جاننے والا ہے جب اللہ کہے گا اے عیسیٰ مریم

مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ إِذْ أَيَّدْتُّكَ

کے بیٹے میرا احسان یاد کر جو تجھ پر اور تیری ماں پر ہوا ہے جب میں نے

بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۖ قف تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَإِذْ

روح پاک سے تیری مدد کی تو لوگوں سے گود میں اور ادھیڑ عمر میں بات کرتا تھا اور جب

عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ ۚ

میں نے تجھے کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل سکھائی

## ربطِ آیات

(۱۰۷) چنانچہ اس معاملہ میں دو شریف آدمی میت کے خاندان والوں میں سے وصی میت کی تکذیب کریں تو ان کی شہادت قبول کی جاتی ہے (۱۰۸) یہ قانون اس لئے بنایا گیا ہے کہ لوگ صحیح شہادت دے سکیں اور انہیں ڈر ہو کہ اگر ہم نے جھوٹی شہادت دی تو ہماری شہادت مسترد ہو سکتی ہے ۔(۱۰۹) معاملہ دنیاوی میں تو اس کو اچھا سمجھا جاتا تھا جس کو دو آدمی کہہ دیں کہ یہ اچھا ہے اب تبلایا جاتا ہے کہ بخدا انشہ نجات کس طرح ہوگی انبیاء علیہم السلام سے سوال ہوگا کہ ان لوگوں نے آپ کی

ع ۱۴

خلاصہ رکوع ۱۵: قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام بطور شاہد عدل کے پیش ہوں گے۔ ماخذ آیت ۱۰۹

کیا قدر کی۔ پہلے تو انبیاء علیہم السلام تواضع اور خشوع کے لحاظ سے یہی عرض کرینگے کہ خداوندا مخفی رازوں کا تو ہی جاننے والا ہے۔ ہمارا علم تیرے علم کے مقابلے میں کوئی چیز ہی نہیں ہے۔ اس کے بعد اپنی اپنی امت پر گواہی دینگے (کذافی فتح الرحمٰن) (جملہ معترضہ) آئندہ دو رکوع میں عیسیٰ علیہ السلام کے واقعات بطور نمونہ ذکر کئے جاتے ہیں کہ جو خواہش ان کی ہوگی ویسے انبیاء علیہم السلام کی خواہش بھی غالباً ویسی ہی ہوگی حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر دوستوں اور

نصف الحزب

دشمنوں نے بڑے بڑے الزام لگائے اس کے بعد اس مجرم مجسم کرانا فضہ تا چاہیئے تھا کہ یہ سب لوگ جہنم رسید کئے جائیں لیکن پھر بھی دیکھئے کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔ انتہی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي

اور جب تو مٹی سے جانور کی صورت میرے حکم سے بناتا تھا

فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي وَتُبْرِئُ

پھر تو اس میں پھونک مارتا تھا تب وہ میرے حکم سے اڑنے والا ہو جاتا تھا اور مادر زاد

الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ

اندھے کو اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا کرتا تھا اور جب مُردوں کو میرے حکم سے

بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ

نکال کھڑا کرتا تھا اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا جب

جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ

تو ان کے پاس نشانیاں لے کر آیا تو جو ان میں کافر تھے وہ کہنے لگے

إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١١٠﴾ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى

اور کچھ نہیں یہ تو صریح جادو ہے اور جب میں نے

الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا

حواریوں کے دل میں ڈال دیا کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ تو کہنے لگے کہ ہم ایمان لائے

وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ﴿١١١﴾ إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ

اور تو گواہ رہ کہ ہم اللہ کے فرمانبردار ہیں جب حواریوں نے کہا

يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ

اے عیسیٰ مریم کے بیٹے کیا تیرا رب کر سکتا ہے کہ

يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ

ہم پر خوان بھرا ہوا آسمان سے اتارے کہا اللہ سے ڈرو

إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾ قَالُوا نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا

اگر تم ایمان دار ہو انہوں نے کہا ہم چاہتے ہیں کہ اس میں سے کھائیں

## ربطِ آیات

(۱۱۰) اس سارے رکوع میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق تذکیر بآلاء اللہ کا ذکر ہے دوسرے رکوع کے آغاز میں ان سے محاسبہ شروع ہوگا کہ آیا ان نعمتوں کا مورد بن کر تو نے یہی تعلیم دی تھی کہ مجھے اور میری ماں کو بھی خدا بناؤ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنی صفائی پیش کریں گے۔

(۱۱۱) سابقہ انعامات کے علاوہ یہ احسان بھی تم پر کیا گیا کہ حواریوں کو تمہارا ساتھی بنایا

(۱۱۲) حواریوں نے مائدہ کے نزول کی حضرت عیسیٰ سے استدعا کی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ

اور ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم جان لیں کہ تو نے ہم سے سچ کہا ہے اور ہم

عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ﴿١١٣﴾ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ

اس پر گواہ رہیں عیسیٰ مریم کے بیٹے نے کہا

اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ

اے اللہ رب ہمارے ہم پر بھرا ہوا خوان آسمان سے اتار جو ہمارے

لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ ۖ وَارْزُقْنَا

پہلوں اور پچھلوں کے لئے عید ہو اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو اور ہمیں رزق دے اور

وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١٤﴾ قَالَ اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ

تو ہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے اللہ نے فرمایا بے شک میں وہ خوان تم پر اتاروں گا

فَمَن يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّا أُعَذِّبُهُ

پھر اس کے بعد جو کوئی تم میں سے ناشکری کریگا تو میں اسے ایسی سزا دوں گا جو

أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴿١١٥﴾ ع وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ

دنیا میں کسی کو نہ دی ہو گی اور جب اللہ فرمائے گا اے عیسیٰ مریم کے

مَرْيَمَ أَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ

بیٹے کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ خدا کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی دو

مِن دُونِ اللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ

خدا بنا لو وہ عرض کرے گا تو پاک ہے مجھے لائق نہیں کہ ایسی بات کہوں

مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ ۚ إِن كُنتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ ۚ تَعْلَمُ

کہ جس کا مجھے حق نہیں اگر میں نے یہ کہا ہو گا تو تجھے ضرور معلوم ہو گا جو میرے

مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنتَ

دل میں ہے تو جانتا ہے اور جو تیرے دل میں ہے وہ میں نہیں جانتا بے شک تو ہی

ربع

**ربطِ آیات**

(۱۱۳) تاکہ مشاہدہ سے ان کو اطمینان قلبی نصیب ہو اور وہ حضرت عیسیٰ کے اس معجزہ پر عینی گواہ بنیں۔ (۱۱۴) ان کی فرمائش پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی تکون لنا عیدًا بظاہر قوم کے لئے عید کی ضرورت ہے۔ اور اس کے لئے کوئی سبب ہونا چاہیے۔ مذہبی قومیں کے لئے وہ سبب ہو سکتا ہے جس دن ان پر کوئی مذہبی برکت نازل ہوئی ہو۔

(۱۱۵) منہ مانگی مراد تو حاصل ہو گی لیکن اگر اس کے بعد انکار کیا تو سخت سزا ملے گی۔

ع ١٦ / ٥

خلاصہ رکوع ۱۶ تنقلہ انبیاء علیہم السلام پر وقتِ شہادت۔ ماخذ آیت ۱۱۸۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَآ أَمَرْتَنِي

چھپی ہوئی باتوں کو جاننے والا ہے میں نے ان سے اس کے سوا کچھ نہیں کہا جس کا تو نے مجھے حکم دیا

بِهٖٓ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

تھا کہ اللہ کی بندگی کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے اور میں اس وقت تک

شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ

ان کا نگران تھا جب تک ان میں رہا پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا تو

أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

تو ہی ان کا نگران تھا اور تو ہر چیز سے

شَهِيدٌ ﴿۱۱۷﴾ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَ

خبردار ہے اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے ہی بندے ہیں اور

إِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۱۸﴾

اگر تو انہیں معاف کر دے تو تو ہی زبردست حکمت والا ہے

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِينَ صِدْقُهُمْ

اللہ فرمائے گا یہ وہ دن ہے جس میں سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا

لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ

ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں سے ہمیشہ

فِيهَآ أَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذٰلِكَ

رہنے والے ہوں گے ان سے اللہ راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہی

الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

بڑی کامیابی ہے آسمانوں اور زمین

وَمَا فِيهِنَّ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اللہ ہی کی سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

## ربطِ آیات

(جملہ معترضہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہ نبی ہیں جن کو غیروں (یعنی یہود) نے بھی سخت ایذائیں دیں اور اپنوں (یعنی نصاریٰ) نے بھی ایذا پہنچائی کہ ایسے عقائد ان کے متعلق اختراع کئے۔ کہ قیامت کے دن دربارِ الٰہی میں ان کو مسئول بنایا۔ باوجود ایسی ایذا پہنچنے کے پھر بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تمنا یہ معلوم ہوتی ہے کہ ان کی امت کو مغفرت نصیب ہو جیسا کہ آخری فقرہ وان تغفر لھم کا بحضور شہنشاہ حقیقی عرض کرتے ہیں علیٰ ہذا القیاس باقی انبیا علیہم السلام کی تمنا بھی اپنی اپنی امت کے متعلق غالباً ایسی ہی ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب (۱۱۶) اے عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کیا تو نے امت کو یہ تعلیم دی تھی کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ تعالیٰ کے سوا دو خدا مان لو۔ اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی بیان ہے۔ (۱۱۷) آپ فرماتے ہیں میں نے تو انہیں تیری طرف سے یہ پیغام پہنچایا تھا۔ (۱۱۸) دور کرنے کا تکمل اس آیت میں ہے کہ اپنے دوست نما دشمنوں کے لئے عیسیٰ علیہ السلام کی درخواست یہ ہوگی (۱۱۹) اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ آج تو فقط حق وصداقت نفع دیتی ہیں متبعین حق کے لئے عزت ونجات مخصوص ہے۔ (۱۲۰) آسمان وزمین کی بادشاہی کا مالک فقط وہی ہے وہ جو چاہے فیصلہ کر سکتا ہے۔ اسی کا یہ فیصلہ ہے جو گذشتہ آیت میں مذکور ہے اس میں چون وچرا کرنے کی گنجائش نہیں ہے (جملہ معترضہ) مجوس کا عقیدہ

ع ۱۶ / ۶



ہے کہ خالق دو ہیں (۱) خالق خیر جسے یزداں کہتے ہیں (۲) خالق شر جسے اہرمن کہتے ہیں اس سورت میں اس خیال باطل کی تردید کی جائیگی سبق توحید پختہ کرایا جائیگا جنگی ترحید کے لئے اتباع کتاب اللہ کرایا جائیگا [illegible]

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰیاتها ۱۶۵ — ۶ سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ ۵۵ — رکوعاتها ۲۰

آیتیں ۱۶۵ — سورۂ انعام — مکی ہے — رکوع ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے آسمان اور زمین بنائے اور

الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝۱

اندھیرا اور اجالا بنایا پھر بھی یہ کافر اوروں کو اپنے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے ہیں

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَ

اللہ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر ایک وقت مقرر کر دیا اور

اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝۲ وَهُوَ اللّٰهُ

اس کے ہاں ایک مدت مقرر ہے تم پھر بھی شک کرتے ہو اور وہی ایک اللہ

فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ

آسمانوں میں بھی ہے اور زمین میں بھی تمہارے ظاہر اور چھپے سب حال جانتا ہے اور جانتا

مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا

ہے جو کچھ تم کرتے ہو ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ایسی نہیں جو ان کے سامنے آئی

كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ

ہو اور انہوں نے منہ نہ موڑا ہو اب جو حق ان کے پاس آیا تو اسے بھی انہوں نے جھٹلایا

فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰۗـؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ

جس چیز کا وہ اب تک مذاق اڑاتے رہے ہیں عنقریب اس کے متعلق کچھ خبریں ان کو پہنچیں گی کیا

يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ

وہ دیکھتے نہیں کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتیں ہلاک کر دیں جنہیں ہم نے انہیں زمین میں وہ اقتدار بخشا تھا

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۱ - (۱) توحید (۲) کتاب اللہ (۳) رسالت - ماخذ (۱) آیت ۱ - ۲ - ۳ (۲) آیت ۴ (۳) آیت ۵ -

(۱) جس طرح اللہ تعالیٰ روحانیات کا خالق ہے اسی طرح مادیات کا بھی خالق ہے نور اور ظلمت دونوں کا بنانے والا ہے کفار یہ خیال کرتے ہیں کہ نور کا وہ خالق ہے - اور ظلمت کا خالق کوئی دوسرا ہے - (۲) تمہیں کسی وجہ سے گارے مٹی سے بنایا اور ایک مدت تمہارے رہنے کی مقرر فرمائی اگر اللہ تعالیٰ اپنے علو مرتبت کے باعث غیر نورانی چیز کو ہاتھ نہ لگانا چاہتا تو مٹی جیسی حقیر شے سے انسان کو کیسے بناتا لیکن چونکہ اس کے سوا اور کوئی خالق نہیں ہے اس لئے ہر چیز کو خود ہی اپنی قدرت کاملہ سے بناتا ہے۔ (۳) چونکہ خالق اس کے سوا اور کوئی نہیں لہٰذا معبود اور مسجود ہونے کا اہل بھی وہی ہوگا - (۴) انہوں نے شیوہ بنا رکھا ہے کہ جب انہیں کوئی صحیح بات سمجھائی جائے۔ تو انکار کر بیٹھتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا صٓ وَّ

جو تمہیں نہیں بخشا اور ہم نے ان پر آسمان سے خوب بارشیں برسائیں اور

جَعَلْنَا الْأَنْهٰرَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنٰهُم بِذُنُوبِهِمْ

ان کے نیچے نہریں بہا دیں پھر ہم نے انہیں ان کے گناہوں کی پاداش میں ہلاک کر دیا

وَأَنشَأْنَا مِنۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِينَ ﴿۶﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

اور ہم نے ان کے بعد اور امتوں کو پیدا کیا اور اگر ہم تم پر کوئی کاغذ پر

كِتٰبًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ

لکھی ہوئی کتاب بھی اتار دیتے اور لوگ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو کر بھی دیکھ لیتے تب بھی کافر یہی

كَفَرُوا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿۷﴾ وَقَالُوا لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ

کہتے کہ یہ تو صریح جادو ہے اور کہتے ہیں اس پر کوئی فرشتہ کیوں

مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنظَرُونَ ﴿۸﴾

نہیں اتارا گیا اور اگر ہم فرشتہ اتارتے تو اب تک فیصلہ ہو چکا ہوتا پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا

اور اگر ہم کسی فرشتہ کو رسول بنا کر بھیجتے تو وہ بھی آدمی ہی کی صورت میں ہوتا اور انہیں اسی شبہ میں ڈالتے جس

يَلْبِسُونَ ﴿۹﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ

اب مبتلا ہیں اور تم سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کا مذاق اڑایا جا چکا ہے

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿۱۰﴾ ع

پھر جن لوگوں نے ان سے مذاق کیا تھا انہیں اسی عذاب نے آگھیرا جس کا مذاق اڑاتے تھے

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

کہہ دو کہ ملک میں سیر کرو پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا کیا انجام

الْمُكَذِّبِينَ ﴿۱۱﴾ قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُل

ہوا ان سے پوچھو آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے وہ کس کا ہے کہہ دو

## ربط آیات

(۵) یہ تعلیم کو جھٹلا رہے ہیں تکذیب حق کرنیوالوں کے واقعات سے انہیں پتہ لگ جائے گا کہ یہ لوگ کس سلوک کے مستحق ہیں (۶) کیا انہیں معلوم نہیں کہ ہم نے بڑی بڑی طاقتور اور مال و متاع سے بھرپور قوموں کو اسی جرم میں تباہ کر دیا کہ وہ حق و صداقت کی مخالف تھیں (۷) یہ ایسے بدنصیب ہیں کہ اگر آسمان سے بنی بنائی کتاب بھی نازل ہو اور پھر ہاتھ لگا کر دیکھ لیں تو بھی یہی کہیں گے کہ ہم پر جادو کیا گیا ہے (۸) کتاب اللہ پر اعتراض کے بعد اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرتے ہیں کہ اگر آپ خدا تعالیٰ کے رسول ہیں تو آسمان سے فرشتہ آپ کی تائید کے لئے کیوں نازل نہیں ہوتا (۹) بالفرض اگر فرشتہ آسمان سے نازل بھی ہوتا تو بھی انسانی شکل میں آتا ورنہ تم اسے دیکھ بھال نہ سکتے پھر یہی اعتراض وارد ہوتا کہ یہ انسان کیوں ہے۔ (۱۰) اس قسم کے بیہودہ تمسخر

خلاصہ رکوع ۲ حصول جذبۂ توحید کے لئے تمسک بہ کتاب اللہ تعالیٰ لازمی ہے۔ ماخذ آیت ۱، ۰

آپ سے پہلے انبیاء علیہم السلام سے بھی کئے گئے اور استہزاء کرنے والوں پر آخر وبال پڑا (۱۱) تباہ شدہ قوموں کے کھنڈر جا کر دیکھو اور ان کے حالات سوچو کہ دعوت الی اللہ دینے والوں کی تکذیب کے باعث کس طرح عذاب میں مبتلا کئے گئے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِلّٰهِ ۚ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا

سب کچھ اللہ ہی کا ہے اس نے اپنے اوپر رحم لازم کر لیا ہے وہ قیامت کے دن تم سب کو ضرور اکٹھا کرے گا جس میں

رَيْبَ فِيْهِ ۚ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

کچھ شک نہیں جو لوگ اپنی جانوں کو نقصان میں ڈال چکے ہیں وہ ایمان نہیں لاتے

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ رات اور دن میں پایا جاتا ہے اور وہی سننے والا اور جاننے والا ہے

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

کہہ دو جو اللہ آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے کیا اس کے سوا کسی اور کو اپنا مددگار بناؤں اور

هُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ

وہ سب کو کھلاتا ہے اور سے کوئی نہیں کھلاتا کہہ دو مجھے تو حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے اس کا

مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّىْٓ

فرمانبردار ہو جاؤں اور تو ہرگز مشرکوں میں شامل نہ ہو کہہ دو اگر میں

اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾

اپنے رب کی نافرمانی کروں تو ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۚ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ

جس سے اس دن عذاب ٹل گیا تو اس پر اللہ نے رحم کر دیا اور یہی بڑی

الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ

کامیابی ہے اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اور کوئی دور کرنے

اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

والا نہیں اور اگر تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ۚ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

قادر ہے اور اپنے بندوں پر اسی کا زور ہے اور وہی حکمت والا

## ربط آیات

(۱۲) خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ نے تو اپنی ذات پر رحمت لازم کر رکھی ہے لہٰذا اگر ان شرارتوں سے باز آجاؤ تو رحمت الٰہی تمہارا ساتھ دے گی اور سارے سابقہ گناہ معاف ہو جائیں گے اس کے روبرو حاضر ہونے سے تم بچ نہیں سکتے وہ قیامت کے دن سب کو ایک میدان میں جمع کرے گا کم نصیب ان باتوں کو کب سمجھتے ہیں۔ (۱۳) دن رات میں جو کچھ رہتا ہے سب خدا تعالیٰ کا ہے سب جگہ قانون مجازات جاری ہے تو کیا انسان ہی ایک ایسی ہستی ہے جو اس قانون سے مستثنیٰ ہو۔ باقی چیزوں میں مجازات کے معنی ہیں کہ تمام علتیں اپنا کام پورا کر رہی ہیں جو کام کل ہوا تھا آج اس کا نتیجہ نکل رہا ہے اور جو آج ہو رہا ہے اس کا نتیجہ کل نکلے گا۔ تو کیا انسان ہی کے اعمال چھوڑ دیئے جائیں گے۔ (۱۴) شرک تسلیم کر لینا انسان کی فطرت کے خلاف ہے۔ جب انسان خود اپنے درجہ میں شرک قبول نہیں کر سکتا تو کیا خدا تعالیٰ ہی کے حلقۂ حکومت میں کسی کو شریک بنانا جائز ہوگا (۱۵) اگر میں نے اپنی فطرت کو چھوڑا تو مجھے بھی عذاب الیم کا ڈر ہے۔ (۱۶) محاسبے کے دن جس سے عذاب ٹل گیا۔ اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی۔ (۱۷) خدا تعالیٰ اتنی زبردست طاقت والا ہے کہ اس کے فیصلے کو کوئی روک نہیں سکتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْخَبِيرُ ﴿١٨﴾ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ شَهِيدٌ
خبردار ہے | تو پوچھ سب سے بڑا گواہ کون ہے | کہہ دو اللہ | میرے اور

بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنذِرَكُم
تمہارے درمیان گواہ ہے | اور | مجھ پر یہ قرآن اُتارا گیا ہے تاکہ تمہیں اس کے ذریعے سے ڈراؤں

بِهِ وَمَن بَلَغَ ۚ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً
اور جس جس کو یہ قرآن پہنچے | کیا تم گواہی دیتے ہو | کہ اللہ کے ساتھ اور بھی کوئی

أُخْرَىٰ ۚ قُل لَّا أَشْهَدُ ۚ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي
معبود ہیں | کہہ دو میں تو گواہی نہیں دیتا | کہہ دو وہی ایک معبود ہے | اور میں تمہارے

بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ
شرک سے بیزار ہوں | جنہیں ہم نے | کتاب دی ہے

يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا
وہ اسے پہچانتے ہیں | جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں | اور جو لوگ اپنی جانوں کو نقصان

أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ
میں ڈال چکے ہیں وہی ایمان نہیں لاتے | جو شخص اللہ پر بہتان باندھے

عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ
یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے | اس سے زیادہ ظالم کون ہے | بے شک ظالم نجات نہیں

الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ
پائیں گے | اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے | پھر ان لوگوں سے

لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ
کہیں گے جنہوں نے شرک کیا تھا تمہارے شریک کہاں ہیں | جن کا | تمہیں

تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا
دعویٰ تھا | پھر سوائے اس کے ان کا اور کوئی بہانہ نہ ہوگا | کہیں گے

وقف لازم

ع ٢ / ٨

## ربطِ آیات

(١٨) یہ آخری درجہ ہے شہادت نبی کا اور جملہ معترضہ ہے، حاصل یہ ہوا کہ سب سے بڑی بداخلاقی یہ ہے کہ اپنے حلقۂ حکومت میں تو شرک جائز نہ رکھے اور خدا تعالیٰ کے حلقۂ حکومت میں جائز رکھے اور دوسری یہ کہ خالق تو خدا ہو اور مجازاً کا مالک دوسرے کو سمجھے (١٩) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ ہے کہ میری تعلیم کی پابندی سے دنیا میں عزت ملے گی اور اس کے خلاف میں ذلت نصیب ہوگی اور چونکہ عزت اور ذلت سوائے خدائے تعالیٰ کے اور کوئی دے نہیں سکتا اس لئے خود معلوم ہو جائے گا کہ آیا یہ صحیح ہے یا غلط اوحی الی ہذا القرآن، ایک تو وہ درجہ تھا۔ غرض خدا تعالیٰ چونکہ میری عزت

(١) خلاصہ رکوع ٢۔ ترک اتباع کتاب اللہ سے ابتلائی الشرک، اور مشرکین کی ذلت
ماخذ (١) آیت ٢١۔٢٢ (٢) آیت ٣٠

کرے گا۔ اس پر تم خود سمجھ لوگے اور دوسری یہ بات ہے کہ میں کسی پر جبر تو نہیں کر دیتا۔ بلکہ جو کچھ وحی ہوتا ہے اسے لوگوں کے روبرو پیش کر دیتا ہوں اور ذمی بری، توحید کا مسئلہ اگرچہ صاف ہے لیکن جب تک اللہ کا نبی شرک سے برات ثابت نہیں کرتا، تب تک لوگ زیادہ توجہ نہیں کریں گے۔ (٢٠) اہل کتاب اس مسئلہ توحید کو خوب سمجھتے ہیں لیکن اپنی کور باطنی سے اس کی تائید نہیں کرتے (٢١) مسئلہ توحید کے بعد دوسرا اصولی مسئلہ احکام الٰہی کی تسلیم کا ہے اس میں بھی وہ لوگ مخالف ہیں۔ تکذیب آیات اللہ کر رہے ہیں، اس سے جو برا نتیجہ نکلنے والا ہے اسے آئندہ آیتوں میں بتلایا گیا ہے۔ (٢٢) جن کو تم خدا تعالیٰ کے شریک سمجھتے تھے وہ کہاں ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا

ہمیں اللہ اپنے پروردگار کی قسم ہے کہ ہم تو مشرک نہیں تھے — دیکھو اپنے اوپر انہوں نے کیسا

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

جھوٹ بولا — اور جو باتیں وہ بنایا کرتے تھے وہ سب غائب ہو گئیں

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً

اور بعض اُن میں سے تیری طرف کان لگائے رہتے ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال رکھے ہیں

اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا

جن کی وجہ سے وہ کچھ نہیں سمجھتے اور ان کے کانوں میں گرانی ہے اور اگر یہ تمام نشانیاں بھی دیکھ لیں تو بھی ان

يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ

پر ایمان نہ لاویں گے — جب وہ تمہارے پاس آکر تم سے جھگڑتے ہیں — تو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَ

کافر کہتے ہیں کہ یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہی ہیں اور

هُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـــَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ

یہ لوگ اس سے روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور بھاگتے ہیں اور نہیں ہلاک کرتے

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا

مگر اپنے آپ کو اور سمجھتے نہیں — کاش تم اس وقت کی حالت دیکھ سکتے جب دوزخ

عَلَي النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ

کے کنارے کھڑے کئے جائیں گے اس وقت کہیں گے کاش کوئی صورت ایسی ہو کہ ہم واپس بھیج دئے جائیں

رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا

اور اپنے رب کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان والوں میں ہو جائیں — بلکہ جس چیز کو اس سے پہلے چھپاتے

يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ

تھے وہ ظاہر ہو گئی — اور اگر یہ واپس بھیج دیئے جائیں تب بھی وہی کام کریں گے جن سے انہیں منع کیا گیا تھا

### ربط آیات

(۲۳) تصدیق بآیات اللہ تعالیٰ نہ کرنے کے باعث اپنے مسلک کی خود ہی تردید کر رہے ہیں۔ (۲۴) دنیا میں جس ان کا خود ساختہ مسلک شرک تھا اس سے خود ہی اظہار نفرت کر رہے ہیں (۲۵) چونکہ ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اور قرآن پاک سے حسن عقیدت نہیں ہے۔ اس لئے اگر سن بھی لیں تو اثر کچھ نہیں، تو کہتے ہیں کہ یہ فقط پرانے قصے معلوم ہوتے ہیں۔ (۲۶) وہ بیوقوف چونکہ اپنی شامت اعمال کے باعث سمجھتے نہیں، اس لئے خود رکنے کے علاوہ دوسروں کو بھی روکتے ہیں اور اس طرح اپنے آپ کو تباہ کر رہے ہیں۔ (۲۷) جہنم رسید ہوتے وقت یہ آرزو کریں گے کاش پھر انہیں دنیا میں بھیجا جائے تاکہ وہ کتب اللہ کی تصدیق کریں یعنی توحید پختہ کر کے آئیں اور جزائے خیر پائیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٢٨﴾ وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا
اور یقیناً یہ جھوٹے ہیں اور کہتے ہیں اس دنیا کی زندگی کے سوا ہمارے لئے اور کوئی زندگی نہیں

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ
اور ہم اٹھائے نہیں جائیں گے اور کاش کہ تو دیکھے جس وقت وہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائینگے

قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا
وہ فرمائے گا کیا یہ سچ نہیں کہیں گے ہاں ہمیں اپنے رب کی قسم ہے فرمائے گا تو

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٠﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا
اپنے کفر کے بدلے عذاب چکھو وہ لوگ تباہ ہوئے جنہوں نے اپنے رب کی

بِلِقَاءِ اللَّهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا يَا حَسْرَتَنَا
ملاقات کو جھٹلایا یہاں تک کہ جب ان پر قیامت اچانک آپہنچے گی تو کہیں گے ائے افسوس ہم نے

عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ
اس میں کیسی کوتاہی کی اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائیں گے

أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَ
خبردار وہ بُرا بوجھ ہے جسے وہ اٹھائیں گے اور دنیا کی زندگی تو ایک کھیل اور

لَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا
تماشہ ہے اور البتہ آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو پرہیزگار ہوئے کیا تم

تَعْقِلُونَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ
نہیں سمجھتے ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتیں تمہیں غم میں ڈالتی ہیں

فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ
سو وہ تجھے نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوا
انکار کرتے ہیں اور بہت سے رسول تم سے پہلے جھٹلائے گئے پھر انہوں نے

## ربط آیات

(۲۸) خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ بھی جھوٹ ہے۔ اگر آج بالفرض انہیں دنیا میں بھیج دیا جائے تو وہ پھر بھی شرک ہی کے مرتکب ہوں گے اور کتاب اللہ کی تکذیب ہی کرینگے۔ (۲۹) ان کا یہ خیال ہے کہ فقط دنیا ہی کی زندگی بسر کرنی ہے اس کے بعد کچھ نہیں ہے۔ (۳۰) آئندہ ایک وقت آئے گا جب ان سے پوچھا جائے گا۔ کیا آج قیامت کا دن ٹھیک سچا نہیں۔ اس وقت تو مان جائیں گے لیکن اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے ایمان بالغیب لانا نہیں چاہتے (۳۱) مکذبین قیامت اپنی اس تقصیر پر چھوڑ دی وحسرت ملیں گے۔ (۳۲) دنیا کی زندگی کھیل اور تماشے کی طرح گذر جائے گی۔ دوسری زندگی آخرت فقط خدا پرستوں کے لئے نافع ہوگی (۳۳) ان کی تکذیب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج تو پہنچتا ہے یہ نالائق آپ کو نہیں جھٹلاتے یہ تو احکام الٰہی کو جھٹلا رہے ہیں۔

ع ۳
۹

خلاصہ رکوع ۳: تکذیب رسل انسان کی عادت مستمرہ ہے اور انبیاء علیہم السلام کا صبر اور صبر پر نزول نصرت الٰہی ماخذ آیت ۳۴۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
ALMARIFAT

عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ
جھٹلائے جانے پر صبر کیا اور ایذا دیئے گئے یہاں تک کہ ان کو ہماری مدد پہنچی اور اللہ کے فیصلے کوئی
لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾
بدل نہیں سکتا اور تمہیں پیغمبروں کے حالات کچھ پہنچ چکے ہیں
وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ
اور اگر ان کا منہ پھیرنا تم پر گراں ہو رہا ہے پھر اگر تم سے ہو سکے
اَنْ تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ
تو کوئی سرنگ زمین میں تلاش کر یا آسمان پر سیڑھی لگا
فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى
پھر ان کے پاس کوئی معجزہ لا اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو سیدھی راہ پر جمع کر دیتا
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ
سو تو نادانوں میں سے نہ ہو وہی مانتے ہیں
الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ
جو سنتے ہیں اور اللہ مردوں کو زندہ کرے گا پھر اس کی
يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
طرف لوٹائے جائیں گے اور کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہیں اتری
قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰۤى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
کہہ دو اللہ اس بات پر قادر ہے کہ نشانی اتارے اور لیکن ان میں سے اکثر
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰۤئِرٍ
نہیں جانتے اور کوئی چلنے والا زمین میں نہیں اور نہ کوئی پرندہ کہ
يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّاۤ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ
اپنے دو بازوؤں سے اڑتا ہے مگر یہ تمہاری ہی طرح کی جماعتیں ہیں ہم نے ان کی تقدیر کے لکھنے میں کوئی

## ربط آیات

(۳۴) پہلے بھی تو گئی انبیاء علیہم السلام کی تکذیب ہوئی یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ وہ حضرات صبر کرتے رہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی نصرت ان کے حق میں نازل ہوئی۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے بھی یوں ہی ہو گا آپ صبر کریں (۳۵) اگر آپ کا خیال ہے کہ نہیں ضروری خواہ مخواہ ہدایت ہو تو آپ کوشش کر کے دیکھئے کیا اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر آپ کے اختیار میں کچھ ہے (۳۶) احکام الٰہی کو فقط وہ شخص قبول کر سکتا ہے جس کے اندر روحانی زندگی موجود ہو۔ جو لوگ مردہ دل ہو چکے ہیں وہ اس کو ضرور حانی کانوں سے سنتے ہیں اور نہ مان سکتے ہیں جس طرح جسمانی طبیب کا علاج فقط اس شخص کے لئے مفید ہو سکتا ہے جس کے اندر زندگی کی رمق باقی ہو۔ اور جو مر چکا ہو اس پر دوا کیا اثر کر سکتی ہے۔ (۳۷) وہ کہتے ہیں کوئی معجزہ ایسا کیوں نہیں دکھایا جاتا۔ جس سے ان کی تسکین قلب ہو جاتی اور قرآن حکیم کہتا ہے یعنی خدا تعالیٰ تو ہر شے پر قادر ہے لیکن نزول معجزہ کے قانون کو یہ نہیں سمجھتے ہر قسم کے معجزہ کے لئے دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ نبی کی استعداد کے مناسب ہو مختلف انبیاء علیہم السلام سے مختلف اقسام کے معجزے صادر ہوئے ہیں۔ دوسری ضروری بات یہ ہے کہ قوم میں معجزے کے سمجھنے کی استعداد ہو۔ معجزہ چونکہ سلسلہ اسباب سے خارج نہیں اس لئے یہ دونوں باتیں ضروری ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا
کسر نہیں چھوڑی — پھر سب اپنے رب کے سامنے جمع کئے جائینگے — اور جو لوگ ہماری آیتوں کو

بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَنْ يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ
جھٹلاتے ہیں وہ بہرے اور گونگے ہیں اندھیروں میں ہیں — اللہ جسے چاہے گمراہ کر دے

وَمَنْ يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ
اور جسے چاہے — سیدھی راہ پر ڈال دے — کہدو دیکھو تو سہی

إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ
اگر تم پر خدا کا عذاب آئے — یا تم پر قیامت ہی آجائے — تو کیا خدا کے سوا کسی اور

تَدْعُونَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٠﴾ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ
کو پکاروگے — اگر تم سچے ہو — بلکہ اسی کو پکارتے ہو

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا
پھر اگر وہ چاہتا ہے تو اس مصیبت کو دور کر دیتا ہے جس کیلئے اسے پکارتے ہو اور جنہیں تم اللہ کا شریک بناتے ہو

ع تُشْرِكُونَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ
نہیں بھول جاتے ہو — اور ہم نے تجھ سے پہلے بہت سی امتوں کے ہاں رسول بھیجے تھے پھر ہم نے

بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَا إِذْ
انہیں سختی اور تکلیف میں پکڑا — تاکہ وہ عاجزی کریں — پھر کیوں نہ ہوا

جَاءَهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِنْ قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ
کہ جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو عاجزی کرتے — لیکن ان کے دل سخت ہوگئے — اور شیطان نے

لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا
انہیں وہ کام آراستہ کر دکھائے جو وہ کرتے تھے — پھر جب وہ اس نصیحت کو بھول گئے جو ان کو

بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا
کی گئی تھی تو ہم نے ان پر — ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں پر خوش ہوگئے

## ربط آیات

(٣٨) جس طرح تمہارے زمی خواص ہیں اسی طرح حیوانات میں سے ہر پرندہ و چرند کی نوع کے خواص ہیں۔ جس طرح ایک نوع کا کام دوسری نوع سے نہیں ہو سکتا اسی طرح ہر نبی کی شان کے مناسب خاص خاص کام ہیں اور ہر نبی اپنے دائرے کے اندر رہ کر کام کرتا ہے یہ ضروری نہیں کہ ہر نبی ہر کام کر کے دکھا دے۔ اس آیت کا عام طور پر یہ ترجمہ کیا جاتا ہے کہ ہر چیز کو ہم نے لوح محفوظ میں لکھ رکھا ہے اس پر یہ آیت ماقبل سے ربط نہیں پاتی (٣٩) قرآن حکیم کو جھٹلانے والے تین حجابات میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اس لئے ہدایت نہیں پاتے حجاب شمع۔ حجاب بصر۔ حجاب سمع معرفت ان کی پوری تفصیل جواہر شریف وبالغہ میں ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بعض اوقات طبع انسانی احکام الٰہی کے تسلیم کرنے سے گھبراتی ہے بعض اوقات رسوم زمانہ حق ماننے سے مانع ہوتی ہیں اور بعض اوقات راستہ غلط معلوم ہونے کی وجہ سے الٹا چلتا ہے (٤٠) تمہاری قوم پر آئندہ کوئی عذاب یا قیامت آنے والی ہے اس کے متعلق نجات پانے کا طریقہ اگر نبی آج بتلا رہا ہے تو یہ بھی معجزہ ہے یا نہیں۔ (٤١) اگر کوئی مصیبت آئی تو فقط اللہ تعالیٰ ہی کو بلاؤ گے اور وہی عذاب دور کرے گا باقی سب معبودوں کو بھول جاؤ گے۔ لہٰذا اگر اس کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو کیوں انکار کرتے ہو (٤٢) پہلی امتوں نے بھی اپنے اپنے انبیاء علیہم السلام کی تکذیب کی اور ان پر گرفت ہوئی۔ (٤٣) گرفت الٰہی پر نرم نہیں ہوئے بلکہ مخالفت پر شیطان نے اور زیادہ کمربستہ کر دیا۔

ع ١١ ١٠

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ٥ - تذکیر بایام اللہ سے دعوت الی التوحید - ماخذ آیت ٤٢ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
ALMARIFAT

بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ

جو انہیں دی گئی تھیں ہم نے انہیں اچانک پکڑ لیا پس وہ اس وقت ناامید ہو کر رہ گئے پھر

دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

ان ظالموں کی جڑ کاٹ دی گئی اور اللہ ہی کے لئے سب تعریف ہے جو سارے جہان کا پالنے والا ہے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ

ان سے کہہ دو دیکھو تو سہی اگر اللہ تمہارے کان اور آنکھیں چھین لے اور تمہارے

عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ

دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کوئی ایسا رب ہے جو تمہیں یہ چیزیں لا دے دیکھ

كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ

ہم کیونکر طرح طرح کی نشانیاں بیان کرتے ہیں پھر بھی یہ منہ موڑتے ہیں کہہ دو

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا ظاہر آجائے تو

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

ظالموں کے سوا اور کون ہلاک ہوگا اور ہم پیغمبروں کو صرف اسی لئے بھیجا کرتے ہیں

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا

کہ وہ بشارت دیں اور ڈرا دیں پھر جو شخص ایمان لے آئے اور اپنی اصلاح کر لے سو

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

ان پر کوئی ڈر نہ ہوگا اور نہ وہ غم کھائیں گے اور جنہوں نے ہماری آیتوں

بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ

کو جھٹلایا انہیں عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے کہہ دو

لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں

## ربط آیات

(۴۴) جب گرفت الٰہی پر بھی انہیں بارگاہ الٰہی کی طرف توجہ نہ ہوئی تو پھر انہیں چھوڑ دیا گیا اور ہر قسم کے عیش و آرام کے سامان مہیا کر دئیے گئے تاکہ ابو بس العلاج مریض چند روزہ زندگی میں آرام پالیں اور پھر انہیں ناگہانی عذاب میں مبتلا کیا گیا (۴۵) ان ظالم قوم کی نسل تباہ کر دی گئی (۴۶) حضرت! اے معاندین حق اگر مخالفت سے باز نہ آؤ گے تو تمہارا بھی یہی حشر ہوگا (۴۶) ایک تو عقلی ہلاکت اب کہا جاتا ہے۔ کہ قوم میں سے دیکھنے اور سننے کی طاقت اگر سلب کر لی جائے یہ بھی کوئی مصیبت ہے یا نہ (۴۷) اگر تم نے اس نصیحت کی قدر نہ کی تو ممکن ہے تم پر فوری عذاب آجائے (۴۸) انبیاء علیہم السلام کا اصل کام انذار و تبشیر ہے اگر اس سے زائد چند باتیں ان سے مانگی جائیں اور ان کے موافق اسباب نہ ہوں اس لئے نہ دی جائیں تو اس سے نبی کی رسالت میں شبہ نہیں ہوتا۔ (۴۹) جو لوگ انبیاء علیہم السلام سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے اور تکذیب کو شیوہ بنائیں گے وہ اپنی بدکرداری کی سزا پائیں گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ

اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے

ع ۶ ۱۱ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

کہہ دو کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں کیا تم غور نہیں کرتے

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ

اور اس قرآن کے ذریعے سے ان لوگوں کو ڈرا جنہیں اس کا ڈر ہے کہ وہ اپنے رب کے سامنے

لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾

جمع کیے جائیں گے اس طرح پر کہ اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار اور سفارش کرنے والا نہ ہوگا تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

اور جو لوگ اپنے رب کو صبح و شام پکارتے ہیں انہیں اپنے سے دور کر

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ

جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں تیرے ذمہ ان کا کوئی حساب نہیں ہے اور

مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ

نہ تیرا کوئی حساب ان کے ذمہ اگر تو نے انہیں دور ہٹایا پس تو

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

بے انصافوں میں سے ہوگا اور اسی طرح ہم نے بعض کو بعض کے ذریعہ سے آزمایا ہے

لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ

تاکہ یہ لوگ کہیں کیا یہی ہیں ہم میں سے جن پر اللہ نے فضل کیا ہے کیا اللہ

بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

شکر گزاروں کو جاننے والا نہیں ہے اور ہماری آیتوں کے ماننے والے جب تیرے پاس آئیں

بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

تو کہہ دو کہ تم پر سلام ہے تمہارے رب نے اپنے ذمہ رحمت لازم کی ہے

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۶ - توحید پرست ہی صحبت محمدیہ کے مستحق ہیں۔
ماخذ آیت ۵۲ ۔

(۵۰) اگر تم نبی کے لئے یہ خواص ضروری سمجھتے ہو تو یہ تمہاری غلطی ہے۔ نبی کا کام فقط یہ ہے کہ جو کچھ اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملے اس کی پوری تعمیل کر دکھائے اگر کوئی شخص اس پر یہ کہے کہ پھر نبی بننے کا فائدہ ہی کیا ہوا۔ اس کا جواب (ہل یستوی) الآیۃ میں ہے۔ (۵۱) اس قرآن سے اللہ تعالیٰ کے ان بندوں کو فائدہ پہنچے گا۔ (۵۲) قرآن کا اتباع کرنے والے خدا پرستوں کو اپنے پاس جگہ دیجئے۔ (۵۳) جب یہ ادنیٰ درجے کے لوگ تعلیم قرآن حاصل کر جائیں گے اور عزت کے مرتبے پائیں گے تو خاندانی وجاہت والے آدمی ان پر تمسخر اڑائیں گے اس وقت انہیں علم ہوگا کہ قرآن کی تعلیم کے یہ نتائج ہیں۔ کچھ ادنیٰ آدمی بھی اس کی برکت سے خدا کے بڑے بڑے مقرب بن جاتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ
جو کوئی تم میں سے ناواقفیت سے برائی کرے پھر اس کے بعد توبہ کرے

وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ
اور نیک ہو جائے تو بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے اور اسی طرح ہم آیتوں کو تفصیل سے بیان

وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ
کرتے ہیں اور تاکہ گنہگاروں کا راستہ واضح ہو جائے کہہ دو مجھے منع کیا گیا ہے

اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ
اس سے کہ میں بندگی کروں ان کی جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو کہہ دو

اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ
میں تمہاری خواہشات کے پیچھے نہیں چلتا کیونکہ میں اس وقت گمراہ ہو جاؤں گا اور ہدایت پانے والوں میں

الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّىْ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ
سے نہ رہوں گا کہہ دو میرے پاس تو میرے رب کی طرف سے ایک دلیل ہے اور

كَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ
تم اس کو جھٹلاتے ہو جس چیز کو تم جلدی چاہتے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے اللہ کے سوا اور کسی

اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ
کا حکم نہیں ہے وہ حق بیان کرتا ہے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے کہہ دو اگر

اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ
میرے پاس وہ چیز ہوتی جس کی تم جلدی کر رہے ہو تو اس معاملہ میں فیصلہ ہو گیا ہوتا جو میرے

وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ
اور تمہارے درمیان ہے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں

الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا
ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا جو کچھ جنگل اور دریا میں ہے وہ سب جانتا ہے اور کوئی

### ربط آیات

(۵۴) ایمان داروں سے کرم

ع ۶ ۵ ۱۲

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۷۔ مخالفین توحید سے متقاطعہ۔ ماخذ آیت ۵۶۔ |

دیکھئے۔ ساری تعلیم کا منشا فقط رحمت ہے اور رحمت ہی کا وہ نتیجہ ہے جو اخیر آیت میں ہے۔ (۵۵) تعلیم وسیع کی اشاعت عامہ کے بعد مجرموں کا مسلک واضح ہو جاتے گا۔ (۵۶) مخالفین توحید سے علی الاعلان متقاطعہ کا حکم کیا گیا ہے۔ (۵۷) میرا کام اتنا تھا کہ تمہارے مقابلہ میں رب کی حقانیت کر نہ چھوڑ دوں۔ باقی رہا یہ کہ میں ہلاک ہو جاؤں یا تم ہلاک ہو جاؤ۔ تو یہ میرے اختیار میں نہیں ہے (۵۸) اگر میرے اختیار میں ہوتا تو میں فیصلہ کر دیتا۔ اب باطل پرستوں کی تباہی و بربادی کا فیصلہ فقط اللہ تعالے کے قبضہ میں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ
پتہ نہیں گرتا مگر وہ اسے بھی جانتا ہے اور کوئی دانہ زمین کے تاریک حصوں میں

الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٥٩﴾
نہیں پڑتا اور نہ کوئی تر اور خشک چیز ہے مگر یہ سب کچھ کتاب روشن میں ہیں

وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ
اور وہ وہی ہے جو تمہیں رات کو اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کر چکے ہو وہ جانتا ہے

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ
پھر تمہیں دن میں اٹھا دیتا ہے تاکہ وہ وعدہ پورا ہو جو مقرر ہو چکا ہے پھر اسی کی طرف

مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع وَهُوَ
تم لوٹائے جاؤ گے پھر تمہیں خبر دے گا اس کی جو کچھ تم کرتے تھے اور وہی

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ
اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے

حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ
یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچتی ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اسے قبضہ میں لے

لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ
لیتے ہیں اور وہ ذرا کوتاہی نہیں کرتے پھر اللہ کی طرف پہنچائے جائیں گے جو ان کا سچا مالک ہے

اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ قُلْ مَنْ
خوب سن لو فیصلہ اللہ ہی کا ہوگا اور وہ بہت جلدی حساب لینے والا ہے کہہ دو تمہیں

يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ
جنگل اور دریا کے اندھیروں سے کون بچا لاتا ہے جب اسے عاجزی سے اور

خُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ
چھپا کر پکارتے ہو کہ اگر ہمیں اس آفت سے بچا لے تو البتہ ہم ضرور شکر کرنے والوں

## ربطِ آیات

(۵۹) بر و بحر وغیرہ سارے جہان کے مخفی رازوں سے فقط وہی واقف ہے وہی ہر شخص کی نیت اور عمل کو سمجھ سکتا ہے اور اسی کو معلوم ہے کہ کون سی قوم کب فنا ہوگی (۶۰) وہ اللہ تعالیٰ تمہارے شب و روز کے واقعات پر پورا حافظ ہے ایک مدت تک اس نے تمہیں دنیا میں مہلت دے رکھی ہے۔ مرنے کے بعد پھر تمہیں اٹھائے گا۔ اور سارے حالات کا پتہ بتائے گا۔ (۶۱) خدا تعالیٰ کی گرفت سے کیسے بچ سکتے ہو۔ تم پورے طور پر اس کے قابو میں ہو۔ اس نے تمہارے حالات کی جانچ پڑتال (علاوہ ذاتی علم کے) کے لئے نگران مقرر کر رکھے ہیں اور جب چاہے گا فرشتوں کو حکم دے گا کہ تمہاری روح قبض کر لیں (۶۲) ارواح قبض کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور میں پہنچا دئے جائیں گے فیصلہ اسی کے قبضہ میں ہے اور وہ اخلاق و اعمال کے نتائج بہت جلد دینے والا ہے۔

ع ۵
۲

خلاصہ رکوع ۸۔ قدرت الٰہی کے سامنے تم سب مقہور و مغلوب ہو۔ ماخذ آیت ۶۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ

سے ہوں گے کہہ دو اللہ تمہیں اس سے اللہ ہر سختی سے بچاتا ہے تم پھر

اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ

بھی شرک کرتے ہو کہہ دو وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر عذاب اوپر سے بھیجے

عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ

یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا

يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ

تمہیں مختلف فرقے کرکے ٹکرا دے اور ایک کو دوسرے کی لڑائی کا مزہ چکھا دے دیکھو ہم

كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَكَذَّبَ

کس طرح مختلف طریقوں سے دلائل بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں اور تیری قوم

بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ

نے اسے جھٹلایا ہے حالانکہ وہ حق ہے کہہ دو میں تمہارا ذمہ دار نہیں بنایا گیا ہر خبر کے

نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ

ظاہر ہونے کا ایک وقت مقرر ہے اور عنقریب جان لوگے اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو

يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ

ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں تو ان سے الگ ہو جا یہاں تک کہ کسی اور بات میں

حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ

بحث کرنے لگیں اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد

بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ

آجانے کے بعد ظالموں کے پاس نہ بیٹھ اور جھگڑنے والوں کے

يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ

حساب میں سے پرہیزگاروں کے ذمہ کوئی چیز نہیں لیکن نصیحت کرنی ہے شاید کہ وہ

## ربط آیات

(۶۳) یعنی جس طرح تو اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کے لئے تم تیار نہیں ہو لیکن جب مصیبت آتی ہے تو اس کے دروازہ پر آجاتے ہو۔ (۶۴) اللہ تعالیٰ ہی تمہیں مصیبتوں سے نجات دیتا ہے پھر اسی سے بجائے عجز اللہ کے ساتھ جا تعلق جوڑتے ہو (۶۵) تمہیں اپنی شامت اعمال سے ڈرنا چاہئے کہ وہ ان تینوں قسموں کا عذاب بھیج سکتا ہے۔ (۶۶) آپ کی قوم قرآن کی آواز کو بے حقیقت سمجھتی ہے۔ حالانکہ جو کچھ کہا جارہا ہے وہ بالکل ٹھیک ہے (۶۷) ہر چیز کی ایک میعاد ہوا کرتی ہے۔ لہٰذا ان جھٹلانے والوں کی بھی ایک میعاد ہے جب وہ آئے گی تب خود ہی اس تکذیب کا مزہ چکھ لیں گے (۶۸) ان بے سمجھ مخالفین قرآن کے پاس ہرگز نہ بیٹھا کرو جب کہ وہ اپنی بے سمجھی سے قرآن کی کسی بات پر اعتراض کررہے ہوں اگر اٹھنا مجبوراً جائے تو یاد آنے کے بعد فوراً اٹھ جاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَتَّقُونَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّ

ڈر جائیں — اور انہیں چھوڑ دو جنہوں نے — اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا رکھا ہے — اور

غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا

دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکا دیا ہے — اور انہیں قرآن سے نصیحت کرتا کہ کوئی اپنے کئے میں گرفتار

كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيعٌ ۚ

نہ ہو جائے — کہ اس کے لئے اللہ کے سوا کوئی دوست اور سفارش کرنے والا — نہ ہوگا

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِينَ

اور اگر دنیا بھر کا معاوضہ بھی دے گا تب بھی اس سے نہ لیا جائے گا — یہی وہ لوگ ہیں

اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيمٌۢ

جو اپنے کئے میں گرفتار ہوئے — ان کے پینے کے لئے گرم پانی ہوگا — اور ان کے کفر کے بدلہ

بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا

ع ۱۰ ۱۴

میں دردناک عذاب ہوگا — انہیں کہہ دو کہ کیا ہم اللہ کے سوا انہیں پکاریں جو ہمیں نہ

يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

نفع پہنچا سکیں اور نہ نقصان دے سکیں اور کیا ہم الٹے پاؤں پھر جائیں اس کے بعد کہ اللہ نے ہمیں سیدھی راہ

كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِينُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ

دکھائی ہے اس شخص کی طرح جسے جنگل میں جنوں نے راستہ بھلا دیا ہو جبکہ وہ حیران ہو — اس کے

اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ

ساتھی اسے راستہ کی طرف بلاتے ہوں کہ ہمارے پاس چلا آ — کہہ دو کہ اللہ نے جو راہ بتلائی

هُوَ الْهُدٰى ۖ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيمُوا

وہی سیدھی ہے — اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم پروردگار عالم کے تابع رہیں — اور یہ کہ — نماز

الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۚ وَهُوَ الَّذِىٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ

قائم رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور وہی ہے جس کے سامنے اکٹھے کئے جاؤ گے — اور وہی ہے

## ربطِ آیات

(۶۹) پرہیزگاروں پر اتنا ہی فرض ہے کہ ان معاندین حق کو یہ باتیں پہنچا دیں اس سے زیادہ اور کوئی ذمہ داری نہیں ہے (۷۰) جو لوگ قرآن حکیم کو دستورِ عمل نہیں بناتے اور اپنا دین و مسلک کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے ان سے علیحدہ ہو جاؤ۔ ہاں دلالت علی الخیر کرتے رہنا چاہیے اور نیکی کی راہ سمجھانے سے باز نہیں آنا چاہیے۔ (۷۱) ان معاندین

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۹۔ مسئلہ توحید یعنی اسوہ ابراہیمی۔ ماخذ آیت ۷۴۔ |

حق سے جو اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بناتے ہیں کہدیجئے کہ ہم تو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی بےبس و عاجز ہستی کو اپنا خدا بنانے کے لئے تیار نہیں ہیں ہم تو رب العالمین کی اطاعت کو اپنے لئے باعثِ فخر و سعادت خیال کرتے ہیں۔ (۷۲) رب العالمین کا اصلی حکم یہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے مانگو عالم میں جتنی بھی دی قوتیں ہیں ان سے انسان کی ارادی قوت بہت زبردست طاقتور ہے اسی ارادی قوت سے ترقی کرنے کے لئے دعا تعلیم کی گئی ہے دعا کی عمدہ سے عمدہ صورت صلوٰۃ ہے جس میں سورۂ فاتحہ درخواست ہے صلوٰۃ



محمد قاسم دیوبندی مرحوم نے ایک چھوٹے سے رسالہ میں یہی مضمون لکھا ہے کہ نماز فقط فاتحہ کا نام ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَیَوْمَ یَقُوْلُ كُنْ

جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر بنایا ہے اور جس دن کہے گا کہ ہو جا

فَیَكُوْنُ ؕ۬ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ

تو وہ ہو جائے گا اس کی بات سچی ہے جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو اسی کی بادشاہی ہوگی پوشیدہ اور

الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ

ظاہر باتوں کا جاننے والا ہے اور وہی حکمت والا اور خبردار ہے اور یاد کر جب ابراہیم نے

لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّیْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِیْ

اپنے باپ آزر سے کہا۔ کیا تو بتوں کو خدا جانتا ہے میں تجھے اور تیری قوم کو صریح

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ

گمراہی میں دیکھتا ہوں اور ہم نے اسی طرح ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کے

وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْهِ

عجائبات دکھائے اور تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائے پھر جب رات نے اس پر

الَّیْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ

اندھیرا کیا اس نے ایک ستارا دیکھا کہا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا کہ میں غائب ہونے والوں

الْاٰفِلِیْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ

کو پسند نہیں کرتا پھر جب چاند کو چمکتا ہوا دیکھا کہا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ

اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

غائب ہو گیا تو کہا کہ اگر مجھے میرا رب ہدایت نہ کرے گا تو میں ضرور گمراہوں میں سے

الضَّآلِّیْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ

ہو جاؤں گا پھر جب آفتاب کو چمکتا ہوا دیکھا کہا یہی میرا رب ہے

هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا

یہ سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا کہا اے میری قوم میں ان سے بیزار ہوں جنہیں تم اللہ کا

## ربط آیات

(۷۳) جس خدا تعالیٰ کے ہم فرمانبردار ہیں وہ آسمان و زمین کا بنانے والا ہے اور جس دن جس وقت کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اور اسے حکم دیتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے ابتداء میں بھی اسی نے سارے جہان کو بنایا۔ بعد میں ہر وقت چیزیں بنا رہا ہے دوبارہ بھی وہی پیدا کرے گا۔ اور وہ ہر ذرہ ذرہ کے حالات ظاہر و باطن سے پورا آگاہ ہے (۷۴) ابراہیم علیہ السلام چونکہ یہود نصاریٰ مجوس صابی مسلمان سب ملتوں کے متفق علیہ مسلم امام ہیں اس لئے ان کے مسلک توحید کا ذکر کیا جاتا ہے کہ وہ نظام عالم میں بڑی بڑی نورانی اشیاء کو علی الفرض تسلیم خدا بنا کر سمجھاتے ہیں۔ اور پھر ہر ایک کی کمی سے آگاہ کر کے ایک خدا معتقد کی وحدہ لاشریک کی بندگی کی راہ بتاتے ہیں۔ لہٰذا اسی توحید ابراہیمی کی طرف جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعوت دیتے ہیں تو ان اقوام کو جو انہیں امام مانتی ہیں ہرگز انکار نہیں ہونا چاہیئے۔ (۷۵) ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو آسمان و زمین کی حکومت دکھلائی کہ ان میں کسی چیز کی اتنی طاقت نہیں کہ تمہاری امداد کر سکے اگرچہ انکی روحانیت کا اثر انسانی روح پر پڑتا ہے۔ مثلاً جس وقت صبح ہوتی ہے تو انسان اٹھ کر کام کاج کرنے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں (۷۶) آجکل کے علوم کا تجربہ کرنا شروع کیا ہے کہ اگر یہ ستارے ہماری ضرورتیں

پوری کریں تو ہمیں ان کو رب ماننے میں حرج ہی کیا ہے لیکن جب وہ ستارہ غروب ہو گیا تو کہا کہ اگر اس وقت ہمیں ضرورت پڑ جائے تو کون پوری کرے گا (۷۷) چاند بھی اپنے غروب کے باعث حالت میں حاجت روا ثابت نہ ہو سکا (لاکونن من القوم الضالین) اگر ہر حالت ہر کام میں اللہ تعالیٰ سے رہنمائی نہیں پاؤں گا جو کہ ہر وقت رہنمائی اور دستگیری کے لئے تیار ہے تو گمراہ ہو جاؤں گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ
شریک بناتے ہو سب سے یکسو ہو کر میں نے اپنے منہ کو اسی کی طرف متوجہ کیا جس نے آسمان

وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۷۹﴾ وَحَآجَّهٗ
اور زمین بنائی اور میں شرک کرنے والوں سے نہیں ہوں اور اس کی قوم نے

قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ
اس سے جھگڑا کیا اس نے کہا کیا تم مجھ سے اللہ کے ایک ہونے میں جھگڑتے ہو اور اس نے میری رہنمائی کی ہے اور جنہیں

مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ
تم شریک کرتے ہو میں ان سے نہیں ڈرتا مگر یہ کہ میرا رب مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے میرے رب نے علم کے لحاظ سے

شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَكَیْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ
سب چیزوں پر احاطہ کیا ہوا ہے کیا تم سوچتے نہیں اور میں تمہارے شریکوں سے کیوں ڈروں

وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ
حالانکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو اس چیز کو جس کی اللہ نے تم پر

عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ
کوئی دلیل نہیں اتاری اگر تم کو کچھ سمجھ ہے تو (بتاؤ) دونوں جماعتوں میں سے امن کا

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا
زیادہ مستحق کون ہے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے

اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع
ایمان میں شرک نہیں ملایا امن انہیں کے لئے ہے اور وہی راہ راست پر ہیں

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰهَآ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ
اور یہ ہماری دلیل ہے کہ ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابلہ میں دی تھی ہم جس کے چاہیں

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا
درجے بلند کرتے ہیں بے شک تیرا رب حکمت والا جاننے والا ہے اور ہم نے

## ربطِ آیات

(۷۸) جب نظام عالم کی سب سے بڑی روشنی پہنچانے والی چیز بھی تربیت عالم سے بے بہرہ نظر آتی ہے تو فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا تمام معبودوں سے بیزار ہوں۔ (۷۹) اپنے آپ کو آسمان اور زمین کے پیدا کرنیوالے کی طرف متوجہ کرتا ہوں۔ اور فقط اسی کا ہو کر رہتا ہوں۔ (۸۰) قوم نے اس مسلک توحید میں مخالفت کی تو فرمانے لگے کہ مجھے تمہارے معبودوں میں سے کسی کی پروا نہیں۔ وہ میرا کیا بگاڑ سکتے ہیں۔ جو میرا رب چاہے گا وہی ہو گا۔ تمہیں اپنے گریبان میں منہ ڈال کر میرے اور اپنے مسلک کا موازنہ کرنا چاہیے۔ (۸۱) تم سچے خدائے تعالیٰ سے نہیں ڈرتے۔ مجھے تمہارے جھوٹے خداؤں سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔ تم ہی سوچو کہ کون شخص زیادہ امن میں ہے۔ (۸۲) جن لوگوں نے

ع ۹
۱۵

خلاصہ رکوع ۱۰: مسئلہ توحید میں بہتر مسلک وہی ہے جو ابراہیم علیہ السلام اور تمام انبیاء علیہم السلام کا تھا۔
ماخذ آیت ۷۸ تا ۸۰۔۔۔

اپنے عقیدۂ توحید میں شرک کا اختلاط نہیں کیا فقط وہی اُخروی سزا سے بچ سکتے ہیں۔ (۸۳) مذکورۃ الصدر مسکت دلائل ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم پر پیش کئے اللہ تعالیٰ جسے چاہے اپنی بارگاہ میں اعلیٰ درجے عطا فرمائے۔



Downloaded From ..... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا
ابراہیم کو اسحٰق اور یعقوب بخشا ہم نے سب کو ہدایت دی اور اس سے پہلے ہم نے نوح
مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَ
کو ہدایت دی اور اس کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور
يُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٤﴾
یوسف اور موسٰی اور ہارون ہیں اور اسی طرح ہم نیکوکاروں کو بدلہ دیتے ہیں
وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٥﴾
اور زکریا اور یحیٰی اور عیسٰی اور الیاس سب نیکوکاروں سے ہیں
وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا
اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور لوط اور ہم نے سب کو سارے
عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ
جہان والوں پر بزرگی دی اور ان کے باپ داووں اور اُن کی اولاد اور ان کے بھائیوں
وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٨٧﴾
میں سے بعضوں کو ہم نے ہدایت دی اور ہم نے انہیں پسند کیا اور سیدھی راہ پر چلایا
ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ
یہ اللہ کی ہدایت ہے اپنے بندوں کو جسے چاہے اس پر
عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
چلاتا ہے اور اگر یہ لوگ شرک کرتے تو البتہ جو کچھ انہوں نے کیا تھا سب کچھ ضائع ہو
يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ
جاتا یہی لوگ تھے جنہیں ہم نے کتاب اور شریعت
وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ وَّكَّلْنَا
اور نبوت دی تھی پھر اگر مکہ والے ان باتوں کو نہ مانیں تو ہم نے ان باتوں کے

## ربطِ آیات

(۸۴) چونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا کی محبت اور عشق میں مشرکین اعزہ سے قطع تعلق کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں بہترین خاندان عطا فرمایا جس میں بیسیوں انبیاء علیہم السلام پیدا ہوئے (۸۵) یہ سب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل میں پیدا ہوئے (۸۶) یہ حضرات ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے ہاں سارے جہان والوں پر فضیلت ہے۔ (۸۷) متعدد حضرات انبیاء علیہم السلام کے اسماء گرامی ذکر کرتے گئے ہیں۔ ان کے آباؤ اجداد اور ان کے اعزہ کرام میں سے اور بھی بہت سے بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کی رہنمائی فرمائی۔ (۸۸) ان ہی حضرات کا مسلک صحیح توحید والا تھا۔ اگر خدا نخواستہ ان سے شرک سرزد ہوتا تو ان کی بھی کوئی قدر و قیمت بارگاہِ الٰہی میں نہ رہتی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى

ماننے کے لئے ایسے لوگ مقرر کر دیئے ہیں جو ان کے منکر نہیں ہیں یہ وہ لوگ تھے جنہیں اللہ نے ہدایت

اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ

دی سو تو ان کے طریقہ پر چل کہہ دو میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا یہ تو

هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ

جہان والوں کے لئے محض نصیحت ہے اور انہوں نے اللہ کو صحیح طور پر نہیں پہچانا

اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ

جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے کسی انسان پر کوئی چیز نہیں اتاری ان سے کہہ دو وہ

اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى

کتاب جو موسیٰ لے کر آئے تھے وہ کس نے اتاری تھی جو لوگوں کے واسطے روشنی اور

لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ

ہدایت تھی جسے تم نے ورق ورق کر کے لوگوں کو دکھلایا اور بہت سی باتوں کو

كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ

چھپا رکھا اور تمہیں وہ چیزیں سکھائیں جنہیں تم اور تمہارے باپ دادا نہیں جانتے تھے تو کہہ دو

اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ

اللہ نے اتاری تھی پھر انہیں چھوڑ دو کہ اپنی بحث میں کھیلتے رہیں اور یہ کتاب

اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ

جسے ہم نے اتارا ہے برکت والی ہے ان کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے تھیں اور تاکہ تو مکہ والوں

اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

کو اور اس کے آس پاس والوں کو ڈرائے اور جو لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

وہی اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہی اپنی نماز کی حفاظت کرتے رہیں

## ربطِ آیات

(۸۹ تا ۹۰) یہی وہ حضرات ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے انعامات خاصہ نبوت وغیرہ کے عطا ہوئے ہیں اگر یہ مشرکین ان آیات ربانی کا انکار کریں تو بفضلہ تعالیٰ مہاجرین و انصار قرآن کے

۱۰ ع ۹ ۱۶

خلاصہ رکوع ۱۱ - قرآن کریم منبع علم توحید کی طرف داعی ہے ماخذ ۹۲۔

قدردان موجود ہیں۔ (۹۰) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو انہی مقدس بزرگوں کا اتباع کرنا چاہیئے اور انہیں فرما دیجئے کہ میں اعلانِ حق پر تم سے کسی مزدوری کا خواہاں نہیں ہوں (۹۱) مخالفین توحید چونکہ دلائل قرآن میں لاجواب ہو چکے ہیں اب سرے سے اس قرآن کے منزل من اللہ ہونے کے منکر بنتے ہیں کہ خدا تعالیٰ آسمان سے کتاب بھیجا ہی نہیں کرتا۔ ان سے پوچھئے کہ موسیٰ علیہ السلام پر تورات کس نے نازل کی تھی (۹۲) یہ قرآن بھی اسی خدا تعالیٰ کا نازل کیا ہوا ہے اور اس کی تعلیم متعلقہ توحید نبوت و دیگر اصول پہلی آسمانی کتابوں سے بالکل متحد ہیں۔ یہ قرآن عرب ام القریٰ (مکہ معظمہ) اور اس کے گرد و نواح کے رہنے والوں کی اصلاح کے لئے نازل کیا گیا ہے جو آخرت کے قائل ہیں۔ وہ اس کی باتوں کی قدر کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ
اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر بہتان باندھے یا یہ کہے کہ مجھ پر وحی

إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَن قَالَ سَأُنزِلُ مِثْلَ مَا
نازل ہوتی ہے حالانکہ اس پر وحی نہ اتری ہو اور جو کہے میں بھی ایسی چیز اتار سکتا ہوں جیسی کہ

أَنزَلَ اللَّهُ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ
اللہ نے اتاری ہے اور اگر تو دیکھے جس وقت ظالم موت کی سختیوں میں ہوں گے

وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ
اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھانے والے ہوں گے کہ اپنی جانوں کو نکالو آج تمہیں

تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ
ذلت کا عذاب ملے گا اس سبب سے کہ تم اللہ پر جھوٹی باتیں کہتے

الْحَقِّ وَكُنتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا
تھے اور اس کی آیتوں کے ماننے سے تکبر کرتے تھے اور البتہ تم ہمارے پاس

فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ
ایک ایک ہو کر آگئے ہو جس طرح ہم نے تمہیں پہلی دفعہ پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تمہیں دیا تھا وہ اپنے

وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ ۖ وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ
پیچھے ہی چھوڑ آئے ہو اور ہم تمہارے ساتھ ان سفارش کرنے والوں کو نہیں دیکھتے جنہیں تم خیال کرتے

أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ ۚ لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم مَّا
تھے کہ وہ تمہارے معاملہ میں شریک ہیں تمہارا آپس میں قطع تعلق ہو گیا ہے اور جو تم خیال کرتے تھے وہ

۱۱ ع ۱۲ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٩٤﴾ ع إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَىٰ ۖ يُخْرِجُ
سب جاتا رہا بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کا پھاڑنے والا ہے مُردہ سے

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ
زندہ کو نکالتا ہے اور زندہ سے مردہ کو نکالنے والا ہے اللہ یہی ہے



## ربطِ آیات

(۹۳) تین درجے ظلم کے بیان کئے گئے ہیں۔ پہلا افترا یعنی کوئی بات نبی کو بذریعہ وحی نہ ملی ہو لیکن کہہ دے کہ بذریعہ وحی ملی ہے۔ دوسرا غیر نبی نبوت کا دعویٰ کرے تیسرا اگر کوئی شخص دعویٰ کرے کہ میں بھی کسی کو نبی بنا سکتا ہوں اور کتاب نازل کر سکتا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو بفضلہ تعالیٰ ان مظالم سے پاک ہیں ان معاندین حق کو غور کرنا چاہیے کہ کہیں ان جرموں میں سے کسی میں مبتلا تو نہیں ہیں (کنتم عن آیتہ تستکبرون) ایک آدمی کے قتل کرنے میں تو ایک کی زندگی فنا ہو جاتی اور جو حضور کائنات انسانیت کے لیے بمنزلہ آبِ حیات کے تھے جس پر کروڑوں آدمیوں کی زندگی کا مدار تھا۔ اس میں اگر کوئی زہر ملا دے یا اسے بند کردے تو ایسے آدمی کی سزا کا اندازہ ہی نہیں ہو سکتا (۹۴) معاندین حق اور مخالفین توحید سے مرنے کے بعد کہا جائے گا کہ تم ہمارے ہاں تنہا حاضر ہوئے ہو تمہارے معبودانِ باطل سب غائب ہو گئے

خلاصہ رکوع ۱۲ جس خدا تعالیٰ کی طرف ہم نے تمہیں دعوت دی ہے اس کی قدرت کے کرشموں کی تفصیل کر کے بتا چاہیے زیر بحث کر سبق توحید میں پختہ کار بنے مشرکین بجائے توحید کے اللہ تعالیٰ کے واسطے بیٹے اور بیٹیاں تجویز کرتے ہیں۔
ماخذ آیت ۹۵۔۹۶۔۹۷۔۹۸۔۹۹۔ ۱۰۰

اور تمہارے سب مزعومہ عقیدے سب خاک میں مل گئے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربطِ آیات

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٩٥﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّ
پھر کدھر اُلٹے پھرے جاتے ہو ۔ وہ صبح کا نکالنے والا ہے ۔ اور اس نے آرام کے لئے رات بنائی اسی

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٦﴾
نے چاند اور سورج کا حساب مقرر کیا ہے ۔ یہ غالب جاننے والے کا اندازہ ہے

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ
اور اسی نے تمہارے لئے ستارے بنائے ہیں ۔ تاکہ ان کے ذریعے سے جنگل اور دریا کے اندھیروں

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٧﴾ وَهُوَ
میں راستہ معلوم کرسکو ۔ تحقیق ہم نے کھول کر نشانیاں بیان کردی ہیں ان لوگوں کیلئے جو جانتے ہیں ۔ اور

الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ
اللہ وہی ہے جس نے ایک شخص سے تم سب کو پیدا کیا پھر ایک تو تمہارا ٹھکانا ہے اور ایک امانت رکھے جانے کی جگہ

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
تحقیق ہم نے کھول کر نشانیاں بیان کردی ہیں ان کیلئے جو سوچتے ہیں ۔ اور اسی نے ۔ آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا
پانی اُتارا ۔ پھر ہم نے اس سے ہر چیز اُگنے والی نکالی ۔ پھر ہم نے

مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ
اس سے سبز کھیتی نکالی جس سے ہم ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے شگوفوں میں سے

طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ
پھل کے جھکے ہوئے گچھے ۔ اور ۔ انگور ۔ اور زیتون

وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ
اور انار کے باغ آپس میں ملتے جلتے اور جدا جدا بھی ۔ ہر ایک درخت کے پھل کو دیکھو جب وہ

اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٩٩﴾
پھل لاتا ہے اور اس کے پکنے کو دیکھو ان چیزوں میں ایمان والوں کے لئے نشانیاں ہیں

(٩٥) خدا تعالیٰ وہ ہے جس کے قبضہ میں نباتات کے فنا و بقا کی باگ ہے۔ ذوی الارواح کی زندگی اور موت اسی کے اختیار میں ہے۔ دوسری آیت میں آئے گا۔ کہ انقلاب زمنہ بھی اسی کے اشارے سے ہوتا یا یوں کہا جائے۔ کہ خدا تعالیٰ کے جو اوصاف یہیں نظر آتے ہیں ان میں سب سے پہلی صفت خلق ہے جس میں کسی شخص کو کلام نہیں۔ دوسری تدبیر ہے یعنی بہتر سے بہتر راستے پر دنیا کو چلانا اس دوسرے حصہ میں مذاہب غلطی کرنے لگ جاتے ہیں۔ کہ کسی فرشتے یا نبی کو تدبیر کا مالک مان لیتے ہیں اور پھر اس کی عبادت سے انہیں عار نہیں آتی۔ اب ان آیتوں میں چند چھوٹے چھوٹے واقعات تدبیر کے بیان کر دیئے جاتے ہیں کہ جب یہ کام بھی وہ خود کرتا ہے تو باقی کو بھی اسی پر قیاس کر لو۔ (٩٦) اور روز و شب کا تغیر اور اس کے اسباب اسی کے قبضہ میں ہیں پہلی آیت میں ارضی تدبیر کی طرف اشارہ تھا اور اس میں سماوی تدبیر کی طرف اشارہ ہے (٩٧) ستارے اسی نے پیدا کئے ہوئے ہیں ان کے پیدا کرنے کی غرض یہ ہے کہ ظلمات بحر و بر میں تمہاری رہنمائی کے نشان ہیں یہ غرض نہیں کہ تم انہیں خدا بنا لو۔ اسی طرح تمہاری روحانی رہنمائی کے لئے انبیاء علیہم السلام پیدا فرمائے۔ (٩٨) تمہارا مرجع بھی وہی ہے مستقر و مستودع آج جس شخص کی پیدائش تمہارے سامنے ہوتی ہے اور کل کہیں دفن ہوتا ہے

اس کو کیسے خدا بنا لیتے ہو۔ لقوم یفقھون، حاصل یہ ہے کہ چاند ستارے وغیرہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی تدبیر کی پابند ہیں اس لئے خدا بنانے کے قابل نہیں (٩٩) اسی کی قدرت اور تدبیر کا کرشمہ یہ ہے کہ پہلے تمہیں بنایا رہنے کے لئے ٹھکانا عطا فرمایا۔ کھانے پینے کی اشیاء کو پیدا کرنے کے لئے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر اس سے طرح طرح کا رزق بہم پہنچایا یہ ساری چیزیں [illegible]



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربطِ آیات

(۱۰۰) ان قدر ناشناسوں نے اب تک بھی خدا تعالیٰ کی قدر نہیں پہچانی۔ جو چیز اس کی بارگاہ میں بدترین سمجھی جاتی ہے یعنی اس کے لئے بیٹے اور بیٹیوں کا ثابت کرنا یہ نہیں چیزوں کو اس کی طرف نسبت کرتے ہیں (۱۰۱) اس کا بیٹا کون کہلا سکتا ہے۔ وہ تو سارے جہان کو پردۂ عدم سے صفحۂ ہستی پر لانے والا ہے اور سب کا بنانے والا ہے۔ لہٰذا جو دوسرے کا بنایا ہوا ہو وہ خدا کیسے ہو سکتا ہے۔ (۱۰۲) سارے جہان کا بنانے والا بھی وہی اور پالنے والا بھی وہ ایک ہی ہے لہٰذا معبود بھی فقط وہی ہو سکتا ہے اسی کی غلامی کا حق ادا کرو۔ وہی ہر کام کا بنانے والا ہے۔ (۱۰۳) تمہارا معبود وہ ہے جس کو آنکھیں دیکھ نہیں سکتیں اور وہ سب کو دیکھتا ہے جن کو تم معبود بناتے ہو وہ تو چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے کھاتے پیتے نظر آتے ہیں۔ (۱۰۴) توحید خداوندی کے دلائل تمہیں بتلا دیئے گئے ہیں جو ان سے فائدہ اٹھائے گا۔ اس کا نفع خود ہی پائیگا اور اب بھی جو نورِ ہدایت سے اندھا رہ جائے گا۔ اس کی مضرت اسی پر پڑے گی

خلاصہ رکوع ۱۳-۱۔ اسباب بصائر ہم نے تمہیں دکھا دیئے ہیں۔ اب بھی اندھے رہو تو تم جانو۔
ماخذ آیت ۱۰۴

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ

اور اللہ کے شریک جنوں کو ٹھہراتے ہیں حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا ہے اور جہالت سے اس

۱۲ ع ۱۸ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تجویز کرتے ہیں وہ پاک ہے اور ان باتوں سے بلند ہے جو وہ بیان کرتے ہیں

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ

آسمانوں اور زمین کو از سر نو پیدا کرنے والا ہے اس کا بیٹا کیونکر ہو سکتا ہے حالانکہ

تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اس کی کوئی بیوی نہیں اور اس نے ہر چیز کو بنایا ہے اور وہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ

جاننے والا ہے یہی اللہ تمہارا رب ہے اس کے سوائے اور کوئی معبود نہیں ہر چیز کا پیدا کرنیوالا

شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا

ہے پس اسی کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا کارساز ہے اسے

تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ

آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو دیکھ سکتا ہے اور وہ

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ

نہایت باریک بین خبردار ہے تحقیق تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں آ چکیں

فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا

پھر جس نے دیکھ لیا تو خود ہی نفع اٹھایا اور جو اندھا رہا سو اپنا نقصان کیا اور میں تمہارا

عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا

نگہبان نہیں ہوں اور اسی طرح ہم مختلف طریقوں سے دلائل بیان کرتے ہیں تاکہ وہ کہیں

دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ

کہ تو نے کسی سے پڑھا ہے اور تا کہ ہم سمجھداروں کے لئے واضح کر دیں تو اس کی تابعداری کر جو تیرے



(۱۰۵) ایک ہی مضمون توحید کو مختلف عنوانات اور متعدد دلائل سے اس لئے پیش کیا گیا ہے تاکہ وہ سمجھ لیں کہ یہ باتیں خدا تعالیٰ کی طرف سے پڑھائی جا رہی ہیں ورنہ ایک امی جاہل انسان صلی اللہ علیہ وسلم جس نے کسی استاد کے سامنے زانوئے ادب تہ نہ کیا ہو وہ ایسے دلائل و براہین کا بے دھڑک تانتا کیسے باندھ سکتا ہے جس کے مقابلہ سے بڑے بڑے فصحاء اور بلغاء عاجز آ جاتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَأَعْرِضْ عَنِ
رب کی طرف سے تجھے وحی کی گئی ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور مشرکوں سے
الْمُشْرِكِينَ (١٠٦) وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكُوا ۗ وَمَا جَعَلْنَاكَ
منہ پھیر لے اور اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے اور ہم نے تجھے
عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (١٠٧) وَلَا تَسُبُّوا
ان پر نگہبان نہیں بنایا اور تو ان کا ذمہ دار نہیں ہے اور جن کی یہ اللہ کے
الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا
سوا پرستش کرتے ہیں انہیں برا نہ کہو ورنہ وہ بے سمجھی سے زیادتی
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ
کر کے اللہ کو برا کہیں گے اسی طرح ہر ایک جماعت کی نظر میں ان کے اعمال کو ہم نے آراستہ کر دیا ہے
ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا
پھر ان سب کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر آنا ہے تب وہ انہیں بتلائے گا جو کچھ
يَعْمَلُونَ (١٠٨) وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن
کیا کرتے تھے اور وہ اللہ کے نام کی پکی قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر ان
جَاءَتْهُمْ آيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ
کے پاس کوئی نشانی آئے تو اس پر ضرور ایمان لاویں گے ان سے کہہ دو کہ نشانیاں تو اللہ کے ہاں
اللَّهِ ۖ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ (١٠٩)
ہیں اور تمہیں اے مسلمانو کیا خبر ہے کہ جب نشانیاں آئیں گی تو یہ لوگ ایمان لے ہی آئیں گے ؟
وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا بِهِ
اور ہم بھی ان کے دلوں کو اور ان کی نگاہوں کو پھیر دیں گے جس طرح یہ اس پر پہلی دفعہ ایمان
أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (١١٠) ع ١٣/١٠/١٩
نہیں لاتے اور ہم انہیں ان کی سرکشی میں حیران رہنے دیں گے

## ربطِ آیات

(١٠٦) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) قرآن حکیم کا اتباع کرتے جائیے اور ان بدنصیب مشرکوں کی پرواہ نہ کیجئے۔ (١٠٧) اگر اللہ تعالیٰ زبردستی سے شرک چھڑوا کر انہیں توحید کا پابند بنانا چاہتا تو ان کو انکار کی مجال نہ تھی۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے حق تبلیغ ادا کر دیا۔ اس کے سوا اور کوئی ذمہ داری آپ پر نہیں ہے۔ (١٠٨) جن چیزوں کو ان مشرکین نے معبود بنا رکھا ہے ان کے ساتھ بے عزتی سے پیش نہ آؤ ورنہ وہ تمہارے خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ سے بے عزتی سے پیش آئیں گے۔ (١٠٩) کہتے ہیں اگر کوئی ایسا معجزہ دکھایا جائے جس سے ہماری تسلی جمع ہو جائے۔ تو ہم مان جائیں۔ خدائے تعالیٰ جانتا ہے کہ اگر معجزہ دکھایا بھی جائے گا تو بھی نہیں مانیں گے اس لئے معجزہ دکھانا فضول ہے۔

(١١٠) یہ لوگ اپنی بدباطنی کے باعث ایسے ہی گمراہ رہیں گے۔ واللہ اعلم۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

******************

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ

اور اگر ہم ان پر فرشتے بھی اتار دیں اور ان سے مُردے باتیں بھی

الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا

کریں اور ان کے سامنے ہم ہر چیز کو زندہ بھی کر دیں تو بھی یہ لوگ ایمان لانے

لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

والے نہیں مگر یہ کہ اللہ چاہے لیکن اکثر ان میں سے

يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

جاہل ہیں اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے شریر آدمیوں

شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى

اور جنوں کو دشمن بنا دیا جو کہ ایک دوسرے کو ملمع کی ہوئی باتیں فریب دینے

بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

کے لیے سکھاتے ہیں اور اگر تیرا رب چاہتا

مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلِتَصْغٰٓى

تو یہ کام نہ کرتے سو تو انہیں اور جو جھوٹ بناتے ہیں اسے چھوڑ دے اور تاکہ ان ملمع کی

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ

ہوئی باتوں کی طرف ان لوگوں کے دل مائل ہوں جنہیں آخرت پر یقین نہیں اور

لِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ

تاکہ وہ لوگ ان باتوں کو پسند کریں اور تاکہ وہ کریں جو بُرے کام وہ کر رہے ہیں کیا میں

اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ

اللہ کے سوا اور کسی کو منصف بناؤں حالانکہ اسی نے تمہاری طرف ایک واضح کتاب اتاری



الجزء الثامن ٨

## ربطِ آیات

خلاصۂ رکوع ۱۴ اس قسم کی مسخ شدہ ہستیاں انبیاء علیہم السلام کی معاند ہوتی آئی ہیں۔

ماخذ آیت ۱۱۲

(۱۱۱) اگر ہم فرشتے بھی نازل کر دیں اور مُردوں سے باتیں کرا دیں تو بھی یہ لوگ ایمان لانے کے لیے تیار نہیں ہیں (۱۱۲) ہر ایک نبی کے دشمن ہوتے آئے ہیں نبی کے پیدا ہونے کے بعد آدمی دو قسم کے ہو جاتے ہیں ایک وہ لوگ جنکی طبیعتوں سے مراق نبی کی تعلیم ہوتی ہے اور دوسرے وہ جنکی طبیعتوں کے مراق شیطانی عادات پر زور پڑتی ہے ایسے لوگ مخالف ہو جاتے ہیں اسکے صحیح تعلیم پر یقین پیدا ہو جاتا اسکا روکتا ہے اور صحیح تعلیم کی مخالفت کر کے شیطنت بھی اس کام کو بعض انسان اپنا مقصد بنا لیتے ہیں وہ شیاطین الانس کہلاتے ہیں (ولو شاء ربک) اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انکو زبردستی روک سکتا تھا (فذرھم ومایفترون) یہ بھی اپنے دل کا اُبال نکال لیں (۱۱۳) تاکہ بے ایمان آخرت کے منکر ادھر جھک جائیں اور جو شرارت وخباثت تعلیم الٰہی اور توحید خداوندی کے خلاف وہ کرنا چاہتے ہیں کر گزریں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُفَصَّلًا ۗ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ
اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ یہ بیشک تیرے رب ہے
مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿١١٤﴾
کی طرف سے نازل ہوئی ہے پس تو شک کرنے والوں میں سے نہ ہو
وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَّا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ۚ
اور تیرے رب کی باتیں سچائی اور انصاف کی انتہائی حد تک پہنچی ہوئی ہیں اسکی باتوں کو کوئی
وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١١٥﴾ وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي
بدل نہیں سکتا اور وہ سننے والا جاننے والا ہے اور اگر تو کہا مانے گا اکثر اُن لوگوں کا جو
الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ
دنیا میں ہیں تو تجھے اللہ کی راہ سے ہٹا دیں گے وہ تو اپنے خیال پر چلتے
إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿١١٦﴾ إِنَّ رَبَّكَ
اور قیاس آرائیاں کرتے ہیں تیرا رب
هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١١٧﴾
خوب جانتا ہے اسے جو اسکی راہ سے ہٹ جاتا ہے اور وہ سیدھے رستے چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے
فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ إِن كُنتُم بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾
سو تم اس جانور میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے اگر تم اس کے حکموں پر ایمان لانے والے ہو
وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم
کیا وجہ ہے کہ تم وہ چیز نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو حالانکہ وہ واضح کر چکا ہے جو کچھ اس
مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا
نے تم پر حرام کیا ہے ہاں مگر وہ چیز جس کی طرف تم مجبور ہو جاؤ اور بہت سے لوگ بے علمی
لَّيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ
کے باعث اپنے خیالات کی بنا پر لوگوں کو بہکاتے ہیں تیرا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب

## ربط آیات

(۱۱۴) کیا اب غیر اللہ کو حکم بنائیں (نہیں وہی حکم کافی ہے) یہود دل میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو نبی جانتے ہیں اور دل میں قرآن کو منزل من اللہ مانتے ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی رحمۃ اللہ علیہ فتح الرحمٰن میں فرماتے ہیں مترجم گوید در سورہ ہائے مکہ مذکور شدہ است کہ یہود تصدیق می کنند قرآن را و در سورہ ہائے مدینہ مذکور شدہ است کہ یہود تکذیب می کنند آں را۔ و وجہ تطبیق آنست کہ چوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در مکہ بودند ہنوز دعوت یہود نہ کردہ بود بہ تصدیق قرآن معترف بودند کہ حکم آں بر عرب لازم است و ہیچ کس از ایشاں انکار نہ کرد و چوں ہجرت فرمود ایشاں را دعوت کرد بعناد در آمدند در سیرۃ ابن اسحاق چند قصہ بایں مضمون مذکور ست واللہ اعلم
(۱۱۵) قرآن حکیم کی تعلیم ایسی سچی ہے کہ ساری دنیا مل کر اس کا ایک نقطہ بھی تو غلط ثابت نہیں کر سکتی (۱۱۶) ان گمراہوں کی پرواہ نہ کیجیے اگر ان کا کہا مانیں گے تو تم بھی صحیح راستے سے ہٹا دیئے (۱۱۷) اللہ تعالیٰ گمراہوں کو بھی جانتا ہے اور ہدایت یافتہ طبقہ کو بھی اچھی طرح پہچانتا ہے (۱۱۸) تمہیں خدا تعالیٰ سے ایسی محبت ہونی چاہیے اور رشتہ عبودیت ایسا مضبوط ہو جائے کہ وہی چیز کھاؤ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو اگر غیر اللہ کا نام آ جائے تو متنفر ہو جاؤ


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ

جانتا ہے تم ظاہری اور باطنی سب گناہ چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کرتے

الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا

ہیں عنقریب اپنے کیے کی سزا

يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

پائیں گے اور جس چیز پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا اس میں سے نہ کھاؤ

وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰۗـِٕــهِمْ

اور بیشک یہ کھانا گناہ ہے اور بے شک شیطان اپنے دوستوں کے دلوں میں ڈالتے ہیں

لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع

تاکہ وہ تم سے جھگڑیں اور اگر تم نے ان کا کہا مانا تو تم بھی مشرک ہو جاؤ گے

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ

بھلا وہ شخص جو مردہ تھا پھر ہم نے اسے زندہ کر دیا اور ہم نے اسے روشنی دی کہ اسے لوگوں

بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ

میں لیے پھرتا ہے وہ اس کے برابر ہو سکتا ہے جو اندھیروں میں پڑا ہو وہاں سے نکل نہیں

مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

سکتا اسی طرح کافروں کی نظر میں ان کے کام آراستہ کر دیے گئے ہیں

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا

اور اسی طرح ہر بستی میں ہم نے گنہگاروں کے سردار بنا دیے ہیں تاکہ وہاں اپنے

لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَ

مکر و فریب کا جال پھیلائیں حالانکہ وہ اپنے فریب کے جال میں آپ پھنستے ہیں مگر

مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَاۗءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا

وہ سمجھتے نہیں جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے تو کہتے ہیں

ع ۱۴ / ۱

## ربطِ آیات

(۱۱۹) اللہ تعالیٰ نے محرمات (جن کا استعمال کھانے میں ناجائز ہے) واضح فرما دی ہیں اب تو خدا پرستوں کیلئے حلال و حرام کی تمیز میں کوئی دقت نہیں ہو سکتی بہت سے آدمی اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کو تسلیم نہیں کرتے اور اپنی خواہشات کے پورا کرنے میں گمراہ ہو جاتے ہیں

(۱۲۰) مذکورہ بالا پابندیوں سے گوشت کھانے کی اجازت دینا اس کا ماحصل یہ ہے کہ تم ظاہری کے قانونی جرم بھی چھوڑ دو اور اخلاقی جرم بھی ترک کر دو

(۱۲۱) اللہ تعالیٰ کے نام کے ذبیحہ کے بغیر دوسرے ذبیحہ کا گوشت ہرگز استعمال نہ کرو شیطان اپنے دوستوں کا تم سے جھگڑا کرائیں گے اگر تم انکے ساتھ مل گئے تو تم بھی ویسے ہو جاؤ گے (۱۲۲) ایک آدمی مردہ تھا یعنی سکون میں تھا۔ بعد ازاں ہم نے اُسے علم دیا اب وہ لوگوں میں سیدھے راستے پر چلانے کے لیے جاتا ہے کیا ویسا ہو سکتا ہے جس میں ابتک حرکت کا ارادہ ہی پیدا نہیں ہوا بلکہ ظلمت میں پڑا ہوا ہے (۱۲۳) اس طرح ہر ملک کے بڑے بڑے شہروں میں بڑے بڑے مجرم تعلیم حق کے مخالف پیدا ہوتے ہیں ایسے لوگ جو کچھ کیا کرتے ہیں اس میں اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں اللہ تعالیٰ کا کیا بگاڑ سکتے ہیں۔

> خلاصہ رکوع ۱۵۔ توحید کے موافق و مخالف یکساں نہیں ہو سکتے اور مخالفین کی رسوائی
> ماخذ آیت ۱۲۲ - ۱۲۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ
ہم نہیں مانیں گے جب تک کہ وہ چیز خود ہمیں نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے
اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ
اور اللہ بہتر جانتا ہے کہ اپنی پیغمبری کا کام کس سے لے وہ وقت قریب ہے جب یہ
اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِیْدٌۢ بِمَا
مجرم اپنی مکاریوں کی پاداش میں اللہ کے ہاں ذلت اور سخت عذاب میں
كَانُوْا یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ یَّهْدِیَهٗ
مبتلا ہوں گے سو جسے اللہ چاہتا ہے کہ ہدایت دے تو
یَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّهٗ
اس کے سینہ کو اسلام کے قبول کرنے کے لیے کھول دیتا ہے اور جس کے متعلق چاہتا ہے کہ گمراہ
یَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَیِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا یَصَّعَّدُ فِی
کرے اس کے سینہ کو بیحد تنگ کر دیتا ہے گویا کہ وہ آسمان پر چڑھتا
السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ یَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَی الَّذِیْنَ
ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر پھٹکار ڈالتا
لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِیْمًا ؕ قَدْ
ہے اور یہ تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے ہم نے
فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ
نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے آیتوں کو صاف صاف بیان کر دیا ہے ان کے لیے اپنے رب
عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِیُّهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَ
کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہ ان کے اعمال کے سبب سے ان کا مددگار رہے اور
یَوْمَ یَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا ۚ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ
جس دن ان سب کو جمع کریگا تو جنوں کی جماعت سے فرمائیگا تم نے آدمیوں میں سے بہت

وقف لازم
وقف منزل

## ربط آیات

(۱۲۴) جب کبھی کوئی حکم آتا ہے کہتے ہیں ہم تو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں جب تک ہمارے ہاں بھی وحی نہ آئے یہ لوگ نہیں سمجھتے کہ وحی کے نزول کے لیے خاص محل ہوتا ہے اور اس استعداد مخفی کو فقط اللہ تعالیٰ ہی جان سکتا ہے اس قسم کی بے جوڑ باتیں کرکے توحید و رسالت سے انکار کرنے والوں کو ذلت نصیب ہوگی (۱۲۵) جس کی فطرت کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے قبول کرنے کیلئے بنایا ہے اور اس نے شامت اعمال کے باعث اس حسن کو ضائع نہیں کیا وہ ہدایت الٰہی کو قبول کرنے کیلئے تیار ہو جاتا ہے جس کی شامت اعمال کے باعث اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہو جائے اور اپنے دروازے پر نہ بلانا چاہے اس کا سینہ تعلیم اسلام کا متحمل نہیں ہو سکتا (۱۲۶) سیدھا راستہ وہی ہے جو آپ کو بتلایا جا چکا ہے البتہ پند و نصیحت کی قبولیت کی استعداد جس میں ہوگی وہی نفع پائے گا (۱۲۷) اسی دلنشیں بیان کردہ روالی جماعت کے لیے سلامتی کا گھر ہے ان کے اعمال صالحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کا ولی اور کارساز ہے


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓـؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا
سے اپنے تابع کر لئے تھے اور آدمیوں میں سے جو جنوں کے دوست تھے کہیں گے اے رب

اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ
ہمارے ہم میں سے ہر ایک نے دوسرے سے کام نکالا اور ہم اپنی اس میعاد کو آپہنچے

اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا
جو تو نے ہمارے واسطے مقرر کی تھی فرمائیگا تم سب کا ٹھکانا آگ ہے اس میں ہمیشہ رہوگے اس

مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَكَذٰلِكَ
سے صرف وہی بچیں گے جنہیں اللہ بچائیگا بیشک تیرا رب حکمت والا جاننے والا ہے اور اسی طرح ہم

ع ۱۵ ۲ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع
گنہگاروں کو ایک دوسرے کے ساتھ ان کے اعمال کے سبب سے ملا دیں گے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ
اے جنو اور انسانو! کی جماعت کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے. جو

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ
تمہیں میرے احکام سناتے تھے اور اس دن کی ملاقات سے تمہیں ڈراتے تھے

هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ
کہیں گے ہم اپنے گناہ کا اقرار کرتے ہیں اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکا

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾
دیا ہے اور اپنے اوپر ہی گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰي بِظُلْمٍ
یہ اس لیے ہوا کہ تیرا رب بستیوں کو ظلم کرنے کے باوجود ہلاک نہیں کیا کرتا

وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ
اس حال میں کہ وہ بے خبر ہوں اور ہر ایک کے لیے ان کے عمل کے لحاظ سے درجے ہیں

## ربط آیات

(۱۲۸) قیامت کے دن ضال اور مُضِل دونوں جہنم رسید ہوں گے۔

(۱۲۹) بداخلاق میں ہم جنس ہونے کے باعث دُنیا میں بھی یہ کم بخت مل جلتے ہیں

> خلاصہ رکوع ۱۶ منافقین توحید کا احساس حق اور دین کا موجودہ مسلک خلاف عقل و نقل ہے۔
> ماخذ آیت ۱۳۰ - ۱۲۸ - ۱۳۰

اور آخرت میں بھی اسی ہم جنسیت کے سبب سے اکٹھے ہوں گے (۱۳۰) اپنی زیادتی کفر و شرک کی زندگی پر خود ہی اظہار نفرت کرتے ہیں (۱۳۱) یہ بھی اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ غلطی کا احساس کرائے بغیر سزا نہیں دیتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ

اور تیرا رب ان کے کاموں سے بے خبر نہیں — اور تیرا رب

الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۚ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ

بے پرواہ رحمت والا ہے — اگر وہ چاہے تم سب کو اٹھالے اور تمہارے بعد جسے

مِن بَعْدِكُم مَّا يَشَاءُ كَمَا أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ

چاہے تمہاری جگہ آباد کردے — جس طرح تمہیں ایک دوسری قوم کی

قَوْمٍ آخَرِينَ ﴿١٣٣﴾ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ ۖ وَمَا أَنتُم

نسل سے پیدا کیا ہے — جس چیز کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ ضرور آنے والی ہے اور

بِمُعْجِزِينَ ﴿١٣٤﴾ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ

تم عاجز نہیں کرسکتے — کہہ دو اے لوگو تم اپنی جگہ پر کام کرتے رہو اور

إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ

میں بھی کرتا ہوں — عنقریب — معلوم کرلوگے کہ آخرت کا گھر کس کے لیے

عَاقِبَةُ الدَّارِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿١٣٥﴾ وَجَعَلُوا

ہوتا ہے — بے شک ظالم نجات نہیں پاتے — اور اللہ کی

لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا

پیدا کی ہوئی کھیتی اور مویشیوں میں سے ایک حصہ اس کے لیے مقرر کرتے ہیں

هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَٰذَا لِشُرَكَائِنَا ۖ فَمَا كَانَ

اور اپنے خیال کے مطابق کہتے ہیں کہ یہ اللہ کا حصہ ہے اور یہ ہمارے شریکوں کا ہے سو جو

لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ

حصہ ان کے شریکوں کا ہے وہ اللہ کی طرف نہیں جاسکتا — اور جو اللہ کا ہے وہ

فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿١٣٦﴾

اُن کے شریکوں کی طرف جاسکتا ہے — کیسا برا فیصلہ کرتے ہیں

## ربط آیات

(۱۳۲) ہر ایک نیک و بد کے اعمال کا اپنا اپنا درجہ ہے اللہ تعالیٰ ہر شخص کے حالات سے خوب واقف ہے (۱۳۳) اے موحدین شرک خدا تعالیٰ تم سے بے پروا ہے اگر چاہے تو تمہاری جڑ اکھاڑ پھینکے اور تمہاری جگہ دوسری قوم کو آباد کردے (۱۳۴) شرک کی سزا کا وقت یقیناً آنے والا ہے۔ تم اس سے بچ نہیں سکتے (۱۳۵) اے شرک کی تائید کرنے والو اگر نہیں مانتے تو انتظار کرو دیکھو حق جل و علا شانہ کس کی حمایت کرتا ہے اور کون غالب آتا ہے (۱۳۶) ان کے خود ساختہ دین کی بیہودگی ملاحظہ ہو کر اپنے بنائے ہوئے معبودان باطل سے زیادہ ڈرتے ہیں اور معبود برحق جل و علا شانہ سے اتنا نہیں ڈرتے کہ معبودان باطل کا حصہ ضائع نہیں ہونے دیتے خدائے تعالیٰ کا حصہ ضائع ہو جائے تو پروا نہیں کرتے



Downloaded From ..... Al-marifat.org
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ

اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کے خیال میں ان کے شریکوں نے اپنی اولاد کے قتل کرنے

شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ ۖ

کو خوشنما بنا دیا ہے تاکہ انہیں ہلاکت میں مبتلا کر دیں اور ان پر ان کے دین کو مشتبہ بنا دیں

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٧﴾

اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو یہ ایسا نہ کرتے سو انہیں چھوڑ دو اور جو وہ افترا کرتے ہیں

وَقَالُوا هٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَا إِلَّا

اور کہتے ہیں یہ جانور اور کھیت محفوظ ہیں انہیں صرف وہی لوگ کھا سکتے

مَن نَّشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ

ہیں جنہیں ہم چاہیں اور کچھ جانور ہیں جن پر سواری حرام کر دی گئی ہے اور

لَّا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِم

کچھ جانور ہیں جن پر اللہ کا نام نہیں لیتے یہ سب اللہ پر افترا ہے عنقریب اللہ

بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هٰذِهِ

انہیں اس افترا کی سزا دے گا اور کہتے ہیں جو کچھ ان جانوروں کے پیٹ میں ہے

الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ

یہ ہمارے مردوں کے لیے خاص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے

وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ

اور جو بچہ مردہ ہو تو دونوں اس کے کھانے میں برابر ہیں اللہ انہیں ان باتوں کی سزا دیگا

إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ

بیشک وہ حکمت والا جاننے والا ہے تحقیق خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو

سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى

جہالت اور نادانی کی بنا پر قتل کیا اور اللہ پر بہتان باندھ کر اس رزق کو حرام کر لیا جو اللہ

### ربط آیات

(۱۳۷) ان مشرکین کی دوسری بیہودگی ملاحظہ ہو کہ اپنی معصوم اولاد کو بے گناہ مار ڈالتے ہیں (۱۳۸) ان مشرکین کی خود ساختہ حلت و حرمت بھی ملاحظہ کیجیے کیسے جھوٹ بول رہے ہیں حلت و حرمت کا فیصلہ تو فقط اللہ کا حق ہے کہ سب چیزیں اسی کی ہیں جس کے استعمال کی اجازت دیدے وہ حلال ہے اور جس چیز کی اجازت نہ دے وہ حرام ہے (۱۳۹) یہ اسی افترائی قانون کا ایک حصہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ
نے انہیں دیا تھا بیشک وہ گمراہ ہوئے اور سیدھی راہ پر نہ آئے اور اسی نے وہ
اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ
باغ پیدا کئے ہیں جو چھتوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور جو نہیں چڑھائے جاتے اور کھجور کے
وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ
درخت اور کھیتی جن کے پھل مختلف ہیں اور زیتون اور انار
مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ
پیدا کئے جو ایک دوسرے سے مشابہ اور جدا جدا بھی ہیں ان کے پھل کھاؤ جب وہ پھل لائیں
وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ڮ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا
اور جس دن اسے کاٹو اس کا حق ادا کرو اور بے جا خرچ نہ کرو بے شک وہ
يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٤١﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ
بے جا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور بوجھ اٹھانے والے مویشی پیدا کئے اور زمین سے
كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ
لگے ہوئے اور اللہ کے رزق میں سے کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ
وہ تمہارا صریح دشمن ہے آٹھ قسمیں پیدا کیں بھیڑ میں سے
اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ
دو اور بکری میں سے دو تو پوچھ کہ دونوں نر اللہ نے حرام کئے
اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ
ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچہ جو دونوں مادہ کے
الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔـوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾
رحم میں ہے مجھے اس کی سند بتلاؤ اگر سچے ہو

### ربطِ آیات

(۱۴۰) اولاد کا قتل خدا تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق کی تحریم یہ سب ان کی گمراہی کی علامتیں ہیں۔

خلاصہ رکوع ۱۷ گذشتہ رکوع میں آچکا ہے کہ کفار کی حلت و حرمت خلاف عقل و نقل ہے اب بتلایا جاتا ہے کہ ہماری حلت اشیاء منقول و معقول ہے
ماخذ آیت ۱۴۰-۱۴۱-۱۴۲

(۱۴۱) تمام میوہ جات تمہارے لیے حلال ہیں بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کے نام پر سا کین کا حق ادا کردو اور اسراف نہ کرو (۱۴۲) اللہ تعالیٰ نے چارپائے پیدا کیے بعض بوجھ اٹھانے کے لیے اور بعض ذبح کر کے کھانے کے لیے تاکہ اللہ تعالیٰ کا رزق کھاؤ۔ اسی کے مطیع ہو کر رہو اور دشمن خدا یعنی شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو (۱۴۳) بھیڑ اور بکری کے نر و مادہ میں سے کوئی بھی حرام نہیں ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ
اور اونٹ اور گائے سے دو دو قسمیں پیدا کیں تو پوچھ دونوں نر

حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ
حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچہ جو دونوں مادہ کے رحم میں

الْأُنثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ
ہے کیا تم موجود تھے جس وقت اللہ نے تمہیں یہ حکم دیا تھا پھر

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ
اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے تاکہ لوگوں کو بلا تحقیق

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٤﴾ ع قُلْ
گمراہ کرے بے شک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا کہہ دو

لَّا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ
کہ میں اس وحی میں جو مجھے پہنچی ہے کسی چیز کو کھانے والے پر حرام نہیں پاتا جو اسے کھائے

إِلَّا أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ
مگر یہ کہ وہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون یا سور کا گوشت

فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ
کہ وہ ناپاک ہے یا وہ ناجائز ذبیحہ جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے پھر جو

غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَ
شخص بھوک سے بے اختیار ہو جائے ایسے حال میں کہ نہ بغاوت کرنیوالا اور نہ حد سے گزرنے والا ہو تو تیرا رب بخشنے والا مہربان

عَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ وَمِنَ
یہود پر ہم نے ہر ایک ناخن والا جانور حرام کیا تھا اور گائے

الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ
اور بکری میں سے ان دونوں کی چربی حرام کی تھی مگر جو پشت پر یا

## ربط آیات

(۱۴۴) اونٹ اور گائے کے نر و مادہ میں سے کوئی بھی حرام نہیں ہے مذکورۃ الصدر جانوروں کے نر یا مادہ یا جو بچہ مادہ کے رحم میں ہے ان میں سے کسی چیز کی حرمت کا حکم تمہیں خدا تعالیٰ نے دیا ہے یا محض بہتان باندھ رہے ہو اس سے بڑھ کر اور کیا ظلم ہو سکتا ہے۔

> خلاصہ رکوع ۱۸ اجسفانوں کی حرام کردہ اشیا کی حرمت منقول ہے اور علاوہ اس کے معقول بھی ہے ماخذ آیت ۱۴۵

(۱۴۵) ماکولات میں محرمات اسلامیہ یہ ہیں۔ ان اشیاء کی حرمت بنی اسمٰعیل اور بنی اسرائیل دونوں میں یکساں تھی اور یہ حصر اضافی بہ نسبت بہیمۃ الانعام کے ہے اور ان کی آٹھ قسمیں وہی ہیں جو ذکر ہو چکیں۔ کتا۔ شیر باز وغیرہ اگرچہ حرام ہیں بہیمۃ الانعام میں نہیں ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ظُهُورُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ

انتڑیوں پر لگی ہوئی ہو یا جو ہڈی سے ملی ہوئی ہو ہم نے

جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿١٤٦﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ

ان کی شرارت کے باعث انہیں یہ سزا دی تھی اور بیشک ہم سچے ہیں پھر اگر تجھے جھٹلائیں

فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ

تو کہہ دو تمہارا رب بہت وسیع رحمت والا ہے اور گنہ گار لوگوں سے اس کا عذاب

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٤٧﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ

نہیں ٹلے گا اب مشرک کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم اور

اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ

نہ ہمارے باپ دادا شرک کرتے اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کرتے اسی طرح ان لوگوں نے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ

جھٹلایا جو ان سے پہلے تھے یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھا کہہ دو تمہارے ہاں

مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

کوئی ثبوت ہے تو اسے ہمارے سامنے لاؤ تم فقط خیالی باتوں پر چلتے ہو اور صرف

اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿١٤٨﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ

تخمینہ ہی کرتے ہو کہہ دو پس اللہ کا الزام پورا ہو چکا پس

شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٤٩﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ

اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت کر دیتا ان سے کہہ دو اپنے گواہ لاؤ جو اس بات

يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ

کی گواہی دیں کہ اللہ نے ان چیزوں کو حرام کیا ہے پھر اگر وہ ایسی گواہی دیں تو تو ان کا

مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ

اعتبار نہ کر اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے اور جو آخرت پر یقین

## ربط آیات

(۱۴۶) یہ چیزیں اصل فطرت انسانی کے لیے مضر ہونے کے لحاظ سے حرام نہیں تھیں بلکہ محض بنی اسرائیل کی تعدی کی وجہ سے سزا کے طور پر حرام کی گئی تھیں ورنہ اصلیں پر حرام نہیں ہیں

(۱۴۷) اگر اب بھی تکذیب سے باز نہ آئیں تو انہیں کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب مجرموں سے ٹلا نہیں کرتا۔

(۱۴۸) عذر گناہ بدتر از گناہ۔ گناہ خود کرتے ہیں۔ اور الزام اللہ تعالیٰ پر قائم کرتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ ہماری ان بداخلاقیوں اور افترا پردازیوں کو پسند نہ کرتا تو ہم کیسے کر سکتے تھے۔

(۱۴۹) اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر اتمام حجت ہو چکا ہے کہ تم غلط راستے پر جا رہے ہو۔ ہاں اگر وہ جبراً چاہتا تو کوئی بھی گمراہ نہ رہتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۹ ما کولات کے سوا بقیہ خلاصہ قانون اسلام ماخذ آیت ۱۵۱ |

۱۸ ع ۵

(۱۵۰) کیا تم اپنے طرزِ عمل پر کوئی شہادت پیش کر سکتے ہو؟ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی حلت و حرمت کے پابند نہیں بلکہ غیر اللہ کی حلت و حرمت اختراعی کو معمول بہ بناتے ہیں (۱۵۱) شرک نہ کرو (و) تعلق باللہ درست رکھو (و بالوالدین احساناً) تعلق بالمخلوق کیونکہ بے مخلوق میں یہ بالادست کی مثال ہے انسان کی خوبی تمیز کرنے کا یہ موقعہ ہے کہ جو بے طمع محسن ہیں اُن پر احسان کرے اور ان کے ساتھ برائی کرنے کا کبھی وہم نہ آنے (ولا تقتلوا اولادکم) تعلق بالمخلوق میں یہ زیردست کا قانون ہے بھوک کی وجہ سے اولاد کا قتل نہ کرنا پہلا ترجمہ ہے جس طرح زمانہ جاہلیت میں رائج تھا اور دوسرا ترجمہ جو ساری دُنیا کے لیے ہے یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی فقط رزق کمانے کے لیے اولاد کو معمولی پیشوں میں قید کر رکھتا ہے اور اُس کو حسب الفطرۃ پڑھنے تعلیم الٰہی والے وراثۃ تعالیٰ کے درود کی طرف قدم اُٹھانے سے روکتا ہے تو یہ بھی قتل اولاد ہے یہ بات مسلمانوں کی تباہی کا باعث ہے (ولا تقربوا الفواحش) خواہ وہ مجلسوں میں ہوں یا تنہائی میں (الا بالحق) جس کے قتل کی قانون اجازت دے (۱۵۲) مثلاً یتیم کے مال میں بڑھانے کی غرض سے تصرف کرو نہ کہ نقصان پہنچانے کے خیال سے (لا نکلف نفساً) اگر نادانستہ غلطی ہو گئی تو معاف ہو گی (و بعہد اللہ اوفوا) بندگی کا عہد بنا ہو اور وہ اتباع رسالت سے ہو گا

لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ﴿١٥٠﴾ قُلْ
نہیں رکھتے اور وہ اوروں کو اپنے رب کے برابر کرتے ہیں کہہ دو

تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا
آؤ میں تمہیں سُنا دوں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے یہ کہ اسکے ساتھ کسی کو شریک

وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ مِنْ إِمْلَاقٍ
نہ بناؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور تنگ دستی کے سبب اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ
ہم تمہیں اور انہیں رزق دیں گے اور بے حیائی کے ظاہر اور پوشیدہ کاموں

مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا
کے قریب نہ جاؤ اور ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے

بِالْحَقِّ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا
تمہیں یہ حکم دیتا ہے تاکہ تم سمجھ جاؤ اور

تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ
سوائے کسی بہتر طریقہ کے یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی

أَشُدَّهُ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ لَا نُكَلِّفُ
کو پہنچے اور ناپ اور تول کو انصاف سے پورا کرو ہم کسی کو

نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا
اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور جب بات کہو تو انصاف سے کہو اگرچہ

قُرْبَىٰ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ
رشتہ دار ہی ہو اور اللہ کا عہد پورا کرو تمہیں یہ حکم دیا ہے تاکہ تم

تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ
نصیحت حاصل کرو اور بے شک یہی میرا سیدھا راستہ ہے سو اسی کا اتباع کرو



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ
اور دوسرے راستوں پر مت چلو وہ تمہیں اللہ کی راہ سے ہٹا دینگے تمہیں

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
اسی کا حکم دیا ہے تاکہ تم پرہیزگار رہو جاؤ پھر ہم نے نیکوں پر نعمت پوری کرنے

تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى
کے لیے موسیٰ کو کتاب دی جس میں ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت

وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ ع وَهٰذَا كِتٰبٌ
تھی تاکہ وہ لوگ اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لائیں یہ برکت والی کتاب

اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾
ہم نے اتاری ہے سو اس کا اتباع کرو اور ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰي طَاۗىِٕفَتَيْنِ مِنْ
تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہم سے پہلے دو فرقوں پر کتاب نازل ہوئی

قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا
تھی اور ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے یا یہ کہو

لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ
کہ اگر ہم پر کتاب نازل کی جاتی تو ہم ان سے بہتر راہ پر چلتے سو

جَاۗءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ
تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک واضح کتاب اور رہنما اور رحمت آچکی ہے اب

اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي
اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے منہ موڑے جو لوگ

الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۗءَ الْعَذَابِ بِمَا
ہماری آیتوں سے منہ موڑتے ہیں ہم انہیں ان کے منہ موڑنے کے باعث برے عذاب

## ربط آیات

۱۵۳ا مذکورۃ الصدر راستے کا اتباع کرو اور دوسرے جو چھوٹے چھوٹے راستے نکلیں گے کہ ذرا صحیح بات آئی اور بہت سی باتیں ادھر ادھر کی مل گئیں اور ایک فرقہ بن گیا اس قسم کے فرقوں کا اتباع نہ کرو ۱۵۴ا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت عرب میں کیوں ہوئی اسکا فائدہ بتلایا جاتا ہے کہ بنی اسرائیل کی اصلاح

۱۹ ع ۲

خلاصہ رکوع ۲۰ - تم تو قرآن سے اعراض کرتے ہو اور ہم اس کتاب بابرکت کا اتباع کرا کے تمہیں مسلک براہیمی کی طرف لیجانا چاہتے ہیں۔
ماخذ آیت ۱۵۵، ۱۶۱

کے لیے تو موسیٰ علیہ السلام کو ہم نے کتاب دی تھی جس میں ان احکام کی تفصیل پڑی تھی جن کی پابندی ضروری ہے (بلقاء ربہم یؤمنون) تاکہ وہ اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لائیں اور جزا و سزائے اعمال کی فکر کریں (۱۵۵ا اس بابرکت کتاب کا اتباع کرو تاکہ تم میں برکت کا رنگ آ جائے اور رحم کیے جاؤ (۱۵۶ا تاکہ قیامت کے دن یہ عذر نہ کرنے پاؤ کہ یہود و نصاریٰ کو کتاب اللہ دی گئی تھی اور ہم عبرانی اور سریانی زبان سے ناآشنا تھے اس واسطے اللہ تعالیٰ کی منشا معلوم نہ کر سکے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّآ أَنْ
کی سزا دیں گے — یہ لوگ اس کے منتظر ہیں — کہ ان کے
تَأْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ
پاس فرشتے آویں — یا تیرا رب آئے — یا تیرے رب کی کوئی نشانی
اٰيٰتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ
آئے — جس دن تیرے رب کی کوئی نشانی آئے گی — تو کسی ایسے شخص کا
نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ
ایمان کام نہ آئے گا — جو پہلے ایمان — نہ لایا ہو — یا اس نے
فِيْٓ إِيْمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انْتَظِرُوْٓا إِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾
ایمان لانے کے بعد کوئی نیک کام نہ کیا ہو کہہ دو انتظار کرو ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں
إِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ
جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور کئی جماعتیں بن گئے — تیرا ان
مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۗ إِنَّمَآ أَمْرُهُمْ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ
سے کوئی تعلق نہیں — ان کا کام اللہ ہی کے حوالہ ہے — پھر وہی انہیں
بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿١٥٩﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ
بتلائے گا جو کچھ وہ کرتے تھے — جو کوئی ایک نیکی کرے گا اس کے لیے
عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا
دس گنا اجر ہے — اور جو بدی کرے گا سو اسے اسی کے برابر
يُجْزٰٓى إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ إِنَّنِيْ
سزا دی جائے گی اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا — کہہ دو میرے
هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا
رب نے مجھے ایک سیدھا راستہ بتلا دیا ہے ایک صحیح دین

## ربط آیات

(١٥٧) یا یہ عذر نہ کرنے پاؤ کہ اگر ہمیں آسمانی کتاب دی جاتی تو ہم اس کی بڑی قدر کرتے اب یاد رکھو اگر اس کتاب سے اعراض کرو گے تو سخت سزا پاؤ گے۔

(١٥٨) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت جو احکام مل رہے ہیں۔ دین کو نہیں مانتے۔ یہ چاہتے ہیں کہ فرشتے ان کے پاس آئیں۔ یا خود خدا تعالیٰ براہ راست سمجھائے یا ایسی خطرناک نشانی نظر آئے جس کے باعث یہ لوگ ماننے پر مجبور ہو جائیں یہ اسی قسم کے انتظار میں ہیں (١٥٩) جو لوگ ایک صحیح مسلک دین الٰہی کا چھوڑ کر مختلف فرقے بن گئے ہیں۔ ان کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کرے گا۔ آپ بری الذمہ ہیں (١٦٠) ہر شخص اپنے اپنے نیک و بد اعمال کا معین شدہ بدلہ پائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَٰهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ
ابراہیم کی ملت جو ایک ہی طرف کا تھا اور مشرکوں میں سے
ٱلْمُشْرِكِينَ ﴿١٦١﴾ قُلْ إِنَّ صَلَاتِى وَنُسُكِى وَ
نہیں تھا کہہ دو بے شک میری نماز اور میری قربانی اور
مَحْيَاىَ وَمَمَاتِى لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيكَ
میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کیلئے ہے جو سارے جہان کا پالنے والا ہے اس کا کوئی شریک
لَهُۥ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلْمُسْلِمِينَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ
نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا تھا اور میں سب سے پہلے فرمانبردار ہوں کہہ دو
أَغَيْرَ ٱللَّهِ أَبْغِى رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَىْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ
کیا اب میں اللہ کے سوا اور کوئی رب تلاش کروں حالانکہ وہی ہر چیز کا رب ہے اور جو شخص
كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
کوئی گناہ کرے گا تو وہ اسی کے ذمہ ہے اور ایک شخص دوسرے کا بوجھ نہیں
أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا
اٹھائے گا پھر تمہارے رب کے ہاں ہی سب کو لوٹ کر جانا ہے سو جن باتوں میں
كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ ٱلَّذِى جَعَلَكُمْ
تم جھگڑتے تھے وہ تمہیں بتلا دے گا اس نے تمہیں زمین میں
خَلَٰٓئِفَ ٱلْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ
نائب بنایا ہے اور بعض کے بعض پر درجے بلند کر دئے ہیں
دَرَجَٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِى مَآ ءَاتَىٰكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ
تاکہ تمہیں اپنے دئے ہوئے حکموں میں آزمائے بے شک تیرا رب
سَرِيعُ ٱلْعِقَابِ وَإِنَّهُۥ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٥﴾ ع
جلدی عذاب دینے والا ہے اور بیشک البتہ وہ بخشنے والا مہربان ہے

## ربط آیات

(۱۶۱) ان سے فرما دیجئے کہ میرا مسلک حضرت ابراہیم علیہ السلام والا ہے جو تمہارے بھی متفق علیہ امام ہیں (۱۶۲) صراط مستقیم یہ ہے کہ سب سے تعلق توڑا اور ایک خدائے قدوس وحدہ لاشریک سے رشتہ جوڑا۔ اپنی زندگی اور موت بلکہ ہر عمل حیات اسی کے لیے وقف کر دیا (۱۶۳) سب کچھ فقط اسے دیدیا اور اسکی فرمانبرداری کا حلقہ گلے میں ڈال لیا (۱۶۴) کیا تم چاہتے ہو کہ اس رب العالمین سے تعلق توڑ کر غیر سے جوڑ لوں۔ اگر تمہیں مجھ سے اختلاف باقی ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں چل کر اس کا فیصلہ ہو جائیگا (۱۶۵) جس سے تعلق جوڑ رہا آج تمہیں معیوب نظر آتا ہے اسی نے تو تمہیں دنیا میں بسایا اور دوسروں سے زیادہ درجہ عطا فرمایا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم اپنی وجاہت طاقت مال و دولت کی شان و شوکت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کا کتنا شکریہ بجا لاتے ہو اگر اسکی مخالفت کرتے جاؤ گے تو وہ جلد تر عذاب دینے پر بھی قادر ہے اور اگر سر تسلیم اسکی بارگاہ میں خم کر دو گے تو بخشنے والا مہربان ہے سب غلطیاں معاف فرما دیگا۔

النصف ع ۲۰ ۱۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ تذکیر بایام اللہ وبما بعد الموت وبالاء اللہ ۔ دعوت الی کتاب اللہ ۔ ماخذ آیت ۳-۴۰-۸۰-۱۰۰ |

میں اصلاح مجوس مقصود تھی ۔ سورۂ اعراف میں اقوامِ عالم کو دعوت الی القرآن دی جاتی ہے (۱) المص حروف مقطعات میں سے ہے جمہور مفسرین حضرات کی رائے ہے کہ اس کی تاویل سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا بعض حضرات کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راسخ فی العلم بندوں کو وہبی طور پر بتلا دیا جاتا ہے چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد تفاسیر میں منقول ہے کہ میں راسخین فی العلم میں سے ہوں مجھ سے متشابہات کے معنی پوچھو ۔

### ربط آیات

(۲) یہ کتاب آپ کی طرف نازل کی گئی ہے اس کی تبلیغ سے آپ کے سینہ میں تنگی نہ ہونے پائے کہ مخالفین اس کو کیوں نہیں مانتے ۔ آپکا فرض فقط انذار (ڈرانا) ہے اور مؤمنین تو اس سے یقیناً نصیحت پالیں گے (۳) اے بنی آدم اس منزل من اللہ کتاب کی پیروی کرو (۴) اس سے پہلے کتنی بستیاں ایسی گزری ہیں جنھوں نے منزل من اللہ احکام کی مخالفت کی تو عذابِ الٰہی نے رات کے وقت یا دوپہر کو آکر انہیں تباہ کر دیا (۵) جب عذابِ الٰہی آیا اس وقت انھوں نے اپنی بے انصافی کا اقرار کیا (۶) اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر لبیک نہیں کہو گے تو یاد رکھو کہ قیامت کے دن رسولوں سے شہادت لی جائے گی اور ان کی امتوں سے بھی سوال کیا جائیگا کہ تم نے کیا قدر کی (وہاں کیا جواب دو گے) (۷) پھر ہم اپنے علم کی بنا پر انکو سارے واقعات بتلا دیں گے

آیاتها ۲۰۶ — (۷) سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ (۳۹) — رکوعاتها ۲۴

سورۂ اعراف مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں دو سو چھ آیتیں اور ۲۴ رکوع ہیں

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ
یہ کتاب تیری طرف بھیجی گئی ہے تاکہ تو اس کے ذریعہ سے ڈرائے اور
حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾
اس سے تیرے دل میں تنگی نہ ہونی چاہیے اور یہ ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے
اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ
جو چیز تمہارے رب کی طرف سے تم پر اتری ہے اس کا اتباع کرو اور اللہ کو چھوڑ کر
دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَكَمْ مِّنْ
دوسرے دوستوں کی تابعداری نہ کرو تم لوگ بہت ہی کم نصیحت مانتے ہو اور کتنی
قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ
بستیاں ہم نے ہلاک کر دی ہیں جن پر ہمارا عذاب رات کو آیا یا ایسی حالت میں کہ
قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ
دوپہر کو سونے والے تھے جس وقت ان پر ہمارا عذاب آیا پھر ان کی یہی پکار تھی کہتے
اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾ فَلَنَسْــَٔلَنَّ الَّذِيْنَ
تھے بے شک ہم ہی ظالم تھے پھر ہم ان لوگوں سے ضرور سوال کریں گے
اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْــَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶﴾ فَلَنَقُصَّنَّ
جنکے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے اور ان پیغمبروں سے ضرور پوچھیں گے پھر اپنے علم کی بناء پر ان
عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ
کے سامنے بیان کر دیں گے اور ہم کہیں غیر حاضر نہ تھے اور واقعی اس دن وزن بھی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۸) اس دن اعمال ضرور تولے جائینگے جن کے اعمال میں رضائے الٰہی کی روح زیادہ ہوگی۔ وہ نجات پاجائینگے (۹) اور جنکے اعمال میں رضائے الٰہی کا جذبہ کم ہوگا وہ خسارہ اٹھائیں گے۔ کیونکہ کتاب الٰہی کے ذریعہ جو رہنمائی کی گئی تھی اس سے انہوں نے فائدہ نہیں اٹھایا تھا (۱۰) ہم نے تمہیں زمین میں ٹھہرایا اور زندگی بسر کرنے کے سارے اسباب جمع کردیئے لیکن تم میں شکر گزاری کا مادہ بہت ہی کم ہے (جملہ معترضہ) چونکہ شیطان رجیم تمہیں گمراہ کرنے کا ٹھیکہ لے کر آیا ہوا ہے اس نے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام کو دھوکا دیا پھر تم اس

ع ۱
۱۰
۸

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۲ ۔ ضرورت اتباع کتاب اللہ ۔ ماخذ آیت ۲۳ |

سے کس طرح بچ سکتے ہو ہاں اگر اتباع کتاب اللہ کروگے تو بچ جاؤگے جس طرح آدم علیہ السلام کا تعلق بالشجرہ الہام الٰہی کے درست نہ ہوا چنانچہ یہ کلمات ربنا ظلمنا انفسنا الآیہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہشت سے نکلنے کے بعد القا کئے گئے تھے (۱۱) فرشتے خزائن الٰہیہ پر مامور و محافظ ہیں آدم علیہ السلام کو خلیفۃ فی الارض بنا کر بھیجا جا رہا ہے لہٰذا یہ تو نائب ہے اور فرشتے خزانچی اس آدم کو فرشتوں کا مقتدا بنایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے جس خزانہ سے جتنا خرچ کرنا چاہے تم دیتے جاؤ فرشتوں سے تحیۃ کا سجدہ کرایا گیا جو اسلام سے پہلے جائز تھا شیطان اگرچہ ناری مخلوق ہے لیکن فرشتے نرے نار لطیف نور سے مشابہت تامہ رکھتی ہے اس لیے شیطان بھی فرشتوں سے ملا جلا رہتا تھا لیکن امتحان کے وقت اس نے اپنی اصلیت کا اظہار ہوا اور فرشتوں نے اپنی فطرت کا حق ادا کیا (لا یعصون اللہ ما امرہم ویفعلون ما یؤمرون) اور کبر جس چیز کا فرشتوں کو حکم دیا جائے اسمیں نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم ملے اس کی پوری تعمیل کرتے ہیں بخلاف شیطان نے سجدہ نہیں کیا (۱۲) اللہ تعالیٰ نے پوچھا تو نے سجدہ کیوں نہیں کیا کہا کہ میں آدم سے بہتر ہوں (۱۳) اللہ تعالیٰ نے فرمایا آسمان سے اتر جا تجھے یہاں تکبر کرنیکا حق نہیں تھا۔ نکل جا تو ذلیلوں میں سے ہے (۱۴) عرض کی کہ مجھے قیامت تک عذاب سے مہلت دی جائے (۱۵) اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ تجھے مہلت دی جاتی ہے۔

الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٨﴾

ہوگا پھر جس شخص کا پلہ بھاری ہوگا سو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا

اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا سو یہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کیا

أَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَظْلِمُونَ ﴿٩﴾ وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ

اس لیے کہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے اور ہم نے تمہیں زمین میں

فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيلًا مَا

جگہ دی اور اس میں تمہاری زندگی کا سامان بنا دیا تم بہت کم

تَشْكُرُونَ ﴿١٠﴾ ع وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا

شکر کرتے ہو اور ہم نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہاری صورتیں بنائیں پھر

لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ لَمْ

فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو پھر سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا

يَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ ﴿١١﴾ قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ

وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ تھا فرمایا تجھے سجدہ کرنے سے کس چیز نے منع کیا ہے

إِذْ أَمَرْتُكَ ۖ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَ

جبکہ میں نے تجھے حکم دیا کہا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور

خَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ ﴿١٢﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ

اسے مٹی سے بنایا ہے کہا تو یہاں سے اتر جا تجھے یہ لائق نہیں کہ

لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ﴿١٣﴾ قَالَ

یہاں تکبر کرے پس نکل جا بے شک تو ذلیلوں میں سے ہے کہا مجھے

أَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤﴾ قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ ﴿١٥﴾

اس دن تک مہلت دے جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائینگے فرمایا تجھے مہلت دی گئی ہے



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ
کہا جیسا تو نے مجھے گمراہ کیا ہے میں بھی ضرور ان کی تاک میں تیری سیدھی راہ پر
الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ
بیٹھوں گا پھر ان کے پاس ان کے آگے ان کے پیچھے ان کے دائیں
خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ۗ وَلَا تَجِدُ
اور ان کے بائیں سے آؤں گا اور تو اکثر کو
اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۗ
ان میں سے شکرگزار نہیں پائیگا فرمایا یہاں سے ذلیل و خوار ہو کر نکل جا
لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٨﴾
جو شخص ان سے تیرا کہا مانے گا میں تم سب کو جہنم میں بھر دوں گا
وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ
اور اے آدم تو اور تیری عورت جنت میں رہو پھر جہاں سے چاہو
حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ
کھاؤ اور اس درخت کے پاس نہ جاؤ ورنہ بے انصافوں میں سے
الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ
ہو جاؤ گے پھر انہیں شیطان نے بہکایا تاکہ ان کی شرمگاہیں
لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا
جو ایک دوسرے سے چھپائی گئی تھیں ان کے سامنے کھول دے اور کہا نہیں تمہارے
رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ
رب نے اس درخت سے نہیں روکا مگر اس لیے کہ کہیں تم فرشتے ہو جاؤ
اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا
یا ہمیشہ رہنے والے ہو جاؤ اور ان کے روبرو قسم کھائی

**ربطِ آیات**

(۱۶) اس لعین نے قسم کھا کر کہا کہ میں تیری طرف آنے والے راستہ پر بیٹھ جاؤں گا
(۱۷) پھر میں آگے پیچھے دائیں بائیں سے آ کر انہیں بہکاؤں گا اور اکثر تیرے نافرمان ہو جائینگے
(۱۸) اللہ تعالیٰ نے فرمایا نکل آسمان سے برے حال سے راندہ ہوا جو تیرے پیچھے چلیں گے ان سب کو اور تجھے دوزخ میں بھر دونگا
(۱۹) اے آدم علیہ السلام تو اور تیری بیوی جنت میں ہو لیکن اس درخت کے پاس نہ جانا
(۲۰) شیطان نے آ کر دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا کہ اس درخت سے اس لیے روکا گیا ہے کہ کہیں تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جنت میں رہنے والوں کا مستحق نہیں نہ بن جاے


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا

کہ البتہ میں تمہارا خیر خواہ ہوں   پھر انہیں دھوکا سے مائل کر گیا   پھر جب ان دونوں نے

الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ

درخت کو چکھا   تو ان پر ان کی شرمگاہیں کھل گئیں اور اپنے

عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا

اوپر بہشت کے پتے جوڑنے لگے   اور انہیں ان کے رب نے پکارا کیا میں

عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا تھا اور تمہیں کہہ نہ دیا تھا کہ شیطان تمہارا

لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٢﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ

کھلا دشمن ہے   ان دونوں نے کہا اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾

پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم ضرور تباہ ہو جائیں گے

قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ

فرمایا یہاں سے اترو تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے اور تمہارے لیے زمین

مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٢٤﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا

میں ٹھکانا ہے اور ایک وقت تک نفع اٹھانا ہے   فرمایا تم اسی میں زندہ رہو گے اور

تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿٢٥﴾ ع ٢ ١٥ ٩ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا

اسی میں مرو گے اور اسی سے نکالے جاؤ گے   اے آدم کی اولاد ہم نے تم پر

عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى

پوشاک اتاری جو تمہاری شرمگاہیں ڈھانکتی ہے اور آرائش کے کپڑے بھی اتارے اور پرہیزگاری

ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٢٦﴾

کا لباس وہ سب سے بہتر ہے یہ اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

**ربطِ آیات** (٢١) اور دونوں سے قسم کھا کر کہا کہ میں تمہارا خیر خواہ ہوں (٢٢) انہوں نے درخت سے کھایا اور اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئی کیا میں نے تمہیں اس درخت سے روکا نہیں تھا اور کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان تمہارا بڑا دشمن ہے (٢٣) (درمیان میں اصل قصہ محذوف ہے) آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام آسمان سے اتار دیے گئے اور جنت سے نکال دیے گئے اس کے بعد دنیا میں آ کر کچھ عرصہ پریشان رہے بعد ازاں یہ کلمات انہیں الہام کیے گئے (٢٤) جنت سے اتر جاؤ۔ تم آپس میں (شیطان اور آدم علیہ السلام یا آدم علیہ السلام کی اولاد آپس میں) ایک دوسرے کی دشمن ہو۔ ایک وقت تک تمہیں زمین میں رہنا پڑے گا (٢٥) زمین میں زندہ رہو گے۔ اسی میں مرو گے اور اسی سے قیامت کے دن نکالے جاؤ گے (٢٦) جس طرح ہم نے شرمگاہ کو ڈھانکنے والا لباس نازل کیا ہے اسی طرح لباس تقویٰ بھی نازل فرمایا ہے اور یہ پہلے سے بہتر ہے۔ تقویٰ کا لباس انسانی فطرت کو محفوظ رکھنے کیلئے بہترین لباس ہے جس طرح انسان ننگا نہیں رہ سکتا اسی طرح اپنے اخلاق کی حفاظت اور زینت کیلئے تقویٰ کے لباس کی ضرورت ہے ورنہ اس لباس کو چھیننے والی قوت ہمیشہ موجود رہتی ہے جس طرح سرد ملکوں میں کوئی آدمی گرم کپڑے نہیں اتارتا کہ کہیں سردی سے مر نہ جائے

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ٣ ۔ اتباع کتاب اللہ سے تمہیں لباس تقویٰ نصیب ہوگا اور لباس تقویٰ لباس جسمانی سے اچھا ہے |
| ماخذ آیت ٢٦ |



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَٰبَنِىٓ ءَادَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ كَمَآ أَخْرَجَ أَبَوَيْكُم
اے آدم کی اولاد تمہیں شیطان نہ بہکائے جیسا کہ اس نے تمہارے ماں باپ کو بہشت
مِّنَ ٱلْجَنَّةِ يَنزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْءَٰتِهِمَآ ۗ
سے نکال دیا ان سے ان کے کپڑے اتروائے تاکہ انہیں ان کی شرمگاہیں دکھائے
إِنَّهُۥ يَرَىٰكُمْ هُوَ وَقَبِيلُهُۥ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۗ إِنَّا
وہ اور اس کی قوم تمہیں دیکھتی ہے جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھتے ہم نے
جَعَلْنَا ٱلشَّيَٰطِينَ أَوْلِيَآءَ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۲۷﴾ وَإِذَا
شیطانوں کو ان لوگوں کا دوست بنا دیا ہے جو ایمان نہیں لاتے اور جب
فَعَلُوا۟ فَٰحِشَةً قَالُوا۟ وَجَدْنَا عَلَيْهَآ ءَابَآءَنَا وَٱللَّهُ
کوئی برا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اسی طرح اپنے باپ دادا کو کرتے دیکھا ہے اور اللہ
أَمَرَنَا بِهَا ۗ قُلْ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَأْمُرُ بِٱلْفَحْشَآءِ ۖ أَتَقُولُونَ
نے بھی ہمیں یہی حکم دیا ہے کہہ دو بے شک اللہ بے حیائی کا حکم نہیں کرتا اللہ کے ذمہ وہ
عَلَى ٱللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۲۸﴾ قُلْ أَمَرَ رَبِّى بِٱلْقِسْطِ ۖ
باتیں کیوں لگاتے ہو جو تمہیں معلوم نہیں کہہ دو میرے رب نے انصاف کا حکم دیا ہے
وَأَقِيمُوا۟ وُجُوهَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَٱدْعُوهُ مُخْلِصِينَ
اور ہر نماز کے وقت اپنے منہ سیدھے کرو اور اس کے خالص فرمانبردار ہو کر اسے پکارو جس طرح
لَهُ ٱلدِّينَ ۚ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُودُونَ ﴿۲۹﴾ فَرِيقًا هَدَىٰ وَ
تمہیں پہلے پیدا کیا ہے اسی طرح دوبارہ پیدا ہو گے ایک جماعت کو ہدایت دی اور
فَرِيقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ ٱلضَّلَٰلَةُ ۗ إِنَّهُمُ ٱتَّخَذُوا۟ ٱلشَّيَٰطِينَ
ایک جماعت پر گمراہی ثابت ہو چکی انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو
أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ ﴿۳۰﴾
اپنا دوست بنایا ہے اور خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں

## ربطِ آیات

(۲۷) اے بنی آدم شیطان تمہیں کہیں فتنہ میں نہ ڈال دے۔ وہ اور اس کا کنبہ تمہیں ایسی جگہ سے دیکھتا ہے کہ تم انہیں نہیں دیکھتے۔ ان کو دیکھنے کے لیے ایک خاص روحانی قوت کی ضرورت ہے جو لوگ ہدایت الٰہیہ کو دستور عمل نہیں بناتے شیطان کی دوستی کا رنگ ان پر چڑھتا ہے (۲۸) وہ شیطان کے دوست، جب کوئی گناہ کرتے ہیں تو دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہمارے باپ دادا یہی کیا کرتے تھے اور خدا تعالیٰ کا بھی یہی حکم ہے۔ ان سے کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ بے حیائی کا حکم نہیں کیا کرتا (۲۹) خدا تعالیٰ تو انصاف کا حکم دیتا ہے (۳۰) ایک جماعت کو تو ہدایت نصیب ہوتی ہے اور دوسری جماعت نے چونکہ خدا تعالیٰ سے تعلق توڑ کر شیطان سے رشتہ جوڑ لیا ہے۔ اس لیے وہ گمراہ ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا
اے آدم کی اولاد تم مسجد کی حاضری کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو اور کھاؤ
وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع
اور پیو اور حد سے نہ نکلو بیشک اللہ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتا
قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ
کہہ دو اللہ کی زینت کو کس نے حرام کیا ہے جو اس نے اپنے بندوں کے واسطے
الطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي
پیدا کی ہے اور کس نے کھانے کی ستھری چیزیں (حرام کیں) کہہ دو دنیا کی زندگی میں یہ نعمتیں
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ
اصل میں ایمان والوں کے لیے ہیں قیامت کے دن خالص انہیں کے لیے ہو جائیں گی
نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ
اسی طرح ہم آیتیں مفصل بیان کرتے ہیں ان کے لیے جو سمجھتے ہیں کہہ دو میرے رب
رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ
نے صرف بے حیائی کی باتوں کو حرام کیا ہے خواہ وہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ
وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ
اور ہر گناہ کو اور ناحق کسی پر ظلم کرنے کو بھی اور یہ کہ اللہ کا ایسی چیز کو شریک کرو
يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا
جس کی اس نے کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی اور یہ کہ اللہ پر وہ باتیں کہو جو تم
تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ
نہیں جانتے اور ہر ایک گروہ کے لیے ایک میعاد معین ہے پھر جب وہ
اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾
میعاد ختم ہو گی اس وقت نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں گے اور نہ آگے بڑھیں گے

ع ۳ / ۱۰

## ربط آیات

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۴ - لباس جسمانی ممنوع نہیں ہے (ہاں لباس روحانی مرجح ہے) اور اگر لباس روحانی سے کوئی محروم رہا تو مغضوبین کی فہرست میں داخل ہوگا - ماخذ آیت ۳۲-۳۸ |

(۳۱) اے آدم (علیہ السلام) کے بیٹو ہر نماز کے وقت آراستہ ہو کر آؤ۔ اور اللہ تعالیٰ کا رزق کھاؤ اور پیو اور بندگی کے حدود سے باہر نہ نکلو (۳۲) اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی زینت اور عمدہ رزق در اصل دنیا میں بھی مومنوں ہی کے لیے ہے (اور کافر بالتبع نفع اُٹھاتے ہیں) (۳۳) ہاں یہ چیزیں قطعاً حرام ہیں۔ (۳۴) پھر یہ مرتکب کیوں زندہ کیوں ہیں؟ اس لیے کہ ہر ایک جماعت کی موت وحیات کا ایک وقت معین ہے۔ جب کسی کا وقت پورا ہوگا وہ فنا ہو جائے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ

اے آدم کی اولاد اگر تم میں سے تمہارے پاس رسول آئیں جو تمہیں

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

میری آیتیں سنائیں پھر جو شخص ڈرے گا اور اصلاح کرے گا ایسوں پر کوئی خوف نہ

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ

ہوگا اور نہ وہ غم کھائیں گے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور

اسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

اور ان سے تکبر کیا وہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

رہنے والے ہوں گے پھر اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا اللہ پر بہتان

كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ

باندھے یا اس کے حکموں کو جھٹلائے ان لوگوں کا جو کچھ نصیب ہے وہ ان کو

مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا

مل جائے گا یہاں تک کہ جب ان کے ہاں ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی روح قبض کرنے

اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا

کے لیے آئیں گے تو کہیں گے کہ وہ کہاں گئے اللہ کو چھوڑ کر جن کی تم عبادت کیا کرتے تھے کہیں گے

وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ

ہم سے سب غائب ہو گئے اور اپنے کافر ہونے کا اقرار کرنے لگیں گے فرمائے گا

ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ

جنوں اور آدمیوں میں سے جو امتیں تم سے پہلے ہو چکی ہیں ان کے ساتھ

الْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ

دوزخ میں داخل ہو جاؤ جب ایک امت داخل ہوگی تو دوسری پر لعنت کرے گی

## ربط آیات

(۳۵) اے بنی آدم تمہاری نجات کا یہ راستہ ہے (۳۶) منزل من اللہ احکام کی تکذیب کرنے والے ہمیشہ جہنم میں رہیں گے (۳۷) نبی پر اگر کوئی حکم نازل نہ ہو اور وہ اعلان کرے کہ یہ خدا تعالیٰ کا حکم ہے، اس سے بڑھ کر کوئی ظلم نہیں ہے۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) (تو بفضلہ تعالیٰ اس سے پاک ہیں) اور اس سے بڑھ کر بھی کوئی ظلم نہیں (جس میں تم مبتلا ہو) کہ خدا تعالیٰ کے نازل کردہ حکم کو جھٹلایا جائے آئندہ چل کر تمہیں اس کفر کا اقرار کرنا پڑے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ

یہاں تک کہ جب اس میں سب گر جائیں گے تو ان کے پچھلے پہلوں سے کہیں گے اے

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ

رب ہمارے یہیں انہوں نے گمراہ کیا سو تو انہیں آگ کا دگنا عذاب دے

النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَ

فرمائے گا کہ دونوں کو دگنا ہے لیکن تم نہیں جانتے اور

قَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ

پہلے پچھلوں سے کہیں گے پس تمہیں ہم پر کوئی فضیلت نہیں

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٣٩﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ

پس بسبب اپنی کمائی کے عذاب چکھو بیشک جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ

ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان کے مقابلہ میں تکبر کیا ان کے لیے آسمان کے

السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ

دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور نہ وہ جنت میں داخل ہونگے یہاں تک کہ اونٹ

الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ

سوئی کے ناکے میں گھس جائے اور ہم گنہ گاروں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں ان کے لیے دوزخ کا

مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾

بچھونا اور اوپر سے اوڑھنا ہے اور ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا

اور جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں ہم کسی پر بوجھ نہیں رکھتے مگر

اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٤٢﴾

اس کی طاقت کے موافق وہی بہشتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں



## ربط آیات

(٣٨) اپنے کفر پر ان سے اقرار کرا کے پہلی ملعون جماعتوں میں انہیں شامل کر دیا جائے گا (٣٩) پہلے پچھلوں سے کہیں گے تمہیں ہم پر کون سی فضیلت ہے کہ ہمیں تو دو چند عذاب ہو اور تمہیں ایک درجہ کا ہو (٤٠) اطاعت احکام

ع ٥ / ١١

خلاصہ رکوع ۵ - لباس التقویٰ کے ملبوس اور اس سے اعراض کرنے والوں سے سلوک الٰہی ماخذ ۴۰ - ۴۲ (یہ لباس التقویٰ سے اعراض کرنے والوں کی سزا ہے) اور آیت ۴۲ ۴۳ - یہ لباس التقویٰ سے ملبوس جماعت کی جزا ہے

الٰہی سے انکار کرنا لباس تقویٰ سے نفرت کے قائمقام ہے ایسے لوگ نتائج حسنہ تقویٰ سے محروم رکھے جائینگے (۴۱) بے انصافوں کو ایسی ہی سزا ملا کرتی ہے (۴۲) حتی الوسع لباس تقویٰ کے اسباب اپنے لیے جمع کرنے والوں کی یہ جزا ہے

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ
اور جو کچھ ان کے دلوں میں خفگی ہوگی ہم اسے دور کر دیں گے ان کے نیچے
الْأَنْهَارُ ۖ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا قف وَ
نہریں بہتی ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں یہاں تک پہنچایا اور
مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۖ لَقَدْ
ہم راہ نہ پاتے اگر اللہ ہماری رہنمائی نہ فرماتا بے شک
جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ
ہمارے رب کے رسول سچی بات لائے تھے اور آواز آئے گی کہ یہ
الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ وَنَادَىٰ
جنت ہے تم اپنے اعمال کے بدلے اس کے وارث ہوگئے ہو اور بہشت والے
أَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابَ النَّارِ أَن قَدْ وَجَدْنَا
دوزخیوں کو پکاریں گے کہ ہم نے وعدہ سچا پایا جو ہمارے
مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدتُّم مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ
رب نے ہم سے کیا تھا آیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدہ کو
حَقًّا ۖ قَالُوا نَعَمْ ۚ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَن لَّعْنَةُ
سچا پایا وہ کہیں گے ہاں پھر ایک پکارنے والا ان کے درمیان پکاریگا کہ ان
اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ﴿٤٤﴾ الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَن
ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو اللہ کی راہ سے روکتے تھے
سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ وَهُم بِالْآخِرَةِ
اور اسے ٹیڑھا کرنا چاہتے تھے اور وہ آخرت کے
كَافِرُونَ ﴿٤٥﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ
منکر تھے اور ان دونوں کے درمیان ایک دیوار ہوگی اور اعراف کے اوپر ایسے مرد ہونگے

الثلثة

وقف لازم

### ربط آیات

(۴۳) اگر دنیا میں کچھ آپس میں کدورت تھی تو وہ نکال دی جائے گی اور پکار کر کہا جائے گا کہ یہ تمہارے سابقہ اعمال کی جزا ہے اور وہ اقرار کریں گے کہ واقعی ہمیں انبیاء علیہم السلام نے صحیح راہ دکھائی تھی (۴۴) قیامت کے دن حساب لباس تقویٰ سے انکار کرنے والے بھی مان جائینگے کہ قصور واقعی ہمارا ہی تھا ورنہ انبیاء علیہم السلام کی تعلیم بالکل درست تھی (۴۵) ظالموں کے یہ اوصاف ہیں۔





Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

کہ ہر ایک کو اس کی نشانی سے پہچان لیں گے اور جنت والوں کو پکار کر کہیں گے

أَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۚ قف لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ ﴿٤٦﴾

تم پر سلام ہو وہ ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے اور امیدوار ہیں

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصٰرُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوا

اور جب ان کی نگاہ دوزخ والوں کی طرف پھرے گی تو کہیں گے اے

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ﴿٤٧﴾ وَنَادٰى

رب ہمارے ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ لا اور

أَصْحٰبُ الْأَعْرَافِ رِجَالًا يَعْرِفُونَهُمْ بِسِيمٰهُمْ قَالُوا

اعراف والے پکاریں گے جنہیں وہ ان کی نشانی سے پہچانتے ہوں گے کہیں گے

مَا أَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٤٨﴾

تمہاری جماعت تمہارے کسی کام نہ آئی اور نہ وہ جو تم تکبر کیا کرتے تھے

أَهٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۚ

یہ وہی ہیں جن کے متعلق تم قسم کھاتے تھے کہ انہیں اللہ کی رحمت نہیں پہنچے گی (انہیں کہا گیا

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَا أَنْتُمْ

ہے) جنت میں چلے جاؤ تم پر نہ ڈر ہے اور نہ تم

تَحْزَنُونَ ﴿٤٩﴾ وَنَادٰى أَصْحٰبُ النَّارِ أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

غمگین ہو گے اور دوزخ والے بہشت والوں کو پکاریں گے کہ

أَنْ أَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۚ

ہم پر تھوڑا سا پانی بہا دو یا کچھ اس چیز میں سے دو جو تمہیں اللہ نے رزق دیا ہے

قَالُوا إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِينَ ﴿٥٠﴾ الَّذِينَ

کہیں گے بیشک اللہ نے ان دونوں چیزوں کو کافروں پر حرام کیا ہے جنہوں نے

## ربط آیات

(۴۶) اب ایک تیسری جماعت کا ذکر ہے۔ اس جماعت کے متعلق مفسرین کے اقوال مختلف ہیں۔ یہ لوگ کون ہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ لوگ لباس تقویٰ سے ملبوس تو نہیں ہیں لیکن تعلیم صحیح کے مخالف بھی نہیں ہیں بلکہ اگر یہ تعلیم نہیں مل جاتی تو ضرور اس

ع ۶ ۱۲

خلاصہ رکوع ۶۔ اس تیسری جماعت کا منکرین لباس تقویٰ کو سرزنش کرنا اور ان کی سزا کا ذکر ماخذ آیت ۴۶ تا ۵۱

کی قدر کرتے۔ لہٰذا یہ دوزخ میں بھی داخل نہیں ہیں اور جنت میں بھی ابھی تک نہیں جا سکے۔ ان کی روحانی ترقی ہو گی اور بہشت میں جا پہنچیں گے (۴۷) دوزخیوں کے مسلک اور ان کی سزا سے سخت متنفر ہیں (۴۸) ان لوگوں کی فطرت سلیم ہے۔ اس لیے دوزخیوں کو غلط کاری پر ڈانٹ رہے ہیں (۴۹) ملبوسین لباس تقویٰ کے مسلک کی تعریف کر رہے ہیں (۵۰) لباس تقویٰ کی برکت سے نجات پانے والوں سے منکرین نعمتوں کا سوال کریں گے اور انہیں مایوس کن جواب ملے گا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ
اپنا دین تماشا اور کھیل بنایا اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں
الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰهُمْ كَمَا نَسُوا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ
ڈال دیا ہے سو آج ہم انہیں بھلادیں گے جس طرح انہوں نے اس دن کی ملاقات کو بھلا
هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ
دیا تھا اور جیسا وہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے اور ہم نے ان کے پاس
بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ
ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے جسے ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح کرکے بیان کردیا ہے وہ
يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ
ہدایت ہے اور رحمت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان لے آئے ہیں انہیں اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف آخری نتیجہ
تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ
کا انتظار ہے جس دن اس کا آخری نتیجہ سامنے آئے گا اس دن جو اسے پہلے بھولے ہوئے تھے کہینگے
جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ
کہ واقعی ہمارے رب کے رسول سچی باتیں لائے تھے سو اب کیا کوئی ہمارا سفارشی ہے جو ہماری
فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ
سفارش کرے یا کیا ہم پھر واپس بھیجے جاسکتے ہیں تاکہ ہم ان اعمال کے خلاف جنہیں کیا کرتے تھے دوسرے
قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ ع
اعمال کریں بیشک انہوں نے اپنے آپکو خسارے میں ڈالدیا اور جو باتیں بناتے تھے وہ سب گم ہوگئیں
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ
بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو
سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ
چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا رات سے دن کو ڈھانک دیتا

## ربط آیات

(۵۱) صحیح راستہ جو اللہ تعالیٰ نے بتلایا تھا اس کو چھوڑ کر اپنا دین کھیل اور تماشا بنا رکھا تھا آج اس کی سزا پائیں گے (۵۲) اپنے پورے علم کی بنا پر ہم نے ان پر کتاب نازل فرمائی ہے لیکن وہ ہادی اور رحمت ہماندروں ہی کے ہوگی (۵۳) معاندین کتاب مذان احکام کی حقیقت اصلیہ دیکھنا چاہتے ہیں جب حقیقت اصلیہ واضح ہوگی تو پھر انکو اصلاح کی مہلت کب ملے گی۔ اصلاح کی تمنا بھی کریں گے تو مسترد ہوجائیگی

ع ٦ ٧ ١٣

خلاصہ رکوع ٧- تذکیر آلاء اللہ سے دعوت الی الکتاب ماخذ آیت ۵۳





Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ
ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا ہوا آتا ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اپنے حکم کے
بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٤﴾
تابعدار بنا کر پیدا کئے اسی کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم فرمانا اللہ بڑی برکت والا ہے جو سارے جہان کا رب ہے
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٥٥﴾
اپنے رب کو عاجزی اور چپکے سے پکارو اسے حد سے بڑھنے والے پسند نہیں آتے
وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ
اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد مت کرو اور اسے ڈر اور طمع سے
خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٦﴾
پکارو بے شک اللہ کی رحمت نیکوکاروں سے قریب ہے
وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ
اور وہی ہے جو مینہ سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں چلاتا ہے
حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ
یہاں تک کہ جب ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھا لاتی ہیں تو ہم اس بادل کو مردہ شہر
فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ
کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر ہم اس بادل سے پانی اتارتے ہیں پھر اس سے سب طرح کے پھل
كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالْبَلَدُ
نکالتے ہیں اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور جو شہر پاکیزہ ہے
الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ
اسکا سبزہ اس کے رب کے حکم سے نکلتا ہے اور جو ایسی خراب ہے جو کچھ اس میں سے نکلتا ہے ناقص ہی
لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
ہوتا ہے اسی طرح ہم شکر گزاروں کے لیے مختلف طریقوں سے آیتیں بیان



## ربط آیات

(۵۴) ربکم تمہاری اخلاقی اور جسمانی غذا کا بندوبست کرنیوالا (ستۃ ایام) سے مراد دن نہیں بلکہ ادوار الٰہی کے دورہ کو ایک دن کہا جاتا ہے (ثم استویٰ علی العرش) عرش الٰہی ایک ایسی حقیقت وحالت ملکوتیہ ہے کہ جو جسمانی اور روحانی دونوں نظاموں کا منبع اور مرکز ہے اس آیت میں لمحات الٰہیہ کا ذکر ہے (۵۵) اسی مربی کی عبادت تمہارا فرض ہے اگر فرض عبودیت کو نہ پہچانا تو اس سے دوستی کا رشتہ کٹ جائیگا (۵۶) اس کی ربوبیت سے فائدہ اٹھا کر زمین میں بغاوت نہ پھیلاؤ۔ اور سرکشی نہ کرو بلکہ اس کے دروازے پر سر جھکاؤ اور اپنے آپ کو مزید رحمت کے مستحق ٹھہراؤ (۵۷) جس طرح مینہ برسنے سے پہلے ٹھنڈی ہوائیں خوشخبری لاتی ہیں! اسی طرح نزول کتاب اللہ سے پہلے تشنگی طلب حق پیدا ہوتی ہے جس کا ذکر حدیث شریف میں ہے! ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال فعلموا من الکتب! علموا من السنۃ اس کے بعد بارش آتی ہے! اسی طرح تشنگی پیدا ہونے کے بعد قرآن حکیم کا نزول ہوتا ہے پھر جس طرح اس پانی سے مختلف قسم کے میوہ جات پیدا ہوتے ہیں۔ اسی طرح تعلیم قرآن سے مختلف قسم کے نتائج مترتب ہوتے ہیں اور جس طرح یہاں پھل پانی کے باعث زمین سے پیدا ہوتے ہیں۔ قیامت کے دن ایک بارش ہوگی جس سے آدمی زمین سے پیدا ہو جائیں گے۔

ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۸ - تذکیر بایام اللہ سے دعوت الی الکتاب -
ماخذ ۵۹-۶۴

ع ۷ ۱۴

يَشْكُرُونَ ۝٥٨ لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِۦ فَقَالَ
کرتے ہیں بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا پس اس نے کہا

يَٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُۥٓ إِنِّىٓ أَخَافُ
اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں میں تم پر

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝٥٩ قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِۦٓ
ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں اس کی قوم کے سرداروں نے کہا

إِنَّا لَنَرَىٰكَ فِى ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ۝٦٠ قَالَ يَٰقَوْمِ لَيْسَ بِى ضَلَٰلَةٌ
ہم تجھے صریح گمراہی میں دیکھتے ہیں فرمایا اے میری قوم میں ہرگز گمراہ نہیں ہوں

وَلَٰكِنِّى رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَٰلَمِينَ ۝٦١ أُبَلِّغُكُمْ رِسَٰلَٰتِ
لیکن میں جہان کے پروردگار کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں تمہیں اپنے رب کے پیغام

رَبِّى وَأَنصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝٦٢
پہنچاتا ہوں اور تمہیں نصیحت کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے

أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ
کیا تمہیں اس بات سے تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی طرف سے تم ہی میں سے ایک مرد کی زبانی تمہارے پاس نصیحت

مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝٦٣
آئی ہے تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ اور تاکہ تم رحم کیے جاؤ

فَكَذَّبُوهُ فَأَنجَيْنَٰهُ وَالَّذِينَ مَعَهُۥ فِى الْفُلْكِ وَ
پھر انہوں نے اسے جھٹلایا پھر ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں بچا لیا اور جو ہماری

أَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَآ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا
آیتوں کو جھٹلاتے تھے انہیں غرق کر دیا بے شک وہ لوگ اندھے

عَمِينَ ۝٦٤ وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۗ قَالَ يَٰقَوْمِ
تھے اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا فرمایا اے میری قوم

ع ۸ ۱۵

## ربط آیات

(۵۸) اچھی زمین اچھا نتیجہ برآمد کرتی ہے اور بری بُرا، اسی طرح اپنی اپنی فطرت کے لحاظ سے نتائج نکل آتے ہیں (۵۹) حضرت نوح علیہ السلام کو اپنی امت کی طرف پیغام ربانی دے کر بھیجا گیا (۶۰) مگر قوم نے اُلٹا ان پر گمراہی کا حکم لگایا (۶۱) میں گمراہ نہیں ہوں بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں (۶۲) تمہیں رب کے پیغامات پہنچانے کے لیے آیا ہوں (۶۳) کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم ہی میں سے ایک شخص پر تمہارے لیے ذکر نازل فرمایا۔ (۶۴) نوح علیہ السلام کو انہوں نے جھٹلایا اور احکام الٰہی کی تکذیب کی۔ اس جرم میں غرق کیے گئے (عبرت) اگر معاندین قرآن بھی تکذیب رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور تکذیب کتاب اللہ سے باز نہیں آئیں گے تو وہ بھی اسی طرح راندۂ درگاہِ الٰہی ہوں گے۔

(عبرت) اپنے وقت کے نبی اور احکامِ الٰہی سے انکار کے باعث تباہ کیے گئے۔ مخالفین قرآن کو اس سے عبرت حاصل ہونی چاہیے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾
اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں سو کیا تم ڈرتے نہیں

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ
اس کی قوم کے کافر سردار بولے ہم تو تمہیں بے وقوف سمجھتے

فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ قَالَ
ہیں اور ہم تجھے جھوٹا خیال کرتے ہیں فرمایا

يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ
اے میری قوم میں بے وقوف نہیں ہوں لیکن میں پروردگار عالم کی طرف سے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ
بھیجا ہوا ہوں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا امانت دار

اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ
خیر خواہ ہوں کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی طرف سے تمہیں میں سے ایک مرد کی

مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ
زبانی تمہارے پاس نصیحت آئی تاکہ تمہیں ڈرائے اور یاد کرو جب کہ تمہیں

مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ
قوم نوح کے بعد جانشین بنایا اور ڈیل ڈول میں تمہیں پھیلاؤ زیادہ دیا

فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا
سو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم نجات پاؤ انہوں نے کہا

اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ
کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہم ایک اللہ کی بندگی کریں اور ہمارے باپ دادا جنہیں پوجتے

اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾
ہے انہیں چھوڑ دیں پس جس چیز سے تو ہمیں ڈراتا ہے وہ لے آ اگر تو سچا ہے

## ربط آیات

(۶۵) قوم عاد کی طرف ہود علیہ السلام پیغام عبودیت لائے (۶۶) قوم کے با اثر سرداروں نے انہیں جھٹلایا (۶۷) میں بے وقوف نہیں ہوں بلکہ خدا تعالیٰ کا رسول ہوں (۶۸) اپنے رب کے احکام پہنچانے کے لیے آیا ہوں (۶۹) کیا تمہیں اس سے تعجب ہے کہ تم میں سے ایک انسان پر اللہ تعالیٰ نے ذکر نازل فرمایا (۷۰) کہنے لگے کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ باپ دادا کے معبودوں کو چھوڑ کر ایک خدا کی عبادت شروع کر دیں۔ ہم اس کے لیے تیار نہیں۔

خلاصہ رکوع ۹ ۔ تذکیر ایام اللہ سے دعوت الی الکتاب
ماخذ آیت ۶۵ - ۷۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ط
فرمایا تمہارے رب کی طرف سے تم پر عذاب اور غصہ واقع ہو چکا
اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ
مجھ سے ان ناموں پر کیوں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے مقرر
اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ط فَانْتَظِرُوْٓا
کئے ہیں اللہ نے ان کی کوئی دلیل نہیں اتاری سو انتظار کرو
اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ
میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں پھر ہم نے اُسے اور اس کے ساتھیوں
مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے ان کی جڑ
بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۲﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ
کاٹ دی اور وہ مومن نہیں تھے اور ثمود کی طرف
اَخَاهُمْ صٰلِحًا م قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ
ان کے بھائی صالح کو بھیجا فرمایا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ط
تمہارا کوئی معبود نہیں تمہیں تمہارے رب کی طرف سے دلیل پہنچ چکی ہے
هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ
یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے سو اسے چھوڑ دو کہ
اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ
اللہ کی زمین میں کھائے اور اسے بری طرح سے ہاتھ نہ لگاؤ ورنہ تمہیں دردناک
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ
عذاب پکڑے گا اور یاد کرو جب کہ تمہیں عاد کے بعد جانشین

## ربط آیات

(۷۱) حضرت ہود علیہ السلام نے جواب دیا تمہارے رب کی طرف سے عذاب اور غضب کا فیصلہ تمہارے حق میں ہو چکا ہے اچھا تم بھی منتظر رہو میں بھی اس فیصلہ کے نافذ ہونے کا منتظر ہوں۔ (۷۲) حضرت ہود علیہ السلام کو اور احکام الٰہی پر ایمان لانے والوں کو ہم نے نجات دی اور منکرین آیات ربانی کی جڑ کاٹ دی گئی۔ (۷۳) حضرت صالح علیہ السلام عبادت

خلاصہ رکوع ۱۰۔ تذکیر بایام اللہ سے دعوت الی الکتاب ماخذ آیت ۳، ۶۰، ۹

الٰہی کی طرف دعوت دیتے ہیں اور تسلی قلب کے لیے معجزہ بھی دکھاتے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنۢ بَعۡدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ تَتَّخِذُوۡنَ

بنایا اور تمہیں زمین میں جگہ دی کہ نرم زمین میں محل بناتے ہو

مِنۡ سُهُوۡلِهَا قُصُوۡرًا وَّتَنۡحِتُوۡنَ الۡجِبَالَ بُيُوۡتًا ۚ

اور پہاڑوں میں گھر تراشتے ہو سو اللہ کے احسان یاد کرو

فَاذۡكُرُوۡۤا اٰلَاۤءَ اللّٰهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ﴿۷۴﴾

اور زمین میں فساد مت مچاتے پھرو

قَالَ الۡمَلَاُ الَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا مِنۡ قَوۡمِهٖ لِلَّذِيۡنَ

اس قوم کے متکبر سرداروں نے غریبوں سے کہا جو ایمان

اسۡتُضۡعِفُوۡا لِمَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ اَتَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ

لاچکے تھے کیا تمہیں یقین ہے کہ صالح کو اس

صٰلِحًا مُّرۡسَلٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلَ

کے رب نے بھیجا ہے انہوں نے کہا جو وہ لے کر آیا ہے ہم

بِهٖ مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ الَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡۤا اِنَّا

اس پر ایمان لانے والے ہیں متکبروں نے کہا جس پر تمہیں یقین ہے

بِالَّذِىۡۤ اٰمَنۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿۷۶﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ

ہم اسے نہیں مانتے پھر اونٹنی کے پاؤں

وَعَتَوۡا عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهِمۡ وَقَالُوۡا يٰصٰلِحُ ائۡتِنَا بِمَا

کاٹ ڈالے اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہا اے صالح لے آ ہم پر

تَعِدُنَاۤ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتۡهُمُ

جس سے تو ہمیں ڈراتا تھا اگر تو رسول ہے پس انہیں زلزلہ

الرَّجۡفَةُ فَاَصۡبَحُوۡا فِىۡ دَارِهِمۡ جٰثِمِيۡنَ ﴿۷۸﴾

نے آپکڑا پھر صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے

## ربط آیات

(۷۴) اللہ تعالیٰ کا احسان یاد کرو کہ قوم عاد کو تباہ کرکے اس نے تمہیں آباد کیا اس سے سرکشی کرکے مفسد نہ بنو (۷۵) سرداران قوم انکار کرتے ہیں اور فطرۃ سلیمہ والے مساکین دعوت حقہ پر لبیک کہتے ہیں (۷۶) متکبر کہنے لگے ہم تو اس دعوت کا انکار کرتے ہیں (۷۷) معجزہ والی اونٹنی کو جسے تکلیف دینے سے انہیں روکا گیا تھا۔ ایذا پہنچاتے ہیں اس کے پاؤں کاٹ ڈالتے اور عذاب الٰہی کے مستحق ہوتے ہیں (۷۸) اللہ کا عذاب زلزلے کی صورت میں ان پر نازل ہوا اور وہ تباہ ہو گئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ
پھر صالح ان سے منہ موڑ کر چلے اور فرمایا اے میری قوم میں تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچا
رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾
چکا اور تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے تھے
وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا
اور لوط کو بھیجا جب اس نے اپنی قوم کو کہا کیا تم ایسی بے حیائی کرتے ہو
سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ
کہ تم سے پہلے اسے جہان میں کسی نے نہیں کیا بے شک
لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ
تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے شہوت رانی کرتے ہو بلکہ
اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ
تم حد سے بڑھنے والے ہو اور اس کی قوم نے کوئی جواب نہیں دیا
اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ
مگر یہی کہا کہ انہیں اپنے شہر سے نکال دو یہ لوگ بہت
اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا
ہی پاک بننا چاہتے ہیں پھر ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو
امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا
سوائے اس کی بیوی کے بچا لیا کہ وہ وہاں رہنے والوں میں رہ گئی اور ہم نے
عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
ان پر مینہ برسایا پھر دیکھیے گنہ گاروں کا کیا
الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ
انجام ہوا اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا فرمایا

ع ۱۰ / ۱۶

## ربط آیات

(۷۹) حضرت صالح علیہ السلام نے ان پر اظہار افسوس کیا اور فرمایا کہ میں نے تو تمہیں احکام الٰہی پہنچا دیے تھے اور تمہاری خیر خواہی کردی تھی لیکن تم نے قدر نہ کی (عبرت) اپنے وقت کے نبی اور احکام الٰہی کی مخالفت کے باعث تباہ ہو گئے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

(۸۰) لوط علیہ السلام کی قوم بھی اسی مرض میں مبتلا ہے۔ اپنے وقت کے نبی کی مخالف اور احکام الٰہی کی منکر ہے (۸۱) بے حیائی چھوڑ دو (۸۲) بجائے اس کے کہ اپنی غلطی سے باز آتے اُلٹے لوط علیہ السلام اور ان کی جماعت کے دشمن بن گئے۔

(۸۳) لوط علیہ السلام اپنے مخلص متبعین کے عذاب الٰہی سے نجات پا گئے (۸۴) بقیہ افراد عذاب الٰہی کا شکار ہو گئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ

اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تمہارے

جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَ

رب کی طرف سے تمہارے پاس دلیل پہنچ چکی ہے سو ماپ اور تول کو پورا کرو اور

الْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا

لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو اور زمین میں

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

اس کی اصلاح کے بعد فساد مت کرو یہ تمہارے لیے بہتر

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ ج وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ

ہے اگر تم ایمان دار ہو اور سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو

تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

کہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو دھمکیاں دو اور اللہ کی راہ سے روکو اور

بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ج وَاذْكُرُوْا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا

اس میں ٹیڑھا پن تلاش کرو اور اس حالت کو یاد کرو جبکہ تم تھوڑے

فَكَثَّرَكُمْ ص وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾

تھے پھر اللہ نے تمہیں زیادہ کر دیا اور دیکھو کہ فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا ہے

وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ

اور اگر تم میں سے ایک جماعت اس پر ایمان لے آئی ہے جو میرے ذریعے سے بھیجا گیا

بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى

ہے اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی پس صبر کرو جب تک

يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ج وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے

## ربط آیات

خلاصہ رکوع ۱۱ ـ تذکیر بایام اللہ سے دعوت الی الکتاب
ماخذ آیت ۸۵-۹۱-۹۳

(۸۵) حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو دعوت الی اللہ دی اور احکام الٰہی پہنچائے (۸۶) راستے میں بیٹھ کر لوگوں کو ڈرانے اور اللہ کے راستے سے روکنے کی برائی بھی چھوڑ دو۔ (۸۷) ہمارے اور اپنے درمیان اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کا انتظار کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ
اس کی قوم کے متکبر سرداروں نے کہا
لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ
اے شعیب ہم تجھے اور انہیں جو تجھ پر ایمان لائے ہیں اپنے شہر سے ضرور نکال دیں گے
اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قف
یا یہ کہ تم ہمارے دین میں واپس آ جاؤ فرمایا کیا اگرچہ ہم اس دین کو ناپسند کرنے والے ہوں
قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ
ہم تو اللہ پر بہتان باندھنے والے ہو جائیں اگر ہم تمہارے مذہب میں واپس آئیں
اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ
بعد اس کے کہ اللہ نے ہمیں اس سے نجات دی ہے اور ہمیں یہ حق نہیں کہ تمہارے دین میں لوٹ کر آئیں مگر
اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى
یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا رب ہے ہمارے رب کا علم ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے ہم
اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ
اللہ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں اے رب ہمارے ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے موافق فیصلہ کر دے
وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اور تو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے اس کی قوم میں سے جو کافر سردار تھے
مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾
انہوں نے کہا اگر تم شعیب کی تابعداری کرو گے تو بے شک نقصان اٹھاؤ گے
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ صلے
پھر انہیں زلزلہ نے آ پکڑا پھر وہ صبح تک اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے

## ربطِ آیات

(۸۸) اُس کی قوم میں سے تکبر کرنے والے سرداروں نے کہا - یا تو واپس ہمارے دین میں آ جاؤ - ورنہ ہم تمہیں نکال دیں گے۔ (۸۹) شعیب علیہ السلام آبائی دین میں ہرگز واپس نہیں آنا چاہتے - اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگتے ہیں کہ خداوندا تو اس کا فیصلہ فرما (۹۰) مفسدین حضرت شعیب علیہ السلام کے خلاف لوگوں کو اُبھار رہے ہیں۔ (۹۱) خدا تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا۔ مفسدین حق عذاب الٰہی میں مبتلا ہو گئے۔

الجزء ۹ ع ۲ اسباع ۹

صلے عند المتقدمین ۱۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۚ الَّذِينَ كَذَّبُوا

جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا گویا کہ وہ وہاں کبھی بسے ہی نہیں تھے جنہوں نے شعیب

شُعَيْبًا كَانُوا هُمُ الْخَاسِرِينَ ﴿٩٢﴾ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ

کو جھٹلایا وہی نقصان اٹھانے والے ہوئے پھر ان سے منہ پھیرا اور کہا اے میری قوم

لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۖ فَكَيْفَ

تحقیق میں نے تمہیں اپنے رب کے احکام پہنچا دیے اور میں نے تمہارے لیے خیر خواہی کی

آسَىٰ عَلَىٰ قَوْمٍ كَافِرِينَ ﴿٩٣﴾ ع وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ

پھر کافروں کی قوم پر میں کیونکر غم کھاؤں اور ہم نے کسی بستی میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا

مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا أَخَذْنَا أَهْلَهَا بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ

مگر وہاں کے لوگوں کو سختی اور تکلیف میں پکڑا تاکہ

لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُونَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ

وہ عاجزی کریں پھر ہم نے برائی کی جگہ بھلائی

الْحَسَنَةَ حَتَّىٰ عَفَوا وَّقَالُوا قَدْ مَسَّ آبَاءَنَا

بدل دی یہاں تک کہ وہ زیادہ ہو گئے اور کہنے لگے کہ ہمارے باپ دادوں

الضَّرَّاءُ وَالسَّرَّاءُ فَأَخَذْنَاهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا

کو بھی تکلیف اور خوشی کا وقت آیا تھا پھر ہم نے انہیں اچانک پکڑا اور

يَشْعُرُونَ ﴿٩٥﴾ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ آمَنُوا وَاتَّقَوْا

ان کو خبر ہی نہ ہوئی اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور ڈرتے

لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ

تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے نعمتوں کے دروازے کھول دیتے

وَلَٰكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٩٦﴾

لیکن انہوں نے جھٹلایا پھر ہم نے انھیں ان کے اعمال کے سبب سے گرفت کی



## ربط آیات

(۹۲) ایسے برباد ہوئے گویا کہ کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے (۹۳) شعیب علیہ السلام نے فرمایا۔ اے میری قوم! میں نے تو تمہیں احکام الٰہی پہنچا دیے تھے۔ تم نے ان کی مخالفت کی اور یہ سزا پائی۔ (عبرت) اپنے وقت کے نبی کی مخالفت اور احکام الٰہی سے اعراض کی یہ سزا انہیں ملی۔ فاعتبروا یا اولی الابصار

ع ۱۱ ۹ ۱

(۹۴) ہمارا ہمیشہ یہی دستور رہا۔ کہ

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۲۔ پہلی تباہ شدہ امتوں پر تنقیدی نگاہ اور مخالفین اسلام کے لیے تنبیہ۔ از آیت ۹۴ تا ۹۹-۹۰ |

نبی کی مخالفت پر ان لوگوں کو گرفت کی گئی۔ تاکہ وہ مخالفت سے باز آ جائیں (۹۵) لیکن جب وہ گوشمالی عذاب پر بھی مخالفت سے باز نہ آئے۔ تب معلوم ہوا کہ ان کی فطرت مسخ ہو چکی ہے اور یہ ناقابل اصلاح ہیں پھر گرفت ہٹالی۔ ہر قسم کی آسائش کے دروازے کھول دیے اور پھر ناگہانی طور پر انھیں عذاب کی گرفت میں پکڑ لیا۔ (۹۶) اگر بستیوں والے ہمارے احکام مان جاتے تو زمین و آسمان سے رحمت کے دروازے ان پر کھل جاتے اور بے شمار رزق پاتے۔ لیکن ان لوگوں نے اپنی شامت اعمال سے سزا پائی۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ
کیا بستیوں والے نڈر ہو چکے ہیں کہ ہماری طرف سے ان پر رات کو عذاب آئے جب
نَائِمُونَ ﴿۹۷﴾ أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَنْ يَأْتِيَهُمْ
وہ سو رہے ہوں یا بستیوں والے اس بات سے نڈر ہو چکے ہیں کہ ان پر ہمارا
بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ ﴿۹۸﴾ أَفَأَمِنُوا مَكْرَ اللَّهِ ۚ
عذاب ان پر چڑھے آئے جب وہ کھیل رہے ہوں کیا وہ اللہ کی اچانک پکڑ سے بے فکر
فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ ﴿۹۹﴾ ع أَوَلَمْ
ہو گئے ہیں پس اللہ کی اچانک پکڑ سے بے فکر نہیں ہوتے مگر نقصان اٹھانے والے کیا ان
يَهْدِ لِلَّذِينَ يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ أَهْلِهَا أَنْ
لوگوں پر جو زمین کے وارث ہوئے ہیں وہاں کے لوگوں کے ہلاک ہونے کے بعد یہ ظاہر
لَوْ نَشَاءُ أَصَبْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ
نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کے گناہوں کے سبب سے پکڑ لیں اور ہم نے ان کے دلوں
فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرَىٰ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
پر مہر لگا دی ہے پس وہ نہیں سنتے یہ بستیاں ہیں جن کے کچھ حالات ہم تمہیں سناتے
أَنْبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۚ فَمَا كَانُوا
ہیں بے شک ان کے پاس ان کے رسول روشن نشانیاں لے کر آئے تھے پھر
لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا مِنْ قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ
اس بات پر ہرگز ایمان نہ لائے جسے پہلے جھٹلا چکے تھے کافروں کے دلوں پر اللہ اسی طرح
قُلُوبِ الْكَافِرِينَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِأَكْثَرِهِمْ مِنْ عَهْدٍ ۚ
مہر لگا دیتا ہے اور ہم نے ان کے اکثر لوگوں میں عہد کا نباہ
وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ
نہیں پایا اور ان میں سے اکثر کو نافرمان پایا اس کے بعد ہم نے

ع ۱۲ / ۲

## ربطِ آیات

(۹۷) کیا مخالفت قرآن کرنے والے نڈر ہو چکے ہیں ممکن ہے رات کو سوتے وقت ان پر عذاب آ جائے (۹۸) یا چاشت کے وقت ان پر عذاب آ کڑکے (۹۹) کیا اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیروں

خلاصہ رکوع ۱۳-۱۰ امم سابقہ کی تباہی کا باعث تکذیب رسل ہی تھا اور قصہ حضرت موسیٰ و فرعون ماخذ آیات ۱۰۲-۱۰۱

سے یہ بے فکر ہو چکے ہیں (۱۰۰) کیا زمین پر رہنے والوں کی سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ اگر ہم چاہیں تو ان کو گناہوں کی پاداش میں عذاب دیں اور ان کے دلوں پر مہر لگا دیں (۱۰۱) ان برباد ہونے والی بستیوں میں یہی مرض تھا کہ ہر ایک اپنے اپنے نبی کے واضح اور روشن احکام کی مخالفت کرتا تھا۔ (۱۰۲) ہم نے اکثر کو اللہ تعالیٰ کی عبودیت سے بے وفائی کرنے والا ہی پایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَعْدِهِمْ مُّوسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا
موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا پھر انہوں

بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ
نے نشانیوں سے بے انصافی کی پھر دیکھ مفسدوں کا انجام کیا ہوا اور موسیٰ

مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾
نے کہا اے فرعون بے شک میں رب العالمین کی طرف سے رسول ہو کر آیا ہوں

حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ
میرے لیے یہی مناسب ہے کہ سوائے سچ کے کوئی بات خدا کی طرف منسوب نہ کروں میں تمہارے

جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾ ؕ
رب کی طرف سے تمہارے پاس ایک بڑی دلیل لایا ہوں پس بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
کہا اگر تو کوئی نشانی لے کر آیا ہے تو وہ لا اگر تو

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ ۚ
سچا ہے پھر اس نے اپنا عصا ڈال دیا وہ اسی وقت صریح اژدہا ہو گیا

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع قَالَ الْمَلَاُ مِنْ
اور اپنا ہاتھ نکالا تو اسی وقت دیکھنے والوں کیلئے سفید نظر آنے لگا فرعون کی قوم کے سرداروں

قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ
نے کہا بے شک یہ بڑا ماہر جادوگر ہے تمہیں تمہارے ملک سے

مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَ
نکالنا چاہتا ہے پس تم کیا مشورہ دیتے ہو انہوں نے کہا کہ اسے اور اس کے بھائی

اَرْسِلْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾
کو مہلت دے اور شہروں میں جمع کرنے والے بھیج دے تاکہ تیرے پاس ہر ماہر جادوگر کو لے آئیں



## ربطِ آیات

(۱۰۳) موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بھی تذکیر بایام اللہ کے ضمن میں بیان ہوگا چونکہ عرب میں یہود و نصاریٰ بھی آباد تھے۔ اس لیے موسیٰ علیہ السلام کے تفصیلی واقعات کی تصدیق ان سے ہو سکتی ہے لہٰذا ان کا واقعہ مفصل بیان ہوگا انشاء اللہ عمر بھر حال موسیٰ علیہ السلام بھی نبی تھے جو باتیں اپنے پیروں سے کہتیں اور یہاں بھی وہی حشر ہوا۔

(۱۰۴) موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے سامنے اعلان کیا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں

(۱۰۵) میری شان یہ ہے کہ جو بات اللہ تعالیٰ کے متعلق ہوگا سچ ہی ہوگا میں کہتا ہوں کہ بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے کی اجازت دے دے۔

(۱۰۶) فرعون نے کہا کہ کوئی نشانی دکھا۔

(۱۰۷، ۱۰۸) موسیٰ علیہ السلام نے دو معجزے دکھلائے۔ اگر فرعون کو عقل ہوتی تو سمجھ جاتا کہ یہ کام انسانی طاقت سے نہیں ہو سکتا بلکہ خدائی طاقت سے ہو رہا ہے (جملہ معترضہ) موسیٰ علیہ السلام کی امت دو قسم پر ہے امت دعوت یعنی فرعون اور قبطی قوم اور امت اجابت یعنی بنی اسرائیل۔ تیرھویں رکوع کے وسط سے پندرھویں رکوع کی آیت استضعفنا منہم تک امت دعوت کا تذکرہ ہے اس کے بعد سولہویں رکوع کے آخر تک امت اجابت کا ذکر ہے۔ دوسری قسم کی امت بھی قصور اور شرارت کے ارتکاب کی وجہ سے تکالیف میں مبتلا ہوتی ہے واللہ اعلم (۱۰۹) ۱۳ ع ۹ یہ سمجھ بیٹھے کہ معجزہ اس چیز کا دیا جاتا ہے جس فن میں اس زمانے کے لوگوں کو کمال ہو موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں چونکہ جادو کا زیادہ زور تھا

**خلاصہ رکوع ۱۳:** بقیہ قصہ موسیٰ علیہ السلام و فرعون۔ ماخذ آیت ۱۰۳۔

اس لئے معجزہ بھی اسی قسم کا دیا گیا کہ جادو فن میں انتہائی کمال رکھنے والے سمجھ لیں کہ یہ کام انسانی طاقت سے نہیں ہو رہا بلکہ خدا تعالیٰ کی غیبی طاقت سے ہو رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آئندہ واقعہ السحرۃ سجدین کا نتیجہ نکل رہا ہے۔ فرعونیوں نے معجزے دیکھ کر مرعوب ہو کر یہ سمجھا بہت بڑا جادوگر ہے (۱۱۰) یہ چاہتا ہے کہ تم پر غالب آ کر تمہیں ملک سے نکال دے تمہیں ٹھیک اپنی حکومت

پر موجود ہے کا ویسا ہی رنگ نظر آنے لگا چونکہ وہ لوگ خود زبردست واقع ہوئے تھے۔ اس لیے موسیٰ علیہ السلام کے متعلق بھی وہی خیال کرنے لگے (۱۱۱) اب بڑے بڑے جادوگروں کو مقابلے کے لیے بلایا جائے گا (۱۱۲) تاکہ اکٹھا کرنے والے ہر ایک بڑے جادوگر کو بلا لائیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا

اور جادوگر فرعون کے پاس آئے کہا اگر ہم غالب آئے تو ہمیں کچھ صلہ

نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

بھی ملے گا کہا ہاں اور بے شک تم مقرب ہو جاؤ گے

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ

کہا اے موسیٰ یا تو تو ڈال یا ہم

الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ

ڈالتے ہیں کہا تم ڈالو پس جب انہوں نے ڈالا تو لوگوں کی نظر بندی

النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَ

کر دی اور انہیں ڈرا دیا اور ایک طرح کا بڑا جادو دکھایا اور

اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ

ہم نے موسیٰ کو وحی کے ذریعے سے حکم دیا کہ اپنا عصا ڈال دے سو وہ اسی وقت نگلنے لگا جو

مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ۚ

کھیل انہوں نے بنا رکھا تھا پھر حق ظاہر ہو گیا اور جو انہوں نے بنایا تھا وہ غلط ہو گیا

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ ۚ وَاُلْقِيَ

پھر اس جگہ ہار گئے اور ذلیل ہو کر لوٹے اور جادوگر

السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

سجدہ میں گر پڑے کہا ہم رب العالمین پر ایمان لائے

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے فرعون نے کہا تم اس پر میری

قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي

اجازت سے پہلے ہی ایمان لے آئے یہ تو مکر ہے جو تم سب نے اس شہر

## ربط آیات

(۱۱۳) جادوگر آگئے غالب آنے کی صورت میں فرعون سے حق الخدمت کا استفسار کر رہے ہیں (۱۱۴) فرعون نے کہا ہاں تمہیں اپنا مقرب بنالوں گا (۱۱۵) جادوگروں نے کہا یا آپ اپنا کمال دکھائیں یا ہمارا کمال پہلے دیکھ لیں۔ (۱۱۶) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ہی پیش قدمی کرو (۱۱۷) موسیٰ علیہ السلام نے خدا تعالیٰ کے حکم سے لاٹھی پھینکی وہ اژدہا بن گئی اور ان کے سانپوں کو نگل گئی (۱۱۸) پس بفضلہ تعالیٰ حق غالب آیا اور باطل نے شکست کھائی (۱۱۹) ان کا غرور خاک میں مل گیا اور وہ ذلیل ہو گئے (۱۲۰) بمطابق "قدر زر، زرگر بداند" جادوگر سمجھ گئے کہ یہ انسانی طاقت نہیں ہے ورنہ اس کسبی طاقت میں ہم سے زیادہ باکمال کوئی نہیں ہے وہ فوراً سربسجود ہو گئے۔ (۱۲۱) کہنے لگے ہم رب العالمین کو مانتے ہیں جس نے موسیٰ علیہ السلام کو یہ کمال دیا ہے (۱۲۲) جو ان دو بزرگوں کا رب ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
میں بنایا ہے تاکہ اس شہر کے رہنے والوں کو نکال دو سو اب تمہیں معلوم ہو جائیگا
لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ
میں ضرور تمہارے ہاتھ اور دوسری طرف سے پاؤں کاٹوں گا پھر
لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا
تم سب کو سولی پر چڑھادوں گا انہوں نے کہا ہمیں تو اپنے رب کی طرف
مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا
لوٹ کر جانا ہی ہے اور تمہیں ہم سے یہی دشمنی ہے کہ ہم نے اپنے رب کی نشانیوں
لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا
کو مان لیا جب وہ ہمارے پاس آئیں اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر ڈال اور ہمیں
مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ ع ۱۴ ۱۸ ۴
مسلمان کرکے موت دے اور فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا کیا تو
مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ
موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑتا ہے تاکہ وہ ملک میں فساد کریں اور تجھے اور تیرے
وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْىٖ نِسَآءَهُمْ ۚ
معبودوں کو چھوڑ دے کہا ہم ان کے بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی عورتوں کو زندہ
وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ
رکھیں گے اور بیشک ہم ان پر غالب ہیں موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا
اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۬ يُوْرِثُهَا
اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو بیشک زمین اللہ کی ہے اپنے بندوں میں سے جسے
مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾
چاہے اس کا وارث بنادے اور انجام بخیر پرہیزگاروں کا ہی ہوتا ہے

## ربط آیات

(۱۲۳) چونکہ لوگ فرعون کی طرف سے ہوکر آئے تھے اور اب موسیٰ علیہ السلام سے مل گئے۔ فرعون نے کہا مجھ سے پوچھے بغیر تم نے ایسے بدل لیے معلوم ہوتا ہے کہ میرے خلاف یہ ایک سازش ہے جس میں تم بھی شریک ہو (۱۲۴) میں تمہیں بدبخت ترین سزا دونگا۔

(۱۲۵) جادوگروں نے کہا کچھ پرواہ نہیں ہے اگر مار ڈالے گے تو ہم رب کے ہاں پہنچ جائیں گے۔

(۱۲۶) ہمارا جرم یہی تو ہے کہ ہم نے اپنے رب کے احکام (آیات) کے سامنے سر تسلیم خم کیا ہے۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۵ - بقیہ قصہ موسیٰ علیہ السلام و فرعون ماخذ آیت ۱۲۷ |

(۱۲۷) فرعون کے مشیروں نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام تو ہم سے باغی ہے لہٰذا اس باغی قوم کو سزا دینی چاہیے تاکہ یہ زور آور نہ ہو جائے فرعون نے سزا تجویز کی کہ ان کے لڑکے ذبح کرتے جائیں گے تاکہ نسل قوم کی افزائش رک جائے۔

(۱۲۸) موسیٰ علیہ السلام نے اس ابتلا پر اپنی قوم کو صبر کی تلقین کی اور کامیابی کی خوشخبری سنائی


ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوٓا أُوذِينَا مِن قَبْلِ أَن تَأْتِيَنَا وَمِنۢ بَعْدِ مَا

انہوں نے کہا تیرے آنے سے پہلے بھی ہمیں تکلیفیں دی گئیں اور تیرے آنے کے

جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ أَن يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ

بعد بھی فرمایا تمہارا رب بہت جلد تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے گا اور اس کی

يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْأَرْضِ فَيَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ﴿١٢٩﴾ ع

بجائے تمہیں اس سرزمین کا مالک بنا دیگا پھر دیکھے گا تم کیا کرتے ہو

وَلَقَدْ أَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ

اور ہم نے فرعون والوں کو قحطوں میں اور میووں کی کمی میں پکڑ لیا

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣٠﴾ فَإِذَا جَآءَتْهُمُ

تا کہ وہ نصیحت مانیں جب ان پر خوشحالی

الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

آتی تو کہتے کہ یہ تو ہمارے لیے ہونا ہی چاہیے اور اگر انہیں کوئی بد حالی پیش

يَطَّيَّرُوا بِمُوسٰى وَمَن مَّعَهٗ ؕ أَلَآ إِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ

آتی تو موسیٰ اور ان کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے یاد رکھو ان کی نحوست

عِندَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوا مَهْمَا

اللہ کے علم میں ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اور کہا جو کوئی نشانی

تَأْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٣٢﴾

تو ہمارے پاس لائے گا کہ ہم پر اس کے ذریعہ سے جادو کرے تو ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَ

پھر ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈی اور جوئیں اور

الضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۚ فَاسْتَكْبَرُوا

مینڈک اور خون یہ سب کھلے کھلے معجزے بھیجے پھر بھی انہوں نے

## ربط آیات

ع ۱۵ ۴ ۵

(۱۲۹) بنی اسرائیل نے شکایت کی اور موسیٰ علیہ السلام نے دعا

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۶ - بقیہ قصہ موسیٰ علیہ السلام و فرعون ماخذ آیت ۱۳۰ |

کامیابی اور سرفرازی کا وعدہ دلایا (۱۳۰) سنت اللہ کے مطابق معاندین حق کو عملی خفیف عذاب سے گذارا (۱۳۱) آرام ملتا تو اپنی خوبی بیان کرتے اور تکلیف پہنچتی تو موسیٰ علیہ السلام اور اس کی قوم کی بدفالی کہتے کہ تکلیف ان کے باعث آئی ہے حالانکہ وہ خود ان کی شامت اعمال کا نتیجہ تھی (۱۳۲) آخری فیصلہ اپنی فطرت کے مسخ ہونے کا موسیٰ علیہ السلام کو سنا دیے ہیں کہ ہم کسی قسم کی خوشحالی پر بھی رجوع الی اللہ کے لئے تیار نہیں ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَانُوا قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ﴿١٣٣﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ
تکبر ہی کیا اور لوگ گنہگار رہتے اور جب اُن پر کوئی عذاب آتا تو کہتے
قَالُوا يَا مُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ ۖ لَئِن
اے موسیٰ ہمارے لیے اپنے رب سے دُعا کرو جس کا اس نے تجھ سے عہد کر رکھا ہے اگر تُو نے
كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ
ہم سے یہ عذاب دُور کر دیا تو بے شک ہم تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل
بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٣٤﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ
کو تیرے ساتھ بھیج دیں گے پھر جب ہم نے ان سے ایک مدت تک عذاب اُٹھالیا کہ انہیں
هُم بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ﴿١٣٥﴾ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ
اس مدت تک پہنچنا تھا اس وقت وہ عہد توڑ ڈالتے پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا پھر ہم
فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا
نے انہیں دریا میں ڈبو دیا اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ
عَنْهَا غَافِلِينَ ﴿١٣٦﴾ وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا
ان سے غافل تھے اور ہم نے ان لوگوں کو وارث کر دیا جو اس زمین
يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا
کے مشرق و مغرب میں کمزور سمجھے جاتے تھے کہ جس میں ہم نے برکت
الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنَىٰ
رکھی ہے اور تیرے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق
عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ
میں ان کے صبر کے باعث پورا ہو گیا اور فرعون اور اس کی قوم
يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ﴿١٣٧﴾ ع
نے جو کچھ بنایا تھا ہم نے اسے تباہ کر دیا اور جو وہ اونچی عمارتیں بناتے تھے

## ربط آیات

(۱۳۳) رجوع الی اللہ اور اپنے گناہوں پر نادم ہونے کے لیے یہ سزائیں بھی انہیں دی گئیں (۱۳۴) جب تکلیف پہنچتی تو موسیٰ علیہ السلام سے دُعا کراتے اور اجابتِ دعوت کا وعدہ کرتے۔ (۱۳۵) جب عذاب ٹل جاتا تو وعدہ خلافی کرتے (۱۳۶) کسی صورت سے بھی یہ دعوتِ حقہ کی اجابت نہ کرنے کے باعث انہیں سمندر میں غرق کر دیا گیا۔ (نتیجہ) احکامِ الٰہی کو نہ ماننے اور اپنے وقت کے نبی کی مخالفت کرنے کے باعث تباہ کئے گئے۔ (۱۳۷) حق پرست کمزور جماعت کو اللہ تعالیٰ نے اس ملک کا والی اور مالک بنایا (جملہ معترضہ) اب یہاں سے امتِ اجابت کا ذکر شروع ہوا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَجٰوَزْنَا بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ
اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار اتارا تو ایک ایسی قوم پر پہنچے
يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ
جو اپنے بتوں کے پوجنے میں لگے ہوئے تھے کہا اے موسیٰ ہمیں بھی ایک ایسا
لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿١٣٨﴾
معبود بنا دے جیسے ان کے معبود ہیں فرمایا بے شک تم لوگ جاہل ہو
اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا
یہ لوگ جس چیز میں لگے ہوئے ہیں وہ تباہ ہونے والی ہے اور جو وہ کر رہے ہیں وہ
يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٩﴾ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ
غلط ہے کہا کیا اللہ کے سوا تمہارے لیے اور معبود بنا دوں حالانکہ اس نے
عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
تمہیں سارے جہان پر فضیلت دی ہے اور یاد کرو جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ وَ
دی جو تمہیں برا عذاب دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے تھے اور
يَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں تمہارے رب کا بڑا
عَظِيْمٌ ﴿١٤١﴾ ع وَوٰعَدْنَا مُوْسٰي ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا
احسان تھا اور موسیٰ سے ہم نے تیس رات کا وعدہ کیا اور انہیں اور دس
بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰي
سے پورا کیا پھر تیرے رب کی مدت چالیس راتیں پوری ہو گئی اور موسیٰ نے
لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ
اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میری قوم میں میرا جانشین رہ اور اصلاح کرتے رہو اور

ع ١٦ ١٦

## ربطِ آیات

(۱۳۸) بنی اسرائیل کو سمندر سے بخیریت پار اتارا اور فرعون کو وہیں غرق کر دیا قبطیوں کی غلامی سے آزادی پا کر خدا پرستی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ لیکن اس جذبہ فطریہ کا اظہار غلط طریقہ سے کرتے ہیں (۱۳۹) ان لوگوں کا دین باطل اور ان کے اعمال باطل ہیں (۱۴۰) موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور خدا بنا دوں حالانکہ اس نے تمہیں سارے جہان والوں پر فضیلت دی (۱۴۱) کیا تمہیں اللہ کا یہ احسان یاد نہیں

خلاصہ رکوع ۱۷۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی امت اجابت کیلئے قانون لینے کے واسطے کوہ طور پر تشریف لے گئے۔ ماخذ ۱۴۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا

مفسدوں کی راہ پر مت چل اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کردہ وقت پر آئے

وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ۭ قَالَ لَنْ

اور ان کے رب نے ان سے باتیں کیں تو عرض کیا کہ اے میرے رب مجھے دکھا کہ میں تجھے دیکھوں

تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ

فرمایا کہ تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتا لیکن تو پہاڑ کی طرف دیکھتا رہ اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو

فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا

تو مجھے دیکھ سکے گا پھر جب اس کے رب نے پہاڑ کی طرف تجلی کی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا

وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ

اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے پھر جب ہوش میں آئے عرض کی کہ تیری ذات پاک ہے میں

اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٤٣﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى

تیری جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا یقین لانے والا ہوں فرمایا اے موسیٰ میں نے

اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۡ فَخُذْ

پیغمبری اور ہم کلامی سے دوسرے لوگوں پر تجھے امتیاز دیا ہے جو کچھ میں نے

مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٤﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى

تجھے عطا کیا ہے اسے لے لو اور شکر کرنے والوں میں سے ہو جاؤ اور ہم نے اُسے تختیوں پر

الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ

ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی سو انہیں مضبوطی سے پکڑ لے اور

شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۭ

اپنی قوم کو حکم کر کہ اس کی بہتر باتوں پر عمل کریں عنقریب میں تمہیں

سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿١٤٥﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ

نافرمانوں کا ٹھکانا دکھاؤں گا پھر میں اپنی آیتوں سے انہیں

## ربط آیات

(١٤٢) موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر چالیس رات قیام فرمایا۔ تاکہ معاملات عالم ناسوت سے منقطع ہو کر فنا فی الملکیت ہو جائیں اور اعلیٰ ترین استعداد ملکیہ حاصل ہونے پر ہدایات سماوی بلا واسطہ لینے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔ اس اثنا میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے بعد ہارون علیہ السلام کو جانشین مقرر کر گئے (١٤٣) انسانی فطرة کا قاعدہ ہے کہ جس طرف چل نکلے ادھر ہی اس کا قدم بڑھتا جاتا ہے موسیٰ علیہ السلام اپنی ملکیہ کی تکمیل پر یہ استدعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تجلی کا براہ راست مشاہدہ فرمائیں (١٤٤) حکم ہوا کہ میرے احکام لیجا کر لوگوں کو پہنچا دو اور میں نے تمہیں سارے لوگوں پر فضیلت دی ہے (١٤٥) اور ان الواح تورات میں مفصل قانون تھا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط وَإِنْ
پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں اور اگر وہ
يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ج وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ
ساری نشانیاں بھی دیکھ لیں تو بھی ایمان نہیں لائیں گے اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھیں
لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ج وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ
تو اسے اپنی راہ نہیں بنائیں گے اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اسے اپنا راستہ
يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ط ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا
بنائیں گے یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور
عَنْهَا غَافِلِينَ ﴿١٤٦﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ
ان سے بے خبر رہے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو اور آخرت کی
الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ط هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا
ملاقات کو جھٹلایا ان کے اعمال ضائع ہو گئے انہیں وہی سزا دی جائے گی
كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٧﴾ ع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَىٰ مِنْ بَعْدِهِ
جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اور موسیٰ کی قوم نے اس کے بعد اپنے زیوروں
مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ ط أَلَمْ يَرَوْا
سے بچھڑا بنا لیا ایک جسم تھا جس میں گائے کی آواز تھی کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا
أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ سَبِيلًا م اتَّخَذُوهُ
کہ وہ اُن سے بات بھی نہیں کرتا اور نہ ہی انہیں راہ بتاتا ہے اسے معبود
وَكَانُوا ظَالِمِينَ ﴿١٤٨﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ وَرَأَوْا
بنا لیا اور وہ ظالم تھے اور جب نادم ہوئے اور معلوم کیا کہ بےشک وہ
أَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوا لا قَالُوا لَئِنْ لَمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَ
گمراہ ہو گئے تھے تو کہنے لگے کہ اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں معاف

## ربط آیات

(۱۴۶) البتہ متکبر اس تعلیم سے فائدہ نہیں اُٹھائیں گے۔

(۱۴۷) اور ان احکام کو جھٹلانے والوں کی میرے ہاں کوئی عزت نہیں ہوگی بلکہ وہ اپنی بد اعمالی کی سزا پائیں گے۔

(۱۴۸) قوم میں زرپرستی کا مادہ فاسد موجود تھا وہ بت پرستی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

ع ۱۷ / ۷

خلاصہ رکوع ۱۷: موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر جانے کے بعد امت نے بت پرستی شروع کر دی۔ ماخذ آیت ۱۴۸۔

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ

بخشا تو بے شک ہم نقصان پانے والوں میں سے ہوں گے اور جب موسیٰ اپنی

مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا

قوم کی طرف غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے واپس آئے تو فرمایا تم نے میرے بعد

خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى

یہ بڑی نامعقول حرکت کی کیا تم نے اپنے رب کے حکم سے پہلے ہی جلد بازی کر لی اور

الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ

تختیاں پھینک دیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ اسے اپنی طرف کھینچنے لگا اس نے کہا

اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ڮ

کہ اے میری ماں کے بیٹے لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھے کہ مجھے مار ڈالیں

فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ

سو مجھ پر دشمنوں کو نہ ہنسا اور مجھے گنہ گار لوگوں میں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَ

نہ ملا کہا اے میرے رب مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور

اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ڮ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع ۱۸ ۸

ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ

بیشک جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنایا انہیں ان کے رب کی طرف سے

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ

غضب اور دنیا کی زندگی میں ذلت پہنچے گی اور ہم بہتان

نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ

باندھنے والوں کو یہی سزا دیتے ہیں اور جنہوں نے برے کام کئے پھر

## ربط آیات

(۱۴۹) جذبہ توحید بیدار ہوا بعد کو غالب آیا اور اپنے کئے پر نادم ہوئے (۱۵۰) موسیٰ علیہ السلام نے واپس آ کر قوم کو ڈانٹا اور اپنے جانشین حضرت ہارون علیہ السلام کو زیادہ سزا کا مستحق خیال کیا کیونکہ ان کو ذمہ دار بنا گئے تھے۔ انہوں نے اپنی مجبوری اور معذوری پیش کی۔
(۱۵۱) موسیٰ علیہ السلام نے ان کی معذوری سن کر اپنے اور ان کے لیے دعائے مغفرت فرمائی (۱۵۲) گوسالہ پرستی پر نزول غضب و ذلت۔

خلاصہ رکوع ۱۹- گوسالہ پرستی پر نزول غضب و ذلت۔ موسیٰ علیہ السلام کی امت کی دائمی نصرت کے شرائط۔
ماخذ آیت ۱۵۲-۱۵۶-۱۵۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثُمَّ تَابُوا مِنْ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ
اس کے بعد توبہ کی اور ایمان لے آئے تو بے شک تیرا رب توبہ
بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوسَى
کے بعد البتہ بخشنے والا مہربان ہے اور جب موسیٰ کا غصہ ٹھنڈا
الْغَضَبُ أَخَذَ الْأَلْوَاحَ ج وَفِي نُسْخَتِهَا هُدًى وَّ
ہوا تو اس نے تختیوں کو اٹھایا اور جو ان میں لکھا ہوا تھا اس میں ان
رَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُونَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوسَى
کے واسطے ہدایت اور رحمت تھی جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور موسیٰ نے اپنی
قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِّمِيقَاتِنَا ج فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ
قوم میں سے ستر مرد ہمارے وعدہ گاہ پر لانے کے لیے چن لیے پھر جب انہیں زلزلے نے
الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ
پکڑا تو کہا کہ اے میرے رب اگر تو چاہتا تو پہلے ہی انہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا
وَإِيَّايَ ط أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا ج إِنْ
کیا تو ہمیں اس کام پر ہلاک کرتا ہے جو ہماری قوم کے بیوقوفوں نے کیا یہ سب
هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ ط تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاءُ وَ
تیری آزمائش ہے جسے تو چاہے اس سے گمراہ کر دے اور جسے چاہے
تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ ط أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا
سیدھا رکھے تو ہی ہمارا کارساز ہے سو ہمیں بخش دے اور
وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا
ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور ہمارے لیے
فِي هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ إِنَّا
اس دنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھ ہم نے

**ربط آیات**

(۱۵۳) توبہ کرنے والوں پر نزول رحمت کا اعلان (۱۵۴) جب موسیٰ علیہ السلام کا غصہ ٹھنڈا ہوا تو توریت کو اٹھایا (۱۵۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام ستر آدمی چیدہ اس لیے کوہ طور پر لے گئے تھے کہ وہ ساری قوم کی طرف سے کچھ وعدہ کریں کہ آئندہ ایسی غلطی ہم سے نہیں ہوگی لیکن وہاں جا کر بھی ان سے کچھ بدعنوانی ہوئی۔ حتی نری اللہ جہرۃ بول اٹھے۔ ان پر غضب الٰہی نازل ہوا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے نجات پائی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ
تیری طرف رجوع کیا فرمایا میں اپنا عذاب جسے چاہتا ہوں کرتا ہوں

وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ
اور میری رحمت سب چیزوں سے وسیع ہے پس وہ رحمت ان کے لیے لکھوں گا

يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا
جو ڈرتے ہیں اور جو زکوٰۃ دیتے اور جو ہماری آیتوں پر ایمان

يُؤْمِنُوْنَ ۚ ﴿۱۵۶﴾ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ
لاتے ہیں وہ لوگ جو اس رسول کی پیروی کرتے ہیں اور

الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي
جو نبی امی ہے جسے اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۫ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ
پاتے ہیں وہ ان کو نیکی کا حکم کرتا ہے اور

يَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَ
برے کام سے روکتا ہے اور ان کے لیے سب پاک چیزیں حلال کرتا ہے

يُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ
اور ان پر ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے اور ان پر سے ان کے بوجھ اور وہ

الْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
قیدیں اتارتا ہے جو ان پر تھیں سو جو لوگ اس پر ایمان

بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ
لائے اور اس کی حمایت کی اور اسے مدد دی اور اس کے نور کے

اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع ۱۹ ۹
تابع ہوئے جو اس کے ساتھ بھیجا گیا ہے یہی لوگ نجات پانے والے ہیں

## ربط آیات

(۱۵۶) موسیٰ علیہ السلام نے اپنے لیے اور اپنی امت کے لیے رحمت کی دعا کی اس پر نزول رحمت کے شرائط بتلائے گئے (۱۵۷) ان ہی شرائط میں سے سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اتباع بھی ہے اور ایمان بالقرآن بھی ہے (عبرت) لہٰذا اگر بہبود و عزت پانا چاہیں تو ان شرائط کو پورا کر دکھائیں۔

خلاصہ رکوع ۲۰۔ دعوت امت موسیٰ علیہ السلام اور اس کے نتائج (۱) آیت ۱۵۱ تا آیت ۱۵۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا
کہہ دو اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں
الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
جس کی حکومت آسمانوں اور زمین میں ہے اس کے سوا اور
هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ
کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے پس اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے
الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ
رسول نبی امی پر جو کہ اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر یقین رکھتا ہے اور اس
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ
کی پیروی کرو تاکہ تم راہ پاؤ اور موسیٰ کی قوم میں سے ایک جماعت ہے جو حق
يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ
کی راہ بتاتے ہیں اور اسی کے موافق انصاف کرتے ہیں اور ہم نے انہیں
اثْنَتَىْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ۭ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى
جدا جدا کر دیا بارہ دادوں کی اولاد جو بڑی بڑی جماعتیں تھیں اور موسیٰ کو
اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ
ہم نے حکم بھیجا جب اس کی قوم نے اس سے پانی مانگا کہ اپنی لاٹھی اس پتھر پر
فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ
مار تو اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے ہر قبیلہ نے
اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا
اپنا گھاٹ پہچان لیا اور ہم نے ان پر ابر کا سایہ کیا اور ہم نے ان پر
عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ
من اور سلویٰ اتارا ہم نے جو ستھری چیزیں تمہیں دی ہیں وہ کھاؤ

**ربط آیات**

(جملہ معترضہ) ربط آیات کے لحاظ سے امت موسیٰ علیہ السلام سب سے نمبر اول مخاطب ہوگی (۱۵۸) مذکورۃ الصدر واقعہ کی بنا پر ہمیں دعوت الی الحق دینا بھلی۔ تمہارا فرض ہے کہ تم اس کو قبول کرو۔ کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کے صحیح واقعات سے تمہیں بھی انکار نہیں ہوسکتا (۱۵۹) ایک جماعت حق پرست ان میں موجود ہے اور اکثر کی ناگفتہ بہ حالت کا ذکر آگے آتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا ظَلَمُونَا وَلٰكِنْ كَانُوٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١٦٠﴾

اور انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے

وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا

اور جب انہیں حکم دیا گیا کہ تم اس بستی میں جا کر رہو اور وہاں

مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا

جہاں سے تم چاہو کھاؤ اور زباں سے یہ کہتے جاؤ توبہ ہے اور دروازہ

الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ

میں جھک کر داخل ہو ہم تمہاری غلطیاں معاف کر دیں گے اور نیکوکاروں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٦١﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا

اور زیادہ اجر دیں گے سو ان میں سے ظالموں نے دوسرا لفظ اس کے سوا

غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

بدل دیا جو ان سے کہا گیا تھا پھر ہم نے ان پر آسمان سے عذاب

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿١٦٢﴾ ع وَسْـَٔلْهُمْ

بھیجا اس لیے کہ وہ ظلم کرتے تھے اور اُن سے

عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ

اس بستی کا حال پوچھ جو دریا کے کنارے پر تھی جب ہفتہ کے معاملہ

يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ

میں حد سے بڑھنے لگے جب ان کے پاس مچھلیاں ہفتہ کے دن پانی

يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا

کے اُوپر آنے لگیں اور جس دن ہفتہ نہ ہو تو نہ آتی تھیں ہم نے

تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۛ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿١٦٣﴾

انہیں اس طرح آزمایا اس لیے کہ وہ نافرمان تھے

## ربط آیات

(۱۶۰) اکثر ان میں سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے قدرناشناس ہیں نعمتیں استعمال کرتے ہیں اور نافرمانی سے بھی باز نہیں آتے۔

(۱۶۱) پہلے بدوی زندگی (جس کا تفصیلی ذکر سورۂ بقرہ میں آچکا ہے) میں فیل ہوئے تھے۔ اب قریہ کی زندگی پیش آتی ہے (۱۶۲) قریہ کی زندگی میں فیل ہوئے اور عذاب الٰہی نازل ہوا

ع ۵ / ۱۰

خلاصہ رکوع ۲۱۔ دعوت الی الحق کے بعد داعی بری الذمہ ہے۔ ماخذ آیت ۱۶۵

وقف لازم

(۱۶۳) سنیچر کے دن مچھلی کے شکار میں بنی اسرائیل کا امتحان لیا گیا۔ ایک جماعت شکار سے باز نہ آئی۔

معانقة النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ قَوْمًا ۙ اللَّهُ

اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا ان لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ

مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ قَالُوا مَعْذِرَةً

ہلاک کرنے والا ہے یا انہیں سخت عذاب دینے والا ہے انہوں نے کہا تمہارے رب کے

إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٦٤﴾ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا

روبرو عذر کرنے کیلئے اور شاید کہ یہ ڈر جائیں پھر جب وہ بھول گئے اس چیز کو جو انہیں

بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا

سمجھائی گئی تھی تو ہم نے انہیں نجات دی جو برے کام سے منع کرتے تھے اور

الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿١٦٥﴾

ظالموں کو ان کی نافرمانی کے باعث برے عذاب میں پکڑا

فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا

پھر جب وہ اس کام میں حد سے آگے بڑھ گئے جس سے روکے گئے تھے تو ہم نے حکم دیا کہ ذلیل

قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿١٦٦﴾ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ

ہونے والے بندر ہو جاؤ اور یاد کر جب تیرے رب نے خبر دی تھی

عَلَيْهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَن يَسُومُهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ ۗ

کہ یہود پر قیامت کے دن تک ایسے شخص کو ضرور بھیجتا رہے گا جو انہیں برا عذاب دیتا رہے

إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٧﴾

بیشک تیرا رب جلدی عذاب دینے والا ہے اور تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے

وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِّنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَ

اور ہم نے انہیں ملک میں مختلف جماعتوں میں متفرق کر دیا بعضے ان میں سے نیک

مِنْهُمْ دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَاهُم بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ

ہیں اور بعضے اور طرح کے اور ہم نے انہیں بھلائیوں اور برائیوں سے آزمایا

## ربط آیات

(۱۶۴) دوسری جماعت انہیں روکتی رہی تیسری جماعت روکنے والوں کو منع کرتی تھی کہ تمہارا روکنا فضول ہے۔ کیونکہ وہ باز آنے والے نہیں اور انہوں نے اپنی جدوجہد کا سبب بتلایا کہ کم از کم ہم بری الذمہ ہو جائیں گے (۱۶۵) جب عذاب الٰہی آیا۔ تو فقط نافرمانی سے روکنے والے بچائے گئے۔ چونکہ انہوں نے اپنا فرض منصبی ادا کیا تھا۔ اس واسطے عنداللہ بری الذمہ ہو گئے (۱۶۶) دوسرے مسخ کر دیے گئے (۱۶۷) بنی اسرائیل کو کہہ دیا گیا تھا کہ اگر تم نے نافرمانی اختیار کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں ذلیل و رسوا۔ غیر اقوام کا محکوم رکھا کرے گا اور اگر باز آجاؤ گے تو وہ غفور رحیم بھی ہے۔ سابقہ غلطیاں معاف فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ
تاکہ وہ لوٹ آئیں پھر ان کے بعد ان کے ایسے جانشین ہوئے جو

وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ
کتاب کے وارث بنے اس ادنیٰ زندگی کا مال ومتاع لے لیتے ہیں اور

يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ
کہتے ہیں کہ ہمیں معاف کر دیا جائے گا اور اگر ایسا ہی مال ان کے سامنے پھر آئے

يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ
تو اسے لے لیتے ہیں کیا ان سے کتاب میں عہد نہیں لے لیا گیا تھا کہ

اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا
اللہ پر سوائے سچ کے اور کچھ نہ کہیں اور انہوں نے جو کچھ اس میں

فِيْهِ ۭ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا
لکھا ہے پڑھا ہے اور آخرت کا گھر ڈرنے والوں کے لیے بہتر ہے کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَ
سمجھتے نہیں اور جو لوگ کتاب کے پابند ہیں اور

اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾
نماز کی پابندی کرتے ہیں بیشک ہم نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کریں گے

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ
اور جب ہم نے ان پر پہاڑ اٹھایا گویا کہ وہ سائبان ہے اور وہ ڈرے کہ ان پر گر پڑے گا

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا
ہم نے کہا جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی سے پکڑو اور جو اس میں ہے

مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ
اسے یاد رکھو تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ اور جب تیرے رب نے

۲۱ ع ۹ ۱۱



## ربط آیات

(۱۶۸) ہم نے بنی اسرائیل کو کئی طرح سے آزمایا۔ لیکن ان میں صرف ایک مختصر سی جماعت صالح اور باخدا نظر آئی۔

(۱۶۹) اس کے بعد تو ان میں ایسے شتر بے مہار اور نالائق پیدا ہوئے جو دنیا پرست ہیں۔ قانون الٰہی کو دانستہ توڑتے ہیں اور عقیدہ یہ رکھتے ہیں کہ یقیناً مغفرت نصیب ہوگی۔ کیا ان سے حق پرستی کا عہد نہیں لیا گیا تھا نجات تو متقین، اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کو ملے گی (۱۷۰) نجات تو ان لوگوں کا حق ہے جو قانون الٰہی کو معمول بہ بناتے ہیں۔ عبادت الٰہی سے جی نہیں چراتے (۱۷۱) باوجودیکہ ہم نے ان کے اسلاف سے اتباع تورات کا موثق وعدہ لیا تھا لیکن یہ ناخلف اس وعدہ کی کوئی پروا نہیں کرتے جو جی میں آتا ہے کرتے ہیں اور نجات کے مستحق اور جنت کے وارث بھی بنتے ہیں۔

خلاصہ رکوع ۲۲ - (۱) کتاب اللہ کی طرف دعوت دینے کی ضرورت اس لیے محسوس ہو رہی ہے کہ تم میں سے ہر ایک براہ راست خدا تعالیٰ کی غلامی کا عہد کر آیا ہے۔ لہٰذا اس کے ایفا کے لیے ہدایت کی ضرورت تھی تاکہ تم قیامت کے دن عدم اطلاع کا عذر نہ کرنے پاؤ (۲) ایک دوسری بھی بڑی زبردست وجہ ہے کہ شیطان تمہیں گمراہ کرنے کیلئے کمربستہ ہے۔ چنانچہ بلعم باعور کو اس نے بہکا ہی لیا (۳) دعوت کتاب اللہ کو رد کرنے والے انعام سے بھی محروم ہیں۔ ماخذ (۱) آیت ۱۷۲ (۲) آیت ۱۷۵ (۳) آیت ۱۷۹

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنۢ بَنِيٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ

بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ

اقرار کرایا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا ہاں ہے ہم

تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾

اقرار کرتے ہیں کبھی قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہمیں تو اس کی خبر نہ تھی

اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً

یا کہنے لگو کہ ہمارے باپ دادا نے ہم سے پہلے شرک کیا تھا اور ہم ان کے بعد کی

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾

اولاد تھے کیا تو ہمیں اس کام پر ہلاک کرتا ہے جو گمراہوں نے کیا

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

اور اسی طرح ہم کھول کر آیتیں بیان کرتے ہیں تاکہ وہ لوٹ آئیں

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا

اور انہیں اس شخص کا حال سناوے جسے ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں پھر وہ اُن سے نکل گیا

فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ

پھر اس کے پیچھے شیطان لگا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا اور اگر

شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ

ہم چاہتے تو ان آیتوں کی برکت سے اس کا رتبہ بلند کرتے لیکن وہ دنیا کی طرف مائل

وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ

ہو گیا اور اپنی خواہش کے تابع ہو گیا اس کا تو ایسا حال ہے جیسے کتا اس پر تو سختی کرے

يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

تو بھی ہانپے اور اگر اسے چھوڑ دے تو بھی ہانپے یہ ان لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے

معانقہ ۷

## ربط آیات

(۱۷۲) بنی آدم سے فرداً فرداً غلامی کا عہد لیا گیا ہے تاکہ اتمام حجت ہو جائے۔ (۱۷۳) یا یہ عذر نہ کرو کہ ہمیں توحید کی دعوت براہِ راست ملی ہی نہیں ہاں باپ مشرک تھے۔ انہوں نے شرک ہی سکھلایا (۱۷۴) ہم ان کو گذشتہ واقعات تفصیل کے ساتھ اس لیے سناتے ہیں کہ یہ سمجھ کر اپنی اصلاح کر لیں (۱۷۵) اگر ہماری ہدایات پر متوجہ نہ ہوں گے تو خطرہ ہے کہ شیطان ان کو اپنا تابع بنالے گا جس طرح بلعم باعور کو اس نے گمراہ کر لیا تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿۱۷۶﴾
ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو یہ حالات بیان کر دے شاید کہ وہ فکر کریں
سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنْفُسَهُمْ
جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کی بری مثال ہے اور وہ اپنا
كَانُوا يَظْلِمُونَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ
ہی نقصان کرتے رہے جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے وہی راہ پاتا ہے
وَمَنْ يُضْلِلْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ
اور جسے گمراہ کر دے پس وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں اور ہم نے
ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوبٌ
دوزخ کے لیے بہت سے جن اور آدمی پیدا کیے ہیں ان کے دل ہیں
لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا
کہ ان سے سمجھتے نہیں اور آنکھیں ہیں کہ ان سے دیکھتے نہیں
وَلَهُمْ آذَانٌ لَا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ
اور کان ہیں کہ ان سے سنتے نہیں وہ ایسے ہیں جیسے چوپائے
بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ
بلکہ ان سے بھی گمراہی میں زیادہ ہیں یہی لوگ غافل ہیں اور سب اچھے نام
الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ
اللہ ہی کے لیے ہیں سو اسے انہیں ناموں سے پکارو اور چھوڑ دو ان کو جو اللہ کے
فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ
ناموں میں کجروی اختیار کرتے ہیں وہ اپنے کیے کی سزا پا کر رہیں گے اور ان لوگوں
خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ﴿۱۸۱﴾ ع
میں سے جنہیں ہم نے پیدا کیا ایک جماعت ہے جو حق کی راہ بتاتی ہے اور اسی کے موافق انصاف کرتے ہیں

## ربط آیات

(۱۷۶) اگر وہ سیدھا ہو کر چلتا اور ہم سے راضی ہو جاتے تو احکام الٰہی کی تعمیل کی برکت سے اسے بہت بڑے مرتبہ پر پہنچا دیتے۔ لیکن وہ پستی کی طرف جا گرا۔ یعنی خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گیا۔ ایسے شخص کی مثال کتے کی سی ہے۔ الخ

(۱۷۷) ان ظالموں کی کیسی بری مثال ہے (۱۷۸) ہدایت فقط اللہ تعالیٰ کے دروازے اور اس کے راضی کرنے سے ہی مل سکتی ہے (۱۷۹) جو لوگ آیاتِ الٰہیہ کی طرف توجہ نہیں کرتے وہ حیوانات سے بھی بدتر ہیں (حیوانات اپنا فرض منصبی ادا کرتے ہیں اور یہ لوگ اپنے فرض سے غافل ہیں) (۱۸۰) خدائی کے سارے درجے پورے کے پورے اللہ تعالیٰ ہی کے لیے رکھو (اور کسی کو بیٹا خدا کا بنانا مثلاً عیسیٰ علیہ السلام، کسی کو بیٹی بنانا جیسے ملائکہ عظام کو) یہ حرکتیں چھوڑ دو (بلکہ ایسے لوگوں سے مخلصین کے لیے تعلق رکھنا ہی ناجائز ہے۔ دوستی اور مروت و محبت ہرگز ان سے نہ ہونے پائے

(۱۸۱) اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے ایک جماعت اس دین حق کو تسلیم کرنے والی بھی برابر رہی ہے۔

ع ۲۲ ۱۰ ۱۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ
اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے جہاں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٢﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿١٨٣﴾
انہیں خبر بھی نہ ہوگی اور میں ان کو مہلت دیئے جاتا ہوں میری تدبیر بڑی مضبوط ہے

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٜ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ
کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے ساتھی کو جنون تو نہیں ہے وہ تو کھلم کھلا

اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٨٤﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ
ڈرانے والا ہے اور کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی سلطنت کو

وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ
نہیں دیکھا اور دوسری چیزوں کو جو اللہ نے پیدا کی ہیں اور یہ کہ ممکن ہے

يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ
کہ ان کی اجل قریب ہی ہو پھر قرآن کے بعد کس بات پر یہ لوگ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٥﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَ
ایمان لائیں گے جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں اور انہیں

يَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٨٦﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ
اللہ چھوڑ دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں حیران پھرتے رہیں قیامت کے متعلق تجھ سے

السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ
پوچھتے ہیں کہ اس کی آمد کا کونسا وقت ہے کہہ دو کہ اس کی خبر تو میرے رب ہی کے ہاں ہے

لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔ ۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ
وہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کر دکھائے گا وہ آسمانوں اور زمین میں بھاری بات ہے

الْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ
وہ تم پر محض اچانک آجائے گی تجھ سے پوچھتے ہیں گویا کہ تو

خلاصہ رکوع ۲۲۔ منکرین کو ان کی مرض کی حالت میں استدراجاً مہلت کا ملنا سنت الٰہی میں شامل ہے۔ ماخذ آیت ۱۸۲

**ربط آیات**

(۱۸۲) آیاتِ الٰہی کے جھٹلانے والوں کو استدراجاً مہلت ملتی ہے (۱۸۳) اسبابِ خفیہ ان کی تباہی کے لیے بڑھائے جاتے ہیں (۱۸۴) وہ تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ مجنون خیال کرتے ہیں حالانکہ آپ ان کے حالات حاضرہ جو نتائج تنبیہ بر آمد ہونے والے ہیں وہ بتلاتے ہیں یہ خود عقل کی دلیل ہے یہ مضمون ہے خود ہی غور کر کے فیصلہ کریں (۱۸۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جانچیں کہ ان میں کوئی جنون نہیں ہے اور اپنے حالات کے گرد و پیش کو اگر یہ لوگ خیال کریں تو سمجھ لیں کہ ہماری ہلاکت کے آثار ہر طرف سے پیدا ہو گئے ہیں (۱۸۶) اگر دروازہ نفی سے یہ لوگ ہدایت پانے کے لیے تیار نہیں ہیں تو اور کوئی شخص ان کی رہنمائی کر بھی نہیں سکتا۔

وقف لازم وقف منزل



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَفِيٌّ عَنْهَا ۭ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

اسکی تلاش میں لگا ہوا ہے کہہ دو اس کی خبر خاص اللہ ہی کے ہاں ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ أَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا

نہیں سمجھتے کہہ دو میں اپنی ذات کے نفع و نقصان کا بھی مالک نہیں

إِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ

مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب کی بات جان سکتا تو بہت کچھ بھلائیاں

مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيْرٌ وَّ

حاصل کر لیتا اور مجھے کبھی تکلیف نہ پہنچتی میں تو محض ڈرانے والا اور خوشخبری

بَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ

دینے والا ہوں ان لوگوں کو جو ایمان لاتے ہیں وہ وہی ہے جس نے تمہیں ایک جان

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا ۚ

سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس سے آرام پائے

فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ

پھر جب میاں نے بیوی سے ہم بستری کی تو اسکو ہلکا سا حمل رہ گیا پھر اسے لیے پھرتی رہی پھر جب

أَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا

وہ بوجھل ہو گئی تب دونوں میاں بیوی نے اللہ سے جو انکا مالک ہے دعا کی اگر آپ نے ہمیں صحیح

لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰهُمَا صَالِحًا جَعَلَا

سالم اولاد دے دی تو ہم ضرور شکر گزار ہونگے پھر جب اللہ نے انکو صحیح سالم اولاد دی تو اس

لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

کی دی ہوئی چیز میں دونوں اللہ کا شریک بنانے لگے سو اللہ ان کے شرک سے پاک ہے

أَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ ۖ

کیا ایسوں کو شریک بناتے ہیں جو کچھ بھی نہیں بنا سکتے اور وہ خود بنائے ہوئے ہیں



## ربط آیات

۱۸۷: آنحضرت نبی کا پابند اپنے آپ کو اس لیے نہیں بناتے کہ یہ لوگ محاسبہ الٰہی یعنی قیامت کے قائل نہیں ہیں۔ اس کا وقت بتلانا آپ کے فرائض میں داخل نہیں ہے۔ ہاں اس میں کامیابی کی راہ بتلانا یہ آپ کا کام ہے۔ ۱۸۸: تم تو مجھ سے ایک بہت بڑے واقعہ کے متعلق سوال کرتے ہو کہ کب ہوگا جس کا اثر سارے جہاں پر پڑنے والا ہے میرا سارے جہان کے متعلق واقعات کو جاننا تو رہا۔ اپنے ذاتی حالات متعلقہ کو بھی نہیں جانتا۔ میرا کام تو انذار و تبشیر ہے۔ ۱۸۹: تمام انسانوں

وقف لازم

۲۴ ع ۱۲

خلاصہ رکوع ۲۴: وحی کتاب اللہ کو، تاریخ جھوڑ کر افراد میں شرک سے متعلق بلکہ ناممکن ہے لہٰذا اتباع کتاب اللہ ضروری ہے ماخذ آیت ۱۸۷، ۱۹۰ — ۲۰۳

کا باپ اور ماں ایک ہے۔ دونوں بزرگوں نے ولد صالح کی دعا فرمائی (عبرت) ماں اور باپ ایک ہے۔ لہٰذا جس طرح غفلت میں شیطان نے ان دونوں کو بہکایا تھا۔ بعض حضرات مفسرین حضرت حوا کو بہکا دیا تھا۔ اسی طرح جو بنی آدم کو غفلت کی حالت میں لیں اپنے قابو میں کر سکتا ہے۔ ۱۹۰: بعض حضرات مفسرین کو خیال ہے کہ بیٹے کا نام عبدالحارث حضرت حوا نے رکھا تھا۔ لیکن چونکہ گھر میں ہر کام کا ذمہ دار مرد ہی ہوتا ہے۔ اس لیے حضرت آدم علیہ السلام کو بھی عتاب میں شامل کر لیا گیا۔ ۱۹۱: عاجز و بیکس محض اور مخلوق ہستیوں کو شریک خدا بناتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَا أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿۱۹۲﴾

اور نہ وہ ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں

وَإِن تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ ۚ سَوَاءٌ

اور اگر تم انہیں راستہ کی طرف بلاؤ تو تمہاری تابعداری نہ کریں برابر

عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنتُمْ صَامِتُونَ ﴿۱۹۳﴾ إِنَّ

ہے کہ تم انہیں پکارو یا چپکے رہو بیشک

الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ

جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمہاری طرح بندے ہیں

فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۱۹۴﴾

پھر انہیں پکار کر دیکھو پھر چاہیے کہ وہ تمہاری پکار کو قبول کریں اگر تم سچے ہو

أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا ۖ أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا ۖ

کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلیں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑیں

أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا ۖ أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ

یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنیں

بِهَا ۗ قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا تُنظِرُونِ ﴿۱۹۵﴾

کہہ تو اپنے شریکوں کو پکارو پھر میری برائی کی تدبیر کرو پھر مجھے ذرا مہلت نہ دو

إِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى

بیشک میرا حمایتی اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی اور وہ نیکوکاروں کی

الصَّالِحِينَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا

حمایت کرتا ہے اور جنہیں تم پکارتے ہو وہ تمہاری

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿۱۹۷﴾ وَ

مدد نہیں کر سکتے اور نہ اپنی جان کی مدد کر سکتے ہیں اور

## ربط آیات

(۱۹۲) نہ وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ان کی۔
(۱۹۳) ان معبودوں کو خواہ کسی کام کے لیے بلاؤ نہ سن سکتے ہیں نہ کر سکتے ہیں۔
(۱۹۴) بے شک بلا کر دیکھ لو کیا کچھ اثر ان پر ہو سکتا ہے
(۱۹۵) چونکہ میں اُن کا طریقہ اور مذہب توڑنا چاہتا ہوں۔ اس لیے وہ میرے خلاف جتنی چاہیں کوشش کر لیں۔ جب وہ سارے مل کر ایک دشمن کو نہیں ہٹا سکتے تو پھر وہ دوستوں کی کیسی مدد کرینگے
(۱۹۶) میرا دوست اور حامی و مددگار فقط ایک خدا تعالیٰ ہے۔ جس نے قرآن نازل فرمایا ہے اور نیکوکاروں کی حمایت اس کا شیوہ ہے
(۱۹۷) جن معبودوں کے سوا جن کو تم بلاتے ہو وہ نہ تمہاری مدد کر سکیں نہ اپنی کریں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ

گر تم انہیں راستہ کی طرف پکارو تو وہ کچھ نہیں سنیں گے اور تو دیکھے گا

يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۱۹۸ خُذِ الْعَفْوَ

کہ وہ تیری طرف دیکھتے ہیں حالانکہ وہ کچھ نہیں دیکھتے درگزر کر

وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝۱۹۹ وَاِمَّا

اور نیکی کا حکم دے اور جاہلوں سے الگ رہ اور اگر

يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ

تجھے کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آئے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کر بیشک

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۰۰ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ

وہ سننے والا جاننے والا ہے بیشک جو لوگ خدا سے ڈرتے ہیں جب انہیں کوئی خطرہ

مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝۲۰۱ وَ

شیطان کی طرف سے آتا ہے تو وہ یاد میں لگ جاتے ہیں پھر اچانک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور

اِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَىِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ۝۲۰۲ وَاِذَا

جو شیاطین کے تابع ہیں وہ انہیں گمراہی میں کھینچتے چلے جاتے ہیں پھر وہ باز نہیں آتے اور جب

لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا

تو ان کے پاس کوئی معجزہ نہیں لاتا تو کہتے ہیں کہ تو فلاں معجزہ کیوں نہیں لایا کہہ دو میں اس کا

يُوْحٰٓى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَ

اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے حکم بھیجا جاتا ہے یہ تمہارے رب کی طرف سے بہت

هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۲۰۳ وَاِذَا قُرِئَ

سی دلیلیں ہیں اور ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایماندار رہیں اور جب قرآن پڑھا

الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۲۰۴

جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

## ربط آیات

(۱۹۸) اگر کسی نیکی کی راہ پر ان کو بلائیں تو سننے ہی نہ پائیں (۱۹۹) ان جاہلوں سے اعراض کیجئے اور ان کی پرواہ نہ کیجئے۔ البتہ نیکی کا پیغام پہنچاتے رہو (۲۰۰) اور اگر شیطان کی طرف سے کوئی جوش طبیعت میں آ جائے مثلاً جاہلوں کے ساتھ جھگڑنے لگ جاؤ یا عفو کے خلاف کام کرنے لگو تو اللہ تعالیٰ سے پناہ لو (۲۰۱) ان لوگوں کی غلطی دیر پا نہیں رہتی (۲۰۲) اور شیطان کے دوستوں کا یہ حال ہے۔ کہ ان کو ذرا سا شیطان نے چھیڑ دیا اور کوئی غلط بات ان کے خیال میں آ گئی تو پھر ساری دنیا ادھر کی ادھر ہو جائے تو بھی مڑنے والے نہیں۔ (۲۰۳) جیسا وہ حکم یا معجزہ چاہتے ہیں۔ اگر ویسا نہ لایا جائے تو کہتے ہیں تم نے انتخاب کیوں نہیں کیا۔ ہمیں تو ملتے سے اعلیٰ معجزہ چاہیے انہیں کہہ دو کہ انتخاب میرا فرض نہیں ہے۔ (۲۰۴) قرآن شریف اس قابل ہے کہ اس سے انتخاب نہ ہو لہٰذا جب پڑھا جائے تو پوری توجہ سے سنو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ
اور اپنے رب کو اپنے دل میں عاجزی کرتا ہوا اور ڈرتا ہوا یاد کرتا رہ
الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ
اور صبح اور شام بلند آواز کی نسبت ہلکی آواز سے اور
مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا
غافلوں سے نہ ہو بے شک جو تیرے رب کے ہاں ہیں
يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۩ ﴿۲۰۶﴾
وہ اس کی بندگی سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی پاک ذات کو یاد کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں

## اٰیاتها ٨ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ (٨٨) رکوعاتها

سورہ انفال مدنی ہے اور اس میں پچھتر (۷۵) آیتیں اور دس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ
تجھ سے غنیمت کا حکم پوچھتے ہیں کہہ دے غنیمت کا مال اللہ اور
الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠ وَ
رسول کا ہے سو اللہ سے ڈرو اور آپس میں صلح کرو اور
اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱﴾ اِنَّمَا
اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اگر ایمان دار ہو ایمان
الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ
والے وہی ہیں جب اللہ کا نام آئے تو ان کے دل ڈر جائیں
وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰي
اور جب اس کی آیتیں ان پر پڑھی جائیں تو ان کا ایمان زیادہ ہو جاتا ہے اور

منزل ۲

### ربط آیات

(۲۰۵) قرآن شریف کے [illegible] تسبیح [illegible] (۲۰۶) اللہ تعالیٰ کے [illegible] کرنا ضروری ہیں۔

### سورۃ الانفال

تمہید: [illegible]

خلاصہ رکوع ۱ [illegible]

[illegible]

قانون جنگ کی دفعات: سورۂ انفال [illegible]

[illegible] (رابط آیات (۱) [illegible]) (باقی اگلے صفحہ پر)

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ربهم يتوكلون ﴿٢﴾ الذين يقيمون الصلوة و

وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں وہ جو نماز قائم کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں

مما رزقنهم ينفقون ﴿٣﴾ اولئك هم المؤمنون

رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں یہی سچے ایمان والے ہیں

حقا لهم درجت عند ربهم ومغفرة ورزق

ان کے رب کے ہاں ان کے لیے درجے ہیں اور بخشش ہے اور عزت

كريم ﴿٤﴾ كما اخرجك ربك من بيتك بالحق و

کا رزق ہے جیسے تیرے رب نے تجھے تیرے گھر سے سچائی کے ساتھ نکالا اور

ان فريقا من المؤمنين لكرهون ﴿٥﴾ يجادلونك

بیشک ایک جماعت مسلمانوں میں سے ناپسند کرنے والی تھی وہ تجھ سے حق

في الحق بعد ما تبين كانما يساقون الى الموت

بات میں اس کے ظاہر ہو چکنے کے بعد جھگڑتے تھے گویا وہ آنکھوں سے دیکھتے ہوئے

وهم ينظرون ﴿٦﴾ واذ يعدكم الله احدى الطائفتين

موت کی طرف ہانکے جاتے ہیں اور جس وقت دو جماعتوں میں سے ایک کا اللہ تم سے

انها لكم وتودون ان غير ذات الشوكة تكون

وعدہ کرتا تھا کہ وہ تمہارے ہاتھ لگے گی اور تم چاہتے تھے جس میں کانٹا نہ ہو وہ تمہیں

لكم ويريد الله ان يحق الحق بكلمته ويقطع

ملے اور اللہ چاہتا تھا کہ اپنے حکم سے حق کو ثابت کرے اور کافروں

دابر الكفرين ﴿٧﴾ ليحق الحق ويبطل الباطل و

کی جڑ کاٹ دے تاکہ حق کو ثابت کر دے اور باطل کو مٹا دے اگرچہ

لو كره المجرمون ﴿٨﴾ اذ تستغيثون ربكم فاستجاب

گنہ گار ناراض ہوں جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے اس نے جواب

منزل ۲

## ربط آیات

(بقیہ صفحہ ۲۸۱)

نفل کے معنی زیادہ ہے اور اس سے مراد مال غنیمت ہے غنیمت کو مال زائد اس لیے کہا گیا ہے کہ مجاہد کی اصلی غرض میدان جنگ میں جانے کی یہ ہے کہ حق چونکہ کچلا جا رہا ہے اس لیے اگر میں نے سر دیا تو حق بچ جائیگا۔ اب جو مال اسے دیا جائیگا تو وہ مقصد سے زائد ہے۔ جنگ بدر کے مال غنیمت میں صحابہ کرام میں اختلاف واقع ہو گیا تھا نوجوان کہتے تھے کہ ہم نے تیغ زنی کی ہے لہذا ہمیں زیادہ ملنا چاہیے جو جماعت سن رسیدہ حضرات کی ان کی پشت پناہ تھی وہ کہتے تھے تمہیں ہم سے زائد لینے کا کوئی حق نہیں ہے اگر ہم تمہاری پشت پر جم کر کھڑے نہ رہتے تو تم کیونکر جوہر شجاعت دکھاتے اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمایا کہ تمہیں جھگڑنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے یہ مال تم میں سے کسی کا بھی نہیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ وہ جس طرح چاہیں تقسیم کریں۔ تمہارا فرض ہے کہ ان کے فیصلہ پر سر تسلیم خم کر دو۔ ربط آیات

صفحہ ہذا (۲) مومن کی شان ہی یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اس کے سامنے آ جائے تو ڈر جائے اور اسکو مان لے (۳) مومن کا شیوہ یہ ہے کہ اطاعت الٰہی کو مقصد بنائے اور مال راہ خدا میں خرچ کرے (۴) مذکورہ الصدر خوبیوں والے سچے مومن ہیں ان کے لیے رزق کریم ہے کیونکہ غنیمت اور جھگڑا کر کے لینا ذلت ہے (۵) کما میں کاف بحث کے متعلق ہے۔ تقدیر یوں ہو گی: امتثل امر اللہ تعالیٰ فی الانفال وان کرہوا کما امتثلت امرہ فی الخروج من البیت جس طرح ایک گروہ لڑنے کو ناپسند کرتا تھا لیکن آپ نے ان کی پروا نہ کی اور اللہ تعالیٰ کا فریضہ بجا لائے۔ اسی طرح اب تقسیم مال غنیمت میں بھی ان کی پروا نہ کیجئے (۶) لڑائی سے تو اتنے متنفر تھے اور اب مال غنیمت میں اپنا حق جتلاتے ہیں (۷) خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ تھا کہ یا تو قافلے کو پا لوگے یا کفار کے جنگی لشکر سے مڈبھیڑ ہوگی۔ تم چاہتے تھے کہ قافلہ ہی ہاتھ آئے اور اللہ تعالیٰ کا حق تھا اس لیے تم ... (۸) تاکہ ... ثابت ... باطل ...

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَكُمْ اَنِّیْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ مُرْدِفِیْنَ ﴿۹﴾
میں فرمایا کہ میں تمہاری مدد کے لیے پے در پے ایک ہزار فرشتے بھیج رہا ہوں
وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَىِٕنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَ
اور یہ تو اللہ نے فقط خوشخبری دی تھی اور تاکہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں اور
مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ
مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے بے شک اللہ غالب حکمت والا
حَكِیْمٌ ﴿۱۰﴾ ع اِذْ یُغَشِّیْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَیُنَزِّلُ
ہے جس وقت اس نے تم پر اپنی طرف سے تسکین کے لیے اونگھ ڈال دی
عَلَیْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَیُذْهِبَ عَنْكُمْ
اور تم پر آسمان سے پانی اتارا تاکہ اس سے تمہیں پاک کر دے اور شیطان کی نجاست
رِجْزَ الشَّیْطٰنِ وَلِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ
تم سے دور کر دے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے اور اس سے تمہارے
الْاَقْدَامَ ؕ ﴿۱۱﴾ اِذْ یُوْحِیْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓىِٕكَةِ اَنِّیْ
قدم جما دے جب تیرے رب نے فرشتوں کو حکم بھیجا کہ میں تمہارے ساتھ
مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِیْ فِیْ
ہوں تم مسلمانوں کے دل ثابت رکھو میں کافروں کے دل میں
قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ
دہشت ڈال دوں گا سو گردنوں پر مارو
الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿۱۲﴾
اور ان کے پور پور پر مارو
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ
یہ اس لیے ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالف ہیں اور جو کوئی

ع ۱۰ / ۵

### ربط آیات

(۹) اپنی کمزوری کے باعث اللہ تعالیٰ سے فریاد کر رہے تھے کہ مدد پہنچائے۔ (۱۰) ہزار فرشتوں کا وعدہ تمہاری تشفی کے لئے تھا ورنہ کفار کی تباہی کے لئے اس کا ارادہ ہی کافی ہو سکتا تھا (۱۱) باوجود اس قدر خطرناک مقام جنگ ہونے کے تمہیں اونگھ آ رہی تھی۔ جو اطمینان قلب کی دلیل ہے اور تمہارے پاس پانی نہیں تھا۔ کیونکہ بدر کے پانی پر کفار قابض تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے مینہ برسایا اور مسلمانوں کی ساری ضرورتیں پوری ہو گئیں۔ پیا۔ نہلائے۔ وضو کئے۔ جانوروں کو پلایا۔ مشکیزے پر کئے۔ ریتلا میدان جم گیا (۱۲) فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے اس خدمت پر مامور کیا۔

خلاصہ رکوع ۲۔ قانون جنگ کی دفعہ اول (صف قتال میں استقامت) ماخذ آیت ۱۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾

اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہو تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے

ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾

یہ تو چکھ لو اور جان لو کہ بے شک کافروں کے لیے دوزخ کا عذاب ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا

اے ایمان والو جب تم کافروں سے میدان جنگ میں ملو تو ان سے

فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

پیٹھیں نہ پھیرو اور جو کوئی اس دن ان سے پیٹھ

دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ

پھیرے گا مگر یہ کہ لڑائی کا ہنر کرتا ہو یا فوج میں جا ملتا ہو

فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَ

سو وہ اللہ کا غضب لے کر پھرا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ

بہت برا ٹھکانا ہے سو تم نے انہیں قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ

اور تو نے مٹی نہیں پھینکی جب کہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی اور تا کہ

الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

ایمان والوں پر اپنی طرف سے خوب احسان کرے بے شک اللہ سننے والا جاننے

عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾

والا ہے یہ تو ہو چکا اور بے شک اللہ کافروں کی تدبیر کو کمزور کرنے والا ہے

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا

اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو تمہارا فیصلہ آ چکا اور اگر باز آؤ تو تمہارے لیے

## ربط آیات

(۱۳) کفار کو یہ سزا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کے باعث ملی۔ جو شخص بھی یہ جرم کرے گا سخت سزا پائے گا

(۱۴) یہ مزہ دنیا میں چکھ لو اور آخرت کی سزا ابھی باقی ہے (الحاصل) حاصل یہ نکلا غزوۂ بدر کا مال غنیمت تمہاری جدوجہد کا ثمرہ نہیں ہے بلکہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فضل کی وجہ سے ملا۔ اس موقعہ پر تو محض غیبی قوتوں کی مدد سے فتح ملی۔ آئندہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تمہیں قانون جنگ بتلا دیا جاتا ہے اس پر عمل کرو گے تو اللہ تعالیٰ آئندہ بھی فتح نصیب کرے گا دفعات قانون جنگ آگے آ رہی ہیں۔

دفعات قانون جنگ

(دفعہ اوّل)

صف قتال میں استقامت

(۱۵) میدان جنگ میں جاؤ تو پیٹھ نہ پھیرنے پائے (۱۶) اگر کوئی ان دو صورتوں کے علاوہ پیٹھ پھیرے گا تو غضب الٰہی اور جہنم کا مستحق ہو گا (۱۷) تم فقط جم کر کھڑے رہو اور اپنی وسعت کے مطابق کام کرتے جاؤ۔ فتح تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوگی۔

(۱۹) اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہے کہ اعدائے اسلام کی قوت پامال ہو جائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَإِن تَعُودُوا نَعُدْ ۚ وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ
بہتر ہے اور اگر پھر یہی کرو گے تو ہم بھی پھر یہی کریں گے اور تمہاری جمعیت تمہارے
فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ مَعَ
ذرا بھی کام نہ آئے گی اگرچہ وہ بہت ہوں اور بیشک اللہ ایمان والوں
الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٩﴾ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَ
کے ساتھ ہے اے ایمان والو اللہ اور اس کے
رَسُولَهُ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ ﴿٢٠﴾ وَلَا
رسول کا حکم مانو اور سن کر اس سے مت پھرو اور ان
تَكُونُوا كَالَّذِينَ قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ﴿٢١﴾
لوگوں کی طرح نہ ہو جنہوں نے کہا ہم نے سن لیا اور وہ سنتے نہیں
إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ
بیشک سب جانوروں میں سے بدتر اللہ کے نزدیک وہی بہرے گونگے ہیں جو
لَا يَعْقِلُونَ ﴿٢٢﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَّأَسْمَعَهُمْ ۖ
نہیں سمجھتے اور اگر اللہ ان میں کچھ بھلائی جانتا تو انہیں سنا دیتا
وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوا وَّهُم مُّعْرِضُونَ ﴿٢٣﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
اور اگر انہیں اب سنا دے تو منہ پھیر کر بھاگیں اے ایمان والو
آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا
اللہ اور رسول کا حکم مانو جس وقت تمہیں اس کام کی طرف بلائے جس میں تمہاری زندگی
يُحْيِيكُمْ ۖ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ
ہے اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے اور بیشک
إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٤﴾ وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ
تم اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے اور تم اس فتنہ سے بچتے رہو جو تم میں سے خاص



## ربط آیات

(۱۹) کفار سے کہہ دو کہ اگر تم اسلام کے حق میں تائید الٰہی دیکھنا چاہتے تھے تو دیکھ چکے۔ اگر پھر سرکشی کرو گے تو اسی طرح کچلے جاؤ گے۔ تمہاری مادی طاقت اللہ تعالیٰ کی طاقتوں کے مقابلہ میں بیکار ہے۔ اللہ تعالیٰ مومنوں کی حمایت میں ہے

ع ۲ / ۱۶

(۲۰) میدانِ جنگ میں قانونِ الٰہی کو دستور العمل بناؤ اور اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

> خلاصہ رکوع ۲ - دفعہ ۲ میدانِ جنگ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتلائے ہوئے قانون کی اطاعت کو زندگی سمجھو۔ فرائض کے ادائے فرض میں خیانت نہ کرو۔ ماخذ (۱) آیت ۲۰ (۲) آیت ۲۴ (۳) آیت ۲۷

کے اسوۂ مبارکہ کے مطابق کاربند رہو۔ (۲۱) اطاعت میں زبانی جمع خرچ ہی نہ ہو بلکہ عمل کر کے دکھاؤ (۲۲) سننے کے بعد سمجھ کر عمل نہ کرنا انسانیت نہیں ہے۔ یہ حیوانیت ہے بلکہ حیوانوں سے بھی بدتر۔ کیونکہ وہ بھی کچھ نہ کچھ تو حکم کی تعمیل کر ہی دیتے ہیں یہ معاندین حق تو اندھے اور بہرے ہیں (۲۳) ان معاندین میں اگر اللہ تعالیٰ صلاحیت کے آثار پاتا تو انہیں کلمۂ حق ذہن نشین کرا دیتا۔ لیکن شامت اعمال کے باعث یہ اس قدر گر چکے ہیں کہ اگر ان کو کوئی بات سمجھا دی جائے تو بھی منہ پھیر کر چل دیں گے (۲۴) اے مسلمانو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آواز پر لبیک کہو اور اس آواز کو پیغام حیات خیال کرو (واعلموا ان اللہ یحول بین المرء) الایۃ - اللہ تعالیٰ انسان اور اس کے ارادہ میں حائل ہو جاتا ہے کہ انسان کو اپنے ارادہ پر قطعی بس نہیں رہتی۔ حاصل یہ ہو گا کہ اگر تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کی طرف توجہ نہ کی تو اس کی پہلی سزا یہ ہو گی کہ ہمتیں پست ہو جائیں گی (دوسرا نتیجہ آئندہ آیت میں آتا ہے)۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً ۖ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ
ظالموں پر ہی نہ پڑے گا اور جان لو کہ بے شک اللہ سخت عذاب
الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوا إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ
کرنے والا ہے اور یاد کرو جس وقت تم تھوڑے تھے ملک میں کمزور
فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ
سمجھے جاتے تھے تم ڈرتے تھے کہ لوگ تمہیں اچک لیں پھر اس نے تمہیں ٹھکانا بنا دیا اور
وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ
اپنی مدد سے تمہیں قوت دی اور تمہیں ستھری چیزوں سے رزق دیا تاکہ تم
تَشْكُرُونَ ﴿٢٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَ
شکر کرو اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول
الرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٢٧﴾ وَاعْلَمُوا
سے خیانت نہ کرو اور آپس کی امانتوں میں بھی خیانت نہ کرو حالانکہ تم جانتے ہو اور جان لو
أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ
کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایک امتحان کی چیز ہے اور بے شک اللہ کے ہاں
عَظِيمٌ ﴿٢٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل ۳ ع ۱۷
بڑا اجر ہے اے ایمان والو اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو گے تو اللہ تمہیں ایک
لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ
فیصلہ کی چیز دیگا اور تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور
ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٢٩﴾ وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا
اللہ بڑے فضل والا ہے اور جب کافر تیرے متعلق تدبیریں سوچ رہے
لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَ
تھے کہ تمہیں قید کر دیں یا تمہیں قتل کر دیں یا تمہیں دیس بدر کر دیں وہ اپنی تدبیریں کر رہے

## ربط آیات

(۲۵) دوسری یہ سزا ہوگی کہ مثلاً ایک غلطی کرے تو ساری قوم پکڑی جائے (۲۶) ان لوگوں پر اس نعمت کا باعث یہی چیز تھی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو باعث زندگی خیال کرتے تھے آئندہ جب تک تم بھی ویسے رہو گے نعمتیں تم پر یونہی نازل ہوتی رہیں گی (۲۷) جو فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا مسلمانوں کی کسی جماعت کی طرف سے تم پر عائد کیا گیا ہے اس میں خیانت نہ کرو۔ یہ دوسری چیز ہے، جس کے باعث تم پر برکات نازل ہوں گی (۲۸) یہ قانون سابق کا تتمہ ہے یعنی یہ کہ مال اور اولاد کی محبت کے باعث خیانت ہونے نہ پائے کیونکہ یہ چیزیں فتنہ ہیں لہٰذا ان عارضی، ناپائدار اور امتحانی چیزوں میں پھنس کر اللہ تعالیٰ کے اجر عظیم کو ضائع نہ کر دیا جائے (۲۹) اگر تقویٰ اختیار کرو گے تو اللہ تعالیٰ ایسی تمیز عطا فرمائے گا جس سے تم ہر معاملہ میں مفید اور مضر کو سمجھ سکو گے۔

خلاصہ رکوع ۴ دفعہ ۴ حصول فرقان کے لیے التزام تقویٰ۔
ماخذ آیت ۲۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

تھے اور اللہ اپنی تدبیر کر رہا تھا اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے اور جب ان کے سامنے ہماری

اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ لا

آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو اس کے برابر ہم بھی کہہ دیں

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ

اس میں پہلوں کے قصوں کے سوا اور کچھ نہیں اور جب انہوں نے کہا کہ اے

اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا

اللہ اگر یہ دین تیری طرف سے حق ہے تو ہم پر

حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ

آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر دردناک عذاب لا اور اللہ

اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ

ایسا نہ کرے گا کہ انہیں تیرے ہوتے ہوئے عذاب دے اور اللہ انہیں عذاب کرنے والا نہیں

يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ

درآنحالیکہ وہ بخشش مانگتے ہوں اور اللہ انہیں عذاب کیوں نہ دے حالانکہ وہ

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ

مسجد حرام سے روکتے ہیں اور وہ اس کے اہل نہیں ہیں اس کے

اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَمَا كَانَ

اہل تو پرہیزگار ہی ہیں لیکن ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے اور کعبہ کے

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا

پاس ان کی نماز سوائے سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے اور کچھ نہیں تھی سو

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

عذاب بسبب اس کے کہ تم کفر کرتے تھے بیشک جو لوگ کافر ہیں وہ

## ربط آیات

(۳۰) چنانچہ تقویٰ ہی کی برکت تھی کہ جب کفار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان مصیبتوں میں مبتلا کرنا چاہا تو اللہ تعالیٰ نے ایسی تدبیر بتلائی جس سے آپ ان کی زد سے بچ نکلے (۳۱) کفار کو ترک تقویٰ ہی کی یہ سزا مل رہی ہے کہ آیات ربانی کو پہچان نہیں سکتے اور ان کو پرانے قصے سمجھتے ہیں (۳۲) فرقان کے حاصل نہ ہونے کا نتیجہ ہے کہ عذاب الٰہی کی دعائیں مانگ بیٹھے ہیں (۳۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اللہ تعالیٰ کا غضب اس بستی (مکہ معظمہ) پر کیسے نازل ہو سکتا ہے۔ (۳۴) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے عذاب الٰہی رکا ہوا ہے ورنہ خانۂ خدا سے بندگان خدا کو روکنے کے باعث وہ تو عذاب کے مستحق ہو چکے ہیں (۳۵) پرہیزگاروں کو مسجد میں آنے نہیں دیتے اور خود وہاں یہ لغو حرکتیں کرتے ہیں اور ان کو عبادت سمجھتے ہیں یہ بھی فرقان کے نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ
اپنے مال خرچ کرتے ہیں تاکہ اللہ کی راہ سے روکیں

فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ
سو ابھی اور بھی خرچ کریں گے پھر وہ ان کے لیے حسرت ہوگا پھر مغلوب کیے جائیں گے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيزَ اللَّهُ
اور جو کافر ہیں وہ دوزخ کی طرف جمع کیے جائیں گے تاکہ اللہ

الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ
ناپاک کو پاک سے جدا کر دے اور ایک ناپاک کو دوسرے پر دھر کر

عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ
ڈھیر بنائے پھر اسے دوزخ میں ڈال دے

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٣٧﴾ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَنتَهُوا
وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں کافروں سے کہہ دو کہ اگر وہ باز آجائیں

يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِن يَعُودُوا فَقَدْ مَضَتْ
تو جو کچھ گذر چکا وہ انہیں معاف کر دیا جائے گا اور اگر لوٹیں گے تو پہلے کافروں

سُنَّتُ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ
کے حق میں قانون نافذ ہو چکا ہے اور تم ان سے اس حد تک لڑو کہ شرک کا غلبہ

فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ ۚ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ
نہ رہنے پائے اور سارا دین اللہ ہی کا ہو جائے پھر اگر یہ باز آجائیں تو اللہ

اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٣٩﴾ وَإِن تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا
ان کے اعمال کو دیکھنے والا ہے اور اگر وہ پھر جائیں تو جان لو کہ

أَنَّ اللَّهَ مَوْلَاكُمْ ۚ نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ﴿٤٠﴾
اللہ تمہارا دوست ہے اور وہ بہت اچھا دوست ہے اور بہت اچھا مددگار ہے

## ربط آیات

(٣٦) فرقان کے نہ ہونے ہی کا نتیجہ ہے کہ اپنے مالوں کو بے جا صرف کر رہے ہیں۔ اور یہی چیز آئندہ ان کے لیے باعث حسرت و ندامت ہوگی (٣٧) اب تو انہیں فرقان نہ ہونے کے باعث خبیث اور طیب میں تمیز نہیں ہے۔ قیامت کے دن تمیز کرا کے ان کو جہنم میں پھینکا جائیگا۔ (٣٨) معاندین حق سے کہہ دیں کہ اگر اب بھی عناد سے باز آجائیں تو ان کی سابقہ غلطیاں معاف ہو سکتی ہیں اور اگر باز نہ آئیں تو پہلی امتوں کی طرح ان پر عذاب آئے گا۔

ع ۱۸

(٣٩) وفاداران مملکت الٰہی

خلاصہ رکوع ۵ - دفعہ ہشتم و ہفتم - غایۃ قتال - قانون تقسیم غنائم - ماخذ آیت ۱۱۱

(مومنین) اس وقت تلوار نیام میں نہیں ڈالیں گے جب تک باغیوں (کفار) کی قوت کو پاش پاش نہ کریں علم شرک کو علم توحید کے سامنے سرنگوں نہ کریں اور توحید کا پھریرا ساری دنیا میں لہرانے نہ لگ جائے (٤٠) اگر وہ اپنی شرارت بغاوت سے باز نہ آئیں۔ تو تم (مومنین) پیچھے نہ ہٹو۔ خدا تعالیٰ تمہارا حامی و مددگار ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ
اور جان لو کہ جو کچھ تمہیں بطور غنیمت ملے خواہ کوئی چیز ہو تو اُس میں سے
خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ
پانچواں حصّہ اللہ اور اُس کے رسُول کا ہے اور رشتہ داروں اور یتیموں اور
الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ
مسکینوں اور مُسافروں کے لئے ہے اگر تمہیں اللہ پر یقین ہے
وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى
اور اُس چیز پر جو ہم نے اپنے بندے پر فیصلہ کے دِن اُتاری جس دِن دونوں
الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤١﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ
جماعتیں ملیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے جس وقت تم ورلے کنارے
الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ
پر تھے اور وُہ پرلے کنارے پر اور قافلہ تم سے نیچے اُتر گیا تھا
مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ
اور اگر تم آپس میں وعدہ کرتے تو ایک ساتھ وعدہ پر نہ پہنچتے لیکن
لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ
اللہ کو ایک کام کرنا تھا جو مقرر ہو چکا تھا تاکہ جو ہلاک ہو وُہ اتمامِ حجت
عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ
کے بعد ہلاک ہو اور جو زندہ رہے وُہ اتمامِ حجت کے بعد زندہ رہے اور بے شک اللہ
لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ
سُننے والا جاننے والا ہے جب کہ اللہ نے وُہ کافر تجھے تیرے خواب میں تھوڑے کرکے دِکھلائے

### ربطِ آیات

(۱) اور کفار سے جو مالِ غنیمت وصول ہو اُس کو یُوں تقسیم کرو
(۲) مالِ غنیمت فرمانِ الٰہی کے مطابق خرچ ہوگا تو آپس میں اختلاف پیدا نہیں ہوگا۔
اور اللہ تعالیٰ کی مدد اسی طرح پہنچتی رہے گی جس طرح غزوۂ بدر میں پہنچی تھی۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ حق کو باطل پر غالب کرے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ

اور اگر تجھے بہت دکھلا دیتا تو تم لوگ نامردی کرتے اور کام میں جھگڑا ڈالتے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٤٣﴾

لیکن اللہ نے بچا لیا جو بات دلوں میں ہے وہ اسے خوب معلوم ہے

وَإِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا

اور جب تمہیں وہ فوج مقابلہ کے وقت تمہاری آنکھوں میں تھوڑی کر کے دکھائی

وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ

اور تمہیں ان کی آنکھوں میں تھوڑا کر کے دکھایا تاکہ اللہ ایک کام پورا کر دے جو

مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

مقرر ہو چکا تھا اور ہر کام اللہ تک ہی پہنچتا ہے اے ایمان والو!

آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا

جب کسی فوج سے ملو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو

لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا

تاکہ تم نجات پاؤ اور اللہ اور اس کے رسول کا کہا مانو اور

تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ

آپس میں نہ جھگڑو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٤٦﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ

بے شک اللہ صبر والوں کے ساتھ ہے اور ان لوگوں جیسا نہ ہونا جو

خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَ

اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھانے کے لیے گھروں سے نکل آئے اور

يَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٤٧﴾

اللہ کی راہ سے روکتے تھے اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اللہ اس پر احاطہ کرنے والا ہے

## ربطِ آیات

(۴۳-۴۴) میدانِ جنگ میں حق تعالیٰ نے مسلمان یہ خیال کرتے تھے کہ کفار تھوڑے ہیں اور کفار یہ خیال کرتے تھے کہ مسلمان تھوڑے ہیں۔ اس طرح لڑائی بھی ہو گئی مقصد بھی ادا ہو گیا کہ مسلمان جیت نہ

> خلاصہ رکوع ۹ - رمز حتیٰ ہم - تبدیلی جنگ میں کفار کی تعداد تفرقہ ...
> ماخذ آیات ۴۱ ، ۴۰

ع ۵

جاویں اور اللہ تعالیٰ نے حق کو باطل پر فتح یاب کر دیا۔

(۴۵) میدانِ جنگ میں ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کی یاد میں مشغول رہو۔ جو اگرچہ ابھی نازل ہوئی ہے تاکہ اس کے بعد قوت پر گھمنڈ پیدا نہ ہو جائے۔ (۴۶) اور آپس میں نہ جھگڑو تاکہ ہمت پست نہ ہو جائے۔ اور مصیبت پر صبر سے مقابلہ کرو۔ خدا تعالیٰ تمہارا ساتھی ہے۔ (۴۷) اگر کفر نہیں ترک کر دیا اور آپس میں تنازع پیدا کر لیا تو پھر کفار کی طرح تم میں بھی سرکشی اور ریا پیدا ہو جائے گی اور یہ تباہی کا سبب نصیب ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ وَقَالَ لَا

اور جس وقت شیطان نے ان کے اعمال کو ان کی نظروں میں خوشنما کر دیا اور کہا کہ

غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ

آج کے دن لوگوں میں سے کوئی بھی تم پر غالب نہ ہوگا اور میں تمہارا حمایتی ہوں

فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ

پھر جب دونوں فوجیں سامنے ہوئیں تو وہ اپنی ایڑیوں پر الٹا پھرا اور کہا

إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي

میں تمہارے ساتھ نہیں ہوں میں ایسی چیز دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے میں

أَخَافُ اللَّهَ ۚ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ إِذْ يَقُولُ

اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے اس وقت

الْمُنَٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ

منافق اور جن کے دلوں میں مرض تھا کہتے تھے کہ انہیں ان کے دین نے

دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ

مغرور کر رکھا ہے اور جو کوئی اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ زبردست

حَكِيمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ

حکمت والا ہے اور اگر تو دیکھے جس وقت فرشتے کافروں کی جان قبض کرتے ہیں

الْمَلَٰئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَٰرَهُمْ وَ

ان کے منہوں اور پیٹھوں پر مارتے ہیں اور

ذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

کہتے ہیں جلنے کا عذاب چکھو یہ اسی کا بدلہ ہے جو تمہارے

أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾

ہاتھوں نے آگے بھیجا اور بے شک اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا

ع ۶ ۲

## ربطِ آیات

(۴۸) سرکشی اور ریا کرنے والوں کو تعلق رشتہ توڑ دیا جاتا ہے سرکشی ان کو لے آتی ہے شیطان بہکاتا ہے سبز باغ دکھاتا ہے لیکن آخر میں انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ (۴۹) منافق کہتے تھے کہ مسلمان

خلاصہ رکوع ۲۔ منافقین کو اس دین کی صداقت پر اعتماد نہیں ... اور تم ... جیت نہیں سکتے۔
حاشیہ آیت ۴۹ — ۵۱

اس جہاد میں مبتلا ہیں کہ اپنے دین کی برکت سے سب پر فاتح ہو جائیں گے (ان کے خیال میں گویا یہ کامیابی ناممکن ہے) انہیں یہ معلوم نہیں کہ جو شخص خدا تعالیٰ پر اعتماد کرے اور اسی کا ہو جائے، اللہ تعالیٰ کی مدد سے وہ ہمیشہ غالب رہے گا۔ (۵۰، ۵۱) اے نبی! جب کہ ... فرشتوں کو ... کرتے دیکھا ہوتا ... فرشتے یہ سزا دے کر کہتے تھے کہ یہ تمہارے ہی ہاتھوں کے اعمال کا نتیجہ ہے۔ رضائے الٰہی کے خلاف زندگی بسر کرنے کا نتیجہ ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا

جیسا فرعونیوں اور اُن سے پہلے لوگوں کا حال ہوا تھا اُنہوں نے

بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ

اللہ کی آیتوں سے انکار کیا تو اللہ نے اُن کے گناہوں کی سزا میں انہیں پکڑ لیا بے شک اللہ

قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ (۵۲) ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ

زبردست اور سخت عذاب کرنے والا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ اللہ ہرگز

مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا

اس نعمت کو نہیں بدلتا جو اُس نے کسی قوم کو دی تھی جب تک وہ خود اپنے دلوں

بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (۵۳) كَدَأْبِ آلِ

کی حالت نہ بدلیں اور اس لئے کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے جیسے فرعونیوں

فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ

اور اُن سے پہلے لوگوں کا حال ہوا تھا اُنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کو

رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ

جھٹلایا تو ہم نے انہیں اُن کے گناہوں کے سبب ہلاک کر ڈالا اور

فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا ظَالِمِينَ (۵۴) إِنَّ شَرَّ

فرعونیوں کو ڈبو دیا اور سب ظالم تھے اور اللہ کے ہاں

الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ لَا

سب جانداروں میں سے بدتر وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا پھر وہ

يُؤْمِنُونَ (۵۵) الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ

ایمان نہیں لاتے جن لوگوں سے تو نے عہد لیا ہے پھر وہ

يَنقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ (۵۶)

ہر دفعہ اپنے عہد کو توڑتے ہیں اور وہ نہیں ڈرتے

## ربطِ آیات

(۵۲) جس طرح فرعون وغیرہ کفار کو احکامِ الٰہی سے انکار کے باعث سزا ملی (۵۳) اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلے۔ لہٰذا ان لوگوں پر رحمت کے بعد زحمت کا نزول ان کے اپنے اعمال کے باعث ہوا (۵۴) جس طرح فرعون اور دوسرے کفار اپنے ظلم کے باعث برباد ہو گئے۔ (۵۵) جو انسان ہو کر اپنے مولیٰ سے منکر ہو وہ چوپایوں سے بھی بدتر ہے۔ (۵۶-۵۷) جو شریر و خبیث کفار عہد شکنی سے باز نہیں آتے اگر تمہیں میدانِ جنگ میں مل جائیں تو ان کو خوب مار دو تاکہ ان کی سخت سزا کے باعث دوسرے کافروں کو عبرت ہو جائے۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ
سو اگر کبھی تو انہیں لڑائی میں پائے تو انہیں ایسی سزا دے کہ جو ان کے پیچھے دیکھ کر

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝٥٧ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوْمٍ
بھاگ جائیں تاکہ انہیں عبرت ہو اور اگر تمہیں کسی قوم سے دغابازی کا ڈر ہو

خِيَانَةً فَانبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا
تو اُن کا عہد اُن کی طرف پھینک دو ایسی طرح پر کہ تم اور وہ برابر ہو جاؤ بے شک اللہ

يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ۝٥٨ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا
دغابازوں کو پسند نہیں کرتا اور کافر یہ نہ خیال کریں کہ وہ

سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ۝٥٩ وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا
بھاگ نکلے ہیں بے شک وہ ہمیں ہرگز عاجز نہ کر سکیں گے اور اُن سے لڑنے کے لئے جو کچھ

اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ
(سپاہیانہ) قوت سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے جمع کر سکو سو تیار رکھو کہ اس سے

بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِن دُونِهِمْ
اللہ کے دشمنوں پر اور تمہارے دشمنوں پر اور اُن کے سوا دوسروں پر

لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنفِقُوا مِن
جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں جانتا ہے ہیبت پڑے اور اللہ کی راہ میں

شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا
جو کچھ تم خرچ کرو گے تمہیں (اس کا ثواب) پورا دے گا اور تم سے

تُظْلَمُونَ ۝٦٠ وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ
بے انصافی نہیں ہوگی اور اگر وہ صلح کے لئے مائل ہوں تو تم بھی مائل ہو جاؤ اور

تَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝٦١
اللہ پر بھروسہ کرو بے شک وہی سننے والا جاننے والا ہے

ع ۷ / ۳

## ربط آیات

(۵۸) اگر کسی قوم سے خیانت

غزوہ خندق کو کہ ۸ھ ۔ رمضان [illegible] آنحضرت جنگ کی تیاری [illegible] مصالحت کے لئے برطرف تیار ہے ۔ حاشیہ آیت ۶۱۔

کا ڈر ہو کہ وہ بظاہر دوستی کا دم بھرتی اور خفیہ تیاری کر کے مسلمانوں پر حملہ آور ہوگی۔ تو ایسے خطرے کے وقت آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) معاہدہ واپس کر دیجئے تاکہ آپ بھی اپنی حفاظت کی تدابیر کر سکیں

(۵۹) معاندین حق اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کبھی نہیں بچ سکتے

(۶۰) تم نے قدرے اپنی تم ہر وقت دشمنانِ اسلام کی قوت کو پاش پاش کرنے کے لئے پوری طاقت تیار رکھو (۶۱-۶۲) اگر وہ صلح کے لئے ہاتھ بڑھائیں تو صلح کر لو۔ اگر ان میں کھوٹ کی شرارت ہوگی تو اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ

اور اگر وہ چاہیں کہ تمہیں دھوکہ دیں تو تجھے اللہ کافی ہے

هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ۙ

جس نے تمہیں اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے قوت بخشی

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

اور ان کے دلوں میں الفت ڈال دی جو کچھ زمین میں ہے اگر سارا تو خرچ کر دیتا

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

ان کے دلوں میں الفت نہ ڈال سکتا لیکن اللہ نے ان میں الفت

بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

ڈال دی بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے اے نبی!

حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ ع

تجھے اور مومنوں کو جو تیرے تابعدار ہیں اللہ کافی ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ

اے نبی! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا

اگر تم میں بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر

مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا

غالب آئیں گے اور اگر تم میں سو ہوں گے تو ہزار کافروں پر

اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا

غالب آئیں گے اس لئے کہ وہ لوگ کچھ نہیں

يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ

سمجھتے اب اللہ نے تم سے بوجھ ہلکا کر دیا اور

## ربطِ آیات

تو خدا تعالیٰ تمہارا حامی و مددگار ہوگا۔ پہلے بھی تو اللہ تعالیٰ ہی نے مدد کی تھی جس کی برکت سے تمہیں کی ایک جماعت آپ کے گرد اکٹھی ہو گئی (۶۳) اور ان تعلیمات کے قریب ہیں

ع ۹

> خلاصہ رکوع ۹۔ وصف مومنین۔ تحریض مومنین علی القتال۔ ماخذ آیت ۶۲ تا ۶۶۔

باہمی الفت کی جگہ خدا تعالیٰ ہی نے باندھی ہے (۶۴) آپ کو اور اللہ والی جماعت کو خدا تعالیٰ ہی کافی ہے (کفار کی مخالفت کی پرواہ نہ کیجیے)۔ (۶۵) ابھی بھرتی جاری ہے اگرچہ قوت میں ضعف اور کمی ہے تاکہ ابتداء اسلام میں اپنے سے دس گنا کے ساتھ مقابلہ کرنا ہوتا تھا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۭ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ

معلوم کر لیا کہ تم میں کسی قدر کمزوری ہے پس اگر تم میں سو ثابت قدم رہنے والے

صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ

ہوں گے تو دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر ہزار ہوں گے

يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

تو اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آئیں گے اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

نبی کو نہیں چاہیے کہ اپنے ہاں قیدیوں کو رکھے یہاں تک کہ

يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۭ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ڰ

ملک میں خوب خونریزی کر لے تم دنیا کی زندگی کا سامان چاہتے ہو

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا

اور اللہ آخرت کا ارادہ کرتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے اگر اللہ

كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ

کا حکم پہلے نہ ہو چکا ہوتا تو جو تم نے لیا اس کے بدلے تم پر

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ڮ

بڑا عذاب ہوتا پس جو مال تمہیں غنیمت میں حلال اور طیب ملا ہے اسے کھاؤ

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اے

النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ

نبی! جو قیدی تمہارے ہاتھ میں ہیں ان سے کہہ دو کہ

اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا

اگر اللہ تمہارے دلوں میں نیکی معلوم کرے گا تو تمہیں اس سے بہتر دے گا

### ربط آیات

(۶۶) بعد گزشتہ لشکر کا مقابلہ دوگنی قرار دیا گیا۔

(۶۷) خدا تعالیٰ کا مقصد یہ ہے کہ کفار کی قوت پوری طرح توڑ دی جائے اور جو لوگ اسلام میں خلل ڈالنا چاہیں ان کے لئے روک نہ ہو یا اگر کفار کے ساتھ نرمی برتی جائے اور اگر شرع ہو جائے تو پھر جب تک فیصلہ صاف نہ ہو جائے تب تک امر جائز نہیں ہے (تریدون عرض الدنیا) تمہارا اعتقاد یہ ہے کہ زر و پیسے لیا جائے۔ اور اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ لوگوں کو مرغوب آخرت (و بیان اخلاق) نصیب ہو۔ (۶۸) بدر کے قیدیوں سے بھی فدیہ لینا اس حکمت کے لحاظ سے مناسب نہیں تھا جو گزشتہ آیت میں بیان ہوئی اگر ان ستر قیدیوں کو بھی قتل کر دیا جاتا تو عرب میں سکون پیدا ہو جاتا۔ (۶۹) اس مال غنیمت کا لینا

خلاصہ رکوع ۱۰ - [illegible] مسلمانوں کی [illegible] ملاحظہ آیت ۷۰۔

بھی چونکہ نیک نیتی پر مبنی تھا لہٰذا [illegible] مسلمانوں کی اجازت [illegible] نیت کے باعث [illegible] معاف فرمائے گا۔

ع ۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾

جو تم سے لیا گیا ہے اور تمہیں بخشے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ

اور اگر یہ لوگ تم سے دغا کرنا چاہیں گے یہ تو پہلے ہی اللہ سے دغا کر چکے ہیں

فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پھر اللہ نے انہیں گرفتار کرا دیا اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے بے شک جو لوگ ایمان لائے

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ

اور گھر چھوڑا اور اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں لڑے

اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی وہ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق

بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ

ہیں اور جو ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا تمہیں ان کی وراثت سے کوئی

وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ

تعلق نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین کے معاملہ میں مدد

فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ ۢ بَيْنَكُمْ وَ

چاہیں تو تمہیں ان کی مدد کرنی لازم ہے مگر ان لوگوں کے مقابلہ میں کہ

بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾

ان میں اور تم میں عہد ہو اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھتا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا

اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں اگر

تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿۷۳﴾

تم یوں نہ کرو گے تو ملک میں فتنہ پھیلے گا اور بڑا فساد ہوگا

## ربط آیات

(۷۰) بدر کے بعض قیدیوں نے کہا تھا کہ ہم مجبور کر کے لائے گئے تھے ہمارا ارادہ مسلمانوں سے لڑنے کا نہیں تھا انہیں کہا جاتا ہے کہ اگر تمہارے دلوں میں بہتری ہے تو اس کے عوض میں جو کچھ تم سے لیا گیا ہے جب تم مسلمان ہو جاؤ گے تمہیں اس سے زیادہ دیا جائے گا (۷۱) اور اگر اس کہنے میں بھی دغا کا ارادہ کر رہے ہیں تو پہلے بھی ان کی دغا کا مزہ چکھ چکے ہیں (۷۲) آخر رکوع تک ہاجروا اور والذین آووا ونصروا یہ دو جماعتیں متحد ہیں والذین آمنوا ولم یہاجروا اس جماعت کی مثال کی پہلی دو جماعتیں تو متحد نہیں ہیں اور ان کی مدد مشروط ہوگی (۷۳) تمام مخالف اسلام ایک دوسرے کے معین مددگار ہیں الا تفعلوہ تکن فتنۃ قرآن شریف پر عمل کرنا اسی صورت میں ممکن ہے جبکہ قرآن شریف کے ماننے والے ایک جماعت ہو جائیں اور نہ ماننے والے دوسری جماعت ہو جائیں۔

حاصل رکوع ۱۰۔ مسلمانوں کی تین قسمیں ہیں (۱) مرکز اسلام میں بسنے والے (۲) مرکز اسلام کو ہجرت کر کے بسنے والے (۳) مرکز اسلام سے دور بسنے والے جن کا مرکز سے کوئی تعلق نہیں۔ بہت منظم سیاسی جماعت پہلی اور دوسری جماعتیں متحد ہو گا غیر منظم جماعت کو مرکز اسلام سے اسی لئے ہے کہ اس پر دشمن حملہ کرے تو مرکز اسلام اس کی مدد کرے گا مگر غیر منظم جماعت جو مرکز سے دور ہو اور اس کا دشمن کو مرکز اسلام سے معاہدہ ہو تو مرکز والے کمک نہیں کر سکتے

کی مدد جائز نہیں جیسے منا ثابت ہوا کہ جماعت مسلم غیر منتشرہ کر رہے وہ جماعت غیر منظم جو مرکز اسلام سے متعلق ہو معاملہ سیاسیہ میں اللہ تعالیٰ نے ان زیادہ قابل قدر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اپنے گھر چھوڑے اور اللہ کی راہ میں لڑے

اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ

اور جن لوگوں نے انہیں جگہ دی اور ان کی مدد کی وہی سچے مسلمان

حَقًّا ۚ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِينَ

ہیں ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے اور جو لوگ

آمَنُوا مِن بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ

اس کے بعد ایمان لائے اور گھر چھوڑے اور تمہارے ساتھ ہو کر لڑے

فَأُولَٰئِكَ مِنكُمْ ۚ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ

سو وہ لوگ بھی تمہیں میں سے ہیں اور رشتہ دار آپس میں اللہ کے حکم کے مطابق

بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٧٥﴾

ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں بے شک اللہ ہر چیز سے خبردار ہے

## آیاتہا ۱۲۹ — ۹ — سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۳ — رکوعاتہا ۱۶

سورۂ توبہ مدنی ہے اور اس کی ۱۲۹ آیتیں اور ۱۶ رکوع ہیں۔

بَرَاءَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدتُّم

اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکوں سے بیزاری ہے جن سے

مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١﴾ فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ

تم نے عہد کیا تھا سو اس ملک میں چار مہینے

أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ

پھر لو اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکو گے اور بے شک اللہ

مُخْزِي الْكَافِرِينَ ﴿٢﴾ وَأَذَانٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

کافروں کو ذلیل کرنے والا ہے اور اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے

### ربط آیات

(۴۷) مہاجرین اور انصار، صحیح معنوں میں مسلمان کہلانے والی جماعتیں فقط یہی دو ہیں (۷۵) بعد کو جو اس مسلک پر چلنے والے ہوں گے، وہ بھی اس مقبول جماعت میں شمار ہوں گے۔ (۷۵) مسابق مقاصد اسلامی کے لحاظ سے تھا، ورنہ تقسیم میراث میں قرابت ہی ایک دوسرے کی میراث کے وارث ہوں گے۔

### سورة التوبة

(۱) شروع سورۂ توبہ اعلان جنگ

(۱) کفار سے اعلان جنگ اللہ تعالی اور اس کا رسول کفار کی ہر قسم کی حفاظت سے بری

> خلاصہ رکوع ۱ - سورۂ توبہ
> (۱) اعلان جنگ، (۲) وعظ
> (۳) مشرکین کے ساتھ کا عہد
> (۴) وقت خیر کے [illegible]
> ماخذ: ۱۱ آیت ۱، ۲ [illegible]
> (۳) آیت ۴ (۴) آیت ۱

یکم ہی (۲) اعلان جنگ کے بعد چار مہینے تک مہلت دی جاتی ہے، اسلام کی مخالفت سے باز آجاؤ، ورنہ تمہارا ستیاناس کر دیا جائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ

بڑے حج کے دن لوگوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کا رسول

الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

مشرکوں سے بیزار ہیں پس اگر تم توبہ کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ

منہ موڑو تو جان لو کہ تم اللہ کو ہرگز عاجز کرنے والے نہیں اور کافروں کو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝٣ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ

دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو مگر جن مشرکوں سے تم نے

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا

عہد کیا تھا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ کوئی قصور نہیں کیا اور

عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ

تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد نہیں کی سو ان سے ان کا عہد ان کی مدت تک پورا کرو

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٤ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ

بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے پھر جب عزت والے مہینے

الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ

گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور

خُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ

پکڑو اور انہیں گھیر لو اور ان کی تاک میں ہر جگہ بیٹھو

فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں تو ان کا

سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ

راستہ چھوڑ دو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر کوئی

### ربطِ آیات

(۳) اکبر حج عرفہ ہے۔ حج میں چونکہ قوموں کے نمائندے جمع ہوتے ہیں اس لئے یہ اعلان اس موقعہ پر نشر کی گئی ہے۔ (۴) جن کا عہد ختم ہے ان کو چار ماہ گزرنے کے بعد جہاں پاؤ قتل کر دو اور جن کے عہد کی مدت معین ہے اگر انہوں نے خود نہیں توڑا تو تم بھی اس میعاد تک پورا کرو۔ (۵) دس ذی الحجہ سے لے کر چار مہینے جو مہلت دی گئی ہے جب وہ پوری ہو جائے تو تم جہاں پاؤ انہیں تباہ کر دو۔ اگر اسلام کے حلقہ بگوش ہو جائیں تو چھوڑ دو۔



ALMARIFAT
335
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ
مشرک تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ اللہ کا

كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
کلام سنے پھر اسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دو یہ اس لئے ہے کہ وہ لوگ

يَعْلَمُونَ ﴿٦﴾ كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِندَ
بے سمجھ ہیں بھلا مشرکوں کے لئے اللہ اور اس کے رسول

اللَّهِ وَعِندَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّمْ عِندَ
کے ہاں عہد کیونکر ہو سکتا ہے ہاں جن لوگوں کے ساتھ تم نے مسجد حرام

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا
کے نزدیک عہد کیا ہے اگر وہ قائم رہیں تو تم بھی قائم

لَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٧﴾ كَيْفَ وَإِن
رہو بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے کیونکر صلح ہو اور اگر

يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ
وہ تم پر غلبہ پالیں تو نہ تمہاری قرابت کا لحاظ کریں اور نہ عہد کا

يُرْضُونَكُم بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَ
تمہیں اپنے منہ کی باتوں سے راضی کرتے ہیں اور ان کے دل نہیں مانتے اور

أَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨﴾ اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا
ان میں سے اکثر بد عہد ہیں انہوں نے اللہ کی آیتوں کو تھوڑی قیمت

قَلِيلًا فَصَدُّوا عَن سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا
پر بیچ ڈالا پھر اللہ کے رستے سے روکتے ہیں بے شک وہ برا ہے جو کچھ

يَعْمَلُونَ ﴿٩﴾ لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا
وہ کرتے ہیں یہ لوگ کسی مومن کے حق میں نہ رشتہ داری کا خیال کرتے ہیں اور نہ

منزل ۲

ع ۱

خلاصہ رکوع ۲ ...
صاحقہ آیات ...

## ربط آیات

(۶) اگر کوئی مشرک تم سے تحقیق کے لئے آئے تو اس کی حفاظت کی جائے گی (۷) اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے کیسے دوستی ہو سکتی ہے۔ ہاں جن سے معاہدہ ہے اگر وہ باقاعدہ تم سے ان کا نباہتے ہیں۔ (۸) ان سے دوستی کیسے ہو سکتی ہے۔ اگر ان کا بس چلے تو تمہیں رشتہ داری کا لحاظ کریں نہ عہد کی پابندی کا ہو دکھلیں (یعنی ہر ممکن طریقہ سے تمہیں ایذا دیں) (۹) نافرمانوں نے خواہشات نفسانی کے پیچھے پڑ کر ایمان جیسی قیمتی چیز کو چھوڑ دیا ہے (بھلا ان سے کیسے دوستی ہو)۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذِمَّةً ۚ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ﴿١٠﴾ فَإِن تَابُوا

عہد کا | اور یہی لوگ | حد سے گزرنے والے ہیں | اگر یہ توبہ کریں

وَأَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَآتَوُا الزَّكَوٰةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي

اور نماز قائم کریں | اور زکوٰۃ دیں | تو دین میں تمہارے بھائی

الدِّينِ ۗ وَنُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿١١﴾ وَ

ہیں | اور ہم سمجھ داروں کے لئے کھول کھول کر احکام بیان کرتے ہیں | اور

إِن نَّكَثُوا أَيْمَانَهُم مِّن بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوا

اگر وہ عہد کرنے کے بعد | اپنی قسمیں توڑ دیں | اور تمہارے دین میں

فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ إِنَّهُمْ لَا

عیب نکالیں | تو کفر کے سرداروں سے لڑو | ان کی قسموں کا

أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنتَهُونَ ﴿١٢﴾ أَلَا تُقَاتِلُونَ

کوئی اعتبار نہیں | تاکہ | وہ باز آئیں | خبردار! تم ایسے لوگوں سے

قَوْمًا نَّكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ

کیوں نہ لڑو | جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا | اور پیغمبر کو جلاوطن کرنے کا ارادہ کیا

وَهُم بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ

اور انہوں نے پہلے تم سے عہد شکنی کی | کیا تم ان سے ڈرتے ہو | اللہ

أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾

زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو | اگر تم ایمان دار ہو

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَ

ان سے لڑو | تاکہ اللہ انہیں تمہارے ہاتھوں سے عذاب دے | اور انہیں ذلیل کرے اور

يَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾

تمہیں ان پر غلبہ دے | اور مسلمانوں کے دلوں کو ٹھنڈا کرے۔

## ربطِ آیات

(۱۰) ان کو کسی کے بارے کی بڑا سے بڑا رشتہ داری کا لحاظ ہے نہ عہد کا پاس ہے۔ یہ تو حد درجہ زیادتی سے گزر چکے ہیں۔ (۱۱) اگر یہ شرارتوں سے تائب ہو کر حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں تو پھر تمہارے بھائی کے ساتھ برابر مساوی حقوق پائیں (۱۲) اگر عہد کر کے توڑ دیں اور اسلام پر طعن کریں تو پھر ان کے سرغنوں کے سر کچل دو تاکہ فتنہ کا دروازہ بند ہو جائے (۱۳) اسباب قتال بیان کئے جا رہے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہیں۔ علاوہ اس کے ان کی خیانت کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ وہ اپنی قسموں کا کوئی لحاظ نہیں کرتے جب چاہتے ہیں توڑ ڈالتے ہیں۔ (۱۴) انہیں قتل کرو اللہ تعالیٰ انہیں تمہارے ہاتھوں سے سزا دینا چاہتا ہے اگر تمہارے سینے ٹھنڈے ہوں۔ جس طرح انہوں نے تمہیں ایذا دی تم بھی بدلہ لے لو۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ مَن

اور ان کے دلوں سے غصہ دور کرے   اور اللہ جسے چاہے   توبہ نصیب

يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تُتْرَكُوا

کرے   اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے   کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ تم چھوڑ دیے جاؤ گے

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا

حالانکہ ابھی اللہ نے   ایسے لوگوں کو جدا ہی نہیں کیا   جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا

مِن دُونِ اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ

اور اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے سوا   کسی کو ولی دوست نہیں بنایا

وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَن

اور اللہ تمہارے سب کاموں سے باخبر ہے   مشرکوں کا کام نہیں   کہ

يَعْمُرُوا مَسَاجِدَ اللَّهِ شَاهِدِينَ عَلَىٰ أَنفُسِهِم بِالْكُفْرِ ۚ

اللہ کی مسجدیں آباد کریں   جبکہ وہ اپنے آپ پر کفر کی گواہی دے رہے ہوں

أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿١٧﴾

ان لوگوں کے سب اعمال بے کار ہیں   اور وہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے

إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ

اللہ کی مسجدیں   وہی آباد کرتا ہے   جو اللہ پر   اور آخرت کے دن پر

الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ

ایمان لایا   اور نماز قائم کی   اور زکوٰۃ دی   اور اللہ کے سوا

إِلَّا اللَّهَ ۖ فَعَسَىٰ أُولَٰئِكَ أَن يَكُونُوا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿١٨﴾

کسی سے نہ ڈرا   سو وہ لوگ امیدوار ہیں   کہ ہدایت والوں میں سے ہوں

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ

کیا تم نے   حاجیوں کا پانی پلانا   اور مسجد حرام کا

**ربطِ آیات**

(۱۵) اللہ تعالیٰ مومنوں کے دل کا غصہ ٹھنڈا کرے گا۔ ان کافروں میں سے جن کو چاہے گا ایمان بخشے گا جیسا کہ ابوسفیان اور عکرمہ بن ابی جہل کو اسلام نصیب ہوا۔ (۱۶) ...



Downloaded From   https://bit.ly/QuranAziz24

الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ

آباد کرنا اس کے برابر کر دیا جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا

اللہ کی راہ میں لڑا اللہ کے ہاں برابر نہیں ہیں اور اللہ

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۹ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

ظالم لوگوں کو راستہ نہیں دکھاتا جو لوگ ایمان لائے اور

هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ

گھر چھوڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور

اَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

جانوں سے لڑے اللہ کے ہاں ان کے لئے بڑا درجہ ہے اور وہی لوگ

الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝۲۰ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ

مراد پانے والے ہیں انہیں ان کا رب اپنی طرف سے مہربانی اور

رِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝۲۱

رضا مندی اور باغوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں انہیں ہمیشہ کا آرام ہوگا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۲۲

ان میں ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ کے ہاں بڑا ثواب ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَاۗءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ

اے ایمان والو! اپنے باپوں اور بھائیوں سے دوستی نہ رکھو

اَوْلِيَاۗءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَي الْاِيْمَانِ ۭ وَ

اگر وہ ایمان پر کفر کو پسند کریں اور

مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۲۳

تم میں سے جو ان سے دوستی رکھے گا سو وہی لوگ ظالم ہیں

وقف لازم

### ربطِ آیات

(۱۹) مسلمان مسجد میں حج کر
ذکر و فکر کرنے اور ان کے آباد
رکھنے کو ترک جہاد کا عذر نہیں
بنا سکتے۔ (۲۰) ایمان و ہجرت
کے بعد جانی اور مالی جہاد کرنے
والوں کا درجہ بہت بلند ہے
(۲۱) ایسے لوگوں کو جنت کی خوشخبری
اور جنت کی بہار کبھی ختم نہ ہوگی
ہیں۔ (۲۲) ان نعمتوں سے
کبھی علیحدہ نہیں کئے جائیں گے
(۲۳) کوئی دنیاوی تعلق اور
کوئی نسلی و خونی رشتہ جہاد سے
مانع نہیں ہو سکتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَ
کہہ دے اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور

اَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اِقْتَرَفْتُمُوْهَا
بیویاں اور برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ
اور سوداگری جس کے بند ہونے سے تم ڈرتے ہو اور مکانات جنہیں پسند کرتے ہو

اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِىْ
تمہیں اللہ اور اُس کے رسول اور اُس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ

سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ
پیارے ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم بھیجے اور اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۲۴ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ
نافرمانوں کو راستہ نہیں دکھاتا اللہ بہت سے میدانوں میں

فِىْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ
تمہاری مدد کر چکا ہے اور حنین کے دن جب تم اپنی کثرت پر

كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ
خوش ہوئے پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور تم پر زمین باوجود

الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۲۵
اپنی فراخی کے تنگ ہو گئی پھر تم پیٹھ پھیر کر ہٹ گئے

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى
پھر اللہ نے اپنی طرف سے اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَ
تسکین نازل فرمائی اور وہ فوجیں اتاریں کہ جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور

ع ۳ / ۹

**ربط آیات**

(۲۴) اگر یہ تعلقات زیادہ عزیز ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کے عذاب کا انتظار کرو۔

(۲۵) قلت تعداد مانع جہاد نہیں ہو سکتی۔ فتح خدا تعالیٰ کے ارادہ سے ہوتی ہے خواہ فوج اسلامی تھوڑی ہی ہو۔ بلکہ بعض اوقات کثرت فوج کے گھمنڈ نے مسلمانوں کو نیچا دکھایا۔

[illegible]



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾

کافروں کو عذاب دیا اور کافروں کو یہی سزا ہے

ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

پھر اس کے بعد جسے اللہ چاہے توبہ نصیب کرے گا

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اے ایمان والو!

الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ

مشرک تو پلید ہیں سو اس برس کے بعد مسجد حرام کے نزدیک

عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ

نہ آنے پائیں اور اگر تم مفلسی سے ڈرتے ہو تو آئندہ

يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖۤ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ اگر چاہے تمہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا بے شک اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

جاننے والا حکمت والا ہے ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ

اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں لاتے اور نہ اسے حرام جانتے ہیں جسے اللہ اور اس کے

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ

رسول نے حرام کیا ہے اور سچا دین قبول نہیں کرتے ان لوگوں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ

میں سے جو اہل کتاب ہیں یہاں تک کہ ذلیل ہو کر اپنے

عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾ؒ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

ہاتھ سے جزیہ دیں اور یہود کہتے ہیں کہ

## ربطِ آیات

(۲۶) غزوہ حنین میں کثرت فوج کے گھمنڈ میں پہلے پسپائی ہوئی۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی دعا سے فتح ہوگئی۔ (۲۷) اللہ تعالیٰ جس کو چاہے کفار میں سے اسلام کی توفیق دے دے۔

(۲۸) مشرکوں کے ساتھ جہاد کرنے میں اگر بعض دنیاوی ضروریات کے متاثر ہونے کا خطرہ لاحق ہو تو یہ عذر بھی مانع جہاد نہیں ہو سکتا۔ اگر رزق مقصود دینی ہے تو اللہ تعالیٰ کسی دوسری جگہ سے پورا کر دے گا مثال یہ ہے کہ تجارتی خطرات بھی مانع جہاد نہیں ہو سکتے۔

(۲۹) پھر اہل کتاب سے بھی وقت سے لڑنا پڑے گا جو دین اسلام کو [illegible] جہاں تک کہ وہ لوگ اسلام کی حکومت کے سامنے سر نہ جھکا دیں۔

ع ۴ ۱۰

[illegible]



ALMARIFAT

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ

عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ

ہے یہ ان کے منہ کی باتیں ہیں وہ کافروں کی سی باتیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى

بنانے لگے ہیں جو ان سے پہلے گزرے ہیں اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کدھر

يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا

اُلٹے جا رہے ہیں انہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اللہ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا

خدا بنا لیا ہے اور مسیح مریم کے بیٹے کو بھی حالانکہ انہیں حکم یہی دیا گیا تھا

لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا

کہ ایک اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ان لوگوں کے

يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ

شریک مقرر کرنے سے پاک ہے چاہتے ہیں کہ اللہ کی روشنی کو اپنے منہوں سے بجھا دیں

وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾

اور اللہ اپنی روشنی کو پورا کئے بغیر نہیں رہنے کا اور اگرچہ کافر ناپسند ہی کریں

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

اسی نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا ہے

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ يٰٓاَيُّهَا

تاکہ اسے سب دینوں پر غالب کرے اور اگرچہ مشرک ناپسند کریں اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ

ایمان والو! بہت سے عالم اور فقیر

## ربط آیات

(۳۰) یہود اور نصاریٰ جو کہ انبیاء علیہم السلام سے قریب تر زمانے کے لوگ تھے جب یہ لوگ زیادہ تر شرک میں مبتلا ہو گئے ہیں تو دوسروں سے شرک کا زیادہ خطرہ ہے وہ لوگ تو دین حق کے اجارہ دار تھے اور ان سے بھی گمراہ ہو گئے ہیں وہ بجائے اس کے الٰہی احکام اور سنت انبیاء کو اختیار کرتے، مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ ہمارے لوگوں کو درست کریں۔ (۳۱) خدا تعالیٰ اور اس کے قانون اور اس کے انبیاء علیہم السلام کا اتباع چھوڑ کر علماء سو اور پیروں کے پیچھے لگ گئے ہیں اور ان کے لئے بھی مقامات قائم کرتے ہیں جو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص تھے۔ (۳۲) دین قرآن کا اپنا معجزہ ہے لیکن دین حق اسلام کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کی تکمیل کئے بغیر نہیں چھوڑے گا (۳۳) اللہ تعالیٰ ان مشرکانہ کے منشاء کے خلاف اسلام کو سارے دینوں پر غالب کرے گا اور یہ ان کا منشاء ہے۔



ALMARIFAT
342
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ
لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور اللہ کی

عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ
راہ سے روکتے ہیں اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں

وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۳۴﴾
اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے

يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ
جس دن وہ دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائے گا پھر اس سے ان کی پیشانیاں

وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ ۖ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ
اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی یہ وہی ہے جو تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا

فَذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ﴿۳۵﴾ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ
سو اس کا مزہ چکھو جو تم جمع کرتے تھے بے شک اللہ کے ہاں

عِندَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَوْمَ
مہینوں کی گنتی بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں جس دن سے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ
اللہ نے زمین و آسمان پیدا کئے ان میں سے چار عزت والے ہیں

ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ ۚ
یہی سیدھا دین ہے سو ان میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو

وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ
اور تم سب مشرکوں سے لڑو جیسے وہ سب تم سے لڑتے ہیں

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿۳۶﴾ إِنَّمَا النَّسِيءُ
اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے یہ مہینوں کا ہٹا دینا

### ربطِ آیات

(۳۴) اے مسلمانو! تم عالموں مشائخ اور بناوٹی صوفیوں سے بچتے رہو کہیں تم میں بھی وہ اوصاف پیدا نہ ہو جائیں۔

(۳۵) جو لوگ بخل کرتے ہوئے حق ادا نہیں کرتے ہیں اور اسے اللہ کے راستے میں صرف نہیں کرتے ان کو قیامت کے دن یہ سزا ملے گی لہٰذا جن لوگوں کے شوق اور حرص کے بھنور میں ہیں ان کو ہوش سے کام لینا چاہیے۔ وہاں اللہ کے باغی اور ناشکرے لوگوں کی سزا ہیں انہیں کہا جائے گا تم سے سلام آج تک ... اور قیامت تک زندہ رہے گا

(۳۶) مسلمانوں کو حکم ہو رہا ہے کہ دنیا سے (کفار کی) ... ہوگی فتح مکہ کی (نبی) صاحب ... (السلام) کے ہر سال میں چار ماہ آرام کے طے دیئے جائیں گے ان مہینوں میں مسلمان خود لڑائی نہیں چھیڑیں گے۔ ہاں مگر کفار حملہ کر دیں تو ان کو دفاع کی اجازت ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ

کفر میں اور ترقی ہے اس سے کافر گمراہی میں پڑتے ہیں اس مہینے کو ایک برس تو حلال

عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا لِيُوَاطِئُوا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ

کر لیتے ہیں اور دوسرے برس اسے حرام رکھتے ہیں تاکہ ان مہینوں کی گنتی پوری کر لیں جنہیں اللہ نے حرمت

اللَّهُ فَيُحِلُّوا مَا حَرَّمَ اللَّهُ ۚ زُيِّنَ لَهُمْ سُوءُ أَعْمَالِهِمْ ۗ

دی ہے پھر حلال کر لیتے ہیں جو اللہ نے حرام کیا ہے ان کے برے اعمال انہیں بھلے دکھائی دیتے ہیں

ع ۵ ۱۱ [illegible]

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿٣٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں کرتا اے ایمان

آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

والو! تمہیں کیا ہوا جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں کوچ کرو تو

اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُمْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا

زمین پر گرے جاتے ہو کیا تم آخرت کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی

مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ

پر خوش ہو گئے ہو دنیا کی زندگی کا فائدہ تو آخرت کے مقابلہ میں

إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ إِلَّا تَنْفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا

بہت ہی کم ہے اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کرے گا

وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ

اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کرے گا اور تم اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکو گے اور اللہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِلَّا تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ

ہر چیز پر قادر ہے اگر تم رسول کی مدد نہ کرو گے تو اس کی اللہ نے

اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ

مدد کی ہے جس وقت اسے کافروں نے نکالا تھا کہ وہ دو میں سے دوسرا تھا

## ربط آیات

(۳۷) کفار کی طرح مہینوں کا تقدم و تاخر کرنا حرام ہے۔ (۳۸) جب تمہیں جہاد کے لئے کہا جاتا ہے تو میدان جنگ میں جانے سے سستی کیوں کرتے ہو۔ (۳۹) اگر نہ نکلو گے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر الم ناک عذاب نازل ہوگا اور خدمت اسلام کے لئے اللہ تعالیٰ دوسروں کو منتخب فرما لے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ

جب وہ دونوں غار میں تھے جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا تو غم نہ کھا

إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا ۖ فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَ

بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر اللہ نے اپنی طرف سے اس پر تسکین اتاری اور

أَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا

اس کی مدد کی وہ فوجیں بھیجیں جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور کافروں کی بات کو

السُّفْلَىٰ ۗ وَكَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ

پست کر دیا اور بات تو اللہ ہی کی بلند ہے اور اللہ زبردست (اور)

حَكِيمٌ ﴿٤٠﴾ انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ

حکمت والا ہے تم نکلے ہو ہلکے یا بوجھل نکلو اور اپنے مالوں

وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ

اور جانوں سے اللہ کی راہ میں لڑو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا

سمجھتے ہو اگر مال نزدیک ہوتا اور سفر ہلکا ہوتا

لَاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَ

تو وہ ضرور تیرے ساتھ ہوتے لیکن انہیں مسافت لمبی نظر آئی اور

سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ

اب اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم تمہارے ساتھ ضرور چلتے

يُهْلِكُونَ أَنْفُسَهُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٤٢﴾ ع ۶ ۱۲

اپنی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں

عَفَا اللَّهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ

اللہ نے تمہیں معاف کر دیا تم نے انہیں کیوں رخصت دی یہاں تک کہ

## ربطِ آیات

(۴۰) اللہ تعالیٰ کی مدد کا ایک نمونہ دیکھ چکے ہو جب کہ غار ثور میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فقط ایک ہی آدمی (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تھا۔ اللہ تعالیٰ نے دشمنوں کے نرغے سے محفوظ کر دیا۔

(۴۱) لہٰذا اگر نصرتِ الٰہی کی سعادت چاہتے ہو تو جس وقت حکم ملے فوراً نکل پڑو۔ خواہ ساز و سامان کی بہتات یا نہ ہو۔ (۴۲) جو لوگ بلا عذر لاچاری کے بہانے کرتے ہیں۔ اور اعلانِ جہاد کے بعد گھر سے نکلنے میں گھبراتے ہیں۔ وہ اپنے نفسوں کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۷ ۔ شعور جہاد آپ
کو جہاد سے مستثنیٰ پانے والوں کا تعلق
۴۳ ۴۵
جہاد اقدام خود مستثنیٰ ہیں ۔
ماخذ ۱۰ آیات ۴۳ تا ۴۷
۴۳ تا ۴۷ آیات ۶

لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا

تیرے سامنے سچے ظاہر ہو جاتے اور تو جھوٹوں کو جان لیتا جو لوگ

يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہیں وہ تم سے رخصت نہیں

الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَ

مانگتے اس سے کہ اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کریں اور

اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے تم سے رخصت وہی مانگتے ہیں جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ

اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل

قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ

شک میں پڑے ہوئے ہیں سو وہ اپنے شک میں بھٹک رہے ہیں اور اگر

اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ

وہ نکلنا چاہتے تو اس کے لئے کوئی سامان ضرور تیار کرتے لیکن اللہ نے

اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ

ان کا اٹھنا پسند نہ کیا سو انہیں روک دیا اور حکم ہوا کہ بیٹھنے والوں کے

الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا

ساتھ بیٹھے رہو اگر وہ تم میں نکلتے تو سوائے فساد کے اور کچھ

خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ

نہ بڑھاتے اور تم میں فساد ڈلوانے کی تلاش سے دوڑے دوڑے پھرتے

وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

اور تم میں ان کے جاسوس بھی ہیں اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے

## ربطِ آیات

(جھوٹا عذر) مستثنیٰ ہونے کی تمنا
تفصیل یعنی جو ان میں سے وعدہ
کو آئیں گی ۔ (۴۳) آپ
(صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان
اجازت لینے والوں کو اجازت
کیوں دی امتحان میں پڑنے
کے بعد کھرے اور کھوٹے کا پتہ
تو لگ جاتا ۔ (۴۴) ایماندار
تو جہاد سے کبھی نہیں بچاتے
(۴۵) ہاں منافق مزاج حیلے
بہانے سے بچا چاہتے ہیں ۔
(۴۶) کوئی ناگہانی چیز ان
کو سفر جہاد سے مانع نہیں
بلکہ ان لوگوں نے جہاد کا
خیال کر کے کبھی تیاری کا ارادہ
ہی نہیں کیا اور ایسے بے
ماؤں کو خدا تعالیٰ بھی اس
تنگ سفر پر لے جانا نہیں
چاہتا ۔ (۴۷) اگر
وہ بالفرض نکلتے تو لشکر اسلام
میں کوئی فتنہ ہی ڈالتے ۔
ان سے خیر کی امید نہ رکھئے ۔
اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم)
کی جماعت میں بعض آدمی
ان باتوں سے متاثر ہونے
والے بھی ہیں ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّىٰ جَاءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ ﴿۴۸﴾

یہ پہلے بھی فساد کے طالب رہے ہیں اور بہت سی باتوں میں تمہارے لئے الٹ پھیر کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ حق آپہنچا اور اللہ کا حکم غالب ہوا اور وہ ناخوش ہی رہے

وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي ۚ أَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوا ۗ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿۴۹﴾

اور ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ مجھے تو اجازت ہی دیجئے اور فتنہ میں نہ ڈالئے خبردار! وہ فتنہ میں پڑ چکے ہیں اور بے شک دوزخ کافروں کو احاطہ کرنے والی ہے

إِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۖ وَإِنْ تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُوا قَدْ أَخَذْنَا أَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَهُمْ فَرِحُونَ ﴿۵۰﴾

اگر تمہیں آسائش حاصل ہوتی ہے تو انہیں بری لگتی ہے اور اگر کوئی مشکل پڑتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم نے تو اپنا کام پہلے ہی سنبھال لیا تھا اور خوشیاں مناتے لوٹ جاتے ہیں

قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿۵۱﴾

کہہ دو کہ ہم کو ہرگز نہ پہنچے گا مگر وہی جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر چاہئے کہ مومن بھروسہ کریں

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۖ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ أَنْ يُصِيبَكُمُ اللَّهُ بِعَذَابٍ مِنْ عِنْدِهِ أَوْ بِأَيْدِينَا ۖ فَتَرَبَّصُوا إِنَّا مَعَكُمْ

کہہ دو تم ہمارے حق میں دو بھلائیوں میں سے ایک کے منتظر ہو اور ہم تمہارے حق میں اس بات کے منتظر ہیں کہ اللہ اپنے ہاں سے تم پر کوئی عذاب نازل کرے یا ہمارے ہاتھوں سے تم بھی انتظار کرو ہم بھی

## ربط آیات

(۴۸) پہلے بھی کئی دفعہ انھوں نے فتنہ پردازی کی لیکن حق ہمیشہ غالب ہوا۔ (۴۹) منافقین کی پہلی جماعت تو جانے کے لئے تیار نہیں تھی۔ دوسری جماعت کا ذکر اس آیت میں ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں ہم اگر گئے تو وہاں کام نہیں کریں گے کیونکہ ہمیں کسی رومی عورت کے حسن پر مفتون ہو جانے کا خطرہ ہے۔ (۵۰) یہ لوگ مسلمانوں کی مصیبت پر خوش اور ان کی راحت پر مغموم ہوتے ہیں۔ (۵۱) انہیں کہہ دیجئے ہمارا اعتماد اللہ تعالیٰ پر ہے۔ ہمیں جو چیز پہنچے گی وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے پہنچے گی (اور اس میں ہمارے لئے کوئی نہ کوئی بہتری ہو گی)


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۵۲) اللہ تعالیٰ کی طرف سے
آئی ہوئی راحت رنج دونوں
ہمیں محبوب ہیں۔ اور ہم تو تمہیں
بات کے منتظر ہیں کہ تم پر غیب
عذاب نازل ہو گا یا ہمارے ہاتھوں
سے حکم دیا جائے کہ تمہیں
سزا دیں۔ (۵۳) چونکہ تم
میں قانون شکنی کے جذبات
موجود ہیں۔ اس لئے تمہارا جہاد
تمہارا چندہ قبول نہیں کیا
جائے گا۔ (۵۴) سفر جہاد
کے لئے جو حکم ہے اس
میں انہوں نے نافرمانی کی ہے
اس لئے چندہ بھی منظور نہیں
ہو گا۔ جہاد کی تیاری ایک
طرح پر نماز میں کرائی جاتی
ہے۔ پس میں دل ناخوش سے
شامل ہوتے ہیں اور اگر کوئی
چندہ خرچ بھی کرتے ہیں تو
کبیدہ خاطر ہو کر خرچ کرتے
ہیں۔ (۵۵) انہوں نے خدا
تعالیٰ کو راضی نہیں کیا۔ اللہ
تعالیٰ بھی ان کو دنیا میں چین
نہیں دے گا۔ ان کا مال اور
اولاد ایک طرح پر اللہ تعالیٰ
کا عذاب ہے۔ یہ چیزیں اللہ
والے کو موجب راحت نہیں ہوتیں
بلکہ باعث مصیبت بن گئیں
(۵۶) آنحضرت کی دوستی
کے کام نہیں آتے اور ویسے
جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں کہ ہم
پکے مسلمان ہیں۔ (۵۷) اگر ان
کو کوئی آڑ مل جائے تو اسلام کی
طرف نسبت کرنا بھی چھوڑ دیں

مُتَرَبِّصُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ أَنفِقُوا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا لَّن يُتَقَبَّلَ

تمہارے ساتھ انتظار کرتے ہیں کہہ دو کہ تم خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے ہرگز قبول

مِنكُمْ ۖ إِنَّكُمْ كُنتُمْ قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٥٣﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ أَن

نہیں کیا جائے گا بے شک تم نافرمان لوگ ہو اور ان کے خرچ کے

تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقَتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ

قبول ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں ہوئی سوائے اس کے کہ انہوں نے خدا اور اس کے رسول سے کفر کیا

وَلَا يَأْتُونَ الصَّلَاةَ إِلَّا وَهُمْ كُسَالَىٰ وَلَا يُنفِقُونَ

اور نماز میں سست ہو کر آتے ہیں اور ناخوش ہو کر

إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ ﴿٥٤﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا

خرچ کرتے ہیں سو تو اُن کے مال اور اولاد سے

أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الْحَيَاةِ

تعجب نہ کر اللہ یہی چاہتا ہے کہ ان چیزوں کی وجہ سے دنیا کی زندگی میں

الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿٥٥﴾ وَيَحْلِفُونَ

انہیں عذاب دے اور کفر کی حالت میں ان کی جانیں نکلیں اور اللہ کی قسمیں

بِاللَّهِ إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ وَمَا هُم مِّنكُمْ وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

کھاتے ہیں کہ وہ بے شک تم میں سے ہیں حالانکہ وہ تم میں سے نہیں لیکن وہ

يَفْرَقُونَ ﴿٥٦﴾ لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلًا

ڈرتے ہیں اگر وہ کوئی پناہ کی جگہ یا غار یا گھسنے کی جگہ پائیں

لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُونَ ﴿٥٧﴾ وَمِنْهُم مَّن يَلْمِزُكَ

تو دوڑتے ہوئے اُدھر جائیں اور بعضے ان میں سے وہ ہیں جو خیرات

فِي الصَّدَقَاتِ فَإِنْ أُعْطُوا مِنْهَا رَضُوا وَإِن لَّمْ

بانٹنے میں تجھے طعن دیتے ہیں سو اگر انہیں اس میں سے مل جائے تو راضی ہوتے ہیں اور اگر نہ ملے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُعْطَوْا مِنْهَآ إِذَا هُمْ يَسْخَطُونَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ أَنَّهُمْ

تو فوراً ناراض ہو جاتے ہیں اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اسی پر

رَضُوا مَآ ءَاتَىٰهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ

راضی ہو جاتے جو انہیں اللہ اور اس کے رسول نے دیا ہے اور کہتے ہیں ہمیں اللہ کافی ہے

سَيُؤْتِينَا اللَّهُ مِن فَضْلِهِۦ وَرَسُولُهُۥٓ إِنَّآ إِلَى اللَّهِ

وہ ہمیں اپنے فضل سے دے گا اور اس کا رسول ہم اللہ ہی کی طرف

رَٰغِبُونَ ﴿٥٩﴾ إِنَّمَا الصَّدَقَٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَٰكِينِ وَ

رغبت کرنے والے ہیں زکوٰۃ مفلسوں اور محتاجوں اور اس کا کام کرنے والوں کا حق ہے اور

الْعَٰمِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ

جن کی دلجوئی کرنی ہے اور غلاموں کی گردن چھوڑانے میں

وَالْغَٰرِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ

اور قرض داروں کے قرض میں اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کو

فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٦٠﴾ وَمِنْهُمُ

یہ اللہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور بعضے

الَّذِينَ يُؤْذُونَ النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ ۚ

ان میں سے پیغمبر کو ایذا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص نرا کان ہے

قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَيُؤْمِنُ

کہہ دے وہ کان تمہاری بھلائی کے واسطے ہے اللہ پر یقین رکھتا ہے اور مسلمانوں کی

لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ ءَامَنُوا مِنكُمْ ۚ وَ

بات کا یقین کرتا ہے اور تم میں سے ایمان والوں کے حق میں رحمت ہے اور

الَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦١﴾

جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں ان کے واسطے دردناک عذاب ہے

## ربط آیات

(۵۸) منافقین کی یہ تیسری قسم ہے کہ جن کو جہاد سے رضائے الٰہی مقصود نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلوب نہیں بلکہ روپیہ کمانا مقصود ہے اگر روپیہ تھوڑا ملے تو ناراض ہو جاتے ہیں (۵۹) اگر انہیں روپیہ مطلوب ہوتا تو چاہئے تھا اسی پر راضی رہتے

خلاصہ رکوع ۱۳ منافقین کی قسم ثالث ماخذ آیت ۵۸

ع ۱۳

اور کہتے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے جب ضرورت ہوگی پھر دے دے گا۔ (۶۰) آگے بیان ہے کہ منافقین نے تقسیم صدقات پر اعتراض کیا تھا۔ اب مصارف زکوٰۃ کا اعلان کیا جاتا ہے تاکہ ان منافقین کو پتہ لگ جائے کہ صدقات میں حضور سرور عالم کی اپنی کوئی ذاتی غرض نہیں ہے آپ تو اس سے ایک کوڑی لینے کے بھی روادار نہیں۔ (۶۱) منافقین کی یہ چوتھی قسم ہے۔ جو حضرت اسلام نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے متعلق بیہودہ باتیں کرتے تھے اور کہتے ہیں کہ آپ کان کے کچے ہیں۔ جو بات کوئی کہہ دے اسی کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اسی بدگمانی کے باعث یہ لوگ آپ کے ساتھ اشتراک عمل کر ہی نہیں سکتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
ALMARIFAT

الثلثة

يَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهٗۤ اَحَقُّ
تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہیں راضی کریں اور اللہ اور اس کے رسول کو راضی کرنا
اَنْ يُّرْضُوهُ اِنْ كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۶۲ اَلَمْ يَعْلَمُوٓا اَنَّهٗ
بہت ضروری ہے اگر وہ ایمان رکھتے ہیں کیا وہ نہیں جانتے کہ
مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا
جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے تو اُس کے واسطے دوزخ کی آگ ہے اس میں
فِيهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۶۳ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُونَ
ہمیشہ رہے گا یہ بڑی ذلت ہے منافق اس بات سے ڈرتے ہیں
اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِي قُلُوبِهِمْ ۭ
کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورۃ نازل ہو کہ انہیں بتا دے جو منافقوں کے دل میں ہے
قُلِ اسْتَهْزِءُوا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ ۶۴ وَ
کہہ دو ہنسی کئے جاؤ جس بات سے تم ڈرتے ہو اللہ اسے ضرور ظاہر کرے گا اور
لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۭ
اگر تم ان سے دریافت کرو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی بات چیت اور دل لگی کر رہے تھے
قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُولِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ۶۵
کہہ دو کیا اللہ سے اور اُس کی آیتوں سے اور اُس کے رسول سے تم ہنسی کرتے تھے
لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيمَانِكُمْ ۭ اِنْ نَّعْفُ
بہانے مت بناؤ ایمان لانے کے بعد تم کافر ہو گئے اگر ہم تم میں سے
عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوا
بعض کو معاف کردیں گے تو بعض کو عذاب بھی دیں گے کیونکہ وہ
مُجْرِمِينَ ۶۶ اَلْمُنٰفِقُونَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ
گناہ کرتے رہے ہیں منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے

### ربط آیات

(۶۲) جھوٹی قسمیں کھا کر مسلمانوں کو راضی کرنا چاہتے ہیں۔ اگر اتنا ہی شوق ہے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کیوں نہیں راضی کرتے (۶۳) کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ جل شانہٗ اور اس کے رسول کی مخالفت کی یہ سزا ہے (۶۴) یہ بے ایمان ہمیشہ ڈرتے رہتے ہیں کہ ہماری قلعی کھولنے والی کوئی آیت نہ آجائے۔ (۶۵) اگر ان منافقوں کو استہزاء پر ٹوکا جائے تو کہتے ہیں کہ ہم تو محض مذاق کر رہے تھے۔ ورنہ خدانخواستہ سچے دل سے اعتراض نہیں کر رہے تھے۔ ان سے کہہ دو کہ کیا مذاق کے لئے اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتیں اور اس کا رسول ہی تمہیں نظر آیا۔ (۶۶) تم بہانے کیوں بناتے ہو۔ تم تو دل سے اسلام کو خیرباد کہہ چکے ہو۔ بعض بے سمجھ لیکن نیک قابل معافی بھی ہوں لیکن شرارت کرنے والوں کو یقیناً سزا ملے گی۔

ع ۸ / ۱۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وقف لازم

ہم جنس ہیں بُرے کاموں کا حکم کرتے ہیں اور نیک کاموں سے منع کرتے ہیں

وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۗ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ

اور ہاتھ بند کئے رہتے ہیں وہ اللہ کو بھول گئے سو اللہ نے انہیں بھلا دیا بے شک منافق

هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ

وہی نافرمان ہیں اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں

وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَ

اور کافروں کو دوزخ کی آگ کا وعدہ دیا ہے پڑے رہیں گے اس میں وہی انہیں کافی ہے اور

لَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِينَ مِن

اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے جس طرح تم سے

قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا

پہلے لوگ تم سے طاقت میں زیادہ تھے اور مال اور اولاد میں بھی زیادہ تھے

فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُم بِخَلَاقِكُمْ كَمَا

پھر وہ اپنے حصہ سے فائدہ اٹھا گئے اور تم نے اپنے حصہ سے فائدہ اٹھایا جیسے

اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُم بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ

تم سے پہلے لوگ اپنے حصہ سے فائدہ اٹھا گئے اور تم بھی

كَالَّذِي خَاضُوا ۚ أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

انہیں کی سی چال چلتے ہو یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت

وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٦٩﴾ أَلَمْ يَأْتِهِمْ

میں ضائع ہو گئے اور وہی نقصان اٹھانے والے ہیں کیا انہیں ان لوگوں کی

نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ

خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے نوح کی قوم اور عاد اور ثمود

خلاصہ رکوع ۹ - (۱) منافقین کا نصب العین (۲) اور ان کی سزا - (۳) مومنین کا نصب العین اور ان کی جزا - ماخذ (۱) آیت ۶۷ - (۲) آیت ۶۸ (۳) آیت ۷۱ - (۴) آیت ۷۲ -

## ربطِ آیات

(۶۷) شرارت پھیلانا ان کا شیوہ ہے - (۶۸) منافقین اور کفار کی فتنہ انگیزی کی یہ سزا ہے - (۶۹) اے منافقین تم سے پہلے بڑی بڑی طاقت والے فتنہ انگیز پیدا ہوئے اور دنیا و آخرت کا خسارہ پاکر نامراد چلے گئے - تمہاری شرارت کا نتیجہ بھی یہی نکلے گا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَقَوْمِ إِبْرٰهِيمَ وَأَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۚ

اور ابراہیم کی قوم اور مدین والوں کی اور ان بستیوں کی خبر جو اُلٹ دی گئی تھیں

أَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۖ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

ان کے پاس ان کے رسول صاف احکام لے کر پہنچے سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٧٠﴾ وَالْمُؤْمِنُونَ وَ

لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے اور ایمان والے مرد اور

وقف لازم

الْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۘ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ

ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں نیکی کا حکم کرتے ہیں

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ

اور برائی سے روکتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَيُطِيعُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۚ أُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ

دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم

اللّٰهُ ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٧١﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِينَ

کرے گا بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے اللہ نے ایمان والے مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ

اور ایمان والی عورتوں کو باغوں کا وعدہ دیا ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی

خٰلِدِينَ فِيهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنّٰتِ عَدْنٍ ۚ

اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے اور عمدہ مکانوں اور ہمیشگی کے باغوں میں

٩ ع ١٥ وَرِضْوٰنٌ مِنَ اللّٰهِ أَكْبَرُ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٧٢﴾

اور اللہ کی رضا ان سب سے بڑی ہے یہی وہ بڑی کامیابی ہے

يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ جٰهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِينَ وَاغْلُظْ

اے نبی! کافروں اور منافقوں سے لڑائی کر اور ان پر

### ربطِ آیات

(۷۰) کیا تم نے ان تباہ ہونے والی قوموں کے قصے نہیں سُنے؟ جن کی تباہی کا باعث اُن کی بداعمالی تھی۔ (۷۱) منافق اور کافر آپس میں ہم مسلک ہیں۔ ان کے مقابلہ میں مؤمنین کی جماعت ہم مشرب ہے۔ جن کا مقصد اشاعتِ خیر ہے۔ (۷۲) اِن لوگوں کی نیک نیتی اور اعمالِ صالحہ کی برکت سے یہ نتائج نکلیں گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾

سختی کر | اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے | اور وہ بُری جگہ ہے

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ

اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ ہم نے نہیں کہا | اور بے شک انہوں نے | کفر کا کلمہ

الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

کہا ہے | اور مسلمان ہونے کے بعد کافر ہو گئے | اور انہوں نے قصد کیا تھا ایسی

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَ

چیز کا جو نہیں پا سکے | اور یہ سب کچھ اسی کا بدلہ تھا کہ انہیں اللہ نے اور اس کے رسول نے

رَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ

اپنے فضل سے دولت مند کر دیا ہے | سو اگر وہ توبہ کریں | تو ان کے لئے | بہتر ہے

وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي

اور اگر وہ منہ پھیر لیں | تو اللہ انہیں | دنیا اور آخرت میں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ

دردناک عذاب دے گا | اور انہیں روئے زمین پر کوئی دوست اور کوئی مددگار

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا

نہیں ملے گا | اور بعضے ان میں سے وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر

مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾

وہ ہمیں اپنے فضل سے دے تو ہم ضرور خیرات کیا کریں گے | اور نیکوں میں سے ہو جائیں

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

پھر جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا تو اس میں بخل کرنے لگے | اور منہ موڑ کر

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

پھر بیٹھے | تو نتیجہ یہ ہوا کہ اس دن تک کہ اللہ سے ملیں گے | اللہ نے

خلاصہ رکوع ۱۰ ۔ مؤمنین کو کفار اور منافقین سے جہاد و درشتی کا حکم اور منافقین کی قسم نماسی کا ذکر۔ ماسلف (۱) آیت ۔ (۲) آیت ۔

## ربطِ آیات

(۷۳) کفار سے جہاد کیجئے اور منافقین کو منہ نہ لگائیے بلکہ درشتی سے پیش آئیے۔

(۷۴) قسمیں کھا کر کہتے ہیں ہم نے تو کچھ نہیں کہا۔ کلمات کفر تو کہہ چکے ہیں اور مرتد بھی ہو گئے ہیں۔ جو کچھ انہوں نے چاہا تھا (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانا) اس میں کامیاب نہیں ہو سکے۔

(۷۵) بعض ان میں ناداری کی حالت میں یہ دعائیں مانگا کرتے تھے۔

(۷۶) جب اللہ تعالیٰ نے ان پر فضل کیا، تو وانستہ وعدوں کو توڑا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا

ان کے دلوں میں نفاق پیدا کر دیا اس لئے کہ انہوں نے جو اللہ سے وعدہ کیا تھا اسے پورا نہ کیا اور

كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿٧٧﴾ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ

اس لئے کہ جھوٹ بولا کرتے تھے ۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ اُن کا بھید اور ان کا

سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللَّهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿٧٨﴾ الَّذِينَ

مشورہ جانتا ہے اور یہ کہ اللہ غیب کی باتیں جاننے والا ہے وہ لوگ

يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ

جو ان مسلمانوں پر طعن کرتے ہیں جو دل کھول کر خیرات کرتے ہیں

وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُونَ

اور جو لوگ اپنی محنت کے سوا طاقت نہیں رکھتے پھر ان پر ٹھٹھا

مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللَّهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

کرتے ہیں اللہ ان سے ٹھٹھا کرتا ہے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے

اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

تو ان کے لئے بخشش مانگ یا نہ مانگ اگر تو ان کے لئے ستر دفعہ بھی

سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ

بخشش مانگے گا تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا یہ اس لئے

بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا

کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے کفر کیا اور اللہ

يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٨٠﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ

نافرمانوں کو راستہ نہیں دکھاتا جو لوگ پیچھے رہ گئے وہ

بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللَّهِ وَكَرِهُوا أَنْ يُجَاهِدُوا

رسول اللہ کی مرضی کے خلاف بیٹھ رہنے سے خوش ہوتے ہیں اور اس بات کو ناپسند کیا کہ

## ربطِ آیات

(٧٧) اس وعدہ خلافی اور جھوٹ بولنے کے باعث اللہ تعالیٰ نے اُن کو منافق بنا دیا۔ (٧٨) یہ لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے بھی دو وجہین ہو کر رہتے ہیں۔ کیا یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ ان کی ہر پوشیدہ حالت سے پوری طرح آگاہ ہے۔ (٧٩) خود تو نیکی کر نہیں سکتے اور دوسرے نیکی کرنے والے مسکینوں پر استہزا کرتے ہیں (٨٠) جو شخص یہ نالائق خود اپنی اصلاح کے لئے تیار نہیں۔ اس حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارش سے انہیں کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

خلاصہ رکوع ١١۔ تعیینِ تخلف۔ تحدید کے بعد ان کی حالت میں تغیر۔ ماخذ (١) آیت (٢) آیت ٨٣۔

١٠ ع ٨ ١٦



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَالُوا لَا

اور کہا اللہ کی راہ میں جہاد کریں اپنے مالوں اور جانوں سے

تَنفِرُوا فِي الْحَرِّ ۗ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۚ لَّوْ

کاش کہہ دو کہ دوزخ کی آگ کہیں زیادہ گرم ہے گرمی میں مت نکلو

كَانُوا يَفْقَهُونَ ﴿٨١﴾ فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا

زیادہ اور تھوڑا ہنسیں سو وہ سمجھ سکتے ہے

كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨٢﴾ فَإِن رَّجَعَكَ

تجھے اللہ سو اگر جو کرتے رہے ہیں ان اعمال کے بدلے روئیں

اللَّهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ

پھر تجھ سے نکلنے کی اجازت چاہیں ان میں سے کسی فرقہ کی طرف پھر لے جائے

فَقُل لَّن تَخْرُجُوا مَعِيَ أَبَدًا وَلَن تُقَاتِلُوا

اور میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے کہ تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلو گے تو کہہ دو

مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُم بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ

پسند آیا بیٹھنا تمہیں پہلی مرتبہ نہ لڑو گے

فَاقْعُدُوا مَعَ الْخَالِفِينَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ

جو مرجائے اور ان میں سے سو پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو

مِّنْهُم مَّاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَىٰ قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا

بے شک انہوں نے اور نہ اس کی قبر پر کھڑا ہو کسی پر کبھی نماز نہ پڑھ

بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا وَهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨٤﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ

اور ان کے مالوں اور نافرمانی کی حالت میں مر گئے اللہ اور اس کے رسول سے کفر کیا

أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُعَذِّبَهُم

اور اولاد سے تعجب نہ کر اللہ یہی چاہتا ہے کہ انہیں ان چیزوں کے باعث

## ربطِ آیات

(۸۱) نتیجہ تخلف نارِ جہنم ہے (۸۲) انہیں چاہئے کہ اپنی بداعمالی پر تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں۔ (۸۳) تخلف کے باعث نفاق کا حکم لگ گیا اور ان کی بدباطنی نمایاں ہوئی تو اب وہ اس داغ کو دھونا چاہتے ہیں ورنہ جہاد سے محبت نہیں ہے۔ لہٰذا انہیں جہاد میں شرکت کی اجازت نہیں دی جاتی۔ (۸۴) چونکہ یہ اسلام سے مرتد ہو چکے ہیں (چنانچہ یہ آیت بھی بتلا رہی ہے اور ماقبل میں بھی کفرتم بعد ایمانکم کا فقرہ بتلا رہا ہے) اس لئے ان کا جنازہ نہ پڑھا کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾

دُنیا میں عذاب دے اور اُن کی جانیں نکلیں ایسے حال میں کہ وہ کافر ہی ہوں

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ

اور جب کوئی سورۃ نازل ہوتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول کے ساتھ

رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا

ہو کر جہاد کرو تو ان میں سے دولتمند بھی تجھ سے رخصت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں چھوڑ دے

نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ

کہ بیٹھنے والوں کے ساتھ ہو جائیں وہ خوش ہیں کہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ

الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٧﴾

رہ جائیں اور ان کے دلوں پر مہر کر دی گئی ہے سو وہ نہیں سمجھتے

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا

لیکن رسول اور جو لوگ اُس کے ساتھ ایمان والے ہیں وہ اپنے مالوں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ز

اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں اور انہیں لوگوں کے لئے بھلائیاں ہیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٨﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور وہی نجات پانے والے ہیں اللہ نے ان کے لئے باغ تیار رکھے ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٨٩﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ

یہی بڑی کامیابی ہے اور بہانے کرنے والے

مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ

گنوار آئے تاکہ انہیں رخصت مل جائے اور بیٹھ رہے وہ جنہوں نے

## ربطِ آیات

(۸۵) آپ کو یہ تعجب نہ ہو کہ جب راندۂ درگاہِ الٰہی ہیں تو پھر مال اور اولاد کی نعمت کیوں عطا ہوئی - یہ رحمت نہیں ہے بلکہ یہ چیزیں ان کے حق میں زحمت ہیں (۸۶) ان کی بدبختی ملاحظہ ہو جب حکم دیا ہے کہ نکلو۔ یہ کہتے ہیں ہم جہاد پر نکلنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ (۸۷) ان کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے۔ یہ صحیح اور غلط راستہ میں تمیز نہیں کر سکتے۔ (۸۸) اللہ تعالیٰ کے دین کی حفاظت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنین ہی سر بکف ہو کر نکلتے ہیں۔ جزائے خیر بھی انہیں کا حصہ ہے۔ (۸۹) بہشت انہیں خدا پرستوں کی جزائے خیر ہے اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

خلاصہ رکوع ۱۲ ۔ تنبیہ تخلف پر ترتیب آثار ۔ ماخذ آیت ۹

۱۱ ع ۱۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ اور اُس کے رسُول سے جھوٹ بولا تھا جو ان میں سے کافر ہیں عنقریب

مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

انہیں دردناک عذاب پہنچے گا ضعیفوں پر اور مریضوں پر

وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا

اور اُن لوگوں پر جو نہیں پاتے جو خرچ کریں

يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى

کوئی گناہ نہیں ہے جب اللہ اور اُس کے رسُول کے ساتھ خیرخواہی کریں نیکوکاروں پر

الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّ

کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور

لَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ

ان لوگوں پر بھی کوئی گناہ نہیں کہ جب وُہ تیرے پاس آئیں کہ تو انہیں سواری دے تو تُو نے کہا میرے

اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ

پاس کوئی چیز نہیں کہ تمہیں اس پر سوار کردوں تو وُہ لوٹ گئے اور اس غم سے کہ ان کے پاس خرچ

الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ ؕ اِنَّمَا

موجود نہیں تھا ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے الزام

السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ

ان لوگوں پر ہے جو دولت مند ہیں اور تم سے اجازت طلب

اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَ

کرتے ہیں اِس بات سے وُہ خوش ہیں کہ پیچھے رہنے والیوں کے ساتھ رہ جائیں اور

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

اللہ نے ان کے دلوں پر مُہر کردی ہے پس وُہ نہیں سمجھتے

### رابطِ آیات

(۹۰) اُنہوں نے خیال کیا تھا کہ جہاد سے بھی بچ جائیں گے اور مسلمان بھی رہیں گے جب معلوم ہوا کہ ان کی قلعی کھل گئی ہے تو معذرت کرنے آئے ہیں (۹۱) ہاں جو واقعی معذور ہیں اُن پر کوئی الزام نہیں ہے بشرطیکہ وہ گھر بیٹھے ہوئے شرارت نہ کریں اور جہاں تک ممکن ہو خیرخواہی کرتے رہیں۔ (۹۲) ان لوگوں پر بھی کوئی الزام نہیں ہے۔ (۹۳) الزام فقط ان لوگوں پر ہے جو استطاعت رکھتے ہیں۔ صحیح وسالم ہیں اور پھر جانے سے بھی جی چراتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الجزء الحادی عشر ۱۱

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ

جب تم ان کی طرف واپس جاؤ گے تو تم سے عذر کریں گے کہہ دو

لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ

عذر مت کرو ہم تمہاری بات ہرگز نہیں مانیں گے تمہارے سب حالات اللہ ہمیں بتا چکا ہے

وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ

اور ابھی اللہ اور اس کا رسول تمہارے کام کو دیکھے گا پھر تم غائب اور حاضر کے جاننے والے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾

کی طرف لوٹائے جاؤ گے سو وہ تمہیں بتا دے گا جو تم کر رہے تھے

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا

جب تم ان کی طرف پھر جاؤ گے تو تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے

عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ؗ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

درگزر کرو سو تم ان سے درگزر کرو بے شک وہ پلید ہیں اور جو کام کرتے رہے

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا

ہیں ان کے بدلے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے وہ لوگ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے

عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى

تاکہ تم ان سے خوش ہو جاؤ اگر تم ان سے خوش بھی ہو جاؤ تو بھی اللہ نافرمانوں

عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا

سے خوش نہیں ہوتا گنوار کفر اور نفاق میں

وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى

بہت سخت ہیں اور اس قابل ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے ہیں ان سے

### ربطِ آیات

(۹۴) عذر لنگ بنا کر اپنے نفاق باطنی پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں (۹۵) قسمیں کھا کر اپنی بد باطنی کو چھپاتے ہیں تاکہ آپ ان کی گوشمالی کے درپے نہ ہوں ان کے لئے جہنم کی گوشمالی تیار کی گئی ہے (۹۶) اگر آپ ان کی قسموں پر اعتماد کر کے راضی بھی ہو جائیں۔ تو بھی اللہ تعالیٰ ہرگز راضی نہیں ہوگا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ
واقف نہ ہوں اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور بعض گنوار ایسے ہیں کہ جو کچھ
يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ
خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور تم پر زمانہ کی گردشوں کا انتظار کرتے ہیں
عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ
انہیں پر بری گردش آئے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے اور بعضے
الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ
گنوار ایسے ہیں کہ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں اور جو کچھ
مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ
خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کے نزدیک ہونے اور پیغمبر کی دعاؤں کا ذریعہ سمجھتے ہیں خبردار
اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ
بیشک وہ ان کے لئے نزدیکی کا سبب ہے عنقریب انہیں اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے گا بیشک
اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ ع وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ
اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور جو لوگ قدیم ہیں پہلے ہجرت
الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ
کرنے والوں اور مدد دینے والوں میں سے اور وہ لوگ جو نیکی میں ان کی پیروی کرنیوالے ہیں
رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ
اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے ان کے لئے ایسے باغ تیار رکھے ہیں
تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ
جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے یہ
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ
بڑی کامیابی ہے اور تمہارے گردونواح کے بعضے گنوار

## ربطِ آیات

(۹۷) یہ گنوار اللہ تعالیٰ کے احکام کو کس طرح سمجھیں اور گنوار پن ہی کے باعث ان میں کفر اور نفاق کے آثار پائے جاتے ہیں۔ (۹۸) انہی گنواروں میں ایسے بھی ہیں جو اسلام کی حمایت میں خرچ کرنا تاوان خیال کرتے ہیں اور مسلمانوں پر گردشِ ایام کے منتظر رہتے ہیں۔ (۹۹) اور ان دیہاتیوں میں بعض آدمی

ع ۱۲ ۱۰ ۱

**خلاصہ رکوع ۱۲**

اقسام منافقین (۱) ناقابلِ معافی۔ کیونکہ ان میں نفاق اعتقادی ہے اور ان کا نصیب جہنم اور فراق ہے (۲) قابلِ معافی ان میں نفاق عادی ہے اعتقادی نہیں

ماخذ (۱) آیت ۹۷ (۲) آیت ۱۰۲

سچے با ایمان بھی پائے جاتے ہیں (۱۰۰) مہاجرین اور انصار رضی اللہ عنہم کی مقبول جماعت ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى

منافق ہیں اور بعض مدینہ والے بھی نفاق پر

النِّفَاقِ ۟ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ

اڑے ہوئے ہیں تم انہیں نہیں جانتے ہم انہیں جانتے ہیں ہم انہیں دوہری سزا

مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ وَاٰخَرُوْنَ

دیں گے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے اور کچھ اور بھی ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ

کہ انہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا ہے انہوں نے اپنے نیک اور بد کاموں کو ملا دیا ہے

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾

قریب ہے کہ اللہ انہیں معاف کر دے بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

ان کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے کہ اس سے ان کے ظاہر کو پاک اور ان کے باطن کو

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

صاف کر دے اور انہیں دعا دے بے شک تیری دعا ان کے لئے تسکین ہے اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ

سننے والا جاننے والا ہے کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے

التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ

بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی

هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ

توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اور کہہ دے کہ کام کیے جاؤ پھر عنقریب اللہ اور

عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ

اس کا رسول اور مسلمان تمہارے کام کو دیکھ لیں گے اور عنقریب تم غائب اور حاضر کے جاننے والے

### ربط آیات

(۱۰۱) منافقین جو نا قابل معافی ہیں (۱۰۲) بعض مفسرین کی یہ رائے ہے کہ منافقین میں سے یہ وہ لوگ ہیں جو قابل معافی ہیں کیونکہ یہ دل سے اسلام کے دشمن نہیں ہیں جمہور مفسرین حضرات کی یہ رائے ہے کہ مسلمانوں کی جو جماعت غزوہ تبوک سے پیچھے رہی تھی ان کے حق میں یہ آیت اتری ہے۔ (۱۰۳) ان کا صدقہ بھی قبول فرمایئے اور ان کی نماز جنازہ بھی پڑھئے تاکہ ان کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے اور یہ لوگ پاک ہو جائیں (۱۰۴) ان لوگوں کی توبہ اللہ تعالٰی قبول فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ وَ
کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے تھے اور

آخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللَّهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوبُ
کچھ اور لوگ ہیں جن کا کام اللہ کے حکم پر موقوف ہے خواہ انہیں عذاب دے یا انہیں معاف

عَلَيْهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠٦﴾ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا
کر دے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور جنہوں نے نقصان پہنچانے

ضِرَارًا وَكُفْرًا وَتَفْرِيقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِمَنْ
اور کفر کرنے اور مسلمانوں میں تفریق ڈالنے کے لئے مسجد بنائی ہے اور واسطے گھات لگانے

حَارَبَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا
ان لوگوں کے جو اللہ اور اس کے رسول سے پہلے لڑ چکے ہیں اور البتہ قسمیں کھائیں گے کہ ہمارا مقصد

إِلَّا الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ
تو صرف بھلائی تھی اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ جھوٹے ہیں تو اس میں کبھی

فِيهِ أَبَدًا ۚ لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ
کھڑا نہ ہو البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے پرہیزگاری پر رکھی گئی ہے

أَحَقُّ أَنْ تَقُومَ فِيهِ ۚ فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَنْ يَتَطَهَّرُوا ۚ
وہ اس قابل ہے کہ تو اس میں کھڑا ہو اس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں

وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ﴿١٠٨﴾ أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ
اور اللہ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے بھلا جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ

تَقْوَىٰ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ
سے ڈرنے اور اس کی رضامندی پر رکھی ہو وہ بہتر ہے یا جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایک

عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللَّهُ
کھائی کے کنارے پر رکھی جو گرنے والی ہے پھر وہ اسے دوزخ کی آگ میں لے گری اور اللہ

## ربطِ آیات

(۱۰۵) ان سے فرما دیجئے کہ آئندہ اپنے اعمال میں اصلاح کرکے دکھاؤ تاکہ تم پر پورا اعتماد قائم ہو جائے (۱۰۶) مفسرین حضرات کا خیال ہے کہ غزوہ تبوک سے پیچھے رہنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے تین حصوں میں تقسیم کیا، اول منافق جو مردوا علی النفاق تھے ہیں، دوم توبہ کرنے والے جنہوں نے توبہ میں جلدی کی اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واپس تشریف لانے سے پہلے اپنے آپ کو ستونوں کے ساتھ باندھ رکھا تھا، اس گروہ میں ابو لبابہ، اوس بن خذام، ثعلبہ بن ودیعہ تھے ان کی توبہ قبول ہوئی حضور نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کو کھول دیا۔ تیسرے گروہ میں کعب بن مالک، مرارہ بن الربیع، اور ہلال بن امیہ تھے، ان کا معاملہ پچاس دن تک ملتوی رہا، آخر ان کی توبہ بھی منظور ہوئی، یہ آیت اس تیسری قسم کے حق میں نازل ہوئی پچھلی دو قسمیں اگرچہ مخلص مسلمانوں کی ہیں لیکن تخلف کے فعل کی وجہ سے ان میں تشابہ بالمنافقین پیدا ہو گیا۔ کیونکہ جہاد سے جی چرا کر بیٹھ جانا اہل منافقین کا شیوہ ہے اس لئے یہ بیچارے معتوب ہو گئے (۱۰۷) نفاق اعتقادی والے منافقین کے یہ کارنامے ہیں کہ حق کے مقابلہ میں ایک باطل کا مرکز بنانا چاہتے ہیں (۱۰۸) آپ کو اس مرکز شر و فتنہ میں تشریف لے جانے سے روک دیا گیا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ

ظالموں کو راہ نہیں دکھاتا جو عمارت انہوں نے بنائی ہے

بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی مگر جب ان کے دل کے ٹکڑے ہو جائیں اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

جاننے والا حکمت والا ہے بے شک اللہ نے مسلمانوں سے ان کی جان اور

اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ

ان کا مال اس قیمت پر خرید لئے ہیں کہ ان کے لئے جنت ہے اللہ کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ قف وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

لڑتے ہیں پھر قتل کرتے ہیں اور قتل کئے بھی جاتے ہیں یہ توریت اور انجیل

فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

اور قرآن میں سچا وعدہ ہے جس کا پورا کرنا اسے ضروری ہے اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا

مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَ

کرنے والا کون ہے سو جو سودا تم نے اس سے کیا ہے اس سے خوش رہو اور

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ

یہ بڑی کامیابی ہے توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے

الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ

شکر کرنے والے روزہ رکھنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے

الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

اچھے کاموں کا حکم کرنے والے بری باتوں سے روکنے والے اللہ

الْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ

کی حدوں کی حفاظت کرنے والے اور ایسے مومنوں کو خوش خبری سنا دے پیغمبر اور

۱۳ ع ۱۱ ۲

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۱۴، مخلص مومنین کا مسلک اور قابل تقلید حضرات کا مخلصین سے الحاق، منافقین کے بعد اب مخلصین کا مسلک واضح کیا جاتا ہے۔ (خلاصہ آیت ۱۱۱، ۱۱۲) (۲) آیت ۱۱۸۔

(۱۰۹) مسجد نبوی کی بنا تقویٰ اور اللہ تعالیٰ کی رضا طلبی پر ہے اور منافقین کی مسجد کی بنا خباثت پر رکھی گئی ہے۔

(۱۱۰) اللہ تعالیٰ کے حکم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسجد کو گرا دیا، یہ ان کے دلوں میں ہمیشہ نفاق پیدا کرتا رہے گا۔ اور ان کے دلوں سے شک کا ناسور کبھی نہیں جائے گا۔

(۱۱۱) مخلصین نے ایک سودا خدا تعالیٰ سے کیا ہے اور اس کو نباہ رہے ہیں۔

(۱۱۲) ان خوبیوں سے متصف ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ
مسلمانوں کو یہ بات مناسب نہیں کہ مشرکوں کے لئے بخشش کی دعا کریں اگرچہ وہ
كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ
رشتہ داری ہوں جب کہ ان پر یہ ظاہر ہوگیا ہے کہ وہ دوزخی
الْجَحِيمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ
ہیں اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لئے بخشش کی دعا کرنا ایک وعدہ
مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلَّهِ تَبَرَّأَ
کے سبب سے تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے پھر جب انہیں معلوم ہوا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے
مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا كَانَ اللَّهُ
بیزار ہوگئے بے شک ابراہیم بڑے نرم دل تحمل والے تھے اور اللہ ایسا نہیں کہ
لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتَّىٰ يُبَيِّنَ لَهُمْ مَا يَتَّقُونَ ۚ
کسی قوم کو صحیح راستہ بتلانے کے بعد گمراہ کردے جب تک ان پر واضح نہ کردے وہ چیز جس سے انہیں بچنا چاہئے
إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿۱۱۵﴾ إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین میں اللہ ہی کی
وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ
سلطنت ہے وہی جلاتا اور مارتا ہے اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی
وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ
دوست اور مددگار نہیں اللہ نے نبی کے حال پر رحمت سے توجہ فرمائی اور مہاجرین
وَالْأَنْصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ
اور انصار کے حال پر بھی جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں نبی کا ساتھ دیا بعد اس کے
مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ
کہ ان میں سے بعض کے دل پھر جانے کے قریب تھے پھر اپنی رحمت سے ان پر توجہ فرمائی بے شک وہ

## ربطِ آیات

(۱۱۳) مذکورۃ الصدر مسلک کے دشمنوں کے واسطے مخلصین کو دعا کی اجازت نہیں ہے۔ (۱۱۴) حضرت ابراہیم نے اپنے والد سے وعدہ فرمایا تھا۔ اس لئے دعا فرمائی۔ لیکن جب انہیں یقین ہوگیا کہ یہ حق جل و علی شانہ کا پکا دشمن ہے۔ تو دعا کرنا چھوڑ دی تھی۔ (۱۱۵) جن مسلمانوں نے مشرکین کے لئے دعا اس سے پہلے کی ہو ان پر فردِ جرم نہیں لگے گا۔ کیونکہ انہیں اس ممانعت کا علم نہیں تھا اور اللہ تعالیٰ کی یہ عادت ہے کہ اطلاع دئے بغیر کسی پر فردِ جرم نہیں لگاتا۔ (۱۱۶) اللہ تعالیٰ تو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے اس لئے اس کے حکم کی تعمیل کو فرض اہم سمجھا جائے۔ اور اگر خدائے تعالیٰ ناراض ہو تو پھر کوئی مددگار نہیں مل سکے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ
ان پر شفقت کرنے والا مہربان ہے اور ان تینوں پر بھی جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا یہاں تک
إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ
کہ جب ان پر زمین باوجود کشادہ ہونے کے تنگ ہو گئی اور ان کی جانیں
عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ إِلَّا إِلَيْهِ
بھی ان پر تنگ ہو گئیں اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں سوا اسی کی طرف آنے کے
ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾ ع
پھر اپنی رحمت سے ان پر متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿١١٩﴾
اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور سچوں کے ساتھ رہو
مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ
مدینہ والوں اور ان کے آس پاس دیہات کے رہنے والوں کو یہ مناسب نہیں تھا
أَن يَتَخَلَّفُوا عَن رَّسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنفُسِهِمْ
کہ اللہ کے رسول سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو اس کی جان سے
عَن نَّفْسِهِ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ
زیادہ عزیز سمجھیں یہ اس لئے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو تکلیف پہنچتی ہے پیاس کی
وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا
یا ماندگی کی یا بھوک کی یا وہ ایسی جگہ چلتے ہیں جو کافروں کے غصہ کو
يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ
بھڑکائے اور یا کافروں سے کوئی چیز چھین لیتے ہیں ہر بات پر
لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ
ان کے لئے عمل صالح لکھا جاتا ہے بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر

ع ۱۴ / ۲

## ربط آیات

(۱۱۷) سرفروش جماعت کو اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت نصیب ہوئی (۱۱۸) اور ان تین حضرات کو بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت نے ڈھانپ لیا جو واقعہ میں مخلص تھے البتہ ان سے اتفاقاً ایک غلطی ہو گئی تھی۔ (۱۱۹) اے مسلمانو! تمہیں ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے اور ہر وقت حق پرستوں کا ساتھ دینا چاہئے غزوہ تبوک میں بعض لوگوں سے جو غلطی سرزد ہوئی تھی یعنی انہوں نے حق پرست جماعت کا ساتھ نہیں دیا تھا وہ غلطی آئندہ نہ ہونے پائے

خلاصہ رکوع ۱۵
اللہ از تخلف کسے منافقت تعلیم
مانند آیت ۱۲۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمُحْسِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً
ضائع نہیں کرتا ۔ اور جو وہ تھوڑا یا بہت خرچ کرتے ہیں

وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ
کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ ان کے لئے لکھ لیا جاتا ہے تاکہ اللہ انہیں ان کے

أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ
اعمال کا بہت اچھا بدلہ دے ۔ اور ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ مسلمان

لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ
سب کے سب کوچ کریں ۔ سو کیوں نہ نکلا ہر فرقے میں سے ایک

طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ
حصہ تاکہ دین میں سمجھ پیدا کریں اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آئیں

إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿١٢٢﴾ يَا أَيُّهَا
تو ان کو ڈرائیں تاکہ وہ بچتے رہیں ۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ
ایمان والو اپنے نزدیک کے کافروں سے لڑو

وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ
اور چاہیے کہ وہ تم میں سختی پائیں اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں

الْمُتَّقِينَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن
کے ساتھ ہے ۔ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے

يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ
بعض کہتے ہیں کہ اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان کو بڑھایا ہے ۔ سو جو لوگ

آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿١٢٤﴾
ایمان والے ہیں اس سورت نے ان کے ایمان کو بڑھایا ہے اور وہ خوش ہوتے ہیں

## ربطِ آیات

(۱۲۰) اہل مدینہ اور جو اس کے قریب جوار کے رہنے والوں کو یہ حق نہیں تھا کہ حضور سرورِ کائنات روحی فداہ امی ابی میدانِ جنگ میں تشریف لے جائیں اور یہ لوگ بیٹھے رہیں کیونکہ اس راستہ میں جو مصیبت بھی آئے وہ عمل صالح میں شمار ہوتی ہے کہ انسان کو اجر کا مستحق ٹھیراتی ہے (۱۲۱) اس راہ میں خرچ کرنے والوں کو کوڑی کوڑی کا اجر ملے گا (۱۲۲) جذبہ جہاد پیدا کرنے کے لئے پہلے تعلیم الٰہی کے عام کرنے کی ضرورت ہے اس تعلیم کے لئے پہلے ہر جماعت میں سے چند آدمی نکل کر جائیں وہ تعلیم پا کر آئیں اور پھر اپنی قوم کے بچے بچے کو ذہن نشین کرائیں تاکہ اعلانِ جہاد کے وقت مسلمان بخوشی میدانِ جہاد میں آ جائیں

۱۵ ع ۴

خلاصہ رکوع ۱۶
طریق جنگ کی تعلیم منافقت آیت ۱۲۴

(۱۲۳) ۔ نوٹ: پہلے اعلانِ جنگ کیا گیا اس کے بعد میدانِ جنگ میں پہنچنے کا قانون بتلایا گیا اور مخلفین کو جہنم رسید ہونے کا اعلان سنایا گیا اب بتلایا جاتا ہے کہ مرکز ایک ہے اور دائرہ جنگ وسیع ہوتا جائے تاکہ ترتیب وار قریب الاقرب کو صاف کیا جائے (۱۲۳) اے مسلمانو! پہلے اپنے قریب والوں سے لڑو اس طرح لڑنے میں بھی آسانی ہوگی اور طاقت اسلامی بھی مجتمع رہے گی مرکز کے ساتھ مجاہدین کا تعلق بلا روک ٹوک رہے گا اور مرکز سے ہر قسم کی مدد بآسانی پہنچ سکے گی۔ (۱۲۴) منافقین جو کسی حکم الٰہی کی تعمیل کے لئے تیار نہیں ہوتے حکم الٰہی نازل ہونے سے ان کی قوتِ ارادی میں کوئی طاقت اور ہمت پیدا نہیں ہوتی اور وہ حکم مومنین میں ایک نئی زندگی کی روح پھونک دیتا ہے ان کی قوتِ ایمانی میں ایک طاقت پیدا ہو جاتی ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ
اور جن کے دلوں میں مرض ہے سو ان کے حق میں
رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿١٢٥﴾ أَوَ
نجاست پر نجاست بڑھادی اور وہ مرتے دم تک کافر ہی رہے کیا وہ
لَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ
نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال میں ایک دفعہ یا
مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾
دو دفعہ آزمائے جاتے ہیں پھر بھی توبہ نہیں کرتے اور نہ نصیحت حاصل کرتے ہیں
وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ
اور جب کوئی صورت نازل ہوتی ہے تو ان میں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے
بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُوا ۚ
لگتا ہے کہ کیا تمہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے پھر چل نکلتے ہیں
صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾
اللہ نے ان کے دل پھیر دئے ہیں اس لئے کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے
لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ
البتہ تحقیق تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آیا ہے اسے تمہاری تکلیف
مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ
گراں معلوم ہوتی ہے تمہاری بھلائی پر وہ حریص ہے مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والا
رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ
مہربان ہے پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں تو کہہ دو مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا
إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾ ع
اور کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے

## ربط آیات

(۱۲۵) منافقین اور زیادہ غیظ وغضب میں پیچ وتاب کھاتے ہیں کہ مسلمانوں میں نئی زندگی کی روح پھونکی ہماری سازشوں کا پختہ سدباب ہو گیا اور اسلام سے دشمنی کرنے اور اس کے مٹانے کی امیدوں پر پانی پھر گیا (۱۲۶) ہر سال ایک یا دو دفعہ ان کے نفاق کی قلعی کھل ہی جاتی ہے لیکن پھر بھی یہ اپنی دشمنی سے باز نہیں آتے اور ان پر کچھ اثر نہیں ہوتا (۱۲۷) جب کبھی ایسی سورت نازل ہوتی جس میں منافقین کے عیوب ونقائص بیان ہوں تو شرمندہ ہو کر ایک دوسرے کو دیکھنے لگتے ہیں پھر یہ کہتے ہوئے نظر بچا کر چل دیتے ہیں کہ کہیں تمہیں کوئی دیکھتا تو نہیں (۱۲۸) اے انسانو! (خطاب عام ہے خواہ مسلمان ہو یا کافر ومنافقین) تم سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم سے کیوں جی چراتے ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد ہے کہ تم پر رحمت اور برکت نازل ہو تمہاری تکلیف سے ان کو صدمہ ہوتا ہے وہ تو فقط تمہاری بھلائی پر حریص ہیں اگر تم ان کا کہا مانو تو اپنا بھلا کرو گے (۱۲۹) مگر اتنے صاف اعلان کے بعد بھی لوگ مخالفت سے باز نہ آئیں تو نہیں کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ میرا حامی مددگار کافی ہے میرا اسی پر بھروسہ ہے پھر دیکھ لینا کہ
کون کامیاب ہوتا ہے اور ۱۶ ع ۵
وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## سُورَةُ يُونُسَ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ١٠٩ (١٠) سُورَةُ يُونُسَ مَكِّيَّةٌ (٥١) رکوعاتہا ١١

آیتیں ١٠٩ — سورۂ یونس مکہ میں نازل ہوئی — رکوع ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا

یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں — کیا اس بات سے لوگوں کو تعجب ہوا

اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَ

کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیج دی کہ سب آدمیوں کو ڈرائے اور

بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

جو ایمان لائیں انہیں یہ خوش خبری سنائے کہ انہیں اپنے رب کے ہاں پہنچ کر پورا

رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾

مرتبہ ملے گا — کافر کہتے ہیں کہ یہ شخص صریح جادوگر ہے

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ

چھ دن میں بنائے پھر عرش پر قائم ہوا وہی ہر کام کا

الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ ذٰلِكُمُ

انتظام کرتا ہے اس کی اجازت کے سوا کوئی سفارش کرنے والا نہیں ہے یہی

اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ اِلَيْهِ

اللہ تمہارا پروردگار ہے سو اسی کی عبادت کرو کیا تم پھر بھی نہیں سمجھتے تم سب کو

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا

اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے وہی پہلی مرتبہ پیدا

### سُورۂ یُونس

تمہید:-

(ابتدائے قرآن حکیم سے لے کر سورۂ اعراف تک تمام اقوام عالم کو دعوت حقہ پہنچ چکی ہے اس کے بعد قانون جنگ (سورۂ انفال) اور اعلان جنگ (سورۂ توبہ) بھی ہو چکا حاصل یہ ہے کہ اسلام کو جلب نفع اور دفع ضرر دونوں طریقوں کی ضرورت تھی وہ دونوں تبلا دیئے گئے۔

(مکی اور مدنی تعلیم میں فرق) مکی سورتوں میں توحید رسالت اور معاد پر زیادہ تر بحث ہوتی اور کہیں کہیں صداقت قرآن حکیم کے مضامین بھی ہوتے ہیں۔ مدنی تعلیم میں احکام کی تفصیل بتلائی گئی ہے گویا مکہ معظمہ میں اسلام کی بنیاد قائم کی گئی اور مدینہ منورہ میں تعمیر مکمل ہوئی۔

(سورۂ توبہ کے بعد کا طرز تعلیم) سورۂ توبہ کے بعد قرآن حکیم کی جتنی سورتیں ہیں ان سب میں عموماً ایک ایک مضمون پر بحث کی گئی ہے جیسی سورتوں میں عام طریق و انداز یہ ہے کہ جس مضمون سے سورۃ متعلق ہوگی اس کا ایک دعویٰ تحریر کیا جائے گا۔ آخر میں نتیجہ بیان ہوگا۔ اور درمیان میں دعویٰ کے متعلقہ شواہد بیان کیے جائیں گے۔ شواہد تے ماقبل و مابعد کی آیات اسی مضمون کو سامنے رکھنے سے صاف مربوط نظر آتی ہیں بات الفرقی النحوین غرض موضوع سورۂ یونس دعوت الی القرآن ہے۔ جیسے تلک آیت الکتاب الحکیم

المنزل الثالث ٣ — (رفعت الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)



(سورۂ یونس کی سب سے پہلی آیت نتیجہ واتبع ما یوحیٰ الیک آلایہ (سورۂ یونس کی سب سے آخری آیت (قصص اعادہ ١) اکان للناس عجبا (٢) ان الذین لا یرجون لقاءنا (٣) ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات (٤) جاءتہم رسلہم بالبینت (٥) واذا تتلی علیہم آیاتنا (٦) قل ہل من شرکائکم (٧) وما کان ہذا القرآن ان یفتری الآیہ (٨) ام یقولون افتراہ الآیہ۔ نے شاہد وہ چیز ہے جس میں کسی حیثیت سے موضوع کا ذکر آجائے۔

Downloaded from ..... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے

الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ شَرَابٌ
انہیں انصاف کے ساتھ بدلہ دے اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے واسطے کھولتا ہوا

مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٤﴾
پانی پینے کو ہوگا اور ان کے کفر کے سبب سے دردناک عذاب ہوگا

هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُورًا وَ
وہی ہے جس نے سورج کو روشن بنایا اور چاند کو منور فرمایا اور

قَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ
چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرسکو

مَا خَلَقَ اللَّهُ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ
یہ سب کچھ اللہ نے تدبیر سے پیدا کیا ہے وہ اپنی آیتیں سمجھداروں کے لئے کھول

يَعْلَمُونَ ﴿٥﴾ إِنَّ فِي اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا
کھول کر بیان فرماتا ہے رات اور دن کے آنے جانے میں اور جو

خَلَقَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ
چیزیں اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کی ہیں ان میں ان لوگوں کے لئے

يَتَّقُونَ ﴿٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا وَرَضُوا
نشانیاں ہیں جو ڈرتے ہیں البتہ جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی

بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ
پر خوش ہوگئے اور اسی پر مطمئن ہوگئے اور جو لوگ ہماری

آيَاتِنَا غَافِلُونَ ﴿٧﴾ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا
نشانیوں سے غافل ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے بسبب اس کے جو

منزل ٣

(١) اَمْ هُم مِّن رَّيْبٍ ... (١٠) يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ (١١) وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُوا مِنْهُ مِن قُرْآنٍ (١٢) الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ (١٣) وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ (١٤) ... كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا (١٥) ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِ رُسُلًا ... (١٦) فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ (١٨) وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ (١٩) ... (٢٠) قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ ... ان سے ہیں اس کی تفصیل سورۃ الحمد کے آغاز میں بھی ہوچکی ہے ربط آیات صفحہ (٢٣٠)

خلاصہ رکوع ١ - جب نے ... حکیم دی اور احسان کیا کہ انہی کے ہم جنس انسان کی معرفت پیغام دیا ... سمجھایا ... اٹھائیں ... اس کی تاثیر کو جادو کہہ کر ... اعراض کرتے ہیں ...

(١) حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں جو ان پر عمل کرے گا حکیم بن جائے گا۔ اس کا ہر قول زمین حکمت پر مبنی ہوگا۔ (٢) معاندین حق اس پر تعجب ہیں کہ ان آیات کا حامل اور ناشر انسان کیوں بنایا گیا۔ (جبکہ کوئی فرشتہ ہونا چاہئے تھا) چونکہ یہ انسان ہے اس لئے وہ کہتے ہیں کہ یہ آیات منزل من اللہ نہیں ہیں بلکہ کوئی جادو ہے جو اس قدر زوردار ہے کہ انسان سنتے ہی اس کا مطیع بن جاتا ہے (٣) نہ یہ جادو ہے اور نہ پہنچانے والا جادوگر ہے بلکہ آسمان و زمین کے خالق اور تمہارے پالنے والے کی طرف سے یہ احکام نازل ہوتے ہیں کیونکہ بحیثیت خالق اور مربی ہونے کے اس کا حکم برحق ہے اور یہ کتاب ...

(٤) قرآن ... اسی کی عبودیت سکھانے کے لئے نازل کی گئی ہے (٥) دنیا سے رخصت ہو کر اسی کے ہاں لوٹ کر جانا ہے اگر بندگی کا حق ادا نہ کیا تو وہاں کیا جواب دو گے نافرمانوں کے لئے تو سخت عذاب ہوگا۔ (٥) جس طرح سورج اور چاند اس نے بنائے تاکہ تم ان کی روشنی سے فائدہ اٹھاؤ اور کاروبار چلا سکو اسی طرح سمجھو کہ اس نے انبیاء علیہم السلام اور دوسرے مقربین الٰہی ...



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

جیسے کہ تمام روحانی تعریبات ہیں ان کی روشنی سے کام لو انتظر عدد السنین والحساب۔ اور جس طرح سورج اور چاند میں سے سالوں کی گنتی معلوم ہوتی ہے اسی طرح انبیاء علیہم السلام کی آمد کے بعد مراتب روحانیت اور قرب الٰہی کے مدارج کا پتہ



يَكْسِبُونَ ﴿٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

کرتے تھے — بے شک جو لوگ ایمان لائے — اور — انہوں نے نیک کام کئے

يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ ۖ تَجْرِي مِنْ

انہیں ان کا رب ان کے ایمان کے سبب ہدایت کرے گا — ان کے نیچے

تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٩﴾ دَعْوَاهُمْ

نعمت کے باغوں میں نہریں بہتی ہوں گی — اس جگہ ان کی دعا یہ ہوگی کہ

فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۚ وَ

اے اللہ تیری ذات پاک ہے — اور وہاں ان کا باہمی تحفہ سلام ہوگا — اور

آخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠﴾ ع

ان کی دعا کا خاتمہ اس پر ہوگا کہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا پالنے والا ہے

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللَّهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ

اور اگر اللہ لوگوں کو — برائی جلد پہنچا دے جس طرح وہ بھلائی جلدی مانگتے ہیں

لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ ۖ فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ

تو ان کی عمر ختم کر دی جائے — سو ہم چھوڑے رکھتے ہیں ان لوگوں کو جنہیں

لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١١﴾ وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ

ہماری ملاقات کی امید نہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں — اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی

الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا ۚ فَلَمَّا

ہے تو لیٹے اور بیٹھے اور کھڑے ہونے کی حالت میں ہمیں پکارتا ہے — پھر جب

كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَنْ لَمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ

ہم اس سے اس تکلیف کو دور کر دیتے ہیں تو اس طرح گزر جاتا ہے گویا کہ ہمیں کسی تکلیف پہنچنے پر

مَسَّهُ ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢﴾

پکارا ہی نہیں تھا — اسی طرح بیباکوں کو پسند آیا ہے — جو کچھ وہ کر رہے ہیں

چلتا ہے البتہ ان باتوں کو سمجھدار ہی سمجھ سکتے ہیں (۶) جس طرح رات کے بعد دن آتا ہے اور دن کے بعد رات آتی ہے اسی طرح روحانی لیل و نہار بھی ہے ایک وقت آتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں اور آفتاب روحانی غروب ہو جاتا ہے پھر ایک وقت آتا ہے کہ انسانوں کی رہنمائی کے لئے آفتاب نبوت طلوع ہوتا ہے (ربط آیات صفحہ ہذا) (۷-۸) جو لوگ دنیا کو دیکھ رہے ہیں روحانی آفتاب نبوت سے فائدہ نہیں اٹھاتے اور نہ خدائے

ع ۲

**خلاصہ رکوع ۲**

بیشتر لوگ الٰہی کی توحید سے تو انکار کرتے ہیں اور جب مصیبت آتی ہے تو اسی کے دروازے پر آ کر ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ مصیبت ٹل جاتی ہے تو پھر نافرمان ہو جاتے ہیں۔

ماخذ آیت ۱۲

قدوس وحدہ لاشریک کے روبرو حاضر ہونے کے قائل نہیں ہیں ان کا ٹھکانا دوزخ ہے (۹) جو لوگ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے قائل ہیں اور اس کی تیاری میں مصروف ہیں (۱۰) ان کے لئے بہشت موجود ہے۔ وہ وہاں اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس کریں گے اور خدا تعالیٰ کا شکر بجا لائیں گے جس نے انہیں اس مقام مقدس تک پہنچنے کی راہ دکھائی (۱۱) جس طرح ہر لوگ بھلائی کے خواہاں ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے فیصلہ ہو کر جلدی نصیب ہو۔ اگر بد اعمال کے باعث اس بارگاہ سے ان کو برائی بھی فوراً مل جائے تو یہ زندہ نہ رہ سکیں۔ لیکن ہم نے ان کو مہلت دے رکھی ہے کہ اپنی سرکشی اور نافرمانی میں چند روز زندگی بسر کر لیں (۱۲) ویسے تو ہمارا کہا نہیں مانتے۔ البتہ جب مصیبت آتی ہے تو ہمارے ہی دروازہ پر آ کر ہاتھ پھیلاتے ہیں اور جب مصیبت ٹل جاتی ہے۔ تو ہم سے بے تعلق ہو جاتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَ

اور البتہ ہم تم سے پہلے کئی امتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جب انہوں نے ظلم اختیار کیا حالانکہ

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ

پیغمبران کے پاس کھلی نشانیاں لائے تھے اور وہ ہرگز ایمان لانے والے نہ تھے

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ

ہم گنہگاروں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں پھر ہم نے

خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ

تمہیں ان کے بعد زمین میں نائب بنایا تاکہ دیکھیں تم کیا

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ

کرتے ہو اور جب ان کے سامنے ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ

وہ لوگ کہتے ہیں جنہیں ہم سے ملاقات کی امید نہیں کہ اس کے سوا کوئی

غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ

قرآن لے آ یا اسے بدل دے تو کہہ دے میرا کام نہیں کہ اپنی طرف سے

مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ

اسے بدل دوں میں اسی کی تابعداری کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ

کہہ دو اگر اللہ چاہتا تو میں اسے تمہارے سامنے نہ پڑھتا اور نہ وہی تمہیں اس سے خبردار

بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا

کرتا کیونکہ میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر گذار چکا ہوں کیا پھر تم

## ربط آیات

(۱۳) تم سے پہلے نافرمانوں کے کئی پیچ ہم ہلاک کر چکے ہیں۔ ان کا بھی یہی جرم تھا کہ ان کے پاس رسول آئے اور ہدایت واضح اور روشن احکام لائے لیکن ان لوگوں نے ایک نہ مانی اور سزا پائی (۱۴) ان کے تباہ ہونے کے بعد ان کا جانشین تمہیں بنایا گیا تاکہ دیکھیں تم کیا کرتے ہو۔ (۱۵) جب انہیں قرآن پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کوئی اور قرآن سنائیے یعنی جس میں ہمارے اعتقاد اور ہماری خواہشات کے خلاف کچھ نہ ہو یا اسے بدل دیں کہہ دیجئے کہ قرآن میں تغیر و تبدل میرے بس کی بات نہیں ہے یہ تو خدا تعالیٰ کا کام ہے۔ مجھے جو ملتا ہے سنا دیتا ہوں اور عمل کر کے دکھا دیتا ہوں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَعْقِلُونَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ

نہیں سمجھتے — پھر اس سے بڑا ظالم کون ہوگا — جو اللہ پر

كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ﴿١٧﴾

بہتان باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے — بے شک گنہگاروں کا بھلا نہیں ہوتا

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ

اور اللہ کے سوا اس چیز کی پرستش کرتے ہیں — جو نہ انہیں نقصان پہنچا سکے اور نہ انہیں نفع دے سکے

وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ

اور کہتے ہیں — اللہ کے ہاں یہ ہمارے سفارشی ہیں — کہہ دو کیا تم اللہ کو

اللَّهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ

بتلاتے ہو جو اسے — آسمانوں اور زمین میں معلوم نہیں — وہ پاک ہے

وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً

اور ان لوگوں کے شرک سے بلند ہے — اور لوگ ایک ہی — امت تھے

وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ

پھر جدا جدا ہو گئے — اور اگر ایک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے نہ ہو

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٩﴾ وَيَقُولُونَ

چکی ہوتی تو جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کر دیا جاتا ہے — اور کہتے ہیں

لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ

اس پر اس کے رب سے کوئی نشانی کیوں نہ اتری — سو تو کہہ دے کہ غیب کی بات

لِلَّهِ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا

اللہ ہی جانتا ہے سو تم انتظار کرو — میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں — اور جب

أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ

ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں — اس تکلیف کے بعد جو انہیں — پہنچی تھی

## ربط آیات

(۱۶) اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے قرآن نہ ملتا اور اسے تم کو پہنچانے کے لئے مامور نہ کیا جاتا۔ تو مجھے کیا ضرورت تھی پہلے بھی تو میں تم میں موجود تھا۔ (۱۷) خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے یا اس کے احکام کو جھٹلانے سے بڑھ کر اور کون سا بڑا مجرم ہو سکتا ہے (۱۸) خدائے قادر مطلق عزاسمہٗ و جل مجدہٗ کے سامنے تو سر جھکاتے نہیں اور ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو ان کے کسی کام نہ آئیں اس شرک و بت پرستی کے باوجود توحید کا دعویٰ بھی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان چیزوں کی عبادت محض اس لئے کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش کر کے ہمیں چھڑا سکیں اللہ تعالیٰ اس سے بلند و بالاتر ہے، کہ کوئی دوسرا بھی معبود ہو سکے یا اس کا شریک ہو (۱۹) در اصل تو سارے انسان خدا پرست تھے اور یہی اصل میں ان کی فطرت تھی۔ یہ شرک تو بعد میں آیا۔ اگر تقدیر میں مہلت کا فیصلہ نہ ہوتا تو کبھی ان کا معاملہ صاف کر دیا جاتا (۲۰) اس قسم کے بہانے بناتے ہیں کہ صاحب آپ پر فلاں فلاں قسم کا معجزہ کیوں نہیں ظاہر ہوتا ان سے کہہ دیجئے یہ ساری باتیں

ع ۲

### خلاصہ رکوع ۳

[illegible] دنیا کی زندگی پر تم مغرور ہو وہ بے حقیقت ہے [illegible] تم بتلاؤ [illegible]

[illegible] ۲۳

اللہ کے قبضے میں ہیں۔ اگر ایسی ہی باتوں کا انتظار ہے تو گھبراؤ ہم بھی انتظار کرتے ہیں کہ تمہارے حق میں بارگاہ الٰہی سے کیا فیصلہ ہوتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ
تو وہ ہماری آیتوں کے متعلق حیلے کرنے لگتے ہیں کہہ دو کہ اللہ بہت جلد حیلہ کرنے والا ہے بیشک
رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ
ہمارے فرشتے تمہارے سب حیلوں کو لکھ رہے ہیں وہ وہی ہے جو تمہیں جنگل اور دریا
فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ
میں سیر کرنے کی توفیق دیتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں بیٹھتے ہو اور وہ کشتیاں
بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ
لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعہ سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ ان سے خوش ہوتے ہیں تو ناگہاں تیز ہوا چلتی ہے
عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَ
اور ہر طرف سے ان پر لہریں چھانے لگتی ہیں اور
ظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ
وہ خیال کرتے ہیں کہ بیشک وہ لہروں میں گھر گئے ہیں تو سب خالص اعتقاد سے اللہ ہی کو پکارنے
الدِّينَ ۵ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ
لگتے ہیں کہ اگر تو ہمیں اس مصیبت سے بچا دے تو ہم ضرور
الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي
شکرگزار رہیں گے پھر جب اللہ انہیں نجات دے دیتا ہے تو
الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ
ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں اے لوگو تمہاری شرارت کا وبال
عَلَىٰ أَنفُسِكُم ۖ مَّتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ
تمہاری جانوں پر ہی پڑے گا دنیا کی زندگی کا نفع اٹھا لو پھر ہمارے ہاں ہی تمہیں لوٹ کر آنا ہے
فَنُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٣﴾ إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا
پھر ہم تمہیں بتلا دینگے جو کچھ تم کیا کرتے تھے دنیا کی زندگی کی مثال مینہ کی سی ہے

## ربطِ آیات

(۲۱) ماقبل والی آیت میں انہوں نے کوئی معجزہ طلب کیا تھا ان کی غرض یہ تھی کہ کوئی ایسی نشانی ظاہر ہو جس سے ہم حضور کی نبوت کو مان لیں۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان پر سات سال قحط نازل کیا۔ اور یہ درحقیقت آپ کی تکذیب کے باعث سزا تھی۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے اس عذاب کو دور کیا تب بھی اس تعلیم حق کے مٹانے کے لئے سازشوں میں مصروف ہیں انہیں بتلا دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے خلاف کارروائی کی تو فوراً مٹا دیئے جاؤ گے۔

(۲۲) اللہ تعالیٰ ایسی قدرت والا ہے کہ سمندر میں تمہیں موت کے منہ سے بچاتا ہے اس وقت اس کی شکرگزاری کا عہد بھی کرتے ہیں۔

(۲۳) جب اللہ تعالیٰ کے فضل سے نجات پاتے ہو، پھر اس سے بغاوت کرتے ہو یاد رکھو اس بغاوت کا اثر تم پر ہی پڑے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾ وَ

گئے ہیں یہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور

يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ

جس دن ہم ان سب کو جمع کرینگے پھر مشرکوں سے کہیں گے تم اور تمہارے شریک

أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا

اپنی اپنی جگہ کھڑے رہو تو ہم ان میں پھوٹ ڈال دینگے اور ان کے شریک کہیں گے

كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾ فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَ

کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے سو اللہ ہمارے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے

بَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ

کہ ہمیں تمہاری عبادت کی خبر ہی نہ تھی اس جگہ ہر

تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَا أَسْلَفَتْ ۚ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ

شخص اپنے پہلے کئے ہوئے کاموں کو جانچ لے گا اور یہ لوگ اللہ کی طرف لوٹائے جائینگے جو ان کا

الْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾ ع قُلْ مَنْ

حقیقی مالک ہے اور جو جھوٹ وہ باندھا کرتے تھے ان سے جاتا رہے گا کہو تمہیں

يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَ

آسمان اور زمین سے کون روزی دیتا ہے یا کانوں اور

الْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ

آنکھوں کا کون مالک ہے اور زندہ کو مردہ سے کون نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے

مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ

کون نکالتا ہے اور سب کاموں کا کون انتظام کرتا ہے سو کہیں گے کہ اللہ تو کہہ دو

أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾ فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ

کہ پھر (اللہ) سے کیوں نہیں ڈرتے یہی اللہ تو تمہارا سچا رب ہے حق کے بعد گمراہی

## ربطِ آیات

(۲۷) جو لوگ بجائے سلامتی کے راستے کے برائی کے راستہ کو اختیار کرینگے وہ روسیاہ کئے جائیں گے اور گناہوں کی سزا بھگتنے کے لئے جہنم میں داخل ہوں گے (۲۸-۲۹) خدا تعالیٰ کے ارشاد کردہ سلامتی کے راستے سے ہٹ کر جن لوگوں کا اتباع یہ کرتے رہے وہ قیامت کے دن ان سے بیزار ہو جائینگے۔ (۳۰) وہاں غیر کی اطاعت کام نہیں آئے گی فقط اپنے اعمال کا بدلہ مل سکے گا۔ اور اعمال اسی صورت میں مفید ہو سکتے ہیں کہ انسان اللہ تعالیٰ کی تجویز کردہ راہ سلامتی پر چلے (۳۱) جب مانتے ہو کہ یہ

النصف

**خلاصہ رکوع ۴**

یہ لوگ خدا تعالیٰ کو خالق رازق مدبر مانتے ہیں (۱) پھر بھی اس کے احکام کی تعمیل سے بچ جاتے ہیں (۲) اور قرآن پر خود ساختہ ہونے کا الزام لگاتے ہیں
ماخذ (۱) آیت ۳۱ (۲) آیت ۳۲
(۳) آیت ۳۷۔

سارے کام خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک ہی کرتا ہے تو پھر اس کی عبادت سے کونسی چیز مانع ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَٰلُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾ كَذَٰلِكَ حَقَّتْ

کے سوا اور ہے کیا سو تم کدھر پھرے جاتے ہو اسی طرح ان نافرمانوں

كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾

کے حق میں تیرے رب کا فیصلہ ثابت ہو کر رہا کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ

کہہ دو آیا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو مخلوقات کو پیدا کرے پھر اسے دوبارہ زندہ کرے

قُلِ اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٣٤﴾

کہہ دو اللہ پہلے پیدا کرتا ہے پھر اسے لوٹائے گا سو تم کہاں پھیرے جاتے ہو

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ ۚ قُلِ اللَّهُ

کہہ دو آیا تمہارے شریکوں میں کوئی ہے جو صحیح راہ بتلائے کہہ دو اللہ ہی

يَهْدِي لِلْحَقِّ ۗ أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ

صحیح راستہ بتلاتا ہے تو اب جو صحیح راستہ بتلائے اس کی بات ماننی چاہیے

أَمَّن لَّا يَهِدِّي إِلَّا أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ

یا اس کی جو خود راہ نہ پائے مگر جب کوئی اور اسے راہ بتلائے سو تمہیں کیا ہو گیا کیا

تَحْكُمُونَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا

انصاف کرتے ہو اور وہ اکثر اٹکل پر چلتے ہیں بے شک حق بات کے

يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾

سمجھنے میں اٹکل ذرا بھی کام نہیں دیتی بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں

وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَىٰ مِن دُونِ اللَّهِ وَ

اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا اسے کوئی اپنی طرف سے بنا لائے اور

لَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ

لیکن اپنے سے پہلے کلام کی تصدیق کرتا ہے اور ان چیزوں کو بیان کرتا ہے جو تم پر

### ربط آیات

(۳۲) جس کی مذکورۃ الصدر خوبیاں مانتے ہو یہی تو تمہارا سچا رب ہے۔ اگر سچے کو نہیں مانتے تو یقیناً کہا جائے گا کہ تم گمراہ رہنا چاہتے ہو (۳۳) جنہوں نے ہر سچی بات کا انکار اپنا شیوہ بنا رکھا ہو وہ ہدایت نہیں پایا کرتے (۳۴) کیا تمہارے معبودوں میں کوئی اس کمال کا ہے جب نہیں تو پھر سوچو کہ کدھر گمراہی کی طرف جا رہے ہو (۳۵) تم کس غلط فہمی میں پڑے ہوئے ہو معبود وہ ہو سکتا ہے جو اپنے بندوں کی رہنمائی کر سکے اور جو حیثیت غلام ہونے کے دوسرے کی رہنمائی کا محتاج ہو۔ ایسا بے کس اور عاجز معبود کیسے بن سکتا ہے۔ (۳۶) انہوں نے ان باتوں پر غور تھوڑا ہی کیا ہے وہ تو اپنے گمان کے تابع ہیں۔ جدھر خیال آیا چل نکلے حالانکہ انسان محض خیالوں سے منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٧﴾ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ
لکھی گئیں اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ربّ العٰلمین کی طرف سے ہے کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود

قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم
بنایا ہے کہہ دو تم ایک ہی ایسی سورت لے آؤ اور اللہ کے سوا جسے بلا سکو

مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا
بلا لو اگر تم سچے ہو بلکہ انہوں نے اس

لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ
چیز کو جھٹلایا جسے وہ سمجھ نہ سکے اور ابھی اس کی حقیقت ان پر کھلی نہیں اسی طرح جو لوگ ان سے

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾
پہلے تھے انہوں نے بھی جھٹلایا تھا سو دیکھ لو کہ ظالموں کا انجام کیسا ہوا

وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَ
اور ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور بعض ایسے ہیں کہ ایمان نہیں لاتے اور

رَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي
تمہارا رب شریروں سے خوب واقف ہے اور اگر تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے میرے لئے

عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ
میرا کام اور تمہارے لئے تمہارا کام تم میرے کام کے جواب دہ نہیں اور میں تمہارے کام کا

مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ
جواب دہ نہیں ہوں اور ان میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں کیا تم

تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ
بہروں کو سنا سکتے ہو اگرچہ وہ نہ سمجھیں اور ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ

إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾
تمہاری طرف دیکھتے ہیں کیا تم اندھوں کو راہ دکھاؤ گے اگرچہ کچھ بھی نہ دیکھتے ہوں

ع

## ربط آیات

(۳۷) تمہاری باتیں تو خیالی ہیں اور یہ قرآن ربّ العٰلمین کی طرف سے نازل شدہ ہے اس میں ہر چیز کے متعلق بہترین رہنمائی موجود ہے (۳۸) اگر اس قرآن کو بھی اپنی خیالی باتوں کی طرح من گھڑت سمجھتے ہو تو اس کی کسی چھوٹی سی چھوٹی سورت کی شکل بنا کر لاؤ اور اللہ تعالیٰ کے سوا اپنے سارے مددگار بھی اس کام میں شریک کرو (۳۹) اصل بات یہ ہے کہ اس مقدس ترین کتاب کو اپنی جہالت کے باعث جھٹلاتے ہیں، اور دیکھو پہلے لوگوں نے بھی اللہ تعالیٰ کی تعلیم کو جھٹلایا تھا پھر دیکھو کیا نتیجہ پایا (۴۰) اس زجر و توبیخ (ڈانٹ) کے باعث بعض تو ان میں سے درست ہو جائیں گے اور بعض فساد پر ہی رہیں گے (۴۱) اگر وہ مخالفت پر اڑے رہیں تو ان سے اپنی بیزاری کا اعلان فرما دیجئے

**خلاصہ رکوع ۵**

(۱) اگر تکذیب سے باز نہ آئیں تو آپ بیزاری کا اعلان کر دیجئے (۲) یہ باطن کے اندھے اور بہرے قرآن حکیم کو کس طرح سمجھ سکتے ہیں

ماخذ دلائل: آیت ۴۱ (۲) آیت ۴۲، ۴۳

(۴۲) ان میں سے بعض کے کان میں آواز پڑتی ہے لیکن شامت اعمال کے باعث حق بات سننے والے دل کے کان بہرے ہو چکے ہیں لہٰذا اس آواز سے انہیں کوئی نفع نہیں ہوتا (۴۳) بعض کی نگاہ تو آپ پر پڑتی ہے لیکن ان کی نگاہ حق بین نابینا ہے لہٰذا ظاہری نظر بیکار ثابت ہوتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ

بیشک اللہ لوگوں پر ذرہ بھی ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ ہی اپنے آپ پر

يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً

ظلم کرتے ہیں اور جس دن انہیں جمع کرے گا گویا وہ نہیں رہے تھے مگر ایک گھڑی

مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ

دن کی ایک دوسرے کو پہچانیں گے بے شک خسارے میں رہے جنہوں نے

كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ

اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا اور راہ پانے والے نہ ہوئے اور اگر ہم تمہیں ان وعدوں

بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

میں سے کوئی چیز دکھا دیں جو ہم نے ان سے کئے ہیں یا تمہیں وفات دیں پھر انہیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے

ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ

پھر اللہ شاہد ہے ان کاموں پر جو کرتے ہیں اور ہر امت کا ایک رسول ہے

فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا

پھر جب ان کے پاس ان کا رسول آیا تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کیا گیا اور ان پر ظلم

يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ

نہیں کیا جاتا اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہے اگر تم

صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا

سچے ہو کہہ دو میں اپنی ذات کے برے اور بھلے کا بھی مالک نہیں

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا

مگر جو اللہ چاہے ہر امت کا ایک وقت مقرر ہے جب وہ وقت آتا ہے تو

يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ

ایک گھڑی بھی دیر نہیں کر سکتے ہیں اور نہ جلدی کر سکتے ہیں کہہ دو بھلا دیکھو تو اگر

### ربط آیات

(۴۴) ان کے کانوں اور آنکھوں کے ضائع ہونے کی ذمہ داری انہی پہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر انہوں نے گناہوں کی شامت سے یہ چیزیں ضائع کر دی ہیں (۴۵) ان حق پرست حواس کو ضائع کرنے کا نقصان انہیں قیامت کے دن معلوم ہوگا (۴۶) اور بعید نہیں کہ قیامت سے پہلے ان کو دنیا میں بھی آپ کے روبرو ہی سزا دی جائے۔

(۴۷) ہر امت کی موافقت و مخالفت حق کا فیصلہ رسول کے آنے کے بعد ہی ہوا کرتا ہے اور وہ صحیح ہوتا ہے اس میں کوئی حق تلفی نہیں ہوتی (۴۸) معاندین حق کو جب عذاب کی دھمکی دی گئی تو پوچھتے ہیں کہ بربادی کا نظارہ ہمیں کب دکھایا جائے گا (۴۹) انہیں مطلع فرما دیجئے کہ مجھے تو اپنی ذات کے نفع و نقصان کا اختیار بھی نہیں دیا گیا تمہاری بربادی کا وقت کیسے بتلا سکتا ہوں۔ ہاں یہ یاد رہے کہ وہ اپنی میعاد معین سے ٹل نہیں سکتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

تم پر اس کا عذاب رات یا دن کو آجائے تو عذاب میں سے کونسی ایسی چیز ہے کہ مجرم اس کو جلدی مانگتے ہیں

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

کیا پھر جب وہ آچکے گا تب اس پر ایمان لاؤ گے اب مانتے ہو اور تم اسی کی جلدی کرتے تھے

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ

پھر ظالموں سے کہا جائے گا ہمیشگی کا عذاب چکھتے رہو تمہیں نہیں بدلا دیا جاتا

اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ

مگر اس چیز کا جو تم کرتے تھے اور تم سے پوچھتے ہیں کیا یہ بات سچ ہے کہہ دو

اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕۚ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ

ہاں میرے رب کی قسم بے شک یہ سچ ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو اور اگر ہر ایک نافرمان

نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ

کے پاس روئے زمین کی تمام چیزیں ہوں البتہ اپنے بدلہ میں دے ڈالے اور جب وہ عذاب دیکھیں گے

لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا

تو دل میں نادم ہوں گے اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ ہوگا اور ان پر

يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ظلم نہیں کیا جائے گا خبردار بیشک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمان زمین میں ہے

اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

خبردار بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور اسی کی طرف پھر کر جاؤ گے اے لوگو

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي

تمہارے رب سے نصیحت اور دلوں کے روگ کی شفا

## ربطِ آیات

(۵۰) جس عذاب کی جلدی خواہش کر رہے ہو وہ ہر وقت آسکتا ہے خواہ رات ہو یا دن (۵۱) یہ یاد رہے کہ اس کے آنے کے بعد کوئی عذر قبول نہیں ہوگا۔ (۵۲) دنیاوی عذاب کے بعد آخرت کے عذاب دائمی میں مبتلا کئے جاؤ گے (۵۳) اپنی سنگدلی کے باعث اب تک تمہیں عذاب الٰہی کا یقین نہیں آیا (۵۴) جب عذاب الٰہی سامنے آئے گا تو ساری دنیا کے خزانے دے کر بھی نجات پانے کے لئے تیار ہو جائیں گے (۵۵) چونکہ آسمان اور زمین کی تمام قوتیں اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں۔ اس لئے اس کے ارادۂ عذاب میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں ڈال سکتی (۵۶) سارے جہان کے فنا و بقا کی باگ اسی کے قبضہ میں ہے جب وہ چاہے گا مرنے کے بعد تمہیں اٹھائے گا۔

ع ۵ ۱۳ ۱۰

**خلاصہ رکوع ۲**

ریکلیں بحکمت و شفا قرآن آنے سارے دنیا کے خزانے دے کر بھی نجات کے لئے تیار ہوں گے۔

ماخذ آیت ۵۴-۵۷-۵۰ *



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ

تمہارے پاس آئی ہے اور ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے کہہ دو (قرآن) اللہ کے

اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا

فضل اور اس کی رحمت سے ہے سو اسی پر انہیں خوش ہونا چاہئے یہ ان چیزوں سے بہتر ہے جو

يَجْمَعُونَ ﴿۵۸﴾ قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ

جمع کرتے ہیں کہہ دو بھلا دیکھو تو اللہ نے تمہارے لئے جو رزق نازل فرمایا ہے

فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللَّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ

تم نے اس میں سے بعض کو حرام اور بعض کو حلال کر دیا کہہ دو کیا اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے یا

عَلَى اللَّهِ تَفْتَرُونَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى

اللہ پر افترا کرتے ہو اور جو لوگ اللہ پر افترا کرتے

اللَّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى

ہیں قیامت کے دن کی نسبت ان کا کیا خیال ہے بے شک اللہ لوگوں پر مہربان

النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿۶۰﴾ ع وَمَا تَكُونُ

ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے اور تم جس حال

فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ

میں ہوتے ہو یا قرآن میں سے کچھ پڑھتے ہو یا تم لوگ کوئی کام کرتے ہو

مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ

تو ہم وہاں موجود ہوتے ہیں جب تم اس میں مصروف ہوتے ہو

وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ

اور تمہارے رب سے ذرہ بھر بھی کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین میں

وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا

اور نہ آسمان میں اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی اور نہ بڑی مگر

## ربطِ آیات

(۵۷) تمہارے لئے بہتری ہے کہ اس پند و نصیحت کو مان جاؤ۔ اپنے امراض روحانی سے شفا پاؤ۔ جو اس پر ایمان لے آئیں گے ان کے حق میں یہ بہترین نسخہ اور رحمت ہے (۵۸) یہ کتاب پاک جو رحمت الٰہی کا خزانہ ہے تمہارے ساز و سامانِ دنیاوی سے بہتر ہے (۵۹) اگر اس کتاب الٰہی کا اتباع نہیں کرو گے تو تمہیں حلال و حرام کا علم بھی نہیں ہو سکے گا۔ (۶۰) اگر تم نے حلال و حرام میں خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھا تو پھر سوچ لو کہ قیامت میں اس کے روبرو حاضر ہو گے تو تمہارا کیا حال ہوگا اللہ تعالیٰ

**خلاصہ رکوع - ۷**

(۱) ہم آپ کی تلاوتِ قرآن اور بقیہ اعمالِ حیات سے پورے واقف ہیں (۲) ایسے اللہ والوں کو بارگاہِ الٰہی کی حاضری میں کوئی خطرہ نہ ہوگا (۳) اور آپ مخالفین کی بدزبانی سے کبیدہ خاطر نہ ہوں۔ ماخذ (۱) آیت ۶۱ (۲) آیت ۶۲ (۳) آیت ۶۵۔

کا فضل ہے کہ تمہیں سیدھی راہ پر لانے کی کوشش کر رہا ہے لیکن تم ناشکر گزار رہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۶۱﴾ اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ

کتاب روشن میں ہے خبردار بے شک جو اللہ کے دوست ہیں نہ ان پر

عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا

ڈر ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے جو لوگ ایمان لائے اور

یَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ

ڈرتے رہے ان کے لئے دنیا کی زندگی اور آخرت میں خوشخبری ہے

لَا تَبْدِیْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۶۴﴾

اللہ کی باتوں میں تبدیلی نہیں ہوتی یہی بڑی کامیابی ہے

وَ لَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا هُوَ السَّمِیْعُ

اور ان کی بات سے غم نہ کر بے شک عزت سب اللہ ہی کے لئے ہے وہی سننے والا

الْعَلِیْمُ ﴿۶۵﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ

جاننے والا ہے خبردار جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے سب اللہ کا ہے

وَ مَا یَتَّبِعُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ

اور یہ جو اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے ہیں

اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ

وہ نہیں پیروی کرتے مگر گمان کی اور نہیں ہیں وہ مگر اٹکل کرتے وہی

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا

تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور دن دکھلانے والا بنایا

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا اتَّخَذَ

بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سنتے ہیں کہتے ہیں

اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ هُوَ الْغَنِیُّ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا

اللہ نے بیٹا بنا لیا وہ پاک ہے وہ بے نیاز ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ

## ربطِ آیات

(۶۱) اللہ تعالیٰ تمہارے سارے حالات سے پورے طور پر واقف ہے (۶۲) جو لوگ اللہ تعالیٰ کی دوستی کا حق ادا کرنے والے ہیں۔ وہ اس کے دربار میں ہر خطرہ سے محفوظ ہوں گے (۶۳) دوستی کا حق ادا کرنے والے یہ لوگ ہیں (۶۴) ایسے لوگ دنیا میں ہوں یا آخرت میں دونوں جگہ ان کے لئے مبارک ہے اللہ تعالیٰ کا یہ قطعی فیصلہ ہے (۶۵) مخالفین کی بدزبانی سے آپ مغموم نہ ہوں عزت کی باگ اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے (۶۶) زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے مشرکین کے ہاں اپنے عقائد و اعمال کی صحت کا کوئی قطعی ثبوت نہیں ہے (۶۷) جس طرح رات میں سکون ہوتا ہے تمام انسانی قوتیں خوابیدہ اور بیکار ہوجاتی ہیں سورج نکلنے کے بعد پھر وہی قوتیں بیدار ہو کر کام کرتی ہیں۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کی عدم موجودگی کا زمانہ روحانی رات ہے۔ جب انبیاء علیہم السلام مبعوث ہوتے ہیں تو روحانی دن نکلتا ہے گوش ہوش رکھنے والوں کا فرض ہے کہ اس دن سے فائدہ اٹھائیں۔ اور روحانیت کی خوابیدہ قوتوں کو جگائیں انہیں کام میں لا کر آخرت کے لئے زاد راہ جمع کرلیں۔

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِي الْأَرْضِ ۚ إِنْ عِندَكُم مِّن سُلْطَانٍ بِهَٰذَا ۚ

زمین میں ہے سب اسی کا ہے تمہارے پاس اس کی کوئی سند نہیں ہے

أَتَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ قُلْ إِنَّ الَّذِينَ

تم اللہ پر ایسی بات کیوں کہتے ہو جو جانتے نہیں کہہ دو جو لوگ

يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ﴿٦٩﴾ مَتَاعٌ

اللہ پر افترا کرتے ہیں نجات نہیں پائیں گے دنیا میں

فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ

تھوڑا سا نفع اٹھا لینا ہے پھر ہماری ہی طرف انہیں لوٹنا ہے پھر ہم انہیں سخت عذاب

الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٧٠﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ

چکھائیں گے بسبب اس کے کہ کفر کرتے تھے اور انہیں نوح کا حال سنا

نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُم

جب اس نے اپنی قوم سے کہا اے قوم اگر تمہیں میرا تم میں رہنا اور

مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ

اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا ناگوار رہو تو میں اللہ پر بھروسا کرتا ہوں

فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ

اب تم سب مل کر اپنا کام مقرر کرو اور اپنے شریکوں کو جمع کرو پھر تمہیں اپنے کام میں شبہ

عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ ﴿٧١﴾ فَإِن

نہ رہے پھر وہ کام میرے ساتھ کر گزرو اور مجھے مہلت نہ دو پھر اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ

منہ پھیرو تو میں نے تم سے کچھ معاوضہ نہیں مانگا میرا معاوضہ

إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٧٢﴾

اللہ پر ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ فرمانبرداروں میں سے رہوں



ع ۷ / ۱۲

وقف لازم

## ربطِ آیات

(۶۸) یہ بدنصیب بجائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑیں الٹا اور زیادہ خراب کر رہے ہیں (۶۹) انہیں جتلا دیجئے کہ جھوٹے کبھی چھٹکارا نہیں پا سکتے (۷۰) چند روزہ دنیاوی زندگی میں اگر عذاب الٰہی سے بچ بھی جائیں تو بھی آخرت کے سخت عذاب سے بچ نہیں سکتے۔ (۷۱) مضمون سورۃ (دعوت الی القرآن) کی طرف تذکیر بایام اللہ سے توجہ کرائی جاتی ہے حضرت نوح علیہ السلام تذکیر بایام اللہ کر رہے ہیں (۷۲) اگر تم احکام الٰہی کو نہ مانو تو یاد رکھو میں تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا البتہ خود اللہ تعالیٰ کے دروازہ پر ہمیشہ رہوں گا۔

خلاصہ رکوع ۸

تذکیر بایام اللہ۔ دیکھ لیجئے نوح علیہ السلام اور بعد کے انبیا علیہم السلام سے عناد رکھنے والے برباد ہو گئے۔

ماخذ آیت ۷۱، ۷۲، ۷۳

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

### ربط آیات

۷۳۔ خدا پرستوں نے نجات پائی، احکام الٰہی کے جھٹلانے والے غرق کر دیئے گئے۔

۷۴۔ اس کے بعد بھی ہمیشہ انبیاء علیہم السلام آتے اور نہایت واضح احکام الٰہی لائے لیکن ان لوگوں نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔

۷۵۔ اس کے بعد موسیٰ اور ہارون علیہما السلام احکام الٰہی لے کر فرعون کے پاس آئے

۷۶۔ آل فرعون نے بھی بدستور سابق انکار کیا۔

۷۷۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا اس سچی اور صحیح تعلیم پر یہ الزام لگاتے ہو۔ یاد رکھو۔ جادوگر کبھی کامیاب نہیں ہوا کرتے۔

فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَٰهُ وَمَن مَّعَهُۥ فِى ٱلْفُلْكِ وَجَعَلْنَٰهُمْ

پھر انہوں نے اسے جھٹلایا پھر ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں بچا لیا اور انہیں

خَلَٰٓئِفَ وَأَغْرَقْنَا ٱلَّذِينَ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا ۖ فَٱنظُرْ

خلیفہ بنا دیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں غرق کر دیا سو دیکھ لو

كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ

کہ جو لوگ ڈرائے گئے تھے ان کا انجام کیسا ہوا پھر ہم نے نوح

بَعْدِهِۦ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَآءُوهُم بِٱلْبَيِّنَٰتِ فَمَا

کے بعد اور پیغمبر اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے پھر بھی

كَانُوا۟ لِيُؤْمِنُوا۟ بِمَا كَذَّبُوا۟ بِهِۦ مِن قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ نَطْبَعُ

ان سے یہ نہ ہوا کہ اس بات پر ایمان لے آئیں جسے پہلے سے جھٹلا چکے تھے اسی طرح ہم حد سے نکل

عَلَىٰ قُلُوبِ ٱلْمُعْتَدِينَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ بَعْدِهِم

جانے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں پھر ہم نے ان کے بعد

مُّوسَىٰ وَهَٰرُونَ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَإِي۟هِۦ بِـَٔايَٰتِنَا

موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں دے کر بھیجا

فَٱسْتَكْبَرُوا۟ وَكَانُوا۟ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ

پھر انہوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ گنہگار تھے پھر جب انہیں

ٱلْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوٓا۟ إِنَّ هَٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٦﴾

ہمارے ہاں سے سچی بات پہنچی کہنے لگے یہ تو کھلا جادو ہے

قَالَ مُوسَىٰٓ أَتَقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ۖ أَسِحْرٌ

موسیٰ نے کہا کیا تم حق بات کو یہ کہتے ہو جب وہ تمہارے پاس آئی کیا یہ جادو

هَٰذَا وَلَا يُفْلِحُ ٱلسَّٰحِرُونَ ﴿٧٧﴾ قَالُوٓا۟ أَجِئْتَنَا

ہے اور جادو کرنے والے نجات نہیں پاتے انہوں نے کہا کیا تو ہمارے ہاں آیا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ

کہ ہمیں اس راستہ سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے اور تم دونوں کو اس ملک

فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٨﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

میں سرداری مل جائے اور ہم تو تمہیں ماننے والے نہیں ہیں اور فرعون نے کہا

ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ

میرے پاس ہر دانا جادوگر کو لے آؤ پھر جب جادوگر آ گئے انہیں موسیٰ

مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ

نے کہا ڈالو جو تم ڈالتے ہو پھر جب انہوں نے ڈالا

مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ

موسیٰ نے کہا کہ جو تم لائے ہو وہ جادو ہے اللہ اسے ابھی درہم برہم کر دے گا بیشک

اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ

اللہ شریروں کے کام نہیں سنوارتا اور اللہ اپنے حکم سے حق بات

بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا

کو سچا کرتا ہے اگرچہ گنہگار برا ہی مانیں پھر کوئی بھی موسیٰ پر ایمان نہ لایا مگر

ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ

اس کی قوم کے چند لڑکے اور وہ بھی فرعون اور ان کے سرداروں سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں وہ

اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ

انہیں مصیبت میں نہ ڈال دے اور بیشک فرعون زمین میں سرکشی کرنے والا تھا اور بیشک

لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ

وہ حد سے گزرنے والوں میں سے تھا اور موسیٰ نے کہا اے میری قوم اگر تم

اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾

اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم فرمانبردار ہو



## ربط آیات

٧٨۔ کہنے لگے تم ہمیں آبائی دین سے ہٹانا چاہتے ہو۔

٧٩۔ فرعون نے موسیٰ علیہ السلام سے جان چھڑانے کے لئے یہ تدبیر سوچی۔

٨٠۔ جادوگروں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اپنا کمال دکھاؤ۔

٨١۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہاری ساری تدبیریں ابھی فنا ہو جائیں گی۔

٨٢۔ اللہ تعالیٰ حق کو واضح فرمائے گا۔ اگرچہ معاندین حق اس کو ناپسند کریں۔

٨ ع ١٢

٨٣۔ فرعون کے ڈر سے سوائے بنی اسرائیل کے نوجوانوں کے اور کوئی ایمان نہ لایا۔

٨٤۔ موسیٰ علیہ السلام نے ایمانداروں کو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے کی تلقین کی۔

**خلاصہ رکوع ٩**

تذکیر بایام اللہ دیکھیے فرعون اپنے لشکر سمیت موسیٰ علیہ السلام سے عناد رکھنے کے باعث غرق ہوگیا۔

ماخذ۔ آیت ٩٠ +

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

تب وہ بولے ہم اللہ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں اے رب ہمارے ہم پر اس

لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٨٥﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

ظالم قوم کا زور نہ آزما اور ہمیں مہربانی فرما کر ان کافروں

الْكَافِرِينَ ﴿٨٦﴾ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن

سے چھڑا دے اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کو حکم بھیجا کہ

تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ

اپنی قوم کے واسطے مصر میں گھر بناؤ اور اپنے گھروں کو

قِبْلَةً وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٧﴾ وَقَالَ

مسجدیں سمجھو اور نماز قائم کرو اور ایمان والوں کو خوشخبری دو اور موسیٰ

مُوسَىٰ رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَأَهُ زِينَةً وَ

نے کہا اے رب ہمارے تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں

أَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَن سَبِيلِكَ

آرائش اور ہر طرح کا مال دیا ہے اے رب ہمارے یہاں تک کہ انہوں نے تیرے راستے سے گمراہ کر دیا

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

اے رب ہمارے ان کے مالوں کو برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے

فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ

پس یہ ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھیں فرمایا

أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ

تمہاری دعا قبول ہو چکی سو تم دونوں ثابت قدم رہو اور بے عقلوں کی راہ پر

الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾ وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ

مت چلو اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار

### ربط آیات

۸۵۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کا اعلان کیا اور دعا کی کہ اے اللہ ہمیں دشمنان حق کے ظلم کا تختہ مشق نہ بنا۔

۸۶۔ اور مہربانی فرما کر دشمنوں کے پنجے سے چھڑا۔

۸۷۔ موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ گھروں میں مسجدیں بنا کر اللہ تعالیٰ کو یاد کیجئے۔

۸۸۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرعون اور اس کے مددگاروں کے لئے تباہی کی دعا کی۔

۸۹۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ تمہاری دعا منظور ہو گئی ہے (ذرا صبر کیجئے) اور اپنے راستہ پر جمے رہئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْیًا وَّعَدْوًا ؕ

کر دیا پھر فرعون اور اس کے لشکر نے ظلم اور زیادتی سے ان کا پیچھا کیا

حَتّٰۤی اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ

یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا کہا میں ایمان لایا کہ کوئی

اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْۤ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِیْلَ وَ

معبود نہیں مگر جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اور

اَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۰﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ

میں فرمانبرداروں میں سے ہوں اب یہ کہتا ہے اور تو اس سے پہلے نافرمانی کرتا رہا

وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۹۱﴾ فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ

اور مفسدوں میں داخل رہا سو آج ہم تیرے بدن کو

بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا

نکال لیں گے تاکہ تو پچھلوں کے لئے عبرت ہو اور بیشک بہت سے

مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع وَلَقَدْ

لوگ ہماری نشانیوں سے بے خبر ہیں اور البتہ تحقیق

بَوَّاْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ

ہم نے بنی اسرائیل کو رہنے کی عمدہ جگہ دی اور کھانے کو

مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰی جَآءَهُمُ

ستھری چیزیں دیں وہ باوجود علم ہونے کے خلاف کرتے

الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ

رہے بیشک تیرا رب قیامت کے دن ان میں

الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾

فیصلہ کرے گا جس بات میں کہ وہ اختلاف کرتے تھے

### ربط آیات

۹۰- چنانچہ کچھ عرصے کے بعد موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کی دعا کے نتائج نکل آئے۔ فرعون نے جب عذاب الٰہی دیکھا۔ تب ایمان لے آیا۔

۹۱- اب ایمان لایا ہے حالانکہ پہلے نافرمان رہا۔

۹۲- آج تیرے بدن کو نجات دیں گے تاکہ پچھلے لوگوں کے لئے عبرت ہو کیونکہ اور بھی بہت سے لوگ ہمارے احکام سے غفلت کرنے والے ہیں۔

۹۳- فرعون کو غرق کرنے کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو بڑی اچھی جگہ دی لیکن جب ان کے پاس ہمارے احکام کا علم آیا۔ تو انہوں نے اس سے اختلاف کیا۔ اور ضد پر اڑ گئے۔ اب اللہ تعالیٰ ہی قیامت کے دن ان کا فیصلہ کرے گا۔

ع ۱۴ ۹

**خلاصہ رکوع ۱۰**

(۱) اے مخاطبین قرآن اس میں شک مت کرو (۲) اور محض شک کی بناء پر اس کی تکذیب نہ کرو (۳) ورنہ تمہارا بھی یہی حشر ہوگا جو پہلے جھٹلانے والوں کا ہوا۔ ماخذ (۱) آیت ۹۴ (۲) آیت ۹۵ (۳) آیت ۱۰۲-۱۰۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ فَسْـَٔلِ

سو اگر تمہیں اس چیز میں شک ہے جو ہم نے تیری طرف اتاری تو ان سے پوچھ لے

الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَاءَكَ

جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں بے شک تیرے پاس

الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَ

تیرے رب سے حق بات آئی ہے سو تو شک کرنے والوں میں ہرگز نہ ہو اور

لَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَتَكُونَ

ان میں سے بھی نہ ہو جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا پھر تو بھی

مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ

نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا جن پر تیرے رب کی بات ثابت ہو چکی ہے

رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ

وہ ایمان نہیں لائیں گے اگرچہ انہیں ساری نشانیاں پہنچ جائیں جب تک

يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ

کہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں سو کوئی بستی ایسی کیوں نہ ہوئی جو ایمان لاتی

فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا

تو اس کا ایمان اسے نفع دیتا سوائے یونس کی قوم کے کہ جب وہ ایمان لائے تو ہم نے دنیا

عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ

کی زندگی میں ان سے ذلت کا عذاب دور کر دیا اور ہم نے انہیں

إِلَىٰ حِينٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ

ایک وقت تک فائدہ پہنچایا اور اگر تیرا رب چاہتا تو جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کے سب

كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا

ایمان لے آتے پھر کیا تو لوگوں پر زبردستی کرے گا کہ وہ

### ربطِ آیات

۹۴۔ بنی اسرائیل نے اس تعلیم سے اختلاف کیا آپ کو اس کے منزل من اللہ ہونے میں شک نہ ہونے پائے۔

۹۵۔ آپ جھٹلانے والی جماعت میں ہرگز شامل نہ ہوں۔

۹۶۔ جن کی شامتِ اعمال کے باعث بارگاہِ الٰہی سے عذاب کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ وہ کبھی نہیں مانیں گے۔

۹۷۔ عذابِ الٰہی دیکھے بغیر وہ مان ہی نہیں سکتے۔

۹۸۔ اور عذابِ الٰہی آنے کے بعد کسی قوم کا ایمان منظور نہیں ہوتا۔ البتہ یونس علیہ السلام کی قوم کا واقعہ اس سے مستثنیٰ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ

ایمان لے آئیں اور کسی کے بھی بس میں نہیں کہ اللہ کے حکم کے سوا ایمان

اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾

لے آئے اور اللہ ان کے لئے کفر کا فیصلہ کرتا ہے جو نہیں سوچتے

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي

کہہ دو دیکھو کہ آسمانوں اور زمین میں کیا کچھ ہے اور بے ایمان

الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ

قوم کو معجزے اور ڈرانے والے کچھ فائدہ نہیں دیتے پھر کیا وہ

يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

انہیں لوگوں کے دنوں کا سا انتظار کرتے ہیں جو ان سے پہلے گزرے ہیں

قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ

کہہ دو اچھا انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں پھر

نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا

ہم اپنے رسولوں اور ان لوگوں کو جو ایمان لاتے ہیں بچا لیتے ہیں اسی طرح ہمارا ذمہ ہے

نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ

کہ ایمان والوں کو بچا لیں کہہ دو اے لوگو اگر تمہیں میرے

شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ

دین میں شک ہے تو اللہ کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو میں ان کی عبادت

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ صلے

نہیں کرتا بلکہ میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں وفات دیتا ہے

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَاَنْ

اور مجھے حکم ہوا ہے کہ ایمان داروں میں رہوں اور یہ بھی

## ربطِ آیات

۹۹۔ اگر اللہ تعالیٰ اپنی مرضی سے دینی بالجبر ایمان دلانا چاہے تو کوئی بے ایمان نہ رہنے پائے۔

۱۰۰۔ جب انسان کے اندر نیکی کی صلاحیت پیدا ہو تو اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ہی ایمان لاتا ہے

۱۰۱۔ ان سے کہیے کہ آسمان و زمین میں قدرت الٰہی کے کرشمے تو دیکھیں۔ لیکن ان لوگوں کو بے ایمانی کے باعث کوئی چیز عبرت نہیں دلاتی۔

۱۰۲۔ یہ لوگ پہلے بے ایمانوں کے سے سلوک کے منتظر ہیں۔

۱۰۳۔ اس وقت ہم انبیاء علیہم السلام اور ان کے مخلصین کو بچا لیں گے (اور انہیں یاد کریں گے)

۱۰۴۔ مخالفین حق کو یہ اعلان کر دیجئے کہ میں ایک خدا تعالیٰ کی عبادت کے سوا کسی دوسرے کے سامنے سر جھکانے کے لئے تیار نہیں ہوں مجھے یہی حکم دیا گیا ہے۔ ع ۱۰

**خلاصہ رکوع ۱۱**

۱۔ اے لوگو تمہارے شک کی بنا پر میں اپنا مسلک چھوڑنے کیلئے تیار نہیں

۲۔ جو شخص اس قرآن کو مانے گا خود نفع اٹھائے گا۔ ورنہ انکار کا وبال اس کے سر عاید کیا جائے گا۔

ماخذ (۱) آیت ۱۰۴-۱۰۷ (۲) آیت ۱۰۸-۱۰۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ
کہ یکسو ہو کر دین کی طرف رخ کئے رہو اور مشرکوں میں
الْمُشْرِكِينَ ﴿١٠٥﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ
نہ ہو اور اللہ کے سوا ایسی چیز کو نہ پکار جو نہ تیرا بھلا کرے
وَلَا يَضُرُّكَ ۖ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ
اور نہ برا پھر اگر تونے ایسا کیا تو بے شک ظالموں میں
الظَّالِمِينَ ﴿١٠٦﴾ وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ
سے ہو جائے گا اور اگر اللہ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اسے
لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ ۚ
ہٹانے والا کوئی نہیں اور اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچانا چاہے تو کوئی اس کے فضل کو پھیرنے والا نہیں
يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَهُوَ الْغَفُورُ
اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اپنا فضل پہنچاتا ہے اور وہی بخشنے والا
الرَّحِيمُ ﴿١٠٧﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ
مہربان ہے کہہ دو اے لوگو تمہیں تمہارے رب سے حق
مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي
پہنچ چکا ہے پس جو کوئی راہ پر آئے سو وہ اپنے بھلے کے لئے راہ
لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا
پاتا ہے اور جو گمراہ رہے گا اس کا وبال اسی پر پڑے گا اور میں
أَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ ﴿١٠٨﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ
تمہارا ذمہ دار نہیں ہوں اور جو کچھ تیری طرف وحی کیا گیا ہے اس پر چل
ع ١١ ١٦ وَاصْبِرْ حَتَّىٰ يَحْكُمَ اللَّهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ﴿١٠٩﴾ ع
اور صبر کر یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کرے اور وہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے

## ربط آیات

(١٠٥) یہی حکم ملا ہے کہ فقط پکے دین کی فرمانبرداری کر۔ (١٠٦) اور اپنی حاجت روائی کے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہ بلا (١٠٧) اور تیرا نفع و نقصان سوائے اللہ کے اختیار میں نہیں ہے۔ (١٠٨) لوگوں سے کہہ دیجئے تمہارے رب کا سچا فیصلہ یہی ہے۔ اب جو مانے گا نفع پائے گا۔ جو نہیں مانے گا خود ہی نقصان اٹھائے گا۔ (١٠٩) وہ مانیں یا نہ مانیں آپ قرآن حکیم کا اتباع نہ چھوڑیئے۔ اسی پر صبر کیجئے تا آنکہ اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰیاتہا ۱۲۳ | (۱۱) سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ | (۵۲) | رکوعاتہا ۱۰ |

آیتیں ۱۲۳ سورۂ ہود مکہ میں نازل ہوئی رکوع ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ

یہ ایسی کتاب ہے کہ جس کی آیتیں حکیم خبردار کی طرف سے مستحکم کر دی گئی ہیں پھر مفصل بیان

خَبِيْرٍ ۙ﴿۱﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

کی گئی ہیں یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو میں تمہارے لئے اس کی طرف سے ڈرانے والا

وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ

اور خوشخبری دینے والا ہوں اور یہ کہ تم اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو

يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ

تاکہ تمہیں ایک وقت مقرر تک اچھا فائدہ پہنچائے اور جس نے بڑھ کر

ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

نیکی کی ہو اس کو بڑھ کر بدلہ دے اور اگر تم پھر جاؤ گے تو میں تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿۳﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى

ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تمہیں اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور وہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ

چیز پر قادر ہے خبردار بے شک وہ اپنے سینے دوہرے کر رہے ہیں

لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ

تاکہ اس سے چھپ جائیں خبردار جس وقت وہ کپڑے ڈھانکتے ہیں وہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾

جو کچھ وہ چھپا کر اور ظاہر کر کے کرتے ہیں بے شک وہ دلوں کی باتوں کو جاننے والا ہے

**خلاصہ رکوع ۱**

مقصد نزول کتاب جذبہ توحید کی تکمیل اور سابقہ فروگزاشتوں سے استغفار ہے ملخصاً آیت ۲-۳

## ربطِ آیات

سورۂ ہود

(موضوع سورۃ)

دعوت الی التوحید

(۱) اس کتاب کے احکام نہایت مضبوط ہیں جس کا نزول دانشمند اور باخبر ذات سے ہے۔ (۲) اس کتاب کا پہلا پیغام یہ ہے کہ اللہ تعالٰی کے سوا کسی کو معبود نہ بناؤ (۳) دوسرا پیغام اس کتاب کا یہ ہے کہ اپنے مالک سے پہلے گناہوں کی معافی مانگ لو (۴) اگر یہاں معافی نہ لی تو یاد رکھو کہ آئندہ چل کر خدا تعالٰی ہی کے روبرو پیش ہونا ہے اور پھر وہ جو چاہے تم سے سلوک کرے (۵) اللہ تعالٰی ایسا علیم ہے کہ تمہاری جلوت و خلوت ظاہر و باطن کی ہر حالت سے پورا واقف ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۶-۷) جس خدا تعالیٰ کی طرف ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں۔ وہی تو سارے جہان کو پردہ عدم سے صفحۂ ہستی پر لایا ہے اس پہلی پیدائش کو یہ لوگ مان جاتے ہیں اور اگر انہیں کہا جائے کہ وہی اللہ تعالیٰ تمہیں دوبارہ پیدا کرکے حساب لے گا تو اسے نہیں مانتے۔

(۸) باوجود ان کی سرکشی اور بغاوت کے اگر چند روز کے لیے انہیں عذاب سے مہلت مل جائے۔ تو تعجب کریں گے کہ اگر اسلام سچا ہے تو ہم اس کی مخالفت پر گرفت کیوں نہیں ہوئی۔ یاد رکھیں کہ جب عذاب آئے گا تو ٹلنے نہیں پائے گا۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۲ (۱) منکرین توحید رحمت الٰہی کو زوال مصائب کا سبب نہیں سمجھتے بلکہ ایک اتفاقی امر جانتے ہیں (۲) اطاعت کتاب سے جی چراتے ہیں اسے بیکار بنانے کے لیے طرح طرح کے حیلے تراشتے ہیں (۳) یہی ان کے خسران کا باعث ہوگا اور اہل توحید کامیاب ہوں گے ماخذ (۱) آیت ۱۰، (۲) آیت ۱۳-۱۲، (۳) آیت ۲۱-۲۳ |

ع ۱ ۴

***********

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ

اور زمین پر کوئی چلنے والا نہیں مگر اس کی روزی اللہ پر ہے

رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ

اور جانتا ہے جہاں وہ ٹھیرتا ہے اور جہاں وہ سونپا جاتا ہے سب کچھ واضح کتاب

مُّبِيْنٍ ۝۶ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ

میں ہے اور وہی ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے

سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

اور اس کا تخت پانی پر تھا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم

اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ

میں سے کون اچھا کام کرتا ہے اور اگر تو کہے کہ تم مرنے کے بعد اٹھو گے تو

الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ

منکرین یہ کہیں گے کہ یہ تو صریح جادو

مُّبِيْنٌ ۝۷ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰۤى اُمَّةٍ

ہے اور اگر ہم ایک مدت معلوم تک ان سے عذاب کو روک رکھیں

مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ

تو ضرور کہیں گے کس چیز نے عذاب کو روک دیا خبردار جس دن اُن پر عذاب

لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ ع

آئیگا ان سے نہ پھیرا جائے گا اور انہیں وہ چیز گھیرے گی جس پر ٹھٹھا کیا کرتے تھے

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ

اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھا کر پھر اس سے چھین لیتے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّهُ لَيَئُوسٌ كَفُورٌ ﴿٩﴾ وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ نَعْمَاءَ بَعْدَ ضَرَّاءَ

تو وہ ناامید ناشکرا ہو جاتا ہے اور اگر مصیبت پہنچنے کے بعد نعمتوں کا مزہ چکھاتے

مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ ذَهَبَ السَّيِّئَاتُ عَنِّي ۚ إِنَّهُ لَفَرِحٌ فَخُورٌ ﴿١٠﴾

ہیں تو کہتا ہے کہ میری سختیاں جاتی رہیں کیونکہ وہ اترانے والا شیخی خورا ہے

إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ

مگر جو لوگ صابر ہیں اور نیکیاں کرتے ہیں ان کے لیے بخشش

مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١١﴾ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا

اور بڑا ثواب ہے پھر شاید آپ اس میں سے کچھ چھوڑ بیٹھیں گے

يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ أَنْ يَقُولُوا

جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے اور ان کے اس کہنے سے آپ کا دل تنگ ہوگا کہ

لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ أَوْ جَاءَ مَعَهُ مَلَكٌ ۚ إِنَّمَا أَنْتَ

اس پر کوئی خزانہ کیوں نہ اتر آیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ آیا

نَذِيرٌ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ ﴿١٢﴾ أَمْ يَقُولُونَ

آپ تو محض ڈرانے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا ذمہ دار ہے کیا کہتے ہیں کہ تو نے

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَ

قرآن خود بنا لیا ہے کہہ دو تم بھی ایسی دس سورتیں بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جس کو

ادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ

بلا سکو بلا لو اگر تم

صَادِقِينَ ﴿١٣﴾ فَإِلَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنْزِلَ

سچے ہو پھر اگر تمہارا کہنا پورا نہ کریں تو جان لو کہ قرآن اللہ کے علم

بِعِلْمِ اللَّهِ وَأَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَهَلْ أَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ﴿١٤﴾

سے نازل کیا گیا ہے اور یہ بھی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس کیا تم فرمانبرداری کرنے والے ہو

## ربط آیات

(۹) انسان اتنا تنگ ظرف اور احسان فراموش واقع ہوا ہے کہ اگر بعض اسباب کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کی آمد بند ہو جائے تو فوراً ناامید ہو جاتا ہے۔ اور ناشکری پر اتر آتا ہے۔ (۱۰) اور اگر ہم اس کی مصیبت کو دور کر دیں تو بھی ہمارا احسان نہیں مانتا (۱۱) ہاں خدا پرست اس احسان فراموشی سے مستثنیٰ ہیں لہٰذا بارگاہِ الٰہی سے مغفرت اور بڑے اجر کے بھی وہی مستحق ہیں۔ (۱۲) آپ انکے اعتراضات واہیہ سے کبیدہ خاطر نہ ہوں اور تعمیل احکام الٰہی میں سرمو تجاوز نہ فرمائیں (۱۳) اگر اس دعی الی اللہ قرآن کو خود ساختہ کہتے ہیں تو اس جیسی دس سورتیں تو بنا کر لائیں (۱۴) اگر اتنا اشتعال دلانے پر بھی وہ کچھ نہ لا سکیں تو سمجھ لو کہ پھر خدائی طاقت سے یہ کتاب مقدس نازل ہو رہی ہے اور یہ اس دعوت کے لیے نازل ہوئی ہے کہ ایک خدا کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ

جو کوئی دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتا ہے تو ان کے اعمال ہم انہیں

اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

پورے کر دیتے ہیں اور انہیں کچھ بھی نقصان نہیں دیا جاتا یہ وہی ہیں

الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

جن کے لیے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں اور برباد ہوگیا جو کچھ

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ

انہوں نے دنیا میں کیا تھا اور خراب ہوگیا جو کچھ کمایا تھا بھلا وہ شخص جو

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ

اپنے رب کے صاف راستہ پر ہو اور اس کے ساتھ اللہ کی طرف سے ایک گواہ بھی ہو اور اس

كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ

سے پہلے موسیٰ کی کتاب گواہ تھی جو امام اور رحمت تھی یہی لوگ قرآن کو مانتے ہیں

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا

اور جو کوئی سب فرقوں میں سے اس کا منکر ہو تو اس کا ٹھکانا دوزخ ہے سو تو

تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۤ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ

قرآن کی طرف سے شبہ میں نہ رہ بے شک یہ تیرے رب کی طرف سے حق ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۭ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَ

جو اللہ پر جھوٹ باندھے وہ لوگ اپنے رب کے روبرو پیش کیے جائیں گے اور

يَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۚ

گواہ کہیں گے کہ یہی ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا

**ربطِ آیات**

(۱۵-۱۶) اب بھی اگر حق کی مخالفت سے باز نہ آئیں اور زیب و زینت دنیا کو محبوب بنائیں تو یاد رکھیں کہ آخرت میں اُن کے لیے سوائے آگ کے کوئی حصہ نہیں ہوگا۔

(۱۷) جس شخص کی پشت پناہ اللہ تعالیٰ ہو اُس کا مخالف کب جیت سکتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ
خبردار ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ
اور اس میں کجی پیدا کرنا چاہتے ہیں اور وہی آخرت کے
هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ أُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ
منکر ہیں یہ لوگ زمین میں عاجز کرنے والے نہیں تھے
وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ أَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ
اور ان کے لیے سوا اللہ کے کوئی دوست نہ تھا انہیں
لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا
دگنا عذاب کیا جائے گا یہ لوگ نہ سن سکتے تھے اور نہ
كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا أَنْفُسَهُمْ
دیکھتے تھے انہوں نے اپنے آپ کو خسارہ میں ڈال دیا
وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي
اور ان سے ضائع ہوگیا جو جھوٹ وہ باندھتے تھے بے شک یہی لوگ
الْاٰخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
آخرت میں سب سے زیادہ نقصان میں ہونگے البتہ جو لوگ ایمان لائے اور
الصّٰلِحٰتِ وَأَخْبَتُوْٓا إِلٰى رَبِّهِمْ ۙ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ
نیک کام کیے اور اپنے رب کے سامنے عاجزی کی وہ جنت میں رہنے والے ہیں وہ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْأَعْمٰى وَالْأَصَمِّ
اس میں ہمیشہ رہیں گے دونوں فریق کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا اور
وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ ع ۱۴/۲
بہرہ ہوا اور دوسرا دیکھنے والا اور سننے والا کیا دونوں کا حال برابر ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے

وقف لازم

## ربط آیات

(۱۸) جو شخص خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھے اس ظالم پر خدا کی لعنت پڑتی ہے (۱۹) جھوٹوں کا یہ رد ہے (۲۰) جھوٹے لوگ اللہ تعالیٰ کا مقابلہ کب کرسکتے ہیں اور انہیں اللہ تعالیٰ کے سوا مددگار کہاں سے مل سکتے ہیں۔ (۲۱) ان کم بختوں نے سخت نقصان اٹھایا۔ (۲۲) ابھی تو آخرت باقی ہے۔ اس میں ان سے بڑھ کر زیادہ نقصان کسی کا نہ ہوگا (۲۳) خدا پرست جماعت اس پاکیزہ مقام پر پہنچادی جائے گی جس کا نام بہشت ہے (۲۴) جس طرح اندھا اور بینا۔ بہرہ اور کانوں والا برابر نہیں ہوسکتے۔ اسی طرح مذکورۃ الصدر دونوں جماعتیں نتائج اعمال کے لحاظ سے کبھی برابر نہیں ہوسکتیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾

اور ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا بیشک میں تمہیں صاف ڈرانے والا ہوں

اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تم پر دردناک دن کے عذاب

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا

سے ڈرتا ہوں پھر اس کی قوم کے جو کافر سردار تھے وہ بولے ہمیں

نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ

تو تم ہم جیسے ہی ایک آدمی نظر آتے ہو اور ہمیں تو تمہارے پیرو وہی نظر آتے ہیں جو

هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ

ہم میں سے رذیل ہیں وہ بھی سرسری نظر سے اور ہم تم میں اپنے سے کوئی فضیلت بھی

فَضْلٍۢ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

نہیں پاتے بلکہ تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں اس نے کہا اے میری قوم دیکھو تو

كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ

اگر میں اپنے رب کی طرف سے صاف راستہ پر ہوں اور اس نے مجھ پر اپنے ہاں

فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

سے رحمت بھیجی ہو پھر وہ تمہیں دکھائی نہ دے تو کیا میں بزور تمہارے گلے مڑھ دوں اور تم اس سے نفرت کرتے ہو

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْــَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَ

اور اے میری قوم میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا میری مزدوری اللہ ہی کے ذمے ہے

مَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ

اور میں ایمانداروں کو ہٹانے والا نہیں بیشک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں لیکن

اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ

تمہیں جاہل قوم دیکھتا ہوں اور اے میری قوم اگر میں انہیں ہٹا دوں تو مجھے



خلاصہ رکوع ۳ ۔ تذکیر بایام اللہ ۔ حضرت نوح علیہ السلام توحید کی طرف دعوت دیتے ہیں ۔ ماخذ آیت ۲۶

## ربط آیات

(۲۵) تذکیر بایام اللہ کی جا رہی ہے ۔ نوح علیہ السلام اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کی مخالفت سے ڈراتے ہیں (۲۶) توحید سے منہ نہ موڑو ۔ ورنہ خطرہ ہے کہ دردناک دن کے عذاب میں مبتلا ہو جاؤ ۔ (۲۷) سرداران قوم نے جواب دیا ۔ ہمیں تمہارا طریقہ پسند نہیں ۔ تمہاری اطاعت کرنے والے تو وہی آدمی ہیں ۔ جن کو ہم کمینہ خیال کرتے ہیں ۔ (۲۸) نوح علیہ السلام نے فرمایا ۔ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے سمجھ عطا فرمائی ہو اور تم اس نعمت سے محروم ہو تو میں زبردستی وہ بات تمہارے ذہن نشین نہیں کر سکتا (۲۹) تمہارے اعتراضات کی وجہ سے ایمانداروں کو میں علیحدہ نہیں کر سکتا اور میں تم سے کسی کوڑی بھر اجرت کا خواہاں بھی نہیں ہوں ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ

اللہ سے کون چھڑائے گا کیا پھر تم نہیں سمجھتے اور میں تمہیں نہیں کہتا کہ

عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ

میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب دان ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں

اِنِّیْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِیْٓ اَعْيُنُكُمْ

کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ یہ کہوں گا کہ جو لوگ تمہاری نظروں میں حقیر ہیں اللہ ان کو

لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ

بھلائی نہ دے گا اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے

اِنِّیْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا

ایسا کہوں تو میں بے انصاف ہوں کہا اے نوح تو نے ہم سے جھگڑا کیا اور

فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

بہت جھگڑا کر چکا اب لے آ جو تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ

سچا ہے نوح نے کہا اسے تو اگر چاہے گا اللہ ہی لائے گا

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِیْٓ اِنْ اَرَدْتُّ

اور تم اسے روک نہ سکو گے اور میری نصیحت تمہیں فائدہ نہ دے گی خواہ میں کتنی

اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ

ہی نصیحت کرنا چاہوں اگر اللہ کو تمہیں گمراہ رکھنا ہی منظور ہے وہی

رَبُّكُمْ قف وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ؕ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ

تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تمہیں پھر جانا ہے کیا کہتے ہیں کہ قرآن کو خود بنا لایا ہے

اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَیَّ اِجْرَامِیْ وَاَنَا بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع ع ۳ ۱۱

کہہ دو اگر میں بنا لایا ہوں تو اس کا گناہ مجھ پر ہے اور میں تمہارے گناہوں سے بری ہوں

## ربط آیات

(۳۰) اگر میں دراز دستی کر کے ظلم سے ان لوگوں کو نکال بھی دوں۔ پھر مجھے اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کون بچائے گا (۳۱) احکام الٰہی کو پہنچانا میرا کام ہے اس کے سوا اپنی طرف سے تعلّی کا کوئی دعویٰ میں نہیں کر سکتا (۳۲) قوم نے کہا۔ بہتیری بحثیں ہو چکی ہیں۔ اگر آپ سچے ہیں تو عذاب موعود ہم پر لے آئیے (۳۳) نوح علیہ السلام نے فرمایا۔ عذاب لانا میرے اختیار سے باہر ہے یہ کام فقط اللہ تعالیٰ کا ہے (۳۴) اگر تمہاری شامت اعمال کے باعث اللہ تعالیٰ تمہیں گمراہ رکھنا چاہتا ہے و میری نصیحت کیا کر سکتی ہے (۳۵) کیا کفار قرآن کو خود ساختہ سمجھتے ہیں؟ اگر بفرض محال تمہارا خیال درست بھی ہو تو اس کی سزا مجھے مل جائے گی اور تمہیں اپنے اعمال کی سزا ملے گی۔ جن سے میں بری ہوں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَأُوحِيَ إِلَىٰ نُوحٍ أَنَّهُ لَن يُؤْمِنَ مِن قَوْمِكَ إِلَّا

اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ تیری قوم میں سے اب کوئی ایمان نہیں لائے گا مگر

مَن قَدْ آمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿۳۶﴾

جو لا چکا پھر غم نہ کر ان کاموں پر جو کر رہے ہیں

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي

اور ہمارے روبرو اور ہمارے حکم سے کشتی بنا اور ظالموں کے حق میں

الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ وَ

مجھ سے کوئی بات نہ کر بیشک وہ غرق کیئے جائیں گے اور وہ کشتی بناتے تھے اور

كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ

جب اس کی قوم کے سردار اس پر گزرتے اس سے ہنسی کرتے کہتے

إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿۳۸﴾

اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم بھی تم پر ہنسیں گے جیسے تم ہنستے ہو

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ

تمہیں جلدی معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اُسے رسوا کرے گا

عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿۳۹﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا

اور کس پر دائمی عذاب اترتا ہے یہاں تک کہ جب ہمارا حکم پہنچا اور تنور نے جوش مارا

احْمِلْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن

ہم نے کہا کشتی میں ہر قسم کے جوڑا نر مادہ چڑھا لے اور اپنے گھر والوں کو مگر وہ جن

سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿۴۰﴾

کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے اور سب ایمان والوں کو اور اس کے ساتھ ایمان تو بہت کم لائے تھے

وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي

اور کہا اس میں سوار ہو جاؤ اس کا چلنا اور ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہے بیشک میرا رب

خلاصہ رکوع ۴ معاندین توحید بالآخر برباد ہوتے ہیں۔ ماخذ آیت ۴۴

## ربط آیات

(۳۶) بارگاہ الٰہی سے نوح علیہ السلام کو تسلی ملی (۳۷) عذاب الٰہی سے نجات پانے کے لیے آپ ایک کشتی تیار کرلیں اور جب عذاب الٰہی آئے تو ظالموں کے متعلق مجھ سے کوئی سفارش نہ کریں (۳۸) کشتی کو دیکھ کر نوح علیہ السلام کی قوم تمسخر اڑانے لگی (۳۹) نوح علیہ السلام نے انہیں یہ جواب دیا (۴۰) جب عذاب آیا تو نوح علیہ السلام کو یہ حکم ملا۔

قرء حفص بفتح المیم و امالۃ الراء ۱۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤١﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ قف

بخشنے والا مہربان ہے اور وہ انہیں پہاڑ جیسی لہروں میں لیے جا رہی تھی

وَنَادٰى نُوْحُ ۨابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ

اور نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا جبکہ وہ کنارے پر تھا اے بیٹے ہمارے ساتھ

مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ

سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ نہ رہ کہا میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے

يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ

لیتا ہوں جو مجھے پانی سے بچا لے گا کہا آج اللہ کے حکم سے کوئی بچانے والا نہیں

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿٤٣﴾

مگر جس پر وہی رحم کرے اور دونوں کے درمیان موج حائل ہو گئی پھر ڈوبنے والوں میں ہو گیا

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ

اور حکم آیا اے زمین اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان تھم جا اور پانی سکھا دیا گیا

وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا

اور کام ہو چکا اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ

ظالموں پر پھٹکار ہے اور نوح نے اپنے رب کو پکارا کہا اے رب میرا بیٹا

ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٤٥﴾

میرے گھر والوں میں سے ہے اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بڑا حاکم ہے

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ

فرمایا اے نوح وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں ہے کیونکہ اس کے عمل اچھے نہیں ہیں سو مجھ سے

مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٤٦﴾

مت پوچھ جس کا تجھے علم نہیں میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ کہیں جاہلوں میں نہ ہو جاؤ

## ربط آیات

(۴۱) نوح علیہ السلام نے سوار ہونے والوں پر ظاہر فرمایا کہ اس کشتی کا چلنا اور رکنا اللہ تعالیٰ کی طاقت سے ہے نہ کہ میرے زور سے (۴۲) شفقت پدری سے نوح علیہ السلام نے بیٹے کو کفر سے تائب ہو کر کشتی میں آ جانے کی ترغیب دی۔ (۴۳) اس نے دعوت رد کی اور غرق ہو گیا۔ (۴۴) طوفان ختم ہونے کے بعد زمین و آسمان کو یہ حکم ملا اور کشتی جبل جودی پر آ ٹھہری۔ جو موصل کے قریب ہے۔ (۴۵) بیٹے کے غرق ہونے سے پہلے نوح علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں یہ عرض کی (۴۶) جواب ملا کہ بدکار ہونے کی وجہ سے وہ آپ کے اہل میں داخل نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ
کہا اے رب میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے وہ بات پوچھوں جو مجھے معلوم

وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾
نہیں اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں نقصان والوں میں ہو جاؤں گا

قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَكٰتٍ عَلَیْكَ وَ عَلٰٓی
کہا گیا اے نوح ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو تم پر اور تمہارے ساتھ

اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَ اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا
والوں پر رہیں گی کشتی سے اتر اور دوسرے فرقے ہیں کہ ہم انہیں دنیا میں فائدہ دیں گے پھر انہیں ہماری

عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَآ اِلَیْكَ ۚ
طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا یہ غیب کی خبریں ہیں جنہیں ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں

مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَ لَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ؕ
اس سے پہلے نہ تو آپ ہی جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم جانتی تھی

فَاصْبِرْ ؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَ اِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ
پس صبر کر کیونکہ بہتر انجام پرہیزگاروں کے لیے ہے اور ہم نے عاد کی طرف ان

هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ
کے بھائی ہود کو بھیجا کہا اے قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی حاکم نہیں

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ یٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ
تم سب جھوٹ کہتے ہو اے قوم میں اس پر تم سے مزدوری

اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا
نہیں مانگتا میری مزدوری اسی پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا پھر کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَ یٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا
نہیں سمجھتے اور اے قوم اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع



## ربط آیات

(۴۷) خلاف مرضی الٰہی دعا کرنے کی وجہ سے نوح علیہ السلام نے معافی مانگی (۴۸) کشتی سے اترنے کے وقت یہ پیغام ملا (۴۹) امم سابقہ کے یہ صحیح صحیح واقعات محض وحی کے ذریعے آپ کو معلوم ہو رہے ہیں (۵۰) ہود علیہ السلام اپنی قوم کو توحید کی دعوت دیتے ہیں (۵۱) اس تبلیغ پر کسی اجرت کے خواہاں نہیں ہیں۔

معانقة ١٢ الوقف على احد الموضعين اولىٰ ١٢

ع ۴

خلاصہ رکوع ۵: تذکیر بایام اللہ۔ واقعہ قوم عاد۔ انہیں توحید کی طرف دعوت دی جاتی ہے۔ انکار کے باعث ہلاک ہوتے ہیں ماخذ (۱) آیت ۵۰ (۲) آیت ۶۰

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى

کرو وہ تم پر خوب بارشیں برسائے گا اور تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا

قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٥٢﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا

اور تم نافرمان ہو کر نہ پھر جاؤ کہا اے ہود تو ہمارے پاس

بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا

کوئی معجزہ بھی نہیں لایا اور ہم تیرے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں

نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٣﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ

اور نہ ہم تجھے ماننے والے ہیں ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تجھے ہمارے کسی معبود نے

بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا

بری طرح سے جھپٹ لیا ہے کہا بے شک میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ

اَنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ

رہو کہ میں ان چیزوں سے بیزار ہوں کہ جنہیں تم اللہ کے سوا شریک کرتے ہو سو تم سب مل کر میرے حق میں برائی

جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٥٥﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَي اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ

کرو پھر مجھے مہلت نہ دو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے جو میرا اور تمہارا رب

مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي

ہے کوئی بھی زمین پر ایسا چلنے والا نہیں کہ جس کی چوٹی اس نے نہ پکڑ رکھی ہو بے شک میرا

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٦﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ

رب سیدھے راستہ پر ہے پھر اگر تم منہ پھیرو گے تو جو مجھے دے کر بھیجا گیا تھا

اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ

وہ تمہیں پہنچا دیا اور میرا رب تمہاری جگہ اور قوم پیدا کر دے گا

وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَـيْـــًٔـا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٥٧﴾

اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکو گے بے شک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے

## ربط آیات

(۵۲) اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگو۔ تاکہ قحط دور ہو جائے بلکہ مزید طاقت تمہیں عطا فرمائے (۵۳) قوم نے یہ مہمل جواب دیا (۵۴) ہمارا خیال یہ ہے کہ ہمارے معبودوں کی بددعا نے تمہارا دماغ خراب کر دیا ہے۔ ہود علیہ السلام نے فرمایا۔ یاد رکھو میں تمہارے شرک کا ہرگز قائل نہیں ہو سکتا (۵۵) تم اور تمہارے معبود زور لگا کر دیکھ لیں میرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔ (۵۶) میں فقط ایک اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہوں۔ ہر جاندار کی باگ اسی کے قبضہ قدرت میں ہے (۵۷) اگر تم نہ مانو تو میں اپنا فرض ادا کر چکا ہوں۔ تم اللہ تعالیٰ کا کیا بگاڑ سکتے ہو۔ وہ تمہیں تباہ کر کے دوسرے بندے پیدا کر دیگا۔



Downloaded from .... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

اور جب ہمارا حکم پہنچا تو ہم نے ہود کو اور انہیں جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ

اپنی رحمت سے بچا لیا اور ہم نے انہیں سخت عذاب سے نجات دی اور یہ

عَادٌ ۟ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ

عاد تھے کہ اپنے رب کی باتوں سے منکر ہوئے اور اس کے رسولوں کو نہ مانا اور

كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٥٩﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّ

ہر ایک جبار سرکش کا حکم مانتے تھے اور اس دنیا میں بھی اپنے پیچھے لعنت چھوڑ گئے اور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ

قیامت کے دن بھی خبردار بیشک عاد نے اپنے رب کا انکار کیا تھا خبردار عاد جو ہود کی قوم

قَوْمِ هُوْدٍ ﴿٦٠﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ

تھی اللہ کی رحمت سے دور کی گئی اور ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہا اے میری قوم

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ

اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اسی نے تمہیں زمین سے بنایا اور

الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

تمہیں اس میں آباد کیا پس اس سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع

اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿٦١﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ

کرو بیشک میرا رب نزدیک ہے قبول کرنے والا انہوں نے کہا اے صالح اس

فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ

سے پہلے تو ہمیں تجھ سے بڑی امید تھی کیا تم ہمیں ان معبودوں کے پوجنے سے منع کرتے ہو کہ جنہیں

اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾

ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں اور جس طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس سے تو ہم بڑے شک میں ہیں

## ربط آیات

(۵۸) جب عذاب الٰہی آیا تو ہود علیہ السلام مع مومنین کے بچا لیے گئے

(۵۹) قوم ہود کی تباہی کا باعث تکذیب آیات اور انبیاء علیہم السلام کی نافرمانی تھی

(۶۰) مذکورۃ الصدر سبب کی بنا پر دنیا و آخرت کی لعنت کے مستحق ٹھہرائے گئے

ع ۵ ۱۱

خلاصہ رکوع ۶ ۔ تذکیر بایام اللہ ۔ قوم ثمود نے دعوت توحید کو رد کیا اور ہلاک کی گئی ماخذ ۱۱ آیت ۶۱ تا آیت ۶۷

(۶۱) صالح علیہ السلام اپنی قوم کو توحید کی دعوت دیتے ہیں اور استغفار کی تلقین کرتے

(۶۲) قوم اس دعوت کو رد کرتی ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ
صالح نے کہا اے میری قوم بھلا دیکھو تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے کوئی کھلی دلیل رکھتا ہوں
اٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ
اور اُس کی طرف سے میرے پاس رحمت بھی آ چکی ہو پھر اگر میں اس کی نافرمانی
عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ
کروں تو مجھے اس سے کون بچا سکتا ہے پھر تم مجھے نقصان کے سوا اور کیا دے سکو گے اور اے میری قوم
نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَ
یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے سو اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرے اور
لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾ فَعَقَرُوْهَا
اور اسے برائی سے چھونا بھی نہیں ورنہ تمہیں عذاب بہت جلد آ پکڑے گا پھر انہوں نے
فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ
اس کے پاؤں کاٹ ڈالے تب صالح نے کہا تین دن تک اپنے گھروں میں فائدہ اٹھا لو یہ
مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ
وعدہ ہے جو جھوٹا نہ ہو گا پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے صالح کو اور جو اُس کے ساتھ ایمان
اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ اِنَّ رَبَّكَ
لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے نجات دی بیشک تیرا رب
هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ
وہی زور والا زبردست ہے اور ان ظالموں کو ہولناک آواز نے پکڑ لیا
فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا
پھر صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے گویا کہ کبھی وہاں رہے ہی نہ
فِيْهَا اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ ع
تھے خبردار ثمود نے اپنے رب کا انکار کیا تھا خبردار ثمود پر پھٹکار ہے

## ربط آیات

(۶۳) صالح علیہ السلام استقامۃ علی التوحید کا اعلان کرتے ہیں (۶۴) اور تعظیم شعائر اللہ (ناقۃ اللہ) کی تلقین فرماتے ہیں (۶۵) توہین شعائر اللہ پر تین دن کے بعد عذاب الٰہی کے نازل ہونے کی اطلاع دیتے ہیں (۶۶) صالح علیہ السلام اور اُن پر ایمان لانے والے عذاب الٰہی سے بچا لیے جاتے ہیں (۶۷) عذاب الٰہی ایک آواز کی شکل میں نمودار ہوا اور وہ سب فنا ہو گئے۔ (۶۸) مکانات ایسے برباد ہو گئے گویا یہ لوگ ان میں کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے یہ سزا کفر کے باعث پائی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرٰهِيمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوا
اور ہمارے بھیجے ہوئے ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر آئے انہوں نے
سَلٰمًا ۖ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾
کہا سلام اس نے کہا سلام پس دیر نہ کی کہ ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آیا
فَلَمَّا رَاٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ
پھر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس تک نہیں پہنچتے تو انہیں اجنبی سمجھا اور ان سے
مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلٰى قَوْمِ
ڈرا انہوں نے کہا خوف نہ کرو ہم تو لوط کی قوم کی طرف بھیجے گئے
لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا
ہیں اور اس کی عورت کھڑی تھی تب وہ ہنس پڑی پھر ہم نے اُسے
بِإِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَاءِ إِسْحٰقَ يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾ قَالَتْ
اسحٰق کے پیدا ہونے کی خوش خبری دی اور اسحٰق کے بعد یعقوب کی وہ بولی
يٰوَيْلَتٰى ءَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَّهٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ
اے افسوس کیا میں بوڑھی ہو کر جنوں گی میرا خاوند بھی بوڑھا ہے یہ تو
هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ
ایک عجیب بات ہے انہوں نے کہا کیا تو اللہ کے حکم سے تعجب کرتی ہے
رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ ۚ إِنَّهُ حَمِيدٌ
تم پر اے گھر والو اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں بیشک وہ
مَّجِيدٌ ﴿٧٣﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرٰهِيمَ الرَّوْعُ وَجَاءَتْهُ
تعریف کیا ہوا بزرگ ہے جب ابراہیم سے ڈر جاتا رہا اور اُسے خوشخبری آئی
الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٤﴾ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ
ہم سے قوم لوط کے حق میں جھگڑنے لگا بے شک ابراہیم

خلاصہ رکوع۔ تذکیر بایام اللہ۔ قوم لوط علیہ السلام فسق یا فطرہ بگاڑنے کے باعث ہلاک ہوتی ہے۔ ماخذ آیات ۶۹-۸۳

## ربط آیات

(۶۹) فرشتوں کا ابراہیم علیہ السلام کے پاس آنا تسلی خاطر کے لیے کہ اگر آپ کی نسل روحانی قوم لوط علیہ السلام ایک طرف تباہ کی جا رہی ہے تو دوسری بہترین نسل کی بشارت دی جاتی ہے۔ ابراہیم علیہ السلام فرشتوں کو مہمان خیال کر کے بچھڑے کا بھنا ہوا گوشت لائے (۷۰) ان کے گوشت نہ کھانے کے باعث ابراہیم علیہ السلام خائف ہوئے۔ لیکن فرشتوں نے انہیں تسلی دی (۷۱) اور آپ کی اہلیہ محترمہ کو اسحٰق اور یعقوب علیہما السلام کی بشارت دی (۷۲) انہوں نے بچہ پیدا ہونے میں جو مشکلات تھیں ان کا اظہار کیا (۷۳) فرشتوں نے اس مشکل کام کے سرانجام ہونے میں فیصلہ الٰہی سنا دیا (۷۴) اپنی تسلی کے بعد ابراہیم علیہ السلام قوم لوط کے متعلق جھگڑنے لگے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾ يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا

بردبار، نرم دل اور اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا تھا — اے ابراہیم یہ خیال چھوڑ دے

إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ

کیونکہ تیرے رب کا حکم آچکا ہے — اور بے شک ان پر عذاب آکر ہی رہے گا جو

غَيْرُ مَرْدُودٍ ﴿٧٦﴾ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ

ٹلنے والا نہیں — اور جب ہمارے بھیجے ہوئے لوط کے پاس پہنچے

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ﴿٧٧﴾

تو اُن کے آنے سے غمگین ہوا اور دل میں تنگ ہوا اور کہا آج کا دن بڑا سخت ہے

وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ

اور اس کے پاس اُس کی قوم بے اختیار دوڑتی آئی — اور یہ لوگ پہلے ہی سے

كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ هَٰؤُلَاءِ

بُرے کام کیا کرتے تھے — کہا اے میری قوم — یہ میری

بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ

بیٹیاں ہیں — یہ تمہارے لیے پاک ہیں سو تم اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں

فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ ﴿٧٨﴾

مجھے ذلیل نہ کرو — کیا تم میں کوئی بھی بھلا آدمی نہیں

قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ

انہوں نے کہا البتہ تحقیق تو جانتا ہے کہ ہمیں تیری بیٹیوں سے کوئی غرض نہیں

حَقٍّ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ﴿٧٩﴾ قَالَ لَوْ أَنَّ

اور تجھے معلوم ہے — جو ہم چاہتے ہیں — کہا کاش کہ مجھے

لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ﴿٨٠﴾

تمہارے مقابلہ کی طاقت ہوتی یا میں کسی زبردست سہارے کی پناہ جا لیتا

## ربط آیات

(۷۵) ابراہیم علیہ السلام بردباری، نرم دلی، رجوع الی اللہ کی خوبیوں کے باعث جھگڑا کر رہے تھے (۷۶) فرشتوں نے ابراہیم علیہ السلام سے یہ عرض کی (۷۷) حضرت لوط علیہ السلام اپنی قوم کی بد عادت سے واقف تھے۔ اس لیے ان معزز مہمانوں کے آنے کی وجہ سے سخت مغموم ہوئے (۷۸) قوم والے حسب عادت دوڑتے ہوئے آئے۔ لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ میری روحانی بیٹیاں (یعنی قوم کی عورتیں) تم پر مباح ہیں۔ اُن سے نکاح کر کے صحیح راستہ اختیار کرو۔ میرے مہمانوں کی ہتک عزت کر کے مجھے ذلیل نہ کرو (۷۹) انہوں نے جواب دیا جو ہم چاہتے ہیں وہ تو آپ کو معلوم ہی ہے (۸۰) لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر مجھے طاقت ہوتی تو تمہارا ضرور مقابلہ کرتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ
فرشتوں نے کہا اے لوط بیشک ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں یہ تم تک ہرگز نہ پہنچ
بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ
سکیں گے سو کچھ حصہ رات رہے اپنے لوگوں کو لے نکل اور تم میں سے کوئی مڑ کر نہ دیکھے مگر
اِلَّا امْرَاَتَكَ ۭ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ۭ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ
تیری عورت کہ اس پر بھی وہی بلا آنے والی ہے جو ان پر آئے گی ان کے وعدہ
الصُّبْحُ ۭ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا
کا وقت صبح ہے کیا صبح کا وقت نزدیک نہیں ہے پھر جب ہمارا حکم پہنچا تو
جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ
ہم نے وہ بستیاں الٹ دیں اور اس زمین پر کھنگر کے پتھر برسانا شروع کیے
سِجِّيْلٍ ڏ مَّنْضُوْدٍ ﴿٨٢﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ
جو لگاتار گر رہے تھے جن پر تیرے رب کے ہاں سے خاص نشان بھی
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٣﴾ ۧ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ
تھا اور یہ بستیاں ان ظالموں سے کچھ دور نہیں ہیں اور مدین کی طرف ان کے بھائی
شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ
شعیب کو بھیجا کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں
وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّ
اور ماپ اور تول کو نہ گھٹاؤ میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں اور تم پر ایک گھیر
اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿٨٤﴾ وَيٰقَوْمِ
لینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں اور اے میری قوم
اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ
انصاف سے ماپ اور تول کو پورا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ

## ربط آیات

(۸۱) مذکورالصدر گفت وشنید کے بعد فرشتوں نے یہ پیغام پہنچایا (۸۲) جب اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا تو جس نے پانچ بستیوں کو تہ و بالا کر دیا۔ علاوہ اس کے پتھروں کی لگاتار بارش ہوئی (۸۳) وہ پتھر ایک خاص نشان والے تھے (۸۴) شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی علاوہ اس کے انہیں تنبیہ کی کہ لوگوں کو دھوکا نہ دیا کریں۔ ورنہ عذاب الٰہی میں مبتلا ہونگے

ع ۱۵ / ۷

خلاصہ رکوع ۸۔ تذکیر بایام اللہ۔ شعیب علیہ السلام کی دعوت الی التوحید۔ قوم کا انکار کے باعث ہلاک ہونا۔ ماخذ: (۱) آیت ۸۴ (۲) آیت ۹۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٨٥﴾ بَقِيَّتُ

دو اور زمین میں فساد نہ مچاؤ اللہ کا دیا

اللَّهِ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ ﴿٨٦﴾

جو باقی بچ رہے وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم ایماندار رہو اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں

قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ

انہوں نے کہا اے شعیب کیا تیری نماز تجھے یہی حکم دیتی ہے کہ ہم ان چیزوں کو چھوڑ دیں

آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ

جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے یا اپنے مالوں میں اپنی خواہش کے مطابق معاملہ نہ کریں

لَأَنْتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ

بے شک تو البتہ بردبار نیک چلن ہے کہا اے میری قوم دیکھو تو سہی اگر مجھے اپنے

عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا

رب کی طرف سے سمجھ آگئی ہے اور اس نے مجھے عمدہ روزی دی ہے اور میں

أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ

یہ نہیں چاہتا کہ جس کام سے تمہیں منع کروں میں اس کے خلاف کروں میں تو اپنی طاقت

إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ

کے مطابق اصلاح ہی چاہتا ہوں اور مجھے تو صرف اللہ ہی سے توفیق حاصل ہوتی

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ

ہے میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں اور اے میری قوم کہیں میری ضد

شِقَاقِي أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ

سے ایسا جرم نہ کر بیٹھنا کہ جس سے وہی مصیبت نہ آ پڑے جیسی کہ قوم نوح یا

قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِنْكُمْ بِبَعِيدٍ ﴿٨٩﴾

قوم ہود یا قوم صالح پر پڑی تھی اور لوط کی قوم بھی تم سے دور نہیں

## ربط آیات

(۸۵) شعیب علیہ السلام اپنی قوم سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ لوگوں کو ان کا حق پورا دیا کرو۔ اور زمین میں فساد برپا نہ کرو (۸۶) حلال کا نفع تمہارے لیے بہتر ہے (۸۷) قوم نے جواب دیا کہ آیا تیری نماز یہی حکم دیتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادا کے معبودوں کو چھوڑ دیں اور اپنے مالوں میں اپنا اختیاری تصرف ترک کر دیں۔

(۸۸) شعیب علیہ السلام نے کہا۔ جب میرے رب کی طرف سے حجت واضح میرے پاس آچکی ہے تو میں اس کی مخالفت کس طرح کر سکتا ہوں۔ میں تو تمہاری اصلاح چاہتا ہوں۔

(۸۹) اے میری قوم ایسا نہ ہو کہ میری مخالفت کے باعث تم پر عذاب آئے جس طرح نوح، ہود، صالح، لوط علیہم السلام کی امتوں پر عذاب آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ

اور اپنے اللہ سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو بیشک میرا رب مہربان محبت والا

وَدُودٌ (۹۰) قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ

ہے انہوں نے کہا اے شعیب ہم بہت سی باتیں نہیں سمجھتے جو تم کہتے ہو

وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ ۖ

اور بیشک ہم البتہ تمہیں اپنے میں کمزور پاتے ہیں اور اگر تیری برادری نہ ہوتی تو تجھے ہم

وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ (۹۱) قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ

سنگسار کر دیتے اور ہماری نظر میں تیری کوئی عزت نہیں ہے کہا اے میری قوم کیا میری برادری کا دباؤ

عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ

تم پر اللہ سے زیادہ ہے اس کو تم نے پس پشت ڈال دیا ہے بیشک میرا رب

إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (۹۲) وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا

تمہارے سب اعمال پر احاطہ کرنے والا ہے اور اے میری قوم اپنی جگہ

عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن

پر کام کئے جاؤ میں بھی کام کرتا ہوں آئندہ معلوم کر لوگے کس پر

يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوا

رسوا کرنے والا عذاب آتا ہے اور جھوٹا کون ہے اور انتظار کرو

إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ (۹۳) وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَ

بیشک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں اور جب ہمارا حکم آگیا تو ہم نے شعیب کو اور

الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِينَ

ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا اور ان ظالموں کو

ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ (۹۴)

کڑک نے آپکڑا پھر صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے

## ربط آیات

(۹۰) اپنے رب سے معافی مانگو میرا رب بڑا مہربان دوست پرور ہے (۹۱) ان لوگوں نے کہا اے شعیبؑ تمہاری بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی اگر تمہارے کنبہ کا ڈر نہ ہوتا تو تمہیں سنگسار کرتے (۹۲) شعیب علیہ السلام نے فرمایا۔ کیا میرے خویش و اقارب کا خطرہ تمہیں زیادہ محسوس ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو تم کچھ نہیں سمجھتے (۹۳) اچھا اگر میری بات نہیں مانتے تو جو تمہارا جی چاہے کرو۔ تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ کس پر عذاب آتا ہے اور جھوٹا کون ہے۔ (۹۴) جب عذاب الٰہی آیا تو شعیبؑ مع مومنین کے خدا تعالیٰ کے فضل سے بچ گئے اور ظالم ایک ہیبت ناک آواز سے تباہ ہو گئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ

گویا کبھی وہاں بسے ہی نہ تھے خبردار مدین پر پھٹکار ہے جیسے ثمود پر پھٹکار

ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ

ہوئی تھی اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں اور واضح سند

مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾ لا اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ

دے کر بھیجا فرعون اور اس کے سرداروں کے ہاں پھر وہ فرعون کے حکم

فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ

پر چلے اور فرعون کا حکم ٹھیک بھی نہ تھا قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿٩٨﴾

اپنی قوم کے آگے ہوگا پھر انہیں آگ میں لا ڈالے گا اور بُرا گھاٹ ہے جس پر وہ پہنچے

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ

اور اپنے پیچھے اس جہان میں بھی لعنت چھوڑ گئے اور قیامت کے دن کے لیے بھی بُرا

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿٩٩﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰی نَقُصُّهٗ

ہی انعام ہے جو انہیں دیا جائیگا یہ بستیوں کے تھوڑے سے حالات ہیں کہ ہم تجھے سُنا رہے

عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿١٠٠﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ

ہیں ان میں سے کچھ تو ابتک باقی ہیں اور کچھ اجڑی پڑی ہیں اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا

لٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ

لیکن وہی اپنی جانوں پر ظلم کر گئے پھر ان کے وہ معبود کچھ کام نہ آئے جنہیں وہ اللہ

الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا

کے سوا پکارتے تھے جس وقت تیرے

جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿١٠١﴾

رب کا حکم آپہنچا اور ان معبودوں نے سوا ہلاکت کے انہیں کچھ بھی فائدہ نہ دیا



## ربطِ آیات

(٩٥) وہ بستی ایسی ویران دِکھائی دیتی تھی۔ گویا لوگ کبھی اس میں آباد ہی نہیں ہوئے تھے (٩٦-٩٧) حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون اور اسکی قوم

ع ١٢ ٨ ٨

خلاصہ رکوع ٩ ۔ تذکیر بایام اللہ (١) فرعون کا جرم خلق اللہ کو اللہ تعالیٰ سے توڑنا تھا (٢) اس لیے تابع اور متبوع دونوں طعون ہوئے (٣) تمام برباد شدہ قوموں کا جرم انکارِ توحید ہی تھا
ماخذ (١) آیت ٩٧ (٢) آیت ٩٩ (٣) آیت ١٠١

کے پاس روشن دلائل لے کر جاتے ہیں۔ ان لوگوں نے موسیٰ علیہ السلام کی پرواہ نہ کی اور فرعون کا اتباع اختیار کیا۔ (٩٨) فرعون اپنی قوم کا پیشوا بن کر قیامت کے دن انہیں دوزخ میں داخل کریگا (٩٩) تابع اور متبوع دونوں پر دنیا اور آخرت کی لعنت پڑی (١٠٠) جن تباہ شدہ بستیوں کے حالات ہم نے آپ کو سنائے ہیں بعض کے کھنڈرات اب تک موجود ہیں اور بعض کے نشانات بھی مٹ چکے ہیں (١٠١) ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا (اور اس عذاب کا باعث عقیدہ توحید سے انکار تھا) ان کے باطل معبود عذاب الٰہی سے انہیں بچا نہیں سکے

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِىَ ظَالِمَةٌ ؕ

اور تیرے رب کی پکڑ ایسی ہی ہوتی ہے جب وہ ظالم بستیوں کو پکڑتا ہے

اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ

اور اس کی پکڑ سخت تکلیف دہ ہے    اس بات میں نشانی ہے اس کے لیے

خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ

جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے    یہ ایک ایسا دن ہوگا جس میں سب لوگ جمع ہونگے اور

ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ؕ ﴿۱۰۴﴾

یہی دن ہے جس میں سب حاضر کیے جائیں گے    اور ہم اسے صرف تھوڑی مدت کیلئے ملتوی کیے ہوئے ہیں

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِىٌّ وَّ

جب وہ دن آئیگا تو کوئی شخص اللہ کی اجازت کے سوا بات بھی نہ کر سکے گا سو ان میں سے بعض بدبخت ہیں اور

سَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِى النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا

بعض نیک بخت    پھر جو بد ہوں گے تو وہ آگ میں ہوں گے    کہ اس میں ان کی چیخ و پکار

زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۙ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ

پڑی رہے گی    اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان زمین قائم ہیں

وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا

ہاں اگر تیرے اللہ ہی کو منظور ہو (تو دوسری بات ہے) بیشک تیرا رب جو چاہے اسے پورے طور سے

يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

کر سکتا ہے    اور جو لوگ نیک بخت ہیں سو جنت میں ہوں گے اس میں ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ

جب تک آسمان    زمین    قائم ہیں    ہاں اگر تیرے اللہ ہی کو منظور ہو تو

عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ

(دوسری بات ہے) یہ بے انتہا عطیہ ہوگا    سو تو ان چیزوں سے شک میں نہ رہ جنہیں یہ پوجتے

## ربط آیات

(۱۰۲) تیرے رب کی گرفت ہمیشہ ایسی ہی سخت ہوا کرتی ہے (۱۰۳) آخرت سے ڈرنے والوں کے لیے اس میں نصیحت ہے (۱۰۴) قیامت کی تاخیر ایک معینہ مدت تک ہو رہی ہے (۱۰۵) قیامت کے دن بلا اجازت الٰہی کوئی شخص لب کشائی نہیں کر سکے گا۔ اس دن آدمی دو قسم کے ہوں گے بعض شقی اور بعض سعید۔ (۱۰۶) بدبخت دوزخ میں جائیں گے (۱۰۷) دوزخی دوزخ میں دنیا کے زمین و آسمان کی مدت تو رہیں گے اور مزید برآں وہ مدت جو اللہ تعالیٰ کی مشیت میں ہے اور وہ غیر متناہی ہے (۱۰۸) بہشتی بہشت میں دنیا کے زمین و آسمان کی مدت تو رہیں گے اور مزید برآں وہ مدت جو اللہ تعالیٰ کی مشیت میں ہے اور وہ غیر متناہی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ

ہیں یہ لوگ کچھ نہیں پوجتے مگر اسی طرح سے کہ جس طرح ان سے پہلے ان کے باپ دادا پوجتے

وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

تھے اور بیشک ہم انہیں عذاب کا پورا حصہ دے کر رہیں گے اور البتہ ہم نے موسٰی

مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

کو کتاب دی تھی پھر اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات مقرر

مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

نہ ہو چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ ہو جاتا اور بیشک اس کی طرف سے ایسے شک میں ہیں کہ مطمئن

مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ

نہیں ہونے دیتا اور جتنے لوگ ہیں جب وقت آیا تیرا رب انہیں ان کے اعمال پورے دیگا بیشک

اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ

وہ خبردار ہے اس چیز سے جو کر رہے ہیں سو تو پکا رہ جیسا تجھے حکم دیا گیا ہے اور جنہوں نے

تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَ

تیرے ساتھ توبہ کی ہے اور حد سے نہ بڑھو بیشک وہ دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور

لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ

ان کی طرف مت جھکو جو ظالم ہیں پھر تمہیں بھی آگ چھوئے گی اور اللہ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ

تمہارا اور کوئی مددگار نہیں ہے پھر کہیں سے مدد نہ پاؤ گے اور دن کے

الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ

دونوں طرف اور کچھ حصہ رات کا نماز قائم کر بیشک نیکیاں

يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ ع

برائیوں کو دور کرتی ہیں یہ نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے نصیحت ہے



ع ۹ ۱۴ ۹

## ربط آیات

(۱۰۹) مشرکین کے معبودان باطل کی بیکسی اور عجز میں شک نہیں ہونا چاہیے نہ وہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ ضرر دے سکتے ہیں یہ

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۰ ۔ (۱) آپ کی دعوت پر بھی مخالفین ویسے سر اٹھائیں گے (۲) آپ اللہ تعالٰی کی عبادت میں شامل رہیں ۔ اسی پر اعتماد کریں پھر دیکھیں کیا نتائج نکلتے ہیں ۔ ماخذ (۱) آیت ۱۲۱ ۔ ۱۲۲ (۲) آیت ۱۲۳ |

لوگ اپنے باپ دادا کی رسم کے لحاظ سے ان کی عبادت کر رہے ہیں ۔ (۱۱۰) موسٰی علیہ السلام کو تورات دی گئی تھی ۔ اس کے متعلق دو گروہ ہو گئے تھے ایک ماننے والا دوسرا انکار کرنے والا ۔ اسی طرح یہاں قرآن حکیم کے متعلق ہو رہا ہے لہٰذا مخالفین کے خلاف سے آپ کبیدہ و خاطر نہ ہوں ۔ (۱۱۱) ہر شخص اپنے اپنے اعمال کے مناسب جزا و سزا پائے گا (۱۱۲) آپ اور آپ کے متبعین اس کتاب کی تصدیق اور اس پر عمل نہ چھوڑیں ۔ اللہ تعالٰی آپ کے حالات کا بھی مشاہدہ کر رہا ہے (۱۱۳) اے مسلمانو ! اعدائے اسلام کی طرف بال برابر بھی نہ جھکو ورنہ تم بھی ظالموں کی سی سزا کے مستحق ٹھہرائے جاؤ گے ۔ (۱۱۴) اور صبح

وشام بجا لیات کا بھی کچھ حصہ عبادت الٰہی میں صرف کیا کرو ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہاری نیکیاں برائیوں کو مٹا دیں گی

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا

اور صبر کر بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا سو ان

كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ

جماعتوں میں ایسے لوگ کیوں نہ ہوئے جو تم سے پہلے تھیں جو ملک میں فساد پھیلانے سے

عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا

منع کرتے بجز چند آدمیوں کے جنہیں ہم نے ان میں سے

مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا

بچا لیا تھا اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی وہ تو انہیں لذتوں کے پیچھے پڑے رہے جو انکو دی گئی تھیں

مُجْرِمِينَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ

اور وہ مجرم تھے اور تیرا رب ہرگز ایسا نہیں جو بستیوں کو زبردستی سے ہلاک کردے

وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ

اور وہاں کے لوگ نیک ہوں اور اگر تیرا رب چاہتا تو سب لوگوں کو

أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾ إِلَّا مَن

ایک رستہ پر ڈال دیتا اور ہمیشہ اختلاف میں رہیں گے مگر جس پر تیرے

رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ

رب نے رحم کیا اور اسی لیے انہیں پیدا کیا ہے اور تیرے رب کی یہ بات

رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

پوری ہو کر رہے گی کہ البتہ دوزخ کو اکٹھے جنوں اور آدمیوں سے بھر

أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ

دوں گا اور ہم رسولوں کے حالات تیرے پاس اس لیے بیان کرتے

الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ

ہیں کہ ان سے تیرے دل کو مضبوط کردیں اور ان واقعات میں تیرے پاس

## ربط آیات

(۱۱۵) آپ صبر کریں اللہ تعالیٰ نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کیا کرتا (۱۱۶) ہمیشہ اسی طرح ہوتا رہا کہ انبیاء علیہم السلام کے متبعین تھوڑے آدمی ہوئے۔ اور اکثر مال ومتاع دنیا کے پیچھے پڑے رہے (۱۱۷) اللہ تعالیٰ نے اپنی اصلاح کرنے والوں کو کبھی عذاب میں مبتلا نہیں کیا (۱۱۸-۱۱۹) اللہ تعالیٰ چاہتا تو اپنی قدرت کاملہ سے جبراً سب لوگوں کو ایک دین پر جمع کر دیتا لیکن اب یہ لوگ اپنی اپنی مرضی سے ہمیشہ جدا ہی رہیں گے اور کبھی ایک دین پر جمع نہیں ہوں سکے ہاں جن پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوگی تو وہم خیال نظر آئیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ
حق بات پہنچ جائے گی اور ایمانداروں کیلئے نصیحت اور یاددہانی ہے اور ان

لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا
سے کہہ دو جو ایمان نہیں لاتے اپنی جگہ پر کام کئے جاؤ ہم بھی کام

عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ
کرتے ہیں اور انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں اور آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ
اور زمین کی پوشیدہ بات اللہ ہی جانتا ہے اور سب کام کا رجوع اسی کی طرف ہے

وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع
پس اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو اور تیرا رب بے خبر نہیں اس سے جو کرتے ہو

ع ۱۰ ۱۰

اٰیاتہا ۱۱۱ (۱۲) سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ (۵۳) رکوعاتہا ۱۲

آیتیں ۱۱۱ سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی رکوع ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۫ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ ۣ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ
یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ہم نے اس قرآن کو

قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ
عربی زبان میں تمہارے سمجھنے کے لیے نازل کیا ہم تیرے پاس

عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا
بہت اچھا قصہ بیان کرتے ہیں اس واسطے کہ ہم نے تیری طرف یہ

الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾
قرآن بھیجا ہے اور تو اس سے پہلے البتہ بے خبروں میں سے تھا

## ربط آیات

(۱۲۰) انبیاء سابقین علیہم السلام کے قصے ہم آپ کو تسلی کے لیے سنایا کرتے ہیں (۱۲۱) ایمان نہ لانے والوں سے یہ کہہ دیجیے کہ اگر نہیں مانتے تو اپنے طریقے پر چلے جاؤ دیکھ لوگے آئندہ کیا نتائج نکلتے ہیں (۱۲۲) تم بھی انتظار کرو ہم بھی فیصلہ الٰہی کے منتظر رہیں گے (۱۲۳) اللہ تعالیٰ آسمان اور زمین (اور ان میں بسنے والوں) کے تمام حالات سے آگاہ ہے۔ فیصلہ اسی کے قبضہ میں ہے۔ اسی کی عبادت کیجیے اور اسی پر بھروسہ رکھیے تم سب کے اعمال سے وہ باخبر ہے

خلاصہ رکوع ۱۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی تعبیر سرفرازی۔ ماخذ آیت ۴-۶

## سورۂ یوسف

(موضوع سورت)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستقبل کے متعلق پیشین گوئی

(خلاصہ سورت)

جس طرح یوسف علیہ السلام کو بعد التکلیف مصر میں راحت اور سرفرازی نصیب ہوئی اور ان کے بھائی نادم ہوئے۔ اسی طرح قریش کو بھی فتح مکہ کے دن نادم ہوئے۔

(۱) کتاب روشن کی یہ آیتیں ہیں (۲) ہم نے اس کتاب کو عربی میں نازل کیا تاکہ آسانی سے تم سمجھ لو (۳) چونکہ ہم نے آپ پر قرآن نازل کیا ہے جس کی وجہ سے آپ مصائب آلام میں مبتلا ہیں (اس لیے) ایک نہایت عمدہ قصہ سناتے ہیں جس سے آپکو آئندہ کے متعلق اپنی کامیابی و سرفرازی کا یقین ہو جائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ

جس وقت یوسف نے اپنے باپ سے کہا اے باپ میں نے گیارہ ستاروں

عَشَرَ كَوْكَبًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِي سَاجِدِينَ ④

اور سورج اور چاند کو خواب میں دیکھا کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں

قَالَ يَا بُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلَىٰ إِخْوَتِكَ فَيَكِيدُوا

کہا اے بیٹے اپنا خواب اپنے بھائیوں کے سامنے نہ بیان کرنا وہ تیرے لیے کوئی نہ کوئی

لَكَ كَيْدًا ۖ إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلْإِنسَانِ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ⑤

فریب بنا دیں گے بیشک شیطان انسان کا صریح دشمن ہے

وَكَذَٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيلِ

اور اسی طرح تیرا رب تجھے برگزیدہ کرے گا اور تجھے خواب کی تعبیر

الْأَحَادِيثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ آلِ يَعْقُوبَ

سکھائے گا اور اپنی نعمتیں تجھ پر اور یعقوب کے گھرانے پر

كَمَا أَتَمَّهَا عَلَىٰ أَبَوَيْكَ مِن قَبْلُ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ ۚ

پوری کریگا جس طرح کہ اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیم اور اسحٰق پر پوری کر چکا

ع ۱ / ۱۱ إِنَّ رَبَّكَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ⑥ لَّقَدْ كَانَ فِي يُوسُفَ

ہے بیشک تیرا رب جاننے والا حکمت والا ہے البتہ یوسف اور اس کے بھائیوں کے قصہ

وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِّلسَّائِلِينَ ⑦ إِذْ قَالُوا لَيُوسُفُ وَ

میں پوچھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں جب انہوں نے کہا البتہ یوسف اور

أَخُوهُ أَحَبُّ إِلَىٰ أَبِينَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّ

اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارا ہے حالانکہ ہم طاقتور جماعت ہیں بیشک

أَبَانَا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ⑧ اقْتُلُوا يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ

ہمارا باپ صریح غلطی پر ہے یوسف کو مار ڈالو یا کسی ملک میں

## ربطِ آیات

(۴) یوسف علیہ السلام نے ایک خواب دیکھا اور حضرت یعقوب علیہ السلام کو وہ خواب سُنایا (۵) حضرت یعقوب علیہ السلام نے یوسف علیہ السلام سے کہا کہ یہ خواب بھائیوں کو نہ بتلائیں (۶) جس طرح اللہ تعالیٰ نے تمہیں خواب میں سرفرازی عطا فرمائی ہے۔ اسی طرح دنیا میں سرفراز فرمائے گا۔ تمہیں تعبیر رویا کا علم سکھائیگا اور تمہیں عہدۂ نبوت عطا فرمائے گا (۷) مکی زندگی کے وقت مسلمانوں کے مستقبل کے متعلق جو لوگ سوال کرتے ہیں ان کے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں کھلا جواب ہے (۸) یوسف علیہ السلام کو اپنے باپ سے علیحدہ کرنے کے لیے اسباب تیار ہو رہے ہیں۔ بھائیوں کے دلوں میں رقابت پیدا ہو گئی۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۲۔ یوسف علیہ السلام کی علیحدگی کی رغبت اور ان کا افتراقی نیبت الجب۔ ماخذ آیت ۱۱-۱۲-۱۵ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَرْضًا یَّخْلُ لَکُمْ وَجْهُ اَبِیْکُمْ وَتَکُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ
پھینک دو تاکہ باپ کی توجہ اکیلے تم پر رہے اور اس کے بعد

قَوْمًا صٰلِحِیْنَ ﴿۹﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ
نیک آدمی ہو جانا ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل نہ

وَاَلْقُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ یَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّیَّارَةِ
کرو اور اسے گمنام کنوئیں میں ڈال دو کہ اسے کوئی مسافر اٹھا لے جائے

اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا
اگر تم کرنے ہی والے ہو انہوں نے کہا اے باپ کیا بات ہے کہ تو یوسف پر

عَلٰی یُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَرْسِلْهُ مَعَنَا
ہمارا اعتبار نہیں کرتا اور ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں کل اسے ہمارے ساتھ

غَدًا یَّرْتَعْ وَیَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّیْ
بھیج دے کہ وہ کھائے اور کھیلے اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں اس نے کہا

لَیَحْزُنُنِیْۤ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ
مجھے اس سے غم ہوتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور اس سے ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا

وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَ
جائے اور تم اس سے بے خبر رہو انہوں نے کہا اگر اسے بھیڑیا کھا گیا اور ہم ایک

نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ
طاقتور جماعت ہیں بیشک ہم اس وقت بڑا نقصان اٹھانے والے ہوں گے جب اسے لے کر چلے اور متفق

اَجْمَعُوْۤا اَنْ یَّجْعَلُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَیْنَاۤ
ہوئے کہ اسے گمنام کنوئیں میں ڈالیں تو ہم نے یوسف کی طرف وحی

اِلَیْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾
بھیجی کہ تو ضرور انہیں ایک دن آگاہ کرے گا ان کے اس کام سے اور وہ نہ سمجھتے نہ پہچانیں گے

## ربطِ آیات

(۹) بھائی یہ سوچ رہے ہیں یا تو اسے قتل کر دو یا کہیں پردیس بھجوا دو تا کہ والد ماجد کی نظر کے سامنے سوائے ہمارے اور کوئی نہ رہے۔ بعد میں اس گناہ سے توبہ کر لینا (۱۰) ایک بھائی نے یہ مشورہ دیا (۱۱) یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنے دل میں ایک فیصلہ کر کے باپ سے درخواست کی کہ یوسف علیہ السلام کے متعلق آپ ہم پر کیوں اعتماد نہیں کرتے (۱۲) اگر آپ اعتماد کر سکتے ہیں تو کل اسے جنگل میں ہمارے ساتھ بھیج دیجئے (۱۳) حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ عذر پیش کیا کہ ممکن ہے تم اپنی کھیل کود میں مصروف ہو جاؤ اور اسے بھیڑیا پھاڑ جائے (۱۴) بھائیوں نے عرض کی اگر ہماری اتنی بڑی جماعت کے ہوتے ہوئے بھیڑیا انہیں پھاڑ گیا تو ہم بڑے ہی نقصان اٹھانے والے ہوں گے (۱۵) بالآخر حیلہ بہانہ کر کے حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے ساتھ لے گئے۔ وہاں جا کر کنوئیں میں پھینکنے کا فیصلہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو بذریعہ وحی فرمایا آپ صبر کریں، اس سارے واقعہ کی اطلاع آپ انہیں آئندہ چل کر دیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَجَآءُوٓ أَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُونَ ﴿۱۶﴾ قَالُوْا يٰٓأَبَانَآ إِنَّا
اور کچھ رات گئے اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے کہا اے ہمارے باپ ہم تو آپس

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا
میں دوڑنے میں مصروف ہوئے اور یوسف کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے

فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا
تب اسے بھیڑیا کھا گیا اور تو ہمارے کہنے پر یقین نہیں کرے گا اگرچہ ہم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ
سچے ہی ہوں اور اس کے کرتے پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَ
اس نے کہا نہیں بلکہ تم نے دل سے ایک بات بنائی ہے اب صبر ہی بہتر ہے اور

اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ
اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بات پر جو تم بیان کرتے ہو اور ایک قافلہ آیا پھر انہوں

فَأَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَأَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا
نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا اس نے اپنا ڈول لٹکایا کہا کیا خوشی کی بات ہے یہ ایک

غُلٰمٌ ؕ وَأَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾
لڑکا ہے اور اسے تجارت کا مال سمجھ کر چھپا لیا اور اللہ خوب جانتا تھا جو کچھ وہ کر رہے تھے

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ
اسے بھائی ناقص قیمت پر بیچ آئے گنتی کی چونیوں پر اور اس سے

مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ
بیزار ہو رہے تھے اور جس نے اسے مصر میں خریدا کیا اس نے اپنی عورت

لِامْرَاَتِهٖٓ أَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى أَنْ يَّنْفَعَنَآ أَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ
سے کہا کہ اس کی عزت کر شاید ہمارے کام آئے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں

الربع

ع ۲ / ۱۲

## ربطِ آیات

(۱۶) بھائی شام کو روتے ہوئے باپ کے پاس آئے (۱۷) باپ کے سامنے آکر یہ ماجرا بیان کیا (۱۸) جھوٹ بنا کر خون کے داغ کرتے پر لگا کر پیش کر دیا حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس واقعہ کو سچا نہ مانا (۱۹) وہاں مسافروں کی ایک جماعت آئی۔ انہوں نے پانی لینے والے کو کنوئیں پر بھیجا۔ اس نے کنوئیں میں ڈول ڈالا اور یوسف علیہ السلام کو پایا۔ ان لوگوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے سامان تجارت میں شامل کر لیا۔ (۲۰) بعد ازاں یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے معمولی قیمت پر حضرت یوسف کو ان کے ہاں فروخت کر دیا۔

خلاصہ رکوع ۲۰۳ امتحان امانت یوسف علیہ السلام ماخذ آیت ۲۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْاَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ
اسی طرح ہم نے یوسف کو اس ملک میں جگہ دی اور تاکہ ہم اُسے خواب کی تعبیر
تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ
سکھائیں اور اللہ اپنا کام جیت کر رہتا ہے لیکن
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ
اکثر لوگ نہیں جانتے اور جب اپنی جوانی کو پہنچا تو ہم نے
حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ
اُسے حکم اور علم دیا اور نیکوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں اور جس عورت
الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَ
کے گھر میں تھا وہ اسے پھسلانے لگی اور دروازے بند کرلیے اور
قَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ
کہنے لگی لو آؤ اُس نے کہا اللہ کی پناہ وہ تو میرا آقا ہے جس نے مجھے
مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ
عزت سے رکھا ہے بیشک ظالم نجات نہیں پاتے اور البتہ اس عورت نے
وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ
تو اس پر ارادہ کر لیا تھا اور اگر وہ اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا تو اس کا ارادہ کر لیتا
عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾
اسی طرح ہوا تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو ٹال دیں بیشک وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا
وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا
اور دونوں دروازہ کی طرف دوڑے اور عورت نے اس کا کرتہ پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور
سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ
دونوں نے عورت کے خاوند کو دروازے کے پاس پایا کہنے لگی کہ جو تیرے گھر کے لوگوں سے

**ربطِ آیات**

(۲۱) عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو خرید کیا اور اپنی اہلیہ سے کہا کہ اسے عزت سے رکھو۔ ممکن ہے اس سے ہمیں کوئی نفع ہو یا اسے بیٹا ہی بنا لیں (۲۲) کمال جوانی پر پہنچنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ دو نعمتیں عطا فرمائیں (۲۳) عزیز مصر کی عورت نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ایک فعل قبیح کے متعلق بہکانا چاہا لیکن یوسف علیہ السلام اس کے دام تزویر میں نہ آئے (۲۴) عورت تو برا ارادہ کر ہی چکی تھی اور یوسف علیہ السلام کے پاس اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے برہان نہ ہوتی تو وہ بھی قصد کر لیتے۔ ممکن ہے۔

برہان سے وہی مراد ہو جو مفسرین حضرات نے لکھا ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی صورت انگشت بدہن نظر آئی تھی۔



Downloaded from .... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ
بُرا ارادہ کرے اس کی تو یہی سزا ہے کہ قید کیا جائے یا سخت سزا دی جائے کہا یہی مجھ سے اپنا
رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ
مطلب نکالنے کو پھسلاتی تھی اور عورت کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے گواہی دی
اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ
اگر اس کا کرتہ آگے سے پھٹا ہوا ہے تو عورت سچی ہے اور وہ
مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ
جھوٹا ہے اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو
فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ
یہ جھوٹی ہے اور وہ سچا ہے پھر جب عزیز نے اس کا
قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ۭ اِنَّ كَيْدَكُنَّ
کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا کہا بیشک یہ تم عورتوں کا ایک فریب ہے بیشک تمہارا
عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۫ وَاسْتَغْفِرِيْ
فریب بڑا ہوتا ہے یوسف تو اس سے درگذر کر اور تو اے عورت اپنے گناہ کی
لِذَنْۢبِكِ ۚۖ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿٢٩﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي
معافی مانگ کیونکہ تو ہی خطا کار ہے اور عورتوں نے شہر میں
الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ
چرچا کیا کہ عزیز کی عورت اپنے غلام کو چاہتی ہے
شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ
بیشک اس کی محبت میں فریفتہ ہو گئی ہے ہم تو اسے صریح غلطی پر دیکھتے ہیں پھر جب عزیز
بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً
کی بیوی نے ان کی ملامت سنی تو انہیں بلا بھیجا اور ان کے واسطے ایک مجلس تیار کی

## ربطِ آیات

(۲۵) یوسف علیہ السلام جان چھڑانے کے لیے دروازہ کی طرف دوڑے اور عورت پکڑنے کے لیے پیچھے دوڑی۔ عورت کے ہاتھ سے یوسف علیہ السلام کا کرتہ بھی پھٹ گیا۔ گھر سے باہر دروازہ پر عورت کا خاوند ملا۔ عورت نے اپنا عیب چھپانے کے لیے شوہر سے شکایت کی (۲۶-۲۷) یوسف علیہ السلام نے اس بہتان کا جواب دیا عورت کے رشتہ داروں میں سے ایک شاہد نے یہ فیصلہ کیا۔ (۲۸) اس عقلی فیصلہ کی بنا پر عزیز نے اپنی بیوی کو جھوٹا پایا اُسے ڈانٹا۔
ع ۹ ۱۳ (۲۹) اور یوسف علیہ السلام کی دلجوئی کی (۳۰) عزیز مصر کی عورت کے متعلق شہر میں بدنامی کا چرچا ہو گیا

خلاصہ رکوع ۳۔ باوجود ثبوت برأت کے یوسف علیہ السلام کو بعض مصالح کی بنا پر انہوں نے جیل خانہ بھیجا۔ ماخذ آیت ۳۵۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّاٰتَتۡ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنۡهُنَّ سِكِّيۡنًا وَّقَالَتِ اخۡرُجۡ
اور ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک چھری دی اور کہا ان کے سامنے نکل آ
عَلَيۡهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيۡنَهٗۤ اَكۡبَرۡنَهٗ وَقَطَّعۡنَ اَيۡدِيَهُنَّ
پھر جب اُنہوں نے اُسے دیکھا تو حیرت میں رہ گئیں اور اپنے ہاتھ
وَقُلۡنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا
کاٹ لیے اور کہا اللہ پاک ہے یہ انسان تو نہیں ہے یہ تو کوئی
مَلَكٌ كَرِيۡمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتۡ فَذٰلِكُنَّ الَّذِىۡ لُمۡتُنَّنِىۡ
بزرگ فرشتہ ہے کہا یہی وہ ہے کہ جس کے معاملہ میں تم نے مجھے ملامت کی
فِيۡهِ ؕ وَلَقَدۡ رَاوَدْتُّهٗ عَنۡ نَّفۡسِهٖ فَاسۡتَعۡصَمَ ؕ وَ
تھی اور البتہ تحقیق میں نے اس سے دلی خواہش ظاہر کی تھی پھر اس نے اپنے آپ کو
لَئِنۡ لَّمۡ يَفۡعَلۡ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسۡجَنَنَّ وَلَيَكُوۡنًا مِّنَ
روک لیا اور اگر وہ میرا کہنا نہ مانے گا تو ضرور قید کر دیا جائے گا اور رذلیل ہو کر
الصّٰغِرِيۡنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجۡنُ اَحَبُّ اِلَىَّ مِمَّا
رہے گا یوسف نے کہا اے میرے رب میرے لیے قید خانہ بہتر ہے
يَدۡعُوۡنَنِىۡۤ اِلَيۡهِ ۚ وَاِلَّا تَصۡرِفۡ عَنِّىۡ كَيۡدَهُنَّ
اس کام سے کہ جس کی طرف مجھے بلا رہی ہیں اور اگر تو مجھ سے ان کا فریب دفع نہ کریگا تو ان کی
اَصۡبُ اِلَيۡهِنَّ وَاَكُنۡ مِّنَ الۡجٰهِلِيۡنَ ﴿۳۳﴾ فَاسۡتَجَابَ
طرف مائل ہو جاؤں گا اور جاہلوں میں سے ہو جاؤں گا پھر اس کے رب
لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنۡهُ كَيۡدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ
نے اس کی دعا قبول کی پس ان کا فریب ان سے دور کر دیا کیونکہ وہی سننے والا
الۡعَلِيۡمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا رَاَوُا الۡاٰيٰتِ
جاننے والا ہے ان لوگوں کو نشانیاں دیکھنے کے بعد بھی یوں سمجھ میں آیا کہ اسے

## ربط آیات

(۳۱) عورت نے بدنامی کا داغ دھونے کے لیے ایک دعوت میں شہر کی عورتوں کو بلایا اور یوسف علیہ السلام کی انہیں زیارت کرائی۔ سب حسن وجمال یوسفی کو دیکھ کر دنگ رہ گئیں (گویا امراۃ العزیز نے ثابت کر دیا کہ وہ یوسف علیہ السلام پر فریفتہ ہونے کی وجہ سے قابل عتاب نہیں) (۳۲) عورت نے دوبارہ اپنے ارادے کا اظہار ان عورتوں کے سامنے کیا اور حکم نہ ماننے پر یوسف علیہ السلام کو جیل خانہ کی دھمکی دی (۳۳) یوسف علیہ السلام نے دعا کی کہ اے اللہ جل شانہ مجھے اس گناہ کے مقابلہ میں جیل خانہ زیادہ عزیز ہے اور اس مصیبت سے بچنے کے لیے بارگاہ الٰہی میں فریاد کی (۳۴) اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول فرمائی۔



Downloaded from ... Almarifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ ع وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ

ایک مدت تک قید کر دیں اور اس کے ساتھ دو جوان قید خانہ میں

فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَ

داخل ہوئے ان میں سے ایک نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑتا ہوں اور

قَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِىْ خُبْزًا

دوسرے نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اٹھا رہا ہوں کہ اس میں سے جانور

تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ

کھاتے ہیں ہمیں اس کی تعبیر بتلا ہم تجھے نیکوکار

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا

سمجھتے ہیں کہا جو کھانا تمہیں دیا جاتا ہے وہ ابھی آنے نہ پائیگا

نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا

کہ اس سے پہلے میں تمہیں اس کی تعبیر بتلا دوں گا یہ ان چیزوں سے ہے

عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّىْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ

جو میرے رب نے مجھے سکھائی ہیں بیشک میں نے اس قوم کا مذہب ترک کر دیا ہے

بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ

جو اللہ پر ایمان نہیں لاتی اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیں اور میں اپنے باپ دادا

اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ

ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کے مذہب کا تابع ہو گیا ہوں ہمیں یہ جائز نہیں

اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

کہ اللہ کے ساتھ کسی کو بھی شریک کریں یہ ہم پر اور سب لوگوں پر اللہ کا

عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾

فضل ہے لیکن بہت لوگ شکر نہیں کرتے

ع ۴ / ۱۴

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۵ - یوسف علیہ السلام کی فراست کا چھوٹا امتحان ماخذ آیت ۳۵ تا ۴۲

(۳۵) باوجودیکہ یوسف علیہ السلام کی براءت ثابت ہو چکی تھی لیکن عزیز نے چند روز یوسف علیہ السلام کو جیل میں بھیجنا چاہا تاکہ عورت کی بدنامی دور ہو جائے (۳۶) بادشاہ کے دو ملازم بھی یوسف علیہ السلام کے داخلہ کے وقت جیل میں داخل کیے گئے ان دونوں نے خواب دیکھا اور یوسف علیہ السلام سے تعبیر چاہی۔ (۳۷) یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کھانا تمہیں ملتا ہے اس کے آنے سے پہلے میں تمہیں اس خواب کی تعبیر بتا دوں گا (۳۸) اور فرمایا میرا دین میرے باپ دادا والا ہے جو سب کے سب نبی تھے اور شرک سے پاک تھے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ

اے قید خانہ کے رفیقو کیا کئی جدا جدا معبود بہتر ہیں یا اکیلا اللہ

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً

جو زبردست ہے تم اس کے سوا کچھ نہیں پوجتے مگر چند ناموں کو

سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ

جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے مقرر کر لیے ہیں اللہ نے ان کے متعلق کوئی

سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ

سند نہیں اتاری حکومت سوا اللہ کے کسی کی نہیں ہے اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾

کی عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِىْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ

اے قید خانہ کے رفیقو تم دونوں میں سے ایک جو ہے وہ اپنے آقا کو شراب پلائیگا اور

اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِىَ

جو دوسرا ہے وہ سولی دیا جائیگا پھر اس کے سر میں سے پرندے کھائیں گے اس کام کا

الْاَمْرُ الَّذِىْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾ وَقَالَ لِلَّذِىْ ظَنَّ

فیصلہ ہو گیا ہے جس کی تم تحقیق چاہتے تھے اور ان دونوں میں سے

اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِىْ عِنْدَ رَبِّكَ ؗ فَاَنْسٰىهُ

جسے یوسف نے بچنے والا سمجھا تھا کہہ دیا کہ تو اپنے آقا سے میرا بھی ذکر کرنا پھر

الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِى السِّجْنِ بِضْعَ

شیطان نے اسے اپنے آقا سے ذکر کرنا بھلا دیا پھر قید میں کئی برس

سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ؕ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّىْۤ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ ع ۵ ۱۵

رہا اور بادشاہ نے کہا میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ سات موٹی

### ربطِ آیات

(۳۹) یوسف علیہ السلام نے تعبیر خواب بتلانے سے پہلے انہیں توحید کی دعوت دی (۴۰) اور ان کے طریق عبادت کو خلاف عقل و نقل ثابت کیا (۴۱) تلقین توحید کے بعد تعبیر خواب بتلائی (۴۲) ان دونوں میں سے رہائی پانے والے کو یہ پیغام دیا۔ اتفاق ایسا ہوا کہ اسے پیغام کی تعمیل یاد ہی نہ رہی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ

گائیں ہیں انہیں سات دُبلی گائیں کھاتی ہیں اور سات سبز خوشے ہیں

وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ ۖ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِنْ

اور سات خشک اے دربار والو مجھے میرے خواب کی تعبیر بتلاؤ اگر تم

كُنْتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ (۴۳) قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ ۖ وَ

خواب کی تعبیر دینے والے ہو انہوں نے کہا یہ خیالی خواب ہیں اور

مَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ (۴۴) وَقَالَ الَّذِي

ہم ایسے خوابوں کی تعبیر نہیں جانتے اور وہ بولا

نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُمْ بِتَأْوِيلِهِ

جوان دونوں میں سے بچا تھا اور اسے مدت کے بعد یاد آگیا میں تمہیں اس کی تعبیر

فَأَرْسِلُونِ (۴۵) يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي

بتلاؤں گا سو تم مجھے بھیج دو اے یوسف اے سچے ہمیں اس کی تعبیر بتلا

سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَ

کہ سات موٹی گایوں کو سات دُبلی کھا رہی ہیں اور سات سبز

سَبْعِ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَعَلِّي أَرْجِعُ

خوشے ہیں اور سات خشک تاکہ میں لوگوں کے پاس

إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ (۴۶) قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ

لے جاؤں شاید وہ سمجھ جائیں کہا تم سات برس لگاتار

سِنِينَ دَأَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوهُ فِي سُنْبُلِهِ إِلَّا

کھیتی کرو گے پھر جو کاٹو تو اسے اس کے خوشوں میں رہنے دو مگر

قَلِيلًا مِمَّا تَأْكُلُونَ (۴۷) ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ

تھوڑا سا جو تم کھاؤ پھر اس کے بعد سات برس

خلاصہ رکوع ۶۔ یوسف علیہ السلام کی فراست کا ایک بڑا امتحان ماخذ آیت ۴۳ تا ۴۹۔

## ربطِ آیات

(۴۳) حسن اتفاق کہ بادشاہ نے یہ خواب دیکھا اور عقلائے مصر سے تعبیر پوچھی (۴۴) انہیں کوئی تعبیر سمجھ میں نہ آئی اور خواب کو لغو کہہ کر ٹال دیا۔

(۴۵) رہائی پانے والے ملازم کو اب یوسف علیہ السلام کا خیال آیا۔ اس نے کہا کہ میں تمہیں اس کی تعبیر پوچھ کر بتلا سکتا ہوں

(۴۶) اس نے حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس جا کر تعبیر خواب کی درخواست کی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَبْعٌ شِدَادٌ يَّأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا
سختی کے آئیں گے جو تم نے ان کے لیے رکھا تھا کھا جائیں گے مگر تھوڑا سا
مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ
جو تم بیج کے واسطے روک رکھو گے پھر اس کے بعد ایک سال آئیگا اس میں لوگوں پر
يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ع ۷ / ۱۶
مینہ برسے گا اس میں رس نچوڑیں گے اور بادشاہ نے کہا
ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ
اسے میرے پاس لے آؤ پھر جب اس کے پاس قاصد پہنچا کہا اپنے آقا کے ہاں واپس جا
فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ
اور اس سے پوچھ ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے بیشک
رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ
میرا رب ان کے فریب سے خوب واقف ہے کہا تمہارا کیا واقعہ تھا جب تم نے
رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ
یوسف کو پھسلایا تھا انہوں نے کہا اللہ پاک ہے
مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ
ہمیں اس میں کوئی برائی معلوم نہیں ہوئی عزیز کی عورت بولی
الْــٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ
اب سچی بات ظاہر ہو گئی میں نے ہی اسے پھسلانا چاہا تھا اور وہ
لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ
سچا ہے یہ اس لیے کیا تاکہ عزیز معلوم کرلے کہ میں نے
بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿۵۲﴾
اس کی غائبانہ خیانت نہیں کی تھی اور بیشک اللہ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا

## ربطِ آیات

(۴۷-۴۸-۴۹) یوسف علیہ السلام نے خواب کی یہ تعبیر سنائی (۵۰) بادشاہ ان کی فراست کو دیکھ کر متعجب ہوا اور فوراً اپنے پاس بلایا۔ یوسف علیہ السلام نے سابقہ معاملہ کا فیصلہ کیے بغیر جیل سے باہر آنے سے انکار کر دیا (۵۱) بادشاہ نے عورتوں سے حضرت یوسف علیہ السلام کے اخلاق کے متعلق سوال کیا سب نے یک زبان ہو کر ان کی پاک دامنی کی شہادت دی۔ عزیز مصر کی عورت نے عورتوں کی شہادت پر مہر تصدیق لگائی (۵۲) یوسف علیہ السلام نے اس معاملہ کی چھان بین اس واسطے کرائی کہ عزیز مصر کو علم ہو جائے کہ انہوں نے اس کی غیر حاضری میں اس کی عزت میں ہاتھ نہیں ڈالا تھا۔

خلاصہ رکوع ۷ - امتحان امانت و فراست کے لیے یوسف علیہ السلام کی سرزنش
ماخذ آیت ۵۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الجزء الثالث عشر ۱۳

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفۡسِيۡ ۚ اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَةٌ ۢ
اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا بے شک نفس تو برائی سکھاتا

بِالسُّوۡٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيۡ ؕ اِنَّ رَبِّيۡ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵۳﴾ وَ
ہے مگر جس پر میرا رب مہربانی کرے بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے اور

قَالَ الۡمَلِكُ ائۡتُوۡنِيۡ بِهٖۤ اَسۡتَخۡلِصۡهُ لِنَفۡسِيۡ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ
بادشاہ نے کہا کہ اسے میرے پاس لے آؤ تاکہ اسے خاص اپنے پاس رکھوں پھر جب اس سے بات چیت کی

قَالَ اِنَّكَ الۡيَوۡمَ لَدَيۡنَا مَكِيۡنٌ اَمِيۡنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجۡعَلۡنِيۡ
کہا بے شک تو آج سے ہمارے ہاں تو بڑا معزز اور معتبر ہے کہا مجھے کر

عَلٰى خَزَآئِنِ الۡاَرۡضِ ۚ اِنِّيۡ حَفِيۡظٌ عَلِيۡمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ
خزانوں پر مامور کردو بے شک میں خوب حفاظت کرنے والا جاننے والا ہوں اور ہم نے اس طور پر

مَكَّنَّا لِيُوۡسُفَ فِي الۡاَرۡضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنۡهَا حَيۡثُ يَشَآءُ ؕ
یوسف کو اس ملک میں بااختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہے رہے

نُصِيۡبُ بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۵۶﴾
ہم جس پر چاہیں اپنی رحمت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے

وَلَاَجۡرُ الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَكَانُوۡا يَتَّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾ ع وَ
اور آخرت کا ثواب ان کے لئے بہتر ہے جو ایمان لائے اور پرہیزگاری میں رہے اور

جَآءَ اِخۡوَةُ يُوۡسُفَ فَدَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَعَرَفَهُمۡ وَهُمۡ لَهٗ
یوسف کے بھائی آئے پھر اس کے ہاں داخل ہوئے تو اس نے انہیں پہچان لیا اور

مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمۡ بِجَهَازِهِمۡ قَالَ ائۡتُوۡنِيۡ
وہ نہیں پہچان سکے اور جب انہیں ان کا سامان تیار کر دیا کہا میرے پاس

ع ۷

## ربطِ آیات

(۵۳) بہتان سے براءت کرا لی۔ بعد ازاں شانِ عبودیت کا اظہار فرمایا تاکہ نفس میں تعلّی نہ آنے پائے۔ (۵۴) حضرت یوسف علیہ السلام کی فراست و دیانت کا امتحان لینے کے بعد بادشاہ نے انہیں اپنا مصاحبِ خاص بنانے کا اعلان کر دیا۔ اور ان کی بڑی عزت افزائی کی (۵۵) اللہ تعالیٰ کا مال بےجا مصارف سے بچانے کی خاطر حضرت یوسف علیہ السلام نے بادشاہ سے درخواست کی کہ انہیں خزانے کا نگران بنا دیا جائے۔ (۵۶) اس تدبیر سے ہم نے یوسف علیہ السلام کو مصر میں عزت کے مرتبہ پر پہنچایا۔ نیکوکاروں کا اجر ہم ضائع نہیں کیا کرتے۔ (۵۷) دنیا کے اجر کے علاوہ آخرت کا اجر اس سے بھی بہتر ہے جو ایمانداروں اور پرہیزگاروں کو نصیب ہوگا۔ (۵۸) یوسف علیہ السلام کے بھائی قحط زدہ ہونے کے باعث اناج لینے کے لئے مصر میں آئے۔ یوسف علیہ السلام نے انہیں پہچان لیا اور بھائیوں نے نہ پہچانا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا
وہ بھائی بھی لے آنا جو تمہارے باپ کی طرف سے ہے تم نہیں دیکھتے میں ماپ پورا دیتا ہوں اور
خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ﴿٥٩﴾ فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ
بڑا مہمان نواز ہوں پھر اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو نہ تمہیں میرے ہاں سے
عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ﴿٦٠﴾ قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ
پیمانہ ملے گا اور نہ تم میرے پاس آنا انہوں نے کہا ہم اس کے باپ سے خواہش کریں گے
وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ﴿٦١﴾ وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ
اور ہم یہ کر کے ہی رہیں گے اور اپنے خدمت گاروں سے کہہ دیا کہ ان کی پونجی ان کے اسباب
فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ
میں رکھ دو تاکہ وہ اسے پہچانیں جب وہ لوٹ کر اپنے گھر جائیں شاید وہ
يَرْجِعُونَ ﴿٦٢﴾ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَىٰ أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ
پھر آجائیں پھر جب اپنے باپ کے ہاں پہنچے کہا اے باپ! ہمارا
مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ
پیمانہ روک لیا گیا پس آپ ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیج دیجئے کہ ہم پیمانہ لائیں اور بے شک ہم
لَحَافِظُونَ ﴿٦٣﴾ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ
اس کے نگہبان ہیں کہا میں تمہارا اس پر کیا اعتبار کروں مگر وہی جیسا اس سے پہلے
عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿٦٤﴾
اس کے بھائی پر اعتبار کیا تھا سو اللہ بہتر نگہبان ہے اور وہ سب مہربانوں سے مہربان ہے
وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ ۖ
اور جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی پائی جو انہیں واپس کر دی گئی تھی
قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ وَنَمِيرُ
کہا اے ہمارے باپ! ہمیں اور کیا چاہیے یہ ہماری پونجی ہمیں واپس کر دی گئی ہے اور اپنے

## ربطِ آیات

(۵۹) جب ان کا سامان تیار کر دیا تو دوبارہ آتے وقت بن یامین (حضرت یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی) کو ساتھ لانے کی فرمائش کی (۶۰) اور یہ دھمکی بھی سنا دی (۶۱) انہوں نے جواب دیا کہ ہم ممکن سعی سے اپنے باپ کو اس پر آمادہ کریں گے۔ (۶۲) یوسف علیہ السلام نے اپنے ملازموں کو حکم دیا کہ ان کی پونجی ان کے سامانوں میں باندھ دو۔ (۶۳) دوبارہ مصر میں آتے وقت بن یامین کو ساتھ لانے کی انہوں نے درخواست کی اور یعقوب علیہ السلام کے حضور میں عرض کی کہ ہم اس کی بڑی حفاظت کریں گے (۶۴) یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تمہاری حفاظت تو ویسی ہے جیسی یوسف علیہ السلام کی کی تھی۔ ہاں اللہ تعالیٰ کو محافظ بنا کر روانہ کر دوں گا۔

خلاصہ رکوع ۸۔ یوسف علیہ السلام کی سرفرازی کے بعد کنعان میں قحط کا پڑنا اور بھائیوں کا وفد ان کے بھائیوں کا مصر میں آنا۔ ماخذ آیات



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ كَيْلٌ
گھر والوں کے لئے غلہ لائیں گے اور اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لیں گے اور یہ
يَسِيرٌ ﴿٦٥﴾ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا
بوجھ لینا آسان ہے کہا اسے تمہارے ساتھ ہرگز نہیں بھیجوں گا یہاں تک کہ مجھے اللہ کا عہد دو
مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَن يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّا آتَوْهُ
کہ البتہ اسے میرے پاس ضرور پہنچا دو گے مگر یہ کہ تم سب گھر جاؤ پھر جب سب نے اسے
مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يَا بَنِيَّ
عہد دیا کہا ہماری باتوں کا اللہ شاہد ہے اور کہا اے میرے بیٹو!
لَا تَدْخُلُوا مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ
ایک دروازے سے داخل نہ ہونا اور مختلف دروازوں سے داخل ہونا
وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا
اور میں تمہیں اللہ کی کسی بات سے بچا نہیں سکتا اللہ کے سوا کسی کا
لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿٦٧﴾
حکم نہیں ہے اسی پر میرا بھروسہ ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے
وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي
اور جبکہ اسی طرح داخل ہوئے جس طرح ان کے باپ نے حکم دیا تھا انہیں اللہ کی کسی بات
عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ
سے کچھ نہ بچا سکتا تھا مگر یعقوب کے دل میں ایک خواہش تھی جسے اس
قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ
نے پورا کیا اور وہ تو ہمارے سکھلانے سے علم والا تھا لیکن اکثر آدمی
ع ۸/۲ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ
نہیں جانتے اور جب وہ یوسف کے پاس گئے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی

### ربطِ آیات

(۶۵) جب سامان کھولا تو اس میں اپنی پونجی واپس پائی، بڑے خوش ہوئے اور دوبارہ جانے کا عزم مصمم کر لیا۔ (۶۶) یعقوب علیہ السلام نے بن یامین کو روانہ کرنے کے لئے یہ شرط لگائی اور بیٹوں نے مان لی۔ (۶۷) جاتے وقت حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ نصیحت کی۔ (۶۸) مصر میں داخل ہوتے وقت انہوں نے اسی نصیحت پر عمل کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾
کہا کہ بے شک میں تیرا بھائی ہوں پس جو کچھ یہ کرتے رہے ہیں اس پر غم نہ کر
فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ
پھر جب یوسف نے ان کا سامان تیار کر دیا تو اپنے بھائی کے اسباب میں کٹورا
اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾
رکھ دیا پھر پکارنے والے نے پکارا اے قافلہ والو! بے شک تم البتہ چور ہو
قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ
اس کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں
صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾
بادشاہ کا کٹورا نہیں ملتا جو اسے لائے گا ایک اونٹ بھر کا غلہ پائے گا اور میں اس کا ضامن ہوں
قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَ
انہوں نے کہا اللہ کی قسم تمہیں معلوم ہے ہم اس ملک میں شرارت کرنے کے لئے نہیں آئے اور
مَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾
نہ ہم کبھی چور تھے انہوں نے کہا پھر اس کی کیا سزا ہے اگر تم جھوٹے نکلو
قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ۭ كَذٰلِكَ
انہوں نے کہا اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے اسباب میں سے پایا جائے پس وہی اس کے بدلہ میں جائے۔ ہم
نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاۗءِ اَخِيْهِ
ظالموں کو یہی سزا دیتے ہیں پھر یوسف نے اپنے بھائی کے اسباب سے پہلے ان کے اسباب دیکھنے شروع کئے
ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَاۗءِ اَخِيْهِ ۭ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ۭ
پھر وہ کٹورا اپنے بھائی کے اسباب سے نکالا ہم نے یوسف کو ایسی تدبیر بتائی تھی
مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ
بادشاہ کے قانون سے تو وہ اپنے بھائی کو ہرگز نہ لے سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ

خلاصہ رکوع ۹ ۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا دوبارہ آنا اور اپنے حقیقی بھائی کو حکمت عملی سے روک لینا۔ ماخذ آیات ۶۹ ۔ ۷۹

## ربطِ آیات

(۶۹) ان کے پہنچنے پر یوسف علیہ السلام نے اپنے حقیقی بھائی بن یامین سے تعارف پیدا کر لیا۔ (۷۰) اپنے حقیقی بھائی کو پاس رکھنے کے لئے یوسف علیہ السلام نے حکمت عملی کی اور یہ اعلان کر دیا کہ قافلے والے ایک چیز چرا کر لے جا رہے ہیں۔ (۷۱) قافلہ والوں نے دریافت کیا کہ تمہاری کون سی چیز گم ہوئی ہے۔ (۷۲) انہوں نے کہا بادشاہ کا پیمانہ گم ہو گیا ہے اور وہ لا دینے والے کو ایک اونٹ کا بار انعام دیا جائے گا۔ (۷۳) قافلہ والوں نے خدا کی قسم کھا کر کہا ہم کوئی چور نہیں (۷۴) بادشاہ کے آدمیوں نے کہا کہ اگر تم میں سے کسی کے پاس مل جائے تو اس کی کیا سزا ہے۔ (۷۵) انہوں نے جواب دیا کہ جس کے پاس ملے اسے قید کر لینا۔ ہمارے ہاں اس کی یہی سزا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهُ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ

چاہے ہم جس کے چاہیں درجے بلند کرتے ہیں اور ہر ایک دانا سے بڑھ کر دُوسرا

عَلِيْمٌ ﴿٧٦﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ

دانا ہے انہوں نے کہا اگر اس نے چوری کی ہے تو اس سے پہلے اس کے ایک بھائی نے بھی چوری کی تھی

فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ

تب یُوسف نے اپنے دل میں آہستہ سے کہا اور انہیں نہیں جتایا کہا تم درجے

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿٧٧﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ

میں بدتر ہو اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم بیان کرتے ہو انہوں نے کہا اے عزیز!

اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ

بے شک اس کا باپ بُوڑھا بڑی عمر کا ہے سو اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لے ہم تم کو

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٧٨﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ

احسان کرنے والا دیکھتے ہیں کہا اللہ کی پناہ کہ ہم بجز اس کے کہ جس کے پاس

وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا ع ۱۱ ۹ ۳

اپنا اسباب پایا کسی اور کو پکڑیں تب تو ہم بڑے ظالم ہیں پھر جب

اسْتَيْــَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ

اس سے نااُمید ہوئے مشورہ کرنے کے لئے اکیلے ہو بیٹھے ان میں سے بڑے نے کہا کیا

تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَ

تمہیں معلوم نہیں کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کا عہد لیا تھا اور

مِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ

پہلے جو یُوسف کے حق میں قصور کر چکے ہو سو میں تو اس مُلک سے ہرگز نہیں جاؤں گا

حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٠﴾

یہاں تک کہ میرا باپ مجھے حکم دے یا میرے لئے اللہ کوئی حکم فرمائے اور وہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے

## ربطِ آیات

(۷۶) حضرت یُوسف علیہ السلام نے پہلے دُوسرے بھائیوں کے سامان کی تلاشی لی پھر بن یامین کے سامان کی تلاشی لی اور اُس سے پیالا نکالا۔ یُوسف علیہ السلام کو یہ تدبیر اللہ تعالیٰ نے سمجھائی۔ (۷۷) صاع نکلنے کے بعد اُنہوں نے یُوسف علیہ السلام پر بھی بُہتان باندھ دیا۔ یُوسف علیہ السلام سُن کر خاموش ہو گئے۔ (۷۸) اس کے بعد

> خلاصۂ رکوع ۱۰۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا تیسری دفعہ آنا اور آپس میں تعارف کرانا۔
> ماخذ آیات ۸۰ ـ ۹۰

اُنہوں نے یُوسف علیہ السلام کے رُوبرُو یہ درخواست پیش کی۔ (۷۹) یُوسف علیہ السلام نے اُسے رَدّ کر دیا۔ (۸۰) جب یُوسف علیہ السلام نے درخواست رَدّ کی تو اُنہوں نے آپس میں یہ مشورہ کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ارْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ
تم اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ اور کہو اے ہمارے باپ! تیرے بیٹے نے چوری کی

وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾
اور ہم نے وہی کہا تھا جس کا ہمیں علم تھا اور ہمیں غیب کی خبر نہ تھی

وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا
اور اس گاؤں سے پوچھ لیجیے جس میں ہم تھے اور اس قافلہ سے بھی جس میں ہم

فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ
آئے ہیں اور بے شک ہم سچے ہیں کہا بلکہ تم نے دل سے ایک

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ
بات بنائی ہے اب صبر ہی بہتر ہے اللہ سے امید ہے شاید اللہ ان سب کو

بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٨٣﴾ وَتَوَلّٰى
میرے پاس لے آئے وہی جاننے والا حکمت والا ہے اور اس نے

عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ
ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے یوسف! اور غم سے اس کی

عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ
آنکھیں سفید ہوگئیں پس وہ سخت غمگین ہوا انہوں نے کہا اللہ کی قسم

تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ
تو یوسف کی یاد کر نہیں چھوڑے گا یہاں تک کہ گھلا ہو جائے یا

تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ
ہلاک ہو جائے کہا میں تو اپنی پریشانی اور غم کا اظہار

وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾
اللہ ہی کے سامنے کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے میں وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے

## ربطِ آیات

(۸۱) بڑے بھائی نے کہا میں تو یہاں ہی ٹھہر جاتا ہوں تم جاؤ اور والد صاحب سے یہ سارا ذکر کر دو۔ (۸۲) اگر انہیں یقین نہ آئے تو عرض کر دو کہ قافلہ کے دوسرے آدمیوں سے اس کی تصدیق کر لی جائے۔ (۸۳) یعقوب علیہ السلام کو اس واقعہ کے اصلی ہونے کا ہرگز یقین نہ آیا کہ بن یامین نے چوری کی۔ لہٰذا انہوں نے فرمایا کہ اس میں بھی تمہارے نفسوں کا کوئی فریب معلوم ہوتا ہے۔ میں صبر کرتا ہوں ممکن ہے اللہ تعالیٰ ان سب کو مجھے ملا دے (۸۴) یعقوب علیہ السلام نے مفارقتِ یوسف پر اظہارِ رنج کیا۔ اس غم میں ان کی آنکھیں بھی جا چکی تھیں (۸۵) یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے عرض کی۔ آپ ہمیشہ ان ہی کے غم میں مبتلا رہتے ہیں خطرہ ہے کہ یہی آپ کی ہلاکت کا موجب نہ ہو جائے (۸۶) یعقوب علیہ السلام نے فرمایا میں اپنے دکھ کی کہانی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں۔ مجھے ان واقعات کے متعلق ایک حقیقت معلوم ہے جو تمہیں معلوم نہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا
اے میرے بیٹو! جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کی تلاش کرو اور اللہ کی
تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ
رحمت سے ناامید نہ ہو بے شک اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہوتے
اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ
مگر وہی لوگ جو کافر ہیں پھر جب اس کے پاس آگئے
قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا
تو کہا اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو قحط کی وجہ سے
بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ
بڑی تکلیف ہے اور کچھ نکمی چیزیں لائے ہیں سو آپ پورا غلہ بھر دیجئے اور خیرات دیجئے
اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿٨٨﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا
بے شک اللہ خیرات دینے والوں کو ثواب دیتا ہے کہا تمہیں یاد ہے جو کچھ
فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿٨٩﴾ قَالُوْۤا
تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا تھا جب تمہیں سمجھ نہ تھی کہنے
ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَاۤ اَخِيْ ز
کیا تو ہی یوسف ہے کہا میں ہی یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے
قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا
اللہ نے ہم پر احسان کیا بے شک جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ بھی
يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا
نیکوں کا اجر ضائع نہیں کرتا انہوں نے کہا اللہ کی قسم البتہ تحقیق اللہ نے تمہیں
وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿٩١﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ
ہم پر بزرگی دی اور بے شک ہم غلط کار تھے کہا آج تم پر کوئی الزام نہیں

### ربطِ آیات

(۸۷) اے بیٹو! جاؤ کہیں یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کا پتہ لگاؤ۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ (۸۸) جب تیسری مرتبہ یوسف علیہ السلام کے پاس گئے اور اپنی حالت زار کا ذکر کیا۔ (۸۹) اس وقت یوسف علیہ السلام نے اپنا تعارف ان سے کرایا۔ (۹۰) بھائیوں نے کہا کیا آپ یوسف ہیں؟ انہوں نے فرمایا ہاں میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ (۹۱) اس وقت بھائیوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی فضیلت کا اقرار کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٩٢﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ
اللہ تمہیں بخشے اور وہ سب سے زیادہ مہربان ہے یہ کرتا میرا لے جاؤ

هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ
اور اسے میرے باپ کے منہ پر ڈال دو کہ وہ بینا ہو جائے اور میرے پاس

بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩٣﴾ ع وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ
اپنے سب کنبے کو لے آؤ اور جب قافلہ روانہ ہوا تو اُن کے باپ نے کہا

اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿٩٤﴾ قَالُوْا
بے شک میں یُوسف کی بُو پاتا ہوں اگر مجھے دیوانہ نہ بناؤ لوگوں نے کہا

تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿٩٥﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ
اللہ کی قسم بیشک تو البتہ اپنی پرانی گمراہی میں مبتلا ہے پھر جب خوشخبری والا

الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ
آیا اُس نے وہ کرتہ اُس کے مُنہ پر ڈال دیا تو بینا ہو گیا کہا

اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾
میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وُہ جانتا ہُوں جو تم نہیں جانتے

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿٩٧﴾
اُنہوں نے کہا اے ہمارے باپ! ہمارے گناہ بخشوا دیجئے بے شک ہم ہی غلط کار تھے

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ
کہا عنقریب اپنے رب سے تمہارے لئے معافی مانگوں گا بے شک وہ غفور

الرَّحِيْمُ ﴿٩٨﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ
رحیم ہے پھر جب یُوسف کے پاس آئے تو اُس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس

اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ ؕ
جگہ دی اور کہا مصر میں داخل ہو جاؤ اگر اللہ نے چاہا تو امن سے رہو گے

## ربطِ آیات

(۹۲) یُوسف علیہ السلام نے انہیں معافی دے دی اور مغفرت کی دُعا فرمائی۔ (۹۳) میرا یہ کرتہ لے کر جاؤ، والد ماجد کے منہ پر ڈال دو، وہ بینا ہو جائیں گے اور اہل وعیال یہاں مصر ہی میں لے آؤ۔ (۹۴) مصر سے قافلہ کے روانہ ہوتے ہی یعقوب علیہ السلام کو یُوسف علیہ السلام کے کرتہ کی خوشبو آنی شروع ہو گئی۔ (۹۵) ان کے بیٹوں نے اس اطلاع کو تسلیم نہ کیا۔ (۹۶) جب خوشخبری دینے والا آیا اور کرتہ کو آپ کے چہرۂ مبارک پر ڈالا تو آپ بینا ہو گئے۔ (۹۷) اس وقت بیٹوں نے اپنی غلط تدابیر کا اقرار کیا اور خدا تعالیٰ سے معافی مانگنے کی درخواست کی۔ (۹۸) یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: میں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگوں گا وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (۹۹) جب سارا خاندان مصر میں پہنچا، تو یُوسف علیہ السلام نے والدین کو اپنے تخت پر بٹھایا۔

10
ع ۳۴ ۱۰ ۴

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۱۱- بنی اسرائیل کے سارے خاندان کا مصر میں آنا اور بچپن والے خواب کی تعبیر کا انجام پانا۔ |
| ماخذ آیت ۹۹ - ۱۰۰ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ

اور اپنے ماں باپ کو تخت پر اُونچا بٹھایا اور اس کے آگے سب سجدہ میں گر پڑے اور کہا

يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا

اے باپ! میرے اس پہلے خواب کی یہ تعبیر ہے اسے میرے رب نے

رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ

سچ کر دکھایا اور اُس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانہ سے نکالا

وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ

اور تمہیں گاؤں سے لے آیا اس کے بعد کہ شیطان مجھ میں اور میرے بھائیوں

بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِمَا يَشَاءُ ۚ

میں جھگڑا ڈال چکا بے شک میرا رب جس کے لئے چاہتا ہے مہربانی فرماتا ہے

إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿١٠٠﴾ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ

بے شک وُہی جاننے والا حکمت والا ہے اے میرے رب! تُو نے مجھے کچھ حکومت دی ہے

وَعَلَّمْتَنِي مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ

اور مجھے خوابوں کی تعبیر کا علم بھی سکھایا ہے اے آسمانوں اور زمین

وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا

کے بنانے والے! دُنیا اور آخرت میں تو ہی میرا کارساز ہے تو مجھے اسلام پر موت دے

وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿١٠١﴾ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ

اور مجھے نیک بختوں میں شامل کر دے یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تیرے پاس

إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ﴿١٠٢﴾

بھیجتے ہیں اور تو اُن کے پاس نہیں تھا جبکہ انہوں نے اپنا ارادہ پکا کر لیا اور وُہ تدبیریں کر رہے تھے

وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْأَلُهُمْ

اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں خواہ تُو کتنا ہی چاہے اور آپ اس پر ان سے

### ربطِ آیات

(١٠٠) اس کے بعد والدین اور سب بھائیوں نے یُوسف علیہ السّلام کو سجدۂ تحیّہ کیا۔ یُوسف علیہ السّلام نے والدِ ماجد سے عرض کی کہ میرے بچپن کے خواب کی یہ تعبیر ہے۔ (١٠١) یُوسف علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے ان احسانات کا شکریہ بجالانے اور خاتمہ بالخیر کی اِستدعا کی۔ (١٠٢) یہ ایسے واقعات ہیں جن میں آپ حاضر نہیں تھے لیکن ہم بذریعۂ وحی آپ کو بتلا رہے ہیں۔ (١٠٣) بذریعہ وحی اُن واقعات کی صحیح اطلاع دینے کے باوجُود کئی لوگ آپ کی نبوّت کو تسلیم نہیں کریں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۴ وَكَاَيِّنْ

کوئی مزدوری بھی تو نہیں مانگتے یہ تو صرف تمام جہانوں کے واسطے نصیحت ہے اور آسمانوں

مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَ

اور زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ گزرتے ہیں اور

هُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ۝۱۰۵ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا

ان سے منہ پھیر لیتے ہیں اور ان میں سے اکثر ایسے بھی ہیں جو اللہ کو مانتے

وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝۱۰۶ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ

بھی ہیں اور شرک بھی کرتے ہیں کیا اس سے بے خوف ہو چکے ہیں کہ انہیں

مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا

اللہ کے عذاب کی ایک آفت آ پہنچے یا اچانک قیامت ان پر آ جائے اور انہیں

يَشْعُرُوْنَ ۝۱۰۷ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي

خبر بھی نہ ہو کہہ دو میرا اور میرے تابعداروں کا بصیرت کے ساتھ یہ راستہ ہے

بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ

کہ میں لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور اللہ پاک ہے اور میں شرک کرنے والوں

الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۰۸ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

میں سے نہیں ہوں اور تجھ سے پہلے ہم نے جتنے پیغمبر بھیجے وہ سب بستیوں کے رہنے والے

اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

مرد ہی تھے ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے پھر وہ زمین میں سیر کر کے کیوں نہیں

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَ

دیکھتے کہ ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے تھے اور

لَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۹

البتہ آخرت کا گھر پرہیزگاری کرنے والوں کے لئے بہتر ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے

منزل ۳

ع ۱۱ / ۵

خوشنودی کی خاطر ۱۰۰۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے دل میں تمنا رکھ کر یقیناً نہیں گزری ہے۔
ماخذ: آیت ۱۱۱۔

## رابط آیات

(۱۰۴) حالانکہ اس تبلیغ حق پر آپ ان سے کسی اجرت کے خواہاں نہیں ہیں۔ (۱۰۵) مذکورہ قصہ و واقعات کے علاوہ اور بہت سی نشانیاں آسمان و زمین میں یہ دیکھتے ہیں لیکن کوئی سبق حاصل نہیں کرتے۔ (۱۰۶) ان واقعات سے سبق توحید حاصل نہیں کرتے بلکہ توحید کے ساتھ شرک کو ملائے رکھتے ہیں۔ (۱۰۷) کیا یہ مشرک اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ ہو گئے ہیں؟ (ہرگز نہیں)۔ (۱۰۸) انہیں کہہ دیجئے میرا مسلک تو دعوت الی التوحید ہی ہے میرے متبعین کا بھی یہی مسلک ہے اور میں مشرک نہیں ہوں۔ (۱۰۹) پہلی تباہ شدہ بستیوں سے بھی یہ لوگ عبرت حاصل نہیں کرتے اور نجات آخرت فقط توحید پرست اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے ہے۔

(وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَتّٰۤى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا
یہاں تک کہ جب رسول نا اُمید ہونے لگے اور خیال کیا کہ اُن سے جھوٹ کہا گیا تھا

جَآءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا
تب اُنہیں ہماری مدد پہنچی پھر جنہیں ہم نے چاہا بچا لیا اور ہمارے عذاب کو

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ
نافرمانوں سے کوئی بھی روک نہیں سکتا البتہ ان لوگوں کے حالات میں

عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَ
عقلمندوں کے لئے عبرت ہے کوئی بنائی ہوئی بات نہیں ہے

لٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ
بلکہ اس کلام کے موافق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر چیز کا بیان

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ع
اور ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لاتے ہیں

۱۲ ع ۶

## اٰیاتها ۴۳ (۱۳) سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَكِّيَّةٌ (۹۶) رکوعاتها ۶

سورۂ رعد مکی ہے اور اس میں تینتالیس آیتیں ہیں اور چھ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ
یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تجھ پر تیرے رب سے اترا

رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾
سو حق ہے اور لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے

اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا
اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر بلند کیا جنہیں تم دیکھ رہے ہو

### ربطِ آیات

(۱۱۰) آپ فکر نہ کریں پہلے بھی اسی طرح ہوتا رہا ہے کہ جب انبیاء علیہم السلام کی ہمت یاس تک آ پہنچی اور دشمنوں نے یہ سمجھا کہ عذاب کے وعدے جو انہیں دیئے جاتے تھے وہ جھوٹے تھے۔ تب اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا۔ پھر جسے اللہ تعالیٰ نے چاہا بچا لیا اور معاندینِ حق سے وہ عذاب ٹل نہ سکا۔

(۱۱۱) یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے قصہ میں

خلاصۂ مضمون رکوع ۱ (۱۱۰، ۱۱۱) نازل شدہ کتاب و معجزات کے مصدق حق ہیں معاندین حق سمجھنے سے انکار کرتے ہیں۔ (۲) یہ لوگ سب کی تردید کرتے ہیں (حق) دلائل واضح ہیں ۳ (اور) ... انکار کرتے ہیں اس لئے قرآن کی حقانیت نہیں سمجھتے۔ ملاحظہ ہو آیت ۱۔ (۴) آیت ۲، ۳، ۴۔ (۳۱) آیت ۵۔

عقلمندوں کے لئے عبرت تھی کہ یہاں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نعمت چھین لیں گے اور بالآخر فتح ان کی ہوگی۔

### عنوان سورۂ رعد

آفتاب نبوت کے طلوع ہونے کے بعد بھی بعض ہستیاں منور نہیں ہوتیں بلکہ کفر و ضلالت کی ظلمت میں بھٹک رہی ہیں (۱) نازل شدہ کتاب ضرور ہے انسانی بیماریوں کی تکمیل ہے اور اس کا نزول تقاضائے حقیقت ہے۔ لیکن معاندین اپنی جہالت کے باعث اس پر ایمان نہیں لاتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

پھر عرش پر قائم ہوا اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا

كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ

ہر ایک اپنے وقتِ معین پر چل رہا ہے وہ ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے

الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿٢﴾ وَهُوَ الَّذِىْ

نشانیاں کھول کر بتاتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے ملنے کا یقین کرو اور اسی نے

مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِىَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ

زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا بنائے اور زمین میں

الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ

ہر ایک پھل دو قسم کا بنایا دن کو رات سے چھپا

النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ وَ

دیتا ہے بے شک اس میں سوچنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں اور

فِى الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ

زمین میں ٹکڑے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں اور انگور کے باغ ہیں

وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ

اور کھیتیاں اور کھجوریں ہیں ایک کی جڑ ملی ہوئی بعض بن ملی انہیں پانی بھی ایک ہی

وَّاحِدٍ ۫ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِى الْاُكُلِ ؕ اِنَّ

دیا جاتا ہے اور ہم ایک کو دوسرے پر پھلوں میں فضیلت دیتے ہیں بے شک

فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٤﴾ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ

اس میں عقلمندوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں اگر تو عجیب بات چاہے تو

قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ ﴿٥﴾

ان کا یہ کہنا عجب ہے کہ کیا جب ہم مٹی ہو گئے کیا نئے سرے سے بنائے جائیں گے

**ربطِ آیات**

(۲-۳-۴) ضروریاتِ جسمانی کے لئے جو نظام اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے اس کی ضرورت محسوس کرتے ہیں اور اس سے فائدہ بھی اٹھاتے ہیں لیکن نظامِ رُوحانی کے ماننے سے انکار کرتے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
:: Al-marifat.org ::
432

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ الْأَغْلَالُ فِي
یہی وہ ہیں جو اپنے رب سے منکر ہو گئے اور انہیں کی گردنوں میں طوق

أَعْنَاقِهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٥﴾
ہوں گے اور یہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ
اور تجھ سے بھلائی سے پہلے برائی کو جلد مانگتے ہیں اور ان سے پہلے

مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلَاتُ ۗ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ
بہت سے عذاب گزر چکے ہیں اور بے شک تیرا رب لوگوں کو باوجود ان کے ظلم کے

لِلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ ۖ وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٦﴾
معاف بھی کرتا ہے اور تیرے رب کا عذاب بھی سخت ہے

وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَآ أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ
اور کافر کہتے ہیں اس کے رب سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہیں

رَبِّهِ ۗ إِنَّمَآ أَنْتَ مُنْذِرٌ ۖ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴿٧﴾ اللَّهُ يَعْلَمُ
اتری تم تو محض ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لئے ایک رہبر ہوتا آیا ہے اللہ کو معلوم ہے

ع ١

مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَىٰ وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ
کہ جو کچھ ہر مادہ اپنے پیٹ میں لئے ہوتے ہے اور جو کچھ پیٹ میں گھٹتا اور بڑھتا ہے

وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ﴿٨﴾ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
اور اس کے ہاں ہر چیز کا اندازہ ہے پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے

الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ﴿٩﴾ سَوَآءٌ مِنْكُمْ مَنْ أَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ
سب سے بڑا بلند مرتبہ ہے تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے یا پکار کر

جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ﴿١٠﴾
کہے اور جو شخص رات میں کہیں چھپ جائے یا دن میں چلے پھرے۔ یہ سب برابر ہیں

## ربط آیات

(۵) منکرین نظام روحانی کا یہ ثبوت ہے کہ عالم ملکوت میں پہنچ کر جو جزا و سزا ملتی ہے اس کے وہ قائل نہیں۔ یہ مانیں یا نہ مانیں۔ بہرحال وہ واقعات ظہور میں آئیں گے اور یہ لوگ جزا و سزا پائیں گے۔ (۶) استہزا کے طور پر معاندین حق عذاب الٰہی کے متمنی ہیں کہ جلدی آئے۔ حالانکہ پہلی امتوں پر عذاب الٰہی کے کئی واقعات گزر چکے ہیں ان کے ظلم کے باوجود مغفرت الٰہی عذاب کو روکے ہوئے ہے۔ مگر یہ اسی ضد پر اڑے رہے تو یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے۔ (۷) کافر ایسا معجزہ چاہتے ہیں جس سے ان کے دل مطمئن ہو جائیں۔ حالانکہ کئی

| خلاصہ رکوع ۲ - (۱) حکم الٰہی ان کی ہر حالت پر حاوی ہے (۲) اگر یہ لوگ اصلاح نہیں کرنا چاہتے تو اللہ تعالیٰ بھی ان سے بے پرواہ ہے (۳) لیکن شرمندہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے پھر بھی بھلائی کی امید نہ رکھیں۔ ماخذ (۱) آیت ۸-۹ ۔ (۲) آیت ۱۱ ۔ (۳) آیت ۱۸ |
|---|

معجزات ظاہر ہو چکے ہیں مثلاً قرآن حکیم کی تعلیم خود معجزہ ہے لیکن یہ لوگ اپنی فطرت سلیم کھو چکے ہیں۔ اس لئے نہیں مانتے۔ (۸) اللہ تعالیٰ کا علم کیسا حاوی ہے کہ مادہ کے رحم میں جو کمی بیشی ہوتی ہے اسے بھی اچھی طرح سے جانتا ہے۔ (۹) اس کے علاوہ ہر چھپی ہوئی اور ظاہر بات کو بخوبی جانتا ہے (۱۰) تمہارے ظاہر و باطن اور شب و روز کے حالات سے پورا آگاہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ
ہر شخص کی حفاظت کے لئے کچھ فرشتے ہیں اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے حکم سے

مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا
اس کی نگہبانی کرتے ہیں بے شک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی

بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَ
حالت کو نہ بدلے اور جب اللہ کسی قوم کی برائی چاہتا ہے پھر اسے کوئی نہیں روک سکتا اور

مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ
اس کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہو سکتا وہی ہے جو تمہیں

الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ ﴿۱۲﴾
خوف یا امید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا اور بھاری بادلوں کو اٹھاتا ہے

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَ
اور رعد اس کی پاکی کے ساتھ اس کی تعریف کرتا ہے اور سب فرشتے اس کے ڈر سے اور

يُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ
بجلیاں بھیجتا ہے پھر انہیں جس پر چاہتا ہے گرا دیتا ہے اور یہ تو

يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ ؕ لَهٗ دَعْوَةُ
اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑی قوت والا ہے اسی کو پکارنا

الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ
بجا ہے اور اس کے سوا جن لوگوں کو پکارتے ہیں وہ ان کے کچھ بھی کام

لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَ
نہیں آتے مگر جیسا کوئی پانی کی طرف اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے کہ اس کے منہ میں آ جائے

مَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾
حالانکہ وہ اس کے منہ تک نہیں پہنچتا اور کافروں کی جتنی پکار ہے سب گمراہی ہے

## ربطِ آیات

(۱) اللہ تعالیٰ تم پر اتنا مہربان ہے کہ اس نے تمہاری حفاظت کے لئے فرشتے مقرر کر دیئے ہیں جو خدا کے حکم سے ہر وقت انسان کی حفاظت کا کام کرتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ اگر تم نے ناشکری نہ چھوڑی تو اللہ تعالیٰ بھی تمہاری حالت کو الٹ دے گا اور راحت کو رنج اور آرام کو مصیبت سے تبدیل کر دے گا۔ (۲) اللہ تعالیٰ اپنی قوت کا کمال بجلی کے چمکنے سے دکھاتا ہے اور پانی سے بھرے ہوئے بادلوں کو اوپر اٹھاتا ہے (۳) اس کی عظمت و جلال کا پتہ اس طرح چلتا ہے کہ فرشتہ رعد اس کی تسبیح و تقدیس میں مصروف رہتا ہے اور بقیہ تمام فرشتے اس کے خوف سے ڈرتے ہیں۔ (۴) سچی دعا اور پکار یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پکارا جائے۔ مشرکین جن معبودوں کو پکارتے ہیں وہ انہیں کوئی جواب نہیں دے سکتے۔ وہ پکار رائیگاں جاتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

اور جار و ناچار اللہ ہی کو آسمان والے اور زمین والے سجدہ کرتے ہیں

وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۩ ﴿۱۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

اور اُن کے سائے بھی صبح اور شام کہو آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا

رب کون ہے کہہ دو اللہ کہو پھر کیا تم نے اللہ کے سوا اُن چیزوں کو معبود نہیں

يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

بنا رکھا جو اپنے نفسوں کے نفع اور نقصان کے بھی مالک نہیں کہو کیا اندھا اور

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ

دیکھنے والا برابر ہو سکتا ہے یا کہیں اندھیرا اور روشنی برابر ہو سکتے ہیں

اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ

کیا جنہیں اُنھوں نے اللہ کا شریک بنا رکھا ہے انہوں نے بھی اللہ کی مخلوق جیسی کچھ مخلوق بنائی ہے

عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾

پھر مخلوق ان کی نظر میں مشتبہ ہوگئی ہے پیدا کرنے والا اللہ ہے اور وہ اکیلا زبردست ہے

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ

اُس نے آسمان سے پانی اُتارا پھر اس سے اپنی مقدار میں نالے بہنے لگے پھر وہ سیلاب

السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ

پھولا ہوا جھاگ اُوپر لایا اور جس چیز کو آگ میں زیور یا کسی اور

ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ

اسباب بنانے کے لئے پگھلاتے ہیں اس پر بھی ویسا ہی جھاگ ہوتا ہے اللہ حق اور باطل

اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ

کی مثال بیان فرماتا ہے پھر جو جھاگ ہے وہ یونہی جاتا رہتا

السجدۃ

## ربطِ آیات

(۱۵) یہ مشرک اللہ تعالیٰ کی عظمت وشان کو زبان سے مانیں یا نہ مانیں۔ ان کے سوا تمام جمادات، نباتات، حیوانات بلکہ خود انسان حقیقتاً اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہے۔ (۱۶) آسمان وزمین میں رہنے والوں کا رب تو وہی ہے اور جنہیں تم نے معبود بنا رکھا ہے وہ تو اپنے نفع ونقصان کے بھی مالک نہیں ہیں۔ کیا اندھا اور بینا کبھی برابر ہو سکتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا یَنۡفَعُ النَّاسَ فَیَمۡکُثُ فِی الۡاَرۡضِ ؕ

ہے اور جو لوگوں کو فائدہ دے وہ زمین میں ٹھیر جاتا ہے

کَذٰلِکَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡاَمۡثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾ لِلَّذِیۡنَ اسۡتَجَابُوۡا

اسی طرح اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا

لِرَبِّہِمُ الۡحُسۡنٰی ؕ وَالَّذِیۡنَ لَمۡ یَسۡتَجِیۡبُوۡا لَہٗ لَوۡ اَنَّ

ان کے واسطے بھلائی ہے اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر ان کے پاس

لَہُمۡ مَّا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا وَّمِثۡلَہٗ مَعَہٗ لَافۡتَدَوۡا

سارا ہو جو کچھ زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور ہو تو سب جرمانہ میں دے دینا

بِہٖ ؕ اُولٰٓئِکَ لَہُمۡ سُوۡٓءُ الۡحِسَابِ ۬ۙ وَمَاۡوٰىہُمۡ

قبول کریں گے ان لوگوں کے لئے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانا

جَہَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِہَادُ ﴿۱۸﴾ ع اَفَمَنۡ یَّعۡلَمُ اَنَّمَاۤ

دوزخ ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے بھلا جو شخص جانتا ہے کہ

اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ الۡحَقُّ کَمَنۡ ہُوَ اَعۡمٰی ؕ

تیرے رب سے تجھ پر جو کچھ اترا ہے حق ہے اس کے برابر ہو سکتا ہے جو اندھا ہے

اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ۙ﴿۱۹﴾ الَّذِیۡنَ یُوۡفُوۡنَ

سمجھتے تو عقل والے ہی ہیں وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو

بِعَہۡدِ اللّٰہِ وَلَا یَنۡقُضُوۡنَ الۡمِیۡثَاقَ ۙ﴿۲۰﴾ وَ

پورا کرتے ہیں اور اس عہد کو نہیں توڑتے اور

الَّذِیۡنَ یَصِلُوۡنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰہُ بِہٖۤ اَنۡ یُّوۡصَلَ

وہ لوگ جو ملاتے ہیں جس کے ملانے کو اللہ نے فرمایا ہے

وَیَخۡشَوۡنَ رَبَّہُمۡ وَیَخَافُوۡنَ سُوۡٓءَ الۡحِسَابِ ؕ﴿۲۱﴾

اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب کا خوف رکھتے ہیں

## ربطِ آیات

(۱۷) مثال میں حق یا اہلِ حق اس طرح باقی رہے گا اور مفید ہوگا جس طرح پانی زمین پی جاتی ہے (پھر اس سے طرح طرح کے اناج اور میوہ جات ہوتے ہیں) اور باطل اس طرح نابود ہوگا جس طرح سیلاب کے پانی پر جھاگ ہوتی ہے اور وہ محض بے کار شے ہے۔ (۱۸) جو لوگ دعوتِ حق کو تسلیم کر لیں گے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے نیکی پائیں گے اور انکار کرنے والے عذابِ الٰہی میں جکڑے جائیں گے اگر ان کے پاس ساری زمین کی دولت بلکہ اس سے دگنی بھی ہوتی تو بھی فدیہ دے کر جان چھڑانے کے لئے تیار ہوتے۔ (۱۹) کیا کتاب اللہ کو منزل من اللہ ماننے والا اور نہ ماننے والا برابر ہو سکتے ہیں۔ اس امر کو فقط دور اندیش عقل والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔ (۲۰ تا ۲۲) ان اخلاقِ حسنہ کے پابند ہی تعلیمِ الٰہی سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

خلاصۂ رکوع ۳ - (۱) اس کتاب کو بھی ماننے اور نہ ماننے والے برابر نہیں ہو سکتے۔ (۲) جس طرح دونوں کے ظاہر حال میں فرق ہے، اسی طرح انجام میں بھی فرق ہوگا۔
ماخذ: (۱) آیت ۱۹۔ (۲) آیت ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵۔

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ع ۲ - النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

وہ جنہوں نے اپنے رب کی رضامندی کے لئے صبر کیا اور نماز قائم کی

وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ

اور ہمارے دیئے ہوئے میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کیا اور بُرائی کے مقابلہ میں

بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

بھلائی کرتے ہیں اُنہیں کے لئے آخرت کا گھر ہے

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

ہمیشہ رہنے کے باغ جن میں وہ خود بھی رہیں گے اور اُن کے باپ دادا

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ

اور بیویوں اور اولاد میں سے بھی جو نیکوکار ہیں اور اُن کے پاس فرشتے

عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

ہر دروازے سے آئیں گے کہیں گے تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کرنے کی وجہ سے

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ

پھر آخرت کا گھر کیا ہی اچھا ہے اور جو لوگ اللہ کا عہد مضبوط

اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ

کرنے کے بعد توڑتے ہیں اور اُس چیز کو توڑتے ہیں جسے اللہ نے

بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ

جوڑنے کا حکم فرمایا اور ملک میں فساد کرتے ہیں ان کے لئے

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ

لعنت ہے اور اُن کے لئے بُرا گھر ہے اللہ ہی جس کے لئے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ

چاہتا ہے روزی فراخ اور تنگ کرتا ہے اور دُنیا کی زندگی پر خوش

**ربطِ آیات**

(۲۳-۲۴) ان با اخلاق رضائے الٰہی کے ماتحت چلنے والوں کو یہ جزائے خیر ملے گی۔ (۲۵) عہدِ عبودیت کے توڑنے والوں بد اخلاق کا ارتکاب کرنے والوں پر لعنت پڑے گی اور بُرا ٹھکانا ملے گا۔



Downloaded from almarifat.org

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا

ہیں اور دُنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں کچھ نہیں مگر

مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ ۳ ع ۸ ۹

تھوڑا سا اسباب اور کافر کہتے ہیں اس پر اس کے رب سے کوئی نشانی

اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَ

کیوں نہیں اتری کہہ دو اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور

يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ

جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اُسے اپنے تک پہنچنے کا راستہ دکھاتا ہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ

دلوں کو اللہ کی یاد سے تسکین ہوتی ہے خبردار ! اللہ کی یاد ہی سے دل تسکین

الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى

پاتے ہیں جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے

لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ

خوشخبری اور اچھا ٹھکانا ہے اسی طرح ہم نے تجھے ایک امت میں بھیجا ہے

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ

کہ اس سے پہلے کئی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ تو انہیں سنا دے جو ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ

تیری طرف حکم بھیجا ہے اور وہ تو رحمٰن کے منکر ہیں کہہ دو وہی

رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾

میرا رب ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ

اور اگر تحقیق کوئی ایسا قرآن نازل ہوتا کہ جس سے پہاڑ چلتے یا اس سے

خلاصہ رکوع ۴ - (۱) مخالف کہتے ہیں کوئی نشانی ظاہر ہوتی، جس سے ہمارے دل قرآن پر مطمئن ہو جاتے (۲) ایمان والوں کو ذکرِ الٰہی (قرآن حکیم) سے اطمینانِ قلب حاصل ہوتا ہے (۳) قرآن کا علمی درجہ کا مرتبہ ہے لیکن تمام اہل پہاڑ زمین اور مُردوں سے بھی زیادہ بیکار ہو چکے ہیں۔

ماخذ (۱) آیت ۲۷ - (۲) آیت ۲۹ - (۳) آیت ۳۱ ۔

## ربطِ آیات

(۲۶) قبض و بسطِ رزق اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے یہ لوگ دُنیا کا ساز و سامان حاصل کر کے بڑے خوش ہو گئے ہیں حالانکہ دُنیا کی نعمتیں آخرت کے مقابلہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتیں۔

(۲۷) کافر کہتے ہیں کہ کوئی نشانی مل جاتی تو ہم بھی قرآن کی تصدیق کر لیتے۔ ان سے کہہ دیجئے یہ کام نشانیوں پر مبنی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ جسے چاہے اپنے ہاں بلائے۔

(۲۸) ایمان والوں کو اس قرآنِ حکیم سے اطمینانِ قلب حاصل ہو جاتا ہے۔

(۲۹) ایمان اور نیک عمل کرنے والوں کے لئے خوشخبری ہو۔ اور ان کے لئے اچھی جگہ تجویز شدہ ہے۔ (۳۰) ہم نے آپ کو اس لئے بھیجا ہے تاکہ ان لوگوں کو قرآن منزل من الرحمٰن پڑھ کر سنائیں اور یہ لوگ رحمٰن کی مخالفت کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ
زمین کے ٹکڑے ہو جاتے یا اُس سے مُردے بول اُٹھتے (تب بھی نہ مانتے) بلکہ سب کام اللہ کے ہاتھ

جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ
میں ہیں پھر کیا ایمان والے اِس بات سے نااُمید ہو گئے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا

اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور کافروں پر تو ہمیشہ اُن کی

تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا
بداعمالی سے کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہے گی یا وُہ بلا اُن کے گھر کے قریب

مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
نازل ہوگی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ پُورا ہو بے شک اللہ

يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ع ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ
اپنے وعدے کا خلاف نہیں کرتا اور تجھ سے پہلے کئی رسولوں سے ہنسی

قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ قف فَكَيْفَ
کی گئی ہے پھر میں نے کافروں کو مہلت دی پھر اُنہیں پکڑ لیا پھر ہمارا

كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ
عذاب کیسا تھا بھلا جو ہر کسی کے سر پر ٹھہرا ہے

بِمَا كَسَبَتْ ج وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ
جو اُس نے کیا ہے اور انہوں نے اللہ کے لئے شریک بنا رکھے ہیں کہہ دو اُن کے نام بتلاؤ

اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ
کیا اللہ کو وُہ بات بتاتے ہو جسے وُہ زمین میں نہیں جانتا یا اُوپر ہی کی

مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ
باتیں کرتے ہو بلکہ کافروں کے فریب انہیں بھلے معلوم کرائے گئے ہیں

ع ۵ / ۴ / ۱۰

### ربطِ آیات

(۳۱) اِن لوگوں نے تو فطرت ایسی بگاڑی ہے کہ اگر قرآن حکیم کی تاثیر کے بڑے بڑے کرشمے بھی دیکھ لیں تو بھی نہیں مانیں گے۔ (۳۲) آپ سے پہلے انبیاء علیہم السلام پر تمسخر ہوا۔ پہلے مخالفین کو مہلت ملی پھر عذاب میں مبتلا ہوئے۔

خلاصۂ رکوع ۵ ... (۱) آپ سے پہلے بھی نبیوں کا تمسخر اُڑایا گیا۔ ایسے لوگوں کو پہلے اللہ تعالیٰ نے مہلت دی۔ پھر دُنیا میں عذاب چکھایا۔ (۲) اس کے بعد آخرت میں بھی عذاب میں مبتلا ہو جائیں گے۔
ماخذ: (۱) آیت ۳۲ (۲) آیت ۳۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ

اور وہ رستے سے روکے گئے ہیں اور جسے اللہ گمراہ کرے پھر اُسے کوئی بھی

مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾ لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ

ہدایت دینے والا نہیں ہے ان کے لئے دُنیا کی زندگی میں عذاب ہے اور البتہ آخرت

الْآخِرَةِ أَشَقُّ ۖ وَمَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ ﴿٣٤﴾ مَّثَلُ

کا عذاب تو بہت ہی سخت ہے اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا اس جنت کا

الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ

حال جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اُس کے نیچے نہریں بہتی ہیں

أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ۚ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا ۖ

جس کے میوے اور سائے ہمیشہ رہیں گے یہ پرہیزگاروں کا انجام ہے

وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ

اور کافروں کا انجام آگ ہے اور وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے

يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ ۖ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن

اس سے خوش ہوتے ہیں جو تجھ پر نازل ہوا اور جماعتوں میں سے بعض لوگ اُس کی

يُنكِرُ بَعْضَهُ ۚ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا

بعض بات نہیں مانتے کہہ دو مجھے تو یہی حکم ہوا ہے کہ اللہ کی بندگی کروں اور اُس کے

أُشْرِكَ بِهِ ۚ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ ﴿٣٦﴾ وَكَذَٰلِكَ

ساتھ شریک نہ کروں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا ٹھکانا ہے اور اسی طرح

أَنزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا

ہم نے یہ کلام اُتارا کتاب عربی زبان میں اور اگر تو اُن کی خواہش کے مطابق چلے بعد اس

جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ﴿٣٧﴾ ع ۵ ۱۱

علم کے جو تجھے پہنچ چکا ہے تیرا اللہ سے کوئی حمایتی اور بچانے والا نہ ہوگا

## ربطِ آیات

(۳۳) کیا جو مالک ہر نفس پر قائم اور حافظ اور رازق ہے اور تمہارے بیکس و عاجز معبود دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔ جو شخص راندۂ درگاہِ الٰہی ہو جائے اُسے دُوسرا کون ہدایت کرے۔

(۳۴) یہ گمراہ دُنیا اور آخرت کے عذاب میں مُبتلا ہوں گے اور انہیں کوئی بچانے والا نہیں ملے گا۔ (۳۵) اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کا ٹھکانا جنت اور کفّار کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ (۳۶) مُسلمان اس قرآن کے سُننے سے خوش ہوتے ہیں۔ یہود و نصاریٰ اور مُشرکینِ عرب اس کے بعض حصص کا انکار کرتے ہیں۔ ان سے کہہ دیجئے۔ مجھے ایک خدا تعالیٰ کی پرستش کا حکم دیا گیا ہے۔ میں اُس کے ساتھ کسی دُوسرے کو شریک بنانے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ (۳۷) جس طرح پہلے انبیاء علیہم السلام پر ان کی قوم کی زبانوں میں کتابیں نازل ہوئی تھیں۔ اسی طرح آپ پر عربی میں قرآن نازل ہوا ہے۔ آپ اس کا اتباع کریں۔ مخالفین کی کوئی پرواہ نہ کریں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا
اور البتہ تحقیق ہم نے تجھ سے پہلے کئی رسول بھیجے اور ہم نے انہیں بیویاں
وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ
اور اولاد بھی دی تھی اور کسی رسول کے اختیار میں نہ تھا کہ وہ اللہ کے حکم کے سوا کوئی معجزہ
اللَّهِ ۗ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ﴿٣٨﴾ يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ
لاتا ہر زمانہ کے مناسب احکام ہوتے ہیں اللہ جو چاہے موقوف کر دیتا ہے اور باقی رکھتا ہے
وَعِندَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ﴿٣٩﴾ وَإِن مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي
اور اسی کے پاس اصل کتاب ہے اور اگر ہم تجھے کوئی وعدہ دکھا دیں جو ہم نے
نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا
ان سے کیا ہے یا تجھے اٹھا لیں سو تیرے ذمہ تو پہنچا دینا ہے اور ہمارے ذمہ
الْحِسَابُ ﴿٤٠﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا
حساب لینا ہے کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے
مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَ
چلے آتے ہیں اور اللہ حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کو ہٹا نہیں سکتا اور
هُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿٤١﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن
وہ جلد حساب لینے والا ہے اور ان سے پہلے لوگ بھی تدبیریں
قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ جَمِيعًا ۖ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ
کر چکے ہیں سو اصل تدبیر تو اللہ ہی کی ہے جو کچھ کوئی کرتا ہے اسے سب خبر
نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٤٢﴾ وَ
رہتی ہے اور ابھی کافروں کو معلوم ہو جائے گا کہ پچھلا انجام کس کا ہے اور
يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ
کہتے ہیں کہ تو رسول نہیں ہے کہہ دو میرے اور تمہارے

## ربطِ آیات

(۳۸) انہیں آپ کی ازواج و اولاد سے کیوں شبہ ہوا ہے کیا پہلے انبیاء علیہم السلام کے اہل و عیال نہ تھے۔ اس طرح معجزات طلب کرتے ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہوتے ہیں۔ اور اگر عذاب کیلئے جلدی کرتے ہیں تو اس کے مستحق فیصلہ الٰہی میں جو وقت متعین ہو چکا ہے اس سے پہلے نہیں آ سکتا۔ (۳۹) اللہ تعالیٰ اپنے فیصلوں میں ترمیم و تنسیخ کا اختیار تام رکھتا ہے۔ (۴۰) ان پر عذاب آپ کے سامنے آئے یا بعد میں آئے آپ کے ذمہ فقط تبلیغ تھی۔ اس کے بعد حساب کتاب لینا ہمارا کام ہے۔ (۴۱) کیا اسلام کے سامنے قرب و نواح کا مسخر ہوتے جانا معجزہ نہیں۔ پھر اور معجزہ آنے کی کیا ضرورت ہے (۴۲) ان سے پہلے لوگوں نے بھی کلمہ حق کے مٹانے کی تدابیر کیں اللہ تعالیٰ نے ان کی ایسی کاٹ کی کہ وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ (اب بھی اسی طرح ہوگا)

خلاصہ رکوع ۱۴ ۔ (۱) اگر انہیں آپ کے بیوی بچوں سے شبہ ہوا ہے تو کیا پہلے انبیاء علیہم السلام کے بیوی بچے نہ تھے (۲) بہرحال آپ کا کام پیغام پہنچانا ہے۔ اس کے بعد منکرین سے ہم نمٹ لیں گے۔
ماخذ: (۱) آیت ۳۸ ۔ (۲) آیت ۴۰ ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ۶ ۱۲

شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿٤٣﴾ ع

درمیان اللہ گواہ کافی ہے اور وہ شخص جس کے پاس کتاب کا علم ہے

## آیاتها ۵۲ (۱۴) سُورَةُ اِبْرٰهِيمَ مَكِّيَّةٌ (۷۲) رکوعاتها ۷

سورۂ ابراہیم مکی ہے اور اس میں باون آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

یہ ایک کتاب ہے، ہم نے اسے تیری طرف نازل کیا ہے "تاکہ تو لوگوں کو ان کے رب کے

اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ﴿١﴾

حکم سے اندھیروں سے روشنی کی طرف غالب تعریف کئے ہوئے کے راستہ کی طرف نکالے

اللّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَوَيْلٌ

یعنی اللہ جس کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور کافروں پر

لِّلْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿٢﴾ الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ

افسوس کہ انہیں سخت عذاب ہونا ہے جو دنیا کی زندگی کو

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّونَ عَنْ

آخرت کے مقابلہ میں پسند کرتے ہیں اور اللہ کی راہ سے

سَبِيلِ اللّٰهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ اُولٰٓئِكَ فِي ضَلٰلٍ

روکتے ہیں اور اس میں کجی تلاش کرتے ہیں وہ دور کی گمراہی میں

بَعِيدٍ ﴿٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُولٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ

پڑے ہوئے ہیں اور ہم نے ہر پیغمبر کو اس کی قوم کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا ہے

لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۖ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِي مَنْ

تاکہ انہیں سمجھا سکے پھر اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے

### ربطِ آیات

(۴۳) کافر ضد کی بنا پر یہی کہتے ہیں کہ آپ رسول نہیں ہیں۔ ان سے کہہ دیجئے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ گواہ کافی ہے۔ اس کی حمایت سے پتہ چل جائے گا کہ وہ کس کا مددگار ہے اور اہل کتاب میں سے کھلانے ربانی بھی آپ کی رسالت کی تصدیق کرتے ہیں۔

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۱۔ مقصد بعثت محمدی و موسوی ایک ہے۔ |
| ماخذ آیت ۱۔ ۵ |

سورۂ ابراہیم
(عنوان عام ساری سورۃ کا)
مقصدِ بعثت
انبیاء علیہم السلام

(۱) نزولِ قرآن کا مقصد یہ ہے کہ لوگ ظلمات سے نکل کر روشنی میں آئیں۔

(۲) اس اللہ تعالیٰ کے راستے پر آجائیں جو زمین و آسمان کا مالک ہے۔ اس راستے سے انکار کرنے والوں کے لئے سخت عذاب ہے۔

(۳) بعید سے راستہ سے انکار کرنے والے کفار کا مقصد زندگی یہ ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں

بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ

دے کر بھیجا تھا کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

اور انہیں اللہ کے دن یاد دلا بے شک اس میں ہر ایک صبر شکر کرنے والے

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿٥﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا

کے لیئے بڑی نشانیاں ہیں اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اللہ کا احسان

نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اپنے اوپر یاد کرو جب تمہیں فرعون کی قوم سے چھڑایا

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ

وہ تمہیں برا عذاب چکھاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے

ع ۱ ۱۴ عَظِيْمٌ ﴿٦﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ

بڑی آزمائش تھی اور جب تمہارے رب نے یہ سنا دیا تھا کہ البتہ اگر تم شکر گزاری کروگے تو اور زیادہ

وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ﴿٧﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى

دوں گا اور اگر ناشکری کروگے تو میرا عذاب بھی سخت ہے اور موسیٰ نے کہا

اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ

اگر تم اور جو لوگ زمین میں ہیں سارے کفر کروگے تو اللہ بے پروا

لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٨﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

تعریف والا ہے کیا تمہیں ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے تھے

## ربطِ آیات

(۴) ہمیشہ ہر رسول اپنی قوم کی زبان میں احکامِ الٰہی لائے۔ پھر جس نے چاہا ہدایت پائی اور جس نے نہ چاہا اُسے اللہ تعالیٰ نے گمراہوں کی فہرست میں لکھ دیا۔ (۵) موسیٰ علیہ السلام بھی اپنی قوم کو اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لانے کے لیئے بھیجے گئے تھے۔

(۶) چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو احساناتِ الٰہی یاد دلائے اور اتباعِ حق کی ترغیب دی۔ (۷) اللہ تعالیٰ کا یہ اعلانِ عام ہے کہ شکر کے حق میں زیادتی انعام و اکرام اور نافرمان کے لیئے سخت عذاب کا وعید ہوگا۔

> مقاصدِ رکوع ۲ - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصد ایک ہی ہے۔
> ماخذ آیت ۴ - ۱۰

(۸) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ اگر تم اور زمین کے سارے بسنے والے اللہ تعالیٰ کے مخالف ہو جائیں تو بھی اللہ تعالیٰ کو کوئی بھی پروا نہیں ہے۔



Downloaded from ..... Al-marifat.org .....
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مع

قَوْمِ نُوحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِنۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا
نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور جو اُن کے بعد ہُوئے اللہ

يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَٰتِ فَرَدُّوٓا۟
کے سوا جنہیں کوئی نہیں جانتا ان کے پاس ان کے رسُول نشانیاں لے کر آئے پھر

أَيْدِيَهُمْ فِىٓ أَفْوَٰهِهِمْ وَقَالُوٓا۟ إِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ أُرْسِلْتُم
انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے مُونہوں میں لوٹائے اور کہا ہم نہیں مانتے جو تمہیں دے کر بھیجا گیا

بِهِۦ وَإِنَّا لَفِى شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَنَآ إِلَيْهِ مُرِيبٍ ۝٩
ہے اور جس دین کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو ہمیں تو اس میں بڑا شک ہے

قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِى اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَٰوَٰتِ وَ
ان کے رسُولوں نے کہا کیا تمہیں اللہ میں شک ہے جس نے آسمان اور

الْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَ
زمین بنائے وہ تمہیں بلاتا ہے تاکہ تمہارے کچھ گناہ بخشے اور

يُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ قَالُوٓا۟ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ
تمہیں ایک مقررہ وقت تک مہلت دے انہوں نے کہا تم بھی تو ہمارے جیسے

مِّثْلُنَا تُرِيدُونَ أَن تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ
انسان ہو تم چاہتے ہو کہ ہمیں ان چیزوں سے روک دو جنہیں ہمارے باپ دادا

ءَابَآؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَٰنٍ مُّبِينٍ ۝١٠ قَالَتْ لَهُمْ
پُوجتے رہے سو کوئی کُھلا ہُوا معجزہ لاؤ اُن سے ان کے رسُولوں

رُسُلُهُمْ إِن نَّحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ
نے کہا ضرور ہم بھی تمہارے جیسے ہی آدمی ہیں لیکن اللہ

يَمُنُّ عَلَىٰ مَن يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِۦ ۖ وَمَا كَانَ لَنَآ
اپنے بندوں میں جس پر چاہتا ہے احسان کرتا ہے اور ہمارا کام نہیں

الثلثة

## ربطِ آیات

(۹) کیا تم نے پہلی برباد شدہ قوموں کے حالات نہیں سُنے۔ ان کے پاس انبیاء علیہم السلام روشن احکام لائے اور انہوں نے تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ اور نبوت کے دعویٰ میں شک ظاہر کیا۔ (۱۰) انبیاء علیہم السلام نے فرمایا کہ ہم تو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ کیا اللہ تعالیٰ میں تمہیں شک ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہم جیسے آدمی معلوم ہوتے ہیں (للذا آپ کو ہم پر کوئی فضیلت حاصل نہیں)۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْ نَّأْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

کہ ہم اللہ کی اجازت کے سوا تمہیں کوئی معجزہ لاکر دکھائیں ۔ اور ایمان والوں کا بھروسہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَا لَنَآ أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ

اللہ ہی پر ہونا چاہئے ۔ اور ہم کیوں اللہ پر بھروسہ نہ کریں حالانکہ اسی نے ہمیں (سیدھے)

هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۗ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۗ وَعَلَى

راستوں کی راہ نمائی کی ہے ۔ اور ہم ضرور صبر کریں گے اس ایذا پر جو تم ہمیں دیتے ہو ۔ اور توکل

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کرنے والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے ۔ اور کافروں نے اپنے رسولوں سے

لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ أَرْضِنَآ أَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ

کہا ۔ ہم تمہیں اپنے ملک سے نکال دیں گے ۔ یا ۔ ہمارے دین میں

مِلَّتِنَا ۗ فَأَوْحٰٓى إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾

لوٹ آؤ ۔ تب انہیں ان کے رب نے حکم بھیجا کہ ہم ان ظالموں کو ضرور ہلاک کریں گے

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۗ ذٰلِكَ لِمَنْ

اور ان کے بعد اس زمین میں تمہیں آباد کریں گے ۔ یہ اس کے لئے ہے جو

خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا

میرے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا اور جس نے میرے عذاب سے خوف کھایا ۔ اور پیغمبروں نے فیصلہ چاہا اور

وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ

ہر ایک سرکش ضدی نامراد ہوا ۔ اور اس کے پیچھے دوزخ ہے

وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ

اور اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا ۔ جیسے گھونٹ گھونٹ پئے گا اور اسے

يُسِيْغُهٗ وَيَأْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ

گلے سے نہ اتار سکے گا اور اس پر ہر طرف سے موت آئے گی اور وہ نہیں

## ربطِ آیات

(۱۱) انبیاء علیہم السلام نے فرمایا ہم انسان تو ہیں لیکن اللہ تعالیٰ جس پر چاہے انعام کرے (اور نبی بنائے)۔ ایمان والوں کا بھروسہ اللہ تعالیٰ پر ہی ہوا کرتا ہے۔

خلاصہ رکوع ۳ ۔ انبیاء علیہم السلام سے ان کے معاندین کی بیزاری ۔ ماخذ آیت ۲۱۔

ع ۲ ۔ ۱۴

(۱۲) اللہ تعالیٰ کے ہم پر بے شمار احسان ہیں لہٰذا کس پر بھروسہ نہ کریں تو اور کس پر کریں اور اسی کی خاطر تمہاری ایذا پر صبر کریں گے۔

(۱۳) کفار نے آخر یہ فیصلہ سنایا یا تمہیں (انبیاء علیہم السلام) کو دیس سے نکال دیں گے اور یا تمہیں ہمارے دین میں آنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو وحی کی ہم ان ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے۔ (۱۴) اور ان کی جگہ پر آپ کو آباد رکھیں گے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ ملا کرتا ہے۔

(۱۵) انبیاء علیہم السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اب ہم میں اور ہماری قوم میں فیصلہ ہونا چاہئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ عذاب الٰہی آیا جس نے جابر اور ضدیوں کو تباہ کر دیا (۱۶)۔ (۱۷) ان پر دنیا میں عذاب آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ⑰ مَثَلُ

مرے گا — اور اُس کے پیچھے — سخت عذاب ہوگا — ان کی مثال

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ اشْتَدَّتْ

جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا — ایسی ہے کہ ان کے اعمال — گویا — راکھ ہیں

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا

کہ جسے آندھی کے دن ہوا اُڑا کر لے گئی ہو — جو کچھ انہوں نے کمایا تھا اُس میں سے کچھ بھی

عَلٰي شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑱ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

اُن کے ہاتھ میں نہ رہا ہو — یہی بڑی دُور کی — گمراہی ہے — کیا تو نے نہیں دیکھا کہ

اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ

اللہ نے — آسمانوں — اور — زمین کو ٹھیک طور پر بنایا — اگر وہ چاہے — تو

يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ⑲ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَي

تمہیں لے جائے — اور — نئی مخلوق لے آئے — اور — یہ — اللہ پر

اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ⑳ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰۗؤُا

کچھ مشکل نہیں ہے — اور سب اللہ کے سامنے کھڑے ہوں گے — تب — کمزور

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

متکبروں سے کہیں گے — ہم تو — تمہارے تابع تھے — سو ہمیں — اللہ کے

عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

عذاب سے — کچھ — بچا دو گے — وہ کہیں گے اگر ہمیں اللہ ہدایت کرتا

لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا

تو ہم تمہیں ہدایت کرتے — اب ہمارے لئے برابر ہے کہ ہم بےچینی دکھائیں یا صبر کریں — ہمارے

مِنْ مَّحِيْصٍ ㉑ ۧ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ — ع ۳ / ۱۵

بچنے کی کوئی صورت نہیں — اور جب فیصلہ ہو چکے گا — تو — شیطان کہے گا

### ربطِ آیات

اس کے بعد دوزخ کے عذاب کے مستحق ٹھہرائے گئے جس میں طرح طرح کا عذاب ہوگا۔ (۱۸) کفار کے تباہی اعمال کے ضائع ہونے کی یہ مثال ہے۔ (۱۹، ۲۰) جس خدا تعالیٰ نے زمین و آسمان کو از سر نو پیدا کیا تھا وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ تمہیں فنا کر کے دوسرے لوگ پیدا کر دے۔ (۲۱) قیامت کے دن باطل پرست تابع اور متبوع میں یہ جھگڑا ہوگا۔



Downloaded from .... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ ۖ

کہ بے شک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا تھا پھر میں نے وعدہ خلافی کی

وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ إِلَّآ أَنْ دَعَوْتُكُمْ

اور میرا تم پر اس کے سوا کوئی زور نہ تھا کہ میں نے تمہیں بلایا

فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا أَنْفُسَكُمْ ۖ مَآ أَنَا

پھر تم نے میری بات کو مان لیا پھر مجھے الزام نہ دو اور اپنے آپ کو الزام دو نہ میں

بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۖ إِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ

تمہارا فریاد رس ہوں اور نہ تم میرے فریاد رس ہو میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار

أَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۗ إِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

ہوں کہ تم اس سے پہلے مجھے شریک بناتے تھے بے شک ظالموں کے لئے دردناک عذاب

أَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَأُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ

ہے اور جو لوگ ایمان لائے تھے اور نیک کام کئے تھے وہ باغوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۗ

داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ رہیں گے

تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

آپس میں ملاقات کے وقت ان کی سلام ہوگی کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کلمۂ پاک کی ایک مثال

كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ

بیان کی ہے گویا وہ ایک پاک درخت ہے کہ جس کی جڑ مضبوط اور

فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِإِذْنِ

اس کی شاخ آسمان میں ہے وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل

رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

لاتا ہے اور اللہ لوگوں کے واسطے مثالیں بیان کرتا ہے تاکہ

### ربطِ آیات

(۲۲) باطل پرستوں کا مقتدا یعنی شیطان اپنی کذب آفرینی اور وعدہ خلافی کا قیامت کے دن اعلان کرے گا۔ حق تعالیٰ کے ہاں سے یہ فیصلہ ہوگا کہ ضال اور مضل انسان ہوں یا شیطان سب کے سب

خلاصۂ رکوع ۴ ۔ ظالمین بنیاد [illegible] کا [illegible] نور و رس کی قیامت میں بیزاری
ماخذ ۔ آیت ۲۲

دردناک عذاب میں مبتلا ہوں گے (۲۳) صراط مستقیم پر استقامت اختیار کرنے والوں کو جنت نصیب ہوگی۔ (۲۴-۲۵) راہِ راست اختیار کرنے والوں کو یہ جزائے خیر کیوں نہ ملتے جس کلمۂ توحید کے وہ پابند تھے اس کا خاصہ یہ ہے جس کا ذکر ان آیات میں کیا گیا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ
وہ سمجھیں اور ناپاک کلمہ کی مثال ایک ناپاک درخت کی سی ہے جو

اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾
زمین کے اوپر ہی سے اکھاڑ لیا جائے اسے کچھ ٹھہراؤ نہیں ہے

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ
اللہ ایمان والوں کو دنیا اور آخرت کی زندگی میں سچی بات پر

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ قف وَ
ثابت قدم رکھتا ہے اور ظالموں کو گمراہ کرتا ہے اور

يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿٢٧﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا
اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے کیا تو نے انہیں نہیں دیکھا کہ جنہوں نے اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾
نعمت کے بدلے میں ناشکری کی اور اپنی قوم کو تباہی کے گھر میں اتارا

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۗ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ
جو دوزخ ہے اس میں داخل ہوں گے اور وہ برا ٹھکانا ہے اور لوگوں نے اللہ کی

اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ
راہ سے بہکانے کے لئے شریک بنا رکھے ہیں کہہ دو نفع اٹھالو پھر تمہیں

مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
آگ کی طرف لوٹنا ہے میرے بندوں کو کہہ دو جو ایمان لائے ہیں

يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً
نماز قائم رکھیں اور ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کریں

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿٣١﴾
اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جس میں نہ خرید و فروخت ہے نہ دوستی

## ربطِ آیات

(۲۵) دیکھو صفحہ ۴۱۱ ۔
(۲۶) اور کلمۂ خبیثہ شرک کی مثال اس بدبخت درخت کی سی ہے۔ جس کی جڑ ہی کوئی نہیں۔ (۲۷) کلمۂ طیبہ توحید کی برکت سے اللہ تعالیٰ مومنوں کو دنیا میں بھی ثابت قدم رکھے گا اور آخرت میں بھی اسی پر قائم رہنے کی وجہ سے عزت پائیں گے۔

۳ ع ۵ ۱۶

خلاصہ رکوع ۵۔ تبیین حق کو محسنِ حقیقی کی اطاعت کی تلقین۔ ماخذ۔ آیت ۳۱۔

(۲۸ - ۲۹) کفار نے نعمتِ الٰہی (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شکر واجب تھا، اس) کو کفرانِ نعمت سے تبدیل کیا یعنی اس سے فائدہ نہ اٹھایا۔ بلکہ اس کا کفر کیا اور اس کفر کے باعث اپنی قوم کو جہنم میں داخل کر دیا۔ (۳۰) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سبق توحید نہ پڑھا۔ اور اپنے شرک میں مبتلا ہے ان کے لئے ارشاد ہوتا ہے۔ دنیا میں چند روزہ آرام پالو۔ بالآخر تمہارا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ (۳۱) مومنوں کو یہ پیغام پہنچا دیجئے کہ قیامت کے آنے سے پہلے عباداتِ بدنیہ اور مالیہ جتنی ہو سکتی ہیں کر لیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ

اللہ وُہ ہے جس نے آسمان اور زمین بنائے اور آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَ

پانی نازل کیا پھر اس سے تمہارے کھانے کو پھل نکالے اور

سَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ

کشتیاں تمہارے تابع کردیں تاکہ دریا میں اس کے حکم سے چلتی رہیں اور نہریں

لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۚ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ ۚ

تمہارے تابع کردیں اور سورج اور چاند کو تمہارے تابع کردیا جو ہمیشہ چلنے والے ہیں

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ۚ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا

اور تمہارے لئے رات اور دن کو تابع کیا اور جو چیز تم نے اس سے مانگی

سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ

اس نے تمہیں دی اور اگر اللہ کی نعمتیں شمار کرنے لگو تو انہیں شمار نہ کرسکو

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ع ﴿۳۴﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ

بے شک انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے اور جس وقت ابراہیم نے کہا

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ

اے میرے رب! اس شہر کو امن والا کردے اور مجھے اور میری اولاد کو

اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ؕ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِیْرًا

بت پرستی سے بچا اے میرے رب! انہوں نے بہت

مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ۚ وَمَنْ عَصَانِیْ

لوگوں کو گمراہ کیا ہے پس جس نے میری پیروی کی وہ تو میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی

فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ

پس تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے اے رب میرے! میں نے اپنی کچھ

## ربطِ آیات

(۳۲-۳۳-۳۴) اے مخالفینِ حق! اس خدائے تعالیٰ کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے سے جی چراتے ہو جس کے تم پر یہ احسانات ہیں۔

(۳۵) ابراہیم علیہ السلام نے بامرِ الٰہی خدا پرستوں کے لئے ایک مرکز بنایا اور دُعا فرمائی کہ اے اللہ! اسے امن گاہ بنا اور مجھے اور میری اولاد کو بُت پرستی سے بچا۔

(۳۶) اے اللہ! بُت پرستی سے بہت سے لوگ گمراہ ہو گئے ہیں۔ میں اپنا اسے سمجھوں گا جو میری طرح توحید پرست ہوگا۔

خلاصہ رکوع ۶ ۔ (۱) ذبائح حق میں نزد ابراہیمی منظر ہے (۲) اور درس گاہِ ابراہیمی سے تعلق ہے۔ ماخذ (۱) آیت ۳۵ ۔ (۲) آیت ۳۷ ۔

ع ۶ / ۵ / ۱۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ

اولاد ایسے میدان میں بسائی ہے جہاں کھیتی نہیں تیرے عزت والے گھر کے پاس

رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ

اے رب ہمارے! تاکہ نماز کو قائم رکھیں پھر کچھ لوگوں کے دل ان کی طرف

تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ

مائل کردے اور انہیں میووں کی روزی دے تاکہ وہ

يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٧﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ

شکر کریں اے رب ہمارے! بے شک تو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں

وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي

اور اللہ پر کوئی چیز زمین اور آسمان میں پوشیدہ

السَّمَاۗءِ ﴿٣٨﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَي الْكِبَرِ

نہیں اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے اتنی بڑی عمر میں

اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿٣٩﴾

اسماعیل اور اسحٰق بخشے بے شک میرا رب دعاؤں کا سننے والا ہے

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ڰ

اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا دے

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ﴿٤٠﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

اے ہمارے رب! اور میری دعا کو قبول فرما اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ ع وَلَا ع ٦ ١٨

اور ایمانداروں کو حساب قائم ہونے کے دن بخش دے تو

تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۭ ۵

ہرگز خیال نہ کر کہ اللہ ان کاموں سے بے خبر ہے جو ظالم کرتے ہیں



## ربطِ آیات

(٣٧) حضرت ہاجرہ اور اسمٰعیل علیہما السلام کو جب بیت اللہ الحرام کے پاس ٹھہرا گئے تھے اُس وقت یہ دُعا فرمائی تھی (٣٨) اے اللہ! تو ہمارے ظاہر اور باطن کو جانتا ہے۔ (٣٩) اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہوں کہ اس نے بڑھاپے میں مجھے بیٹے عطا فرمائے۔ (٤٠) اے اللہ! مجھے اور میری اولاد کو اپنی یاد کی توفیق عطا فرما۔

(٤١) اے اللہ! مجھے اور میرے والدین بلکہ سارے مومنو کو بخش دے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ ﴿۴۲﴾

انہیں صرف اُس دن تک مُہلت دے رکھی ہے جس میں نگاہیں پھٹی رہ جائیں گی

مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ

وُہ سر اُٹھائے ہُوئے دَوڑتے چلے جارہے ہوں گے کہ اِن کی نظر اِن کی طرف ہٹ کر

طَرْفُهُمْ ۖ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ﴿۴۳﴾ وَأَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ

نہیں آوے گی اور اِن کے دل اُڑ گئے ہوں گے اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا دیجئے

يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا

کہ اِن پر عذاب آئے گا تب ظالم کہیں گے اے رب ہمارے!

أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ

ہمیں تھوڑی مُدّت تک مُہلت دے کہ ہم تیرا بُلاوا قبول کرلیں اور رسُولوں کی

الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِنْ

پیروی کرلیں کیا تم نے پہلے قسم نہیں کھائی تھی کہ تمہیں کہیں جانا ہی

زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَسَكَنْتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا

نہیں ہے اور تم ان ہی لوگوں کی بستیوں میں آباد تھے جنہوں نے اپنی جانوں پر

أَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا

ظلم کیا تھا اور تمہیں معلوم ہوچکا تھا کہ ہم نے اِن کے ساتھ کیا کیا تھا اور ہم نے

لَكُمُ الْأَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ

تمہیں سب قصّے بتلائے تھے اور ان لوگوں نے اپنی تدبیریں کی تھیں اور اُن کی تدبیریں

اللَّهِ مَكْرُهُمْ وَإِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ

اللہ کے سامنے تھیں اگرچہ ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی

الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ

ٹل جائیں پس اللہ کو اپنے رسُولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا

## ربطِ آیات

(۴۲) ظالموں کے اعمال سے اللہ تعالیٰ کو غافل نہ سمجھیں۔ اُس نے ان کی سزا کو قیامت کے لئے مؤخر رکھا ہے۔

(۴۳) اس دن ان کی یہ ناگفتہ بہ حالت ہوگی۔

(۴۴) ظالموں کو متنبہ کر دیجئے کہ آئندہ تمہیں اس طرح دستِ حسرت ملنا پڑے گا اور اس دن یہ حسرت بے نتیجہ ہوگی۔ اس دن تمہیں کہا جائے

خلاصہ رکوع ۷۔ منکرین حق کو قیامت کے دن احساس اور تردید و درخواست۔ ماخذ آیت ۴۴۔

کیا تم نے دنیا میں قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تمہیں کبھی زوال نہیں آنے گا۔ (۴۵) حالانکہ تم پہلی تباہ شدہ بستیوں ہی میں رہتے تھے اور تمہیں معلوم تھا کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ اور ہم نے تمہیں ان کی مثالیں بھی سنا دی تھیں

(۴۶) ان تباہ شدہ لوگوں نے حق کو مٹانے کے لئے بڑے زبردست مکر کئے تھے کہ پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائیں لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے مکروں کی کاٹ کے لئے تدابیر محکم تھیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ؕ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ

خیال نہ کریں — بے شک اللہ زبردست بدلہ لینے والا ہے — جس دن اس زمین سے

الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ

اور زمین — بدلی جائے گی — اور آسمان بدلے جاویں گے — اور سب کے سب

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿٤٨﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ

ایک زبردست اللہ کے رُوبرو پیش ہوں گے — اور تُو — اُس دن — گنہگاروں کو

مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿٤٩﴾ ج سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ

زنجیروں میں — جکڑے ہُوئے دیکھے گا — کُرتے ان کے گندھک کے — ہوں گے

وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿٥٠﴾ لا لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ

اور ان کے چہروں پر — آگ لپٹی ہوگی — تاکہ اللہ — ہر شخص کو — اُس کے

نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٥١﴾

کئے کی — سزا دے — بے شک اللہ — بڑی جلدی — حساب لینے والا ہے

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْۤا

یہ قرآن لوگوں کے لئے اعلان ہے — اور تاکہ اس کے ذریعے سے لوگوں کو ڈرایا جائے اور تاکہ وہ معلوم

اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٥٢﴾ ع ۷ ۱۱ 19

کرلیں — کہ وہی ایک معبود ہے — اور تاکہ عقلمند — نصیحت حاصل کریں

اٰيَاتُهَا ٩٩ (١٥) سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ (٥٤) رُكُوْعَاتُهَا ٦

سورۂ حجر — مکی ہے — اور اس میں ننانوے آیتیں — اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ١

اللہ کے نام سے — شروع کرتا ہوں — جو بڑا بخشنے والا — نہایت مہربان ہے

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾

یہ آیتیں — کتاب کی ہیں — اور — قرآن واضح کی

## ربطِ آیات

(۴۷) نصرتِ انبیاء علیہم السلام کا جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے کیا ہے۔ اس میں ہرگز خلاف نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ غالب بدلہ لینے والا ہے۔ (۴۸) قیامت کے دن سب اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہوں گے۔ (۴۹) مجرموں کو اس دن زنجیروں میں باہم جکڑا ہُوا پائیں گے۔ (۵۰) ایک خاص قسم کے سخت تیل کی مالش ان کے بدنوں پر کردی جائے گی۔ ایسا معلوم ہوگا کہ اس سیاہ تیل کا گویا انہیں کُرتہ پہنایا گیا ہے۔ (۵۱) یہ سزا (نعوذ باللہ منہ) ان کی بداعمالی کی ہوگی۔ (۵۲) یہ واقعات مستقبل میں پیش آنے والے لوگوں کو تنبیہ کے طور پر بتلا دیئے گئے ہیں تاکہ اپنی اصلاح کرلیں اور انہیں معلوم ہو جائے کہ اس قسم کے عذاب سے نجات کا فقط ایک ذریعہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ سے عبدیت کا رشتہ جوڑے اور اسے راضی کرے۔

خلاصۂ رکوع ۱- پہلی اُمتوں کی طرح مخالفینِ اسلام کی تباہی کی ایک مہیب دھمکی ہے۔ ان کی مخالفت سے کیا بگڑ سکتا ہے۔ ہم اس قرآن کے محافظ ہیں جو اسلام کا ترجمان ہے۔ ماخذ (۱) آیت ۹،۱۰ (۲) آیت ۹

### سُورۃ الحِجر

(موضوع) دعوت کے بعد مخالفین کو مہلت کا جو سنت اللہ ہے۔ (۱) قرآن روشن کی یہ آیتیں ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ۝٢

کافر بڑی حسرت کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہو جاتے

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ

انہیں چھوڑ دو کھالیں اور فائدہ اٹھالیں اور انہیں آرزو غفلت میں رکھے سو آئندہ

يَعْلَمُونَ ۝٣ وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ

معلوم کر لیں گے اور ہم نے جتنی بستیاں ہلاک کی ہیں ان سب کے لئے ایک مقرر

مَعْلُومٌ ۝٤ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا

وقت لکھا ہوا تھا کوئی قوم اپنے وقت مقرر سے نہ پہلے ہلاک ہوتی ہے نہ

يَسْتَأْخِرُونَ ۝٥ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ

پیچھے رہتی ہے اور انہوں نے کہا کہ اے وہ شخص جس پر قرآن نازل

الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝٦ لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ

کیا گیا ہے بے شک تو مجنون ہے اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو

كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا

کیوں نہیں لاتے ہم فرشتے تو فیصلہ ہی کے لئے

بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا مُنْظَرِينَ ۝٨ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا

بھیجا کرتے ہیں اور اس وقت انہیں مہلت نہیں ملے گی ہم نے یہ نصیحت

الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝٩ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ

اتاری ہے اور بے شک ہم اس کے نگہبان ہیں اور تجھ سے پہلے ہم پہلی قوموں میں بھی

قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝١٠ وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ

رسول بھیج چکے ہیں اور وہ بھی جب کوئی

## ربطِ آیات

(۲) آئندہ کفار پر ایک وقت آئے گا جب وہ آرزو کریں گے کاش وہ مسلمان ہو جاتے۔ (۳) اب نہیں مانتے تو انہیں چھوڑ دیجیے تاکہ دنیا میں کھا پی لیں (۴) گزشتہ تباہ شدہ بستیاں بھی ایک مہلت پا چکنے کے بعد تباہ ہوئی تھیں (۵) ہر ایک جماعت اور قوم کی ایک مدت مقرر ہے جس سے نہیں نکل سکتی ہے (۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نعوذ باللہ مجنون ہونے کا حکم لگاتے ہیں (۷) کہتے ہیں کہ اگر آپ سچے ہیں تو آپ کی تصدیق کے لئے فرشتے آسمان سے کیوں نہیں آتے (۸) اگر فرشتے نازل ہو جائیں تو انہیں پھر مہلت نہ ملے اس وقت اگر انکار کریں تو فوراً ہلاک کر دیئے جائیں (۹) اگر یہ لوگ قرآن حکیم کے ماننے سے انکار کرتے ہیں تو کریں ہم اس کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں (۱۰) آپ سے پہلے ہم نے قوموں میں نبی بھیجے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿١١﴾ كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ

رسول ان کے پاس آتا تو اس سے ٹھٹھا ہی کرتے اسی طرح ہم یہ ٹھٹھا

فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٢﴾ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ وَقَدْ خَلَتْ

ان مجرموں کے دلوں میں ڈال دیتے ہیں یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے اور یہ پہلوں کا

سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَابًا مِّنَ السَّمَاءِ

دستور چلا آیا ہے اور اگر ہم ان پر آسمان سے دروازہ کھول دیں

فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ ﴿١٤﴾ لَقَالُوا إِنَّمَا سُكِّرَتْ

پھر اس میں سے چڑھ جائیں البتہ کہیں گے کہ ہماری نظربندی

أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُورُونَ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ

کردی گئی تھی بلکہ ہم پر جادو کیا گیا ہے اور البتہ

جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ ﴿١٦﴾ وَ

تحقیق ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں اور دیکھنے والوں کی نظر میں اسے رونق دی ہے اور

حَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ﴿١٧﴾ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ

ہم نے اسے ہر شیطان مردود سے محفوظ رکھا مگر جس نے چوری سے

السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِينٌ ﴿١٨﴾ وَالْأَرْضَ

سن لیا تو اس کے پیچھے چمکتا ہوا انگارہ پڑا اور ہم نے زمین کو

مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن

پھیلایا اور اس پر پہاڑ رکھ دیئے اور اس میں ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُونٍ ﴿١٩﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ وَ

اندازے سے اگائی اور اس میں تمہارے لئے روزی کے اسباب بنا دیئے اور

مَن لَّسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِينَ ﴿٢٠﴾ وَإِن مِّن شَيْءٍ إِلَّا

ان کے لئے بھی جنہیں تم روزی دینے والے نہیں ہو اور ہر چیز کے

ع ۱۵ ۱

## ربطِ آیات

(۱۱) ان لوگوں نے ہمیشہ سے انبیاء کا تمسخر اڑایا لہٰذا آپ پر تمسخر کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ (۱۲) پہلے لوگوں کا سا تمسخر ہم نے ان مجرموں کے دل میں بھی ڈال دیا ہے (اور یہ ان کی اپنی شامت اعمال کی وجہ سے ہے)۔ (۱۳) انکار کرنے کے بعد اب یہ ہرگز نہیں مانیں گے پہلے لوگوں نے بھی ایسا ہی کیا

خلاصہ رکوع ۲ - (۱) جس طرح ہم نے تمہاری جسمانی غذا کے لئے نہایت اہتمام کر رکھا ہے (۲) اسی طرح روحانی غذا کے لئے بھی خاص اہتمام ہے کہ آسمان پر تمہارا کوئی دشمن پہنچ نہیں سکتا۔
ماخذ (۱) آیت ۱۹ (۲) آیت ۱۷

تھا۔ (۱۴-۱۵) اگر آسمان سے کوئی دروازہ کھول کر انہیں اوپر چڑھا دیں تو بھی یہی کہیں گے کہ ہماری آنکھوں پر کوئی پردہ ڈال دیا گیا ہے بلکہ جادو کیا گیا ہے کہ خلافِ واقعہ نظر آتا ہے۔
(۱۶-۱۷) آسمان میں ہم نے ستارے بنائے اور اسے مزین کیا اور ہر شیطان سے اسے محفوظ کر دیا۔ (۱۸) اگر کوئی شیطان چوری کچھ سننے کے لئے چلا جائے تو اس پر بھی آگ کا شعلہ چڑھ جاتا ہے۔ (۱۹) زمین کو ہم نے پھیلایا۔ اس میں پہاڑ پیدا کئے اور ہر چیز مناسب پیدا کی۔
(۲۰) علاوہ اس کے زمین میں تمہارے لئے ہر قسم کی گزران کے اسباب مہیا کئے اور پرند و چرند تمہاری ضروریات پورا کرنے کے لئے بنائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾

ہمارے پاس خزانے ہیں اور ہم ہر چیز اسے اندازۂ معین پر نازل کرتے ہیں

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اور ہم نے بادل اٹھانے والی ہوائیں بھیجیں پھر ہم نے آسمان سے پانی نازل کیا

فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا

پھر وہ تمہیں پلایا اور تمہارے پاس اس کا خزانہ نہیں ہے اور بے شک

لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا

ہم ہی زندہ کرتے اور مارتے ہیں اور آخر مالک بھی ہم ہی ہیں اور ہمیں

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

تم میں سے اگلے اور پچھلے سب معلوم ہیں

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ؑ وَلَقَدْ

اور بے شک تیرا رب ہی انہیں جمع کرے گا بے شک وہ حکمت والا خبردار ہے اور البتہ

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ۚ

تحقیق ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے جو سڑے ہوئے گارے سے تھی پیدا کیا

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَ

اور ہم نے اس سے پہلے جنوں کو آگ کے شعلے سے بنایا تھا اور

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ

جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں ایک بشر کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ

صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَ

سڑے ہوئے گارے کی ہوگی پیدا کرنے والا ہوں پھر جب میں اسے ٹھیک بنا لوں اور

نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾

اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے آگے سجدہ میں گر پڑنا

## ربطِ آیات

(۲۱) ہمارے ہاں ہر چیز کے خزانے ہیں البتہ زمین میں ایک مقدارِ معین سے نازل کرتے ہیں (۲۲) اور ہواؤں کو ہم نے بھیجا تاکہ بادلوں کو پانی سے بھر دیں پھر ہم پانی آسمان سے نازل کر کے تمہیں پلاتے ہیں (۲۳) جس طرح تمہاری حیات ہمارے قبضہ میں ہے۔ اسی طرح موت و حیات بھی ہمارے ہی قبضہ میں ہے اور ہم ہی سب کے وارث ہونے والے ہیں۔

خلاصہ رکوع ۳ - اگر تم نے قرآن حکیم کی تعلیم زبانی تو شیطانی مکر کے باعث شیطان تمہیں گمراہ کر دیگا پھر آخرت میں تمہارا ٹھکانا جہنم ہوگا۔ ماخذ (۱) آیت ۲۹ - (۲) آیت ۳۹ - (۳) آیت ۴۳

ع ۲

(۲۴) تمہارے اگلے اور پچھلے ہمیں سب معلوم ہیں۔
(۲۵) تیرا رب ان سب کو ایک جگہ جمع کرے گا۔
(۲۶) انسان کی ساخت میں بدبودار مٹی سے ہے۔
(۲۷) جن کی پیدائش سخت گرم آگ سے ہے۔
(۲۸) اب شیطان کی عداوت کا اظہار ہوگا۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے اجزائے ساخت کا پہلے ہی پتہ دے دیا۔ (۲۹) فرشتوں کو حکم ہوا جب آدم تیار ہو جائے تو سب سر بسجود ہو جانا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝٣٠ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

پھر سب کے سب فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے

اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝٣١ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ

انکار کیا کہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو فرمایا اے ابلیس!

مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝٣٢ قَالَ لَمْ اَكُنْ

تجھے کیا ہوا کہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا کہا میں ایسا نہ تھا

لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

کہ ایک ایسے بشر کو سجدہ کروں جسے تو نے کھنکھناتی ہوئی مٹی سے جو سڑے ہوئے گارے کی تھی

مَّسْنُوْنٍ ۝٣٣ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝٣٤

پیدا کیا ہے کہا تو آسمان سے نکل جا بے شک تو مردود ہو گیا

وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣٥ قَالَ رَبِّ

اور بے شک تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت رہے گی کہا اے میرے رب!

فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝٣٦ قَالَ فَاِنَّكَ

تو پھر مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے فرمایا بے شک تجھے

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝٣٧ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝٣٨ قَالَ

مہلت ہے وقت معلوم کے دن تک کہا

رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

اے میرے رب! جیسا تو نے مجھے گمراہ کیا ہے البتہ ضرور ضرور میں زمین میں انہیں ان کے گناہوں کو

لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝٣٩ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝٤٠

مرغوب کر کے دکھاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا سوائے تیرے ان بندوں کے جو اُن میں مخلص ہوں گے

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝٤١ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ

فرمایا یہ راستہ مجھ پر سیدھا ہے بے شک میرے بندوں پر تیرا کچھ

## ربطِ آیات

(۳۰) سب فرشتوں نے امرِ الٰہی کی تعمیل کی۔ (۳۱) ابلیس نے سجدے سے انکار کیا۔ (۳۲) سجدہ نہ کرنے کا سبب دریافت کیا گیا۔ (۳۳) مٹی سے بنائے جانے کی وجہ سے سجدہ نہ کرنے کا عذر لنگ پیش کیا۔ (۳۴) حکم ہوا کہ آسمان سے اُتر جاؤ۔ تم راندۂ درگاہ ہو کیونکہ سجدہ بامرِ الٰہی تھا اور آدم علیہ السلام جہت سجدہ تھے اس نے امرِ الٰہی کی تعمیل نہ کی (۳۵) اس نافرمانی کے باعث شیطان پر قیامت تک لعنت ہے۔ (۳۶) اگر کمبخت معافی مانگتا تو معافی مل جاتی لیکن اُس نے قیامت تک عذاب سے مہلت مانگی (۳۷، ۳۸) یہ استدعا قبول ہو گئی۔
(۳۹) اعلان کیا کہ میں نے اس کام کے لئے مہلت لی ہے کہ تمام بنی آدم کو گمراہ کروں گا (۴۰) تمام ماسوی اللہ سے تعلق توڑ کر خدا کے ساتھ جوڑنے والے اس کے دام سے بچ جائیں گے۔ (۴۱) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ اخلاص ہی تو مجھ تک سیدھا پہنچنے والا راستہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾
بھی بس نہیں چلے گا مگر جو گمراہوں میں سے تیرا تابعدار ہوا

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ
اور بے شک ان سب کا وعدہ دوزخ پر ہے اس کے سات

اَبْوَابٍ ۭ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ ع اِنَّ
دروازے ہیں ہر دروازے کے لئے ان لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں بے شک

الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ
پرہیزگار باغوں اور چشموں میں رہیں گے ان باغوں میں سلامتی اور امن سے

اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا
جا کر رہو اور ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کردیں گے سب بھائی بھائی

عَلٰي سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا
ہوں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھنے والے ہوں گے انہیں وہاں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور نہ

هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّىْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ
وہ وہاں سے نکالے جائیں گے میرے بندوں کو اطلاع دے کہ بے شک میں بخشنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَ
مہربان ہوں اور بے شک میرا عذاب وہی دردناک عذاب ہے اور

نَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا
انہیں ابراہیم کے مہمانوں کا حال سنا دو جب اس کے گھر میں داخل ہوئے اور کہا

سَلٰمًا ۭ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا
سلام اس نے کہا بے شک ہمیں تم سے ڈر معلوم ہوتا ہے کہا ڈرو مت بے شک ہم

نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓي اَنْ مَّسَّنِيَ
تمہیں ایک دانا لڑکے کی خوشخبری سناتے ہیں کہا مجھے اب بڑھاپے میں خوشخبری سناتے ہو

## ربطِ آیات

(۴۲) جو میرے بندے ہو کر رہیں گے اُن پر تو قابو نہیں پا سکے گا۔ البتہ جو گمراہ ہو گئے وُہ تیرا ساتھ دیں گے (۴۳) اُن سب تابع اور متبوع کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ (۴۴) اس کے

۳ ع ۴ ۳

خلاصۂ رکوع ۴ ۔ اگر تم ابلیس سے بچو / تعلیم قرآن اپناتے رہو گے تو تمہارا / جنت ہوگا۔ ماخذ آیت ۴۵

سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے سے داخل ہونے والوں کی قسم متعین ہے (۴۵) اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کا ٹھکانا جنت ہوگا۔ (۴۶) داخلہ کے وقت انہیں سلامتی کا پیغام دیا جائے گا (۴۷) دُنیا کی تمام کدورتیں جو ایک دوسرے کے ساتھ تھیں اُن سے بہشتیوں کے سینے صاف کر دیئے جائیں گے۔ (۴۸) جنت میں انہیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ (۴۹) میرے بندوں کو اطلاع کردو کہ اگر سیدھے ہو جاؤ تو میں غفور و رحیم ہوں (۵۰) اور اگر مخالف ہو تو دردناک عذاب میرے اختیار میں ہے۔ (۵۱) چنانچہ میرے عذاب کا ایک نمونہ اِس واقعہ آئندہ میں دیکھو کہ قوم لوط (علیہ السلام) کس طرح تباہ ہوئی ہے۔ (۵۲) ان نووارد مہمانوں نے ابراہیم علیہ السلام کے پاس جا کر سلام کیا۔ انھوں نے فرمایا تم سے کچھ ڈر سا معلوم ہو رہا ہے (۵۳) فرشتوں نے کہا آپ ڈریں ہم آپ کو ایک لڑکے کی خوشخبری سنانے کیلئے آئے ہیں

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ۝۵۴ قَالُوا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ

سو کس چیز کی خوشخبری سناتے ہو ۔ انہوں نے کہا ہم نے تمہیں سچی خوشخبری سنائی ہے

مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ۝۵۵ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ

سو تو ناامید نہ ہو ۔ کہا اپنے رب کی رحمت سے ناامید تو

رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ۝۵۶ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا

گمراہ لوگ ہی ہوا کرتے ہیں ۔ کہا اے فرشتو! پھر تمہارا

الْمُرْسَلُوْنَ ۝۵۷ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝۵۸

کیا مقصد ہے ۔ انہوں نے کہا ہم ایک نافرمان قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۵۹ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

مگر لوط کے گھر والے کہ ہم ان سب کو بچالیں گے ۔ مگر اس کی بیوی

قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝۶۰ ع فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ

ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہے ۔ پھر جب لوط کے گھر فرشتے

الْمُرْسَلُوْنَ ۝۶۱ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝۶۲ قَالُوْا

پہنچے ۔ کہا بے شک تم اجنبی لوگ ہو ۔ انہوں نے کہا

بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝۶۳ وَاَتَيْنٰكَ

بلکہ ہم تیرے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں وہ جھگڑتے تھے ۔ اور ہم تیرے پاس

بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝۶۴ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ

پکی بات لائے ہیں اور بے شک ہم سچ کہتے ہیں ۔ پس تم اپنے گھر والوں کو کچھ رات رہے

الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا

لے نکلو اور تو ان کے پیچھے چل اور تم میں سے کوئی مڑ کر نہ دیکھے اور چلے جاؤ

حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝۶۵ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ

جہاں تمہیں حکم ہے ۔ اور ہم نے لوط کو قطعی طور پر یہ بات واضح کر دی تھی کہ

## ربطِ آیات

(۵۴) ابراہیم علیہ السلام نے کہا میں تو سخت بوڑھا ہوں۔ میرے حق میں یہ بشارت کس طرح ہو سکتی ہے (۵۵) فرشتو نے کہا کہ یہ سچی خوشخبری ہے۔ آپ ناامید قطعی نہ کریں۔

(۵۶) ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید ہونا تو گمراہوں کا شیوہ ہے (میں تو ظاہری اسباب کی بنا پر اس امر کو مستبعد خیال کر رہا تھا)۔ (۵۷) پھر پوچھا کہ تم بتلاؤ کہ اصل کس کام کے لئے آئے ہو۔ (۵۸) فرشتو نے جواب دیا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے جا رہے ہیں

ع ۴

> خلاصہ رکوع ۵ - تذکیر بایام اللہ
> دیکھو راہ حق سے اعراض کرنے والوں کا کیا نتیجہ نکلا۔ ماخذ آیات ۵۱ تا ۷۷ +

(۵۹) البتہ لوط (علیہ السلام) کے گھرانے کو ہم عذاب سے بچالیں گے۔ (۶۰) ہاں ان کی بیوی اسی عذاب میں مبتلا ہوگی۔ (۶۱) جب لوط علیہ السلام کے پاس فرشتے آئے (۶۲) انہوں نے فرمایا تم نئی طرح کے آدمی معلوم ہوتے ہو۔ (۶۳) فرشتوں نے کہا جس میں یہ لوگ شک کرتے تھے (یعنی عذاب) وہ لائے ہیں۔ (۶۴) اور ہم سچ کہہ رہے ہیں۔ (۶۵) کچھ رات رہتے اپنے بال بچوں کو لے کر نکل جائیے اور آپ سب کے پیچھے چلئے۔ پیچھے پھر کر کوئی نہ دیکھے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

دَابِرَ هٰۤؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

صبح ہوتے ہی اُن کی جڑ کاٹ دی جائے گی اور شہر والے خوشیاں

يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾

کرتے ہوئے آئے لوط نے کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں سو مجھے ذلیل نہ کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْۤا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ

اور اللہ سے ڈرو اور مجھے بے آبرو نہ کرو اُنہوں نے کہا کیا ہم نے تمہیں دُنیا بھر کی حمایت سے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰۤؤُلَآءِ بَنٰتِيْۤ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾

منع نہیں کیا ہے کہا یہ میری بیٹیاں حاضر ہیں اگر تم کرنے والے ہو

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

تیری جان کی قسم ہے وہ اپنی مستی میں اندھے ہو رہے تھے پھر دن نکلتے ہی

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

اُنہیں ہولناک آواز نے آ لیا۔ پھر ہم نے ان بستیوں کو زیر و زبر کر دیا

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِيْ

اور اُن پر کنکر کے پتھر برسائے بے شک اس

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾

واقعہ میں اہلِ بصیرت کے لئے کئی نشانیاں ہیں اور بے شک بستیاں سیدھے راستے پر واقع ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَاِنْ كَانَ

بے شک اس میں ایمانداروں کے لئے نشانیاں ہیں اور بن کے لوگ بھی

اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَ

بدکار تھے پھر ہم نے اُن سے بھی بدلہ لیا اور

اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ

یہ دونوں بستیاں کھلے راستہ پر واقع ہیں اور بے شک حجر والوں نے

## ربطِ آیات

(۶۶) ہم نے لوط علیہ السلام کو یہ فیصلہ پہنچا دیا تھا (۶۷) شہر والے بُری نیت کر کے خوش خوش آگئے۔ (۶۸) لوط (علیہ السلام) نے فرمایا یہ میرے مہمان ہیں۔ اِنہیں رُسوا کر کے مجھے ذلیل نہ کرو۔ (۶۹) خدا تعالیٰ سے ڈرو۔ مجھے خوار نہ کرو۔ (۷۰) اُنہوں نے کہا کہ ہم نے آپ کو منع کر رکھا ہے کہ کسی کو اپنے ہاں مت ٹھہرایا کیجئے۔ (۷۱) لوط (علیہ السلام) نے کہا کہ قوم کی تمام عورتیں جو رُوحانی رشتے کے لحاظ سے میری بیٹیاں ہیں اُن سے اپنی غرض پُوری کرو۔ (۷۲) تیری عمر کی قسم! وہ لوگ اپنی گمراہی کے نشہ میں محو تھے۔ (۷۳) سُورج نکلتے ہی اُن کو ایک آواز آئی۔ (۷۴) ہم نے اُن کی بستیوں کو تہ و بالا کر دیا اور اُن پر پتھروں کا مینہ برسایا (۷۵) عبرت حاصل کرنے والوں کے لئے اس میں نشانیاں موجود ہیں (۷۶) اور وُہ بستیاں حجاز سے شام کو جاتے ہُوئے بالکل سیدھے راستہ پر آتی ہیں۔ (۷۷) ایمان والوں کے لئے اس واقعہ میں عبرت ہے۔ (۷۸) بن کے رہنے والے شعیب علیہ السلام کی قوم بھی ظالم تھی (۷۹) ان سے بھی ہم نے حق سے اعراض کرنے کا بدلہ لیا اور ان دونوں قوموں کی بستیاں شاہراہ پر ہیں۔

وقف لازم

ع ۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾ وَآتَيْنَاهُمْ آيَاتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا

رسولوں کو جھٹلایا تھا اور ہم نے انہیں اپنی نشانیاں بھی دی تھیں پر وہ اُن سے

مُعْرِضِينَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا

رُوگردانی کرتے تھے اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے تھے

آمِنِينَ ﴿٨٢﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ ﴿٨٣﴾ فَمَا

کہ امن میں رہیں پھر انہیں صبح کے وقت سخت آواز نے آپکڑا پھر اُن کے

أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا

دُنیاوی ہُنر اُن کے کچھ بھی کام نہ آئے اور ہم نے آسمانوں

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ

اور زمین اور اُن کی درمیانی چیزوں کو بغیر حکمت کے پیدا نہیں کیا اور

السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ ۖ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ ﴿٨٥﴾ إِنَّ رَبَّكَ

قیامت ضرور آنے والی ہے پر تُو ان سے خوش خلقی کے ساتھ کنارہ کر بے شک تیرا رب

هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِي

وُہی پیدا کرنے والا جاننے والا ہے اور ہم نے تمہیں سات آیتیں دیں جو (نماز میں) دُہرائی جاتی

وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ ﴿٨٧﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا

ہیں اور قرآن عظمت والا دیا اور تُو اپنی آنکھ اُٹھا کر بھی اِن چیزوں کو نہ دیکھ جو

بِهِ أَزْوَاجًا مِنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ

ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو استعمال کے لئے دے رکھی ہیں اور اُن پر غم نہ کر اور اپنے بازو

جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَقُلْ إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ

ایمان والوں کے لئے جھکا دے اور کہہ دو بے شک میں کھُلم کھُلا

الْمُبِينُ ﴿٨٩﴾ كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ ﴿٩٠﴾ الَّذِينَ

ڈرانے والا ہُوں جیسا ہم نے (عذاب) ان بانٹنے والوں پر بھیجا ہے جنہوں نے



## ربطِ آیات

(٨٠) قوم ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا۔ (٨١) ہم نے اپنی نشانیاں انہیں دکھائیں لیکن وہ لوگ نہیں مانتے تھے (٨٢) اور وہ لوگ سنگتراشی کرکے مکان بنایا کرتے تھے۔ (٨٣) صبح سویرے ہی ان پر ایک کڑک کی آواز آئی۔ (٨٤) ان کے مال اور جائدادیں انہیں اللہ تعالٰی کے عذاب سے ہرگز نہ بچا سکیں۔ (٨٥) زمین و آسمان اور ان کے اندر جو کچھ ہے اس کو ہم نے ٹھیک طریقہ پر بنایا ہے تاکہ نتیجہ خیز ہو (یہ کوئی کھیل تماشا نہیں ہے) اگر یہ لوگ نہیں مانتے

خلاصہ رکوع ٦ - (١) تذکرہ ایام اللہ (٢) اگر یہ لوگ نہیں مانتے تو ان سے منہ موڑو (٣) اور قرآن عظیم کو مضبوط پکڑو (٤) ان تمسخر کرنے والوں کے شر سے بچنے کیلئے ہم کافی ہیں
ماخذ (١) آیت ٨٠ تا ٨٤ - (٢) آیت ٨٥ - (٣) آیت ٨٧ - (٤) آیت ٩٥ -

تو جانے دیجئے۔ (٨٦) تیرا رب ہی خلاق اور علیم ہے جس نے انہیں بنایا ہے۔ (٨٧) ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو سبع مثانی (یعنی سورۃ فاتحہ) اور قرآن عظیم عطا فرمایا ہے۔ آپ اس چیز میں مشاغل رہیں واللہ اعلم۔ (٨٨) کفار کو جو دنیاوی نعمتیں ملی ہیں ان کا خیال نہ کریں اور اپنا پہلو مومنوں کے حق میں نرم رکھیں۔ (٨٩) اعلان فرمادیں کہ میں اللہ تعالٰی کی طرف سے ڈرانے والا ہوں۔ (٩٠) جس طرح بعض اوقات عذاب پہلے اہلِ کتاب پر آیا ہے۔

ALMARIFAT

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿٩١﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ

قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کیا ہے پھر تیرے رب کی قسم ہے البتہ ہم ان سب سے

اَجْمَعِيْنَ ﴿٩٢﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ الربع فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ

سوال کریں گے اس چیز سے کہ وہ کرتے تھے سو تو کھول کر سنا دے جو تجھ کو حکم

وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٩٤﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ

دیا گیا ہے اور مشرکوں کی پروا نہ کر بے شک ہم تیری طرف سے

الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿٩٥﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

ٹھٹھا کرنے والوں کے لئے کافی ہیں جو اللہ کے ساتھ دوسرا خدا مقرر کرتے

اٰخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ

ہیں سو عنقریب معلوم کر لیں گے اور ہم جانتے ہیں کہ تیرا دل ان باتوں سے

صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ

تنگ ہوتا ہے جو وہ کہتے ہیں سو تو اپنے رب کی تسبیح حمد کے ساتھ کئے جا اور

مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾ ع ٦/٦

سجدہ کرنے والوں میں سے ہو اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہو یہاں تک کہ تمہیں موت آ جائے

آیاتها ١٢٨ (١٦) سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ (٧٠) رکوعاتها ١٦

سورۂ نحل مکی ہے اور اس میں ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

اَتٰى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا

اللہ کا حکم آ پہنچا تم اس میں جلدی مت کرو وہ لوگوں کے شرک سے پاک اور

يُشْرِكُوْنَ ﴿١﴾ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى

برتر ہے وہ اپنے بندوں سے جس کے پاس چاہتا ہے فرشتوں کو

## ربطِ آیات

(٩١) جن لوگوں نے قرآن کو کئی ٹکڑوں میں منقسم کر رکھا ہے۔ بعض باتوں کو مان لیتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں۔ (٩٢-٩٣) تیرے رب کی قسم، ہم ان سب سے پوچھیں گے، جو کچھ یہ کیا کرتے تھے۔ (٩٤) جس چیز پر آپ مامور ہیں اس کا پوری طرح اظہار فرما دیں (٩٥) اور استہزاء کرنے والوں سے ہم آپ کو بچا لیں گے (٩٦) جو لوگ مشرک ہیں انہیں عنقریب حق و باطل کا پتہ لگ جائے گا۔ (٩٧) ہم جانتے ہیں ان کی باتوں سے آپ کو تکلیف پہنچتی ہے۔ (٩٨) ان کی پروا نہ کریں اور اپنے رب کی حمد و تسبیح میں مشغول رہیں (٩٩) جب تک پیغام موت نہ آئے اس وقت تک عبادت ادا فرماتے رہیں۔

## سُورۃ النحل

خلاصہ: مقصد، دعوت الی التوحید ہے (١) اللہ تعالیٰ نے تمہاری اصلاح کے لئے قرآن حکیم نازل فرمایا ہے۔ اس کے متعلق

خلاصہ رکوع ١ - (١) مقصد، دعوت الی الحق ہے (٢) تذکیر باللہ، منہ - ما خفی (١) آیت ٢ (٢) آیت ٣ تا ٨۔

عجلت سے کوئی فیصلہ نہ کرو۔ مثلاً یہ کہ منزل من اللہ نہیں ہے یا اس کی تعلیم غلط ہے یہ نور الٰہی تمہیں ظلمت شرک سے نکالنے کے واسطے آیا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ

وحی دے کر بھیج دیتا ہے یہ کہ خبردار کردو کہ میرے سوا کوئی عبادت کے

اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

لائق نہیں پس مجھ سے ڈرتے رہو اسی نے آسمان اور زمین کو ٹھیک طور پر

بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۳ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

بنایا ہے وہ ان کے شرک سے پاک ہے اسی نے آدمی کو ایک بوند سے

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۴ وَالْاَنْعَامَ

پیدا کیا پھر وہ یکایک کھلم کھلا جھگڑنے لگا اور تمہارے واسطے چارپایوں

خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا

کو بھی اسی نے بنایا ان میں تمہارے جاڑے کا بھی سامان ہے اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور

تَاْكُلُوْنَ ۵ ۖ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ

ان میں سے کھاتے بھی ہو اور تمہارے لئے ان میں زینت بھی ہے جب شام کو چرا کر لاتے ہو

وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۶ ۖ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ

اور جب چرانے لے جاتے ہو اور وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر ان شہروں تک لے جاتے ہیں

لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ

کہ جہاں تک تم جان کو تکلیف میں ڈالنے کے سوا نہیں پہنچ سکتے تھے بے شک تمہارا رب

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۷ ۙ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ

بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے اور گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے کہ ان پر

لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۸ وَ

سوار ہو اور زینت کے لئے اور وہ چیزیں بھی پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے اور

عَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ

اللہ تک سیدھی راہ پہنچتی ہے اور بعض ان میں ٹیڑھی بھی ہیں اور اگر اللہ چاہتا

### ربطِ آیات

(۲) اللہ تعالیٰ فرشتوں کو وحی دے کر اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے بھیجے۔ پیغام وحی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے (۳ تا ۸) تذکیر بآلاء اللہ جس خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ کی طرف ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں وہ ایسا محسن ہے جس نے تم پر یہ احسان کئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۲ - تذکیر بآلاء اللہ کے ذریعہ سے دعوت الی التوحید
ماخذ آیت ۱۰ تا ۱۶ ۔

ع ۹

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
تو تم سب کو سیدھی راہ بھی دکھا دیتا وہی ہے جس نے آسمان سے تمہارے لئے

مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾
پانی نازل کیا اسی میں سے پیتے ہو اور اسی سے درخت ہوتے ہیں جن میں چراتے ہو

يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَ
تمہارے واسطے اسی سے کھیتی اور زیتون اور کھجوریں اور

الْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
انگور اور ہر قسم کے میوے اگاتا ہے بے شک اس میں

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ
ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو غور کرتے ہیں اور رات اور دن اور

وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ
سورج اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام

بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٢﴾ ۙ
میں لگے ہوئے ہیں بے شک اس میں لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو کچھ رکھتے ہیں

وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ
اور تمہارے واسطے جو چیزیں زمین میں رنگ برنگ کی پھیلائی ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ
ان میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سوچتے ہیں اور وہ

الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا
وہی ہے جس نے دریا کو کام میں لگا دیا کہ اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ

وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى
اور اسی سے زیور نکالو جسے تم پہنتے ہو اور تو اس میں

## ربطِ آیات

(۹) اگر احسانات الٰہیہ یاد دلانے سے یہ بات خیال میں آجائے کہ واقعی اللہ تعالیٰ کی غلامی کا حق ادا کرنا چاہئے اس کے بعد یاد رکھو - وہ راستے تمہارے سامنے ہیں - ایک سیدھا راستہ جس کا ترجمان قرآن ہے - دوسرا ٹیڑھا جو تمہیں منزلِ مقصود تک نہیں پہنچائے گا - (۱۰ تا ۱۶) جس مالک الملک عز اسمہ وجل شانہ کے دروازے کی طرف ہم تمہیں بلاتے ہیں وہ تم پر ان احسانات کا محسن ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

جہازوں کو دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتے پھاڑتے چلے جاتے ہیں اور تاکہ تم اُس کے فضل کو

تَشْكُرُونَ ﴿۱۴﴾ وَأَلْقٰى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ

تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو اور زمین پر پہاڑوں کے بوجھ ڈال دیئے تاکہ

تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿۱۵﴾

تمہیں لے کر نہ ڈگمگائے اور تمہارے بہنے نہریں اور راستے بنا دیئے تاکہ تم راہ پاؤ

وَعَلٰمٰتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ ﴿۱۶﴾ أَفَمَنْ يَّخْلُقُ

اور نشانیاں بنائیں اور ستاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں پھر کیا جو شخص پیدا کرے

كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿۱۷﴾ وَإِنْ تَعُدُّوا

اُس کے برابر ہے جو کچھ بھی پیدا نہ کرے کیا تم سوچتے نہیں اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو

نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۸﴾

گننے لگو تو اُن کا شمار نہیں کر سکو گے بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِينَ

اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جنہیں اللہ

يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَّ

کے سوا پکارتے ہیں وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرتے اور

هُمْ يُخْلَقُونَ ۗ ﴿۲۰﴾ أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ ۚ وَمَا

وہ خود پیدا کئے ہوئے ہیں وہ تو مُردے ہیں جن میں جان نہیں اور وہ

يَشْعُرُونَ ۙ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿۲۱﴾ إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ

نہیں جانتے کہ وہ کب اُٹھائے جائیں گے تمہارا معبود اکیلا

وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُمْ

معبود ہے پھر جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل



## ربطِ آیات

(۱۴-۱۵-۱۶) دیکھو صفحہ ۴۲۷۔ (۱۷) تم خود ہی اپنے ضمیر سے فیصلہ کرو کہ تمہارے معبودوں جیسی بے کار محض ہستیاں تمام چیزوں کے خالق کے برابر ہو سکتی ہیں؟ ہرگز نہیں۔ (۱۸) مذکورہ انعامات تو مشتے نمونہ از خروارے ہیں۔ ورنہ خدا کی نعمتوں کا گننا اور قیدِ حساب میں لانا بالکل محال ہے۔ (۱۹) ان نعمتوں کے شکریہ میں در پردہ یا ظاہر جو کچھ تم کر رہے ہو۔ اللہ تعالیٰ اس سے پورا باخبر ہے۔ (۲۰) ایسے مالک کو چھوڑ کر ان مشرکوں نے جو معبود بنا رکھے ہیں وہ کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے۔ بلکہ خود مخلوق ہیں۔ (۲۱) بلکہ وہ تو بے جان چیزیں ہیں۔

ع ۲ ۱۲ ۸

خلاصہ رکوع ۲ (۱۱) توحید [illegible] ایک ہے۔ وہ اس کے ساتھ [illegible] کرنے کی [illegible] [illegible]

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُّنكِرَةٌ وَّهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ﴿٢٢﴾ لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ

نہیں مانتے اور وہ تکبر کرنے والے ہیں ضرور اللہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ ﴿٢٣﴾

جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں بے شک وہ غرور کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوا أَسَاطِيرُ

اور جب ان سے کہا جائے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے کہتے ہیں پہلے لوگوں

الْأَوَّلِينَ ﴿٢٤﴾ لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۙ

کے قصے ہیں تاکہ قیامت کے دن اپنے بوجھ پورے اٹھائیں

وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَاءَ

اور کچھ ان کے بوجھ جنہیں بے علمی سے گمراہ کرتے ہیں خبردار! برا

مَا يَزِرُونَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى

بوجھ ہے جو اٹھاتے ہیں ان سے پہلے لوگوں نے بھی مکر کیا تھا پھر

اللَّهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ

اللہ نے ان کی عمارت کو جڑوں سے ڈھا دیا پھر ان پر اوپر سے چھت

مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا

گر پڑی اور ان پر عذاب آیا جہاں سے انہیں

يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيهِمْ وَيَقُولُ

خبر بھی نہ تھی پھر قیامت کے دن انہیں رسوا کرے گا اور کہے گا

أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تُشَاقُّونَ فِيهِمْ ۚ

میرے شریک کہاں ہیں جن پر تمہیں بڑی ضد تھی

قَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَ

جنہیں علم دیا گیا تھا وہ کہیں گے کہ بے شک آج کافروں کے لئے رسوائی

٣ ع ٩

## ربطِ آیات

(٢٢) تمہارا معبود وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ جن لوگوں کو قیامت کے دن والی خدائی گرفت کا یقین نہیں ہے وہ اس آواز کو ناپسند کرتے ہیں (٢٣) اللہ تعالیٰ ان متکبرین کے ظاہر و باطن کے تمام خیالات و حالات سے پورا آگاہ ہے۔ وہ ایسے متکبروں کو پسند نہیں کرتا۔ (٢٤) قرآن جیسی منصف کتاب کو اپنی حماقت کے باعث فقط پہلے لوگوں کے قصوں کا مجموعہ خیال کرتے ہیں۔ (٢٥) اس جہالت اور حماقت کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ اپنے گناہ بھی اور جنہیں ان کے خیالات سے گمراہی نصیب ہوگی ان کے گناہوں کے ذمہ دار بھی ہوں گے۔ کیسا برا بوجھ انہوں نے اٹھایا۔ (٢٦) ان سے پہلے بھی باطل پرستوں نے خدائی آواز کو دبانے کیلئے بار بار کوشش کی اور نتیجہ ہمیشہ ان ہی کی تباہی نکلتا رہا۔

خلاصہ رکوع ٣ ع ١١ متکبرین توحید دنیا میں برباد (٢) اور آخرت میں جہنم رسید ہوں گے (٣) اور متقی لوگ قرآن حکیم سے حسن عقیدت رکھتے ہیں اور اس کی جزا خیر پائیں گے۔ ماخذ (١) آیت ٢٩ - (٢) آیت ٢٩ - (٣) آیت ٣٠



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ
اور بُرائی ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ فرشتوں نے ان کی ایسی حالت میں
ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ
رُوح نکالی تھی کہ وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہے تھے پھر وہ صلح کا پیغام بھیجیں گے کہ ہم تو کوئی بُرا کام
سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾
نہ کرتے تھے کیوں نہیں بے شک اللہ کو تمہارے اعمال کی پوری خبر ہے
فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ
سو دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ اس میں ہمیشہ رہو پس متکبرین کا
مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَا
کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے اور پرہیزگاروں سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب
ذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ
نے کیا نازل کیا ہے تو کہتے ہیں اچھی چیز جنہوں نے نیکی کی ہے (اُن کے لئے)
هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ
اس دُنیا میں بھی بہتری ہے اور البتہ آخرت کا گھر تو بہت ہی بہتر ہے اور پرہیزگاروں
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ
کا کیا اچھا گھر ہے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے اُن کے نیچے
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ
نہریں بہتی ہوں گی جو چاہیں گے انہیں وہاں ملے گا
كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ
اللہ پرہیزگاروں کو ایسا ہی بدلہ دے گا جن کی جان فرشتے قبض کرتے
الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ
ہیں ایسے حال میں کہ وہ پاک ہیں فرشتے کہیں گے تم پر سلامتی ہو

## ربطِ آیات

(۲۷) دُنیا کی تباہی کے علاوہ آخرت کی رُسوائی ابھی باقی ہے مومن اس دن کہیں گے کہ آج رُسوائی اور بُرائی باطل پرستوں اور توحید کے دشمنوں کے لئے ہے۔ (۲۸) جنہوں نے مرتے دم تک لعنتِ حق نہیں چھوڑی تھی اُس دن یہ بدبخت اپنے شرک و کفر سے انکار کر دیں گے۔ ان کا انکار کس کام آسکتا ہے اللہ تعالیٰ کو اُن کے اعمال کا پورا علم ہے۔ (۲۹) ان متکبرین کے مستقل یہ جہنم ہوگا۔

(۳۰) باطل پرست تو قرآنِ حکیم کو اساطیر الاولین سے تعبیر کر رہے تھے۔ لیکن حق پرست اسے خیرِ محض تصور کرتے ہیں ان کی جزا بھی خیرِ دُنیا اور آخرت میں کامیابی ہوگی۔

(۳۱) آخرت میں ان کا ٹھکانا جنت ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٢﴾ هَلْ يَنْظُرُونَ

بہشت میں داخل ہو جاؤ بسبب اُن کاموں کے جو تم کرتے تھے کیا اب اس کے منتظر ہیں

إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ كَذَٰلِكَ

کہ ان پر فرشتے آویں یا تیرے رب کا حکم آئے اسی طرح

فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَ

ان سے پہلوں نے بھی کیا تھا اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا اور

لَٰكِنْ كَانُوٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٣٣﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ

لیکن وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے پھر انہیں ان کے بداعمال

ع ۱۰ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٣٤﴾

کے نتیجے مل کر رہے اور جس کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے وہی ان پر نازل ہُوا

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا

اور مشرک کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا

مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ نَحْنُ وَلَآ آبَاؤُنَا وَلَا

کسی چیز کی عبادت نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور اس کے

حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ

حکم کے بسوا ہم کسی چیز کو حرام نہ ٹھہراتے اسی طرح کیا اُن لوگوں نے جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٣٥﴾

ان سے پہلے تھے پھر رسولوں کے ذمہ تو صرف صاف پہنچا دینا ہے

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا أَنِ اعْبُدُوا

اور البتہ تحقیق ہم نے ہر اُمّت میں یہ پیغام دے کر رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت

اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُمْ مَنْ هَدَى

کرو اور شیطان سے بچو پھر ان میں سے بعض کو اللہ نے

## رابطِ آیات

(۳۲) مذکورۃ الصدر جزائے خیر اُن نیکوکاروں کی ہے جو دُنیا سے شرک وکفر کی ظلمت سے پاک اور نورِ توحید سے اپنے سینوں کو منور کر کے رُخصت ہوئے تھے۔ اُن پر فرشتے رحمت کے سلام کریں گے۔

خلاصۂ رکوع ۵ – (۱) منکرین توحید کا مسئلہ تقدیر کو آڑ بنانا (۲) مشیّتِ الٰہی شرک کو جائز سمجھنا تو ہر نبی پیغامِ توحید لے کے آیا۔ ماخذ: آیت ۳۵ – (۲) آیت ۳۶۔

(۳۳) مخالفین جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے پر اعتماد نہیں کرتے، چاہتے ہیں کہ فرشتے آئیں یا اللہ والا فیصلہ جو قیامت میں صادر ہو گا، اب صادر ہو جائے۔ ان سے پہلے ظالم بھی اسی طرح کرتے آئے ہیں (۳۴) پھر ان پر شامتِ اعمال پڑی۔ (اسی طرح ان پر بھی پڑے گی۔) (۳۵) پہلے لوگوں کی طرح اپنے افعالِ قبیحہ کو مشیّتِ ایزدی پر محمول کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰہُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ فَسِيرُوا فِي

ہدایت دی — اور بعض پر — گمراہی ثابت ہو گئی — پھر ملک میں

الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿۳۶﴾

پھر کر — دیکھو — کہ جھٹلانے والوں کا — انجام کیا ہوا

إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن

اگر تو اُنہیں ہدایت پر لانے کی طمع کرے — تو اللہ ہدایت نہیں دیتا — اُس شخص کو

يُضِلُّ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿۳۷﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ

جسے گمراہ کر دے — اور نہ اُن کے لئے کوئی مددگار ہو گا — اور اللہ کی — سخت قسمیں

جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ بَلَىٰ

کھا کر — کہتے ہیں — کہ اللہ نہیں اُٹھائے گا اُس شخص کو جو مر جائے گا — ہاں

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۳۸﴾

اُس نے اپنے ذمہ پکا وعدہ کر لیا ہے — لیکن بہت سے لوگ — نہیں جانتے

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ

تاکہ ان پر ظاہر کر دے — وہ بات جس میں یہ جھگڑتے ہیں — اور تاکہ — کافر معلوم

كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ ﴿۳۹﴾ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ

کر لیں — کہ وہ — جھوٹے تھے — ہم جس کام کے کرنے کا ارادہ

إِذَا أَرَدْنَاهُ أَن نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِينَ

کرتے ہیں تو اُس کے لئے ہمارا اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ ہم اسے کہہ دیں ہو جا پھر ہو جاتا ہے — اور جنہوں نے

هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

اللہ کے واسطے گھر چھوڑا — اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا تھا — تو البتہ — ہم انہیں

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا

دنیا میں اچھی جگہ دیں گے — اور آخرت کا ثواب تو بہت ہی بڑا ہے — کاش یہ لوگ

ع ۵ / ۱۱

وقف لازم

## ربطِ آیات

(۳۶) ہم نے ہر ایک جماعت میں رسول بھیج کر اعلانِ توحید کر دیا تھا اور شرک و بت پرستی سے روک دیا تھا پھر بعض تو راہِ راست پر آگئے اور بعض گمراہی میں مبتلا رہے۔ پھر دیکھ لو جھٹلانے والوں کی عاقبت کیسی ہوئی۔ (۳۷) آپ تو ان کی ہدایت کے خواہاں ہیں لیکن جس کی شامتِ اعمال کے باعث اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر گمراہی کا حکم لگ چکا ہو وہ راہِ راست پر کس طرح آئے۔ (۳۸) ان کے خیالات ملاحظہ فرمائیے کیسے گندے ہیں کہ مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ ہرگز نہیں اٹھائے گا۔ بھلا یہ اپنی اصلاح کس طرح کریں حالانکہ قطعی فیصلہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مخلوقات کو دوبارہ پیدا کرے گا۔ (۳۹) تاکہ مسائلِ اختلافیہ

> خلاصہ رکوع ۶ - (۱) توحید پرستی کے باعث جن لوگوں کو وطن چھوڑنے پر مجبور کیا گیا ہے انہیں دنیا اور آخرت میں بڑے اجر ملیں گے۔ (۲) تحقیق بات کی اصلاح کے واسطے قرآن حکیم نازل ہوا ہے۔ ماخذ (۱) آیت ۴۱ - (۲) آیت ۴۴۔

اُمم کے درمیان فیصلہ فرمائے اور کفار کو ان کے جھوٹ کا پتہ لگ جائے۔ (۴۰) ہمیں دوبارہ جہان کے بنانے میں مشکل ہی کیا ہے۔ ہم تو ہر چیز کو کلمہ کُن سے بنا لیتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ

سمجھ جاتے — جو لوگ — ثابت قدم رہے — اور — اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا

بھروسہ کیا — اور ہم نے — تجھ سے پہلے بھی تو — انسان ہی بھیجے تھے

نُّوحِي إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا

جن کی طرف ہم وحی بھیجا کرتے تھے — سو اگر تمہیں معلوم نہیں — تو — اہل علم سے

تَعْلَمُونَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ

پوچھ لو — ہم نے انہیں معجزات اور کتابیں دے کر بھیجا تھا — اور ہم نے تیری طرف

الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ

قرآن نازل کیا — تاکہ لوگوں کے لئے واضح کردے جو ان کی طرف نازل کیا گیا ہے — اور تاکہ وہ

يَتَفَكَّرُونَ ﴿٤٤﴾ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا السَّيِّئَاتِ

سوچ لیں — پس کیا وہ لوگ نڈر ہو گئے ہیں — جو برے فریب کرتے ہیں

النصف

أَن يَخْسِفَ اللَّهُ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ

اس سے — کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے — یا — ان پر عذاب

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٤٥﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ

آئے — جہاں سے انہیں — خبر بھی — نہ ہو — یا — انہیں

فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٤٦﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ

چلتے پھرتے — پکڑ لے — پس وہ عاجز کرنے والے نہیں ہیں — یا — انہیں

عَلَىٰ تَخَوُّفٍ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٤٧﴾ أَوَلَمْ

ڈرانے کے بعد پکڑ لے — پس تحقیق تمہارا رب نہایت ہی شفیق رحم کرنے والا ہے — کیا وہ

يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ

اللہ کی پیدا کی ہوئی — چیزوں کو — نہیں دیکھتے — کہ — کے سائے

## ربطِ آیات

(۴۱) مہاجرین کے لئے دنیا اور آخرت کے اجر کا وعدہ ہے (۴۲) جن لوگوں نے صبر کیا اور خدا تعالیٰ پر اعتماد رکھتے ہوئے تمام مصائب برداشت کیں۔ (۴۳) پہلے بھی ہم انسانوں ہی کی طرف وحی بھیجا کرتے تھے۔ (۴۴) اسی طرح پر اب ہم نے آپ کی طرف قرآن نازل فرمایا ہے تاکہ آپ لوگوں کو احکامِ الٰہی پہنچا دیں۔

(۴۵) کیا ہماری آواز کے خلاف سعی کرنے والے فریبی اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ ہم انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ایسی جگہ سے عذاب لائیں کہ انہیں پتہ ہی نہ لگنے پائے۔ (۴۶) یا سفر میں آتے جاتے تباہ کر دیں۔

(۴۷) یا آہستہ آہستہ ان کے مال و متاع کو تباہ کرتے کرتے انہیں فنا ہی کر دیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
دائیں اور بائیں طرف جھکتے جارہے ہیں اور نہایت عاجزی کے ساتھ اللہ کو سجدہ کررہے ہیں
وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ
اور جو آسمان میں ہے اور جو زمین میں ہے جانداروں سے
دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوْنَ
اور فرشتے سب اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے وہ اپنے
رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ السجدة
بالادست رب سے ڈرتے ہیں اور انہیں جو حکم دیا جاتا ہے وہ بجالاتے ہیں
وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ
اللہ نے کہا ہے دو معبود نہ بناؤ وہ ایک ہی
اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي
معبود ہے پھر مجھی سے ڈرو اور اسی کا ہے جو کچھ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ
آسمانوں اور زمین میں ہے اور عبادت اسی کی لازم ہے پھر کیا
اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ
اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو اور تمہارے پاس جو نعمت بھی ہے سو اللہ کی طرف سے ہے
ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا
پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو پھر جب
كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ
تم سے تکلیف دور کردیتا ہے تو فوراً تم میں سے ایک جماعت اپنے رب کے ساتھ
يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۪ فَسَوْفَ
شریک بنانے لگتی ہے تاکہ جو نعمتیں ہم نے انہیں دی تھیں ان کی ناشکری کریں خیر نفع اٹھالو آگے

## ربطِ آیات

(۴۸ تا ۵۰) کیا ان نافرمانوں کو اس سے عبرت حاصل نہیں ہوتی کہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ

خلاصۂ رکوع ۷ ۔ (۱) تمہارا معبود ایک ہے۔ (۲) وہی تمہارا محسن اور مصیبت میں کام آنے والا ہے (۳) یہ لوگ ایسے بے خبر ہیں کہ بجائے اس کی قدر کرنے کے گستاخی کرتے ہیں اور اس کی طرف محض جھوٹ سے بیٹیاں منسوب کرتے ہیں۔ ماخذ (۱) آیت ۵۱ ۔ (۲) آیت ۵۳ ۔ (۳) آیت ۵۶ تا ۵۹ ۔

ع ۷ ۱۲ السجدة

کے سامنے سربسجود ہیں اور چیزیں تو دور رہیں خود ملائکہ عظام اللہ تعالیٰ سے ہر وقت ڈرا کرتے ہیں اور جو حکم ملے، فوراً تعمیل کرتے ہیں۔

(۵۱) اے لوگو! تمہارا معبود فقط ایک اللہ تعالیٰ ہے۔

(۵۲) زمین و آسمان میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے اور قابلِ اطاعت ہمیشہ سے فقط وہی ایک ہے۔ (۵۳) جو نعمت تمہیں ملی ہوئی ہے اس کا عطا کرنے والا فقط وہی ہے اور جب تم پر کوئی مصیبت آتی ہے تو اسی کے ہاں فریاد لے جاتے ہو۔ (۵۴) جب وہ مصیبت ہٹا دیتا ہے تو پھر بعض لوگ اسی کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا
چل کر معلوم کر لو گے ۔ اور جنہیں وہ جانتے بھی نہیں ان کے لئے ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے
رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾
ایک حصہ مقرر کرتے ہیں ۔ اللہ کی قسم البتہ تم سے ۔ ان جھوٹوں کی ضرور باز پرس ہوگی
وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾
اور اللہ کے لئے ۔ بیٹیاں ٹھہراتے ہیں ۔ وہ اس سے پاک ہے ۔ اور اپنے لئے جو دل چاہتا ہے
وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا
اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خوشخبری دی جائے ۔ اس کا منہ ۔ سیاہ ہو جاتا ہے
وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ ج يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا
اور وہ غمگین ہوتا ہے ۔ اس خوشخبری کی برائی ۔ کے باعث ۔ لوگوں سے
بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ
چھپتا پھرتا ہے ۔ آیا اسے ذلت قبول کر کے رہنے دے ۔ یا اس کو مٹی میں ۔ دفن کر دے
اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
دیکھو کیا ہی برا فیصلہ کرتے ہیں ۔ جو آخرت کو ۔ نہیں مانتے ۔ ان کی
مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع
بری مثال ہے ۔ اور اللہ کی شان سب سے بلند ہے ۔ اور وہی زبردست حکمت والا ہے
وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا
اور اگر اللہ ۔ لوگوں کو ۔ ان کی بے انصافی پر پکڑے ۔ تو زمین پر ۔ کسی جاندار کو
مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا
نہ چھوڑے ۔ لیکن ایک مدت مقرر تک ۔ انہیں مہلت دیتا ہے ۔ پھر جب
جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾
ان کا وقت آتا ہے ۔ تو نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں

## ربطِ آیات

(۵۵) اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احسان کو فراموش کر دیتے ہیں۔ (۵۶) یہ مشرک خداداد رزق میں سے ان معبودانِ باطل کا حصہ نکالتے ہیں، جن کے حق کا ان کے ہاں کوئی ثبوت نہیں۔ اس افترا کی ان سے باز پرس ہوگی۔ (۵۷) اللہ تعالیٰ کے واسطے بیٹیاں ثابت کرتے ہیں اور اپنے لئے جو ان کا جی چاہتا ہے۔ (۵۸) حالانکہ بیٹی کو اتنا برا سمجھتے ہیں۔ (۵۹) کہ ان کے ہاں پیدا ہو تو منہ چھپاتے پھرتے ہیں۔ (۶۰) احتیاج، اولاد وغیرہ اور بیٹی کو برا سمجھنا اور اسے زندہ در گور کرنا اس قسم کی بری باتیں سب ان ہی کفار کا حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب

خلاصۂ رکوع ۸۔ (۱) پہلی امتوں کی طرح ان پر بھی شیطان مسلط ہو چکا ہے۔ (۲) ان تمام غلط باتوں کی اصلاح فقط قرآن حکیم سے ممکن ہے۔
ماخذ (۱) آیت ۶۳، (۲) آیت ۶۴

ع ۷ ۱۰ ۱۳

سے پاک ہے۔ وہ سب پر غالب اور حکیم ہے۔ (۶۱) اگر اللہ تعالیٰ انسان کے گناہوں پر گرفت کرتا تو زمین پر کوئی جاندار زندہ رہنے نہ پاتا۔ لیکن ایک میعاد معین تک اس نے مہلت دے رکھی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ

اور اللہ کے لئے وُہ چیزیں تجویز کرتے ہیں جنہیں آپ بھی پسند نہیں کرتے اور زبان سے جھوٹے دعوے کرتے ہیں

أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ

کہ آخرت کی بھلائی اُنہیں کے لئے ہے اس میں شک نہیں کہ ان کے لئے آگ ہے اور بے شک وُہ

مُّفْرَطُونَ ﴿٦٢﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلٰى أُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

سب سے پہلے دوزخ میں بھیجے جائیں گے اللہ کی قسم! ہم نے تجھ سے پہلے بھی قوموں میں رسول بھیجے تھے

فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ

پھر شیطان نے لوگوں کو اُن کی بدعملیاں اچھی کر دکھائیں سو آج بھی اُن کا وُہی دوست

الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

ہے اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے اور ہم نے اسی لئے تجھ پر

الْكِتٰبَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَ

کتاب اُتاری ہے کہ تو اُنہیں وُہ چیز کھول کر سُنا دے جس میں وُہ جھگڑ رہے ہیں اور

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ أَنْزَلَ مِنَ

ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت بھی ہے اور اللہ نے آسمان سے

السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ

پانی اُتارا پھر اس سے مُردہ زمین کو زندہ کر دیا اِس میں

فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُونَ ﴿٦٥﴾ ع وَإِنَّ لَكُمْ فِي

اُن لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سُنتے ہیں اور بے شک تمہارے لئے

الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ

چارپایوں میں سوچنے کی جگہ ہے ہم ان کے جسم سے خون اور گوبر کے درمیان

فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ

خالص دُودھ پیدا کر دیتے ہیں جو پینے والوں کے لئے خوشگوار ہے اور

## ربطِ آیات

(٦٢) اپنی ناپسندیدگی کی چیز اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کرتے ہیں اور تمنا یہ رکھتے ہیں کہ اگر بفرضِ محال ہمیں دوبارہ زندگی میں اُٹھایا گیا تو جنت میں جائیں گے (٦٣) جس طرح پہلی اُمتوں کو شیطان نے گمراہ کیا تھا اسی طرح انہیں بھی گمراہ کر رہا ہے (٦٤) قرآن حکیم کو ہم نے ہادی اور رحمت بنا کر نازل کیا ہے لیکن فائدہ وہی اُٹھا سکتے ہیں جنہیں اس کی صداقت پر ایمان ہو۔ (٦٥) جس طرح جسمانی رزق اللہ تعالیٰ کی تدبیر محض سے انسان کو ملتا ہے اسی طرح رُوحانی رزق بھی فقط اسی کے دروازہ سے مل سکتا ہے۔ چنانچہ اسی رزق کے مُہیا فرمانے کے لئے قرآن نازل ہُوا ہے (٦٦) رُکوعِ سابق میں آیا ہے کہ ہم نے آپ کو قرآنِ حکیم دیا ہے اگر کفار کے دل میں شبہ پیدا ہو کہ کلامِ الٰہی انسان کی زبان میں کس طرح آ سکتا

ع ٨ / ١٤

خلاصۂ رکوع ٩ - اس شبہ کا ازالہ کہ انسان کی زبان سے کلامِ الٰہی کس طرح ظاہر ہو سکتا ہے۔
ماخذ: آیت ٦٦ - ٦٧

ہے تو اس حقیقت کو مثالوں کے ذریعہ سے واضح کیا گیا ہے مثلاً سوال ہے کہ کیا یہ بعید از قیاس نہیں کہ گوبر اور خون کے موجود ہوتے ہُوئے گائے یا بھینس کے تھنوں سے خالص دودھ نکل آتا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا

کھجور اور انگور کے پھلوں سے نشہ اور اچھی

وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ ٦٧

غذا بھی بناتے ہو اس میں لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سمجھتے ہیں

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ

اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کو حکم دیا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں

بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝ ٦٨ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ

اور ان چھتوں میں گھر بنائے جو اس کے لئے بناتے ہیں پھر ہر قسم کے

كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ

میووں سے کھا پھر اپنے رب کی تجویز کردہ آسان راہوں پر چل ان کے

مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ

پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے رنگ مختلف ہیں اس میں لوگوں

لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ ٦٩

کے لئے شفا ہے بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سوچتے ہیں

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ڐ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى

اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہی تمہیں مارتا ہے اور کوئی تم میں سے نکمی عمر تک

اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ

پہنچایا جاتا ہے جو سمجھدار ہونے کے بعد نادان ہو جاتا ہے بے شک

اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ ٧٠ ۧ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰي

اللہ جاننے والا قدرت والا ہے اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر

بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَاۗدِّيْ

روزی میں فضیلت دی پھر جنہیں فضیلت دی گئی ہے وہ اپنے

## ربطِ آیات

(۶۷) جس طرح اللہ تعالیٰ کھجور اور انگور کی لکڑیوں سے لذیذ میوے پیدا کر دیتا ہے اسی طرح وہ قادر ہے کہ ایک انسان کے منہ سے کلام پاک کی تلاوت کرا دے۔ (۶۸، ۶۹) جس طرح شہد کی مکھی کے پیٹ سے اللہ تعالیٰ شہد پیدا کر دیتا ہے اسی طرح ایک پاکیزہ ترین انسان کی زبان مبارک سے اپنے ارشادات یعنی خدا کا حکم پہنچا دیتا ہے۔ (۷۰) جس طرح اس کی قدرت کاملہ انسان پر مختلف تصرفات کرتی ہے اسی طرح یہ بھی ایک تصرف ہے کہ ایک کامل مکمل انسان کی زبان سے خدا تعالیٰ کا کلام سنائی دے۔

خلاصہ رکوع ۹ ۔ ۱۰ ۔ ضرورتِ توحید کی اشد حاجت آیت ۱۰، ۷۰

ع ۹ ۱۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ

حصّہ کا مال اپنے غلاموں کو دینے والے نہیں کہ وہ اس میں

سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ (٧١) وَاللّٰهُ جَعَلَ

برابر ہو جائیں پھر کیا اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں اور اللہ نے

لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ

تمہارے واسطے تمہاری ہی قسم سے عورتیں پیدا کیں اور تمہیں تمہاری

اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ

عورتوں سے بیٹے اور پوتے دیئے اور تمہیں کھانے کے لئے

الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ

اچھی چیزیں دیں پھر کیا جھوٹی باتیں تو مان لیتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کا

هُمْ يَكْفُرُوْنَ (٧٢) وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

انکار کرتے ہیں اور اللہ کے سوا اُن کی عبادت کرتے ہیں جو

لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں اور زمین سے انہیں رزق پہنچانے میں کچھ بھی اختیار

شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ (٧٣) فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ

نہیں رکھتے اور نہ رکھ سکتے ہیں پس اللہ کے لئے مثالیں

الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (٧٤)

نہ گھڑو بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى

اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے ایک غلام ہے کسی دوسرے کی ملک میں جو کسی چیز کا

شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ

اختیار نہیں رکھتا اور ایک دوسرا آدمی ہے جسے ہم نے اچھی روزی دے رکھی ہے اور وہ

### ربطِ آیات

(۷۱) جب تم خداداد رزق اپنے جیسے انسان غلاموں کو تقسیم کرنا پسند نہیں کرتے تو حقوق اللہ تعالیٰ کو کس طرح مخلوق کو دینا گوارا کر سکتے ہو۔ (۷۲) ایسے محسن خدائے تعالیٰ سے منہ موڑ کر کس طرح بت پرستی اختیار کرتے ہو۔ (۷۳) وہ معبود تو بیکار اور محض عاجز ہیں۔ (۷۴) لہٰذا اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت بنایا کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ
ظاہر اور پوشیدہ اُسے خرچ کرتا ہے کیا دونوں برابر ہیں سب تعریف اللہ کے لئے ہے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا
مگر اکثر ان میں سے نہیں جانتے اور اللہ ایک اور مثال

رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ
دو آدمیوں کی بیان فرماتا ہے ایک اُن میں سے گونگا ہے کچھ بھی نہیں کر سکتا اپنے

كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ
آقا پر ایک بوجھ ہے جہاں کہیں اسے بھیجے اس سے کوئی خوبی کی بات بن نہ آئے

هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ
کیا یہ اور وہ برابر ہے جو لوگوں کو انصاف کا حکم دیتا ہے اور وہ خود بھی

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ ع وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ
سیدھے راستے پر قائم ہے اور آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ
تو اللہ ہی کو معلوم ہیں اور قیامت کا معاملہ تو ایسا ہے جیسا آنکھ کا جھپکنا

اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٧٧﴾
یا اس سے بھی قریب تر بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا تم کسی چیز کو نہ

شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ
جانتے تھے اور تمہیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ
تاکہ تم شکر کرو کیا پرندوں کو نہیں دیکھتے کہ آسمان کی

## ربطِ آیات

(٧٥) جس طرح آقا اور غلام برابر نہیں ہو سکتے اسی طرح خدا تعالیٰ اور بندے کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔

(٧٦) جس طرح یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے اسی طرح شرک سے قدوس خدا لاشریک مختارِ مطلق اور عاجز بندے کبھی برابر نہیں ہو سکتے

(٧٧) آسمان اور زمین کی تمام چھپی ہوئی باتوں سے اللہ تعالیٰ آگاہ ہے اور اس کی

ع ١٠ / ١٦

خلاصہ رکوع ١١ - دلائل توحید
حافظ آیت ٧٨، ٧٩، ٨٠، ٨١

قدرت میں قیامت تو اتنی آسان چیز ہے کہ آنکھ جھپکنے کی دیر میں لا سکتا ہے۔

(٧٨) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے تمہیں ماؤں کے پیٹوں سے نکالا اور کان، آنکھیں اور دل دیئے تاکہ تم اس کا شکر کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

فضا میں تھمے ہوئے ہیں انہیں اللہ کے سوا کون تھامے ہوئے ہے بے شک اس میں بھی

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ

ایمانداروں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں اور اللہ نے تمہارے گھروں کو تمہارے لئے آرام کی جگہ

سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا

بنایا ہے اور تمہارے لئے چارپایوں کی کھالوں سے خیمے بنائے

تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ

جنہیں تم اپنے سفر اور قیام کے دن ہلکے پاتے ہو اور بھیڑوں کی

اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى

اُون سے اور اونٹوں کی روؤں سے اور بکریوں کے بالوں سے کتنے ہی سامان اور مفید چیزیں وقت مقرر

حِيْنٍ ﴿٨٠﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ

تک کے لئے بنا دیں اور اللہ نے تمہارے لئے اپنی بنائی ہوئی چیزوں کے سائے بنا دیئے اور

لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ

تمہارے لئے پہاڑوں میں چھپنے کی جگہیں بنا دیں اور تمہارے لئے کرتے بنا دیئے

تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ

جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور زرہیں جو تمہیں لڑائی میں بچاتی ہیں اسی طرح

يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

اللہ اپنا احسان تم پر پورا کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار ہو جاؤ پھر بھی اگر نہ مانیں

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٨٢﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ

تو تم پر صاف صاف پیغام پہنچا دینا ہی ہے وہ اللہ کی نعمتیں پہچانتے

اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَ ع ١١ / ١٧

ہیں پھر منکر ہو جاتے ہیں اور اکثر ان میں سے ناشکر گزار ہیں اور

### ربطِ آیات

(۷۹) پرندوں کو معلق
یا ہوا ہی میں رکھتا ہے۔
(۸۰) سفر و حضر میں رہنے
سہنے کا سامان اُسی نے مہیا
کر دیا ہے۔ (۸۱) اللہ
تعالیٰ نے درختوں و دیواروں
وغیرہ کے سائے بنائے جن میں
آرام پاتے ہو اور اُسی نے
پہاڑوں میں غار بنائے اور
اُسی نے کرتے بنائے جن کے
ذریعہ گرمی سے بچتے ہو اور بعض
ایسے ہیں جن سے جنگ میں
بچاؤ حاصل کرتے ہو۔
(۸۲ ۸۳) اگر اتنی نعمتیں
یاد دلانے کے بعد بھی ان کے
انکار میں کوئی فرق نہ آئے اور
وہ آستانۂ الٰہی پر سر نہ جھکائیں
تو جانے دیجیے۔ آپ (صلی اللہ
علیہ وسلم) نے اپنا تبلیغی فرض
ادا کر دیا۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

جس دن ہم ہر قوم میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے پھر نہ کافروں کو

لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٨٤﴾ وَإِذَا

اجازت دی جائے گی اور نہ اُن کا کوئی عذر قبول کیا جائے گا اور جب

رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا

ظالم عذاب دیکھیں گے پھر نہ ان سے ہلکا کیا جائے گا اور نہ

هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٨٥﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ

انہیں مہلت دی جائے گی اور جب مشرک اپنے شریکوں کو دیکھیں گے

قَالُوا رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُوا

تو کہیں گے اے ہمارے رب! یہی ہمارے شریک ہیں جنہیں ہم تیرے سوا

مِنْ دُونِكَ ۖ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٨٦﴾

پکارا کرتے تھے پھر وہ انہیں جواب دیں گے کہ تم سراسر جھوٹے ہو

وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

اور وہ اُس دن اللہ کے سامنے سر جھکا دیں گے اور بھول جائیں گے وہ جو

يَفْتَرُونَ ﴿٨٧﴾ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ

جھوٹ بناتے تھے جو لوگ منکر ہوئے اور اللہ کی راہ سے روکتے رہے

زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ﴿٨٨﴾

ہم اُن پر عذاب پر عذاب بڑھاتے جائیں گے بسبب اس کے کہ وہ فساد کرتے تھے

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِمْ مِنْ

اور جس دن ہر ایک گروہ میں سے ان پر انہیں میں سے ایک گواہ کھڑا

أَنْفُسِهِمْ ۖ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا

کریں گے اور تجھے اُن پر گواہ بنائیں گے اور ہم نے

## ربطِ آیات

(۸۴) قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی اُمت کے انکار کے متعلق شہادت دیں گے اور اُس وقت اُمتوں سے حصولِ رضائے الٰہی کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔ (۸۵) عذاب آنے کے بعد ظالموں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ (۸۶) وہاں مشرکین اور

خلاصہ رکوع ۱۲ - (۱) قیامت کے دن ان منکرین کا کوئی عذر نہیں سنا جائے گا۔ (۲) یہ لوگ بے شرک و کفر سے اُس دن خود بیزار ہوں گے (۳) اگر آپ اپنی اصلاح کرنا چاہیں تو قرآن رہنمائی کے لئے موجود ہے۔ ماخذ (۱) آیت ۸۴ (۲) آیت ۸۶ (۳) آیت ۸۹ ۔

اُن کے معبودوں میں یہ مکالمہ ہو گا۔ (۸۷) مشرکین اُس دن اطاعتِ الٰہی کریں گے یعنی جو حکم ملے گا اُس سے سرتابی نہیں کر سکیں گے اور معبودانِ باطل کے متعلق جو سبز باغ شفاعت وغیرہ دکھایا کرتے تھے وہ سب غلط ہو جائیں گے۔ (۸۸) اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنے والے مفسدوں کو دوسروں سے زیادہ عذاب دیا جائے گا۔

الثلثۃ



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً

تجھ پر ایک ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں ہر چیز کا کافی بیان ہے اور وہ مسلمانوں کے لئے

وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿٨٩﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ

ہدایت اور رحمت اور خوشخبری ہے بے شک اللہ انصاف کرنے کا اور

الْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ

بھلائی کرنے کا اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم کرتا ہے اور بے حیائی اور بری بات

وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾ وَاَوْفُوْا

اور ظلم سے منع کرتا ہے تمہیں سمجھاتا ہے تاکہ تم سمجھو اور

بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

اللہ کا عہد پورا کرو جب آپس میں عہد کرو اور قسموں کو پکا کرنے کے بعد نہ

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا

توڑو حالانکہ تم نے اللہ کو اپنے اوپر گواہ بنایا ہے

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ

بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو اور اس عورت جیسے نہ بنو جو

نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا تَتَّخِذُوْنَ

اپنا سوت محنت کے بعد کاٹ کر توڑ ڈالے کہ تم اپنی

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى

قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ بنانے لگو محض اس لئے کہ ایک گروہ

مِنْ اُمَّةٍ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ

دوسرے گروہ سے بڑھ جائے اللہ اس میں تمہاری آزمائش کرتا ہے اور جس چیز میں تم اختلاف

الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

کرتے ہو اللہ اسے ضرور قیامت کے دن ظاہر کرے گا اور اگر اللہ چاہتا

ع ۱۲ ۱۸

خلاصہ رکوع ۱۳ - قرآن حکیم کا اصلاحی نظام و پروگرام، یہ ہے -
ماخذ: آیت ۹۰، ۹۱، ۹۲، ۹۳، ۹۴، ۹۵

### ربط آیات

(۸۹) ہر ایک نبی اپنی امت پر گواہ ہوگا اور آپ اپنی امت پر گواہ ہوں گے۔ اگر یہ لوگ اُس دن کے عذاب سے بچنا چاہتے ہیں تو اس کتاب اللہ سے تمسک کریں جس میں ہر چیز کی وضاحت اور ہدایت و رحمت موجود ہے اور فرمانبرداروں کے لئے اس میں خوشخبری ہے۔ (۹۰-۹۱-۹۲) قرآن حکیم کا اصلاحی نظام بیان ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ

تو تم سب کو ایک ہی جماعت بنا دیتا اور لیکن وُہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں پڑا رہنے دیتا ہے اور

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَ

جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور البتہ تم سے پُوچھا جائے گا کہ کیا کرتے تھے اور

لَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ

تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ نہ بناؤ کبھی قدم جمنے کے بعد

ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ

پھسل نہ جائے پھر تمہیں اس سبب سے کہ تم نے راہِ خدا سے روکا تکلیف

اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ

اُٹھانی پڑے اور تمہیں بڑا عذاب ہو اور اللہ کے عہد کو تھوڑے سے

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

داموں پر نہ بیچو جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وُہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ

جانتے ہو جو تمہارے پاس ہے ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے کبھی ختم نہ ہوگا

وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

اور ہم صبر کرنے والوں کو اُن کے اچھے کاموں کا جو کرتے تھے ضرور

يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

بدلہ دیں گے جس نے نیک کام کیا مرد ہو یا عورت اور وُہ

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ

ایمان بھی رکھتا ہے تو ہم اُس کو ضرور اچھی زندگی بسر کرائیں گے اور اُن کا حق اُنہیں بدلے میں دیں گے

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ

اُن کے اچھے کاموں کے عوض میں جو کرتے تھے سو جب تُو قرآن پڑھنے لگے

### ربطِ آیات

(۹۳) اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو اپنی طاقت سے سب کو ایک راستہ پر چلا لیتا لیکن اس نے مہلت دے رکھی ہے جس کی جی چاہے ہدایت حاصل کرے اور جس کا جی چاہے گمراہ رہے اللہ تعالیٰ بھی اعمال کے مناسب فیصلہ فرما دیتا ہے۔ (۹۴-۹۵) اصلاحی نظام کی بقیہ دفعات یہ ہیں۔ (۹۶) دُنیاوی مفاد کی خاطر تعلق باللہ کو خراب نہ کرو۔ وُہی چیز کام آئے گی جو اللہ تعالیٰ کے ہاں بھیج دو گے۔ اس راستہ کو چھوڑ کر جو کچھ بھی جمع کرو گے سب یہیں رہ جائے گا۔ (۹۷) رضائے الٰہی کے طالبوں کو دُنیا میں بھی اچھی زندگی بسر کرنے کا موقع ملے گا اور اُن اعمالِ صالحہ کی برکت سے آخرت میں بھی جزائے خیر نصیب ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ

تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ لے اُس کا زور

لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾

اُن پر نہیں چلتا جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ

اُس کا زور تو اُنہیں پر ہے جو اُسے دوست بناتے ہیں اور جو اللہ کے ساتھ

۱۳ ع ۱۱ ۱۹ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ

شریک مانتے ہیں اور جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری بدلتے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے

بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا

جو اُتارتا ہے تو کہتے ہیں کہ تو بنا لاتا ہے یہ بات نہیں لیکن اکثر ان میں سے

يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

نہیں سمجھتے تو کہہ دے اسے تیرے رب کی طرف سے پاک فرشتے نے سچائی کے ساتھ اُتارا ہے

لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

تاکہ ایمان والوں کے دل جما دے اور فرمانبرداروں کے لئے ہدایت اور خوشخبری ہے

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ

اور ہمیں خوب معلوم ہے وہ کہتے ہیں اسے تو ایک آدمی سکھاتا ہے حالانکہ

الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ

جس کی طرف نسبت کرتے ہیں اُس کی زبان عجمی ہے اور یہ صاف عربی

مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ

زبان ہے وہ لوگ جنہیں اللہ کی باتوں پر یقین نہیں اللہ بھی انہیں ہدایت

اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ

نہیں دیتا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے، جھوٹ تو وہ لوگ بناتے ہیں جنہیں

## ربطِ آیات

(۹۸) قرآن پڑھنے سے پہلے شیطان کے شر سے پناہ مانگ لیا کرو تاکہ اللہ تعالیٰ جو وعدہ دے اُس میں شک نہ آنے پائے۔ (۹۹) خدا پرستوں پر شیطان قابو نہیں پا سکتا۔

خلاصہ رکوع ۱۴ - (۱) بوقتِ ضرورت نظام امر میں جب تبدیلی ہوتی ہے تو یہ بھی اسے قرآن حکیم کے خود ساختہ ہونے کی دلیل بنا لیتے ہیں (۲) یہ غافل قیامت کے دن نقصان اٹھائیں گے۔ ماخذ (۱) آیت ۱۰۱ (۲) آیت ۱۰۸، ۱۰۹۔

(۱۰۰) اس کا قابو اپنے دوستوں اور مشرکوں پر چل سکتا ہے۔ (۱۰۱) بوقتِ ضرورت تبدیلی احکام کو افتراء پر محمول کرتے ہیں (۱۰۲) ان سے کہہ دیجئے یہ تبدیلی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور فرشتہ تبدیلی کے احکام لاتا ہے۔ مومنین کے حق میں یہ تبدیلی ہدایت اور خوشخبری کا کام دیتی ہے کیونکہ انھیں یہ چیز مفید نظر آتی ہے۔ (۱۰۳) ان کے بیہودہ افتراؤں کا ہمیں علم ہے۔ (۱۰۴) جو قرآن حکیم کے ذریعے سے ہدایت پانا نہیں چاہتے انہیں اللہ تعالیٰ کے دروازے کے سوا اور کہیں ہدایت نہیں مل سکتی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
اللہ کی باتوں پر یقین نہیں اور وہی لوگ جھوٹے ہیں

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ
جو کوئی ایمان لانے کے بعد اللہ سے منکر ہوا مگر وہ جو مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل

مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا
ایمان پر مطمئن ہو اور لیکن وہ جو دل کھول کر منکر ہوا

فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾
تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَ
یہ اس لئے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر محبوب بنایا اور

اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
نیز اس لئے کہ اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا یہ وہی ہیں کہ

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَ
اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر مہر کر دی اور

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
وہی غافل بھی ہیں ضرور وہی لوگ آخرت میں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ
نقصان اٹھانے والے ہیں پھر بے شک تیرا رب ان کے لئے جنہوں نے مصیبت میں پڑنے کے بعد

مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا
ہجرت کی پھر جہاد کیا اور صبر کیا بے شک تیرا رب ان باتوں کے بعد

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا
بخشنے والا، مہربان ہے جس دن ہر شخص اپنے ہی لئے جھگڑتا ہوا آئے گا

ع ۱۴ ۱۰ ۲۰

## ربطِ آیات

(۱۰۵) خدا پر افترا تو فقط بے ایمان ہی باندھ سکتے ہیں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جیسی پاک ہستی سے یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔

(۱۰۶) خدا کے متعلق جھوٹا کلمہ تو ادنیٰ مومن بھی نہیں کہہ سکتا۔ ہاں مضطر ہو کر کسی مومن کی زبان سے ظاہری طور پر کفر کا کلمہ نکل جائے تو اور بات ہے۔ جب ادنیٰ درجہ کا مومن خدا تعالیٰ پر جھوٹ نہیں باندھ سکتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کس طرح ہو سکتا ہے۔ ہاں جن لوگوں نے اپنا سینہ کفر کے لئے وقف کر رکھا ہے ان پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوگا۔

(۱۰۷) غضب اس لئے نازل ہوگا کہ انہوں نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی۔ (۱۰۸) جنہوں نے دنیا کو ترجیح دی ان پر حق کا کوئی کلمہ اثر نہیں کر سکتا۔ وہ ہمیشہ غافل رہتے ہیں (۱۰۹) وہ لوگ آخرت میں یقیناً نقصان اٹھائیں گے (۱۱۰) جو لوگ محض اللہ کی وجہ سے وطن و دیار کو خیرباد کہنے پر مجبور کئے گئے۔ خدا تعالیٰ انہیں مغفرت فرمائے گا۔

خلاصۂ رکوع ۱۵ - (۱) قیامت کے دن گرفت سے بچنے کے لئے ہر شخص جھگڑے گا لیکن بُرے اعمال کی سزا پا کر رہیں گے (۲) اس لئے بہتر ہے کہ ابھی سے اپنی اصلاح کر لیں۔
ماخذ ۱۱۱ آیت۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَ
اور ہر شخص کو اُس کے عمل کا پُورا بدلہ دیا جائے گا اور اُن پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً
اللہ ایک ایسی بستی کی مثال بیان فرماتا ہے جہاں ہر طرح کا امن چین تھا
يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ
اس کی روزی بافراغت ہر جگہ سے چلی آتی تھی پھر اللہ کے
بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ
احسانوں کی ناشکری کی پھر اللہ نے ان کے ان بُرے کاموں کے سبب سے جو وہ کیا کرتے تھے
بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ
بے مزہ چکھایا کہ ان پر فاقہ اور خوف چھا گیا اور البتہ ان کے پاس انہیں میں سے رسول بھی
مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
آیا مگر انہوں نے اسے جھٹلایا پھر انہیں عذاب نے آپکڑا ایسے حال میں کہ وہ ظالم تھے
فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ
پھر تمہیں اللہ نے جو کچھ حلال طیب روزی دی ہے کھاؤ اور اللہ کے احسان کا
اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ
شکر کرو اگر تم صرف اسی کو پُوجتے ہو تم پر صرف مُردار
الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ
اور خون اور سؤر کا گوشت حرام کیا ہے اور وہ چیز بھی جو اللہ کے سوا کسی اور کے نام سے
فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾
پکاری گئی ہو پھر جو بھوک کے مارے بیتاب ہوجائے نہ وہ باغی ہو اور نہ حد سے گزرنے والا تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ
اور اپنی زبانوں سے جھوٹ بنا کر نہ کہو کہ یہ حلال ہے

## ربطِ آیات

(۱۱۱) قیامت کے دن نجات کے لئے ہر شخص ہاتھ پاؤں مارے گا لیکن اُس دن کی جدوجہد مفید نہیں ہوگی۔ ہر شخص کو مناسبِ اعمال کی جزا دی جائے گی (۱۱۲-۱۱۳) تکذیبِ رسول پر اللہ تعالیٰ اِس قسم کا عذاب ہر وقت دے سکتا ہے (۱۱۴) لہٰذا اللہ تعالیٰ کی نعمتیں استعمال کرکے اس کا شکر بجا لاؤ۔ (۱۱۵) البتہ ان چیزوں کا استعمال نہ کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## رابطِ آیات

(۱۱۶) ممنوعات میں اپنی طرف سے دفعات قانون مت بناؤ۔ (۱۱۷) افترا علی اللہ کرنے والے اگرچہ دُنیا میں چند روزہ آرام پائیں گے لیکن بالآخر دردناک عذاب میں مبتلا کئے جائیں گے۔ (۱۱۸) یہود پر بعض چیزیں ان کے طغیان وسرکشی کے باعث بھی حرام ہوئی تھیں۔ (۱۱۹) مُفتریوں اور مفسدوں میں سے بھی جو لوگ توبہ کرکے حق تعالیٰ کے دروازہ پر آجائیں بخوشدلی سے انہیں معافی کا پروانہ مل جاتا ہے۔ (۱۲۰ - ۱۲۱) ابراہیم علیہ السلام اپنے زمانہ میں ابتداءً خدا پرستوں کی ایک جماعت کے قائم مقام تھے۔ کیونکہ ان کا اور کوئی اس وقت ساتھی نہ تھا، لہٰذا وہ یہود ونصاریٰ، مشرکین عرب اور مسلمانوں کے مسلم اور معظم بزرگ ہیں ان کا نمونہ ان سب کو اختیار کرنا چاہئے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں برگزیدہ تھے اور صراطِ مستقیم کی انہیں رہنمائی کی گئی تھی۔ (۱۲۲) دُنیا میں انہیں عزت اور برکت نصیب ہوئی اور آخرت میں نیکوکاروں میں شمار کئے جائیں گے۔

> خلاصۂ رکوع ۱۶ — اگر اللہ تعالیٰ کے شاکر بندے بننا چاہتے ہیں اور دنیا اور آخرت کی بھلائی کے خواہاں ہیں تو ابراہیم علیہ السلام کا نمونہ اختیار کریں۔
> ماخذ آیت ۱۲۰ تا ۱۲۳ •

وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور یہ حرام ہے تاکہ اللہ پر بہتان باندھو بے شک جو

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ

اللہ پر بہتان باندھتے ہیں اُن کا بھلا نہ ہوگا تھوڑا سا فائدہ اُٹھالیں

وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے اور جو لوگ یہودی ہیں ہم نے اُن پر حرام کی جو

قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا

تجھے پہلے سُنا چکے ہیں اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ

اپنے اُوپر آپ ظلم کرتے تھے پھر تیرا رب اُن کے لئے جو جہالت سے بُرے کام

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْۤا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ

کرتے رہے پھر اُس کے بعد اُنھوں نے توبہ کرلی اور سُدھر گئے بے شک تیرا رب اس کے

۱۵ ع ۹ ۲۱ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا

بعد البتہ بخشنے والا مہربان ہے بے شک ابراہیم ایک پوری اُمت تھا اللہ کا فرمانبردار

لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ

تمام راہوں سے ہٹا ہوا اور مشرکوں میں سے نہ تھا اُس کی نعمتوں کا شکر کرنے والا

اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى

اُسے اللہ نے چن لیا اور اُسے سیدھی راہ پر چلایا اور ہم نے اُسے

الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ؕ

دُنیا میں بھی خوبی دی تھی اور وہ آخرت میں بھی اچھے لوگوں میں ہوگا

ثُمَّ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَ

پھر ہم نے تیرے پاس وحی بھیجی کہ تمام راہوں سے ہٹنے والے ابراہیم کے دین پر چل اور



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى

وہ مشرکوں میں سے نہ تھا ہفتہ کا دن انہیں پر مقرر کیا گیا تھا

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

جو اس میں اختلاف کرتے تھے اور تیرا رب ان میں قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ

فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے اپنے

اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ

رب کے راستہ کی طرف دانشمندی اور عمدہ نصیحت سے بلا اور

جَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

ان سے پسندیدہ طریقہ سے بحث کر بے شک تیرا رب خوب

اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ

جانتا ہے کہ کون اس کے راستہ سے بھٹکا ہوا ہے اور ہدایت یافتہ

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٢٥﴾ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا

کو بھی خوب جانتا ہے اور اگر بدلہ لو تو اتنا بدلہ لو جتنی تمہیں

عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿١٢٦﴾

تکلیف پہنچائی گئی ہے اور اگر صبر کرو تو یہ صبر والوں کے لئے بہتر ہے

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ

اور صبر کر اور تیرا صبر کرنا اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان پر غم نہ کھا اور

لَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

ان کے مکروں سے تنگ دل نہ ہو بے شک اللہ ان کے ساتھ ہے جو

اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾ ع ۱۶ ع ۹ ۲۲

پرہیزگار ہیں اور جو نیکی کرتے ہیں

## ربطِ آیات

(۱۲۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ان ہی کے نقش قدم پر چلنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (۱۲۴) خصوصیات یہودیہ کے اتباع کی ضرورت نہیں ہے (۱۲۵) نہایت دانائی اور عمدہ نصیحت کے طریقہ سے دعوت الی اللہ دیجئے۔ (۱۲۶) اور اگر سختی کی ضرورت پیش آئے تو فقط بدلہ پر اکتفا کیجئے اس سے زیادہ تکلیف نہ دی جائے اور اگر صبر کر سکیں تو اس کے نتائج صبر کرنے والوں کو اچھے ملیں گے (۱۲۷) آپ ان کی ایذا دہی پر صبر کریں۔ آپ کا صبر اللہ تعالیٰ کے لئے ہوگا اور ان کے حیلے بہانوں سے کبیدہ خاطر نہ ہوں۔ (۱۲۸) اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے پرہیزگار اور نیکوکار بندوں کا ساتھ دیا کرتا ہے۔



Downloaded from .... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتہا (۱۱۱) سُوْرَۃُ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ (۱۷) (۵۰) رکوعاتہا (۱۲)

سورہ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔

************

سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

وہ پاک ہے جس نے راتوں رات اپنے بندے کو مسجد

الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ

حرام سے مسجد اقصےٰ تک سیر کرائی جس کے گردا گرد ہم نے برکت رکھی

مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ

ہے تاکہ ہم اسے اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں بیشک وہ سننے والا دیکھنے والا ہے اور ہم نے موسیٰ کو

وَجَعَلْنٰہُ ہُدًی لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ

کتاب دی اور اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا کہ میرے سوا کسی کو کارساز

وَکِیْلًا ② ؕ ذُرِّیَّۃَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّہٗ کَانَ عَبْدًا

نہ بناؤ اے ان کی نسل جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا تھا بیشک وہ

شَکُوْرًا ③ وَقَضَیْنَاۤ اِلٰی بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْکِتٰبِ

شکرگزار بندہ تھا اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں یہ بات بتلا دی تھی

لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ مَرَّتَیْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا کَبِیْرًا ④ فَاِذَا

کہ تم ضرور ملک میں دو مرتبہ خرابی کروگے اور بڑی سرکشی کروگے پھر جب

جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىہُمَا بَعَثْنَا عَلَیْکُمْ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِیْ بَاْسٍ

پہلا وعدہ آیا تو ہم نے تم پر اپنے بندے سخت لڑائی والے

الجزء الخامس عشر ۱۵

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۱۔ دعوت حق اور اس پر لبیک کہنے کی ضرورت۔ ماخذ آیت ۹-۱۰

سورہ بنی اسرائیل
(خلاصہ سورت)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی باقی ادیان سے نسبت کیا ہے۔ جس طرح آپ امام الانبیاء علیہم السلام ہیں اسی طرح آپ کا دین امام الادیان ہے

(۱) اللہ تعالیٰ اس الزام سے پاک ہے کہ بظاہر الفاظ میں یہ فرمائے کہ جس نے اپنے بندہ کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی اور حقیقت میں سیر نہ ہو بلکہ محض ایک خواب دکھایا ہو (۲) معراج مبارک کی سیر ایسی ہی تھی جس طرح موسیٰ علیہ السلام کے لیے سیر طور ا لا تتخذوا من دونی) مقصد تورات یہ ہے کہ ماسوی اللہ سے انسان کٹ جائے (۳) نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے شکرگزار بندے تھے تمہیں بھی اپنے مولیٰ کا شکرگزار بندہ ہونا چاہیے! اس مقصد کی تکمیل کے لیے تمہیں بھی تورات دی گئی ہے (۴) بنی اسرائیل کو یہ فیصلہ سنا دیا گیا تھا۔ دو دفعہ تم زمین میں فساد پھیلاؤ گے اور دو ہی دفعہ ذلیل کیے جاؤ گے۔

منزل ۴

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

شَدِيۡدٍ فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ﴿۵﴾
بھیجے پھر وہ تمہارے گھروں میں گھس گئے اور اللہ کا وعدہ تو پورا ہونا ہی تھا
ثُمَّ رَدَدۡنَا لَكُمُ الۡكَرَّةَ عَلَيۡهِمۡ وَاَمۡدَدۡنٰكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ
پھر ہم نے تمہیں دشمنوں پر غلبہ دیا اور تمہیں مال اور اولاد میں ترقی دی
وَجَعَلۡنٰكُمۡ اَكۡثَرَ نَفِيۡرًا ﴿۶﴾ اِنۡ اَحۡسَنۡتُمۡ اَحۡسَنۡتُمۡ لِاَنۡفُسِكُمۡ
اور تمہیں بڑی جماعت والا بنا دیا اگر تم نے بھلائی کی تو اپنے ہی لیے کی
وَاِنۡ اَسَاۡتُمۡ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ الۡاٰخِرَةِ لِيَسُوۡٓءٗا وُجُوۡهَكُمۡ
اور اگر برائی کی تو بھی اپنے ہی لیے کی پھر جب دوسرا وعدہ آیا کہ تمہارے چہروں پر رسوائی
وَلِيَدۡخُلُوا الۡمَسۡجِدَ كَمَا دَخَلُوۡهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوۡا
پھیر دیں اور مسجد میں گھس جائیں جس طرح پہلی بار گھس گئے تھے اور جس چیز پر قابو پائیں
مَا عَلَوۡا تَتۡبِيۡرًا ﴿۷﴾ عَسٰى رَبُّكُمۡ اَنۡ يَّرۡحَمَكُمۡ ۚ وَاِنۡ عُدۡتُّمۡ
اس کا ستیاناس کر دیں تمہارا رب قریب ہے کہ تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر وہی کروگے
عُدۡنَا ۘ وَجَعَلۡنَا جَهَنَّمَ لِلۡكٰفِرِيۡنَ حَصِيۡرًا ﴿۸﴾ اِنَّ هٰذَا
تو ہم بھی پھر وہی کریں گے اور ہم نے دوزخ کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے بے شک
الۡقُرۡاٰنَ يَهۡدِىۡ لِلَّتِىۡ هِىَ اَقۡوَمُ وَيُبَشِّرُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ
یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور ایمان والوں کو جو نیک کام کرتے ہیں
الَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمۡ اَجۡرًا كَبِيۡرًا ۙ ﴿۹﴾
اس بات کی خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا ثواب ہے
وَّاَنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ اَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ عَذَابًا
اور یہ بھی بتاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے لیے دردناک عذاب
اَلِيۡمًا ﴿۱۰﴾ وَيَدۡعُ الۡاِنۡسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالۡخَيۡرِ ؕ وَكَانَ
تیار کیا ہے اور انسان برائی مانگتا ہے جس طرح وہ بھلائی مانگتا ہے اور

وقف لازم

ع ١

## ربطِ آیات

(۵) جب تمہاری سزا کا پہلا وعدہ آیا تو تم پر عمالقہ (اور بعض کا خیال ہے کہ بخت نصر بابل کا بادشاہ) بمع لشکر کے ان پر مسلط ہوا، سخت جنگجو تم پر مسلط کی گئی۔ (۶) پھر اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنے دشمنوں پر قابو دیا اور مال و اولاد سے مالا مال بنا دیا۔ (۷) یاد رکھو اگر نیکی کروگے تو اسکا فائدہ خود ہی اٹھاؤگے اور اگر برائی کروگے تو نقصان بھی خود ہی پاؤگے۔

(فاذا جاء وعد الآخرۃ) جب تم نے دوبارہ زمین میں فساد کیا اور یحییٰ علیہ السلام کا قتل ناحق کیا تو خردوش بادشاہ کو اللہ تعالیٰ نے تم پر بمعہ لشکر مسلط فرمایا اور اسی نے تمہارے ہزارہا آدمیوں کا ایک بندۂ خدا کے عوض میں خون بہایا۔ (۸) آئندہ اگر اس قسم کی شرارتوں سے باز رہوگے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت تم سے بعید نہیں، اگر پھر فتنہ بپا کروگے تو اللہ تعالیٰ پھر سزا دے گا۔ (۹) جس طرح تورات بنی اسرائیل کے لیے ہادی تھی اسی طرح قرآن سب سے سیدھے راستے کی رہنمائی کے لیے نازل ہوا ہے۔ فرمانبرداروں کے لیے قرآن خوشخبری دینے والا ہے۔

(۱۰) نافرمانوں کے لیے عذاب الٰہی سے ڈرانے والا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ
انسان جلد باز ہے اور ہم نے رات اور دن کے دو نمونے بنا دیے پھر

اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا
رات کے نمونے کو دھندلا کر دیا اور دن کا نمونہ نظر آنے کے لیے روشن کر دیا تاکہ تم اپنے رب

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ
کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ
اور ہم نے ہر چیز کی تفصیل کر دی اور ہم نے ہر آدمی کا نامہ اعمال

طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ
اس کی گردن کے ساتھ لگا دیا ہے اور قیامت کے دن ہم اس کا نامہ اعمال نکال کر

مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ
سامنے کر دیں گے اپنا نامہ اعمال پڑھ لے آج اپنا حساب لینے کے لیے تو ہی

حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ ؕ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ
کافی ہے جو سیدھے رستے پر چلا تو اپنے ہی لیے چلا اور

مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ
جو بھٹک گیا تو بھٹکنے کا نقصان بھی وہی اٹھائے گا اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے

اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾
کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور ہم سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا
اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو وہاں کے دولتمندوں کو کوئی حکم دیتے ہیں

فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ
پھر وہ وہاں نافرمانی کرتے ہیں تب ان پر حجت تمام ہو جاتی ہے اور ہم اسے برباد کر دیتے ہیں اور

## ربطِ آیات

خلاصہ رکوع ۲. جس طرف ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں وہ نہار روحانی ہے جس میں بیدار ہو کر اپنی قوتوں کو کام میں لانے کی ضرورت ہے. ماخذ آیت ۱۲

(۱۱) انسان جلد باز واقع ہوا ہے چاہیے تو یہ تھا کہ انسان کتاب سے جو منبع رحمت ہے فائدہ اٹھاتا. لیکن جلد بازی کے باعث اس کی تکذیب کرتا ہے (۱۲) جس طرح نظام شمسی میں رات کے بعد دن آتا ہے تاکہ تم فضل رب حاصل کرو اسی طرح شرک اور کفر کی تاریکی کے بعد اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کے ذریعہ سے روحانیت کا دن چڑھایا ہے تاکہ تم بے ایمانی سے تائب ہو کر نور ایمان سے مالا مال ہو جاؤ (۱۳) اور یاد رکھو تمہارے سب اعمال گلے کا ہار ہیں. قیامت کے دن ان سب کی تفصیل دیکھ لوگے اور پچھتاؤ گے (۱۴) اس دن تمہیں ہی منصف قرار دیا جائے گا (۱۵) ہدایت اور گمراہی کا نفع اور نقصان تمہاری جان پر ہی پڑے گا ہم نے تو اپنا فرض ادا کر دیا ہے (۱۶) یہ بھی یاد رہے کہ بستیاں ہمیشہ آسودہ حال لوگوں کی شامت اعمال سے تباہ ہوا کرتی ہیں.



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِنْ بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ

نوح کے بعد ہم نے قوموں کے کئی دَور ہلاک کر دیے ہیں اور تیرا رب اپنے

بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿١٧﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ

بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے جو کوئی دنیا چاہتا ہے

الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ فِيهَا مَا نَشَاءُ لِمَنْ نُرِيدُ

تو ہم اسے سر دست دنیا میں سے جس قدر چاہتے ہیں دیتے ہیں پھر ہم نے

ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ يَصْلَاهَا مَذْمُومًا مَدْحُورًا ﴿١٨﴾

اس کے لیے جہنم تیار کر رکھی ہے جس میں وہ ذلیل و خوار ہو کر گرے گا

وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

اور جو آخرت چاہتا ہے اور اس کے لیے مناسب کوشش بھی کرتا ہے اور وہ مومن

فَأُولَٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَشْكُورًا ﴿١٩﴾ كُلًّا نُمِدُّ هَٰؤُلَاءِ

بھی ہے تو ایسے لوگوں کی کوشش مقبول ہو گی ہم ہر فریق کو اپنی پروردگاری

وَهَٰؤُلَاءِ مِنْ عَطَاءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ عَطَاءُ رَبِّكَ

بخششوں سے مدد دیتے ہیں ان کو بھی اور اُن کو بھی اور تیرے رب کی بخشش

مَحْظُورًا ﴿٢٠﴾ انْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ

کسی پر بند نہیں دیکھو ہم نے ایک کو دوسرے پر کیسی فضیلت دی ہے

وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا ﴿٢١﴾ لَا تَجْعَلْ

اور آخرت کے تو بڑے درجے اور بڑی فضیلت ہے اللہ کے ساتھ

مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُومًا مَخْذُولًا ﴿٢٢﴾ ع وَ

اور کوئی معبود نہ بنانا ورنہ تو ذلیل بے کس ہو کر بیٹھے گا اور

قَضَىٰ رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا

تیرا رب فیصلہ کر چکا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو

## ربطِ آیات

(۱۷) چنانچہ نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے کئی پوچ تباہ کر دیے (۱۸) اگر قرآن حکیم کو اس لیے چھوڑتے ہو کر دُنیا ملے تو دنیا مقدّر سے زیادہ مل نہیں سکتی۔ (۱۹) ہاں جو آخرت کا طالب ہے اس کی سعی عمدہ طریقہ سے بار آور ہو گی (۲۰) جس طرف تم رُخ کرو گے اللہ تعالیٰ کی مدد اسی طرف تمہاری دستگیری کرے گی (۲۱) جس طرح اس بے بقا دُنیا میں دولت وغیرہ کے لحاظ سے آدمیوں کے درجے ہیں مثلاً کوئی امیر ہے کوئی غریب۔ اسی طرح آخرۃ میں بھی درجے ہونگے بلکہ دنیا کے درجوں کا آخرت کے درجوں کے ساتھ کوئی نسبت نہیں ہے (۲۲) اگر آخرت کے درجے پانا چاہتے ہو تو توحید پر جم جاؤ اور شرک سے نفرت رکھو۔

ع ۱۲ ۲

خلاصہ رکوع ۲ تفصیل احکام دعوت حقہ۔ ماخذ آیت ۲۲ تا ۲۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ
اور اگر تیرے سامنے ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں
لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾
اُف بھی نہ کہو اور نہ انہیں جھڑکو اور ان سے ادب سے بات کرو
وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ
اور ان کے سامنے شفقت سے عاجزی کے ساتھ جھکے رہو اور کہو اے میرے
رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا
رب جس طرح انہوں نے مجھے بچپن سے پالا ہے اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما جو تمہارے دلوں میں
فِيْ نُفُوْسِكُمْ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ
ہے تمہارا رب خوب جانتا ہے اگر تم نیک ہوگے تو وہ توبہ کرنے والوں کو بخشنے
غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ
والا ہے اور رشتہ دار اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق
السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْۤا
دے دو اور مال کو بیجا خرچ نہ کرو بے شک بیجا خرچ کرنے والے
اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَ
شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکر گزار ہے
اِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا
اور اگر تجھے اپنے رب کے فضل کے انتظار میں کہ جس کی تجھے امید ہے منہ پھیرنا
فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً
پڑے تو ان سے نرم بات کہہ دے اور اپنا ہاتھ اپنی گردن کے ساتھ بندھا
اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا
ہوا نہ رکھ اور نہ اسے کھول دے بالکل ہی کھول دینا پھر تو پشیمان تہی دست ہو کر

## ربط آیات

(۲۳) قانونِ نجاتِ آخرت کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ اس کے بعد والدین کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آؤ (۲۴) ہمیشہ تواضع سے پیش آؤ اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو۔ (۲۵) مغفرت الٰہی کے حصول کا ذریعہ فقط باطن کی درستی ہے (۲۶) والدین کے بعد عزیزوں، مساکین اور مسافروں کے حقوق کا لحاظ رکھو اور بے موقع خرچ کرنے سے پرہیز کرو (۲۷) بے جا خرچ کرنے والے نافرمان شیطان کی قسم میں شمار کئے جاتے ہیں (۲۸) اگر کسی وقت مال نہ ہونے کی وجہ سے ان کی خدمت نہ کرسکیں تو انہیں نرمی سے سمجھا دیں۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

اور اگر تیرے سامنے ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں

لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾

اُف بھی نہ کہو اور نہ انہیں جھڑکو اور ان سے ادب سے بات کرو

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ

اور ان کے سامنے شفقت سے عاجزی کے ساتھ جھکے رہو اور کہو اے میرے

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

رب جس طرح انہوں نے مجھے بچپن سے پالا ہے اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما جو تمہارے دلوں میں

فِيْ نُفُوْسِكُمْ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ

ہے تمہارا رب خوب جانتا ہے اگر تم نیک ہوگے تو وہ توبہ کرنے والوں کو بخشنے

غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ

والا ہے اور رشتہ دار اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق

السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا

دے دو اور مال کو بیجا خرچ نہ کرو بے شک بیجا خرچ کرنے والے

اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَ

شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکر گزار ہے

اِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا

اور اگر تجھے اپنے رب کے فضل کے انتظار میں کہ جس کی تجھے امید ہے منہ پھیرنا

فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً

پڑے تو ان سے نرم بات کہہ دے اور اپنا ہاتھ اپنی گردن کے ساتھ بندھا

اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا

ہوا نہ رکھ اور نہ اسے کھول دے بالکل ہی کھول دینا پھر تو پشیمان تہی دست ہو کر

## ربط آیات

(۲۳) قانونِ نجاتِ آخرت کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ اس کے بعد والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ (۲۴) ہمیشہ تواضع سے پیش آؤ اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو۔ (۲۵) مغفرت الٰہی کے حصول کا ذریعہ فقط باطن کی درستی ہے (۲۶) والدین کے بعد اعزہ، مساکین اور مسافروں کے حقوق کا لحاظ رکھو اور بے موقع خرچ کرنے سے پرہیز کرو (۲۷) بے جا خرچ کرنے والے نافران شیطان کی قسم میں شمار کئے جاتے ہیں (۲۸) اگر کسی وقت مال نہ ہونے کی وجہ سے ان کی خدمت نہ کرسکیں تو انہیں نرمی سے سمجھا دیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ
بیٹھ رہے گا بے شک تیرا رب جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کرتا ہے اور تنگ
اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ ع ۴ ۳
بھی کرتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا دیکھنے والا ہے اور اپنی اولاد کو تنگدستی
خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ
کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم انہیں بھی رزق دیتے ہیں اور تمہیں بھی بیشک ان کا قتل
خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ
کرنا بڑا گناہ ہے اور زنا کے قریب نہ جاؤ بیشک وہ بے حیائی ہے
وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا
اور بری راہ ہے اور جس جان کو قتل کرنا اللہ نے حرام کردیا ہے اُسے ناحق
بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ
قتل نہ کرنا اور جو کوئی ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے ولی کے واسطے اختیار
سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾
دے دیا ہے لہٰذا قصاص میں زیادتی نہ کرے بیشک اس کی مدد کی گئی ہے
وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى
اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر جس طریقہ سے کہ بہتر ہو جب تک وہ اپنی
يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ
جوانی کو پہنچے اور عہد کو پورا کرو بیشک عہد کی باز پرس
مَسْئُوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ
ہوگی اور ناپ تول کر دو تو پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تول کر
الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ
دو یہ بہتر ہے اور انجام بھی اس کا اچھا ہے اور جس بات کی

خلاصہ رکوع ۴ ۔ تفصیل احکام دعوتِ حقہ ۔ ماخذ آیت ۳۱ تا ۴۰

## ربط آیات

(۲۹) ہمیشہ میانہ روی اختیار کرو (۳۰) مذکورۃ الصدر مصارف میں خرچ کرنے سے یہ خیال نہ آئے کہ رزق تنگ ہوجائے گا۔ تنگی اور کشادگی اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ جب اس کے کہنے پر خرچ کروگے تو اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔ (۳۱) بھوک کے ڈر سے اپنی اولاد کا قتل جسمانی یا روحانی نہ کرو (۳۲) بداخلاقی سے پرہیز کرو۔ (۳۳) ناحق قتل کرنے سے بچو (۳۴) یتیم بچے کے مال کو بدنیتی سے ہاتھ نہ لگاؤ۔ ایفائے عہد کا ہمیشہ خیال رکھو (۳۵) ناپ اور تول میں انصاف ملحوظ رکھو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ
تجھے خبر نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ بے شک کان اور آنکھ اور دل ہر ایک سے
اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔــوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ
بازپرس ہوگی اور زمین پر اتراتا ہوا
مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾
نہ چل بیشک تو نہ زمین کو پھاڑ ڈالے گا اور نہ لمبائی میں پہاڑوں تک پہنچے گا
كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ
ان میں سے ہر ایک بات تیرے رب کے ہاں ناپسند ہے یہ اس حکمت
اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ
میں سے ہے کہ جسے تیرے رب نے تیری طرف وحی کیا ہے اور اللہ کے ساتھ اور کسی کو
اِلٰـهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ
معبود نہ بنا ورنہ تو ملزم مردود بنا کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا کیا تمہارے رب
رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ
نے تمہیں چن کر بیٹے دے دیے اور اپنے لیے فرشتوں کو بیٹیاں بنالیا تم بڑی بات
قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ
ع ۴
کہتے ہو اور ہم نے اس قرآن میں کئی طرح سے بیان کیا تاکہ وہ سمجھیں
وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا
حالانکہ اس سے انہیں نفرت ہی بڑھتی جاتی ہے کہہ دو اگر اس کے ساتھ اور بھی معبود
يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾
ہوتے جیسا وہ کہتے ہیں تب تو انہوں نے عرش والے تک کوئی راستہ نکال لیا ہوتا
سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ
وہ پاک ہے اور جو کچھ وہ کہتے ہیں اس سے وہ بہت ہی بلند ہے ساتوں آسمان

## رابطِ آیات

(۳۶) جس چیز کا علم نہ ہو اس میں دخل مت دو۔ (۳۷) زمین پر تکبر سے مت چلو (۳۸) مذکورہ الصدر قانون نجات میں جن چیزوں سے روکا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ چیزیں نہایت بری ہیں (۳۹) یہی مفصل قانون اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے (۴۰) اس منزل من اللہ قانون کے مقابلہ میں جو تم قانون سمجھے ہو وہ کیا مہمل اور بیہودہ ہے۔ تمہارے عقیدہ کے مطابق تمہیں تو بیٹے بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے لیے سوائے بیٹیوں کے اور کچھ نہیں (نعوذ باللہ) یہ جھوٹ بکتے ہو (۴۱) ہم نے مختلف طریقوں سے انہیں مسئلہ توحید سمجھایا لیکن بجائے تسلیم کرنے کے انکی نفرت بڑھی (۴۲) اگر دو معبود ہوتے تو اللہ تعالیٰ قادرِ مطلق جل جلالہ سے انکا تصادم ہو جاتا (۴۳) اللہ تعالیٰ کی ذات شرک سے بلند و برتر ہے۔

خلاصہ رکوع ۵ = دعوتِ خدا پر لبیک کہنے میں جو موانع ہیں ان کی تردید۔ ماخذ (۱) آیت ۴۲ (۲) آیت ۴۵ (۳) آیت ۴۷ (۴) آیت ۴۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ
اور زمین اور جو کوئی ان میں ہے اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور ایسی کوئی
شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ
چیز نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے
اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا
بیشک وہ بردبار بخشنے والا ہے اور جب تو قرآن پڑھتا ہے ہم تیرے
بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا
اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت کو نہیں مانتے ایک چھپا ہوا پردہ کر دیتے
مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ
ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے کر دیے ہیں تاکہ اسے نہ سمجھیں
فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ
اور ان کے کانوں میں گرانی ڈال دی ہے اور جب تو قرآن میں صرف اپنے رب ہی کا ذکر
وَلَّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ
کرتا ہے تو پیٹھ پھیر کر نفرت سے بھاگتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ سنتے ہیں
بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ
جب یہ لوگ تیری طرف کان لگاتے ہیں اور جس وقت آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں
الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ
جب یہ ظالم کہتے ہیں کہ تم محض ایسے شخص کا ساتھ دیتے ہو جس پر جادو کیا گیا ہے دیکھ تیرے
ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ ع
لیے کیسی مثالیں بیان کرتے ہیں سو گمراہ ہو گئے پھر وہ راستہ نہیں پا سکتے
وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا
اور کہتے ہیں کیا جب ہم ہڈیاں اور چورا ہو جائیں گے پھر نئے بن کر

## ربط آیات

(۴۴) شرک کیا بلکہ سارے آسمان اور زمین اور ان میں بسنے والے اس کی تسبیح میں مصروف ہیں اور اس کی غلامی کا حق ادا کرتے ہیں۔ (۴۵) باتیں تو یہ صاف ہیں لیکن آخرت کے منکر گویا پردہ میں ہیں۔ اس لیے ان باتوں کو سمجھ نہیں سکتے (۴۶) ان کا احساس استفادہ ظاہری و باطنی فنا ہو چکا ہے۔ اس لیے توحید کے تسلیم کرنے سے نہیں نفرت ہے (۴۷) ہم خوب جانتے ہیں کہ یہ لوگ قرآن کو سن کر رائے قائم کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسحور ہیں (۴۸) ان گمراہوں نے آپ کے متعلق کیسی بُری مثال تجویز کی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جَدِيۡدًا ﴿۴۹﴾ قُلۡ كُوۡنُوۡا حِجَارَةً اَوۡ حَدِيۡدًا ﴿۵۰﴾ اَوۡ خَلۡقًا مِّمَّا

اٹھیں گے کہہ دو کہ تم پتھر یا لوہا ہو جاؤ یا کوئی اور چیز جسے

يَكۡبُرُ فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ‌ۚ فَسَيَـقُوۡلُوۡنَ مَنۡ يُّعِيۡدُنَا‌ ؕ قُلِ

تم اپنے دلوں میں مشکل سمجھتے ہو پھر وہ کہیں گے ہمیں دوبارہ کون لوٹائیگا کہہ دو

الَّذِىۡ فَطَرَكُمۡ اَوَّلَ مَرَّةٍ‌ ۚ فَسَيُنۡغِضُوۡنَ اِلَيۡكَ رُءُوۡسَهُمۡ

وہی جس نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے پھر تمہارے سامنے سروں کو ہلا کر کہیں گے

وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هُوَ‌ ؕ قُلۡ عَسٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنَ قَرِيۡبًا ﴿۵۱﴾

کہ وہ کب ہوگا کہہ دو شاید وہ وقت بھی قریب آ گیا ہو

يَوۡمَ يَدۡعُوۡكُمۡ فَتَسۡتَجِيۡبُوۡنَ بِحَمۡدِهٖ وَتَظُنُّوۡنَ اِنۡ

جس دن تمہیں پکارے گا پھر اس کی تعریف کرتے ہوئے چلے آؤ گے اور خیال کرو گے

لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلۡ لِّعِبَادِىۡ يَقُوۡلُوا الَّتِىۡ هِىَ

کہ بہت ہی کم ٹھہرے تھے اور میرے بندوں سے کہہ دو کہ وہی بات کہیں جو

اَحۡسَنُ‌ ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ يَنۡزَغُ بَيۡنَهُمۡ‌ ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ

بہتر ہو بیشک شیطان آپس میں لڑا دیتا ہے بے شک شیطان

كَانَ لِلۡاِنۡسَانِ عَدُوًّا مُّبِيۡنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِكُمۡ‌ ؕ اِنۡ

انسان کا کھلا دشمن ہے تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے

يَّشَاۡ يَرۡحَمۡكُمۡ اَوۡ اِنۡ يَّشَاۡ يُعَذِّبۡكُمۡ‌ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ

اگر چاہے تم پر رحم کرے اور اگر چاہے تمہیں عذاب دے اور ہم نے تجھے ان پر

عَلَيۡهِمۡ وَكِيۡلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَ

ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا اور تیرا رب خوب جانتا ہے جو آسمانوں اور

الۡاَرۡضِ‌ ؕ وَلَقَدۡ فَضَّلۡنَا بَعۡضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعۡضٍ

زمین میں ہے اور ہم نے بعض پیغمبروں کو بعض پر فضیلت دی ہے اور ہم نے

## ربط آیات

(۴۹) اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ قیامت کے منکر ہیں۔ اس لیے اس تعلیم کی انہیں ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی (۵۰) تم پتھر یا لوہا ہو جاؤ تو بھی قیامت آ کر رہے گی (۵۱) جب اتنا ڈانٹا جائے پھر کہتے ہیں اچھا کون اٹھائے گا (۵۲) جس دن وہ بلائیگا اس کی حمد گاتے ہوئے آؤ گے۔ پھر خیال کروگے دنیا میں زیادہ وقت نہیں رہے (۵۳) اس سے پہلے مشرکین کی ترش کلامی کا ذکر آ چکا ہے۔ مسلمانوں

ع ۵ ۱۲ ۵

خلاصہ رکوع ۶: دعوت حقہ پر پھبتیاں کستے ہیں جو موانع ہیں ان کی تردید۔
ماخذ آیات ۵۳ - ۵۶

سے کہا جاتا ہے کہ تم ان سے ویسی ترش کلامی سے پیش نہ آؤ کیونکہ شیطان تو چاہتا ہے کہ مسلمانوں اور مشرکوں میں فوراً فساد برپا ہو جائے اور کلمۂ حق کی تبلیغ ہی نہ ہو (۵۴) مشرکین سے کہہ دو اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا تو تمہیں ایمان عطا ہو جائیگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ
داود کو زبور دی تھی کہہ دو انہیں پکارو جنہیں تم اس کے
مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا
سوا سمجھتے ہو وہ نہ تمہاری تکلیف دور کر سکیں گے اور نہ اسے
تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى
بدلیں گے وہ لوگ جنہیں یہ پکارتے ہیں جو ان میں سے زیادہ مقرب ہیں
رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ
وہ بھی اپنے رب کی طرف نیکیوں کا ذریعہ تلاش کرتے ہیں اور اس کی مہربانی
وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ
کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرے رب کا عذاب
مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا
ڈرنے کی چیز ہے اور ایسی کوئی بستی نہیں جسے ہم قیامت سے پہلے ہلاک
قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ
نہ کریں یا اسے سخت عذاب نہ دیں
كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا مَنَعَنَآ
یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے اور ہم نے اس لیے
اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۭ
معجزات بھیجنے موقوف کر دیے کہ پہلوں نے انہیں جھٹلایا تھا
وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۭ وَمَا
اور ہم نے ثمود کو اونٹنی کا کھلا ہوا معجزہ دیا تھا پھر بھی انھوں نے اس پر ظلم کیا
نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ
اور یہ معجزات تو ہم محض ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں اور جب ہم نے تم سے

## ربط آیات

(۵۵) اللہ تعالیٰ نے بعض انبیاء علیہم السلام کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ چنانچہ حضور انور خاتم الانبیاء اور آپ کی امت خیر الامم ہے اگر کافر نہ مانیں اور کوئی بُرا لفظ مُنہ سے نکال دیں تو اس سے حقیقتاً آپ کی کسر شان نہیں ہو سکتی (ہاں جب اللہ تعالیٰ ان سے انتقام کی اجازت دے گا پھر دل کے سارے ملال نکال لیں) (۵۶) اے مشرکین جن کو تم معبود مانتے ہو وہ تمہاری کسی مصیبت میں بھی کام نہیں آ سکتے (۵۷) وہ تو اطاعت کے ذریعے سے خود قرب الٰہی کے خواہاں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرتے ہیں (۵۸) اے مشرکین یاد رکھو تم اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔ ہر ایک بستی اور اس کے بسنے والے قبضۂ الٰہی میں مقبوض ہیں (۵۹) تمہارے خیال کے مطابق معجزات ہم اس لیے نازل نہیں کرتے کہ تم معجزات دیکھ کر بھی انکار کر جاؤ گے۔ پہلے لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ چنانچہ قوم ثمود کا واقعہ تمثیلاً سامنے ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
ALMARIFAT

اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ

کہہ دیا تھا کہ تیرے رب نے سب کو قابو میں کر رکھا ہے اور وہ خواب جو ہم نے تجھیں

اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي

دکھایا اور وہ خبیث درخت جس کا ذکر قرآن میں ہے ان سب کو ان لوگوں کے لیے

الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ وَ

فتنہ بنا دیا اور ہم تو انہیں ڈراتے ہیں سو اس سے انکی شرارت اور بھی بڑھتی جاتی ہے اور

اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے سب سجدے میں گر پڑے

قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿٦١﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ

کہا کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جسے تو نے مٹی سے بنایا ہے کہا بھلا دیکھ تو

هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ؗ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

یہ شخص جسے تو نے مجھ سے بڑھایا اگر تو مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے تو

لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ

میں بھی سوائے چند لوگوں کے اسکی نسل کو قابو میں کر کے رہونگا فرمایا جا - پھر ان میں سے

تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾ وَ

جو کوئی تیرے ساتھ ہوا تو جہنم تم سب کی پوری سزا ہے اِن

اسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ

میں سے جسے تو اپنی آواز سنا کر بہکا سکتا ہے بہکا لے اور ان پر اپنے سوار

عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَ

اور پیادے بھی چڑھا دے اور ان کے مال اور اولاد میں بھی شریک ہو جا

الْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾

اور ان سے وعدے کر اور شیطان کے وعدے بھی محض فریب ہی تو ہیں

ع ۶ ۷

### ربطِ آیات

(۶۰) تم نے بھی تو معجزہ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور زقوم کے ماننے سے انکار کر دیا۔ (۶۱) جن لوگوں کی طبیعت میں قرآن کے ذریعہ سے ڈر پیدا نہیں ہوتا وہ اپنے حقیقی دشمن یعنی شیطان

خلاصہ رکوع ۶ ، تحقیق پر پہنچ کر نہ کسی ... دنیا میں ایک زبردست ڈاکو ہے جو تمہارے متاعِ ایمان کو سلب کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہے لہذا اگر تم نے اس بات پر شک کر کے یہ خطرناک راستہ طے کیا تو متاعِ ایمان سے ہاتھ دھو جاؤ گے۔ ماخذ آیت ۶۱ تا ۶۵۔

کے پھندے میں پھنسیں گے شیطان نے اپنی دشمنی کا ثبوت سب سے پہلے آدم علیہ السلام کے ساتھ دیا۔ پھر وہ آئندہ نسلِ آدم کا کب خیر خواہ ہو سکتا ہے (۶۲) دیکھیے کیسی عداوت کا اظہار کر رہا ہے کہ نسلِ آدم سے نفرت کی جڑ اکھاڑ کر پھینک دونگا (۶۳) تیری اور تیرے تابعداروں کی یہ سزا ہے (۶۴) جو تیرے پھندوں میں آ سکتا ہے اسے گمراہ کر لے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ
بے شک میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہیں ہوگا اور تیرا رب کافی
وَكِيلًا ﴿٦٥﴾ رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ
کارساز ہے تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لیے دریا میں کشتیاں چلاتا ہے
لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ
تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو بیشک وہی تم پر بڑا مہربان ہے اور جب تم پر دریا
الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ
میں کوئی مصیبت آتی ہے تو بھول جاتے ہو جنہیں اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے پھر جب وہ تمہیں
إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنْتُمْ
خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو تم اس سے منہ موڑ لیتے ہو اور انسان بڑا ہی ناشکرا ہے پھر کیا تم اس
أَنْ يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا
بات سے نڈر ہو گئے کہ وہ تمہیں خشکی کی طرف لا کر زمین میں دھنسا دے یا تم پر پتھر
ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ أَمِنْتُمْ أَنْ يُعِيدَكُمْ فِيهِ
برسانے والی آندھی بھیج دے پھر تم کسی کو اپنا مددگار نہ پاؤ یا تم اس بات سے بالکل نڈر ہو گئے ہو کہ وہ
تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِنَ الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُمْ
دوبارہ تمہیں پھر دریا میں لوٹا لائے پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تمہاری ناشکری سے
بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ
تمہیں غرق کر دے پھر اپنی طرف سے ہم پر کوئی باز پرس کرنے والا بھی نہ پاؤ اور ہم نے
كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ
آدم کی اولاد کو عزت دی ہے اور خشکی اور دریا میں اسے سوار کیا اور ہم نے انہیں ستھری
الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ ع
چیزوں سے رزق دیا اور اپنی بہت سی مخلوقات پر انہیں فضیلت عطا کی

## ربط آیات

(۶۵) میرے بندے تیرے قابو میں نہیں آئیں گے (۶۶) اے لوگو تمہارا رب رحیم ہے۔ اسے چھوڑ کر شیطان کے پنجہ میں نہ جانا (۶۷) وہی تمہیں سمندر میں کام آتا ہے۔ اس وقت تمہیں معبودانِ باطل سب بھول جاتے ہیں۔ لیکن جب وہ تمہیں مصیبت سے نجات دیتا ہے تو خشکی پر اتر کر اس سے روگردانی کرتے ہو (۶۸) کیا وہ سمندر میں ڈبو سکتا تھا اور اب زمین میں نہیں دھنسا سکتا۔ (۶۹) کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ تمہیں دوبارہ سمندر میں لے جائے اور سخت طوفان لا کر غرق کر دے (۷۰) ہم نے تو انسان پر ہر طرح سے احسان کیا ہے لیکن یہ احسان فراموش نکلا)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ
جس دن ہم ہر فرقہ کو ان کے سرداروں کے ساتھ بلائیں گے سو جسے اس کا اعمالنامہ اس کے
بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿٧١﴾
داہنے ہاتھ میں دیا گیا سو وہ لوگ اپنا اعمالنامہ پڑھیں گے اور وہ تاگے کے برابر ظلم نہیں کئے جائینگے
وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَ
اور جو کوئی اس جہان میں اندھا رہا تو وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور
اَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿٧٢﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْٓ
راستے سے بہت دُور ہٹا ہوا اور بیشک وہ قریب تھے کہ تجھے اس چیز سے بہکا دیں جو
اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖۗ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ
ہم نے تجھ پر بذریعہ وحی بھیجی ہے تاکہ تو اس کے سوا ہم پر بہتان باندھنے لگے اور پھر تجھے اپنا
خَلِیْلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ
دوست بنالیں اور اگر ہم تجھے ثابت قدم نہ رکھتے تو تو کچھ تھوڑا سا ان کی طرف
اِلَیْهِمْ شَیْـًٔا قَلِیْلًا ﴿٧٤﴾ ۙ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَیٰوةِ وَ
جھکنے کے قریب تھا اس وقت ہم تجھے زندگی میں اور موت کے بعد
ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿٧٥﴾ وَ
دوہرا عذاب چکھاتے پھر تو اپنے واسطے ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار نہ پاتا اور وہ
اِنْ كَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِیُخْرِجُوْكَ
تو تجھے اس زمین سے دھکیل دینے کو تھے تاکہ تجھے اس سے
مِنْهَا وَاِذًا لَّا یَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ
نکال دیں پھر وہ بھی تیرے بعد بہت ہی کم ٹھہرتے۔ تم سے پہلے جتنے
قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا
رسول ہم نے بھیجے ہیں ان کا یہی دستور رہا ہے اور ہمارے دستور میں تم تبدیلی

منزل ۴

خلاصہ رکوع ۸ - اگر اس دعوت پر لبیک نہ کہی تو عمی باطن قائم رہے گا جس کے نتائج تبیعہ آخرت میں بھگتنے پڑیں گے۔ ماخذ آیت ۷۲ -

## ربط آیات

(۷۱) اس سے پہلے انسانوں کی دنیاوی حالت کا ذکر تھا اب حالات آخرت کا ذکر کیا جاتا ہے کہ ہر شخص اس دن اپنے مقتدا اور امام کے نام سے پکارا جائیگا لہذا جو لوگ دنیا میں رحمان کے فرمانبردار رہے - وہ رحمان کی جماعت میں پکارے جائیں گے اور جو شیطان کے پیرو بنے - وہ شیطانی جماعت میں پکارے جائیں گے۔ (۷۲) جسے یہاں بصیرت نصیب نہ ہوئی وہ قیامت کے دن اندھا ہوگا۔ (۷۳) یہ لوگ خود تو گمراہ ہیں اور ان کی کوشش یہ ہے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پھسلا کر گمراہ کریں اور پھر آپ سے دوستی رکھیں (۷۴) چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر عیب سے معصوم بنایا ہے اس لیے ان کی خواہش پوری نہیں ہو سکی (۷۵) اگر بالفرض آپ معصوم نہ ہوتے اور ان کی طرف ذرا مائل ہو جاتے تو یہ سزا پاتے (۷۶) آپ کو اس پاکیزہ تعلیم سے ہٹانے میں تو وہ کامیاب نہیں ہو سکے پھر اس کوشش میں رہے کہ کسی حیلے سے آپ مدینہ منورہ سے نکل جائیں - اگر خدانخواستہ اس میں کامیاب ہو جاتے تو اس کے بعد وہ بھی دنیا میں چین سے نہ بیٹھ سکتے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۷۷) ہمیشہ یوں ہی ہوتا رہا اور یہ قطعی فیصلہ ہے (۷۸) اس سے پہلے

خلاصہ رکوع ۹ - اگر تعلق دنیوی اور اخروی سے بچنا چاہتے ہو تو منبع شفا و رحمت سے جرعہ نوشی کیا کرو ماخذ آیت ۸۲

قرآن حکیم پر ایمان نہ لانے والے گمراہوں کا ذکر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتیری کوشش کی کہ وہ قرآن پر ایمان لائیں خود تو ایمان لانا ایک طرف انہوں نے کوشش یہی کی کہ آپکو خدانخواستہ بہکادیں اب کہا جاتا ہے کہ وہ تو مانتے نہیں آپ اپنے تعلق باللہ کو صبح و شام درست کرتے رہیں (۷۹) آپ اپنے مدارج عالیہ کو بلند کرنے کیلئے امت سے زائد یک نماز بھی پڑھا کیجیے اور سی یاد الٰہی کی خصوصیت مزید کے باعث آپکو اللہ تعالے مقام محمود عطا فرمائیگا (۸۰) اور دعا کیجیے اے اللہ ہر مقام میں میرا داخل ہونا اور ہر جگہ سے میرا نکلنا عمدہ اور پسندیدہ ہو (۸۱) اور کفار اور مشرکین کو یہ اعلان سنا دیجیے۔ حق آچکا ہے۔ اب باطل اس کے مقابلہ میں ٹھہر نہیں سکے گا۔ (۸۲) اور منبع حق قرآن حکیم ہے جو اپنے ماننے والوں کے لیے شفا و رحمت ہے (۸۳) جب اللہ تعالیٰ سے ساتھ انسان کا تعلق درست نہیں رہتا تو وہ آرام پانے کی حالت میں اپنے مالک حقیقی کا شکر ادا نہیں کرتا اور جب اس پر مصیبت آتی ہے تو وہ ناامیدی کا شکار ہو جاتا ہے تعلق باللہ کی نادرستی کی حالت میں انسانوں کی کیفیت یہی ہوتی ہے (۸۴) جبکہ ہر شخص اپنی اپنی طبیعت کے مواقق کام کرتا جائے۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ کون شخص ہدایت پر ہے۔

تَحْوِيْلًا ۝۷۷ ع أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ

نہیں پاؤ گے ۔ آفتاب کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز پڑھا کرو

الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝۷۸

اور صبح کی نماز بھی ۔ بیشک صبح کی نماز میں مجمع ہوتا ہے

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى أَنْ يَّبْعَثَكَ

اور کسی وقت رات میں تہجد پڑھا کرو جو تیرے لیے زائد چیز ہے قریب ہے کہ تیرا رب

رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝۷۹ وَقُلْ رَّبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ

مقام محمود میں پہنچا دے ۔ اور کہہ اے میرے رب مجھے خوبی کے

صِدْقٍ وَّأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ

ساتھ پہنچا دے اور مجھے خوبی کے ساتھ نکال لے ۔ اور میرے لیے اپنی طرف

لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝۸۰ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ

سے غلبہ دے جس کے ساتھ نصرت ہو ۔ اور کہہ دو کہ حق آیا اور باطل مٹ

الْبَاطِلُ ؕ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝۸۱ وَنُنَزِّلُ مِنَ

گیا ۔ بیشک باطل مٹنے ہی والا تھا ۔ اور ہم قرآن میں

الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ

ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمانداروں کے حق میں شفا اور رحمت ہیں ۔ اور

الظّٰلِمِيْنَ إِلَّا خَسَارًا ۝۸۲ وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ

ظالموں کو اس سے اور زیادہ نقصان پہنچتا ہے ۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں

أَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ۝۸۳ قُلْ

تو منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو تہی کرتا ہے اور جب اُسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے ۔ کہہ دو

كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدٰى سَبِيْلًا ۝۸۴ ع

کہ ہر شخص اپنے طریقہ پر کام کرتا ہے پھر تمہارا رب خوب جانتا ہے کہ سب سے زیادہ ٹھیک راہ پر کون ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَ
اور یہ لوگ تجھ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں کہہ دو روح میرے رب کے حکم سے ہے اور
مَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا
تمہیں جو علم دیا گیا ہے وہ بہت ہی تھوڑا ہے اور اگر ہم چاہیں تو جو
لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ
کچھ ہم نے تیری طرف وحی کی ہے اُسے اُٹھالیں پھر تجھے اس کے لیے ہمارے مقابلہ میں
بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ
کوئی حمایتی نہ ملے مگر یہ صرف تیرے رب کی رحمت ہے بے شک
كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ
تجھ پر اس کی بڑی عنایت ہے کہہ دو اگر سب آدمی اور سب جن مل کر بھی
الْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ
ایسا قرآن لانا چاہیں تو ایسا نہیں لاسکتے اگرچہ
بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ وَلَقَدْ
ان میں سے ہر ایک دوسرے کا مددگار کیوں نہ ہو اور ہم نے
صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؗ فَاَبٰۤى
اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر ایک قسم کی مثال بھی کھول کر بیان کر دی ہے پھر بھی
اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى
اکثر لوگ انکار کیے بغیر نہ رہے اور کہا ہم تمہیں ہرگز نہ مانیں گے یہاں تک
تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ
کہ تو ہمارے لیے زمین سے کوئی چشمہ جاری کر دے یا تیرے لیے کھجور
جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ
اور انگور کا کوئی باغ ہو پھر تو اس باغ میں بہت سی

## ربط آیات

(۸۵) تعلیم قرآن حکیم سے فائدہ تو اُٹھاتے نہیں البتہ غیر متعلقہ سوالات

خلاصہ رکوع ۱۰۔ سوالات غیر متعلقہ سے احتراز لازمی ہے
ماخذ آیت ۸۵۔۔۹۰ تا ۹۳

کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں (۸۶) اگر ہم چاہیں تو اس قرآن حکیم کو اُٹھالیں (۸۷) مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت کا تقاضا ہے کہ یہ منبع شفا و رحمت کو دنیا سے اُٹھایا نہ جائے (۸۸) اے ناقدر شناسو ساری دنیا کے جن و انسان مل کر بھی ایسا پاکیزہ کلام نہیں بنا سکتے۔ (۸۹) ہم نے قرآن حکیم میں ہر چیز کو مختلف طریقوں سے واضح کیا ہے تاکہ یہ لوگ سمجھیں۔ لیکن سوائے نافرمانی کے اور انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا (۹۰ تا ۹۳)
دیکھیے صفحہ ۴۶۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خِلٰلَهَا تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ

نہریں جاری کر دے ۔ یا جیسا تو خیال کرتا ہے ہم پر کوئی آسمان کا ٹکڑا

عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾ أَوْ

گرا دے ۔ یا تو اللہ اور فرشتوں کو رو برو لے آ

يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ط

یا تیرے پاس کوئی سونے کا گھر ہو ۔ یا تو آسمان پر چڑھ جائے

وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا

اور ہم تو تیرے چڑھنے کا بھی یقین نہیں کریں گے یہاں تک کہ تو ہمارے پاس ایسی کتاب لائے

نَّقْرَؤُهٗ ط قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا

جسے ہم بھی پڑھ سکیں ۔ کہہ دو میرا رب پاک ہے ۔ میں تو فقط ایک بھیجا ہوا انسان

رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ ع وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَنْ يُّؤْمِنُوْٓا إِذْ جَآءَهُمُ

ہوں ۔ اور لوگوں کو ایمان لانے سے جب کہ ان کے پاس ہدایت آ گئی

الْهُدٰٓى إِلَّآ أَنْ قَالُوْٓا أَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾

صرف اسی چیز نے روکا ہے کہ کہنے لگے کیا اللہ نے آدمی کو رسول بنا کر بھیجا ہے

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُونَ

کہہ دو اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چلتے پھرتے ۔ ہوتے تو ہم

مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

آسمان سے ان پر ۔ فرشتہ ہی ۔ رسول بنا کر

رَّسُولًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَ

بھیجتے ۔ کہہ دو کہ اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی

بَيْنَكُمْ ط إِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾

ہے ۔ بیشک وہ اپنے بندوں سے خبردار دیکھنے والا ہے

## ربط آیات

(۹۰ تا ۹۲) یہ تو ان کا فیصلہ ہے کہ کسی صورت سے قرآن حکیم پر ایمان نہیں لائیں گے لیکن محض دفع الوقتی کے طور فضول بہانے بنا رہے ہیں تا کہ کسی طرح جان چھوٹ جائے۔ ان سے کہہ دیجئے اللہ تعالیٰ عجز سے پاک ہے اس لیے یہ نہیں ہو سکتا کہ جو تم مانگو وہ نہ لا سکے لیکن میں تو انسان ہوں۔ صرف خدا تعالیٰ کے احکام پہنچانا میرا فرض ہے تمہاری منہ مانگی اشیاء بنا کر دکھانا میری قدرت میں نہیں ہے (۹۴) قرآن پر ایمان نہ لانے کا یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ ایک انسان پہنچانے والا

ع ۱۱

خلاصہ رکوع ۱۱ ۔ غیر متعلقہ سوالات سے احتراز لازمی ہے ۔ ماخذ آیت ۹۴-۹۰

ہے (۹۵) اگر زمین پر فرشتے بستے تو ہم ان کی طرح فرشتہ رسول بنا کر بھیجتے۔ (۹۶) کیسے کر تم تو ایک غیر معقول عذر پیش کر کے میری رسالت اور قرآن کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہو آئندہ دیکھ لینا کہ اللہ تعالیٰ کس کی مدد کرتا ہے اگر میں سچا رسول ہوں تو میری تحریک اور میری جماعت کو دن دونی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائیگا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ
اور جسے اللہ راہ دکھا دے وہی راہ پانے والا ہے اور جسے گمراہ کر دے پھر تو
لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى
ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں پائے گا اور ہم انہیں قیامت کے دن
وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا
مونہوں کے بل اندھے گونگے بہرے کرکے اٹھائیں گے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جب
خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا
بجھنے لگے گی تو ان پر اور بھڑکا دینگے یہ ان کی سزا اس لیے ہے کہ انہوں نے ہماری
بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ
آیتوں کا انکار کیا اور کہا کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور چورا ہو جائیں گے تو پھر نئے سرے
خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
سے بنا کر اٹھائے جائیں گے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جس اللہ نے آسمانوں اور
وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ
زمین کو بنایا ہے وہ ان جیسے اور بھی بنا سکتا ہے اور اس نے ان کے لیے
اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ
ایک وقت مقرر کر رکھا ہے جس میں کوئی شک نہیں اس پر بھی ظالم انکار کیے بغیر نہ رہے کہہ دو اگر
اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ
میرے رب کی رحمت کے خزانے تمہارے ہاتھ میں ہوتے تو تم انہیں خرچ ہو جانے کے
الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۱ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى
ڈر سے بند ہی کر رکھتے اور انسان بڑا تنگ دل ہے اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو
تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ
نو کھلی نشانیاں دی تھیں پھر بنی اسرائیل سے بھی پوچھ لو جب موسیٰ ان کے پاس آئے

## ربط آیات

(۹۷) اصل بات یہ ہے کہ ہدایت اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے جسے چاہے عطا فرمائے (اور اس کے دینے کے کچھ اسباب بھی ہوتے ہیں)

(۹۸) کفار کا داخلہ جہنم آیات الٰہی سے انکار کا نتیجہ ہے۔ علاوہ اس کے دنیا میں جب اصلاح کا موقع تھا تو قیامت کو بعید از قیاس خیال کرتے تھے

(۹۹) بے سمجھ یہ خیال نہیں کرتے تھے کہ جس قادر مطلق نے پہلی دفعہ بن دیکھے جہان بنایا اس کے لیے دوبارہ بنانا کون سی مشکل بات ہے۔

(۱۰۰) تم لوگ اپنی جہالت کے باعث یہ خیال کرتے ہو کہ نہ تو کسی کو اللہ تعالیٰ نے عہدۂ رسالت دے سکتا ہے نہ کسی انسان پر قرآن نازل فرما سکتا ہے اور نہ مرنے کے بعد دوبارہ انسان کو پیدا کر سکتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر تمہارے قبضہ میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تقسیم ہوتی تو کسی کو ایک کوڑی بھی نہ ملتی تاکہ خزانے ختم نہ ہو جائیں۔

خلاصہ رکوع ۱۲ ۔ دعوت حقہ پر پھبتیاں کسنے والوں کے اوصاف۔
ماخذ آیت ۱۰۰ تا ۱۰۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ لَهُ فِرْعَوْنُ إِنِّي لَأَظُنُّكَ يَا مُوسَىٰ مَسْحُورًا ﴿١٠١﴾ قَالَ
تو فرعون نے اسے کہا اے موسیٰ میں تو تجھے جادو کیا ہوا خیال کرتا ہوں کہا یہ تو

لَقَدْ عَلِمْتَ مَا أَنزَلَ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
تجھے معلوم ہے کہ یہ آسمانوں اور زمین کے مالک ہی نے لوگوں کو سوجھانے کے لیے نازل

بَصَائِرَ وَإِنِّي لَأَظُنُّكَ يَا فِرْعَوْنُ مَثْبُورًا ﴿١٠٢﴾ فَأَرَادَ أَن
کی ہیں اور بیشک میں تجھے اے فرعون ہلاک کیا ہوا خیال کرتا ہوں پھر اس نے ارادہ

يَسْتَفِزَّهُم مِّنَ الْأَرْضِ فَأَغْرَقْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ جَمِيعًا ﴿١٠٣﴾
کیا کہ انہیں اس زمین سے نکال دے تب ہم نے اسے اور اس کے سب ساتھیوں کو غرق کر دیا

وَقُلْنَا مِن بَعْدِهِ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ اسْكُنُوا الْأَرْضَ
اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا کہ تم اس زمین میں آباد رہو

فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا ﴿١٠٤﴾ وَبِالْحَقِّ
پھر جب آخرت کا وعدہ آئیگا ہم تمہیں سمیٹ کر لے آئیں گے اور ہم نے اس

أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿١٠٥﴾
قرآن کو سچائی سے نازل کیا اور وہ سچائی کے ساتھ ہی نازل ہوا اور ہم نے تجھے صرف خوشی سنانیوالا اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے

وَقُرْآنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلَىٰ مُكْثٍ وَنَزَّلْنَاهُ
اور ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا تاکہ تو مہلت کے ساتھ اسے لوگوں کو پڑھ کر سنائے اور ہم نے

تَنزِيلًا ﴿١٠٦﴾ قُلْ آمِنُوا بِهِ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا
اسے آہستہ آہستہ اتارا ہے کہہ دو تم اسے مانو یا نہ مانو بیشک وہ لوگ جنہیں اس سے پہلے

الْعِلْمَ مِن قَبْلِهِ إِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ
علم دیا گیا ہے جب ان پر پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں پر سجدہ میں گرتے

سُجَّدًا ﴿١٠٧﴾ وَيَقُولُونَ سُبْحَانَ رَبِّنَا إِن كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا
ہیں اور کہتے ہیں ہمارا رب پاک ہے بے شک ہمارے رب کا وعدہ

## ربط آیات

(۱۰۱) مخالفین قرآن کے لیے تذکیر یا یاد دہانی ہے کہ اسی طرح پہلے فرعون نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے پیش کردہ معجزات کی مخالفت کی تو اس کا کیا حشر ہوا۔ سمندر میں غرق کیا گیا۔ اسی طرح تم بھی اپنے نبی اور اس کی پیش کردہ کتاب کی مخالفت کر رہے ہو۔ یاد رکھو۔ تم بھی فرعون کی طرح تباہ کئے جاؤ گے (۱۰۲) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ نشانیاں رب کی دی ہوئی ہیں اے فرعون تمہاری ہلاکت کے آثار دکھائی دیتے ہیں (۱۰۳) فرعون نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کی جماعت کو تباہ کرنا چاہا! اور خود تباہ ہو گیا (۱۰۴) اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو ساری ارض مقدس کا وارث بنایا! (۱۰۵) یاد رکھو ہم نے قرآن حکیم کو تمام ضروریات کے مناسب نازل فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبشر اور نذیر بنایا ہے لہذا جو ان کی مخالفت کریگا۔ اس کا حشر فرعون جیسا ہوگا۔
(۱۰۶) اور آہستہ آہستہ قرآن کو اس لیے نازل فرمایا ہے تاکہ لوگ تھوڑا تھوڑا آسانی سے سمجھتے جائیں۔
(۱۰۷) مخالفین قدر کریں یا نہ کریں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اہل کتاب میں سے اس کے قدر شناس بھی موجود ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۱۰۸) وہ کہتے ہیں۔ نبی آخر الزمان یا نزول قرآن کی جو پیشین گوئی تھی آخر وہ پوری ہونے والی تھی اور ہوئی (۱۰۹) قرآن کی تعلیم سے متاثر ہو کر روتے ہیں (۱۱۰) خدائے قدوس وحدہ لاشریک لہ کو بعض اوقات ذاتی اور بعض اوقات صفاتی نام سے ہم پکارتے ہیں اس سے مشرکین یہ خیال نہ کریں کہ ہمارے معبود کئی ہیں۔ عباراتنا شتٰی وحسنک واحد کا مضمون ہے (۱۱۱) خدا تعالیٰ کا نہ کوئی ولد اور نہ کوئی شریک فی الملک ہے اور نہ کوئی اس کا مددگار ہے وہ سب سے بے پرواہ اور بڑائی کرنا اسی کے شایان شان ہے۔ اللہ اکبر کبیرا۔

سورۃ الکھف (خلاصہ سورۃ) تمہید کے بعد انسان کی چار قسم کی زندگی کی تفصیل ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ ہر شعبۂ زندگی میں تعلق باللہ درست ہونے پر اصلی عزت اور پوری راحت نصیب ہوتی ہے۔ (اقسام زندگی)

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ (۱) تمہید (۲) اصحاب الکہف کا کہف میں چھپنا (۳) اور اٹھنا ماخذ (۱) آیت ۱ (۲) آیت ۱۰ (۳) آیت ۱۲ - |

(۱) ادنیٰ درجہ کا دیندار (مثال) اصحاب کہف رکوع ۱ سے ۴ تک (۲) ادنیٰ درجہ کا دنیادار (مثال) اصحاب الجنتین رکوع ۵ سے ۸ تک (۳) اعلیٰ درجہ کا دیندار (مثال) موسیٰ علیہ السلام رکوع ۹ سے ۱۰ تک (۴) اعلیٰ درجہ کا دنیادار (مثال) ذوالقرنین رکوع ۱۱ سے ۱۲ تک۔ (۱) اس قرآن میں کوئی کجی نہیں ہے جس کی درستی کی کبھی ضرورت پیش آئے۔

لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ

ہو کر رہے گا اور ٹھوڑیوں پر روتے ہوئے گرتے ہیں اور اس سے ان میں عاجزی زیادہ کر دیتا

خُشُوْعًا ۩ السجدۃ ﴿۱۰۹﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا

ہے کہہ دو اللہ کہہ کر یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے پکارو

تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَ

سب اسی کے عمدہ نام ہیں اور اپنی نماز میں نہ چلا کر پڑھ اور

لَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ

نہ بالکل ہی آہستہ پڑھ اور اس کے درمیان راستہ اختیار کر اور کہہ دو سب

لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ کوئی اس کا سلطنت میں شریک

۱۲ ع ۱۱ ۱۲ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع

ہے اور نہ کوئی کمزوری کی وجہ سے اس کا مددگار ہے اور اس کی بڑائی بیان کرتے رہو

### اٰیاتھا ۱۱۰ (۱۸) سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ (۶۹) رکوعاتھا ۱۲

سورہ کہف مکے میں اتری اس میں ایک سو دس ۱۱۰ آیتیں اور بارہ ۱۲ رکوع ہیں

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندہ پر کتاب اتاری اور

يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾ سکتۃ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا

اس میں ذرا بھی کجی نہیں رکھی ٹھیک اتاری تاکہ اس سخت عذاب سے ڈراوے

مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

جو اس کے ہاں ہے اور ایمان داروں کو خوشخبری دے جو اچھے کام



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝۲ مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ
کرتے ہیں کہ ان کے لیے اچھا بدلہ ہے جس میں وہ ہمیشہ

اَبَدًا ۝۳ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝۴
رہیں گے اور انہیں بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً
ان کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں ہے اور نہ ان کے باپ دادا کے پاس بڑی کیسی

تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝۵
سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے وہ لوگ بالکل جھوٹ کہتے ہیں

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا
پھر شاید تو ان کے پیچھے افسوس سے اپنی جان ہلاک کر دیگا اگر یہ لوگ اس

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ
بات پر ایمان نہ لائے جو کچھ زمین پر ہے بیشک ہم نے اسے زمین

زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا
کی زینت بنا دیا ہے تاکہ ہم انہیں آزمائیں کہ ان میں کون اچھے کام کرتا ہے اور جو کچھ

لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ؕ ۝۸ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ
اس پر ہے بیشک ہم سب کو چٹیل میدان کر دیں گے کیا تم خیال کرتے ہو کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹
غار اور کتبہ والے ہماری نشانیوں والے عجیب چیز تھے

اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا
جب کہ چند جوان اس غار میں آ بیٹھے پھر کہا اے ہمارے رب ہم پر

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰
اپنی طرف سے رحمت نازل فرما اور ہمارے اس کام کے لیے کامیابی کا سامان کر دے

## ربط آیات

(۲) یہ کتاب اس لیے نازل ہوئی ہے کہ قیامت کے سخت عذاب سے ڈرائے اور نیکوکاروں کو جزائے خیر کی خوش خبری عطا فرمائے (۳) اس جزائے خیر سے کبھی محروم نہیں ہونگے (۴) تاکہ یہ کتاب خدا تعالیٰ کے لیے بیٹا ثابت کرنے والوں کو عذاب الٰہی سے ڈرائے (۵) اس باطل عقیدے کا ان کے پاس کوئی ثبوت نہیں ایسے ہی جھوٹ کہہ رہے ہیں (۶) ان لوگوں کے ہدایت یافتہ نہ ہونے پر آپ اتنے رنجیدہ خاطر ہیں کہ مبادا نصیب دشمناں، جان ہلاک کرلیں (۷) بعض آدمی دنیا کی زیب و زینت میں پھنس کر قرآن حکیم کی صداقت اور مسئلہ توحید پر غور نہیں کرتے یہی تو امتحان تھا کہ آیا زینت دنیا میں پھنس کر رہ جاتے ہیں یا سب سے تعلق توڑ کر مولا سے لو لگاتے ہیں (۸) حالانکہ یہ سب چیزیں فانی ہیں لہٰذا فانی سے محبت کی لو لگانے والا خائب و خاسر ہوگا (۹) دیکھیے اصحاب کہف کا قصہ اسی لیے پیش کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ذات باقی سے محبت کی لو لگائی۔ آج تک ان کا نام روشن ہے اور ابد الآباد تک رہے گا (۱۰) محض اللہ تعالیٰ سے رحمت کے طالب ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ

پھر ہم نے کئی سال تک غار میں ان کے کان بند کر دیے پھر

بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ ع ۲/۱۴

ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ معلوم کریں کہ دونوں جماعتوں میں سے کس نے یاد رکھی ہے جتنی مدت وہ رہے

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

ہم تمہیں ان کا صحیح حال سناتے ہیں بیشک وہ کئی جوان تھے جو اپنے

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا

رب پر ایمان لائے اور ہم نے انہیں اور زیادہ ہدایت دی اور ہم نے ان کے دل مضبوط کر دیے

فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ

جب وہ یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے کہ ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا

دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا

کسی معبود کو ہرگز نہ پکاریں گے ورنہ ہم نے بڑی ہی بیجا بات کہی یہ ہماری قوم ہے انہوں

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ

نے اللہ کے سوا اور معبود بنا لیے ہیں ان پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے

بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ ؕ وَاِذِ

پھر اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور جب

اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ

تم ان سے الگ ہو گئے ہو اور اللہ کے سوا جنہیں وہ معبود بناتے ہیں تب غار میں چل کر پناہ

يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ

لو تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے لیے تمہارے اس کام میں آرام کا

مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ

سامان کر دیگا اور تو سورج کو دیکھے گا جب وہ نکلتا ہے تو ان کی غار کے دائیں طرف سے

## ربط آیات

خلاصہ رکوع ۲ - اصحاب الکہف کے چھپنے کا سبب توحید پرستی تھی - ماخذ آیت ۱۶

(۱۱) اللہ تعالیٰ نے انہیں تین سو نو سال غار میں سلایا (۱۲) لوگوں کی عبرت کے لیے تاکہ بعث بعد الموت کا نمونہ انہیں دکھائیں پھر انہیں اٹھایا (۱۳) ان کے متعلق صحیح واقعہ یہ ہے کہ یہ ایمانداروں کی جماعت تھی (۱۴) ہم نے مصیبتیں ان کے دل کو مضبوط رکھا اور وہ عقیدہ توحید پر پختہ رہے (۱۵) اپنی قوم کے عقائد شرک کو محض جھوٹ خیال کرتے تھے (۱۶) ان مشرکین سے قطع تعلق کر کے اس غار میں چل بسو - اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اس معاملہ یعنی دین میں آسانی پیدا کر دیگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ اِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَ
ہٹا ہوا رہتا ہے اور جب ڈوبتا ہے تو ان کے بائیں طرف سے کتراتا ہوا گزر جاتا
هُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ
ہے اور وہ اس کے میدان میں ہیں یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے جسے اللہ ہدایت دے
فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَ مَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۱۷ ع
وہی ہدایت پانیوالا ہے اور جسے وہ گمراہ کردے پھر اس کیلئے تمہیں کوئی بھی کارساز راہ پرلانیوالا نہیں ملیگا
وَ تَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّ هُمْ رُقُوْدٌ ۖۗ وَّ نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ
اور تو انہیں جاگتا ہوا خیال کریگا حالانکہ وہ سو رہے ہیں اور ہم انہیں دائیں بائیں پلٹتے
وَ ذَاتَ الشِّمَالِ ۖۗ وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ
رہتے ہیں اور ان کا کتا چوکھٹ کی جگہ اپنے دونوں بازو پھیلائے بیٹھا ہے
لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ لَمُلِئْتَ
اگر تم انہیں جھانک کر دیکھو تو اُلٹے پاؤں بھاگ کھڑے ہو اور البتہ تم پر ان کی دہشت
مِنْهُمْ رُعْبًا ۱۸ وَ كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ
چھا جائے اور اسی طرح ہم نے انہیں جگا دیا تاکہ ایک دوسرے سے پوچھیں
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ
ان میں سے ایک نے کہا تم کتنی دیر ٹھہرے ہو انہوں نے کہا ہم ایک دن یا دن سے کم
يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ
ٹھہرے ہیں کہا تمہارا رب خوب جانتا ہے جتنی دیر تم ٹھہرے ہو اب اپنے میں سے ایک کو یہ
هٰذِهٖۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَاۤ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ
اپنا روپیہ دے کر اس شہر میں بھیجو پھر دیکھے کون سا کھانا ستھرا ہے پھر تمہارے پاس اس
بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَ لْيَتَلَطَّفْ وَ لَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۱۹
میں سے کھانا لائے اور نرمی سے جائے اور تمہارے متعلق کسی کو نہ بتائے

منزل ۴

## ربط آیات

(۱۷) خدا پرستی کی برکت سے اللہ نے انہیں ہر مصیبت سے بچا لیا یہاں تک کہ اس محبوب حقیقی کی محبت گوارا نہیں کرتی کہ اس کے دوستوں کو سورج کی گرمی بھی ستائے

ع ۲ ۵ ۱۴

خلاصہ رکوع ۳ (۱) اُٹھنے کے بعد ایک کو خرید طعام کے لیے بھیجنا (۲) لوگوں کو اطلاع پانا کہ اس پر قیاس کر کے قیامت کے قائل ہوں ماخذ (۱) آیت ۱۹ (۲) آیت ۲۱ -

جسے اللہ تعالیٰ اپنے دروازہ پر بلائے وہ ایسا پکا ہو جاتا ہے۔ جسے وہ نہ بلائے وہ کس طرح آئے اور اُسے کوئی دوسرا کس طرح لائے

(۱۸) اللہ تعالیٰ نے اپنے ان دوستوں کو اتنا بارعب بنایا ہے کہ کوئی ان کو دیکھنے کی جرأت نہیں کرسکتا۔ یہ شرف بھی جذبۂ توحید ہی کی برکت ہے

(۱۹) تین سو نو برس سو کر اُٹھے ہیں اور خود انہیں پتہ نہیں تھا کہ کتنا عرصہ سوئے ہیں (اللہ تعالیٰ ہمیں بھی جذبۂ توحید سے یہ مستی عطا فرمائے) آمین

نصف القرآن باعتبار الحروف بعد الکاف بانّ آنیٰ اتیا اہلہا والاول من النصف الاول والتاء من النصف الاخیر (۱۲)

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي

بیشک وہ لوگ اگر تمہاری اطلاع پا ئیں گے تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا اپنے دین میں

مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

لوٹا لیں گے پھر تم کبھی فلاح نہیں پا سکو گے اور اسی طرح ہم نے ان کی خبر ظاہر کر دی

لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا

تا کہ لوگ سمجھ لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کوئی شک نہیں

إِذْ يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا

جبکہ لوگ ان کے معاملہ میں جھگڑ رہے تھے پھر کہا ان پر ایک عمارت بنا دو

رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ

ان کا رب ان کا حال خوب جانتا ہے ان لوگوں نے کہا جو اپنے معاملہ میں غالب آگئے

لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ

تھے کہ ہم ان پر ضرور ایک مسجد بنائیں گے بعض کہیں گے تین ہیں چوتھا ان کا

كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ

کتا ہے اور بعض اٹکل پچو سے کہیں گے پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا ہے

وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم

اور بعض کہیں گے سات ہیں آٹھواں ان کا کتا ہے کہہ دو ان کی گنتی میرا رب ہی خوب

مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا

جانتا ہے ان کا اصلی حال تو بہت کم لوگ جانتے ہیں سو تو ان کے بارے میں سرسری گفتگو کے سوا

وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ

جھگڑا نہ کر اور ان میں سے کسی سے بھی ان کا حال دریافت نہ کر اور کسی چیز کے متعلق یہ ہرگز نہ

إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ وَاذْكُر

کہو کہ میں کل اسے کر ہی دوں گا مگر یہ کہ اللہ چاہے اور اپنے

**ربط آیات**

(۲۰) اگر شہر والوں نے اطلاع پائی تو تمہیں مشرک بنانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھیں گے (۲۱) اس طریقہ سے ہم نے لوگوں کو ان پر مطلع کیا تا کہ بعث بعد الموت کا مسئلہ صاف ہو جائے۔ اطلاع کے بعد لوگوں کا آپس میں جھگڑا ہوا۔ آخر یہ طے پایا کہ غار کے باہر ایک مسجد بنا دی جائے (۲۲) ان کے رعب کے باعث کوئی جگہ وہاں دیکھ نہیں سکتا اور نہ شمار کر سکتا ہے۔ اس لیے ان کی صحیح تعداد عام آدمیوں کو معلوم نہیں ہو سکتی (۲۳-۲۴) جذبہ توحید پر اس قدر پختہ ہونا

ع ۳ / ۱۵

خلاصہ رکوع ۳۔ غار میں سو کر اٹھنے کی میعاد تین سو نو سال تھی۔ ماخذ آیت ۲۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ
رب کو یاد کرلے جب بھول جائے اور کہہ دو امید ہے کہ میرا رب مجھے اس سے

مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۲۴ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ
بھی بہتر راستہ دکھائے اور وہ اپنے غار میں تین سو سے زائد

مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۲۵ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا
نو برس رہے کہہ دو اللہ بہتر جانتا ہے

لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَ
کہ کتنی مدت رہے تمام آسمانوں اور زمین کا علم غیب اسی کو ہے کیا عجیب دیکھتا اور

اَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۫ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ
سنتا ہے ان کا اللہ کے سوا کوئی بھی مددگار نہیں اور نہ ہی وہ اپنے حکم میں کسی

حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ۲۶ وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ
کو شریک کرتا ہے اور اپنے رب کی کتاب سے جو تیری طرف وحی کی گئی ہے

رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ
پڑھا کر اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں ہے اور تو اس کے سوا کوئی پناہ کی

مُلْتَحَدًا ۲۷ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ
جگہ نہیں پائیگا تو ان لوگوں کی صحبت میں رہ جو صبح اور شام اپنے رب کو

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ
پکارتے ہیں اسی کی رضامندی چاہتے ہیں اور تو اپنی آنکھوں کو

عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا
ان سے نہ ہٹا کہ تو دنیا کی زندگی کی زینت تلاش کرنے لگ جائے اور اس شخص کا کہنا نہ مان جسکے

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۲۸
دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور اپنی خواہش کے تابع ہو گیا ہے اور اسکا معاملہ حد سے گزرا ہوا ہے

الثلثة

## ربط آیات

چاہیے کہ اپنا ارادہ نظر ہی نہ آئے۔ فقط ارادہ الٰہی کو کارفرما سمجھا جائے۔ (۲۵) اصحاب کہف غار میں تین سو نو سال رہے اور پھر بیدار ہوئے تھے۔ (۲۶) اس کا علم فقط اللہ تعالیٰ کو تھا کہ مغرور ہو کر کس وقت غار میں چھپے اور کوئی نہیں جانتا تھا (۲۷) اے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کتاب اللہ کو پڑھا کیجئے اور اس کے فیصلوں کو قطعی خیال کیجئے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی جائے پناہ نہیں ہے (۲۸) اپنی نشست و برخاست فقط اللہ والوں کے ساتھ رکھیے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ
اور کہہ دو یہی بات تمہارے رب کی طرف سے ہے پھر جو چاہے مان لے اور جو چاہے
شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ
انکار کر دے بے شک ہم نے ظالموں کے لیے آگ تیار کر رکھی ہے انہیں
بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ
اس کی قناتیں گھیر لیں گی اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے فریاد رسی کیے
كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَآءَتْ
جائیں گے جو تانبے کی طرح پگھلا ہوا ہوگا مونہوں کو جھلس دیگا کیا ہی برا پانی ہوگا اور کیا ہی
مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
بری آرامگاہ ہوگی بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے ہم بھی اس کا اجر
اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ ج اُولٰٓئِكَ
ضائع نہیں کریں گے جس نے اچھے کام کیے وہی لوگ
لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ
ہیں جن کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی انہیں
فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا
وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور باریک اور موٹے ریشم کا
خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا
سبز لباس پہنیں گے وہاں تختوں پر تکیے لگانے والے
عَلَى الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع
ہوں گے کیا ہی اچھا بدلہ ہے اور کیا ہی اچھی آرامگاہ ہے
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ
اور انہیں دو شخصوں کی مثال سنا دو ان دونوں میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے

ع ۵ ۱۶

## ربط آیات

(۲۹) اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحیح فیصلہ یہی ہے جس کا جی چاہے مانے اور جس کا جی چاہے نہ مانے۔ نہ ماننے والوں کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا (۳۰) اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار کا اجر ضائع نہیں ہوگا (۳۱) اللہ والوں کو بہ جزائے خیر ملے گی۔

خلاصہ رکوع ۵ (۱) ایک توحید پرست کا دو باغوں والے مشرک ساتھی کو تبلیغ کرنا۔
(۲) باغ کی تباہی کے بعد مشرک کی مذمت۔
ماخذ آیت (۱) ۳۷، ۳۸
(۲) آیت ۴۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ ﴿۳۲﴾

دو باغ تیار کیے اور انکے گرداگرد کھجوریں لگائیں اور ان دونوں کے درمیان کھیتی بھی لگا رکھی تھی

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا ۙ

دونوں باغ اپنا پھل لاتے ہیں اور پھل لانے میں کچھ کمی نہیں کرتے اور ان دونوں کے درمیان

وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ

ہم نے ایک نہر بھی جاری کر دی ہے اور اسے پھل مل گیا پھر اس نے

لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ

اپنے ساتھی سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ میں تجھ سے مال میں بھی زیادہ ہوں اور جماعت کے

نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ

لحاظ سے بھی زیادہ معزز ہوں اور اپنے باغ میں داخل ہوا ایسے حال میں کہ وہ اپنی جان پر ظلم

اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ۙ ﴿۳۵﴾ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ

کرنیوالا تھا کہا میں نہیں خیال کرتا کہ یہ باغ کبھی برباد ہوگا اور میں قیامت کو ہونے والی خیال

قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ

نہیں کرتا اور البتہ اگر میں اپنے رب کے ہاں لوٹایا بھی گیا تو

خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ

اس سے بھی بہتر جگہ پاؤں گا اسے اس کے ساتھی نے گفتگو کے

هُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ

دوران میں کہا کیا تو اس کا منکر ہو گیا ہے جس نے تجھے مٹی سے پھر

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ؕ ﴿۳۷﴾

نطفہ سے بنایا پھر تجھے پورا آدمی بنا دیا

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿۳۸﴾

لیکن میرا تو اللہ ہی رب ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کروں گا

## ربط آیات

(۳۲) دو آدمیوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ ایک توحید پرست اور دوسرا مشرک۔ مشرک کے دو بہترین باغ ہیں (۳۳) دونوں باغ پھل دینے والے اور ان میں نہریں جاری ہیں (۳۴) علاوہ دو باغوں کے اور بھی ہر قسم کا مال (مثلاً سونا۔ چاندی۔ حیوانات) اللہ تعالیٰ نے اُسے دیا تھا اور وہ اس پر بڑا مغرور تھا (ثمر انواع المال۔ کمافی الفاظ روح المعانی) (۳۵) باغ میں گیا اور کہنے لگا یہ کبھی فنا نہیں ہو سکتا (۳۶) میرے خیال میں تو قیامت کبھی نہیں آئے گی اور اگر بالفرض آئے گی تو مجھے اپنے رب کے ہاں اس سے بہتر باغ ملیگا (۳۷) اس مشرک کے مومن ہمنشین نے اُسے نصیحت کی کہ جس خدا تعالیٰ نے تمہیں مٹی سے نطفہ بنا کر انسان بنایا۔ اُس کی قدرت کو انکار کرتے ہو کہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ نہیں کرسکتا یا کفر سے مراد یہاں شرک ہے۔ چنانچہ دوسری آیت اس مضمون کی تائید کرتی ہے (۳۸) لیکن میرا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ میرا رب ہے۔ میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ
اور جب تو اپنے باغ میں آیا تھا تو تو نے کیوں نہ کہا جو اللہ چاہے تو ہوتا ہے اور
اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾
اللہ کی مدد کے سوا کوئی طاقت نہیں اگر تو مجھے دیکھتا ہے کہ میں تجھ سے مال اور اولاد میں کم ہوں
فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ
پھر امید ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے اور اس پر لو کا ایک جھونکا
عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾
آسمان سے بھیج دے پھر وہ چٹیل میدان ہو جائے
اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾
یا اس کا پانی خشک ہو جائے پھر تو اسے ہرگز تلاش کر کے نہ لا سکے گا
وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ
اور اس کا پھل سمیٹ لیا گیا پھر وہ اپنے ہاتھ ہی ملتا رہ گیا اس پر جو اس نے
فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ
اس باغ میں خرچ کیا تھا اور وہ اپنی چھتریوں پر گرا پڑا تھا اور کہا کاش میں اپنے
اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ
رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا اور اس کی کوئی جماعت نہ تھی جو اللہ کے سوا اس
دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ
کی مدد کرتے اور نہ وہ خود ہی بدلہ لے سکا یہاں سب اختیار اللہ سچے ہی کا
الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ
ہے اسی کا انعام بہتر ہے اور اسی کا دیا ہوا بدلہ اچھا ہے اور ان سے دنیا کی زندگی
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ
کی مثال بیان کرو مثل ایک پانی کے ہے جسے ہم نے آسمان سے برسایا پھر زمین

ع ۶
۱۷

## ربط آیات

(۳۹) تمہیں باغ میں داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانا چاہیے تھا (۴۰) ہرگز بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ تیرے باغ پر عذاب بھیج کر اسے بالکل تباہ کردے اور مجھے تیرے باغ سے بھی بہتر عطا فرما دے (۴۱) یا اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا پانی خشک ہو جائے (۴۲) اس کا باغ اور سارا مال تباہ ہو گیا، بیچ کو دست حسرت مل کر کہتا تھا کاش میں اپنے خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا تو یہ عذاب مجھ پر نازل نہ ہوتا (۴۳) کوئی جماعت اس کی مدد نہ کرسکی (۴۴) اور مدد کہاں سے آتی۔ مدد تو ساری اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں تھی (نتیجہ یہ نکلا کہ اس شخص نے شرک کے باعث اپنا سب کچھ برباد کیا)

خلاصہ رکوع ۶ - تمثیہ مضمون سابق اعمال صالحہ کے مقابلہ میں متاع دنیا کی بے حقیقی۔
ماخذ آیت ۴۵ - ۴۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِیْمًا تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ ؕ وَ
گی روئیدگی پانی کے ساتھ مل گئی پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گئی کہ اسے ہوائیں اڑاتی پھرتی

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَ الْبَنُوْنَ
ہیں اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے ۔ مال اور اولاد تو دنیا

زِیْنَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَ الْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ
کی زندگی کی رونق ہیں ۔ اور تیرے رب کے ہاں باقی رہنے والی نیکیاں ثواب

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَیْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَ یَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ وَ تَرَى
اور آخرت کی امید کے لحاظ سے بہتر ہیں ۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور

الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ ۚ
تو زمین کو صاف میدان دیکھے گا اور سب کو جمع کریں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے

وَ عُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا
اور سب تیرے رب کے سامنے صف باندھ کر پیش کئے جائیں گے البتہ تحقیق تم ہمارے پاس

خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ
آئے ہو جیسا ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا بلکہ تم نے خیال کیا تھا کہ ہم تمہارے لیے کوئی وعدہ

مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِیْنَ مُشْفِقِیْنَ
مقرر نہ کریں گے ۔ اور اعمالنامہ رکھ دیا جائے گا پھر تو مجرموں کو دیکھے گا اس چیز

مِمَّا فِیْهِ وَ یَقُوْلُوْنَ یٰوَیْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا
سے ڈرنے والے ہوں گے جو اس میں ہے اور کہیں گے افسوس ہم پر یہ کیسا اعمالنامہ ہے کہ یہ

یُغَادِرُ صَغِیْرَةً وَّ لَا كَبِیْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَ
نہ کوئی چھوٹی یا بڑی بات نہیں چھوڑی مگر سب کو محفوظ کیا ہوا ہے ۔ اور

وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَ لَا یَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع ۶/۱۸
جو کچھ انہوں نے کیا تھا سب کو موجود پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا

## ربط آیات

(۴۵) ساز و سامان دنیا کی یہ مثال ہے پہلے چہل پہل اخیر میں فنا (۴۶) مال اور اولاد سب فنا ہونے والے ہیں ۔ اعمال صالحہ اللہ تعالیٰ کے ہاں محفوظ رہیں گے ۔ ان سے انسان نفع پائے گا ۔ (۴۷) اعمال صالحہ کی خوبی کا پتہ انہیں اس دن لگیگا جس دن ہر ایک کو ہم اپنے سامنے بلائیں گے ۔ (۴۸) صف بستہ انہیں اللہ تعالیٰ کے رُوبرو کھڑا کیا جائیگا (۴۹) اور انکا اعمالنامہ سامنے دیا جائیگا مجرم اپنے نامۂ اعمال کو دیکھ کر ڈرتے ہوں گے اور تعجب سے کہیں گے کہ اس اعمالنامے میں بھلا ہر چھوٹا بڑا کام لکھا ہوا ہے اپنے تمام اعمال حاضر پائیں گے ۔ اللہ تعالیٰ کسی پر ظلم نہیں کریگا لیکن ان زر پرستوں، دنیا کی زندگی کو محبوب سمجھنے والوں اور آخرت بھلانے والوں کے لیے ان کی بداعمالی سرچشمہ مصائب بن جائے گی اور انہیں نجات کا کوئی چارہ کار نظر نہیں آئیگا ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

> خلاصہ رکوع ، تعلق باللہ توڑنے والے مشرک اپنے دشمن شیطان کے ساتھ رشتہ جوڑ رہے ہیں۔ ماخذ آیت ۔۔ ۵۰

## ربط آیات

(۵۰) اے دنیا کو دوست رکھنے والو کیا تم اللہ تعالیٰ سے تعلق توڑ کر اپنے دشمن شیطان کو دوست بنانا چاہتے ہو۔ یہ بدلہ بہت ہی بُرا ہے (۵۱) زمین و آسمان کے بنانے میں اللہ تعالیٰ نے ان شیطانوں کو شریک تھوڑا ہی کیا تھا (۵۲) قیامت کے دن اللہ تعالیٰ مشرکوں سے فرمائیگا میرے لیے جو شریک تم نے بنائے تھے انہیں بلاؤ وہ ہر طرف آوازیں دیں گے لیکن کہیں سے جواب نہیں پائیں گے (۵۳) اور ان مشرکوں کے سامنے آگ ہوگی جس میں جا گریں گے اور کسی صورت سے بچ نہیں سکیں گے۔ (۵۴) ہم نے تو اس قرآن میں انسان کے لیے ہر ایک ضروری چیز کو مختلف طریقوں سے بیان کر دیا ہے لیکن انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے۔

> خلاصہ رکوع ۸ ۔ رب کے بلاوے پر بھی جو شخص اس کے ساتھ تعلق نہ جوڑے اس سے بڑھ کر اور کون بدنصیب ہے ماخذ آیت ۵۷

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا آدم کو سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا

كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

وہ جنوں میں سے تھا سو اپنے رب کے حکم کی نافرمانی کی پھر کیا تم مجھے چھوڑ کر اسے

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ

اور اس کی اولاد کو کارساز بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں بے انصافوں کو

لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَ

بُرا بدلہ ملا نہ تو آسمان اور زمین کے بناتے وقت اور

الْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ

نہ انہیں بناتے وقت میں نے انہیں بُلایا اور میں گمراہ کرنے والوں کو اپنا مددگار

عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

بنانے والا نہ تھا اور جس دن فرمائے گا میرے شریکوں کو پکارو جنہیں تم مانتے تھے

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾

پھر وہ انہیں پکاریں گے سو وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور ہم نے ان کے درمیان ہلاکت کی جگہ بنا دی ہے

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا

اور گنہگار آگ کو دیکھیں گے اور سمجھیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور اس سے بچنے کی

عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ ع ۷ ۱۹

کوئی راہ نہ پائیں گے اور البتہ تحقیق ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر ایک مثال

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾

کو کئی طرح سے بیان کیا ہے اور انسان بڑا ہی جھگڑالو ہے

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَ

اور جب ان کے پاس ہدایت آئی تو انہیں ایمان لانے اور اپنے رب سے معافی مانگنے سے کوئی چیز مانع



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ

نہیں ہوئی سوائے اس کے کہ انہیں پہلی امتوں کا سا معاملہ پیش آئے یا

الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ

عذاب انکے سامنے آجائے اور ہم رسولوں کو صرف خوشخبری دینے اور ڈرانے

وَمُنذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ

والا بنا کر بھیجتے ہیں اور کافر ناحق جھگڑا کرتے ہیں تا کہ اس سے

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا هُزُوًا ﴿٥٦﴾

سچی بات کو ٹلا دیں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس سے انہیں ڈرایا گیا ہے مذاق بنالیا ہے

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَ

اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جائے پھر ان سے منہ پھیرلے

نَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

اور جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے بھول جائے بیشک ہم نے ان کے دلوں پر پردے

أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى

ڈال دیے ہیں کہ اسے نہ سمجھیں اور انکے کانوں میں گرانی ہے اور اگر تو انہیں ہدایت کی طرف

الْهُدَىٰ فَلَن يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو

بلائے تو بھی وہ ہرگز کبھی راہ پر نہ آئیں گے اور تیرا رب بڑا بخشنے والا

الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ

رحمت والا ہے اگر ان کے کیے پر انہیں پکڑنا چاہتا تو فوراً ہی عذاب بھیج دیتا

بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ

بلکہ ان کے لیے ایک میعاد مقرر ہے اس کے سوا کوئی پناہ کی جگہ نہیں پائیں گے اور یہ بستیاں

الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ ع ۸

ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کیا جب انہوں نے ظلم کیا تھا اور ہم نے ان کی ہلاکت کا بھی ایک وقت مقرر کیا تھا

## ربط آیات

(۵۵) یہ لوگ ہدایت پہنچنے کے باوجود ایمان نہیں لاتے معلوم ہوتا ہے یہ پہلے لوگوں کی طرح عذاب کے خواہاں ہیں (۵۶) انبیاء علیہم السلام کو ہدایت دے کر انذار و تبشیر ہی کے لیے بھیجا جاتا ہے لیکن کافر باطل کے ذریعے پیغام حق کا مقابلہ کرتے ہیں اور جو باتیں بھیجی ہوئی چیزوں کا تمسخر اڑاتے ہیں (۵۷) اس سے بڑھ کر اور کون ظالم ہو سکتا ہے (۵۸) باایں ہمہ عیوب و نقائص محض اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت سے ان کا وجود باقی ہے (۵۹) پہلی بستیاں بھی اپنے ظلم کے باعث ہلاک ہوئی تھیں ان کی ہلاکت کا بھی (ان کی طرح) ایک وقت معین تھا۔

خلاصہ رکوع ۹: (۱) موسیٰ علیہ السلام کا خضر علیہ السلام کی ملاقات کے لیے سفر کرنا۔ (۲) اور ملاقات کے بعد شرائط استفادہ کا طے پانا۔ ماخذ: (۱) آیت ۶۰ (۲) آیت ۶۶ تا ۷۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ مَجْمَعَ

اور جب موسیٰ نے اپنے جوان سے کہا کہ میں نہ ہٹوں گا یہاں تک کہ دو دریاؤں

الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا

کے ملنے کی جگہ پر پہنچ جاؤں یا سالہا سال چلتا جاؤں　پھر جب وہ دو دریاؤں کے جمع ہونے

نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا

کی جگہ پر پہنچے دونوں اپنی مچھلی کو بھول گئے پھر مچھلی نے دریا میں سرنگ کی طرح کا راستہ بنا لیا　پھر

جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِن

جب وہ دونوں آگے بڑھ گئے تو اپنے جوان سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لے آ۔ البتہ تحقیق ہم نے

سَفَرِنَا هَٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى

اس سفر میں تکلیف اٹھائی ہے　کہا کیا تو نے دیکھا جب ہم اس پتھر کے پاس

الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنسَانِيهُ

ٹھہرے تھے تو میں مچھلی کو وہیں بھول آیا　اور مجھے شیطان ہی نے بھلایا

إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ

ہے کہ اس کا ذکر کروں　اور اس نے اپنی راہ سمندر میں عجیب طرح

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلَىٰ آثَارِهِمَا

سے بنالی　کہا یہی ہے جو ہم چاہتے تھے　پھر اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہی

قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً

الٹے پھرے　پھر ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ کو پایا　جسے ہم نے اپنے

مِّنْ عِندِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾ قَالَ لَهُ

ہاں سے رحمت دی تھی اور اسے ہم نے اپنے پاس سے ایک علم سکھایا تھا　اسے موسیٰ نے کہا

مُوسَىٰ هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَىٰ أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾

کیا میں تیرے ساتھ رہوں اس شرط پر کہ تو مجھے سکھا دے اس میں سے جو تجھے ہدایت کا طریقہ سکھایا گیا ہے

## ربط آیات

(۶۰) موسیٰ علیہ السلام اپنے خادم کے ایک بندۂ خدا کی تلاش میں نکلے (۶۱) اس بندۂ خدا کے ملنے کا یہی مقام ہے (۶۲) منزلِ مقصود تک تکان نہیں محسوس ہوئی تھی جب اس سے آگے نکلے۔ تو تکان محسوس ہوئی (۶۳) خادم نے کہا کہ مچھلی اس پتھر کے پاس سمندر میں عجیب طریقے سے چلی گئی تھی۔ میں آپ سے ذکر کرنا بھول گیا (۶۴) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اسی جگہ کی تو تلاش تھی۔ چنانچہ پھر پیچھے لوٹے (۶۵) وہاں ایک بندۂ خدا کو پایا۔ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے خاص علم سکھایا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ خضر علیہ السلام تھے (۶۶) موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی۔ اگر آپ اپنے خداداد علم میں سے کچھ سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ ہو جاؤں۔



Downloaded From　https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ

کہا بیشک تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہیں کر سکے گا اور تو کیسے صبر کریگا

عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ

اس بات پر جو تیری سمجھ میں نہیں آئے گی کہا انشاءاللہ تو مجھے صابر ہی

اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾ قَالَ فَاِنِ

پائے گا اور میں کسی بات میں بھی تیری مخالفت نہیں کرونگا کہا پس اگر تو میرے

اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ

ساتھ رہے تو مجھ سے کسی بات کا سوال نہ کر یہاں تک کہ میں تیرے سامنے اس

مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ ع فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ

کا ذکر کروں پس دونوں چلے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو اسے

خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ

پھاڑ دیا کہا کیا تو نے اسے اس لیے پھاڑا ہے کہ کشتی کے لوگوں کو غرق کر دے البتہ

جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ

تو نے خطرناک بات کی ہے کہا کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ تو میرے

تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا

ساتھ صبر نہیں کر سکے گا کہا میرے بھول جانے پر گرفت نہ کر اور

نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا ۫

میرے معاملہ میں سختی نہ کر پھر دونوں چلے

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا

یہاں تک کہ انہیں ایک لڑکا ملا تو اسے مار ڈالا کہا تو نے ایک بے گناہ کو

زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

ناحق مار ڈالا البتہ تو نے بڑی بات کی

## ربط آیات

(۶۷) انہوں نے جواب دیا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے (۶۸) یعنی جب آپ کو حقیقت حال کا علم نہیں ہوگا تو خواہ مخواہ آپ پوچھنے پر مجبور ہو جائیں گے (۶۹) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ خدا کے فضل سے آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں آپ کی مخالفت نہیں کروں گا۔

(۷۰) خضر علیہ السلام نے فرمایا بہت اچھا جب تک میں نہ بتلاؤں آپ کچھ نہ پوچھیں۔ ع ۹ / ۱۱ / ۲۱

(۷۱) کشتی پر سوار ہوئے

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۰ (۱) موسیٰ علیہ السلام نے تین مرتبہ شرائط تھ کر توڑا (۲) ورجہ اکر دیے گئے ماخذ (۱) آیت ۷۱ - ۷۴ - ۷۷ (۲) آیت |

حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی توڑ ڈالی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فوراً اعتراض کیا کہ یہ آپ نے بہت ہی بڑا کام کیا (۷۲) خضر علیہ السلام نے فرمایا۔ میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ آپ صبر نہیں کر سکیں گے (۷۳) موسیٰ علیہ السلام نے معذرت کی کہ میں بھول گیا (۷۴) آگے گئے تو حضرت خضر علیہ السلام نے ایک بچہ کو قتل کر ڈالا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کیا کہ آپ نے اس بیگناہ کو مار ڈالا۔ یہ بہت برا کام کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ
کہا کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ صبر نہیں کر
صَبْرًا ۝٧٥ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا
سکے گا کہا اگر اس کے بعد میں آپ سے کسی چیز کا سوال کروں تو مجھے
تُصٰحِبْنِيْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ۝٧٦ فَانْطَلَقَا وقفة
ساتھ نہ رکھیں آپ میری طرف سے معذوری تک پہنچ جائیں گے پھر دونوں چلے
حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ اِۨسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ
یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں پر گزرے تو ان سے کھانا مانگا انہوں نے
يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ
مہمان نوازی سے انکار کر دیا پھر انہوں نے وہاں ایک دیوار پائی جو گرنے ہی والی تھی تب سیدھا کر دیا
قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝٧٧ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ
کہا اگر آپ چاہتے تو اس کام پر کوئی اجرت ہی لے لیتے کہا اب میرے اور
بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ
تیرے درمیان جدائی ہے اب میں تجھے ان باتوں کا راز بتاتا ہوں جن پر تو
عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝٧٨ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ
صبر نہ کر سکا جو کشتی تھی سو وہ محتاج لوگوں کی تھی جو دریا میں مزدوری
فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ
کرتے تھے پھر میں نے اس میں عیب کر دینا چاہا اور ان کے آگے ایک بادشاہ تھا
يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ۝٧٩ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ
جو ہر ایک کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا اور رہا لڑکا سو اس کے

## ربط آیات

(۷۵) خضر علیہ السلام نے پھر فرمایا میں پہلے کہہ چکا ہوں آپ میرے ساتھ خاموش ہو کر نہیں رہ سکتے (۷۶) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اچھا اگر اب کے اعتراض کروں تو الگ کر دیجئے گا (۷۷) آگے گئے وہاں بستی والوں سے کھانا مانگا۔ انہوں نے کھانا تو دیا نہیں مگر وہاں ایک دیوار گرنے والی تھی اس کو خضر علیہ السلام نے درست کر دیا۔ اس پر موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کیا (۷۸) خضر علیہ السلام نے فرمایا۔ آپ کے فیصلہ کے مطابق آپ مجھ سے الگ ہو جائیں لیکن میں ان واقعات کی حقیقت بتلائے دیتا ہوں۔ (۷۹) کشتی کے بے کار کرنے کی یہ وجہ تھی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَا أَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّ

ماں باپ ایمان دار تھے سو ہم ڈرے کہ انہیں بھی سرکشی اور کفر میں مبتلا

كُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَأَرَدْنَا أَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً

نہ کرے پھر ہم نے چاہا کہ ان کا رب اس کے بدلہ میں انہیں ایسی اولاد دے جو پاکیزگی میں اس سے بہتر

وَّأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيمَيْنِ

اور محبت میں اس سے بڑھ کر ہو اور جو دیوار تھی سو وہ اس شہر کے دو یتیم بچوں

فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا

کی تھی اور اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک

صَالِحًا فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَّبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا

آدمی تھا پس تیرے رب نے چاہا کہ وہ جوان ہو کر اپنا خزانہ تیرے رب

كَنْزَهُمَا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي

کی مہربانی سے نکالیں اور یہ کام میں نے اپنے ارادے سے نہیں کیا

ذٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ وَيَسْـَٔلُونَكَ ع ١٠ ١٢ ١

یہ حقیقت ہے اس کی جس پر تو صبر نہیں کر سکا اور آپ سے ذوالقرنین

عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُوا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾

کا حال پوچھتے ہیں کہہ دو کہ اب میں تمہیں اس کا حال سناتا ہوں

إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾

ہم نے اسے زمین میں حکمرانی دی تھی اور اسے ہر طرح کا سازوسامان دیا تھا

فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا

تو اس نے ایک سازوسامان تیار کیا یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچا تو اسے ایک

تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا قُلْنَا

گرم چشمے میں ڈوبتا ہوا پایا اور وہاں ایک قوم بھی پائی ہم نے کہا

## ربطِ آیات

(۷۹) لڑکے کو قتل کرنے کا یہ باعث تھا۔ (۸۱) ہم نے چاہا کہ اللہ تعالیٰ اس کے والدین کو نعم البدل عطا فرمائے (۸۲) اور دیوار کے درست کرنے کا یہ سبب تھا اور میں نے یہ سارے کام اللہ تعالیٰ کے حکم سے کئے تھے۔ ان واقعات کی یہ حیثیت ہے جن پر آپ صبر نہیں کر سکے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہی سمجھانا منظور تھا کہ آپ ساری دنیا میں سب سے بڑے عالم نہیں ہیں، وہ سمجھا دیا۔ اس کے بعد وہاں ٹھہرنے کی ضرورت بھی نہ تھی (۸۳) اس سورۃ میں یہ چوتھا قصہ ہے۔ اس میں بتلایا گیا ہے کہ ایک زبردست طاقتور بادشاہ جس کا تعلق باللہ درست ہے دیکھئے اس کا ذکر خیر آج تک کس طرح باقی ہے۔ آج سطح دنیا پر چالیس کروڑ قرآن حکیم کی تصدیق کرنے والے انسان اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں اور قیامت تک یہ ذکر خیر باقی رہے گا۔ یہ خداپرستی کے نتائج حسنہ ہیں۔ (۸۴ - ۸۵) ہم ہی نے اسے زمین میں قدرت اور طاقت عطا فرمائی تھی اور ہر کام کے لئے اسباب مہیا کر دیئے تھے جب اسباب جمع کئے تاکہ مغرب کا سفر کرے۔

### خلاصہ رکوع ۱۱

ذوالقرنین کے پاس ہر طرح کا دنیاوی سازوسامان موجود تھا لیکن اس کے باوجود وہ باغی اور عاصی نہیں تھا اس لئے اس کا ذکر خیر قرآن میں آیا۔

ماخذ آیات ۸۳ - ۸۵ (۱۲) آیت ۹۰-۹۸



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾

اے ذوالقرنین یا انھیں سزا دے اور یا ان سے نیک سلوک کر

قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ

کہا جو ان میں ظالم ہے اسے تو ہم سزا ہی دیں گے پھر وہ اپنے رب کے ہاں لوٹایا جائے گا

فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

پھر وہ اسے اور بھی سخت سزا دے گا اور جو کوئی ایمان لائے گا اور نیکی کرے گا

فَلَهٗ جَزَآءَ ِۨالْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ط

تو اسے نیک بدلہ ملے گا اور ہم بھی اپنے معاملہ میں اسے آسان ہی حکم دیں گے

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا

پھر اس نے ایک سازوسامان تیار کیا یہاں تک کہ جب سورج نکلنے کی جگہ پہنچا تو اس نے

تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ لا

سورج کو ایک ایسی قوم پر نکلتے ہوئے پایا کہ جن کے لئے ہم نے سورج کے ادھر کوئی آڑ نہیں رکھی تھی

كَذٰلِكَ ط وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾

اسی طرح ہی ہے اور اس کے حال کی پوری خبر ہمارے ہی پاس ہے پھر اس نے ایک سازوسامان تیار کیا

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا

یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا ان دونوں سے اس طرف ایک ایسی قوم کو دیکھا جو

يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ

بات نہیں سمجھ سکتی تھی انھوں نے کہا اے ذوالقرنین بے شک

يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ

یاجوج ماجوج اس ملک میں فساد کرنے والے ہیں پھر کیا ہم آپ کے

لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ

لئے کچھ محصول مقرر کر دیں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دیں کہا جو میرے رب نے

### ربطِ آیات

(٨٦) یہاں تک کہ بحر محیط غربی کے کنارہ پر جا پہنچا جسے بحر اوقیانوس کہتے ہیں۔ وہاں دیکھا کہ سورج بحر اوقیانوس میں ایسی جگہ ڈوبتا ہے جہاں کی مٹی سیاہ ہے۔ وہاں اس نے ایک قوم پائی۔

(٨٧-٨٨) اس قوم کے نیک و بد کے متعلق یہ فیصلہ کیا۔

(٨٩) پھر دوسرے سفر کی تیاری کی اور اسباب جمع کئے (٩٠-٩١) مشرق میں ایسی جگہ جا پہنچا جہاں ایک قوم آباد تھی جن پر براہ راست سورج کی کرنیں پڑتی تھیں۔ نہ ان کے پاس لباس تھا نہ مکان، نہ کوئی پہاڑ تھا جس کی آڑ میں پناہ لیں اور ہمیں اس کے سارے سازوسامان کا علم تھا۔

(٩٢) پھر مشرق اور مغرب کے درمیان ایک تیسرے سفر کے اسباب جمع کئے اور جانب شمال سفر کیا (٩٣) ان دو پہاڑوں کے پاس ایک ایسی قوم دیکھی جس کی زبان نہیں سمجھتے تھے۔ البتہ اشارہ سے ایک دوسرے کو کچھ سمجھا لیتے تھے (٩٤) اس قوم نے ذوالقرنین سے یہ درخواست کی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ
مجھے قدرت دی ہے کافی ہے سو طاقت سے میری مدد کرو کہ میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک
رَدْمًا ﴿٩٥﴾ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ
مضبوط دیوار بنا دوں مجھے لوہے کے تختے لا دو یہاں تک کہ جب دونوں سروں کے بیچ کو
الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ
برابر کر دیا تو کہا کہ دھونکو یہاں تک کہ جب اسے آگ کر دیا تو کہا کہ
آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ
تم میرے پاس تانبا لاؤ کہ اس پر ڈال دوں پھر وہ نہ اس پر چڑھ سکتے تھے
وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي ۖ
اور نہ اس میں نقب لگا سکتے تھے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے
فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي
پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا تو اسے ریزہ ریزہ کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ
حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ ۖ وَ
سچا ہے اور ہم چھوڑ دیں گے بعض ان کے اس دن بعض میں گھسیں گے اور
نُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ
صور میں پھونکا جائے گا پھر ہم ان سب کو جمع کریں گے اور ہم دوزخ کو اس دن
يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ
کافروں کے سامنے پیش کریں گے جن کی آنکھوں پر ہماری یاد سے
فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ ع
پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ سن بھی نہ سکتے تھے
أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن
پھر کافر کیا خیال کرتے ہیں کہ میرے سوا میرے بندوں کو اپنا

منزل ۴

## ربطِ آیات

(۹۵) ذوالقرنین نے کہا کہ مجھے روپیہ کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ گارا یا کسی سامان کی مدد اگر دے سکتے ہو تو تمہارے دشمنوں کے سامنے مضبوط دیوار بنا دیتا ہوں (۹۶) مثلاً لوہے کے تختے لا دو۔ اس کے بعد ذوالقرنین نے حسن تدبیر سے دیوار تیار کر دیا (۹۷) دشمن نہ اس پر چڑھ سکتے تھے اور نہ اس میں سوراخ بنا سکتے تھے (۹۸) یہ اس کی ایمانداری اور خدا پرستی کی دلیل ہے۔ یہاں یہ بیان کر دینا ضروری ہے کیونکہ سکندر یونانی کو ذوالقرنین سمجھنا صحیح نہیں۔ نواب صدیق حسن خان مرحوم اپنی تفسیر فتح البیان میں لکھتے ہیں کہ ذوالقرنین سکندر یونانی سے تقریباً دو ہزار سال پہلے ہو گزرا ہے۔ ذوالقرنین حضرت ابراہیم کا معاصر تھا۔ بیت اللہ کی تعمیر کے بعد اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہمراہ طواف کیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ایمان لا چکا تھا۔ سکندر یونانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً سو تین سو برس پہلے گزرا ہے یونان کا مشہور فلاسفر ارسطو اس کا استاد تھا۔ سکندر مومن نہیں تھا بلکہ بت پرست تھا (۹۹) دنیا کی عمر کے بعد جب یاجوج ماجوج اس سد سے نکلیں گے تو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتے ہوئے آئیں گے (۱۰۰) جہنم کافروں کے سامنے ہوگا۔ (۱۰۱) جن پر غفلت کے پردے پڑے ہیں

**خلاصہ رکوع ۱۲**

(۱۰۰) مشرک کی منزل جہنم ہے۔ اور وہ اس کے سامنے حال ہی میں ہوں گے۔

وضاحت ۱۰۰ ۔ ۱۰۱

جو سنتے تھے اور کلامِ حق سننے سے کانوں کو بہرا بنا رکھا تھا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

دُونِیٓ اَوْلِیَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾
کارساز بنالیں گے بےشک ہم نے کافروں کے لئے دوزخ کو مہمانی بنایا ہے

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ ؕ اَلَّذِیْنَ
کہہ دو کیا میں تمہیں بتاؤں جو اعمال کے لحاظ سے بالکل خسارے میں ہیں وہ جن کی

ضَلَّ سَعْیُهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَهُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ
ساری کوشش دنیا کی زندگی میں کھوئی گئی اور وہ خیال کرتے ہیں کہ بیشک وہ

یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَ
اچھے کام کر رہے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کی نشانیوں کا اور

لِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ
اس کے روبرو جانے کا انکار کیا ہے پھر انکے سارے اعمال ضائع ہوگئے سو ہم ان کیلئے قیامت کے دن کوئی وزن قائم

وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰیٰتِیْ
نہیں کریں گے یہ سزا ان کی جہنم ہے اس لئے کہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں اور

وَرُسُلِیْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
میرے رسولوں کا مذاق بنایا تھا بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ ۙ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا
ان کی مہمانی کے لئے فردوس کے باغ ہوں گے ان میں ہمیشہ رہیں گے

لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا
وہاں سے جگہ بدلنی نہ چاہیں گے کہہ دو اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے

لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ
سمندر سیاہی بن جائے تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو

رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا
جائے اور اگرچہ اس کی مدد کے لئے ہم ایسا ہی اور سمندر لائیں کہہ دو کہ میں بھی تمہارے

## ربط آیات

(۱۰۲) اس سورۃ میں چار قصے سنائے گئے ہیں اور مجموعی طور پر ثابت کیا گیا ہے کہ تعلق باللہ کی درستی سے زندگی محمود اور قطع تعلق سے مذموم گزرتی ہے۔ پہلے تو تمثیلات بیان کی گئی تھیں اب معاندین اسلام کو براہ راست متنبہ کیا جاتا ہے کہ تعلق باللہ کو توڑنے کا نتیجہ جہنم کے سوا کچھ بھی نہیں۔

(۱۰۳) تمہیں بتلائیں کہ سب سے زیادہ گھاٹے میں کون ہے۔

(۱۰۴) جن کی کمائی تعلق باللہ توڑنے سے رائیگاں گئی۔

(۱۰۵) گھاٹا پانے والے وہی ہیں جو احکام الٰہی کی مخالفت کرتے ہیں۔ قیامت کے دن ان کے اعمال میں کوئی وزن نہیں ہوگا جو ان کی قبولیت کا ذریعہ بن سکے۔

(۱۰۶) آیات الٰہی اور پیغمبران الٰہی کے ساتھ استہزاء کی یہ سزا ہے اگر ان کا تعلق اللہ تعالیٰ سے درست ہوتا تو ان چیزوں پر ٹھٹھا کیوں کرتے۔

(۱۰۷) جن لوگوں نے احکام الٰہی کو بسر و چشم تسلیم کیا اور عمل کر دکھایا ان کی مہمانی بہشت ہے۔

(۱۰۸) اس مہمان خانہ میں ہمیشہ رہیں گے۔

(۱۰۹) اللہ تعالیٰ کے کلمات تو بے انتہا ہیں تمہاری طرف بقدر ضرورت نازل کئے گئے ہیں جس طرح بحر بے پایاں سے چڑیا اپنی ضرورت کے مطابق چونچ بھر لیتی ہے مگر جتنا اس کے چونچ بھرنے سے سمندر میں کمی ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ کے کلمات میں نزول قرآن سے اتنی کمی بھی واقع نہیں ہوئی۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ
جیسا آدمی ہی ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے

فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا
پھر جو کوئی اپنے رب سے ملنے کی اُمید رکھے تو اسے چاہیئے کہ اچھے کام

صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع
کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے

## سُورَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ۹۸ ۔ (۱۹) ۔ (۴۴) ۔ رکوعاتہا ۶

آیتیں ۹۸ ۔ سورہ مریم مکی ہے ۔ رکوع ۶

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

كهيعص ﴿١﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾
یہ تیرے رب کی مہربانی کا ذکر ہے جو اس کے بندے زکریا پر ہوئی

إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ﴿٣﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ
جب اس نے اپنے رب کو خفیہ آواز سے پکارا کہا اے میرے رب میری ہڈیاں

الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ
کمزور ہو گئی ہیں اور سر میں بڑھاپا چمکنے لگا ہے اور میرے رب تجھ سے مانگ کر

رَبِّ شَقِيًّا ﴿٤﴾ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِن وَرَائِي وَ
میں کبھی محروم نہیں ہوا اور بیشک میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں اور

كَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ﴿٥﴾
میری بیوی بانجھ ہے پس تو اپنے ہاں سے ایک وارث عطا کر

يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿٦﴾
جو میرا اور یعقوب کے خاندان کا بھی وارث ہو اور اے میرے رب اسے پسندیدہ بنا

## ربطِ آیات

(۱۱۰) ساری سورت کا تجزیہ ہے اس وحدہٗ لاشریک لہٗ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے جس شخص کو رب کے بارگاہ الٰہی میں حاضری کی اُمید ہے اس کا فرض ہے کہ نیک عمل کرے اور شرک سے پرہیز کرے۔

### سُورۃ مریم
(خلاصہ سورۃ)

خیالات فاسدہ متعلقہ عیسیٰ علیہ السلام کی اصلاح (۱) حروف مقطعات میں سے ہے اس کی تفصیل سورۃ بقرہ کے ابتدا میں ملاحظہ ہو (۲) اصل مقصود تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت باسعادت کا ذکر خیر ہے لیکن اس سے پہلے تمہیداً حضرت یحییٰ علیہ السلام کی ولادت کا ذکر ہے۔ کیونکہ دونوں کی ولادت خلاف معمول ہوئی ہے یہ سمجھایا جائے گا کہ خلاف معمول پیدا ہونے سے انسان خدا نہیں بن جاتا۔ دیکھئے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو کوئی خدا نہیں مانتا تو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس طرح خدا یا خدا کے بیٹے بن گئے حالانکہ وہ خود خدا تعالیٰ کا بندہ ہونے کا اقرار کرچکے ہیں اس آیت سے اللہ تعالیٰ کے بندہ حضرت زکریا علیہ السلام پر جو رحمت ہوئی ہے اس کا ذکر شروع ہوتا ہے (۳) زکریا علیہ السلام نے درپردہ اپنے رب سے دعا کی (۴) دعا دوسری آیت میں ہے یہ اس کی تمہید ہے (۵) اصل دعا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ہے (۶) اس غرض کے لئے بیٹا چاہتا ہوں۔ اے اللہ اس بیٹے کو وارث انبیاء علیہم السلام اور پسندیدہ بنا۔

| خلاصہ رکوع ۱ |
| --- |
| ذکر پیدائش یحییٰ علیہ السلام جو معتاد قانون کے خلاف ہوئی تھی۔ |
| ماخذ آیت ۷، ۸ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۷) دعا قبول ہوئی اور بیٹے کی خوشخبری آئی (۸) استبعاد عادی کا بیان ہے کہ عادتاً تو ایسے میاں بیوی سے اولاد نہیں ہوسکتی یہاں کس طرح ہوگی (۹) اگرچہ عادتاً یوں نہیں ہوا کرتا لیکن اللہ تعالیٰ پر خلاف عادت ایک کام کرنا نہایت آسان ہے (۱۰) اے اللہ مجھے کوئی علامت بتلا جس سے میں سمجھ جاؤں کہ اب بیٹا ماں کے پیٹ میں بننا شروع ہوگیا ہے علامت یہ ہے کہ تین دن آپ بات نہیں کرسکیں گے (۱۱) ایک دن حجرہ سے باہر آئے اور بات نہ کرسکے اشارے سے انہیں سمجھایا کہ صبح اور شام اللہ کی تسبیح بیان کرو (۱۲) حضرت یحییٰ علیہ السلام کو کتاب ملی اور قوت فیصلہ بچپن ہی میں عطا ہوئی تھی (۱۳) اور ہم نے اسے رحیم اور پاک نفس بنایا، وہ اللہ تعالیٰ کے پرہیزگار بندہ تھے (۱۴) والدین کا پورا مطیع بنایا (۱۵) ان تینوں وقتوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر پیغام سلام نازل ہوا اس لئے کہ پیدائش کے وقت شیطان نے انہیں نہیں چھوا اور مرنے کے وقت جس طرح دوسروں پر گھبراہٹ ہوتی ہے ان پر نہیں ہوئی۔ اور قبر سے اٹھتے وقت میدان حشر کی دہشت سے وہ نہیں گھبرائیں گے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

(۱) واقعہ ولادت عیسیٰ علیہ السلام اور (۲) اعلان تعلیم عیسیٰ علیہ السلام۔

ماخذ آیت ۱۶ تا ۲۱ و ۳۰ آیت ۳۰ تا ۳۴

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ

اے زکریا بیشک ہم تجھے ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا اس سے پہلے ہم نے اس نام

قَبْلُ سَمِيًّا ⑦ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ

کا کوئی پیدا نہیں کیا کہا اے میرے رب میرے لئے لڑکا کہاں سے ہوگا حالانکہ میری

امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ⑧ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ

بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے میں انتہائی درجہ کو پہنچ گیا ہوں کہا، ایسا ہی ہوگا

قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَ

تیرے رب نے کہا ہے وہ مجھ پر آسان ہے اور میں نے تجھے اس سے پہلے پیدا کیا حالانکہ

لَمْ تَكُ شَيْــــًٔا ⑨ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ

تو کوئی چیز نہ تھا کہا اے میرے رب میرے لئے کوئی نشانی مقرر کر کہا تیری نشانی یہ ہے

اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ⑩ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ

کہ تو تین رات تک مسلسل لوگوں سے بات نہیں کرسکے گا پھر حجرہ سے نکل کر اپنی

مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِـيًّا ⑪

قوم کے پاس آئے اور انہیں اشارہ سے کہا کہ تم صبح وشام خدا کی تسبیح کیا کرو

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ⑫ ۙ وَّ

اے یحییٰ کتاب کو مضبوطی سے پکڑ اور ہم نے اسے بچپن ہی میں حکمت عطا کی اور

حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ⑬ ۙ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ

اسے اپنے پاس سے رحم دلی اور پاکیزگی عنایت کی اور وہ پرہیزگار تھا اور اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا

وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ⑭ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ

اور سرکش نافرمان نہ تھا اور اس پر سلام ہو جس دن وہ پیدا ہوا اور جس دن

يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ⑮ ۧ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ

مرے گا اور جس دن وہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا اور اس کتاب میں مریم کا ذکر کر



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ
جب کہ وہ اپنے لوگوں سے علیحدہ ہو کر مشرقی مقام میں جا بیٹھی پھر لوگوں کے سامنے
مِنْ دُونِهِمْ حِجَابًا فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ
سے پردہ ڈال لیا پھر ہم نے اس کے پاس اپنے فرشتے کو بھیجا پھر وہ اس کے سامنے
لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ مِنْكَ
پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا کہا بے شک میں تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں
إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ
اگر تو پرہیزگار ہے کہا میں تو بس تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں تاکہ تجھے پاکیزہ
غُلَامًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي
لڑکا دوں کہا میرے لئے لڑکا کہاں سے ہوگا حالانکہ مجھے کسی آدمی نے ہاتھ
بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ
نہیں لگایا اور نہ میں بدکار ہوں کہا ایسا ہی ہوگا تیرے رب نے کہا ہے وہ مجھ پر
عَلَيَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِنَّا وَكَانَ
آسان ہے اور تاکہ ہم اسے لوگوں کے لئے نشانی اور اپنی طرف سے رحمت بنائیں اور یہ
أَمْرًا مَقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهِ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾
بات طے ہو چکی ہے پھر اس (بچے) کے ساتھ حاملہ ہوئی پھر اسے لے کر کسی دور جگہ میں چلی گئی
فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَىٰ جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ
پھر اسے دردِ زہ ایک کھجور کی جڑ میں لے آیا کہا
يَا لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادَاهَا
اے افسوس میں اس سے پہلے مر گئی ہوتی اور میں بھولی بھلائی ہوتی پھر اسے اس
مِنْ تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾
کے نیچے سے پکارا کہ غم نہ کر تیرے رب نے تیرے نیچے سے ایک چشمہ پیدا کر دیا

## ربطِ آیات

(۱۶) اب اصل مقصود قصہ اس سورۃ کا شروع ہوتا ہے۔ واللہ اعلم بمرادہ واسرار کتابہ۔ حضرت مریم علیہا السلام ایک دفعہ اپنے مکان کے شرقی حصہ میں گئیں۔ (۱۷) اور گھر والوں سے پردہ کیا۔ اس وقت حضرت جبریل علیہ السلام ایک مکمل انسان کی شکل میں ان پر ظاہر ہوگئے (۱۸) اپنی پاک دامنی کے باعث حضرت جبرئیل علیہ السلام کو انسان سمجھ کر اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگی تاکہ اس انسان کے شر سے بچیں۔ (۱۹) فرشتہ نے کہا کہ میں آپ کے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں تاکہ آپ کو ایک پاک بیٹا عطا کروں (۲۰) بھلا مجھے بیٹا کس طرح ہو سکتا ہے۔ (۲۱) فرشتے نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہی ہے اسی طرح ہوگا اللہ تعالیٰ پر یہ کوئی مشکل بات نہیں (۲۲) پہلے مریم علیہا السلام نو ماہ تک حاملہ رہیں پھر وضع حمل کے وقت شرم کے مارے دور چلی گئیں۔ (۲۳) جب درد زہ نے تنگ کیا تو یہ لفظ زبان سے نکلے۔ کاش اس سے پہلے میں مر چکی ہوتی (۲۴) جہاں مریم علیہا السلام بیٹھی تھیں اس جگہ سے نیچے فرشتے نے کھڑے ہو کر یہ آواز دی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَهُزِّيٓ إِلَيْكِ بِجِذْعِ ٱلنَّخْلَةِ تُسَٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا
اور تو کھجور کے تنہ کو پکڑ کر اپنی طرف ہلا تجھ پر پکی تازہ کھجوریں
جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِي وَٱشْرَبِي وَقَرِّي عَيْنًا ۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ
گریں گی سو کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی کر پھر اگر تو کوئی آدمی دیکھے
ٱلْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِيٓ إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا
تو کہہ دے کہ میں نے رحمٰن کے لئے روزہ کی نذر مانی ہے
فَلَنْ أُكَلِّمَ ٱلْيَوْمَ إِنسِيًّا ﴿٢٦﴾ فَأَتَتْ بِهِۦ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُۥ ۖ
سو آج میں کسی انسان سے بات نہیں کروں گی پھر وہ اسے قوم کے پاس اٹھا کر لائی
قَالُوا۟ يَٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يَٰٓأُخْتَ هَٰرُونَ
انھوں نے کہا اے مریم علیہا السلام تو نے عجیب بات کر دکھائی اے ہارون کی بہن
مَا كَانَ أَبُوكِ ٱمْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا ﴿٢٨﴾
نہ تو تیرا باپ ہی برا آدمی تھا اور نہ ہی تیری ماں بدکار تھی
فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا۟ كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِي ٱلْمَهْدِ
تب اس نے لڑکے کی طرف اشارہ کیا انھوں نے کہا ہم پنگھوڑے والے بچے سے کیسے
صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ إِنِّي عَبْدُ ٱللَّهِ ءَاتَىٰنِيَ ٱلْكِتَٰبَ وَجَعَلَنِي
بات کریں کہا بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں مجھے اس نے کتاب دی ہے اور مجھے نبی
نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنتُ وَأَوْصَٰنِي
بنایا ہے اور مجھے بابرکت بنایا ہے جہاں کہیں ہوں اور مجھے
بِٱلصَّلَوٰةِ وَٱلزَّكَوٰةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿٣١﴾ وَبَرًّۢا
نماز اور زکوٰۃ کی وصیت کی ہے جب تک میں زندہ ہوں اور اپنی ماں کے
بِوَٰلِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ وَٱلسَّلَٰمُ
ساتھ نیکی کرنے والا اور مجھے سرکش بدبخت نہیں بنایا اور مجھ پر سلام

## رابطۂ آیات

(۲۵) غم نہ کر۔ تیرے نیچے پانی کی نالی بہہ رہی ہے اور کھجور کے درخت کو ہلا، اس سے تازہ کھجوریں گریں گی۔ (۲۶) کھجوریں کھاؤ۔ پانی پیو۔ آنکھیں ٹھنڈی کرو۔ اور آدمی دیکھو تو کہہ دو۔ (۲۷) پھر عیسیٰ علیہ السلام کو اٹھا کر اپنی قوم کے پاس لائیں اور انھوں نے تعجب سے یہ کہا۔ (۲۸) اے مریم علیہا السلام تیرے ماں باپ تو ہر عیب سے پاک تھے (۲۹) مریم علیہا السلام نے جواب کے لئے بچے کی طرف اشارہ کیا کہ اس سے پوچھو (۳۰) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ جواب دیا (۳۱) یہ جواب کا ایک حصہ ہے (۳۲-۳۳) یہاں تک عیسیٰ علیہ السلام کا جواب ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾
ہے جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ کرکے اٹھایا جاؤں گا
ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾
یہ عیسیٰ مریم کا بیٹا ہے سچی بات جس میں وہ جھگڑ رہے ہیں
مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا
اللہ کی شان نہیں کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے وہ پاک ہے جب کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے
فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۳۵﴾ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ
تو صرف اسے کُن کہتا ہے پھر وہ ہو جاتا ہے اور بیشک اللہ میرا اور
رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ
تمہارا رب ہے سو اسی کی عبادت کرو یہ سیدھا راستہ ہے پھر جماعتیں
الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ
آپس میں مختلف ہوگئیں سو کافروں کے لئے ایک بڑے دن کے
يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ
آنے سے خرابی ہے کیا خوب سنتے اور دیکھتے ہوں گے جس دن ہمارے پاس آئیں گے لیکن
الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ
ظالم آج صریح گمراہی میں ہیں اور انہیں حسرت کے دن
الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا
سے ڈرا جس دن سارے معاملہ کا فیصلہ ہوگا اور وہ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا
لاتے بے شک ہم ہی زمین کے وارث ہوں گے اور ان کے بھی جو اس پر ہیں اور ہماری
يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ڛ اِنَّهٗ كَانَ
طرف لوٹائے جائیں گے اور کتاب میں ابراہیمؑ کا ذکر کر بے شک وہ

## ربط آیات

(۳۴) عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق حالات یہ ہیں بتلاؤ وہ خدا یا خدا کے بیٹے کس طرح بن گئے (۳۵) اللہ تعالیٰ کو بیٹے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ اسے اپنے کاموں میں کسی سے مدد لینے کی کوئی احتیاج نہیں ہے وہ اپنے ہر ارادے کی تعمیل کلمہ کن سے کر لیتا ہے (۳۶) یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ارشاد کا تتمہ ہے۔ (۳۷) واقعات اصلیہ تو یہ ہیں اس کے بعد اہل کتاب کے مختلف فرقوں نے ان کے متعلق اختلاف پیدا کیا (۳۸) ان اختلاف کرنے والوں کے کان اور آنکھیں اس دن تو بہت تیز ہو جائیں گی جس دن ہمارے پاس آئیں گے لیکن آج اندھے اور بہرے بنے ہوتے ہیں۔ (۳۹) ان ظالموں کو حسرت و ندامت کے دن سے ڈرائیے آج وہ غفلت کا شکار ہو رہے ہیں اور ایمان نہیں لاتے (۴۰) وہ ہماری گرفت سے کس طرح بچ سکتے ہیں۔ ہم ہی تو ان کے وارث ہیں ۔

وقف لازم

ع ۲

خلاصہ رکوع ۳
بعض انبیاء علیہم السلام کی خصوصیات مختصر کا ذکر، ماخذ آیت ۴۱-۵۰


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا

سچا نبی تھا جب اپنے باپ سے کہا اے میرے باپ تو کیوں پوجتا ہے ایسے

يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئًا ﴿٤٢﴾ يَا أَبَتِ إِنِّي

کو جو نہ سنتا ہے اور نہ دیکھتا ہے اور نہ تیرے کچھ کام آ سکے اے میرے باپ بیشک

قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ

مجھے وہ علم حاصل ہوا ہے جو تمہیں حاصل نہیں تو آپ میری تابعداری کریں میں آپ

صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾ يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ إِنَّ الشَّيْطَانَ

کو سیدھا راستہ دکھاؤں گا اے میرے باپ شیطان کی عبادت نہ کر بے شک شیطان

كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾ يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَن

اللہ کا نافرمان ہے اے میرے باپ بیشک مجھے خوف ہے کہ

يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾

تم پر اللہ کا عذاب آئے پھر تم شیطان کے ساتھی ہو جاؤ

قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ لَئِن لَّمْ تَنتَهِ

کہا اے ابراہیم کیا تو میرے معبودوں سے پھرا ہوا ہے البتہ اگر تو باز نہ آیا

لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ

میں تجھے سنگسار کردوں گا اور مجھ سے ایک مدت تک دور ہو جا کہا تیری سلامتی ہے

سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَأَعْتَزِلُكُمْ

اب میں اپنے رب سے تیری بخشش کی دعا کروں گا بیشک وہ مجھ پر بڑا مہربان ہے اور میں تمہیں چھوڑتا ہوں

وَمَا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا

اور جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اور میں اپنے رب ہی کو پکاروں گا امید ہے کہ

أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہ رہوں گا پھر جب ان سے علیحدہ ہوا اور اس چیز سے

## ربطِ آیات

(۴۱) تمام انبیاء کی خاص خاص خصوصیات تھیں لیکن کوئی نبی اپنی کسی خصوصیت کے باعث خدا نہیں بنا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس طرح خدا بن گئے اس ضمن میں مختلف انبیاء کو ذکر کیا جس کا آغاز حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوا (۴۲) مغیبات الٰہیہ کے صدیق ہونے کی وجہ سے باپ کو بہترین تعلیم دے سکتے تھے (۴۳) اے ابا جان مجھے اسرار الٰہیہ کا علم ہے لہٰذا آپ میری بات مان جائیں (۴۴) اے ابا جان شیطان آپ سے غیر اللہ کی عبادت کرا رہا ہے اور وہ رحمٰن کا نافرمان ہے (۴۵) اے ابا مجھے خطرہ ہے کہ آپ پر خدا کا عذاب نہ آ جائے۔

(۴۶) اس سارے وعظ کا باپ نے جواب دیا ہے (۴۷) اگر آپ مجھے دکھ پہنچائیں میری طرف سے آپ پر کوئی زیادتی نہیں ہوگی بلکہ میں آپ کے حق میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگوں گا (۴۸) میں تمہاری ان حرکات اور تمہارے معبودوں سے علیحدہ رہوں گا بلکہ تمہاری ہدایت کے لئے اپنے رب سے دعا کروں گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ
جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے ہم نے اسے اسحٰق اور
يَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ
یعقوب عطا کیا اور ہم نے ہر ایک کو نبی بنایا اور ہم نے ان سب کو اپنی رحمت سے
رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ ع وَ ٣ ع ٦
حصہ دیا اور ہم نے ان کا نیک نام بلند کیا اور
اذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ
کتاب میں موسیٰ کا ذکر کر بے شک وہ خاص بندے اور
رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ
بھیجے ہوئے پیغمبر تھے اور ہم نے اسے کوہ طور کے دائیں طرف سے پکارا
وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ
اور اسے راز کی بات کہنے کیلئے قریب بلایا اور ہم نے اسے اپنی رحمت سے اس کے بھائی ہارون کو نبی
نَبِيًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ
بنا کر عطا کیا اور کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کر بے شک وہ وعدہ کا
الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ ج وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ
سچا اور بھیجا ہوا پیغمبر تھا اور اپنے گھر والوں کو
بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ صلے وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾
نماز اور زکوٰۃ کا حکم کرتا تھا اور وہ اپنے رب کے ہاں پسندیدہ تھا
وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا
اور کتاب میں ادریس کا ذکر کر بے شک وہ سچا
نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ قلے وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
نبی تھا اور ہم نے اسے بلند مرتبہ پر پہنچایا یہ وہ لوگ ہیں

## ربط آیات

(۴۹) اعزہ واقربا سے قطع تعلق کرنا ایک سخت مصیبت ہے جو ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے برداشت کی اس پر اللہ تعالیٰ نے نعم البدل اعزہ عطا فرمائے (۵۰) ان دونوں کو بھی ہم نے اپنی رحمت سے حصہ عطا فرمایا اور پچھلی نسلوں میں ان کا ذکر خیر باقی چھوڑا (۵۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے یہ القاب ہیں: مخلص، رسول، نبی۔ تو کیا موسیٰ علیہ السلام مخصوص لقب مخلص سے خدا بن گئے۔ حاشا وکلا (۵۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کلیم اللہ بھی ہیں (۵۳) ان کی دعا سے حضرت ہارون علیہ السلام کو نبوت عطا ہوئی تھی (۵۴) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نبوت اور رسالت کے عہدہ جلیلہ کے ساتھ صادق الوعد کے لقب سے ملقب ہیں۔ تو کیا آپ خدا بن گئے (۵۵) امر بالمعروف کے بڑے شائق تھے۔ خدا کے ہاں بڑے پسندیدہ تھے۔ مرضی عند ربہ کے لقب سے سرفراز کئے گئے ہیں (۵۶-۵۷)۔ حضرت ادریس علیہ السلام صدیق، نبی، رفع الی المکان العلی کے القاب سے ملقب ہیں۔

| خلاصہ رکوع ۴ |
| --- |
| بعض انبیاء علیہم السلام کی خصوصیات مختصرہ کا ذکر۔ |
| ماخذ آیت ۵۱، ۵۴، ۵۶، ۵۸ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
Downloaded from — Al-marifat.org
ALMARIFAT

أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ

جن پر اللہ نے انعام کیا پیغمبروں میں اور آدم کی اولاد میں سے اور ان میں سے

حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ

جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا تھا اور ابراہیم اور اسرائیل کی اولاد میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ط اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ

اور ان میں سے جنہیں ہم نے ہدایت کی اور پسند کیا جب ان پر اللہ کی آیتیں پڑھی

الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۵۸ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ

السجدة

جاتی ہیں تو روتے ہوئے سجدہ میں گر پڑتے ہیں پھر ان کی جگہ ایسے ناخلف

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

آئے جنہوں نے نماز ضائع کی اور خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے پھر عنقریب

يَلْقَوْنَ غَيًّا ۵۹ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

گمراہی کی سزا پائیں گے مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۶۰

سو وہ لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ط

ہمیشگی کے باغوں میں جن کا رحمٰن نے اپنے بندوں سے وعدہ کیا ہے جو ان کی آنکھوں سے پوشیدہ ہے

اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۶۱ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا

بے شک اس کا وعدہ پورا ہونے والا ہے اس میں سوائے سلام کے کوئی فضول بات

اِلَّا سَلٰمًا ط وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۶۲ تِلْكَ

نہ سنیں گے اور انہیں وہاں صبح و شام کھانا ملے گا یہ وہ

الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۶۳

جنت ہے کہ ہم اپنے بندوں میں سے اس کو وارث بنائیں گے جو پرہیزگار ہوگا

## رابطہ آیات

(۵۸) مذکورالصدر حضرات ان مقربین الٰہی میں سے ہیں، جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہوا ہے اور یہ وہ حضرات ہیں جب آیات رحمٰن سنتے ہیں حق عبودیت ادا کرنے کے لئے فوراً سربسجود ہوجاتے ہیں اور گریہ وزاری کرتے ہیں۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی اسی مقدس گروہ میں سے ایک بزرگ ہیں۔ ان کو کیوں خدا مانا جائے۔ اللھم احفظنا من شرور انفسنا (۵۹)۔ بات یوں ہے کہ ان مقدسین کے بعد ناخلف جانشین ہوگئے اور انہوں نے یاد الٰہی چھوڑ دی۔ خواہشات نفسانی کے پیچھے پڑ گئے اور ان میں کے غلط عقیدے گھڑ لئے۔ وہ لوگ اس کی پاداش میں جہنم میں ڈالے جائیں گے (۶۰) جو شخص ان میں سے تائب ہو جائے گا وہ جنت میں داخل ہوگا (۶۱) وہی ہمیشہ کے باغ جن کا دوسرے مقربین الٰہی کو وعدہ دیا گیا ہے انہی میں ان کا داخلہ ہوگا (۶۲) اس میں کوئی بیہودہ بات کبھی نہیں سن سکیں گے۔ (۶۳) یہ فقط پرہیزگاروں کی قیام گاہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا
اور ہم تیرے رب کے حکم کے سوا نہیں اترتے اسی کا ہے جو کچھ ہمارے سامنے ہے اور جو کچھ
خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ
ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اور تیرا رب بھولنے والا نہیں آسمانوں
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ
اور زمین کا رب ہے اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان ہیں سو اسی کی عبادت کر اور اسی کی
لِعِبَادَتِهِ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ
عبادت پر قائم رہ کیا تیرے علم میں اس جیسا کوئی اور ہے اور انسان کہتا ہے
أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ
جب میں مر جاؤں گا تو کیا پھر زندہ کر کے نکالا جاؤں گا کیا انسان کو یاد نہیں ہے
أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ
کہ اس سے پہلے ہم نے اسے بنایا تھا اور وہ کوئی چیز بھی نہ تھا سو تیرے رب کی قسم ہے ہم انہیں اور ان
وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾
کے شیطانوں کو ضرور جمع کریں گے پھر ہم انہیں گھٹنوں پر گرے ہوئے دوزخ کے گرد حاضر کریں گے
ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ
پھر ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو الگ کر لیں گے جو اللہ سے بہت ہی
عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾
سرکش تھے پھر ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ مستحق ہیں
وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾
اور تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا اس پر گذر نہ ہو یہ تیرے رب پر لازم مقرر کیا ہوا ہے
ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾
پھر ہم انہیں بچا لیں گے جو ڈرتے ہیں اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں پر گرے ہوئے چھوڑ دیں گے

### ربط آیات

(٦٤) قرب حاصل کئے ہوئے انسان تو بجائے خود ہیں ملائکہ مقرب بھی اس کے حکم کے بغیر ایک قدم نہیں اٹھاتے (٦٥) سارے آسمانوں اور زمین کا مربی فقط وہی عبادت کا مستحق ہے کیا اس جیسا کوئی اور مل سکتا ہے ہرگز نہیں۔

ع

**خلاصہ رکوع ٥**

استبعاد المشرک یوم المجازاۃ کے نہ سمجھنے کا تعجب ہے۔

ماخذ آیت ٦٦ - ٨١

(٦٦) حق سے منہ موڑنے کا اصل سبب قانون مجازات سے انکار کے سوا کچھ نہیں (٦٧) اگر انسان اپنی پہلی خلقت پر غور کرے تو یہ مسئلہ بآسانی حل ہو سکتا ہے۔ (٦٨) تیرے رب کی قسم انسانوں اور شیطانوں سب کو اکٹھا کیا جائے گا (٦٩) اکٹھا کرنے کے بعد نافرمانوں کو الگ کیا جائے گا (٧٠) دوزخ کے مستحقین کو ہم اچھی طرح جانتے ہیں (٧١) دوزخ کے اوپر سے کم از کم ہر ایک کو گزرنا ہی ہے جو اس میں پڑنے کے مستحق ہوں گے وہ خود بخود گر جائیں گے اور کافر یا منافق فوراً دوزخ میں داخل کئے جائیں گے (٧٢) متقین صحیح سلامت بچ کر نکل جائیں گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا
اور جب انہیں ہماری کھلی ہوئی آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کافر ایمان والوں
لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا وَأَحْسَنُ
سے کہتے ہیں دونوں فریقوں میں سے کس کا مرتبہ بہتر ہے اور محفل کس کی
نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ
اچھی ہے اور ہم ان سے پہلے کتنی جماعتیں ہلاک کر چکے ہیں وہ سامان اور
أَثَاثًا وَرِئْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ
نمود میں بہتر تھے کہہ دو جو شخص گمراہی میں پڑا ہوا ہو سو اللہ
لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا
بھی اسے ڈھیل دیتا ہے یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھیں گے جس کا انہیں وعدہ دیا گیا تھا
الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ
یا عذاب یا قیامت تب معلوم کر لیں گے مرتبے میں کون برا
مَكَانًا وَأَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا
ہے اور لشکر کس کا کمزور ہے اور جو لوگ ہدایت پر ہیں اللہ انہیں زیادہ
هُدًى ۗ وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا
ہدایت دیتا ہے اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک ثواب اور انجام کے لحاظ
وَخَيْرٌ مَرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ
سے بہت ہی بہتر ہیں کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہتا ہے
لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ
کہ مجھے ضرور مال اور اولاد ملے گی کیا اس نے غیب پر اطلاع پائی ہے یا اس نے اللہ
عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ
سے اقرار لے رکھا ہے ہرگز نہیں ہم لکھ لیتے ہیں جو کچھ وہ کہتا ہے اور اس کے

## ربطِ آیات

(۷۳) آیاتِ الٰہی سن کر کافر کہتے ہیں۔ اگر تم خدا تعالیٰ کے دوست ہوتے تو کیا تمہاری دُنیاوی حالت ہم سے بہتر نہ ہوتی (۷۴) اگر حق و باطل کی تمیز کا یہی معیار ہے کہ جن کی دُنیاوی حالت اچھی ہو تو پھر پہلے تباہ ہونے والے کافر کیوں تباہ ہوئے حالانکہ ان کی دنیاوی حالت بہت اچھی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ حق و باطل میں تمیز کا یہ معیار غلط ہے۔ (۷۵) اس قسم کے دماغ اسی حالت میں درست ہو سکتے ہیں۔ کہ یا عذابِ الٰہی نازل ہو یا قیامت آ جائے (۷۶) جن لوگوں کو ہدایت نصیب ہوتی ہے انہیں اللہ تعالیٰ ہدایت میں بڑھاتا ہے اور انہیں اعمالِ صالحہ کی جزا سے خیر بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں ملے گی۔ (۷۷) کافر استہزا اور تمسخر کے طور پر یہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اُٹھایا تو مال اور اولاد میں اور ترقی ہو گی (۷۸) کیا یہ لوحِ محفوظ سے دیکھ کر کہہ رہے ہیں یا خدا تعالیٰ کے ہاں سے انہوں نے وعدہ لے رکھا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَ
لئے عذاب بڑھاتے جاتے ہیں اور ہم اس کے وارث ہوں گے جو کچھ وہ کہتا ہے اور ہمارے ہاں تنہا آئے گا اور

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ؕ
انہوں نے اللہ کے سوا معبود بنا لئے ہیں تاکہ وہ ان کے مددگار ہوں ہرگز نہیں

سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ ع
وہ جلد ہی ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے

اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ
کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر چھوڑ رکھا ہے وہ انہیں ابھارتے

اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ ۚ يَوْمَ
رہتے ہیں سو تو ان کے لئے عذاب کی جلدی نہ کر ہم خود ان کے دن گن رہے ہیں جس دن

نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ
ہم پرہیزگاروں کو رحمٰن کے پاس مہمان بنا کر جمع کریں گے اور گنہگاروں کو دوزخ کی طرف

اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ
پیاسا ہانکیں گے کسی کو سفارش کا اختیار نہیں ہوگا مگر جس نے رحمان کے ہاں

عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ ؕ
سے اجازت لی ہو اور کہتے ہیں کہ رحمٰن نے بیٹا بنا لیا

لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ
البتہ تحقیق تم سخت بات زبان پر لائے ہو کہ جس سے ابھی آسمان پھٹ جائیں اور

وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنْ دَعَوْا
زمین چر جائے اور پہاڑ ٹکڑے ہو کر گر پڑیں اس لئے کہ انہوں نے

لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ ۚ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ ؕ
رحمٰن کے لئے بیٹا تجویز کیا اور رحمٰن کی یہ شان نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے



## ربطِ آیات

(۷۹) یہ خیال غلط ہے۔ اس جھوٹ کو بھی ہم ان کے اعمال نامے میں لکھ رکھیں گے اور بجائے مال اور اولاد دینے کے عذاب کو بڑھا دیں گے۔ (۸۰) بلکہ دنیا میں دیئے ہوئے مال اور اولاد کو بھی چھین لیں گے اور سب ہمارے پاس آئیں گے (۸۱) کفار نے اللہ تعالیٰ سے تعلق توڑ کر اور معبود بنا رکھے ہیں۔ ان کی

ع ۵ ۷ ۸

| خلاصہ رکوع ۶ |
| --- |
| ذکر تنبیہ سورۂ مریم۔ |
| ماخذ آیت ۸۸ تا ۹۱ + |

غرض یہ ہے کہ یہ معبود ان کے لئے قوت و طاقت کا سامان نہیں۔ (۸۲) حالانکہ معبود خود ان کفار کی عبادت سے انکار کر دیں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے۔ (۸۳) باوجود اس قدر سمجھانے کے یہ لوگ توحید کی طرف متوجہ نہیں ہوتے کہ شیطان ہمیشہ انہیں کفر و شرک کی طرف مائل کرتے رہتے ہیں (۸۴) ان کے متعلق جلدی نہ کیجئے ہم ان کے اعمال خوب شمار کر رہے ہیں اور انہیں پوری سزا مل جائے گی۔ (۸۵) متقی تو رحمٰن کے دربار میں جائیں گے (۸۶) اور اس قسم کے مجرم جہنم رسید کئے جائیں گے (۸۷) کوئی شخص ہاں سفارش نہیں کر سکے گا سوائے ان مقربین کے جنہیں شفاعت کی اجازت مل چکی ہے (۸۸) ایسی واضح تعلیم کے باوجود یہ لوگ ایسے باطل عقیدہ پر اڑے کرتے ہیں (۸۹) یہ تو بہت ہی بری بات کر رہے ہو (۹۰) ایسی بری بات ہے کہ سن کر آسمانوں کا شق ہو جانا یا زمین کا پھٹ پڑنا یا پہاڑوں کا ریزہ ریزہ ہو جانا قطعاً بعید نہیں (۹۱) کہ رحمٰن کے لئے بیٹا بناتے ہیں (۹۲) حالانکہ یہ بات خدا کے شایانِ شان نہیں ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِن كُلُّ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّآ آتِي الرَّحْمٰنِ
جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ان میں سے ایسا کوئی نہیں جو رحمٰن کا بندہ بن کر
عَبْدًا ﴿۹۳﴾ لَّقَدْ أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ
نہ آئے البتہ تحقیق اس نے انھیں شمار کر رکھا ہے اور اس نے گنتی گن رکھی ہے اور ہر ایک ان میں سے
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
اس کے ہاں اکیلا آئے گا بے شک جو ایمان لائے اور نیک کام
الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ فَإِنَّمَا
کئے عنقریب رحمٰن ان کے لئے محبت پیدا کرے گا سو ہم نے
يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ
قرآن کو تیری زبان میں اس لئے آسان کیا ہے کہ تو اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری سنائے اور جھگڑنے والوں
قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ
کو ڈرا دے اور ہم ان سے پہلے کئی جماعتیں ہلاک کر چکے ہیں کیا تو
تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾ ع
کسی کی ان میں سے آہٹ پاتا ہے یا ان کی بھنک سنتا ہے

آیاتها (۱۳۵) ۔۔۔ (۲۰) سُورَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ (۴۵) ۔۔۔ رکوعاتها (۸)

آیتیں ۱۳۵ سورۃ طٰہٰ مکی ہے رکوع ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰهٰ ﴿۱﴾ مَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقٰى ﴿۲﴾ إِلَّا
ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم تکلیف اٹھاؤ بلکہ
تَذْكِرَةً لِّمَن يَخْشٰى ﴿۳﴾ تَنزِيلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ
اس شخص کے لئے نصیحت ہے جو ڈرتا ہے اس کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین

**ربط آیات**

(۹۳) آسمان و زمین والے سب اس کے غلام ہیں (۹۴) اللہ تعالیٰ کو اپنے غلاموں کی پوری گنتی معلوم ہے (۹۵) جس طرح ہر شخص تنہا پیدا ہوا ہے اسی طرح تنہا آئے گا (۹۶) ایمانداروں کے لئے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے دل میں محبت ڈال دے گا۔

(۹۷) ہم نے قرآن عربی میں اس لئے اتارا ہے کہ آپ رسول اللہ صلعم متقین کو خوشخبری سنائیں اور جھگڑنے والوں کو ڈرائیں (۹۸) ان سے پہلے ہم نے کئی نسلیں ہلاک کیں۔ کیا ان کا کوئی نشان دکھائی دیتا ہے یا ان کے متعلق کوئی مدھم سی آواز بھی کان میں پڑتی ہے۔ یعنی اگر ان کے اعمال نیک ہوتے تو یقیناً ان کا ذکر خیر باقی رہتا۔

وقف لازم ۔ ع ۶ ۔ ۹

**سُورۂ طٰہٰ**

(عنوان سورہ)

**دعوت الی التوحید**

(۱) حروف مقطعات میں سے ہے (۲) آپ کو مصیبت میں ڈالنے کے لئے تو قرآن نازل نہیں ہوا (۳) بلکہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے نصیحت ہے

**خلاصہ رکوع ۱**
رحمٰن کی رحمت کا یہ تقاضا ہے کہ خدا کی رہنمائی کے لئے ہدایات بھی بھیجے لیکن مستفید فطرت سلیمہ والے ہی ہوں گے
ماخذ: آیت ۳، ۴، ۵، ۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿٤﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿٥﴾

اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا رحمٰن جو عرش پر جلوہ گر ہے

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور جو کچھ گیلی زمین

الثَّرٰى ﴿٦﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَ

کے نیچے ہے اور اگر تو پکار کر بات کہے تو وہ پوشیدہ اور اس سے بھی زیادہ پوشیدہ

اَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَ

کو جانتا ہے اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے سب نام اچھے ہیں اور

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ

کیا تجھے موسیٰ کی بات پہنچی ہے جب اس نے آگ دیکھی تو اپنے گھر

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّىْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا

والوں سے کہا کہ ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے شاید کہ میں اس سے تمہارے پاس کوئی

بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِىَ

چنگاری لاؤں یا وہاں کوئی رہبر پاؤں پھر جب وہ اس کے پاس آئے تو آواز

يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّىْۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ

آئی کہ اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں سو تم اپنی جوتیاں اتار دو بے شک تم پاک

الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾

وادی طویٰ میں ہو اور میں نے تجھے پسند کیا ہے جو کچھ وحی کی جا رہی ہے اسے سن لو

اِنَّنِىْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِىْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں بس میری ہی بندگی کر اور میری ہی یاد کے لئے نماز

لِذِكْرِىْ ﴿١٤﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ

پڑھا کر بیشک قیامت آنے والی ہے میں اسے پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر شخص کو اس

## ربطِ آیات

(۴) خالقِ ارض و سما نے اپنے بندوں کی طرف نازل فرمایا ہے (۵) عرش پر غلبہ پانے والے رحمٰن کی طرف سے نازل ہوا ہے (۶) چونکہ وہ سب مخلوق کا مالک ہے اس لئے اسے احکام دینے کا حق ہے (۷) وہ ظاہر اور پوشیدہ سب حالات کا جاننے والا ہے (۸) فقط وہی معبود ہے (۹) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ مخاطبینِ قرآن کے لئے تذکیر بایام اللہ کے طور پر سنایا جاتا ہے کہ وہ اس آئینہ میں اپنے اعمال کے نتائج دیکھ لیں اور سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے تسلی دی جاتی ہے کہ آپ کو انجام کار اسی طرح فتح و کامرانی نصیب ہوگی جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نصیب ہوئی جب صدائے حق بلند ہوتی ہے تو سلیم الفطرت انسانوں کی جماعت راسخ الایمان بن جاتی ہے۔ دوسری جماعت آخر وقت تک عداوت و مخاصمت پر جمی رہتی ہے اور انجام کار ذلت کی موت مرتی ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذکر کی تقریب یہی ہے (۱۰) حضرت شعیب علیہ السلام سے رخصت ہو کر مدین سے واپس آرہے ہیں اہلیہ محترمہ ساتھ ہے رات کا وقت ہے۔ آگ کی ضرورت ہے تجلی الٰہی بصورت نار ظاہر ہوتی ہے تاکہ موسیٰ علیہ السلام اسے دیکھ کر متوجہ ہو جائیں۔ اپنی اہلیہ سے فرماتے ہیں یا تو جلتی ہوئی لکڑی وہاں سے لے آتا ہوں یا کم از کم راستہ پوچھ آؤں گا (۱۱) وہاں حاضر ہوئے پر یہ آواز آئی (۱۲) یہاں آگ نہیں تجلی الٰہی کا منظر آگ بنی ہوئی ہے اس وادی مقدس میں جوتا اتار دیں (۱۳) میں نے بندوں میں سے آپ کو چن لیا، لہٰذا جو کہتا ہوں اسے غور سے سنیئے (۱۴) میرے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے میری عبادت کرو اور میری یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ⑮ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ
کے گئے کا بدلہ مل جائے سو تمہیں قیامت سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پائے جو اس پر ایمان نہیں
بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ⑯ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ⑰
رکھتا اور اپنی خواہشوں پر چلتا ہے پھر تم تباہ ہو جاؤ اور اے موسیٰ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے
قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى
کہا یہ میری لاٹھی ہے اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں پر پتے
غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲
جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے لئے اور بھی فائدے ہیں فرمایا اے موسیٰ اسے ڈال دو
فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ
پھر اسے ڈال دیا تو اسی وقت وہ دوڑتا ہوا سانپ ہو گیا فرمایا اسے پکڑ لے اور نہ ڈر
سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى
ہم ابھی اسے پہلی حالت پر پھیر دیں گے اور اپنا ہاتھ اپنی بغل
جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ㉒
سے ملا دے بلا عیب سفید ہو کر نکلے گا یہ دوسری نشانی ہے
لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ㉓ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ
تاکہ ہم تجھے اپنی بڑی نشانیوں میں سے بعض دکھائیں فرعون کے پاس جا بے شک وہ
طَغٰى ㉔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ㉕ وَيَسِّرْ لِيْٓ
سرکش ہو گیا ہے کہا اے میرے رب میرا سینہ کھول دے اور میرا کام
اَمْرِيْ ㉖ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ㉗ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ㉘
آسان کر اور میری زبان سے گرہ کھول دے کہ میری بات سمجھ لیں
وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ㉙ هٰرُوْنَ اَخِيْ ㉚
اور میرے لئے میرے کنبہ میں سے ایک معاون بنا دے ہارون کو جو میرا بھائی ہے

ع ۱ / ۱۰

## ربطِ آیات

(۱۵) عقیدۂ توحید پہلی آیت میں آ چکا ہے۔ اب دوسرا عقیدۂ قیامت کا بتلایا جا رہا ہے۔ اگر یہ دو عقیدے انسان کے ذہن میں راسخ ہو جائیں تو عقیدۂ رسالت خود بخود سمجھ میں آ جاتا ہے۔ عقائد صحیحہ کے ساتھ اعمال صالحہ کی بھی تلقین ہو گئی (۱۶) منکرین قیامت آپ کو اس عقیدے سے ہٹانے نہ پائیں (۱۷) عطیۂ نبوت کے بعد عقائد صحیحہ اور اعمال صالحہ کی تلقین قبل ازیں ہو چکی ہے اب معجزات عطا ہو رہے ہیں تاکہ مرسل الیہ قوم انہیں رسول من اللہ خیال کر سکے (۱۸) موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں میرے ہاتھ میں میری لاٹھی ہے جس سے مجھے فلاں فلاں نفع حاصل ہوتا ہے (۱۹) اس لاٹھی کو پھینک دے (۲۰) پھینکی تو سانپ بن کر دوڑنے لگی (۲۱) موسیٰ علیہ السلام ڈر گئے۔ حکم ہوا کہ اس کو بے خوف پکڑ لیں تو پھر ویسی ہی لاٹھی بن جائے گی۔ ایک معجزہ تو یہ ملا۔ آگے دوسرا معجزہ آتا ہے (۲۲) اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالئے۔ بالکل سفید اور روشن ہو کر نکلے گا لیکن وہ بیماری کے باعث نہیں ہو گا بلکہ خرق عادت کے طور پر نورانی ہو کر آئے گا یہ دوسرا معجزہ ہے (۲۳) یہ معجزات ہم نے اپنی قدرت کے کرشمے آپ کو دکھائے ہیں (۲۴) نبوت بھی عطا ہو چکی۔ عقائد صحیحہ اور اعمال صالحہ کی تلقین بھی ہو چکی۔ معجزات بھی مل گئے۔ یہ معجزے مقدرت الٰہی کے نشان تھے اب جائیے فرعون کو تبلیغ فرمائیے (۲۵ تا ۲۸) یہ دعائیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کیں کہ فرض منصبی بآسانی ادا ہو سکے (۲۹ تا ۳۱) یہ دعا حضرت ہارون کے حق میں کی کہ میرے بھائی کو میرے ساتھ شامل کر کے میری کمر ہمت مضبوط کر دیجئے۔

**خلاصہ رکوع ۲**
ہارون علیہ السلام کی نبوت کے لئے موسیٰ کی سفارش مع ذکر احسانات موسیٰ علیہ السلام
(ماخذ آیت ۲۹ تا ۳۲، ۳۷ تا ۴۱)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ فِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۳۲﴾ كَیْ نُسَبِّحَكَ
اس سے میری کمر مضبوط کر دے اور اسے میرے کام میں شریک کر دے تاکہ ہم تیری پاک ذات کا

كَثِیْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا ﴿۳۵﴾
بہت بیان کریں اور تجھے بہت یاد کریں بیشک تو ہمیں خوب دیکھتا ہے

قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا
فرمایا اے موسیٰ تیری درخواست منظور ہے اور البتہ تحقیق ہم نے تجھ پر

عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓی ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَیْنَآ اِلٰٓی اُمِّكَ مَا یُوْحٰٓی ﴿۳۸﴾
ایک دفعہ اور بھی احسان کیا ہے جب ہم نے تیری ماں کے دل میں بات ڈال دی تھی

اَنِ اقْذِفِیْهِ فِی التَّابُوْتِ فَاقْذِفِیْهِ فِی الْیَمِّ فَلْیُلْقِهِ
کہ اسے صندوق میں ڈال دے پھر اسے دریا میں ڈال دے پھر اسے دریا کنارے

الْیَمُّ بِالسَّاحِلِ یَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّیْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَیْتُ
پر ڈال دے گا اسے میرا دشمن اور اس کا دشمن اٹھا لے گا اور میں نے تجھ پر

عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ ۚ۬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِیْٓ
اپنی طرف سے محبت ڈال دی اور تاکہ تو میرے سامنے پرورش پائے جب تیری بہن کہتی جا

وقف لازم

اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ ؕ
رہی تھی کیا تمہیں ایسی عورت بتاؤں جو اسے اچھی طرح پالے

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَ
پھر ہم نے تجھے تیری ماں کے پاس پہنچا دیا کہ اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور غم نہ کھائے اور

قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ قف
تو نے ایک شخص کو مار ڈالا پھر ہم نے تجھے اس غم سے نکالا اور ہم نے تجھے کئی مرتبہ آزمائش میں ڈالا

فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْٓ اَهْلِ مَدْیَنَ ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ
پھر تو مدین والوں میں کئی برس رہا پھر تو اے موسیٰ تقدیر سے

## ربطِ آیات

(۳۲) انہیں بھی عہدہ نبوت عطا فرمائیے (۳۳-۳۴) دونوں بھائی بحیثیت نبی ہونے کے تیری یاد بہت زیادہ کر سکیں گے۔ کیونکہ غیر نبی اتنی عبادت نہیں کر سکتا جتنی کہ نبی کر سکتا ہے لہٰذا دونوں ہم تیرے ہوں تو بہتر ہے (۳۵) تجھے ہمارے سارے حالات پہلے بھی معلوم ہیں اور آئندہ بھی تیرے سامنے ہیں (۳۶) ہاں اے موسیٰ علیہ السلام تیری دعا ہم نے قبول کر لی (۳۷) اور تجھ پر یہ پہلا انعام نہیں ہے بلکہ اس سے پہلے بھی ایک بہت بڑا احسان ہو چکا ہے اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔ (۳۸) جب تیری جان خطرہ میں تھی تو ہم نے تیری والدہ کے دل میں یہ خیال ڈالا (۳۹) کہ صندوق میں بند کر کے اس بچہ کو دریا میں ڈال دو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۴۰) جب تم فرعون کے گھر جا پہنچے جو میرا اور تیرا دونوں کا دشمن تھا۔ وہاں ہم نے تمہیں کسی کا دودھ نہ پینے دیا پھر تمہاری بہن نے انہیں تمہاری والدہ کا پتہ بتلایا۔ ہم نے وہاں سے واپس لوٹا کر تمہاری والدہ کی گود میں پرورش کرائی۔ اس کے علاوہ ایک اور احسان بھی سن لو کہ تم نے بڑا ہونے کے بعد ایک آدمی کو مار ڈالا ہم نے تمہیں وہاں سے بھی بچایا۔ پھر مدین میں پہنچایا۔ کچھ مدت وہاں رکھا۔ اس کے بعد تقدیر الٰہی کے مطابق تم عہد نبوت کے قابل ہوئے (۴۱) میں نے تمہیں اپنے کام کے لئے بنایا ہے (۴۲) احسانات کی فہرست تو سن چکے اب جاؤ کام کرو (۴۳) فرعون ہم سے باغی ہو گیا ہے۔ اسے جا کر سمجھاؤ (۴۴) اس کے ساتھ سختی سے پیش نہ آنا شاید اسے ہدایت ہو جائے (۴۵) ہم کو ڈر ہے کہ وہ بڑا سخت گیر ہے اس لئے خطرہ ہے کہ ہم پر بھی سختی کرے اور تبلیغ کرنے ہی نہ دے (۴۶) ڈرو مت میں تمہارے ساتھ ہوں (۴۷) اسے جا کر یہ پیغام دو کہ بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ روانہ کر دو۔ انہیں تکلیف نہ دو اور اسے کہہ دو، سلامتی اسی کے لئے ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم کو مان جائے (۴۸) سزا اسے ملتی ہے جو اللہ تعالیٰ کا حکم نہ مانے (۴۹) فرعون نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام تمہارا رب کونسا ہے (۵۰) ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شے کو صورت وجود عطا کی اور سب کو منزل کمال کی طرف چلنے کی راہ دکھائی۔

يٰمُوْسٰى ﴿٤٠﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِىْ ﴿٤١﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ

یہاں آیا اور میں نے تجھے خاص اپنے واسطے بنایا ہے تو اور تیرا بھائی میری نشانیاں لے

بِاٰيٰتِىْ وَلَا تَنِيَا فِىْ ذِكْرِىْ ﴿٤٢﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ

کر جاؤ اور میری یاد میں کوتاہی نہ کرو فرعون کے پاس جاؤ بے شک وہ سرکش

طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ

ہو گیا ہے سو اس سے نرمی سے بات کرو شاید وہ نصیحت حاصل کرے یا

يَخْشٰى ﴿٤٤﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ

ڈر جائے کہا اے ہمارے رب ہمیں ڈر ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا

اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِىْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾

یہ کہ زیادہ سرکشی کرے فرمایا ڈرو مت میں تمہارے ساتھ سنتا اور دیکھتا ہوں

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا

سو تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ بیشک ہم تیرے رب کی طرف سے پیغام لے کر آئے ہیں کہ بنی اسرائیل کو

بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ

ہمارے ساتھ بھیج دے اور انہیں تکلیف نہ دے ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا

نشانی لے کر آئے ہیں اور سلامتی اس کے لئے ہے جو سیدھی راہ پر چلے بیشک ہمیں

قَدْ اُوْحِىَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَ

وحی سے بتایا گیا ہے کہ عذاب اسی پر ہوگا جو جھٹلائے اور

تَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِىْٓ

منہ پھیرے کہا اے موسیٰ پھر تمہارا رب کون ہے کہا ہمارا رب وہ ہے جس نے

اَعْطٰى كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ

ہر چیز کو اس کی صورت عطا کی پھر راہ دکھائی کہا پھر پہلی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا
جماعتوں کا کیا حال ہے کہا ان کا علم میرے رب کے ہاں کتاب میں ہے میرا
يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ
رب نہ غلطی کرتا ہے اور نہ بھولتا ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا
مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۭ
بنایا اور تمہارے لئے اس میں راستے بنائے اور آسمان سے پانی نازل کیا
فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَ
پھر ہم نے اس سے طرح طرح کی مختلف سبزیاں نکالیں کھاؤ اور
ارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿٥٤﴾ ع
اپنے مویشیوں کو چراؤ بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں
مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً
اسی زمین سے ہم نے تمہیں بنایا اور اسی میں لوٹائیں گے اور دوبارہ اسی سے
اُخْرٰى ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾
نکالیں گے اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھا دیں پھر اس نے جھٹلایا اور انکار کیا
قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾
کہا اے موسیٰ کیا تو ہمیں اپنے جادو سے ہمارے ملک سے نکالنے کے لئے آیا ہے
فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ
سو ہم بھی تیرے مقابلہ میں ایک ایسا ہی جادو لائیں گے سو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ
مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ
مقرر کر دے نہ ہم اس کے خلاف کریں اور نہ تو کسی صاف میدان میں کہا
مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾
تمہارا وعدہ جشن کا دن ہے اور دن چڑھے لوگ اکٹھے کئے جائیں

ع ۱۱

## ربطِ آیات

(۵۱) جب فرعون نے دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام نے جواب تو معقول دیا جس کا جواب فرعون کے پاس کوئی نہ تھا تو اس نے بیہودہ باتیں شروع کر دیں اور کہا کہ پہلے لوگوں کے حالات و واقعات بتائیے۔ (۵۲) ان کے حالات میرے رب کے ہاں پورے پورے محفوظ ہیں (۵۳) میرے اس رب کے پاس ان کے حالات محفوظ ہیں جس کی قدرت کے ریکارنامے ہیں (۵۴) رب کی پیدا کردہ نعمتوں کو خود استعمال کرو اور اپنے جانوروں کو استعمال کراؤ عقلمندوں کے لئے رب کی شناخت کے لئے یہ دلائل کافی ہیں (۵۵) اسی زمین سے اللہ تعالیٰ نے سب کو پیدا کیا، اسی میں

**خلاصہ رکوع ۳**

(۱) مسوخ الفطرت والوں کا تسلیم حق سے انکار کرنا۔ (۲) اور سلیم الفطرت والوں کا سر تسلیم خم کرنا۔

ماخذ: (۱) آیت ۵۹ (۲) آیت ۷۰

سب کو لوٹائے گا اور اسی سے دوبارہ اٹھائے گا (۵۶) ہم نے فرعون کو ساری نشانیاں دکھائیں لیکن اس نے جھٹلایا اور ماننے سے انکار کیا (۵۷) اخیر یہ جواب دیا کہ تو اے موسیٰ علیہ السلام ہمیں نکال کر اس ملک پر قابض ہونا چاہتا ہے (۵۸) ایک وقت مقرر کر دو تاکہ جادو کا مقابلہ کر دکھائیں (۵۹) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جس دن تمہاری عید ہو اس دن چاشت کے وقت لوگوں کو جمع کر لیا جائے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمْ

پھر فرعون لوٹ گیا اور اپنے مکر کا سامان جمع کیا پھر آیا موسیٰ نے کہا

مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ

افسوس تم اللہ پر بہتان نہ باندھو ورنہ وہ کسی عذاب سے تمہیں

بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ

ہلاک کردے گا اور بیشک جس نے جھوٹ بنایا وہ غارت ہوا پھر ان کا آپس میں اختلاف

بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ

ہوگیا اور خفیہ گفتگو کرتے رہے کہا بیشک یہ دونوں جادوگر ہیں

يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا

چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہارے

بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ

عمدہ طریقہ کو موقوف کر دیں پھر تم اپنی تدبیر جمع کر کے صف باندھ کر آؤ

وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ

اور تحقیق آج جیت گیا جو غالب رہا کہا اے موسیٰ یا

اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ

تو ڈال اور یا ہم پہلے ڈالنے والے ہوں کہا

بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ

بلکہ تم ڈالو پس اچانک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کے جادو سے اس کے

سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً

خیال میں آئیں کہ دوڑ رہی ہیں پھر موسیٰ نے اپنے دل میں ڈر محسوس کیا

مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا

ہم نے کہا ڈر مت بیشک تو ہی غالب ہوگا اور جو تیرے

## ربط آیات

(٦٠) اب فرعون نے حق کے مقابلہ میں باطل کی قوت جمع کی اور وقت معین پر آیا، اور جادوگروں کو مقابلہ کے لئے کھڑا کیا (٦١) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں کو پہلے تبلیغ حق فرمائی (٦٢) ان جادوگروں کا آپس میں کچھ جھگڑا سا ہوگیا۔ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام سے پوشیدہ باتیں کرتے رہے (٦٣) انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ لوگ اپنے جادو کے زور سے قبطیوں کو نکال کر ملک پر خود قابض ہونا چاہتے ہیں۔ (٦٤) لہٰذا اپنی ساری طاقت جمع کرکے ان کا مقابلہ کرو۔ (٦٥) اے موسیٰ علیہ السلام! آپ پہلے جادو کا کھیل دکھائیں یا ہم پہل کرتے ہیں (٦٦) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم ہی شروع کرو، چنانچہ ان کی ساحری اور شعبدہ بازی کے باعث یہ معلوم ہونے لگا کہ ان کی رسیاں اور لاٹھیاں سانپ ہیں کہ دوڑنے لگے ہیں۔ (٦٧) موسیٰ علیہ السلام، دل میں ذرا ڈر سے گئے۔ (٦٨) ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا، ڈر مت۔ تم ہی جیتو گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ

دائیں ہاتھ میں ہے ڈال دے کہ نگل جائے جو کچھ انہوں نے بنالیا ہے جو کچھ کہ انہوں نے بنایا ہے صرف جادوگر کا فریب

وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا

اور جادوگر کا بھلا نہیں ہوتا جہاں بھی ہو پھر جادوگر سجدہ میں گر پڑے

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ

کہا ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے کہا تم میری اجازت سے

قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ

پہلے ہی اس پر ایمان لے آئے بیشک یہ تمہارا سردار ہے جس نے تمہیں

السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

جادو سکھایا سو اب میں تمہارے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کٹواؤں گا

وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ

اور تمہیں کھجور کے تنوں پر سولی دوں گا اور تمہیں معلوم ہو جائے گا ہم میں سے کس

اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰي مَا

کا عذاب سخت اور دیر تک رہنے والا ہے کہا ہم تجھے ہرگز ترجیح نہ دیں گے ان

جَاۗءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ

کھلی ہوئی نشانیوں کے مقابلہ میں جو ہمارے پاس آچکی ہیں اور نہ اسکے مقابلہ میں جس نے ہمیں پیدا کیا ہے سو تو کر گزر

اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾

جو تجھے کرنا ہے تو صرف اس دنیا کی زندگی پر حکم چلا سکتا ہے

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا

بیشک ہم اپنے رب پر ایمان لائے ہیں تاکہ ہمارے گناہ معاف کرے اور جو تو نے ہم سے

عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ

زبردستی جادو کرایا اور اللہ بہتر اور سدا باقی رہنے والا ہے بیشک جو

## ربطِ آیات

(٦٩) تمہارے دائیں ہاتھ میں جو لاٹھی ہے اسے پھینک دو جو کچھ انہوں نے بنایا ہے، سب کو نگل جائے گی۔ بھلا جادوگر بھی کبھی حق کے مقابلہ میں جیت سکتے ہیں۔ (٧٠) جادوگروں نے یہ کیفیت دیکھی تو وہ سمجھ گئے کہ یہ جادو اور شعبدہ بازی نہیں بلکہ طاقت الٰہی کا کرشمہ ہے لہٰذا فوراً سجدے میں گر پڑے اور ایمان لے آئے (٧١) جب جادوگر ایمان لے آئے تو فرعون نے کہا کہ میری اجازت کے بغیر تم کیوں مان گئے۔ معلوم ہوتا ہے تم موسیٰ علیہ السلام کی اس سازش میں شریک تھے۔ اب تمہیں سخت سزا دیتا ہوں (٧٢) انہوں نے جواب دیا کہ ہم پر دلائل واضحہ سے موسیٰ علیہ السلام کی صداقت روشن ہو چکی ہے لہٰذا اب تمہاری بات ہرگز نہیں مان سکتے جو چاہو کر لو (٧٣) ہم اپنے رب پر ایمان لا چکے ہیں اور تم تو جادو کی شعبدہ بازی پر زور دیتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی ذات بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔ لہٰذا اب تو ہم رب ہی کے طرف دار رہیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ
شخص اپنے رب کے پاس مجرم ہو کر آئے گا سو اس کے لئے دوزخ ہے جس میں نہ مرے گا

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٢﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ
اور نہ جیے گا اور جو اس کے پاس مومن ہو کر آئے گا حالانکہ اس نے اچھے

الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾ جَنّٰتُ
کام بھی کئے ہوں تو ان کے لئے بلند مرتبے ہوں گے ہمیشہ رہنے

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ
کے باغ جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور

ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ ع وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۵
یہ اس کی جزا ہے جو گناہ سے پاک ہوا اور البتہ ہم نے موسیٰ کو وحی کی

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ
کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے جا پھر ان کے لئے دریا میں خشک راستہ بنا

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿٧٧﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ
دے پکڑے جانے سے نہ ڈر اور نہ کسی خطرہ کا خوف کھا پھر فرعون نے اپنے لشکر کو

بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ؕ ﴿٧٨﴾ وَاَضَلَّ
لے کر ان کا پیچھا کیا پھر انہیں دریا نے ڈھانپ لیا جیسا ڈھانپا اور فرعون

فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ
نے اپنی قوم کو بہکایا اور راہ پر نہ لایا اے بنی اسرائیل ہم نے

اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ
تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دی اور تم سے طور کی دائیں طرف کا

الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿٨٠﴾ كُلُوْا مِنْ
وعدہ کیا اور تم پر من و سلویٰ اُتارا کھاؤ جو

ع ٣ / ١٢

## ربطِ آیات

(۷۴) جو شخص رب کے ہاں مجرم (یعنی کافر یا مشرک) ہو کر جائے گا اس کا ٹھکانا دوزخ ہے (۷۵-۷۶) اور ایمان والوں کی یہ جزا ہے۔ (۷۷) فرعون بارہا موسیٰ علیہ السلام کی صداقت کو دیکھ چکا اور پھر بھی اپنی ضد پر قائم رہا۔ اتمامِ حجت کے بعد اب موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوتا ہے کہ بلا اجازت فرعون بنی اسرائیل کو لے کر نکل جاؤ اور اس سے ہرگز نہ ڈرو اس لئے کہ وہ پکڑ نہیں سکے گا (۷۸) اس کے بعد فرعون مع لشکر کے بنی اسرائیل کے پیچھے چل پڑا اور سمندر میں غرق ہوا۔

> خلاصہ رکوع ۴
> اتمام حجت کے بعد موسیٰ علیہ السلام کا مصر سے خروج اور ساحرین کا ان کے پیچھے پڑ کر تباہ ہو جانا۔
> ماخذ آیت ۷۷، ۷۸

(۷۹) فرعون نے اپنی ساری قوم کو گمراہ کیا (۸۰) فرعون کا واقعہ تو ختم ہو گیا۔ اب بنی اسرائیل کا قصہ شروع ہوتا ہے بنی اسرائیل کو فرعون کے ظلم سے نجات دلائی گئی تھی لیکن قانون ان کے لئے بھی یہی تھا کہ ان میں سے جو شخص قانون الٰہی سے تجاوز کرے گا، غضب ایزدی کا مورد ٹھہرے گا یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں تسلیم حق پر عزت اور انکار حق پر ذلت مقرر ہے خواہ کوئی ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ
ستھری چیزیں جو ہم نے تمہیں دی ہیں اور اس میں حد سے نہ گزرو پھر تم پر میرا غضب نازل

غَضَبِیْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِیْ فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾ وَ
ہو گا اور جس پر میرا غضب نازل ہوا سو وہ گڑھے میں جا گرا اور

اِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾
بیشک میں بڑا بخشنے والا ہوں اس کو جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھے کام کرے پھر ہدایت پر قائم رہے

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى
اور اے موسیٰ تجھے اپنی قوم سے پہلے جلدی آنے کا کیا سبب ہوا کہا وہ بھی میرے پیچھے یہ آ رہے

اَثَرِیْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ
ہیں اور اے میرے رب میں جلدی تیری طرف آیا تاکہ تو خوش ہو فرمایا تیری قوم کو تیرے

فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿٨٥﴾
بعد ہم نے آزمائش میں ڈال دیا ہے اور انہیں سامری نے گمراہ کر دیا ہے

فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ
پھر موسیٰ اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرے ہوئے افسوس کرتے ہوئے لوٹے کہا اے میری قوم

اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۗ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ
کیا تمہارے رب نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا پھر کیا تم پر بہت زمانہ گزر گیا تھا

اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے رب کا غصہ نازل ہو

فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِیْ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ
تب تم نے مجھ سے وعدہ خلافی کی کہا ہم نے اپنے اختیار سے آپ سے وعدہ خلافی

بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا
نہیں کی لیکن ہم سے اس قوم کے زیور کا بوجھ اٹھوایا گیا تھا سو ہم نے اسے ڈال دیا

منزل ۴

## ربطِ آیات

(۸۱) اے بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کی ستھری پیدا کی ہوئی چیزوں کو کھاؤ اور سرکشی نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو گا (۸۲) اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر کے آئے ایمان لائے نیک عمل کرے اس کے حق میں اللہ تعالیٰ غفار ہے (۸۳) موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے ستر آدمیوں سے پہلے کوہ طور پر پہنچ گئے اس وجہ سے بارگاہ ایزدی میں یہ سوال ہوا (۸۴) وہ میرے پیچھے آ رہے ہیں میں اس لئے آگے آ گیا کہ جلد سے جلد حضور میں سجدہ ریز ہو کر اپنے مالک و خالق کی خوشنودی حاصل کروں (۸۵) اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے گمراہ ہونے کی اطلاع دی (۸۶) موسیٰ علیہ السلام کوہ طور سے لوٹ کر غصہ میں بھرے ہوئے آئے اور آ کر بنی اسرائیل کو سخت ڈانٹا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا

پھر اسی طرح سامری نے ڈال دیا پھر ان کے لئے ایک بچھڑا نکال لایا

لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾

ایک جسم جس میں گائے کی آواز تھی پھر کہا یہ تمہارا اور موسٰی کا معبود ہے سو وہ بھول گیا ہے

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۥ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ

کیا پس وہ نہیں دیکھتے کہ وہ انہیں کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور ان کے نقصان اور نفع کا

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ

بھی اسے اختیار نہیں اور انہیں ہارون نے اس سے پہلے کہہ دیا تھا

يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَ

اے میری قوم اس سے تمہاری آزمائش کی گئی ہے اور بیشک تمہارا رب رحمٰن ہے سو میری پیروی کرو اور

اَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى

میرا کہا مانو کہا ہم برابر اسی پر جمے بیٹھے رہیں گے یہاں تک کہ

يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ

موسٰی ہمارے پاس لوٹ کر آئے کہا اے ہارون تمہیں کس چیز نے روکا جب تم نے دیکھا تھا

ضَلُّوْٓا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿۹۳﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ

کہ وہ گمراہ ہو گئے ہیں کہ تو میرے پیچھے نہ آیا کیا پھر تو نے بھی میری حکم عدولی کی کہا اے میری ماں کے بیٹے

لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ

میری داڑھی اور سر نہ پکڑ بیشک میں ڈرا اس سے کہ تو کہے گا

فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿۹۴﴾ قَالَ

تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میرے فیصلہ کا انتظار نہ کیا کہا

فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا

اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے کہا میں نے وہ چیز دیکھی تھی جو دوسروں نے نہ

منزل ۴

## ربط آیات

(۸۷) جو وعدہ ہم سے آپ لے گئے تھے کہ آپ کے واپس آنے تک اپنے دین پر پختہ رہیں گے اس سے ہم اپنے اختیار سے نہیں ہٹے بلکہ واقعات ہی ایسے ہوتے گئے جن سے ہم گمراہ ہو گئے۔ مثلاً ہم نے اور سامری نے تمام زیور آگ میں ڈالے (۸۸) پھر سامری نے ان سے ایک بچھڑا بنایا۔ جس سے بچھڑے کی سی آواز بھی نکلتی تھی لوگوں نے خیال کیا کہ یہی خدا ہے اور موسٰی علیہ السلام بھول کر کوہ طور پر گئے ہیں (۸۹) ان

ع ۴ ۱۴

| خلاصہ رکوع ۵ |
| --- |
| (۱) ہارون علیہ السلام کا بنی اسرائیل کی اصلاح سے عاجز آ جانا (۲) اور موسٰی علیہ السلام کے آنے سے اصلاح ہونا |
| ماخذ (۱) آیت ۹۱ (۲) آیت ۹۴ |

لوگوں کو اتنی تمیز نہ ہوئی کہ وہ تو کسی بات کا جواب ہی نہیں دے سکتا اور نہ ان کے نفع و نقصان کا مالک ہو سکتا ہے (۹۰) حضرت ہارون علیہ السلام نے موسٰی علیہ السلام کی آمد سے پہلے بہتیرا سمجھایا لیکن وہ باز نہ آئے (۹۱) بنی اسرائیل نے کہا کہ موسٰی علیہ السلام کے تشریف لانے تک تو ہم اسی طرح رہیں گے (۹۲) موسٰی علیہ السلام نے واپس آکر ہارون علیہ السلام کو ڈانٹنا شروع کیا (۹۳) کہ تو نے مجھے آکر اطلاع کیوں نہ دی (۹۴) جوش میں آکر موسٰی علیہ السلام نے بھائی کی داڑھی اور سر کے بال پکڑ لیے ہارون علیہ السلام اپنی معذرت پیش کرکے مجبور ایسے تھے (۹۵) ہارون علیہ السلام کے بعد سامری کی طرف متوجہ ہوئے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَ

دیکھی پھر میں نے رسول کے نقش قدم کی ایک مٹھی مٹی کی لے کر ڈال دی اور میرے دل نے

كَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ

مجھے ایسی ہی بات سوجھائی کہا بس چلا جا تیرے لئے

فِي الْحَيَوٰةِ أَن تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَإِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّن

زندگی میں یہ سزا ہے کہ تو کہے گا ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے ایک اور وعدہ ہے جو تجھ

تُخْلَفَهُ وَانظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا

سے ٹلنے والا نہیں اور تو اپنے معبود کو دیکھ جس پر تو جما بیٹھا تھا

لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ

ہم اسے ضرور جلا دیں گے پھر اسے دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے تمہارا معبود وہی اللہ ہے

الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذَٰلِكَ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے علم میں سب چیز سمائی ہے ہم اسی طرح سے

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا

تجھے گذشتہ لوگوں کی کچھ خبریں سناتے ہیں اور ہم نے تجھے اپنے ہاں سے ایک

ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَّنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾

نصیحت نامہ دیا ہے جس نے اس سے منہ پھیرا سو وہ قیامت کے دن بوجھ اٹھائے گا

خَالِدِينَ فِيهِ وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَوْمَ يُنفَخُ فِي

اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ان کے لئے قیامت کے دن برا بوجھ ہوگا جس دن صور میں پھونکا

الصُّورِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَتَخَافَتُونَ

جائے گا اور ہم اس دن مجرموں کو نیلی آنکھوں والے کر کے جمع کریں گے چپکے چپکے آپس میں باتیں

بَيْنَهُمْ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ

کہتے ہوں گے کہ تم صرف دس دن ہی ٹھہرے ہو ہم خوب جان لیں گے جو کچھ وہ کہیں گے

## ربط آیات

(۹۶) اس نے اپنی گمراہی کے اسباب بیان کئے (۹۷) موسیٰ علیہ السلام نے اسے بددعا دی اور اس کے بنائے بچھڑے کو جلا دیا۔ اور پھر سمندر میں اڑا دیا (۹۸) تمہارا اصلی معبود تو یہ ہے (۹۹) سارا قصہ ختم ہوگیا اب پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف خطاب ہے، ارشاد ہوتا ہے کہ ہم نے آپ کو پہلے واقعات سنانے اپنے پاس سے ذکر یعنی قرآن حکیم عطا کیا۔ دحاصل یہ ہے کہ اس کے ساتھ بھی وہی سلوک ہوگا جو پہلی کتابوں سے ہوا ہو (۱۰۰) جو اس سے اعراض کرے گا سزا پائے گا (۱۰۱) اعراض کرنے والے ہمیشہ سزا پائیں گے (۱۰۲) سزا اس دن ملے گی۔ (۱۰۳) آہستہ آہستہ آپس میں باتیں کریں گے کہ تم تو خیال کرتے تھے کہ قبروں سے کبھی نہیں اٹھیں گے معلوم ہوا ہے تم تو قبر میں صرف دس دن یا راتیں قیام کر کے چلے آئے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَ
جب ان میں سے بڑا سمجھدار کہے گا کہ تم صرف ایک ہی دن ٹھہرے ہو اور

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾
تجھ سے پہاڑوں کا حال پوچھتے ہیں سو کہہ دے میرا رب انہیں بالکل اُڑا دے گا

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ﴿١٠٧﴾
پھر زمین کو چٹیل میدان کر کے چھوڑے گا تو اس میں کجی اور ٹیلا نہیں دیکھے گا

يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ
اس دن پکارنے والے کا اتباع کریں گے اس میں کوئی کجی نہیں ہوگی اور رحمٰن کے ڈر سے

الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ
آوازیں دب جائیں گی پھر تو پاؤں کی آہٹ کے سوا کچھ نہیں سنے گا اس دن سفارش کام

الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾
نہیں آئے گی مگر جسے رحمٰن نے اجازت دی اور اس کی بات پسند کی

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ﴿١١٠﴾
وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے اور پیچھے ہے اور ان کا علم اسے احاطہ نہیں کر سکتا

وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ
اور سب منہ حیّ و قیوم کے سامنے جھک جائیں گے اور تحقیق نامراد ہوا جس نے ظلم کا

ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ
بوجھ اُٹھایا اور جو نیک کام کرے گا اور وہ مومن بھی ہو تو اسے ظلم اور

ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا وَ
حق تلفی کا کوئی خوف نہیں ہوگا اور اسی طرح ہم نے اسے عربی قرآن نازل کیا ہے اور

صَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ
ہم نے اس میں طرح طرح سے ڈرانے کی باتیں سنائیں تاکہ وہ ڈریں یا ان میں سمجھ

ع ٦/١٦

**خلاصہ رکوع ٦**
مستحق شفیع ہی کے لئے شفاعت نہیں ہوگی۔ ملخص آیت ١٠٩

## ربطِ آیات

(١٠٤) بلکہ ان میں سے زیادہ عقلمند تو یہ خیال کرے گا کہ قبر میں فقط ایک ہی دن ٹھہر کر آ گئے ہیں (١٠٥) منکرین قیامت پوچھتے ہیں کہ قیامت کے دن پہاڑوں کا کیا حال ہوگا۔ انہیں کہہ دیجئے پہاڑ اُڑ جائیں گے (١٠٦) پہاڑوں کی جگہ چٹیل میدان ہو جائے گا (١٠٧) ان میں نہ کجی باقی رہے گی اور نہ کوئی اونچی جگہ (١٠٨) بلانے والے کی آواز پر سب قبروں سے اُٹھ کر حاضر ہو جائیں گے (١٠٩) اس دن اجازت الٰہی کے سوا کسی کو لب کشائی کی جرأت نہ ہوگی (١١٠) اس دن دیکھنا آج بھی اللہ تعالیٰ سب کے حالات سے پورا پورا آگاہ ہوگا بلکہ ہے اور اس کے علم کا کوئی احاطہ نہیں کر سکے گا (١١١) اللہ تعالیٰ کے سامنے اس دن سب عاجز ہوں گے اور نقصان صرف ظالم اُٹھائیں گے (١١٢) نیکوکاروں کو کوئی ڈر نہیں ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ
پیدا کر دے سو اللہ بادشاہ حقیقی بلند مرتبے والا ہے اور تو قرآن کے لینے میں جلدی نہ کر

مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ
جب تک اس کا اُترنا پُورا نہ ہو جائے اور کہہ اے میرے رب مجھے اور زیادہ

عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ
علم دے اور ہم نے اس سے پہلے آدم سے بھی عہد لیا تھا پھر وہ بھول گیا اور ہم

نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا ع ۶ ۱۵
نے اس میں پختگی نہ پائی اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَ
سب نے سجدہ کیا اس نے انکار کیا پھر ہم نے کہا اے آدم بے شک یہ تیرا اور تیری بیوی کا دشمن

لِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ
ہے سو تمہیں جنت سے نہ نکلوا دے پھر تو تکلیف میں پڑ جائے بے شک تو

اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ لا وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا
اس میں بھوکا اور ننگا نہیں ہوگا اور بیشک تو اس میں نہ پیاسا ہوگا اور نہ تجھے

تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ
دھوپ لگے گی پھر شیطان نے اس کے دل میں خیال ڈالا کہا اے آدم کیا میں تجھے ہمیشگی

عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ
کا درخت بتاؤں اور ایسی بادشاہی جس میں ضعف نہ آئے پھر دونوں نے اس درخت سے کھایا تب ان پر

لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَ
ان کی برہنگی ظاہر ہو گئی اور اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے اور

عَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ صلے ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ
آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی پھر بھٹک گیا پھر اس کے رب نے اسے سرفراز کیا پھر اس کی توبہ قبول کی

## ربطِ آیات

(۱۱۳) ہم نے قرآن کو عربی میں نازل فرمایا اور واقعۂ قیامت کو مختلف طریقوں سے بیان فرمایا تاکہ یہ سمجھ کر پرہیزگار ہو جائیں (۱۱۴) اللہ تعالیٰ سچا بادشاہ ہے اس کی شان اس سے بلند ہے کہ خلاف واقعہ بیان کرے (۱۱۵) ہم نے آدم علیہ السلام (ابوالانس) کے ارادہ میں مضبوطی نہیں پائی تھی (یہ تو بھلا اس کی اولاد ہیں) لہٰذا ان میں بھی وہی نقص موجود ہے کہ بندہ کہلاتے ہیں اور بندگی کے احکام بجالانے سے جی چُراتے ہیں اور اگر واقعات عنقریب پیش آنے والے بتلائے جاتے ہیں تو ان پر بھی توجہ نہیں کرتے۔

(۱۱۶) مخالفین توحید مجازات قرآن اپنے ازلی دشمن شیطان کے پنجے میں آتے ہیں چنانچہ ملائکۂ عظام نے تو آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور شیطان نے انکار کیا (۱۱۷) اے آدم خبردار رہو شیطان تم دونوں کا دشمن ہے تمہیں کہیں جنت سے نکال نہ دے (۱۱۸) یہاں نہ بھوک ستائے گی اور نہ ننگے ہوں گے (۱۱۹) نہ پیاس لگے گی نہ دُھوپ ہوگی (۱۲۰) شیطان نے آکر یہ جال پھیلایا اور ان دونوں کو پھنسا لیا۔ (۱۲۱) جس درخت سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا تھا وہی درخت شیطان نے کھلایا اور ان دونوں حضرات نے کھایا۔ جنت کا لباس چھین گیا اور نافرمانی کا فردِ جرم لگ گیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24 ALMARIFAT

هُدًى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ
اور راہ دکھائی فرمایا تم دونوں یہاں سے نکل جاؤ تم میں سے ایک دوسرے کا دشمن ہے
فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا
پھر اگر تمہیں میری طرف سے ہدایت پہنچے پھر جو میری ہدایت پر چلے گا تو گمراہ
يَضِلُّ وَلَا يَشْقَىٰ ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ
نہیں ہوگا اور نہ تکلیف اٹھائے گا اور جو میرے ذکر سے منہ پھیرے گا تو اس
لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ
کی زندگی بھی تنگ ہوگی اور اسے قیامت کے دن اندھا کرکے اٹھائیں گے کہے گا اے میرے رب
لِمَ حَشَرْتَنِي أَعْمَىٰ وَقَدْ كُنْتُ بَصِيرًا ﴿١٢٥﴾ قَالَ كَذَٰلِكَ
تو نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا حالانکہ میں بینا تھا فرمائے گا اسی طرح تیرے
أَتَتْكَ آيَاتُنَا فَنَسِيتَهَا ۖ وَكَذَٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسَىٰ ﴿١٢٦﴾ وَكَذَٰلِكَ
پاس ہماری آیتیں پہنچی تھیں پھر تو نے انہیں بھلا دیا تھا اور اسی طرح آج تو بھی بھلا دیا گیا ہے اور اسی طرح ہم
نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِآيَاتِ رَبِّهِ ۚ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ
بدلہ دیں گے جو حد سے نکلا اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہیں لایا اور البتہ آخرت کا عذاب
أَشَدُّ وَأَبْقَىٰ ﴿١٢٧﴾ أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ
بڑا سخت اور دیر پا ہے سو کیا انہیں اس بات سے بھی سمجھ نہیں آئی کہ ہم نے ان سے پہلے کئی جماعتیں ہلاک کر دی
يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِأُولِي النُّهَىٰ ﴿١٢٨﴾
ہیں یہ لوگ ان کی جگہوں میں پھرتے ہیں بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَأَجَلٌ
اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے طے شدہ نہ ہوتی اور میعاد معین نہ ہوتی تو عذاب لازمی
مُسَمًّى ﴿١٢٩﴾ فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ
طور پر ہوتا پس صبر کر اس پر جو کہتے ہیں اور سورج کے نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے

ع ٧ ١٦

**خلاصہ رکوع ٧**

(١) واقعہ عصیان آدم علیہ السلام (٢) اہل عصیان کے ازالہ کے لئے تذکیر کی ضرورت ہے (٣) اور اواخر ذکر سے عمی کا باقی رہنا۔ ماخذ (١) آیت ١٢١ (٢) آیت ١٢٣ (٣) آیت ١٢٥۔

## ربطِ آیات

(١٢٢) پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور رہنمائی کی (١٢٣) توبہ قبول ہونے سے پہلے جنت سے اُتارے گئے اور توبہ دنیا میں آ کر قبول ہوئی جنت سے نکالتے وقت نسل آدم کو یہ پیغام ملا۔ (١٢٤) جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اس کی یہ سزا ہے (١٢٥) جب قیامت کے دن اپنے اندھے ہونے کی وجہ دریافت کرے گا (١٢٦) تو یہ جواب ملے گا۔ (١٢٧) حدود عبدیت سے آگے بڑھنے والوں اور احکام الٰہی کے نہ ماننے والوں کی سزا ایسی ہوتی ہے (١٢٨) ان مخالفین کو پہلی تباہ شدہ بستیوں سے بھی عبرت حاصل نہیں ہوتی (١٢٩) اگر تقدیر الٰہی میں عذاب کی تاخیر مقدر نہ ہوتی تو فوراً ان پر عذاب آ جاتا۔

**خلاصہ رکوع ٨**

مخالفین پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دوستی کے لئے شب و روز تسبیح جاری ہے۔
ماخذ: آیت ١٣٠۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ۖ وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ

اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کر اور رات کی کچھ گھڑیوں میں اور دن کے اول

وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَىٰ ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ

اور آخر میں بھی تسبیح کر تاکہ تجھے خوشی حاصل ہو اور تو اپنی نظر ان چیزوں کی طرف

إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۵

نہ دوڑا جو ہم نے مختلف قسم کے لوگوں کو دنیاوی زندگی کی رونق کے سامان دے رکھے ہیں

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٣١﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ

تاکہ ہم انہیں اس میں آزمائیں اور تیرے رب کا رزق بہتر اور دیرپا ہے اور اپنے گھر والوں کو

بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ

نماز کا حکم کر اور خود بھی اس پر قائم رہ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے ہم تجھے روزی دیتے ہیں

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿١٣٢﴾ وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن

اور پرہیزگاری کا انجام اچھا ہے اور لوگ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے پاس اپنے رب کی کوئی نشانی

رَّبِّهِ ۚ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ﴿١٣٣﴾

کیوں نہیں لے آتا کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کی شہادت نہیں پہنچی

وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا

اور اگر ہم انہیں اس سے پہلے کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے تو کہتے اے ہمارے رب تو نے ہمارے

أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ

پاس کوئی رسول کیوں نہ بھیجا تاکہ ہم ذلیل و خوار ہونے سے پہلے تیرے حکموں

وَنَخْزَىٰ ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ

پر چلتے کہہ دو ہر ایک انتظار کرنے والا ہے سو تم بھی انتظار کرو آئندہ تمہیں معلوم ہو

مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿١٣٥﴾ ع

جائے گا کہ سیدھی راہ پر کون ہے اور ہدایت پانے والا کون ہے

ع ۱۷

## ربطِ آیات

(۱۳۰) جو کچھ یہ لوگ کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبر سے برداشت کریں اور اپنا تعلق باللہ شب و روز مضبوط کرتے رہیں (۱۳۱) اور دنیا کا ساز و سامان جو انہیں ملا ہوا ہے اس کا خیال نہ کریں اس میں بھی ان کے لئے فتنہ ہے۔ مومنین کے لئے جو رزق اللہ تعالیٰ نے تیار کیا ہے وہ بدرجہا بہتر اور باقی رہنے والا ہے (۱۳۲) اور اپنے اہل و عیال کو یاد الٰہی کی رغبت دلائیں اور ان کے رزق کی فکر نہ کریں اس کے ہم ضامن ہیں بالآخر فتح تقویٰ کی ہوگی جس کے آپ حامل ہیں (۱۳۳) مخالف کہتے ہیں کہ کوئی معجزہ آپ کیوں نہیں دکھاتے کیا قرآن حکیم معجزہ نہیں ہے (۱۳۴) اگر رسول بھیجنے سے پہلے ہم انہیں عذاب دیتے تو یہ عذر پیش کرتے کہ ہدایت کے لئے ہماری طرف رسول کیوں نہ بھیجا۔ اب رسول آیا ہے تو اس کے ساتھ یہ سلوک کر رہے ہیں (۱۳۵) اگر نہیں مانتے تو انتظار کرو خود بخود معلوم ہو جائے گا کہ کون حق پر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۱۱۲ (۲۱) سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاۗءِ مَكِّيَّةٌ (۷۳) رکوعاتها ۷

آیتیں ۱۱۲ سورۃ انبیاء مکی ہے رکوع ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ
لوگوں کے حساب کا وقت قریب آ گیا ہے اور وہ غفلت میں پڑ کر
مُّعْرِضُوْنَ ۚ ۝۱ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا
منہ پھیرنے والے ہیں ان کے رب کی طرف سے سمجھانے کے لئے کوئی ایسی نئی بات انکے پاس نہیں
اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ
آتی کہ جسے سن کر ہنسی میں نہ ٹال دیتے ہوں ان کے دل کھیل میں لگے ہوئے ہیں اور ظالم پوشیدہ سرگوشیاں
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَ
کرتے ہیں کہ یہ تمہاری طرح ایک انسان ہی تو ہے پھر کیا تم دیدہ دانستہ جادو
اَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۡ
کی باتیں سنتے جاتے ہو رسول نے کہا کہ میرا رب آسمان اور زمین کی سب باتیں جانتا ہے
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۴ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ
اور وہ سننے والا جاننے والا ہے بلکہ کہتے ہیں کہ یہ بیہودہ خواب ہیں بلکہ اس نے جھوٹ بنالیا
بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۵
ہے بلکہ وہ شاعر ہے پھر چاہیئے کہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جس طرح پہلے پیغمبر بھیجے گئے تھے
مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ
ان سے پہلے کوئی بستی ایمان نہیں لائی تھی جسے ہم نے ہلاک کیا کیا اب یہ

## ربط آیات

### سورۃ الانبیاء

**موضوع سورۃ**

دعوت الی الذکر اور انبیاء علیہم السلام کا آفاقی اور انفسی مصائب میں باذن الٰہی نجات پانا۔ (۱) قیامت قریب آگئی اور یہ مشرکین و کفار ابھی تک غفلت میں ہیں۔ یہی غفلت

**خلاصہ رکوع ۱**

دعوت الی الذکر۔

ماخذ آیت ۲

کے باعث اصول دین سے بے بہرہ ہیں اور حساب دینے کی تیاری نہیں کرتے (۲) جو نیا ذکر آتا ہے اسے تماشا سمجھتے ہیں (۳) ذکر الٰہی جو انہیں سنایا جاتا ہے اس سے ان کے دلوں پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ویسے کے ویسے غافل رہتے ہیں بلکہ ذکر سنانے والے پر الٹا یہ الزام لگاتے ہیں کہ یہ شخص جادوگر ہے۔ (۴) اس الزام کا جواب نبی کی طرف سے قطعی یہ ہے۔ (۵) کبھی کہتے ہیں کہ تعلیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے بلکہ پریشان خواب ہیں۔ افترا ہے۔ شاعری ہے۔ اگر یہ نبی سچا ہے تو پہلے نبیوں کی طرح کوئی معجزہ دکھائے

الجزء السابع عشر ۱۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ وَمَآ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِىٓ

ایمان لائیں گے اور ہم نے تم سے پہلے بھی تو آدمیوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا تھا ان کی طرف ہم

إِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوٓا۟ أَهْلَ ٱلذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٧﴾

وحی بھیجا کرتے تھے اگر تم نہیں جانتے تو علم والوں سے پوچھ لو

وَمَا جَعَلْنَٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ ٱلطَّعَامَ وَمَا

اور ہم نے ان کے ایسے بدن بھی نہیں بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھائیں اور نہ

كَانُوا۟ خَٰلِدِينَ ﴿٨﴾ ثُمَّ صَدَقْنَٰهُمُ ٱلْوَعْدَ فَأَنجَيْنَٰهُمْ

وہ ہمیشہ رہنے والے تھے پھر ہم نے ان سے وعدہ سچا کر دیا تب انہیں اور جسے

وَمَن نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا ٱلْمُسْرِفِينَ ﴿٩﴾ لَقَدْ أَنزَلْنَآ

ہم نے چاہا نجات دی اور ہم نے حد سے بڑھنے والوں کو ہلاک کر دیا البتہ تحقیق ہم نے تمہارے

إِلَيْكُمْ كِتَٰبًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٠﴾ وَكَمْ

پاس ایک ایسی کتاب بھیجی ہے جس میں تمہاری نصیحت ہے کیا پس تم نہیں سمجھتے اور ہم نے

قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا

بہت سی بستیوں کو جو ظالم تھیں غارت کر دیا ہے اور ان کے بعد

بَعْدَهَا قَوْمًا ءَاخَرِينَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ أَحَسُّوا۟ بَأْسَنَآ إِذَا

ہم نے اور قومیں پیدا کیں پھر جب انہوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ

هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ ﴿١٢﴾ لَا تَرْكُضُوا۟ وَٱرْجِعُوٓا۟ إِلَىٰ

پائی تو وہ فوراً وہاں سے بھاگنے لگے مت بھاگو اور لوٹ جاؤ جہاں

مَآ أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُونَ ﴿١٣﴾

تم نے عیش کیا تھا اور اپنے گھروں میں جاؤ تاکہ تم سے پوچھا جائے

قَالُوا۟ يَٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَت تِّلْكَ

کہنے لگے ہائے ہماری کم بختی بیشک ہم ہی ظالم تھے سو ان کی یہی

ع ۱

## ربط آیات

(۶) پہلے لوگ معجزات دیکھ کر ایمان نہیں لائے اور نہ یہ لائیں گے (۷) الزامات جو تم لگاتے ہو تمہارا کیا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ وحی نہیں بھیجا کرتے۔ پہلے انبیاء علیہم السلام کے متعلق دوسری اہل کتاب سے پوچھ تو دیکھو کہ ان پر وحی نازل ہوئی یا نہیں ہوئی (۸) کیا وہ انبیاء علیہم السلام کے لوازمات بشریہ سے مبرا تھے۔ ہرگز نہیں (۹) پھر ہم نے ہمیشہ انبیاء علیہم السلام سے اپنی مدد کا وعدہ پورا کیا یہاں بھی یہی ہوگا (۱۰) اس کتاب یعنی قرآن حکیم میں

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۲ |
| تذکیر بایام اللہ۔ |
| ماخذ آیت ۱۱ تا ۱۵۔ |

تمہارے لئے نصیحت ہے لہذا عقل سے کام لو اسے مان جاؤ اس میں تمہارا بھلا ہے (۱۱) تم سے پہلے ہم نے کتنی ظالم بستیوں کے ٹکڑے اڑا دیئے اور ان کی جگہ نئی بستیاں آباد کیں (۱۲) عذاب الٰہی کو دیکھ کر وہ بھاگنے (۱۳) بھاگتے کیوں ہو۔ آؤ اپنے ساز و سامان اور گھروں میں بیٹھو (۱۴) اب اپنے ظلم کا اقرار کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾
پکار رہی یہاں تک کہ ہم نے انہیں ایسا کر دیا جس طرح کھیتی کٹی ہوئی ہو اور وہ بجھ کر رہ گئے
وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾
اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے کھیلتے ہوئے نہیں بنایا
لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ ق
اور اگر ہم کھیل ہی بنانا چاہتے تو اپنے پاس کی چیزوں کو بناتے
اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى
اگر ہمیں یہی کرنا ہوتا بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے
الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ
ہیں پھر وہ باطل کا سر توڑ دیتا ہے پھر وہ مٹنے والا ہوتا ہے اور تم پر
الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ
افسوس ہے ان باتوں سے جو تم بناتے ہو اور اسی کا ہے جو کوئی آسمانوں اور
وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ
زمین میں ہے اور جو اس کے ہاں ہیں اس کی عبادت سے سرکشی نہیں
عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ ج يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ
کرتے اور نہ تھکتے ہیں رات اور دن تسبیح
وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ
کرتے ہیں سستی نہیں کرتے کیا انہوں نے زمین کی چیزوں سے
الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ
ایسے معبود بنا رکھے ہیں جو زندہ کریں گے اگر ان دونوں میں اللہ کے سوا اور
اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا
معبود ہوتے تو دونوں خراب ہو جاتے سو اللہ عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو یہ

## ربطِ آیات

(۱۵) عذاب آنے کے بعد توبہ کس طرح قبول ہو سکتی ہے (۱۶) آسمان اور زمین کی پیدائش کھیل اور تماشے کے طور پر تو نہیں ہوئی کہ یہ بے نتیجہ ہی رہے (۱۷) اگر کھیل بنانی ہوتی تو ہم بنا سکتے تھے نہ کہ تم ہمارے کام کو کھیل بناؤ لیکن ہم نے اسے کھیل نہیں بنایا کیونکہ یہ حکیم کی حکمت کے خلاف ہے (۱۸) یاد رکھو ہم حق سے باطل کو پاش پاش کر دیں گے (۱۹) آسمان و زمین والے سب اسی کے مملوک ہیں، جو فرشتے اللہ تعالیٰ کے ہاں مقرب ہیں انہیں تو عبادت الٰہی سے عار نہیں، حالانکہ وہ پاک ہیں لیکن تم باوجود گنہگار ہونے کے عبادت سے جی چراتے ہو۔ (۲۰) شب و روز مسلسل تسبیح میں مصروف رہتے ہیں۔ (۲۱) کیا انہوں نے معبود حقیقی کو چھوڑ کر زمین سے کوئی خدا بنا لیے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَصِفُونَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُونَ ﴿٢٣﴾ أَمِ

بیان کرتے ہیں جو کچھ وہ کرتا ہے اس سے پوچھا نہیں جاتا اور وہ پوچھے جاتے ہیں کیا

اتَّخَذُوا مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَٰنَكُمْ ۖ هَٰذَا

انہوں نے اس کے سوا اور بھی معبود بنا رکھے ہیں کہہ دو اپنی دلیل لاؤ یہ

ذِكْرُ مَن مَّعِىَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِى ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

میرے ساتھ والوں کی کتاب اور مجھ سے پہلے لوگوں کی کتابیں موجود ہیں بلکہ اکثر ان میں سے حق جانتے ہی

ٱلْحَقَّ ۖ فَهُم مُّعْرِضُونَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن

نہیں اس لئے منہ پھیرے ہوئے ہیں اور ہم نے تم سے پہلے ایسا کوئی رسول

رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِىٓ إِلَيْهِ أَنَّهُۥ لَآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾

نہیں بھیجا جس کی طرف یہ وحی نہ کی ہو کہ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں سو میری ہی عبادت کرو

وَقَالُوا ٱتَّخَذَ ٱلرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَٰنَهُۥ ۚ بَلْ عِبَادٌ

اور کہتے ہیں کہ اللہ نے اولاد بنا رکھی ہے وہ پاک ہے لیکن وہ معزز

مُّكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُونَهُۥ بِٱلْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِۦ

بندے ہیں بات کرنے میں اس سے پیش قدمی نہیں کرتے اور وہ اسی کے حکم پر

يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَ

کام کرتے ہیں وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ

لَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ٱرْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِۦ

شفاعت بھی نہیں کرتے مگر اسی کے لئے جس سے وہ خوش ہو اور وہ اس کی ہیبت سے

مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾ وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّىٓ إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِۦ

ڈرتے ہیں اور جو کوئی ان میں سے یہ کہے کہ بیشک میں اس کے سوا خدا ہوں

فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾ ع ٢

تو اسی پر ہم اسے جہنم کی سزا دیں گے ہم اسی طرح ظالموں کو سزا دیا کرتے ہیں

## ربطِ آیات

(۲۲) اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود ہوتے تو یہ نظام کیسے چلتا؟ (۲۳) خدا تعالیٰ مختار مطلق ہے۔ باقی سب مسئول ہوں گے (۲۴) اگر اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود تمہارے خیال میں ہیں تو ثبوت پیش کرو۔ دراصل یہ لوگ بے سمجھی سے انکار کر رہے ہیں۔ (۲۵) پہلے تمام انبیاء علیہم السلام بھی توحید ہی کا سبق دیتے رہے ہیں، یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے (۲۶) بعض مشرکین اللہ تعالیٰ کا بیٹا سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے۔ (۲۷) وہ تو اللہ تعالیٰ کے آگے بول نہیں سکتے، جو حکم ملے اس کی تعمیل کرتے ہیں (اگر بیٹا ہوتا تو اتنا مقید نہ ہوتا وہ بھی خدا کی طرح آزاد ہوتا)۔ (۲۸) ان سب پر اللہ کا علم حاوی ہے۔ وہ خود اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور سفارش کے لئے بھی اسی شخص کے حق میں زبان کشا ہو سکتے ہیں جس کی سفارش اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسند نہ ہو (۲۹) اور خدا نخواستہ اگر ان مقربین میں سے کوئی خدائی کا دعویٰ کرے تو وہ بھی جہنم کی سزا پائے (لیکن وہ اس سے پاک ہیں)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۳**
(۱) تذکیر بآلاء اللہ اور (۲) اخیر میں تذکیر بما بعد الموت۔
ماخذ (۱) آیت ۳۰ تا ۳۳ (۲) آیت ۳۵

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا
کیا منکروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین جڑے ہوئے تھے
رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ
پھر ہم نے انہیں جُدا جُدا کر دیا اور ہم نے ہر جاندار چیز کو پانی سے بنایا
أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ
کیا پھر بھی یقین نہیں کرتے اور ہم نے زمین میں بھاری پہاڑ رکھ دیئے تاکہ انہیں
تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَعَلَّهُمْ
لے کر اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے اور ہم نے اس میں کشادہ راہیں بنا دی ہیں تاکہ وہ
يَهْتَدُونَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَحْفُوظًا ۖ وَ
راہ پائیں اور ہم نے آسمان کو ایک محفوظ چھت بنا دیا اور
هُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ
وہ آسمان کی نشانیوں سے مُنہ موڑنے والے ہیں اور وہی ہے جس نے
اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ
رات اور دن اور سُورج اور چاند بنائے سب اپنے اپنے چکر میں
يَسْبَحُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ
پھرتے ہیں اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ کے لیے زندہ رہنے نہیں دیا
أَفَإِنْ مِتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ ﴿٣٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ
پھر کیا اگر تو مر گیا تو وہ رہ جائیں گے ہر ایک جاندار موت کا مزہ چکھنے
الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا
والا ہے اور ہم تمہیں بُرائی اور بھلائی سے آزمانے کے لئے جانچتے ہیں اور ہماری طرف
تُرْجَعُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ يَتَّخِذُونَكَ
لوٹائے جاؤ گے اور جہاں تمہیں کافر دیکھتے ہیں تو انہیں تجھ سے سوائے ٹھٹھا کرنے کے

**ربطِ آیات**
(۳۰) کیا یہ کافر زمین و آسمان میں ہماری اس قدرت کے قائل نہیں (۳۱) ہم ہی نے تو زمین میں پہاڑ اور کھلے راستے بنائے ہیں (۳۲) ہم ہی نے آسمان کو چھت بنایا (۳۳) ہم ہی نے تو رات، دن، سُورج اور چاند بنائے ہیں (۳۴) اگر آپ کی وفات کو نبوت کی ضد خیال کریں تو کیا پہلے انبیاء علیہم السلام ہمیشہ باقی رہے ہیں (۳۵) مرنا تو ہر کسی کو ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ
اور کوئی کام نہیں کیا یہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا نام لیتا ہے اور وہ رحمٰن کے

الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ (٣٦) خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ
نام سے منکر ہیں آدمی جلد باز بنایا گیا ہے

سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ (٣٧) وَيَقُولُونَ مَتَىٰ
میں تمہیں اپنی نشانیاں ابھی دکھاتا ہوں سو جلدی مت کرو اور کہتے ہیں یہ وعدہ

هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٣٨) لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ
کب ہوگا اگر تم سچے ہو کاش یہ منکر

كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَ
اس وقت کو جان لیں کہ اپنے موہنوں اور اپنی پیٹھوں سے آگ کو

لَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (٣٩) بَلْ تَأْتِيهِم
روک نہیں سکیں گے اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے بلکہ وہ ان پر

بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ
ناگہاں آئے گی پھر وہ ان کے ہوش کھو دے گی پھر نہ اسے ٹال سکیں گے اور نہ انہیں مہلت

يُنظَرُونَ (٤٠) وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ
دی جائے گی اور تجھ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ ٹھٹھا کیا گیا ہے

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ
پھر جس عذاب کی بابت وہ ہنسی کیا کرتے تھے ان ٹھٹھا کرنے والوں

يَسْتَهْزِئُونَ (٤١) ع قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ع ۳
پر وہی آ پڑا کہہ دو تمہاری رات اور دن میں رحمان سے

مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ (٤٢)
کون نگہبانی کرتا ہے بلکہ وہ اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑنے والے ہیں

### ربطِ آیات

(۳۶) آپ کو دیکھ کر کافر تمسخر اڑاتے ہیں (۳۷) انسان جلد باز واقع ہوا ہے جلدی کیوں کرتے ہو۔ ہم تمہیں اپنی نشانیاں دکھا دیتے ہیں (۳۸) کہتے ہیں یہ وعدے کب پورے ہوں گے (۳۹-۴۰) کاش وہ نقشہ ان کی سمجھ میں آجاتا۔ (۴۱) آپ سے پہلے انبیاء علیہم السلام سے بھی اسی طرح تمسخر ہوا لیکن تمسخر اڑانے والوں پر عذاب الٰہی نازل ہوا (۴۲) ان سے ذرا پوچھیے کہ دن اور رات کو تمہیں اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کون بچاتا ہے۔ بھلا انہیں ان باتوں کی کیا تمیز یہ کیا سمجھیں

خلاصہ رکوع ۳
تذکیر بما بعد الموت۔
ماخذ آیت ۴۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ

کیا ہم سے ان کے معبود انہیں بچائے رکھتے ہیں وہ تو خود اپنی بھی

نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾ بَلْ

مدد نہیں کر سکتے اور نہ ہمارے مقابلہ میں ان کا کوئی ساتھ دے گا بلکہ

مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ

ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر ایک عرصہ دراز گزر گیا

أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ

کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ بیشک ہم زمین کو ہر طرف سے گھٹاتے چلے جاتے ہیں

أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ ۚ

سو کیا یہ لوگ غالب آنے والے ہیں کہہ دو کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تمہیں ڈراتا ہوں

وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ ﴿٤٥﴾

اور یہ بہرے جس وقت ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں

وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ

اور البتہ اگر انہیں تیرے رب کے عذاب کا ایک جھونکا بھی لگ جائے تو ضرور کہیں گے

يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ

کہ ہائے ہماری کم بختی بیشک ہم ظالم تھے اور قیامت کے دن ہم انصاف

الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ

کی ترازو قائم کریں گے پھر کسی پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا

وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا

اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی عمل ہوگا تو اسے بھی ہم لے

بِهَا ۗ وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا

آئیں گے اور ہم ہی حساب لینے کے لئے کافی ہیں اور البتہ تحقیق ہم نے

## ربطِ آیات

(۴۳) کیا کوئی اور خدا ہیں جو ہم سے انہیں بچاتے ہیں۔ (۴۴) ان کی غفلت کا اصلی باعث یہ ہے۔ یہ نہیں دیکھتے کہ اسلام پھیل رہا ہے اور مطابع اس پر گرویدہ ہو رہی ہیں۔ (۴۵) میں تو تمہیں وحی کے ذریعہ سے ڈراتا ہوں۔ لیکن بھلا بہرے کس طرح آواز سنیں (۴۶) اگر ابھی عذاب آجائے تو ان کے حواس فوراً ٹھیک ہو جائیں (۴۷) یہ یاد رکھیں کہ قیامت کے دن انصاف کی میزان رکھی جائیگی اگر کسی شخص کے پاس رائی کے دانہ کے برابر بھی عمل ہوگا تو اسے حساب میں لایا جائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا
موسٰی اور ہارون کو فیصلہ کرنے والی اور روشنی دینے والی اور پرہیزگاروں کو نصیحت
لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ
کرنے والی کتاب دی تھی جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور
هُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ
قیامت کا بھی خوف رکھنے والے ہیں اور یہ ایک مبارک نصیحت ہے جسے
اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ
ہم نے نازل کیا ہے پھر کیا تم اس کے بھی منکر ہو اور ہم نے پہلے ہی
اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ
سے ابراہیم کو اس کی صلاحیت عطا کی تھی اور ہم اس سے واقف تھے جب
قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ
اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ کیسی مورتیں ہیں جن پر تم
اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا
مجاور بنے بیٹھے ہو انھوں نے کہا ہم نے اپنے باپ دادا کو انہیں کی پوجا
عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ
کرتے پایا ہے کہا البتہ تحقیق تم اور تمہارے باپ دادا صریح گمراہی
مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾
میں رہے ہو انھوں نے کہا کیا تو ہمارے پاس سچی بات لایا ہے یا تو دل لگی کرتا ہے
قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ
کہا بلکہ تمہارا رب تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے
فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾
انہیں بنایا ہے اور میں اسی بات کا قائل ہوں

## ربط آیات

(۴۸) ہم نے پہلے موسٰی علیہ السلام کو بھی ان خوبیوں والی کتاب دی تھی (۴۹) وہ بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے کارآمد تھی (۵۰) یہ ذکر مبارک یعنی قرآن بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے کارآمد ہو سکتا ہے جن کے دل اللہ تعالیٰ کے ڈر سے خالی ہیں وہ اس کے منکر ہی رہیں گے (۵۱) موسٰی علیہ السلام سے پہلے ہم نے ابراہیم علیہ السلام

| خلاصہ رکوع ۵ |
| --- |
| (۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام (۲) اور لوط علیہ السلام کا مصائب آفاق سے نجات پانا۔ |
| ماخذ (۱) آیت ۶۹-۷۰ |
| (۲) آیت ۷۱ تا ۷۴ |

کو اہل سمجھ کر ہدایت و نبوت عطا فرمائی (۵۲) اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہدایت کا نتیجہ نکل رہا ہے (۵۳) بت پرستی کی دلیل سوائے آبائی تقلید کے ان کے پاس اور کوئی نہیں۔ (۵۴) ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تم گمراہ ہو اور تمہارے باپ دادا بھی گمراہ تھے (۵۵) یہ واقعی کہہ رہے ہو یا تمسخر اڑا رہے ہو (۵۶) فرمایا سچ کہہ رہا ہوں تمہارا رب آسمان و زمین کا مربی ہے۔ میں تو اسی کا قائل ہوں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

اور اللہ کی قسم میں تمہارے بتوں کا علاج کروں گا جب تم پیٹھ پھیر کر جا چکو گے

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٨﴾

پھر ان کے بڑے کے سوا سب کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تاکہ اس کی طرف رجوع کریں

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٩﴾

انہوں نے کہا ہمارے معبودوں کے ساتھ کس نے یہ کیا ہے بیشک وہ ظالموں میں سے ہے

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٠﴾

انہوں نے کہا ہم نے سنا ہے کہ ایک جوان بتوں کو کچھ کہا کرتا ہے اسے ابراہیم کہتے ہیں

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

کہنے لگے اسے لوگوں کے سامنے لے آؤ تاکہ

يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا

وہ دیکھیں کہنے لگے اے ابراہیم کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ

يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا

یہ کیا ہے کہا بلکہ ان کے اس بڑے نے یہ کیا ہے

فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

سو ان سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں پھر وہ اپنے دل میں سوچ کر

فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى

کہنے لگے بے شک تم ہی بے انصاف ہو پھر انہوں نے سر نیچا

رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾

کر کے کہا تو جانتا ہے کہ یہ بولا نہیں کرتے

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ

کہا پھر کیا تم اللہ کے سوا اس چیز کی پوجا کرتے ہو جو نہ تمہیں کچھ نفع دے سکے

## ربطِ آیات

(۵۷) خدا تعالیٰ کی قسم کسی دن تمہارے معبودوں کی بے بسی تمہیں دکھاؤں گا اور یہ کام تمہارے پس پشت کروں گا۔ (۵۸) ایک دن موقع پا کر سوائے بڑے بت کے سب ٹکڑے کر دیئے (۵۹) جب آئے تو پوچھا کہ یہ کام ہمارے معبودوں کے ساتھ کس نے کیا وہ بڑا ظالم ہے (۶۰) ابراہیم نامی ایک نوجوان ان کے متعلق کچھ کہا کرتا ہے (۶۱) فیصلہ یہ ہوا کہ اسے پکڑ لاؤ۔ (۶۲) پوچھا گیا۔ کیا یہ کام تم نے کیا ہے (۶۳) یہ جواب الزامی یہ تھا کہ یہ بڑا چونکہ سب کی پرستش کرانے کا موجب تھا اس نے قتل کا باعث بھی یہی بنا۔ نہ یہ معبود بنتے نہ یہ قتل کئے جاتے (۶۴) وہ اپنے دلوں میں سوچنے لگے کہ واقعی یہ حق پر ہے۔ اور ہم بے انصاف ہیں۔ (اتمام حجت بفضلہ تعالیٰ ہو گئی) (۶۵) اب ہٹ دھرمی سے کام لینے لگے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ۝٦٦ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ

اور نہ نقصان پہنچا سکے ہیں تم سے اور جنہیں اللہ کے سوا پوجتے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝٦٧ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ

ہو بیزار ہوں پھر کیا تمہیں عقل نہیں ہے انھوں نے کہا اگر تمہیں کچھ

وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝٦٨ قُلْنَا يٰنَارُ

کرنا ہے تو اسے جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو ہم نے کہا اے آگ

كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓي اِبْرٰهِيْمَ ۝٦٩ وَاَرَادُوْا بِهٖ

ابراہیم پر سرد اور راحت ہو جا اور انھوں نے اس کی

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝٧٠ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا

برائی چاہی سو ہم نے انھیں ناکام کر دیا اور ہم اسے اور لوط کو

اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ۝٧١ وَ

بچا کر اس زمین کی طرف لے آئے جس میں ہم نے جہان کے لئے برکت رکھی ہے اور

وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا

ہم نے اسے اسحٰق بخشا اور انعام میں یعقوب دیا اور سب کو

جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝٧٢ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ

نیک بخت کیا اور ہم نے انھیں پیشوا بنایا جو ہمارے حکم سے

بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ

رہنمائی کیا کرتے تھے اور ہم نے انہیں اچھے کام کرنے اور

اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۗءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا

نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم دیا تھا اور وہ

لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝٧٣ۚۙ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ

ہماری ہی بندگی کیا کرتے تھے اور لوط کو ہم نے حکمت اور علم عطا

## ربطِ آیات

(۶۶) ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا جو بول نہیں سکتے اور تمہارے نفع ونقصان کے بھی مالک نہیں کیا ان کی پوجا کرتے ہوئے تمہیں عار نہیں آتی۔ (۶۷) تُف ہے تم پر اور تمہارے معبودوں پر (۶۸) ہٹ دھرمی سے بے انصافی کا فیصلہ کر رہے ہیں (۶۹۔۷۰) ہم نے ابراہیم علیہ السلام کے لئے آگ کو ٹھنڈک اور سلامتی بنا یا اور ان بے ایمانوں کو ناکام رکھا۔ (۷۱) اور ان دونوں بزرگوں کو سرزمین شام کی طرف ہجرت کرا دی (۷۲) کافر اعزہ کو ابراہیم علیہ السلام نے خدا تعالیٰ کے لئے چھوڑا تو نعم البدل اعزہ کرام عطا ہوئے (۷۳) ان اعزہ کرام کو بندگانِ خدا کا امام بنایا اور ریاضت و الہٰی کا ذوق عطا فرمایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عِلْمًا وَّ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ

کیا تھا اور ہم اسے اس بستی سے جو گندے کام کیا کرتی تھی

الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۙ ﴿٧٤﴾

بچا کر لے آئے بیشک وہ لوگ بُرے نافرمانی کرنے والے تھے

ع وَ اَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ وَ

اور اسے ہم نے اپنی رحمت میں لے لیا بیشک وہ نیک بختوں میں سے تھا اور

نُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَ

نوح کو جب اس نے اس سے پہلے پکارا پھر ہم نے اس کی دُعا قبول کر لی پھر ہم نے اسے اور

اَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۚ ﴿٧٦﴾ وَ نَصَرْنٰهُ مِنَ

اس کے گھر والوں کو بڑی گھبراہٹ سے بچا لیا اور ہم نے اس کی مدد کی ان

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ

لوگوں پر جو ہماری آیتیں جھٹلاتے تھے بیشک وہ بُرے لوگ

سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَ دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ

تھے پھر ہم نے ان سب کو غرق کر دیا اور داؤد اور سلیمان کو

اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ

جب وہ کھیتی کے جھگڑا میں فیصلہ کرنے لگے جب کہ اس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے

الْقَوْمِ ۚ وَ كُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۙ ﴿٧٨﴾ فَفَهَّمْنٰهَا

وقت جا پڑیں اور ہم اس فیصلہ کو دیکھ رہے تھے پھر ہم نے وہ فیصلہ

سُلَيْمٰنَ ۚ وَ كُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّ عِلْمًا ۫ وَّ سَخَّرْنَا مَعَ

سلیمان کو سمجھا دیا اور ہر ایک کو ہم نے حکمت اور علم دیا تھا اور ہم نے داؤد کے ساتھ

دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَ الطَّيْرَ ؕ وَ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾

پہاڑ اور پرندے تابع کیے جو تسبیح کیا کرتے تھے اور یہ سب کچھ ہم ہی کرنے والے تھے

## ربطِ آیات

(٧٤) لوط علیہ السلام کو حکم

| خلاصہ رکوع ۶ |
| --- |
| متعدد انبیاء علیہم السلام کا اپنی اپنی مصیبت سے نجات پانا |
| ماخذ ۷٦، ۷۸، ۷۹، ۸۳، ۸۴، ۸۵، ۸۶ |

اور علم عطا فرمایا۔ اور بدکاروں کی بستی سے نجات عطا کی۔ (٧٥) اسے اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائی۔ (٧٦) آفاقی مصیبت سے نجات پائی (٧٧) منکرین حق کو غرق کر کے ایسی بُری قوم سے انہیں نجات دلائی (٧٨) ان حضرات کی ایک محاکمہ میں دستگیری فرمائی گویا ایک طبعی پریشانی میں اللہ تعالیٰ نے عقدہ کشائی کی۔ یہ مصائب انفسی میں سے تھی (٧٩) باپ بیٹے میں سے بیٹے کو فیصلہ سمجھایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ

اور ہم نے اسے تمہارے لئے زرہیں بنانا بھی سکھایا ، تاکہ تمہیں لڑائی میں محفوظ

بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ

رکھیں پھر کیا تم شکر کرتے ہو اور زور سے چلنے والی ہوا

عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا

سلیمان کے تابع کی جو اس کے حکم سے اس زمین کی طرف چلتی جہاں ہم نے برکت

فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ

دی ہے اور ہم ہر چیز کو جاننے والے ہیں اور کچھ تو ایسے جن تھے

مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ

جو دریا میں اس کے واسطے غوطہ لگاتے تھے اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے

وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ

اور ہم ان کی حفاظت کرنے والے تھے اور جب کہ ایوب نے اپنے رب کو پکارا

اَنِّىْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

کہ مجھے روگ لگ گیا ہے حالانکہ تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ

پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور جو اسے تکلیف تھی ہم نے دور کر دی اور اسے اس کے گھر

اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ

والے دیئے اور اتنا ہی ان کے ساتھ اپنی رحمت سے اور بھی دیا اور

ذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ

عبادت کرنے والوں کے لئے نصیحت ہے اور اسمٰعیل اور ادریس

وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ

اور ذوالکفل کو یہ سب صبر کرنے والے تھے اور ہم نے انہیں اپنی

## ربط آیات

(۸۰) داؤد علیہ السلام کو میدان کارزار کے لئے زرہ سازی سکھائی (۸۱) حضرت سلیمان ایک آفاقی مصیبت میں گرفتار ہوئے کہ بابُ البقاءِ سلطنت یعنی گھوڑے جو اللہ تعالیٰ کے نام پر جب ذبح کرچکے تو اللہ تعالیٰ نے تند ہوا کو ان کے تابع فرمان بنایا (۸۲) اور جنوں کو خدمت کے لئے عطا فرمایا۔ (۸۳-۸۴) حضرت ایوب علیہ السلام کو پہلے ایک مصیبت انفسی سے نجات عطا فرمائی کہ بدن کو شفا نصیب ہوئی۔ بعد ازاں مصیبت آفاقی بھی رفع فرمائی از سرِ نو بیوی بچے عطا کئے۔ (۸۵-۸۶) ان نیکوکار بزرگوں کو اللہ تعالیٰ نے مصائب میں صبر کی توفیق عطا فرمائی۔ بعد ازاں ان سے نجات دلا کر اپنی رحمت میں جگہ دی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُم مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٨٦﴾ وَذَا النُّونِ

رحمت میں داخل کر لیا بیشک وہ نیک بختوں میں سے تھے اور مچھلی والے کو

إِذ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ

جب غصہ ہو کر چلا گیا پھر خیال کیا کہ ہم اسے نہیں پکڑیں گے

فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ

اندھیروں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو بے عیب ہے

إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ

بیشک میں بے انصافوں میں سے تھا پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے غم سے

مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّا إِذْ

نجات دی اور ہم ایمانداروں کو یونہی نجات دیا کرتے ہیں اور زکریا کو جب

نَادَىٰ رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ

اس نے اپنے رب کو پکارا اے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو

خَيْرُ الْوَارِثِينَ ﴿٨٩﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ

سب سے بہتر وارث ہے پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے یحییٰ

يَحْيَىٰ وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ

عطا کیا اور اس کے لئے اس کی بیوی کو درست کر دیا بیشک یہ لوگ نیک کاموں میں

فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا ۖ وَكَانُوا

دوڑ پڑتے تھے اور ہمیں امید اور ڈر سے پکارا کرتے تھے اور ہمارے

لَنَا خَاشِعِينَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

سامنے عاجزی کرنے والے تھے اور وہ عورت جس نے اپنی عصمت کو محفوظ رکھا

فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا

پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی اور اسے اور اس کے بیٹے کو

### ربطِ آیات

(۸۶) پچھلے صفحہ پر۔

(۸۷ - ۸۸) حضرت یونس علیہ السلام کو مصیبت انفسی سے اللہ تعالیٰ نے نجات عطا فرمائی

(۸۹-۹۰) حضرت زکریا علیہ السلام کو مصیبت آفاقی سے اللہ تعالیٰ نے نجات عطا فرمائی۔ رشد و ہدایت میں نائب بننے والے کی ضرورت تھی۔ وہ اللہ تعالیٰ نے فرزند صالح (یحییٰ علیہ السلام) عطا فرما کر پوری کی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ءَايَةً لِّلْعَٰلَمِينَ ﴿٩١﴾ إِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً ۖ

جہان کے لئے نشانی بنایا یہ لوگ تمہارے گروہ کے ہیں جو ایک ہی گروہ ہے

وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَٱعْبُدُونِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوٓا۟ أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ ۖ

اور میں تمہارا رب ہوں پھر میری ہی عبادت کرو اور ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کیا

كُلٌّ إِلَيْنَا رَٰجِعُونَ ﴿٩٣﴾ ع فَمَن يَعْمَلْ مِنَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ

سب ہمارے پاس ہی آنے والے ہیں پھر جو کوئی اچھے کام کرے گا

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِۦ وَإِنَّا لَهُۥ كَٰتِبُونَ ﴿٩٤﴾

اور وہ مومن بھی ہوگا تو اس کی کوشش رائگاں نہ جائے گی اور بیشک ہم اس کے لکھنے والے ہیں

وَحَرَٰمٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَٰهَآ أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٩٥﴾

اور جن بستیوں کو ہم فنا کر چکے ہیں ان کے لئے ناممکن ہے کہ وہ پھر لوٹ کر آئیں

حَتَّىٰٓ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن

یہاں تک جب یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر

كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ ﴿٩٦﴾ وَٱقْتَرَبَ ٱلْوَعْدُ ٱلْحَقُّ

بلندی سے دوڑتے چلے آئیں گے اور سچا وعدہ نزدیک آ پہنچے گا

فَإِذَا هِىَ شَٰخِصَةٌ أَبْصَٰرُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ يَٰوَيْلَنَا

پھر اس وقت منکروں کی آنکھیں اوپر لگی رہ جائیں گی ہائے کم بختی ہماری

قَدْ كُنَّا فِى غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا بَلْ كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿٩٧﴾

بیشک ہم تو اس سے غفلت میں پڑے ہوئے تھے بلکہ ہم ہی ظالم تھے

إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ

بے شک تم اور اللہ کے سوا جو کچھ پوجتے ہو دوزخ کا ایندھن ہے

أَنتُمْ لَهَا وَٰرِدُونَ ﴿٩٨﴾ لَوْ كَانَ هَٰٓؤُلَآءِ ءَالِهَةً مَّا

تم سب اس میں داخل ہوگے اگر یہ معبود ہوتے تو اس میں

## ربط آیات

(۹۱) حضرت مریم علیہا السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نمونہ بنایا اور ان کی کئی طرح کی ضرورتیں پوری کیں۔ (۹۲) یہی وہ ملت اور دین ہے جو تمام انبیاء علیہم السلام کا متفق علیہ ہے اور اس کا حاصل

ع ٧ ٦

**خلاصہ رکوع ٧**

.. عودالی المقصود یعنی اعلان توحید کا اعادہ (۲) اور توحید پر رسول کا حکمت عملی میں فاتح ہو کر رہنا۔ ماخذ: (۱) آیت ۱۰۰، (۲) آیت ۱۰۵

یہ ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کی غلامی نہ کی جائے اور نہ کوئی معبود سمجھا جائے۔ (۹۳) اصل میں دین اسلام تو ایک تھا لیکن ان اُمتوں نے بعد کو فرقہ بندی کر لی۔ اچھا سب ہمارے ہاں آئیں گے اور خود ہی فیصلہ ہو جائے گا۔ (۹۴) نیکوکاروں کی نیکیاں محفوظ اور ان کی جزا لازمی طور پر ملے گی۔ (۹۵) جن بستیوں کی ہلاکت کا ہم نے فیصلہ کر دیا ہے ان پر یہ چیزیں حرام ہیں۔ نہ ان کے عمل صالح ہیں اور نہ سعی مشکور ہو گی۔ کیونکہ وہ اپنے کفر سے رجوع ہی نہیں کرتے (۹۶۔ ۹۷) جب آثار قیامت نمودار ہوں گے تب انہیں ہوش آئے گا (۹۸) تم اور تمہارے معبود سب دوزخ کے ایندھن بنیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَرَدُوهَا ۖ وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ
داخل نہ ہوتے اور سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ان کیلئے دوزخ میں چیخیں ہوں گی

وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ
اور وہ اس میں کچھ نہیں سنیں گے بے شک جن کے لئے ہماری طرف سے

لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾
بھلائی مقدر ہو چکی ہے وہ اس سے دور رکھے جائیں گے

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ
اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ اپنی من مانی مرادوں

أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ
میں ہمیشہ رہیں گے اور انہیں بڑا بھاری خوف بھی پریشان نہیں کرے گا

وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنْتُمْ
اور ان سے فرشتے آ ملیں گے یہی وہ تمہارا دن ہے جس کا تمہیں

تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ
وعدہ دیا جاتا تھا جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹیں گے جیسے خطوں کا طومار

لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ ۚ وَعْدًا
لپیٹا جاتا ہے جس طرح ہم نے پہلی بار پیدا کیا تھا دوبارہ بھی پیدا کریں گے یہ ہمارے ذمہ

عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي
وعدہ ہے بیشک ہم پورا کرنے والے ہیں اور البتہ تحقیق ہم نصیحت کے بعد

الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا
زبور میں لکھ چکے ہیں کہ بے شک زمین کے وارث

عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا
ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے بے شک اس میں خدا پرستوں کے

### ربط آیات

(۹۹) اگر یہ خدا ہوتے تو کس طرح اس عذاب میں مبتلا ہوتے (۱۰۰) دوزخ میں سخت رو رہیں گے لیکن وہاں کے شور کے باعث کچھ نہیں سن سکیں گے (۱۰۱) جن کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھلائی کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ اس عذاب سے دور رکھے جائیں گے۔ (۱۰۲) (۱۰۳) دوزخ کی کوئی آواز نہیں سنیں گے۔ اپنی نعمتوں میں دائمی زندگی بسر کریں گے اور نفخۂ اخیرہ سے پریشان نہیں ہوں گے (۱۰۴) قیامت کے دن اس طرح پیدا ہوں گے جس طرح ماؤں کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے یعنی ننگے پاؤں ننگے بدن غیر مختون (۱۰۵) زبور میں یہ فیصلہ لکھ دیا گیا ہے کہ ارض مقدس کے وارث اللہ تعالیٰ کے نیک بندے یعنی امت محمدیہ ہوں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِّقَوۡمٍ عٰبِدِيۡنَؕ‏ ﴿۱۰۶﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً

لئے ایک پیغام ہے اور ہم نے تو تمہیں تمام جہان کے لوگوں کے حق میں

لِّلۡعٰلَمِيۡنَ‏ ﴿۱۰۷﴾ قُلۡ اِنَّمَا يُوۡحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ

رحمت بنا کر بھیجا ہے کہہ دو مجھے تو یہی حکم آیا ہے کہ تمہارا معبود ایک معبود

وَّاحِدٌ‌ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ‏ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ

ہے پھر کیا اس کے آگے سر جھکاتے ہو پھر اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دو

اٰذَنۡتُكُمۡ عَلٰى سَوَآءٍ‌ ؕ وَاِنۡ اَدۡرِىۡۤ اَقَرِيۡبٌ اَمۡ بَعِيۡدٌ

کہ میں نے تم کو یکساں طور پر خبر دے دی ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ نزدیک ہے یا دُور ہے

مَّا تُوۡعَدُوۡنَ‏ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ يَعۡلَمُ الۡجَـهۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ وَ

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے بے شک وہ جانتا ہے جو بات پکار کر کہو اور

يَعۡلَمُ مَا تَكۡتُمُوۡنَ‏ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنۡ اَدۡرِىۡ لَعَلَّهٗ فِتۡنَةٌ

جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور میں نہیں جانتا شاید وہ تمہارے لئے امتحان

لَّـكُمۡ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيۡنٍ‏ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احۡكُمۡ بِالۡحَـقِّ‌ ؕ

ہو اور ایک وقت تک دُنیا کا فائدہ پہنچانا منظور ہو کہا اے رب انصاف کا فیصلہ کر دے

وَرَبُّنَا الرَّحۡمٰنُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوۡنَ‏ ﴿۱۱۲﴾

اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے اسی سے مدد مانگتے ہیں ان باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو

## (۲۲) سُوۡرَةُ الۡحَجِّ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۳)

آیاتہا ۷۸ — رکوعاتہا ۱۰

آیتیں ۷۸ سورۃ حج مدنی ہے رکوع ۱۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمۡ‌ۚ اِنَّ زَلۡزَلَةَ السَّاعَةِ شَىۡءٌ

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ ایک بڑی



### ربط آیات

(۱۰۶) اس قرآن حکیم میں مومنین کے لئے کافی تبلیغ ہے۔
(۱۰۷) آپ کی رسالت سارے جہان والوں کے لئے رحمت ہے بشرطیکہ اس سے فائدہ اٹھایا۔
(۱۰۸) انہیں یہ فیصلہ سنا دیجئے کہ معبود فقط ایک ہی ہے۔
(۱۰۹) اگر نہ مانیں تو آپ بری الذمہ ہیں اور انہیں عذاب الٰہی کی وعید سنا دی جائے۔
(۱۱۰) اللہ تعالیٰ خود تمہارے حالات سے آگاہ ہے۔ جب مناسب خیال فرمائے گا عذاب نازل کرے گا (۱۱۱) تاخیر عذاب تمہارے لئے فتنہ ہے اس میں تمہارا امتحان ہے۔
(۱۱۲) نبی آخر الزمان نے آخیر میں یہ دعا فرمائی کہ تصفیہ ہو جائے تا کہ حق و باطل الگ الگ ہو جائیں چنانچہ غزوہ بدر میں یہ قیصلہ ہوگئی اور تفسیر عمل میں آگئی

النصف ۳

### سُورۃ الحج

(موضوع سورۃ)

نجات یوم المجازات تحقیق باللہ کی درستی پر موقوف ہے۔

### خلاصہ رکوع ۱

بر تقادر خلق انقلابات و بر نظام عالم پر قادر ہے وہ سارے نظام کے انقلاب پر بھی قادر ہے۔

ماخذ آیت ۵،۹،۵

Downloaded from ..... Al-marifat.org
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَظِيمٌ ① يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ
چیز ہے جس دن اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو
أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى
بھول جائے گی اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور تجھے لوگ
النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ
مدہوش نظر آئیں گے اور وہ مدہوش نہ ہوں گے لیکن اللہ کا
اللّٰهِ شَدِيدٌ ② وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي
عذاب سخت ہوگا اور بعضے وہ لوگ ہیں جو اللہ کے معاملہ میں بے سمجھی
اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيدٍ ③
سے جھگڑتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے کہنے پر چلتے ہیں
كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَ
جس کے حق میں لکھا جاچکا ہے کہ جو اسے یار بنائے گا تو وہ اسے گمراہ کرکے رہے گا اور
يَهْدِيهِ إِلٰى عَذَابِ السَّعِيرِ ④ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ
اسے دوزخ کے عذاب کا راستہ دکھائے گا اے لوگو
إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنٰكُمْ
اگر تمہیں دوبارہ زندہ ہونے میں شک ہے تو ہم نے تمہیں مٹی سے
مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ
پھر قطرہ سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر گوشت کی بوٹی
مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ط
نقشہ بنی ہوئی اور بغیر نقشہ بنی ہوئی سے بنایا تاکہ ہم تمہارے سامنے ظاہر کردیں
وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَآءُ إِلٰٓى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ
اور ہم رحم میں جس کو چاہتے ہیں ایک مدت معین تک ٹھہراتے ہیں پھر

## ربط آیات

(۱) اے انسانو! زلزلۂ ساعت کے آنے سے پہلے تعلق باللہ درست کرلو (۲) اس دن کی دہشت ایسی ہوگی کہ سخت ترین تعلقات محبت بھی بھول جائیں گے اور لوگ دہشت زدہ ہونے کی وجہ سے مدہوش ہوں گے (۳) بعض آدمی شیطان کے آلۂ کار بن کر اللہ تعالیٰ کے معاملات میں جھگڑتے ہیں (۴) شیطان کے متعلق یہ فیصلہ ہے کہ جو اس کا بنا اس نے جہنم کی راہ لی ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوٓا أَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنكُم مَّن

ہم تمہیں بچہ بنا کر باہر لاتے ہیں پھر تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو اور کچھ تم میں سے

يُتَوَفَّىٰ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰٓ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا

مر جاتے ہیں اور کچھ تم میں سے نکمّی عمر تک پہنچائے جاتے ہیں کہ سمجھ بوجھ کا

يَعْلَمَ مِنۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۚ وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً

درجہ پا کر پھر ناسمجھی کی حالت میں جا پڑتا ہے اور تم زمین کو سوکھی دیکھتے ہو

فَإِذَآ أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنۢبَتَتْ

پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو تر و تازہ ہو جاتی ہے اور ہر قسم کے

مِن كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيجٍ ﴿٥﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ

خوش نما نباتات اُگ آتے ہیں - یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے

وَأَنَّهُۥ يُحْىِ الْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿٦﴾ وَّ

اور مُردوں کو زندہ کرے گا اور وہ ہر بات پر قادر ہے اور

أَنَّ السَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ

بیشک قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شک نہیں اور بیشک اللہ قبروں والوں

مَن فِى الْقُبُورِ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِى

کو دوبارہ اٹھائے گا اور بعضا وہ شخص ہے جو اللہ کے معاملہ میں

اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ﴿٨﴾ ثَانِىَ

بے سمجھی اور دلیل اور روشن کتاب کے بغیر تکبر سے جھگڑتا ہے تاکہ

عِطْفِهِۦ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۖ لَهُۥ فِى الدُّنْيَا

اللہ کی راہ سے بہکائے اس کے لئے دُنیا میں

خِزْىٌ ۖ وَنُذِيقُهُۥ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٩﴾

رسوائی ہے اور قیامت کے دن بھی ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے

## ربطِ آیات

(۵) اگر تمہیں بعثت ثانیہ سے انکار ہے تو اپنی پیدائش پر غور کرو تاکہ یہ مسئلہ حل ہو جائے (وتری الارض) اور روزانہ نباتات کا بارش سے اُگنا مشاہدہ کرتے ہو اسی طرح انسان قیامت کے دن ایک بارش سے زمین سے نکل آئیں گے (۶) سابقہ واقعات اس لئے بتلائے ہیں کہ تم سمجھ جاؤ کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کے زندہ کرنے پر قادر ہے (۷) اور تمہیں یقین ہو جائے کہ قیامت آنے والی ہے تاکہ تم اپنی اصلاح کرو (۸) بعض آدمی باوجود جہالت تامہ کے اللہ تعالیٰ کے معاملات میں جھگڑا کرتے ہیں (۹) تکبر سے اپنا پہلو حق سے پھیر لیتا ہے ایسا بدبخت دُنیا اور آخرت میں معذب ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

یہ تیرے ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور بیشک اللہ بندوں پر ظلم کرنے

لِّلْعَبِيْدِ ﴿١٠﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ

والا نہیں اور بعض وہ لوگ ہیں کہ اللہ کی بندگی کنارے پر ہو کر کرتے ہیں

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اِۨطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ

پھر اگر اسے کچھ فائدہ پہنچ گیا تو اس عبادت پر قائم ہو گیا اور اگر تکلیف پہنچ

فِتْنَةُ اِۨنْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ

گئی تو منہ کے بل پھر گیا دنیا اور آخرت گنوائی

ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١١﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ

یہی وہ صریح خسارا ہے اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکارتا

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ

ہے جو نہ اسے ضرر دے سکے اور نہ اسے فائدہ پہنچا سکے یہی وہ پرلے درجہ کی

الْبَعِيْدُ ۚ ﴿١٢﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ

گمراہی ہے ایسے کو پکارتا ہے جس کا ضرر اس کے نفع سے نزدیک تر ہے

لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿١٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ

ایسا کارساز بھی بُرا اور ایسا رفیق بھی بُرا ہے بیشک اللہ ان لوگوں کو جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

ایمان لائے اور اچھے کام کئے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿١٤﴾ مَنْ كَانَ

نہریں بہتی ہوں گی بیشک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جسے یہ خیال

يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی ہرگز مدد نہ کرے گا

ع ۸

**خلاصہ رکوع ۲**

بعض آدمی تعلق باللہ درست کرنے کے بعد ابتلاء وامتحان کے وقت تعلق توڑ کر بے کس مخلوق کے ساتھ جاکر جوڑتے ہیں۔

ماخذ آیت ۱۱ تا ۱۳ +

**ربط آیات**

(۱۰) اسے کہا جائے گا کہ یہ تمہارے اعمال کا نتیجہ ہے۔ (۱۱) ان لوگوں کو استقامت نصیب نہیں ہوتی (۱۲) اسی لئے مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان کے دروازے جا کھٹکھٹاتے ہیں۔ جو خود بے بس ہیں۔ نہ کسی کو نفع دے سکتے ہیں اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں (۱۳) جس کے نفع سے نقصان زیادہ قریب ہے اور وہ برا دوست ہے (۱۴) جو لوگ راحت و رنج میں اللہ تعالیٰ کا دروازہ چھوڑ کر کہیں نہیں جاتے ہیں ان کی جزائے خیر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ
اسے چاہیئے کہ چھت میں ایک رسی لٹکائے پھر اسے کاٹ دے پھر دیکھے
هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ﴿١٥﴾ وَكَذٰلِكَ أَنْزَلْنٰهُ
کہ اس کی تدبیر اس کے غصّہ کو دُور کرتی ہے اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو
اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَنْ يُرِيدُ ﴿١٦﴾ إِنَّ
واضح آیتیں بنا کر نازل کیا ہے اور بیشک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے بے شک
الَّذِينَ اٰمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصّٰبِئِينَ وَ
اللہ مسلمانوں اور یہودیوں اور صابیوں اور
النَّصٰرٰى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ إِنَّ اللّٰهَ
عیسائیوں اور مجوسیوں اور مشرکوں میں قیامت
يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
کے دن فیصلہ کرے گا بے شک ہر چیز اللہ کے
شَهِيدٌ ﴿١٧﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
سامنے ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کوئی آسمانوں میں ہے
وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَ
اور جو کوئی زمین میں ہے اور سُورج اور چاند اور ستارے اور
الْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ ۗ
پہاڑ اور درخت اور چارپائے اور بہت سے آدمی اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں
وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَنْ يُهِنِ اللّٰهُ فَمَا
اور بہت سے ہیں کہ جن پر عذاب مقرّر ہو چکا ہے اور جسے اللہ ذلیل کرتا ہے پھر اسے
لَهُ مِنْ مُكْرِمٍ ۗ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ﴿١٨﴾
کوئی عزت نہیں دے سکتا بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے

السجدة ٦

## ربط آیات

(١٥) جسے یہ بدگمانی ہو کہ اللہ تعالیٰ مصیبت کے وقت کام نہیں آتا وہ پھانسی لے کر مرجائے پھر دیکھے کہ کیا اس کی تدبیر سے اس کے غصّہ کی وجہ دُور ہوجاتی ہے (١٦) ہم کیسے حالات بتلا رہے ہیں۔ لیکن جسے اللہ تعالیٰ چاہے ہدایت فرمائے (١٧) اگر اب بذریعہ وحی قرآن نہیں مانتے تو پھر قیامت کے دن اپنے روبرو اللہ تعالیٰ ان مذاہب کا فیصلہ فرمائے گا (١٨) اسے مخاطب کیا تم نہیں دیکھتے کہ زمین وآسمان میں ہر چیز تابع فرمانِ الٰہی ہے نہیں اس کے سامنے سر جھکانے سے کیوں عار ہے (یاد رکھو) جسے اللہ تعالیٰ ذلیل کرے اسے کوئی عزت نہیں دے سکتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ ۫ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا
یہ دو فریق ہیں جو اپنے رب کے معاملہ میں جھگڑتے ہیں پھر جو منکر ہیں
قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ
ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے گئے ہیں اور ان کے سروں پر کھولتا ہوا
رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ۚ ﴿۱۹﴾ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَ
پانی ڈالا جائے گا جس سے جو کچھ ان کے پیٹ میں ہے اور کھالیں جھلس
الْجُلُوْدُ ؕ ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَاۤ
دی جائیں گی اور ان پر لوہے کے گرز پڑیں گے جب
اَرَادُوْۤا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا ۗ
گھبرا کر وہاں سے نکلنا چاہیں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے
وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ﴿۲۲﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ
اور دوزخ کا عذاب چکھتے رہو بے شک اللہ ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا
ایمان لائے اور اچھے کام کئے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی
الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ
ہوں گی وہاں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے
لُؤْلُؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمْ فِیْهَا حَرِیْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْۤا اِلَی الطَّیِّبِ
جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہو گا اور انہوں نے عمدہ بات کی
مِنَ الْقَوْلِ ۖۚ وَهُدُوْۤا اِلٰی صِرَاطِ الْحَمِیْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ
راہ پائی اور تعریف والے اللہ کی راہ پائی بے شک جو
كَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
منکر ہوئے اور لوگوں کو اللہ کے راستہ اور مسجد حرام سے روکتے ہیں

### ربط آیات

(۱۹) اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکانے والے یعنی مومن اور اس سے نفرت کرنے والے یعنی کافر جھگڑتے ہیں لیکن یاد رہے کفار کی یہ سزا ہے۔ (۲۰ تا ۲۲) کفار کی سزا کے یہ بقیہ اجزا ہیں (۲۳) تعلق باللہ قائم کرنے والوں کی جزا یہ ہے (۲۴) بقیہ جزا یہ ہے۔

ع ۲ ۹

**خلاصہ رکوع ۲**

(۱) تعلق باللہ قائم کرنے والوں کی جزائے خیر کا ذکر (۲) اور دین گاہ توحید سے روکنے والوں کی سزا

ماخذ (۱) آیت ۲۳ - (۲) آیت ۲۵ ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِي جَعَلْنَٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ

جسے ہم نے سب لوگوں کے لئے بنایا ہے وہاں اس جگہ کا رہنے والا اور باہر والا دونوں برابر ہیں

وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ

اور جو وہاں ظلم سے کجروی کرنا چاہے تو ہم اسے دردناک عذاب

عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٥﴾ ع وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَٰهِيمَ مَكَانَ

چکھائیں گے اور جب ہم نے ابراہیم کے لئے کعبہ کی جگہ معین

الْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ

کر دی کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کر اور میرے گھر کو طواف کرنے

لِلطَّآئِفِينَ وَالْقَآئِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّن

والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع سجود کرنے والوں کے لئے پاک رکھ اور لوگوں

فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ

میں حج کا اعلان کر دے کہ تیرے پاس پاپیادہ اور پتلے دبلے اونٹوں پر

يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ

دور دراز راستوں سے آئیں تاکہ اپنے فائدوں کے لئے

لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَٰتٍ عَلَىٰ

آموجود ہوں اور تاکہ جو چارپائے اللہ نے انہیں دیئے ہیں ان پر مقررہ

مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَ

دنوں میں اللہ کا نام یاد کریں پھر ان میں سے خود بھی کھاؤ

أَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَ

اور محتاج فقیر کو بھی کھلاؤ پھر چاہیئے کہ اپنا میل کچیل دور کریں اور

لْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾

اپنی نذریں پوری کریں اور قدیم گھر کا طواف کریں

ع ۳ ۱۰

## ربط آیات

(۲۵) اس گناہ توحید سے روکنے والوں کے لئے جہنم ہے (۲۶) ہم نے بیت اللہ

**خلاصہ رکوع ۴**
تعلق باللہ درست کرنے والے تعظیم شعائر اللہ سے تقویٰ قلبی کا ثبوت دیتے ہیں۔
ماخذ آیت ۳۲ •

الحرام کی جگہ کو ابراہیم علیہ السلام کے لئے جائے رجوع بنایا تاکہ اس جگہ عبادت کھڑی کریں اور عبادت کے لئے یہاں آئیں فقط آپ ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کے خدا پرستوں کے لئے اس گھر کو پاک صاف کر دیں (۲۷) اور ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ لوگوں میں حج کا اعلان کر دیں (۲۸) تاکہ تجارت وغیرہ کا نفع بھی اٹھائیں اور اللہ تعالیٰ کو یاد بھی کریں (۲۹) پھر حج سے فارغ ہو کر میل کچیل سے صاف ہوں اور اپنی نذریں پوری کریں اور بیت اللہ الحرام کا طواف کریں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ
یہی حکم ہے اور جو اللہ کی معزز چیزوں کی تعظیم کرے گا سو یہ اس کے لئے اس کے رب کے ہاں

رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ
بہتر ہے اور تمہارے لئے مویشی حلال کر دیئے گئے ہیں مگر وہ جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ
پھر بتوں کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹی بات سے بھی

الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ
پرہیز کرو خاص اللہ کے ہو کر رہو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور جو اللہ کے ساتھ کسی کو

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ
شریک کرتا ہے تو گویا وہ آسمان سے گر پڑا پھر اسے پرندے اچک لیتے ہیں یا اسے ہوا اُڑا

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ
کر کسی دُور جگہ میں پھینک دیتی ہے بات یہی ہے اور جو شخص اللہ کی نامزد

شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا
چیزوں کی تعظیم کرتا ہے سو یہ دل کی پرہیزگاری ہے تمہارے لئے ان میں

مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾
ایک وقت معین تک فائدے ہیں پھر اس کے ذبح ہونے کی جگہ قدیم گھر کے قریب ہے

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى
اور ہر اُمت کے لئے ہم نے قربانی مقرر کر دی تھی تاکہ اللہ نے جو چارپائے انہیں دیئے

مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
ہیں ان پر اللہ کا نام یاد کیا کریں پھر تم سب کا معبود تو ایک اللہ ہی ہے

فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾ الَّذِيْنَ اِذَا
پس اسی کے فرمانبردار رہو اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سُنا دو وہ لوگ جب

## ربط آیات

(٣٠) اعمال حج مذکورۃ الصدر ہیں۔ جو شخص حرمات الٰہی کی تعظیم بجا لائے گا وہ اس کے حق میں بہتر ہے۔ بت پرستی اور دروغ گوئی سے بچو۔ (٣١) توحید پرست بنو، شرک سے بچو (٣٢) توحید پرستی کے لئے بُت پرستی اور دروغ گوئی سے بچنا لازمی ہے اور تعظیم شعائر اللہ دلوں کے تقویٰ کی دلیل ہے (٣٣) قربانی والے جانوروں سے ہدی بننے سے پہلے نفع اُٹھا سکتے ہو۔ جس وقت اس کا نام ہدی تجویز ہوا اور بیت الحرام کی طرف چل نکلی۔ پھر دودھ پینا یا سوار ہونا منع ہے۔ (٣٤) خدائے قدوس کے نام پر قربانی کا رواج ہر اُمت میں رہا ہے اور ایسی تواضع کرنے والوں کے لئے بارگاہ الٰہی سے بھی پیغام بشارت ہے۔

ع ٥ | ١١

**خلاصہ رکوع ٥**

متقی با شعور حسن نیت کرنے والے اپنے طیب مال قربان کر کے اپنے جذبہ جہاد و تقویٰ کی تصدیق کرتے ہیں۔ ماخذ آیت ٣٢، ٣٧۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ
اللہ کا نام لیا جائے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر مصیبت آئے تو صبر

اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
کرنے والے ہیں اور نماز قائم کرنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ
خرچ کرتے ہیں اور ہم نے تمہارے لئے قربانی کے اونٹ کو اللہ کی نشانیوں میں سے بنایا

اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا
ہے تمہارے لئے ان میں فائدے بھی ہیں پھر ان پر اللہ کا نام کھڑا کر کے

صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَ
لو پھر جب وہ کسی پہلو پر گر پڑیں تو ان میں سے خود کھاؤ اور

اَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۗ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ
صبر سے بیٹھنے والے اور سائل کو بھی کھلاؤ اللہ نے انہیں تمہارے لئے ایسا مسخر کر دیا

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا
تاکہ تم شکر کرو اللہ کو نہ ان کا گوشت اور نہ ان کا

وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۗ
خون پہنچتا ہے البتہ تمہاری پرہیزگاری اس کے ہاں پہنچتی ہے

كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۗ
اسی طرح انہیں تمہارے تابع کر دیا تاکہ تم اللہ کی بزرگی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ
کی اور نیکوں کو خوشخبری سنا دو بیشک اللہ ایمان والوں سے دشمنوں کو ہٹا

اٰمَنُوْا ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع
دے گا اللہ کسی دغاباز ناشکر گزار کو پسند نہیں کرتا

### ربطِ آیات

(۳۵) ان متواضعین کے یہ اوصاف ہیں (۳۶) قربانی کے جانور شعائر اللہ میں سے ہیں ان کے ذبح کا طریقہ اور تقسیم گوشت کا طریقہ بتلایا گیا ہے (۳۷) اللہ تعالیٰ کے ہاں تمہارے جذباتِ صادقہ کی قدر ہے جو قربانی کرا رہے ہیں۔ (۳۸) اُن قربانی کرنے والوں کا اللہ تعالیٰ حامی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی باتوں میں خیانت کرنے والے ناشکروں کے مقابلہ میں ان کی حمایت فرمائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

جن سے کافر لڑتے ہیں انہیں بھی لڑنے کی اجازت دی گئی ہے اس لئے کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بیشک اللہ

عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ

ان کی مدد کرنے پر قادر ہے وہ لوگ جنہیں ناحق ان کے

دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَ

گھروں سے نکال دیا گیا ہے صرف اس کہنے پر کہ ہمارا رب اللہ ہے اور

لَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا تو تکیے اور

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا

مدرسے اور عبادت خانے اور مسجدیں ڈھا دی جاتیں جن میں اللہ کا نام

اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ

کثرت سے لیا جاتا ہے اور اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اللہ کی مدد کرے گا بیشک

اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ

اللہ زبردست غالب ہے وہ لوگ اگر ہم انہیں دنیا میں حکومت دے دیں

اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ

تو نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور نیک کام کا حکم کریں

وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنْ

اور برے کاموں سے روکیں اور ہر کام کا انجام تو اللہ کے ہی ہاتھ میں ہے اور اگر

يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

تمہیں جھٹلائیں تو ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد

وَّثَمُوْدُ ۙ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ۙ﴿۴۳﴾

اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم

**خلاصہ رکوع ۶**

متقین باللہ ہمیشہ امن کے ساعی ہیں لیکن حکمت الٰہی میں بغاوت پیشہ لوگوں کی سرکوبی کے لئے سرگرم بھی ہیں۔

ماخذ آیت ۳۹ •

**ربطِ آیات**

(۳۹) قتال ظالمانہ نہیں کرتے بلکہ بحیثیت مظلوم ہونے کے کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی حمایت فرماتا ہے۔ (۴۰) یہ لوگ ناحق گھروں سے نکالے گئے اور اخراج کا سبب محض توحید پرستی ہے (۴۱) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی مدد کرتا ہے۔ (۴۲) اگر مذکورۃ الصدر قاعدہ تسلیم نہ کریں تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ پہلے سے بھی یوں ہی ہوتا رہا ہے۔ قوم نوح علیہ السلام اور عاد اور ثمود نے اپنے اپنے نبیوں کی مخالفت کی تھی (۴۳-۴۴) ان لوگوں نے بھی تکذیب کی تھی۔ عادۃ اللہ یوں ہے کہ چند روز مہلت دے کر عذاب میں گرفتار کیا جاتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ
اور مدین والے اپنے اپنے نبی کو جھٹلا چکے ہیں اور موسیٰ کو بھی جھٹلایا گیا پھر میں نے منکروں کو
لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ
مہلت دی پھر میں نے انہیں پکڑا پھر میری پکڑ کیسی تھی سو کتنی
مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ فَهِىَ خَاوِيَةٌ
بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں اور وہ گنہگار تھیں اب وہ اپنی چھتوں پر
عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾
گری پڑی ہیں اور کتنے کنوئیں نکمے اور کتنے پکے محل اُجڑے پڑے ہیں
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ
کیا انھوں نے ملک میں سیر نہیں کی پھر ان کے ایسے دل ہو جاتے
يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا
جن سے سمجھتے یا ایسے کان ہو جاتے جن سے سُنتے پس تحقیق بات یہ ہے
تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِىْ فِى
کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہو
الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ
جاتے ہیں اور تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اللہ اپنے وعدہ کا ہرگز
اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۗ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا
خلاف نہیں کرے گا اور ایک دن تیرے رب کے ہاں ہزار برس کے برابر ہوتا ہے جو تم
تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِىَ
گنتے ہو اور کتنی بستیوں کو میں نے مہلت دی حالانکہ وہ
ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَىَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا ع ١٢
ظالم تھیں پھر میں نے انہیں پکڑا اور میری طرف ہی پھر کر آنا ہے کہہ دو اے

## ربطِ آیات

(۴۴) پچھلے صفحہ پر۔
(۴۵) دنیا میں تم کتنی تباہ شدہ بستیوں کو پاؤ گے جو کبھی قائم تھیں
(۴۶) زمین میں سیر کر کے دیکھیں اگر دل ہوں تو سمجھیں اور کان ہوں تو سُنیں۔ اصل بات یہ ہے کہ جب دل اندھے ہو جائیں تو کون سمجھائے
(۴۷) پھر اپنی حماقت سے عذاب الٰہی کا فوری تقاضا کرتے ہیں۔ یاد رکھیں عذاب الٰہی کا تخلف نہیں ہو گا۔ البتہ خدا کے ہاں مہلت کی میعاد لمبی ہوتی ہے
(۴۸) کئی بستیاں مہلت ملنے کے بعد تباہ ہوئیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٤٩﴾ فَالَّذِينَ

لوگو میں تو صرف تمہیں صاف صاف ڈرانے والا ہوں پھر جو لوگ

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ

ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے بخشش اور عزت کی

كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾ وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ

روزی ہے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کے پست کرنے میں کوشش کی وہی

أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن

دوزخی ہیں اور ہم نے تجھ سے پہلے کوئی بھی ایسا

رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ

رسول اور نبی نہیں بھیجا کہ جس نے جب کوئی تمنا کی ہو اور شیطان نے اس کی تمنا میں

فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ

کچھ آمیزش نہ کی ہو پھر اللہ شیطان کی آمیزش کو دور کر کے اپنی

يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٥٢﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

آیتوں کو مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے تاکہ شیطان کی

يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

آمیزش کو ان لوگوں کے لئے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے

وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ

اور جن کے دل سخت ہیں اور بے شک ظالم بڑی ضد میں

بَعِيدٍ ﴿٥٣﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ

پڑے ہوئے ہیں اور تاکہ علم والے اسے تیرے رب کی طرف سے حق سمجھ کر

مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ قُلُوبُهُمْ ۗ

ایمان لے آئیں پھر ان کے دل اس کے لئے جھک جائیں

**خلاصہ رکوع ۷**

جب انبیاء علیہم السلام نے حق کی آواز اٹھائی تو شیطان نے بھی مقابلے کے لئے ہتھیار سنبھالے ماخذ آیت ۵۲ ۔

## ربط آیات

(۴۹) اے لوگو! میرا کام تمہاری بد اعمالی کے نتائج تم سے آگاہ کرنا ہے۔ (۵۰) جو لوگ ان باتوں کو مانیں گے ان کی جزا یہ ہوگی (۵۱) اور جو ان باتوں کو نہیں مانیں گے ان کی یہ سزا ہوگی (۵۲) اس آیت کے متعلق تلک الغرانیق العلیٰ والا قصہ تو صحیح نہیں ہے البتہ احادیث صحیحہ سے ضرور ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ النجم کی تلاوت فرمائی اور سجدہ کیا آپ کی معیت میں جتنے مسلم اور کافر و مشرک وہاں مجلس میں موجود تھے سب نے سجدہ کیا۔ اس آیت کا مصداق اس قصے کو بنانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کی توجیہ یوں ہو سکتی ہے کہ انبیاء علیہم السلام جب تشریف لائے ان کی تمنا یہی ہوتی ہے کہ ان کا ہر ایک مخاطب ہدایت پا جائے۔ اس تمنا کے پورا ہونے میں شیطان مانع ہوتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ یہ آواز حق کسی پر موثر نہ ہونے پائے اور یہ حق ہستی سے غیبت و نابود ہو جائے اللہ تعالیٰ شیطان کے القاء کو فنا کر دیتا ہے اور منصف مزاج مخلصین کے قلوب میں آواز حق کو پہنچا کر پختہ اور مضبوط بنا دیتا ہے اور وہ علیم و حکیم ہونے کے لحاظ سے جانتا ہے کہ کون کون سے قلوب اس تعلیم کے حامل ہونے کے اہل ہیں۔ (۵۳) فاسد مزاج والوں کے لئے القائے شیطان موثر ہو جاتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾
اور بیشک اللہ ایمان داروں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت کرنے والا ہے
وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى
اور منکر قرآن کی طرف سے ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک کہ
تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ
قیامت یکایک ان پر آموجود ہو یا منحوس دن کا عذاب ان پر
عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ
نازل ہو اس دن اللہ ہی کی حکومت ہوگی وہی ان میں فیصلہ کرے گا پھر جو
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَ
ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ نعمت کے باغوں میں ہوں گے اور
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ
جو منکر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو ان کے لئے
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ
ذلت کا عذاب ہے اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت
اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ
کی پھر قتل کئے گئے یا مرگئے البتہ انہیں اللہ اچھا
رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾
رزق دے گا اور بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ
البتہ انہیں ایسی جگہ پہنچائے گا جسے پسند کریں گے اور بیشک اللہ
لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ
جاننے والا بردبار ہے بات یہ ہے اور جس نے اسی قدر بدلہ لیا

## ربط آیات

(۵۴) جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے علم عطا فرمایا ہے وہ یقیناً سمجھ لیتے ہیں کہ یہ تعلیم صحیح ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ (۵۵) اور شیطانی اثر سے متاثر ہونے والے کافر قیامت یا عذاب الٰہی کے آنے تک شک میں رہیں گے (۵۶) قیامت کے دن بادشاہی فقط اللہ تعالیٰ کی ہوگی اور فیصلہ بھی وہی کرے گا۔ ایمان داروں کی جزا جنت ہوگی (۵۷) اور منکرین کی سزا جہنم ہوگی۔ (۵۸) اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کی تمام ضروریات دنیوی اور اخروی کا کفیل وہی مالک ہے۔ (۵۹) قربانی ہجرت کے عوض میں اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں جگہ عطا فرمائے گا۔

ع ۸ ۱۴

**خلاصہ رکوع ۸**

متقی باخدا درست کرنے والے ضرورت کے وقت دشمن وو بدلہ کا خیر باد کہیں گے۔ ان کی ضروریات کا کفیل اللہ تعالیٰ ہوگا۔

ماخذ آیت ۵۸۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ

جس قدر اسے تکلیف دی گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا بے شک

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝۶۰ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

اللہ درگزر کرنے والا معاف کرنے والا ہے یہ اس لئے کہ اللہ رات کو دن میں

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

اور دن کو رات میں داخل کیا کرتا ہے اور بیشک اللہ سننے والا

بَصِيْرٌ ۝۶۱ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا

دیکھنے والا ہے یہ اس لئے کہ حق اللہ ہی کی ہستی ہے اور جنہیں

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ

اس کے سوا پکارتے ہیں باطل ہیں اور بیشک اللہ

هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝۶۲ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ

ہی بلند مرتبہ بڑائی والا ہے کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پانی نازل کیا پھر زمین سرسبز ہو جاتی ہے بے شک اللہ

لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝۶۳ ج لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

مہربان خبردار ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶۴ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ

ع ۹ / ١٤

اور بے شک اللہ وہی بے نیاز قابل تعریف ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے زمین کی

لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ

چیزوں اور کشتیوں کو تمہارے تابع کر دیا ہے جو دریا میں اس کے حکم سے چلتی ہیں

وَيُمْسِكُ السَّمَاۗءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا

اور آسمان کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے مگر

## ربطِ آیات

(۶۰) فیصلہ الٰہی یوں ہی ہے اور جس مظلوم نے ظالم سے بدلہ لیا اور پھر ظالم نے اسے ستایا تو اللہ تعالیٰ اس پچھلے مظلوم کی مدد کرے گا (۶۱) اللہ تعالیٰ ظالم کے مقابلہ میں مظلوم کی مدد آسانی سے کر سکتا ہے کیونکہ اندھیرے کو روشنی میں لانا اور روشنی کو اندھیرے میں لانا اس کا روزمرہ کام ہے۔ لہٰذا طاقتور ظالم کو کمزور بنانا اور کمزور مظلوم کو طاقتور بنا دینا اس کے لئے کون سا مشکل کام ہے۔ (۶۲) اللہ تعالیٰ چونکہ حق ہے اس لئے حق کی امداد فرمائے گا۔ اور اسی کی بلندی اور بزرگی کا فیصلہ ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی طرفداری والا پہلو ہمیشہ غالب رہے گا (۶۳) کیا خشک زمین پر پانی برسا کر اسے سرسبز و شاداب بنانا اللہ تعالیٰ ہی کا کام نہیں ہے۔ (۶۴) اسی طرح آسمان اور زمین کی تمام چیزیں اس کے قبضۂ قدرت میں ہیں وہ جس کی چاہے مدد کرے اور کامیاب بنائے۔ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی محتاج ہیں اور وہ سب سے غنی ہے۔

**خلاصہ رکوع ۹**

آٹھویں رکوع کا تتمہ ہے۔ یعنی وسائلِ رزق اسی نے مہیا فرمائے ہیں۔

ماخذ آیت ۶۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ

اس کے حکم سے بیشک اللہ لوگوں پر نرمی کرنے والا نہایت رحم والا ہے اور وہ

الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ

وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا بیشک

الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا

انسان البتہ بڑا ہی ناشکرا ہے ہم نے ہر قوم کے لئے ایک دستور مقرر کر دیا ہے

هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى

جس پر وہ چلتے ہیں پھر انہیں تمہارے ساتھ اس معاملہ میں جھگڑنا نہ چاہیئے اور اپنے رب

رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ

کی طرف بلا بے شک تو البتہ سیدھے راستہ پر ہے اور اگر تجھ سے جھگڑا کریں

فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ

تو کہدے اللہ بہتر جانتا ہے جو تم کرتے ہو اللہ قیامت کے دن

بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾

تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے

اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَ

یہ سب کتاب میں لکھا ہوا ہے یہ اللہ پر آسان ہے اور

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا

اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہیں جس پر اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور نہ

لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾

ان کے پاس کوئی اس کا علم ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا

## ربط آیات

(٦٥) زمین کی تمام اشیاء اور کشتیاں اللہ تعالیٰ نے تابع بنائی ہیں یہ اس کی مہربانی ہے۔ (٦٦) تمہاری زندگی اور موت کی باگ اسی کے قبضہ میں ہے (٦٧) مذکورہ مصدر اشیاء جب اسی کی عطا کی ہوئی ہیں تو اس کا شکریہ بجا لانے کے لئے کوئی قانون کوئی شریعت چاہیئے اور وہ یہی ہے کہ خود انسان بندۂ خدا صحیح معنوں میں بنے اور دوسروں کو اسی کی طرف دعوت دے (٦٨) اگر اس بات پر نہ آئیں تو کہدو کہ اچھا اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے۔ وہ خود ہی فیصلہ فرمائے گا (٦٩) فیصلہ الٰہی کا دن قیامت ہے (٧٠) اللہ تعالیٰ کو زمین و آسمان کی ہر چیز کا پورا پورا علم ہے لہٰذا وہ صحیح فیصلہ کرے گا (٧١) معبود من دون اللہ بنانے میں نہ کوئی اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلیل اور نہ کوئی عقلی ثبوت ہے۔ ان بے انصافوں کا آئندہ کون مددگار ہوگا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ

اور جب انہیں ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو تم منکروں کے

الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ

چہروں میں ناراضگی دیکھوگے قریب ہوتے ہیں کہ جو لوگ انہیں ہماری

يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ

آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں ان پر حملہ کر دیں کہدو کیا میں تمہیں اس سے بھی بدتر

مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ

بات بتاؤں آگ ہے کہ جس کا اللہ نے منکروں سے وعدہ کیا ہے

ع ۹ ۱۶ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝٧٢ يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ

اور وہ بُری جگہ ہے اے لوگو ایک مثال بیان کی جاتی ہے

فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ

اسے کان لگا کر سنو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے

اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِن

ہو وہ ایک مکھی بھی نہیں بنا سکتے اگرچہ وہ سب اس کے لئے جمع ہوجائیں اور اگر

يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ ۚ

ان سے مکھی کوئی چیز چھین لے تو اسے مکھی سے چھڑا نہیں سکتے

ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ ۝٧٣ مَا قَدَرُوا اللَّهَ

عابد اور معبود دونوں ہی عاجز ہیں انہوں نے اللہ کی کچھ بھی

حَقَّ قَدْرِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝٧٤ اللَّهُ

قدر نہ کی بے شک اللہ زور والا غالب ہے فرشتوں

يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ ۚ

اور آدمیوں میں سے اللہ ہی پیغام پہنچانے کے لئے چن لیتا ہے

## ربطِ آیات

(۷۲) اللہ تعالیٰ کی روشن آیتیں ان پر پڑھی جائیں تو انہیں گراں جانتے ہیں اور پڑھنے والوں پر حملہ آور ہونا چاہتے ہیں۔ ان بے ایمانوں کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ (۷۳) تمہارے معبود انتہائی قدر بے بس اور عاجز ہیں (۷۴) انہوں نے ایسے عاجزوں کو خدا کا لقب دے کر ثابت کیا کہ اللہ تعالیٰ کے نام کی ان کے ہاں کوئی قدر نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ تو بڑا طاقتور اور غالب ہستی ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱۰**

(۱) غیر اللہ سے تعلق جوڑنے والوں کے ضعف کا بیان (۲) اور متقین باللہ کی کامیابی کا ذکر

ماخذ (۱) آیت ۷۳

(۲) آیت ۷۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿۷۵﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے وہ ان کے اگلے اور

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿۷۶﴾

پچھلے حالات جانتا ہے اور سب کاموں کا مدار اللہ پر ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا

اے ایمان والو رکوع اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی

رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۩ ﴿۷۷﴾ السجدة

بندگی کرو اور بھلائی کرو تاکہ تمہارا بھلا ہو

وَجَاهِدُوا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ

اور اللہ کی راہ میں کوشش کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے اس نے تمہیں پسند کیا ہے

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ۚ

اور دین میں تم پر کسی طرح کی سختی نہیں کی

مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ ۙ

تمہارے باپ ابراہیم کا دین ہے اسی نے تمہارا نام پہلے سے مسلمان

مِنْ قَبْلُ وَفِي هَٰذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا

رکھا تھا اور اس قرآن میں بھی تاکہ رسول تم پر گواہ بنے

عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ ۚ

اور تم لوگوں پر گواہ بنو

فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللّٰهِ

پس نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو مضبوط ہو کر پکڑ لو

هُوَ مَوْلَاكُمْ ۖ فَنِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ﴿۷۸﴾ ع

وہی تمہارا مولیٰ ہے پھر کیا ہی اچھا مولیٰ اور کیا ہی اچھا مددگار ہے

السجدة عند الشافعی

ع ۱۰

## ربط آیات

(۷۵) اللہ تعالیٰ ملائکہ عظام اور انسانوں میں سے جسے چاہے رسول انتخاب کر لیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی اللہ تعالیٰ ہی نے رسول انتخاب فرمایا ہے اس نے اللہ تعالیٰ کی قدر کر۔ ان سے سیکھو واللہ اعلم (۷۶) اگر تم یہ کہو کہ انہیں کیوں اس منصب کے لئے انتخاب فرمایا تو یہ اعتراض بیجا ہوگا۔ اسے سب کے حالات معلوم ہیں اس نے جسے اہل سمجھا اس درجہ پر پہنچایا (۷۷) مخالف اگر نہ مانیں تو وہ جانیں۔ تم اے مسلمانو! اپنا یہ طرز عمل رکھو اسی میں تمہارے لئے نجات ہے (۷۸) مومنین کے طرز عمل کا بقیہ اس آیت میں ہے۔



Downloaded from ... Al-marifat.org
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها (۲۳) سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ (۷۴) رکوعاتها

سورت مومنون مکی ہے اور اس میں ایک سو اٹھارہ آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝٢

بے شک ایمان والے کامیاب ہو گئے جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور جو بے ہودہ باتوں سے منہ موڑنے والے ہیں اور جو زکوٰۃ

فٰعِلُوْنَ ۝٤ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝٥ اِلَّا عَلٰٓى

دینے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں مگر اپنی

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝٦ فَمَنِ

بیویوں یا لونڈیوں پر اس لئے کہ ان میں کوئی الزام نہیں پس

ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ

جو شخص اس کے علاوہ طلب گار ہو تو وہی حد سے نکلنے والے ہیں اور جو اپنی

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

امانتوں اور اپنے وعدہ کا لحاظ رکھنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ۝٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ

حفاظت کرتے ہیں وہی وارث ہیں جو جنت الفردوس کے

الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

وارث ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے اور البتہ ہم نے انسان کو

خلاصہ رکوع ۱ – (۱) تعلق باللہ درست کرنے والوں کے اوصاف۔ (۲) اور اس تعلق کی ضرورت۔ ماخذ (۱) آیت ۱ تا ۱۱ (۲) آیت ۱۲ تا ۱۶۔

ابتداء پارہ ۱۸

ربط آیات

سورۃ المؤمنون

(ربط شروع سورۃ)

تعلق باللہ کی درستی پر دنیا اور آخرت کی عزت کا دارومدار ہے (۱ تا ۱۱) تعلق باللہ درست کرنے والوں کے اوصاف اور ان کی کامیابی کا اعلان۔

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
Downloaded From : Al-marifat.org

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ
مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر ہم نے اسے حفاظت کی جگہ میں نطفہ بنا کر
مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ
رکھا پھر ہم نے نطفہ کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے لوتھڑے سے گوشت
مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ
کی بوٹی بنائی پھر ہم نے اس بوٹی سے ہڈیاں بنائیں پھر ہم نے ہڈیوں پر
لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ
گوشت پہنایا پھر اسے ایک نئی صورت میں بنا دیا سو اللہ بڑی برکت والا ہے
الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ؕ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ؕ
بہتر بنانے والا ہے پھر تم اس کے بعد مرنے والے ہو
ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا
پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے اور ہم ہی نے تمہارے
فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ
اوپر سات آسمان بنائے ہیں اور ہم بنانے میں
غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ
بے خبر نہ تھے اور ہم نے ایک اندازہ کے ساتھ آسمان سے پانی نازل کیا
فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ
پھر اسے زمین میں ٹھیرایا اور ہم اس کے لے جانے پر بھی
لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ ۚ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ
قادر ہیں پھر ہم نے اس سے تمہارے لیے کھجور اور
اَعْنَابٍ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ ۙ
انگور کے باغ اگا دیئے جن میں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں اور انہی میں سے کھاتے ہو

## ربط آیات

(۱۲ تا ۱۶) جس احسن الخالقین نے تمہیں مٹی سے مختلف تغیرات دے کر انسان بنایا اور پھر مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جاؤ گے تو اسی کے ہاں حاضر کیے جاؤ گے لہٰذا خود ہی فیصلہ کرو کہ اس کے ساتھ بہتر تعلق رکھنے کی تمہیں ضرورت ہے یا نہیں بلحاظ قاعدہ او انسان جیدالاحسان تمہارا فرض ہے کہ تم اس کے غلام رہو۔ (۱۷) فقط انسان کو بنا کر چھوڑ نہیں دیا بلکہ اس کی ضروریات کے لئے دیکھئے کیسا سامان مہیا کیا سات آسمان بنائے۔ (۱۸) آسمان سے اندازہ کے موافق پانی نازل فرمایا اور اسے زمین میں ٹھہرایا۔ (۱۹) پھر اس پانی کے ذریعے کھجور اور انگور کے باغ پیدا کئے

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَآءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ وَ
اور وہ درخت جو طور سینا سے نکلتا ہے جو کھانے والوں کے لئے روغن اور
صِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ (۲۰) وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً
سالن لے کر اگتا ہے اور بے شک تمہارے لئے چارپایوں میں بھی عبرت ہے
نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ
کہ ہم تمہیں ان کے پیٹ کی چیزوں میں سے پلاتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے
كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (۲۱) وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ
فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو کھاتے ہو اور ان پر اور کشتیوں پر سوار بھی
تُحْمَلُوْنَ (۲۲) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ
کئے جاتے ہو اور ہم نے نوح کو اس کی قوم کے پاس بھیجا پھر اس نے
يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا
کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں پھر تم کیوں
تَتَّقُوْنَ (۲۳) فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ
نہیں ڈرتے سو اس کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ یہ بس تم ہی
مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ
جیسا آدمی ہے تم پر بڑائی حاصل کرنا چاہتا
عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ښ مَّا سَمِعْنَا
ہے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے بھیج دیتا ہم نے اپنے
بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ (۲۴) اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ
پہلے باپ دادا سے یہ بات کبھی نہیں سنی یہ تو بس ایک دیوانہ آدمی
جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ (۲۵) قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ
ہے پس اس کا ایک وقت تک انتظار کرو کہا اے میرے رب تو میری مدد کر

## ربطِ آیات

(۲۰) اور طور سینا سے ایک درخت اگایا جس سے تیل نکلتا ہے جو سالن کا کام دیتا ہے (۲۱) نباتات کے علاوہ جانوروں کو پیدا کیا جن کا دودھ پیتے ہو کس طرح کا نفع اٹھاتے ہو اور بعض کو ذبح کر کے کھاتے ہو (۲۲) جانوروں اور

> خلاصہ رکوع ۲ تذکیر بایام اللہ جن لوگوں نے حق بات کو رد کیا انہیں ذلیل ہونا پڑا۔ ماخذ آیت ۲۳ تا ۳۰

ع ۲

کشتیوں پر سواری بھی کرتے ہو۔ نتیجہ: جس مالک نے تم پر مذکورۃ الصدر احسانات کئے ہیں تمہارا حق نہیں ہے کہ اس کی غلامی سے ایک انچ باہر جاؤ۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (۲۳) ہم نے حضرت نوح علیہ السلام کو اعبدوا اللہ کا پیغام دے کر بھیجا۔ (۲۴) کفار کے سرداران قوم نے ایک بدگمانی کر کے اطاعت سے انکار کیا (۲۵) (نعوذ باللہ) یہ تو پاگل معلوم ہوتا ہے۔ ذرا دیکھو کیا ہوتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِمَا كَذَّبُونِ ﴿٢٦﴾ فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا

کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے پھر ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ ہماری آنکھوں کے سامنے

وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا

اور ہمارے حکم سے کشتی بنا پھر جب ہمارا حکم آ پہنچے اور تنور ابلنے لگے پس تو کشتی میں

مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ

ہر چیز کا جوڑا نر مادہ اور اپنے گھر والوں کو بٹھالے مگر ان میں سے

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ

وہ شخص جس کے لئے پہلے فیصلہ ہوچکا ہے اور ظالموں کے معاملہ میں مجھ سے بات نہ کر

إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ

بے شک وہ غرق کئے جائیں گے پھر جب تو اور جو تیرے ساتھ ہے

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ

کشتی پر چڑھ بیٹھو تو کہہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں ظالموں سے

الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا

چھوڑایا اور کہہ اے میرے رب مجھے برکت کے ساتھ اتار

مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿٢٩﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

اور تو بہتر اتارنے والا ہے اس واقعہ میں بہت سی نشانیاں ہیں

وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ

بیشک ہم تو آزمائش کرنے والے تھے پھر ہم نے ان کے بعد ایک

قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٣١﴾ فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ

دوسرا دور پیدا کیا پھر ان میں بھی انہیں میں سے ایک رسول بھیجا کہ

اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣٢﴾ ع ۲

اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں پھر تم کیوں نہیں ڈرتے

## ربط آیات

(۲۶) نوح علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں فریاد کی (۲۷) اس کے جواب میں کشتی بنانے کا حکم ہوا اور یہ بھی فرمان ہوا کہ جب تنور غضب الٰہی سے جوش میں آئے تو مندرجہ ذیل چیزوں کو کشتی میں سوار کرلیں۔ اور ظالموں کی کوئی سفارش نہ کریں (۲۸) کشتی پر سوار ہوکر یہ دعا پڑھیں (۲۹) اور دعا کرکے اللہ میرا کشتی سے نزول بابرکت ہو (۳۰) اس واقعہ میں بہت سی نشانیاں ہیں ہم اس قوم نوح سے امتحان لینے والے تھے کہ وہ جواس کے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے (۳۱) ان کے بعد ہم نے ایک اور نسل پیدا کی یعنی قوم ہود علیہ السلام (۳۲) ان کے ہاں بھی رسول بھیجا۔ اور وہی پیغام لے کر آیا کہ ایک اللہ تعالیٰ کی غلامی کرو اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۳ - تذکرہ ایام اشرف جن لوگوں نے اپنا تعلق باشرف زیست نہیں کیا انہیں رسوا کیا گیا۔
ماخذ آیت ۴۱

وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ
اور اس کی قوم کے سرداروں نے کہا جنہوں نے کفر کیا تھا اور قیامت کی آمد کو جھٹلاتے

الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا
تھے اور جنہیں ہم نے دنیا کی زندگی میں آسودہ کر رکھا تھا کہ یہ بس تمہیں جیسا

بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ
آدمی ہے وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے

مِمَّا تَشْرَبُونَ ﴿٣٣﴾ وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِثْلَكُمْ إِنَّكُمْ
جو تم پیتے ہو اور اگر تم نے اپنے جیسے آدمی کی فرمانبرداری کی تو بے شک

إِذًا لَخَاسِرُونَ ﴿٣٤﴾ أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ
تم گھاٹے میں پڑ گئے کیا تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور

تُرَابًا وَعِظَامًا أَنَّكُمْ مُخْرَجُونَ ﴿٣٥﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ
مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تم نکالے جاؤ گے بہت ہی بعید بہت ہی بعید

لِمَا تُوعَدُونَ ﴿٣٦﴾ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ
بات ہے جو تم سے کہی جاتی ہے ہماری صرف یہی دنیا کی زندگی ہے مرتے

وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٣٧﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ
اور جیتے ہیں اور ہم اٹھائے نہیں جائیں گے بس یہ ایک ایسا شخص ہے

افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ﴿٣٨﴾
جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے اور ہم اسے ماننے والے نہیں ہیں

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ
کہا اے میرے رب میری مدد کر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے فرمایا تھوڑی دیر کے بعد یہ خود نادم

نَادِمِينَ ﴿٤٠﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً
ہوں گے پھر انہیں ایک سخت آواز نے سچے وعدے کے موافق آ پکڑا پھر ہم نے انہیں خس و خاشاک کر دیا

## ربط آیات

(۳۳) ہود علیہ السلام کی قوم میں سے سرداران کفار نے کہا یہ نبی کیسے ہو سکتا ہے۔ یہ تو تمہاری طرح ایک انسان ہے (۳۴) اپنے ایسے انسان کی اطاعت میں کوئی فائدہ نہیں ہے (۳۵) یہ عجیب باتیں کرتا ہے کہ مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جاؤ گے (۳۶) یہ بہت ہی بعید از قیاس بات ہے (۳۷) سوائے دنیا کی زندگی کے اور کوئی زندگی نہیں ہے (۳۸) خدا تعالے کی طرف سے بعث بعد الموت کی اطلاع دینا خدا پر افترا باندھنا ہے ہم اس بات کے ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں (۳۹) ہود علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں فریاد کی (۴۰) قوم کی تباہی کا جواب ملا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

پھر ظالموں پر اللہ کی پھٹکار رہے — پھر ہم نے ان کے بعد اور بہت سے

قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

دور پیدا کئے — کوئی جماعت نہ اپنے وقت سے آگے بڑھ سکتی ہے نہ

يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَاۗءَ

پیچھے ہٹ سکتی ہے — پھر ہم اپنے رسول لگاتار بھیجتے رہے — جب کوئی رسول

اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ

اپنی قوم کے پاس آیا وہ اسے جھٹلاتی ہی رہی پھر ہم بھی ایک کے بعد دوسری کو ہلاک کرتے گئے اور

جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ

ہم نے ان کو افسانے بنا دیئے — پھر ان لوگوں پر پھٹکار رہے جو ایمان نہیں لاتے — پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ڏ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ

ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی — ہارون کو — اپنی نشانیاں اور کھلی سند

مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

دے کر — فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا پھر انہوں نے تکبر کیا اور وہ

عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا

سرکش لوگ تھے — پھر کہا کیا ہم اپنے جیسے دو شخصوں پر ایمان لائیں — جن کی قوم

لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾

ہماری غلامی کر رہی ہو — پھر ان دونوں کو جھٹلایا — پھر ہلاک کر دیئے گئے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا

اور البتہ ہم نے — موسیٰ کو کتاب دی تھی — تاکہ وہ ہدایت پائیں — اور ہم نے

ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ

مریم کے بیٹے اور اس کی ماں کو نشانی بنایا تھا اور انہیں ایک ٹیلہ پر جگہ دی جہاں ٹھیرنے کا موقع — اور

## ربطِ آیات

(۴۱) ہلاکت کا وعدۂ الٰہی پورا ہوگیا (۴۲) ان کے بعد اور کئی نسلیں ہم نے پیدا کیں (۴۳) کوئی جماعت اپنے وقتِ معین سے آگے پیچھے نہیں ہوتی (۴۴) پھر ہم نے پے در پے رسول بھیجے جب کبھی کسی اُمّت کے پاس رسول آیا تو اس اُمّت نے رسول کو جھٹلایا اسی بنا پر تمام جھٹلانے والی اُمتیں یکے بعد دیگرے تباہ ہوگئیں بے ایمانوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یکساں دُوری ہے (۴۵) پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ان کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو نبی بنا کر بھیجا اور انہیں معجزات بھی عطا فرمائے (۴۶) فرعون اور اس کی قوم کے سرداروں کی طرف لیکن فرعون نے بھی تعمیل حکم سے انکار کیا اور تکبر بےجا اختیار کیا۔ (۴۷) اور یہی پہلی قوموں والا عذر پیش کیا کہ کیا ہم انسانوں کا اتباع کریں! یہ عذر بھی بتایا کہ ان رسولوں کی قوم ہماری غلام ہے (۴۸) یہ لوگ بھی تکذیب کے باعث ہلاک ہوگئے (۴۹) موسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے کتاب دی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ۱۸ ۳

خلاصہ رکوع ۳ تمام انبیاء علیہم السلام کا نصب العین وحید (۲) اصلاح تعلیم کیساں اور مقصد تعلق باللہ کی اصلاح
ماخذ آیات ۵۱ - ۵۲ ر ۲ آیت ۵۳ -

## ربطِ آیات

(۵۰) پہلے انبیاء علیہم السلام کی طرح اللہ تعالیٰ نے ابن مریم اور مریم علیہا السلام کو عظیم آیت یعنی آیات اللہ بنایا لیکن جس طرح پہلے انبیاء علیہم السلام کی بے قدری کی گئی اسی طرح ان کی بھی بے قدری کی گئی لوگوں نے ان کے دامن اور تعلیم سے صحیح فائدہ نہ اٹھایا اور پہلوں کی طرح شامتِ اعمال میں تباہ ہو گئے۔ واللہ اعلم۔
(۵۱ - ۵۲) تمام انبیاء علیہم السلام کی زندگی کا نصب العین یہ ہے (۱) طیبات کا استعمال کرنا (۲) عمل صالح کرنا (۳) اللہ تعالیٰ سے تعلق درست کرنا (وانا ربکم فاعبدون)
(۵۳) اس ایک دین الٰہی کو لوگوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر لیا اور ہر ایک جماعت اپنے ہی ٹکڑے پر خوش ہے اس کے خلاف کوئی بات سننے کے لئے تیار نہیں (۵۴) لہٰذا انہیں اس گمراہی میں پڑے رہنے دیجئے (۵۵ - ۵۶) کیا ان کا خیال ہے کہ مال اور اولاد کی فراوانی ان کے حق میں نیکی ہے دیکھئے یہ بھی ایک طرح کا عذاب ہے لیکن یہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں۔
(۵۷ تا ۶۱) ان اوصاف حمیدہ والے اللہ کے بندے اعمال صالح کی طرف جلدی قدم بڑھاتے ہیں اور یہ حضرات ان ہی اعمال صالح کی برکت سے جنت میں سبقت کرنے والے ہوں گے۔

مَعِينٍ ﴿٥٠﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلرُّسُلُ كُلُوا۟ مِنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَٱعْمَلُوا۟
پانی جاری تھا اے رسولو! ستھری چیزیں کھاؤ اور اچھے

صَٰلِحًا ۖ إِنِّى بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴿٥١﴾ وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ
کام کرو بے شک میں جانتا ہوں جو تم کرتے ہو اور بے شک یہ تمہاری جماعت

أُمَّةً وَٰحِدَةً وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَٱتَّقُونِ ﴿٥٢﴾ فَتَقَطَّعُوٓا۟
ایک ہی جماعت ہے اور میں تم سب کا رب ہوں پس مجھ سے ڈرو پھر انہوں نے

أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۖ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ﴿٥٣﴾
اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر لیا ہر ایک جماعت اس ٹکڑے پر جو ان کے پاس ہے خوش ہونے والے ہیں

فَذَرْهُمْ فِى غَمْرَتِهِمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٥٤﴾ أَيَحْسَبُونَ أَنَّمَا
پھر ایک وقت تک انہیں اپنے نشہ میں پڑا رہنے دو کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم

نُمِدُّهُم بِهِۦ مِن مَّالٍ وَبَنِينَ ﴿٥٥﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِى
انہیں مال اور اولاد میں ترقی دے رہے ہیں انہیں فائدہ پہنچانے میں جلدی

ٱلْخَيْرَٰتِ ۚ بَل لَّا يَشْعُرُونَ ﴿٥٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ هُم مِّنْ خَشْيَةِ
کر رہے ہیں بلکہ یہ نہیں سمجھتے بے شک جو اپنے رب کی ہیبت سے

رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ﴿٥٧﴾ وَٱلَّذِينَ هُم بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٨﴾
ڈرنے والے ہیں اور جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان لاتے ہیں

وَٱلَّذِينَ هُم بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُونَ ﴿٥٩﴾ وَٱلَّذِينَ يُؤْتُونَ
اور جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے اور جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں

مَآ ءَاتَوا۟ وَّقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رَٰجِعُونَ ﴿٦٠﴾
اور ان کے دل اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں

أُو۟لَٰٓئِكَ يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْخَيْرَٰتِ وَهُمْ لَهَا سَٰبِقُونَ ﴿٦١﴾
یہی لوگ نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں اور وہی نیکیوں میں آگے بڑھنے والے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَٰبٌ يَنطِقُ

اور ہم کسی پر اس کی طاقت سے بڑھ کر بوجھ نہیں ڈالتے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو سچ

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ

بولے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے دل اس سے بے ہوشی میں پڑے

مِّنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِّن دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا

ہوئے ہیں اور اس کے سوا ان کے اور بھی کام ہیں کہ جنہیں وہ کیا کرتے

عَٰمِلُونَ ﴿٦٣﴾ حَتَّىٰٓ إِذَآ أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم بِالْعَذَابِ

ہیں یہاں تک کہ جب ہم ان میں سے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں

إِذَا هُمْ يَجْـَٔرُونَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُم مِّنَّا لَا

پکڑیں گے فوراً وہ چلائیں گے آج کے دن مت چلاؤ بے شک تم ہم سے

تُنصَرُونَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ ءَايَٰتِى تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُمْ

چھڑائے نہ جاؤ گے تمہیں میری آیتیں سنائی جاتی تھیں پھر تم

عَلَىٰٓ أَعْقَٰبِكُمْ تَنكِصُونَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِينَ بِهِۦ

ایڑیوں پر الٹے بھاگتے تھے غرور میں آکر اسے

سَٰمِرًا تَهْجُرُونَ ﴿٦٧﴾ أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَآءَهُم

کہانی سمجھ کر چلے جایا کرتے تھے کیا انہوں نے اس ارشاد میں غور ہی نہیں کیا یا ان کے

مَّا لَمْ يَأْتِ ءَابَآءَهُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿٦٨﴾ أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا

پاس ایسی بات آئی ہے جو ان کے پہلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی یا یہ لوگ اپنے

رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُۥ مُنكِرُونَ ﴿٦٩﴾ أَمْ يَقُولُونَ بِهِۦ جِنَّةٌۢ

رسول کو پہچانتے نہیں تب یہ اس کے منکر ہیں یا کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے

بَلْ جَآءَهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَٰرِهُونَ ﴿٧٠﴾

بلکہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آیا ہے اور ان میں سے اکثر حق کو ناپسند کرنے والے ہیں

## ربط آیات

(۶۲) ہم کب چاہتے ہیں کہ سب ایک جتنے اعمال صالح کریں نہیں ہر شخص اپنی استعداد کے موافق عمل کرے ہماری کتاب (لوح محفوظ) ہر ایک کے اعمال کی صحیح مقدار بتلا دے گی (۶۳) ان کفار کے قلوب ایسی باتوں سے غافل ہیں ان کے اعمال مومنین کے اعمال سے مختلف ہیں (۶۴) جب ان کے آسودہ حالوں کو عذاب میں مبتلا کریں گے، اس وقت یہ چیخیں گے (۶۵) اس دن یہ جواب ملے گا (۶۶) ہمارے احکام تمہیں سنائے جاتے تھے اور تم ماننے سے انکار کرتے تھے (۶۷) ہمارے احکام کو ماننا اپنی کسرِ شان سمجھتے تھے (۶۸) اس قرآن حکیم میں ان لوگوں نے کیوں غور نہیں کیا۔ کیا ان کے پاس ایسی نئی چیز آئی ہے جو ان کے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی (۶۹) کیا اپنے رسول کو صداقت دیانت امانت شرافت کے لحاظ سے یہ نہیں پہچانتے تھے (۷۰) کیا (نعوذ باللہ) نبی کو پاگل خیال کرتے ہیں۔ وہ مجنون نہیں ہے بلکہ سچی باتیں سناتا ہے اور یہ لوگ سچ سے نفرت کرنے والے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۷۱) اگر نازل ہونے والا حق ان کے خیال کے تابع ہوتا۔ تو زمین و آسمان میں فساد پھیل جاتا
(۷۲) کیا حق سے اعراض کرنے کا یہ باعث ہے کہ آپ ان سے مزدوری مانگتے ہیں۔ ہرگز نہیں آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کا اجر بہتر ہے
(۷۳) آپ تو انہیں سیدھے راستہ کی طرف دعوت دیتے ہیں (۷۴) آخرت سے انکار کرنے والے سیدھے راستہ سے ہٹنے والے ہیں (۷۵) اگر ان پر رحم کھا کر موجودہ عذاب قحط ان سے ہٹا بھی دیں تو بھی یہ شکر و احسان نہیں سمجھیں گے بلکہ اپنی سرکشی میں بڑھ جائیں گے۔
(۷۶) ہم نے انہیں عذاب میں مبتلا کیا۔ لیکن یہ لوگ پھر بھی اللہ تعالیٰ کی طرف مائل نہیں ہوئے۔
(۷۷) جس وقت ہم سخت عذاب کا دروازہ ان پر کھولیں گے اس وقت متحیر ہو کر رہ جائیں گے۔
(۷۸) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے تمہیں کان آنکھیں اور دل بنا کر دیئے۔

نصف

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ
اور اگر حق ان کی خواہشوں کے مطابق ہوتا تو آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں

وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ
ہے درہم برہم ہو گیا ہوتا بلکہ ہم نے تو ان کی نصیحت انہیں پہنچا دی ہے سو وہ اپنی نصیحت سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّ
منہ موڑنے والے ہیں کیا تو ان سے کچھ اجرت مانگتا ہے سو تیرے رب کی اجرت بہتر ہے اور

هُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ
وہی سب سے بہتر روزی دینے والا ہے اور بے شک تو انہیں سیدھے راستہ کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ
بلاتا ہے اور جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے سیدھے

الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ
راستہ سے ہٹنے والے ہیں اور اگر ہم ان پر رحم کرکے ان کی تکلیف کو دور

ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ
کر دیں تو بھی وہ اپنی سرکشی میں گمراہ ہی پڑے رہیں گے اور البتہ ہم نے انہیں

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾
عذاب میں مبتلا بھی کیا پھر بھی اپنے رب کے سامنے عاجزی نہ کی اور نہ گڑگڑائے

حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا
یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھولا تو

هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ
فوراً اس میں ناامید ہو گئے اور اسی نے تمہارے کان

ع ۴

خلاصہ رکوع ۵ - تذکیر واقعہ
سنتِ اللہ کی طرف توجہ۔
ماخذ آیت ۷۸، ۷۰، ۶۰۔

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾
اور آنکھیں اور دل بنائے ہیں تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٧٩﴾

اور اسی نے تمہیں زمین میں پھیلا رکھا ہے اور اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے

وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ

اور وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ۔ اور رات اور دن کا بدلنا اسی کے اختیار میں ہے

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ﴿٨١﴾

سو کیا تم نہیں سمجھتے بلکہ وہی کہتے ہیں جو پہلے لوگ کہتے تھے

قَالُوا أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٨٢﴾

کہتے ہیں کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کئے جائیں گے

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا هَٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هَٰذَا

اس کا ہم سے اور اس سے پہلے ہمارے باپ دادا سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے یہ صرف

إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨٣﴾ قُلْ لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ

اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ان سے پوچھو یہ زمین اور جو کچھ

فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا

اس میں ہے کس کا ہے اگر تم جانتے ہو وہ فوراً کہیں گے اللہ کا ہے کہہ دو پھر تم کیوں

تَذَكَّرُونَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ

نہیں سمجھتے ان سے پوچھو ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا

الْعَظِيمِ ﴿٨٦﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْ

مالک کون ہے وہ فوراً کہیں گے اللہ ہے کہہ دو کیا پھر تم اللہ سے نہیں ڈرتے ان سے پوچھو

بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

کہ ہر چیز کی حکومت کس کے ہاتھ میں ہے اور وہ بچا لیتا ہے اور اس سے کوئی نہیں بچا سکتا

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ فَأَنَّىٰ تُسْحَرُونَ ﴿٨٩﴾

اگر تم جانتے ہو وہ فوراً کہیں گے اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے کہہ دو پھر تم کیسے دیوانے ہو رہے ہو

## ربطِ آیات

(۷۹) اسی نے تمہیں زمین میں پیدا کیا (۸۰) تمہاری زندگی اور موت اور دن رات کا یکے بعد دیگرے آنا جانا یہ سارا انتظام اسی کے قبضہ میں ہے (۸۱) ان باتوں کو سن کر پہلے لوگوں کا سا جواب دیتے ہیں (۸۲) کیا مرنے کے بعد حساب و کتاب کے لئے اٹھ سکتے ہیں۔ جب اٹھنا نہیں تو پھر ان جکڑ بندیوں میں مقید ہو کر رہنے کی کیا ضرورت ہے (۸۳) اس قسم کے وعدے پہلے ہمارے باپ دادا کو بھی دیئے گئے یہ قرآن منزل من اللہ نہیں ہے پہلے لوگوں کے قصے جمع کر رکھے ہیں (۸۴-۸۵) اگر یہ سوال کیا جائے تو یقیناً جواب دیں گے کہ یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی ہیں تو کیا پھر تمہیں اس کی غلامی کی ضرورت نہیں ہے۔ (۸۶) بتلاؤ کہ سات آسمانوں اور عرش عظیم کا رب کون ہے (۸۷) جب یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی ہیں تو اس سے اپنا تعلق کیوں نہیں جوڑتے اور اس سے کیوں نہیں ڈرتے (۸۸-۸۹) جب ہر چیز کا اسے بادشاہ مانتے ہو تو پھر عقل پر کونسا جادو ہو گیا ہے اس سے اپنا تعلق درست کیوں نہیں کرتے اور اس کا فرمان کیوں نہیں مانتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ

بلکہ ہم نے ان کے پاس حق بات پہنچا دی اور بیشک وہ البتہ جھوٹے ہیں اللہ نے کوئی بھی

مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ

بیٹا نہیں بنایا اور نہ اس کے ساتھ کوئی معبود ہی ہے اگر ہوتا تو ہر

اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

خدا اپنی بنائی ہوئی چیز کو الگ لے جاتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا اللہ پاک ہے

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا

جو یہ بیان کرتے ہیں غائب اور حاضر سب کا جاننے والا ہے وہ بہت بلند ہے اس سے جسے

يُشْرِكُوْنَ ﴿٩٢﴾ ع قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ

یہ شریک بناتے ہیں کہہ دو اے میرے رب اگر تو مجھے دکھائے وہ چیز جس کا انہیں وعدہ دیا جا رہا ہے تو اے

فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَاِنَّا عَلٰٓي اَنْ نُّرِيَكَ

میرے رب مجھے ظالموں میں شامل نہ کر اور ہم اس پر قادر ہیں کہ تجھے

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۭ

دکھا دیں جو ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے بری بات کے جواب میں وہ کہو جو بہتر ہے

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

ہم خوب جانتے ہیں جو یہ بیان کرتے ہیں اور کہو اے میرے رب میں شیطانی خطرات سے

هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾

تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان میرے پاس آئیں

حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آئے گی تو کہے گا اے میرے رب مجھے پھر بھیج دے

لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ

تاکہ جسے میں چھوڑ آیا ہوں اس میں نیک کام کر لوں ہرگز نہیں ایک بات ہی بات ہے جسے یہ

### ربط آیات

(۹۰) بلکہ ہم قران کے پاس حق ہی لائے ہیں، اور حق کے جھٹلانے میں یہی جھوٹے ہیں (۹۱) اللہ تعالیٰ بیٹے اور دوسرے شریک سے پاک ہے (۹۲) وہ ہر غیب اور ظاہر کا جاننے والا ہے۔ وہ شریکوں سے بلند و برتر ہے۔ (۹۳) انہیں میرے سامنے عذاب دینے

ع ٥ ٥

خلاصہ رکوع ۶ - ۱۰ (۱) حق بات
قبول نہ کرنے والوں کا انجام [illegible]
(۲) [illegible]
ماخذ آیات [illegible]

سے (۹۴) اے اللہ مجھے ان میں شامل نہ فرما (۹۵) ہم تیرے سامنے انہیں عذاب دینے پر قادر ہیں (۹۶) اب صبر کیجئے اور ان کی برائی کا جواب بھلائی سے دیجئے (۹۷-۹۸) شیطانی شر سے بچنے کے لئے یہ دعا کیجئے۔ (۹۹-۱۰۰) موت کے وقت حقیقت ان پر کھل جائے گی پھر یہ تمنا کریں گے اور منظور نہیں ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

کہہ رہا ہے اور ان کے آگے قیامت تک ایک پردہ پڑا ہوا ہے

فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ

پھر جب صور پھونکا جائے گا تو اس دن ان میں نہ رشتہ داریاں رہیں گی اور

وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

نہ کوئی کسی کو پوچھے گا پھر جن کا پلہ بھاری ہوا تو وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

فلاح پائیں گے اور جن کا پلہ ہلکا ہوگا تو وہی یہ لوگ ہوں گے جنہوں نے

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِىْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ

اپنا نقصان کیا ہمیشہ جہنم میں رہنے والے ہوں گے ان کے

وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى

مونہوں کو آگ جھلس دے گی اور وہ اس میں بدشکل ہونے والے ہوں گے کیا تمہیں ہماری آیتیں نہیں

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا

سنائی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلاتے تھے کہیں گے اے ہمارے رب ہم پر ہماری

شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا

بدبختی غالب آگئی تھی اور ہم لوگ گمراہ تھے اے رب ہمارے ہمیں اس سے نکال دے

فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا

اگر پھر کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گے فرمائے گا اس میں پھٹکارے ہوئے پڑے رہو اور

تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِىْ يَقُوْلُوْنَ

مجھ سے نہ بولو میرے بندوں میں سے ایک گروہ تھا جو کہتے تھے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو بہت بڑا رحم کرنے والا ہے

## ربط آیات

(۱۰۱) نفخۂ ثانیہ کے وقت کوئی نسبی تعلق انہیں کام نہیں دے گا ہر شخص کو اپنی فکر ہوگی (۱۰۲، ۱۰۳) طریق فیصلہ یہ ہوگا کہ جن کے نیک اعمال کا پلہ بھاری ہوگا وہ نجات پا جائیں گے اور جن کے نیک اعمال کا پلہ ہلکا ہوگا وہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے نفسوں کو خسارے میں ڈالا وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے (۱۰۴) دنیا میں تعلق باللہ درست نہ کرنے والوں کے چہروں کو آگ جھلس دے گی اور وہ بدصورت ہوں گے (۱۰۵) کیا تم اس جرم کے مجرم نہیں ہو؟ (۱۰۶) بے شک ہم مجرم ہیں (۱۰۷) یہاں سے نکال اور دنیا میں بھیج۔ پھر یہ جرم نہیں کریں گے (۱۰۸) ذلیل ہوکر یہیں جہنم میں رہو۔ اور مجھ سے کلام مت کرو (۱۰۹، ۱۱۰) دنیا میں تم میری یاد کرنے والوں پر تمسخر اڑایا کرتے تھے ان پر استہزا کرنے میں اتنے محو ہوئے کہ میری یاد بھی بھول گئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ
سو تم نے ان کی ہنسی اڑائی یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھی بھلا دی اور تم ان سے

تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ
ہنسی ہی کرتے رہے آج میں نے انہیں ان کے صبر کا بدلہ دیا کہ وہی

هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ
کامیاب ہوئے فرمائے گا تم زمین پر گنتی کے کتنے

سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ
برس رہے کہیں گے ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں پس آپ گنتی

الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ
کرنیوالوں سے پوچھ لیں فرمائے گا تم اس میں بہت نہیں تھوڑا ہی رہے ہو کاش کہ تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ
سمجھ لیتے سو کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں نکما پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم

اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ
ہمارے پاس لوٹ کر نہیں آؤ گے سو اللہ بہت ہی عالیشان ہے جو حقیقی بادشاہ ہے اس کے

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ
سوا اور کوئی معبود نہیں عرش عظیم کا مالک ہے اور جس نے اللہ کے ساتھ اور

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ
معبود کو پکارا جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں تو اس کا حساب اسی کے

عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ
رب کے ہاں ہوگا بے شک کافر نجات نہیں پائیں گے اور کہو

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع
اے میرے رب معاف کر اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے

ع ۶

## ربط آیات

(۱۱۱) آج اس دنیا کے صبر کے باعث وہ کامیاب ہونے والے ہیں (۱۱۲) ملے کافروا بتاؤ کہ زمین میں کتنے سال زندگی بسر کی (۱۱۳) ایک دن سالمبا اس کا بھی کوئی حصہ ہی رہے ہیں۔ (۱۱۴) واقعی تم تھوڑا سا وقت رہے ہو، کاش اس بات کو تم دنیا میں سمجھتے (۱۱۵) کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ تمہاری پیدائش خواہ مخواہ پر ہوئی ہے اس کا کوئی مقصد نہیں ہے اور تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے (۱۱۶) اللہ تعالیٰ الغرض کاموں کے کرنے سے بلند و برتر ہے (۱۱۷) آخر کا فیصلہ سن لیجئے کہ کافر ہرگز نجات نہیں پائیں گے (۱۱۸) اے مخاطب یہ دعا کیا کر کہ اے اللہ تیری عبودیت کا حق ادا کرنے میں جو قصور سرزد ہوئے ہوں انہیں معاف فرما اور آئندہ عفو رحمت فرما تیرا نام نامی واسم گرامی ارحم الراحمین ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۶۴ (۲۴) سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۲) رکوعاتها ۹

سورۂ نور مدنی ہے اور اس میں ۶۴ آیتیں اور نو رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ
یہ ایک سورت ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے اور اس کے احکام ہم نے ہی فرض کیے ہیں اور ہم نے اس میں صاف
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝١ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ
صاف آیتیں نازل کی ہیں تاکہ تم سمجھو بدکار عورت اور بدکار مرد سو دونوں میں سے ہر ایک
وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَلَا تَأْخُذْكُم بِهِمَا رَأْفَةٌ
کو سو سو دُرّے مارو اور تمہیں اللہ کے معاملہ میں ان پر ذرا
فِي دِينِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ
رحم نہ آنا چاہیے اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو
وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝٢ الزَّانِي
اور ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہیے بدکار مرد
لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا
سوائے بدکار عورت یا مشرکہ کے نکاح نہیں کرے گا اور بدکار عورت سے سوائے بدکار مرد یا
زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝٣ وَالَّذِينَ
مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرے گا اور ایمان والوں پر یہ حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ
يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ
پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں اور پھر چار گواہ نہیں لاتے
فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً
تو انہیں اسی دُرّے مارو اور کبھی ان کی گواہی قبول نہ کرو

## ربط آیات

### سورۃ النور

موضوع سورۃ

قانون انسداد بداخلاقی

(۱) ہم نے اس سورت میں نہایت واضح احکام نازل فرما کر فرض کیے ہیں۔ (۲) غیر شادی شدہ زانی مرد اور عورت کی یہ سزا ہے جرم ثابت ہونے کے بعد سزا میں رعایت نہ ہونے پائے ورنہ انسداد جرم نہیں ہو سکے گا (۳) بداخلاق کو شرفا کی جماعت سے خارج کر دیا جائے۔

خلاصہ رکوع ۱ - بداخلاقی ثابت ہونے کے بعد سزا میں رعایت نہ کی جائے (۲) بداخلاق کو جماعت شرفا سے خارج کر دیا جائے (۳) تہمت جرم میں پوری تحقیق ہو، اگر تہمت لگانے والا ثبوت نہ دے تو اسے سزا دی جائے۔ ماخذ (۱) آیت ۲ (۲) آیت ۳ (۳) آیت ۴۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبَدًا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ④ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ

اور وہی لوگ نافرمان ہیں مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ

ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ⑤ وَالَّذِينَ

کر لی اور درست ہو گئے تو بے شک اللہ بھی بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اور جو لوگ

يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ

اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں اور ان کے لئے سوائے اپنے اور کوئی گواہ نہیں

فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ

تو ایسے شخص کی گواہی کی یہ صورت ہے کہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ بے شک

الصَّادِقِينَ ⑥ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ

وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر

كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ⑦ وَيَدْرَأُ عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ

وہ جھوٹا ہے اور عورت کی سزا کو یہ بات دور کر دے گی کہ

تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ⑧ وَ

اللہ کو گواہ کر کے چار مرتبہ کہے کہ بے شک وہ سراسر جھوٹا ہے اور

الْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ

پانچویں مرتبہ کہے کہ بے شک اس پر اللہ کا غضب پڑے اگر وہ

الصَّادِقِينَ ⑨ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَ

سچا ہے اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور

أَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ ⑩ ع إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ

یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا حکمت والا ہے (تو کیا کچھ نہ ہوتا) بے شک جو لوگ یہ طوفان لائے ہیں تم ہی

عُصْبَةٌ مِنْكُمْ ۚ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ ۖ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۚ

میں سے ایک گروہ ہے تم اسے اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے

### ربطِ آیات

(۴) اگر بداخلاقی کی تہمت لگانے والا ثبوت بہم نہ پہنچا سکے تو اسے سزا دی جائے اور اسے شرفاء کی جماعت سے گرا دیا جائے (۵) اس کے بعد جو اپنی اصلاح کریں تو انہیں پھر شرفاء کی جماعت میں شامل کر لیا جائے (۶ - ۷) مرد اگر اپنی بیوی پر بداخلاقی کی تہمت لگائے اگر اس کے ثبوت کے گواہ نہ ہوں تو یہ طریقہ اختیار کیا جائے (۸ - ۹) عورت اگر اس تہمت کی مدافعت کرنا چاہے تو یوں کر سکتی ہے (۱۰) اگر اللہ تعالیٰ کا فضل شامل حال نہ ہوتا تو ابھی اللہ تعالیٰ ان دونوں میاں بیوی میں سے ایک کا پردہ فاش کر دیتا اور دوسرے کا جھوٹ ثابت ہو جاتا۔ لیکن رحمت الٰہی نے ڈھانپ لیا ہے۔ ممکن ہے اس وقت بھی سزا سے بچ جائے اور آئندہ خالص توبہ بھی میسر کر نصیب ہو جائے اور آخرت کے عذاب سے بھی بچ جائے۔

ع ۱ / ۷

خلاصہ رکوع ۲
واقعہ افک، تنبیہ، قانون حجاب
ماخذ آیت ۱۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ
ان میں سے ہر ایک کے لئے بقدر عمل گناہ ہے اور جس نے ان میں سے سب سے
مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١١﴾ لَّوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ
زیادہ حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب ہے جب تم نے یہ بات سنی تھی تو مسلمان مردوں
الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا هَٰذَا إِفْكٌ
اور مسلمان عورتوں نے اپنے لوگوں کے ساتھ نیک گمان کیوں نہ کیا اور کیوں نہ کہا کہ یہ صریح
مُّبِينٌ ﴿١٢﴾ لَّوْلَا جَاءُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ۚ فَإِذْ لَمْ
بہتان ہے یہ لوگ اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے پھر جب
يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ فَأُولَٰئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٣﴾
وہ گواہ نہ لائے تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں
وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ
اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور دنیا اور آخرت میں اس کی رحمت نہ ہوتی
لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ إِذْ
تو اس چرچا کرنے میں تم پر کوئی بڑی آفت پڑتی جب
تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ
تم اسے اپنی زبانوں سے نکالنے لگے اور اپنے مونہوں سے وہ بات کہنی شروع کر دی جس کا تمہیں
لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ اللَّهِ
علم بھی نہ تھا اور تم نے اسے ہلکی بات سمجھ لیا تھا حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک
عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَا
بڑی بات ہے اور جب تم نے اسے سنا تھا تو کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمیں تو اس کا منہ سے
أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَٰذَا سُبْحَانَكَ هَٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ ﴿١٦﴾
نکالنا بھی لائق نہیں سبحان اللہ یہ بڑا بہتان ہے

## ربط آیات

(۱۱) واقعہ افک کو برا مت خیال کرو۔ اس میں ایک حکمت ہے دیکھو کہ اس سے قانون حجاب کی ضرورت عوام الناس کی سمجھ میں آجائے گی (جب اجنبی مرد کے ساتھ ایک تھوڑے سے وقت میں ازواج مطہرات میں سے کوئی علیحدہ ہوئی تو منافقین نے جھٹ تہمت لگا دی) ظاہر ہے کہ ان حالات میں آئندہ ایسے موقعے پر اور کس کس عورت پر لگ سکتی ہے لہٰذا اس قسم کے تخلیہ کا انسداد قانوناً کر دیا جائے تاکہ لا شعوری کو اس قسم کی شرارت کرنے کا موقع ہی نہ مل سکے۔ واللہ اعلم۔ (۱۲) تم نے ایک اڑتی ہوئی خبر سن کر فوراً تصدیق کیوں کر لی تمہیں سابق علم اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی کے باعث فوراً یہ کہنا چاہئے تھا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (۱۳) اگر وہ تہمت سچے تھے تو چار گواہ قانوناً کیوں نہ لائے (۱۴) اگر اللہ تعالیٰ کا فضل شامل حال نہ ہوتا تو تمہیں بہت بڑا عذاب ہوتا (۱۵) تم اپنے منہ سے یہ بات کہتے تھے اور اسے معمولی خیال کرتے تھے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ بہت بڑی چیز تھی دیکھو کہ اس سے سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عزت پر بدنما داغ لگ رہا تھا (۱۶) تم نے یہ خبر سن کر یہ رائے کیوں نہ قائم کی کہ یہ بہتان عظیم معلوم ہوتا ہے ہمیں اس معاملے میں لب کشائی کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾
اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ پھر کبھی ایسا نہ کرنا اگر تم ایمان دار ہو

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
اور اللہ تمہارے لئے آیتیں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے بے شک جو لوگ

يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ
چاہتے ہیں کہ ایمان داروں میں بدکاری کا چرچا ہو ان کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ
دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَ
نہیں جانتے اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور

اَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا
یہ کہ اللہ نرمی کرنے والا مہربان ہے (تو کیا کچھ نہ ہوتا) اے ایمان والو شیطان

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ
کے قدموں پر نہ چلو اور جو کوئی شیطان کے قدموں پر چلے گا

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
سو وہ تو اسے بے حیائی اور بری باتیں ہی بتائے گا اور اگر تم پہ اللہ کا فضل اور اس کی

وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ
رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی بھی پاک صاف نہ ہوتا اور لیکن اللہ

يُزَكِّىْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ وَلَا يَاْتَلِ
جسے چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے اور تم میں سے

اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِى الْقُرْبٰى
بزرگی اور کشائش والے اس بات پر قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں

## ربط آیات

(١٧) بغیر تحقیق کے غلط خبریں اڑانے پھرنے کی حرکت پھر کبھی نہ کرنا (١٨) اور اللہ تعالیٰ اتنی کھلے کھلے احکام دے رہا ہے اللہ تعالیٰ ان حکمتوں سے پورا آگاہ ہے (١٩) مومنوں کے متعلق اس قسم کی غلط خبریں پھیلانے والوں کی یہ سزا ہے (٢٠) اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت شامل حال نہ ہوتی تو فوراً عذاب آتا (٢١) جو طریقے بالا رحمٰن نے سکھلایا ہے اس کا اتباع کیا کریں اور شیطانی اتقا کی تابعداری نہ کریں۔ ورنہ اس طریقے سے کسی کی عزت نہیں بچ سکے گی۔

خلاصہ رکوع ٣ ۔ بہتہ باتہمۃ
اتہمۃ جرم قذف عذاب کی تنبیہ ہے
ماخذ آیت ٢٢

ع ٣ ١٠ النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَ

اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیا کرینگے اور انہیں معاف کرنا

لْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

اور درگذر کرنا چاہیے کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں معاف کردے اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ

بخشنے والا نہایت رحم والا ہے جو لوگ پاک دامنوں بے خبر

الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَ

ایمان والیوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے اور

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ

ان کے لئے بڑا عذاب ہے جس دن ان پر ان کی زبانیں

وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ

اور ان کے ہاتھ پاؤں گواہی دینگے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اس دن

يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ

اللہ انہیں انصاف سے پوری جزا دے گا اور جان لیں گے بے شک اللہ ہی

هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَ

حق بیان کرنے والا ہے ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لئے ہیں اور

الْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَ

ناپاک مرد ناپاک عورتوں کے لئے ہیں اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے ہیں اور

الطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰۤىِٕكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا

پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہیں وہ لوگ اس سے پاک ہیں جو

يَقُوْلُوْنَ ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ ع

یہ کہتے ہیں ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔

ع ۳ ۹

## ربطِ آیات

(۲۲) حضرت صدیق کی خالہ یا رشتہ میں بھتیجے کا بیٹا مسطح تھا جو فقرائے مہاجرین میں سے تھا اور بدری تھا۔ حضرت صدیق اس کی مالی امداد کیا کرتے تھے لیکن واقعہ افک میں حصہ لینے کی وجہ سے امداد بند کردی تھی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ آیت کا منشا یہ ہے کہ جب واقعہ افک میں حصہ لینے کی غلطی معاف ہوگئی تو جن ارباب فضل کی طرف سے اپنے غریب و مسکین اعزہ کی امداد ہوتی تھی وہ خفگی کی وجہ سے امداد بند نہ کریں، بلکہ واقعہ افک میں حصہ لینے والوں کی غلطی کو معاف کردیں تاکہ اس درگذر کے عوض اللہ تعالیٰ درگذر کرنے والوں کے گناہ معاف کردے۔ حضرت صدیق نے اس آیت کے نزول کے ساتھ ہی مسطح کی مقررہ امداد دوبارہ شروع کردی تھی

(۲۳) پاک دامن بیبیوں پر تہمت لگانے والوں کے لئے دنیا اور آخرت میں لعنت ہے

(۲۴) ایسے لوگوں کو قیامت کے دن بہت بڑا عذاب ہوگا

(۲۵) اس دن اللہ تعالیٰ ہر شخص کو اعمال کی جزا دے گا۔

(۲۶) اللہ تعالیٰ کے ہاں اس قسم کے جوڑے صحیح ہوتے ہیں تاکہ خبیث خبیثوں کے ساتھ مل کر رہیں اور طیب طیبوں کے ساتھ مل جائیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۴ ۔ قانون حجاب
ماخذ آیت ۲۷

## رابطِ آیات

(۲۷) اے مسلمانو! دوسرے کے گھر میں بلا اجازت مت جاؤ (۲۸) اگر اندر سے اجازت نہ آئے تو اندر مت جاؤ۔ اور اگر جواب آئے کہ اب لوٹ جاؤ تو خوشی خوشی لوٹ جاؤ (۲۹) یہ اجازت کا قانون ان گھروں کے لئے ہے جہاں آدمی رہتے ہیں تاکہ انسداد بداخلاقی ہو اور جہاں کوئی نہیں رہتا وہاں بے شک بلا اجازت چلے جاؤ (گھروں میں داخل ہونے کا قانون ختم ہو گیا) (۳۰-۳۱) راستے میں چلتے پھرتے مومن مردوں اور عورتوں سے کہہ دو کہ نگاہیں نیچی کرکے چلا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور مومنہ عورتیں اپنی زینت کو سوائے ان مردوں کے اور کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں اور اگر اس قانون کے خلاف پہلے غلطیاں ہو چکی ہیں تو اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَدۡخُلُواْ بُيُوتًا غَيۡرَ بُيُوتِكُمۡ

اے ایمان والو اپنے گھروں کے سوا اور کسی کے گھروں میں

حَتَّىٰ تَسۡتَأۡنِسُواْ وَتُسَلِّمُواْ عَلَىٰٓ أَهۡلِهَاۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ

نہ جایا کرو جب تک اجازت نہ لے لو اور گھر والوں پر سلام نہ کر لو یہ تمہارے لئے بہتر ہے

لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِن لَّمۡ تَجِدُواْ فِيهَآ أَحَدٗا

تاکہ تم نصیحت حاصل کرو پھر اگر وہاں کسی کو نہ پاؤ

فَلَا تَدۡخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤۡذَنَ لَكُمۡۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ٱرۡجِعُواْ

تو اندر نہ جاؤ جب تک کہ تمہیں اجازت نہ دی جائے اور اگر تمہیں کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَٱرۡجِعُواْۖ هُوَ أَزۡكَىٰ لَكُمۡۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ عَلِيمٞ ﴿٢٨﴾

تو واپس چلے جاؤ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔

لَّيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَدۡخُلُواْ بُيُوتًا غَيۡرَ مَسۡكُونَةٖ فِيهَا

تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ ان گھروں میں جاؤ جہاں کوئی نہیں بستا ان میں

مَتَٰعٞ لَّكُمۡۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ مَا تُبۡدُونَ وَمَا تَكۡتُمُونَ ﴿٢٩﴾ قُل

تمہارا سامان ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو ایمان

لِّلۡمُؤۡمِنِينَ يَغُضُّواْ مِنۡ أَبۡصَٰرِهِمۡ وَيَحۡفَظُواْ

والوں سے کہہ دو کہ وہ اپنی نگاہ نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں

فُرُوجَهُمۡۚ ذَٰلِكَ أَزۡكَىٰ لَهُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرُۢ بِمَا

کو بھی محفوظ رکھیں یہ ان کے لئے بہت پاکیزہ ہے بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ

يَصۡنَعُونَ ﴿٣٠﴾ وَقُل لِّلۡمُؤۡمِنَٰتِ يَغۡضُضۡنَ مِنۡ أَبۡصَٰرِهِنَّ

کرتے ہیں اور ایمان والیوں سے کہہ دو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں

وَيَحۡفَظۡنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبۡدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا

اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَ

جو جگہ اس میں سے کھلی رہتی ہے اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رکھیں اور

لَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ

اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر یا اپنے باپ یا

اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ

خاوند کے باپ یا اپنے بیٹوں یا خاوند کے بیٹوں یا

اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ

اپنے بھائیوں یا بھتیجوں یا بھانجوں پر یا

نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ

اپنی عورتوں پر یا اپنے غلاموں پر یا ان خدمتگاروں پر جنہیں

اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

عورت کی حاجت نہیں یا ان لڑکوں پر جو عورتوں

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ

کی پردہ کی چیزوں سے واقف نہیں اور اپنے پاؤں زمین پر زور سے نہ ماریں کہ اُن کا

مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ

مخفی زیور معلوم ہو جائے اور اے مسلمانو تم سب اللہ کے سامنے

الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ

توبہ کرو تاکہ تم نجات پاؤ اور جو تم میں مجرّد ہوں

وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ

اور جو تمہارے غلام اور لونڈیاں نیک ہوں سب کے نکاح کرا دو اگر وہ مفلس ہوں گے

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾

تو اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا اور اللہ کشایش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے

**ربطِ آیات**

(۳۱) (دیکھیے صفحہ ۵۶۳)

(۳۲) جب شارع زنا کو روکنا چاہتا ہے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ نکاح عام کیا جائے تاکہ کوئی مرد یا عورت جوڑے کے بغیر نہ رہنے پائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ

اور چاہئے کہ پاک دامن رہیں وہ جو نکاح کی توفیق نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ انہیں

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ

اپنے فضل سے غنی کر دے اور تمہارے غلاموں میں سے جو لوگ مال دے کر آزادی کی تحریر

اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ

چاہیں تو انہیں لکھ دو بشرطیکہ ان میں بہتری کے آثار پاؤ اور انہیں اللہ کے مال میں

اللّٰهِ الَّذِيْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ

سے دو جو اس نے تمہیں دیا ہے اور تمہاری لونڈیاں جو پاک دامن رہنا چاہتی ہیں انہیں

اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ

دنیا کی زندگی کے فائدہ کی غرض سے زنا پر مجبور نہ کرو اور جو انہیں مجبور کرے گا

فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

تو اللہ ان کے مجبور ہونے کے بعد بخشنے والا مہربان ہے اور البتہ

اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا

ہم نے تمہارے پاس روشن آیتیں بھیج دی ہیں اور جن میں تم سے پہلوں کے

مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ

حالات ہیں اور جو پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہیں اللہ آسمانوں اور

الْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ

زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے کسی طاق میں چراغ ہو چراغ شیشے

فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ

کی قندیل میں ہے قندیل گویا کہ موتی کی طرح چمکتا ہوا ستارا ہے زیتون کے

شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ

مبارک درخت سے روشن کیا جاتا ہے نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف اس کا تیل

## ربط آیات

(۳۳) جنہیں نکاح کی توفیق نہیں وہ اپنی عفت کی حفاظت کریں، جب تک اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں نکاح کی صورت مہیا فرمائے۔ اور غلاموں میں سے کوئی مکاتب ہونا چاہے تو اسے مکاتب کر دو۔ تاکہ آزاد ہو کر اپنی مرضی سے نکاح کر سکے اور جیسے ذلیل غرض یا عیاذاً قسم ہوتی ہیں اور شہوانی باتیں متنفر ہیں تو تمہیں ہرگز جائز نہیں کہ انہیں بجائے نکاح مشروع کے زنا پر آمادہ کرو۔ اور جو انہیں زنا پر مجبور کرے گا سارا وبال اس کے ذمہ عائد ہوگا۔

(۳۴) ہم نے تمہاری طرف واضح احکام نازل فرمائے اور پہلے لوگوں کی مثالیں بھی سنائیں یہ پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہوں گی۔

رکوع ۱۰

خلاصہ رکوع ۱۰۔ تعلیم نور الٰہی، ماخذ آیت ۳۵۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي
قریب ہے کہ روشن ہو جائے اگرچہ اسے آگ نے نہ چھوا ہو روشنی پر روشنی ہے اللہ جسے

اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ
چاہتا ہے اپنی روشنی کی راہ دکھاتا ہے اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان فرماتا ہے

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ
اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ان گھروں میں جن کی تعظیم کرنے اور ان میں اس کا نام

وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾
یاد کرنے کا اللہ نے حکم دیا ان میں صبح اور شام اللہ کی تسبیح پڑھتے ہیں

رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ
ایسے آدمی جنہیں سوداگری اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر اور نماز کے

الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ
پڑھنے اور زکوۃ کے دینے سے غافل نہیں کرتی اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں

الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ
دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی تاکہ اللہ انہیں ان کے عمل کا اچھا بدلہ دے اور

يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾
انہیں اپنے فضل سے اور بھی دے اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ
اور جو کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے جنگل میں چمکتی ہوئی ریت ہو جسے پیاسا پانی

الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّوَجَدَ
سمجھتا ہے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آتا ہے اسے کچھ بھی نہیں پاتا اور اللہ ہی

اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾
کو اپنے پاس پاتا ہے پھر اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے

## ربط آیات

(۳۵) جو علم قرآن میں سکھایا جا رہا ہے وہ نور الٰہی ہے اور اس نظام عالم میں نور الٰہی کی یہ مثال ہے۔ اس آیت کی پوری تشریح کا مقام ربط آیات نہیں ہے۔ اس کی تفصیل انشاء اللہ بوقت تفسیر ہوگی (۳۶-۳۷) جو نور الٰہی (یعنی علم) عطا ہو رہا ہے۔ اس کا ذکر خیر ان گھروں میں ہونا چاہئے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بنائے گئے ہیں ان گھروں میں صبح و شام وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح یعنی نماز میں شاغل رہتے ہیں۔ جنہیں یاد الٰہی سے خرید و فروخت روک نہیں سکتی اور قیامت کے دن سے وہ ڈرتے ہیں (۳۸) اللہ تعالیٰ ان کے اعمال صالحہ کی جزائے خیر عطا فرمائے گا۔ (۳۹) کفار کا تعلق چونکہ اللہ تعالیٰ سے درست نہیں ہے اس لئے ان کے اعمال صالحہ کا نتیجہ نفی ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۴۰) ایمان کفار کی یہ مثال ہے کہ تہ بر تہ حجابات میں مبتلا ہیں اس لئے انہیں وہ نور ہی عطا نہیں ہوا جس سے اعمال تعمیر پاتے ہیں۔ (۴۱) جب زمین و آسمان کے رہنے والوں نے اپنا اپنا طریقہ تسبیح اپنے مالک سے سیکھا ہوا ہے تو انسان کا بھی فرض ہے کہ اپنے شعبہ اطاعت الٰہی کا

ع ۶ ||

> خلاصہ رکوع ۶ ۔ طریقہ استفادہ نورالٰہی۔ ماخذ آیت ۳۵-۴۶۔

طریقہ اللہ تعالیٰ سے سیکھے اور وہ وہی ہے جو قرآن حکیم میں سکھایا جا رہا ہے (۴۲) بالخصوص اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کا بادشاہ بھی ہے جس طرح شخصی بادشاہ کی اطاعت رعایا پر لازمی ہے اس لحاظ سے بھی انسانوں کو اس کی تسبیح کا طریقہ سیکھنا ضروری ہے (۴۳-۴۴) جس طرح بارش کے اجزا زمین سے مرتفع ہو کر زمین پر پڑتے ہیں۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ دن کے بعد رات اور رات کے بعد دن لاتا ہے اسی طرح جو احکام انسانوں پر نازل ہوتے ہیں ان کا منشا در اصل سابقہ اعمال انسانی ہوتے ہیں سابقہ اعمال جس قسم کی شریعت کا تقاضا کرتے ہیں ان کی اصلاح کے لئے ویسے احکام نازل ہوتے ہیں۔ اور فترۃ الوحی کے زمانہ کی رات زمانہ نبوت میں دن سے مبدل ہو جاتی ہے۔ زمانہ نبوت کے بعد پھر رات کا سماں آ جاتا ہے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِىْ بَحْرٍ لُّجِّىٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ
یا جیسے گہرے دریا میں اندھیرے ہوں اس پر ایک لہر چڑھ آتی ہے اس پر ایک

مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ
اور لہر ہے اس کے اوپر بادل ہے اوپر تلے بہت سے اندھیرے ہیں جب اپنا ہاتھ

يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ
نکالے تو اسے کچھ بھی دیکھ نہ سکے اور جسے اللہ ہی نے نور نہ دیا ہو اس کے لئے

مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَ
کہیں نور نہیں ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ آسمانوں اور زمین کے رہنے والے اور پرندے پر

الْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَ
پھیلائے اڑتے ہیں سب اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں ہر ایک نے اپنی نماز اور تسبیح سمجھ رکھی ہے اور

اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ
اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِىْ سَحَابًا ثُمَّ
اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی بادل کو چلاتا ہے پھر

يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ
اسے ملاتا ہے پھر اسے تہ بر تہ کرتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اس کے بیچ میں سے

خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ
نکلتی ہے اور آسمان سے جو ان میں اولوں کے پہاڑ ہیں ان میں سے اولے برساتا ہے

فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا
پھر انہیں جس پر چاہتا ہے گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے روک لیتا ہے قریب ہے

بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ
کہ اس کی بجلی کی چمک آنکھوں کو لے جائے اللہ ہی رات اور دن کو بدلتا ہے بیشک



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ﴿٤٤﴾ وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ
اس میں آنکھوں والوں کے لئے عبرت ہے اور اللہ نے ہر جاندار کو

دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ ۖ فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ بَطْنِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ
پانی سے بنایا ہے سو بعض ان میں سے اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض ان میں سے

يَمْشِي عَلَىٰ رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ أَرْبَعٍ ۚ يَخْلُقُ
دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ان میں سے چار پاؤں پر چلتے ہیں اللہ جو چاہتا

اللَّهُ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤٥﴾ لَقَدْ أَنْزَلْنَا
ہے پیدا کرتا ہے بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے البتہ ہم نے کھلی کھلی

آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ ۚ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ
آیتیں نازل کر دی ہیں اور اللہ جسے چاہے سیدھے راستہ

مُسْتَقِيمٍ ﴿٤٦﴾ وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا
پر چلاتا ہے اور کہتے ہیں ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے اور ہم فرمانبردار ہوگئے

ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِنْهُمْ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا أُولَٰئِكَ
پھر ایک گروہ ان میں سے اس کے بعد پھر جاتا ہے اور وہ لوگ

بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾ وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ
مومن نہیں ہیں اور جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ ان میں

إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ مُعْرِضُونَ ﴿٤٨﴾ وَإِنْ يَكُنْ لَهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوا
فیصلہ کرے تبھی ایک گروہ ان میں سے منہ موڑنے والے ہیں اور اگر انہیں حق پہنچتا ہو تو اس کی طرف

إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ ﴿٤٩﴾ أَفِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ
گردن جھکائے آتے ہیں کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا شک میں پڑے ہیں یا ڈرتے ہیں

أَنْ يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ ۚ بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٥٠﴾
اس سے کہ ان پر اللہ اور اس کا رسول ظلم کرے گا بلکہ وہی ظالم ہیں

الربع ع ۱۲

## ربط آیات

(۴۵) جس طرح ایک پانی سے مختلف قسم کے جانور پیدا ہوتے ہیں اسی طرح ایک ہی علم الٰہی نازل ہوتا ہے پھر ہر شخص اپنی اپنی استعداد کے مطابق فائدہ اٹھاتا ہے۔ (۴۶) آیات تو واضح اور روشن نازل ہوتی ہیں اس کے بعد جسے اللہ تعالیٰ چاہے صراط مستقیم کی راہنمائی فرمائے (۴۷ تا ۴۹) ایمان کا دعویٰ کرنے والے لیکن احکام الٰہی کے تسلیم کرنے کے معاملہ میں دو قسم کے ہیں، ایک منافقین کا ذکر ان آیات میں تفصیل سے کیا گیا ہے (۵۰) کیا ان لوگوں کے دلوں میں ابھی تک کفر باقی ہے۔ یا انہیں نبوت میں شک ہے یا بے انصافی کا خطرہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے دربار میں فیصلہ کے لئے نہیں آتے؟



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ رکوع ۷۔ فرد الٰہی سے کامل مستفید ہونے والوں کے لئے خلافت ارضی کا وعدہ۔
ماخذ آیت ۵۵

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ

مومنوں کی بات تو یہی ہوتی ہے جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے

لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ

تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور مان لیا اور وہی لوگ

الْمُفْلِحُونَ ﴿٥١﴾ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَ

نجات پانے والے ہیں اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرتا ہے اور

يَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٥٢﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ

اس کی نافرمانی سے بچتا ہے بس وہی کامیاب ہونے والے ہیں اور اللہ کی پکی قسمیں کھا کر کہتے ہیں

أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ۖ قُلْ لَا تُقْسِمُوا ۖ طَاعَةٌ

کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو سب کچھ چھوڑ کر نکل جائیں کہہ دو قسمیں نہ کھاؤ دستور کے موافق

مَعْرُوفَةٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٥٣﴾ قُلْ أَطِيعُوا

فرمانبرداری چاہیے بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو کہہ دو اللہ

اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ۖ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ

اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو پھر اگر منہ پھیر لوگے تو پیغمبر پر تو وہی ہے جس کا وہ ذمہ دار

وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ ۖ وَإِنْ تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا ۚ وَمَا عَلَى

ہے اور تم پر وہ ہے جو تمہارے ذمہ لازم کیا گیا ہے اور اگر اس کی فرمانبرداری کروگے تو ہدایت پاؤ گے اور رسول کے ذمہ

الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٥٤﴾ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا

صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو تم میں

مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا

سے ایمان لائے اور نیک عمل کئے کہ انہیں ضرور ملک کی حکومت عطا کرے گا جیسا کہ

اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي

ان سے پہلوں کو عطا کی تھی اور ان کے لئے جس دین کو پسند کیا ہے اسے

## ربط آیات

(۵۱) مومنوں کو جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عدالت کی طرف بلایا جائے تو وہ سر تسلیم خم کر دیتے ہیں (۵۲) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے والے کبھی نقصان نہیں اٹھا سکتے۔

(۵۳) زور دار قسمیں کھانے والے منافقین سے کہا جا رہا ہے کہ زبانی جمع خرچ مت کرو کام کے وقت کام کر کے دکھاؤ (۵۴) اے رسول! ان سے کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو گے تو تمہارے حق میں بہتر ہوگا۔ اگر وہ اطاعت نہ کریں تو آپ کے ذمہ تو فقط تبلیغ ہے۔ احکام کی تعمیل ان لوگوں کے ذمے ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ

منظور کر رکھا ہے مستحکم کردے گا اور البتہ ان کے خوف کو امن سے بدل دے گا بشرطیکہ میری عبادت

لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـــًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

کرتے رہیں اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں اور جو اس کے بعد ناشکری کرے وہی فاسق

الْفٰسِقُوْنَ ۵۵ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا

ہوں گے اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور رسول کی فرمانبرداری

الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۵۶ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے کافروں کی نسبت یہ خیال نہ کر

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۵۷ ع ۱۲

کہ ملک میں عاجز کر دیں گے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور بہت ہی برا ٹھکانا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اے ایمان والو تمہارے غلام اور تمہارے وہ لڑکے

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۭ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ

جو ابھی بالغ نہیں ہوئے تم سے ان تین وقتوں میں اجازت لے کر آیا کریں صبح کی نماز سے

الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ

پہلے اور دوپہر کے وقت جب کہ تم اپنے کپڑے اتار دیتے ہو اور عشاء کی

صَلٰوةِ الْعِشَاۗءِ ڜ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ

نماز کے بعد یہ تین وقت تمہارے پردوں کے ہیں ان کے بعد تم پر اور نہ ان پر

جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ

کوئی الزام ہے تم آپس میں ایک دوسرے کے پاس آنے جانے والے ہو

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۵۸

اسی طرح اللہ تمہارے لئے آیتیں کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے

## ربطِ آیات

(۵۵) ایمان داروں سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تین وعدے ہیں۔ بشرطیکہ عبودیت کے دائرے سے باہر نہ جائیں اور شرک نہ کریں (۵۶) احکام

خلاصہ رکوع ۸ ۔ قانونِ الٰہی کو غلط استعمال نہ کریں چاہئے کہ قانون حجاب تحفظ اخلاق کے لئے ہے اس لئے جبلی جذبات کا لحاظ نہیں ہے وہاں حجاب ضروری نہیں جیسے نابالغ بچے اور غلام اور قواعد من النساء۔ ماخذ آیت ۵۸ تا ۶۰

جو ضروری (صلوٰۃ) ہو اور رسالیہ (زکوٰۃ) ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری اطاعت کرو تاکہ تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہو۔ (۵۷) رعب الٰہی کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ حق پرست جماعت فاتح و ناصر و مرام ہوگی اور کافر خدائی طاقتوں کا کب مقابلہ کر سکتے ہیں (۵۸) غلام اور نابالغ لڑکے فقط تین وقتوں میں بلا اجازت گھر میں نہ آئیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا

اور جب تمہارے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں انہیں بھی اجازت لے کر آنا چاہیئے جس طرح

اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ

کہ ان سے پہلے لوگ اجازت لے کر آتے ہیں اللہ اس طرح تمہارے لئے کھول کر احکام بیان

آيَاتِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ اللَّاتِي

کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور وہ بڑی بوڑھی عورتیں جو

لَا يَرْجُونَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَنْ يَضَعْنَ

نکاح کی رغبت نہیں رکھتیں ان پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ اپنے کپڑے

ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِينَةٍ ۖ وَأَنْ يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ

اتار رکھیں بشرطیکہ زینت کا اظہار نہ کریں اور اس سے بھی بچیں تو ان کے لئے

لَهُنَّ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿۶۰﴾ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ

بہتر ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے اندھے پر

وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَلَا

اور لنگڑے پر اور بیمار پر اور خود

عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوا مِنْ بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ

تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنے گھروں سے کھانا کھاؤ یا اپنے

آبَائِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أُمَّهَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ إِخْوَانِكُمْ

باپ کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

أَوْ بُيُوتِ أَخَوَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں

عَمَّاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوتِ خَالَاتِكُمْ

کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے

**ربط آیات**

(۵۹) اور بالغ ہونے کے بعد پھر کسی وقت بھی بلا اجازت اندر نہ آئیں (۶۰) بوڑھی عورتوں کو قانون حجاب کا پابند نہ بنایا جائے کیونکہ ان میں کوئی خطرہ نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ
یا ان گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے تم پر کوئی گناہ

جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ
نہیں کہ مل کر کھاؤ یا الگ الگ کھاؤ پھر جب گھروں میں داخل

بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
ہونا چاہو تو اپنے لوگوں پر سلام کیا کرو جو اللہ کی طرف سے

مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ
مبارک اور عمدہ دعا ہے اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام بیان فرماتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۟﴿۶۱﴾ ع اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ ع ۸ ۱۴
تاکہ تم سمجھو مومن تو وہی ہیں جو

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰۤى اَمْرٍ
اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہیں اور جب وہ اس کے ساتھ کسی جمع ہونے

جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ
کے کام میں ہوتے ہیں تو چلے نہیں جاتے جب تک اس سے اجازت نہ لیں جو لوگ تجھ سے

يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
اجازت لیتے ہیں وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان

وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ
لائے ہیں پھر جب تجھ سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت مانگیں

فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ
تو ان میں سے جسے تو چاہے اجازت دے اور ان کے لئے اللہ سے بخشش کی دعا کر

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ
اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے رسول کے بلانے کو

## ربطِ آیات

(۶۱) قانونِ حجاب کو حسین معاشرت کے لئے آڑ نہ بنالینا کہ چونکہ پردہ ہوگیا ہے لہٰذا اب کلیتہً کوئی کسی کی چاردیواری میں جا ہی نہیں سکتا اور نہ کسی کے گھر سے کھانا کھا سکتا ہے

خلاصہ رکوع ۹ ۔ داعی نور الٰہی کے ساتھ حسین صحبت کی تعلیم۔
ماخذ آیت ۶۲-۶۳

قانونِ حجاب کا لحاظ رکھ کر با اجازت بے شک ایک دوسرے کے ہاں جاؤ۔ کھانا کھاؤ۔ کوئی ممانعت نہیں۔ (۶۲) حسین صحبت کی ایک صورت یہ ہے کہ امتِ مسلمہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی کام کر رہے ہوں تو کوئی مسلمان بلا اجازتِ نبوی وہاں سے جانے نہ پائے اور اجازت مانگنے کے بعد بھی آپ کو اختیار ہے اجازت دیں یا نہ دیں اور اجازت دے بھی دیں پھر اس کے حق میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں شاید مصالح کلیہ میں حصہ لینا بجائے مصالح جزئیہ کے اس وقت زیادہ ضروری ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

آپس میں ایک دوسرے کے بلانے جیسا نہ سمجھو اللہ انہیں جانتا ہے جو

يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ

تم میں سے چھپ چھپ کر کھسک جاتے ہیں سو جو لوگ اللہ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں

عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ

انہیں اس سے ڈرنا چاہیے کہ ان پر کوئی آفت آئے یا ان پر کوئی دردناک

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

عذاب نازل ہو جائے خبردار اللہ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور

الْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ

زمین میں ہے اسے معلوم ہے جس حال پر تم ہو اور جس دن اس کی طرف

اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾ ع

پھیر لائے جائیں گے تو انہیں بتائے گا جو کچھ وہ کرتے تھے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے

اٰیاتہا ۷۷ (۲۵) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ (۴۲) رکوعاتہا ۶

سورۂ فرقان مکی ہے اور اس میں ،، ستتر آیتیں اور ۶ چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ

وہ بڑی برکت والا ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل کیا تاکہ تمام

لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

جہان کے لئے ڈرانے والا ہو وہ جس کی آسمانوں اور زمین میں سلطنت

الْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ

ہے اور اس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ کوئی سلطنت میں اس کا

## ربط آیات

(۶۳) دوسرا درجہ حسن صحبت کا یہ ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو معمولی آدمیوں کی طرح بے ادبی سے مت پکارو، مشہور اسم گرامی سے مت بلاؤ۔ یا نبی اللہ یا رسول اللہ کہہ کر خطاب کیا کرو (۶۴) زمین و آسمان میں فقط اللہ تعالیٰ کی سلطنت ہے، جو نیک عمل کرکے جاؤ گے اس کے اس کا اجر پاؤ گے۔ لہٰذا ہمارے تجویز کردہ دستور العمل کے مطابق عمل کرو۔ تاکہ دنیا میں عزت اور آخرت میں نجات پاؤ۔

## سورۃ الفرقان

(مرضوع سورۃ)

۹ ع ۱۵

خلاصہ رکوع ۱۔ اجمال مسائل ثلاثہ (توحید۔ قرآن حکیم۔ رسالت ماخذ آیت۔ ۲۔ ۳۔ (۲) آیت ۱، ۷، (۳) آیت ۱، ۹۔

سورۂ نور دعوت الی النور تھی۔ اتباع نور الٰہی میں جو موانع ہیں ان کا رفع سورۂ فرقان میں ہے مخالفین نور کو توحید قرآن حکیم اور رسالت میں شک ہے۔ ان مسائل کے متعلق حجابات اٹھا دیئے جائیں گے اس کے بعد آدمی دو قسم کے ہو جائیں گے۔

(۱) وہ ذات بابرکت ہے جس نے ایسی کتاب نازل فرمائی جو حق اور باطل میں فارق ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۲) وہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کا تنہا بلا شرکت غیر بادشاہ ہے لہٰذا اپنے بندوں کو قانون دینا فقط اسی کا کام تھا (۳) ان کفار نے ایسے بے کسوں و بے بسوں کو دیوتا بنا لیا ہے حالانکہ ان کا خالق و مالک موجود ہے۔ اگر مخاطبین مذکورۃ الصدر صفات الوہیت اور اپنے معبودوں کی بے کسی پر غور کریں تو مسئلہ توحید ان کی سمجھ میں آجائے (۴-۵) کافر کہتے ہیں کہ قرآن خود ساختہ کتاب ہے مل جل کر بنائی گئی پہلے اس میں سوائے پرانے قصوں کے اور کیا رکھا ہے (۶) غور کر کے دیکھو تو تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ آسمان و زمین کے ہمراز والی کی طرف سے یہ کتاب نازل ہوئی ہے کیونکہ اس میں مخلوقات کے حالات خفیہ کو مد نظر رکھ کر احکام بعض اوقات دیئے جاتے ہیں۔ لہٰذا اگر قرآن کریم میں پورا غور کریں تو انہیں معلوم ہو جائے کہ سوائے اس رازدان حقیقی عز اسمہ و جل مجدہٗ کے اور کوئی اس کا نازل کرنے والا نہیں ہو سکتا (۷) توحید اور قرآن کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے متعلق مخالفین کے شبہات کا ذکر اس آیت اور اس سے اگلی آیت میں ہے مخالفین کا شبہ یہ ہے کہ رسول عام آدمیوں کی طرح کھاتا پیتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے نہ ان کے ساتھ کوئی فرشتہ ہے جو اعلان کرتا پھرتا کہ یہ رسول ہے اس رکوع کے آخر میں ان شبہات باطلہ کا جواب دیا گیا ہے کہ پہلے رسول بھی تو

فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا ﴿٢﴾ وَاتَّخَذُوا

شریک ہے اور اس نے ہر چیز کو پیدا کر کے اندازہ پر قائم کر دیا اور انہوں نے

مِن دُونِهِ آلِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ

اللہ کے سوا ایسے معبود بنا رکھے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے حالانکہ وہ

يُخْلَقُونَ وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا

خود پیدا کئے گئے ہیں اور وہ اپنی ذات کے لئے نقصان اور نفع کے مالک نہیں

وَلَا يَمْلِكُونَ مَوْتًا وَلَا حَيَاةً وَلَا نُشُورًا ﴿٣﴾ وَقَالَ

اور موت اور زندگی اور دوبارہ اٹھنے کے بھی مالک نہیں اور کافر

الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ افْتَرَاهُ وَأَعَانَهُ

کہتے ہیں کہ یہ تو محض جھوٹ ہے جسے اس نے بنا لیا ہے اور دوسرے لوگوں

عَلَيْهِ قَوْمٌ آخَرُونَ فَقَدْ جَاءُوا ظُلْمًا وَزُورًا ﴿٤﴾ ع

نے اس میں اس کی مدد کی ہے پس وہ بڑے ظلم اور جھوٹ پر اتر آئے ہیں

وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ

اور کہتے ہیں کہ پہلوں کی کہانیاں ہیں کہ جنہیں اس نے لکھ رکھا ہے پس وہی اس پر

بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٥﴾ قُلْ أَنزَلَهُ الَّذِي يَعْلَمُ السِّرَّ فِي

صبح اور شام پڑھی جاتی ہیں کہہ دو کہ اسے تو اس نے نازل کیا ہے جو آسمانوں اور

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٦﴾ وَ

زمین کی پوشیدہ باتیں جانتا ہے بے شک وہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اور

قَالُوا مَالِ هَٰذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي

کہتے ہیں اس رسول کو کیا ہو گیا کہ کھانا کھاتا اور بازاروں میں

الْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُ نَذِيرًا ﴿٧﴾

پھرتا ہے اس کے پاس کوئی فرشتہ کیوں نہیں بھیجا گیا کہ اس کے ساتھ وہ بھی ڈرانے والا ہوتا



اسی طرح کھاتے پیتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے اور ان میں سے کسی کے ساتھ کوئی فرشتہ منادی کے لئے موجود نہ تھا اور ہوتا بھی تو وہ اس صورت میں نظر آ سکتا تھا کہ شکل انسانی اختیار کرتا [illegible]

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوْ يُلْقَىٰ إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ

یا اس کے پاس کوئی خزانہ آ جاتا یا اس کے لئے باغ ہوتا جس میں سے کھاتا اور

الظَّالِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ﴿٨﴾ انظُرْ

بے انصافوں نے کہا کہ تم تو بس ایک ایسے شخص کے تابع ہو گئے ہو جس پر جادو کیا گیا ہے دیکھو تو

كَيْفَ ضَرَبُوا لَكَ الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ

تمہارے لئے کیسی مثالیں بیان کرتے ہیں پس وہ ایسے گمراہ ہوئے کہ راستہ بھی نہیں

سَبِيلًا ﴿٩﴾ تَبَارَكَ الَّذِي إِن شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن

پا سکتے بڑی برکت ہے اس کی جو چاہے تو تیرے لئے اس سے بہتر باغ

ذَٰلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُورًا ﴿١٠﴾

بنا دے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور تیرے لئے محل بنا دے

بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ﴿١١﴾

بلکہ انہوں نے تو قیامت کو جھوٹ سمجھ لیا ہے اور ہم نے اس کے لئے آگ تیار کی ہے جو قیامت کو جھٹلاتا ہے

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ﴿١٢﴾

جب وہ انہیں دور سے دیکھے گی تو اس کے جوش و خروش کی آواز سنیں گے

وَإِذَا أُلْقُوا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ دَعَوْا هُنَالِكَ

اور جب وہ اس کے کسی تنگ مکان میں جکڑ کر ڈال دیئے جائیں گے تو وہاں موت کو

ثُبُورًا ﴿١٣﴾ لَّا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَاحِدًا وَادْعُوا ثُبُورًا

پکاریں گے آج ایک موت کو نہ پکارو اور بہت سی موتوں کو

كَثِيرًا ﴿١٤﴾ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ

پکارو کہہ دو کیا یہ بہتر ہے یا وہ بہشت جس کا پرہیزگاروں کے لئے وعدہ

الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيرًا ﴿١٥﴾ لَّهُمْ فِيهَا

کیا گیا ہے جو ان کا بدلہ اور ٹھکانا ہوگی وہاں انہیں

## ربط آیات

(۸) پھر مخالفین کہتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی خزانہ نہیں اس کے قبضہ میں کوئی باغ نہیں یعنی وہ مال و دولت دنیوی میں کوئی درجہ نہیں رکھتا لہذا یہ پیغمبر نہیں بلکہ معاذاللہ ایک سحرزدہ آدمی ہے جس کی لوگ پیروی کرتے چلے جا رہے ہیں (۹) دیکھئے کیسی مثالیں آپ کے متعلق دے کر

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ مشغول ... ماخذ آیت ... |

ع ۱ ۹ ۱۶

گمراہ ہو گئے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ انہیں پھر کوئی سیدھا راستہ بھی نہیں مل سکے گا۔

(۱۰) اللہ تعالیٰ بابرکت ذات ہے ان کے خیال سے بہتر چیز عطا فرما سکتا ہے لیکن یہ اس کی مصلحت کے خلاف ہے کیونکہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مال و متاع و خزانہ اور سیم و زر کی کثرت ہوتی تو جھوٹے مکار فریبی زر پرست آپ کے پاس جمع ہو جاتے کھرے اور کھوٹے کی کوئی تمیز نہ ہو سکتی اسی واسطے آیا ہے [illegible] (۱۱) اگر یہ قیامت کے قائل ہوتے تو حضور کے وجود مسعود کو سراسر رحمت خیال کرتے جس طرح مریض کے لئے حکیم حاذق کا میسر آنا سراسر رحمت ہوتا ہے۔ منکرین قیامت کی سزا جہنم ہے (۱۲) انہیں دور سے دیکھ کر ہی جہنم جوش میں آنے لگی۔ (۱۳) جب اس میں جکڑ بند کرکے ڈالے جائیں گے تو ہلاکت کو پکاریں گے (۱۴) ارشاد ہوگا کہ ایک نہیں



کئی ہلاکتیں پکارو۔ (۱۵) یہ جہنم بہتر ہے یا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا جان کر ان کا اتباع کرو تو جنت کا داخلہ بہتر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۭ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾
جو چاہیں گے ملے گا وہ اسمیں ہمیشہ رہیں گے یہ وعدہ تیرے رب کے ذمہ ہے جو قابل درخواست ہے

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ
اور جس دن انہیں اور ان کے معبودوں کو جمع کرے گا جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے تو فرمائے گا

ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَاۗءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا
کیا تم ہی نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا وہ خود راستہ

السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ
بھول گئے تھے کہیں گے تو پاک ہے ہمیں یہ کب لائق تھا کہ

نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ
تیرے سوا کسی اور کو کارساز بناتے لیکن تو نے انہیں اور

اٰبَاۗءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾ فَقَدْ
ان کے باپ دادا کو یہاں تک آسودگی دی تھی وہ یاد کرنا بھول گئے اور یہ لوگ تباہ ہونیوالے تھے سو تمہارے

كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا
معبودوں نے تمہاری باتوں میں تمہیں جھٹلا دیا سو تم نہ تو ٹال سکتے ہو اور نہ

نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾ وَمَآ
مدد لے سکتے ہو اور جو تم میں سے ظلم کرے گا ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے اور ہم نے

اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ
تجھ سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے وہ کھانا بھی

الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ
کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾ ع ٢ / ١٧
کے لئے آزمائش بنایا کیا تم ثابت قدم رہتے ہو اور تیرا رب سب کچھ دیکھنے والا ہے

## ربط آیات

(١٦) بہشتی جو چاہیں گے ملے گا اور وہ ہمیشہ وہیں رہیں گے (١٧) قیامت کے دن اللہ تعالیٰ غیر اللہ معبودوں سے یہ سوال کریگا کیا تم نے میرے بندوں کو گمراہ کیا تھا۔ (١٨) وہ جواب دینگے ہم اس الزام سے بری ہیں بلکہ اس کا باعث دوسرا ہے جو اسی آیت میں مذکور ہے (١٩) ابتک تم نے جن کی ساری عمر عبادت و اطاعت کی آج وہی تمہیں جھٹلاتے ہیں (٢٠) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے پینے میں کفر تعجب ہے کیا پہلے نبی کھاتے پیتے نہ تھے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**************

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا أُنزِلَ
اور ان لوگوں نے کہا جو ہم سے ملنے کی اُمید نہیں رکھتے کہ ہمارے پاس
عَلَيْنَا الْمَلَائِكَةُ أَوْ نَرَىٰ رَبَّنَا ۗ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا فِي أَنفُسِهِمْ
فرشتے کیوں نہ بھیجے گئے یا ہم اپنے رب کو دیکھ لیتے۔ البتہ انہوں نے اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھ لیا ہے
وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيرًا ﴿٢١﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَىٰ
اور بہت بڑی سرکشی کی ہے جس دن فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن مجرموں
يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٢٢﴾ وَ
کے لئے کوئی خوشی نہیں ہوگی اور کہیں گے آڑ کر دی جائے اور
قَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا ﴿٢٣﴾
جو عمل انہوں نے کئے تھے ہم ان کی طرف متوجہ ہوں گے پھر انہیں اُڑتی ہوئی خاک کر دیں گے
أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ مَقِيلًا ﴿٢٤﴾
اس دن بہشتیوں کا ٹھکانا بہتر ہوگا اور دوپہر کی آرام گاہ بھی عمدہ ہوگی
وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنزِيلًا ﴿٢٥﴾
اور جس دن آسمان بادل سے پھٹ جائے گا اور فرشتے بکثرت اُتارے جائیں گے
الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ لِلرَّحْمَٰنِ ۚ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى
اس دن حقیقی حکومت رحمٰن ہی کی ہوگی اور وہ دن کافروں پر
الْكَافِرِينَ عَسِيرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ
بڑا سخت ہوگا اور اس دن ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا
يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ﴿٢٧﴾ يَا وَيْلَتَىٰ
کہے گا اے کاش میں بھی رسول کے ساتھ راہ چلتا اے میری شامت

## ربط آیات

(۲۱) منکرین قیامت کہتے ہیں کہ فرشتے احکام الٰہی (قرآن)

**خلاصہ رکوع ۳**
تصفیہ شد قرآنی
ماخذہ آیت ۳۰

لے کر ہم پر کیوں نازل نہیں ہوتے (۲۲) جس دن انہیں فرشتے نظر آئیں گے وہ دن ان کے حق میں نامبارک ہوگا۔ (۲۳) کفر کے باعث ان کے سارے اعمال ضائع ہو چکے ہیں (۲۴) ایمان و توحید رسالت و مجازات کو حق ماننے والوں کا ٹھکانا جس دن بہتر ہوگا (۲۵) جس دن آسمان پھٹے گا اور فرشتے نازل ہوں گے وہ قیامت کا دن ہوگا (۲۶) بادشاہی اس دن رحمٰن کی ہوگی۔ رحمٰن کے باغیوں کے لئے وہ دن بڑا سخت ہوگا۔ (۲۷) مخالفین رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اس دن یہ حالت ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ أَضَلَّنِي عَنِ

کاش میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا اسی نے تو نصیحت کے آنے

الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ

کے بعد مجھے بہکا دیا اور شیطان تو انسان کو رسوا کرنے والا

خَذُولًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا

ہی ہے اور رسول کہے گا اے میرے رب بیشک میری قوم نے اس قرآن

هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ﴿۳۰﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ

کو نظر انداز کر رکھا تھا اور ہم اسی طرح مجرموں کو ہر ایک نبی

عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِينَ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا ﴿۳۱﴾

کا دشمن بناتے رہے ہیں اور ہدایت کرنے اور مدد کرنے کے لئے تیرا رب کافی ہے

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً

اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر یکبارگی قرآن کیوں نازل نہیں

وَاحِدَةً ۚ كَذَٰلِكَ ۛ لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ ۖ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيلًا ﴿۳۲﴾

کیا گیا اسی طرح اتارا گیا تاکہ ہم اس سے تیرے دل کو اطمینان دیں اور ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھ سنایا

وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ﴿۳۳﴾

اور جو انوکھی بات تیرے سامنے لائیں گے ہم بھی تمہیں اس کا بہت ٹھیک جواب اور بہت عمدہ حل بتائیں گے

الَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُولَٰئِكَ

جو لوگ منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے یہی

شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ سَبِيلًا ﴿۳۴﴾ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى

بُرے ٹھکانے والے ہیں اور بہت ہی بڑے گمراہ ہیں اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو

الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ﴿۳۵﴾ فَقُلْنَا

کتاب دی اور ہم نے اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو وزیر بنایا پھر ہم نے کہا

## ربط آیات

(۲۸-۲۹) فلاں شخص کی دوستی نے مجھے ڈبویا (۳۰) خود بھی مجرم کو احساس ہوگا اور ادھر سے دعویٰ دائر ہو جائے گا۔ جب مجرم خود جرم کا اقرار کرے تو بجز بھگتنے کے کیا ہوتا ہے۔ (۳۱) آپ فکر نہ کریں۔ اس قسم کے مجرم ہر نبی کے دشمن ہوتے آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا ہادی و مددگار ہے اور اس کی ہدایت اور مدد کے بعد کسی سہارے کی ضرورت نہیں۔ (۳۲) اعتراض یہ ہے کہ قرآن حکیم یک دفعہ کیوں نازل نہیں ہوا۔ اس میں یہ حکمت ہے کہ تھوڑا تھوڑا نازل ہونے سے دل پر نقش برسنگ کی طرح پختہ ہوتا جائے گا (۳۳) غرض باطل کی طرف سے جو اعتراض ہوگا اس کا معقول جواب آپ ہماری طرف سے پائیں گے (۳۴) یہ جہنمی بہت ہی بُرے اور سخت گمراہ ہیں (۳۵) ہم نے اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تھی اور ان کی معیت میں ہارون علیہ السلام کو بھی بھیجا۔

منزل

ربع

خلاصہ رکوع ۳
بقیہ مسئلہ کتاب اللہ و ضمن تذکیر
بایام اللہ
ماخذ آیت ۳۲، ۳۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ

تم دونو ان لوگوں کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائی ہیں پھر ہم نے انہیں جڑ سے

تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَ

اکھاڑ کر پھینک دیا اور نوح کی قوم کو بھی جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر دیا اور

جَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا

ہم نے انہیں لوگوں کے لئے نشانی بنا دیا اور ہم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار

اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ

کیا ہے اور عاد اور ثمود اور کنوئیں والوں کو بھی اور بہت سے دور جو ان کے

ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا

درمیان تھے اور ہم نے ہر ایک کو مثالیں دے کر سمجھایا تھا اور سب کو ہم نے

تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ

ہلاک کر دیا اور یہ اس بستی پر بھی گزرے ہیں جس پر بری طرح پتھر برسائے

السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ

گئے سو کیا یہ لوگ اسے دیکھتے نہیں رہتے بلکہ یہ لوگ مر کر زندہ ہونے کی امید ہی

نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا

نہیں رکھتے اور جب یہ لوگ تمہیں دیکھتے ہیں تو بس تم سے مذاق کرنے لگتے ہیں کیا یہی ہے

الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ

جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا اس نے تو ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹا

اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ

ہی دیا ہوتا اگر ہم ان پر قائم نہ رہتے اور انہیں جلدی معلوم ہو جائے گا جب

يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ

عذاب دیکھیں گے کہ کون شخص گمراہ تھا کیا تم نے اس شخص کو دیکھا

## ربط آیات

(۳۶) تنبیہ یہ نکلا کہ کتاب الٰہی کو جھٹلانے والوں کو ہم نے ہلاک کر ڈالا ایسا ہی یہاں بھی ہوگا۔ (۳۷ تا ۳۹) ان تمام قوموں نے انبیاء علیہم السلام کی دعوت کو ٹھکرایا اور ہلاک کی گئیں۔ (۴۰) اور کیا انہوں نے قوم لوط علیہ السلام کی بستیوں کو اپنے سفر شام میں نہیں دیکھا کہ ان کی چار بستیاں کس طرح تباہ شدہ ہیں اور پانچویں جو سب سے چھوٹی تھی اور اس عمل خبیث سے محفوظ تھی فقط وہ باقی رہی اور تباہ ہونے والے اپنے نبی کے لائے ہوئے احکام کی مخالفت کے باعث تباہ ہوئے (۴۱) جب آپ کو دیکھتے ہیں تو تمسخر اڑاتے ہیں۔ (۴۲) کہ یہ رسول بن کر ہمیں اپنے معبودوں سے ہٹانا چاہتا تھا۔ لیکن ہم جوانمردی سے ڈٹے رہے۔ عذاب الٰہی آنے پر ان کا یہ عقدہ حل ہو جائے گا۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ

جس نے اپنا خدا اپنی خواہشاتِ نفسانی کو بنا رکھا ہے پھر کیا تو اس کا ذمہ دار ہو سکتا ہے یا

تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ

تو خیال کرتا ہے کہ اکثر ان میں سے سنتے یا سمجھتے ہیں یہ تو محض

اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ

چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں کیا تو نے اپنے رب کی طرف نہیں دیکھا

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا

کہ اس نے سایہ کو کیسے پھیلایا ہے اور اگر چاہتا تو اسے ٹھہرا رکھتا پھر ہم نے سورج کو اس

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾

کا سبب بنا دیا ہے پھر ہم اسے آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹتے ہیں

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ

اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے رات کو اوڑھنا اور نیند کو راحت بنا دیا اور دن چلنے

النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ

پھرنے کے لئے بنایا اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت سے پہلے خوشخبری لانے والی

يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْيِ

ہوائیں چلاتا ہے اور ہم نے آسمان سے پاک پانی نازل فرمایا تاکہ ہم اس سے

بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ

مرے ہوئے شہر کو زندہ کریں اور اسے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں، چار پایوں اور بہت سے آدمیوں

كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ

کو پلائیں اور ہم نے اسے لوگوں میں بانٹ دیا ہے تاکہ نصیحت حاصل کریں پس بہت سے آدمی

النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ

ناشکری کئے بغیر نہ رہے اور اگر ہم چاہتے تو ہر گاؤں میں ایک ڈرانے والا

**ربطِ آیات**

ع ۴ ۲

(۴۳) ایسے نالائقوں کے

**خلاصہ رکوع ۵**

تصفیہ مسئلہ توحید۔

ماخذ آیت ۴۵۔ ۴۷۔ ۴۸

آپ ذمہ دار نہیں ہیں (۴۴) یہ تو حیوانات سے بھی بدتر ہیں (۴۵) چیزوں کو سایہ دار بنانے والا اور سورج بنانے والا خدا ہے (۴۶) پھر سایہ کو صبح کے بعد دوپہر تک آہستہ آہستہ ہم ہی گھٹا دیتے ہیں (۴۷ - ۴۸) یہ سب اسی خدا تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے ہیں جن کی طرف ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں (۴۹) یہ بھی اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے (۵۰) اس بارش کو کبھی کہیں کبھی کہیں نازل فرماتے ہیں تاکہ یہ لوگ مالک الملک کا قبضہ دیکھ کر عبرت حاصل کریں لیکن اکثر ناشکر گزار واقع ہوئے ہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَذِيرًا ۖ (۵۱) فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِينَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا
بھیج دیتے پس کافروں کا کہا نہ مان اور اس کے ساتھ بڑے زور سے ان کا
كَبِيرًا (۵۲) وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ
مقابلہ کر اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو آپس میں ملا دیا یہ میٹھا خوشگوار ہے
وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُورًا (۵۳)
اور یہ کھاری کڑوا ہے اور ان دونوں میں ایک پردہ اور مستحکم آڑ بنا دی
وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ
اور وہی ہے جس نے انسان کو پانی سے پیدا کیا پھر اس کے لئے رشتہ نسب اور دامادی قائم کیا
وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا (۵۴) وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا
اور تیرا رب ہر چیز پر قادر ہے اور وہ اللہ کے سوا ایسے کو پوجتے ہیں جو انہیں نہ
يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيرًا (۵۵)
نفع دے سکتے ہیں نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں اور کافر اپنے رب کی طرف پیٹھ پھیرنے والا ہے
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا (۵۶) قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ
اور ہم نے تمہیں محض خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے کہہ دو میں اس پر تم سے کوئی
عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيلًا (۵۷)
مزدوری نہیں مانگتا مگر جو شخص اپنے رب کی طرف راستہ معلوم کرنا چاہے
وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى
اور تم اس زندہ خدا پر بھروسہ رکھو جو کبھی نہ مرے گا اور اس کی تسبیح اور حمد کرتے رہو اور وہ اپنے
بِهٖ بِذُنُوبِ عِبَادِهٖ خَبِيرًا (۵۸) الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے جس نے آسمان
وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے چھ دن میں بنایا پھر عرش پر قائم

مع

## ربط آیات

(۵۱) ہم اس پر بھی قادر ہیں۔ (۵۲) آپ ان مخالفین حق کی کوئی پرواہ نہ کریں بلکہ ان کے ساتھ سخت جہاد کریں (۵۳) سمندروں پر بھی اسی خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ کا قبضہ ہے۔ کیا مجال ہے کہ اس کے حکم کے بغیر آپس میں ملیں اگرچہ اکٹھے بہتے ہیں (۵۴) اللہ تعالیٰ پانی کے قطرے سے انسان بنا دیتا ہے (۵۵) مذکورہ صفات والی ذات کو چھوڑ کر یہ کافر ایسے بے بسوں کی عبادت کرتے ہیں (۵۶) آپ کا کام انذار و تبشیر ہے۔ جبراً منوانا آپ کا کام نہیں (۵۷) میں تم سے اس تعلیم صحیح پر کوئی اجرت تو نہیں چاہتا۔ تم اپنی مرضی سے رضائے الٰہی حاصل کرنے کی خاطر خرچ کرو تو تمہارا اپنا کام ہے (۵۸) اپنی ضروریات معاشی میں فقط اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

العرش الرحمن فسئل به خبيرا ﴿٥٩﴾ وإذا قيل لهم
ہوا وہ رحمٰن ہے پس اس کی شان کسی خبردار سے پوچھو اور جب ان سے کہا جاتا ہے

اسجدوا للرحمن قالوا وما الرحمن أنسجد لما تأمرنا
کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں رحمٰن کیا ہے کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کے لئے تو کہہ دے

وزادهم نفورا ﴿٦٠﴾ تبارك الذي جعل في السماء بروجا
اور اس سے انہیں اور زیادہ نفرت ہوتی ہے بڑا برکت والا ہے وہ جس نے آسمان میں ستارے بنائے

وجعل فيها سراجا وقمرا منيرا ﴿٦١﴾ وهو الذي جعل
اور اس میں چراغ اور چمکتا ہوا چاند بھی بنایا اور وہی ہے جس نے رات اور

الليل والنهار خلفة لمن أراد أن يذكر أو أراد شكورا ﴿٦٢﴾
دن یکے بعد دیگرے آنے والے بنائے یہ اس کے لئے ہے جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے

وعباد الرحمن الذين يمشون على الأرض هونا و
اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دبے پاؤں چلتے ہیں اور

إذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما ﴿٦٣﴾ والذين يبيتون
جب ان سے بے سمجھ لوگ بات کریں تو کہتے ہیں سلام ہے اور وہ لوگ جو اپنے رب کے سامنے

لربهم سجدا وقياما ﴿٦٤﴾ والذين يقولون ربنا اصرف
سجدہ میں اور کھڑے ہو کر رات گزارتے ہیں اور وہ لوگ جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم سے

عنا عذاب جهنم إن عذابها كان غراما ﴿٦٥﴾ إنها ساءت
دوزخ کا عذاب دور کر دے بے شک اس کا عذاب پوری تباہی ہے بے شک وہ بُرا

مستقرا ومقاما ﴿٦٦﴾ والذين إذا أنفقوا لم يسرفوا ولم
ٹھکانا اور بُری قیام گاہ ہے اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی نہیں کرتے اور نہ

يقتروا وكان بين ذلك قواما ﴿٦٧﴾ والذين لا يدعون
تنگی کرتے ہیں اور ان کا خرچ ان دونوں کے درمیان اعتدال پر ہوتا ہے اور وہ جو اللہ کے سوا کسی اور

### ربط آیات

۵۹) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے آسمان زمین اور باقی چیزیں چھ دن میں بنائیں اور ان اشیاء کی تخلیق کا باعث سوائے اس کی رحمت کے اور کوئی چیز نہ تھی (۶۰) اور جب اسی رحمٰن کے سامنے حق عبودیت ادا کرنے کے لئے سربسجود ہونے کی دعوت دی جائے تو انکار کر جاتے ہیں بلکہ اس دعوت سے انہیں نفرت بڑھتی ہے (۶۱-۶۲) رکوع سابق کے مسئلہ توحید کا بقیہ ہے۔ دراصل ان کا رخ نمایاں کے مستحق کفار کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ یہ شخص خدا تعالیٰ کے ہیں۔ اس لئے یہ باتیں پیش کر کے انہیں سمجھایا جاتا ہے کہ ایسے خدا کو چھوڑ کر کسی دوسرے کے سامنے سر جھکانے اور ہاتھ پھیلانے کی کیا ضرورت ہے۔ ۶۳ تا ۷۷ میں اوصاف حمیدہ ان بندگان خاص کے ہیں جن کا توحید پر پورا ایمان ہے۔ قرآن کو منزل من اللہ جانتے ہیں اور رسالت سید المرسلین، خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دامن پاک تھام چکے ہیں۔

ع ۵ / ۳

**خلاصہ رکوع ۶**

اوصاف عباد الرحمٰن جن کے مجاہدات رنگ لا چکے ہیں۔

ماخذ آیت ۶۳ تا ۷۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا
معبود کو نہیں پکارتے اور اس شخص کو ناحق قتل نہیں کرتے جسے اللہ نے حرام کر

بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾
دیا ہے اور زنا نہیں کرتے اور جس شخص نے یہ کیا وہ گناہ میں جا پڑا

يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾
قیامت کے دن اُسے دُگنا عذاب ہوگا اور اس میں ذلیل ہو کر پڑا رہے گا

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ
مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے سو انہیں اللہ بُرائیوں

اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾ وَمَنْ
کی جگہ بھلائیاں بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور جس نے

تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿۷۱﴾ وَالَّذِيْنَ
توبہ کی اور نیک کام کیے تو وہ اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے اور جو

ربطِ آیات (۶۸ تا ۷۷) دیکھو صفحہ ۵۸۲

لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿۷۲﴾ وَ
بیہودہ باتوں میں شامل نہیں ہوتے اور جب بیہودہ باتوں کے پاس سے گزریں تو شریفانہ طور سے گزرتے ہیں اور

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا
وہ لوگ جب انہیں ان کے رب کی آیتوں سے سمجھایا جاتا ہے تو ان پر بہرے اندھے ہو کر

وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ
نہیں گرتے اور وہ جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد

اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ
کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا

اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ
بنا دے یہی لوگ ہیں جنہیں ان کے صبر کے بدلہ میں جنت کے بالاخانے دیئے جائیں گے اور



Downloaded from :::: Al-marifat.org :::
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط

ان کا وہاں دعا اور سلام سے استقبال کیا جائے گا — اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے

حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ

ٹھہرنے اور رہنے کی خوب جگہ ہے — کہہ دو میرا رب تمہاری پروا نہیں کرتا

لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ج فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾ ع

اگر تم اسے نہ پکارو — سو تم جھٹلا تو چکے ہو — پھر اب تو اس کا وبال پڑ کر رہے گا

## آیاتہا ٢٢٧ (٢٦) سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ (٤٧) رکوعاتہا ١١

آیتیں ٢٢٧ — سورۃ شعرا مکی ہے — رکوع ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ

یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں — شاید تو اپنی جان ہلاک کرنے

نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ

والا ہے اس لئے کہ وہ ایمان نہیں لاتے — اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے ایسی

مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿٤﴾ وَمَا

نشانی نازل کریں کہ اس کے آگے ان کی گردنیں جھک جائیں — اور ان

يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ

کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی بات نصیحت کی ایسی نہیں آتی کہ وہ اس سے منہ نہ

مُعْرِضِيْنَ ﴿٥﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ

موڑ لیتے ہوں — سو یہ جھٹلا تو چکے اب ان کے پاس اس چیز کی حقیقت آئے گی جس پر

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ

ٹھٹھا کیا کرتے تھے — کیا وہ زمین کو نہیں دیکھتے — ہم نے اس میں ہر ایک قسم کی

منزل ٥

### رابط آیات

(٧٥-٧٦) ان بندگانِ نیکوکار کو بقدر اعمال صالحہ کی جزا خیمے ملیں گے اور ان جنتوں میں ہمیشہ رہیں گے (٧٧) اے مخاطبین توحید و رسالت اگر تم نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت و عبادت کا حق ادا نہ کیا تو خدا تعالیٰ کو بھی تمہاری کوئی پروا نہیں ہے۔ جب تم عبودیت سے انکار کر چکے ہو۔ لہٰذا عنقریب تم پر عذاب آنے والا ہے۔

### سُورۃ الشعراء

(موضوع سورۃ)

سورۃ نور کے اخیر میں ذکر نور تھا سورۃ فرقان میں مخالفین کے حجاب رفع کئے گئے تھے سورۃ شعراء میں متبعین نور اور معاندین نور الٰہی کے سلسلے سلوک الٰہی صفت عزیز و رحیم ہوگا یعنی جو متبعین کے ساتھ صفت رحیم کا سلوک رہا اور معاندین کے ساتھ صفت عزیز نے سلوک کیا۔ حاصل یہ ہے کہ اس سورۃ میں عزیز و رحیم کے مظاہر کا بیان ہوگا (١) حروف مقطعات ہیں ان کی تحقیق سورۃ بقرہ کے ابتدا میں ملاحظہ ہو (٢) کتاب روشن کی یہ آیتیں ہیں (٣) ان کے ایمان نہ لانے پر آپ اس قدر مغموم ہیں (٤) اگر ہم چاہیں تو ان کی گردنیں جھکا دیں (٥) جو نئی نصیحت نہیں کی جاتی ہے اس سے منہ موڑ لیتے ہیں (٦) جس چیز پر یہ استہزاء کرتے ہیں اس کے متعلق کچھ حالات انہیں سنا دیے جائیں گے۔

**خلاصہ رکوع ١**

(١) مخالفین کے قرآن پر ایمان نہ لانے سے آپ بے حد مغموم نہ ہوں (٢) اگر ہم چاہیں تو ان کی گردنیں جھکا دیں (٣) جب ہر چیز کی تکذیب کرتے ہیں اس کے متعلق چند قوموں کے واقعات ان کے سامنے آجاتے ہیں۔

ماخذ: آیت ١ تا آیت ٩

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ⑦ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ
کتنی عمدہ چیزیں اُگائی ہیں   البتہ اس میں بڑی نشانی ہے   اور ان میں سے اکثر ایمان لانے

مُؤْمِنِينَ ⑧ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ⑨ وَإِذْ نَادَىٰ
والے نہیں   اور بیشک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے   اور جب تیرے

رَبُّكَ مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ⑩ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ
رب نے موسیٰ کو پکارا کہ اس ظالم قوم کے پاس جا   فرعون کی قوم کے پاس

أَلَا يَتَّقُونَ ⑪ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ⑫ وَ
کیا وہ ڈرتے نہیں   عرض کی اے میرے رب میں ڈرتا ہوں کہ مجھے جھٹلا دیں   اور

يَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ
میرا سینہ تنگ ہو جائے اور میری زبان نہ چلے   پس ہارون کو پیغام

هَارُونَ ⑬ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ⑭
دے   اور میرے ذمہ ان کا ایک گناہ بھی ہے سو میں ڈرتا ہوں کہ مجھے مار نہ ڈالیں

قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُمْ مُسْتَمِعُونَ ⑮ فَأْتِيَا
فرمایا ہرگز نہیں   تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں   سو فرعون کے

فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ⑯ أَنْ أَرْسِلْ
پاس جاؤ اور کہو کہ ہم پروردگارِ عالم کا پیغام لے کر آئے ہیں   یہ کہ ہمارے ساتھ

مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ⑰ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَ
بنی اسرائیل کو بھیج دے   کہا کیا ہم نے تمہیں بچپن میں پرورش نہیں کیا   اور

لَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ⑱ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي
تو نے ہم میں اپنی عمر کے کئی سال گزارے   اور تو اپنا وہ کرتوت کر گیا جو

فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ⑲ قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا
کر گیا   اور تو ناشکروں میں سے ہے   کہا جب میں نے وہ کام کیا تھا تو میں

ع

## ربط آیات

(۷-۸) جس طرح زمین میں ہر ایک جنس اچھی پائی جاتی ہے اور اچھی کے ساتھ ردی بھی نظر آتی ہے اسی طرح انسانوں میں بعض کریم ہیں جو جنت میں جائیں گے اور بعض لئیم ہیں جو جہنم کا ایندھن بنیں گے (۹) اگر فرمانبردار ہو جاؤ تو اللہ تعالیٰ رحیم ہے اور اگر مقابلہ میں اکڑ جاؤ تو پھر عزیز یعنی غالب آنے والا وہی ہے اور تمہیں یقیناً ذلیل ہونا پڑے گا (۱۰-۱۱) موسیٰ علیہ السلام کو قوم فرعون کی طرف بھیجا جا رہا ہے (۱۲) موسیٰ علیہ السلام نے منصب رسالت کے ادا کرنے میں یہ عذر پیش فرمائے پہلا عذر یہ ہے کہ وہ نہیں مانیں گے (۱۳) یہ دوسرا عذر ہے (۱۴) یہ تیسرا عذر ہے (۱۵) وہ آپ کو ہرگز قتل نہیں کر سکتے ہم آپ کے ساتھ ہیں ہر بات سننے والے ہیں (۱۶-۱۷) فرعون سے جا کر کہہ دو۔ ہم رب العلمین کی طرف سے رسول بن کر آئے ہیں اور اس کام کے لئے آئے ہیں (۱۸-۱۹) فرعون نے اس پیغام کا کوئی جواب نہیں دیا۔ موسیٰ علیہ السلام کو سابقہ واقعات یاد دلانا شروع کر دیئے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

قصہ موسیٰ علیہ السلام و فرعون اس سورۃ میں امم سابقہ کے واقعات بھی اور ان کے جرائم کے تذکرے ہیں چنانچہ فرعون اپنی خدائی کا دعویدار ہے۔ اس قصے کا ماخذ سبب پہلے آیا ہے)۔
ماخذ آیت ۱۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنَ الضَّآلِّينَ ۝۲۰ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي

بے خبر تھا پھر میں تم سے تمہارے ڈر کے مارے بھاگ گیا تب مجھے میرے رب نے

رَبِّي حُكْمًا وَّجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝۲۱ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ

دانائی عطا کی اور مجھے رسول بنایا اور یہ احسان جو تو

تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدْتَّ بَنِي إِسْرَآءِيلَ ۝۲۲ قَالَ فِرْعَوْنُ

مجھ پر رکھتا ہے اسی لئے تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے فرعون نے کہا

وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِينَ ۝۲۳ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا

رب العلمین کیا چیز ہے فرمایا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا

بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِينَ ۝۲۴ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا

پروردگار ہے اگر تمہیں یقین آئے اپنے گرد والوں سے کہا کیا تم

تَسْتَمِعُونَ ۝۲۵ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝۲۶

سنتے نہیں ہو فرمایا تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے

قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ۝۲۷

کہا بے شک تمہارا رسول جو تمہارے پاس بھیجا گیا ہے ضرور دیوانہ ہے

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ

فرمایا مشرق اور مغرب اور جو ان کے درمیان ہے سب کا پروردگار ہے اگر تم

تَعْقِلُونَ ۝۲۸ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ

عقل رکھتے ہو کہا اگر تو نے میرے سوا اور کوئی معبود بنایا تو تمہیں قید میں

الْمَسْجُونِينَ ۝۲۹ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ۝۳۰ قَالَ فَأْتِ

ڈال دوں گا فرمایا اگرچہ میں تیرے پاس ایک روشن چیز لے آؤں کہا اگر تو

بِهٖ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝۳۱ فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ

سچا ہے تو وہ چیز لا پھر اس نے اپنا عصا ڈال دیا سو اسی وقت وہ



## ربطِ آیات

(۲۰) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ میں نے بیشک وہ کام کیا اور مجھ سے غلطی ہو گئی تھی (۲۱) اسی غلطی کی وجہ سے بھاگ گیا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم عطا فرمایا اور نبی بنایا (۲۲) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ میری ذات کے احسان کے بدلے میں تم بنی اسرائیل کو غلام رکھنا چاہتے ہو (۲۳) فرعون نے کہا اچھا بتلاؤ جس رب العالمین کے تم رسول ہو وہ کیا چیز ہے (۲۴) موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا آسمان وزمین اور ان کے درمیان کی اشیاء کا پالنے والا ہے (۲۵) فرعون نے اپنے ہم نشینوں سے کہا۔ سُن رہے ہو کیا کہتا ہے (۲۶) لیکن موسیٰ علیہ السلام نے صفات باری تعالیٰ کا بیان جاری رکھا اور فرمایا کہ خدا تمہارا اور تمہارے باپ دادا کا پالنے والا ہے (۲۷) فرعون نے کہا یہ پاگل معلوم ہوتا ہے۔ (۲۸) موسیٰ علیہ السلام نے دوسری دلیل سے زیادہ واضح تیسری دلیل پیش کی کہ خدا سورج کو دیکھو مشرق سے بلند کرتا ہے اور دیکھو مغرب میں چھپا دیتا ہے۔ (۲۹) فرعون ان دلائل کی تردید نہیں کر سکا لیکن ہٹ دھرمی سے اپنا مدعا دہراتا ہے کہ اگر میرے سوا اور خدا بنایا تو قید کر دوں گا۔ (۳۰) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اگرچہ میرا دعویٰ بالکل واضح بھی ہو تو بھی قید کرو گے۔ (۳۱) اس نے کہا۔ اچھا کوئی دلیل ہے تو لاؤ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿٣٢﴾ وَّنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِينَ ﴿٣٣﴾ ع

صریح اژدہا ہو گیا    اور اپنا ہاتھ نکالا سو اسی وقت وہ دیکھنے والوں کو چمکتا ہوا دکھائی دیا

قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ﴿٣٤﴾ يُّرِيدُ أَنْ يُّخْرِجَكُمْ

اپنے گرد کے سرداروں سے کہا کہ بیشک یہ بڑا ماہر جادوگر ہے    چاہتا ہے کہ تمہیں تمہارے

مِّنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ﴿٣٥﴾ قَالُوٓا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ

دیس سے اپنے جادو کے زور سے نکال دے پھر تم کیا رائے دیتے ہو    کہا اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دو

وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِينَ ﴿٣٦﴾ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٍ ﴿٣٧﴾

اور شہروں میں چپڑاسیوں کو بھیج دیجیے    کہ تیرے پاس بڑے ماہر جادوگروں کو لے آئیں

فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقٰتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٣٨﴾ وَّقِيلَ لِلنَّاسِ

پھر سب جادوگر ایک مقرر دن پر جمع کیے گئے    اور لوگوں سے کہا گیا

هَلْ أَنْتُمْ مُّجْتَمِعُونَ ﴿٣٩﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِنْ كَانُوا هُمُ

کیا تم بھی اکٹھے ہوتے ہو    تاکہ اگر جادوگر غالب آ جائیں تو ہم انہیں کی راہ

الْغٰلِبِينَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوا لِفِرْعَوْنَ أَئِنَّ لَنَا

پر رہیں    پھر جب جادوگر آئے    تو فرعون سے کہا کہ اگر ہم غالب

لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِينَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ إِذًا

آ گئے تو کیا ہمیں کوئی بڑا انعام ملے گا    کہا ہاں اور بیشک تم اس وقت

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوسٰىٓ أَلْقُوا مَآ أَنْتُمْ

مقربوں میں داخل ہو جاؤ گے    موسیٰ نے ان سے کہا ڈالو جو تم

مُّلْقُونَ ﴿٤٣﴾ فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ

ڈالتے ہو    پھر انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں اور کہا فرعون

فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُونَ ﴿٤٤﴾ فَأَلْقٰى مُوسٰى عَصَاهُ فَإِذَا

کے اقبال سے ہماری فتح ہے    پھر موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا پھر وہ

منزل ٥

## ربطِ آیات

(٣٢) موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی پھینکی تو وہ اژدہا بن گئی (٣٣) گریبان سے ہاتھ نکالا تو وہ بالکل روشن ہو کر نکلا (٣٤) فرعون نے کہا کہ یہ بہت بڑا جادوگر ہے۔ (٣٥) تم سے ملک چھیننا چاہتا ہے تمہاری کیا رائے ہے۔ (٣٦) انہوں نے یہ رائے دی ان دونوں بھائیوں کو مہلت دو اور تمام شہروں میں جادوگروں کو جمع کرنے والے بھیج دو۔ (٣٧) جتنے بڑے بڑے جادوگر ہیں سب کو لے آئیں۔ (٣٨) سب جادوگر ایک دن اکٹھے ہو گئے (٣٩) لوگوں کو تماشا دیکھنے کے لئے بلایا گیا۔ (٤٠) اگر ہمارے جادوگر غالب آ جائیں تو ہم ان کے فرمانبردار ہو جائیں گے۔ ان کے فرمانبردار کیا ہوں گے اصل بات یہ ہے موسیٰ علیہ السلام کے پیچھے لوگوں کو بچالیں گے (٤١) جادوگروں نے کہا اگر ہم نے میدان جیت لیا تو ہمیں کیا ملے گا (٤٢) فرعون نے کہا تمہیں اپنا مقرب بناؤں گا۔ (٤٣) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ڈالو جو جو ڈالنا چاہتے ہو (٤٤) انھوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں بعزۃ فرعون کہہ کر ڈال دیں اور وہ سانپ بن گئیں۔

**خلاصہ رکوع ٣**
بقیہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون۔
ماخذ آیت ٣٣۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا
فوراً ہی نگلنے لگا جو انہوں نے جھوٹ بنایا تھا پھر جادوگر سجدے میں گر پڑے کہا

اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ
ہم رب العالمین پر ایمان لائے جو موسٰی اور ہارون کا رب ہے کہا کیا تم میری

لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ
اجازت سے پہلے ہی ایمان لے آئے۔ بیشک وہ تمہارا استاد ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے سو تمہیں ابھی

تَعْلَمُوْنَ ۥ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ
معلوم ہو جائے گا البتہ میں تمہارا ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پاؤں کاٹ دوں گا اور

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا
تم سب کو سولی پر چڑھا دوں گا کہا کچھ حرج نہیں بیشک ہم اپنے رب کے پاس

مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ
پہنچنے والے ہوں گے ہمیں امید ہے کہ ہمارا رب ہمارے گناہوں کو معاف کر دے گا اس لئے کہ ہم

اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ ع ۴ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ
سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں اور ہم نے موسٰی کو حکم بھیجا کہ میرے بندوں کو رات کو لے نکل

اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾
البتہ تمہارا پیچھا کیا جائے گا پھر فرعون نے شہروں میں چپڑاسی بھیجے

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾
کہ یہ ایک تھوڑی سی جماعت ہے اور انہوں نے ہمیں بہت غصہ دلایا ہے

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّ
اور بیشک ہم سب ہتھیار بند ہیں پھر ہم نے انہیں باغوں اور چشموں سے نکال

عُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ
باہر کیا اور خزانوں اور عمدہ مکانوں سے اسی طرح ہوا اور ہم نے ان چیزوں کا بنی

## ربط آیات

(۴۵) موسٰی علیہ السلام نے جو لاٹھی پھینکی تو اژدہا بن کر سب کو نگل گئی (۴۶) جادوگر سمجھ گئے کہ جادوگر نہیں ہے ورنہ ہم سے بڑھ کر دنیا میں باکمال کوئی نہیں (۴۷) وہ سجدہ میں گر گئے اور رب العالمین پر ایمان لے آئے (۴۸) ان دو نبیوں کے رب پر ایمان لے آئے۔ (۴۹) فرعون نے کہا میری اجازت کے بغیر کیوں ایمان لائے معلوم ہوتا ہے تمہاری سب کی سازش ہے۔ اب میں تمہیں پھانسی دوں گا۔ (۵۰) جادوگر بولے کچھ حرج نہیں جو ہونی ہے آئے گی کیونکہ اپنے رب کے ہاں ہی جا رہے ہیں (۵۱) ہمارا اصل مقصد رضا ہے (۵۲) موسٰی علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے ہجرت کا حکم ملا اور یہ بھی اطلاع دی گئی کہ فرعون تمہارے پیچھے آئے گا (۵۳) فرعون کو جب ہجرت کی اطلاع ملی تو شہروں میں

**خلاصہ رکوع ۴**
بقیہ واقعہ حضرت موسٰی علیہ السلام و فرعون۔
ماخذ آیت ۳۰۔

لوگوں کو جمع کرنے والے بھیجے (۵۴-۵۵) فرعون نے کہا یہ چھوٹی سی جماعت ہیں خواہ مخواہ غصہ دلا رہی ہے (۵۶) حالانکہ ہم سب ہتھیار بند ہیں (۵۷-۵۸) ہم نے فرعون والوں کو باغوں چشموں، خزانوں اور عمدہ جگہوں سے نکالا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۵۹) اور ان اشیا کا ان کو زور بنی اسرائیل کو وارث بنایا (۶۰) فرعون اپنی قوم سمیت بنی اسرائیل کے پاس سورج نکلتے وقت جا پہنچا (۶۱) جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا کہ اب پکڑے جائیں گے۔ (۶۲) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہرگز نہیں پکڑے جاؤ گے میرا رب میرے ساتھ ہے (۶۳) ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم دیا (۶۴) ہم نے فرعون والوں کو سمندر کے قریب کر دیا۔ (۶۵) موسیٰ علیہ السلام کو مع ان کے ساتھیوں کے ہم نے بچا لیا۔ (۶۶) اور فرعون والوں کو غرق کر دیا (۶۷) اس میں بڑی قدرت عبرت ہے لیکن اکثر ان میں سے نہیں مانیں گے (۶۸) اس موقع پر اللہ تعالیٰ کی دونوں صفتوں نے اپنے کرشمے دکھائے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو صفت رحیم نے بچایا اور فرعونیوں کو صفت عزیز نے تباہ کیا (۶۹) ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ انہیں سنائیے (۷۰) اپنے باپ اور قوم سے یہ کہا (۷۱) ہم بت پرست ہیں اور یہ ہرگز نہیں چھوڑیں گے۔ (۷۲) پوچھا جب انہیں بلاتے ہو تمہاری کوئی بات سنتے ہیں۔ (۷۳) یا تمہیں نفع و نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۵**

فرعون اپنی خدائی سزا پا گیا جس کا ذکر قصہ سابق میں ہے) ابراہیم علیہ السلام کی قوم مشرک ہے اور ابراہیم علیہ السلام یہ کر شریک خدا باقی ہے۔

ماخذ آیت ...

إِسْرَآءِيلَ ﴿٥٩﴾ فَأَتْبَعُوهُم مُّشْرِقِينَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ
اسرائیل کو وارث بنایا پھر سورج نکلنے کے وقت ان کے پیچھے پڑے پھر جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا
قَالَ أَصْحٰبُ مُوسٰىٓ إِنَّا لَمُدْرَكُونَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّآ ۖ إِنَّ
تو موسٰی کے ساتھیوں نے کہا ہم تو پکڑے گئے کہا ہرگز نہیں میرا
مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٦٢﴾ فَأَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوسٰىٓ أَنِ اضْرِب
رب میرے ساتھ ہے وہ مجھے راہ بتائے گا پھر ہم نے موسٰی کو حکم بھیجا کہ اپنی لاٹھی کو
بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۖ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ
دریا پر مار پھر پھٹ گیا پھر ہر ٹکڑا بڑے ٹیلے کی طرح
الْعَظِيمِ ﴿٦٣﴾ وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِينَ ﴿٦٤﴾ وَأَنجَيْنَا مُوسٰى
ہو گیا اور ہم نے اس جگہ دوسروں کو پہنچا دیا اور ہم نے موسٰی کو اور جو اس
وَمَن مَّعَهُۥٓ أَجْمَعِينَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٦٦﴾ إِنَّ
کے ساتھ تھے سب کو نجات دی پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا البتہ
فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٦٧﴾ وَ
اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں اور
إِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ
بے شک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے اور انہیں ابراہیم کی خبر
إِبْرٰهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِۦ مَا تَعْبُدُونَ ﴿٧٠﴾
سنا دے جب اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس کو پوجتے ہو
قَالُوا۟ نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِينَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ
کہنے لگے ہم بتوں کو پوجتے ہیں پھر انہیں کے گرد رہا کرتے ہیں کہا کیا
يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ تَدْعُونَ ﴿٧٢﴾ أَوْ يَنفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ ﴿٧٣﴾
وہ تمہاری بات سنتے ہیں جب تم پکارتے ہو یا تمہیں کچھ نفع یا نقصان پہنچا سکتے ہیں

رکوع ع

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ
کہنے لگے بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسا کرتے پایا ہے کہا
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾
کیا نہیں خبر ہے جنہیں تم پوجتے ہو تم اور تمہارے پہلے باپ دادا جنہیں پوجتے تھے
فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ
سو وہ سوائے رب العالمین کے میرے دشمن ہیں جس نے مجھے پیدا کیا
فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾ وَ
پھر وہی مجھے راہ دکھاتا ہے اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور
اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾
جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے اور وہ جو مجھے مارے گا پھر زندہ کرے گا
وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾
اور وہ جو مجھے امید ہے کہ میرے گناہ قیامت کے دن مجھے بخش دے گا
رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَاجْعَلْ
اے میرے رب مجھے کمال علم عطا فرما اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل کر اور آیندہ
لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ
آنے والی نسلوں میں میرا ذکر خیر باقی رکھ اور مجھے نعمت کے باغ کے
جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ
وارثوں میں کر دے اور میرے باپ کو بخش دے کہ وہ گمراہوں میں
الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ
سے تھا اور مجھے ذلیل نہ کر جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے جس دن مال اور اولاد
مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾
نفع نہیں دے گی مگر جو اللہ کے پاس پاک دل لے کر آیا

## ربط آیات

(۷۴) سوائے اس کے ہمارے پاس اور کوئی دلیل نہیں ہے (۷۵ تا ۷۷) ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا۔ دیکھو تمہارے اور تمہارے باپ دادا کے معبودوں سے مجھے دشمنی ہے سوائے رب العالمین کے وہ میرا کیا بگاڑتے ہیں (۷۸ تا ۸۱) میرا رب تو وہ ہے، جس کے مجھ پر یہ احسانات ہیں (۸۲) اسی سے قیامت کے دن مغفرت کی امید رکھتا ہوں (۸۳) اے اللہ! مجھے حکم عطا فرما اور اپنے نیکوکار بندوں میں شامل فرما (۸۴) اور میرا ذکر خیر پچھلوں میں بھی ہوتا رہے۔ (۸۵) اور مجھے جنت النعیم کا وارث بنا (۸۶) اور میرے گمراہ باپ کو مغفرت فرما۔ (۸۷) اور قیامت کے دن مجھے خوار نہ کر (۸۸-۸۹) جس دن اموال و اولاد سے قطعاً کوئی مدد نہیں مل سکے گی۔ ہاں احکام الٰہی کی خلاف ورزی سے محفوظ قلب نجات کا باعث ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٩٠﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ
اور پرہیزگاروں کے لئے جنت قریب لائی جائے گی اور دوزخ سرکشوں کے لئے ظاہر

لِلْغَاوِينَ ﴿٩١﴾ وَقِيلَ لَهُمْ أَيْنَمَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ﴿٩٢﴾
کی جائے گی اور انہیں کہا جائے گا کہاں ہیں جنہیں تم پوجتے تھے

مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ أَوْ يَنتَصِرُونَ ﴿٩٣﴾
اللہ کے سوا کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا بدلہ لے سکتے ہیں

فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ﴿٩٤﴾ وَجُنُودُ إِبْلِيسَ
پھر وہ اور سب گمراہ اس میں اوندھے ڈال دیئے جائیں گے اور شیطان کے سارے لشکروں

أَجْمَعُونَ ﴿٩٥﴾ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ﴿٩٦﴾ تَاللَّهِ إِن
کو بھی اور وہ وہاں آپس میں جھگڑتے ہوئے کہیں گے اللہ کی قسم بیشک

كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٩٧﴾ إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٩٨﴾
ہم صریح گمراہی میں تھے جب ہم تمہیں رب العالمین کے برابر کیا کرتے تھے

وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾
اور ہمیں ان بدکاروں کے سوا کسی نے گمراہ نہیں کیا پھر کوئی ہماری سفارش کرنے والا نہیں

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ
اور نہ کوئی مخلص دوست ہے پھر اگر ہمیں دوبارہ جانا ملے تو ہم ایمان والوں میں

الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم
شامل ہوں البتہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے

مُّؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ كَذَّبَتْ
والے نہیں اور بیشک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے نوح کی

قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا
قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا جب ان کے بھائی نوح نے کہا کیا تم

ع ٦

## رابط آیات

(٩٠) اس دن جنت متقین کے قریب ہوگی (٩١) اور کافروں کے لئے جہنم بھڑکائی جائے گی (٩٢-٩٣) اور انہیں کہا جائیگا تمہارے معبود بجز اللہ کہاں ہیں (٩٤) ان کے معبود پتھروں یا لکڑی وغیرہ کے بنے ہوئے اور ان کے پجاری سب دوزخ میں ڈالے جائیں گے (٩٥) اور شیطان کا سارا لشکر ڈالا جائے گا (٩٦) وہاں آپس میں جھگڑیں گے (٩٧) واقعی ہم کھلم کھلا گمراہی میں تھے۔ (٩٨) ہم نے تم کو رب العالمین کے برابر کیا (٩٩) ہمیں بھی پہلے مجرموں نے گمراہ کیا۔ (١٠٠) اسی شرک کے باعث آج ہمیں کوئی شفیع بھی نہیں مل سکتا۔ (١٠١) اور نہ کوئی آج قریبی دوست مل سکتا ہے۔ (١٠٢) کاش اگر دنیا میں دوبارہ جانا ہو تا تو مومن ہوتے (١٠٣) اس سارے واقعہ میں عبرت ہے لیکن اکثر نہیں مانیں گے (١٠٤) یہ صفت رحیم اور عزیز کے مظاہر ہیں فاعتبروا یا اولی الابصار۔ (١٠٥) نوح علیہ السلام کی قوم نے جھٹلایا۔

خلاصہ رکوع ٦
مظہر صفت عزیز ورحیم دکھانے کے لئے حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے
ماخذ آیت ١٠٥



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَتَّقُوْنَ ۝۱۰۶ ۚ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ۝۱۰۷ ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ۝۱۰۸ ۚ

ڈرتے نہیں میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ

اور میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا میری مزدوری تو بس رب العالمین کے

الْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰۹ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ۝۱۱۰ ؕ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ

ذمہ ہے سو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو انہوں نے کہا کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں

وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ۝۱۱۱ ؕ قَالَ وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا

حالانکہ تیرے تابع تو کمینے لوگ ہوئے ہیں کہا اور مجھے کیا خبر کہ وہ کیا

یَعْمَلُوْنَ ۝۱۱۲ ۚ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰی رَبِّیْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۝۱۱۳ ۚ وَ

کرتے تھے ان کا حساب تو میرے رب ہی کے ذمہ ہے کاش کہ تم سمجھتے اور

مَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۱۱۴ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۱۱۵ ؕ

میں ایمان والوں کو دور کرنے والا نہیں ہوں میں تو بس کھول کر ڈرانے والا ہوں

قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِیْنَ ۝۱۱۶ ؕ

کہنے لگے اے نوح اگر تو باز نہ آیا تو ضرور سنگسار کیا جائے گا

قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ۝۱۱۷ ۚۖ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحًا

کہا اے میرے رب میری قوم نے مجھے جھٹلایا ہے پس تو میرے اور ان کے درمیان فیصلہ ہی کر دے

وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۱۱۸ فَاَنْجَیْنٰهُ وَمَنْ

اور مجھے اور جو میرے ساتھ ایمان والے ہیں نجات دے پھر ہم نے اسے اور جو اس کے

مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝۱۱۹ ۚ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِیْنَ ۝۱۲۰ ؕ

ساتھ بھری کشتی میں تھے بچا لیا پھر ہم نے اس کے بعد باقی لوگوں کو غرق کر دیا

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝۱۲۱

البتہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں

## ربطِ آیات

(۱۰۶) جب نوح علیہ السلام نے یہ تلقین فرمائی (۱۰۷) میں تمہاری طرف امانت دار رسول ہوں (۱۰۸) اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ (۱۰۹-۱۱۰) میں تم سے کوئی اجرت نہیں چاہتا تم خدا تعالیٰ سے ڈرو اور میری پیروی کرو۔ (۱۱۱) اتباع کرنے میں یہ عذر پیش کیا (۱۱۲) میں انہیں ذلیل کیسے سمجھوں میں اس سے زیادہ انہیں نہیں جانتا کہ وہ میرے پیرو ہیں (۱۱۳) اس سے زیادہ حساب و کتاب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے (۱۱۴) میں انہیں ہرگز نہیں ہٹاؤں گا (۱۱۵) میرا کام ڈرانا ہے اور وہ یہ لوگ مان چکے ہیں۔ (۱۱۶) اے نوح (علیہ السلام) اگر باز نہ آؤ گے تو یہ سزا ملے گی۔ (۱۱۷) حضرت نوح علیہ السلام نے بارگاہِ الٰہی میں فریاد کی۔ (۱۱۸) فیصلہ اور اپنی نجات کی درخواست کی۔ (۱۱۹) انہیں اور ان کے ساتھیوں کو ہم نے نجات دی (۱۲۰) ان کے بعد دوسروں کو غرق کر دیا (۱۲۱) اس واقعہ میں عبرت ہے۔

النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ٧ / ١٠

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٢﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ
اور بیشک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے قوم عاد نے
الْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾
پیغمبروں کو جھٹلایا جب ان سے ان کے بھائی ہود نے کہا کہ تم کیوں نہیں ڈرتے
إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٢٦﴾
البتہ میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو
وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ
اور میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا میری مزدوری تو بس رب العالمین کے
الْعَالَمِينَ ﴿١٢٧﴾ أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾ وَ
ذمہ ہے کیا تم ہر اونچی زمین پر کھیلنے کے لئے ایک نشان بناتے ہو اور
تَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾ وَإِذَا بَطَشْتُمْ
بڑے بڑے محل بناتے ہو شاید کہ تم ہمیشہ رہو گے اور جب ہاتھ ڈالتے ہو
بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾ وَاتَّقُوا
تو بڑی سختی سے پکڑتے ہو پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور اس سے ڈرو
الَّذِي أَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُونَ ﴿١٣٢﴾ أَمَدَّكُمْ بِأَنْعَامٍ وَ
جس نے تمہاری ان چیزوں سے مدد کی ہے جنہیں تم بھی جانتے ہو چار پایوں اور
بَنِينَ ﴿١٣٣﴾ وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٣٤﴾ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ
اولاد سے اور باغوں اور چشموں سے تمہیں مدد دی میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب
يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ
سے ڈرتا ہوں کہنے لگے تو نصیحت کر یا نہ کر ہمارے لئے
مِنَ الْوَاعِظِينَ ﴿١٣٦﴾ إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣٧﴾
سب برابر ہے یہ تو بس پہلے لوگوں کی ایک عادت ہے

**خلاصہ رکوع ٧**
ہود علیہ السلام اور ان کی قوم عاد کا ذکر، مضمون تذکیر بایام اللہ
ملخص آیت ١٢٣ تا ١٤٠

**ربط آیات**

(١٢٢) یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز و رحیم کے سلوک کا پتہ بتلاتا ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (١٢٣) قوم عاد نے رسولوں کو جھٹلایا (١٢٤) ہود علیہ السلام نے انہیں یہ پیغام پہنچایا۔ (١٢٥) میں تمہاری طرف رسول ہوں (١٢٦) اللہ تعالیٰ سے ڈرو (١٢٧) میں اس تعلیم کے لئے تم سے کوئی مزدوری نہیں چاہتا (١٢٨) بلند جگہوں پر مکانات بنا کر گزرنے والوں کو دق کرتے ہو (١٢٩) اور مکانات اس طرح پختہ بناتے ہو گویا یہاں ہی رہنا ہے (١٣٠) اور جب کسی پر گرفت کرتے ہو تو جابرانہ کرتے ہو (١٣١) اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہا مان جاؤ (١٣٢-١٣٤) اس خدا سے ڈرو جس نے تم پر یہ احسان کئے ہیں (١٣٥) مجھے تم پر بڑے دن کے عذاب کا خطرہ ہے۔ (١٣٦) انہوں نے کہا ہم پر تمہارے وعظوں کا کچھ اثر نہیں ہوتا (١٣٧) ہمارے ہاں ابتدا سے یہ رسم ہوتا آیا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَٰهُمْ ۗ إِنَّ فِي
اور ہمیں عذاب نہیں ہوگا پھر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا تب ہم نے انہیں ہلاک کر دیا۔ البتہ اس
ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ
میں بڑی نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں اور بیشک تیرا رب
لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٤١﴾ ع ۸
زبردست رحم کرنے والا ہے قوم ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا
إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَٰلِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾ إِنِّي لَكُمْ
جب ان سے ان کے بھائی صالح نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں میں تمہارے لئے
رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ
امانت دار رسول ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور میں تم سے اس
عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ ﴿١٤٥﴾
پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا میری مزدوری تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے
أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَٰهُنَا آمِنِينَ ﴿١٤٦﴾ فِي جَنَّٰتٍ وَ
کیا تمہیں ان چیزوں میں یہاں بے فکری سے رہنے دیا جائے گا یعنی باغوں اور
عُيُونٍ ﴿١٤٧﴾ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُونَ
چشموں میں اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن کا خوشہ ملائم ہے اور تم پہاڑوں کو
مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَٰرِهِينَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٥٠﴾
تراش کر تکلف کے گھر بناتے ہو پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو
وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٥١﴾ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي
اور ان حد سے نکلنے والوں کا کہا مت مانو جو زمین میں فساد کرتے
الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿١٥٢﴾ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿١٥٣﴾
ہیں اور اصلاح نہیں کرتے کہنے لگے تم پر تو کسی نے جادو کیا ہے

## ربط آیات

(۱۳۸) انہیں کوئی عذاب نہیں ہوگا (۱۳۹) اس تکذیب کے باعث ہم نے انہیں ہلاک کر دیا۔ (۱۴۰) حضرت ثمود علیہ السلام کو بچانے میں صفت رحیم نے کام کیا اور قوم کو غرق کرنے میں صفت عزیز نے بدلہ لیا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (۱۴۱) قوم ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا

**خلاصہ رکوع ۸**

صالح علیہ السلام اور قوم ثمود کا قصہ (یہ قصہ بھی صفت عزیز و رحیم کا مظہر ہے)۔
ماخذ آیت ۱۴۱ تا ۱۵۹۔

(۱۴۲-۱۴۳) جب صالح علیہ السلام نے یہ پیغام پہنچایا۔ (۱۴۴) اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری پیروی کرو (۱۴۵) میں اس تعلیم پر تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگتا (۱۴۶) کیا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچ کر ہمیشہ یہاں ہی رہو گے (۱۴۷-۱۴۸) انہی نعمتوں میں ہمیشہ ٹھہرے رہو گے (۱۴۹) اور پہاڑوں کو تراش کر پسندیدہ گھر بناتے ہو (۱۵۰) اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہا مان جاؤ (۱۵۱) حدود عبودیت سے گزرنے والوں کا کہا مت مانو (۱۵۲) جو لوگ زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کے پیچھے مت چلو (۱۵۳) معلوم ہوتا ہے تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ

تو بھی ہم جیسا ایک آدمی ہے سو کوئی نشانی لے آ اگر تو

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ

سچا ہے کہا یہ اونٹنی ہے اس کے پینے کا ایک دن ہے اور ایک

شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

دن معین تمہارے پینے کے لئے ہے اور اسے بُرائی سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں بڑے

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

دن کا عذاب آ پکڑے گا سو انہوں نے اس کے پاؤں کاٹ ڈالے پھر پشیمان ہوگئے

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

پھر انہیں عذاب نے آ پکڑا البتہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾

اکثر ایمان لانے والے نہیں اور بیشک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ۚ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ

لوط کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا جب انہیں ان کے بھائی لوط نے

لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا

کہا کیا تم ڈرتے نہیں میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں پس اللہ سے

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ

ڈرو اور میرا کہا مانو اور میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا میری

اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ ؕ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

مزدوری تو بس اللہ رب العالمین کے ذمہ ہے کیا تم دنیا کے لوگوں میں

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

لڑکوں پر گرتے پڑتے ہو اور تمہارے رب نے جو تمہارے لئے بیویاں پیدا کر دی ہیں

**ربط آیات**

(۱۵۴) تم کس طرح نبی بن گئے ورنہ کوئی نشانی لاؤ۔ (۱۵۵) فرمایا یہ اونٹنی نشانی ہے۔ (۱۵۶) اس سے کوئی برائی نہ کرنا ورنہ عذاب ہوگا۔ (۱۵۷) اس کی کھونچیں انہوں نے کاٹ ڈالیں (۱۵۸) پھر ان پر عذاب آیا۔ (۱۵۹) یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز ورحیم کا مظہر ہے (۱۶۰) قوم لوط نے اپنے نبی کو جھٹلایا۔ (۱۶۱ تا ۱۶۴) انہوں نے لوط علیہ السلام کی کوئی بات نہ مانی (۱۶۵-۱۶۶)

ع ۹ — ۱۴

**خلاصہ رکوع ۹**

لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کا واقعہ۔

ماخذ آیت ۱۶۰ تا ۱۷۵

لوط علیہ السلام نے انہیں خاص طور پر اس مرض کی طرف توجہ دلائی کہ عورتوں کو چھوڑ کر لڑکوں سے حاجت روائی کرتے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوا لَئِن لَّمْ تَنتَهِ
نہیں چھوڑ دیتے ہو   بلکہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو   کہنے لگے اے لُوط اگر تُو ان باتوں

يَا لُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ﴿١٦٧﴾ قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُم
سے باز نہ آیا   تو ضرور تو نکال دیا جائے گا   کہا میں تو تمہارے کام

مِّنَ الْقَالِينَ ﴿١٦٨﴾ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٦٩﴾
سے سخت بیزار ہوں   اے میرے رب مجھے اور میرے گھر والوں کو اس کے وبال سے نجات دیجئے جو وہ کرتے ہیں

فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٧٠﴾ إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٧١﴾
پھر ہم نے اسے اور اس کے سارے کنبے کو بچا لیا   مگر ایک بڑھیا جو پیچھے رہ گئی تھی

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿١٧٢﴾ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ
پھر ہم نے اور سب کو ہلاک کر دیا   اور ہم نے ان پر مینہ برسایا

فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنذَرِينَ ﴿١٧٣﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا
پھر ڈرائے ہوؤں پر بُرا مینہ برسا   البتہ اس میں بڑی نشانی ہے   اور ان

كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٤﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ
میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں   اور بیشک تیرا رب   زبردست

الرَّحِيمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ أَصْحَابُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧٦﴾ إِذْ   ع ١٠
رحم کرنے والا ہے   بن والوں نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا   جب

قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ
ان سے شعیب نے کہا   کیا تم ڈرتے نہیں   میں تمہارے لئے امانت دار

أَمِينٌ ﴿١٧٨﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٧٩﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ
رسول ہوں   پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو   اور میں تم سے اس پر

عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٨٠﴾
کوئی مزدوری نہیں مانگتا   میری مزدوری تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے

## ربط آیات

(۱۶۶) پچھلے صفحہ پر۔ (۱۶۷) انہوں نے کہا کہ اگر آپ اس تبلیغ سے باز نہیں آئیں گے تو ہم آپ کو نکال دیں گے (۱۶۸) میں تمہارے اس کام کو سخت نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں (۱۶۹) اے اللہ مجھے اور میرے اہل کو نجات عطا فرما۔ (۱۷۰، ۱۷۱) ہم نے سوائے ایک بڑھیا کے لُوط علیہ السلام اور ان کے گھر والوں کو نجات دی (۱۷۲، ۱۷۳) پتھروں کی بارش سے دوسروں کو ہلاک کر دیا (۱۷۴) اس میں عبرت ہے۔ (۱۷۵) یہ واقعہ بھی اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز و رحیم کا مظہر ہے (۱۷۶) بن کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا (۱۷۷ تا ۱۸۰) پہلے حضرت شعیب علیہ السلام نے مطلق تقویٰ اور اپنی پیروی کی تلقین فرما کر پھر خاص طور پر ایک مرض کی طرف توجہ دلائی جس کا ذکر آگے آرہا ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱۰**

حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا واقعہ، یہ بھی صفت عزیز ورحیم کا مظہر ہے۔

ماخذ آیت ۱۷۶ تا ۱۹۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ﴿١٨١﴾ وَزِنُوا
پیمانہ پورا دو اور نقصان دینے والے نہ بنو اور صحیح

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ﴿١٨٢﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ
ترازو سے تولا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے نہ دو

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿١٨٣﴾ وَاتَّقُوا الَّذِي
اور ملک میں فساد مچاتے نہ پھرو اور اس سے ڈرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٨٤﴾ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ
تمہیں اور پہلی خلقت کو بنایا کہنے لگے تم پر تو کسی نے

الْمُسَحَّرِينَ ﴿١٨٥﴾ وَمَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَإِنْ نَظُنُّكَ
جادو کر دیا اور تو بھی ہم جیسا ایک آدمی ہے اور ہمارے خیال میں تو

لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿١٨٦﴾ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ
تو جھوٹا ہے سو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دے

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿١٨٧﴾ قَالَ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَا
اگر تو سچا ہے کہا میرا رب خوب جانتا ہے جو کچھ

تَعْمَلُونَ ﴿١٨٨﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ
تم کرتے ہو پھر اسے جھٹلایا پھر انہیں سائبان والے دن کے عذاب نے پکڑ لیا

إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٨٩﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَ
بیشک وہ بڑے دن کا عذاب تھا البتہ اس میں بڑی نشانی ہے اور

مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٩٠﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ
ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں اور بے شک تیرا رب زبردست

الرَّحِيمُ ﴿١٩١﴾ وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ
رحم کرنے والا ہے اور یہ قرآن رب العالمین کا اُتارا ہوا ہے اسے امانت دار فرشتہ

### ربط آیات

(١٨١ تا ١٨٤) شعیب علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ناپ اور تول میں کمی کر کے لوگوں کو مت دو (١٨٥) انہوں نے کہا معلوم ہوتا ہے تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ (١٨٦) بھلا تم نبی کہاں سے بن گئے ہم تو تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں (١٨٧) اگر تم سچے نبی ہو تو اللہ تعالیٰ سے کہہ کر یہ کام کرا کے دکھا دو (١٨٨) شعیب علیہ السلام نے جواب دیا میرا رب تمہارے اعمال سے خوب واقف ہے جب وہ چاہے گا عذاب کرے گا۔ (١٨٩) انہوں نے جھٹلایا پھر ان پر ایک بادل میں آگ لا کر برسائی گئی (١٩٠) اس واقعہ میں عبرت ہے۔ (١٩١) یہ واقعہ صفت عزیز و رحیم کا مظہر ہے (١٩٢) قرآن حکیم رب العالمین کی طرف سے نازل شدہ ہے۔

ع ١٠



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ﴿١٩٤﴾

لے کر آیا ہے تیرے دل پر تاکہ تو ڈرانے والوں میں سے ہو

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿١٩٥﴾ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٩٦﴾

صاف عربی زبان میں اور البتہ اس کی خبر پہلوں کی کتابوں میں بھی ہے

أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٩٧﴾

کیا ان کے لئے نشانی کافی نہیں کہ اسے بنی اسرائیل کے علماء بھی جانتے ہیں

وَلَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَأَهُ عَلَيْهِم مَّا

اور اگر ہم اسے کسی عجمی پر نازل کرتے پھر وہ اسے ان کے سامنے پڑھتا

كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿١٩٩﴾ كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ

تو بھی ایمان نہ لاتے اسی طرح ہم نے اس انکار کو گنہگاروں کے دل میں

الْمُجْرِمِينَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٢٠١﴾

ڈال رکھا ہے وہ دردناک عذاب دیکھے بغیر اس پر ایمان نہیں لائیں گے

فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُولُوا هَلْ

پھر وہ ان پر اچانک آئے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی پھر کہیں گے کیا

نَحْنُ مُنظَرُونَ ﴿٢٠٣﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿٢٠٤﴾ أَفَرَأَيْتَ

ہمیں مہلت مل سکتی ہے کیا ہمارے عذاب کو جلد چاہتے ہیں بھلا دیکھ

إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٢٠٦﴾

اگر ہم انہیں چند سال فائدہ اٹھانے دیں پھر ان کے پاس وہ عذاب آئے جس کا وعدہ دیئے جاتے ہیں

مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ

تو جو انہوں نے فائدہ اٹھایا ہے کیا ان کے کچھ کام بھی آئے گا اور ہم نے ایسی کوئی بستی ہلاک نہیں کی

إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٢٠٩﴾

جس کے لئے ڈرانے والے نہ آئے ہوں نصیحت دینے کے لئے اور ہم ظالم نہیں تھے

منزل ۵

## ربطِ آیات

(١٩٣) جبریل علیہ السلام اسے لائے ہیں (١٩٤) تاکہ آپ اس کے ذریعے لوگوں کو ڈرائیں (١٩٥) عربی میں نازل ہوا تاکہ اسے سمجھ سکیں (١٩٦) اور اس کا ذکر پہلی کتابوں میں بھی آچکا ہے (١٩٧) کیا یہ کافی نہیں ہے کہ بنی اسرائیل اس واقعہ کو جانتے ہیں (١٩٨) اگر اسے کسی عجمی پر ہم نازل فرماتے (١٩٩) اور وہ انہیں سناتا تو بھی نہ مانتے (٢٠٠ تا ٢٠٢) یہ تکذیب مشرکوں کے دلوں میں رچ بس گئی ہے یہ لوگ عذاب الٰہی چکھے بغیر ہرگز نہیں مانیں گے اور وہ ان پر ناگہانی آئے گا (٢٠٣) اس وقت کہیں گے آیا کچھ مہلت مل سکتی ہے (٢٠٤) کیا ہمارے عذاب کے مستحق عجلت کرتے ہیں (٢٠٥ تا ٢٠٧) اگر کچھ مدت مہلت ملنے کے بعد ان پر عذاب الٰہی آیا تو ان کے ساز و سامان نہیں بچا نہیں سکیں گے (٢٠٨۔ ٢٠٩) پہلے بھی ہمیشہ ہم نے ڈرانے والے بھیج کر بستیوں کو ہلاک کیا ہے ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ ع

**خلاصہ رکوع ١١**

مخالفین قرآن کو کہا جاتا ہے اگر تم بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو تسلیم نہیں کرو گے تو تمہارے ساتھ بھی صفت عزیز والی قسم کا سلوک کرے گی۔

ماخذ آیت ٢١٦۔ ٢١٥

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا
اور قرآن کو شیطان لے کر نہیں نازل ہوئے اور نہ یہ ان کا کام ہے اور نہ وہ اسے

يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ فَلَا
کر سکتے ہیں وہ تو سُننے کی جگہ سے بھی دُور کر دیئے گئے ہیں سو

تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾
اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکار ورنہ تو بھی عذاب میں مُبتلا ہو جائے گا

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ
اور اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈرا اور جو ایمان لانے والے تیرے

لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ
ساتھ ہیں ان کے لئے اپنا بازو جھکائے رکھ پھر اگر تیری نافرمانی کریں تو کہہ دے میں

بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ
تمہارے کام سے بیزار ہوں اور زبردست رحم والے پر بھروسہ کر جو تجھے

يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ
دیکھتا ہے جب تو اُٹھتا ہے اور نمازیوں میں تیری نشست و برخاست دیکھتا ہے بیشک

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ
وہ سننے والا جاننے والا ہے کیا میں تمہیں بتاؤں شیطان کس پر

الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ
اُترتے ہیں ہر جھوٹے گنہگار پر اُترتے ہیں وہ سُنی ہوئی باتیں

السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ
پہنچاتے ہیں اور اکثر ان میں سے جھوٹے ہوتے ہیں اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ ہی

الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾
کرتے ہیں کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں بھٹکتے پھرتے ہیں

## ربطِ آیات

(۲۱۰ تا ۲۱۲) اس قرآن کو شیطان تو نہیں لائے۔ وہ لا کس طرح سکتے ہیں وہ تو آسمان سے کوئی بات سُن ہی نہیں سکتے (۲۱۳) لہٰذا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو مت پکارو ورنہ تمہیں بھی عذاب ہوگا (۲۱۴) اپنے اعزہ کو ڈرایئے (۲۱۵) اپنے پیروؤں کے ساتھ حسن سلوک سے زندگی بسر کیجئے (۲۱۶) اگر یہ نہ مانیں تو ان کے اعمال سے برأة کا اعلان کر دیجئے (۲۱۷) عزیز و رحیم پر بھروسہ کیجئے صفت عزیز انہیں سزا دے گی اور صفت رحیم آپ پر رحم فرمائے گی (۲۱۸، ۲۱۹) جو آپ کی ہر نقل و حرکت سے آگاہ ہے۔ (۲۲۰) وہ ہر آواز کو سُننے والا اور ہر حالت کو جاننے والا ہے (۲۲۱، ۲۲۲) شیاطین تو جھوٹے بدکاروں پر نازل ہوا کرتے ہیں سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے پاک سیرت سے انہیں کیا واسطہ۔ (۲۲۳) فرشتوں سے جو سُنتے ہیں وہ اپنے دوستوں کو سُنا دیتے ہیں اور بہت سا جھوٹ بھی اپنی طرف سے ملا دیتے ہیں۔ (۲۲۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر شاعر ہونے کی تہمت لگاتے ہو کیا شاعروں کے متبع ایسے باخدا ہوتے ہیں جیسے آپ کے گرد و پیش جمع ہیں (۲۲۵) شاعر تو جب از رہ کے نشے مارے مارے پھرتے ہیں۔ کیا حضور انور کی طرح اطمینان سے بیٹھ کر یاد الٰہی سکھاتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور وہ جو کہتے ہیں کرتے نہیں مگر وہ جو ایمان لائے اور نیک کام

الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا

کئے اور اللہ کو بہت یاد کیا اور مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لیا

وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع ١١

اور ظالموں کو ابھی معلوم ہو جائے گا کہ کس کروٹ پر پڑتے ہیں

## اٰيَاتُهَا ٩٣ ۝ سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ (٤٨) ۝ (٢٧) ۝ رُكُوْعَاتُهَا ٧

آیتیں ۹۳ ۝ سورۃ نمل کی ہے ۝ رکوع ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ هُدًى

یہ آیتیں قرآن کی اور کتاب روشن کی ہیں ایمانداروں

وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

کے لئے ہدایت اور خوشخبری ہے جو نماز ادا کرتے ہیں

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٣﴾ اِنَّ

اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں البتہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے انکے اعمال ان کے لئے اچھے کر دکھائے ہیں

فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٤﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ

پس وہ سرگرداں پھرتے ہیں وہی ہیں جنہیں برا عذاب

الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿٥﴾

ہونا ہے اور وہ آخرت میں بڑے ہی خسارہ میں ہوں گے

منزل ۵

### ربط آیات

(۲۲۶) اور ان کے قول و فعل میں تطابق نہیں ہوتا بخلاف سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ پھر آپ کو شاعر کیوں کہتے ہو۔ (۲۲۷) مگر ان شاعروں میں سے ایماندار ان امراض مذکورۃ الصدر سے بری ہوتے ہیں۔ ان ظالم کفار کو عنقریب پتہ لگ جائے گا کہ ان کا ٹھکانا کیا ہے۔

### سورۃ النمل

(موضوع سورۃ)

معاندین حق پر اتمام حجت ہونے کے بعد عذاب نازل ہو گا جس طرح مادۂ فاسد جب تک پک جائے جراح نشتر نہیں لگاتا۔ اسی طرح مصلح روحانی عذاب کی نشتر اس وقت لگائے گا جس وقت مادہ فساد پختہ ہو جائے گا گویا معاندین کا کفر سڑے ہوئے پھوڑے کی طرح ہے۔ اسی عضو کو کاٹ دیا جاتا ہے جس میں وہ پھوڑا ظاہر ہو تاکہ باقی جسم اس کے اثر بد سے بچ جائے۔ اسی طرح شرک و کفر میں مبتلا ہونے والوں کو ایک مدت تک علاج کرنے کے بعد کاٹ دیا جاتا ہے تاکہ بقیہ ملت کی روحانی زندگی بچ جائے (۱) یہ کتاب روشن کی آیات ہیں (۲-۳) یہ آیات دراصل ان مومنین کے حق میں ہادی اور خوشخبری دینے والی ہیں (۴-۵) منکرین قیامت کے لئے اعمال دنیا آراستہ کئے گئے ہیں لیکن ان کا نتیجہ بہت برا نکلنے والا ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱**

معاندین حق پر اتمام حجت ہونے کے بعد عذاب نازل ہوتا ہے۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کے مخالفین کو جب آپ کی صداقت کا یقین ہو گیا وہ جحود با لآیت اور پھر بھی مسلوع کی زد تباہ کر دیئے گئے۔

ماخذ آیت ۱، ۳، ۵، ۱۳، ۱۴

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ ﴿٦﴾ إِذْ قَالَ
اور تجھے بڑے حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن دیا جارہا ہے جب موسیٰ نے

مُوسَىٰ لِأَهْلِهِ إِنِّي آنَسْتُ نَارًا سَآتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ
اپنے گھر والوں سے کہا کہ میں نے آگ دیکھی ہے میں ابھی وہاں سے تمہارے پاس کوئی خبر لاتا ہوں یا

آتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿٧﴾ فَلَمَّا جَاءَهَا
کوئی انگارا سلگا کر لاتا ہوں تاکہ تم سینکو پھر جب موسیٰ وہاں آئے

نُودِيَ أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ
تو آواز آئی کہ جو آگ میں اور اس کے پاس ہے وہ بابرکت ہے اور اللہ پاک ہے

رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨﴾ يَا مُوسَىٰ إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٩﴾
جو تمام جہان کا رب ہے اے موسیٰ وہ میں اللہ ہوں زبردست حکمت والا

وَأَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا
اور اپنی لاٹھی ڈال دے پھر جب اسے دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح چل رہی ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگا

وَلَمْ يُعَقِّبْ يَا مُوسَىٰ لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ لَدَيَّ
اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا اے موسیٰ ڈرو مت کیونکہ میرے حضور میں رسول ڈرا

الْمُرْسَلُونَ ﴿١٠﴾ إِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوءٍ
نہیں کرتے مگر جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا ہو

فَإِنِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١١﴾ وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ
تو میں بخشنے والا مہربان ہوں اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال دے وہ سفید

بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهِ
بے عیب نکلے گا یہ دونوں ملا کر نو نشانیاں فرعون اور اس کی قوم کی طرف لے کر جا

إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿١٢﴾ فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ آيَاتُنَا
کیونکہ وہ بدکار لوگ ہیں پھر جب ان کے پاس آنکھیں کھولنے والی ہماری

## ربط آیات

(۶) قرآن حکیم کے یہ فیصلے قطعی خیال فرمایئے کیونکہ اس کا نزول اعلیٰ درجہ کے دانشمند اور ہر چیز کے جاننے والے کی طرف سے ہے۔ (۷) موسیٰ علیہ السلام مدین سے واپس آتے ہوئے رات کے وقت آگ دیکھ کر ادھر گئے (۸) وہ آگ نہ تھی بلکہ تجلی الٰہی تھی (۹) اس آگ سے یہ ندا آئی (۱۰) نبوت کے ساتھ بارگاہ الٰہی سے یہ معجزہ عطا ہوا (۱۱) میرے ہاں ظالم ڈریں اے موسیٰ (علیہ السلام) آپ ایسے پاکباز کیوں ڈریں اور ظالم بھی بعد کو توبہ کرے تو اس کے حق میں بھی مغفرت کا دروازہ کھلا ہے۔ (۱۲) یہ دوسرا معجزہ ہے۔ ہمارا پیغام لے کر فرعون اور اس کی قوم کے ہاں جایئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُبْصِرَةً قَالُوا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١٣﴾ وَجَحَدُوا بِهَا وَ

نشانیاں آئیں تو کہنے لگے یہ تو صاف جادو ہے اور انھوں نے ان کا ظلم اور تکبر

اسْتَيْقَنَتْهَا أَنفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا ۚ فَانظُرْ كَيْفَ

سے انکار کر دیا حالانکہ ان کے دل یقین کر چکے تھے پھر دیکھ مفسدوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ ع ١ ١٤ ١٦

انجام کیسا ہوا اور ہم نے داؤد اور سلیمان

وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا ۖ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَىٰ

کو علم دیا اور کہنے لگے اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے

كَثِيرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٥﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُودَ

ایمان دار بندوں پر فضیلت دی اور سلیمان داؤد کا وارث ہوا

وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِينَا مِن

اور کہا اے لوگو ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر قسم کے ساز و سامان

كُلِّ شَيْءٍ ۖ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ ﴿١٦﴾ وَحُشِرَ

دیئے گئے ہیں بے شک یہ صریح فضیلت ہے اور سلیمان کے

لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ وَالطَّيْرِ

پاس اس کے لشکر جن اور انسان اور پرندے جمع کیے جاتے پھر ان کی

فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿١٧﴾ حَتَّىٰ إِذَا أَتَوْا عَلَىٰ وَادِ النَّمْلِ

جماعتیں بنائی جاتیں یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان پر پہنچے

قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا

ایک چیونٹی نے کہا اے چیونٹیو اپنے گھروں میں گھس جاؤ تمہیں

يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿١٨﴾

سلیمان اور اس کی فوجیں نہ پیس ڈالیں اور انہیں خبر بھی نہ ہو

### ربط آیات

(١٣) روشن دلیلیں دیکھنے کے بعد بھی انہوں نے ہٹ دھرمی سے یہ رائے قائم کی (١٤) ظلم سے انہوں نے انکار کیا ورنہ دل میں انہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صداقت کا یقین تھا۔ دیکھئے پھر کیا نتیجہ نکلا۔ لیکن عذاب پوری اتمام حجت کے بعد نازل ہوا۔ اگر اب بھی انہیں تباہ نہ کیا جاتا تو سب کو باغی بنا دیتے (١٥) ہم نے داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو علم عطا فرمایا اور ان دونوں کو شکر گزار پایا۔ (١٦) سلیمان علیہ السلام نے لوگوں کے سامنے فضل الٰہی کا اظہار فرمایا (١٧) سلیمان علیہ السلام کی روانگی کے وقت سارے لشکر مرتب کئے گئے۔ (١٨) وادی نمل پر یہ قصہ پیش آیا۔

**خلاصہ رکوع ٢**

حضرت سلیمان علیہ السلام بلقیس کو اسلام کی دعوت دیتے ہیں۔ ماخذ آیت ٣١



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ

پھر اس کی بات سے مسکرا کر ہنس پڑا اور کہا اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں

أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ

تیرے احسان کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا اور یہ کہ

أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ

میں نیک کام کروں جو تو پسند کرے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ أَرَى

شامل کرلے اور پرندوں کی حاضری لی تو کہا کیا بات ہے جو میں ہُدہُد کو

الْهُدْهُدَ ۖ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿٢٠﴾ لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا

نہیں دیکھتا کیا وہ غیر حاضر ہے میں اسے سخت سزا دوں گا

شَدِيْدًا أَوْ لَأَاذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢١﴾

یا اسے ذبح کردوں گا یا وہ میرے پاس کوئی صاف دلیل بیان کرے

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَ

پھر تھوڑی دیر کے بعد ہُدہُد حاضر ہُوا اور کہا کہ میں حضور کے پاس وہ خبر لایا ہوں جو حضور کو معلوم نہیں

جِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾ إِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَأَةً

اور سبا سے آپ کے پاس ایک یقینی خبر لایا ہوں میں نے ایک عورت کو پایا جو

تَمْلِكُهُمْ وَأُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾

ان پر بادشاہی کرتی ہے اور اسے ہر چیز دی گئی ہے اور اس کا ایک بڑا تخت ہے

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

میں نے پایا کہ وہ اور اس کی قوم اللہ کے سوا سورج کو سجدہ کرتے ہیں

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ

اور شیطان نے ان کے اعمال کو انہیں آراستہ کر دکھایا ہے اور انہیں راستہ سے

## ربط آیات

(۱۹) سلیمان علیہ السلام کو چونکہ جانوروں کی بولی سکھائی گئی تھی اس لئے یہ اعلان سُن کر ہنس پڑے (۲۰) اس دوران میں اپنے لشکر سے ہُدہُد کو غائب پایا۔ (۲۱) فرمایا اگر کوئی معقول دلیل اپنی غیر حاضری کی پیش نہ کی تو آج اسے سخت سزا دی جائے گی (۲۲) تھوڑی دیر نہیں گزرنے پائی تھی کہ ہُدہُد نے حاضر ہو کر یہ عرض کی (۲۳) قوم سبا کی ایک عورت ملکہ ہے اور ہر طرح کا سازو سامان دی گئی ہے اور اس کا تخت بھی بہت ہی بڑا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٢٤﴾ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ

روک دیا ہے سو وہ راہ پر نہیں چلتے اللہ ہی کو کیوں نہ سجدہ کریں جو آسمانوں اور

الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَ

زمین کی چھپی ہوئی چیزوں کو ظاہر کرتا ہے اور جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو

مَا تُعْلِنُونَ ﴿٢٥﴾ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

سب کو جانتا ہے اللہ ہی ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور وہ عرش عظیم

الْعَظِيمِ ۩ ﴿٢٦﴾ قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ

السجدة

کا مالک ہے کہا ہم ابھی دیکھ لیتے ہیں کہ تو سچ کہتا ہے یا جھوٹوں میں

الْكَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ اذْهَبْ بِكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ

سے ہے میرا یہ خط لے جا اور ان کی طرف ڈال دے پھر

تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ

ان کے ہاں سے واپس آجا پھر دیکھ وہ کیا جواب دیتے ہیں کہنے لگی اے دربار والو

إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ ﴿٢٩﴾ إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ

میرے پاس ایک معزز خط ڈالا گیا ہے وہ خط سلیمان کی طرف سے ہے اور وہ یہ ہے اللہ کے

اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ﴿٣٠﴾ أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ﴿٣١﴾

نام سے شروع کرتا ہوں جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے میرے سامنے تکبر نہ کرو اور میرے پاس مطیع ہو کر چلی آؤ

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنْتُ قَاطِعَةً

کہنے لگی اے دربار والو مجھے میرے کام میں مشورہ دو میں کوئی بات تمہارے حاضر ہوئے

أَمْرًا حَتَّىٰ تَشْهَدُونِ ﴿٣٢﴾ قَالُوا نَحْنُ أُولُو قُوَّةٍ وَأُولُو بَأْسٍ

بغیر طے نہیں کرتی کہنے لگے ہم بڑے طاقتور اور بڑے لڑنے

شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ﴿٣٣﴾

والے ہیں اور کام تیرے اختیار میں ہے سو دیکھ لے جو حکم دیتا ہے

ع ۲ / ۱۸

## ربط آیات

(۲۴) اور وہ سب سورج پرست ہیں شیطان نے انہیں گمراہ کر رکھا ہے (۲۵) گمراہ اس لئے ہیں کہ معبود حقیقی کے سامنے سر بسجود نہیں ہوتے۔ (۲۶) اصلی معبود تو ان کا یہ ہے۔ (۲۷) سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اچھا ہم اس بات کی تحقیق کرتے ہیں۔ تمہارا سچ اور جھوٹ واضح ہو جائے گا۔ (۲۸) اگر فی الواقعہ کوئی قوم ایسی ہے تو یہ میرا خط لے جاؤ اور دے کر چلے آؤ۔ دیکھیں وہ کیا جواب دیتے ہیں (۲۹) بلقیس نے وہ خط اٹھا کر سرداران قوم کے سامنے پڑھ دیا (۳۰ - ۳۱) خط کا مضمون یہ تھا مملکت الٰہی میں تعلی بے جا مت کرو اور فرمانبردار الٰہی ہو کر میرے پاس آجاؤ (۳۲) بلقیس نے مصاحبین سے کہا۔ مجھے مشورہ دو۔ تمہارے مشورے کے سوا کوئی فیصلہ نہیں کروں گی۔ (۳۳) جو آپ کی رائے ہو۔ اگر لڑنا ہو تو ہم تیار ہیں۔

### خلاصہ رکوع ۳

(۱) بلقیس نے مشورہ کے بعد ہدیہ بھیجا (۲) سلیمان علیہ السلام نے ہدیہ واپس کیا اور اتمام حجت پر وہ قاصد کے ذریعے جنگ کی دھمکی دی (۳) دھمکی سے ان کا سامع ہو گئی اور بچ گئے۔

ماخذ (۱) آیت ۳۳ - ۳۵ (۲) و (۳) آیت ۳۶ (۳) آیت ۴۲ ✦



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَ

کہنے لگی بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں اسے خراب کر دیتے ہیں اور

جَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَ

وہاں کے سرداروں کو بے عزت کرتے ہیں اور ایسا ہی کریں گے اور

اِنِّىْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجتی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ ایلچی کیا جواب لے کر آتے ہیں

فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ

پھر جب سلیمان کے پاس آیا فرمایا کیا تم میری مال سے مدد کرنا چاہتے ہو سو جو کچھ مجھے اللہ نے دیا

اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾

ہے اس سے بہتر ہے جو تمہیں دیا ہے بلکہ تم ہی اپنے تحفہ سے خوش رہو

اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا

ان کی طرف واپس جاؤ ہم ان پر ایسے لشکر لے کر پہنچیں گے جن کا وہ مقابلہ نہ کر سکیں گے

وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ

اور ہم انہیں وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے کہا

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِىْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِىْ

اے دربار والو تم میں کوئی ہے کہ میرے پاس اس کا تخت لے آئے اس سے پہلے کہ وہ میرے پاس

مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ

فرمانبردار ہو کر آئیں جنوں میں سے ایک دیو نے کہا میں تمہیں وہ لا دیتا ہوں اس سے

قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ

پہلے کہ تو اپنی جگہ سے اٹھے اور میں اس کے لئے طاقتور

اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِىْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا

امانت دار ہوں اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب کا علم تھا میں

### ربط آیات

(۳۳-۳۴) بلقیس نے کہا کہ لڑائی میں یہ نتیجہ نکلا کرتا ہے۔ (۳۵) بلقیس نے کہا کہ میں سلیمان علیہ السلام کے ہاں ہدایا بھیج کر تجربہ کرتی ہوں کہ کیا جواب لاتے ہیں۔ (۳۶) سلیمان علیہ السلام ہدایا پر ناراض ہوئے (۳۷) ہدایا واپس لے جاؤ۔ ہم انہیں سخت سزا دینے کے لئے چڑھائی کریں گے (۳۸) بالآخر بلقیس خود حاضر ہونے کے لئے گھر سے چلی۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کون شخص بلقیس کا تخت اس کے پہنچنے سے پہلے میرے ہاں لائے گا (۳۹) جنوں میں سے ایک بہت بڑی آفت جن تھا اس نے عرض کی کہ میں اتنی دیر میں لا سکتا ہوں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ

اسے تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لا دیتا ہوں پھر جب اسے اپنے رُوبرُو

مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ ۖ لِيَبْلُوَنِیْۤ

رکھا دیکھا تو کہنے لگا یہ میرے رب کا ایک فضل ہے تاکہ میری آزمائش کرے

ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ

کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری اور جو شخص شکر کرتا ہے اپنے ہی نفع کے لئے شکر کرتا ہے

وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا

اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا رب بھی بے پرواہ عزت والا ہے کہا اس کے لئے اس کے

لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ

تخت کی صورت بدل دو ہم دیکھیں کیا اسے پتہ لگتا ہے یا انہیں میں ہوتی ہے جنہیں

لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ

پتہ نہیں لگتا پھر جب آئی کہا گیا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے

قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا

کہنے لگی گویا کہ یہ وہی ہے اور ہمیں تو پہلے ہی معلوم ہو گیا تھا اور ہم

مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ

فرمانبردار ہو چکے ہیں اور اسے ان چیزوں سے روک دیا جنہیں اللہ کے سوا پوجتی

اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِی

تھی بے شک وہ کافروں میں سے تھی اسے کہا گیا اس محل میں

الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ

داخل ہو پھر جب اسے دیکھا خیال کیا کہ وہ گہرا پانی ہے اور اپنی پنڈلیاں

سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ

کھولیں کہا یہ تو ایسا محل ہے جس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں

## ربط آیات

(۴۰) ایک دوسرے صاحب بولے جنہیں کتاب اللہ کے راز کا علم تھا کہ میں آنکھ جھپکنے کی دیر میں لا دوں گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ اس پر سلیمان علیہ السلام نے یہ کلمات فرمائے (۴۱) فرمایا اسے ذرا تبدیل کر دو میں اس کے رنگ بدل دو (۴۲) اس کے آنے پر یہ سوال و جواب ہوا (۴۳) حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے سُورج پرستی سے روکا۔ کیونکہ اس نے کفار میں پرورش پائی تھی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمٰنَ

کہنے لگی اے میرے رب میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تھا اور میں سلیمان کے ساتھ اللہ کی فرمانبردار

ع ۴ ۱۸ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ

ہوئی جو سارے جہان کا رب ہے اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو

صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِیْقٰنِ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

بھیجا تھا کہ اللہ کی بندگی کرو پھر وہ دو فریق ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے

قَالَ یٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّیِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ج

کہا اے میری قوم بھلائی سے پہلے بُرائی کو کیوں جلدی مانگتے ہو

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّیَّرْنَا

اللہ سے گناہ کیوں نہیں بخشواتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے کہنے لگے ہمیں تو تجھ سے اور

بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ط قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ

تیرے ساتھیوں سے نحوست معلوم ہوئی کہا تمہاری نحوست اللہ کی طرف سے ہے بلکہ تم لوگ

قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِی الْمَدِیْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ

آزمائش میں ڈالے گئے ہو اور اس شہر میں نو آدمی ایسے تھے

یُّفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا

جو زمین میں فساد کرتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے کہنے لگے آپس میں اللہ کی

بِاللّٰهِ لَنُبَیِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِیِّهٖ مَا شَهِدْنَا

قسم کھاؤ کہ صالح اور اس کے گھر والوں پر شبخون ماریں پھر اس کے وارث سے کہہ دیں ہم تو اس کے کنبہ کی

مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا

ہلاکت کے وقت موجود ہی نہ تھے اور بیشک ہم سچے ہیں اور انہوں نے ایک داؤ کیا اور ہم نے بھی ایک

مَكْرًا وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

داؤ کیا کہ انہیں خبر بھی نہ ہوئی پھر دیکھو ان کے داؤ کا کیا

منزل ۵

## ربط آیات

(۴۴) حضرت سلیمان علیہ السلام ایک جگہ تشریف فرما تھے۔ راستہ میں تالاب تھا جس پر شیشہ جڑا ہوا تھا جب بلقیس گزرنے لگی تو پنڈلی سے کپڑا اٹھایا تب اسے اطلاع دی گئی کہ یہاں شیشہ کا جڑاؤ ہے۔ بس پڑھ کہتی ہے کہ ربِّ انّی ظلمت نفسی۔ آیۃ۔ اس واقعہ میں ایک عجیب لطیفہ ہے بلقیس کا ذہن فوراً اس طرف منتقل ہوا کہ جس طرح میں نے یہاں ظاہر پانی کو ذات پانی خیال کیا اور کپڑا اٹھانے لگ گئی اسی طرح میں نے مظاہر قدرت خداۓ قدوس وحدہ لاشریک کو عین خدا سمجھا ہوا تھا۔ اور عبودیت کا حق جو خدا تعالیٰ کے سامنے ادا کرنا چاہیے تھا، وہ ان کے سامنے ادا کرتی تھی اور یہی میری گمراہی تھی (۴۵) حضرت صالح علیہ السلام یہ پیغام لائے اور ان میں دو گروہ ہو گئے (۴۶) اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں استغفار کیوں نہیں کرتے عذاب میں جلدی کیوں کرتے ہو۔ (۴۷) انہوں نے کہا کہ بارش کے بند ہونے میں ہم آپ کی اور آپ کے ساتھیوں کی نحوست سمجھتے ہیں۔ صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ ہماری نحوست نہیں بلکہ تمہاری آزمائش ہے (۴۸) نو رئیس تھے جن میں سے ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ جماعت تھی اور وہ سب صالح علیہ السلام کے مخالف تھے (۴۹) ان کا یہ فیصلہ بتلا رہا ہے کہ صالح علیہ السلام کی تعلیم کا کوئی جواب ان کے پاس نہیں ہے، اب ہٹ دھرمی سے کام کرنا چاہتے ہیں

**خلاصہ رکوع ۴**

(۱) صالح علیہ السلام کی قوم اپنی ضد کی وجہ سے تباہ ہوتی ہے (۲) نمل نمبر ۱ النیاس لوط علیہ السلام کی قوم۔
ماخذ (۱) آیت ۴۹ (۲) آیت ۵۶

(۵۰) ان کی تدابیر خفیہ کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں اور اپنے کام کی حفاظت کی تدابیر فرمائیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ
انجام ہوا کہ ہم نے انہیں اور ان کی ساری قوم کو ہلاک کر دیا سو یہ ان کے گھر ہیں
خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٥٢﴾
جو ان کے ظلم کے سبب سے ویران پڑے ہیں۔ بیشک اس میں دانشمندوں کے لئے عبرت ہے
وَأَنْجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٥٣﴾ وَلُوطًا إِذْ
اور ہم نے ایمان اور تقویٰ والوں کو نجات دی اور لوط کو جب
قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُونَ ﴿٥٤﴾
اس نے اپنی قوم کو کہا کیا تم بے حیائی کرتے ہو حالانکہ تم سمجھدار ہو
أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ ۚ
کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں پر خواہش کر کے آتے ہو
بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا
بلکہ تم لوگ جاہل ہو پھر اس کی قوم کا اور کوئی جواب نہ تھا سوائے
أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِنْ قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ
اس کے کہ یہ کہا لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو یہ لوگ بڑے
يَتَطَهَّرُونَ ﴿٥٦﴾ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ
پاک بنتے ہیں پھر ہم نے لوط اور اس کے گھر والوں کو سوائے اس کی بیوی کے بچا لیا
قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٥٧﴾ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ
ہم اس کو پیچھے رہنے والوں میں ٹھہرا چکے تھے اور ہم نے ان پر مینہ برسایا
فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ﴿٥٨﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَىٰ
پھر ڈرائے ہوؤں کا مینہ برا تھا کہہ دے سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور اس
عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَىٰ ۗ آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٥٩﴾
کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہے بھلا اللہ بہتر ہے یا جنھیں وہ شریک بناتے ہیں

## ربط آیات

(۵۱) نتیجہ ان کے حق میں تباہی نکلا (۵۲) دیکھو لو ان کے گھر گرے پڑے ہیں عقلمندوں کے لئے اس واقعہ میں عبرت ہے (۵۳) ایمان دار نجات پا گئے (۵۴) لوط علیہ السلام کا واقعہ بھی سن لو۔ انہوں نے اپنی قوم کو بدکاری سے روکا (۵۵) یہ حماقت کیا کرتے ہو (۵۶) تعلیم صحیح کے مقابلہ میں کوئی جواب نہیں ہے آخر یہ فیصلہ کرتے ہیں (۵۷) لوط علیہ السلام اور ان کے گھر والے سوائے بڑھیا کے سب عذاب الٰہی سے بچ گئے (۵۸) اور بقیہ پر پتھروں کی بارش ہوئی (۵۹) اس عذاب میں اللہ تعالیٰ پر کوئی الزام عائد نہیں ہو سکتا وہ ہر حالت میں قابل تعریف ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے منتخب بندے ہوتے ہیں ان پر عذاب نہیں آتا۔ عذاب مخالفین کا حصہ ہے۔ اب یہ لوگ فیصلہ کریں کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنا بہتر ہے یا شرک میں مبتلا رہنا اچھا ہے۔

ع ۴ ۱۹

**خلاصہ رکوع ۵**
مذکورہ بالا امور واقعات سے ربط کیا
اس درجہ کے منعم کے احسان فراموش
مذکورۃ الصدر سزا کی کلفت اخلاف
انصاف ہے ہرگز نہیں)
ماخذ آیت ۶۰-۶۱-۶۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الجزء العشرون ۲۰

*************

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ

بھلا کس نے آسمان اور زمین بنائے اور تمھارے لیئے

لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ

آسمان سے پانی اُتارا پھر ہم نے اس سے رونق والے باغ اُگائے

مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ

تمھارا کام نہ تھا کہ ان کے درخت اُگاتے کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے بلکہ

قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ

یہ لوگ کجروی کرتے ہیں بھلا زمین کو ٹھہرنے کی جگہ کس نے بنایا اور اس میں

خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

ندیاں جاری کیں اور زمین کے لنگر بنائے اور دو دریاؤں میں پردہ

حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ ؕ

رکھا کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے بلکہ اکثر ان میں بے سمجھ ہیں

أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

بھلا کون ہے جو بے قراری دعا قبول کرتا ہے اور تکلیف کو دور کرتا ہے اور تمھیں

خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ ؕ

زمین میں نائب بناتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے تم بہت ہی کم سمجھتے ہو

أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ

بھلا کون ہے جو تمھیں جنگل اور دریا کے اندھیروں میں راستہ بتاتا ہے اور اپنی

الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

رحمت سے پہلے کون خوشخبری کی ہوائیں چلاتا ہے کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے

**ربطِ آیات**

(۶۰) آیا ان احسانات میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور بھی شریک ہے۔ واقعہ میں تو کوئی نہیں لیکن یہ شریک بنالیتے ہیں (۶۱) کیا ان کاموں کے کرنے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے (۶۲) کیا مضطر کے کام آنے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے۔ تمھیں پہلے لوگوں کا جانشین بنانے والا کوئی اور ہے۔ ہے تو کوئی نہیں لیکن تم بہت ہی کم نصیحت پاؤ گے اور شرک چھوڑو گے۔



Downloaded From :::: Al-marifat.org ::::
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

****************

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ

بھلا کس نے آسمان اور زمین بنائے اور تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ

آسمان سے پانی اُتارا پھر ہم نے اس سے رونق والے باغ اُگائے

مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ

تمہارا کام نہ تھا کہ ان کے درخت اُگاتے کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے بلکہ

قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ ﴿۶۰﴾ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ

یہ لوگ کج روی کرتے ہیں بھلا زمین کو ٹھہرنے کی جگہ کس نے بنایا اور اس میں

خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

ندیاں جاری کیں اور زمین کے لنگر بنائے اور دو دریاؤں میں پردہ

حَاجِزًا ؕ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ ﴿۶۱﴾

رکھا کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے بلکہ اکثر ان میں بے سمجھ ہیں

أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

بھلا کون ہے جو بے قرار کی دعا قبول کرتا ہے اور برائی کو دور کرتا ہے اور تمہیں

خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ؕ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ ﴿۶۲﴾

زمین میں نائب بناتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے تم بہت ہی کم سمجھتے ہو

أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ

بھلا کون ہے جو تمہیں جنگل اور دریا کے اندھیروں میں راستہ بتاتا ہے اور اپنی

الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

رحمت سے پہلے کون خوشخبری کی ہوائیں چلاتا ہے کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے

### ربطِ آیات

(۶۰) آیا ان احسانات میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور بھی شریک ہے۔ واقعہ میں تو کوئی نہیں لیکن یہ شریک بنالیتے ہیں (۶۱) کیا ان کاموں کے کرنے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے (۶۲) کیا مضطر کے کام آنے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے۔ تمہیں پہلے لوگوں کا جانشین بنانے والا کوئی اور ہے۔ ہے تو کوئی نہیں لیکن تم بہت ہی کم نصیحت پاؤگے اور شرک چھوڑوگے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

اللہ ان کے شرک کرنے سے بہت بلند ہے بھلا کون ہے جو از سرِ نو خلقت کو پیدا کرتا ہے

وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ

پھر اسے دوبارہ بنائے گا اور کون ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی

اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور بھی معبود ہے کہہ دے اپنی دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا

کہہ دے اللہ کے سوا آسمانوں اور زمین میں کوئی بھی غیب کی بات

اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ

نہیں جانتا اور انہیں اس کی بھی خبر نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے بلکہ آخرت کے معاملہ

عِلْمُهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ قف بَلْ هُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْهَا قف

میں تو ان کی سمجھ گئی گزری ہے بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

بلکہ وہ اس سے اندھے ہی ہیں اور کافر کہتے ہیں کہ

ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ

کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو گئے کیا ہم زمین سے نکالے جائیں گے اس کا تو

وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ

ہم سے اور ہمارے پہلے باپ دادا سے وعدہ ہوتا آیا ہے یہ تو

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ

صرف پہلوں کی کہانیاں ہیں کہہ دے تم زمین میں چل پھر کر

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ وَلَا

دیکھو کہ گنہگاروں کا کیا انجام ہوا اور



## ربطِ آیات

(۶۳) بحر و بر کے اندھیروں میں تمہاری راہنمائی کون کرتا ہے اور بارش سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں کون بھیجتا ہے کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے۔ اللہ تعالیٰ مشرکوں کے شرک سے پاک ہے۔

(۶۴) ابتداءً پیدا کرنے والا دوبارہ پیدا کرنے والا۔ آسمان اور زمین سے رزق دینے والا کوئی اور ہے۔ کوئی ہے تو دلیل لاؤ۔

(۶۵) یاد رکھو اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی غیب نہیں جانتا۔ انہیں اتنا بھی علم نہیں ہے کہ کب اٹھائے جائیں گے۔

(۶۶) آخرت میں پہنچ کر ان کا سارا علم ٹھیک ہو جائے گا۔ اب تو

خلاصۂ رکوع ع ۶-(۱) مسائلِ دین حق کا انکار مجازاۃ (۲) اور اس کی تردید۔ ماخذ (۱) آیت ۶۷۔ (۲) آیت ۶۹۔

ع ۵ ۱

انہیں شک ہے بلکہ آخرت کے متعلق اندھے ہیں۔

(۶۷) مرنے کے بعد جی اٹھنے کو بعید از قیاس خیال کرتے ہیں

(۶۸) یہ وعدے ہمارے باپ دادا سے بھی کئے گئے۔

(۶۹) سزائے الٰہی کا یقین نہیں آتا تو سابقہ تباہ شدہ قوموں کے کھنڈر دیکھو اور سبق حاصل کرو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

اللہ ان کے شرک کرنے سے بہت بلند ہے بھلا کون ہے جو از سرِ نو خلقت کو پیدا کرتا ہے

وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ

پھر اسے دوبارہ بنائے گا اور کون ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی

اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور بھی معبود ہے کہہ دے اپنی دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا

کہہ دے اللہ کے سوا آسمانوں اور زمین میں کوئی بھی غیب کی بات

اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ

نہیں جانتا اور انہیں اس کی بھی خبر نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے بلکہ آخرت کے معاملہ

عِلْمُهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫

میں تو ان کی سمجھ گئی گزری ہے بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

بلکہ وہ اس سے اندھے ہی ہیں اور کافر کہتے ہیں کہ

ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ

کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو گئے کیا ہم زمین سے نکالے جائیں گے اس کا تو

وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ

ہم سے اور ہمارے پہلے باپ دادا سے وعدہ ہوتا آیا ہے یہ تو

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ

صرف پہلوں کی کہانیاں ہیں کہہ دے تم زمین میں چل پھر کر

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ وَلَا

دیکھو کہ گنہگاروں کا کیا انجام ہوا اور



## ربطِ آیات

(۶۳) بحر و بر کے اندھیروں میں تمہاری راہنمائی کون کرتا ہے اور بارش سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں کون بھیجتا ہے کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور ہے۔ اللہ تعالیٰ مشرکوں کے شرک سے پاک ہے۔

(۶۴) ابتداءً پیدا کرنے والا، دوبارہ پیدا کرنے والا، آسمان اور زمین سے رزق دینے والا کوئی اور ہے۔ کوئی ہے تو دلیل لاؤ۔ (۶۵) یاد رکھو اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی غیب نہیں جانتا۔ انہیں اتنا بھی علم نہیں ہے کہ کب اٹھائے جائیں گے۔ (۶۶) آخرت میں پہنچ کر ان کا سارا علم ٹھیک ہو جائے گا۔ اب تو

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۶-(۱) مسائلِ دین حق کا انکار، مجازاۃ (۲) اور اس کی تردید۔ ماخذ (۱) آیت ۶۷۔ (۲) آیت ۶۹۔ |

ع ۵ / ۱

انہیں شک ہے بلکہ آخرت کے متعلق اندھے ہیں۔

(۶۷) مرنے کے بعد جی اٹھنے کو بعید از قیاس خیال کرتے ہیں۔ (۶۸) یہ وعدے پہلے باپ دادا سے بھی کئے گئے۔

(۶۹) سزائے الٰہی کا یقین نہیں آتا تو سابقہ تباہ شدہ قوموں کے کھنڈر دیکھو اور سبق حاصل کرو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿٧٠﴾ وَ
ان پر غم نہ کر اور ان کے فریب کرنے سے تنگ دل نہ ہو اور

يَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٧١﴾
کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو

قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي
کہہ دے شاید بعض وہ چیزیں جن کی تم جلدی کرتے ہو تمہاری پیٹھ

تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٧٢﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ
کے پیچھے آ لگی ہوں اور بے شک تیرا رب تو لوگوں پر فضل کرتا ہے

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ
لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے اور بے شک تیرا رب جانتا ہے

مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ
جو ان کے دلوں میں پوشیدہ ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور آسمان اور زمین میں ایسی

فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾ إِنَّ هَٰذَا
کوئی پوشیدہ بات نہیں جو روشن کتاب میں نہ ہو بے شک یہ

الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ
قرآن بنی اسرائیل پر اکثر ان باتوں کو ظاہر کرتا ہے جن میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٧٦﴾ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾
اختلاف کرتے ہیں اور بے شک وہ ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾
بے شک تیرا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے فیصلہ کرے گا اور وہ غالب علم والا ہے

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾ إِنَّكَ
سو اللہ پر بھروسہ کر بے شک تو صریح حق پر ہے البتہ تو

## رابطِ آیات

(۷۰) آپ ان نالائقوں کا غم نہ کھائیں اور ان کی شرارتوں سے بھی تنگ دل نہ ہوں۔ (۷۱) عذاب کا وقت پوچھتے ہیں۔ (۷۲) ممکن ہے اس کا وقت قریب ہی ہو۔ (۷۳) اللہ تعالیٰ کا تو بڑا احسان ہے لیکن یہ لوگ ناقدر شناس ہیں۔ (۷۴) اللہ تعالیٰ ان کے تمام حالات سے آگاہ ہے۔ (۷۵) زمین و آسمان کی ہر چیز لوحِ محفوظ میں محفوظ ہے۔ (۷۶) قرآنِ حکیم فقط مشرکین کا ہی مصلح نہیں ہے بلکہ بنی اسرائیل کے اختلافات کو بھی رفع کرنے والا ہے۔ (۷۷) قرآن اپنے متبعین کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔ (خواہ اہلِ کتاب ہوں یا مسلم) (۷۸) اگر اب قرآنِ حکیم کے فیصلہ کو نہیں مانتے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کے فیصلہ جات کو دکھا دے گا۔ (۷۹) اگر یہ نہ مانیں تو آپ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿٧٠﴾ وَ

ان پر غم نہ کر اور ان کے فریب کرنے سے تنگ دل نہ ہو اور

يَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٧١﴾

کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو

قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي

کہہ دے شاید بعض وہ چیزیں جن کی تم جلدی کرتے ہو تمہاری پیٹھ

تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٧٢﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

کے پیچھے آ لگی ہوں اور بے شک تیرا رب تو لوگوں پر فضل کرتا ہے

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ

لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے اور بے شک تیرا رب جانتا ہے

مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ

جو ان کے دلوں میں پوشیدہ ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور آسمان اور زمین میں ایسی

فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾ إِنَّ هَٰذَا

کوئی پوشیدہ بات نہیں جو روشن کتاب میں نہ ہو بے شک یہ

الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ

قرآن بنی اسرائیل پر اکثر ان باتوں کو ظاہر کرتا ہے جن میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٧٦﴾ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾

اختلاف کرتے ہیں اور بے شک وہ ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾

بے شک تیرا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے فیصلہ کرے گا اور وہ غالب علم والا ہے

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾ إِنَّكَ

سو اللہ پر بھروسہ کر بے شک تو صریح حق پر ہے البتہ تو

### ربطِ آیات

(۷۰) آپ ان نالائقوں کا غم نہ کھائیں اور ان کی شرارتوں سے بھی تنگ دل نہ ہوں۔ (۷۱) عذاب کا وقت پوچھتے ہیں۔ (۷۲) ممکن ہے اس کا وقت قریب ہی ہو۔ (۷۳) اللہ تعالیٰ کا تو بڑا احسان ہے لیکن یہ لوگ ناقدر شناس ہیں۔ (۷۴) اللہ تعالیٰ ان کے تمام حالات سے آگاہ ہے۔ (۷۵) زمین و آسمان کی ہر چیز لوحِ محفوظ میں محفوظ ہے۔ (۷۶) قرآنِ حکیم فقط مشرکین کا ہی مصلح نہیں ہے بلکہ بنی اسرائیل کے اختلافات کو بھی رفع کرنے والا ہے۔ (۷۷) قرآن اپنے متبعین کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔ (خواہ اہلِ کتاب ہوں یا مسلم) (۷۸) اگر اب قرآنِ حکیم کے فیصلہ کو نہیں مانتے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کے فیصلہ جات کو دکھا دے گا۔ (۷۹) اگر یہ نہ مانیں تو آپ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجیے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا

مُردوں کو نہیں سُنا سکتا اور نہ بہروں کو اپنی پکار سُنا سکتا ہے جب وہ پیٹھ

مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْىِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ط

پھیر کر لوٹیں اور نہ تو اندھوں کو اُن کی گمراہی دُور کر کے ہدایت کر سکتا ہے

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

تو اُن ہی کو سُنا سکتا ہے جو ہماری آیتوں پر ایمان لائیں سو وُہی مان بھی لیتے ہیں اور

اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ

جب ان پر وعدہ پُورا ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو

تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَ

ان سے باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں لاتے تھے اور

يَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا

جس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک گروہ ان لوگوں کا جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے

فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ

پھر ان کی جماعت بندی ہوگی یہاں تک کہ جب سب حاضر ہوں گے کہے گا کیا تم نے میری

بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ

آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم انہیں سمجھے بھی نہ تھے یا کیا کرتے رہے ہو اور

وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾

ان کے ظلم سے ان پر الزام قائم ہو جائے گا پھر وُہ بول بھی نہیں سکیں گے

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ

کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے رات بنائی تاکہ اس میں چین حاصل کریں اور دیکھنے کو

مُبْصِرًا ط اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾

دن بنایا البتہ اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں



## ربطِ آیات

(۸۰) آپ مُردہ دلوں اور دل کے کانوں کے بہروں کو کس طرح آوازِ حق سنا سکتے ہیں۔ (۸۱) اور دل کے اندھوں کو کس طرح دکھا سکتے ہیں۔ آپ فقط قرآن پر ایمان لانے والوں کی اصلاح اس قرآن سے کر سکتے ہیں۔ (۸۲) جب قیامت قریب آئے گی، تو

ع ۷

خلاصۂ رکوع ۷ - ... (جس دن ذرّہ فاسد کے اخراج کا وقت آئے گا یہ لوگ بول نہیں سکیں گے)۔ ماخذ آیت ۸۵۔

ایک دابۃ زمین سے نکلے گا۔ لوگوں سے باتیں کرے گا۔ مومن اور کافر میں امتیاز کرے گا۔ اس دن ان کے ہوش و حواس ٹھکانے پر آئیں گے لیکن اس دن کا احساس کچھ نفع نہیں دے گا۔ (۸۳) ہر اُمت کے مکذبین کو مرتب کر کے کھڑا کیا جائے گا۔ (۸۴) یہ سوال ان سے ہوگا۔ (۸۵) عناد باطل کے باعث عذاب کا وقت آجائے گا اور وُہ بول نہیں سکیں گے (۸۶) کیا ہمارے یہ احسانات ان پر تھوڑے ہیں لیکن ایمان ہو تو سمجھیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا

مُردوں کو نہیں سُنا سکتا اور نہ بہروں کو اپنی پُکار سُنا سکتا ہے جب وہ پیٹھ

مُدْبِرِیْنَ ﴿۸۰﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِی الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ط

پھیر کر لوٹیں اور نہ تو اندھوں کو اُن کی گمراہی دُور کرکے ہدایت کر سکتا ہے

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

تو اُن ہی کو سُنا سکتا ہے جو ہماری آیتوں پر ایمان لائیں سو وہی مان بھی لیتے ہیں اور

اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ

جب ان پر وعدہ پُورا ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو

تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَ

ان سے باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں لاتے تھے اور

یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ یُّكَذِّبُ بِاٰیٰتِنَا

جس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک گروہ ان لوگوں کا جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے

فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ

پھر ان کی جماعت بندی ہوگی یہاں تک کہ جب سب حاضر ہوں گے کہے گا کیا تم نے میری

بِاٰیٰتِیْ وَلَمْ تُحِیْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ

آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم اُنہیں سمجھے بھی نہ تھے یا کیا کرتے رہے ہو اور

وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا یَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾

ان کے ظلم سے ان پر الزام قائم ہو جائے گا پھر وہ بول بھی نہیں سکیں گے

اَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّیْلَ لِیَسْكُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ

کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے رات بنائی تاکہ اس میں چین حاصل کریں اور دیکھنے کو

مُبْصِرًا ط اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾

دن بنایا البتہ اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں



## ربطِ آیات

(۸۰) آپ مُردہ دلوں اور دل کے کانوں کے بہروں کو کس طرح آوازِ حق سُنا سکتے ہیں۔ (۸۱) اور دل کے اندھوں کو کس طرح دکھا سکتے ہیں۔ آپ فقط قرآن پر ایمان لانے والوں کی اصلاح اس قرآن سے کر سکتے ہیں۔ (۸۲) جب قیامت قریب آئے گی، تو

ع ۶ / ۱۷ / ۲

خلاصہ رکوع ۶ - ہمارا وعدہ (جس دن ذرہ فاسدہ کے اخراج کا وقت آئے گا یہ بول نہیں سکیں گے)۔ ما حفظ آیت ۸۵ ۔

ایک دابۃ زمین سے نکلے گا۔ لوگوں سے باتیں کرے گا۔ مؤمن اور کافر میں امتیاز کرے گا۔ جس دن ان کے ہوش وحواس ٹھکانے پر آئیں گے لیکن اس دن کا احساس کچھ نفع نہیں دے گا۔ (۸۳) ہر اُمت کے مکذبین کو مرتب کر کے کھڑا کیا جائے گا۔ (۸۴) یہ سوال ان سے ہوگا۔ (۸۵) عناد بالحق کے باعث عذاب کا وقت آ جائے گا اور وہ بول نہیں سکیں گے (۸۶) کیا ہمارے یہ احسانات ان پر تھوڑے ہیں لیکن ایمان ہو تو سمجھیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو کوئی آسمان میں ہے اور

مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ط وَكُلٌّ اَتَوْهُ

جو کوئی زمین میں ہے سب ہی گھبرائیں گے مگر جسے اللہ چاہے اور سب اُس کے پاس

دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ

عاجز ہوکر چلے آئیں گے اور تُو جو پہاڑوں کو جمے ہوئے دیکھ رہا ہے یہ تو بادلوں

تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ط صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ط

کی طرح اُڑتے پھریں گے اس اللہ کی کاریگری سے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنا رکھا ہے

اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ

اسے خبر ہے جو تم کرتے ہو جو نیکی لائے گا سو اُسے اس سے

خَيْرٌ مِّنْهَا ج وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَ

بہتر بدلہ ملے گا اور وہ اُس دن کی گھبراہٹ سے بھی امن میں ہوں گے اور

مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ط

جو بُرائی لائے گا سو اُن کے منہ آگ میں اوندھے ڈالے جائیں گے

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ

تمہیں وہی بدلہ مل رہا ہے جو تم کرتے تھے مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے

اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ

کہ اس شہر کے مالک کی بندگی کروں جس نے اسے عزت دی ہے اور

كُلُّ شَيْءٍ ز وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩١﴾

ہر ایک چیز اسی کی ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں رہوں

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ج فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ

اور یہ بھی کہ قرآن سناؤں پھر جو کوئی راہ پر آگیا تو وہ اپنے بھلے کو راہ پر

### رابطِ آیات

(٨٧) نفخۂ ثانیہ کے بعد سب کے سب اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہوکر آئیں گے (٨٨) اس دن تجلی جلالی کے باعث پہاڑوں کی یہ حالت ہوگی۔ (٨٩) نیکوکار اس دن کی دہشت سے محفوظ ہوں گے۔ (٩٠) بدکار دنیا کی بداعمالیوں کے باعث اوندھے دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ (٩١) مخاطبین حق تم مانو یا نہ مانو۔ مجھے تو اس بلدۂ طیبہ (مکہ معظمہ) کے رب کی عبادت کا حکم دیا گیا ہے اور یہ حکم ملا ہے کہ اس کا صحیح طور پر فرمانبردار رہوں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو کوئی آسمان میں ہے اور

مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ

جو کوئی زمین میں ہے سب ہی گھبرائیں گے مگر جسے اللہ چاہے اور سب اُس کے پاس

دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ

عاجز ہو کر چلے آئیں گے اور تو جو پہاڑوں کو جمے ہوئے دیکھ رہا ہے یہ تو بادلوں

تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ

کی طرح اُڑتے پھریں گے اُس اللہ کی کاریگری سے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنا رکھا ہے

اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ

اسے خبر ہے جو تم کرتے ہو جو نیکی لائے گا سو اُسے اس سے

خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَ

بہتر بدلہ ملے گا اور وہ اُس دن کی گھبراہٹ سے بھی امن میں ہوں گے اور

مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ

جو بُرائی لائے گا سو اُن کے منہ آگ میں اوندھے ڈالے جائیں گے

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ

تمہیں وہی بدلہ مل رہا ہے جو تم کرتے تھے مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے

اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ

کہ اس شہر کے مالک کی بندگی کروں جس نے اُسے عزت دی ہے اور

كُلُّ شَيْءٍ ۫ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾

ہر ایک چیز اُسی کی ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں رہوں

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ

اور یہ بھی کہ قرآن سناؤں پھر جو کوئی راہ پر آگیا تو وہ اپنے بھلے کو راہ پر

## رابطِ آیات

(۸۷) نفخۂ ثانیہ کے بعد سب کے سب اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہو کر آئیں گے (۸۸) اُس دن تجلی جلالی کے باعث پہاڑوں کی یہ حالت ہوگی۔ (۸۹) نیکوکار اُس دن کی دہشت سے محفوظ ہوں گے۔ (۹۰) بدکار دُنیا کی بداعمالیوں کے باعث اوندھے دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ (۹۱) مخاطبین حق تم مانو یا نہ مانو۔ مجھے تو اس بلدۂ طیبہ (مکۂ معظمہ) کے رب کی عبادت کا حکم دیا گیا ہے اور یہ حکم ملا ہے کہ اس کا صحیح طور پر فرمانبردار رہوں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ

آتا ہے اور جو گمراہ ہوا تو کہہ دو میں تو صرف ڈرانے والوں

الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

میں سے ہوں اور کہہ دو سب تعریف اللہ کے لئے ہے تمہیں عنقریب اپنی نشانیاں دکھا

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۱ ۳

دے گا پھر تم انہیں پہچان لوگے اور تیرا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو

## اٰیاتُہا ۸۸ (۲۸) سُوْرَۃُ الْقَصَصِ مَکِّیَّۃٌ (۴۹) رکوعاتہا ۹

سورۂ قصص مکی ہے اور اس میں اٹھاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا

یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ہم تجھے

عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ

ایمان داروں کے فائدے کے لئے موسیٰ اور فرعون کا کچھ صحیح حال

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي

سناتے ہیں بے شک فرعون زمین پر

الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ

سرکش ہو گیا تھا اور وہاں کے لوگوں کے کئی گروہ کر دیئے تھے ان میں سے

طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ

ایک گروہ کو کمزور کر رکھا تھا ان کے لڑکوں کو قتل کرتا تھا اور ان کی لڑکیوں کو

نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴﴾ وَنُرِيْدُ

زندہ رکھتا تھا بے شک وہ مفسدوں میں سے تھا اور ہم چاہتے تھے



### ربطِ آیات

(۹۲) اور قرآن پڑھوں۔ جو ہدایت پائے گا اس کا نفع اسی پر عائد ہوگا اور جو گمراہ ہو تو میرا کام فقط اسے ڈرانا ہے۔ (۹۳) اللہ تعالیٰ تو اپنا حق تبلیغ ادا کر چکا۔ اگر نہیں مانتے تو عنقریب اللہ تعالیٰ کی نشانیاں تمہارے سامنے آئیں گی پھر تمہیں حق و باطل کا پتہ لگ جائے گا۔

### سُورۃ القصص

(مرشح سورۃ)

اس سورۃ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستقبل کی پیشگوئی ہے۔ جس طرح فرعون پر موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل نے فتح پائی۔ اسی طرح کفار مکہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان فاتح ہوں گے۔

خلاصہ رکوع ۱۔ موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے واقعہ میں مسلمانوں کے لئے پیشگوئی ہے۔ ماخذ آیت ۳

(۱) حروف مقطعات میں سے ہے۔ اس کی تفصیل ابتداء سورۃ بقرہ میں ملاحظہ ہو۔ (۲) یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں۔ (۳) موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ مسلمانوں کے لئے ٹھیک طور پر سناتے ہیں (فعل الحکیم لایخلو عن الحکمۃ) اس واقعہ کو اس پیرایہ میں سنانے کا ٹھیک طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں کے حالات بالکل ٹھیک طور پر ویسے ہی ہوں گے واللہ اعلم بمرادہ واسرار کتابہ) (۴) فرعون نے بے جا تعلّی اختیار کی اور رعیت کی ایک جماعت کو نہایت کمزور سمجھ کر اس کے بیٹوں کو ذبح کرنا شروع کر دیا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ

آتا ہے اور جو گمراہ ہُوا تو کہہ دو میں تو صرف ڈرانے والوں

الْمُنْذِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

میں سے ہُوں اور کہہ دو سب تعریف اللہ کے لئے ہے تمہیں عنقریب اپنی نشانیاں دکھا

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ ع

دے گا پھر تم انہیں پہچان لوگے اور تیرا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو

## اٰيَاتُهَا ٨٨ (٢٨) سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ (٤٩) رُكُوْعَاتُهَا ٩

سورۂ قصص مکی ہے اور اس میں اٹھاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہُوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ نَتْلُوْا

یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ہم تجھے

عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ

ایمان داروں کے فائدے کے لئے موسیٰ اور فرعون کا کچھ صحیح حال

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٣﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي

سناتے ہیں بے شک فرعون زمین پر

الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ

سرکش ہو گیا تھا اور وہاں کے لوگوں کے کئی گروہ کر دیے تھے ان میں سے

طَاۗىِٕفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَاۗءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ

ایک گروہ کو کمزور کر رکھا تھا ان کے لڑکوں کو قتل کرتا تھا اور ان کی لڑکیوں کو

نِسَاۗءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٤﴾ وَنُرِيْدُ

زندہ رکھتا تھا بے شک وہ مفسدوں میں سے تھا اور ہم چاہتے تھے



## ربطِ آیات

(٩٢) اور قرآن پڑھوں۔ جو ہدایت پائے گا اُس کا نفع اُسی پر عائد ہوگا اور جو گمراہ ہو تو میرا کام فقط اُسے ڈرانا ہے۔ (٩٣) اللہ تعالیٰ تو اپنا حق تبلیغ ادا کر چکا۔ اگر نہیں مانتے تو عنقریب اللہ تعالیٰ کی نشانیاں تمہارے سامنے آئیں گی پھر تمہیں حق و باطل کا پتہ لگ جائے گا۔

٧ ع ١١ ٣

### سورۃ القصص

(مضمونِ سورۃ)

اس سورۃ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستقبل کی پیشگوئی ہے جس طرح فرعون پر موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل نے فتح پائی۔ اسی طرح کفارِ مکہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان غالب ہوں گے۔

خلاصہ رکوع ١۔ موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے واقعہ میں مسلمانوں کے لئے پیشگوئی ہے۔ ماخذ آیت ٣

(١) حروفِ مقطعات میں سے ہے اس کی تفصیل ابتداء سورۂ بقرہ میں ملاحظہ ہو۔ (٢) یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں۔ (٣) موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ مسلمانوں کے لئے ٹھیک طور پر سناتے ہیں (فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ) اس واقعہ کو اس پیرایہ میں سنانے کا ٹھیک طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں کے حالات بالکل ٹھیک طور پر ویسے ہی ہوں گے واللہ اعلم بمرادہٖ و اسرار کتابہٖ (٤) فرعون نے بے جا تعلّی اختیار کی اور رعیت کی ایک جماعت کو نہایت کمزور سمجھ کر اس کے بیٹوں کو ذبح کرنا شروع کر دیا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْأَرْضِ

کہ ان پر احسان کریں جو ملک میں کمزور رکھے گئے تھے

وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۵ وَنُمَكِّنَ

اور انہیں سردار بنا دیں اور انہیں وارث کریں اور انہیں

لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

ملک پر قابض کریں اور فرعون اور ہامان اور اُن کے لشکروں کو وُہ چیز

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۶ وَأَوْحَيْنَآ إِلٰٓى أُمِّ

دکھا دیں جس کا وُہ خطرہ کرتے تھے اور ہم نے مُوسیٰ کی ماں کو

مُوْسٰٓى أَنْ أَرْضِعِيْهِ ۚ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيْهِ

حکم بھیجا کہ اسے دُودھ پلا پھر جب تجھے اِس کا خوف ہو تو اسے دریا

فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ إِنَّا رَآدُّوْهُ إِلَيْكِ

میں ڈال دے اور کچھ خوف اور غم نہ کر بے شک ہم اسے تیرے پاس واپس پہنچا

وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۷ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ

دیں گے اور اسے رسُولوں میں سے بنانے والے ہیں پھر اسے فرعون کے گھر

فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ إِنَّ

والوں نے اُٹھا لیا تاکہ بالآخر وُہ ان کا دُشمن اور غم کا باعث بنے بے شک

فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا

فرعون اور ہامان اور اُن کے لشکر

خٰطِئِيْنَ ۸ وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ

خطاکار تھے اور فرعون کی عورت نے کہا یہ تو میرے اور

عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى أَنْ يَّنْفَعَنَآ أَوْ

تیرے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اِسے قتل نہ کرو شاید ہمارے کام آئے یا

## ربطِ آیات

(۵) اور ہمارا یہ فیصلہ تھا کہ ان ہی کمزوروں کو امام بنائیں اور ان کی مملوکہ اشیاء کا ان ہی کو وارث بنائیں۔ (۶) اور ان کمزوروں کو سرزمین مصر کا بادشاہ بنائیں (آئندہ قصّہ میں اس منشاء الٰہی کی تکمیل کے لئے تدبیر ذکر کی جائے گی)۔ (۷) مُوسیٰ علیہ السّلام کی والدہ کو ان کے بچانے کی یہ تدبیر ہم نے سمجھائی۔ (۸) اِس تدبیر سے مُوسیٰ علیہ السّلام فرعون کے گھر جا پہنچے اور اس نے غلط فہمی میں انہیں دھوکہ دیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ

کہ ان پر احسان کریں جو ملک میں کمزور کئے گئے تھے

وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ ۝٥ وَنُمَكِّنَ

اور انہیں سردار بنادیں اور انہیں وارث کریں اور انہیں

لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا

ملک پر قابض کریں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو وہ چیز

مِنْهُمْ مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ ۝٦ وَأَوْحَيْنَا إِلَى أُمِّ

دکھادیں جس کا وہ خطرہ کرتے تھے اور ہم نے موسیٰ کی ماں کو

مُوسَى أَنْ أَرْضِعِيهِ ۖ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ

حکم بھیجا کہ اسے دودھ پلا پھر جب تجھے اس کا خوف ہو تو اسے دریا

فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي ۖ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ

میں ڈال دے اور کچھ خوف اور غم نہ کر بے شک ہم اسے تیرے پاس واپس پہنچا

وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝٧ فَالْتَقَطَهُ آلُ

دیں گے اور اسے رسولوں میں سے بنانے والے ہیں پھر اسے فرعون کے گھر

فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ إِنَّ

والوں نے اٹھالیا تاکہ بالآخر وہ ان کا دشمن اور غم کا باعث بنے بے شک

فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا

فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر

خَاطِئِينَ ۝٨ وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ

خطاکار تھے اور فرعون کی عورت نے کہا یہ تو میرے اور

عَيْنٍ لِي وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوهُ ۖ عَسَى أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ

تیرے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کرو شاید ہمارے کام آئے یا

### ربطِ آیات

(۵) اور ہمارا یہ فیصلہ تھا کہ ان ہی کمزوروں کو امام بنائیں اور ان کی مملوکہ اشیاء کا ان ہی کو وارث بنائیں۔ (۶) اور ان کمزوروں کو سرزمین مصر کا بادشاہ بنائیں آئندہ قصہ میں اس منشاء الٰہی کی تکمیل کے لئے تدبیر ذکر کی جائے گی۔ (۷) موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ان کے بچانے کی یہ تدبیر ہم نے سمجھائی۔ (۸) اس تدبیر سے موسیٰ علیہ السلام فرعون کے گھر جا پہنچے اور اس معاملہ میں انہیں دھوکہ ہوا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ

ہم اسے بیٹا بنالیں اور انہیں کچھ خبر نہ تھی اور صبح کو موسیٰ کی

اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ

ماں کا دل بے قرار ہوگیا قریب تھی کہ بے قراری کو ظاہر کردے اگر ہم

اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾

اس کے دل کو صبر نہ دیتے تاکہ اسے ہمارے وعدے کا یقین رہے

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ

اور اس کی بہن سے کہا اس کے پیچھے چلی جا پھر اسے اجنبی ہوکر

جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾ ۙ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ

دیکھتی رہی اور انہیں خبر نہ ہوئی اور ہم نے پہلے سے اس پر

الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى

دائیوں کا دودھ حرام کردیا تھا پھر بولی میں تمہیں ایسے گھر والے

اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾

بتاؤں جو اس کی تمہارے لئے پرورش کریں اور وہ اس کے خیرخواہ ہوں

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَ

پھر ہم نے اسے اس کی ماں کے پاس پہنچادیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور غمگین نہ ہو اور

لِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا

جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر آدمی نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ ع وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ

جانتے اور جب اپنی جوانی کو پہنچا اور پورا توانا ہوا تو ہم نے

حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٤﴾

اسے حکمت اور علم دیا اور ہم نیکوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں

## ربطِ آیات

(٩) فرعون کی بیوی نے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) موسیٰ علیہ السلام کو قتل سے بچایا۔ (١٠) ادھر بیٹے کو دریا میں ڈال کر موسیٰ علیہ السلام کی والدہ پریشان تھی۔ قریب تھا کہ اس راز کو ظاہر کردیتی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا (١١) موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ کو اس نے بھیجا کہ کم دور سے اسے دیکھتی جاؤ۔ (١٢) فرعون کے گھر جاکر موسیٰ علیہ السلام کسی عورت کا دودھ ہی نہیں پیتے۔ پھر ان کی ہمشیرہ نے ان سے یہ کہا۔ (١٣) اس تدبیر سے ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ماں کی گود میں لوٹایا۔ (١٤) جوان ہونے کے بعد ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو قوت حاکمہ اور علم عطا فرمایا۔

ع ١ / ٢



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ⑨ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ

ہم اسے بیٹا بنالیں | اور انہیں | کچھ خبر نہ تھی | اور صبح کو موسیٰ کی

اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْلَاۤ

ماں کا دل بے قرار ہوگیا | قریب تھی | کہ بے قراری کو ظاہر کر دے | اگر ہم

اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ⑩

اس کے دل کو | صبر نہ دیتے | تاکہ اسے ہمارے وعدے کا یقین رہے

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّیْهِ ؗ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ

اور اس کی بہن سے کہا اس کے پیچھے چلی جا | پھر اسے | اجنبی | ہو کر

جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ⑪ وَحَرَّمْنَا عَلَیْهِ

دیکھتی رہی | اور | انہیں خبر نہ ہوئی | اور ہم نے پہلے سے اس پر

الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى

دائیوں کا دودھ حرام کر دیا تھا | پھر بولی | کیں تمہیں | ایسے | گھر والے

اَهْلِ بَیْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ⑫

بتاؤں | جو اس کی تمہارے لئے پرورش کریں | اور وہ اس کے خیر خواہ ہوں

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَ

پھر ہم نے اسے اس کی ماں کے پاس پہنچا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور غمگین نہ ہو اور

لِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا

جان لے | کہ اللہ کا وعدہ | سچا ہے | لیکن | اکثر آدمی نہیں

يَعْلَمُوْنَ ؑ ⑬ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَیْنٰهُ ع

جانتے | اور جب اپنی جوانی کو پہنچا | اور پورا توانا ہوا | تو ہم نے

حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ⑭

اسے حکمت اور علم دیا | اور ہم نیکوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں

### ربط آیات

(۹) فرعون کی بیوی نے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) موسیٰ علیہ السلام کو قتل سے بچایا۔ (۱۰) ادھر بیٹے کو دریا میں ڈال کر موسیٰ علیہ السلام کی والدہ پریشان تھی۔ قریب تھا کہ اس راز کو ظاہر کر دیتی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔ (۱۱) موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ کو اس نے بھیجا کہ تم دور سے اسے دیکھتی جاؤ۔ (۱۲) فرعون کے گھر جا کر موسیٰ علیہ السلام کسی عورت کا دودھ ہی نہیں پیتے۔ پھر ان کی ہمشیرہ نے ان سے یہ کہا۔ (۱۳) اس تدبیر سے ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ماں کی گود میں لوٹایا۔ (۱۴) جوان ہونے کے بعد ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو قوت محاکمہ اور علم عطا فرمایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ ربط رکوع ۲ - موسیٰ علیہ السلام کا
جوان ہونے کے بعد بلا اجازت فرعون
مصر سے نکلنا فرعون کے گھر میں تربیت
کے دن بیت گئے تھے۔ اب اگر بلا اجازت
جاتے تو شاہزادگی کے طور پر سفر کرتے
اور منظور ہو کر رہتے۔ انھیں مظلوموں کی زندگی
کا احساس ہو کر بنی اسرائیل کی تکالیف
کو سمجھیں۔ ماخذ آیت ۲۱ ●

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا

اور شہر میں لوگوں کی بے خبری کے وقت داخل ہوا

فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَ

پھر وہاں دو شخصوں کو لڑتے ہوئے پایا یہ ایک اس کی جماعت کا تھا اور

هٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ

یہ دوسرا اس کے دشمنوں میں سے تھا پھر اس نے جو اس کی جماعت کا تھا اپنے دشمن پر

عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ

اس سے مدد چاہی تب موسیٰ نے اسے مکا مارا پس اس کا کام تمام کر دیا

قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾

کہا یہ تو شیطانی حرکت ہے بے شک وہ کھلا دشمن اور گمراہ کرنے والا ہے

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ

کہا اے میرے رب! بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا سو مجھے بخش دے پھر اسے بخش دیا

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے کہا اے میرے رب جیسا تو نے مجھ پر فضل کیا ہے

فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ

پھر میں گنہگاروں کا کبھی مددگار نہیں ہوں گا پھر شہر میں ڈرتا انتظار

خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ

کرتا ہوا صبح کو گیا پھر وہی شخص جس نے کل اس سے مدد مانگی تھی

يَسْتَصْرِخُهٗ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّآ

اسے پکار رہا ہے موسیٰ نے اس سے کہا کہ بیشک تو صریح گمراہ ہے پھر

اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ

جب ارادہ کیا کہ اس پر ہاتھ ڈالے جو ان دونوں کا دشمن تھا کہا

## ربطِ آیات

(۱۵) تدبیرِ الٰہی مصر سے اخراج کے اسباب پیدا کر رہی ہے۔ دو لڑنے والوں میں ظالم کو مکا رسید کیا۔ قتل کا ارادہ نہیں تھا لیکن وہ مر گیا۔
(۱۶) عمل کا دار و مدار نیت پر ہے اس لئے معافی مانگی تو معافی مل گئی۔
(۱۷) آپ نے بڑا کرم فرمایا کہ معافی دے دی۔ آئندہ کسی لڑنے والے کی حمایت نہیں کروں گا۔
(۱۸) دوسرے دن پھر شہر میں گئے تو اسی کل والے اسرائیلی نے ان سے فریاد کی۔ موسیٰ علیہ السلام نے اسے ڈانٹا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصہ عشرہ رکوع ۲ - موسیٰ علیہ السلام
جوان ہونے کے بعد بلا اجازت فرعون
مصر سے نکلنا۔ فرعون کے گھر میں
رہتے تھے ... اب اگر با اجازت
جاتے تو شاہزادگی کے طور پر سفر کرتے
اور منظور یہ تھا کہ انہیں غلامی کی زندگی
کا احساس ہو کہ بنی اسرائیل کی تکالیف
کو سمجھیں۔ حاصل آیت ۲۱ ۔

وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا

اور شہر میں لوگوں کی بے خبری کے وقت داخل ہوا

فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا مِن شِيعَتِهِ وَ

پھر وہاں دو شخصوں کو لڑتے ہوئے پایا یہ ایک اُس کی جماعت کا تھا اور

هَٰذَا مِنْ عَدُوِّهِ ۖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِن شِيعَتِهِ

یہ دوسرا اُس کے دشمنوں میں سے تھا پھر اُس نے جو اُس کی جماعت کا تھا اپنے دشمن پر

عَلَى الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ ۖ

اُس سے مدد چاہی تب موسیٰ نے اُسے مُکا مارا پس اُس کا کام تمام کر دیا

قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾

کہا یہ تو شیطانی حرکت ہے بے شک وہ کھلا دشمن اور گمراہ کرنے والا ہے

قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ ۚ

کہا اے میرے رب! بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا سو مجھے بخش دے پھر اُسے بخش دیا

إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿١٦﴾ قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ عَلَيَّ

بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے کہا اے میرے رب جیسا تو نے مجھ پر فضل کیا ہے

فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيرًا لِّلْمُجْرِمِينَ ﴿١٧﴾ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ

پھر میں گنہگاروں کا کبھی مددگار نہیں ہوں گا پھر شہر میں ڈرتا انتظار

خَائِفًا يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ بِالْأَمْسِ

کرتا ہوا صبح کو گیا پھر وہی شخص جس نے کل اُس سے مدد مانگی تھی

يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِينٌ ﴿١٨﴾ فَلَمَّا

اُسے پکار رہا ہے موسیٰ نے اُس سے کہا کہ بے شک تو صریح گمراہ ہے پھر

أَنْ أَرَادَ أَن يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ

جب ارادہ کیا کہ اُس پر ہاتھ ڈالے جو اُن دونوں کا دشمن تھا کہا

## ربطِ آیات

(۱۵) تدبیرِ الٰہی مصر سے اخراج کے اسباب پیدا کر رہی ہے۔ دو لڑنے والوں میں ظالم کو مُکا رسید کیا۔ قتل کا ارادہ نہیں تھا لیکن وہ مر گیا (۱۶) عمل کا دار و مدار نیت پر ہے اس لئے مُعافی مانگی۔ تو مُعافی مل گئی۔ (۱۷) آپ نے بڑا کرم فرمایا کہ مُعافی دے دی۔ آئندہ کسی لڑنے والے کی حمایت نہیں کروں گا۔ (۱۸) دوسرے دن پھر شہر میں گئے تو اُسی کل والے اسرائیلی نے اُن سے فریاد کی۔ موسیٰ علیہ السلام نے اُسے ڈانٹا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰمُوْسٰۤى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِىْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ

اے موسیٰ! کیا تُو چاہتا ہے کہ مجھے مار ڈالے جیسا تُو نے کل ایک آدمی کو مار ڈالا ہے

اِنْ تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِى الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ

تُو یہی چاہتا ہے کہ مُلک میں زبردستی کرتا پھرے اور تُو نہیں چاہتا

اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا

کہ اصلاح کرنے والوں میں سے ہو اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی

الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ

دَوڑتا ہُوا آیا کہا اے مُوسیٰ! دربار والے تیرے متعلق مشورہ

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّىْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾ فَخَرَجَ

کرتے ہیں کہ تجھ کو مار ڈالیں سو نکل بے شک میں تیرا بھلا چاہنے والا ہُوں پھر وہاں سے

مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾ ع

ڈرتا انتظار کرتا ہُوا نکلا کہا اے میرے رب! مجھے ظالم قوم سے بچا لے

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّىْۤ اَنْ

اور جب مدین کی طرف رُخ کیا تو کہا اُمید ہے کہ میرا رب

يَّهْدِيَنِىْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

مجھے سیدھا راستہ بتا دے گا اور جب مدین کے پانی پر پہنچا

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۫ وَوَجَدَ مِنْ

وہاں لوگوں کی ایک جماعت کو پانی پلاتے ہُوئے پایا اور اُن سے ورے

دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا

دو عورتوں کو پایا جو اپنے جانور روکے ہُوئے کھڑی تھیں کہا تمہارا کیا حال ہے بولیں

لَا نَسْقِىْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۫ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿٢٣﴾

جب تک چرواہے نہیں ہٹ جاتے ہم نہیں پلاتیں اور ہمارا باپ بُوڑھا بڑی عمر کا ہے

٢ ع ٨ ٥

## ربطِ آیات

(١٩) اسرائیلی نے سمجھا کر غصّہ مجھ پر ہو رہے تھے شاید مجھے ہی پکڑیں گے۔ اُس نے کل کا راز افشا کر دیا کہ کل ایک کو قتل کیا آج مجھے قتل کرنا چاہتا ہے۔ (٢٠) قتل کا راز کھل چکا تھا۔ اِس بیٹے فرعون کے ہاں یہ معاملہ پیش ہُوا مشورہ ہو ہی رہا تھا کہ ایک بندۂ خدا نے آ کر موسیٰ علیہ السلام کو اطلاع دی اور مصر سے بھاگنے کا مشورہ دیا۔ (٢١) موسیٰ علیہ السلام مصر سے نکل گئے اور دعا فرمائی کہ اے اللہ! مجھے ظالموں کے پنجے سے بچا۔ (٢٢) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے مدین کی طرف چل نکلے (٢٣) مدین کے کنوئیں پر پہنچے تو یہ قصہ پیش آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ

اے مُوسیٰ! کیا تُو چاہتا ہے کہ مجھے مار ڈالے جیسا تُو نے کل ایک آدمی کو مار ڈالا ہے

اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِى الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ

تُو یہی چاہتا ہے کہ مُلک میں زبردستی کرتا پھرے اور تُو نہیں چاہتا

اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا

کہ اصلاح کرنے والوں میں سے ہو اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی

الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ

دَوڑتا ہُوا آیا کہا اے مُوسیٰ! دربار والے تیرے متعلق مشورہ

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ

کرتے ہیں کہ تجھ کو مار ڈالیں سو نکل بے شک میں تیرا بھلا چاہنے والا ہُوں پھر وہاں سے

مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۡ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ ع ۲ ۸ ۵

ڈرتا انتظار کرتا ہُوا نکلا کہا اے میرے رب! مجھے ظالم قوم سے بچالے

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ

اور جب مدین کی طرف رُخ کیا تو کہا اُمید ہے کہ میرا رب

يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

مجھے سیدھا راستہ بتا دے گا اور جب مدین کے پانی پر پہنچا

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۡ وَوَجَدَ مِنْ

وہاں لوگوں کی ایک جماعت کو پانی پلاتے ہوئے پایا اور اُن سے ورے

دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۖ قَالَتَا

دو عورتوں کو پایا جو اپنے جانور روکے ہوئے کھڑی تھیں کہا تمہارا کیا حال ہے بولیں

لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾

جب تک چرواہے نہیں ہٹ جاتے ہم نہیں پلاتیں اور ہمارا باپ بوڑھا بڑی عمر کا ہے

**ربطِ آیات**

(۱۹) اسرائیلی نے سمجھا کہ غصّہ مجھ پر ہوتے تھے شاید مجھے ہی پکڑیں گے۔ اس نے کل کا راز افشا کر دیا کہ کل ایک کو قتل کیا آج مجھے قتل کرنا چاہتا ہے۔ (۲۰) قتل کا راز کھل چکا تھا۔ اس لئے فرعون کے ہاں یہ معاملہ پیش ہُوا مشورہ ہو ہی رہا تھا کہ ایک بندۂ خُدا نے آکر مُوسیٰ علیہ السلام کو اطلاع دی اور مصر سے بھاگنے کا مشورہ دیا۔ (۲۱) مُوسیٰ علیہ السلام مصر سے نکل گئے اور دُعا فرمائی کہ اے اللہ! مجھے ظالموں کے پنجے سے بچا۔ (۲۲) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے مدین کی طرف چل نکلے (۲۳) مدین کے کنوئیں پر پہنچے تو یہ قصہ پیش آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ

پھر ان کے جانوروں کو پانی پلا دیا پھر سایہ کی طرف ہٹ کر آیا کہا اے میرے رب تو میری طرف

اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِیْ

جو اچھی چیز اُتارے میں اس کا محتاج ہوں پھر ان دونوں میں سے ایک اس کے پاس

عَلَى اسْتِحْیَآءٍ ؗ قَالَتْ اِنَّ اَبِیْ یَدْعُوْكَ لِیَجْزِیَكَ اَجْرَ

شرم سے چلتی ہوئی آئی کہا میرے باپ نے تمہیں بلایا ہے کہ تمہیں پلائی

مَا سَقَیْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَیْهِ الْقَصَصَ ۙ

کی اُجرت دے پھر جب اس کے پاس پہنچا اور اس سے تمام حال بیان کیا

قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ

کہا خوف نہ کر تو اس بے انصاف قوم سے بچ آیا ہے ان دونوں میں سے

اِحْدٰىهُمَا یٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ٘ اِنَّ خَیْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ

ایک بولی اے باپ! اسے نوکر رکھ لے بے شک بہتر نوکر جسے تو رکھنا چاہے وہ ہے

الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّیْۤ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ

جو زور آور امانت دار ہو کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دونوں بیٹیوں

اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ عَلٰۤى اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمٰنِیَ

میں سے ایک کا تجھ سے نکاح کر دوں اس شرط پر کہ تو آٹھ برس تک میری

حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَاۤ

نوکری کرے پھر اگر تو دس پورے کر دے تو تیری طرف سے احسان ہے اور میں

اُرِیْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَیْكَ ؕ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

نہیں چاہتا کہ تجھے تکلیف میں ڈالوں اگر اللہ نے چاہا تو مجھے

مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ ؕ

نیک بختوں سے پائے گا کہا میرے اور تیرے درمیان یہ وعدہ ہو چکا

خلاصہ حصہ رکوع ۳ ۔ موسیٰ علیہ السلام کا شعیب علیہ السلام کی خدمت میں جانا اور دس سال تک خدمت کرنا تاکہ گھر کی زندگی کا احساس پیدا ہو سکے ہو۔ ملاحظہ آیت ۲۵ - ۲۸ ۔

**ربطِ آیات**

(۲۴) ان دو لڑکیوں کے مویشیوں کو پانی پلا کر سایہ میں جا بیٹھے اور یہ دُعا فرمائی (۲۵) ان دو لڑکیوں میں سے ایک بلانے کے لئے آئی وہاں جا کر موسیٰ علیہ السلام نے سارا ماجرا سُنایا شعیب علیہ السلام نے فرمایا کوئی خوف نہ کریں۔ آپ ظالموں کے پنجہ سے بچ کر آ گئے ہیں۔ (۲۶) ایک صاحبزادی نے عرض کی کہ انہیں بکریاں چرانے کے لئے اُجرت پر رکھ لیجئے (۲۷) شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اس شرط پر ایک لڑکی آپ کے نکاح میں دینے کے لئے تیار ہوں۔

منزل ۵

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ
ان دونوں مدتوں میں سے جونسی پوری کردوں تو مجھ پر زیادتی نہ ہو اور اللہ
عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٢٨﴾ فَلَمَّا قَضَىٰ مُوسَى الْأَجَلَ
ہمارے قول پر گواہ ہے پھر جب موسیٰ وہ مدت پوری کرچکا
وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّورِ نَارًا ۖ قَالَ
اور اپنے گھر والوں کو لے کر چلا کوہِ طور کی طرف سے ایک آگ دیکھی اپنے
لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا
گھر والوں سے کہا ٹھیرو میں نے ایک آگ دیکھی ہے شاید تمہارے پاس وہاں
بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿٢٩﴾
کی کچھ خبر یا آگ کا انگارہ لے آؤں تاکہ تم سینکو
فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي
پھر جب اس کے پاس پہنچا تو میدان کے داہنے کنارے سے
الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَنْ يَا مُوسَىٰ
برکت والی جگہ میں ایک درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ!
إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٠﴾ وَأَنْ أَلْقِ
میں اللہ جہان کا رب ہوں اور یہ کہ اپنی لاٹھی
عَصَاكَ ۖ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ
ڈال دے پھر جب اسے دیکھا کہ سانپ کی طرح لہرا رہا ہے
وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ أَقْبِلْ وَلَا
تو منہ پھیر کر اُلٹا بھاگا اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا اے موسیٰ! سامنے آ اور
تَخَفْ ۖ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ ﴿٣١﴾ اسْلُكْ يَدَكَ
ڈر نہیں بے شک تو امن والوں سے ہے اپنے گریبان میں

۳ ع ۴

خلاصہ رکوع ۴ ۔ حضرت موسیٰ کی دس سالہ زندگی بسر کرنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مع اہلیہ کے مصر کی طرف جانا اور راستہ میں نبوت کا عطا ہونا۔ ماخذ آیت ۲۹ تا ۳۲۔

## ربطِ آیات

(۲۸) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہی فیصلہ رہا۔ ان دو مدتوں میں سے جو میرا جی چاہے گا پوری کردوں گا۔ (۲۹) موسیٰ علیہ السلام اپنی میعاد پوری کرکے بعد اہلیہ کے مصر جارہے تھے کہ راستہ میں یہ واقعہ پیش آیا۔ تجلی الٰہی کا مشاہدہ فرمایا۔ آگ سمجھ کر وہاں گئے۔ (۳۰) اس نار سے یہ آواز آئی۔ (۳۱) یہ ایک معجزہ عطا ہوا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ
ان دونوں مدتوں میں سے جونسی پوری کردوں تو مجھ پر زیادتی نہ ہو اور اللہ

عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٢٨﴾ فَلَمَّا قَضَىٰ مُوسَى الْأَجَلَ
ہمارے قول پر گواہ ہے پھر جب موسیٰ وہ مدت پوری کرچکا

وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِن جَانِبِ الطُّورِ نَارًا قَالَ
اور اپنے گھروالوں کو لے کر چلا کوہِ طور کی طرف سے ایک آگ دیکھی اپنے

لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا
گھروالوں سے کہا ٹھیرو میں نے ایک آگ دیکھی ہے شاید تمہارے پاس وہاں

بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿٢٩﴾
کی کچھ خبر یا آگ کا انگارہ لے آؤں تاکہ تم سینکو

فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي
پھر جب اس کے پاس پہنچا تو میدان کے داہنے کنارے سے

الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَن يَا مُوسَىٰ
برکت والی جگہ میں ایک درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ!

إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٠﴾ وَأَنْ أَلْقِ
میں اللہ جہان کا رب ہوں اور یہ کہ اپنی لاٹھی

عَصَاكَ ۖ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ
ڈال دے پھر جب اسے دیکھا کہ سانپ کی طرح لہرا رہا ہے

وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ أَقْبِلْ وَلَا
تو منہ پھیر کر الٹا بھاگا اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا اے موسیٰ! سامنے آ اور

تَخَفْ ۖ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ ﴿٣١﴾ اسْلُكْ يَدَكَ
ڈر نہیں بے شک تو امن والوں سے ہے اپنے گریبان میں



ع ۳

خلاصہ رکوع ۴ ۔ حضرت موسیٰ کی دس سالہ زندگی بسر کرنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مع اہلیہ کے مصر کی طرف جانا اور راستہ میں نبوت کا عطا ہونا ۔ ماخذ آیت ۲۹ تا ۳۲۔

## ربطِ آیات

(۲۸) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہی فیصلہ رہا ۔ ان دو مدتوں میں سے جو میرا جی چاہے گا پوری کردوں گا ۔ (۲۹) موسیٰ علیہ السلام اپنی میعاد پوری کرکے بعد اہلیہ کے مصر جارہے تھے کہ راستہ میں یہ واقعہ پیش آیا ۔ تجلی الٰہی کا مشاہدہ فرمایا ۔ آگ سمجھ کر وہاں گئے ۔ (۳۰) اس نار سے یہ آواز آئی ۔ (۳۱) یہ ایک معجزہ عطا ہوا ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا
ہر اُمت میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے پھر کہیں گے کہ اپنی دلیل پیش کرو تب جان
اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ ع ۷ ۱۰
لیں گے کہ سچی بات اللہ ہی کی تھی اور جو جھوٹ بنایا کرتے تھے ان سے جاتا رہے گا
اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص
بے شک قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا پھر ان پر اکڑنے لگا
وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ
اور ہم نے اُسے اِتنے خزانے دیئے تھے کہ اس کی کنجیاں ایک طاقت ور جماعت
بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ق اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ
کو اُٹھانی مشکل ہوتیں جب اُس سے اُس کی قوم نے کہا اِترا مت
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ
بے شک اللہ اِترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جو کچھ تجھے اللہ نے دیا
اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا
ہے اس سے آخرت کا گھر حاصل کر اور اپنا حصہ دُنیا میں سے نہ بھول
وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ
اور بھلائی کر جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی ہے اور ملک میں فساد کا
فِي الْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ
خواہاں نہ ہو بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا کہا یہ تو
اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ط اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ
مجھے ایک ہنر سے ملا ہے جو میرے پاس ہے کیا اُسے معلوم نہیں کہ
اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ
اللہ نے اس سے پہلے بہت سی اُمتیں جو اس سے قوت میں بڑھ کر اور

## ربطِ آیات

(۷۵) ہر اُمت پر جس کا نبی گواہ ہوگا کہ اُس نے تبلیغ احکام کر دی پھر ان سے شرک کی دلیل پوچھی جائے گی۔ پھر انہیں علم ہوگا کہ حق اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔

خلاصہ رکوع ۸۔ گزشتہ رکوع میں گھمنڈ کرنے کے نتیجے قارون کی مثال دی جاتی ہے۔ ماخذ آیت ۷۶

(۷۶) اللہ تعالیٰ نے اس قدر اُسے وسیع خزانہ عطا فرمایا تھا۔ اس کی قوم نے اُسے کہا کہ اکڑو مت اللہ تعالیٰ اکڑنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ (۷۷) اس دولت سے کچھ آخرت کے لئے بناؤ اور زمین میں رہ کر فساد نہ کرو۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّأَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ

جمعیت میں زیادہ تھیں ہلاک کر ڈالی ہیں اور گنہگاروں سے اُن کے گناہوں کے بارے

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ

میں پوچھا نہیں جائے گا اپنی قوم کے سامنے اپنے ٹھاٹھ سے نکلا جو لوگ دُنیا کی

يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

زندگی کے طالب تھے کہنے لگے اے کاش ہمارے لئے بھی ویسا ہی ہوتا جیسا کہ

قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

قارون کو دیا گیا ہے بے شک وہ بڑے نصیب والا ہے اور علم والوں نے

اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ

کہا تم پر افسوس ہے اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کے لئے جو ایمان لایا!

وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَخَسَفْنَا

اور نیک کام کیا مگر صبر کرنے والوں کے سوا نہیں ملا کرتا پھر ہم نے

بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۣ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ

اُسے اور اُس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا پھر اس کی ایسی کوئی جماعت نہ تھی جو اُسے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۤ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿٨١﴾ وَاَصْبَحَ

اللہ سے بچا لیتی اور نہ وہ خود بچ سکا اور وہ لوگ

الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ

جو کل اُس کے مرتبہ کی تمنا کرتے تھے آج صبح کو کہنے لگے کہ ہائے شامت!

اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ

اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے روزی کشادہ کر دیتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے

لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ

اگر ہم پر اللہ کا احسان نہ ہوتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا ہائے!

## رابطِ آیات

(۷۸) اُس نے کہا اللہ تعالیٰ نے کب دیا ہے یہ تو میرے علم کا نتیجہ ہے۔ (۷۹) اپنے خدام کا بار سنگار کر کے ایک دن نکلا۔ اُسے دیکھ کر بعض نیکوکاروں کے منہ میں بھی پانی بھر آیا۔ کاش کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی قارون کی طرح دولت عطا کرتا۔ (۸۰) سمجھدار لوگوں نے انہیں یوں سمجھایا (۸۱) اُسے اور اس کے محلات کو ہم نے زمین میں غرق کر دیا۔



ALMARIFAT 670
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلاصۂ رکوع ۹ ۔ عبرت از قصۂ قارون ۔ متقی دوسروں کی تباہی اور بالآخر کی سرفرازی اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے
ماخذ آیت ۸۳ ۔ ۸۵ ۔

ع ۱۱

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨٢ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا
کافر نجات نہیں پا سکتے یہ آخرت کا گھر ہم انہیں کو دیتے ہیں

لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ
جو ملک میں ظلم اور فساد کا ارادہ نہیں رکھتے

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝٨٣ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ
اور نیک انجام تو پرہیزگاروں ہی کا ہے جو بھلائی لے کر آیا اُسے واس سے

خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى
بہتر ملے گا اور جو برائی لے کر آیا پس برائیاں کرنے والوں کو

الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٨٤
وہی سزا ملے گی جو کچھ وہ کرتے تھے

اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَاۗدُّكَ اِلٰى
جس نے تم پر قرآن فرض کیا وہ تمہیں لوٹنے کی جگہ

مَعَادٍ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَاۗءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ
پھیر لائے گا کہہ دو میرا رب خوب جانتا ہے کہ ہدایت کون لے کر آیا ہے اور کون

هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٨٥ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى
صریح گمراہی میں پڑا ہوا ہے اور تمہیں امید نہ تھی کہ تم پر

اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا
کتاب اُتاری جائے گی مگر تمہارے رب کی مہربانی ہوئی پھر

تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝٨٦ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ
تم کافروں کی طرفداری نہ کرنا اور وہ تمہیں اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ
آیتوں سے بعد اس کے کہ تم پر نازل ہو چکی ہیں روک نہ دیں اور اپنے رب کی طرف بلا

## ربطِ آیات

(۸۲) کل جو لوگ ایسے مال و دولت کی تمنا کر رہے تھے خدا کا شکر بجا لانے لگے کہ اگر ہمیں بھی ایسی دولت ملتی تو یہی حشر ہوتا۔ شکر ہے کہ ایسی دولت نہیں ملی تھی۔ (۸۳) دارِ آخرت کی کامیابی سرکشوں کو نصیب نہیں ہوگی۔ (۸۴) جو نیکی لائے گا اس سے بہتر اجر پائے گا۔ (۸۵) اللہ تعالیٰ آپ کو بعد از ہجرت مکۂ معظمہ پر فاتحانہ لائے گا۔ (۸۶) آپ کو تو قرآن ملنے کی توقع نہیں تھی۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا کہ آپ کو قرآن ملا اور عہدۂ نبوّت عطا ہوا۔ لہٰذا آپ مخالفینِ قرآن کی ہرگز حمایت نہ کریں۔

منزل ۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٨٧﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ

اور مشرکوں میں ہرگز شامل نہ ہو اور اللہ کے ساتھ اور کسی معبود

إِلَٰهًا آخَرَ ۘ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ ۚ

کو نہ پکار اُس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اُس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے

لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٨﴾

اُسی کا حکم ہے اور اُسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے

آیاتہا ٦٩ (٢٩) سُورَةُ الْعَنْكَبُوتِ مَكِّيَّةٌ (٨٥) رکوعاتہا ٧

سورۂ عنکبوت مکی ہے اور اس میں اُنہتر آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمٓ ﴿١﴾ أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا وَ

کیا لوگ خیال کرتے ہیں یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لائے ہیں چھوڑ دیئے جائیں گے اور

هُمْ لَا يُفْتَنُونَ ﴿٢﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اِن کی آزمائش نہیں کی جائے گی اور جو لوگ اِن سے پہلے گزر چکے ہیں ہم نے انہیں بھی آزمایا تھا

فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ ﴿٣﴾

سو اللہ انہیں ضرور معلوم کرے گا جو سچے ہیں اور اُن کو بھی جو جھوٹے ہیں

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ أَنْ يَسْبِقُونَا ۚ

کیا وہ لوگ جو بُرے کام کرتے ہیں یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے قابو سے نکل جائیں گے

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿٤﴾ مَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ

بُرا ہے جو فیصلہ کرتے ہیں جو شخص اللہ سے ملنے کی اُمید رکھتا ہو

فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٥﴾

سو اللہ کا وعدہ آ رہا ہے اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

منزل ٥

## ربطِ آیات

(٨٧) اور آیاتِ قرآن پر عمل کرنے سے یہ لوگ آپ کو روکنے نہ پائیں (٨٨) اور آپ کے تعلق باللہ میں خلل نہ آنے پائے۔ ہر چیز اُس کی ذات کے سوا فنا ہونے والی ہے سب چیزوں کا فیصلہ اُسی کے قبضہ میں ہے اور اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

### سُورۃ العنکبوت

(موضوعِ سُورۃ)

سورۂ عنکبوت سورۂ قصص کے مضمون کا تتمہ ہے۔ سورۂ قصص میں اہلِ ایمان کی کامیابی اور سرفرازی کا جو وعدہ کیا گیا ہے وہ جہاد اور ہجرت سے پورا ہوگا، بجز اس کے بنی اسرائیل کے جذبات حرّیت و غیرت مٹ گئے جبیہ کی غلامی سے مردہ ہو چکے تھے۔ اس لئے ان کی کامیابی قوتِ غیبیہ سے ہوئی اور یہاں جو حصہ نہیں ہے اس لئے بظاہر قوتِ بازو سے مسلم اور حقیقت میں اعانتِ الٰہی سے کامیابی ہوگی۔

خلاصہ رکوع ١۔ امتحانِ مستقیم و منی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام، کامیابی جہاد سے ہوگی۔ ماخذ آیت ٢، ٣۔

(١) حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ اس کی تفصیل سورۂ بقرہ کے ابتداء میں ملاحظہ ہو۔

(٢) کیا مسلمان فقط دعویٰ سے چھوٹ جائیں گے اور ان کا امتحان نہیں لیا جائے گا (٣) ہم نے پہلے لوگوں سے بھی امتحانات لئے۔ اللہ تعالیٰ ضرور سچے اور جھوٹے کو ممتاز کر کے چھوڑے گا۔

(٤) کیا بدکار ہمارے قبضہ میں نہیں آئیں گے، کیسا بُرا فیصلہ کرتے ہیں۔ (٥) جو شخص ملاقاتِ الٰہی کا اُمیدوار ہے تو وہ واقع ہونے والی ہے لہٰذا اس کیلئے تفسیر و تدبیر میں پوری تیاری کرتا رہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ

اور جو شخص کوشش کرتا ہے تو اپنے ہی بھلے کے لیئے کرتا ہے بے شک اللہ

لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ ۝٦ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

سارے جہان سے بے نیاز ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام

الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

کیئے ہم ان کے گناہوں کو ان سے دور کر دیں گے اور انہیں ان کے

أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٧ وَوَصَّيْنَا

اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے اور ہم نے انسان کو

الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِنْ جَاهَدَاكَ

اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور اگر وہ تجھے اس بات پر مجبور کریں

لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ

کہ تو میرے ساتھ اسے شریک بنائے جسے تو جانتا بھی نہیں تو ان کا کہنا نہ مان

إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝٨ وَ

تم سب نے لوٹ کر میرے ہاں ہی آنا ہے تب میں تمہیں بتا دوں گا جو کچھ تم کرتے تھے اور

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي

جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیئے ہم انہیں ضرور نیک بندوں میں

الصَّالِحِينَ ۝٩ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ

داخل کریں گے اور کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے

فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ

پھر جب انہیں اللہ کی راہ میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے لوگوں کی تکلیف کو اللہ کے عذاب

اللَّهِ وَلَئِنْ جَاءَ نَصْرٌ مِنْ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا

کے برابر سمجھتے ہیں اور اگر تیرے رب کی طرف سے مدد پہنچے تو کہتے ہیں ہم تو

### ربطِ آیات

(۶) ہر کوشش کا نتیجہ کرنے والے کو ہی ملے گا۔ اللہ تعالیٰ کو تو کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے (۷) ایمانداروں کو یہ جزا ملے گی۔ (۸) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے بعد والدین کی پوری اطاعت کی جائے مگر فقط شرک میں ان کا لحاظ نہ کیا جائے (۹) ایمانداروں کو نیکوکاروں کی فہرست میں شامل کر لیا جائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۡ وَّاضْمُمْ
اپنا ہاتھ ڈال وہ بغیر کسی عیب کے چمکتا ہوا نکلے گا اور رفع خوف

اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ
کے لئے اپنا بازو اپنی طرف ملا سو تیرے رب کی طرف سے فرعون

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا
اور اس کے سرداروں کے لئے یہ دو سندیں ہیں بے شک وہ

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا
نافرمان لوگ ہیں کہا اے میرے رب! میں نے ان کے ایک آدمی کو قتل کیا ہے

فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ
پس میں ڈرتا ہوں کہ مجھے مار ڈالیں گے اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ

مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّيْٓ
رواں ہے اسے میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج کہ میری تصدیق کرے کیونکہ

اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿٣٤﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ
میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے فرمایا ہم تیرے بازو کو تیرے بھائی سے

بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚۛ
مضبوط کر دیں گے اور تمہیں غلبہ دیں گے پھر وہ تم تک پہنچ نہیں سکیں گے

بِاٰيٰتِنَآ ۚۛ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ
ہماری نشانیوں کے سبب سے تم اور تمہارے تابعدار غالب رہیں گے پھر جب موسٰی

مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ
ان کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر آیا تو کہنے لگے کہ یہ تو محض ایک بنایا ہوا

مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾
جادو ہے اور ہم نے اسے اپنے پہلے باپ دادا سے سنا ہی نہیں ہے

### ربطِ آیات

(۳۲) یہ دوسرا معجزہ ملا یہ دونوں معجزے دے کر فرعون کی طرف جانے کا حکم فرمایا (۳۳) موسٰی علیہ السلام نے فرعون کے ہاں جانے میں یہ عذر پیش کیا۔
(۳۴) اور ہارون علیہ السلام کی نبوت کے لئے درخواست کی۔
(۳۵) درخواست منظور فرمائی اور فرعون کی گرفت سے بچنے اور غلبہ پانے کی خوشخبری دی۔
(۳۶) فرعون اور اس کی قوم نے موسٰی علیہ السلام پر جادوگری کا الزام لگایا۔
(معارف القرآن ۱۲)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَقَالَ مُوسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ

اور موسیٰ نے کہا کہ میرا رب خوب جانتا ہے جو اُس کی طرف سے ہدایت لے کر

عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

آیا ہے اور جس کے لئے آخرت کا گھر ہے بے شک ظالم نجات

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ

نہیں پائیں گے اور فرعون نے کہا اے سردارو!

مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ

میں نہیں جانتا کہ میرے سوا تمہارا کوئی اور معبود ہے پس اے ہامان!

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ

تو میرے لئے گارا پکوا پھر میرے لئے ایک بلند محل بنوا کہ میں

اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ

موسیٰ کے خدا کو جھانک لوں اور بے شک میں اسے جھوٹا

الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ

سمجھتا ہوں اور اُس نے اور اُس کے لشکروں نے زمین پر

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾

ناحق تکبر کیا اور خیال کیا کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ

پھر ہم نے اُسے اور اُس کے لشکروں کو پکڑ لیا پھر اُنہیں دریا میں پھینک دیا سو دیکھ لو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً

ظالموں کا کیا انجام ہوا اور ہم نے انہیں پیشوا بنایا

يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

وہ دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن انہیں مدد نہیں ملے گی

## ربطِ آیات

(۳۷) موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو اُس کی طرف سے ہدایت لایا ہے اور نتیجہ کس کے حق میں اچھا نکلے گا۔

(۳۸) فرعون نے اپنی قوم میں الوہیت کا اعلان کیا اور موسیٰ علیہ السلام کے خدا کو دیکھنے کی یہ تدبیر نکالی۔

(۳۹) فرعون اور اُس کے لشکر نے خدا کی زمین میں رہ کر اس کی غلامی سے تکبر کیا اور خیال کیا کہ ہمارے ہاں لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

(۴۰) ہم نے سب کو پکڑ کر سمندر میں پھینک دیا۔

(۴۱) اور انہیں دوزخ کا داعی بنایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور ہم نے اس دُنیا میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور وہ قیامت کے دن بھی

هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

بدحالوں میں ہوں گے اور ہم نے مُوسیٰ کو پہلی اُمتوں

مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ

کے ہلاک کرنے کے بعد کتاب دی تھی جو لوگوں کے لئے بینائی

وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَمَا كُنْتَ

اور ہدایت اور رحمت تھی تاکہ وہ سمجھیں اور تم

بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا

غربی جانب نہیں تھے جب ہم نے مُوسیٰ کی طرف حکم بھیجا اور نہ

كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا

اس واقعہ کو دیکھنے والے تھے لیکن ہم نے بہت سی نسلیں پیدا کیں

فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ

پھر ان پر مُدّت دراز گزری اور تو مدین والوں میں نہیں رہتا

مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَ

تھا کہ اُنہیں ہماری آیتیں سُناتا لیکن ہم رسُول بھیجتے رہے اور

مَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً

تُو طُور کے کنارے پر نہ تھا جب ہم نے آواز دی لیکن تیرے رب کا

مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ

یہ انعام ہے تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی

قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ

ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان کے اپنے ہی

خلاصۂ رکوع ۵ - فرعون و قوم کے بعد مُوسیٰ علیہ السلام کو توریت ملی۔ بنی اسرائیل کی طرف مُوسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے، قوم بنی اسمٰعیل کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور ان پر تمام حجت ہو رہا ہے۔ ماخذ (۱) آیۃ ۴۳ (۲) ۴۶، ۴۵، ۴۰

ع ۱۳ / ۵

## ربطِ آیات

(۴۲) ان کے لئے دُنیا میں لعنت اور قیامت میں دوزخ ہے۔ (۴۳) ان اوصافِ حمیدہ سے متصف کتاب مُوسیٰ علیہ السلام کو دی گئی۔ (۴۴) آپ وہاں موجود نہیں تھے بلکہ عہدۂ نبوّت کے باعث آپ کو یہ اطلاعات صحیح مل رہی ہیں۔ (۴۵) اور آپ مدین میں بھی نہیں تھے۔ اُن کے واقعات بھی بذریعۂ وحی آپ کو معلوم ہو رہے ہیں۔ (۴۶) اور آپ کوہِ طُور پر بھی نہ تھے لیکن یہ واقعات بذریعۂ وحی القاء ہو رہے ہیں تاکہ آپ بنی اسرائیل کو ڈرائیں جن کے پاس پہلے کوئی نبی نہیں آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُّصِيبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا۟ رَبَّنَا لَوْلَآ

اعمال کے سبب سے ان پر مصیبت نازل ہو جائے پھر کہتے اے ہمارے رب!

أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ ءَايَٰتِكَ وَنَكُونَ مِنَ

تو نے ہمارے پاس رسول کیوں نہ بھیجا تاکہ ہم تیرے حکموں کی تابعداری کرتے اور

ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ ٱلْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا۟

ایمان والوں میں ہوتے پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ پہنچا تو کہنے لگے

لَوْلَآ أُوتِىَ مِثْلَ مَآ أُوتِىَ مُوسَىٰٓ ۚ أَوَلَمْ يَكْفُرُوا۟ بِمَآ

کیوں نہیں دیا گیا جیسا موسیٰ کو دیا گیا تھا کیا انہوں نے اس چیز کا انکار نہیں کیا تھا

أُوتِىَ مُوسَىٰ مِن قَبْلُ ۖ قَالُوا۟ سِحْرَانِ تَظَٰهَرَا وَقَالُوٓا۟

جو موسیٰ کو اس سے پہلے دی گئی تھی کہنے لگے دونوں جادوگر آپس میں موافق ہیں اور کہا

إِنَّا بِكُلٍّ كَٰفِرُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَأْتُوا۟ بِكِتَٰبٍ مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ

ہم کسی کو بھی نہیں مانتے کہہ دو پس اللہ کے ہاں سے کوئی ایسی کتاب لاؤ

هُوَ أَهْدَىٰ مِنْهُمَآ أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿٤٩﴾

جو ان دونوں سے ہدایت میں بڑھ کر ہو کہ میں اس پر چلوں اگر تم سچے ہو

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا۟ لَكَ فَٱعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ

پھر اگر تمہارا کہنا نہ مانیں تو جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشوں

أَهْوَآءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ ٱتَّبَعَ هَوَىٰهُ بِغَيْرِ هُدًى

کے تابع ہیں اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہوگا جو اللہ کی ہدایت چھوڑ کر اپنی

ع

مِّنَ ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٥٠﴾

خواہشوں پر چلتا ہو بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں کرتا

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ ٱلْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥١﴾

اور البتہ ہم ان کے پاس ہدایت بھیجتے رہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

## ربطِ آیات

(۴۷) ان کے ہاں نبی بھیجنے کا اصلی باعث یہ ہے۔ (۴۸) اب تسلیم حق میں بہانے بنا رہے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام جیسے معجزات مانگتے ہیں۔ کیا جب وہ معجزات موسیٰ علیہ السلام نے پیش کئے تھے تو وہ لوگ ان کو مانتے تھے۔ (۴۹) اگر قرآن نہیں مانتے تو قرآن اور توریت سے کوئی اور بہتر کتاب منزل من اللہ ہے تو لاؤ۔ میں اس کا اتباع کرنے کو تیار ہوں۔

(۵۰) اگر نہ لائیں تو سمجھ لیجئے کہ ان کے پاس کوئی کتاب نہیں ہے۔ محض اپنے ہوائی خیالات کے تابع ہیں۔ (۵۱) ہم نے ان لوگوں کی نصیحت کے لئے پے درپے آیتیں نازل کیں۔

خلاصہ رکوع ۶ — ۱۰ ہر طرح موسیٰ علیہ السلام کی تابعداری کی جائے، پیغام موسیٰ کی اسی طرح اب بھی ہو۔ (۲) اللہ عز و جل موسیٰ علیہ السلام کو تم اختیار کرنے والا مانتے ہیں، پیغام کو تم اختیار کرنے والا کو تباہ کیا گیا تھا۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تم محروم اور تقویٰ میں بھیجا گیا۔ تقویٰ اختیار کرنے والا کو تباہ کر دیا جائے گا۔ ماخذ: آیت ۵۲ — (۲) آیت ۵۵

ع ۵ ۸



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِهِ هُمْ بِهِ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾

جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی ہے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں

وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّنَا إِنَّا

اور جب ان پر پڑھا جاتا ہے کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے ہمارے رب کی طرف سے یہ

كُنَّا مِنْ قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ ﴿٥٣﴾ أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ

حق ہے ہم تو اسے پہلے ہی مانتے تھے یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ان کے

أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ

صبر کی وجہ سے دوگنا بدلہ ملے گا اور بھلائی سے برائی کو

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿٥٤﴾ وَإِذَا سَمِعُوا

دور کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جب بے ہودہ بات

اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے

أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ ﴿٥٥﴾ إِنَّكَ

تمہارے اعمال تم پر سلام ہو ہم بے سمجھوں کو نہیں چاہتے بے شک تو

لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ

ہدایت نہیں کر سکتا جسے تو چاہے لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جسے

يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوا إِنْ نَتَّبِعِ

چاہے اور وہ ہدایت والوں کو خوب جانتا ہے اور کہتے ہیں اگر ہم تیرے

الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ

ساتھ ہدایت پر چلیں تو اپنے ملک سے اچک لئے جائیں کیا ہم نے انہیں حرم میں

حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقًا مِنْ

جگہ نہیں دی جو امن کا مقام ہے جہاں ہر قسم کے میووں کا رزق ہماری طرف سے پہنچایا

### رابطِ آیات

(۵۲) اہل کتاب اس کی تصدیق بھی کر چکے ہیں۔ (۵۳) وہ اس پر ایمان بھی لاتے ہیں۔ (۵۴) انہیں دونوں (توراۃ اور قرآن) پر عمل کرنے کا بدلہ ملے گا۔ (۵۵) یہ اُن کے اخلاق کا نمونہ ہے۔ (۵۶) بنی اسرائیل مانیں اور جن کے گھر میں قرآن نازل ہو وہ نہ مانیں۔ اس میں آپ کا کیا اختیار ہے۔



Almarifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٥٧ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

جاتا ہے | لیکن اکثر ان میں سے | نہیں جانتے | اور ہم نے بہت سی بستیوں

مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ

کو ہلاک کر ڈالا | جو اپنے سامانِ عیش پر نازاں تھے | سو یہ اُن کے گھر ہیں | کم

تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥٨

اُن کے بعد | آباد نہیں ہوئے مگر بہت کم | اور ہم ہی | وارث ہوئے

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا

اور تیرا رب | بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتا | جب تک ان کے بڑے شہر میں

رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى

پیغمبر نہ بھیج لے | جو انہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سنائے | اور ہم بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتے

اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۝٥٩ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ

مگر اس حالت میں کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوں | اور جو چیز تمہیں دی گئی ہے | وہ دُنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

زندگی کا فائدہ | اور اُس کی | زینت ہے | جو چیز اللہ کے ہاں ہے | وہ بہتر

وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝٦٠ ۧ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا ٦ ع ١٠ ٩

اور باقی رہنے والی ہے | کیا تم نہیں سمجھتے | پھر کیا وہ شخص | جس سے ہم نے اچھا وعدہ

حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

کیا ہو | سو وہ اسے پانے والا بھی ہو | اُس کے برابر ہے جسے ہم نے دُنیا کی زندگی کا فائدہ دیا

ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٦١ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ

پھر وہ | قیامت کے دن | پکڑا ہوا آئے گا | اور جس دن انہیں پکارے گا

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝٦٢

پھر کہے گا | میرے شریک کہاں ہیں | جن کا تم دعویٰ | کرتے تھے

## ربطِ آیات

(۵۷) قرآن نہ ماننے میں عذرِ لنگ پیش کرتے ہیں۔ (۵۸) تذکیر بایام اللہ ہے۔ اے مخالفینِ قرآن ان کھنڈروں سے جاکر عبرت حاصل کرو۔ (۵۹) اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے اور وہ پورا ہو گیا۔ (۶۰) جن دُنیا کی چیزوں پر تم مغرور ہو وہ فانی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ہاں دائمی نعمتیں ہیں جو قرآن کے اتباع سے مل سکتی ہیں (۶۱) کیا یہ دو شخص برابر ہو سکتے ہیں۔ (۶۲) قیامت کے دن ان سے یہ سوال ہوگا

> خلاصہ رکوع ۷۔ معبودانِ باطل جن معبودوں کی عبادت کرتے رہے ہیں قیامت کے دن وہ ان سے بیزار ہوں گے
> ماخذ آیت ۶۳۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِينَ
جن پر الزام قائم ہوگا وہ کہیں گے اے رب ہمارے! وہ یہی ہیں جنہیں

أَغْوَيْنَا ۚ أَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّأْنَآ إِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوٓا
ہم نے بہکایا تھا انہیں ہم نے گمراہ کیا تھا جیسا کہ ہم گمراہ تھے ہم تیرے رُوبرُو بیزار ہوتے ہیں یہ

إِيَّانَا يَعْبُدُونَ ﴿۶۳﴾ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَآءَكُمْ
ہمیں نہیں پوجتے تھے اور کہا جائے گا اپنے شریکوں کو پکارو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ
پھر انہیں پکاریں گے تو وہ انہیں جواب نہ دیں گے اور عذاب دیکھیں گے کاش

أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ
یہ لوگ ہدایت پر ہوتے اور جس دن انہیں پکارے گا پھر کہے گا

مَاذَآ أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنۢبَآءُ
تم نے پیغام پہنچانے والوں کو کیا جواب دیا تھا پھر اس دن انہیں کوئی بات نہیں

يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُونَ ﴿۶۶﴾ فَأَمَّا مَنْ تَابَ
سوجھے گی پھر وہ آپس میں بھی نہیں پوچھ سکیں گے پھر جس نے توبہ کی

وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى أَنْ يَكُونَ مِنَ
اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے سو اُمید ہے کہ وہ نجات پانے والوں

الْمُفْلِحِينَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا
میں سے ہوگا اور تیرا رب جو چاہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہے پسند کرے انہیں

كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا
کوئی اختیار نہیں ہے اللہ ان کے شرک سے پاک اور

يُشْرِكُونَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا
برتر ہے اور تیرا رب جانتا ہے جو ان کے سینوں میں پوشیدہ ہے اور جو

## ربطِ آیات

(۶۳) جن کے دروازوں پر ساری عمر پڑے رہے آج وہ ان سے بیزار ہوگئے۔

(۶۴) رُوسا تو پہلے بیزار ہو چکے ہیں۔ اب معبودانِ باطل کو بلاتے ہیں۔ وہ کوئی جواب نہیں دیتے۔ بس فقط دستِ حسرت ملیں گے کاش کر ہدایت پا لیتے۔

(۶۵) جب یہ سوال ہوگا۔

(۶۶) اس کا کوئی جواب اُن کے پاس نہ ہوگا۔

(۶۷) ہاں اگر ان میں سے کوئی تائب ہو جائے گا تو وہ یقیناً نجات پا جائے گا۔

(۶۸) کفار نے جب یہ اعتراض کیا تھا کہ یہ قرآن مکہ معظمہ اور طائف کے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہ نازل ہوا۔ تب اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جسے چاہے منصبِ نبوت کے لئے اختیار فرمائے اس میں کسی آدمی کا اختیار نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُعْلِنُونَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْحَمْدُ فِي
ظاہر کرتے ہیں — اور وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں — دنیا اور آخرت میں

الْاُولٰى وَالْاٰخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾
اسی کی — تعریف ہے — اور اسی کی حکومت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا
کہہ دو بھلا یہ تو بتاؤ — اگر اللہ تم پر — ہمیشہ کے لئے — قیامت تک

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۖ
رات ہی رہنے دے — تو اللہ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمہارے لئے روشنی لائے

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ
کیا تم — سنتے نہیں ہو — کہہ دو — بھلا یہ تو بتاؤ — اگر اللہ — تم پر

عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ
ہمیشہ کے لئے — قیامت تک — دن ہی رہنے دے — تو اللہ کے

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۖ
سوا کونسا معبود ہے جو تمہارے لئے رات لائے — جس میں — آرام پاؤ

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ
کیا تم — دیکھتے نہیں ہو — اور اس نے اپنی رحمت سے — تمہارے لئے رات اور

النَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ
دن کو بنایا — تاکہ تم اس میں آرام پاؤ — اور اپنے رب کا فضل تلاش کرو — اور

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ
تاکہ تم — شکر کرو — اور جس دن انہیں پکارے گا — پھر کہے گا

اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَنَزَعْنَا
وہ کہاں ہیں — جنہیں تم — میرا شریک سمجھتے تھے — اور ہم

## ربط آیات

(۶۹) اللہ تعالیٰ ہر شخص کی استعداد ظاہری اور باطنی کو جانتا ہے لہٰذا وہ جسے اہل سمجھتا ہے انتخاب فرماتا ہے۔ (۷۰) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور تمام امور میں اسی کا فیصلہ حق بجانب ہے اور اسی کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا۔ (۷۱) اگر وہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ رات بنا دے تو دن کون لا سکتا ہے؟ (۷۲) اگر ہمیشہ دن بنا دے تو آرام کے لئے رات کون لا سکتا ہے۔ (۷۳) یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ دونوں چیزیں اس نے بنا دی ہیں۔ یکے بعد دیگرے آتے ہیں اور جہان کا سلسلہ چل رہا ہے۔ (۷۴) قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَعَكُمْ ۗ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾
تمہارے ساتھ تھے اور کیا اللہ جہان والوں کے دلوں کی باتوں سے اچھی طرح واقف نہیں ہے

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾
اور البتہ اللہ انہیں ضرور معلوم کرے گا جو ایمان لائے اور البتہ منافقوں کو بھی معلوم کرکے رہے گا

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا
اور کافر ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے طریقہ پر چلو

وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ
اور ہم تمہارے گناہ اٹھالیں گے حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے

خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ
کچھ بھی اٹھانے والے نہیں بے شک وہ جھوٹے ہیں اور

لَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَ
البتہ اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھ کے ساتھ اور کتنے بوجھ اور

۱ ع۳ ۱۴ لَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع وَ
البتہ قیامت کے دن ان سے ضرور پوچھا جائے گا ان باتوں کے متعلق جو وہ بناتے تھے اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ
ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا پھر وہ ان میں

اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ
پچاس برس کم ہزار برس رہے پھر انہیں طوفان نے

الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ
آپکڑا اور وہ ظالم تھے پھر ہم نے نوح کو اور

اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾
کشتی والوں کو نجات دی اور ہم نے کشتی کو جہان والوں کے لئے نشانی بنادیا

## ربط آیات

(۱۰) بعض آدمی آزمائش کے وقت فیل ہو جاتے ہیں۔

(۱۱) اللہ تعالیٰ بھی مؤمن اور منافق کا امتیاز کرکے چھوڑے گا

(۱۲) کفار نے مؤمنین کو گمراہ کرنے کے لئے یہ حیلہ تجویز کیا اور یہ حیلہ محض جھوٹا تھا۔ (۱۳) ہاں اس دلالت علی الشر کا گناہ بھی ان کے خود کردہ گناہوں کے ساتھ شامل ہوگا اور قیامت کے دن ان سے پوچھا جائے گا۔

(۱۴) ساڑھے نو سو برس

| خلاصہ رکوع ۲۔ تذکیر بایام اللہ اور شروع واقعہ ابراہیم علیہ السلام۔ ماخذ آیت ۱۴۔۱۹۔ |
|---|

نوح علیہ السلام نے تبلیغ فرمائی۔ بالآخر ان کی قوم غرق ہوئی۔ (۱۵) ہم نے نوح علیہ السلام اور کشتی والوں کو بچا لیا۔ چونکہ یہ ایمان دار تھے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِبْرَٰهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ ٱعْبُدُوا ٱللَّهَ وَٱتَّقُوهُ ۖ
اور ابراہیم کو جب اُس نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اُس سے ڈرو

ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۱۶﴾ إِنَّمَا تَعْبُدُونَ
اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو تمہارے لئے یہی بہتر ہے تم اللہ کے سوا بُتوں ہی کی

مِن دُونِ ٱللَّهِ أَوْثَٰنًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ
عبادت کرتے ہو اور جھوٹ بناتے ہو جنہیں تم

تَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَٱبْتَغُوا
اللہ کے سوا پوجتے ہو وہ تمہاری روزی کے مالک نہیں سو تم

عِندَ ٱللَّهِ ٱلرِّزْقَ وَٱعْبُدُوهُ وَٱشْكُرُوا لَهُۥٓ ۖ إِلَيْهِ
اللہ ہی سے روزی مانگو اور اُسی کی عبادت کرو اور اُسی کا شکر کرو اُسی کے

تُرْجَعُونَ ﴿۱۷﴾ وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ۖ
پاس لوٹائے جاؤ گے اور اگر تم جھٹلاؤ تو تم سے پہلے بہت سی جماعتیں جھٹلا چکی ہیں

وَمَا عَلَى ٱلرَّسُولِ إِلَّا ٱلْبَلَٰغُ ٱلْمُبِينُ ﴿۱۸﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا
اور رسول کے ذمہ تو بس کھول کر پہنچا دینا ہی ہے کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا

كَيْفَ يُبْدِئُ ٱللَّهُ ٱلْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُۥٓ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى
کہ اللہ کس طرح پہلی دفعہ مخلوق کو پیدا کرتا ہے پھر اُسے لوٹائے گا بے شک یہ اللہ پر

ٱللَّهِ يَسِيرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيرُوا فِى ٱلْأَرْضِ فَٱنظُرُوا كَيْفَ
آسان ہے کہہ دو ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ اُس نے کس طرح

بَدَأَ ٱلْخَلْقَ ثُمَّ ٱللَّهُ يُنشِئُ ٱلنَّشْأَةَ ٱلْءَاخِرَةَ ۚ
مخلوق کو پہلی دفعہ پیدا کیا پھر اللہ آخری دفعہ بھی پیدا کرے گا

إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَن
بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے جسے چاہے گا عذاب

## ربط آیات

(۱۶) ابراہیم علیہ السلام بھی عبادت الٰہی کا پیغام لائے

(۱۷) ان بے حقیقت بُتوں کی پرستش کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کیوں نہیں کرتے۔ (۱۸) اگر نہیں مانتے تو پہلے لوگوں کی عادت تو یہ ہے۔ نبی کا کام فقط تبلیغ حق ہے تکمیل حق نہیں ہے۔

(۱۹) کیا اللہ تعالیٰ کی پہلی آفرینش اور دوبارہ پیدا کرنے کی قدرت کو نہیں دیکھتے۔ اگر دیکھیں تو بت پرستی کی حقیقت آشکارا ہو جائے۔

(۲۰) زمین میں سیر کر کے عجائبات قدرت دیکھو تو تمہیں اللہ تعالیٰ کی طاقت معلوم ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ

دے گا اور جس پر چاہے رحم کرے گا اور اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور تم

اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۡ وَمَا لَكُمْ

زمین اور آسمان میں عاجز نہیں کر سکتے اور اللہ

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ ع وَالَّذِيْنَ

کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ

اللہ کی آیتوں اور اُس کے ملنے سے انکار کیا وہ میری رحمت سے نااُمید

رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾ فَمَا كَانَ

ہو گئے ہیں اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے پھر اُس کی

جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

قوم کا اس کے سوا اور کوئی جواب نہ تھا کہ اسے مار ڈالو یا جلا ڈالو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

پھر اللہ نے اُسے آگ سے نجات دی بے شک اِس میں اُن کے لئے نشانیاں ہیں جو

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ

ایماندار ہیں اور کہا تم اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو لئے بیٹھے ہو

مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

تمہاری آپس کی محبت دُنیا کی زندگی میں ہے پھر قیامت کے دن

يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ

ایک دُوسرے کا انکار کرے گا اور ایک دُوسرے پر لعنت کرے گا

وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ق

اور تمہارا ٹھکانا آگ ہو گا اور تمہارے لئے کوئی بھی مددگار نہ ہو گا

ع ۳ / ۱۴

## ربطِ آیات

(۲۱) تمہیں لوٹ کر اُسی ہی کی جانب جانا ہے۔ رحمت عذاب اُسی کے قبضہ میں ہے۔
(۲۲) اور تم کہیں بھی اللہ تعالیٰ کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ (۲۳) کفار رحمتِ الٰہی

خلاصہ حصہ رکوع ۳۔ تذکرہ [illegible] حضرت ابراہیم علیہ السلام [illegible] آیت ۲۱ - ۳۰

سے محروم ہو گئے۔
(۲۴) اس تبلیغ حق کے جواب میں انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ اسے قتل کر دو یا جلا دو لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اسے بچا لیا۔ (۲۵) ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا دُنیا میں بت پرستی کرو۔ قیامت کے دن تم ایک دُوسرے پر لعنت کرو گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ
پھر اُس پر لُوط ایمان لایا اور ابراہیم نے کہا بے شک مَیں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں

هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ اِسْحٰقَ
بے شک وُہ غالب حکمت والا ہے اور ہم نے اُسے اسحٰق

وَیَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ
اور یعقوب عطا کیا اور اُس کی نسل میں نبوّت اور

الْکِتٰبَ وَاٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی
کتاب مقرّر کر دی اور ہم نے اسے اس کا بدلہ دُنیا میں دیا اور وُہ آخرت

الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ
میں بھی البتہ نیکوں سے ہوگا اور لُوط کو بھیجا جب اُس نے اپنی قوم سے کہا

اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَکُمْ بِهَا مِنْ
کہ تم وُہ بے حیائی کرتے ہو جو تم سے پہلے کسی

اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۸﴾ اَئِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ
نے نہیں کی کیا تم مردوں کے پاس جاتے ہو

وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ ۙ۬ وَتَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْکُمُ
اور تم ڈاکے ڈالتے ہو اور اپنی مجلس میں بُرا کام

الْمُنْکَرَ ؕ فَمَا کَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا
کرتے ہو پھر اُس کی قوم کے پاس اِس کے سوا کوئی جواب نہ تھا

ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۹﴾
کہ تُو ہم پر اللہ کا عذاب لے آ اگر تُو سچا ہے

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾ ع
کہا اے میرے رب میری مدد کر ان شریر لوگوں پر

## ربطِ آیات

(۲۶) ساری قوم میں سے ایک لُوط علیہ السلام ان پر ایمان لائے۔ ابراہیم علیہ السلام تنگ آ کر ہجرت کر کے نکل گئے۔ (۲۷) اللہ تعالیٰ نے انہیں نعم البدل اعزہ عطا فرمائے۔
(۲۸) لُوط علیہ السلام نے اپنی قوم کو یہ کلمۂ حق پہنچایا۔
(۲۹) لُوط علیہ السلام کی تبلیغ کا یہ جواب دیا کہ عذاب لاؤ۔
(۳۰) لُوط علیہ السلام نے بارگاہِ الٰہی میں فریاد کی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا

اور جب ہمارے بھیجے ہوئے ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر آئے کہنے لگے

اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا

ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے والے ہیں یہاں کے لوگ

كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا

بڑے ظالم ہیں کہا اس میں لوط بھی ہے کہنے لگے

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۡ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا

ہم خوب جانتے ہیں جو اس میں ہے ہم لوط اور اس کے کنبہ کو بچالیں گے مگر

امْرَاَتَهٗ ڭ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَلَمَّآ اَنْ

اس کی بیوی وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہوگی اور جب ہمارے

جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ

بھیجے ہوئے لوط کے پاس آئے تو اسے ان کا آنا برا معلوم ہوا اور تنگ دل ہوئے

ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۣ اِنَّا

فرشتوں نے کہا خوف نہ کر اور غم نہ کھا بے شک ہم

مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ

تجھے اور تیرے کنبہ کو بچالیں گے مگر تیری بیوی پیچھے رہنے والوں

الْغٰبِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

میں ہوگی ہم اس بستی والوں پر اس لئے کہ بدکاری کرتے رہے

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ

ہیں آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں اور ہم نے

تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٣٥﴾

عقلمندوں کے لئے اس بستی کا نشان نظر آتا ہوا چھوڑ دیا

خلاصہ رکوع ۴ - تذکیر بایام اللہ اجتبیٰ و قصۂ لوط علیہ السلام اس کے بعد شعیب علیہ السلام کا واقعہ اور پھر تنبیہ، ماخذ آیات ۳۲، ۳۹، ۴۰

## ربطِ آیات

(۳۱) لوط علیہ السلام کی قوم کو تباہ کرنے سے پہلے فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس بیٹے کی خوشخبری دینے کے لئے آئے۔ کیونکہ لوط علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام کی روحانی اولاد ہیں اور ان کی امت کو تباہ کرنے کے لئے جارہے ہیں گویا کہ نسل روحانی ابراہیم علیہ السلام کی منقطع ہورہی ہے اور ابراہیم علیہ السلام خلیل الرحمٰن ہیں اس لئے ان کی دلجوئی مقصود ہے لہٰذا ایک روحانی اولاد کے تباہ کرنے سے پہلے بہترین روحانی اور جسمانی اولاد کی انہیں خوشخبری دی جارہی ہے۔ واللہ اعلم! (۳۲) اس میں (میرے روحانی بیٹے) لوط علیہ السلام ہیں۔ (۳۳) لوط علیہ السلام قوم کی بدکاری کی وجہ سے مہمانوں کو دیکھ کر پریشان ہوئے لیکن فرشتوں نے تسلی دی۔ (۳۴) ہم ان کی بدکاری کی وجہ سے عذاب کرنے کے لئے آئے ہیں (۳۵) قوم لوط (علیہ السلام) کی بستیاں میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يَٰقَوْمِ
اور مدین کے پاس اُن کے بھائی شعیب کو بھیجا پس کہا اے میری قوم!
اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا
اللہ کی عبادت کرو اور قیامت کے دن کی اُمید رکھو اور ملک
فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ
میں فساد نہ مچاؤ سو اُنہوں نے اسے جھٹلایا تب اُنہیں
الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٣٧﴾ وَعَادًا
زلزلے نے آپکڑا پھر وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے اور ہم
وَثَمُودَا۟ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن مَّسَٰكِنِهِمْ ۖ وَ
نے عاد اور ثمود کو ہلاک کیا اور تمہیں اُن کے کچھ مکانات بھی دکھائی دیتے ہیں اور
زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ فَصَدَّهُمْ
شیطان نے ان کے اعمال انہیں آراستہ کر دکھائے اور انہیں راہ سے
عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ﴿٣٨﴾ وَقَٰرُونَ
روک دیا حالانکہ وہ سمجھدار تھے اور قارون
وَفِرْعَوْنَ وَهَٰمَٰنَ ۖ وَلَقَدْ جَآءَهُم مُّوسَىٰ
اور فرعون اور ہامان کو ہلاک کیا اور البتہ اُن کے پاس موسیٰ نشانیاں بھی
بِالْبَيِّنَٰتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا
لے کر آئے تھے پھر اُنہوں نے ملک میں سرکشی کی اور وہ بھاگ کر
سَٰبِقِينَ ﴿٣٩﴾ فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنۢبِهِۦ ۖ فَمِنْهُم
نہ جا سکے پھر ہم نے ہر ایک کو اُس کے گناہ پر پکڑا پھر کسی پر
مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُم مَّنْ
تو ہم نے پتھروں کا مینہ برسایا اور اُن میں سے کسی کو



## ربطِ آیات

(۳٦) شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو یہ پیغام حق پہنچایا۔ (۳۷) اُنہوں نے جھٹلایا اور یہ عذاب پایا۔ (۳۸) عاد اور ثمود کے مکانات کو بھی دیکھتے ہو اُنہیں بھی شیطان نے راہِ راست سے روکا اُس کا کہا مان لیا حالانکہ وہ عقلمند تھے۔ اس کے بعد عذاب الٰہی نے انہیں تباہ کر دیا۔
(۳۹) قارون، فرعون اور ہامان نے پیغام حق کی مخالفت کی جو موسیٰ علیہ السلام کی معرفت پہنچایا تھا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُم مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ

کڑک نے آپکڑا اور کسی کو اُن میں سے زمین میں

الْأَرْضَ ۚ وَمِنْهُم مَّنْ أَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ

دھنسا دیا اور کسی کو اُن میں سے غرق کر دیا اور اللہ ایسا نہ تھا کہ

لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٠﴾

اُن پر ظلم کرے لیکن وہی اپنے اوپر ظلم کیا کرتے تھے

مَثَلُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ

اُن لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کے سوا حمایتی بنا رکھے ہیں

كَمَثَلِ الْعَنكَبُوتِ اتَّخَذَتْ بَيْتًا ۖ وَإِنَّ أَوْهَنَ

مکڑی کی سی مثال ہے جس نے گھر بنایا اور بے شک سب

الْبُيُوتِ لَبَيْتُ الْعَنكَبُوتِ ۖ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾

گھروں سے کمزور گھر مکڑی کا ہے کاش وہ جانتے

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ مِن

بے شک اللہ جانتا ہے جسے وہ اُس کے سوا پکارتے

شَيْءٍ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٤٢﴾ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ

ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے اور یہ مثالیں ہیں جنہیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۖ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ ﴿٤٣﴾

ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں اور انہیں وہی سمجھتے ہیں جو علم والے ہیں

خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّ فِي

اللہ نے آسمانوں اور زمین کو مناسب طور پر بنایا ہے بے شک اس

ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٤﴾ ع

میں ایمان والوں کے لئے بڑی نشانی ہے

### ربطِ آیات

(۴۰) ہر ایک قوم ان میں سے مختلف قسم کے عذاب الٰہی میں گرفتار ہوئی۔ اس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی قصور نہیں بلکہ یہ ان کے اپنے اعمال کی شامت ہے۔ (۴۱) اب یہ لوگ مخالفین قرآن اللہ تعالیٰ سے ہٹ کر غیر اللہ کو معبود بنا رہے ہیں۔ یہ دین ان کا مکڑی کے جالے کی طرح کمزور ہے۔ (۴۲) ان کے معبودان باطل کا اللہ تعالیٰ کو سب علم ہے۔ (۴۳) ہم سابقہ کے واقعات لوگوں کے نفع کے لئے ہم بیان کرتے ہیں۔ لیکن سمجھدار ہی انہیں سمجھ سکتے ہیں۔ (۴۴) آسمان و زمین بیکار تو نہیں بنائے گئے لیکن اس کے حکم و مصالح مومن ہی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ
جو کتاب تیری طرف وحی کی گئی ہے اُسے پڑھا کرو اور نماز کے
الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ
پابند رہو بیشک نماز بے حیائی اور بُری بات سے روکتی ہے
وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَا
اور اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو اور
تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ
اہل کتاب سے نہ جھگڑو مگر ایسے طریقہ سے جو عمدہ ہو مگر جو ان میں
ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ
بے انصاف ہیں اور کہہ دو ہم اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور تمہاری طرف
اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾
نازل کیا گیا اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہونے والے ہیں
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ
اور اسی طرح ہم نے تیری طرف کتاب نازل کی ہے پھر جنہیں ہم نے کتاب دی
الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَ
بھی وہ تو اس پر ایمان لائے ہیں اور ان میں سے بھی کچھ لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں اور
مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا
ہماری آیتوں کا کافر ہی انکار کیا کرتے ہیں اور اس سے پہلے نہ تو
مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا
کوئی کتاب پڑھتا تھا اور نہ اسے اپنے دائیں ہاتھ سے لکھتا تھا اس وقت

**خلاصہ رکوع ۵**
معاندینِ حق کی پرواہ نہ کریں اور تعلق باللہ کو بذریعہ قرآن مضبوط سے اضبط بنالیں۔
ماخذ آیت ۴۵

**ربط آیات**
(۴۵) قرآن پڑھا کیجئے اور نماز ادا فرمایئے۔ نماز سے تمام نقائص دُور ہو جاتے ہیں گے
(۴۶) اہلِ کتاب سے مناظرہ کی نوبت آئے تو خوش اسلوبی سے ہو اور اپنے مسلک سے انہیں اطلاع دے دی جائے۔
(۴۷) معاندینِ قرآن کے سوا باقی سب لوگ قرآن حکیم کی تصدیق کرتے ہیں۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُونَ ﴿٤٨﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ
البتہ باطل پرست شک کرتے بلکہ وہ روشن آیتیں ہیں ان

صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا
کے دلوں میں جنہیں علم دیا گیا ہے اور ہماری آیتوں کا صرف ظالم ہی

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ
انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہ

رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ
اُتریں کہہ دو نشانیاں تو اللہ ہی کے اختیار میں ہیں اور میں تو بس کھول کر سنا دینے

مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى
والا ہوں کیا ان کے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر کتاب نازل کی جو ان پر پڑھی

عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥١﴾ ع
جاتی ہے بیشک اس میں رحمت ہے اور ایمان والوں کے لئے نصیحت ہے

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
کہہ دو اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں

وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ
ہے جانتا ہے اور جو لوگ جھوٹ پر ایمان لائے اور اللہ کا انکار کیا وہی

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ
نقصان پانے والے ہیں اور تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اگر ایک وعدہ مقرر

مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا
نہ ہوتا تو ان پر عذاب آ جاتا اور البتہ ان پر اچانک آئے گا اور انہیں خبر

يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٣﴾ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ
بھی نہ ہوگی تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور بیشک دوزخ

## ربط آیات

(۴۸) آپ کی رسالت کی تکذیب کا صحیح منشا تو ان کے پاس کوئی ہے نہیں، کیا آپ کس پڑھا کرتے تھے جس سے انہیں شبہ ہو رہا ہے (۴۹) اہل علم ترین واضح اور روشن آیات کو تسلیم کرتے ہیں فقط ظالم انکار کرتے ہیں (۵۰) کہتے ہیں کہ اس قسم کے معجزات کیوں نہیں لاتے جس سے ہماری تسلی ہو جائے، کہہ دیجئے معجزات بھیجنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے (۵۱) کیا یہ معجزہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اُمّی پر قرآن نازل کیا۔ اس دلیل سے بھی ایماندار ہی فائدہ

ع ۶ ۱

**خلاصہ رکوع ۶**
جہاد فی سبیل اللہ کے لئے اگر ہجرت کی ضرورت پیش آئے تو ہجرت کرنی ہوگی۔
ماخذ آیت ۵۶

اٹھائیں گے (۵۲) میرے صدق و کذب پر اللہ تعالیٰ کی شہادت کافی ہے۔ وہ زمین و آسمان کی تمام چیزوں کا جاننے والا ہے۔ جو باطل پر ہوگا وہی خائب و خاسر ہوگا۔ (۵۳) اگر تمہارے عذاب کا وقت معین نہ ہوتا تو فوراً آجاتا۔ یہ یاد رکھو، ناگہاں عذاب آئے گا۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۙ (٥٤) يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ

کافروں کو گھیر لینے والی ہے جس دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے

وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (٥٥)

اور پاؤں کے نیچے سے گھیرلے گا اور کہے گا جو تم کیا کرتے تھے اس کا مزہ چکھو

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ

اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو میری زمین کشادہ ہے پس میری ہی

فَاعْبُدُوْنِ (٥٦) كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ قف ثُمَّ اِلَيْنَا

عبادت کرو ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر ہمارے ہی پاس

تُرْجَعُوْنَ (٥٧) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

پھر کر آؤ گے اور جو ایمان لائے اور نیک کام کئے البتہ ہم انہیں

مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط

جنت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہاں ہمیشہ رہیں گے

نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۖ (٥٨) الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

عمل کرنے والوں کا کیا اچھا بدلہ ہے جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ (٥٩) وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ

بھروسہ رکھتے ہیں اور بہت سے جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے

اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (٦٠) وَ

اللہ ہی انہیں اور تمہیں رزق دیتا ہے اور وہ سننے والا جاننے والا ہے اور

لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ

البتہ اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ج فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ (٦١)

چاند کو کس نے کام میں لگایا تو ضرور کہیں گے اللہ نے پھر کہاں الٹے جا رہے ہیں

## ربط آیات

(۵۴) چند روز مہلت میں دنیا کی زندگی بسر کرلو۔ آئندہ تمہارا ٹھکانا جہنم ہے۔ (۵۵) تمہاری بداعمالی کے باعث عذاب نیچے اور اوپر سے آئیگا۔ (۵۶) کفار کو چونکہ چند روزہ مہلت ہے اس لیئے اگر خداپرستوں کو تنگ کریں تو خداپرست کسی اور جگہ چلے جائیں تاکہ مومنوں کے ایمان کا تحفظ ہو جائے اور سرکشوں کی شرارت پر مہر تصدیق لگ جائے۔ (۵۷) مرکر بھی سب چیزیں چھوڑنی تھیں۔ اب زندگی میں اللہ تعالیٰ کے نام پر چھوڑ دو۔ (۵۸ - ۵۹) ایذاؤں اور مصائب پر صبر کرنے والوں اور خدا پر توکل کرنے والوں کی یہ جزائے خیر ہے۔ (۶۰) ہجرت میں اگر رزق کا سوال پیش آئے تو یوں حل کرو کہ کتنے جاندار ایسے ہیں کہ روزانہ انہیں تازہ رزق ملتا ہے۔ اسی طرح تمہارے لئے روزانہ رزق پہنچانے کا اللہ تعالیٰ کفیل ہوگا بلکہ یوں خیال کرو کہ جو یہاں دے رہا ہے وہاں بھی دے گا (۶۱) تمام نظام عالم کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ جہاں جاؤ گے زمین و آسمان سورج چاند اسی کے ہونگے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ

اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ

بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے اور البتہ اگر تو ان سے پوچھے آسمان سے کس

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا

نے پانی اُتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کیا

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع

کہیں گے اللہ نے کہدو سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ

اور یہ دُنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے اور اصل زندگی

الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا

عالم آخرت کی ہے کاش وہ سمجھتے پھر جب کشتی میں

فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ۬ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ

سوار ہوتے ہیں تو خالص اعتقاد سے اللہ ہی کو پکارتے ہیں پھر جب انہیں نجات دے کر

اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لا لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ لا

خشکی کی طرف لے آتا ہے فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں تاکہ ناشکری کریں اس نعمت کی جو ہم نے انہیں دی تھی

وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ وقفة فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا

اور مزے اڑاتے رہیں عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے حرم کو

حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ

امن کی جگہ بنا دیا ہے اور لوگ ان کے آس پاس سے اُچک لئے جاتے ہیں کیا یہ لوگ جھوٹ پر

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں اور اس سے بڑھ کر کون

## ربط آیات

(۶۲) قبض و بسط رزق اسی کے قبضہ میں ہے (۶۳) خورد و نوش کی تمام چیزیں پانی سے پیدا ہوتی ہیں اور پانی اللہ تعالیٰ نازل فرماتا ہے۔ لہٰذا جو اس ملک میں بارش نازل کرتا ہے جہاں ہجرت کر کے جاؤ گے وہاں بھی نازل کر سکتا ہے۔ (۶۴) مہاجر اگر فانی زندگی کی نعمتیں قربان کریں گے تو حقیقی زندگی آخرت کا نفع پائیں گے۔

ع ۶ / ۲

**خلاصہ رکوع ۷**

اعادہ دعویٰ بطور تمہید یعنی مسلمان جہاد کریں گے اور جہاد سے کامیابی ہوگی۔

ماخذ آیت ۶۹

وقف لازم

کاش کہ یہ بات ان مخالفین حق کی صداقت کو بھی سمجھ میں آجائے (۶۵) اللہ تعالیٰ کی خالص عبادت کے مواقع انہیں بھی نصیب ہوتے ہیں۔ مثلاً سمندر میں غرق ہونے کا جب خطرہ ہوتو سوائے اس کے اور کوئی ان کے کام نہیں آتا لیکن نجات پانے کے بعد پھر شرک کرنے لگ جاتے ہیں (۶۶) اور اللہ تعالیٰ کے احسان کا انکار کر دیتے ہیں۔ جو سمندر میں اس نے کیا تھا اب دُنیا کی زندگی کا چند روزہ نفع اُٹھا لیں آخرت میں سوائے عذاب کے اور کوئی چیز ان کے لئے نہیں ہے (۶۷) کیا کفار مکہ پر ہمارا یہ احسان نہیں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ
ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق کو جھٹلائے جب اس کے پاس آئے

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا
کیا دوزخ میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے اور جنہوں نے ہمارے لئے کوشش

فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾ ع
کی ہم انہیں ضرور اپنی راہیں سجھا دیں گے اور بیشک اللہ نیکوکاروں کے ساتھ ہے

## آیاتہا ۶۰ (۳۰) سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ (۸۴) رکوعاتہا ۶

آیتیں ۶۰ سورۃ روم مکی ہے رکوع ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِىْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْ
روم مغلوب ہو گئے نزدیک کے ملک میں اور وہ مغلوب ہونے

بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ فِىْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ لِلّٰهِ
کے بعد عنقریب غالب آ جائیں گے چند ہی سال میں پہلے

الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ
اور پیچھے سب کام اللہ کے ہاتھ میں ہیں اور اس دن مسلمان خوش

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ
ہوں گے اللہ کی مدد سے مدد کرتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہ

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ
غالب رحم والا ہے اللہ کا وعدہ ہو چکا اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کرے گا

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا
لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے دنیا کی زندگی کی

### ربط آیات

(۶۸) ان مجرموں سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے اور شومی قسمت کہ یہ کفار اسی جرم میں مبتلا ہیں۔ (۶۹) جو لوگ ہمارے دین کی حمایت کے لئے مشرکوں سے جہاد کریں گے ہماری دستگیری اور اعانت انہیں حاصل ہو گی۔

ع ۷

### سُورۃ الروم

(موضوع سورۃ)

غلبہ اسلام کا اعلان ہے اس کے بعد دلائل غلبہ اور اصول غلبہ بتلائے جائیں گے۔

(۱) حروف مقطعات ہیں جیسے پہلے اس کی تفصیل سورۃ بقرہ کے ابتدا

**خلاصہ رکوع ۱**

اعلان غلبۂ اسلام۔

ماخذ آیت ۴ جس دن رومیوں کو فتح ایرانیوں پر ہوگی اسی دن مسلمانوں کو جنگ بدر میں کفار پر فتح ہو گی۔

میں ہے (۲، ۳) رومی مغلوب تو ہو گئے ہیں لیکن وہ عنقریب غالب آ جائیں گے (۴) دس سال سے پہلے غلبہ پائیں گے اور اس دن مسلمان بھی خوش ہوں گے غزوہ بدر میں ادھر مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی ادھر رومیوں کو ایرانیوں پر فتح ہوئی (۵) یہ فتح اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہو گی (۶) یہ وعدہ الٰہی پورا ہو کر رہے گا۔ اگرچہ ظاہر بین کافر اسے نہ مانیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ⑦

ظاہر باتیں جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل ہی ہیں

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ

کیا وہ اپنے دل میں خیال نہیں کرتے کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ

الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ

ان دونوں کے درمیان ہے عمدگی سے اور وقت مقرر تک کے لئے بنایا ہے اور بیشک

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ⑧ اَوَلَمْ

بہت سے لوگ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہیں کیا انہوں

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

نے ملک میں پھر کر نہیں دیکھا کہ ان سے پہلوں کا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا

کیسا انجام ہوا وہ ان سے بھی بڑھ کر قوت والے تھے اور انہوں نے زمین

الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ

کو جوتا تھا اور ان سے بہت زیادہ آباد کیا تھا اور ان کے پاس ان کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

رسول معجزات لے کر بھی آئے تھے پھر اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہی

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ⑨ ۭ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا

اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے پھر برا کرنے والوں کا انجام بھی برا

السُّوْۗآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑩ ع ۴

ہی ہوا اس لئے کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کی ہنسی اڑاتے رہے

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ⑪

اللہ ہی مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کرے گا پھر اس کے پاس لوٹ کر آؤ گے

## ربط آیات

(۷) کافروں کی نظر فقط دنیا کے اسباب پر ہے۔ خدائی طاقتوں کو یہ نہیں جانتے (۸) جس طرح اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان و ما بینہما کو ٹھیک ضرورت کے مطابق بنایا ہے اسی طرح وہ حق کی حمایت بھی فرمائے گا۔ چونکہ یہ لوگ بعث بعد الموت کے منکر ہیں اس لئے ان تمام کاموں کو جو خرق عادت ہوں مشتبہ نظر سے دیکھتے ہیں۔ (۹) پہلی قوموں کے حالات کا مطالعہ کریں جو ان سے بھی زبردست تھیں۔ کس طرح اللہ تعالیٰ نے انہیں حق کی مخالفت کے باعث تباہ کیا خدا تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ ان لوگوں نے اپنے اعمال کی سزا پائی۔ (۱۰) تکذیب آیات الٰہی اور استہزا کے باعث ان پر تباہی آئی۔ (۱۱) ہر چیز کی ابتدا و انتہا اسی کے قبضہ میں ہے۔ لہٰذا جسے چاہے آگے بڑھائے۔

خلاصہ رکوع ۲
دلائل غلبہ
ماخذ آیت ۱۱-۱۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُونَ ﴿١٢﴾ وَلَمْ يَكُن

اور جس دن قیامت قائم ہوگی گنہگار ناامید ہو جائیں گے اور ان کے معبودوں میں

لَّهُم مِّن شُرَكَائِهِمْ شُفَعَاءُ وَكَانُوا بِشُرَكَائِهِمْ

سے کوئی ان کی سفارش کرنے والا نہ ہوگا اور اپنے معبودوں سے منکر

كَافِرِينَ ﴿١٣﴾ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُونَ ﴿١٤﴾

ہو جائیں گے اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن لوگ جُدا جُدا ہو جائیں گے

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي

پھر جو ایمان لائے اور نیک کام کئے سو وہ بہشت

رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ﴿١٥﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا

میں خوش حال ہوں گے اور جنہوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں

بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ فَأُولَٰئِكَ فِي الْعَذَابِ

اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا وہ عذاب میں

مُحْضَرُونَ ﴿١٦﴾ فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ

ڈالے جائیں گے پھر اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کرو اور جب

تُصْبِحُونَ ﴿١٧﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَ

تم صبح کرو اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے اور

عَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ ﴿١٨﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

پچھلے پہر بھی اور جب دوپہر ہو زندہ کو مُردہ سے

وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ

اور مُردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ

مَوْتِهَا ۚ وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١٩﴾ ع وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ

کرتا ہے اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ

ع ۲ / ۵

### ربط آیات

(۱۲) آخرت میں بھی جسے چاہے عزت دے جسے چاہے ذلیل کرے (۱۳) ان کے شریک شفاعت بھی نہیں کر سکیں گے (۱۴) قیامت کے دن جنت اور دوزخ والے علیحدہ علیحدہ کر دیئے جائیں گے (۱۵) ایماندار باغ میں نعمتیں پائیں گے (۱۶) کافر عذاب میں مبتلا کئے جائیں گے (۱۷-۱۸) تمنائے جنت کرنے والوں کو ان اوقات میں تسبیح و تقدیس بیان کرنی چاہیئے (۱۹) شب و روز زندہ سے مُردہ اور مُردہ سے زندہ نکلنے کا مشاہدہ کرتے ہو، دوبارہ تمہاری پیدائش بھی یوں ہی ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خلقكم من تراب ثم اذا انتم بشر تنتشرون ⑳

تمہیں مٹی سے بنایا پھر تم انسان بن کر پھیل رہے ہو

ومن ايته ان خلق لكم من انفسكم ازواجا

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہارے لئے تمہیں میں سے بیویاں پیدا کیں

لتسكنوا اليها وجعل بينكم مودة ورحمة

تاکہ ان کے پاس چین سے رہو اور تمہارے درمیان محبت اور مہربانی پیدا کر دی

ان في ذلك لايت لقوم يتفكرون ㉑ ومن

جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں اور اس کی

ايته خلق السموت والارض واختلاف

نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں

السنتكم والوانكم ان في ذلك لايت

اور رنگتوں کا مختلف ہونا ہے بیشک اس میں علم والوں کے لئے

للعلمين ㉒ ومن ايته منامكم باليل والنهار

نشانیاں ہیں اور اس کی نشانیوں میں سے تمہارا رات اور دن میں سونا

وابتغاؤكم من فضله ان في ذلك لايت لقوم

اور اس کے فضل کا تلاش کرنا ہے بیشک اس میں سننے والوں کے لئے

يسمعون ㉓ ومن ايته يريكم البرق خوفا و

نشانیاں ہیں اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تمہیں خوف اور اُمید دلانے کو بجلی

طمعا وينزل من السماء ماء فيحي به الارض

دکھاتا ہے اور اُوپر سے پانی برساتا ہے پھر اس سے زمین کو خشک ہو جانے

بعد موتها ان في ذلك لايت لقوم يعقلون ㉔

کے بعد زندہ کرتا ہے بے شک اس میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں

منزل ۵

**خلاصہ رکوع ۳**

دلائل غلبہ۔

ماخذ آیت ۲۰ تا ۲۷

## ربط آیات

(۲۰) جو خدا تعالیٰ مٹی سے انسان بنانے کی طاقت رکھتا ہے کیا وہ مغلوب انسان کو غالب نہیں کر سکتا (۲۱) جو خدا عورت مرد مختلف الخیال کو یک دل و یک جان بنا سکتا ہے کیا وہ خدا پرستوں کو کاشم غیبان مرصوص نہیں بنا سکتا تا کہ یک دل و یک جان ہو کر فتح پائیں (۲۲) جس نے زمین و آسمان میں اتنی دوری بنائی اور ایک ماں اور ایک باپ کی اولاد ہونے کے باوجود ایسی مختلف زبانیں سکھائیں کہ ایک دوسرے کی زبان سمجھ بھی نہیں سکتے کیا وہ کفار کے شیرازہ کو منتشر نہیں کر سکتا (۲۳) جس طرح رات کی خوابیدہ قوتیں دن کو کام کرتی ہیں کیا وہ مسلمانوں کی خوابیدہ قوتوں کو بیدار کر کے کام نہیں لے سکتا (۲۴) جس طرح بجلی چمکنے کے بعد ماءِ حیات نازل ہوتا ہے اسی طرح مسلمانوں کی خوف و رجا کی حالت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت ان کے شامل حال ہوگی اور میدان جنگ میں اللہ تعالیٰ کفار کے مقابلہ میں انہیں فاتح بنائے گا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں پھر

اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖۗ مِّنَ الْاَرْضِ ۖۗ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾

جب تمہیں پکار کر زمین میں سے بلائے گا اسی وقت تم نکل آؤ گے

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾

اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کے حکم کے تابع ہیں

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ

اور وہی ہے جو پہلی بار بناتا ہے پھر اسے لوٹائے گا اور وہ اس پر آسان

عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

ہے اور آسمانوں اور زمین میں اس کی شان نہایت بلند ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ

اور وہ غالب حکمت والا ہے وہ تمہارے لئے تمہارے ہی حال کی ایک مثال بیان فرماتا ہے

هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا

کیا جن کے تم مالک ہو وہ اس میں جو ہم نے تمہیں دیا ہے تمہارے

رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ

شریک ہیں پھر اس میں تم برابر ہو تم ان سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح اپنوں سے

اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

ڈرتے ہو اس طرح ہم عقل والوں کے لئے آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ

بلکہ یہ بے انصاف بے سمجھے اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں پھر کون ہدایت کر سکتا ہے

مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

جسے اللہ نے گمراہ کر دیا اور ان کا کوئی بھی مددگار نہیں سو تو ایک طرف کا ہو کر

## ربط آیات

(۲۵) زمین و آسمان جب اس کے تابع فرمان ہیں لہٰذا جب چاہے ان کی قوتوں کو تائید حق میں صرف کرائے۔ ہر چیز اس قدر اس کے تابع فرمان ہے کہ مردوں کو حکم دے تو وہ بھی نکل آئیں۔ (۲۶) زمین و آسمان والے سب اس کے غلام ہیں۔ ہر چیز اسی کی تابع فرمان ہے۔ (۲۷) سب چیزوں کا مبدأ و معاد اسی کے قبضہ میں ہے بلکہ دوبارہ اس کو آسان ہے (۲۸) جب تم اپنے غلاموں کو اپنا شریک نہیں بنا سکتے تو اللہ

ع ۴ / ۸

**خلاصہ رکوع ۴**

اصول غیبیہ اور وہ آٹھ ہیں جن کی تفصیل اس رکوع میں آنے والی ہے

ماخذ آیات ۲۰ تا ۳۰

تعالیٰ کے بندوں کو اس کا شریک کس طرح بناتے ہو (۲۹) یہ ظالم عقل کے تابع نہیں ہیں۔ اپنی خواہشات کا اتباع کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ

دین پر سیدھا منہ کئے چلا جا اللہ کی دی ہوئی قابلیت پر جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے

لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڎ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اللہ کی بناوٹ میں ردوبدل نہیں یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ڎ 30 مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا

آدمی نہیں جانتے اسی کی طرف رجوع کئے رہو اور اس سے ڈرو اور نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ ۙ 31 مِنَ الَّذِيْنَ

کرو اور مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ جنہوں نے اپنے دین کو

فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور کئی فرقے ہو گئے سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو ان کے

فَرِحُوْنَ ۝ 32 وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ

پاس ہے اور لوگوں کو جب کوئی دکھ پہنچتا ہے تو اپنے رب کی طرف رجوع ہو کر اسے

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ

پکارتے ہیں پھر جب وہ انہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھاتا ہے تو ایک گروہ ان میں سے اپنے رب سے شرک

يُشْرِكُوْنَ ۝ ۙ 33 لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ وقفۃ فَسَوْفَ

کرنے لگتا ہے تاکہ جو ہم نے انہیں دیا ہے اس کی ناشکری کریں سو فائدہ اٹھا لو عنقریب تمہیں

تَعْلَمُوْنَ ۝ 34 اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا

معلوم ہو جائے گا کیا ہم نے ان کے لئے کوئی سند بھیجی ہے کہ وہ انہیں شرک کرنا

بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ۝ 35 وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ

بتا رہی ہے اور جب ہم لوگوں کو رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس پر خوش ہو جاتے ہیں اور اگر

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ۝ 36

انہیں ان کے گذشتہ اعمال کے سبب سے دکھ پہنچتا ہے تو فوراً ناامید ہو جاتے ہیں

منزل ۵

## ربط آیات

(۳۰) آپ ان کی پروا نہ کریں ان اصول کے پابند رہیں تو غلبہ آپ کو حاصل ہوگا۔ پہلا اصل اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ۔ (۳۱) دوسرا اصل انابۃ الی اللہ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ، تیسرا اصل وَاتَّقُوْهُ چوتھا اصل اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ۔ پانچواں اصل۔ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (۳۲) افتراق وانشقاق مشرکین کا شیوہ ہے (۳۳) ویسے تو انابت الی اللہ اور تقویٰ سے جی چراتے ہیں لیکن مصیبت کے وقت اسی کے دروازہ پر آتے ہیں اور نجات پا کر پھر شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں (۳۴) خداداد نعمت کا انکار کر دیتے ہیں۔ (۳۵) کیا ان کے پاس شرک کی کوئی دلیل ہے۔ (۳۶) انسان غیر مستقل مزاج واقع ہوا ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ط
کیا وہ نہیں دیکھتے کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور تنگ کرتا ہے
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۳۷﴾ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ
بے شک اس میں ایمان لانے والوں کے لئے نشانیاں ہیں پھر رشتہ دار
حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ط ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِلَّذِينَ
اور محتاج اور مسافر کو اس کا حق دے یہ بہتر ہے ان کے لئے
يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ ز وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿۳۸﴾ وَمَا
جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں اور وُہی نجات پانے والے ہیں اور جو
آتَيْتُمْ مِنْ رِبًا لِيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِنْدَ
سُود پر تم دیتے ہو تاکہ لوگوں کے مال میں بڑھتا رہے سو اللہ کے ہاں وہ
اللَّهِ ج وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ
نہیں بڑھتا اور جو زکوٰۃ دیتے ہو جس سے اللہ کی رضا چاہتے ہو سو یہ وہی لوگ
هُمُ الْمُضْعِفُونَ ﴿۳۹﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ
ہیں جن کے دُونے ہُوئے اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہیں روزی دی پھر
يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ط هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ
تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا کیا تمہارے معبُودوں میں سے کبھی کوئی ایسا ہے
يَفْعَلُ مِنْ ذَٰلِكُمْ مِنْ شَيْءٍ ط سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا
جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کرسکے وہ پاک ہے اور ان کے شریکوں سے
يُشْرِكُونَ ﴿۴۰﴾ ع ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ
بلند ہے خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب سے
أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ
فساد پھیل گیا ہے تاکہ اللہ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے تاکہ وہ

## ربط آیات

(۳۷) قبض و بسط رزق کو ارادۂ الٰہی میں محدود خیال کرتے ہو تو کسی کا دروازہ چھوڑ کر کہیں نہ جاتے۔ مؤمن ان باتوں سے نفع حاصل کر سکتے ہیں (۳۸) چھٹا اصل آتِ ذَا الْقُرْبیٰ ساتواں اصل وَالْمِسْکِین۔ آٹھواں اصل وَابن السَّبِیل۔ ان اصولوں کی پابندی سے فلاح حاصل ہو گی۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم (۳۹) انفاق فی سبیل اللہ سے برکت ہو گی اور سود خوری سے بے برکتی۔ لہٰذا جن مصارف میں پیسہ خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے ان میں دل کھول کر خرچ کرو (۴۰) اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا اور رزق دیا۔ علاوہ اس کے موت وحیات اسی کے قبضہ میں ہے کیا تمہارے معبُودوں کو بھی اس قسم کی طاقت ہے۔ ہرگز نہیں۔

ع ۴ / ۵

**خلاصہ رکوع ۵**

موجب فساد برو بحر بداعمالی حضرت ناس ہے لہٰذا مسلمان جب غلبہ پائیں گے تو اسے مٹائیں گے۔

ماخذ آیت ۴۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ
باز آ جائیں کہہ دو ملک میں چلو پھرو اور دیکھو جو لوگ

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلُ ۚ كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾
پہلے گزرے ہیں ان کا کیسا انجام ہوا ان میں سے اکثر مشرک ہی تھے

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ
سو تو اپنا منہ سیدھی راہ پر سیدھا رکھ اس سے پہلے کہ وہ دن آ پہنچے جسے اللہ

لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۖ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ﴿٤٣﴾ مَنْ كَفَرَ
کی طرف سے پھرنا نہیں اس دن لوگ جدا جدا ہوں گے جس نے کفر کیا

فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنْفُسِهِمْ
سو اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے اور جس نے اچھے کام کئے تو وہ اپنے لئے

يَمْهَدُونَ ﴿٤٤﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
سامان کر رہے ہیں تاکہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اللہ انہیں اپنے

مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ﴿٤٥﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ
فضل سے بدلہ دے بیشک اللہ ناشکروں کو پسند نہیں کرتا اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ

يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُمْ مِنْ رَحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ
ہے کہ خوشخبری لانے والی ہوائیں چلاتا ہے اور تاکہ تمہیں اپنی مہربانی کا کچھ مزہ چکھائے اور تاکہ کشتیاں

الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٤٦﴾
اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ اس کے فضل سے تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَاءُوهُمْ
اور ہم تم سے پہلے کتنے رسول ان کی اپنی قوم کے پاس بھیج چکے ہیں سو ان کے پاس

بِالْبَيِّنَاتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا ۖ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا
نشانیاں لے کر آئے پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا جو گنہگار رہتے اور مومنوں کی مدد

### ربط آیات

(۴۱) فساد بر و بحر انسان کی بداعمالی کا نتیجہ ہے

(۴۲) زمین میں سیر کرکے دیکھو کیا پہلے لوگوں کی بداعمالی سے زمین میں فساد برپا ہوا تھا یا نہ

(۴۳) آپ اپنی ذات کو اس دین قیم کے تابع رکھئے۔ ان کے فسادات کی پروا نہ کیجئے۔

(۴۴) نافرمان پر نافرمانی کا اثر پڑے گا اور شکر گزار اپنے لئے ٹھکانا بنا رہے ہیں

(۴۵) ایمانداروں کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جزائے خیر عطا فرمائے گا

(۴۶) جس طرح بارش سے پہلے ہوائیں خوشخبری دینے والی آتی ہیں اسی طرح مومنین کی جزائے خیر سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارات آرہی ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾ اللَّهُ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ

ہم پر لازم تھی اللہ وہ ہے جو ہوائیں چلاتا ہے پھر وہ بادل کو

سَحَابًا فَيَبْسُطُهُ فِي السَّمَاءِ كَيْفَ يَشَاءُ وَيَجْعَلُهُ كِسَفًا

اٹھاتی ہیں پھر اسے آسمان میں جس طرح چاہے پھیلا دیتا ہے اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے

فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ فَإِذَا أَصَابَ بِهِ مَنْ

پھر تو مینہ کو دیکھے گا کہ اس کے اندر سے نکلتا ہے پھر جب اسے اپنے بندوں میں سے

يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٤٨﴾ وَإِنْ كَانُوا

جسے چاہتا ہے پہنچاتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں اور اگرچہ ان

مِنْ قَبْلِ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمُبْلِسِينَ ﴿٤٩﴾

پر برسنے سے پہلے وہ ناامید تھے

فَانْظُرْ إِلَى آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

پھر تو اللہ کی رحمت کی نشانیوں کو دیکھ کہ زمین کو خشک ہونے کے بعد کس طرح سرسبز کرتا ہے

إِنَّ ذَٰلِكَ لَمُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٥٠﴾

بیشک وہی مُردوں کو پھر زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

وَلَئِنْ أَرْسَلْنَا رِيحًا فَرَأَوْهُ مُصْفَرًّا لَظَلُّوا مِنْ بَعْدِهِ

اور اگر ہم ایسی ہوا چلائیں کہ جس سے وہ کھیتی کو زرد دیکھیں تو اس کے بعد وہ ناشکری کرنے

يَكْفُرُونَ ﴿٥١﴾ فَإِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ

لگ جائیں بے شک تو مُردوں کو نہیں سُنا سکتا اور نہ بہروں کو آواز سُنا سکتا ہے

إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٥٢﴾ وَمَا أَنْتَ بِهَادِ الْعُمْيِ عَنْ

جب وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں اور تم اندھوں کو ان کے اُلٹے راستے سے سیدھے

ضَلَالَتِهِمْ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ

راستہ پر نہیں لا سکتے تم تو بس انہیں لوگوں کو سُنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں سو وہی

## ربط آیات

(۴۷) پہلے انبیاء علیہم السلام کے مخالفین سے بھی ہم نے بدلہ لیا۔ مومنین کی مدد کرنا بھی ہمارا فرض ہے (۴۸، ۴۹) بارش جس طرح زمین کے ابخرات کا نتیجہ ہوتی ہے اسی طرح مومنین کی جزائے خیر ان کے اعمال کا نتیجہ ہوگی (۵۰) جس طرح باران رحمت مُردہ زمینوں کو زندہ کر دیتی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی رحمت مومنین کے غم سے مرجھائے ہوئے دلوں کو تروتازہ بنا دیگی اور وہی ذات جسمانی احیائے موتی بھی اسی طرح کرے گی (۵۱) اگر ایسی ہوا بھیجیں جس سے ان کی کھیتی زرد ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی سابقہ نعمتوں کا بھی انکار کر بیٹھیں گے (۵۲) آپ ان مُردہ دلوں کو کس طرح سمجھا سکتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُّسْلِمُوْنَ ﴿٥٣﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ ع ۵

ماننے والے ہیں اللہ ہی ہے جس نے تمہیں کمزوری کی حالت سے پیدا کیا پھر

جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ

کمزوری کے بعد قوت عطا کی پھر قوت کے بعد

قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَیْبَةً ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِیْمُ

ضعف اور بڑھاپا بنایا جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور وہی جاننے والا

الْقَدِیْرُ ﴿٥٤﴾ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ۬

قدرت والا ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی گنہگار قسمیں کھائیں گے

مَا لَبِثُوْا غَیْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا یُؤْفَكُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ

کہ ہم ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ٹھہرے تھے اسی طرح وہ اُلٹے جاتے تھے اور جن لوگوں

الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ كِتٰبِ

کو علم اور ایمان دیا گیا تھا کہیں گے کہ اللہ کی کتاب کے مطابق تم

اللّٰهِ اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ ۫ فَهٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ

قیامت تک رہے ہو سو یہ قیامت کا ہی دن ہے لیکن تمہیں

كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

اس کا یقین ہی نہ تھا تو اس دن ظالموں کو ان کا عذر کچھ فائدہ

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ

نہ دے گا اور نہ ان سے توبہ قبول کی جائے گی اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن

فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰیَةٍ

میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے اور اگر تم ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کرو

لَّیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾

تو کافر یہ کہہ دیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو

**خلاصہ رکوع ۶**

وہ قادر مطلق جس کے قبضہ میں ضعف اور قوت کی باگیں ہیں۔ وہ اس خداپرست کمزور جماعت کو طاقتور اور دشمنانِ خدا کی طاقتور جماعت کو کمزور بنا سکتا ہے۔

ماخذ آیت ۵۴

## ربط آیات

(۵۳) اور ان اندھوں کو کس طرح کچھ دکھا سکتے ہیں آپ کی تبلیغ سے فقط ایماندار نفع اُٹھا سکتے ہیں (۵۴) ضعف اور قوت کی باگ فقط اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے (۵۵) ان مجرموں کو زندگی دُنیا کا ضعف قیامت کے دن معلوم ہوگا، اسے ذرہ بے مقدار خیال کریں گے (۵۶) ایماندار کہیں گے تقدیر الٰہی کے مطابق تم پورا وقت صرف کر کے آئے ہو۔ (۵۷) آج مجرموں کو کوئی معذرت نفع نہیں دے گی (۵۸) ہم نے انہیں اس قرآن میں ہر ایک مسئلہ سمجھایا لیکن انہوں نے ہر ایک مسئلہ پر باطل کا الزام لگایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾

جو لوگ یقین نہیں کرتے اللہ ان کے دلوں پر یونہی مُہر کر دیتا ہے

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع

سو تُو صبر کر بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ تجھے بے برداشت نہ بنا دیں

ربط آیات

(۵۹) اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلوں پر مہر لگنے کی یہ علامت ہے (۶۰) اللہ تعالیٰ کا وعدہ کامیابی یقینًا پورا ہونے والا ہے۔ ان بے ایمانوں کی وجہ سے آپ عجلت نہ فرمائیں۔

ع ۶ / ۹

## اٰیَاتُهَا ۳۴ (۳۱) سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ (۵۷) رُكُوْعَاتُهَا ۴

آیتیں ۳۴ سُورۃ لقمان مکی ہے رکوع ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سورۂ لقمان

(موضوع سورۃ) اس کتاب سے فقط محسنین فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً

یہ آیتیں حکمت والی کتاب کی ہیں جو نیک بختوں کے لئے ہدایت

لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

اور رحمت ہے وہ جو نماز ادا کرتے ہیں اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى

دیتے ہیں اور آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں یہی لوگ اپنے

هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٥﴾ وَمِنَ

رب کی ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ نجات پانے والے ہیں اور بعض

النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ

ایسے آدمی بھی ہیں جو کھیل کی باتوں کے خریدار ہیں تاکہ بن سمجھے اللہ

اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

کی راہ سے بہکائیں اور اس کی ہنسی اڑائیں ایسے لوگوں کے لئے

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٦﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى

ذلت کا عذاب ہے اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا

(۱) حروف مقطعات میں سے ہے۔ ان کی بحث ابتداء سورۂ بقرہ میں ملاحظہ ہو (۲) حکمت و دانش والی کتاب کی یہ آیتیں ہیں۔ (۳) اس سے استفادہ فقط محسنین کر سکتے ہیں (۴) یہ محسنین کے اوصاف حمیدہ ہیں (۵) ان ہی اوصاف والے ہدایت یافتہ اور فلاح پانے والے ہیں۔ (۶) قرآن کے مقابلہ میں بعض لوگ بیہودہ قصوں سے مشغلہ رکھتے ہیں۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ |
| نیکوکاروں کو اس کتاب سے ہدایت رحمت اور دانشمندی حاصل ہو سکتی ہے |
| ماخذ آیت ۲، ۳ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ
منہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہیں گویا اس کے دونوں کان بہرے ہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝٧ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
سو اسے دردناک عذاب کی خوشخبری دے بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک

الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ۝٨ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ وَعْدَ
کام کیے ان کے لئے نعمت کے باغ ہیں جہاں ہمیشہ رہیں گے اللہ کا

اللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝٩ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ
سچا وعدہ ہو چکا اور وہ زبردست حکمت والا ہے آسمانوں کو بے ستون

عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ
بنایا تم انہیں دیکھ رہے ہو اور زمین میں مضبوط پہاڑ رکھ دیئے تاکہ تمہیں لے کر ادھر ادھر

بِكُمْ وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ ۚ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ
نہ جھکے اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیئے اور ہم نے آسمان سے

مَاءً فَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝١٠ هَٰذَا خَلْقُ
مینہ برسایا پھر ہم نے زمین میں ہر قسم کی عمدہ چیزیں اگائیں یہ تو اللہ کی ساخت

اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ ۚ بَلِ
ہے پھر مجھے دکھاؤ کہ اس کے سوا غیروں نے کیا پیدا کیا ہے بلکہ

الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝١١ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ ع ۲ ۱۰
ظالم صریح گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں اور ہم نے لقمان کو دانائی

الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ ۚ وَمَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ
عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کرتے رہو اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے

لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝١٢ وَإِذْ
شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے اور جب

## ربطِ آیات

(۷) آیات الٰہی کے سننے سے تکبر کرتے ہیں۔ اس کی سزا دردناک عذاب ہے۔ (۸) ایمانداروں کی یہ جزائے خیر ہے (۹) اللہ تعالیٰ کا سچا وعدہ ہے ان نعمتوں میں ہمیشہ رہیں گے۔ (۱۰) اللہ تعالیٰ وہ قادر مطلق ہے جس نے ان سب چیزوں کو بنایا ہے (۱۱) یہ تو اللہ تعالیٰ کی پیدائش ہے یہ مشرکین اپنے معبودوں کی بھی پیدائش دکھائیں (۱۲) ہم نے حضرت لقمان کو حکمت عطا فرمائی تھی۔

**خلاصہ رکوع ۲**

ایک حکیم و دانشمند کا طرز عمل کیا ہوتا ہے۔ اگر قرآن حکیم کو جو لوگ عمل جامہ پہنائیں گے وہ ایسے ہو جائینگے
ماخذ آیت ۱۲۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ
لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا تھا کہ بیٹا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک
بِاللّٰهِ ؕ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْإِنْسٰنَ
نہ ٹھہرانا بیشک شرک کرنا بڑا بھاری ظلم ہے اور ہم نے انسان کو اس کے
بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ أُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ
ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو برس میں
فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ ؕ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿۱۴﴾
اس کا دودھ چھڑانا ہے کہ تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکرگزاری کرے میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے
وَإِنْ جٰهَدٰكَ عَلٰٓى أَنْ تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ
اور اگر تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ اس کو شریک بنائے جس کو تو جانتا بھی
عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ؗ
نہ ہو تو ان کا کہنا نہ ماننا اور دنیا میں ان کے ساتھ نیکی سے پیش آ
وَّاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ
اور ان لوگوں کی راہ پر چل جو میری طرف رجوع ہو گئے پھر تمہیں لوٹ کر میرے ہی پاس آنا ہے
فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۱۵﴾ يٰبُنَيَّ إِنَّهَآ إِنْ تَكُ
پھر میں تمہیں بتاؤں گا کہ تم کیا کیا کرتے تھے بیٹا اگر کوئی عمل
مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِي صَخْرَةٍ أَوْ
رائی کے دانہ کے برابر ہو پھر وہ کسی پتھر کے اندر ہو یا
فِي السَّمٰوٰتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ إِنَّ
وہ آسمان کے اندر ہو یا وہ زمین کے اندر ہو تب بھی اللہ اس کو حاضر کر دے گا بے شک
اللّٰهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿۱۶﴾ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ
اللہ بڑا باریک بین (اور) باخبر ہے بیٹا نماز پڑھا کر اور اچھے

النصف

**ربط آیات**

(۱۳) حکیم کا پہلا کام شرک سے نفرت ہے (۱۴) دوسرا کام اللہ تعالیٰ کے بعد خدمات والدین ہے (۱۵) والدین کی اطاعت بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو (۱۶) تیسرا کام عقیدہ مجازات ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَاۤ
کاموں کی نصیحت کیا کر اور بُرے کاموں سے منع کیا کر اور تجھ پر جو مصیبت آئے اس پر
اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَا تُصَعِّرْ
صبر کیا کر بیشک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہیں اور لوگوں سے
خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
اپنا رُخ نہ پھیر اور زمین پر اترا کر نہ چل بیشک اللہ
لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَ
کسی تکبّر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا اور اپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر اور
اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ
اپنی آواز کو پست کر بیشک آوازوں میں سب سے بُری آواز گدھوں
الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾ ع اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ
کی ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اللہ
وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّ
نے تمہارے کام پر لگا رکھا ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر
بَاطِنَةً ۭ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ
دی ہیں اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اللہ کے معاملے میں جھگڑتے ہیں نہ انہیں علم ہے
وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا
اور نہ ہدایت ہے اور نہ روشنی بخشنے والی کتاب ہے اور جب ان سے کہا جاتا ہے اس پر چلو
مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۤءَنَا ۭ
جو اللہ نے نازل کیا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے
اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾
کیا اگرچہ شیطان ان کے بڑوں کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا رہا ہو

## ربط آیات

(۱۷) اقامت صلوٰۃ، امر بالمعروف، نہی عن المنکر، صبر علی المصائب حکیم کے خصوصیات ہیں (۱۸) تکبر سے نفرت، غرور سے تنفر حکیم کا شیوہ ہے (۱۹) اطمینان سے چلنا، پست آواز سے بولنا حکیم کے صفاتِ حمیدہ ہیں (۲۰) کیا یہ احسانات اللہ تعالیٰ کے تم پر نہیں ہیں۔ (۲۱) جب اس محسن کے احکام کی تعمیل کے لئے کہا جائے تو یہ غیر معقول جواب دیتے ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۳**

تذکیر بآلاء اللہ جیسی محسن کے یہ احسانات ہوں کیا اس کے ارشاد کی تعمیل کرنا دانشمندی نہیں؟
ماخذ آیت ۲۰، ۲۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ
اور جس نے نیک ہو کر اپنا منہ اللہ کے سامنے جھکا دیا تو اس نے مضبوط
بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿٢٢﴾ وَمَنْ
کڑے کو تھام لیا اور آخر کار ہر معاملہ اللہ ہی کے حضور میں پیش ہوتا ہے اور جس نے
كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا
انکار کیا پس تو اس کے انکار سے غم نہ کھا انہیں ہمارے پاس آنا ہے پھر ہم انہیں بتا دیں گے کہ انہوں
عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٣﴾ نُمَتِّعُهُمْ
نے کیا کیا ہے۔ بیشک اللہ دلوں کے راز جانتا ہے ۔ ہم انہیں تھوڑا سا
قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٢٤﴾ وَلَئِنْ
عیش دے لیتے ہیں پھر ہم انہیں سخت عذاب کی طرف گھسیٹ کر لے جائیں گے اور اگر
سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ
آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے بنایا ہے تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے
قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ لِلَّهِ مَا فِي
کہہ دو الحمد للہ بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے اللہ ہی کا ہے جو کچھ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٦﴾
آسمانوں اور زمین میں ہے بیشک اللہ بے نیاز سب خوبیوں والا ہے
وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ
اور اگر وہ جو زمین میں درخت ہیں سب قلم ہو جائیں اور دریا
يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ
سیاہی ہو اس کے بعد اس دریا میں سات اور دریا سیاہی کے آ ملیں تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ
اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٧﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ
ہوں بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے تم سب کا پیدا کرنا اور مرنے کے بعد زندہ کرنا

## ربط آیات

(۲۲) جس شخص نے اپنے آپ کو سپرد خدا کیا اس نے مضبوط کڑے میں ہاتھ ڈال دیا (۲۳) کفار کے کفر سے آپ مغموم نہ ہوں۔ ان کے تمام اعمال کا ہمیں علم ہے (۲۴) چند روز دنیا میں نفع اٹھا لیں پھر سخت عذاب کے لئے ہم انہیں مجبور کریں گے (۲۵) خدا تعالیٰ کو زمین و آسمان کا خالق بھی مانتے ہیں، پھر بھی اس کی اطاعت سے جی چراتے ہیں (۲۶) سب چیزیں زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں اور وہ سب سے مستغنی (۲۷) اگر ساری دنیا کے درخت قلمیں بنا دی جائیں اور سمندر سیاہی کے کام آئیں اور اس سمندر کے ایسے سات سمندر اور بھی خرچ ہو جائیں تو بھی کلمات الٰہی ختم نہ ہونے پائیں۔ اس غیر متناہی خزانہ میں سے انسان کو تو چند کلمات عطا ہوئے ہیں کہ ان کی اطاعت کریں لیکن اس سے بھی قاصر ہیں ۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٢٨﴾ أَلَمْ تَرَ

ایسا ہی ہے جیسا ایک شخص کا بے شک اللہ سُنتا دیکھتا ہے کیا تونے نہیں دیکھا

أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ

کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل

فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَىٰ

کرتا ہے اور سُورج اور چاند کو کام پر لگا رکھا ہے ہر ایک وقت مقرر تک

أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ

چلتا رہے گا اور یہ کہ اللہ تمہارے کام سے خبردار ہے یہ

بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ

اس لئے کہ اللہ ہی حق ہے اور اس کے سوا جس کو وہ پکارتے ہیں

الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٣٠﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ

جھوٹ ہے اور اللہ ہی بلند مرتبہ بزرگ ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

ع ۱۱ / ۱۲

الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُمْ مِنْ آيَاتِهِ

اللہ ہی کے فضل سے دریا میں کشتیاں چلتی ہیں تاکہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣١﴾ وَإِذَا

بے شک اس میں ہر ایک صابر شاکر کے لئے نشانیاں ہیں اور جب

غَشِيَهُمْ مَوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ

انہیں سائبانوں کی طرح موج ڈھانک لیتی ہے تو خالص اعتقاد سے اللہ ہی کو

الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ

پکارتے ہیں پھر جب انہیں نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو بعض ان میں سے راہ راست پر رہتے ہیں

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ﴿٣٢﴾

اور ہماری نشانیوں سے وہی لوگ انکار کرتے ہیں جو بدعہد ناشکر گزار ہیں

## ربط آیات

(۲۸) دوسری مرتبہ پیدا ہونے میں تمہیں کیوں تعجب ہے حالانکہ ساری دُنیا کے آدمیوں کا پیدا کرنا اللہ تعالیٰ پر اتنا آسان ہے جس طرح ایک آدمی کا پیدا کرنا

(۲۹) کیا خدا تعالیٰ کی اس طاقت کا اندازہ نہیں لگایا جس کے ماتحت یہ سارا نظام چل رہا ہے

(۳۰) یہ سب حق کے تابع ہیں اور تمہارے معبود باطل ہیں لہٰذا ان کے تابع ایک ذرہ بھی نہیں ہے

(۳۱) یہ اس کی نعمتوں کا فیضان فقط تر ہی میں نہیں بلکہ بحر میں بھی لگاتار جاری ہے

(۳۲) جب سمندر میں طوفان گھیرتا ہے تو خالصتہً اسی کو پکارتے ہیں اور نجات پانے کے بعد بعض ان میں سے اس توحید پر پختہ رہتے ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۴**

تذکیر بآلاء اللہ کیا اس محسن کے احکام کی تعمیل کرنا جس کے یہ احسانات ہوں دانشمندی نہیں؟ ماخذ آیت ۳۱ ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمْ وَٱخْشَوْا۟ يَوْمًا لَّا

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں

يَجْزِى وَالِدٌ عَن وَلَدِهِۦ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن

نہ باپ اپنے بیٹے کے کام آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ

وَالِدِهِۦ شَيْـًٔا ۚ إِنَّ وَعْدَ ٱللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ

کام آئے گا اللہ کا وعدہ سچا ہے پھر دُنیا کی زندگی تمہیں

ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِٱللَّهِ ٱلْغَرُورُ ﴿٣٣﴾

دھوکا میں نہ ڈال دے اور نہ دغا باز تمہیں اللہ سے دھوکہ میں رکھیں

إِنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥ عِلْمُ ٱلسَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ ٱلْغَيْثَ وَ

بیشک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور

يَعْلَمُ مَا فِى ٱلْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِى نَفْسٌ مَّاذَا

وہی جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹوں میں ہوتا ہے اور کوئی نہیں جانتا کہ کل

تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِى نَفْسٌۢ بِأَىِّ أَرْضٍ

کیا کرے گا اور کوئی نہیں جانتا کہ کس زمین پر

تَمُوتُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌۢ ﴿٣٤﴾ ع

مرے گا بے شک اللہ جاننے والا خبردار ہے

## ایاتها ۳۰ (۳۲) سُورَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ (۷۵) رکوعاتها ۳

آیتیں ۳۰ سورۃ سجدہ کی ہے رکوع ۳

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمٓ ﴿١﴾ تَنزِيلُ ٱلْكِتَٰبِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٢﴾

اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ کتاب جہان کے پالنے والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے

ع ۳ ۱۴

### ربط آیات

(۳۳) اے لوگو اس دن کے آنے سے پہلے اپنا تعلق اللہ تعالیٰ سے درست کرو۔ اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ سچا ہے۔ تمہیں دُنیا کی زندگی اور شیطان بہکا نہ دے۔
(۳۴) در اصل انسان ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے۔ اور اس کے قبضہ میں ہے۔ یہ اس کی غلطی ہے کہ اپنے آپ کو آزاد سمجھ لیتا ہے ورنہ اس کا رزق، اس کے اعمال، اس کی موت وحیات پر اسی کا قبضہ ہے جب اس کی سب چیزیں اس کے اختیار میں ہیں تو اس کی دانشمندی اسی میں ہے کہ اس کا تابع فرمان ہو کر رہے تاکہ دُنیا میں عزت اور آخرت میں نجات پائے۔

### سُورۃ السجدہ

خلاصہ سورۃ السجدہ۔ دعوت الی الکتاب (۱) حروف مقطعات میں سے ہے اس کی تفصیل سورۃ بقرہ کے ابتداء میں ملاحظہ ہو۔ (۲) رب العٰلمین نے قرآن نازل فرمایا ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱**

جس قادرِ مطلق نے مٹی سے مختلف تغیرات دے کر تمہیں ذی سمیع و بصیر و افئدہ انسان بنایا۔ کیا اس کی ربوبیت کا تقاضا یہ نہیں تھا کہ تمہاری روحانی تربیت کے لئے ہدایات بھیجے۔
ماخذ: آیت ۲ - ۹ تا ۷



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَمْ يَقُولُونَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے خود بنائی ہے بلکہ یہ سچی کتاب تیرے رب کی طرف سے ہے تاکہ تو اس قوم

قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ

يَهْتَدُوْنَ ۝۳ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

راہ پر آئیں اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین

الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

کو اور جو کچھ ان میں ہے چھ روز میں بنایا پھر عرش

عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

پر قائم ہوا تمہارے لئے اس کے سوا نہ کوئی کارساز ہے نہ

شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ

سفارشی پھر کیا تم نہیں سمجھتے وہ آسمان سے لے کر زمین تک

السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ

ہر کام کی تدبیر کرتا ہے پھر اس دن بھی جس کی مقدار تمہاری گنتی سے ہزار

مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ

برس ہوگی وہ انتظام اس کی طرف رجوع کرے گا وہی چھپی اور

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ

کھلی بات کا جاننے والا زبردست مہربان ہے جس نے جو چیز

كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷

بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸

پھر اس کی اولاد نچڑے ہوئے حقیر پانی سے بنائی

## ربط آیات

(۳) یہ خود ساختہ نہیں ہے بلکہ منذر کے لئے نازل ہوا ہے (۴) اس خالق السمٰوٰت والارض کی طرف سے نازل ہوا ہے (۵) نظام عالم کی تدبیر اسی کے تصرف میں ہے۔ اس کی تدبیر نے تقاضا کیا کہ تمہاری روحانی اصلاح کے لئے قرآن نازل ہو (۶) اللہ تعالیٰ تدبیر امور کرنے والا ظاہر و باطن کے تمام حالات کا پورا واقف ہے (۷ تا ۹) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے ہر چیز کو خوبصورت بنایا اور انسان کی ساخت مٹی سے شروع کی اور اسے ذی سمع و بصر و افئدہ انسان بنایا، قدرت الٰہی کی اس نعمت کا تم شکریہ بجا نہیں لاؤ گے۔ اگر بجا لانا چاہو تو اسی لئے قرآن نازل ہوا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

پھر اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی رُوح پھونکی اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَقَالُوْٓا

اور دل بنائے تم بہت تھوڑا شکر کرتے ہو اور کہتے ہیں

ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ

کہ جب ہم زمین میں نیست و نابود ہو گئے تو کیا پھر نئے سرے سے پیدا ہوں گے

بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ

بلکہ وہ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہیں کہہ دو تمہاری جان موت کا وہ فرشتہ

الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع

قبض کرے گا جو تم پر مقرر کیا گیا ہے پھر تم اپنے رب کے پاس لوٹائے جاؤ گے

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

اور کبھی تو دیکھے جس وقت منکر اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہوں گے

رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا

اے رب ہمارے ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمیں پھر بھیج دے کہ اچھے کام کریں ہمیں

مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَ

یقین آ گیا ہے اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو ہدایت پر لے آتے

لٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ

ولیکن ہماری بات پوری ہو کر رہی کہ ہم جنوں اور آدمیوں سے

النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ

جہنم بھر کر رہیں گے تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے

يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ

کو بھول گئے تھے ہم نے تمہیں بھلا دیا اور اپنے کئے کے بدلے میں

## ربط آیات

(۹) او پچھلے صفحہ پر (۱۰) اس کی اطاعت کی ضرورت انہیں اس لئے محسوس نہیں ہوتی کہ وہ مجازات کے قائل ہی نہیں (۱۱) نہیں کہ وہ پہلے تمہیں ملک الموت لے گا پھر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ (۱۲) قیامت کے دن نادم ہو کر یہ درخواست کریں گے (۱۳) اگر ہم چاہتے تو کوئی گمراہ نہ رہتے یا ہم مشیئت بالجبر ہدایت عطا فرماتے

ع ۱۴

**خلاصہ رکوع ۲**

ربّ العالمین کی کتاب سے استفادہ کرنے والوں اور ترک استفادہ والوں کا سلوک الٰہی۔

ماخذ آیت ۹ تا ۲۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا
ہمیشہ کا عذاب چکھو بس ہماری آیتوں پر تو وہ ایمان لاتے ہیں کہ جب

ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ
انہیں وہ آیتیں یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کرتے ہیں اور

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ السجدۃ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ
وہ تکبر نہیں کرتے اپنے بستروں سے اٹھ کر اپنے رب کو

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾
خوف اور امید سے پکارتے ہیں اور ہمارے دیئے ہیں سے کچھ خرچ بھی کرتے ہیں

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ
پھر کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے عمل کے بدلہ میں ان کی آنکھوں کی کیا ٹھنڈک

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ
چھپا رکھی ہے کیا مومن اس کے برابر ہے جو

فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
نافرمان ہو برابر نہیں ہو سکتے سو وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا
کام کئے تو ان کے ان کاموں کے سبب جو وہ کیا کرتے تھے مہمانی میں ہمیشہ رہنے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ
کے باغ ہیں اور جنہوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانا آگ ہے جب وہاں

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ
سے نکلنے کا ارادہ کریں گے تو اس ہی میں پھر لوٹا دیئے جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا

ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾
آگ کا وہ عذاب چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے

السجدۃ ۹

## ربط آیات

(۱۴) اے تم نے دنیا میں ہمیں بھلا دیا تھا آج ہم تمہیں اپنی رحمت سے محروم کر دیں گے۔ (۱۵-۱۶) کتاب الٰہی پر ایمان لانے والوں کے اوصاف حمیدہ یہ ہیں (۱۷) ان خدا پرستوں کے لئے ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک تیار کی گئی ہے اور وہ بدلہ ان کے اعمال صالحہ کا ہوگا (۱۸) کیا فرمانبردار اور قانون شکن برابر ہو سکتے ہیں (۱۹) ایمان والوں کی جزا یہ ہے (۲۰) بے ایمانوں کی سزا یہ ہے۔

وقف غفران

وقف منزل



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ

اور ہم انہیں قریب کا عذاب بھی اس بڑے عذاب سے پہلے

الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ

چکھائیں گے تاکہ وہ باز آ جائیں اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے

بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ

رب کی آیتوں سے سمجھایا جائے پھر وہ ان سے منہ موڑے ہمیں تو گنہگاروں سے

مُنتَقِمُونَ ﴿٢٢﴾ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا

بدلہ لینا ہے اور البتہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی پھر

تَكُن فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ ۖ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى

آپ اس کے ملنے میں شک نہ کریں اور ہم نے ہی اسے بنی اسرائیل

لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٢٣﴾ ج وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ

کے لئے راہ نما بنایا تھا اور ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے تھے جو ہمارے حکم سے

بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾

رہنمائی کرتے تھے جب انہوں نے صبر کیا تھا اور وہ ہماری آیتوں پر یقین بھی رکھتے تھے

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا

بے شک تیرا رب ہی قیامت کے دن ان میں فیصلہ کرے گا جس بات

كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

میں وہ اختلاف کرتے تھے کیا انہیں اس سے بھی رہنمائی نہ ہوئی کہ ان

أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي

سے پہلے ہم نے کتنی جماعتیں ہلاک کر دی ہیں جن کے گھروں میں یہ

مَسَاكِنِهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾

چلتے پھرتے ہیں بیشک اس میں بڑی نشانیاں ہیں پھر کیا وہ سنتے بھی نہیں

ع ۲ / ۱۵

## ربط آیات

(۲۱) آخرت سے پہلے انہیں دنیا کا عذاب بھی چکھائیں گے۔ شاید یہ ہدایت پر آجائیں۔ (۲۲) کلام الٰہی سے منہ موڑنے والے سے بڑھ کر اور کون مجرم ہو سکتا ہے (۲۳) جو کتاب موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی تھی وہ بنی اسرائیل کے لئے ہادی تھی (۲۴) تورات کے ذریعہ سے انکی ایک جماعت پیدا ہوگئی تھی (امثال امم سابقہ چونکہ عبرت کے لئے ہوتے ہیں اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بھی ایک جماعت متبع قرآن ضرور ہوگی (۲۵) اختلاف کرنے والوں کے فیصلے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کریگا۔ (۲۶) کیا مخالفین کے لئے یہ عبرت کم ہے ؞

**خلاصہ رکوع ۲**

جس طرح موسیٰ علیہ السلام کے متبعین کی ایک جماعت پیدا ہوگئی تھی اسی طرح اب بھی ہوگا۔

ماخذ آیت ۲۳-۲۴ ؞



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ
کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو خشک زمین کی طرف رواں کر کے

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ
اس سے کھیتی نکالتے ہیں جس سے ان کے چارپائے اور وہ خود بھی

اَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا
کھاتے ہیں پھر کیا وہ دیکھتے نہیں اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے

الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ
ہو تو یہ فیصلہ کب ہوگا کہہ دو کہ فیصلہ کے دن کافروں

الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِیْمَانُهُمْ وَ لَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾
کو ان کا ایمان لانا نفع نہ دے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ انْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع
سو ان سے کنارہ کر اور انتظار کر وہ بھی انتظار کر رہے ہیں

ایاتها ۷۳ — سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِیَّةٌ ۳۳ (۹۰) — رکوعاتها ۹

آیتیں ۷۳ سورۃ احزاب مدنی ہے رکوع ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَ الْمُنٰفِقِیْنَ ؕ
اے نبی اللہ سے ڈر اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مان

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱﴾ وَّ اتَّبِعْ مَا یُوْحٰۤى
بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور اس کی تابعداری کر جو تیرے رب کی

اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۲﴾
طرف سے تیری طرف بھیجا گیا ہے۔ بیشک اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے

الثلث

ع ۳ / ۸ / ۱۶

## ربط آیات

(۲۷) کیا یہ مخاطبین اللہ تعالی کے ان احسانات کو نہیں مانتے (۲۸) پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب آئے گا (۲۹) یاد رکھو فتح کے دن تمہیں عذاب دیکھنے کے بعد ایمان نفع نہیں دے سکے گا (۳۰) جانے دیجئے انہیں یوم فتح کا انتظار کرنے دیجئے۔

## سورۃ الاحزاب

(موضوع سورۃ)

آپ اپنے فرض منصبی کے ادا کرنے میں کفار اور منافقین کی پرواہ نہ کریں۔ بلکہ اقارب بھی ادائے فرض میں حارج نہ ہونے پائیں۔

(۱) اے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام کفار و منافقین کی پروا نہ کریں (۲) فقط وحی کا اتباع کریں۔

**خلاصہ رکوع ۱**

اجمال مسائل ثمانیہ۔

ماخذ (۱) آیت ۱ تا ۳ (۲) ماجعل اللہ سے اسمائکم تک (۳) وما جعل ادعیاءکم سے غفورا رحیما تک (۴) آیت ۶ (۵) ازواجه امهاتهم (۶) واولوا الارحام سے فی الکتاب مسطورا تک (۷) آیت ۷ (۸) آیت ۸۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۳ مَا جَعَلَ اللّٰهُ
اور اللہ پر بھروسہ کر اور اللہ ہی کارساز کافی ہے اللہ نے کسی شخص
لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ
کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے اور نہ اللہ نے تمہاری ان بیویوں کو
الّٰٓـئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ
جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری ماں بنایا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو
اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ
تمہارا بیٹا بنایا ہے یہ تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ سچ فرماتا ہے اور
هُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ ۴ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ
وہی سیدھا راستہ بتاتا ہے انہیں ان کے اصلی باپوں کے نام سے پکارو
اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ
اللہ کے ہاں یہی پورا انصاف ہے، سو اگر تمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو تمہارے دینی
فِى الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ
بھائی اور دوست ہیں اور تمہیں اس میں بھول چوک ہو جائے تو
اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
تم پر کچھ گناہ نہیں لیکن وہ جو تم دل کے ارادہ سے کرو اور اللہ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۵ اَلنَّبِىُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ
بخشنے والا مہربان ہے نبی مسلمانوں کے معاملہ میں ان سے بھی زیادہ دخل دینے
اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ
کا حقدار ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں
اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ
ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں بہ نسبت دوسرے مومنین اور

**ربط آیات**

(۳) خدا تعالیٰ پر اعتماد کریں اور فقط اسی کو کارساز بنائیں۔
(۴) دو دل تو نہیں کہ ایک اللہ تعالیٰ کو دیا جائے اور دوسرا خلق خدا کو۔ ظہار والی عورتیں مائیں نہیں ہیں اور منہ بولا حقیقی بیٹا نہیں بن سکتا (۵) انہیں اپنے باپوں کی طرف نسبت کیا کیجئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ

مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ سلوک کرنا چاہو یہ بات

ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ⑥ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ

لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے اور جب ہم نے نبیوں سے

مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَ

عہد لیا اور آپ سے اور نوح اور ابراہیم اور موسٰی اور

عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ⑦

مریم کے بیٹے عیسٰی سے بھی اور ان سے ہم نے پکا عہد لیا تھا

لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا

تاکہ سچوں سے ان کے سچ کا حال دریافت کرے اور کافروں کے لئے دردناک عذاب

اَلِيْمًا ⑧ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

تیار کیا ہے اے ایمان والو! اللہ کے احسان کو یاد کرو جو تم پر ہوا

اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ

جب تم پر کئی لشکر چڑھ آئے پھر ہم نے ان پر ایک آندھی بھیجی اور وہ لشکر بھیجے جنہیں تم نے

تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ⑨ اِذْ جَآءُوْكُمْ

نہیں دیکھا اور جو کچھ تم کر رہے تھے اللہ دیکھ رہا تھا جب وہ لوگ تم پر

مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ

تمہارے اوپر کی طرف اور نیچے کی طرف سے چڑھ آئے اور جب آنکھیں پتھرا گئی تھیں

وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩

اور کلیجے منہ کو آنے لگے تھے اور تم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪

اس موقع پر ایماندار آزمائے گئے اور سخت ہلا دیئے گئے

## ربط آیات

(۶) تمہارے مصالح کو تم سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمجھتے ہیں۔ آپ کی ازواج مطہرات مومنوں کی روحانی مائیں ہیں۔ البتہ رحم کے لحاظ سے ان کے رشتہ دار زیادہ قریب ہیں (۷) اپنے دین کی تبلیغ اور ایک دوسرے کی تصدیق کا وعدہ ہر ایک نبی سے لیا گیا تھا (۸) تاکہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام سے تبلیغ حق کے متعلق دریافت فرمائے کہ انہوں نے تبلیغ فرمائی اور تبلیغ ہونے

ع ۱ ۱۷

**خلاصہ رکوع ۲**

تفصیل اجمال ۲۰ ملاحظہ ہو پہلا رکوع۔

ماخذ آیت ۹ تا ۲۰۔

نوٹ: دوسرے اور تیسرے رکوع میں ثابت کیا جائے گا کہ آپ نے کفار اور منافقین کی پرواہ نہیں کی۔

کے بعد مخالفین حق کو سزا دے (۹) فتح غزوہ احزاب کی طرف اشارہ ہے (۱۰) کفار نے گھیر ڈال لیا تھا اس وقت نہایت ہی بہت نازک حالت تھی اور تمہیں طرح طرح کے گمان آرہے تھے (۱۱) وہ وقت مسلمانوں کے امتحان کا تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا
اور جبکہ منافق اور جن کے دلوں میں شک تھا کہنے لگے کہ اللہ اور
وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ
اس کے رسول نے جو ہم سے وعدہ کیا تھا صرف دھوکا ہی تھا اور جبکہ ان میں سے ایک جماعت
مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ
کہنے لگی اے مدینہ والو تمہارے لئے ٹھہرنے کا موقع نہیں سو لوٹ چلو اور ان میں سے کچھ
فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا
لوگ نبی سے رخصت مانگنے لگے کہنے لگے کہ ہمارے گھر اکیلے ہیں اور حالانکہ وہ
هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ
اکیلے نہ تھے وہ صرف بھاگنا چاہتے تھے اور اگر کسی طرف
عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا
سے کوئی ان پر گھس آتا پھر ان سے فساد کی درخواست کی جاتی تو فساد پر آمادہ ہو جاتے اور
تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ
دیر نہ کرتے مگر بہت ہی کم حالانکہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے
مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ
کہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ سے عہد کرنے کی باز پرس
مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ
ہوگی کہہ دو اگر تم موت یا قتل سے بھاگو گے تو تمہیں
الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ
کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور اس وقت سوائے تھوڑے دنوں کے نفع نہیں اٹھاؤ گے کہہ دو کون
ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ
ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکے اگر وہ تمہارے ساتھ برائی کرنا چاہے یا

### ربط آیات

(۱۲) منافقین تو اس امتحان میں یہاں تک بکواس کرچکے تھے کہ مدد وغیرہ کے وعدے سب غلط تھے (۱۳) بعض لوگوں نے یہ بھی کہہ دیا کہ اے مدینہ والو اب تمہارا کوئی ٹھکانا نہیں ہے اور منافقین کی ایک جماعت بہانے بنا کر بھاگ رہی تھی۔ (۱۴) اگر یہ لشکر کفار بے خدانخواستہ مدینہ منورہ میں گھس آئیں اور ان سے مرتد ہونے کے لئے کہیں تو یہ منافق فوراً مان جائیں (۱۵) حالانکہ حمایت اسلام کے وعدے اللہ تعالیٰ سے پہلے کر چکے تھے (۱۶) یاد رکھو اے منافقین! موت کا وقت معین ہے اس سے کہاں بھاگ سکتے ہو۔

ع ۱۰



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ
تم پر مہربانی کرنا چاہے اور اللہ کے سوا نہ کوئی اپنا حمایتی پائیں گے

وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَ
اور نہ کوئی مددگار تحقیق اللہ تم میں سے روکنے والوں کو جانتا ہے اور

الْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ
جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آجاؤ اور لڑائی میں بہت ہی کم

إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٨﴾ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ
آتے ہیں تم سے ہمدردی کرتے ہوئے پھر جب ڈر کا وقت آجاتے تو تو انہیں دیکھے گا

يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ
کہ تیری طرف دیکھتے ہیں ان کی آنکھیں پھرتی ہیں جیسے کسی پر موت کی

مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ
بے ہوشی آئے پھر جب ڈر جاتا رہے تو تمہیں تیز زبانوں سے طعنہ

حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ
دیتے ہیں مال کے لالچی ہیں یہ لوگ ایمان نہیں لائے تو اللہ نے ان کے

اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾
تمام اعمال ضائع کر دیئے اور یہ بات اللہ پر بالکل آسان ہے

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ
خیال کرتے ہیں کہ فوجیں نہیں گئیں اور اگر فوجیں آ جائیں

يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ
تو آرزو کریں کہ کاش ہم باہر گاؤں میں جا رہیں تمہاری خبریں پوچھا

أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ ع ۲ / ۱۸
کریں اور اگر تم میں بھی رہیں تو بہت ہی کم لڑیں

### ربط آیات

(۱۷) اللہ تعالیٰ سے تمہیں کون بچا سکتا ہے (۱۸) اللہ تعالیٰ ان روکنے والوں کو خوب جانتا ہے (۱۹) مسلمانوں کی حفاظت کے لئے جان و مال خرچ کرنے سے بخیل ہیں۔ اگر خطرہ پیدا ہو جاتا ہے تو ان کی حالت قریب المرگ والے کی سی ہو جاتی ہے۔ (۲۰) یہ خیال کرتے تھے کہ بھلا یہ کفار قلع قمع کئے بغیر کیسے جا سکتے ہیں، لیکن اس خطرہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنوں نے جو کچھ کیا وہ آگے تیسرے رکوع میں آ رہا ہے۔



Downloaded from ... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن
البتہ تمہارے لئے رسول اللہ میں اچھا نمونہ ہے جو
كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَ
اللہ اور قیامت کی اُمید رکھتا ہے اور اللہ کو بہت یاد کرتا ہے اور
لَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَٰذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ
جب مومنوں نے فوجوں کو دیکھا تو کہا یہ وہ ہے جس کا ہم سے اللہ اور اس کے
وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا
رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس سے ان کے ایمان اور
إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا
فرمانبرداری میں ترقی ہوگئی ایمان والوں میں سے ایسے آدمی بھی ہیں جنہوں نے اللہ
مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَ
سے جو عہد کیا تھا اسے سچ کر دکھایا پھر ان میں سے بعض تو اپنا کام پورا کر چکے اور
مِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ
بعض منتظر ہیں اور عہد میں کوئی تبدیلی نہیں کی تاکہ اللہ
اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن
سچوں کو ان کے سچ کا بدلہ دے اور اگر چاہے تو منافقوں کو عذاب
شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾
دے یا ان کی توبہ قبول کرے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے
وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا وَكَفَى
اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصہ میں بھرا ہوا لوٹا دیا انہیں کچھ بھی ہاتھ نہ آیا اور اللہ نے
اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾
مسلمانوں کی لڑائی اپنے ذمہ لے لی اور اللہ طاقت ور غالب ہے

**خلاصہ رکوع ۳**
تفصیل اجمال اول۔
ماخذ آیت ۲۱ +

## ربط آیات

(۲۱) مومنین کے لئے اس نازک موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرزِ عمل نمونہ ہے کہ ذرہ بھر خوف و ہراس طاری نہیں ہوا اور استقامت سے اسلام کی حمایت فرمائی۔ اس استقامت کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی امداد آئی اور آپ نے فتح پائی۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (۲۲) کفار کے لشکرِ جرار کو دیکھ کر مومنوں نے یہ فرمایا اور ان کا ایمان سابقہ وعدوں کی تصدیق کے باعث اور زیادہ ہوا۔ (۲۳) بعض تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو گئے اور بعض منتظر ہیں اور انہوں نے اپنے ارادہ میں کوئی تبدیلی نہیں کی (۲۴) وعدوں کو سچا کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیگا اور منافقین کو اگر چاہے تو سزا دے اور چاہے تو معاف فرمائے اور توبہ کی توفیق دے (۲۵) اور اللہ تعالیٰ نے کفار کو ناکام و نامراد واپس فرمایا +



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَأَنْزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ
اور جن اہل کتاب نے ان کی مدد کی تھی انہیں ان کے قلعوں سے

صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا
نیچے اُتار دیا اور ان کے دلوں میں خوف ڈال دیا بعض کو تم

تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ﴿٢٦﴾ وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَ
قتل کرنے لگے اور بعض کو قید کر لیا اور ان کی زمین اور ان کے گھروں

دِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَمْ تَطَئُوهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ
اور ان کے مالوں کا تمہیں مالک بنا دیا اور اس زمین کا جس پر تم نے کبھی قدم نہیں رکھا تھا اور اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿٢٧﴾ ع ۳ ۱۹ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ
چیز پر قادر ہے اے نبی اپنی بیویوں سے کہہ دو اگر

كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ
تمہیں دُنیا کی زندگی اور اس کی آرائش منظور ہے تو آؤ

أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾ وَإِنْ كُنْتُنَّ
میں تمہیں کچھ دے دلا کر اچھی طرح سے رُخصت کر دوں اور اگر تم

تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ
اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کو چاہتی ہو تو اللہ نے

أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ يَا نِسَاءَ
تم میں سے نیک بختوں کے لئے بڑا اجر تیار کیا ہے اے نبی کی

النَّبِيِّ مَنْ يَأْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ
بیویو تم میں سے جو کوئی کھلی ہوئی بدکاری کرے تو اُسے

لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾
دُگنا عذاب دیا جائے گا اور یہ اللہ پر آسان ہے

## ربط آیات

(۲۶) اور یہود بنو قریظہ نے چونکہ کفار کو مدد دی تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے ہاتھوں سے ان کا ستیاناس کرا دیا (۲۷) اور ان کی زمین اور گھروں اور مالوں کا مسلمانوں کو وارث بنایا (۲۸) اے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام! ازواج مطہرات سے فرما دیں۔ اگر اسباب دُنیا کی فراوانی چاہتی ہو۔ تو آؤ میں تمہیں عزت سے رخصت کر دوں (۲۹) اور اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی رضا چاہتی ہو تو

**خلاصہ رکوع ۴**

تفصیل اصول دوم۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو اصول ہیں ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کریں اور دوسرے سے ازواج کو راضی رکھیں۔

ماخذ آیت ۲۰

تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا اجر ہے (۳۰) اے ازواج مطہرات! اگر تم سے غلطی ہو تو اس کی سزا تمہارے لئے دُگنی ہے کیونکہ تمہاری غلطی کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بدنما داغ لگے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

****************

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ

اور جو تم میں سے اللہ اور اس کے رسُول کی فرمانبرداری کرے گی اور نیک کام

صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا

کرے گی تو ہم اسے اس کا دُہرا اجر دیں گے اور ہم نے اس کے لئے عزت کا رزق بھی

كَرِيْمًا ﴿٣١﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ

تیار کر رکھا ہے اے نبی کی بیویو تم معمولی عورتوں کی طرح نہیں ہو

اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ

اگر تم اللہ سے ڈرتی رہو تو دبی زبان سے بات نہ کہو کیونکہ جس کے دل میں مرض ہے

قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿٣٢﴾ ج وَقَرْنَ فِيْ

وہ طمع کرے گا اور بات معقُول کہو اور اپنے گھروں میں

بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

بیٹھی رہو اور گذشتہ زمانہ جاہلیت کی طرح بناؤ سنگار دکھاتی نہ پھرو اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط

نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسُول کی فرمانبرداری کرو

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ

اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے اس گھروالو تم سے ناپاکی دُور

الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿٣٣﴾ ج وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى

کرے اور تمہیں خوب پاک کرے اور تمہارے گھروں میں جو اللہ

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ط اِنَّ اللّٰهَ

کی آیتیں اور حکمت کی باتیں پڑھی جاتی ہیں انہیں یاد رکھو بیشک اللہ

### ربط آیات

(۳۱) اگر تم نیکی کروگی تو اس کا اجر بھی دُوگنا ملے گا (۳۲) اے ازواج مطہرات تمہارا درجہ دُوسری عورتوں کا سا نہیں ہے اگر کوئی حجاب کے اندر سے بھی بات پُوچھے تو ذرا دُرشتی سے بات کرو تا کہ کسی کے دل میں وسواس شیطانی نہ آنے پائے (۳۳) اطمینان سے گھر میں بیٹھی رہو۔ زمانہ جاہلیت کی طرح باہر مت پھرا کرو اور یاد الٰہی میں مصروف رہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ﴿٣٤﴾ إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمٰتِ
راز دان خبردار ہے بیشک اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں

وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِينَ وَالْقٰنِتٰتِ وَ
اور ایماندار مردوں اور ایمان دار عورتوں اور فرمانبردار مردوں اور فرمانبردار عورتوں اور

الصّٰدِقِينَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِينَ وَالصّٰبِرٰتِ
اور سچے مردوں اور سچی عورتوں اور صبر کرنے والے مردوں اور صبر کرنے والی عورتوں

وَالْخٰشِعِينَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَ
اور عاجزی کرنے والے مردوں اور عاجزی کرنے والی عورتوں اور خیرات کرنے والے مردوں اور

الْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصّٰٓئِمِينَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَ
خیرات کرنے والی عورتوں اور روزہ دار مردوں اور روزہ دار عورتوں اور

الْحٰفِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِينَ
پاک دامن مردوں اور پاک دامن عورتوں اور اللہ کو بہت یاد کرنے

اللّٰهَ كَثِيرًا وَّالذّٰكِرٰتِ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً
والے مردوں اور بہت یاد کرنے والی عورتوں کے لئے بخشش اور بڑا اجر

وَّأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٣٥﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا
تیار کیا ہے اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو

مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهٗٓ أَمْرًا أَنْ
لائق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دے تو

يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّعْصِ
انہیں اپنے کام میں اختیار باقی رہے اور جس نے اللہ اور

اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِينًا ﴿٣٦﴾
اس کے رسول کی نافرمانی کی تو وہ صریح گمراہ ہوا

ع ۴
۱

**خلاصہ رکوع ۵**

تفصیل احوال سوم (اپنے کو دعا متبنّی حقیقی بیٹے نہیں سمجھتے اس لئے ان کی ازواج کے ساتھ نکاح کی اجازت ہے۔

ماخذ آیت ۳۷ ۰

**ربط آیات**

(۳۴) قرآن حکیم کی تلاوت گھر میں بیٹھ کر کیا کرو (۳۵) اس قسم کے مرد اور عورتیں اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور اجر عظیم کے مستحق ہوں گے۔ (۳۶) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر سر تسلیم خم کرنا مومن کا فرض ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ۴ ۱

كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ﴿٣٤﴾ ع إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمٰتِ
راز دان خبردار ہے بیشک اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں

وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِينَ وَالْقٰنِتٰتِ وَ
اور ایماندار مردوں اور ایمان دار عورتوں اور فرمانبردار مردوں اور فرمانبردار عورتوں اور

الصّٰدِقِينَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِينَ وَالصّٰبِرٰتِ
اور سچے مردوں اور سچی عورتوں اور صبر کرنے والے مردوں اور صبر کرنے والی عورتوں

وَالْخٰشِعِينَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَ
اور عاجزی کرنے والے مردوں اور عاجزی کرنے والی عورتوں اور خیرات کرنے والے مردوں اور

الْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِينَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَ
خیرات کرنے والی عورتوں اور روزہ دار مردوں اور روزہ دار عورتوں اور

الْحٰفِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِينَ
پاک دامن مردوں اور پاک دامن عورتوں اور اللہ کو بہت یاد کرنے

اللّٰهَ كَثِيرًا وَّالذّٰكِرٰتِ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً
والے مردوں اور بہت یاد کرنے والی عورتوں کے لئے بخشش اور بڑا اجر

وَّأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٣٥﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا
تیار کیا ہے اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو

مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهٗٓ أَمْرًا أَنْ
لائق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دے تو

يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّعْصِ
انہیں اپنے کام میں اختیار باقی رہے اور جس نے اللہ اور

اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِينًا ﴿٣٦﴾
اس کے رسول کی نافرمانی کی تو وہ صریح گمراہ ہوا

**خلاصہ رکوع ۵**

تفصیل اجمال سوم رسول کا متبنّٰی حقیقی بیٹے نہیں ہوتے اس لئے ان کی ازواج کے ساتھ نکاح کی اجازت ہے۔

ماخذ آیت ۳۷ ۵

**ربط آیات**

(۳۴) قرآن حکیم کی تلاوت گھر میں بیٹھ کر کیا کرو (۳۵) اس قسم کے مرد اور عورتیں اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور اجر عظیم کے مستحق ہوں گے۔ (۳۶) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر سر تسلیم خم کرنا مومن کا فرض ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِيٓ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ

اور جب تو نے اس شخص سے کہا جس پر اللہ نے احسان کیا اور تو نے احسان کیا

أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ وَتُخْفِي

اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھ اور اللہ سے ڈر اور تو اپنے دل میں

فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ج وَ

ایک چیز چھپاتا تھا جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تو لوگوں سے ڈرتا تھا حالانکہ

اللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَاهُ ط فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِّنْهَا

اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ تو اس سے ڈرے پھر جب زید اس سے حاجت پوری کر

وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ

چکا تو ہم نے تجھ سے اس کا نکاح کر دیا تاکہ مسلمانوں پر ان کے منہ بولے بیٹوں کی

حَرَجٌ فِيٓ أَزْوَاجِ أَدْعِيَآئِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ

بیویوں کے بارے میں کوئی گناہ نہ ہو جب کہ وہ ان سے حاجت پوری

وَطَرًا ط وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ

کر لیں اور اللہ کا حکم ہو کر رہنے والا ہے نبی پر اس بات میں کوئی

مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ ط سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ

گناہ نہیں ہے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کر دی ہے جیسا کہ اللہ کا پہلے لوگوں

خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ط وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا ﴿۳۸﴾ لا

میں دستور تھا اور اللہ کا کام اندازے پر مقرر کیا ہوا ہے

الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا

جو لوگ اللہ کا پیغام پہنچاتے رہے اور اللہ سے ڈرتے رہے اور اللہ

يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللَّهَ ط وَكَفَى بِاللَّهِ حَسِيبًا ﴿۳۹﴾

کے سوا اور کسی سے نہ ڈرتے تھے اور اللہ حساب لینے والا کافی ہے

## ربط آیات

(۳۷) قانون سابق کی بنا پر اس نکاح کے متعلق کسی کو لب کشائی کرنے کا حق نہیں ہے اگرچہ قانون جاہلیت کے لحاظ سے یہ نکاح طعن و تشنیع کا موجب ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا ارادہ اس رسم غلط کی اصلاح تھا (۳۸) جو چیز اللہ تعالیٰ نے حلال کر دی ہے اس کے استعمال کرنے میں نبی پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا (۳۹) یہ انبیاء علیہم السلام کا طرز عمل ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن

محمد تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں لیکن وہ

رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ

اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے خاتمے پر ہیں اور اللہ ہر بات

شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٤٠﴾ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ

جانتا ہے اے ایمان والو اللہ کو بہت

ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ

یاد کیا کرو اور اس کی صبح و شام پاکی بیان کرو وہی

الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ

ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تمہیں اندھیروں سے

الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿٤٣﴾

روشنی کی طرف نکالے اور وہ ایمان والوں پر نہایت رحم والا ہے

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ

جس دن وہ اس سے ملیں گے ان کے لئے سلام کا تحفہ ہوگا اور ان کے لئے عزت کا اجر

أَجْرًا كَرِيمًا ﴿٤٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ

تیار کر رکھا ہے اے نبی ہم نے آپ کو بلاشبہ گواہی دینے والا

شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٤٥﴾ وَدَاعِيًا إِلَى

اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کی طرف اس کے

اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ

حکم سے بلانے والا اور چراغ روشن بنایا ہے اور ایمان والوں کو

الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾

خوشخبری دے اس بات کی کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے

## ربط آیات

ع ۵

(۴۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تو کوئی صاحبزادہ جوان ہے ہی نہیں۔ زید رضی اللہ عنہ تو متبنیٰ تھے۔ اس لئے یہ نکاح بیٹے کی بیوی سے نہیں ہے (۴۱-۴۲) اے مسلمانو! صبح وشام اللہ کو بکثرت یاد کیا کرو (۴۳) تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور فرشتے تمہارے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں اور منشاء الٰہی یہ ہے کہ تمہیں ظلمت سے نکال کر نور کی طرف لے جائے (۴۴) قیامت کے دن جس دن لقاء الٰہی انہیں نصیب ہوگی اس دن کا تحفہ یہ ہوگا (۴۵-۴۶) بندگان خدا کو مذکورۃ الصدر درجہ پر پہنچانے کے لئے آپ یہ فرائض ادا کریں (۴۷) جو آپ کی دعوت کو مان جائیں انہیں یہ خوشخبری سنا دیجئے۔

### خلاصہ رکوع ۶

تخلیل اجمالی چہارم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مومنین کے مفاد کو ان کے نفسوں سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ ماخذ آیت ۴۵-۴۶۔ جب حضور انور میں یہ صفات پائی جاتی ہیں تو ان کی برکت سے مسلمانوں کے مفاد کو آپ یقیناً زیادہ سمجھتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَ

اور کفار اور منافقین کا کہنا نہ مانیے اور ان کی ایذا رسانی کی پروا نہ کیجیے اور

تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ پر بھروسہ کیجیے اور اللہ کارساز کافی ہے اے ایمان والو

اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو پھر انہیں طلاق دے دو اس سے پہلے

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ

کہ تم انہیں چھوؤ تو تمہارے لئے ان پر کوئی عدت نہیں ہے

تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾

کہ تم ان کی گنتی پوری کرنے لگو سو انہیں کچھ فائدہ دو اور انہیں اچھی طرح سے رخصت کر دو

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ

اے نبی ہم نے آپ کے لئے آپ کی بیویاں حلال کر دیں جن کے آپ مہر ادا کر

اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ

چکے ہیں اور وہ عورتیں جو تمہاری مملوکہ ہیں جو اللہ نے آپ کو غنیمت میں

عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ

دلوا دی ہیں اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں

وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً

اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی اور اس مسلمان

مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ

عورت کو بھی جو بلا عوض اپنے کو پیغمبر کو دے دے بشرطیکہ پیغمبر

النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۚ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ

اس کو نکاح میں لانا چاہے یہ خالص آپ کے لئے ہے نہ اور مسلمانوں

**ربط آیات**

(۴۸) کفار اور منافقین کی پروا نہ کیجیے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیے۔ (۴۹) اگر طلاق قبل المس ہو اور دوسرا نکاح اس عورت کا عدت گزرے بغیر کرنے پر کفار یا منافقین اعتراض کریں تو اس کی پروا نہ کیجیے ✦



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَ
اور کفار اور منافقین کا کہنا نہ مانیے اور ان کی ایذا رسانی کی پروا نہ کیجیے اور
تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اللہ پر بھروسہ رکھیے اور اللہ کارساز کافی ہے اے ایمان والو
اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ
جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو پھر انہیں طلاق دے دو اس سے پہلے
اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ
کہ تم انہیں چھوؤ تو تمہارے لئے ان پر کوئی عدت نہیں ہے
تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾
کہ تم ان کی گنتی پوری کرنے لگو سو انہیں کچھ فائدہ دو اور انہیں اچھی طرح سے رخصت کر دو
يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ
اے نبی ہم نے آپ کے لئے آپ کی بیویاں حلال کر دیں جن کے آپ مہر ادا کر
اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ
چکے ہیں اور وہ عورتیں جو تمہاری مملوکہ ہیں جو اللہ نے آپ کو غنیمت میں
عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ
دلوا دی ہیں اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپکے ماموں کی بیٹیاں
وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ؗ وَامْرَاَةً
اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی اور اس مسلمان
مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ
عورت کو بھی جو بلا عوض اپنے کو پیغمبر کو دے دے بشرطیکہ پیغمبر
النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ
اس کو نکاح میں لانا چاہے یہ خالص آپ کے لئے ہے نہ اور مسلمانوں

### ربط آیات

(۴۸) کفار اور منافقین کی پروا نہ کیجیے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیے۔ (۴۹) اگر طلاق قبل المس ہو اور دوسرا نکاح اس عورت کا عدت گزرے بغیر کرنے پر کفار یا منافقین اعتراض کریں تو اس کی پروا نہ کیجیے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمُؤْمِنِيْنَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ

ان کی بیویوں کے بارے ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے مسلمانوں پر

اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ

اور لونڈیوں کے بارے میں مقرر کیا ہے تاکہ آپ پر کوئی

عَلَيْكَ حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٠﴾ تُرْجِيْ

آپ ان میں مہربان ہے اللہ معاف کرنے والا اور دقت نہ رہے

مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۗ

سے جسے چاہیں چھوڑ دیں اور جسے چاہیں اپنے پاس جگہ دیں

وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۗ

اور ان میں سے جسے آپ چاہیں جنہیں آپ نے علیحدہ کر دیا تھا تو آپ پر کوئی گناہ نہیں

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَ

یہ اس سے زیادہ قریب ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غمزدہ نہ ہوں اور

يَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا

ان سب کو جو آپ دیں اس پر راضی ہوں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿٥١﴾ لَا

اللہ جانتا ہے اور اللہ جاننے والا بردبار ہے اس

يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ

کے بعد آپ کے لئے عورتیں حلال نہیں اور نہ یہ کہ آپ ان سے

بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا

اور عورتیں تبدیل کریں اگرچہ آپ کو ان کا حسن پسند آئے مگر جو

مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿٥٢﴾ ع ۶ ۲

آپ کی مملوکہ ہوں اور اللہ ہر ایک چیز پر نگران ہے

## ربط آیات

(۵۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ سارے قسم عورتوں کے حلال ہیں (۵۱) جس طرح معاملہ نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بعض احکام خصوصی ہیں اسی طرح تقسیم اوقات متعلقہ ازواج میں بھی آپ کے لئے احکام خصوصی ہیں (۵۲) ان قسموں کے علاوہ اور کسی عورت سے نکاح کرنے کی آپ کو اجازت نہیں ہے۔ ہاں ان کے علاوہ اور لونڈیاں رکھ سکتے ہیں ◆



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۷**
تفصیل اجمال پنجم و ششم (ازواج
مطہرات جو مومنین کی روحانی مائیں ہیں
ان کی توقیر و حرمت بمنزلہ والدہ کے
ہے اور ان سے نکاح ابدالآباد حرام ہے
لیکن یہ تمہاری نسباً مائیں نہیں ہیں۔
اس لئے پردہ انہیں کرنا چاہیئے)
ماخذ آیت ۵۰ تا ۵۵

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ
اے ایمان والو نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر اس وقت
يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا
کہ تمہیں کھانے کے لئے اجازت دی جائے نہ اس کی تیاری کا انتظار کرتے ہوئے لیکن جب
دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ
تمہیں بلایا جائے تب داخل ہو پھر جب تم کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ اور باتوں کے لئے جم کر
لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِىَّ فَيَسْتَحْىٖ مِنْكُمْ ۫
نہ بیٹھو کیونکہ اس سے نبی کو تکلیف پہنچتی ہے اور وہ تم سے شرم کرتا ہے

**ربط آیات**
(۵۳) اے مسلمانو! بلا اجازت
حضور انور (صلی اللہ علیہ وسلم)
کے گھر نہ جاؤ اور کھانا کھا کر
نکل آؤ۔ (۵۴) اللہ تعالی
تمہاری استعدادات اور جذبات
اور افعال سے پورا واقف
ہے۔ اس لئے تقاضائے
بشریت کو ملحوظ رکھ کر یہ احکام
دے رہا ہے ۔

وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْىٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا
اور حق بات کہنے سے اللہ شرم نہیں کرتا اور جب نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو
فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ
تو پردہ کے باہر سے مانگا کرو اس میں تمہارے اور ان کے دلوں کے
وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ
لئے بہت پاکیزگی ہے اور تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم رسول اللہ کو ایذا دو اور
لَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ
نہ یہ کہ تم آپ کی بیویوں سے آپ کے بعد کبھی بھی نکاح کرو بے شک یہ
كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ
اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ
تو بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ان پر اپنے باپوں کے سامنے ہونے
فِىْۤ اٰبَآئِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ
میں کوئی گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے اور نہ



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۷**

تفصیل اجمال پنجم و ششم ازواج مطہرات جو مومنین کی روحانی مائیں ہیں ان کی توقیر و حرمت بمنزلہ والدہ کے ہے اور ان سے نکاح ابداً الآباد حرام ہے لیکن یہ تمہاری نسباً مائیں نہیں ہیں۔ اس لئے پردہ نہیں کرنا چاہیئے) ماخذ آیت ۵۰ تا ۵۵

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ

اے ایمان والو نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر اس وقت

يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا

کہ تمہیں کھانے کے لئے اجازت دی جائے نہ اس کی تیاری کا انتظار کرتے ہوئے لیکن جب

دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ

تمہیں بلایا جائے تب داخل ہو پھر جب تم کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ اور باتوں کے لئے جم کر

لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫

نہ بیٹھو کیونکہ اس سے نبی کو تکلیف پہنچتی ہے اور وہ تم سے شرم کرتا ہے

وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا

اور حق بات کہنے سے اللہ شرم نہیں کرتا اور جب نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو

فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ

تو پردہ کے باہر سے مانگا کرو اس میں تمہارے اور ان کے دلوں کے

وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ

لئے بہت پاکیزگی ہے اور تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم رسول اللہ کو ایذا دو اور

لَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ

نہ یہ کہ تم آپ کی بیویوں سے آپ کے بعد کبھی بھی نکاح کرو بے شک یہ

كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ

اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ

**ربط آیات**

(۵۳ ۵) اے مسلمانو! بلا اجازت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلّم کے گھر نہ جاؤ اور کھانا کھا کر نکل آؤ۔ (۵۴ ۵) اللہ تعالیٰ تمہاری استعدادات اور جذبات اور افعال سے پورا واقف ہے۔ اس لئے تقاضائے بشریت کو ملحوظ رکھ کر یہ احکام دے رہا ہے۔

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ

تو بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ان پر اپنے باپوں کے سامنے ہونے

فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ

میں کوئی گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے اور نہ



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبْنَآءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَآ أَبْنَآءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی عورتوں کے

وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

اور نہ اپنے غلاموں کے اور اللہ سے ڈرتی رہو بے شک ہر

كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَآئِكَتَهُ

چیز اللہ کے سامنے ہے بیشک اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَآ أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ

نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی اس پر درود

وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَ

اور سلام بھیجو جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا

رَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ

دیتے ہیں ان پر اللہ نے دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے اور ان کے لئے ذلت

عَذَابًا مُّهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

کا عذاب تیار کیا ہے اور جو ایماندار مردوں اور عورتوں کو ناکردہ گناہوں

بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا ﴿٥٨﴾ ع

پر ستاتے ہیں سو وہ اپنے سر بہتان اور صریح گناہ لیتے ہیں

يَآ أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِينَ

اے نبی اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو

يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن

کہ اپنے مونہوں پر نقاب ڈالا کریں یہ اس سے زیادہ قریب ہے کہ

يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٥٩﴾

پہچانی جائیں پھر نہ ستائی جائیں اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

## ربط آیات

(۵۵) ازواج مطہرات کے اپنے محرموں اور غلاموں کے سامنے ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے (۵۶) جس طرح اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ملائکہ کا استغفار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے اسی طرح تم بھی آپ کے حق میں دعائے رحمت کیا کرو اور سلام بھیجا کرو۔ بلکہ جو فرض تبلیغ آپ کے ذمہ عائد ہوا ہے اس میں آپ کی اعانت کر کے دعا لو اور اس سے آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوگی (۵۷) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے والوں پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دنیا اور آخرت میں لعنت ہے (۵۸) اور جو لوگ مومن مردوں اور عورتوں کو ناکردہ گناہ کے باعث ایذا پہنچاتے ہیں وہ بہتان اور اثم مبین کے مرتکب ہو رہے ہیں (۵۹) ان مستورات سے فرمایا کہ اس پردہ کی پوری پابندی کریں تاکہ منافقین نہ ستائیں

خلاصہ رکوع ۸

تفصیل: جس میں قیامت کے دن ... سے سوال ہوگا کہ انھوں نے ... اب تک احکام الٰہی کی پوری تعمیل کرتے تاکہ قیامت کے دن ان کے حق میں بہتر گواہی آپ دے سکیں۔

ماخذ آیت ۵۹ ... ۳۳

اور انہیں ایذا نہ دیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبْنَآءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَآ أَبْنَآءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ
اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی عورتوں کے

وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۗ وَاتَّقِينَ اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ
اور نہ اپنے غلاموں کے اور اللہ سے ڈرتی رہو بے شک ہر

كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ
چیز اللہ کے سامنے ہے بیشک اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ
نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی اس پر درود

وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللّٰهَ وَ
اور سلام بھیجو جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا

رَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ
دیتے ہیں ان پر اللہ نے دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے اور ان کے لئے ذلت

عَذَابًا مُّهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
کا عذاب تیار کیا ہے اور جو ایماندار مردوں اور عورتوں کو ناکردہ گناہوں

بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَّإِثْمًا مُّبِينًا ﴿٥٨﴾ ع
پر ستاتے ہیں سو وہ اپنے سر بہتان اور صریح گناہ لیتے ہیں

يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِينَ
اے نبی اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو

يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذٰلِكَ أَدْنٰىٓ أَنْ
کہ اپنے مونہوں پر نقاب ڈالا کریں یہ اس سے زیادہ قریب ہے کہ

يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٥٩﴾
پہچانی جائیں پھر نہ ستائی جائیں اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

## ربط آیات

(۵۵) ازواج مطہرات کو اپنے محرموں اور غلاموں کے سامنے ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے (۵۶) جس طرح اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ملائکہ کا استغفار حضور انور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ ہے اسی طرح تم بھی آپ کے حق میں دعائے رحمت کیا کرو اور سلام بھیجا کرو۔ بلکہ جو فرض تبلیغ آپ کے ذمہ عائد ہوا ہے اس میں آپ کی اعانت کر کے دعا لو اور اس سے آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوگی (۵۷) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے والوں پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دنیا اور آخرت میں لعنت ہے (۵۸) اور جو لوگ مومن مردوں اور عورتوں کو ناکردہ گناہ کے باعث ایذا پہنچاتے ہیں وہ بہتان اور اثم مبین کے مرتکب ہو رہے ہیں (۵۹) ان مستورات سے فرمایا کہ اس پردہ کی پوری پابندی کریں تاکہ منافقین نہ ستائیں

### خلاصہ رکوع ۸

تفصیل: بعض منتظم (قیامت کے دن) عباد علیہم السلام سے سوال ہوگا کہ انھوں نے تعمیل فرائض اور کیا جو اہتمام ہوا۔ اب امت احکام الٰہی کی پوری تعمیل کرے تاکہ قیامت کے دن ان کے حق میں بہتر گواہی آپ دے سکیں۔

ماخذ: آیت ۵۹ ۔ ۳۳ ۔ ۶۷۵

اور انہیں ایذا نہ دیں ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ

اگر منافق اور وہ جن کے دلوں میں مرض ہے اور مدینہ میں

الْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ

غلط خبریں اڑانے والے باز نہ آئیں گے تو آپ کو ہم ان کے پیچھے لگا دیں گے پھر وہ اس شہر میں

فِيْهَاۤ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٠﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۛۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا

تیرے پاس نہ ٹھہریں گے مگر بہت کم لعنت کئے گئے ہیں جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور قتل

تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

کئے جائیں گے یہی اللہ کا قانون ہے ان لوگوں میں جو اس سے پہلے گزر چکے ہیں

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ

اور آپ اللہ کے قانون میں کوئی تبدیلی ہرگز نہ پائیں گے آپ سے لوگ قیامت کے

عَنِ السَّاعَةِ ۗ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَمَا يُدْرِيْكَ

متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو اس کا علم تو صرف اللہ ہی کو ہے اور آپ کو کیا خبر

لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ

کہ شاید قیامت قریب ہی ہو بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے

وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ۚ لَا

اور ان کے لئے دوزخ تیار کر رکھا ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے نہ

يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ

کوئی دوست پائیں گے اور نہ کوئی مددگار جس دن ان کے منہ آگ میں الٹ

فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَاۤ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾

دیئے جائیں گے کہیں گے اے کاش ہم نے اللہ اور رسول کا کہا مانا ہوتا

وَقَالُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا

اور کہیں گے اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کا کہا مانا سو انہوں نے ہمیں گمراہ کیا

### رابطہ آیات

(۶۰) اگر یہ لوگ شرارت سے باز نہیں آئیں گے تو ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے پھر مدینہ منورہ سے انہیں نکلنا پڑے گا (۶۱) اگر باز نہ آئے تو پھر یہ حکم نافذ کر دیا جائے گا۔ (۶۲) انبیاء علیہم السلام کے مخالفین کے لئے ہمیشہ سے یہی قانون الٰہی چلا آرہا ہے (۶۳) جب عذاب الٰہی کی دھمکی دنیا اور آخرت کی انہیں دی گئی تو پوچھتے ہیں کہ یہ عذاب کب آئے گا (۶۴-۶۵) اللہ تعالیٰ کی طرف سے دائمی لعنت اور خلود فی النار کا فیصلہ ان کے حق میں جاری ہو چکا ہے (۶۶) داخلہ جہنم کے دن ان کی تمنا یہ ہو گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ

اگر منافق اور وہ جن کے دلوں میں مرض ہے اور مدینہ میں

الْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ

غلط خبریں اڑانے والے باز نہ آئیں گے تو ہم ان کے پیچھے آپ کو لگا دیں گے پھر وہ اس شہر میں

فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٠﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا

تیرے پاس نہ ٹھہریں گے مگر بہت کم لعنت کئے گئے ہیں جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور قتل

تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

کئے جائیں گے یہی اللہ کا قانون ہے ان لوگوں میں جو اس سے پہلے گزر چکے ہیں

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ

اور آپ اللہ کے قانون میں کوئی تبدیلی ہرگز نہ پائیں گے آپ سے لوگ قیامت کے

عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ

متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو اس کا علم تو صرف اللہ ہی کو ہے اور آپ کو کیا خبر

لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ

کہ شاید قیامت قریب ہی ہو بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے

وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا

اور ان کے لئے دوزخ تیار کر رکھا ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے نہ

يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ ۚ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ

کوئی دوست پائیں گے اور نہ کوئی مددگار جس دن ان کے منہ آگ میں الٹ

فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾

دیئے جائیں گے کہیں گے اے کاش ہم نے اللہ اور رسول کا کہا مانا ہوتا

وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاۗءَنَا فَاَضَلُّوْنَا

اور کہیں گے اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کا کہا مانا سو انہوں نے ہمیں گمراہ کیا

معانقہ ۱۲ عند المتأخرین

الربع

## رابطِ آیات

(۶۰) اگر یہ لوگ شرارت سے باز نہیں آئیں گے تو ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے پھر مدینہ منورہ سے انہیں نکلنا پڑے گا (۶۱) اگر باز نہ آئے تو پھر یہ حکم نافذ کر دیا جائے گا۔ (۶۲) انبیاء علیہم السلام کے مخالفین کے لئے ہمیشہ سے یہی قانون الٰہی چلا آرہا ہے (۶۳) جب عذاب الٰہی کی دھمکی دنیا اور آخرت کی انہیں دی گئی تو پوچھتے ہیں کہ یہ عذاب کب آئے گا (۶۴-۶۵) اللہ تعالیٰ کی طرف سے دائمی لعنت اور خلود فی النار کا فیصلہ ان کے حق میں ہو چکا ہے (۶۶) داخلہ جہنم کے دن ان کی تمنا یہ ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

السَّبِيلَا ۝۶۷ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ
اے ہمارے رب انہیں دُگنا عذاب دے اور

الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ۝۶۸ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَكُونُوا
ان پر بڑی لعنت کر اے ایمان والو تم ان لوگوں جیسے

كَالَّذِينَ اٰذَوْا مُوسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوا ۭ وَكَانَ عِنْدَ
نہ ہو جاؤ جنہوں نے موسیٰ کو ستایا پھر اللہ نے موسیٰ کو ان کی باتوں سے بری کر دیا اور وہ اللہ کے نزدیک

اللّٰهِ وَجِيهًا ۝۶۹ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا
بڑی عزت والا تھا اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات

سَدِيدًا ۝۷۰ ۙ يُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۭ
کہا کرو تاکہ وہ تمہارے اعمال کو درست کرے اور تمہارے گناہ معاف کر دے

وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ۝۷۱ اِنَّا
اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کا کہا مانا سو اس نے بڑی کامیابی حاصل کی ہم نے

عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ
آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے امانت پیش کی

فَاَبَيْنَ اَنْ يَحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ
پھر انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے اور اسے انسان نے اٹھا لیا

اِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ۝۷۲ ۙ لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِينَ
بیشک وہ بڑا ظالم بڑا نادان تھا تاکہ اللہ منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوبَ اللّٰهُ عَلَى
اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور عورتوں کو عذاب دے اور مومن مردوں

الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝۷۳ ع
اور عورتوں پر مہربانی کرے اور اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے

**خلاصہ رکوع ۹**

تفصیل اعمال شتم: اے مسلمانو! اپنے نبی کی ایذا دہی سے بچو اور اپنے فرض منصبی کی یکسوئی کا طریقہ حضور ﷺ سے سیکھو۔

ماخذ آیت ۶۹، ۷۰، ۷۲

**ربط آیات**

(۶۷، ۶۸) منافقین اور کفار کی بارگاہِ الٰہی میں قیامت کے دن یہ استدعا ہو گی۔ (۶۹) اے مسلمانو! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذا دہی سے بچو۔ (۷۰، ۷۱) اے مسلمانو! پرہیزگاری اختیار کرو۔ بات سچی منہ سے نکالا کرو۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں فوزِ عظیم حاصل کرو۔ (۷۲) اپنے فرض منصبی کو سمجھو اور اس کا حق ادا کرو۔ (۷۳) آیندہ نتیجہ یہ نکلے گا۔ ابھی سے سوچ لو کہ تم کس جماعت میں شامل ہو رہے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰیَاتُهَا ۵۴ (۳۴) سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّیَّةٌ (۵۸) رُكُوْعَاتُهَا ۶

آیتیں ۵۴ سورۃ سبا مکی ہے رکوع ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَ
سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور
لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝۱ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ
آخرت میں بھی اسی کے لئے سب تعریف ہے، اور وہ حکمت والا اخبردار ہے وہ جانتا ہے جو زمین
فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا
میں داخل ہوتا ہے اور جو اس میں سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو
یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ۝۲ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا
اس میں چڑھتا ہے اور وہ نہایت رحم والا بخشنے والا ہے اور کافر کہتے ہیں
لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ
کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی کہہ دو ہاں (آئے گی) قسم ہے میرے رب غائب کے جاننے
عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ
والے کی البتہ تم پر ضرور آئے گی جس سے آسمانوں اور زمین کی کوئی چیز ذرہ کے برابر بھی
وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ
غائب نہیں اور نہ ذرہ سے چھوٹی اور نہ بڑی کوئی بھی ایسی چیز نہیں
كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝۳ ۙ لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
جو لوح محفوظ میں نہ ہو تاکہ اللہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے
الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝۴
نیک عمل کئے انہیں کے لئے بخشش اور عزت والا رزق ہے

**ربط آیات**
سورۃ سبا
(موضوع سورۃ)
تصفیہ مسئلہ مجازات
(۱) دنیا میں سموٰت و ارض کا

خلاصہ رکوع ۱
اثبات مسئلہ مجازات
ماخذ آیت ۳، ۴

مالک بھی وہی ہے اور آخرت میں بھی اسی کے کارنامے قابل ستائش ہوں گے۔ وہ ہر امر سے پورا واقف اور پورا حکیم (دانشمند) ہے (۲) زمین میں جو بویا جاتا۔ اور جو کچھ اس میں سے نکلتا ہے وہ بھی جانتا ہے اور آسمان سے جو احکام نازل ہوتے ہیں اور جو اعمال یہاں سے چڑھتے ہیں انہیں بھی جانتا ہے۔ (۳) کفار قیامت کے منکر ہیں۔ ان کے اس شبہ کا یہ حل ہے جو آیت میں مذکور ہے۔ (۴-۵) قیامت اس لئے آئے گی تاکہ مومنین حق کو مغفرت اور رزق کریم عطا ہو اور مخالفین کو دردناک عذاب ہو۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## اٰیاتها ۵۴ (۳۴) سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ (۵۸) رکوعاتها ۶

آیتیں ۵۴ سورۃ سبا مکی ہے رکوع ۶

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ وَ هُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝۱ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ

آخرت میں بھی اسی کے لئے سب تعریف ہے، اور وہ حکمت والا خبردار ہے وہ جانتا ہے جو زمین

فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا

میں داخل ہوتا ہے اور جو اس میں سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو

یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ۝۲ وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

اس میں چڑھتا ہے اور وہ نہایت رحم والا بخشنے والا ہے اور کافر کہتے ہیں

لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَ رَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ

کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی کہہ دو ہاں (آئے گی) قسم ہے میرے رب غائب کے جاننے

عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ

والے کی البتہ تم پر ضرور آئے گی جس سے آسمانوں اور زمین کی کوئی چیز ذرہ کے برابر بھی

وَ لَا فِی الْاَرْضِ وَ لَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ

غائب نہیں اور نہ ذرہ سے چھوٹی اور نہ بڑی کوئی بھی ایسی چیز نہیں

كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝۳ ۙ لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

جو لوح محفوظ میں نہ ہو تاکہ اللہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے

الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝۴

نیک عمل کئے انہیں کے لئے بخشش اور عزت والا رزق ہے

---

**ربط آیات**

سورۂ سبا

(موضوع سورۃ)

تصفیہ مسئلہ مجازات

(۱) دنیا میں سموٰت و ارض کا

> **خلاصہ رکوع ۱**
>
> انکار مسئلہ مجازات
>
> ما حصل آیت ۳ +

مالک بھی وہی ہے اور آخرت میں بھی اسی کے کارنامے قابل ستائش ہوں گے۔ وہ ہر امر سے پورا واقف اور پورا حکیم (دانشمند) ہے (۲) زمین میں جو بویا جاتا ہے اور جو کچھ اس میں سے نکلتا ہے وہ بھی جانتا ہے اور آسمان سے جو احکام نازل ہوتے ہیں اور جو اعمال یہاں سے چڑھتے ہیں انہیں بھی جانتا ہے۔ (۳) کفار قیامت کے منکر ہیں۔ ان کے اس شبہ کا یہ حل ہے جو آیت میں مذکور ہے۔ (۴-۵) قیامت اس لئے آئے گی تاکہ مومنین حق کو مغفرت اور رزق کریم عطا ہو اور مخالفین کو دردناک عذاب ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِينَ سَعَوْ فِي آيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
اور جو ہماری آیتوں کے رد کرنے میں کوشش کرتے پھرتے ہیں ان کے لئے ذلت کا
مِّنْ رِّجْزٍ أَلِيمٌ ۝٥ وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِيٓ
عذاب ہے اور جنہیں علم دیا گیا ہے وہ خیال کرتے ہیں کہ جو کچھ آپ کی
أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيٓ إِلٰى صِرَاطِ
طرف آپ کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے وہ ٹھیک ہے اور وہ غالب تعریف کئے ہوئے
الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝٦ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ
کی راہ دکھاتا ہے اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں وہ آدمی
عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ إِنَّكُمْ لَفِي
بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پورے طور پر ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر نئے سرے
خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝٧ أَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ
سے پیدا کئے جاؤ گے کیا اس نے اللہ پر جھوٹ بنا لیا ہے یا اسے
جِنَّةٌ ۗ بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْاٰخِرَةِ فِي
جنون ہے نہیں بلکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ
الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيدِ ۝٨ أَفَلَمْ يَرَوْا إِلٰى مَا بَيْنَ
عذاب اور دور کی گمراہی میں ہیں کیا وہ آسمان اور زمین کو
أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنْ نَّشَأْ
نہیں دیکھتے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے اگر ہم چاہیں
نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ
تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ان پر کوئی آسمان کا ٹکڑا
السَّمَاءِ ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ۝٩ ع ۷
گرا دیں اللہ کی طرف رجوع کرنے والے بندے کے لئے اس میں بڑی نشانیاں ہیں

**ربط آیات**

(۵) پچھلے صفحہ پر
(۶) اہل کتاب میں سے بعض منصف مزاج مثلاً عبداللہ بن سلام، لوگوں کا قرآن کے متعلق یہ خیال ہے۔ (۷) کفار بعث بعد الموت کو تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ (۸) خدا تعالیٰ پر جھوٹ کہتا ہے یا اسے جنون ہے (۹) کیا اللہ تعالیٰ کی طاقت کو تسلیم نہیں کرتے۔ ابھی چاہے تو سارا نظام تباہ کر دے۔ جو تباہ کرنے پر قادر ہے وہ دوبارہ اسی طرح بنانے پر بھی قادر ہو سکتا ہے۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِينَ سَعَوْ فِيٓ آيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
اور جو ہماری آیتوں کے رد کرنے میں کوشش کرتے پھرتے ہیں ان کے لئے ذلت کا

مِّنْ رِّجْزٍ أَلِيمٌ ﴿٥﴾ وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِيٓ
عذاب ہے اور جنہیں علم دیا گیا ہے وہ خیال کرتے ہیں کہ جو کچھ آپ کی

أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيٓ إِلٰى صِرَاطِ
طرف آپ کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے وہ ٹھیک ہے اور وہ غالب تعریف کئے ہوئے

الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ﴿٦﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ
کی راہ دکھاتا ہے اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں وہ آدمی

عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ إِنَّكُمْ لَفِي
بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پورے طور پر ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر نئے سرے

خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿٧﴾ أَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أَمْ بِهٖ
سے پیدا کئے جاؤ گے کیا اس نے اللہ پر جھوٹ بنا لیا ہے یا اسے

جِنَّةٌ ۗ بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ فِي
جنون ہے نہیں بلکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ

الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيدِ ﴿٨﴾ أَفَلَمْ يَرَوْا إِلٰى مَا بَيْنَ
عذاب اور دور کی گمراہی میں ہیں کیا وہ آسمان اور زمین کو

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ ۭ إِنْ نَّشَأْ
نہیں دیکھتے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے اگر ہم چاہیں

نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ
تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ان پر کوئی آسمان کا ٹکڑا

السَّمَآءِ ۭ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ﴿٩﴾ ع
گرا دیں اللہ کی طرف رجوع کرنے والے بندے کے لئے اس میں بڑی نشانیاں ہیں

## ربطِ آیات

(۵) پچھلے صفحہ پر
(۶) اہل کتاب میں سے بعض منصف مزاج (مثلاً عبد اللہ بن سلام) لوگوں کا قرآن کے متعلق یہ خیال ہے۔
(۷) کفار بعث بعد الموت کو تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔
(۸) خدا تعالیٰ پر جھوٹ کہتا ہے یا اسے جنون ہے
(۹) کیا اللہ تعالیٰ کی طاقت کو تسلیم نہیں کرتے۔ ابھی چاہے تو سارا نظام تباہ کر دے۔ (جو تباہ کرنے پر قادر ہے وہ دوبارہ اسی طرح بنانے پر بھی قادر ہو سکتا ہے)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۘ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَ
اور بیشک ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بزرگی دی تھی اے پہاڑو ان کی تسبیح کی آواز کا جواب دیا کرو
الطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝١٠ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ
پرندوں کو تابع کر دیا تھا اور ہم نے ان کے لئے لوہا نرم کر دیا تھا کہ کشادہ زرہیں بنا
وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
اور اندازے سے کڑیاں جوڑ اور تم سب نیک کام کرو بیشک میں جو تم کرتے ہو خوب
بَصِيْرٌ ۝١١ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا
دیکھ رہا ہوں اور ہوا کو سلیمان کے تابع کر دیا تھا جس کی صبح کی منزل مہینے بھر کی راہ اور شام کی منزل مہینے
شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ
بھر کی راہ تھی اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا تھا اور کچھ جن اس کے
يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ
آگے اس کے رب کے حکم سے کام کیا کرتے تھے اور جو کوئی ان میں سے ہمارے حکم
عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝١٢ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ
سے پھر جاتا تھا تو ہم اسے آگ کا عذاب چکھاتے تھے جو وہ چاہتا اس
مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ
کے لئے بناتے تھے قلعے اور تصویریں اور حوض جیسے لگن
وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ
اور جمی رہنے والی دیگیں اے داؤد والو تم شکر میں نیک کام کیا کرو اور میرے بندوں
مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ۝١٣ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ
میں سے شکر گزار تھوڑے ہیں پھر جب ہم نے اس پر موت کا حکم کیا
مَا دَلَّهُمْ عَلٰي مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ
تو انہیں اس کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کے کیڑے نے جو اس کے عصا کو

**خلاصہ رکوع ٢**

اگر یہ لوگ شکر گزار ہیں تو داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کی طرح سرفراز کئے جائیں گے اور اگر باز نہ آئیں تو قوم سبا کی طرح نعمتوں سے محروم ہو سکتے ہیں۔

ماخذ (١) آیت ١٠-١٢-١٣۔ (٢) آیت ١٥ تا ١٧۔

**ربط آیات**

(١٠) داؤد علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے فضل سے ممتاز ہیں پہاڑ اور پرندے اور لوہا سب تابع ہیں (١١) لوہے سے یہ کام لیجئے اور نیک عمل کیجئے۔ (١٢) سلیمان کے تابع جن ہو رہے ہے (١٣) یہ خدمات جنوں سے لی جاتی ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام نعمتوں کے عوض فقط شکر گزاری چاہتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا

کھا رہا تھا پھر جب گر پڑا تو جنوں نے معلوم کیا کہ اگر وہ

يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾

غیب کو جانتے ہوتے تو اس ذلت کے عذاب میں نہ پڑے رہتے

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ

بیشک قوم سبا کے لئے ان کی بستی میں ایک نشان تھا دائیں اور بائیں

يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۭ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا

دو باغ اپنے رب کی روزی کھاؤ اور اس کا شکر

لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا

کرو عمدہ شہر رہنے کو اور بخشنے والا رب پھر انہوں نے نافرمانی کی پھر ہم نے

عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

ان پر سخت سیلاب بھیج دیا اور ہم نے ان کے دونوں باغوں کے بدلے

ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ

میں دو باغ بدمزہ پھل کے اور جھاؤ کے، اور کچھ تھوڑی سی بیریوں کے

قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ

بدل دیئے یہ ہم نے ان کی ناشکری کا بدلہ دیا اور ہم ناشکروں

نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ

ہی کو بُرا بدلہ دیا کرتے ہیں اور ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان

الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا

جن میں ہم نے برکت رکھی تھی بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے جو نظر آتے تھے اور ہم نے ان میں

فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾

منزلیں مقرر کر دی تھیں ان میں راتوں اور دنوں کو امن سے چلو

## ربط آیات

(۱۴) سلیمان علیہ السلام کی وفات پر جن دست حسرت ملتے ہیں کاش کہ ہم غیب دان ہوتے لیکن غیب دانی سوائے ذات وحدہ لاشریک لہ کے اور کسی کو نہیں ہے (۱۵) فرمانبرداروں کے واقعات کے بعد اب نافرمانوں کا حال بھی سن لیجئے۔ دونوں جماعتوں کو اس جہان میں اپنے اپنے اعمال کے لحاظ سے جزا ملی۔ آیندہ بھی یوں ہی ہوگا۔ ان لوگوں سے نعمتوں کے بدلے میں شکر کا مطالبہ کیا گیا۔ (۱۶) شکر سے اعراض کیا اور یہ سزا پائی (۱۷) یہ ناشکری کی سزا تھی (۱۸) پہلی نعمت کو تو ناشکری کے باعث کھو چکے تھے۔ اب دوسری کی باری آئی۔ یمن سے لے کر شام تک اس قدر آبادی تھی کہ ایک بستی میں جاؤ تو دوسری نظر آتی تھی اس قدر گنجان آبادی اور اس طرح کا امن تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
پھر انہوں نے کہا اے ہمارے رب ہماری منزلوں کو دُور دُور کردے اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا
فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ
سو ہم نے انہیں کہانیاں بنا دیا اور ہم نے انہیں پورے طور پر پارہ پارہ کردیا بیشک اس میں
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ
ہر ایک صبر شکر کرنے والے کے لئے نشانیاں ہیں اور البتہ شیطان نے ان پر
اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾
اپنا گمان سچ کر دکھایا سوائے ایمانداروں کے ایک گروہ کے سب اس کے تابع ہو گئے
وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ
حالانکہ ان پر اس کا کوئی زور بھی نہیں تھا مگر یہی کہ ہم نے ظاہر کرنا تھا کہ کون آخرت پر
بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
ایمان لاتا ہے اور کون اس سے شک میں پڑا ہوا ہے اور تیرا رب ہر چیز پر
حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ ع قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ
نگہبان ہے کہہ دو اللہ کے سوا جن کا تمہیں گھمنڈ ہے انہیں پکارو
لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي
وہ نہ تو آسمان ہی میں ذرہ بھر اختیار رکھتے ہیں اور نہ زمین
الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ
میں اور نہ ان کا ان میں کچھ حصہ ہے اور نہ ان میں سے اللہ کا
مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ
کوئی مددگار ہے اور اس کے ہاں سفارش نفع نہ دے گی مگر اسی کو جس کے
اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ
لئے وہ اجازت دے گا یہاں تک کہ جب ان کے دل سے گھبراہٹ دُور ہو جاتی ہے کہتے ہیں تمہارے رب

## ربط آیات

(۱۹) انھوں نے کہا کہ سفر میں لطف نہیں آتا اس لئے غیر آباد زمین ہونی چاہیئے اور بستیاں دُور دُور ہوں تو اچھا ہے نتیجہ یہ نکلا کہ وہ بستیاں تباہ ہو گئیں اور ان کے رہنے والے مختلف مقامات پر منتقل ہو گئے شام عراق اور تہامہ وغیرہ مقامات پر مختلف قبائل جا آباد ہوئے۔ چنانچہ انہی میں سے اوس اور خزرج مدینہ منورہ میں آبسے (۲۰) اکثر لوگوں پر شیطان لعین کا گمان سوائے مومنین کی جماعت کے صحیح نکلا۔ (۲۱) ہم نے اس امتحان کے لئے شیطان کو مہلت دے رکھی ہے (۲۲)

۲ ع ۲ ۸

**خلاصہ رکوع ۳**

اگر خوف مجازات سے تعلق باللہ قائم نہ رکھا تو غیر اللہ کا تعلق شفاعت کے لئے بھی مفید نہ ہوگا۔

ماخذ آیت ۲۲ - ۲۳

تمہارے معبود من دون اللہ آسمان و زمین میں ایک ذرہ کے بھی مالک نہیں ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٢٣﴾ قُلْ مَنْ

نے کیا فرمایا وہ کہتے ہیں سچی بات فرمائی اور وہی عالی شان سب سے بڑا ہے کہہ دو تمہیں

يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ وَإِنَّا

آسمانوں اور زمین سے کون رزق دیتا ہے کہو اللہ اور بیشک

أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٢٤﴾ قُلْ

ہم یا تم ہدایت پر ہیں یا صریح گمراہی میں کہہ دو

لَا تُسْأَلُونَ عَمَّا أَجْرَمْنَا وَلَا نُسْأَلُ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢٥﴾

نہ تم پوچھے جاؤ گے اس کی نسبت جو ہم نے جرم کیا اور نہ ہم ہی پوچھے جائیں گے اس کی بابت جو تم کرتے ہو

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ

کہہ دو ہم سب کو ہمارا رب جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ کرے گا اور وہی

الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿٢٦﴾ قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ

فیصلہ کرنے والا جاننے والا ہے کہہ دو جنہیں تم نے اس سے شریک بنا کر ملا رکھا ہے

بِهِ شُرَكَاءَ ۖ كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾ وَمَا

مجھے بھی تو دکھاؤ بلکہ وہی اللہ غالب حکمت والا ہے اور ہم

أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ

نے آپ کو تو بھیجا ہے تو صرف سب لوگوں کو خوشی اور ڈر سنانے کے لئے لیکن

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا

اکثر لوگ نہیں جانتے اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب

الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٩﴾ قُلْ لَكُمْ مِيعَادُ يَوْمٍ

ہے اگر تم سچے ہو کہہ دو تمہارے لئے ایک دن کا وعدہ ہے

لَا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٠﴾ ع

کہ جس سے نہ ایک گھڑی پیچھے ہو سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو

## ربط آیات

(۲۳) اللہ تعالیٰ کے ہاں شفاعت بھی وہی کر سکتا ہے، جسے اجازت ملے۔ ان معبودان باطل کو بھلا کب اجازت مل سکتی ہے وہاں تو مقربین الٰہی فرشتے بھی لرزہ براندام نظر آتے ہیں (۲۴) جب رازق اس کو مانتے ہو پھر بتاؤ تم غلطی پر یا ہم غلطی پر ہیں (۲۵) ہماری عداوت سے قطع نظر کرکے سوچو کہ تمہارے اعمال کے کیا نتائج نکلنے چاہئیں (۲۶) ہمیں اور تمہیں اکٹھا کرکے اپنے روبرو اللہ تعالیٰ ان تمام معاملات کے فیصلے فرمائے گا (۲۷) بھلا دکھاؤ تو سہی جو شریک تم نے بنا رکھے ہیں۔ ہرگز نہیں اس کا کوئی شریک نہیں وہ غالب حکمت والا ہے۔ (۲۸) ہم نے آپ کو ساری دنیا کے لئے مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے (۲۹) کہتے ہیں وہ عذاب یا گرفت کا وعدہ کب پورا ہوگا (۳۰) نہیں کہہ دو۔ اس کا وقت معین ہے۔ اس سے ایک گھنٹہ پہلے یا پیچھے نہیں ہو سکتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۴**
ضال اور مضل ہستیوں کا یوم المجازات میں مجادلہ۔
ماخذ آیت ۳۱۔۳۳۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا
اور کافر کہتے ہیں ہم اس قرآن پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور نہ
بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ
اس پر جو اس سے پہلے موجود ہے اور کاش آپ دیکھتے جب کہ ظالم اپنے رب کے حضور میں
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ
کھڑے کئے جائیں گے ایک ان میں سے دوسرے کی بات کو رد کر رہا ہوگا جو لوگ
الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَاۤ اَنْتُمْ
کمزور سمجھے جاتے تھے وہ ان سے کہیں گے جو بڑے بنتے تھے اگر تم نہ ہوتے
لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ
تو ہم ایماندار ہوتے جو لوگ بڑے بنتے تھے ان سے کہیں گے جو
اسْتُضْعِفُوْۤا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ
کمزور سمجھے جاتے تھے کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روکا تھا بعد اس کے کہ وہ
جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ
تمہارے پاس آچکی تھی بلکہ تم خود ہی مجرم تھے اور جو لوگ کمزور سمجھے
اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَ
جاتے تھے وہ ان سے کہیں گے جو متکبر تھے بلکہ (تمہارے) رات اور دن کے فریب
النَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَاۤ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗۤ
نے جب تم ہمیں حکم دیا کرتے تھے کہ ہم اللہ کا انکار کر دیں اور اس کے لئے شریک
اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا
ٹھہرائیں اور دل میں بڑے پشیمان ہوں گے جب عذاب کو سامنے دیکھیں گے اور کافروں کی
الْاَغْلٰلَ فِيْۤ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا
گردنوں میں ہم طوق ڈالیں گے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اسی کا

**ربط آیات**
(۳۱) کافر کہتے ہیں ہم نہ قرآن کو مانتے ہیں اور نہ تورات وانجیل کو۔ قیامت کے دن ضعفا اپنے گمراہ کرنے والے متکبرین سے یوں مخاطب ہوں گے۔ (۳۲) متکبر یہ جواب دیں گے۔



Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا
تو بدلہ پا رہے ہیں اور ہم نے جس کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا بھیجا تو وہاں
قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَقَالُوْا
کے دولتمندوں نے یہی کہا کہ تم جو لے کر آئے ہو ہم نہیں مانتے اور یہ بھی کہا
نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٣٥﴾
کہ ہم مال اور اولاد میں تم سے بڑھ کر ہیں اور ہمیں کوئی عذاب نہ دیا جائے گا
قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَ
کہہ دو میرا رب جس کے لئے چاہتا ہے روزی کشادہ کر دیتا ہے اور کم کر دیتا ہے اور
لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ
لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے اور تمہارے مال اور اولاد
لَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ
ایسی چیز نہیں جو تمہیں مرتبہ میں ہمارے قریب کر دے مگر جو
اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ
ایمان لایا اور نیک کام کئے پس وہی لوگ ہیں جن کے لئے دوگنا بدلہ ہے اس کا جو
بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ
انہوں نے کیا اور وہی بالاخانوں میں امن سے ہوں گے اور وہ جو ہماری آیتوں کے
فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٨﴾
روکنے میں کوشش کرتے ہیں وہ عذاب میں پکڑ کر حاضر کئے جائیں گے
قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ
کہہ دو بیشک میرا رب ہی اپنے بندوں میں سے جسے چاہے روزی کشادہ کر دیتا ہے اور جسے
وَيَقْدِرُ لَهٗ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ وَهُوَ خَيْرُ
چاہے تنگ کر دیتا ہے اور جو کوئی چیز بھی تم خرچ کرتے ہو سو وہی اس کا عوض دیتا ہے اور وہ سب سے بہتر

## ربطِ آیات

(۳۳) ضعفا پھر یہ جواب الجواب دیں گے وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ اور سب گرفتار ہوں گے (۳۴) ہمیشہ انبیاء علیہم السلام کی مخالفت آسودہ حالوں نے کی۔ (۳۵) مال اور اولاد کے نشہ میں مغرور ہو کر کہا کہ ہمیں کوئی عذاب نہیں ہو گا (۳۶) اے خاطر! قبض و بسط رزق کی اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے جس مال اور اولاد پر مغرور ہو کر خدا تعالیٰ پر ایمان نہیں لاتے یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہی دیا ہوا ہے (۳۷) اللہ تعالیٰ کے ہاں مال اور اولاد کی وجہ سے قرب حاصل نہیں ہوتا بلکہ ایمان اور عمل صالحہ کی وہاں قدر ہے (۳۸) اس قسم کی بُری کوشش کرنے والے عذاب الٰہی میں مبتلا ہوں گے

ع ۴ / ۱۰

**خلاصہ رکوع ۵**

ضال مضل نے اپنے زعم میں جنہیں معبود بنا رکھا تھا ان کی طرف سے بیزاری۔
ماخذ آیت ۳۰-۳۱-



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الرّٰزِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ

روزی دینے والا ہے اور جس دن وہ ان سب کو جمع کریگا پھر فرشتوں سے فرمائے گا

اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ

کیا یہی ہیں جو تمہاری عبادت کیا کرتے تھے وہ عرض کریں گے تو پاک ہے ہمارا تو

وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

تجھ سے ہی تعلق ہے نہ ان سے بلکہ یہ شیطانوں کی عبادت کرتے تھے ان میں سے اکثر

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

انہیں کے معتقد تھے پھر آج تم میں سے کوئی کسی کے نفع اور نقصان

نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ

کا مالک نہیں اور ہم ظالموں سے کہیں گے تم اس آگ کا عذاب

النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے اور جب انہیں ہماری واضح

اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ

آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ محض ایسا شخص ہے جو چاہتا ہے کہ تمہیں ان چیزوں سے

عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ

روک دے جنہیں تمہارے باپ دادا پوجتے تھے اور (قرآن کی نسبت) کہتے ہیں کہ یہ محض ایک تراشا ہوا جھوٹ ہے

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

اور کافروں نے حق کے متعلق کہا جب ان کے پاس آیا کہ یہ محض ایک

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَ

صریح جادو ہے اور ہم نے انہیں کوئی کتاب نہیں دی کہ وہ اسے پڑھتے ہوں اور

مَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ؕ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ

ہم نے ان کی طرف آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا اور ان لوگوں نے بھی جھٹلایا

منزل ۵

## ربط آیات

(۳۹) قبض و بسط رزق اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے اللہ بسط سے مغرور نہ ہو اور قبض میں اس کے در وانے سے مایوس نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے جی نہ چرائے۔ جو خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ عطا فرمائے گا (۴۰) قیامت کے دن ملائکہ عظام جنہیں انہوں نے معبود بنا رکھا ہے اللہ تعالیٰ یہ سوال کرے گا (۴۱) وہ اپنی بیزاری کا اظہار کریں گے اور کہیں گے کہ یہ شیطانوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ (۴۲) آج عابد و معبود کوئی کسی کے کام نہیں آئے گا بلکہ عذاب جہنم میں مبتلا ہوں گے (۴۳) عذاب میں مبتلا ہونے کی وجہ یہ ہے۔ (۴۴) حالانکہ ان کے پاس نہ کوئی کتاب تھی اور نہ کوئی رسول ان کے پاس آیا +

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي ۗ
جو ان سے پہلے تھے اور یہ لوگ اس کے دسویں حصہ کو نہیں پہنچے جو ہم نے انہیں دیا تھا پس انہوں نے میرے رسولوں
فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۴۵﴾ قُلْ إِنَّمَآ أَعِظُكُم بِوَاحِدَةٍ ۖ أَن
کو جھٹلایا پھر میرا کیسا عذاب ہوا کہہ دو میں تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم
تَقُومُوا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا ۚ مَا بِصَاحِبِكُم
اللہ کے لئے دو دو ایک ایک کھڑے ہو کر غور کرو کہ تمہارے اس ساتھی کو جنون
مِّن جِنَّةٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَّكُم بَيْنَ يَدَيْ
تو نہیں ہے وہ تمہیں ایک سخت عذاب آنے سے پہلے
عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۖ
ڈرانے والا ہے کہہ دو اس پر جو اجرت میں نے تم سے مانگی ہو وہ تمہارے ہی
إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿۴۷﴾
پاس رہے میری مزدوری تو اللہ ہی پر ہے اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے
قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ
کہہ دو میرا رب سچا دین برسا رہا ہے اور وہ چھپی ہوئی چیزوں کو خوب جانتا ہے کہہ دو
جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ﴿۴۹﴾
حق آگیا ہے اور جھوٹے معبود نہ پہلی بار پیدا کرتے ہیں اور نہ دوبارہ پیدا کریں گے
قُلْ إِن ضَلَلْتُ فَإِنَّمَآ أَضِلُّ عَلٰى نَفْسِي ۖ وَإِنِ
کہہ دو اگر میں غلط راستہ پر ہوں تو میری غلطی کا وبال مجھ ہی پر ہوگا اور اگر میں
اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ رَبِّي ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ﴿۵۰﴾
سیدھی راہ پر ہوں تو اس لئے کہ میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے بے شک وہ سننے والا قریب ہے
وَلَوْ تَرٰى إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِن مَّكَانٍ
اور کاش آپ دیکھیں جبکہ وہ گھبرائے ہوئے پھرتے ہیں نہ بچ سکیں گے اور پاس ہی سے پکڑ لئے

ع ۶ ۱۱

## ربط آیات

(۴۵) پہلے لوگوں نے بھی حق کو جھٹلایا، یہ تو ساز و سامان میں ان کے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے۔ پھر دیکھو ان پر میرے انکار کا کیا نتیجہ نکلا (۴۶) ذرا غور کرو، تمہارا رسول صلی اللہ علیہ وسلم خدانخواستہ مجنون نہیں ہے۔ وہ تو اللہ تعالیٰ کے سخت عذاب سے ڈرانے والا ہے (۴۷) اگر میں تم سے اُجرت مانگوں تو تم ہی رکھو۔ میری مزدوری اللہ تعالیٰ پر ہے۔ (۴۸) حق کو اللہ تعالیٰ ہی آسمان سے نازل فرماتا ہے (۴۹) نہیں کہہ دو کہ حق آچکا ہے اب باطل کا ٹھکانا نہیں ہو سکتا (۵۰) میری ہدایت اور گمراہی کے تم ذمہ دار نہیں ہو۔ تم اپنی خبر لو۔ اگر خدانخواستہ مجھ میں غلطی ہو گی تو اس کا اثر مجھ پر ہی پڑے گا اور اگر ہدایت پر ہوں تو یہ اللہ تعالیٰ کی وحی کے باعث ہے۔

**خلاصہ رکوع ۶**

جرم اعمالیات کے بتلانے میں میری ذاتی کوئی غرض نہیں ہے۔

ماخذ آیت ۴۷۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَرِيبٍ ۝٥١ وَقَالُوٓا آمَنَّا بِهِۦ وَأَنَّىٰ لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِن
جائیں گے اور کہیں گے ہم اس (قرآن) پر ایمان لے آئے ہیں اور (اتنی دور سے (ایا وہ کا) ان کے ہاتھ آنا

مَّكَانٍ بَعِيدٍ ۝٥٢ وَقَدْ كَفَرُوا بِهِۦ مِن قَبْلُ ۖ وَ
کہاں ممکن ہے حالانکہ پہلے تو اس کا انکار کرتے رہے اور

يَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ۝٥٣ وَحِيلَ
بے تحقیق باتیں دور ہی دور سے پھینکا کرتے تھے اور ان میں

بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِم
اور ان کی خواہش میں آڑ کردی جائے گی جیسا کہ ان کے ہم خیال لوگوں کے ساتھ اس سے

مِّن قَبْلُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ ۝٥٤ ع
پہلے کیا گیا بیشک وہ بھی حیرت انگیز شک میں پڑے ہوئے تھے

٦ ع ٩ ١٢

آیاتها ٤٥ | سُورَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ ٤٣ | رکوعاتها ٥

آیتیں ۴۵ سورۂ فاطر مکی ہے رکوع ۵

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ
سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے فرشتوں کو

الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۚ
رسول بنانے والا ہے جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں

يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر

قَدِيرٌ ۝١ مَّا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِن رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ
قادر ہے اللہ بندوں کے لئے جو رحمت کھولتا ہے اسے کوئی بند نہیں

### ربط آیات

(۵۱) قیامت کے دن پریشانی کی حالت میں قبروں سے نکل کر آئیں گے اور ہماری گرفت سے بچنے نہیں پائیں گے اور قریبی جگہ سے گرفتار کر لئے جائیں گے
(۵۲) اس وقت ایمان لے آئیں گے۔ اب ایمان کس طرح حاصل ہو سکتا ہے۔ ایمان کی جگہ دور رہی یعنی یہ دنیا کا کام ہے
(۵۳) حالانکہ پہلے ایمان کا انکار کر چکے ہیں۔
(۵۴) اب ایمان یا توبہ کے درمیان حائل آ چکا ہے۔ اب یہ چیزیں انہیں مل نہیں سکتیں۔

سُورۂ فاطر
(موضوع سورت)
مجازات سے پہلے جس تنبیہ کی ضرورت ہے وہ بذریعہ ارسال رسل ہوگی تاکہ گرفت کے وقت یہ کہنے نہ پائیں کہ ہمیں بلا اطلاع گرفت کی گئی۔
(۱) اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان بنائے اور مختلف قسم کی طاقتوں کے فرشتے پیدا کئے اور جسے چاہا رسول بنا کر بھیجا۔

**خلاصہ رکوع ۱**
اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی خالق نہیں اور گرفت کا وعدہ بھی سچا ہے بندہ اگر اصلاح کرنا چاہے تو بذریعہ ملائکہ علام جو تعلیم مل رہی ہے اس پر عمل کرو۔
ماخذ آیت ۱، ۳، ۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِنْ بَعْدِهِ ۚ وَهُوَ
کر سکتا اور جسے وہ بند کر دے تو اس کے بعد کوئی کھولنے والا نہیں اور وہ
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ
زبردست حکمت والا ہے اے لوگو اللہ کے اس احسان کو یاد کرو جو
عَلَيْكُمْ ۚ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُمْ مِنَ
تم پر ہے بھلا اللہ کے سوا کوئی اور بھی خالق ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے
السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿۳﴾ وَ
روزی دیتا ہو اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں پھر کہاں اُلٹے جا رہے ہو اور
إِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ
اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے بھی کئی رسول جھٹلائے گئے اور
إِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿۴﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ
اللہ ہی کی طرف سب کام لوٹائے جاتے ہیں اے لوگو بیشک اللہ کا
اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۖ وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ
وعدہ سچا ہے پھر تمہیں دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈالے اور تمہیں اللہ کے بارے میں
بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿۵﴾ إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ
دھوکہ باز دھوکا نہ دے بیشک شیطان تو تمہارا دشمن ہے سو تم بھی اسے
عَدُوًّا ۚ إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ
دشمن سمجھو وہ تو اپنی جماعت کو بلاتا ہے تاکہ وہ دوزخیوں میں سے ہو
السَّعِيرِ ﴿۶﴾ الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَالَّذِينَ
جائیں جن لوگوں نے انکار کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے اور جو
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿۷﴾ ع ۱۳ ۲
ایمان لائے اور نیک عمل کئے انہیں کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے

## ربط آیات

(۲) اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی رحمت کو کوئی روک نہیں سکتا اور نہ دی ہوئی کو کوئی ولا نہیں سکتا۔ (۳) اے لوگو! ذرا سوچو اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارا کوئی اور خالق ہے (۴) اگر ہٹ دھرمی سے یہ تکذیب کریں تو پہلے انبیاء علیہم السلام کی بھی تکذیب ہو چکی ہے۔ پرواہ نہ کریں۔ (۵) اے لوگو! قیامت کا وعدہ سچا ہے۔ ساز و سامانِ دُنیا اور شیطان لعین تمہیں بہکا نہ سکے (۶) شیطان تمہارا پکا دشمن ہے وہ تو اپنی جماعت کو دوزخ کے لئے تیار کر رہا ہے۔ (۷) کافروں کے لئے اس کے ہاں عذاب شدید اور مومنوں کے لئے مغفرت اور اجر کریم ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوْٓءُ عَمَلِهِ فَرَاٰهُ حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ
بھلا جس کے بُرے کام بھلے کر دکھائے ہوں پھر وہ ان کو اچھا بھی جانتا ہو (نیک کے برابر ہو سکتا ہے) پھر اللہ جس
مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ڮ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ
کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے پھر آپ ان پر افسوس کھا کھا کر
عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ⑧
ہلاک نہ ہو جائیں کیونکہ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کر رہے ہیں
وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ
اور اللہ ہی وہ ہے جو ہوائیں چلاتا ہے پھر وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر ہم اسے
اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ
مرے ہوئے شہروں کی طرف چلاتے ہیں پھر ہم اس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ کرتے ہیں
كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ⑨ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ
اسی طرح دوبارہ اٹھایا جاتا ہے جو شخص عزت چاہتا ہو سو اللہ ہی کے لئے سب
جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ
عزت ہے اسی کی طرف سب پاکیزہ باتیں چڑھتی ہیں اور نیک عمل اس کو
يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ
بلند کرتا ہے اور جو لوگ بُری تدبیریں کرتے ہیں انہی کے لئے سخت
شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ يَبُوْرُ ⑩ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ
عذاب ہے اور ان کی بُری تدبیر ہی برباد ہو گی اور اللہ ہی نے تمہیں مٹی سے
تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ
پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر تمہیں جوڑے بنایا اور کوئی مادہ
مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّ
حاملہ نہیں ہوتی اور نہ وہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے اور نہ کوئی بڑی عمر والا عمر دیا جاتا ہے اور

**خلاصہ رکوع ۲**
جس طرح کھاری اور میٹھا دریا یکساں نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح وحی سے استفادہ کرنے والے اور منکر برابر نہیں ہو سکتے۔
ماخذ آیت ۱۲۔

**ربط آیات**
(۸) کیا گمراہ اور ہدایت پانے والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔
(۹) ان گمراہوں کو چونکہ دوبارہ زندہ ہو کر حساب کتاب دینے کا یقین نہیں ہے اس لئے ہدایت کی پرواہ نہیں کرتے۔ انہیں یہ مثال پیش کر کے دوبارہ زندگی کا پتہ دے دو۔
(۱۰) اگر عزت چاہتے ہو تو بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ملے گی۔ اس کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ کلمۂ توحید کا اقرار اور عمل صالح ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ
نہ اس کی عمر کم کی جاتی ہے مگر وہ کتاب میں درج ہے بیشک یہ بات اللہ پر
يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ
آسان ہے اور دو سمندر برابر نہیں ہوتے یہ ایک میٹھا پیاس بجھانے والا ہے
سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ
کہ اس کا پینا خوشگوار ہے اور یہ دوسرا کھاری کڑوا ہے اور ہر ایک میں سے تم تازہ
لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى
گوشت کھاتے ہو اور زیور نکالتے ہو جو تم پہنتے ہو اور تو جہازوں کو
الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
دیکھتا ہے کہ اس میں پانی کو پھاڑتے جاتے ہیں تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ اس
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ
کا شکر کرو وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں
فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ
داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے ہر ایک وقت مقرر تک چل
مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ
رہا ہے یہی اللہ تمہارا رب ہے اسی کی بادشاہی ہے اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے
دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ ؕ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا
ہو وہ ایک گٹھلی کے چھلکے کے مالک نہیں اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار کو
دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ
نہیں سنتے اور اگر وہ سن بھی لیں تو تمہیں جواب نہیں دیتے اور قیامت کے دن
يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ؕ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ ع
تمہارے شرک کا انکار کر دیں گے اور تمہیں خبر رکھنے والے کی طرح کوئی نہیں بتائے گا

### ربط آیات

(۱۱) جس طرح اس نے پہلے مٹی سے تمہیں بنایا ہے دوبارہ تمہیں مٹی سے بنائے گا (۱۲) جس طرح میٹھا اور کھاری دریا برابر نہیں ہوسکتے اسی طرح وحی الٰہی سے مستفید ہونے والے اور اعراض کرنے والے برابر نہیں ہوسکتے (۱۳) ہمارا رب تو نظام عالم کے تغیر و تبدل کا مالک ہے۔ تمہارے معبود من دون اللہ گٹھلی کے چھلکے کے مالک بھی نہیں ہیں (۱۴) اگر انہیں بلائیں تو سن نہیں سکتے اور اگر بالفرض سن بھی لیں تو تمہارے کام نہیں کرسکتے اور قیامت کے دن تمہاری عبادت کے منکر ہوں گے۔ پھر بتلاؤ تمہیں ان سے کیا نفع حاصل ہوسکتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ أَنتُمُ ٱلْفُقَرَآءُ إِلَى ٱللَّهِ ۖ وَٱللَّهُ هُوَ ٱلْغَنِىُّ
اے لوگو تم اللہ کی طرف محتاج ہو اور اللہ بے نیاز تعریف کیا

ٱلْحَمِيدُ ﴿١٥﴾ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٦﴾
ہوا ہے اگر وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور نئی مخلوق لے آئے

وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ بِعَزِيزٍ ﴿١٧﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ
اور یہ بات اللہ تعالیٰ پر کچھ مشکل نہیں اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا

وَإِن تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَىْءٌ وَلَوْ
اور اگر کوئی بوجھ والا اپنے بوجھ کی طرف بلائے گا تو اس کے بوجھ میں سے کچھ بھی اٹھایا نہ جائے گا اگرچہ

كَانَ ذَا قُرْبَىٰٓ ۗ إِنَّمَا تُنذِرُ ٱلَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم
قریبی رشتہ دار ہی ہو بیشک آپ انہیں لوگوں کو ڈراتے ہیں جو بن دیکھے اپنے رب سے

بِٱلْغَيْبِ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ ۚ وَمَن تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ
ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو پاک ہوتا ہے سو وہ اپنے ہی لئے پاک ہوتا

لِنَفْسِهِۦ ۚ وَإِلَى ٱللَّهِ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ وَمَا يَسْتَوِى ٱلْأَعْمَىٰ وَٱلْبَصِيرُ ﴿١٩﴾
ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں ہے

وَلَا ٱلظُّلُمَٰتُ وَلَا ٱلنُّورُ ﴿٢٠﴾ وَلَا ٱلظِّلُّ وَلَا ٱلْحَرُورُ ﴿٢١﴾
اور نہ اندھیرے اور نہ روشنی اور نہ سایہ اور نہ دھوپ

وَمَا يَسْتَوِى ٱلْأَحْيَآءُ وَلَا ٱلْأَمْوَٰتُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُسْمِعُ
اور زندے اور مردے برابر نہیں ہیں بیشک اللہ سناتا ہے

مَن يَشَآءُ ۖ وَمَآ أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِى ٱلْقُبُورِ ﴿٢٢﴾ إِنْ
جسے چاہے اور آپ انہیں سنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں نہیں

أَنتَ إِلَّا نَذِيرٌ ﴿٢٣﴾ إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ بِٱلْحَقِّ بَشِيرًا وَ
ہیں آپ مگر ڈرانے والے بیشک ہم نے آپ کو سچا دین دے کر خوشخبری اور

**خلاصہ رکوع ۳**

نور و ظلمت، سایہ اور دھوپ، مردہ اور زندہ جس طرح برابر نہیں ہو سکتے اسی طرح مستفید اور غیر مستفید برابر نہیں ہو سکتے۔

ماخذ آیت ۱۰ تا ۲۲

**ربط آیات**

(۱۵) اے لوگو! تمہیں ہدایت الٰہی کی ضرورت ہے۔ خدا تعالیٰ کو تمہاری کوئی ضرورت نہیں۔
(۱۶) وہ تمہیں مٹا کر نئی مخلوق پیدا کر سکتا ہے (۱۷) اللہ تعالیٰ پر یہ کام مشکل نہیں ہے۔
(۱۸) آئندہ چل کر کوئی دوسرے کا بوجھ اٹھا نہیں سکے گا اور جو شخص اپنے نفس کو پاک کریگا اس کا اجر پائے گا (۱۹ تا ۲۲) جس طرح یہ اشیا برابر نہیں ہو سکتیں اسی طرح ہدایت یافتہ اور گمراہ برابر نہیں ہو سکتے
(۲۳) آپ کا کام انہیں ڈرانا ہے مانیں یا نہ مانیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَذِيرًا ۚ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ
ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور کوئی اُمت نہیں گزری مگر اس میں ایک ڈرانے والا گزر چکا ہے اور اگر

يُّكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ
وہ آپ کو جھٹلائیں تو ان لوگوں نے بھی جھٹلایا ہے جو ان سے پہلے ہوئے ان کے پاس

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ
ان کے رسول واضح دلیلیں اور صحیفے اور کتاب روشن لے کر آئے پھر

اَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۲۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ ع ۴ ۱۵ ۳
میں نے انہیں پکڑا جو منکر ہوئے پھر میرا عذاب کیسا ہوا کیا تو نے نہیں دیکھا کہ

اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ
اللہ ہی آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر ہم اس کے ذریعہ سے پھل نکالتے ہیں

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۗ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيضٌ وَّحُمْرٌ
جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں اور پہاڑوں میں مختلف رنگتوں کے کچھ تو سفید اور کچھ

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ
سُرخ اور بہت سیاہ بھی ہیں اور اسی طرح آدمیوں اور

وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ۗ اِنَّمَا
زمین پر چلنے والے جانوروں اور چوپایوں کے بھی مختلف رنگ ہیں بے شک

يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ﴿۲۸﴾
اللہ سے اس کے بندوں میں سے عالم ہی ڈرتے ہیں بیشک اللہ غالب بخشنے والا ہے

اِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوا
بیشک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور پوشیدہ

مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُونَ تِجَارَةً لَّنْ
اور ظاہر اس میں سے خرچ کرتے ہیں جو ہم نے انہیں دیا ہے وہ ایسی تجارت کے اُمیدوار ہیں

## ربط آیات

(۲۴) بلکہ ساری دنیا کے لئے انذار و تبشیر ہی آپ کا کام ہے جبراً عمل کرانا آپ کا کام نہیں (۲۵) اگر آپ کی تکذیب کریں تو یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ (۲۶) ایسا ہوتا آیا ہے مکذبین کی گرفت ہمارا شیوہ ہے پھر

### خلاصہ رکوع ۴

جس طرح ایک پانی سے مختلف الذوق اور مختلف الالوان اور مختلف الخواص اشیا پیدا ہوتی ہیں۔ اسی طرح رحمت الٰہی کے باب مفتوح ہونے پر قرب کے مختلف کیفیات ظاہر ہوتی ہیں۔

ماخذ آیت ۲۷-۲۸

دیکھئے کیا نتائج نکلا کرتے ہیں (۲۷) پانی ایک ہے اور نتائج مختلف ہیں (۲۸) اسی طرح انسان اور دواب اور انعام کے مختلف رنگ بعینہٖ ایک قسم انسانوں کی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والی اور دوسری نڈر پیدا ہوتی ہے۔ حالانکہ کتاب اللہ کی آواز دونوں کے کانوں میں پہنچتی ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَبُوۡرَ ﴿۲۹﴾ لِیُوَفِّیَہُمۡ اُجُوۡرَہُمۡ وَ یَزِیۡدَہُمۡ مِّنۡ فَضۡلِہٖ ؕ اِنَّہٗ

کہ اس میں خسارہ نہیں تاکہ اللہ انہیں ان کے اجر پورے دے اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے بیشک

غَفُوۡرٌ شَکُوۡرٌ ﴿۳۰﴾ وَ الَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ مِنَ الۡکِتٰبِ

وہ بخشنے والا قدردان ہے اور وہ کتاب جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے وہ

ہُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِعِبَادِہٖ

ٹھیک ہے اس کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے آچکی بیشک اللہ اپنے بندوں سے

لَخَبِیۡرٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡکِتٰبَ الَّذِیۡنَ

باخبر دیکھنے والا ہے پھر ہم نے اپنی کتاب کا ان کو وارث بنایا جنہیں

اصۡطَفَیۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا ۚ فَمِنۡہُمۡ ظَالِمٌ لِّنَفۡسِہٖ ۚ وَ مِنۡہُمۡ

ہم نے اپنے بندوں میں سے چن لیا پس بعض ان میں سے اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض

مُّقۡتَصِدٌ ۚ وَ مِنۡہُمۡ سَابِقٌۢ بِالۡخَیۡرٰتِ بِاِذۡنِ اللّٰہِ ؕ

ان میں سے میانہ رو ہیں اور بعض ان میں سے اللہ کے حکم سے نیکیوں میں پیش قدمی کرنے والے ہیں

ذٰلِکَ ہُوَ الۡفَضۡلُ الۡکَبِیۡرُ ﴿ؕ۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدۡنٍ یَّدۡخُلُوۡنَہَا

یہی تو اللہ کا بڑا فضل ہے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں وہ ان میں داخل ہونگے

یُحَلَّوۡنَ فِیۡہَا مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَہَبٍ وَّ لُؤۡلُؤًا ۚ وَ

انہیں وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور

لِبَاسُہُمۡ فِیۡہَا حَرِیۡرٌ ﴿۳۳﴾ وَ قَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ

اس میں ان کا لباس ریشم کا ہوگا اور وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس

اَذۡہَبَ عَنَّا الۡحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوۡرٌ

نے ہم سے غم دور کر دیا بیشک ہمارا رب بخشنے والا

شَکُوۡرُ ۣ ﴿ۙ۳۴﴾ الَّذِیۡۤ اَحَلَّنَا دَارَ الۡمُقَامَۃِ مِنۡ فَضۡلِہٖ ۚ

قدردان ہے وہ جس نے اپنے فضل سے ہمیں سدا رہنے کی جگہ میں اتارا

## ربط آیات

(۲۹-۳۰) ان اوصاف والوں کے اجور ضائع نہیں ہوں گے (۳۱) اس قرآن کو پہلی کتاب (توراۃ) سے کوئی مخالفت نہیں ہے دیکھ ماننے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس کی تصدیق کریں اور اس کی تکذیب (۳۲) اس قرآن کا وارث ہم نے برگزیدہ بندوں کو بنایا ہے۔ آگے حامل قرآن میں مدارج پیدا ہوگئے۔ (۳۳) اس قرآن کے ماننے والوں کی یہ جزا ہے (۳۴-۳۵) جنت میں پہنچ کر یہ لوگ اللہ تعالیٰ کا شکریہ بجالائیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ ﴿٣٥﴾ وَ
جہاں ہمیں نہ کوئی رنج پہنچتا ہے اور نہ کوئی تکلیف اور

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ
جو منکر ہوگئے ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے نہ ان پر قضا آئے گی کہ

فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذٰلِكَ نَجْزِي
مر جائیں اور نہ ہی ان سے اس کا عذاب ہلکا کیا جائے گا اس طرح ہم ہر ناشکرے کو

كُلَّ كَفُورٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا ۚ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا
سزا دیا کرتے ہیں اور وہ اس میں چلائیں گے کہ اے ہمارے رب ہمیں نکال

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا
ہم نیک کام کریں برخلاف ان کاموں کے جو کیا کرتے تھے کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی

يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا فَمَا
جس میں سمجھنے والا سمجھ سکتا تھا اور تمہارے پاس ڈرانے والا آیا تھا پس مزہ چکھو پس ظالموں

لِلظّٰلِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٣٧﴾ إِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ
کا کوئی مددگار نہیں بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کے غیب

وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٣٨﴾ هُوَ الَّذِي
جانتا ہے بیشک وہ سینوں کے بھید خوب جانتا ہے وہی ہے جس نے

جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَ
تمہیں زمین میں قائم مقام بنایا پس جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہوگا اور

لَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۖ وَلَا
کافروں کا کفر ان کے رب کے ہاں ناراضگی کے سوا اور کچھ نہیں زیادہ کرتا اور

يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ
کافروں کا کفر بجز نقصان کے اور کچھ نہیں زیادہ کرتا کہہ دو کیا تم نے اپنے

ع ۱۶ ۳

## ربط آیات

۳۵ دیکھو صفحہ ۶۹۹۔
۳۶-۳۷ جو لوگ قرآن نہیں مانتے وہ دوزخ میں رہیں گے اور ان کی یہ حالت ہوگی (۳۸) اللہ تعالیٰ زمین آسمان اور انسانوں کے حالات سے پورا آگاہ ہے لہٰذا کوئی شخص اپنے اعمال کی گرفت سے بچ نہیں سکتا (۳۹) اسی نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا۔ لہٰذا اس کی نافرمانی سے تمہارا اپنا نقصان ہے۔

**خلاصہ رکوع ۵**
ہم نے تمہیں خلیفہ بنا کر رحمت الٰہی کا باب مفتوح کر دیا ہے۔ فائدہ اٹھاؤ تو بھلا تمہارا ہے ورنہ نقصان بھی تمہارا ہے۔
اخذ آیت ۳۹۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَا
ان معبودوں کو بھی دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ مجھے دکھاؤ کہ

ذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ
انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے یا ان کا کچھ حصہ آسمانوں میں بھی ہے یا

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ
انہیں ہم نے کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کی سند رکھتے ہیں (نہیں) بلکہ ظالم آپس میں

الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ
ایک دوسرے کو دھوکا دیتے ہیں بیشک اللہ ہی آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ
زمین کو تھامے ہوئے ہے اس سے کہ وہ اپنی جگہ سے ٹل جائیں اور اگر وہ دونوں اپنی جگہ سے ہٹ

اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا
جائیں تو ان کو کوئی بھی اس کے بعد روک نہیں سکتا بیشک وہ بردبار

غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ
بخشنے والا ہے اور وہ اللہ کی پختہ قسمیں کھاتے تھے کہ اگر ان کے پاس کوئی بھی

نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا
ڈرانے والا آیا تو ہر ایک امت سے زیادہ ہدایت پر ہوں گے پھر جب

جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ اسْتِكْبَارًا فِي
ان کے پاس ڈرانے والا آیا تو اس سے ان کو اور بھی نفرت بڑھ گئی کہ ملک میں سرکشی

الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا
اور بری تدبیریں کرنے لگ گئے اور بری تدبیر تو تدبیر کرنے والے ہی پر

بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ
لٹ پڑتی ہے پھر کیا وہ اسی برتاؤ کے منتظر ہیں جو پہلے لوگوں سے برتا گیا پس تو اللہ کے

### ربط آیات

(۴۰) اپنے معبود من دون اللہ کی کوئی پیدائش تو دکھا ئیں یا اس عقیدہ کے متعلق کوئی منزل من اللہ کتاب ہے۔ یہ لوگ ایک دوسرے کو دھوکا دے رہے ہیں (۴۱) شرک کا جرم ایسا ہے کہ زمین و آسمان چر کر گر جائیں (۴۲) نبی کے مبعوث ہونے سے پہلے ان کا یہ دعویٰ تھا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾

قانون میں کوئی تبدیلی نہیں پائے گا اور تو اللہ کے قانون میں کوئی تغیر نہیں پائے گا

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ وہ دیکھتے ان لوگوں کا کیا بُرا انجام ہُوا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَمَا

جو ان سے پہلے تھے اور وہ ان سے زیادہ طاقتور تھے اور اللہ

كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي

ایسا نہیں ہے کہ اسے کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں

الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ

عاجز کر دے بیشک وہ جاننے والا قدرت والا ہے اور اگر اللہ لوگوں

اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا

سے ان کے اعمال پر گرفت کرتا تو سطح زمین پر کوئی جاندار

مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا

نہ چھوڑتا لیکن وہ انہیں ایک وقت مقرر تک ڈھیل دیتا ہے پس جب

جَاۗءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

ان کا وقت مقرر آجائے گا تو بیشک اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھ رہا ہے

ع ۱۷

## اٰیاتہا ۸۳ ﴿۳۶﴾ سُوْرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ ﴿۴۱﴾ رکوعاتہا ۵

آیتیں ۸۳ سورۃ یٰس مکی ہے رکوع ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰسۗ ۚ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾

قرآن حکمت والے کی قسم ہے بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں

### ربطِ آیات

(۴۳) اب تجربے سے اتباع نبی سے انکار کرتے ہیں اس سو تدبیری کا اثر انہیں پر ہوگا (۴۴) کیا انہوں نے پہلے مکذبین کا حشر نہیں دیکھا کہ کیا ہوا (۴۵) اگر اللہ تعالیٰ ان کی شامتِ اعمال کے باعث فوری گرفت کرے تو زمین پر کوئی جاندار نہ رہنے پائے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ایک وقت تک مہلت دے رکھی ہے

### سُورۂ یٰسٓ

(موضوع سورۃ)

مسائل ثلاثہ توحید رسالت مجازات

(۱) حروف مقطعات میں سے ہے ان کی بحث ابتدا سورۃ بقرہ میں ملاحظہ ہو (۲ تا ۴) قرآن حکیم آپ کی رسالت پر شاہد ہے اور صراط مستقیم پر قائم ہونے کا بھی گواہ ہے۔

### خلاصہ رکوع ۱

(۱) اجمال مسائل ثلاثہ۔
ماخذ (۱) رسالت آیت ۳
(۲) توحید آیت ۵ تا ۱۱
(۳) مجازات آیت ۱۲



Downloaded from .... Al-marifat.org ....
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵
سیدھے راستہ پر غالب رحمت والے کا اُتارا ہوا ہے

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ
تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جن کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے سو وہ غافل ہیں ان میں

حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا
سے اکثر پر خدا کا فرمان پُورا ہو چکا ہے پس وہ ایمان نہیں لائیں گے بیشک ہم نے ان

فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸
کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں بس وہ ٹھوڑیوں تک ہیں سو وہ اُوپر کو سر اٹھائے ہوئے ہیں

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا
اور ہم نے ان کے سامنے ایک دیوار بنا دی ہے اور ان کے پیچھے بھی ایک دیوار ہے

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ
پھر ہم نے انہیں ڈھانک دیا ہے کہ وہ دیکھ نہیں سکتے اور ان پر برابر ہے

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا
کیا آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے بیشک آپ

تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ
اسی کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرے اور بن دیکھے رحمٰن سے ڈرے

فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ
پس خوشخبری دے دو اس کو بخشش اور اجر کی جو عزت والا ہے بیشک ہم ہی مُردوں کو زندہ

الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ
کریں گے اور جو انھوں نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا اس کو لکھتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۲ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا
کتاب واضح (لوح محفوظ) میں محفوظ کر رکھا ہے اور ان سے بستی والوں کا حال

وقف غفران

ع ۱۸

ربط آیات

(۴) دیکھو صفحہ ۷۰۲
(۵) اس کو عزیز نے نازل فرمایا ہے اور رحیم کی رحمت کے تقاضا سے نازل ہوا ہے
(۶) تنزیل کی یہ غرض ہے
(۷) اکثر ان میں سے ایمان نہ لائیں گے۔ (۸-۹) ایمان نہ لانے والے اپنی رکاوٹ میں گویا پھنسے ہوئے ہیں۔
(۱۰) آپ کا انذار ان کے لئے کسی طرح مفید نہیں ہو سکتا
(۱۱) آپ کا انذار ان لوگوں کے حق میں مفید ہو سکتا ہے
(۱۲) یہاں سے مسئلہ مجازات شروع ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ
مثال کے طور پر بیان کر جبکہ ان کے پاس رسول آئے جب
أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا
ہم نے ان کے پاس دو کو بھیجا انہوں نے ان کو جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے سے
بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ﴿١٤﴾ قَالُوا مَآ أَنتُمْ
مدد کی پھر انہوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں انہوں نے کہا تم کچھ اور نہیں ہو
إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ أَنزَلَ الرَّحْمٰنُ مِن شَيْءٍ ۙ إِنْ
مگر ہماری طرح انسان ہو اور رحمٰن نے کوئی چیز نہیں اُتاری تم اور
أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ
کچھ نہیں ہو مگر جھوٹ بول رہے ہو انہوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف
لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ﴿١٧﴾ قَالُوٓا
بھیجے ہوئے ہیں اور ہمارے ذمے حکم کھلا پہنچا دینا ہی ہے انہوں نے کہا
إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ
ہم نے تو تمہیں منحوس سمجھا ہے اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور
لَيَمَسَّنَّكُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوا طٰٓئِرُكُم مَّعَكُمْ ۚ
تمہیں ہمارے ہاتھ سے ضرور دردناک عذاب پہنچے گا انہوں نے کہا تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہے
أَئِن ذُكِّرْتُم ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ مِنْ
کیا اگر تمہیں نصیحت کی جائے تو اسے نحوست سمجھتے ہو؟ بلکہ تم حد سے بڑھنے والے ہو اور شہر کے پرلے
أَقْصَا الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ ﴿٢٠﴾ ۙ
کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہا اے میری قوم رسولوں کی پیروی کرو
اتَّبِعُوا مَن لَّا يَسْأَلُكُمْ أَجْرًا وَهُم مُّهْتَدُونَ ﴿٢١﴾
ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اور وہ ہدایت پانے والے ہیں

وقف لازم

## ربط آیات

(۱۳) مسئلہ رسالت سمجھانے

**خلاصہ رکوع ۲**
تفصیل مسئلہ رسالت۔
ماخذ آیت ۱۳ تا ۳۰۔

کے لئے انہیں یہ واقعہ سنایئے کہ انطاکیہ والوں کے پاس جس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رسول آئے (۱۴) پہلے دو بھیجے پھر تیسرے کو بھیجا گیا (۱۵) اہل انطاکیہ نے یہ اعتراض کیا کہ تم رسول نہیں ہو بلکہ جھوٹے ہو (۱۶) رسولوں نے یہ جواب دیا (۱۷) اور کہا کہ ہمارا کام فقط تبلیغ ہے نہ مانو تو تم جانو (۱۸) بارش کا بند ہونا تمہاری نحوست معلوم ہوتی ہے۔ باز آجاؤ ورنہ رجم کر دیں گے (۱۹) رسولوں نے کہا کہ بارش کا بند ہونا تمہاری شامت اعمال کا نتیجہ ہے (۲۰) ایک بندۂ خدا جو ان پر ایمان لا چکا تھا اس نے آکر قوم کو سمجھایا (۲۱ تا ۲۵) یہ بندۂ خدا ایمان لایا ہے خود توحید کا پابند ہے۔ اپنی قوم کو مسئلہ توحید سمجھانے کی پوری کوشش کر رہا ہے لیکن وہ نہیں مانتی۔



Downloaded from ..... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

✱✱✱✱✱✱✱✱✱✱✱✱✱

وَمَالِيَ لَآ أَعۡبُدُ ٱلَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيۡهِ

اور میرے لئے کیا ہے کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی

تُرۡجَعُونَ ﴿۲۲﴾ ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً إِن يُرِدۡنِ

طرف تم لوٹائے جاؤ گے کیا میں اس کے سوا اوروں کو معبود بناؤں کہ اگر رحمٰن مجھے

ٱلرَّحۡمَٰنُ بِضُرّٖ لَّا تُغۡنِ عَنِّي شَفَٰعَتُهُمۡ شَيۡـٔٗا وَلَا

تکلیف دینے کا ارادہ کرے تو اُن کی سفارش کچھ بھی میرے کام نہ آئے اور نہ

يُنقِذُونِ ﴿۲۳﴾ إِنِّيٓ إِذٗا لَّفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ ﴿۲۴﴾ إِنِّيٓ ءَامَنتُ

وہ مجھے چھڑا سکیں بے شک تب میں صریح گمراہی میں ہوں گا بے شک میں تمہارے

بِرَبِّكُمۡ فَٱسۡمَعُونِ ﴿۲۵﴾ قِيلَ ٱدۡخُلِ ٱلۡجَنَّةَۖ قَالَ يَٰلَيۡتَ قَوۡمِي

رب پر ایمان لایا پس میری بات سنو کہا گیا جنت میں داخل ہوجا اُس نے کہا اے کاش!

يَعۡلَمُونَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلۡمُكۡرَمِينَ ﴿۲۷﴾

میری قوم بھی جان لیتی کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور مجھے عزت والوں میں کر دیا

وَمَآ أَنزَلۡنَا عَلَىٰ قَوۡمِهِۦ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِن جُندٖ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَ

اور ہم نے اُس کی قوم پر اس کے بعد کوئی فوج آسمان سے نہ اُتاری اور

مَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿۲۸﴾ إِن كَانَتۡ إِلَّا صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ فَإِذَا هُمۡ

نہ ہم اُتارنے والے تھے صرف ایک ہی زور کی چیخ تھی کہ جس سے وہ

خَٰمِدُونَ ﴿۲۹﴾ يَٰحَسۡرَةً عَلَى ٱلۡعِبَادِۚ مَا يَأۡتِيهِم مِّن رَّسُولٍ

بجھ کر رہ گئے کیا افسوس ہے بندوں پر اُن کے پاس ایسا کوئی بھی رسول نہیں

إِلَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿۳۰﴾ أَلَمۡ يَرَوۡاْ كَمۡ أَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُم

آیا جس سے انہوں نے ہنسی نہ کی ہو کیا یہ نہیں دیکھ چکے کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی

وقف غفران

### ربط آیات

(۲۱ تا ۲۵) یہ بندۂ خدا ایمان لایا ہے خود توحید کا پابند ہے۔ اپنی قوم کو مسئلہ توحید سمجھانے کی پوری کوشش کر رہا ہے لیکن وہ نہیں مانتی۔ (۲۶-۲۷) مرنے کے بعد اسے جنت میں داخل کیا گیا۔ اُس نے افسوس سے کہا کاش کہ میری قوم کو اس کا علم ہوتا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرمائی ہے۔ (۲۸-۲۹) ان کے تباہ کرنے کے لئے آسمان سے کوئی لشکر نہیں بھیجا گیا تھا۔ ایک آواز ایسی دی گئی جس سے سب کے سب فنا ہو گئے۔ (۳۰) انبیاء علیہم السلام کے متعلق انسانوں کا رویہ ہمیشہ خراب رہا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا

قوموں کو ہلاک کر دیا وہ ان کے پاس لوٹ کر نہیں آئے اور سب کے سب

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ

ہمارے پاس حاضر ہیں اور اُن کے لئے خشک زمین بھی ایک نشانی ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا

جسے ہم نے زندہ کیا اور اس سے اناج نکالا جس سے وہ کھاتے ہیں اور اُس میں

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

ہم نے کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے اور اُن میں چشمے

الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

جاری کئے تاکہ وہ اس کے پھل کھائیں اور یہ چیزیں ان کے ہاتھوں کی بنائی ہوئی نہیں

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

ہیں پھر کیوں شکر نہیں کرتے وہ ذات پاک ہے جس نے زمین سے اُگنے والی چیزوں

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾

کو گوناگوں بنایا اور خود ان میں سے بھی اور اُن چیزوں میں سے بھی جنہیں وہ نہیں جانتے

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ښ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾

اور اُن کے لئے رات بھی ایک نشانی ہے کہ ہم اس کے اُوپر سے دن کو اتار دیتے ہیں پھر اُس وقت وہ اندھیرے میں رہ جاتے

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

ہیں اور سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ زبردست خبردار کا اندازہ

الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ ۭ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

کیا ہوا ہے اور ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ پرانی ٹہنی کی طرح

الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا

ہو جاتا ہے نہ سورج کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ

ع ۲ / ۱

خلاصہ رکوع ۲ — تفسیر مسئلہ توحید۔ ملاحظہ آیت ۳۳

## ربطِ آیات

(۳۱) پچھلے آنے والوں نے پہلی تباہ شدہ قوموں کے حالات سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا۔ (۳۲) قیامت کے دن یہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔ (۳۳ تا ۳۵) جس خدائے قدوس وحدہٗ لاشریک لہٗ کی طرف تمہیں دعوت دی جاتی ہے، اُس کی قدرت کے یہ کرشمے ہیں۔ میوہ جات محض قدرتِ الٰہی سے تیار ہوتے ہیں تاکہ انسان کھائیں (ایسے مالک کا اگر شکریہ بجا نہ لائیں تو اس سے بڑھ کر اور کیا نالائقی ہو سکتی ہے)۔ (۳۶) وہ خالق عزّ اسمہٗ و جلّ مجدہٗ شریکوں سے پاک ہے۔ (۳۷ تا ۳۹) یہ سارا انتظام اسی مولیٰ حقیقی عزّ اسمہٗ و جلّ مجدہٗ کے قبضہ میں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٤٠﴾ وَآيَةٌ لَّهُمْ

رات ہی دن سے پہلے آسکتی ہے اور ہر ایک ایک آسمان میں تیرتا پھرتا ہے اور ان کے لئے یہ بھی

أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُم

نشانی ہے ہم نے ان کی نسل کو بھری کشتی میں سوار کیا اور اُن کے لئے اسی طرح کی

مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ ﴿٤٢﴾ وَإِن نَّشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ

اور بھی چیزیں بنائی ہیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ڈبو دیتے پھر نہ اُن کا کوئی

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ﴿٤٣﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلَىٰ

فریاد رس ہوتا اور نہ وہ بچائے جاتے مگر یہ ہماری مہربانی ہے اور انہیں ایک مدت

حِينٍ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا

تک فائدہ دینا ہے اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اپنے سامنے اور پیچھے آنے والے

خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ

عذاب سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور اُن کے پاس اُن کے رب کی نشانیوں میں سے

آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٤٦﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

ایسی کوئی بھی نشانی نہیں آتی کہ جس سے وہ منہ نہ موڑ لیتے ہوں اور جب ان سے کہا جاتا ہے

أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا

کہ اللہ کے رزق میں سے کچھ خرچ کیا کرو تو کافر ایمانداروں سے کہتے ہیں

أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ

کیا ہم اسے کھلائیں کہ اگر اللہ چاہتا تو خود اسے کھلا سکتا تھا تم جو ہو تو صاف گمراہی میں

مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾

پڑے ہوئے ہو اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ

وہ صرف ایک ہی چیخ کا انتظار کر رہے ہیں جو انہیں آلے گی اور وہ آپس میں

## ربطِ آیات

(۴۰) ان ارکانِ نظامِ عالم کو قدرتِ الٰہی نے ایسا جکڑ بند کر رکھا ہے کیا مجال ہے کہ کوئی ذرہ بھر ادھر اُدھر ہو جائے۔ (۴۱) بھری ہوئی کشتیاں سمندر میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے چلتی ہیں۔ (۴۲) اسی قسم کا ایک جانور بھی خشکی پر ہم نے بنایا ہے۔ جس پر کشتی کی طرح ہر چیز رکھ لیں اور ریگستانوں اور میدانوں میں چلا جائے اور وہ اونٹ ہے۔ (۴۳) اگر ہمارا فضل شاملِ حال نہ ہو تو انہیں وہیں غرق کر دیں وہاں کوئی چیخ و پکار بھی کام نہ آئے (۴۴) مگر ہماری رحمت انہیں بچا لاتی ہے۔ (۴۵) جب انہیں کہا جاتا ہے کہ دنیا کی سزا اور آخرت کے عذاب سے ڈر کر کام کرو۔ (۴۶) ان پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا۔ (۴۷) جب انفاق فی سبیل اللہ کے لئے انہیں ترغیب دی جائے تو یہ بیہودہ جواب دیتے ہیں (۴۸) جب عذابِ الٰہی کا ڈر دلایا جائے تو یہ سوال کرتے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ
جھگڑ رہے ہوں گے پس نہ تو وہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف
يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ
واپس جا سکیں گے اور صور پھونکا جائے گا تو وہ فوراً اپنی قبروں سے نکل کر اپنے رب
اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ
کی طرف دوڑے چلے آئیں گے کہیں گے کہ ہائے افسوس کس نے ہمیں ہماری خوابگاہ سے اٹھایا
هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ
یہی ہے جو رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا وہ تو صرف ایک
اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾
ہی زور کی آواز ہوگی پھر وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے
فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ
پھر اس دن کسی پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور تم اسی کا بدلہ پاؤ گے جو
تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾
کیا کرتے تھے بے شک بہشتی اس دن مزہ سے دل بہلا رہے ہوں گے
هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ
وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے ان کے
فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ
لئے وہاں میوہ ہوگا اور انہیں ملے گا جو وہ مانگیں گے پروردگار نہایت رحم والے کی طرف سے
رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ
انہیں سلام فرمایا جائے گا اے مجرمو! آج الگ ہو جاؤ اے آدم کی اولاد!
اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ
کیا میں نے تمہیں تاکید نہ کر دی تھی کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا کیونکہ وہ تمہارا صریح

خلاصہ رکوع ۴ ۔ تفسیر منزل مجازات۔ ماخذ آیت ۵۱

ع ۳ ۱۸ ۲

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

## رابطِ آیات

(۴۹۔ ۵۰) ان کی حیثیت ہی کیا ہے یہ تو اتنی سی بات سے فنا ہو سکتے ہیں۔
(۵۱) نرسنگے کی آواز سن کر سب قبروں سے باہر آ جائیں گے۔ (۵۲) اٹھتے ہی سارے عقدے حل ہو جائیں گے۔ خود ہی سوال کریں گے اور خود ہی جواب دیں گے۔
(۵۳) ایک آواز سے ساری دنیا میدان میں آ جائے گی۔
(۵۴) آج انصاف سے ہر شخص کو اس کے اعمال کے نتائج بھیجے جائیں گے۔
(۵۵ تا ۵۷) جنتی اپنے اعمالِ صالحہ کی برکت سے اس قسم کے آرام میں ہوں گے۔
(۵۸) ربِ رحیم کی طرف سے انہیں پیغامِ سلامتی نصیب ہوگا۔ (۵۹) مجرموں کو الگ ہونے کا حکم ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُّبِیْنٌ ﴿٦٠﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِیْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿٦١﴾
دشمن ہے — اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا — یہ سیدھا راستہ ہے

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِیْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٢﴾
اور البتہ اُس نے تم میں سے بہت لوگوں کو گمراہ کیا تھا — کیا پس تم نہیں سمجھتے تھے

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا
یہی دوزخ ہے — جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا — آج اِس میں داخل ہو جاؤ اُس کے

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٦٤﴾ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ
بدلے جو تم کفر کیا کرتے تھے — آج ہم اُن کے مونہوں پر مُہر لگا دیں گے — اور ہمارے ساتھ اُن کے

اَیْدِیْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ
ہاتھ بولیں گے — اور اُن کے پاؤں شہادت دیں گے اِس پر جو وہ کیا کرتے تھے — اور اگر

نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْیُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى
ہم چاہیں تو اُن کی آنکھیں مٹا ڈالیں — پس وہ راستہ کی طرف دوڑیں — پھر وہ کیونکر

یُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ
دیکھ سکیں — اور اگر ہم چاہیں — تو ان کی صورتیں ان کی جگہوں پر — مسخ کر دیں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا وَّلَا یَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ
پس نہ وہ آگے چل سکیں — اور نہ ہی — واپس لوٹ سکیں — اور ہم جس کی عمر زیادہ کرتے ہیں

نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا
بناوٹ میں اُسے اُلٹا گھٹاتے چلے جاتے ہیں کیا یہ لوگ نہیں سمجھتے — اور ہم نے نبی کو شعر نہیں سکھایا اور نہ

یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّیُنْذِرَ مَنْ
یہ اُس کے مناسب ہی تھا — یہ تو صرف نصیحت اور واضح قرآن ہے — تاکہ جو زندہ ہے اُسے

كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا
ڈرائے — اور کافروں پر الزام — ثابت ہو جائے — کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ

وقف غفران

رکوع ۴

## ربطِ آیات

(۶۰-۶۱) کیا تمہیں میرا حکم نہیں ملا تھا کہ شیطان کا کہا نہ مانو اور میری عبادت کرو۔ (۶۲) تم میں سے بہت مخلوقات اُس نے گمراہ کر لی تمہیں اتنی بھی سمجھ نہیں تھی۔ (۶۳-۶۴) اب اِس غلطی کا خمیازہ چکھو۔ یہ جہنم ہے۔ (۶۵) زبانوں کو جھوٹ بولنے کی عادت ہے۔ اِس لئے ان پر مُہر لگا دیں گے اور ہاتھ پاؤں سے شہادت لیں گے (۶۶) اگر ہم چاہیں تو انہیں اندھا کر دیں۔ (۶۷) اور اگر چاہیں تو ان کی صورتیں مسخ کر دیں۔ (۶۸) کس جی چاہتا ہے کہ وقت کے بعد اِس پر ضعف آئے اور تمام قویٰ بے کار ہو کر بچپن کی سی حالت پیدا ہو جائے لیکن خالق الخلق عزّ اسمہٗ کے ارادہ کے سامنے کسی کو مجال نہیں (۶۹) جو تمہیں سُنایا جاتا ہے شعر نہیں بلکہ منزل من اللہ ذکر اور قرآن مبین ہے (۷۰) تاکہ زندہ دلوں کو اِس کے ذریعہ سے ڈرائے اور کافروں پر اتمام حجت ہو جائے۔

خلاصہ رکوع ۵۔ اعادہ مسائل ثلاثہ بطور نتیجہ۔ ماخذ (۱) رسالت آیت ۶۹-۷۰ (۲) توحید آیت ۷۱، ۷۲، ۷۷ (۳) مجازات آیت ۷۸، ۸۲۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا
ہم نے ان کے لئے اپنے ہاتھوں سے چارپائے بنائے جن کے وہ

مَالِكُونَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا
مالک ہیں اور انہیں ان کے بس میں کر دیا ہے پھر ان میں سے کسی پر چڑھتے ہیں

يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾
اور کسی کو کھاتے ہیں اور ان کے لئے ان میں اور بہت فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں پھر کیوں شکر نہیں کرتے

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا
اور اللہ کے سوا انہوں نے اور معبود بنا رکھے ہیں تاکہ وہ ان کی مدد کریں وہ

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾
ان کی مدد نہیں کر سکیں گے اور وہ ان کے حق میں ایک فریق (مخالف) ہوں گے جو حاضر کئے جائیں گے

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾
پھر آپ ان کی بات سے غمزدہ نہ ہوں بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ
کیا آدمی نہیں جانتا کہ ہم نے اسے منی کے ایک قطرے سے بنایا ہے پھر وہ علانیہ کھلا دشمن بن کر

مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي
جھگڑنے لگا اور ہماری نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنا پیدا ہونا بھول گیا کہنے لگا بوسیدہ ہڈیوں

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ
کو کون زندہ کر سکتا ہے کہہ دو انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی بار

مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ
پیدا کیا تھا اور وہ سب کچھ بنانا جانتا ہے وہ جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے

الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾
آگ پیدا کر دی کہ تم جھٹ پٹ اس سے آگ سلگا لیتے ہو

وقف لازم

## ربطِ آیات

(۷۱ تا ۷۳) کیا وہ ان احسانات الٰہی کو یاد کر کے ان کو فرض نہیں کہ اپنے مالک کا شکر بجا لاویں (۷۴) بجائے شکریہ بجا لانے کے اللہ تعالیٰ کے شریک بناتے ہیں تاکہ وہ ان کی مدد کریں (۷۵) وہ ان کی مدد کیا کریں گے۔ یہ تو خود قیامت کے دن ان معبودانِ باطل کا لشکر بن کر ان کے ساتھ دوزخ میں جائیں گے۔ (۷۶) آپ ان کے خرافات سے مغموم نہ ہوں۔ ہمیں ان کے تمام حالات کا علم ہے (۷۷) کیا انسان یہ نہیں جانتا کہ ہم نے اسے نطفہ سے بنایا ہے اور اب وہ ہمارے مقابلہ میں جھگڑتا ہے۔ (۷۸) ہمارے مثیل تجویز کرتا ہے اور بعثت ثانیہ کا منکر ہے۔ تعجب سے کہتا ہے کہ بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا۔ (۷۹) پہلی دفعہ پیدا کرنے والا دوبارہ پیدا کرے گا۔ (۸۰) جس مالک کی قدرت کا یہ کرشمہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى أَنْ
کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو بنادیا اس پر قادر نہیں کہ

يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾ إِنَّمَآ أَمْرُهُۥٓ إِذَآ
ان جیسے اور بنائے کیوں نہیں وہ بہت کچھ بنانے والا ماہر ہے اس کی تو یہ شان ہے کہ

أَرَادَ شَيْـًٔا أَنْ يَّقُولَ لَهُۥ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِي
جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اتنا ہی فرما دیتا ہے کہ ہو سو وہ ہو جاتی ہے پس وہ ذات پاک ہے

بِيَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾
جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا کامل اختیار ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے

آیاتہا ۱۸۲ ﴿۳۷﴾ سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ ﴿۵۶﴾ رکوعاتہا ۵

سورۂ الصّٰفّٰت مکی ہے اور اس میں ایک سو بیاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾ فَالتّٰلِيٰتِ
صف باندھ کر کھڑے ہونے والوں کی قسم ہے پھر جھڑک کر ڈانٹنے والوں کی پھر ذکر الٰہی کے تلاوت

ذِكْرًا ﴿٣﴾ إِنَّ إِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
کرنے والوں کی البتہ تمہارا معبود ایک ہی ہے آسمانوں اور زمین اور اس کے اندر کی

وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿٥﴾ إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا
سب چیزوں کا اور مشرقوں کا رب ہے ہم نے نیچے کے آسمان کو ستاروں

بِزِينَةِ الْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿٧﴾
سے سجایا ہے اور اسے ہر ایک سرکش شیطان سے محفوظ رکھا ہے

لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلٰى وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ
وہ عالم بالا کی باتیں نہیں سن سکتے اور ان پر ہر طرف سے انگارے

منزل ۶

## ربطِ آیات

(۸۱) کیا آسمان و زمین کو پہلی دفعہ پیدا کرنے والا دوبارہ پیدا نہیں کر سکتا۔ (۸۲) سارے جہان کے پیدا کرنے میں اسے اتنی دیر لگے گی۔ (۸۳) وہ مالک

خلاصۂ رکوع ۱ - ...
انکار بعثت کے باعث ...
...
آیت ۱۳ (۴) آیت ...

تمام عجزوں سے پاک ہے۔ ہر چیز کا وہ مالک ہے اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

### سورۃ الصافات

(مرشرح سورۃ)

دعوت الی التوحید۔ (۱) قسم ہے ان فرشتوں کی جو اپنے رب کے ہاں صف بستہ رہنے والے ہیں (۲) پھر حکم الٰہی سے بادلوں کو ڈانٹ کر لے جانے والوں کی قسم ہے (۳) پھر ان فرشتوں کی قسم جو ذکر الٰہی (یعنی قرآن) پڑھنے والے ہیں (۴) تمہارا خدا ایک ہے۔ اگر غیر اللہ میں سے کوئی قابل پرستش ہو سکتا تھا تو وہ فرشتے تھے۔ کیونکہ وہ الواجب بعینہٖ سے من کل الوجوہ مقربی ہیں (۵) ان سب چیزوں کا رب ہی معبود ہو سکتا ہے (۶-۷) اللہ تعالیٰ نے ہی آسمان میں ستارے بنائے اور ان میں یہ فوائد ہیں۔

ع ۵ | منزل ۶

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جَانِبٍ ﴿٨﴾ دُحُورًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿٩﴾ إِلَّا مَنْ خَطِفَ

پھینکے جاتے ہیں بھگانے کے لئے اور اُن پر ہمیشہ کا عذاب ہے مگر جو کوئی اُچک لے

الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ

جائے تو اُس کے پیچھے دہکتا ہوا انگارہ پڑتا ہے پس اُن سے پوچھئے کیا ان کا

أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِّنْ طِينٍ

بنانا زیادہ مشکل ہے یا اُن کا جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے بے شک ہم نے انہیں لیسدار مٹی سے پیدا

لَّازِبٍ ﴿١١﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ﴿١٢﴾ وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا

کیا ہے بلکہ آپ نے تو تعجب کیا اور وہ ٹھٹھا کرتے ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جاتی

يَذْكُرُونَ ﴿١٣﴾ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ ﴿١٤﴾ وَقَالُوا إِنْ

ہے تو قبول نہیں کرتے اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو ہنسی کرتے ہیں اور کہتے ہیں یہ

هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا

تو محض صریح جادو ہے کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے

أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ نَعَمْ وَ

تو کیا ہم پھر اُٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی کہہ دو ہاں اور

أَنْتُمْ دَاخِرُونَ ﴿١٨﴾ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ

تم ذلیل ہونے والے ہو گے پس وہ تو ایک زور کی آواز ہو گی پس ناگہاں وہ

يَنْظُرُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿٢٠﴾ هَٰذَا يَوْمُ

دیکھنے لگیں گے اور کہیں گے ہائے ہماری کمبختی! جزا کا دن یہی ہے یہی فیصلے

الْفَصْلِ الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾ احْشُرُوا الَّذِينَ

کا دن ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے اُنہیں جمع کردو جنہوں نے

ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِنْ دُونِ

ظلم کیا اور اُن کی بیویوں کو اور جن کی وہ عبادت کرتے تھے سوائے

## ربطِ آیات

(۸) ملاءِ اعلیٰ کے مقام پر پہنچ کر وہ کچھ سن ہی نہیں سکتے۔ (۹) ہٹانے کے لئے شیطانوں کو آگ کے شعلے مارے جاتے ہیں (۱۰) ہاں کوئی شیطان چوری سے کوئی کلمہ اُچک لے۔ پھر بھی شہابِ ثاقب اُس کے پیچھے لگتا ہے

(۱۱) خیال تو کریں ان کی پیدائش مشکل ہے یا زمین آسمان اور پہاڑوں کی۔

(۱۲) آپ ان کی تکذیب سے متعجب ہیں اور وہ آپ کے تعجب پر تمسخر اُڑاتے ہیں۔

(۱۳) اور وعظ و نصیحت سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھاتے۔

(۱۴) جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو تمسخر اُڑاتے ہیں۔

(۱۵) کہتے ہیں یہ تو کھلا جادو ہے۔ (۱۶) کیا مرنے کے بعد ہمیں اُٹھایا جائے گا۔

(۱۷) یا پہلے ہمارے باپ دادا کو بھی اُٹھایا جائے گا۔

(۱۸) ہاں تمہیں ذلیل کر کے اُٹھایا جائے گا۔ (۱۹) ایک ڈانٹ سے سب قبروں سے باہر آجاؤ گے (۲۰) اس دن یہ کہو گے (۲۱) یہی فیصلہ کا

ع ۵

خلاصہ رکوع ۲ - توحید کی [illegible]
[illegible] بعد الموت - صاحب [illegible]
آیت ۲۲-۲۶ (۴) [illegible]

دن کہتے (۲۲-۲۳) ان ظالموں کو بمع بیویوں کے اور اُن کے معبودوں کے جہنم کی طرف لے جاؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع

اللّٰهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوهُمْ ۖ إِنَّهُمْ

اللہ کے پھر انہیں جہنّم کے راستہ کی طرف ہانک کر لے جاؤ اور انہیں کھڑا کرو ان سے

مَسْئُولُونَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

دریافت کرنا ہے تمہیں کیا ہوا کہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے بلکہ آج کے دن وہ

مُسْتَسْلِمُونَ ﴿٢٦﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٧﴾

سر جھکائے کھڑے ہوں گے اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر پوچھے گا

قَالُوا إِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾ قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا

کہیں گے بے شک تم ہمارے پاس داہنی طرف سے آتے تھے کہیں گے بلکہ تم خود ہی

مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ ۖ بَلْ كُنْتُمْ

ایمان والے نہیں تھے اور ہمیں تم پر کوئی زور نہیں تھا بلکہ تم ہی

قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾

سرکش لوگ تھے پھر ہم سب پر ہمارے رب کا قول پورا ہو گیا کہ ہم سب عذاب چکھنے والے ہیں

فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ

پھر ہم نے تمہیں بھی گمراہ کیا ہم خود بھی گمراہ تھے پھر اس دن عذاب میں وہ سب

مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا

یکساں ہوں گے بے شک ہم مجرموں سے ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں بے شک وہ ایسے تھے کہ

إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾ وَيَقُولُونَ

جب ان سے کہا جاتا تھا کہ سوائے اللہ کے اور کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کیا کرتے تھے اور وہ کہتے تھے

أَئِنَّا لَتَارِكُو آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَجْنُونٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَ

کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک شاعر دیوانہ کے کہنے سے چھوڑ دیں گے بلکہ وہ حق لایا ہے اور

صَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٧﴾ إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾

اس نے سب رسولوں کی تصدیق کی ہے بے شک اب تم دردناک عذاب چکھو گے

## رابطِ آیات

(۲۳) دیکھو صفحہ ۷۱۲۔
(۲۴) ذرا ٹھہراؤ۔ ان سے سوال کیا جائے گا۔ (۲۵) کیوں ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے
(۲۶) آج تو تابع فرمانِ الٰہی ہو رہے ہیں (۲۷-۲۸) یہ آپس میں سوال جواب ہوگا ایک جماعت دوسری سے کہے گی تم نے ہمیں گمراہ کیا۔
(۲۹) وہ کہیں گے تم خود بے ایمان تھے۔ (۳۰) ہم نے تم پر کوئی جبر نہیں کیا۔
(۳۱) آج اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مطابق سب عذابِ الٰہی کا مزہ چکھنے والے ہیں۔
(۳۲) ہم بھی گمراہ تھے تمہیں بھی گمراہ کیا۔ (۳۳) آج ضال اور مضل سب عذاب میں شریک ہوں گے۔ (۳۴) مجرموں کے ساتھ ہمارا سلوک ایسا ہی ہوتا ہے۔ (۳۵) دنیا میں توحیدِ خداوندی سے انہیں نفرت تھی (۳۶) دعوتِ توحید پر یہ کہا کرتے تھے کہ کیا ایک شاعر اور پاگل کے کہنے پر ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں (۳۷) شاعر اور مجنون نہیں بلکہ سچی بات کہتا ہے اور پہلے نبیوں کی اس معاملہ میں تصدیق کرتا ہے (۳۸) انکارِ توحید سے یہ سزا پاؤ گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾

اور تمہیں وُہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے مگر جو اللہ کے خاص بندے ہیں

أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَعْلُومٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۖ وَهُمْ مُكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾ فِي جَنَّاتِ

یہی لوگ ہیں جن کے لئے رزق معلوم ہے میوے اور انہیں کو عزت دی جائے گی نعمتوں کے

النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ

باغوں میں ایک دُوسرے کے سامنے تختوں پر ان میں صاف شراب کا دَور

مَعِينٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ ﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ

چل رہا ہوگا سفید پینے والوں کے لئے لذیذ ہوگی نہ اُس میں دردِ سر ہوگا اور نہ

عَنْهَا يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾

اُنہیں اُس سے نشہ ہوگا اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی بڑی آنکھوں والی ہوں گی

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ

گویا کہ وُہ پردہ میں رکھے ہُوئے انڈے ہیں پس وُہ ایک دُوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں

يَتَسَاءَلُونَ ﴿٥٠﴾ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾

سوال کریں گے ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ساتھی تھا

يَقُولُ أَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

وُہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو تصدیق کرنے والوں میں ہے کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور

وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾

ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا کہے گا کیا تم بھی دیکھنا چاہتے ہو

فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدْتَ

پس وُہ جھانکے گا تو اسے دوزخ کے درمیان دیکھے گا کہے گا اللہ کی قسم! تُو تو قریب تھا

لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾

کہ مجھے ہلاک ہی کر دے اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی حاضر کئے ہوئے مجرموں میں ہوتا

## ربطِ آیات

(٣٩) اپنے اعمال کی شامت پاؤ گے۔ (٤٠) اخلاص فی العبادت والے بندے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ رہیں گے۔

(٤١) ان کے لئے رزق معلوم ہے (٤٢) یہ ان کا رزق معلوم ہے۔ (٤٣) نعمتوں کی جنت میں عزت دیئے جائیں گے۔ (٤٤) تختوں پر ایک دُوسرے کے سامنے بیٹھنے والے ہوں گے۔ (٤٥) ان پر شراب کے پیالوں کا دَور چلے گا۔

(٤٦-٤٧) اس شراب کی یہ صفتیں ہیں۔ (٤٨-٤٩) ان صفات والی بیویاں انہیں ملیں گی۔ (٥٠) ایک دُوسرے سے جنت میں سوال کریں گے۔

(٥١) ایک کہے گا میرا ایک ساتھی تھا۔ (٥٢) وُہ مجھے یہ کہا کرتا تھا۔ (٥٣) کیا مٹی اور ہڈیاں ہونے کے بعد ہمیں دوبارہ جزا سزا ملے گی۔

(٥٤) چلو اسے دیکھیں۔ (٥٥) جھانکا تو دوزخ میں اُسے پایا۔ (٥٦) جنتی اُسے کہے گا خدا کی قسم تُو تو مجھے بھی ہلاک کرنے والا تھا۔

(٥٧) اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں بچ گیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ

پس کیا اب ہم مرنے والے نہیں — مگر ہمارا پہلی بار کا مرنا — اور ہمیں — عذاب

بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ

نہیں دیا جائے گا — بے شک یہی — بڑی کامیابی ہے — ایسی ہی کامیابی

هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ

کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے — کیا یہ اچھی مہمانی ہے — یا — تھوہر

الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ

کا درخت — بے شک ہم نے اسے ظالموں کے لئے آزمائش بنایا ہے — بے شک وہ ایک درخت ہے

تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾

جو دوزخ کی جڑ میں — اُگتا ہے — اس کا پھل گویا کہ — سانپوں کے پھن ہیں

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ

پس بے شک وہ اس میں سے کھائیں گے — پھر اس سے اپنے پیٹ بھر لیں گے — پھر اس پر

إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ

ان کو کھولتا ہوا پانی (پیپ وغیرہ سے) ملا کر دیا جائے گا — پھر بے شک دوزخ کی طرف

لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ

ان کا — لوٹنا ہوگا — کیونکہ انہوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا تھا — پھر وہ

عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ

ان کے پیچھے — دوڑتے — چلے گئے — اور البتہ — ان سے پہلے بہت سے اگلے لوگ گمراہ

الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ﴿٧٢﴾ فَانظُرْ

ہو چکے ہیں — اور البتہ ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے — پھر دیکھ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾

جنہیں ڈرایا گیا تھا — ان کا کیا انجام ہوا — مگر اللہ کے خالص بندے

## ربطِ آیات

(۵۸-۵۹) بتلاؤ کیا انکا عذاب الٰہی کا عقیدہ صحیح نکلا (۶۰) قیامت کے دن کی کامیابی بڑی کامیابی ہے۔ (۶۱) عمل کرنے والوں کو اس کے حصول کی کوشش کرنی چاہئے۔ (۶۲) یہ جنت والی مہمانی بہتر ہے یا شجرۃ الزقوم کی مہمانی (۶۳) یہ درخت گنہگاروں کے لئے آزمائش ہے وہ اس کے منکر ہیں کہ آگ میں درخت کس طرح ہو سکتا ہے (۶۴) وہ دوزخ کی جڑ سے نکلے گا۔ (۶۵) اس کی شکل ایسی ہوگی۔ (۶۶) دوزخی اس سے پیٹ بھرنے والے ہوں گے۔ (۶۷) وہ کھا کر اس پر سخت گرم پانی پئیں گے (۶۸) دوزخ کے ایک حصہ سے پانی پی کر پھر دوسرے حصہ میں چلے جائیں گے۔ (۶۹-۷۰) یہ لوگ اپنے گمراہ باپ دادا کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں (۷۱) پہلی اکثر امتیں اسی تقلید آبائی میں گمراہ ہوئیں (۷۲) ان پہلے لوگوں میں بھی ہم نے ڈرانے والے بھیجے۔ (۷۳) دیکھ لو ان قوموں کا کیا حشر ہوا۔ (۷۴) مگر توحید پرست اللہ تعالیٰ کے بندے اس عذاب سے بچا لئے گئے۔

ع ۴ / ۲ / ۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَ

اور ہمیں نوح نے پکارا پس ہم کیا خوب جواب دینے والے ہیں اور ہم نے اسے اور

اَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ

اس کے گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی اور ہم نے اس کی اولاد ہی کو

الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى

باقی رہنے والی کر دیا اور ہم نے ان کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ سارے

نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾

جہاں میں نوح پر سلام ہو بے شک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾

بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں تھے پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾

اور بے شک اسی کے طریق پر چلنے والوں میں ابراہیم بھی تھا جبکہ وہ پاک دل سے اپنے رب کی طرف رجوع ہوا

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً

جبکہ اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو کیا تم جھوٹے معبودوں کو

دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ کے سوا چاہتے ہو پھر تمہارا پروردگار عالم کی نسبت کیا خیال ہے

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا

پھر اس نے ایک بار ستاروں میں غور سے دیکھا پھر کہا بے شک میں بیمار ہوں پس وہ لوگ اس کے

عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾

ہاں سے پیٹھ پھیر کر واپس پھرے پس وہ چپکے سے ان کے معبودوں کے پاس گیا پھر کہا کیا تم کھاتے نہیں

مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾

تمہیں کیا ہوا کہ تم بولتے نہیں پھر وہ بڑے زور کے ساتھ دائیں ہاتھ سے ان کے توڑنے پر پل پڑا

وقف لازم

## ربطِ آیات

(۷۵) اپنی قوم سے تنگ آکر ہمیں نوح (علیہ السلام) نے بلایا ہم تو بہترین جواب دینے والے ہیں (۷۶) ہم نے نوح (علیہ السلام) کو مع اہل کے مصیبت سے بچا لیا۔ (۷۷) نوح علیہ السلام کی اولاد کے سوا اور کسی کی اولاد نہ بچی۔

(۷۸) اس کا ذکر خیر پچھلے لوگوں میں چھوڑا۔ (۷۹) اللہ تعالیٰ کی طرف سے نوح علیہ السلام پر سلام ہے (۸۰) ہم نیکوکاروں کو یونہی بدلہ دیا کرتے ہیں (۸۱) وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے۔

(۸۲) دوسروں کو غرق کر دیا

(۸۳) نوح علیہ السلام کے دین پر ابراہیم علیہ السلام تھے

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۳ ۔ توحید پرستوں کی کامیابی۔ ماخذ آیت ۸۰۔۸۱۔ ۸۶۔۸۷۔ ۱۱۰۔ ۱۱۱ + |

(حالانکہ دونوں کے درمیان دو ہزار چھ سو چالیس سال کا فاصلہ ہے) (مدارک)۔ (۸۴) ابراہیم علیہ السلام نے اپنا دل خاص اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا تھا۔ (۸۵ تا ۸۷) ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور قوم سے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا جھوٹے معبودوں کی پرستش کرتے ہو۔ رب العالمین کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے۔

(۸۸-۸۹) ایک دن توریہ کے طور پر ستاروں کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ میں بیمار ہوں کیونکہ وہ لوگ ستارہ پرست تھے۔

(۹۰) یہ سن کر وہ چلے گئے (۹۱-۹۲) ان کے معبودوں سے جا کر کہا یہ چیزیں کیوں نہیں کھاتے اور بولتے کیوں نہیں۔ (۹۳) دائیں ہاتھ سے مار کر سب کو توڑ دیا۔ (سوائے بڑے بت کے)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَأَقْبَلُوٓا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾ وَ

پھر وہ اس کی طرف دوڑتے ہوئے بڑھے کہا کیا تم پوجتے ہو جنہیں تم خود تراشتے ہو حالانکہ

اللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا ابْنُوا لَهُۥ بُنْيَٰنًا فَأَلْقُوهُ

اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا اور جو تم بناتے ہو انہوں نے کہا اس کے لئے ایک مکان بناؤ پھر

فِى الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا بِهِۦ كَيْدًا فَجَعَلْنَٰهُمُ

اس کو آگ میں ڈال دو پس انہوں نے اس سے داؤ کرنے کا ارادہ کیا سو ہم نے انہیں

الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ إِنِّى ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّى سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾

ذلیل کر دیا اور کہا میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ مجھے راہ بتائے گا

رَبِّ هَبْ لِى مِنَ الصَّٰلِحِينَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنَٰهُ بِغُلَٰمٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾

اے میرے رب! مجھے ایک صالح (لڑکا) عطا کر پس ہم نے اسے ایک لڑکے حلم والے کی خوشخبری دی

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْىَ قَالَ يَٰبُنَىَّ إِنِّىٓ أَرَىٰ فِى الْمَنَامِ

پھر جب وہ اس کے ہمراہ چلنے پھرنے لگا کہا اے بیٹے! بے شک میں خواب میں دیکھتا

أَنِّىٓ أَذْبَحُكَ فَانظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَٰٓأَبَتِ افْعَلْ مَا

ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں پس دیکھ تیری کیا رائے ہے کہا اے ابا! جو حکم آپ کو ہوا ہے

تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِىٓ إِن شَآءَ اللَّهُ مِنَ الصَّٰبِرِينَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّآ

کر دیجیے آپ مجھے انشاءاللہ صبر کرنے والوں میں پائیں گے پس جب

أَسْلَمَا وَتَلَّهُۥ لِلْجَبِينِ ﴿١٠٣﴾ وَنَٰدَيْنَٰهُ أَن يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ ﴿١٠٤﴾

دونوں نے تسلیم کر لیا اور اس نے اسے پیشانی کے بل ڈال دیا اور ہم نے اسے پکارا کہ اے ابراہیم!

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَآ ۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِينَ ﴿١٠٥﴾

تو نے خواب سچا کر دکھایا بے شک ہم اسی طرح نیکو کاروں کو بدلہ دیا کرتے ہیں

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْبَلَٰٓؤُا الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنَٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾

البتہ یہ صریح آزمائش ہے اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض دیا

## ربطِ آیات

(۹۴) وہ لوگ دوڑتے ہوئے ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے (۹۵-۹۶) انہوں نے جواب دیا۔ اللہ تعالیٰ خالق کو چھوڑ کر ان کی عبادت کرتے ہو۔ (۹۷) انہوں نے فیصلہ یہ کیا۔ ایک چار دیواری بنا کر اس میں آگ جلا کر اسے ڈال دو۔ (۹۸) وہی اپنے مکر میں ناکام رہے۔

(۹۹) اس واقعہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں ہجرت کی اجازت دی۔ اعزہ کو چھوڑ کر ابراہیم علیہ السلام نے ہجرت کی۔ (۱۰۰) ابراہیم علیہ السلام نے یہ دعا کی۔ (۱۰۱) ہم نے انہیں ایک بردبار لڑکے کی خوشخبری دی (۱۰۲) اب اس لڑکے کے حلم کا ثبوت ایک واقعہ سے دیا جاتا ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے خواب وحی ہوتے ہیں۔ باپ اور بیٹے میں یہ سوال و جواب ہوا (۱۰۳ تا ۱۰۶) جب باپ بیٹے نے سر تسلیم خم کر دیا تو ہم نے آواز دی کہ آپ نے خواب سچا کر دکھایا۔ یہ ایک امتحان تھا۔ (جس میں آپ کامیاب نکلے)۔ (۱۰۷) بیٹے کے عوض میں ایک مینڈھا ہم نے ذبح کے لئے انہیں دیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٠٨﴾ سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ﴿١٠٩﴾
اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں یہ بات ان کے لئے رہنے دی ابراہیم پر سلام ہو

كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١١﴾
اسی طرح ہم نیکوکاروں کو بدلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے

وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ نَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١١٢﴾ وَبَارَكْنَا عَلَيْهِ
اور ہم نے اُسے اسحٰق کی بشارت دی کہ وہ نبی (اور) نیک لوگوں میں سے ہوگا اور ہم نے ابراہیم اور اسحٰق

وَعَلَىٰ إِسْحَاقَ ۚ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِنَفْسِهِ
پر برکتیں نازل کیں اور اُن کی اولاد میں سے کوئی نیک بھی ہیں اور کوئی اپنے آپ پر صریح ظلم

مُبِينٌ ﴿١١٣﴾ ع وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنَاهُمَا
کرنے والے ہیں اور البتہ ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسان کیا اور ہم نے ان دونوں کو

وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾ وَنَصَرْنَاهُمْ فَكَانُوا هُمُ
اور اُن کی قوم کو بڑی مصیبت سے نجات دی اور ہم نے اُن کی مدد کی پس وہی

الْغَالِبِينَ ﴿١١٦﴾ وَآتَيْنَاهُمَا الْكِتَابَ الْمُسْتَبِينَ ﴿١١٧﴾ وَهَدَيْنَاهُمَا
غالب رہے اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب دی اور ہم نے دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿١١٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْآخِرِينَ ﴿١١٩﴾
راہِ راست پر چلایا اور اُن کے لئے آئندہ نسلوں میں یہ باقی رکھا

سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ﴿١٢٠﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي
کہ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو بے شک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو بدلہ

الْمُحْسِنِينَ ﴿١٢١﴾ إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٢﴾ وَإِنَّ
دیا کرتے ہیں بے شک وہ دونوں ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے اور بے شک

إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾
الیاس رسولوں میں سے تھا جبکہ اُس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں

## ربطِ آیات

(۱۰۸) اسی اطاعت فرمانبرداری کے باعث ہم نے ان کا ذکر خیر پچھلی اُمتوں میں چھوڑا۔ (۱۰۹) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے حق میں پیغام سلامتی ہے۔ (۱۱۰) نیکوکاروں کو ہم اسی طرح جزائے خیر دیا کرتے ہیں۔ (۱۱۱) یہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے۔ (۱۱۲) چونکہ ابراہیم نے غربت و اقربا چھوڑے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اسحٰق علیہ السلام کی خوشخبری عطا فرمائی۔ (۱۱۳) ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور اسحٰق

خلاصہ رکوع ۴ - توحید پرستوں کی کامیابی - ماخذ آیت ۱۱۹-۱۲۲-۱۲۵-۱۲۶-۱۲۸-۱۳۱-۱۳۲

ع ۳ / ۷

علیہ السلام کو برکت عطا فرمائی۔ (۱۱۴) موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر ہم نے احسان کیا۔ (۱۱۵) انہیں مع قوم کے بڑی مصیبت سے بچایا۔ (۱۱۶) اُن کی مدد کی اور غالب کیا۔ (۱۱۷) ایک واضح کتاب (تورات) عطا فرمائی۔ (۱۱۸) انہیں صراطِ مستقیم کی رہنمائی فرمائی۔ (۱۱۹) ان دونوں کا ذکر خیر پچھلوں میں باقی رکھا۔ (۱۲۰) ان دونوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلامتی ہے۔ (۱۲۱) نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ (۱۲۲) یہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ (۱۲۳) الیاس علیہ السلام بھی رسولوں میں سے ہیں۔ (۱۲۴) اپنی قوم سے فرمایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَتَدۡعُوۡنَ بَعۡلًا وَّتَذَرُوۡنَ اَحۡسَنَ الۡخَالِقِيۡنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ

کیا تم بعل کو پکارتے ہو | اور سب سے بہتر بنانے والے کو چھوڑ دیتے ہو | اللہ کو

رَبَّكُمۡ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوۡهُ فَاِنَّهُمۡ

جو تمہارا رب ہے | اور تمہارے پہلے باپ دادوں کا رب ہے | پس انہوں نے اسے جھٹلایا پس بے شک وہ

لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ

حاضر کئے جائیں گے | مگر جو اللہ کے خالص بندے ہیں | اور ہم نے اس پر

فِى الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلۡ يَاسِيۡنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

پچھلے لوگوں میں چھوڑا | کہ الیاس پر سلام ہو | بے شک ہم | اسی طرح

نَجۡزِى الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ

نیکوکاروں کو بدلہ دیا کرتے ہیں | بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھا | اور

اِنَّ لُوۡطًا لَّمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذۡ نَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗۤ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۱۳۴﴾

بے شک لوط بھی | رسولوں میں سے تھا | جبکہ ہم نے اس کو اور اس کے سب گھر والوں کو نجات دی

اِلَّا عَجُوۡزًا فِى الۡغٰبِرِيۡنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرۡنَا الۡاٰخَرِيۡنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمۡ

مگر ایک بڑھیا کو جو عذاب پانے والوں میں رہ گئی | پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا | اور بے شک تم

لَتَمُرُّوۡنَ عَلَيۡهِمۡ مُّصۡبِحِيۡنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيۡلِ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۳۸﴾ ع

ان کے پاس سے صبح کے وقت گزرتے ہو | اور رات میں بھی | پس کیا تم عقل نہیں رکھتے

وَاِنَّ يُوۡنُسَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذۡ اَبَقَ اِلَى الۡفُلۡكِ

اور بے شک یونس بھی رسولوں میں سے تھا | جبکہ وہ بھاگ گیا | اس کشتی کی طرف

الۡمَشۡحُوۡنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الۡمُدۡحَضِيۡنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالۡتَقَمَهُ

جو بھری ہوئی تھی | پھر قرعہ ڈالا | تو وہی | خطاکاروں میں تھا | پھر اسے مچھلی نے

الۡحُوۡتُ وَهُوَ مُلِيۡمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوۡلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الۡمُسَبِّحِيۡنَ ﴿۱۴۳﴾

لقمہ بنالیا | اور وہ پشیمان تھا | پس اگر یہ بات نہ ہوتی کہ وہ تسبیح کرنے والوں میں سے تھا

منزل ۶

## ربطِ آیات

(۱۲۵) احسن الخالقین کو چھوڑ کر بعل کی پرستش کرتے ہیں۔ (۱۲۶) جو تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔ (۱۲۷) انہوں نے جھٹلایا۔ یہ بھی عذابِ جہنم میں گرفتار کئے جائیں گے۔

(۱۲۸) مگر اللہ تعالیٰ کے توحید پرست مخلص بندے عذابِ جہنم سے بچائے جائیں گے۔ (۱۲۹) ہم نے ان کا ذکرِ خیر باقی رکھا۔ (۱۳۰) اللہ تعالیٰ کی طرف سے الیاس علیہ السلام پر پیغامِ سلامتی ہے۔ (۱۳۱) نیکوکاروں کو ہم ایسا بدلہ دیا کرتے ہیں۔ (۱۳۲) وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ (۱۳۳) لوط علیہ السلام بھی رسولوں میں سے ہیں۔ (۱۳۴ تا ۱۳۶) ہم نے لوط علیہ السلام کو مع اہل کے سوائے ایک بڑھیا کے نجات دے کر باقی ساری قوم کو تباہ کر دیا

(۱۳۷ - ۱۳۸) تم ان کی بستیوں پر سفرِ شام میں کبھی دن کو اور کبھی رات کو گزرتے ہو۔ تمہیں اتنی عقل نہیں کہ ان سے سبق حاصل کرو اور توحید کے قائل ہو جاؤ۔

ع ۵ ۸

| خلاصۂ رکوع ۵ - توحید پرستوں کی کامیابی۔ ماخذ آیت ۱۰۰، |
|---|

(۱۳۹) یونس علیہ السلام رسولوں میں سے ہیں۔

(۱۴۰) جب بھاگے۔

(۱۴۱) پھر کشتی میں قرعہ ڈالا گیا تو قرعہ انہیں پر پڑا۔

(۱۴۲) قرعہ کے دن کشتی سے نکل کر سمندر میں کود پڑے تاکہ باقی لوگ بچ جائیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے انہیں مچھلی نے نگل لیا۔ (۱۴۳ - ۱۴۴) اگر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ کلمہ نہ پڑھتے اور اللہ تعالیٰ کا فضل شاملِ حال نہ ہوتا تو قیامت تک مچھلی کے پیٹ میں رہتے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤٤﴾ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ

تو وہ اُس کے پیٹ میں اس دن تک رہتا جس میں لوگ اُٹھائے جائیں گے پھر ہم نے اسے مَیدان میں ڈال دیا

وَهُوَ سَقِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ﴿١٤٦﴾ وَ

اور وہ بیمار تھا اور ہم نے اس پر ایک درخت بیلدار اُگا دیا اور

أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ﴿١٤٧﴾ فَآمَنُوا

ہم نے اس کو ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کے پاس بھیجا پس وہ لوگ ایمان لائے

فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَ

پھر ہم نے انہیں ایک وقت تک فائدہ اُٹھانے دیا پس ان سے پوچھئے کیا آپ کے رب کے لئے تو لڑکیاں ہیں

لَهُمُ الْبَنُونَ ﴿١٤٩﴾ أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثًا وَهُمْ

اور اُن کے لئے لڑکے کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا ہے اور وہ

شَاهِدُونَ ﴿١٥٠﴾ أَلَا إِنَّهُمْ مِنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ

دیکھ رہے تھے خبردار! بے شک وہ اپنے جھوٹ سے کہتے ہیں کہ اللہ کی

اللَّهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٥٢﴾ أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾

اولاد ہے اور بے شک وہ جھوٹے ہیں کیا اُس نے بیٹیوں کو بیٹوں سے زیادہ پسند کیا ہے

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿١٥٤﴾ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٥﴾ أَمْ لَكُمْ

تمہیں کیا ہوا کیسا فیصلہ کرتے ہو پس کیا تم غور نہیں کرتے یا تمہارے پاس

سُلْطَانٌ مُبِينٌ ﴿١٥٦﴾ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٥٧﴾

کوئی واضح دلیل ہے پس اپنی کتاب لے آؤ اگر تم سچے ہو

وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ

اور اُنہوں نے اُس کے اور جنوں کے درمیان رشتہ قائم کر دیا ہے اور جنوں کو معلوم ہے کہ

إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿١٥٨﴾ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿١٥٩﴾

وہ ضرور حاضر کئے جائیں گے اللہ پاک ہے اُن باتوں سے جو وہ بناتے ہیں

الصّٰفّٰت

## ربطِ آیات

(۱۴۴) دیکھو صفحہ ۷۱۹۔ (۱۴۵) پھر ہم نے انہیں میدان میں بیماری کی حالت میں لا پھینکا۔ (۱۴۶) کدو کی بیل ان پر سایہ کے لئے چڑھا دی۔ (۱۴۷) ایک لاکھ یا اس سے زیادہ کی طرف انہیں بھیجا۔ (۱۴۸) پھر وہ لوگ ایمان لے آئے۔ (۱۴۹) آپ ان سے پوچھئے کہ اس قادرِ مطلق خدا کے لئے بیٹیاں اور تمہارے لئے بیٹے ہیں۔ (۱۵۰) کیا فرشتوں کو عورتیں بنانے کے وقت یہ موجود تھے۔ (۱۵۱-۱۵۲) یہ جھوٹ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے۔ (۱۵۳) کیا اُس نے بیٹوں کی بجائے بیٹیوں کو چن لیا ہے۔ (۱۵۴-۱۵۵) سمجھتے نہیں کیسا بُرا فیصلہ کر رہے ہو۔ (۱۵۶) اِس جھوٹ پر کوئی دلیل بھی ہے۔ (۱۵۷) اگر سچ ہے تو ثبوت دو۔ (۱۵۸) فرشتے نہیں بلکہ شیطانوں اور اللہ تعالیٰ کے درمیان یہ رشتہ جوڑتے ہیں حالانکہ جنوں کو معلوم ہے کہ وہ بھی بُرائی کے باعث عذابِ الٰہی میں گرفتار ہوں گے۔ (۱۵۹) اللہ تعالیٰ اِس قسم کے بیہودہ معتقدات سے پاک ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۰﴾ فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿۱۶۱﴾

مگر اللہ کے خالص بندے پس بے شک تم اور جنہیں تم پوجتے ہو

مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ ﴿۱۶۲﴾ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿۱۶۳﴾

کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے مگر اسی کو جو خود دوزخ میں جلنے والا ہے

وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ﴿۱۶۴﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ

اور ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ جس کے لئے ایک جگہ معین نہ ہو اور بے شک ہم صف باندھے

الصَّافُّونَ ﴿۱۶۵﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿۱۶۶﴾ وَإِن كَانُوا

کھڑے رہنے والے ہیں اور بے شک ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں اور وہ تو

لَيَقُولُونَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ أَنَّ عِندَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا

کہا کرتے تھے اگر ہمارے پاس پہلے لوگوں کی کوئی کتاب ہوتی تو ہم

عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿۱۷۰﴾

اللہ کے خالص بندے ہوتے پس انہوں نے اس کا انکار کیا سو وہ جان لیں گے

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۷۱﴾ إِنَّهُمْ

اور ہمارا حکم ہمارے بندوں کے حق میں جو رسول ہیں پہلے سے ہو چکا ہے بے شک وہی

لَهُمُ الْمَنصُورُونَ ﴿۱۷۲﴾ وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿۱۷۳﴾

مدد دیئے جائیں گے اور بے شک ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۴﴾ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿۱۷۵﴾

پھر آپ ان سے کچھ مدت تک منہ موڑ لیجئے اور انہیں دیکھتے رہیے پس وہ بھی دیکھ لیں گے

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿۱۷۶﴾ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ

کیا وہ ہمارا عذاب جلدی مانگتے ہیں پس جب ان کے میدان میں آنازل ہوگا تو کیسی بری

صَبَاحُ الْمُنذَرِينَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۸﴾ وَأَبْصِرْ

صبح ہوگی ان کی جو ڈرائے گئے اور ان سے کچھ مدت منہ موڑ لیجئے اور دیکھتے رہیے

## ربطِ آیات

(۱۶۰) مگر اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے اس عذاب سے محفوظ رہیں گے۔ (۱۶۱) تم اور تمہارے معبود۔ (۱۶۲-۱۶۳) تم اس غلط راستہ پر نہیں ڈال سکتے مگر اس شخص کو جو جہنم میں داخل ہونے والا ہے۔ (۱۶۴ تا ۱۶۶) ملائکہ عظام تو تابع فرمانِ الٰہی ہیں یہاں تو جبریل علیہ السلام کا یہ بیان ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کا ایک درجہ معین ہے ہم سب اسی کی غلامی میں صف بستہ ہیں اور سب اس کی تسبیح کرنے والے ہیں (۱۶۷) پہلے یہ کفار کہا کرتے تھے (۱۶۸) اگر پہلے لوگوں کی طرح ہمارے ہاں بھی کتاب الٰہی آتی۔ (۱۶۹) تو اللہ تعالیٰ کے خالص بندے بنتے۔ (۱۷۰) جب کتاب آئی تو انکار کر گئے عنقریب اس کا نتیجہ دیکھ لیں گے۔ (۱۷۱-۱۷۲) انبیاء علیہم السلام کی مدد کرنا ہمارا فیصلہ ہے۔ (۱۷۳) اور ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۔ (۱۷۴) ایک وقت تک انہیں رہنے دیجئے (۱۷۵) آپ بھی دیکھ لیں گے اور یہ بھی دیکھ لیں گے۔ (۱۷۶) ہمارے عذاب کے متعلق جلدی کرتے ہیں۔ (۱۷۷) جس دن ان کے صحن میں آئے گا وہ صبح ان کے حق میں بہت بری ہوگی جنہیں پہلے ڈرایا جا چکا تھا۔ (۱۷۸) ایک وقت تک ان سے اعراض کیجئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ ج

سو وہ بھی دیکھ لیں گے آپ کا رب پاک ہے عزت کا مالک ان باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع

اور رسولوں پر سلام ہو اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا رب ہے

## آیاتہا ۸۸ (۳۸) سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ (۳۸) رکوعاتہا ۵

سورۂ صٓ مکی ہے اور اس میں اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قرآن کی قسم ہے جو سراسر نصیحت ہے بلکہ جو لوگ منکر ہیں وہ محض

فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ

تکبر اور مخالفت میں پڑے ہیں ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دی ہیں

قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَعَجِبُوْٓا اَنْ

سو انہوں نے بڑی ہائے پکار کی اور وہ وقت خلاصی کا نہ تھا اور انہوں نے تعجب کیا کہ

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ

ان کے پاس انہیں میں سے ڈرانے والا آیا اور منکروں نے کہا کہ یہ تو ایک بڑا جھوٹا

كَذَّابٌ ﴿۴﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا

جادوگر ہے کیا اس نے کئی معبودوں کو صرف ایک معبود بنا دیا بے شک یہ بڑی

لَشَيْءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا

عجیب بات ہے اور ان میں سے سردار یہ کہتے ہوئے چل پڑے کہ چلو

وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ﴿۶﴾ مَا

اور اپنے معبودوں پر جمے رہو بے شک اس میں کچھ غرض ہے ہم نے

### ربطِ آیات

(۱۷۹) آپ بھی دیکھ لیں گے اور یہ بھی دیکھ لیں گے۔ (۱۸۰) تیرا رب تمام ان معبودوں کی شرکت سے پاک ہے جنہیں یہ شریک بناتے ہیں (۱۸۱) انبیاء علیہم السلام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام سلامتی ہے (۱۸۲) سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے

ع ۵

### سورۂ صٓ

(موضوعِ سورۃ)

تمام اُمم سابقہ کی تباہی کا باعث تکذیب پیغمبر ہی تھا۔ مگر یہ لوگ اب بھی نابت الی اللہ اختیار کر لیں تو بچ سکتے ہیں (۱) قرآن ذی الذکر گواہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

خلاصۂ رکوع ۱۔ قرآن ذی الذکر کے پیغمبر لانے کو جادوگر کہہ رہے ہیں حالانکہ تمام اُمم سابقہ کی تباہی کا باعث یہی انکار تھا۔ ماخذ آیت ۴ ۱۴

وسلم سچے ہیں (۲) کفار ماننے سے تکبر کر رہے ہیں اور آپ کے مخالف ہیں۔ (۳) ان سے پہلے اسی تکذیب کے باعث کئی اُمتیں عذاب میں مبتلا ہوئی ہیں پھر اس وقت چیخ پکار کی کہ وہ وقت نجات کا نہیں تھا۔ (۴) کفار مکہ منذر کے آنے سے متعجب ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ جادوگر ہیں (۵) یہ عجیب چیز ہے کہ خدا تعالیٰ فقط ایک ہے۔ (۶) ایک جماعت یہ تلقین کر رہی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَا اِلَّا

یہ بات اپنے پچھلے دین میں نہیں سنی یہ تو ایک بنائی ہوئی

اخْتِلَاقٌ ﴿۷﴾ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ

بات ہے کیا ہم ہی میں سے اسی پر نصیحت اتاری گئی بلکہ انہیں تو

فِي شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ﴿۸﴾ اَمْ

میری نصیحت ہی میں شک ہے بلکہ انہوں نے میرا الٰہی عذاب ابھی نہیں چکھا کیا

عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ﴿۹﴾ اَمْ

ان کے پاس تیرے خدائے غالب فیاض کی رحمت کے خزانے ہیں یا

لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا

انہیں آسمانوں اور زمین کی حکومت اور جو کچھ ان کے درمیان ہے حاصل ہے تو سیڑھیاں لگا کر

فِي الْاَسْبَابِ ﴿۱۰﴾ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ

چڑھ جائیں وہاں ان کے لشکر شکست

الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّ

پا جائیں گے ان سے پہلے قوم نوح اور عاد اور

فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ

میخوں والا فرعون اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن والے بھی

لْــَٔــيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ

جھٹلا چکے ہیں یہی وہ لشکر ہیں ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا تھا

ع ۱۰ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

پس میرا عذاب آموجود ہوا اور یہ ایک ہی چیخ کے منتظر ہیں

مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا

جسے کچھ دیر نہیں لگے گی اور کہتے ہیں اے رب ہمارے ہمارا حصہ ہمیں حساب

## ربط آیات

(۷) ہم نے پہلے کبھی نہیں سنا۔ لہٰذا یہ جھوٹ معلوم ہوتا ہے۔ (۸) کیا اللہ تعالیٰ نے ذکر الٰہی کے لئے اسی کو (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو چن لیا ہے؟ (۹) کیا ان کے قبضہ میں خدا کی رحمت کے خزانے ہیں جسے چاہیں دیں جسے چاہیں نہ دیں۔ (۱۰) کیا زمین و آسمان کی بادشاہی ان کے قبضہ میں ہے؟ (۱۱) احزاب یعنی کفار شکست کھائیں گے مقابلہ کر کے دیکھ لیں۔ پہلے بھی احزاب نے شکست کھائی۔ (۱۲ تا ۱۴) کفار کی پہلی جماعتوں نے ہمیشہ شکست کھائی اور اس کا باعث اصلی فقط تکذیب رسل تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی حمایت فرمائی۔ (۱۵) منکرین رسالت اس چیخ کے منتظر ہیں۔

خلاصہ رکوع ۲ - اب بھی توبہ و انابت الی اللہ اختیار کر لیں تو رحمت الٰہی ان کو ڈھانپنے کے لئے تیار ہے۔ ماخذ آیت ۲۴ - ۲۵ + نوٹ: یہ قصص عبرت کے لئے ہوتے ہیں۔ اس قصہ سے معلوم ہوا کہ انابت و استغفار سے رحمت الٰہی عود کر آتی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَبۡلَ يَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَاذۡكُرۡ

اور ہمارے صبر کر ان کی ان باتوں پر کے دن سے پہلے ہی دے دے

عَبۡدَنَا دَاوٗدَ ذَا الۡاَيۡدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرۡنَا

بے شک ہم نے پہاڑوں بے شک وہ رجوع کرنے والا تھا بندے داؤد کو یاد کر جو بڑا طاقتور تھا

الۡجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحۡنَ بِالۡعَشِىِّ وَالۡاِشۡرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيۡرَ

اور پرندوں کو بھی تسبیح کرتے تھے کہ وہ شام اور صبح کو کو اس کے تابع کر دیا تھا

مَحۡشُوۡرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدۡنَا مُلۡكَهٗ وَ

اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور ہر ایک اس کے تابع تھا جو جمع ہو جاتے تھے

اٰتَيۡنٰهُ الۡحِكۡمَةَ وَفَصۡلَ الۡخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلۡ اَتٰٮكَ

اور کیا آپ کو دو جھگڑنے ہم نے اسے نبوت دی تھی اور مقدمات کے فیصلے کرنے کا سلیقہ (دیا تھا)

نَبَؤُا الۡخَصۡمِ ۘ اِذۡ تَسَوَّرُوا الۡمِحۡرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذۡ دَخَلُوۡا

جب وہ داؤد جب وہ عبادت خانہ کی دیوار پھاند کر آ گئے والوں کی خبر بھی پہنچی

عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنۡهُمۡ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ۚ خَصۡمٰنِ

دو جھگڑنے والے ہیں ڈر نہیں کہا کے پاس آئے تو وہ ان سے گھبرایا

بَغٰى بَعۡضُنَا عَلٰى بَعۡضٍ فَاحۡكُمۡ بَيۡنَنَا بِالۡحَقِّ وَلَا

اور بات پس آپ ہمارے درمیان انصاف کا فیصلہ کیجیے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے

تُشۡطِطۡ وَاهۡدِنَاۤ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَاۤ

بے شک یہ میرا اور ہمیں سیدھی راہ پر چلائیے کو دور نہ ڈالئے

اَخِىۡ لَهٗ تِسۡعٌ وَّتِسۡعُوۡنَ نَعۡجَةً وَّلِىَ نَعۡجَةٌ

اور میرے پاس صرف ایک دنبی اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں بھائی ہے

وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكۡفِلۡنِيۡهَا وَعَزَّنِىۡ فِى الۡخِطَابِ ﴿۲۳﴾

پس اس نے کہا مجھے وہ بھی دے دے اور اس نے مجھے گفتگو میں دبا لیا ہے ہے



## ربطِ آیات

(۱۶) جہالت سے یہ دعا کرتے ہیں (۱۷) آپ ان کے خرافات سن کر صبر کریں۔ داؤد علیہ السلام کا قصہ یاد کریں۔ (۱۸-۱۹) ہم نے پہاڑ اور پرندے ان کے تابع بنائے۔ (۲۰) ان کی سلطنت کو لشکروں وغیرہ سے مضبوط کیا۔ (۲۱) آپ نے وہ واقعہ سنا کہ دو خصم ان کے عبادت خانہ کی دیوار پھاند کر آ گئے۔ (۲۲) اندر جا کر انہوں نے واقعہ عرض کیا۔ (۲۳) اس کی ننانوے دنبیاں ہیں اور میری ایک ہے۔ مجھ سے وہ ایک بھی لینا چاہتا ہے۔

وقف لازم

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ
کہا البتہ اس نے تجھ پر ظلم کیا جو تیری دُنبی کو اپنی دُنبیوں میں ملانے کا سوال کیا اور
كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا
اکثر شریک ایک دُوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں مگر
الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ
جو ایماندار ہیں اور اُنہوں نے نیک کام بھی کئے اور وُہ بہت ہی کم ہیں اور
دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَ
داؤد سمجھ گیا کہ ہم نے اُسے آزمایا ہے پھر اُس نے اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدہ میں گر پڑا
السجدۃ ۱۰ أَنَابَ ۩ السجدة (۲۴) فَغَفَرْنَا لَهُ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَ
اور توبہ کی پھر ہم نے اُس کی یہ غلطی مُعاف کردی اور اُس کے لئے ہمارے ہاں مرتبہ اور
حُسْنَ مَآبٍ (۲۵) يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ
اچھا ٹھکانا ہے اے داؤد! ہم نے تجھے زمین میں بادشاہ بنایا ہے
فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ
پس تم لوگوں میں انصاف سے فیصلہ کیا کرو اور نفس کی خواہش کی پیروی نہ کرو کہ وُہ تمہیں
عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ
اللہ کی راہ سے ہٹا دے گی بے شک جو لوگ اللہ کی راہ سے گمراہ ہوتے
ع ۲/۱۲ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ (۲۶) ع وَ
ہیں اُن کے لئے سخت عذاب ہے اس لئے کہ وُہ حساب کے دن کو بھول گئے اور
مَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذَٰلِكَ
ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے بیکار تو پیدا نہیں کیا یہ تو
ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ (۲۷)
اُن کا خیال ہے جو کافر ہیں پھر کافروں کے لئے ہلاکت ہے جو آگ ہے

## رابطِ آیات

(۲۴) داؤد علیہ السلام نے فیصلہ فرمایا۔ بعد میں اُنہیں متنبہ ہُوا۔ اُنھوں نے خیال کیا کہ یہ میرا امتحان تھا (کہ ہم نے آپ پر فصلِ خصومات بندگان کا فرض عائد کیا تھا اور آپ عبادت کے لئے اندر بیٹھتے ہیں۔ اگر اس وقت کوئی متقدمہ آجائے تو وہ لوگ کیا کریں) اس تنبیہ پر داؤد علیہ السلام جھٹ سر بسجود ہو گئے اور معافی مانگی (واللہ اعلم وعلمہ اتم)
(۲۵) ہم نے معاف کر دیا۔
(۲۶) معاف فرما کر فرضِ منصبی یاد دلایا۔ (۲۷) کافر خیال کرتے ہیں کہ یہ سارا نظام شاید بے کار و بے نتیجہ ہے۔

خلاصۂ رکوع ۳ ۔ اور بے ارادہ سے رحمت الٰہی ان پر ہو کر رہتی ہے ماخذ آیت ۳۰ ۔ نوٹ: اس آیت کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کے اوب الی اللہ کا واقعہ ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ

کیا ہم کر دیں گے ان کو جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کی طرح جو زمین

فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ

میں فساد کرتے ہیں یا ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح کر دیں گے ایک کتاب ہے جو ہم نے آپ کی

إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

طرف نازل کی بڑی برکت والی تاکہ وہ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ عقلمند نصیحت حاصل کریں

وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿۳۰﴾

اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کیا کیسا اچھا بندہ تھا بے شک وہ رجوع کرنے والا تھا

إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾

جب اس کے سامنے شام کے وقت تیز رو گھوڑے حاضر کئے گئے

فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ

تو کہا میں نے مال کی محبت کو یادِ الٰہی سے عزیز سمجھا یہاں تک کہ

تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوهَا عَلَيَّ ۖ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ

آفتاب غروب ہو گیا ان کو میرے پاس لوٹا لاؤ پس پنڈلیوں اور گردنوں پر

وَالْأَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ

(تلوار) پھیرنے لگا اور ہم نے سلیمان کو آزمایا تھا اور اس کی کرسی پر ایک

كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ

دھڑ ڈال دیا تھا پھر وہ رجوع ہوا کہا اے میرے رب! مجھے معاف کر اور مجھے

لِي مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

ایسی حکومت عنایت فرما کہ کسی کو میرے بعد شایاں نہ ہو بے شک تو بہت بڑا عنایت کرنے والا ہے

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ﴿۳۶﴾

پھر ہم نے ہوا کو اس کے تابع کر دیا کہ وہ اس کے حکم سے بڑی نرمی سے چلتی تھی جہاں اسے پہنچنا ہوتا تھا

## ربطِ آیات

(۲۸) کیا ان دونوں جماعتوں سے سلوک یکساں ہوگا۔

(۲۹) اسی امتیاز کے جتلانے اور ہر ایک کے ساتھ جو خصوصی سلوک ہونے والا ہے اس کے بتانے کے لئے تو قرآن نازل ہوا ہے۔ (۳۰) چنانچہ دیکھئے سلیمان علیہ السلام ذرا غافل ہوتے ہیں اور پھر رجوع الی اللہ کرتے ہیں تو کیسی جزائے خیر پاتے ہیں۔ (۳۱) جب پچھلے پہر ان پر عمدہ تیز رو گھوڑے پیش کئے گئے۔

(۳۲) فرمایا یادِ الٰہی سے مجھے مال نے غافل کر دیا۔

(۳۳) منگوا کر سب کو قربان کر دیا۔ (۳۴) اور دوسرا یہ واقعہ پیش آیا۔ اس میں یادِ الٰہی سے غافل ہو گئے تھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کہنا بھول گئے تھے جب کہ اپنی ازواج کے ہاں اس نیت سے تشریف لے گئے تھے کہ مجاہد ان میں سے پیدا ہوں گے۔

(۳۵) معافی کی درخواست کی اور یہ دعا ساتھ کی۔

(۳۶) دعا قبول ہوئی اور یہ نعمت عطا ہوئی معلوم ہوا کہ جو معافی کے لئے اللہ تعالیٰ کے دروازے پر آتا ہے خالی نہیں جاتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي

اور شیطانوں کو جو سب معمار اور غوطہ زن تھے اور دوسروں کو جو زنجیروں میں

الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ

جکڑے ہوئے تھے یہ ہماری بخشش ہے پس احسان کر یا اپنے پاس رکھ

حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ

کوئی حساب نہیں اور البتہ (سلیمان) کے لئے ہمارے پاس مرتبہ اور عمدہ مقام ہے اور ہمارے

عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ

بندے ایوب کو یاد کر جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے تکلیف

بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌ

اور عذاب پہنچایا ہے اپنا پاؤں (زمین پر) مار یہ ٹھنڈا چشمہ نہانے

بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

اور پینے کو ہے اور ہم نے اس کو اس کے اہل و عیال اور کتنے ہی اور بھی اپنی

رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ

مہربانی سے عنایت فرمائے اور عقلمندوں کے لئے نصیحت ہے اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو

ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ

کا مٹھا لے کر مار لے اور قسم نہ توڑ بے شک ہم نے ایوب کو صابر پایا وہ بڑے

الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

اچھے بندے اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو یاد کر

اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ

جو ہاتھوں اور آنکھوں والے تھے بے شک ہم نے انہیں ایک خاص فضیلت دی

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾

یعنی ذکر آخرت کے لئے چن لیا تھا اور بے شک وہ ہمارے نزدیک برگزیدہ نیک بندوں میں سے تھے

## ربطِ آیات

(۳۷-۳۸) ہوا کے علاوہ شیاطین بھی تابع بنائے۔
(۳۹) اب جسے چاہے دے اور جس سے چاہے روک لے یہ تیرا اختیار ہے۔
(۴۰) سلیمان علیہ السلام کے لئے ہمارے ہاں اچھا مرتبہ اور عمدہ بازگشت ہے۔
(۴۱) ایوب علیہ السلام نے مصیبت کے وقت یہ دعا کی
(۴۲) دعا کی استجابت بایں صورت ہوئی (۴۳) آزمائش کے بعد اللہ تعالیٰ نے پھر اہل و عیال دے دیا۔
(۴۴) اور بیماری کے وقت کی قسم یوں پوری کرو۔ جو حضرت اللہ تعالیٰ کے ہاں ایوب علیہ السلام کی پیاری ہے وہ رجوع الی اللہ ہے۔ اسی لئے فرماتے ہیں نعم العبد انہ اواب کہ اتنی بڑی مصیبت میں بھی سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کی طرف رجوع نہیں کیا
(۴۵) ان بندگانِ خدا کے حالات کا مشاہدہ کیجئے۔
(۴۶) ان کا فرض منصبی ذکر آخرت تھا یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف جو رجوع ہونے والا ہے اسی کی یاد میں دن رات مشغول رہتے تھے واللہ اعلم۔
(۴۷) اور اسی خوبی کے باعث ہمارے ہاں برگزیدہ تھے۔

شغلاً حضنہ زکوٰۃ ع ۴ - اوب اواب الی اللہ رجوع رغبت الٰہی کے لئے اکسیر ہے۔ مخالفین کو یہ اختیار کرنی چاہئے۔ ملاحظہ آیت ۴۴ -

ع ۳ / ۱۲

وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾

اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو بھی یاد کرو اور یہ سب نیک لوگوں میں سے تھے

هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ

یہ نصیحت ہے اور بے شک پرہیزگاروں کے لئے اچھا ٹھکانا ہے ہمیشہ رہنے کے باغ

مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا

ہیں ان کے لئے ان کے دروازے کھولے جائیں گے وہاں تکیہ لگا کر بیٹھیں گے وہاں بہت سے

بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ

میوے اور شراب طلب کریں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی ہم عمر عورتیں

اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا

ہوں گی یہی ہے جس کا تم سے حساب کے دن کے لئے وعدہ کیا جاتا ہے بے شک یہ

لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۚۖ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ

ہمارا رزق ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا یہی بات ہے اور بے شک سرکشوں کے لئے برا

مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ

ٹھکانا ہے یعنی دوزخ جس میں وہ گریں گے پس وہ کیسی بری جگہ ہے یہ ہے

فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۙ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ؕ ﴿۵۸﴾

پھر وہ اس کو چکھیں جو کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے اور اس شکل کی اور بھی کئی طرح کی چیزیں ہوں گی

هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ

یہ ایک جماعت ہے جو تمہارے ساتھ دوزخ میں داخل ہونے والی ہے (متبوع کہیں گے) ان پر خدا کی مار یہ بھی

صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۫ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ

دوزخ ہی میں آ رہے ہیں (تابع ہونے والے) کہیں گے بلکہ تم پر خدا کی مار تم ہی تو اس بلا

قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا

کو ہمارے سامنے لائے جو بہت ہی برا ٹھکانا ہے تابع کہیں گے اے ہمارے رب جو اس بلا کو ہمارے

## ربطِ آیات

(۴۸) یہ بھی ہمارے برگزیدہ بندے تھے ان کے حالات میں انابت الی اللہ کا مطالعہ کیجیے۔ (۴۹) یہ حالات نصیحت کے لئے ذکر کئے گئے ہیں اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ تمام متقین کے لئے ہمارے ہاں بہترین جائے رجوع ہے۔ (۵۰ تا ۵۲) متقین کے لئے یہ جزائے خیر ہے۔ (۵۳) یہی وہ چیز ہے جس کا وعدہ دنیا میں دیا جاتا تھا کہ آخرت میں ملے گی (۵۴) یہ بے حساب رزق ہے۔ (۵۵ تا ۵۷) سرکشوں کی یہ سزا ہے (۵۸) اس قسم کا اور بھی طرح طرح کا عذاب ہوگا۔ (۵۹) تم متبوع اور تمہارے تابع سب جہنم میں داخل ہونے والے ہو۔ متبوع تابعداروں کو کہیں گے۔ لا مرحبا بہم۔ (۶۰) بلکہ تمہارے لئے مرحبا نہ ہو تم نے ہمیں اس جگہ پہنچایا۔

الثلثۃ



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرٰى

آگے لایا اُسے آگ میں دُگنا عذاب دے اور کہیں گے کہ کیا ہے ہم کو ہم

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْأَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ أَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا

دُنیا میں بُرا سمجھتے تھے ہمیں دکھائی کیوں نہیں دیتے کیا ہم ان سے (ناحق) مسخر کرتے تھے

أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ إِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ

یا ان سے ہماری نگاہیں پھر گئی ہیں بے شک یہ دوزخیوں کا آپس میں جھگڑنا بالکل

أَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ إِلٰهٍ إِلَّا اللّٰهُ

سچی بات ہے کہہ دو میں تو ایک ڈرانے والا ہوں اور اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ

ایک ہے بڑا غالب آسمانوں اور زمین کا پروردگار اور جو کچھ ان کے درمیان ہے غالب

الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ﴿٦٧﴾ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ﴿٦٨﴾

بڑا معاف کرنے والا ہے کہہ دو یہ ایک بڑی خبر ہے تم اس سے منہ پھیرنے والے ہو

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلٰى إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٦٩﴾

مجھے فرشتوں کے متعلق کوئی علم نہیں تھا جب کہ وہ جھگڑ رہے تھے

إِنْ يُّوحٰى إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٠﴾ إِذْ قَالَ رَبُّكَ

مجھے تو یہی وحی کیا گیا ہے کہ میں تمہیں صاف صاف ڈراؤں جب تیرے رب نے فرشتوں

لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِّنْ طِينٍ ﴿٧١﴾ فَإِذَا سَوَّيْتُهُ

سے کہا کہ میں ایک انسان مٹی سے بنانے والا ہوں پھر جب میں اسے پورے طور پر

وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سٰجِدِينَ ﴿٧٢﴾

بنا لوں اور اس میں اپنی رُوح پھونک دوں تو اس کے لئے سجدہ میں گر پڑنا

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ

پھر سب کے سب فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا تکبر کیا

## ربطِ آیات

(۶۱) تا بعد از یہ دُعا کریں گے۔ (۶۲) دوزخی کہیں گے کہ جنہیں ہم بُرا سمجھا کرتے تھے وُہ نظر نہیں آتے (۶۳) جن پر تمسخر اڑایا کرتے تھے، وُہ داخل ہی نہیں ہوئے یا جہنم میں ہیں لیکن نظر نہیں آتے۔ (۶۴) دوزخیوں کا یہ مکالمہ

خلاصہ رکوع ۵ [illegible]
ان ت ماخذ آیت ۶۲ [illegible]

۴
رکوع
۱۴

بالکل سچا ہے ہو کر رہے گا۔ (۶۵) میرا کام ڈرانا ہے۔ معبود فقط اللہ تعالیٰ واحد قہار ہے (۶۶) تمام زمین اور تمام زمین کے بلکہ تمام زمین و آسمان و ما بینہما کا رب فقط وہی ہے اور عزیز اور غفار بھی ہے (۶۷-۶۸) اے مخاطبین! یہ قرآن بڑی قابل قدر چیز ہے جس سے تم منہ موڑ رہے ہو (۶۹) جب ملاء اعلیٰ میں اس کا ذکر خیر تھا تو مجھے تو اس کا علم بھی نہیں تھا۔ (۷۰) مجھے تو یہ حکم ملا کہ میں منذر بنوں۔ تب میں نے اس کی تبلیغ شروع کی۔ (۷۱) اس قرآن عظیم نے جو کی جو ضرورت ہے، اُمید ہے کہ اس واقعہ سے تم سمجھ جاؤ گے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے یہ فرمایا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں (۷۲) جب اسے بنا کر رُوح پھونک دوں تو اسے سجدہ کرنا۔ (۷۳) فرشتوں نے حکم الٰہی کی تعمیل کی، سب سجدہ ریز ہو گئے۔



ALMARIFAT

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

اور کافروں میں سے ہو گیا فرمایا اے ابلیس! تمہیں اس کے سجدہ کرنے

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۭ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ

سے کس نے منع کیا کہ جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا کیا تو نے تکبر کیا یا تو

مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿٧٥﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ

بڑوں میں سے تھا اُس نے عرض کی میں اس سے بہتر ہوں مجھے تو نے آگ سے بنایا اور

خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿٧٧﴾

اُسے مٹی سے بنایا فرمایا پھر تو یہاں سے نکل جا کیونکہ تو راندہ گیا ہے

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ

اور تجھ پر میری لعنت ہے قیامت تک عرض کی اے میرے رب! پھر

اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِلٰى

مجھے مُردوں کے زندہ ہونے تک مہلت دے فرمایا پس تمہیں مہلت ہے وقت

يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾

معین کے دن تک عرض کی تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو گمراہ کر دوں گا

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ۡ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾

مگر ان میں جو تیرے خالص بندے ہوں گے فرمایا حق بات یہ ہے اور میں حق ہی کہا کرتا ہوں

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾

میں تجھ سے اور ان میں سے جو تیرے تابع ہوں گے سب سے جہنم بھر دوں گا

قُلْ مَآ اَسْــَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾

کہہ دو میں اس پر تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں ہوں

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع

یہ قرآن تو تمام جہان کے لئے نصیحت ہے اور تم کچھ مدت کے بعد اس کا حال ضرور جان لو گے

## ربط آیات

(۷۴) شیطان نے سجدہ نہیں کیا۔ (۷۵) ابلیس سے سجدہ نہ کرنے کی وجہ دریافت کی گئی۔ (۷۶) اُس نے یہ جواب دیا (۷۷) اللہ تعالیٰ نے فرمایا آسمان سے نیچے اتر جا۔ تو راندۂ درگاہِ الٰہی ہو گیا ہے (۷۸) قیامت تک تجھ پر لعنت ہے۔ (۷۹) درخواست کی مجھے قیامت تک مہلت دی جائے (۸۰-۸۱) فرمایا اچھا۔ تجھے نفخۂ اولیٰ تک مہلت ہے۔ (۸۲) کہا تیری عزت کی قسم سب بنی آدم کو گمراہ کروں گا۔ (۸۳) مگر جو خالص تیرے ہو جائیں گے انہیں گمراہ نہیں کر سکوں گا۔ (۸۴) اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا حق فیصلہ بھی سن لو۔ (۸۵) تجھ سے اور تیرے متبعین سے دوزخ بھر دوں گا۔ (۸۶) انہیں کہہ دیجئے میں اس تعلیم قرآن پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا۔ (۸۷) یہ تو سارے جہان والوں کے لئے نصیحت ہے (۸۸) کچھ وقت کے بعد تمہیں اس کی صداقت معلوم ہو جائے گی۔

۵ ع ۱۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## آیاتها ۷۵ سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ (۳۹) (۵۹) رکوعاتها ۸

سورۂ زمر مکی ہے اور اس میں پچھتر آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ (۱) اِنَّآ اَنْزَلْنَآ

یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل کی گئی ہے جو غالب حکمت والا ہے بے شک ہم نے یہ

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ (۲) ط

کتاب ٹھیک طور پر آپ کی طرف نازل کی ہے پس تو خالص اللہ ہی کی فرمانبرداری مدنظر رکھ کر اسی کی عبادت کر

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

خبردار! خالص فرمانبرداری اللہ ہی کے لئے ہے اور جنہوں نے اس کے سوا اور کارساز

دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ

بنا لئے ہیں ہم ان کی عبادت نہیں کرتے مگر اس لئے کہ وہ ہمیں اللہ سے

زُلْفٰى ط اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

قریب کر دیں بے شک اللہ ان کے درمیان ان باتوں میں فیصلہ کرے گا جن میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ۵ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ

اختلاف کرتے تھے بے شک اللہ اسے ہدایت نہیں کرتا جو جھوٹا

كَفَّارٌ (۳) لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى

ناشکرگزار ہو اگر اللہ چاہتا کہ کسی کو فرزند بنائے تو اپنی مخلوقات میں سے

مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ لا سُبْحٰنَهٗ ط هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

جسے چاہتا چن لیتا وہ پاک ہے وہ اللہ ایک

الْقَهَّارُ (۴) خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ج

بڑا غالب ہے اس نے آسمانوں اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا

سُوْرَةُ الزُّمَر

(موضوع سورۃ)

اخلاص فی العبادۃ

ربطِ آیات

(۱) عزیز اور حکیم ذات سے اِس کتاب کا نزول ہے

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۱ - دعوت الی الاخلاص فی العبادۃ بتذکیر آلاء اللہ |
| ماخذ آیت ۲-۳-۴-۵- |
| ۶-۸- |

وقف لازم

(۲) تنزیل کتاب اللہ کا مقصد یہ ہے کہ اخلاص فی العبادت اختیار کیا جائے۔ (۳) جو دین شرک سے پاک ہے وہی اللہ تعالیٰ کا مقبول دین ہے۔ (۴) اگر اللہ تعالیٰ کو بیٹے کی ضرورت ہوتی تو وہ خود انتخاب کرتا یا ان کفار سے انتخاب کراتا۔ وہ فقط اکیلا ہے زبردست طاقت والا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ

وہ رات کو دن پر لپیٹ دیتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹ دیتا ہے اور اس نے

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا

سورج اور چاند کو تابع کر دیا ہے ہر ایک وقتِ مقرر تک چل رہا ہے خبردار!

هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۵﴾ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

وہی غالب بخشنے والا ہے اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا

ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ

پھر اس نے اس سے اس کی بیوی بنائی اور تمہارے لئے آٹھ نر اور مادہ چارپایوں

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۗ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا

کے پیدا کئے وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں ایک کیفیت کے بعد

مِّنْ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۗ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

دوسری کیفیت پر تین اندھیروں میں بناتا ہے یہی اللہ تمہارا رب ہے

لَهُ الْمُلْكُ ۗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۶﴾ اِنْ

اسی کی بادشاہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کہاں پھرے جا رہے ہو اگر تم

تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ

انکار کرو تو بے شک اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کے لئے کفر کو

الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو تو وہ اسے تمہارے لئے پسند کرتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے

وِّزْرَ اُخْرٰى ۗ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر اپنے رب ہی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے سو وہ تمہیں بتادے گا جو کچھ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۗ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾

تم کرتے رہے ہو بے شک وہ سینوں کے بھید جاننے والا ہے۔

## ربطِ آیات

(۵) سارے نظام کو اسی نے بنایا اور وہی چلا رہا ہے (۶) تمہیں بھی اسی نے ایک جان سے بنایا ہے۔ یہی تمہارا رب ہے اور معبود بھی۔ بادشاہ بھی وہی ہے۔ اسے چھوڑ کر کدھر جا رہے ہو۔ (۷) اگر اس سے سرکش ہو جاؤ گے تو اسے تمہاری کوئی پروا نہیں اور اگر شکر گزار ہو گے تو اسے پسند کرے گا اور اللہ تعالیٰ کے ہاں تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ وہ تمہارے تمام اعمال کی اطلاع تمہیں دے گا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا
اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو اُس کی طرف رجوع کر کے پکارتا ہے پھر جب وہ
خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْۤا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَ
اُسے کوئی نعمت اپنی طرف سے عطا کرتا ہے تو جس کے لئے پہلے پکارتا تھا اُسے بھول جاتا ہے اور
جَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ
اس کے لئے شریک بناتا ہے تاکہ اس کی راہ سے گمراہ کرے کہہ دو اپنے کفر میں
بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖۗ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾ اَمَّنْ هُوَ
تھوڑی مدت فائدہ اٹھالے بے شک تو دوزخیوں میں سے ہے (کیا کافر بہتر ہے) یا وہ
قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ يَرْجُوْا
جو رات کے اوقات میں سجدہ اور قیام کی حالت میں عبادت کر رہا ہو آخرت سے ڈر رہا ہو اور اپنے
رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِيْنَ
رب کی رحمت کی اُمید کر رہا ہو کہہ دو کیا علم والے اور بے علم
لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾ ع قُلْ يٰعِبَادِ
برابر ہو سکتے ہیں سمجھتے وہی ہیں جو عقل والے ہیں کہہ دو اے میرے بندو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ
جو ایمان لائے ہو اپنے رب سے ڈرو ان کے لئے جنہوں نے اس دنیا میں نیکی کی ہے
الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى
اچھا بدلہ ہے اور اللہ کی زمین کشادہ ہے بے شک صبر کرنے
الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ
والوں کو اُن کا اجر بے حساب دیا جائے گا کہہ دو مجھے حکم ہوا ہے
اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۱۱﴾ وَ اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ
کہ میں اللہ کی اس طرح عبادت کروں کہ عبادت کو اس کیلئے خالص رکھوں اور مجھے یہ بھی حکم ہوا ہے کہ میں

### رابطِ آیات

(۸) مصیبت کے وقت انسان اُس کے دروازہ کو کھٹکھٹاتا ہے۔ کام ہونے کے بعد بھول جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے (۹) کیا فرمانبردار اور نافرمان دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ اِن باتوں کو عقلمند ہی سمجھ سکتے ہیں (۱۰) اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو

ع ۱ ۹ ۱۵

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۲ - مدعوت الی الاخلاص فی العبادت بالتکبیر بعد التوحید ماخذ آیت ۱۱ - ۱۳ - ۱۴ - ۱۷ - ۳۰ |

اگر ہجرت کی ضرورت ہو تو ہجرت کر جاؤ۔ (۱۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اخلاص فی العبادت کا حکم دیا گیا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَّلَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٢﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي

سب سے پہلا فرمانبردار بنوں کہہ دو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں اگر

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣﴾ قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي ﴿١٤﴾

اپنے رب کی نافرمانی کروں کہہ دو میں خالص اللہ ہی کی اطاعت کرتے ہوئے اسکی عبادت کرتا ہوں

فَاعْبُدُوا مَا شِئْتُمْ مِنْ دُونِهِ ۗ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ

پھر تم اُس کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو کہہ دو خسارہ اٹھانے والے وہ ہیں جنہوں نے

خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا ذَٰلِكَ هُوَ

اپنے جان اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے روز خسارہ میں ڈال دیا یاد رکھو! یہ

الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ ﴿١٥﴾ لَهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِنَ النَّارِ

صریح خسارہ ہے ان کے اوپر بھی آگ کے سائبان ہوں گے

وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۚ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ ۚ

اور ان کے نیچے بھی سائبان ہوں گے یہی بات ہے جس کا اللہ اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے

يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ ﴿١٦﴾ وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَنْ

کہ اے میرے بندو! مجھ سے ڈرتے رہو اور جو لوگ شیطانوں کو پوجنے سے

يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ ۚ فَبَشِّرْ

بچتے رہے اور اللہ کی طرف رجوع ہوئے ان کے لئے خوشخبری ہے پس میرے بندوں کو

عِبَادِ ﴿١٧﴾ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ

خوشخبری دے دو جو توجہ سے بات کو سنتے ہیں پھر اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿١٨﴾

یہی ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت کی ہے اور یہی عقل والے ہیں

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾

پس کیا جسے عذاب کا حکم ہو چکا ہے (نجات والے کے برابر ہے) کیا آپ اسے چھڑا سکتے ہیں جو آگ میں ہے



## ربط آیات

(۱۲) آپ کو حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے آپ اسلام کا مجسم نمونہ بن کر دکھائیں۔
(۱۳) اگر خدانخواستہ بفرضِ محال مجھ سے اس کی خلاف ورزی ہو جائے تو مجھے بھی گرفت ہو سکتی ہے۔ (۱۴) میں تو اخلاص فی العبادۃ کے حکم کی پوری تعمیل کرتا ہوں۔
(۱۵) اگر تم نہیں مانتے تو جس کی عبادت دل چاہے کرو۔ لیکن قیامت کے دن نقصان اٹھاؤ گے۔
(۱۶) اخلاص فی العبادۃ اختیار نہ کرنے کی یہ سزا ہے
(۱۷) اخلاص فی العبادۃ اختیار کرنے والوں کے لئے مبارک ہے۔ (۱۸) جو احسن القول یعنی قرآن سنتے ہیں اور اس کا اتباع کرتے ہیں
(۱۹) جس پر دوزخ میں جانے کا فیصلہ ہو چکا ہے کیا آپ اسے جہنم سے بچا سکتے ہیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے اُن کے لئے بالاخانے ہیں جن کے اُوپر اور بالاخانے بنے ہوئے ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾

اُن کے نیچے نہریں چلتی ہوں گی یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر اُسے چشمے بنا کر زمین میں چلا

الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ

دیتا ہے پھر اُس کے ذریعے سے کھیتی مختلف رنگوں کی اُگاتا ہے پھر خوب اُبھرتی ہے

فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

پھر آپ اُسے زرد شدہ دیکھتے ہیں پھر اُسے ریزہ ریزہ کر دیتا ہے بے شک اِس میں عقلمندوں

لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ ع اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ

کے لئے عبرت ہے بھلا جس کا سینہ اللہ نے دینِ اسلام کے لئے کھول دیا ہے

فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ

سو وہ اپنے رب کی طرف سے روشنی میں ہے سو جن لوگوں کے دل اللہ کے ذکر سے متاثر نہیں ہوتے ان

اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ

کے لئے بڑی خرابی ہے یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں اللہ ہی نے بہترین کلام نازل کیا ہے یعنی کتاب

كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ

باہم ملتی جلتی ہے (اس کی آیات) دُہرائی جاتی ہیں جس سے خدا ترس لوگوں کے رونگٹے

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى

کھڑے ہو جاتے ہیں پھر ان کی کھالیں نرم ہو جاتی ہیں اور دل یادِ الٰہی کی طرف

ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

راغب ہوتے ہیں یہی اللہ کی ہدایت ہے اس کے ذریعے سے جسے چاہے راہ پر لے آتا ہے

### ربطِ آیات

(۲۰) جن لوگوں نے اخلاص فی العبادۃ اختیار کیا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرے اُن کی یہ جزا ہے (۲۱) اگر دُنیا کی زندگی کی تصویر دیکھنا چاہیں تو نباتات کی زندگی کا بغور مطالعہ کریں۔ پھر اس بے بقا زندگی میں کس طرح خالق و مالک سے طغیان و سرکشی اختیار کر لیتے ہیں کچھ عقل ہو تو سمجھیں۔ (۲۲) کیا وہ لوگ جن کی شرح صدر اللہ تعالیٰ سے اسلام کے لئے ہو چکی ہے اور قسوۃ قلبی والے برابر ہو سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں

خلاصہ رکوع ۳۔ الاعبرت الی الاخلاص فی العبادۃ باللہ بر اِلزام شرک
ماحصل آیت ۲۵-۲۹۔

ع ۲ ۱۲ ۱۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ

اور جسے اللہ گمراہ کر دے اُسے راہ پر لانے والا کوئی نہیں بھلا جو شخص اپنے مُنہ کو قیامت

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا

کے دن بُرے عذاب کی سپر بنائے گا اور ایسے ظالموں کو حکم ہوگا جو کچھ تم کیا کرتے تھے

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ

اُس کا مزہ چکھو ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا پھر اُن پر

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ

اس طرح عذاب آیا کہ اُن کو خبر بھی نہ ہوئی پھر اللہ نے اُن کو دُنیا ہی کی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا (وقف لازم)

زندگی میں رُسوائی کا مزہ چکھایا اور آخرت کا عذاب تو اور بھی زیادہ ہے کاش وہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ

جانتے اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کی مثال

كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ ۚ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ

بیان کر دی ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں وہ عربی زبان کا بے عیب قرآن ہے

لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٢٨﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَاۗءُ

تاکہ یہ لوگ ڈریں اللہ نے ایک مثال بیان کی ہے ایک غلام ہے جس میں کئی

مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ

ضدی شریک ہیں اور ایک غلام سالم ایک ہی شخص کا ہے کیا دونوں کی حالت برابر ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے مگر ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے بے شک آپ کو بھی مرنا ہے اور ان

مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ ع ٣ / ١٠ / ١٧

کو بھی مرنا ہے پھر بے شک تم قیامت کے دن اپنے رب کے ہاں آپس میں جھگڑو گے

## ربطِ آیات

(٢٣) قرآن حکیم تو ایسا مؤثر ہے بشرطیکہ شرحِ صدر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تب یہ تاثیر محسوس ہوتی ہے۔ (٢٤) کیا عذابِ الٰہی کے سامنے پناہ دینے والا اور عذابِ الٰہی سے بچنے والا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں (٢٥-٢٦) پہلے لوگوں نے بھی تعلیمِ حق کو جھٹلایا، دُنیا میں بھی ذلت اُٹھائی اور آخرت کے عذاب کا بھی اپنے آپ کو مستحق ٹھہرایا۔

(٢٧) ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں ہر طرح کی مثالیں پیش کیں تاکہ انہیں نصیحت حاصل ہو۔ (٢٨) قرآن کو عربی میں نازل فرمایا تاکہ یہ تقویٰ حاصل کرسکیں (اگر عجمی زبان میں قرآن نازل ہوتا تو یہ عرب سمجھ نہ سکتے)۔

(٢٩) مسئلہ توحید کے سمجھنے کے لئے کیسی عمدہ مثال ہے اس قسم کی مثالیں سمجھانے میں اللہ تعالیٰ قابلِ تعریف ہے لیکن اکثر آدمی نہیں سمجھتے۔ (٣٠) اگر نہیں مانتے تو آپ نے اور انہوں نے مر کر اللہ تعالیٰ کے ہاں آنا تو ہے۔ (٣١) تم سب لوگ قیامت کے دن ایک دوسرے سے حق لینے کے لئے آپس میں جھگڑا کرو گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

پھر اس سے کون زیادہ ظالم ہے جس نے اللہ پر جھوٹ بولا اور سچی بات

بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝۳۲

کو جھٹلایا جب اس کے پاس آئی کیا دوزخ میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے

وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝۳۳

اور جو سچی بات لایا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی پرہیزگار ہیں

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳۴ ج

ان کے لئے جو کچھ وہ چاہیں گے ان کے رب کے پاس موجود ہوگا نیکوکاروں کا یہی بدلہ ہے

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ

تاکہ اللہ ان سے وہ برائیاں دور کردے جو انہوں نے کی تھیں اور اللہ ان کو ان کا اجر دے

بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۳۵ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ

ان نیک کاموں کے بدلہ میں جو وہ کیا کرتے تھے کیا اللہ اپنے بندے کو کافی

عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ

نہیں اور وہ آپ کو ان لوگوں سے ڈراتے ہیں جو اس کے سوا ہیں اور جسے

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝۳۶ ج وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

اللہ گمراہ کردے تو اسے راہ پر لانے والا کوئی نہیں اور جسے اللہ راہ پر لے آئے تو اسے کوئی

مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ۝۳۷ وَلَئِنْ

گمراہ کرنے والا نہیں کیا اللہ غالب بدلہ لینے والا نہیں ہے اور اگر

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

آپ ان سے پوچھیں آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے

**خلاصہ رکوع ۴**
اخلاص فی العبادۃ والوں کے لئے حمایت الٰہی کا اعلان
ماخذ آیت ۳۲۔۳۸ ۔

**ربط آیات**

(۳۲) خدا تعالیٰ پر جھوٹ بولنے اور سچی تعلیم کی تکذیب کرنے سے بڑھ کر اور کیا ظلم ہو سکتا ہے (۳۳) جو سچ لائے اور سچ کی تصدیق فرمائے وہ اللہ تعالیٰ کے متقی بندے ہیں۔ (۳۴) ان محسنین کی یہ جزا ہے (۳۵) ان کی غلطیاں معاف ہوں گی اور نیکیوں کی جزائے خیر ملے گی (۳۶) کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں۔ آپ کو یہ مشرک دوسرں کا ڈر دلاتے ہیں۔ جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اس کا ہادی اور کون ہے (۳۷) اور جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے اس کو گمراہ کرنے والا کوئی نہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ

کہہ دو بھلا دیکھو تو سہی جنہیں تم اللہ کے سوا پُکارتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف

بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ

دینا چاہے تو کیا وہ اس کی تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں یا وہ مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو کیا

هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ

وہ اس کی مہربانی کو روک سکتے ہیں کہہ دو مجھے اللہ کافی ہے توکل کرنے والے اسی پر

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

توکل کیا کرتے ہیں کہہ دو اے میری قوم تم اپنی جگہ پر کام کئے جاؤ میں بھی کر رہا ہوں

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ

پھر تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رُسوا کر دے اور کس پر

عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ

دائمی عذاب اُترتا ہے بیشک ہم نے آپ پہ یہ کتاب سچی لوگوں کے لئے

بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

اتاری ہے پھر جو راہ پر آیا سو اپنے لئے اور جو گمراہ ہُوا سو وہ

يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ع اَللّٰهُ يَتَوَفَّى

گمراہ ہوتا ہے اپنے بُرے کو اور آپ ان کے ذمّہ دار نہیں ہیں اللہ ہی جانوں کو

الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ

ان کی موت کے وقت قبض کرتا ہے اور ان جانوں کو بھی جن کی موت ان کے سونے کے وقت

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

نہیں آئی پھر ان جانوں کو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم فرما چکا ہے اور باقی جانوں کو ایک میعاد معیّن۔

اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

تک بھیج دیتا ہے بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور کرتے ہیں

### ربط آیات

(۳۸) اگر ان سے پُوچھیں کہ زمین و آسمان کا خالق کون ہے تو یہی جواب دیں گے کہ اللہ تعالیٰ ہے۔ انہیں ذرا پُوچھو کہ تمہارے معبُودوں میں یہ طاقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے ضرر کو روک سکیں یا رحمت الٰہی کو بند کر سکیں۔ ان میں یہ طاقت ہرگز نہیں۔ تو پھر ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے جو سب سے بڑھ کر طاقتور ہے (۳۹) اگر تم اس دعوت کو نہیں مانتے تو عمل کئے جاؤ میں بھی اپنے طریقہ پر عمل کئے جاؤنگا تمہیں خود ہی معلوم ہو جائیگا (۴۰) پتہ لگ جائیگا کہ دائمی عذاب کس پر آتا ہے (۴۱) اس قرآن سے جو ہدایت پائے گا اس کا نفع اسی پر عائد ہوگا اور جو گمراہ رہے گا تو وہ خود ہی نقصان اٹھائے گا (۴۲) تمہاری نیند پر بھی اسی وحدہٗ لا شریک لہٗ کا قبضہ ہے۔

**خلاصہ رکوع ۵**

تارکین اخلاص فی العبادت کے لئے شفاعت کی نفی۔

ماخذ آیات ۴۳۔۴۴۔۴۵۔ ۴۶۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ

کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور حمایتی بنا رکھے ہیں کہہ دو کیا اگرچہ وہ

كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٣﴾ قُل لِّلَّهِ

کچھ بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ عقل رکھتے ہوں کہہ دو ہر طرح کی

الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ ثُمَّ

حمایت اللہ ہی کے اختیار میں ہے آسمانوں اور زمین میں اسی کی حکومت ہے پھر

إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے اور جب ایک اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو جو لوگ آخرت

قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ

پر یقین نہیں رکھتے ان کے دل نفرت کرتے ہیں اور جب اس کے

الَّذِينَ مِن دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٤٥﴾ قُلِ

سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے تو فوراً خوش ہو جاتے ہیں کہہ دو

اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ہر چھپی اور کھلی بات کے

الشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ

جاننے والے تو ہی اپنے بندوں میں فیصلہ کرے گا اس بات میں جس میں وہ

يَخْتَلِفُونَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ

اختلاف کر رہے ہیں اور اگر ظالموں کے پاس جو کچھ زمین میں ہے

جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ

سب ہو اور اسی قدر اس کے ساتھ اور بھی ہو تو قیامت کے بڑے عذاب کے معاوضہ میں

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا

دے کر چھوٹنا چاہیں گے اور اللہ کی طرف سے انہیں وہ پیش آئے گا

## ربط آیات

(۴۳) تمہارے معبود من دون اللہ اللہ تعالیٰ کے ہاں شفیع بھی نہیں ہو سکتے (۴۴) شفاعت کا مالک بھی وہی ہے۔ جسے چاہے اجازت دے یا نہ دے (۴۵) یہ بے ایمان توحید خالص سے نفرت کرتے ہیں۔ (۴۶) اے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے فیصلے تو ہی کریگا۔ (ہم سے تو یہ سیدھے نہیں ہوتے) •



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ﴿٤٧﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا
کہ جس کا انہیں گمان بھی نہ تھا اور برے کاموں کی برائی ان پر ظاہر
كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤٨﴾
ہو جائے گی اور ان کو وہ عذاب کہ جس پر ہنسی کیا کرتے تھے پکڑ لے گا
فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ
پھر جب آدمی پر کوئی مصیبت آتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے اپنی نعمت
نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ ۚ بَلْ
عطا کرتے ہیں تو کہتا ہے یہ تو مجھے میری عقل سے ملی ہے بلکہ
هِيَ فِتْنَةٌ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٩﴾ قَدْ
یہ نعمت آزمائش ہے ولیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے بے شک
قَالَهَا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا
یہی بات وہ لوگ کہہ چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے پس ان کے نہ کام آیا جو کچھ
كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٥٠﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ
وہ کماتے رہے پھر ان پر ان کے اعمال کی برائی آ پڑی
وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ
اور ان میں سے جو لوگ ظلم کر رہے ہیں عنقریب ان کو بھی برے نتائج ان
مَا كَسَبُوا ۙ وَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٥١﴾ أَوَلَمْ يَعْلَمُوا
برے عملوں کے پہنچیں گے اور وہ عاجز کرنے والے نہیں ہیں اور کیا انہیں معلوم نہیں
أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ
کہ اللہ ہی روزی کشادہ کرتا ہے جس کی چاہے اور تنگ کرتا ہے
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ
بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں کہہ دو

ع ۲

## ربط آیات

(۴۷) عذاب دیکھنے پر ساری دُنیا اور اس جیسی اور دُنیا بھی ہو تو وہ بھی دے کر جان چھڑانا چاہیں گے لیکن ان پر ایسا عذاب آئے گا کہ انہیں وہم و گمان بھی نہ تھا۔ (۴۸) بد اعمالی کی شامت اس دن ظاہر ہو جائے گی (۴۹) انسان مصیبت کے وقت میں ہم سے کام نکال لیتا ہے پھر اپنی قابلیت پر گھمنڈ کرتا ہے (۵۰) اس قسم کے فقرے قارون وغیرہ نے بھی کہے (۵۱) ان پر شامت اعمال پڑی اور ان پر بھی پڑے گی (۵۲) کیا قبض و بسط ان کی قابلیت پر موقوف ہے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا

اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اللہ کی رحمت

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

سے مایوس نہ ہو بے شک اللہ سب گناہ بخش دے گا

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا

بیشک وہ بخشنے والا رحم والا ہے اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کا

لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾

حکم مانو اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آئے پھر تمہیں مدد بھی نہ مل سکے گی

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ

اور ان اچھی باتوں کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کی گئی ہیں اس سے پہلے

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

کہ تم پر ناگہاں عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ

کہیں کوئی نفس کہنے لگے ہائے افسوس اس پر جو میں نے اللہ کے حق میں

جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ

کوتاہی کی اور میں تو ہنسی ہی کرتا رہ گیا یا کہنے لگے

لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ

اگر اللہ مجھے ہدایت کرتا تو میں پرہیزگاروں میں ہوتا یا

تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ

کہنے لگے جس وقت عذاب کو دیکھے گا کہ کاش مجھے میسر ہو واپس لوٹنا تو میں

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ

نیکوکاروں میں سے ہو جاؤں ہاں تیرے پاس میری آیتیں آ چکی تھیں

**خلاصہ رکوع ۶**

اخلاص فی العبادۃ والوں کی نجات کا اعلان۔

ماخذ آیت ۵۳، ۵۴، ۵۵، ۶۱، ۶۳، ۶۵

## ربط آیات

(۵۳) اللہ تعالیٰ سے اخلاص فی العبادت کا تعلق پیدا کرنے والوں کو اپنے گناہوں کے باعث مغفرت سے مایوس نہ ہونا چاہیے (۵۴) اس کی طرف انابت اور رجوع کرو۔ موت کے آنے سے پہلے جب آ ؤ گے معافی نہ ملے گی۔ (۵۵) اور اتباع قرآن کو اپنا شیوہ بناؤ (۵۶) تاکہ پھر حسرت نہ کرنا پڑے (۵۷) یا یہ کہنا پڑے کہ اللہ تعالیٰ ہدایت کرتا تو میں متقی بن جاتا اللہ تعالیٰ نے اب ہدایت کر دی ہے (۵۸) اور یہ آرزو بھی پھر پوری نہ ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾

سو تو نے انہیں جھٹلایا اور تو نے تکبّر کیا اور تو منکروں میں سے تھا

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ

اور قیامت کے دن آپ ان لوگوں کو دیکھیں گے جو اللہ پر جھوٹے الزام لگاتے ہیں کہ ان کے منہ

مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾

سیاہ ہوں گے کیا دوزخ میں تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا نہیں ہے

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ

اور اللہ ان لوگوں کو کامیابی کے ساتھ نجات دیگا جو شرک وکفر سے بچتے تھے انہیں تکلیف نہیں

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۡ وَّهُوَ عَلٰى

پہنچے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر

كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

چیز کا نگہبان ہے آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے ہاتھ میں ہیں

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو اللہ کی آیتوں کے منکر ہوئے وہی نقصان اٹھانے

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا

والے ہیں کہہ دو اے جاہلو کیا مجھے اللہ کے سوا اور کی عبادت کرنے کا

الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ

حکم دیتے ہو اور بیشک آپ کی طرف اور ان کی طرف وحی کیا جا چکا ہے جو آپ سے پہلے

قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ

ہو گزرے ہیں کہ اگر تم نے شرک کیا تو ضرور تمہارے عمل برباد ہو جائیں گے اور تم نقصان اٹھانے والوں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

میں سے ہو گے بلکہ اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے شکر گزار رہو

ع ۶ ۷

## ربط آیات

(۵۹) اس وقت یہ جواب ملے گا (۶۰) مکذبین کے منہ اس دن سیاہ ہوں گے (۶۱) پرہیزگاروں کو اللہ تعالیٰ ہر خواری اور عذاب سے اس دن بچائے گا (۶۲) وہی ہر کام پر کارساز ہے۔ لہٰذا دُنیا یا قیامت کا نفع اٹھانا چاہتے ہو تو اس سے تعلق پیدا کرو۔ (۶۳) آسمان اور زمین کی کنجیاں اسی کے قبضہ میں ہیں (۶۴) کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کی عبادت کروں (۶۵) حالانکہ شرک کے متعلق یہاں تک سخت حکم نازل ہو چکا ہے۔ (۶۶) مجھے تو یہ حکم ملا ہے۔

**خلاصہ رکوع ۷**

ترک اخلاص فی العبادۃ کی سزا۔

ماخذ آیت۔ ۶۴۔ ۶۵۔ ۶۶۔ ۶۷۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ

اور انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق ہے اور یہ زمین قیامت کے دن سب اس

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ

کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے وہ پاک اور برتر

تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ

ہے اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں اور صُور پھونکا جائے گا تو بے ہوش ہو جائے گا

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ

جو کوئی آسمانوں اور جو کوئی زمین میں ہے مگر جسے اللہ

اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾

چاہے پھر وہ دُوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو یکایک وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَ

اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے گی اور کتاب رکھ دی جاوے گی اور

جِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ

نبی اور گواہ لائے جاویں گے اور ان میں انصاف سے فیصلہ کیا جاوے گا

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ

اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا اور ہر شخص کو جو کچھ اس نے کیا تھا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى

وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں اور جو کافر ہیں دوزخ کی طرف گروہ گروہ

جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰىٓ اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ

ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آئیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور

لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ

ان سے اس کے داروغہ کہیں گے کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تمہیں تمہارے رب کی آیتیں

**ربطِ آیات:**
(۶۷) مشرکین نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہیں پہچانی۔ (۶۸) سارے جہان کو فنا کرنا یا زندہ کرنا اتنی دیر میں وہ کر سکتا ہے (۶۹) اس دن سارے فیصلے بارگاہِ الٰہی میں صحیح صحیح ہوں گے (۷۰) ہر شخص اپنے اپنے اعمال کی جزا و سزا پائے گا۔

۷۶۷

**خلاصہ رکوع ۸**
مخلصین اور تارکین اخلاص کے نتائج اُخروی۔
ماخذ آیت ۲، ۳، ۷، ۵۳۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

پڑھ کر سناتے تھے اور آج کے دن کے پیش آنے سے تمہیں ڈراتے تھے کہیں گے

بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾

ہاں لیکن عذاب کا حکم (علم ازلی میں) منکروں پر ہو چکا تھا

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

کہا جائے گا دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ اس میں سدا رہو گے پس وہ تکبر کرنے والوں کے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ

لئے کیسا برا ٹھکانا ہے اور وہ لوگ جو اپنے رب سے ڈرتے رہے جنت کی طرف گروہ گروہ لے جائے

زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے اور ان سے

خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

اس کے داروغہ کہیں گے تم پر سلام ہو تم اچھے لوگ ہو پس اس میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ

اور وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا

وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ

اور ہمیں اس زمین کا وارث کر دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں رہیں

فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ

پھر کیا خوب بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا اور آپ فرشتوں کو حلقہ باندھے ہوئے

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ

عرش کے گرد دیکھیں گے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھ رہے ہیں اور ان کے

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾

درمیان انصاف سے فیصلہ کیا جائے گا اور سب کہیں گے سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے

## رابطہ آیات

(۷۱) اخلاص فی العبادت سے انکار کرنے والوں کو جہنم کی طرف بھیجا جائے گا (۷۲) جہنم میں داخل کر کے دوام کا پیغام سنا دیا جائے گا (۷۳) خلاص فی العبادۃ اختیار کرنے والوں کو جنت کی طرف بھیجا جائے گا (۷۴) داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لائیں گے (۷۵) اور قیامت کے دن ملائکہ عظام حافین حول العرش کو تسبیح و تحمید الٰہی میں مصروف پائیں گے اور انسانوں کے فیصلہ جات بالکل ٹھیک ہوں گے اللہ تعالیٰ اپنے عدل و انصاف کے لحاظ سے قابل تعریف ہے؛



ALMARIFAT



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۸۵ (۴۰) سُورَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ (۶۰) رکوعاتها ۹

آیتیں ۸۵ سورۂ مومن مکی ہے رکوع ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۲
یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو غالب ہر چیز کا جاننے والا ہے
غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي
گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا قدرت
الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ
والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اللہ کی آیتوں میں
اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ
نہیں جھگڑتے مگر وہ لوگ جو کافر ہیں پس ان کا شہروں میں چلنا پھرنا آپ کو
فِي الْبِلَادِ ۝۴ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْ
دھوکا نہ دے ان سے پہلے قوم نوح اور ان کے بعد اور فرقے بھی
بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَ
جھٹلا چکے ہیں اور ہر ایک امت نے اپنے رسول کو پکڑنے کا ارادہ کیا اور
جٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ قف
غلط باتوں کے ساتھ بحث کرتے رہے تاکہ اس سے دین حق کو مٹا دیں پھر ہم نے انہیں پکڑ لیا
فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ
پھر کیسی سزا ہوئی اور اسی طرح منکروں پر اللہ کا
رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ صلے
کلام پورا ہوا کہ وہ دوزخی ہیں

## ربط آیات

سُورۃ المومن

(موضوع سُورۃ)

حوامیم سبعہ مکیہ ہیں سب میں دعوت الی القرآن ہے البتہ ہر ایک کا عنوان علیحدہ ہے۔ چنانچہ سورۂ مومن کا موضوع مخالفین قرآن مجید کے لئے انذار ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱**

مخالفین قرآن کے لئے انذار ہے بضمن تذکیر بایام اللہ۔ ماخذ آیت ۵۔۶۔۲

(۱) حم حروف مقطعات میں سے ہے۔ ان کی تفصیل سورۂ بقرہ کے ابتدا میں ملاحظہ ہو (۲) تنزیل کتاب عزیز کی طرف سے ہے جو مخالف ہو گا مار کھائے گا اور علیم نے نازل فرمایا ہے۔ وہ تمام حالات پورا آگاہ ہے (۳) مان جائیں تو غافر ہے، نہ مانیں اور اکڑ جائیں تو شدید العقاب ہے۔ (۴) کافر آیات الٰہی میں جھگڑتے ہیں۔ ان کی تباہی یقینی ہے۔ چند روزہ وسعت سے آپ کو غلط فہمی نہ ہو۔ (۵) پہلے مکذبین امم کی طرح ان سے سلوک ہو گا (۶) تمام کفار کے لئے جہنم کا فیصلہ ہے۔

صلے وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم
م وقف لازم



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ
جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اس کے گرد ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ
ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس پر ایمان لاتے ہیں اور ایمانداروں کے لئے بخشش مانگتے
اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ
ہیں کہ اے ہمارے رب تیری رحمت اور تیرا علم سب پر حاوی ہے پھر جن لوگوں نے
لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷
توبہ کی ہے اور تیرے راستہ پر چلتے ہیں انہیں بخشدے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ
اے ہمارے رب اور انہیں بہشتوں میں داخل کر جو ہمیشہ رہیں گی جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے
وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَ
اور ان کو جو ان کے باپ دادوں اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں
ذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸ۙ وَقِهِمُ
سے نیک ہیں بیشک تو غالب حکمت والا ہے اور انہیں
السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ
برائیوں سے بچا اور جس کو تو اس دن برائیوں سے بچائے گا سو اس پر
رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ۧ اِنَّ الَّذِيْنَ ع
تو نے رحم کر دیا اور یہ بڑی کامیابی ہے بے شک. جو لوگ
كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ
کافر ہیں انہیں پکار کر کہا جائے گا کہ جیسی تمہیں (اس وقت) اپنے سے نفرت ہے اس سے بڑھ کر اللہ
اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰
کو تم سے نفرت تھی جبکہ تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے پھر نہیں مانا کرتے تھے

**ربط آیات**

(۷ تا ۹) حاملین عرش اور حافین حول العرش ملائکہ عظام تسبیح و تحمید الٰہی بیان کرتے ہیں اور مومنوں کے حق میں دعائیں کرتے ہیں (۱۰) قیامت کے دن مخالفین قرآن پر سرزنش و توبیخ ہوگی ♦

**خلاصہ رکوع ۲**

مخالفین قرآن کے لئے انذار بضمن تذکیر بمابعد الموت ♦
ماخذ آیت ۱۰ - ۱۸ ♦



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا
وہ کہیں گے اے ہمارے رب تو نے ہمیں دو بار موت دی اور تو نے ہمیں دو بار زندہ کیا پس ہم نے اپنے
بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿١١﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ
گناہوں کا اقرار کر لیا پس کیا نکلنے کی بھی کوئی راہ ہے یہ عذاب اس لئے ہے
اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ
کہ جب تمہیں اکیلے اللہ کی طرف بلایا جاتا تھا تو انکار کرتے تھے اور جب اس کے ساتھ شریک کیا جاتا تھا تو مان لیتے
فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿١٢﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
تھے سو یہ فیصلہ اللہ کا ہے جو عالی شان بڑے رتبہ والا ہے وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے
وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ رِزْقًا ۭ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ
اور تمہارے لئے آسمان سے رزق نازل کرتا ہے اور سمجھتا وہی ہے جو اللہ کی طرف
يُّنِيْبُ ﴿١٣﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ
رجوع کرتا ہے پس اللہ کو پکارو اس کے لئے عبادت کو خالص کرتے ہوئے اگرچہ
كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١٤﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي
کافر برا منائیں وہ اونچے درجوں والا عرش کا مالک ہے اپنے حکم
الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ
سے اپنے بندوں میں سے جس کے پاس چاہتا ہے وحی بھیجتا ہے تاکہ وہ ملاقات (قیامت)
يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿١٥﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ڬ لَا يَخْفٰى عَلَي اللّٰهِ
کے دن سے ڈرائے جس دن وہ سب نکل کھڑے ہوں گے اللہ پر ان کی کوئی بات چھپی
مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿١٦﴾
نہ رہے گی آج کس کی حکومت ہے اللہ ہی کی جو ایک ہے بڑا غالب
اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ
آج کے دن ہر شخص اپنے کئے کا بدلہ پائے گا آج کچھ ظلم نہ ہوگا

## ربط آیات

(۱۱) دنیا میں قرآن حکیم کی اطلاع سے مانتے نہیں تھے اب اعتراف کرتے ہیں (۱۲) یہ سزا تمہیں انکار توحید پر مل رہی ہے (۱۳) وہ اپنی قدرت کے بہتیرے کرشمے دکھاتا ہے لیکن قلوب میں انابت الی اللہ نہیں اس لئے نہیں مانتے۔ جن کے قلوب میں انابت الی اللہ ہے وہ فوراً تسلیم کر جاتے ہیں (۱۴) اے مومنو! تم ایک اللہ کو پکارو اگرچہ کفار ناپسند کریں (۱۵) وہی مرتبے بلند کرنے والا ہے قیامت سے ڈرانے کے لئے جسے چاہے منذر بنائے اور اس پر وحی نازل فرمائے۔ (۱۶) قیامت کے دن سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کی بادشاہی نہ ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٧﴾ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ

بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے اور انہیں قریب آنے والی (مصیبت) کے دن سے ڈرا

إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ ۚ مَا لِلظَّالِمِينَ

جبکہ غم کے مارے کلیجے منہ کو آ رہے ہوں گے ظالموں کا کوئی حمایتی

مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ ﴿١٨﴾ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ

نہیں ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے وہ آنکھوں کی خیانت

وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ ﴿١٩﴾ وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ

اور دل کے بھید جانتا ہے اور اللہ ہی انصاف کے ساتھ فیصلہ کریگا اور جنہیں

يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ هُوَ

وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے بیشک اللہ ہی سب کچھ

السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٢٠﴾ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا

سننے والا دیکھنے والا ہے کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ وہ دیکھتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ ۚ

ان لوگوں کا انجام کیسا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں

كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ

وہ قوت میں ان سے بڑھ کر تھے اور زمین میں آثار کے اعتبار سے بھی

فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن

پھر اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کے سبب سے پکڑ لیا اور ان کے لئے اللہ سے کوئی بچانے والا

وَاقٍ ﴿٢١﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ

نہ تھا یہ اس لئے کہ ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لے کر آتے تھے

فَكَفَرُوا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٢٢﴾

تو وہ انکار کرتے تھے پس انہیں اللہ نے پکڑ لیا بیشک وہ بڑا قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے

ع ۲ ۱۰

## ربط آیات

(۱۷) آج ہر شخص اپنے اعمال کے نتائج پائے گا۔ (۱۸) قیامت کا دن ایسا خطرناک ہوگا اور ظالموں کو نہ کوئی دوست اور نہ کوئی شفیع ملے گا (۱۹) اللہ تعالیٰ کا علم اس قدر حاوی ہے کہ ترچھی آنکھ سے کوئی چیز دیکھی جائے اس کا بھی اسے علم ہے اور سینوں کے تمام راز جانتا ہے۔ لہٰذا قیامت کے دن صحیح صحیح جزائے اعمال عطا فرمائے گا۔ (۲۰) سارے فیصلے اس دن محض خدائے وحدہٗ لاشریک کرے گا (۲۱) زمین میں سیر کرکے دیکھیں کہ ان سے پہلے بڑی زبردست طاقت والوں کو اللہ تعالیٰ نے تباہ و برباد کر دیا تو کوئی انہیں بچا نہ سکا (۲۲) احکام الٰہی کے انکار کے سوا اور کوئی ان کا جرم نہیں تھا ✦

**خلاصہ رکوع ۳**

مخاطبین قرآن کے لئے انذار
مضمون تذکیر بایام اللہ۔
ماخذ آیت ۲۱-۲۲ ✦



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿۲۳﴾

اور ہم نے موسیٰ کو اپنے معجزات اور واضح دلیل دے کر بھیجا تھا

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُونَ فَقَالُوا سَاحِرٌ

فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف تو وہ کہنے لگے بڑا جھوٹا

كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْحَقِّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا

جادوگر ہے پس جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے سچا دین لائے تو کہنے لگے

اقْتُلُوا أَبْنَاءَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءَهُمْ ۚ

ان لوگوں کے بیٹوں کو قتل کر دو جو موسیٰ پر ایمان لائے ہیں اور ان کی عورتوں کو زندہ رہنے دو

وَمَا كَيْدُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

اور کافروں کے داؤ تو محض غلط ہوا کرتے ہیں اور فرعون نے کہا

ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَىٰ وَلْيَدْعُ رَبَّهُ ۖ إِنِّي أَخَافُ

مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے رب کو پکارے میں ڈرتا ہوں

أَن يُبَدِّلَ دِينَكُمْ أَوْ أَن يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾

کہ وہ تمہارے دین کو بدل ڈالے گا یا یہ کہ زمین میں فساد پھیلائے گا

وَقَالَ مُوسَىٰ إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُم مِّن

اور موسیٰ نے کہا میں تو اپنی اور تمہارے رب کی پناہ لے چکا ہوں ہر ایک

كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ

متکبر سے جو حساب کے دن پر یقین نہیں رکھتا اور فرعون

رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ

کی قوم میں سے ایک ایماندار آدمی نے کہا جو اپنا ایمان

إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ

چھپاتا تھا کیا تم ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے

### ربط آیات

(۲۳۔۲۴) چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بھی اسی کا شاہد ہے۔ فرعون نے احکام الٰہی کو جھٹلایا اور غرق ہوا (۲۵) جب موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس ہمارا پیغام لے کر گئے تو اس نے موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر بے ظلم شروع کر دیا (۲۶) اور موسیٰ علیہ السلام کے قتل پر آمادہ ہوا (۲۷) موسیٰ علیہ السلام نے اپنے مولیٰ حقیقی عز اسمہ وجل مجدہ کی پناہ لی •

۴ ع ۸

**خلاصہ رکوع ۴**

مخالفین قرآن کے لئے انذار، متضمن تذکیر بایام اللہ و بما بعد الموت۔

ماخذ آیت ۱۱، ۳، ۳۱،
۳۰۲۲۱ •



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وقد جاءكم بالبينت من ربكم ۖ وان يك كاذبا

اور وہ تمہارے پاس روشن دلیلیں تمہارے رب کی طرف سے لایا ہے اور اگر وہ جھوٹا ہے تو

فعليه كذبه ۖ وان يك صادقا يصبكم بعض

اسی پر اس کے جھوٹ کا وبال ہے اور اگر وہ سچا ہے تو تمہیں کچھ نہ کچھ وہ (عذاب) جس کا وہ

الذي يعدكم ۖ ان الله لا يهدي من هو مسرف

تم سے وعدہ کرتا ہے پہنچے گا اور اللہ اس کو راہ پر نہیں لاتا جو حد سے بڑھنے والا

كذاب ﴿۲۸﴾ يقوم لكم الملك اليوم ظهرين في الارض

بڑا جھوٹا ہے اے میری قوم آج تو تمہاری حکومت ہے تم ملک میں غالب ہو

فمن ينصرنا من باس الله ان جاءنا ۚ قال

ہماری کون مدد کرے گا اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ گیا فرعون نے

فرعون ما اريكم الا ما ارى وما اهديكم

کہا میں تو تمہیں وہی سوجھاتا ہوں جو مجھے سوجھی ہے اور میں تمہیں

الا سبيل الرشاد ﴿۲۹﴾ وقال الذي امن

سیدھا ہی راستہ بتاتا ہوں اور اس شخص نے کہا جو ایمان لایا تھا

يقوم اني اخاف عليكم مثل يوم الاحزاب ﴿۳۰﴾

کہ اے میری قوم مجھے تو تمہاری نسبت (پہلی) اُمتوں جیسے دن کا اندیشہ ہو رہا ہے

مثل داب قوم نوح وعاد وثمود والذين

جیسا کہ قوم نوح اور عاد اور ثمود اور ان سے

من بعدهم ۚ وما الله يريد ظلما للعباد ﴿۳۱﴾

پچھلوں کا حال ہوا اور اللہ تو بندوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرنا چاہتا

ويقوم اني اخاف عليكم يوم التناد ﴿۳۲﴾

اور اے میری قوم مجھے تم پر چیخ و پکار (قیامت) کے دن کا اندیشہ ہے

منزل ۶

## ربط آیات

(۲۸) قوم فرعون میں سے ایک شخص کو اللہ تعالیٰ نے ایمان نصیب فرمایا ہے اور وہ بھی مخفی ہے۔ وہ فرعون کو موسیٰ علیہ السلام کے قتل کے ارادہ سے روک رہا ہے (۲۹) اے میری قوم اگر اللہ تعالیٰ کا عذاب آ گیا تو ہمیں کون بچائے گا۔ (۳۰-۳۱) اس ایمان دار شخص نے اپنی قوم کو تذکیر بایام اللہ کی (۳۲) اے میری قوم دنیا کا عذاب تو بجائے خود رہا مجھے تو تم پر قیامت کے عذاب کا بھی ڈر ہے

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ
جس دن تم پیٹھ پھیر کر جاؤ گے اللہ سے تمہیں کوئی بچانے والا نہیں ہوگا
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ
اور جسے اللہ گمراہ کر دے پھر اسے کوئی راہ بتانے والا نہیں اور تمہارے پاس یوسف
يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا
بھی اس سے پہلے واضح دلیلیں لے کر آ چکا پس تم ہمیشہ اس سے شک ہی میں رہے جو وہ
جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ
تمہارے پاس لایا یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگیا تو تم نے کہا کہ اللہ اس کے بعد کوئی
مِنْ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ
رسول ہرگز نہیں بھیجے گا اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے اس کو جو حد
مُسْرِفٌ مُّرْتَابُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ
سے بڑھنے والا شک کرنے والا ہے جو لوگ اللہ کی آیتوں میں کسی دلیل کے سوا جو
بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۭ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ
ان کے پاس پہنچی ہو جھگڑتے ہیں اللہ اور ایمان والوں کے نزدیک (یہ) بڑی
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ
نازیبا بات ہے اللہ ہر ایک متکبر سرکش کے دل پر اسی طرح
مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ
مہر کر دیا کرتا ہے اور فرعون نے کہا اے ہامان میرے لئے ایک
صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ
محل بنا تاکہ میں راستوں پر پہنچوں یعنی آسمان کے راستوں پر
فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ۭ
پھر موسیٰ کے خدا کی طرف جھانک کر دیکھوں اور میں تو اسے جھوٹا خیال کرتا ہوں

### ربط آیات

(۳۳) جس دن تم منہ سے رخصت ہوکر جہنم کی طرف جاؤ گے اس دن اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے والا تمہیں کوئی نہیں ملے گا اصل بات یہ ہے جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اُسے کون راہ دکھائے (۳۴) موسیٰ علیہ السلام سے پہلے اللہ تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو مصر میں مبعوث فرمایا تھا۔ تم نے کس پر بھی یقین نہ کیا (۳۵) آیات الٰہی میں باوجود کسی حجت نہ ہونے کے جھگڑنا اللہ تعالیٰ اور مومنوں کے ہاں شدید غضب کی بات ہے (۳۶) فرعون نے اپنے وزیر ہامان سے کہا کہ ایک محل بنا دو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوٓءُ عَمَلِهِۦ وَصُدَّ عَنِ
اور اسی طرح فرعون کو اس کا بُرا عمل اچھا معلوم ہوا اور وہ راستہ سے روکا
السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِى تَبَابٍ ﴿٣٧﴾ وَقَالَ ع ۴ ۹
گیا تھا اور فرعون کی ہر تدبیر غارت ہی گئی اور اس شخص نے
الَّذِىٓ ءَامَنَ يَٰقَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ
کہا جو ایمان لایا تھا اے میری قوم تم میری پیروی کرو میں تمہیں نیکی کی راہ
الرَّشَادِ ﴿٣٨﴾ يَٰقَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ الْحَيَوٰةُ الدُّنْيَا مَتَٰعٌ وَ
بتاؤں گا اے میری قوم دنیا کی زندگی بس (چند روزہ) فائدے ہیں اور
إِنَّ الْءَاخِرَةَ هِىَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿٣٩﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً
آخرت کا گھر ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے جس نے بُرا کام کیا
فَلَا يُجْزَىٰٓ إِلَّا مِثْلَهَا ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَٰلِحًا مِّن ذَكَرٍ
تو اتنی ہی سزا پائے گا اور جس نے نیک کام کیا خواہ وہ مرد ہو
أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُو۟لَٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ
یا عورت اور وہ ایماندار بھی ہو سو وہ جنت میں داخل ہوں گے
يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٤٠﴾ وَيَٰقَوْمِ مَا لِىٓ أَدْعُوكُمْ
جہاں انہیں بے حساب روزی ملے گی اور اے میری قوم کیا بات ہے میں تو تمہیں
إِلَى النَّجَوٰةِ وَتَدْعُونَنِىٓ إِلَى النَّارِ ﴿٤١﴾ تَدْعُونَنِى النصف
نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلاتے ہو تم مجھے اس بات کی طرف
لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِۦ مَا لَيْسَ لِى بِهِۦ عِلْمٌ وَ
بلاتے ہو کہ میں اللہ کا منکر ہو جاؤں اور اس کے ساتھ اسے شریک کروں جسے میں جانتا بھی نہیں اور
أَنَا۠ أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّٰرِ ﴿٤٢﴾ لَا جَرَمَ أَنَّمَا
میں تمہیں غالب بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں بے شک تم مجھے

## ربط آیات

(۳۷) تاکہ اوپر چڑھ کر موسیٰ علیہ السلام کے خدا کو دیکھوں میرے خیال میں تو یہ جھوٹا ہے۔ (۳۸) اس مومن نے کہا اے میری قوم میں تمہیں سیدھا راستہ دکھاتا ہوں۔ (۳۹) دنیا کی زندگی بے بقا ہے اور آخرت دار القرار ہے۔ (۴۰) قیامت کے دن بدکار سزا پائیں گے اور نیکوکار جنت میں جائیں گے (۴۱) اے میری قوم میں تو تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے جہنم کی دعوت دیتے ہو۔ (۴۲) تم مجھے کفر اور شرک باللہ کی دعوت دیتے ہو۔

**خلاصہ رکوع ۵**

مخالفین قرآن کے لئے انذار بمضمون تذکیر بما بعد الموت، و بایام اللہ۔

ماخذ آیت (۱) ۴۳-(۲) ۴۵-۴۶۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَدْعُونَنِيٓ إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُۥ دَعْوَةٌ فِى ٱلدُّنْيَا وَلَا فِى
جس کی طرف بُلاتے ہو وہ اس دُنیا میں بُلانے کے قابل ہے اور نہ

ٱلْـَٔاخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَآ إِلَى ٱللَّهِ وَأَنَّ ٱلْمُسْرِفِينَ
آخرت میں اور بیشک ہمیں اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور بے شک حد سے بڑھنے والے

هُمْ أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ ﴿٤٣﴾ فَسَتَذْكُرُونَ مَآ أَقُولُ لَكُمْ ۚ
ہی دوزخی ہیں پھر تم میری بات کو یاد کرو گے

وَأُفَوِّضُ أَمْرِىٓ إِلَى ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ بَصِيرٌۢ بِٱلْعِبَادِ ﴿٤٤﴾
اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں بیشک اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے

فَوَقَىٰهُ ٱللَّهُ سَيِّـَٔاتِ مَا مَكَرُوا۟ ۖ وَحَاقَ بِـَٔالِ
پھر اللہ نے اسے تو ان کے فریبوں کی بُرائی سے بچایا اور خود فرعونیوں

فِرْعَوْنَ سُوٓءُ ٱلْعَذَابِ ﴿٤٥﴾ ٱلنَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا
پر سخت عذاب آ پڑا وہ صبح اور شام آگ کے سامنے

غُدُوًّا وَعَشِيًّا ۖ وَيَوْمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ أَدْخِلُوٓا۟ ءَالَ
لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہو گی (حکم ہوگا) فرعونیوں کو

فِرْعَوْنَ أَشَدَّ ٱلْعَذَابِ ﴿٤٦﴾ وَإِذْ يَتَحَآجُّونَ فِى ٱلنَّارِ
سخت عذاب میں لے جاؤ اور جب دوزخی آپس میں جھگڑیں گے

فَيَقُولُ ٱلضُّعَفَٰٓؤُا۟ لِلَّذِينَ ٱسْتَكْبَرُوٓا۟ إِنَّا كُنَّا لَكُمْ
پھر کمزور سرکشوں سے کہیں گے کہ ہم تمہارے پیرو

تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِّنَ ٱلنَّارِ ﴿٤٧﴾
تھے پھر کیا تم ہم سے کچھ بھی آگ دُور کر سکتے ہو

قَالَ ٱلَّذِينَ ٱسْتَكْبَرُوٓا۟ إِنَّا كُلٌّ فِيهَآ إِنَّ ٱللَّهَ قَدْ
سرکش کہیں گے ہم تم سبھی اس میں پڑے ہوئے ہیں بیشک اللہ اپنے بندوں

**ربط آیات**

(۴۳) جس کی دعوت تم دیتے ہو وہ دُنیا اور آخرت میں بے نتیجہ چیز ہے اور ایسے مسرف دوزخی ہوں گے۔ (۴۴) جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اس کی سچائی کا عنقریب تمہیں پتہ لگ جائے گا۔ میں اپنی کوشش ختم کرچکا۔ اب سپرد خدا کرتا ہوں (۴۵) اللہ تعالیٰ نے اس بندہ کو بچایا اور فرعون والوں پر بُرا عذاب نازل ہوا (۴۶) دُنیا میں غرق ہو گئے اور قبر میں روزانہ جہنم پر صبح و شام پیش کئے جاتے ہیں کہ یہ تمہارا ٹھکانا ہے اور قیامت کے دن حکم ہوگا کہ انہیں اشد العذاب میں داخل کردو (۴۷ - ۴۸) دوزخ میں جاکر آپس میں اس طرح جھگڑیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿٤٨﴾ وَقَالَ الَّذِينَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ
ہیں فیصلہ کر چکا ہے اور دوزخی جہنم کے داروغہ سے کہیں گے
جَهَنَّمَ ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿٤٩﴾
کہ تم اپنے رب سے عرض کرو کہ وہ ہم سے کسی روز تو عذاب ہلکا کر دیا کرے
قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُم بِالْبَيِّنَاتِ ۖ قَالُوا بَلَىٰ
وہ کہیں گے کیا تمہارے پاس تمہارے رسول نشانیاں لے کر نہ آتے تھے کہیں گے ہاں آئے تھے
قَالُوا فَادْعُوا ۗ وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي
کہیں گے پس پکارو اور کافروں کا پکارنا محض بے سود
ضَلَالٍ ﴿٥٠﴾ ع إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي ع ۵/۱۴/۱۰
ہوگا ہم اپنے رسولوں اور ایمانداروں کی دنیا کی زندگی میں
الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ ﴿٥١﴾ يَوْمَ لَا
بھی مدد گار ہیں اور اس دن بھی جب کہ گواہ کھڑے ہوں گے جس دن
يَنفَعُ الظَّالِمِينَ مَعْذِرَتُهُمْ ۖ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ
ظالموں کو ان کا عذر کرنا کچھ بھی نفع نہ دے گا اور ان پر پھٹکار پڑے گی اور ان کے
سُوءُ الدَّارِ ﴿٥٢﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَىٰ وَ
لئے برا گھر ہوگا اور ہم نے موسیٰ کو ہدایت دی بخشی اور
أَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ ﴿٥٣﴾ هُدًى وَذِكْرَىٰ لِأُولِي
ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث کر دیا تھا جو عقلمندوں کے لئے ہدایت اور
الْأَلْبَابِ ﴿٥٤﴾ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ
نصیحت تھی پس صبر کر بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہ کی
لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٥٥﴾
معافی مانگ اور شام اور صبح اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کر

## ربط آیات

(۴۸) دیکھو صفحہ ۷۵۲۔
(۴۹) دوزخی دربانِ دوزخ سے یہ استدعا کریں گے (۵۰) وہ جواب دیں گے کیا تمہارے پاس رسول اللہ تعالیٰ کی طرف سے روشن احکام نہیں دے تھے۔ دوزخی مان جائیں گے ان لا ئے تھے۔ پھر وہ جواب دیں گے کہ پھر ایسے لوگوں سے ایک دن بھی عذاب کی تخفیف نہیں ہو سکتی (۵۱) اللہ تعالیٰ کی مدد انبیاء علیہم السلام اور ایمانداروں کے لئے ہوا کرتی ہے خواہ دنیا میں ہو یا آخرت میں۔ (۵۲)

**خلاصہ رکوع ۶**
مخالفین قرآن کے لئے انذار جنس تذکیر با بصارت ماحذ آیت ۵۲۔ ۶۰ ۔

قیامت کے دن مخالفین توحید و قرآن کا کوئی عذر نہیں سنا جائیگا اور ان پر لعنت ہے (۵۳) ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو مجموعہ ہدایت تورات عطا فرمائی اور بنی اسرائیل کو اس کا وارث بنایا (۵۴) وہ کتاب عقلمندوں کے لئے ہدایت اور نصیحت تھی۔ (۵۵) آپ صبر کریں ان کی تباہی اور آپ کی نصرت کے متعلق اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ

بیشک جو لوگ اللہ کی آیتوں میں بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل آئی ہو جھگڑتے ہیں

اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ

اور کچھ نہیں بس ان کے دل میں بڑائی ہے کہ وہ اس تک کبھی پہنچنے والے نہیں سو اللہ سے پناہ

بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ

مانگو کیونکہ وہ سننے والا دیکھنے والا ہے البتہ آسمانوں اور زمین کا

الْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

پیدا کرنا آدمیوں کے پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے لیکن اکثر لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۥ وَ

جانتے اور اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں اور

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے وہ اور بدکار برابر نہیں

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

تم بہت ہی کم سمجھتے ہو بے شک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی

فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ

شک نہیں لیکن اکثر لوگ یقین نہیں کرتے اور تمہارے

رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

رب نے فرمایا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا بیشک جو لوگ

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ

میری عبادت سے سرکشی کرتے ہیں عنقریب وہ ذلیل ہوکر دوزخ میں

دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا

داخل ہوں گے اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام

ع ۶ / ۹۱

## ربط آیات

(۵۶) آیات الٰہی میں جھگڑا کرنے والے فقط تکبر کے باعث نہیں مانتے (۵۷) ان کے دوبارہ پیدا کرنے سے زمین و آسمان کا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے چونکہ یہ لوگ دوبارہ پیدائش کے قائل نہیں ہیں اس لیے تسلیم احکام الٰہی کی ضرورت نہیں خیال کرتے (۵۸) نابینا اور بینا مومن اور کافر برابر نہیں ہو سکتے ہیں (۵۹) قیامت یقیناً آنے والی ہے (۶۰) جو شخص اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑے گا، عذاب قیامت سے بچ جائے گا ورنہ جہنم رسید ہو گا۔ عبادت سے تکبر کرنے والے جہنم میں جائیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

کرو اور دن کو ہر چیز دکھانے والا بنایا بیشک اللہ لوگوں پر بڑے فضل والا ہے

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ

لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے یہی اللہ تمہارا رب ہے

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾

ہر چیز کا پیدا کرنے والا اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر کہاں اُلٹے جا رہے ہو

كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾

اسی طرح وہ لوگ بھی اُلٹے چلا کرتے تھے جو اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو آرام گاہ بنایا اور آسمان کو چھت

وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ۚ

اور تمہاری صورتیں بنائیں پھر تمہاری اچھی صورتیں بنائیں اور پاکیزہ چیزوں سے تمہیں رزق دیا

ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ ۖ فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٤﴾ هُوَ

وہی اللہ تمہارا پالنے والا ہے پس سارے جہانوں کا پالنے والا اللہ بابرکت ہے وہی

الْحَيُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۗ

ہمیشہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس اسی کو پکارو خاص اسی کی بندگی کرتے ہوئے

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٥﴾ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے کہہ دو مجھے تو ان چیزوں کی عبادت سے منع کیا گیا

الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَمَّا جَاءَنِيَ

ہے جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو جبکہ میرے رب کی طرف سے میرے پاس

الْبَيِّنَاتُ مِن رَّبِّي وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٦﴾

کھلی کھلی نشانیاں آچکی ہیں اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العالمین کے سامنے سر جھکاؤں



**خلاصہ رکوع ۷**

تذکیر باآلاء اللہ یعنی جس خدا تعالیٰ کے احکام کی مخالفت سے ہم نہیں ڈرتے ہیں وہ ان خوبیوں والا ہے۔

ماخذ آیات ۶۱-۶۲-۶۳-۶۴-۶۷-۶۸

وقف لازم

## ربط آیات

(۶۱) خدا تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے رات اور دن بنایا۔ اللہ تعالیٰ تو بڑے فضل والا ہے لیکن انسان ہی ناشکر گزار ہے (۶۲) ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہی تمہارا رب اور معبود ہے (۶۳) جس طرح تم حق سے پھر رہے ہو۔ پہلے لوگ بھی اسی طرح پھر گئے تھے۔ (۶۴) جس نے زمین و آسمان بنایا۔ تمہیں صورت دی اور عمدہ رزق عطا فرمایا۔ یہی تمہارا رب اور معبود ہے (۶۵) وہ زندہ ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں (۶۶) مجھے تو فقط رب العالمین کی عبادت کی اجازت ہے اور تمہارے معبودوں کی عبادت سے منع کیا گیا ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ
وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پھر نطفہ سے پھر خون بستہ سے

عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ
پیدا کیا پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے پھر (باقی رکھتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر

لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی مِنْ قَبْلُ وَ
یہاں تک کہ تم بوڑھے ہو جاتے ہو کچھ تم میں اس سے پہلے مر جاتے ہیں (بعض کو زندہ رکھتا ہے) اور

لِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ هُوَ
تاکہ تم وقت مقرر تک پہنچو اور تاکہ تم سمجھو وہی ہے

الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ
جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس جب وہ کسی امر کا فیصلہ کر لیتا ہے تو صرف اس سے یہی کہتا

لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿٦٨﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْٓ
ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں

اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰی یُصْرَفُوْنَ ﴿٦٩﴾ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ
جھگڑتے ہیں وہ کہاں پھرے چلے جا رہے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کتاب کو اور جو کچھ ہم نے

وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿٧٠﴾
رسولوں کو دے کر بھیجا تھا سب کو جھٹلا دیا پس انہیں معلوم ہو جائے گا

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ یُسْحَبُوْنَ ﴿٧١﴾
جبکہ طوق اور زنجیریں ان کے گلے میں ڈال کر گھسیٹے جائیں گے

فِی الْحَمِیْمِ ۙ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ ثُمَّ قِیْلَ لَهُمْ
کھولتے پانی میں پھر آگ میں جھونکے جائیں گے پھر ان سے کہا جائے گا

اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٣﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا
کہاں ہیں جنہیں تم شریک بناتے تھے اللہ کے سوا وہ کہیں گے

### ربطِ آیات

(٦٧) تمہارا خدا یہ ہے جس نے تمہیں اس طرح بنایا اور ان علامتوں کے باوجود تمہیں اپنے رب سے تعارف پیدا نہیں ہوتا (٦٨) موت و حیات علم کی باگ اسی کے قبضہ میں ہے (٦٩-٧٠) آیاتِ اللہ میں جھگڑا کرنے والے اور انہیں جھٹلانے والے عنقریب اپنی غلطی کو سمجھ جائیں گے (٧١) جب گردنوں میں طوق ڈال کر زنجیروں میں جکڑ بند کر کے گھسیٹے جائیں گے (٧٢) پھر گرم پانی اور آگ سے ان کے پیٹ بھر دیئے جائیں گے (٧٣) تمہارے شریک کہاں ہیں۔

ع ١٢

معانقہ ١٢

**خلاصہ رکوع ٨**

مخالفین قرآن کے لئے انذار بعض تذکیر یا بعد الموت۔
ماخذ آیت ٧٠ تا ٧٢۔ ٧٦-٧٨۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُوا مِن قَبْلُ شَيْئًا ۚ

ہم سے وہ کھوئے گئے بلکہ ہم تو اس سے پہلے کسی چیز کو بھی نہیں پکارتے تھے

كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ﴿٧٤﴾ ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ

اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے یہ عذاب تمہیں اس لئے ہوا کہ

تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ

تم ملک میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس لئے بھی کہ تم

تَمْرَحُونَ ﴿٧٥﴾ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ

اترایا کرتے تھے جہنم کے دروازوں میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٧٦﴾ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ

پھر تکبر کرنے والوں کا کیا ہی برا ٹھکانا ہے پھر صبر کر بیشک اللہ کا وعدہ

اللَّهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ

سچا ہے پھر جس (عذاب) کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں کچھ تھوڑا سا اگر ہم آپ کو دکھا دیں یا

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٧٧﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

ہم آپ کو وفات دے دیں تو ہماری طرف ہی سب لوٹائے جائیں گے اور ہم نے آپ سے پہلے

رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ

کئی رسول بھیجے تھے بعض ان میں سے وہ ہیں جن کا حال ہم نے آپ پر بیان کر دیا

وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ

اور بعض وہ ہیں کہ ہم نے آپ پر ان کا حال بیان نہیں کیا اور کسی رسول سے یہ نہ ہو سکا

أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ

کہ کوئی معجزہ اذن الٰہی کے سوا ظاہر کر سکے پھر جس وقت اللہ کا حکم

ع ۸ اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ ﴿٧٨﴾

آئے گا ٹھیک ٹھیک فیصلہ ہو جائے گا اور اس وقت باطل پرست نقصان اٹھائیں گے

## ربط آیات

(۷۴) اس دن شرک کا انکار کر جائیں گے (۷۵) یہ سزا اس جرم کی ہے (۷۶) دوزخ کے دروازوں سے جاؤ۔ توحید سے تکبر کرنے والوں کے لئے یہ برا ٹھکانا ہے۔ (۷۷) آپ ان کی مخالفت پر صبر کریں۔ ان پر عذاب یا آپ کے سامنے آئے گا یا آپ کے انتقال کے بعد۔ (۷۸) پہلے بھی انبیاء علیہم السلام آتے رہے۔ قاعدہ یہی ہے جب وعدہ عذاب آئے گا یعنی قیامت کا دن تو مبطل نقصان اٹھائیں گے۔



Downloaded from ..... Al-marifat.org .....
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۹**
تذکیر بآلاء اللہ و بایام اللہ۔
ماخذ آیت ۷۹-۸۵

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَ
اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے تاکہ تم ان میں سے بعض پر سوار ہو اور
مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِیْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا
بعض کو تم کھاتے ہو اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فوائد ہیں اور تاکہ تم ان پر سوار
عَلَیْهَا حَاجَةً فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَیْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ
ہو کر اپنی حاجت کو پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہے اور ان پر اور تیز کشتیوں پر
تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ ۖۗ فَاَیَّ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾
تم سوار کئے جاتے ہو اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے پس تم اللہ کی کون کون سی نشانیوں کا انکار کرو گے
اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ
پس کیا انہوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو لوگ ان سے پہلے
عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْهُمْ
ہو گزرے ہیں ان کا کیا انجام ہوا وہ لوگ ان سے زیادہ تھے
وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِی الْاَرْضِ فَمَاۤ اَغْنٰی
اور قوت اور نشانوں میں (بھی) جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں بڑھے ہوئے تھے پس ان کے نہ کام
عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ
آیا جو کچھ وہ کماتے تھے پس جب ان کے رسول ان کے
رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ
پاس کھلی دلیلیں لائے تو وہ اپنے علم و دانش پر اترانے
الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾
لگے اور جس پر وہ ہنسی کرتے تھے وہ ان پر اُلٹ پڑا
فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ
پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب آتے دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے جو ایک ہے اور

**ربط آیات**

(۷۹-۸۰) خدا تعالیٰ ایسا محسن ہے (۸۱) اللہ تعالیٰ کی کن کن نشانیوں کا انکار کر سکتے ہو (۸۲) ان مکلفین توحید و قرآن سے بڑھ چڑھ کر زبردست طاقتور قوموں پر عذاب الٰہی آیا۔ ان کے ساز و سامان انہیں مطلق بچا نہ سکے (۸۳) انبیاء علیہم السلام ان کے پاس (تمہاری طرح) روشن احکام لائے۔ لیکن انہوں نے نہ مانا اور تمسخر اڑایا اور عذاب آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ

ہم نے ان چیزوں کا انکار کیا جنھیں ہم اس کا شریک ٹھہراتے تھے پس انہیں ان کے ایمان نے نفع

اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ

نہ دیا جب انھوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا یہ سُنّت الٰہی ہے جو اس کے بندوں

خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع [illegible] ۱۴

میں گزر چکی ہے اور اس وقت کافر خسارہ میں رہ گئے

## اٰیاتُھا ۵۴ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ (۴۱) (۶۱) رُکُوْعَاتُھَا ۶

آیتیں ۵۴ سورۂ حٰمٓ سجدہ مکی ہے رکوع ۶

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ

یہ کتاب) بڑے مہربان نہایت رحم والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے کہ جس کی

فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

آیتیں عربی زبان میں علم والوں کے لئے واضح ہیں

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ

خوشخبری دینے والی اور ڈرانے والی ہے پھر ان میں سے اکثر نے تو منہ ہی پھیر لیا پھر وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا

سنتے بھی نہیں اور کہتے ہیں ہمارے دل اس بات سے کہ جس کی طرف

تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ

تو ہمیں بلاتا ہے پردوں میں ہیں اور ہمارے کانوں میں بوجھ ہے اور ہمارے

بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾ الثلثۃ

اور آپ کے درمیان پردہ پڑا ہوا ہے پھر آپ اپنا کام کئے جائیں ہم بھی اپنا کام کر رہے ہیں

### ربط آیات

(۸۴) جب عذاب آیا تب ایمان لائے (۸۵) اس وقت ایمان نے کوئی فائدہ نہ پہنچایا پہلے بھی یہی طریقہ رہا اور ایسے وقت ہمیشہ منکرینِ حق نے نقصان اٹھایا۔

سُورۂ حٰمٓ السجدہ

(موضوع سورہ)

دعوت الی القرآن۔ رحمٰن اور رحیم کی رحمت کے تقاضا سے قرآن نازل ہوا ہے۔ (۱) حروفِ مقطعات میں سے ہے اس کی تفصیل سورۂ بقرہ کے ابتدا میں ملاحظہ ہو (۲) رحمت الٰہی کے تقاضا سے قرآن نازل ہوا ہے (۳) اس کی آیات سمجھ بوجھ رکھنے والے انسانوں کے لئے عربی زبان میں واضح طور پر بیان کر دی گئی ہیں (۴) فرمانبرداروں کے لئے بشیر اور نافرمانوں کے حق میں نذیر ہے (۵) مخالف کہتے ہیں ہم پر مختلف حجابات پڑے ہوئے ہیں۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ |
| دعوت الی القرآن اور تحسینِ قرآن |
| دعوت الی التوحید مقصود ہے |
| ماخذ آیت ۲۔۴۔ |

منزل ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰٓ إِلَىَّ أَنَّمَآ إِلَٰهُكُمْ
آپ ان سے کہہ دیں کہ میں بھی تم جیسا ایک آدمی ہی ہوں میری طرف یہی حکم آتا ہے کہ تمہارا معبود
إِلَٰهٌ وَٰحِدٌ فَٱسْتَقِيمُوٓا۟ إِلَيْهِ وَٱسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ
ایک ہی ہے پھر اس کی طرف سیدھے چلے جاؤ اور اس سے معافی مانگو اور مشرکوں کے
لِّلْمُشْرِكِينَ ﴿٦﴾ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ وَهُم
لئے ہلاکت ہے جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ
بِٱلْءَاخِرَةِ هُمْ كَٰفِرُونَ ﴿٧﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟
آخرت کے بھی منکر ہیں بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے
ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٨﴾ ع ۱۵ قُلْ أَئِنَّكُمْ
نیک کام بھی کئے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے کہہ دو کیا تم اس کا
لَتَكْفُرُونَ بِٱلَّذِى خَلَقَ ٱلْأَرْضَ فِى يَوْمَيْنِ وَ
انکار کرتے ہو جس نے دو دن میں زمین بنائی اور
تَجْعَلُونَ لَهُۥٓ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٩﴾ وَجَعَلَ
تم اس کے لئے شریک ٹھہراتے ہو وہی سب جہانوں کا پروردگار ہے اور اس نے
فِيهَا رَوَٰسِىَ مِن فَوْقِهَا وَبَٰرَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَآ
زمین میں اُوپر سے پہاڑ رکھے اور اس میں برکت دی اور چار دن میں
أَقْوَٰتَهَا فِىٓ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِينَ ﴿١٠﴾ ثُمَّ ٱسْتَوَىٰٓ
اس کی غذاؤں کا اندازہ کیا (یہ جواب) پوچھنے والوں کے لئے پورا ہے پھر وہ آسمان
إِلَى ٱلسَّمَآءِ وَهِىَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ٱئْتِيَا
کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں تھا پس اس کو اور زمین کو فرمایا کہ خوشی سے
طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَآ أَتَيْنَا طَآئِعِينَ ﴿١١﴾ فَقَضَىٰهُنَّ
آؤ یا جبر سے دونوں نے کہا کہ ہم خوشی سے آتے ہیں پھر انہیں

## ربط آیات

(۶) انہیں کہہ دو کہ میں خود تو نہیں بناتا۔ بلکہ بذریعہ وحی پیغام توحید اور استغفار آیا ہے اور مشرکین کی ہلاکت کا اعلان آیا ہے وہ جن (۷) جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ نہیں کرتے اور آخرت کے منکر ہیں ان کے لئے ہلاکت ہے (۸) ایمان والوں کے لئے بے انتہا اجر ہے

**خلاصہ رکوع ۲**
دعوت الی القرآن اور مقصد دعوت قرآن دعوت توحید ہے۔ تخصیص تذکیر بآلاء اللہ و بایام اللہ: ماخذ آیت ۱۱، ۹، ۱۳۔ (۲) ۱۵۔ ۱۶

(۹) کیا تم رب العالمین سے خصوصی تعلق پیدا کرنے کے منکر ہو (۱۰) زمین میں پہاڑ بھی اسی نے بنائے اسی نے برکت عطا فرمائی۔ اسی نے اس چیز کے پیدا کرنے کا اندازہ لگایا (۱۱) پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا۔ آسمان اور زمین بخوشی اس کے تابع فرمان ہو گئے


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰی فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ

دو دن میں سات آسمان بنا دیا اور اس نے ہر ایک آسمان میں اس کا

اَمْرَهَا ؕ وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ ۖۗ وَ

کام القا کیا اور ہم نے پہلے آسمان کو چراغوں سے زینت دی اور حفاظت

حِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ

کے لئے بھی یہ زبردست ہر چیز کے جاننے والے کا اندازہ ہے پس اگر

اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ

وہ نہ مانیں تو کہہ دو میں تمہیں کڑک سے ڈراتا ہوں جیسا کہ قوم عاد اور

عَادٍ وَّثَمُوْدَ ؕ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَیْنِ

ثمود پر کڑک آئی تھی جب ان کے پاس رسول آئے ان کے

اَیْدِیْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ

سامنے سے اور ان کے پیچھے سے کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو

قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ

تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتے نازل کر دیتا پس ہم تو اس چیز سے

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا

جو تم دے کر بھیجے گئے ہو منکر ہیں پس قوم عاد نے زمین میں

فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا

ناحق تکبر کیا اور کہا ہم سے طاقت میں کون زیادہ

قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ

ہے کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے وہ

اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

ان سے طاقت میں کہیں بڑھ کر ہے اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے

## ربط آیات

(۱۲) پھر سات آسمان بنائے ہر آسمان میں اس کے احکام جاری کرائے۔ دُنیا کے آسمان کو ستاروں سے مزین فرمایا۔ یہ ساری چیزیں عزیز و علیم ذات کے اندازہ سے بنی ہیں (۱۳) اگر اب بھی نہ مانیں تو نہیں پہلی قوموں کے عذاب کا سا ڈر دے دو (۱۴) پہلی امتوں کو بھی نبیوں نے پیغام توحید عطا فرمایا اور انہوں نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا (۱۵) چنانچہ قوم عاد نے اس پیغام کے تسلیم کرنے سے انکار کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ
پس ہم نے ان پر منحوس دنوں میں تیز آندھی بھیجی
لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَ
تاکہ ہم انہیں ذلت کے عذاب کا مزہ دُنیا کی زندگی میں چکھا دیں اور
لَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ ﴿١٦﴾
آخرت کا عذاب تو اور بھی ذلت کا ہے اور ان کی مدد نہ کی جائے گی
وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ
اور وہ جو قوم ثمود تھی ہم نے انہیں ہدایت کی سو انہوں نے گمراہی کو بمقابلہ ہدایت کے پسند کیا
فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا
پھر انہیں کڑاکے کے ذلیل کرنے والے عذاب نے آ لیا ان کے اعمال
يَكْسِبُونَ ﴿١٧﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا
کے سبب سے اور جو لوگ ایمان لائے اور ڈرتے رہتے تھے
يَتَّقُونَ ﴿١٨﴾ ع وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللَّهِ إِلَى النَّارِ
ہم نے انہیں بچا لیا اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے
فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿١٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ
تو وہ روک لئے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آ پہنچیں گے تو ان پر
عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُم
ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کی کھالیں گواہی دیں گی
بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٠﴾ وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ
جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اور وہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے
شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنطَقَ
ہمارے خلاف کیوں گواہی دی وہ کہیں گے کہ ہمیں اللہ نے گویائی دی جس نے ہر چیز کو

## ربط آیات

(۱۶) ان پر یہ عذاب آیا یہ تو دُنیا کا عذاب تھا۔ آخرت کا عذاب اس سے بھی زیادہ سخت ہے (۱۷) قوم ثمود کو بھی ہم نے ہدایت کی اور انہوں نے ہدایت پر گمراہی کو پسند کیا۔ ان پر بھی شامت اعمال کے باعث عذاب آیا (۱۸) ایمان والے اس عذاب الٰہی سے بچ گئے (۱۹) دشمنانِ خدا کو قیامت کے دن منظم کرکے اکٹھا کیا جائے گا (۲۰) اور ان کے اعضا ان پر شہادت دیں گے۔

ع ۲
۱۹

**خلاصہ رکوع ۳**

دعوت الی القرآن اور مقصود دعوتِ قرآن دعوت توحید ہے جس ذکر کیا جا چکا ہے۔

ماخذ آیت ۱۹، ۲۰، ۲۳، ۲۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾
گویائی بخشی ہے اور اسی نے پہلی مرتبہ تمہیں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے
وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ
اور تم اپنے کانوں اور آنکھوں اور چمڑوں کی اپنے اوپر
سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ
گواہی دینے سے پردہ نہ کرتے تھے لیکن
ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾
تم نے یہ گمان کیا تھا جو کچھ تم کرتے ہو اس میں سے بہت سی چیزوں کو اللہ نہیں جانتا
وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ
اور تمہارے اسی خیال نے جو تم نے اپنے رب کے حق میں کیا تھا تمہیں برباد کیا
فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا
پھر تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے پس اگر وہ صبر کریں
فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ
تو بھی ان کا ٹھکانا آگ ہی ہے اور اگر وہ معافی چاہیں گے تو انہیں
مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا
معافی نہیں دی جائے گی اور ہم نے ان کے لئے کچھ ہمنشین مقرر کر دیئے پس انہوں نے
لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ
ان کو وہ (برے کام) اچھے کر دکھائے جو پہلے کر چکے تھے اور جو پیچھے کریں گے اور ان پر حکم
عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ
الٰہی ثابت ہو چکا تھا پہلی امتوں کے ضمن میں جو ان سے پہلے
مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ ع
جنوں اور انسانوں میں سے گزر چکی تھیں بیشک وہ نقصان اٹھانے والے تھے اور کافروں

## ربط آیات

(۲۱) اپنی کھالوں کو کہیں گے اور جواب مذکور ہیں گے (۲۲) اے دشمنانِ حق تم خدا تعالیٰ سے اپنے خیال میں چھپا کرتے تھے تم اپنے اعضا سے تو نہیں چھپتے تھے (۲۳) اللہ تعالیٰ کے متعلق تمہیں یہ بدگمانی تھی۔ اسی نے تمہیں تباہ کیا (۲۴) آج تمہارے لئے نجات کی کوئی صورت نہیں (۲۵) چونکہ انھوں نے حق سے اعراض کیا تھا اس لئے ان کے ساتھی شیاطین بنا دیئے گئے جنہوں نے انہیں گمراہ رکھا۔ چنانچہ پہلی گمراہ ہونے والی امتوں کے ساتھ ان کے متعلق بھی یہی فیصلہ ہوا کہ یہ لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں گے۔



Downloaded from .... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۴**
دعوت الی القرآن اور مقصد دعوت
قرآن دعوت توحید ہے جس
تذکیر ما بعد الموت
ماخذ آیت ۲۶.۳۰.۲۰

الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا
نے کہا کہ تم اس قرآن کو نہ سنو اور اس میں غل
فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ ۝٢٦ فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا
مچاؤ تاکہ تم غالب ہو جاؤ پس ہم ضرور کافروں کو سخت عذاب کا
عَذَابًا شَدِيدًا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٢٧
مزہ چکھائیں گے اور ہم انہیں ان کے بدترین اعمال کا بدلہ دیں گے جو وہ کیا کرتے تھے
ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ
اللہ کے دشمنوں کی یہی سزا آگ ہی ہے ان کے لئے اس میں ہمیشہ رہنے کا گھر ہے
جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ ۝٢٨ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا
اس کا بدلہ جو ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے اور کافر کہیں گے
رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا
اے ہمارے رب ہمیں وہ لوگ دکھا جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا جنوں اور انسانوں میں سے ہم انہیں اپنے
تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ ۝٢٩ إِنَّ الَّذِينَ
قدموں کے نیچے ڈال دیں تاکہ وہ بہت ہی ذلیل ہوں بے شک جنہوں نے
قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ
کہا تھا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے ان پر فرشتے اتریں گے
أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي
کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور جنت میں خوش رہو جس کا
كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۝٣٠ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ
تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہم تمہارے دنیا میں بھی دوست تھے
الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي
اور آخرت میں بھی اور بہشت میں تمہارے لئے ہر چیز موجود ہے جس کو تمہارا

**ربط آیات**
۲۶: قرآن حکیم کے سننے والے نہیں
اس قدر عداوت ہے کہ اس
عداوت کی یہ سزا پائیں گے
۲۸: آیات الٰہی کے انکار کے
باعث ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے
۲۹: شیاطین اور انسان جنہوں نے
ہمیں گمراہ کیا ان کے متعلق
دوزخ میں جاکر یہ فیصلہ کریں گے
۳۰: توحید پرست موت
کے وقت یہ بشارت دیئے
جائیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ﴿٣١﴾ نُزُلًا مِّنْ
دل چاہے اور تم جو وہاں مانگو گے ملے گا بخشنے والے نہایت
غَفُورٍ رَّحِيمٍ ﴿٣٢﴾ وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى
رحم والے کی طرف سے مہمانی ہے اور اس سے بہتر کس کی بات ہے جس نے لوگوں کو اللہ کی
اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٣﴾
طرف بلایا اور خود بھی اچھے کام کئے اور کہا بیشک میں بھی فرمانبرداروں میں سے ہوں
وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي
اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی (برائی کا) دفعیہ اس بات سے کیجیے
هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ
جو اچھی ہو پھر ناگہاں وہ شخص جو تیرے اور اس کے درمیان دشمنی تھی
كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ﴿٣٤﴾ وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا
ایسا ہوگا گویا کہ وہ مخلص دوست ہے اور یہ بات نہیں دی جاتی مگر انہیں جو صابر ہوتے ہیں
وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٣٥﴾ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ
اور یہ بات نہیں دی جاتی مگر اس کو جو بڑا بخت والا ہے اور اگر آپ کو شیطان
مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ
سے کوئی وسوسہ آنے لگے تو اللہ کی پناہ مانگیے بیشک وہی سب کچھ سننے والا
الْعَلِيمُ ﴿٣٦﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَ
جاننے والا ہے اور اس کی نشانیوں میں سے رات اور دن اور سورج اور
الْقَمَرُ ۚ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا
چاند ہیں سورج کو سجدہ نہ کرو اور نہ چاند کو اور اس اللہ کو
لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿٣٧﴾
سجدہ کرو جس نے انہیں پیدا کیا ہے اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو

ع ۵ / ۱۸

**خلاصہ رکوع ۵**
دعوت دین القرآن از تفسیر دعوت قرآن، دعوت توحید ہے۔ بعض تذکیر آداب دعوت۔
ماخذ آیات ۳۰ - ۳۶ ۔ ۳۸ - ۴۰ ۔

**ربط آیات**
(۳۱) فرشتے انہیں کہیں گے ہم تمہارے دنیا میں بھی خیرخواہ تھے اور آخرت میں بھی تمہارے ساتھی ہیں۔ جو چاہو وہاں ملے گا۔ (۳۲) غفور رحیم کی طرف سے یہ تمہاری مہمانی ہے (۳۳) اس سے بہتر بات اور کیا ہو سکتی ہے (۳۴) نیکی اور برائی کبھی برابر نہیں ہو سکتی برائی کے بدلہ میں نیکی کرنے سے یہ نتیجہ برآمد ہوگا (۳۵) یہ صفت خاص کو نصیب ہوتی ہے۔ (۳۶) اگر شیطان کبھی اس کے خلاف کرانا چاہے تو اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجائیں (۳۷) ان اشیاء میں سے کوئی سجدہ کئے جانے کے قابل نہیں۔ سجدہ کے لائق فقط سب کا خالق ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاِنِ اسۡتَكۡبَرُوۡا فَالَّذِيۡنَ عِنۡدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوۡنَ لَهٗ

پھر اگر وہ تکبر کریں تو وہ لوگ جو آپ کے رب کے پاس ہیں رات دن اس

بِالَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَهُمۡ لَا يَسۡـئَمُوۡنَ ۩ ﴿٣٨﴾ وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ

السجدة

کی تسبیح کرتے ہیں اور تھکتے نہیں اور اس کی نشانیوں میں سے یہ

اَنَّكَ تَرَى الۡاَرۡضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهَا

ہے کہ تو زمین کو دبی ہوئی دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں

الۡمَآءَ اهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ ؕ اِنَّ الَّذِىۡۤ اَحۡيَاهَا لَمُحۡىِ

تو ابھرتی ہے اور پھولتی ہے بیشک جس نے اسے زندہ کیا وہی مردوں کو

الۡمَوۡتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿٣٩﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ

زندہ کرے گا بیشک وہی ہر چیز پر قادر ہے بیشک جو لوگ ہماری

يُلۡحِدُوۡنَ فِىۡۤ اٰيٰتِنَا لَا يَخۡفَوۡنَ عَلَيۡنَا ؕ اَفَمَنۡ يُّلۡقٰى

آیتوں میں کجروی کرتے ہیں وہ ہم سے چھپے نہیں رہتے کیا وہ شخص جو آگ میں

فِى النَّارِ خَيۡرٌ اَمۡ مَّنۡ يَّاۡتِىۡۤ اٰمِنًا يَّوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ

ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن سے آئے گا

اِعۡمَلُوۡا مَا شِئۡتُمۡ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿٤٠﴾

جو چاہو کرو جو کچھ تم کرتے ہو وہ دیکھ رہا ہے

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِالذِّكۡرِ لَمَّا جَآءَهُمۡ ۚ وَاِنَّهٗ

بیشک وہ لوگ جنہوں نے نصیحت سے انکار کیا جبکہ وہ ان کے پاس آئی اور تحقیق وہ

لَـكِتٰبٌ عَزِيۡزٌ ﴿٤١﴾ لَّا يَاۡتِيۡهِ الۡبَاطِلُ مِنۡۢ بَيۡنِ

البتہ عزت والی کتاب ہے جس میں نہ آگے اور نہ پیچھے سے

يَدَيۡهِ وَلَا مِنۡ خَلۡفِهٖ ؕ تَنۡزِيۡلٌ مِّنۡ حَكِيۡمٍ حَمِيۡدٍ ﴿٤٢﴾

غلطی کا دخل ہے حکمت والے تعریف کئے ہوئے کی طرف سے نازل کی گئی ہے

## رابط آیات

(۳۸) اگر یہ نہ مانیں تو آپ جانیں۔ فرشتوں جیسی مقدس ہستیوں کو تو عبادت الٰہی سے عار نہیں (۳۹) جو مردہ زمین کو دوبارہ زندہ کرتا ہے وہ مردہ انسانوں کو بھی زندہ کر سکتا ہے انہیں اگر اس کا یقین ہو جائے تو پھر دعوت قرآن کو مان جائیں (۴۰) ہماری آیات سے اعراض کرنے والے ہم سے پوشیدہ نہیں کیا جہنم میں جانے والے اور عذاب سے محفوظ رہنے والے دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔ (۴۱) منکرین قرآن سزا سے بچ نہیں سکتے (۴۲) اور یہ کتاب باطل کے حملوں سے پورے طور پر محفوظ رہے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۚ
آپ سے وہی بات کہی جاتی ہے جو آپ سے پہلے رسُولوں سے کہی گئی تھی
إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ﴿٤٣﴾ وَ
بے شک آپ کا رب بخشنے والا اور دردناک عذاب دینے والا بھی ہے اور
لَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ
اگر ہم اسے عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف بیان
آيَاتُهُ ۖ ءَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ ۗ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا
کیوں نہیں کی گئیں کیا عجمی کتاب اور عربی رسُول؟ کہہ دو یہ ایمان داروں کے لئے
هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي
ہدایت اور شفا ہے اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے
آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۚ أُولَٰئِكَ
کان بہرے ہیں اور وہ قرآن ان کے حق میں نابینائی ہے وہ لوگ (گویا کہ)
يُنَادَوْنَ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ ﴿٤٤﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى
دُور جگہ سے پکارے جا رہے ہیں اور ہم نے موسٰی کو کتاب دی
الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ
تھی پھر اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات صادر
رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ
نہ ہو چکی ہوتی تو ان کا فیصلہ ہی ہو چکا ہوتا اور انہیں تو قرآن میں قوی
مُرِيبٍ ﴿٤٥﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ
شک ہے جو کوئی نیک کام کرتا ہے تو اپنے لئے اور بُرائی
أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ ﴿٤٦﴾
کرتا ہے تو اپنے سر پر اور آپ کا رب تو بندوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا

### ربطِ آیات

(۴۳) آپ سے وہی سلوک ہو رہا ہے جو پہلے انبیاء علیہم السلام سے ہوا ہے۔ فیصلہ بھی ہوگا۔ موافقوں کے لئے اللہ تعالیٰ ذو مغفرت اور مخالفین کے حق میں ذو عقاب الیم ہے۔
(۴۴) اگر قرآن عجمی زبان میں ہوتا تو پھر یہ اعتراض کرتے کہ رسول عربی اور قرآن عجمی۔ ایمان والوں کے لئے یہ ہدایت اور شفاء ہے۔
(۴۵) موسٰی علیہ السلام کو جب تورات دی گئی تھی۔ تب بھی یہی ہوا تھا کہ اس کے موافق اور مخالف دو گروہ تھے۔ اسی طرح اب قرآن کے متعلق ہو رہا ہے۔ لہٰذا آپ گھبرائیں نہیں (۴۶) جو اس کتاب کے احکام کرمن کر عمل کرے گا۔ جزائے خیر پائے گا اور جو بُرائی کرے گا خود نقصان اُٹھائے گا۔

ع ۱۹ / ۵

| خلاصہ رکوع ۶ |
|---|
| دعوت الی القرآن اور مقصد دعوتِ قرآن دعوتِ توحید ہے۔ بعض تذکیر با بعد الموت۔ |
| ماخذ آیت ۴۷ ـ ۴۸ ۔ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

*************

اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَ مَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ

قیامت کی خبر کا اسی کی طرف حوالہ دیا جاتا ہے اور کوئی پھل اپنے غلافوں سے

مِّنْ اَكْمَامِهَا وَ مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَ لَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَ

نہیں نکلتا اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ وضع حمل کرتی ہے مگر اس کے علم سے اور

یَوْمَ یُنَادِیْهِمْ اَیْنَ شُرَكَآءِیْ ۙ قَالُوْۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ

جس دن انہیں پکارے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں کہیں گے ہم نے آپ سے عرض کر دیا کہ ہم میں سے کسی

شَهِیْدٍ ۚ (۴۷) وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَ

کو بھی خبر نہیں اور ان سے وہ کھوئے جائیں گے جنہیں اس سے پہلے پکارتے تھے اور

ظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ (۴۸) لَا یَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ

یقین کریں گے کہ انہیں کسی طرح بھی چھٹکارا نہیں انسان بھلائی مانگنے سے نہیں

الْخَیْرِ ۫ وَ اِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَیَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ (۴۹) وَ لَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ

تھکتا۔ اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو مایوس اور ناامید ہو جاتا ہے اور اگر ہم اسے اس مصیبت

رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَیَقُوْلَنَّ هٰذَا لِیْ ۙ

کے بعد جو اس پر آئی تھی اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو کہتا ہے یہ میرا حق تھا

وَ مَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآىِٕمَةً ۙ وَّ لَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّیْۤ اِنَّ

اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر میں اپنے رب کے پاس گیا بھی تو بے شک

لِیْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ؗ

میرے لئے اس کے ہاں بھلائی ہی ہوگی ہم کافروں کو ضرور بتائیں گے جو کچھ وہ کرتے رہے

وَ لَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ (۵۰) وَ اِذَاۤ اَنْعَمْنَا عَلَى

اور ہم ضرور انہیں سخت عذاب چکھائیں گے اور جب ہم نے انسان

## ربط آیات

(۴۷) آخرت اور دنیا کے تمام حالات کا پورا علم فقط اسی کی ذات میں محدود ہے۔ قیامت کے دن ان سے پوچھے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں۔ یہی مشرک جواب دیں گے ہم میں سے کوئی تیرے شریک کا قائل نہیں۔ (۴۸) سب معبود دن ان سے گم ہو جائیں گے۔ (۴۹) یہ کافر بھی اللہ تعالیٰ سے بھلائی مانگتے ہیں اور اگر شامت اعمال کے باعث کبھی گرفت ہو جائے تو دروازہ الٰہی سے مایوس ہو جاتے ہیں (پھر دوسروں کے دروازوں پر جا گرتے ہیں)۔ (۵۰) اور اگر تکلیف کے بعد ہماری طرف سے اسے آرام پہنچے کہتا ہے یہ تو میرا حق تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ

پر انعام کیا تو اس نے منہ پھیر لیا اور کنارہ کش ہوگیا اور جب اس کو تکلیف پہنچی تو لمبی چوڑی دعا

عَرِيْضٍ ﴿۵۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

کرنے لگا کہ دو بھلا دیکھو تو سہی اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اس کا انکار کر بیٹھے

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا

تو ایسے پرلے درجہ کے ضدی سے کون زیادہ گمراہ ہوگا عنقریب ہم اپنی نشانیاں

فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْۤ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ

انہیں دنیا میں دکھائیں گے اور خود ان کے نفس میں یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے گا کہ وہی حق ہے

اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

کیا ان کے رب کی یہ بات کافی نہیں کہ وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے خبردار انہیں

فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾ ع

اپنے رب کے پاس حاضر ہونے میں شک ہے۔ خبردار بیشک وہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے

(اٰیاتہا ۵۳) ﴿۴۲﴾ سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ ﴿۶۲﴾ (رکوعاتہا ۵)

آیتیں ۵۳ سورہ شوریٰ مکی ہے رکوع ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْۤ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ

اسی طرح سے اللہ زبردست حکمت والا آپ کی طرف وحی کرتا

مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِي

ہے اور ان کی طرف بھی (کرتا تھا) جو آپ سے پہلے تھے اسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾

آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ بلند مرتبہ بزرگی والا ہے



## ربط آیات

(۵۱) نعمت کے وقت اللہ تعالیٰ کو بھلا دیتا ہے اور مصیبت کے وقت بڑی لمبی لمبی دعائیں کرتا ہے۔ اس پہلی آیت اور اس میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ یا تو مختلف اقوام کے یہ حالات ہیں یا انسان کے مختلف حالات ہیں بشدائد میں اس کی مذکورہ بالا حالت ہوتی ہے اور کبھی یہ حالت جو اس آیت میں مذکور ہے (۵۲) اگر القرآن یہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو اور تم نے انکار کیا۔ تو بتاؤ پھر تم سے زیادہ گمراہ کون ہوگا (۵۳) ہم آیات آفاق و نفس سے ثابت کر دیں گے کہ یہ قرآن منزل من الرحمٰن ہے (۵۴) دراصل یہ لوگ قیامت کے قائل نہیں۔ اس لئے نہ گرفت الٰہی کا انہیں ڈر ہے اور نہ انہیں اصلاح کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

ع ۶ / ۱۰ / ۱

### سورۃ الشوریٰ

(موضوع سورۃ)

دعوت الی القرآن

### عنوان خصوصی

آپ کی وحی انبیاء علیہم السلام سابقین کی وحی سے مماثل ہے لہٰذا اس میں انکار کی کوئی گنجائش نہیں (۱-۲) حروف مقطعات ہیں

**خلاصہ رکوع ۱**
آپ کی وحی انبیاء علیہم السلام سابقین کی وحی سے مماثل ہے۔ لہٰذا اس میں انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔
ماخذ آیت ۳-۷

ان کی تفصیل ابتدائے سورۂ بقرہ میں ملاحظہ ہو۔ (۳) آپ کی وحی انبیاء علیہم السلام سابقین کی وحی سے مماثل ہے (۴) ماحصل اس وحی کا یہ ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
قریب ہے کہ آسمان اوپر سے پھٹ جائیں اور سب فرشتے
يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ
اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور ان کے لئے جو زمین میں ہیں مغفرت مانگتے ہیں
اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
خبردار بیشک اللہ ہی بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اور وہ لوگ جنہوں نے اس کے
مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَآ اَنْتَ
سوا اور کارساز بنا رکھے ہیں اللہ ان کا حال دیکھ رہا ہے اور آپ ان کے
عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا
ذمہ دار نہیں ہیں اور اسی طرح ہم نے آپ پر عربی زبان میں قرآن
عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ
نازل کیا تاکہ آپ مکہ والوں اور اس کے آس پاس والوں کو ڈرائیں اور قیامت کے دن سے بھی ڈرائیں
لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝۷
جس میں کوئی شبہ نہیں (اس روز) ایک جماعت جنت میں اور ایک جماعت جہنم میں ہوگی
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ
اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ایک ہی جماعت کر دیتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ
اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے اور ظالموں کا نہ کوئی دوست ہے
وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۸ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ
اور نہ کوئی مددگار کیا انہوں نے اس کے سوا اور بھی مددگار بنا رکھے ہیں پھر اللہ ہی
الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۹ ع
مددگار ہے اور وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

## ربط آیات

(۵) مشرکین کے شرک کے باعث آسمان چرگر جائیں لیکن ملائکہ کی تسبیح و تحمید علاوہ اس کے زمین والوں کے حق میں ان کی استغفار جاری ہے۔ (۶) مشرکین کے اعمال و اقوال کی اللہ تعالیٰ نگرانی کر رہا ہے۔ آپ ان کے ذمہ دار نہیں۔ (۷) جس طرح اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کا نگران ہے اسی طرح آپ کا کام فقط ام القریٰ اور متعلقہ والوں کو تبلیغ کرنا ہے۔ قرآن اسی لئے آپ کو دیا گیا ہے اس کے بعد آپ ذمہ دار نہیں کیونکہ انذار کے بعد ان کی دو جماعتیں ہو جائیں گی۔ (۸) اللہ تعالیٰ چاہتا تو مجبور کر کے سب کو اسلام میں لے آتا لیکن یہ طریقہ اس نے اختیار نہیں کیا۔ (۹) ان کا ولی و کارساز فقط اللہ تعالیٰ ہے لیکن انہوں نے اسے چھوڑ کر دوسروں کو ولی مقرر کر لیا ہے

ع ۲ ۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ

اور جس بات میں بھی تم اختلاف کرتے ہو سو اس کا فیصلہ اللہ کے سپرد ہے وہی اللہ

رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾ فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ

میرا رب ہے اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں وہ آسمانوں اور

وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ الْأَنْعَامِ

زمین کا پیدا کرنے والا ہے اسی نے تمہاری جنس سے تمہارے لئے جوڑے بنائے اور چارپایوں کے

أَزْوَاجًا ۖ يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ ۚ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ

بھی جوڑے بنائے تمہیں زمین میں پھیلاتا ہے کوئی چیز اس کی مثل نہیں اور وہ

السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿١١﴾ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ

سننے والا دیکھنے والا ہے اس کے ہاتھ میں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

روزی کشادہ کرتا ہے جس کی چاہے اور تنگ کر دیتا ہے بے شک وہ ہر چیز کو

عَلِيمٌ ﴿١٢﴾ شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَ

جاننے والا ہے تمہارے لئے وہی دین مقرر کیا کہ جس کا نوح کو حکم دیا تھا اور

الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَ

اسی راستہ کی ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے اور اسی کا ہم نے ابراہیم اور

مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ ۖ أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا

موسیٰ اور عیسیٰ کو حکم دیا تھا کہ اسی دین پر قائم رہو اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا

فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ ۚ اللَّهُ

جس چیز کی طرف آپ مشرکوں کو بلاتے ہیں وہ ان پر گراں گزرتی ہے اللہ

يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ ﴿١٣﴾

جسے چاہے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسے راہ دکھاتا ہے



**خلاصہ رکوع ۲**

دعوت الی القرآن و عنوان خصوصی، آپ کی وحی انبیاء سابقین علیہم السلام کی مماثل ہے۔

ماخذ آیت ۱۳، ۱۵، ۱۰

## ربط آیات

(۱۰) القرآن اس لئے نازل ہوا ہے کہ تمام فیصلہ جات اس قانون الٰہی پر ہوں (۱۱) اس قانون پر اس لئے سر جھکانے چاہئیں کیونکہ وہ زمین و آسمان کا بنانے والا ہے۔ لہٰذا قانون بھی اسی کا نافذ ہونا چاہئے۔ (۱۲) آسمان اور زمین کی کنجیوں کا وہی مالک ہے لہٰذا جو شخص کسی چیز سے فائدہ اٹھانا چاہے وہ اس سے اجازت لے اور اجازت لینے کے قوانین قرآن حکیم میں ہیں (۱۳) جس دین کی آپ کو تلقین کی جا رہی ہے یہی مسلک انبیاء علیہم السلام سابقین کا تھا۔ ان لوگوں کو بھی کہا گیا تھا کہ اسے سیدھا قائم رکھو اور فرقہ فرقہ نہ بن جاؤ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ
اور (اہل کتاب جو) جدا جدا فرقے ہوئے تو علم آنے کے بعد اپنی باہمی ضد سے ہوئے
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ
اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک وقت مقرر (قیامت) تک کا وعدہ نہ ہوتا تو ان میں
بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ
فیصلہ ہو گیا ہوتا اور جو ان کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے ہیں (زمانہ نبوی کے اہل کتاب) وہ اس (دین)
مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا
کی نسبت حیرت انگیز شک میں ہیں تو آپ اسی (دین) کی طرف بلاتے اور قائم رہیے جیسا آپ کو حکم دیا گیا ہے
تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ
اور ان کی خواہشوں پر نہ چلیے اور کہہ دو کہ میں اس پر یقین لایا ہوں جو اللہ نے کتاب نازل کی ہے
وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ اَعْمَالُنَا
اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں اللہ ہی ہمارا اور تمہارا پروردگار ہے ہمارے لئے ہمارے
وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ
اعمال (ہیں) اور تمہارے لئے تمہارے اعمال ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں اللہ ہم سب کو جمع کرے گا
وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ
اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور جو لوگ اللہ (کے دین) کے بارے میں جھگڑتے ہیں بعد اس کے کہ وہ
مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ
مان لیا گیا ان لوگوں کی حجت ان کے رب کے ہاں باطل ہے اور ان پر
غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
غضب ہے اور ان کے لئے سخت عذاب ہے اللہ ہی ہے جس نے سچی
الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾
کتاب اور ترازو نازل کی اور آپ کو کیا معلوم شاید قیامت قریب ہو

## ربط آیات

(۱۴) علم صحیح حاصل ہونے کے بعد ان میں مختلف فرقے پیدا ہو گئے اگر فیصلہ کی میعاد معین نہ ہوتی تو فیصلہ کر دیا جاتا۔ (۱۵) آپ اسی دین صحیح کی طرف دعوت دیں اور استقامت اختیار کریں اور ان کی پروا نہ کریں۔ نیز کہہ دیں کہ میرا ایمان تو کتب الٰہیہ پر یکساں ہے اور مجھے حکم ہے کہ تمہارے فیصلے انصاف سے کروں۔ (۱۶) اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں جھگڑنے والوں پر اس کا غضب اور عذاب شدید ہوگا۔ (۱۷) اللہ تعالیٰ نے کتاب (قرآن حکیم) نازل فرمائی اور حق و باطل کے پرکھنے کے لئے میزان عدل بھی عطا فرمائی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۚ وَالَّذِينَ آمَنُوا
اس کی جلدی تو وہی کرتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے اور جو ایمان رکھتے ہیں وہ
مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ
اس سے ڈر رہے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے خبردار بیشک جو لوگ
يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿۱۸﴾ اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ
قیامت کے بارہ میں جھگڑتے ہیں وہ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں اللہ اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے
يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿۱۹﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ
جسے (جس قدر) چاہے روزی دیتا ہے اور وہ بڑا طاقتور زبردست ہے جو کوئی آخرت کی کھیتی کا
حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ ۖ وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ
طالب ہو ہم اس کے لئے اس کی کھیتی میں برکت دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب
الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَصِيبٍ ﴿۲۰﴾
ہو اُسے (بقدر مناسب) دنیا میں دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں ہوگا
أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ ۚ
کیا ان کے اور شریک ہیں جنہوں نے انکے لئے دین کا وہ طریقہ نکالا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی
وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۗ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ
اور اگر فیصلہ کا وعدہ نہ ہوا ہوتا تو ان کا دنیا ہی میں فیصلہ ہو گیا ہوتا اور بیشک ظالموں کے لئے
عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَى الظَّالِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ
دردناک عذاب ہے آپ ظالموں کو (قیامت کے دن) دیکھیں گے کہ اپنے اعمال (کے وبال) سے
وَاقِعٌ بِهِمْ ۗ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ
ڈر رہے ہوں گے (اور) وہ ان پر پڑنے والا ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے وہ بہشت کے باغوں میں
الْجَنَّاتِ ۖ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿۲۲﴾
ہوں گے انہیں جو چاہیں گے اپنے رب کے ہاں سے ملے گا یہی وہ بڑا فضل ہے

منزل ۶

## ربط آیات

(۱۸) ایمان والے تو قیامت سے خائف ہیں اور بے ایمان جلدی

ع ۲

**خلاصہ رکوع ۳**
دعوت الی القرآن۔
ماخذ آیت ۲۱-۲۳-۲۲

چاہتے ہیں (۱۹) وہ باریک بین ہے جسے چاہے ایمان عمل صالح اور رزق ظاہری عطا فرمائے (۲۰) ہر شخص کی خواہش کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا (۲۱) کیا منزل من اللہ قانون (قرآن) نہ ماننے کی وجہ یہ ہے کہ انہیں شریکوں نے کوئی اور دین بنا دیا ہے۔ فیصلہ کا دن معین نہ ہوتا تو ابھی فیصلہ کر دیا جاتا۔ (۲۲) فیصلہ کے دن ظالم خائف ہوں گے اور ایمان والے خوش و خرم جنت میں ہوں گے۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

یہی وہ (فضل) ہے جس کی اللہ اپنے بندوں کو خوشخبری دیتا ہے جو ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی

کام کئے کہہ دو میں تم سے اس پر کوئی اجرت نہیں مانگتا بجز رشتہ داری کی محبت

الْقُرْبٰی ؕ وَ مَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ

کے اور جو نیکی کمائے گا تو ہم اس میں اس کے لئے بھلائی زیادہ کردیں گے بیشک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ

اللہ بخشنے والا قدردان ہے کیا وہ کہتے ہیں کہ آپ نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے

فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِكَ ؕ وَ یَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ

بس اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر کردے اور اللہ باطل کو مٹا دیتا ہے

وَ یُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ وَ

اور سچ کو اپنی کلام سے ثابت کردیتا ہے بیشک وہ سینوں کے بھید خوب جانتا ہے اور

هُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ یَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ

وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کے گناہ معاف کردیتا ہے

وَ یَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَ یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو اور ان کی دعا قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ یَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ الْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ

نیک کام کئے اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دیتا ہے اور کافروں کے لئے

عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۲۶﴾ وَ لَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

سخت عذاب ہے اور اگر اللہ اپنے بندوں کی روزی کشادہ کردے تو زمین پر

فِی الْاَرْضِ وَ لٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ

سرکشی کرنے لگیں لیکن وہ ایک اندازے سے اتارتا ہے جتنی چاہتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں سے

### ربط آیات

(۲۳) یہ خوشخبری اللہ تعالیٰ نے نیکوکاروں کو دی ہے (۲۴) کیا اس قرآن کو خود ساختہ خیال کرتے ہیں۔ یہ جو جانیں کہ وہی اللہ تعالیٰ باطل کو مٹائے گا اور حق کو ثابت رکھے گا۔ (۲۵) اگر یہ لوگ اب بھی توبہ کرلیں تو قبول ہوسکتی ہے (۲۶) لیکن باتوں کی قدر فقط ایمان والے کیا کریں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَبِيرٌۢ بَصِيرٌ (٢٧) وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ

خوب خبردار دیکھنے والا ہے اور وہی ہے جو نااُمید ہو جانے کے بعد مینہ

مَا قَنَطُوا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهُ ۚ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ (٢٨) وَمِنْ

برساتا ہے اور اپنی رحمت کو پھیلا دیتا ہے اور وہی کارساز حمد کے لائق ہے اور اس کی

آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِنْ دَابَّةٍ ۚ

نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آسمانوں اور زمین کو بنایا اور اس پر ہر قسم کے چلنے والے جانور پھیلائے

وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيرٌ (٢٩) وَمَا أَصَابَكُمْ مِنْ

ع ۳ ۴

اور وہ جب چاہے گا ان کے جمع کرنے پر قادر ہے اور تم پر جو مصیبت

مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ (٣٠) وَمَا

آتی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے آتی ہے اور وہ بہت سے گناہ معاف کر دیتا ہے اور

أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۖ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ

تم زمین میں عاجز کرنے والے نہیں اور سوائے اللہ کے نہ کوئی تمہارا

مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (٣١) وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ

کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار اور اس کی نشانیوں میں سے سمندر میں پہاڑوں جیسے

كَالْأَعْلَامِ (٣٢) إِنْ يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ

جہاز ہیں اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھیرا دے پس وہ اس کی سطح پر کھڑے

عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ (٣٣)

رہ جائیں بیشک اس میں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيرٍ (٣٤) وَيَعْلَمَ

یا ان کے برے اعمال کے سبب سے انہیں تباہ کر دے اور بہتوں کو معاف بھی کر دیتا ہے اور جان لیں

الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ (٣٥)

وہ جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں کہ ان کے لئے پناہ کی کوئی جگہ نہیں

## ربط آیات

(۲۷) تھوڑی سی تونگری حاصل کر کے یہ لوگ سرکش ہو گئے ہیں۔ اگر اس سے زیادہ ملیں تو اللہ تعالیٰ سے باغی ہو جائیں اور زمین میں بغاوت پھیلائیں (۲۸) اسی لئے جب تنگ آ جاتے ہیں تو تھوڑی سی بارش بقدر ضرورت نازل کر دیتا ہے (۲۹) زمین و آسمان کی پیدائش اور تمام جانوروں کا وجود اسی کی قدرت کا ثمرہ ہے جس طرح اس نے پھیلایا ہے اسی طرح جب چاہے اکٹھا کر سکتا ہے (۳۰) مصائب نتائج اعمال ہوتے ہیں (۳۱) اللہ تعالیٰ کے ملک میں رہ کر قانون شکنی کر کے اس کی گرفت سے کس طرح بچ سکتے ہو (۳۲) وہ تو بادلوں پر بھی فقط قابض نہیں ہے بلکہ بحر پر بھی قابض ہے۔ اسی کے حکم سے کشتیاں چلتی ہیں (۳۳) اگر چاہے تو ہوا روک دے اور کشتیاں کھڑی ہو جائیں (۳۴) اور چاہے تو شامت اعمال کے باعث کشتی والوں کو غرق کر دے (۳۵) آیات الٰہی میں جھگڑا کرنے والے جانتے ہیں کہ وہ گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

### خلاصہ رکوع ۴

آیات الٰہی میں مجادلہ کرنے والوں کی نجات نہیں ہوگی۔ ان پر ایمان لانے والوں کو نجات نصیب ہوگی اور ان کے اوصاف حمیدہ یہ ہیں۔

ماخذ ۳۵۔ بلم ۳۹۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ
پھر جو کچھ بھی تمہیں دیا گیا ہے وہ دُنیا کی زندگی کا سامان ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس
اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾
ہے وہ بہتر اور سدا رہنے والا ہے یہ ان کے لیے ہے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں
وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا
اور وہ جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی سے بچتے ہیں اور جب غصہ
غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَ
ہوتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں اور وہ جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں اور
اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
نماز ادا کرتے ہیں اور ان کا کام باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور ہمارے دیئے ہوئے میں سے
يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾
کچھ دیا بھی کرتے ہیں اور وہ لوگ جب ان پر ظلم ہوتا ہے تو بدلہ لیتے ہیں
وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ
اور بُرائی کا بدلہ ویسی ہی بُرائی ہے پس جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی
فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ
تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے بیشک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور جو کوئی ظلم اٹھانے
بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ
کے بعد بدلہ لے تو ان پر کوئی الزام نہیں الزام تو
عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ
ان پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ملک میں ناحق سرکشی کرتے
الْحَقِّ ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ
ہیں یہی ہیں جن کے لئے دردناک عذاب ہے اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کر دیا

## ربط آیات

(۳۶) اس ساز و سامانِ دُنیا پر مغرور ہو کر قانونِ الٰہی کو مت توڑو، یہ چیزیں فانی ہیں، اور پابندیٔ قانون سے جو نعمتیں نصیب ہوں گی وہ دائمی ہیں۔ ان کے حاصل کرنے کے لئے ان اوصاف کی ضرورت ہے ایمان، اعتماد علی اللہ (۳۷ تا ۳۹) ابدی نعمتوں کے وارثوں کے بقیہ اوصاف یہ ہیں (۴۰) بدلہ لینے کی انہیں اجازت ہے بشرطیکہ زیادتی نہ کریں اور اگر معاف کر دیں تو اجر اللہ تعالیٰ سے پائیں۔ (۴۱) مظلوم کو بدلہ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے (۴۲) گرفتِ الٰہی ظالموں پر ہو گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ع ۵

إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿٤٣﴾ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا

بیشک یہ بڑی ہمت کا کام ہے اور جسے اللہ گمراہ کردے سو

لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا

اس کے بعد اس کا کوئی کارساز نہیں اور ظالموں کو دیکھیں گے جب وہ عذاب

الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾ وَ

دیکھیں گے تو کہیں گے کیا واپس جانے کا بھی کوئی راستہ ہے اور

تَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ

آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے ایسے حال میں کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہوں گے چھپی نگاہ

مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ

سے دیکھ رہے ہوں گے اور وہ لوگ کہیں گے جو ایمان لائے تھے بیشک خسارہ اٹھانے والے

الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ

وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن خسارہ میں رکھا خبردار بیشک

الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ

ظالم ہی ہمیشہ کے عذاب میں ہوں گے اور ان کا اللہ کے سوا کوئی بھی

أَوْلِيَاءَ يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ

حمایتی نہ ہوگا کہ ان کو بچائے اور جسے اللہ گمراہ کرے

فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ ﴿٤٦﴾ اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن

اس کے لئے کوئی بھی راستہ نہیں اس سے پہلے اپنے رب کا حکم مان لو کہ

يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۚ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ

وہ دن آجائے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں اس دن تمہارے لئے کوئی جائے پناہ

يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ ﴿٤٧﴾ فَإِنْ أَعْرَضُوا

نہیں ہوگی اور نہ تم انکار کر سکو گے پھر بھی اگر نہ مانیں

منزل ۶

**خلاصہ رکوع ۵**

دعوت الی القرآن۔

ماخذ آیت ۵۱-۵۲۔

## ربط آیات

(۴۳) مظلوم اگر صبر کرے اور معاف کردے تو یہ بڑے امور مقصودہ میں سے ہے (۴۴) جسے اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دے اسے کہیں سے ہدایت نہیں مل سکتی (۴۵) ان بے ایمانوں کو ذلت کی حالت میں دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ ایمان والوں کا یہ فیصلہ ہے کہ نقصان قیامت کے دن کا بڑا سخت ہے اور ظالم دائمی عذاب میں مبتلا ہوں گے (۴۶) اس دن انہیں کوئی مددگار نہیں مل سکے گا۔ (۴۷) اگر عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو قیامت سے پہلے ایمان لے آؤ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا ؕ اِنۡ عَلَيۡكَ اِلَّا الۡبَلٰغُ ؕ وَ

توہم نے آپ کو ان پر محافظ بنا کر نہیں بھیجا ہے آپ پر تو صرف پہنچا دینا ہے اور

اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا رَحۡمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ

جب ہم انسان کو اپنی کوئی رحمت چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر اس پر اس

سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ فَاِنَّ الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ﴿۴۸﴾

کے اعمال سے کوئی مصیبت پڑ جاتی ہے تو انسان بڑا ہی ناشکرا ہے

لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ

آسمانوں اور زمین میں اللہ ہی کی بادشاہی ہے جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جسے چاہتا ہے

لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ﴿۴۹﴾ اَوۡ

لڑکیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے بخشتا ہے یا

يُزَوِّجُهُمۡ ذُكۡرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجۡعَلُ مَنۡ يَّشَآءُ عَقِيۡمًا ؕ

لڑکے اور لڑکیاں ملا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا

بے شک وہ خبردار قدرت والا ہے اور کسی انسان کا حق نہیں کہ اس سے اللہ کلام کرے مگر

وَحۡيًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوۡ يُرۡسِلَ رَسُوۡلًا فَيُوۡحِىَ

بذریعہ وحی یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیج دے کہ وہ اس کے

بِاِذۡنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِىٌّ حَكِيۡمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ

حکم سے القا کرے جو وہ چاہے بیشک وہ بڑا عالیشان حکمت والا ہے اور اسی طرح ہم نے آپ کی

اِلَيۡكَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ مَا كُنۡتَ تَدۡرِىۡ مَا الۡكِتٰبُ

طرف اپنے حکم سے قرآن نازل کیا آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے

وَلَا الۡاِيۡمَانُ وَلٰكِنۡ جَعَلۡنٰهُ نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ بِهٖ

اور ایمان کیا ہے اور لیکن ہم نے قرآن کو ایسا نور بنایا ہے کہ ہم اس کے ذریعہ سے

### ربط آیات

(۴۸) اگر وہ اعراض سے باز نہ آئیں تو آپ ذمہ دار نہیں۔ آپ کا کام فقط تبلیغ ہے۔ (۴۹-۵۰) زمین و آسمان کی بادشاہی کا انتظام فقط اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے مثلاً ہر شخص کا جی چاہتا ہے کہ اسے اولاد نرینہ نصیب ہو لیکن وہ جسے چاہے لڑکی دے اور جسے چاہے لڑکا دے یا لڑکی اور لڑکا دونوں دے دے اور چاہے تو کچھ بھی نہ دے بلکہ بانجھ بنا دے۔ وہی علیم اور قدیر ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کسے کیا دینا چاہیے اور دینے پر قادر بھی ہے۔ (۵۱) انہی طریقوں سے تو وحی نازل ہوا کرتا ہے۔



834
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ

ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں اور بیشک آپ سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۲ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

بتاتے ہیں اس اللہ کا راستہ جس کے قبضہ میں آسمانوں اور زمین کی سب

مَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝۵۳ ع

چیزیں ہیں خبردار اللہ ہی کی طرف سب کام رجوع کرتے ہیں

## ایاتها ۸۹ (۴۳) سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ (۶۳) رکوعاتها ۷

آیتیں ۸۹ سورۂ زخرف مکی ہے رکوع ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۝۱ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا

روشن کتاب کی قسم ہے ہم نے اسے عربی زبان میں قرآن بنایا ہے

لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۳ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ

تاکہ تم سمجھو اور یہ کتاب لوح محفوظ میں ہمارے نزدیک بلند مرتبہ حکمت

حَكِيْمٌ ۝۴ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا

والی ہے کیا تمہارے سمجھانے سے ہم اس لئے منہ پھیر لیں گے کہ تم بے ہودہ

مُّسْرِفِيْنَ ۝۵ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝۶

لوگ ہو اور پہلے لوگوں میں بھی ہم نے بہت سے نبی بھیجے ہیں

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۷

اور ان کے پاس ایسا کوئی نبی نہ آتا تھا کہ جس سے وہ ٹھٹھا نہ کرتے تھے

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸

پھر ہم نے ان میں بڑے زور والوں کو ہلاک کر دیا اور پہلوں کی مثال گزر چکی ہے

### ربط آیات

(۵۲) اور اسی طرح بھیجے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس وحی آ رہا ہے۔ پھر اس میں انکار کیا کرتے ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذریعہ وحی صراط مستقیم کی رہنمائی فرماتے ہیں (۵۳) صراط مستقیم اللہ والا راستہ ہے جو زمین و آسمان کا مالک ہے۔

### سورۃ الزخرف

(موضوع سورہ)

تمہارے اعراض کی وجہ سے قرآن حکیم زمین سے اٹھایا نہیں جا سکتا۔

(۱) حروف مقطعات میں سے ہے ان کی تفصیل ابتدائے سورۂ بقرہ میں ملاحظہ ہو۔ (۲-۳) کتاب مبین (قرآن) گواہ ہے کہ قرآن کو عربی میں تمہارے سمجھنے کے لئے نازل کیا گیا ہے (۴) یہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے ہاں بہت ہی بلند مرتبہ چیز ہے (۵) کیا تمہارے اعراض کے باعث اسے ہٹا لیں گے (۶-۷) لوگوں نے ہمیشہ انبیاء علیہم السلام سے استہزاء کیا (۸) اس کے بعد ہم نے آپ کی قوم سے زبردست طاقت والوں کو ہلاک کر دیا۔

**خلاصہ رکوع ۱**

تمہارے اعراض کی وجہ سے قرآن حکیم زمین سے اٹھایا نہیں جا سکتا۔ ماخذ آیت ۵، ۳، ۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ
اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور کہیں گے کہ
خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ
انہیں اس بڑے زبردست جاننے والے نے پیدا کیا ہے وہ جس نے زمین کو تمہارا بچھونا
مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾
بنایا اور تمہارے لئے اس میں راستے بنائے تاکہ تم راہ پاؤ
وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً
اور وہ جس نے آسمان سے اندازے کے ساتھ پانی اتارا پھر ہم نے اس سے مردہ بستی
مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا
کو زندہ کیا تم بھی اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گے اور وہ جس نے ہر قسم کے جوڑے بنائے
وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾ لِتَسْتَوُوا
اور تمہارے لئے وہ کشتیاں اور چارپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ ان
عَلٰى ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ
کی پیٹھ پر چڑھ کر اپنے رب کا احسان یاد کرو جبکہ تم ان پر خوب بیٹھ جاؤ
وَتَقُولُوا سُبْحٰنَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿١٣﴾
اور کہو وہ ذات پاک ہے جس نے ہمارے لئے اسے مطیع کر دیا اور ہم اسے قابو میں لانے والے نہ تھے
وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ
اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں اور لوگوں نے اس کے بندوں کو اس کی اولاد
جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا
بنا دیا بیشک انسان صریح ناشکرا ہے کیا اس نے اپنی مخلوقات
يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفٰكُم بِالْبَنِينَ ﴿١٦﴾ وَإِذَا بُشِّرَ
میں سے بیٹیاں لے لیں اور تمہیں بیٹے چن کر دیئے اور جب ان میں سے

## ربط آیات

(۹) آسمان وزمین کا خالق ایک اللہ تعالیٰ کو مانتے ہیں۔ (۱۰) وہی خالق جس نے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں راستے بنا دیئے (۱۱) جس نے پانی نازل فرمایا۔ پھر غیر آباد زمین کو آباد کر دیا۔ (۱۲) جس نے سب جوڑے بنائے اور کشتیاں اور چارپائے بنائے۔ (۱۳) تاکہ ان سواریوں پر سوار ہو کر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لاؤ۔ (۱۴) ہم رب کے ہاں جانے والے ہیں اور وہ ان نعمتوں کا حساب و کتاب لے گا (۱۵) ان خالق مطلق عزاسمہ وجل مجدہ کے مذکورۃ الصدر کے کارنامے نمایاں دیکھ کر بھی اللہ تعالیٰ کے بعض بندوں کو اس کا بیٹا بیٹی بنا دیتے ہیں۔ انسان کیسا ناشکرگزار ہے کہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ سے لے اور نسبت غیر کی طرف کرے (۱۶) کیا خود بیٹیاں لے لیں اور تمہیں بیٹے دے دیئے۔

ع ۱

**خلاصہ رکوع ۲**
دعوت الی القرآن۔
ماخذ آیت ۲۳۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا

کسی کو اس چیز کی خوشخبری دی جائے جسے رحمان کے لئے ٹھیراتا ہے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے

وَهُوَ كَظِيمٌ ﴿١٧﴾ أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي

اور وہ دل میں گھٹتا رہتا ہے کیا اس کے لئے وہ ہے جو زیور میں پلتی ہے اور وہ جھگڑے

الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ

میں بات نہیں کر سکتی اور فرشتوں کو جو رحمٰن کے بندے ہیں

عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ

عورتیں فرض کر لیا کیا انہوں نے پیدا ہوتے دیکھا ہے ان کی گواہی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا

لکھی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا اور کہتے ہیں اگر رحمٰن چاہتا تو ہم انہیں

عَبَدْنَاهُم ۗ مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٢٠﴾

نہ پوجتے انہیں اس کی کچھ خبر نہیں وہ محض اٹکل دوڑاتے ہیں

أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ ﴿٢١﴾

کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے کہ یہ اس پر قائم ہیں

بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم

بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور انہیں کے ہم

مُّهْتَدُونَ ﴿٢٢﴾ وَكَذَٰلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ

پیرو ہیں اور اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی گاؤں میں بھی کوئی

مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا

ڈرانے والا بھیجا تو وہاں کے دولت مندوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک

عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ ﴿٢٣﴾ قَٰلَ

طریقہ پر پایا اور ہم انہیں کے پیرو ہیں رسول نے کہا

## ربط آیات

(۱۷) حالانکہ بیٹی کو اپنے لئے باعثِ عار خیال کرتے ہیں (۱۸) ایسی کمزور چیز اللہ تعالیٰ کے لئے جزو موجود ثابت کرتے ہو۔ (۱۹) فرشتوں کو خدا تعالیٰ کی بیٹیاں بناتے ہو۔ کیا تم اس وقت موجود تھے (۲۰) فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں تصور کر کے ان کی عبادت کرتے ہیں اور پھر عذر یہ بناتے ہیں (۲۱) کیا اس معاملہ میں ان کے پاس کوئی مکتوب اثر ہے۔ (۲۲) بڑے سے بڑا ثبوت ان کے پاس یہ ہے (۲۳) پہلے گمراہوں کو بھی اسی دلیل نے تباہ کیا۔



ALMARIFAT

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ

اگرچہ میں تمہارے پاس اس سے بھی بہتر طریقہ لاؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا

قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿۲۴﴾ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ

انہوں نے کہا جو کچھ تو لایا ہے ہم اس کے منکر ہیں پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿۲۵﴾ وَإِذْ قَالَ

پھر دیکھ جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا اور جب ابراہیم

إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ﴿۲۶﴾

نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ بیشک میں ان سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو

إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةً

سوائے اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا سو بیشک وہی مجھے راہ دکھائے گا اور یہی بات اپنی اولاد

بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هَٰؤُلَاءِ

میں پیچھے چھوڑ گیا تاکہ وہ رجوع کریں بلکہ میں نے ان کو اور ان کے

وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ ﴿۲۹﴾ وَ

باپ دادا کو خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان کے پاس سچا قرآن اور صاف صاف بتانے والا رسول آیا اور

لَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ ﴿۳۰﴾

جب ان کے پاس سچا قرآن پہنچا تو کہا کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اسے نہیں مانتے

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا الْقُرْآنُ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ

اور کہا کیوں یہ قرآن ان دونوں بستیوں کے کسی سردار پر نازل نہیں

عَظِيمٍ ﴿۳۱﴾ أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم

کیا گیا کیا وہ آپ کے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں ان کی روزی تو ہم نے ان کے درمیان

مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ

دنیا کی زندگی میں تقسیم کی ہے اور ہم نے بعض کے بعض پر درجے

## ربط آیات

(۲۴) نبی نے فرمایا اگر تمہارے باپ دادا سے بہتر راستہ بھی لاؤں تو بھی اسی کا اتباع کرو گے۔ انہوں نے کہا ہم آبائی دین کسی صورت سے چھوڑنے کے لئے تیار نہیں (۲۵) پھر ان مکذبین پر عذاب الٰہی آیا، دیکھو پھر کیا نتیجہ

ع ۸

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳ |
| عظمت دل القرآن |
| ماخذ آیت ۳۰-۳۱ |

نکلا (۲۶) ابراہیم علیہ السلام نے والد اور قوم کے سامنے سب جھوٹ باطل سے اظہار بیزاری فرمایا۔ (۲۷) ہاں وہ خدا جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور تم بھی اسے مانتے ہو میں فقط اس کا تابعدار ہوں۔ (۲۸) ابراہیم علیہ السلام نے اقرار توحید اپنی اولاد میں باقی چھوڑا۔ (۲۹) ہم نے ان کفار کو اور ان کے باپ دادا کو سازو سامان دنیا عطا فرمایا، یہ اس پر مغرور ہو گئے (۳۰) پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے سامنے قرآن حکیم لائے تو انہوں نے یہ رائے قائم کی کہ یہ منزل من اللہ نہیں ہے بلکہ جادو ہے۔ (۳۱) اگر خدا کا کلام ہوتا تو کسی مستقل اور طائف میں سے کسی بڑے آدمی پر نازل ہوتا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ

بلند کئے تاکہ ایک دوسرے کو محکوم بنا کر رکھے اور آپ کے رب کی رحمت اس

خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً

سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں اور اگر یہ نہ ہوتا کہ سب لوگ ایک طریقہ کے ہو جائیں گے

لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ

(کافر) تو جو اللہ کے منکر ہیں ان کے گھروں کی چھت اور ان پر چڑھنے

فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ

کی سیڑھیاں چاندی کی کر دیتے اور ان کے گھروں کے

اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۗ وَاِنْ كُلُّ

دروازے اور وہ تخت بھی چاندی کے کر دیتے جن پر وہ تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں اور سونے کے بھی اور یہ سب کچھ

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۗ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ

دنیا کی زندگی کا سامان ہے اور دار آخرت آپ کے رب کے ہاں

ع ۴ ۹

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ

پرہیزگاروں کے لئے ہے اور جو اللہ کی یاد سے غافل ہوتا ہے تو ہم اس پر ایک شیطان

لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ

متعین کرتے ہیں پھر وہ اس کا ساتھی رہتا ہے اور شیاطین آدمیوں کو راستے سے

السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا

روکتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم راہ راست پر ہیں یہاں تک کہ جب ہمارے پاس

قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾

آئیگا تو کہے گا اے کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کی دوری ہوتی پس کیا برا ساتھی ہے

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾

اور آج تمہیں یہ بات ہرگز نفع نہ دے گی جو کہ تم نے ظلم کیا تھا بیشک تم سب عذاب میں شریک ہو

## ربط آیات

(۳۲) جس طرح ہم نے مال و متاع اپنی مرضی سے تقسیم کیا ہے اسی طرح رحمت الٰہی اس ساز و سامان سے تو بہتر ہے۔ اس کو بھی ہم نے جسے اہل سمجھا اسے عطا فرمائی (۳۳ تا ۳۵) رحمت الٰہی تو خاص خاص ہستیوں کو نصیب ہوتی ہے اور سامانِ دنیا بلکہ سونا چاندی کفار کو اتنا دیتے جتنا ان آیتوں میں ذکر ہے لیکن خطرہ ہے کہ کہیں سارے انسان اسی راستہ پر نہ پڑ جائیں کہ شاید کفر و بے ایمانی ہی سے سب کچھ ملتا ہے۔ (۳۶) قرآن سے منہ موڑنے کے باعث فوراً یہ سزا ملتی ہے کہ شیطان ہمنشین ہوجاتا ہے (۳۷) شیاطین پھر اسے راہ راست سے روکتے ہیں اور خیال یہ ہوتا ہے کہ صحیح راستہ پر جا رہے ہیں۔ (۳۸) قیامت کے دن وہ لوگ دست حسرت ملیں گے (۳۹) آج حسرت بیکار رہے ضال اور مضل دونوں دوزخ میں جائیں گے۔

**خلاصہ رکوع ۴**

دعوت الی القرآن۔

ماخذ آیت ۳۶-۴۳-۴۴



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَفَأَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ
پس کیا آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں یا اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہیں اور انہیں جو صریح
فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٤٠﴾ فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُمْ
گمراہی میں ہیں پس اگر ہم آپ کو دنیا سے اٹھا لیں تو بھی ہم ان سے
مُنْتَقِمُونَ ﴿٤١﴾ أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِمْ
بدلہ لیں گے یا اگر ہم آپ کو وہ دکھا بھی دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے تو ہم
مُقْتَدِرُونَ ﴿٤٢﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ إِنَّكَ عَلَىٰ
ان پر قادر ہیں پھر آپ مضبوطی سے پکڑیں اُسے جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے بیشک آپ
صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٤٣﴾ وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ
سیدھے راستہ پر ہیں اور بیشک وہ (قرآن) آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے ایک نصیحت ہے اور
تُسْأَلُونَ ﴿٤٤﴾ وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُسُلِنَا
تم سب سے اس کی بازپرس ہوگی اور آپ ان سب پیغمبروں سے جنہیں ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے پوچھ لیجئے
أَجَعَلْنَا مِنْ دُونِ الرَّحْمَٰنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ ﴿٤٥﴾ وَلَقَدْ
کیا ہم نے رحمان کے سوا دوسرے معبود ٹھہرا لئے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے اور ہم
أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَقَالَ إِنِّي
نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے امرائے دربار کی طرف بھیجا تھا سو اس نے کہا کہ میں
رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٦﴾ فَلَمَّا جَاءَهُمْ بِآيَاتِنَا إِذَا هُمْ مِنْهَا
پروردگار عالم کا رسول ہوں پس جب وہ ان کے پاس ہماری نشانیاں لایا تو وہ اس کی
يَضْحَكُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرِيهِمْ مِنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ
ہنسی اُڑانے لگے اور ہم ان کو جو کوئی نشانی دکھاتے تھے تو ایک دوسرے سے بڑھ کر ہوتی
أُخْتِهَا وَأَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤٨﴾
تھی اور ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا تاکہ وہ باز آ جائیں

ع ۴/۱۰

## ربط آیات

(۴۰) مردہ روحانیت والوں کو آپ کس طرح ہدایت کر سکتے ہیں (۴۱-۴۲) یہ عذاب الٰہی کے مستحق ہو چکے ہیں اب آ گئے یا دیر سے آ گئے (۴۳) آپ قرآن حکیم کو مضبوط پکڑیں (۴۴) یہ قرآن آپ کا اور آپ کی اُمت کا شرف ہے (۴۵) پہلے انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات کو دیکھئے کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کو معبود بنانے کی اجازت دی گئی ہے (۴۶) موسیٰ علیہ السلام آیات الٰہی لے کر فرعون کے پاس گئے (۴۷) آیات الٰہی دیکھ کر انہوں نے تمسخر کیا (۴۸) بڑی سے بڑی علامتیں ہم نے دکھائیں لیکن وہ ایمان نہ لائے پھر ان پر عذاب آیا۔

**خلاصہ رکوع ۵**
تذکیر بایام اللہ سے دعوت الی القرآن۔
ماخذ آیت ۴۶ - ۴۷۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ

اور انہوں نے کہا اے جادوگر اپنے رب سے ہمارے لئے اس عہد سے جو تجھ سے اس نے کیا ہے دُعا

اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا

کر ہم ضرور راہ پر آجائیں گے پھر جب ہم ان سے عذاب ہٹا لیتے تو اسی وقت عہد

هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ

کو توڑ دیتے اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کر کے کہہ دیا اے میری قوم

اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ

کیا میرے لئے مصر کی بادشاہت نہیں اور کیا یہ نہریں میرے (محل کے) نیچے سے نہیں بہہ رہی ہیں

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ

پھر کیا تم نہیں دیکھتے کیا میں اس سے بہتر نہیں ہوں جو ذلیل

مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ

ہے اور صاف بات بھی نہیں کر سکتا پھر اس کے لئے سونے کے کنگن کیوں نہیں

مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾

اتارے گئے یا اس کے ہمراہ فرشتے پرے باندھے ہوئے آئے ہوتے

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

پس اس نے اپنی قوم کو احمق بنا دیا پھر اس کے کہنے میں آگئے کیونکہ وہ بدکار لوگ

فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

تھے پس جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا پس ہم نے ان سب

اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع وَ

کو غرق کر دیا پھر ہم نے ان کو گئے گزرے اور پیچھے آنے والوں کے لئے کہاوت بنا دیا اور

لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾

جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اسی وقت آپ کی قوم کے لوگ اس سے کھلکھلا کر ہنسنے لگے

ع ۱۱

## ربط آیات

(۴۹) اے جادوگر (موسیٰ علیہ السلام) اپنے رب سے دعا کر کہ عذاب ٹل جائے (۵۰) عذاب ٹل جاتا، پھر عہد شکنی کرتے (۵۱) فرعون نے یہ اعلان کیا (۵۲) میں بہتر ہوں یا یہ ذلیل آدمی (نعوذ باللہ من ذلک) اور بول نہیں سکتا (۵۳) اگر خدا تعالیٰ کا نائب ہوتا تو سونے کے کنگن اس کے پاس ہوتے یا فرشتے اس کے ساتھ آتے (۵۴) فرعون نے نہیں چھوڑا اور وہ پھسل گئے۔ (۵۵) بار بار عہد شکنی کر کے انہوں نے ہمیں غصہ چڑھا دیا۔ پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا اور غرق کر دیا (۵۶) ان کی گذشتہ مثال کو پچھلوں کے لئے عبرت بنا دیا (۵۷) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذکر خیر سے کفار نے شور مچا دیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**خلاصہ رکوع ۶**

گفتار کفر کے ایک شبہ کا جواب۔ قرآن کریم کی تعلیم کا ماحصل یعنی ترجیح ہے جب عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر خیر قرآن میں آیا تو کفار کہنے لگے کہ نصاریٰ کے معبود کی عزت کرتے ہیں ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتے ہیں۔ اس شبہ کا جواب ہے۔ ماخذ آیت ۵۷، ۶۰

**ربط آیات**

(۵۸) یہ اعتراض کیا (۵۹): عیسیٰ علیہ السلام تو ہمارے بندہ ہیں۔ جنہیں ہم نے بنی اسرائیل کے لئے ایک نشانی بنا دیا تھا۔ (۶۰) اگر ہم چاہیں تو تمہاری نسل سے ایسے آدمی پیدا کر سکتے ہیں جو عیسیٰ کی طرح صفات ملکیہ سے متصف ہوں۔ (۶۱) عیسیٰ علیہ السلام تو علامات قیامت میں سے ایک ہیں۔ ان کے متعلق بحث چھوڑ دو۔ (۶۲) ان کے ذکر کی آڑ بنا کر شیطان تمہیں گمراہ نہ کرے (۶۳-۶۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو خلق خدا کی طرف پیغام توحید لائے تھے۔ ان کی مثال کو کس طرح شرک کے جواز کی دلیل بنا سکتے ہو۔

وَقَالُوٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ

اور کہا کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ یہ ذکر صرف آپ سے جھگڑنے کے لئے کرتے ہیں

بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ

بلکہ وہ تو جھگڑالو ہی ہیں وہ تو ہمارا ایک بندہ ہے جس پر ہم نے انعام کیا

وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا

اور اسے بنی اسرائیل کے لئے نمونہ بنا دیا تھا اور اگر ہم چاہیں تم میں سے فرشتے

مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ

پیدا کریں جو زمین میں تمہاری جگہ رہیں اور البتہ عیسیٰ قیامت کی

لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

ایک نشانی ہے پس تم اس میں شبہ نہ کرو اور میری تابعداری کرو یہی سیدھا

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

راستہ ہے اور تمہیں شیطان نہ روکنے پائے کیونکہ وہ تمہارا صریح

مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ

دشمن ہے اور جب عیسیٰ واضح دلیلیں لے کر آیا تھا تو اس نے کہا تھا کہ میں تمہارے پاس

بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ

دانائی کی باتیں لایا ہوں اور تاکہ تم پر بعض وہ باتیں واضح کر دوں جن میں تم اختلاف کرتے

فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

تھے پس اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو بیشک اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ

پس اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے پھر لوگ ایک دوسرے

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

سے مختلف ہو گئے پس جنہوں نے ظلم کیا ان کے لئے دردناک دن کے عذاب سے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَنْ تَأْتِيَهُمْ
تباہی ہے ۔ کیا وہ قیامت کے ہی منتظر ہیں کہ ان پر یکایک

بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٦٦﴾ اَلْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ
آجائے اور ان کو خبر بھی نہ ہو اس دن دوست بھی آپس میں

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ ﴿٦٧﴾ يَا عِبَادِ لَا ع ۱۱ / ۱۲
دشمن ہو جائیں گے مگر پرہیزگار لوگ (کہا جائے گا) اے میرے بندو تم

خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ ﴿٦٨﴾ الَّذِينَ
پر آج نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے جو لوگ

آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ﴿٦٩﴾ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ
ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرمانبردار تھے تم اور تمہاری بیویاں خوشیاں

وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ﴿٧٠﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ
کرتے ہوئے جنت میں داخل ہو جاؤ ان کے سامنے سونے کے پیالے پیش

مِنْ ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَ
کئے جائیں گے اور آبخورے بھی اور وہاں جس چیز کو دل چاہے گا اور

تَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنْتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٧١﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي
جس سے آنکھیں خوش ہوں گی موجود ہو گی اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے اور یہی وہ جنت ہے جس کے

أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٧٢﴾ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ
تم وارث بنائے گئے ہو ان اعمال کے بدلے میں جو تم کرتے تھے تمہارے لئے وہاں بہت سے میوے ہیں

كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٧٣﴾ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ
جن میں سے کھایا کرو گے بیشک گنہگار عذاب دوزخ میں

جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ﴿٧٥﴾
ہمیشہ رہیں گے ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ اسی میں مایوس پڑے رہیں گے

## ربط آیات

(۶۵) بعد میں ان کے متعلق جماعتوں میں اختلاف ہو گیا۔
(۶۶) یہ کفار اپنے انجام سے بے خبر ہیں اور قیامت کے منتظر ہیں۔
(۶۷) اس دن سوائے متقین کے اور دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے
(۶۸) متقین کو یہ پیغام ملے گا۔
(۶۹) تقویٰ کی یہ علامت ہے۔
(۷۰) تم مع بیویوں کے جنت میں جاؤ
(۷۱) جنت میں یہ نعمتیں نصیب ہوں گی۔
(۷۲) یہ بہشت تمہارے اعمال کی جزا ہے۔
(۷۳) بہشت میں بکثرت میوہ جات کھاؤ۔
(۷۴) آیات پر ایمان لانے سے انکار کرنے والے دوزخ میں جلیں گے
(۷۵) وہ عذاب ان سے ہلکا نہیں کیا جائے گا

| خلاصہ رکوع ۷ |
| --- |
| دعوت الی القرآن |
| ماخذ آیت ۶۰۔۶۹۔۰۰۰۰ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَنَادَوْا

اور ہم نے تو ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی ظالم تھے اور وہ پکاریں گے

يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿٧٧﴾

اے مالک تیرا پروردگار ہمارا کام تمام کر دے وہ کہے گا بیشک تمیں تو ہمیشہ رہنا ہے

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٨﴾

ہم تو تمہارے پاس سچا دین لاچکے اور لیکن تم میں سے اکثر دین حق سے نفرت کرتے ہیں

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا

کیا انہوں نے کوئی بات طے کر لی ہے تو ہم بھی طے کرنے والے ہیں کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم

لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ

ان کا بھید اور مشورہ نہیں سنتے کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کے

يَكْتُبُوْنَ ﴿٨٠﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا اَوَّلُ

پاس لکھ رہے ہیں کہہ دو اگر اللہ کا بیٹا ہوتا تو سب سے پہلے میں

الْعٰبِدِيْنَ ﴿٨١﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ

عبادت کرتا آسمانوں اور زمین اور عرش کا رب پاک ہے

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا

## ربط آیات

(۷۶) ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا یہ ان کے اعمال کے نتائج ہیں۔ (۷۷) دوزخ میں موت بھی نہیں آئے گی (۷۸) انکارِ حق کی یہ سزا ہے (۷۹) اگر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کا پختہ فیصلہ کر لیا ہے تو ہم بھی پختہ فیصلہ ان کی سزا کا کر دیں گے (۸۰) کیا ان کا خیال ہے کہ ہمیں ان کے حالات سے اطلاع نہیں (۸۱) اگر رحمٰن کا بیٹا ہوتا تو سب سے پہلے میں اس کی پرستش کرتا (۸۲) اللہ تعالیٰ اولاد سے پاک ہے (۸۳) اگر نہیں مانتے تو جانے دیجئے۔ قیامت میں انہیں معلوم ہو

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَعِندَهُۥ عِلْمُ ٱلسَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٥﴾ وَلَا يَمْلِكُ

اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے اور جنہیں وہ اس کے

ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ ٱلشَّفَٰعَةَ إِلَّا مَن

سوا پکارتے ہیں انہیں تو شفاعت کا بھی اختیار نہیں ہاں جن لوگوں نے

شَهِدَ بِٱلْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم

حق بات کا اقرار کیا تھا اور وہ تصدیق بھی کرتے تھے اور اگر آپ ان سے پوچھیں

مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ ٱللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٨٧﴾

کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور کہیں گے اللہ نے پھر کہاں بہکے جا رہے ہیں

وَقِيلِهِۦ يَٰرَبِّ إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾ (وقف لازم)

اور قسم ہے رسول کے یارب پکارنے کی بیشک یہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان نہ لائیں گے

فَٱصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾ ع ٧ ١٣

پس آپ بھی ان سے منہ پھیر لیں اور سلام کہہ دیں پس انہیں خود معلوم ہو جائے گا

## آیاتها ٥٩ (٤٤) سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ (٦٤) رکوعاتها ٣

آیتیں ٥٩ سورۃ دخان مکی ہے رکوع ٣

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ﴿١﴾ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلْمُبِينِ ﴿٢﴾ إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةٍ مع ١٤

روشن کتاب کی قسم ہے ہم نے اسے مبارک رات میں نازل

مُّبَٰرَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ﴿٣﴾ فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ

کیا ہے بیشک ہمیں ڈرانا مقصود تھا سارے کام جو حکمت پر مبنی ہیں اسی رات

حَكِيمٍ ﴿٤﴾ أَمْرًا مِّنْ عِندِنَآ ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٥﴾

تصفیہ پاتے ہیں ہمارے خاص حکم سے کیونکہ ہمیں رسول بھیجنا منظور تھا

### ربط آیات

(٨٥) اسی بابرکت ذات کی آسمان اور زمین میں بادشاہی ہے اور قیامت کا علم بھی اسے ہی ہے (٨٦) ان کے معبود من دون اللہ تو شفاعت بھی نہیں کر سکتے مگر ان میں سے جو شخص توحید پرست ہو گا مثلاً عیسیٰ علیہ السلام و عزیر علیہ السلام (٨٧) اگر ان سے پوچھیں کہ انہیں کس نے بنایا تو ضرور جواب دیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے پھر سے چھوڑ کر کیوں دوسری طرف جاتے ہو۔ (٨٨) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بطور شکایت کے گراہ پیش کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ دعوۃ قرآن اور دعوۃ توحید کو تسلیم نہیں کرتے (٨٩) اگر نہیں مانتے تو جانے دو عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

### سورۃ الدخان

(موضوع سورت)

دعوت الی القرآن۔ کتاب مبین کا نزول لیلۃ مبارکہ میں ہوا ہے اور مبارکہ میں ہر امر حکیم کا فیصلہ ہوتا ہے اگر اس قرآن حکیم کا اتباع نہیں کرو گے تو دنیاوی ذلت اور اخروی عذاب سے بچ نہیں سکو گے۔

(١) حروف مقطعات میں سے ہے اس کی تفصیل ابتدا سورۃ بقرہ میں ملاحظہ ہو (٢-٣) روشن کتاب (قرآن حکیم) اس امر پر گواہ ہے کہ اس کا نزول لیلۃ مبارکہ (لیلۃ نصف شعبان) میں ہوا ہے (٤) اس رات ہر امر باحکمت ہی کا فیصلہ ہوتا ہے لہٰذا قرآن بھی باحکمت ہے (٥) یہ قرآن حکیم ہماری طرف سے آیا ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کو ہم ہی ہی بنا کر بھیجا کرتے ہیں چنانچہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ہم نے بھیجا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ﴿۶﴾ رَبِّ

آپ کے پروردگار کی رحمت سے بیشک وہی سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۷﴾

زمین کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾

اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۹﴾ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ

بلکہ وہ تو شک میں کھیل رہے ہیں سو اس دن کا انتظار کیجئے کہ آسمان

بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

دھواں ظاہر لائے جو لوگوں کو ڈھانپ لے یہی دردناک عذاب ہے

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَنّٰى لَهُمُ

اے ہمارے رب ہم سے یہ عذاب دور کر دے بیشک ہم ایمان لانے والے ہیں وہ کہاں

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا

سمجھتے ہیں حالانکہ ان کے پاس کھول کر سنانے والا رسول بھی آچکا پھر اس سے بھی

عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ

پھر گئے اور کہا کہ سکھایا ہوا دیوانہ ہے ہم اس عذاب کو تھوڑی دیر کے لئے ہٹا

قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ

دیں گے تم پھر وہی کرنے والے ہو جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے

اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ

بیشک ہم بدلہ لینے والے ہیں اور ان سے پہلے ہم فرعون کی قوم کو آزما چکے ہیں

وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَنْ اَدُّوْۤا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ

اور ان کے پاس ایک عزت والا رسول بھی آیا تھا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالہ کر دو

منزل ۶

### ربط آیات

(۶) اس قرآن کریم کا نزول

**خلاصہ رکوع ۱**

ذکر نزول قرآن، مکالمہ الٰہی سے اعراض کے باعث فرعون کا دنیوی عذاب میں مبتلا ہونا

ماخذ تبیت ۲۲۰۰۰۰۰

رحمت الٰہی سے ہوا کہ آسمان و زمین کے رب نے ربوبیت کا حق ادا فرمایا ہے۔ (۸) اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ موت و حیات کا نظام اسی کے قبضہ میں ہے۔ (۹) حالانکہ یہ لوگ قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں شک سے اس کے ساتھ تمسخر کرتے ہیں۔ (۱۰) اس دن کا انتظار کیجئے جس دن قحط سالی کے باعث بھوک کی وجہ سے انہیں آسمان پر دھواں نظر آنے لگے گا۔ (۱۱) یہ دھواں سب لوگوں پر چھا جائیگا اور یہ دردناک عذاب ہوگا۔ (۱۲) اس دن یہ دعا کریں گے۔ (۱۳) آج یہ دعا کس طرح انہیں نفع دے حالانکہ ان کے پاس پہلے عذاب سے ڈرانے کے لئے رسول آچکا ہے۔ (۱۴) اس رسول سے اعراض کر چکے ہیں بلکہ اس پر مجنون کا حکم لگا چکے ہیں۔ (۱۵) اچھا تھوڑی دیر کے لئے عذاب ہٹا لیا جائے گا۔ لیکن تم پھر اسی سے کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے (۱۶) اور پھر قیامت کے دن پورا بدلہ لیں گے (۱۷) اسی طرح ہم نے پہلے قوم فرعون کو آزمایا ہے۔ ان کے پاس ہمارا معزز رسول گیا تھا۔

ولقد فتنا قبلہم قوم فرعون

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَنْ لَا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ
بیشک میں تمہارے لئے ایک امانت دار رسول ہوں اور یہ کہ اللہ کے خلاف سرکشی نہ کرو
إِنِّي آتِيكُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَ
میں تمہارے پاس کھلی ہوئی دلیل لایا ہوں اور بیشک میں نے اپنے اور تمہارے رب کی
رَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِنْ لَمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾
پناہ لی ہے اس واسطے کہ تم مجھے سنگسار کرو اور اگر تم میری بات پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہو جاؤ
فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِي
پس اس نے اپنے رب کو پکارا کہ یہ تو مجرم لوگ ہیں حکم ہوا بس میرے بندوں کو رات
لَيْلًا إِنَّكُمْ مُتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ
کے وقت لے چل کیونکہ تمہارا پیچھا کیا جائے گا اور سمندر کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دے بیشک وہ
جُنْدٌ مُغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوا مِنْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٢٥﴾
لشکر ڈوبنے والے ہیں کتنے انہوں نے باغات اور چشمے چھوڑے ہیں
وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ ﴿٢٧﴾
اور کھیتیاں اور مقام عمدہ اور نعمت کے ساز و سامان جس میں وہ مزے کیا کرتے تھے
كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ
اسی طرح ہوا اور ہم نے ان کا ایک دوسری قوم کو وارث کر دیا پس ان پر نہ آسمان رویا اور
ع ۲ / ۱۴ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنْظَرِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا
نہ زمین اور نہ ان کو مہلت دی گئی اور ہم نے
بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ
بنی اسرائیل کو اس ذلت کے عذاب سے نجات دی (یعنی) فرعون سے
إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِنَ الْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ
بیشک وہ ایک سرکش حد سے بڑھنے والا تھا اور ہم نے اپنے علم سے ان کو

الثلث

### ربط آیات

(۱۸) یہ پیغام لے کر گیا تھا۔
(۱۹) تکبر سے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ سے اونچا مت خیال کرو۔
(۲۰) اور میں تمہارے شر سے بچنے کے لئے اپنے رب کی پناہ لیتا ہوں (۲۱) اگر میرا پیغام نہیں مانتے تو مجھ سے مت الجھو
(۲۲) موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں یہ فریاد کی (۲۳) اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ جواب ملا۔
(۲۴) خود پار ہو کر سمندر کو اسی حالت پر چھوڑ دیں، یہ فرعونی اسی میں غرق کئے جا رہے ہیں (۲۵ تا ۲۷) اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت عملی سے ان تمام نعمتوں سے نکال کر انہیں سمندر میں لا کر غرق کیا
(۲۸) ہم اپنے نافرمانوں سے اسی طرح کیا کرتے ہیں اور ان چیزوں کا ہم نے دوسروں کو وارث بنا دیا (۲۹) ان بدبخت فرعونیوں پر زمین و آسمان نہ روئے اور نہ انہیں عذاب سے مہلت دی گئی۔
(۳۰، ۳۱) مسرف فرعون سے ہم نے بنی اسرائیل کو نجات دلائی۔

خلاصہ رکوع ۲
تذکیر بایام مع احکام الٰہی کی مخالفت سے قوم تبع کی تباہی۔
ماخذ آیت ۳۷۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا

جہان والوں پر چن لیا تھا اور ہم نے ان کو نشانیاں دی تھیں جن میں صریح

مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

آزمائش تھی بے شک یہ لوگ کہتے ہیں کہ اور مرنا نہیں ہے مگر یہی ہمارا

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ

پہلی بار کا مرنا اور ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں پس ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ

تم سچے ہو کیا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور وہ لوگ جو ان سے

قَبْلِهِمْ ۭ اَهْلَكْنٰهُمْ ۡ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا

پہلے ہوئے ہم نے انہیں ہلاک کر دیا کیونکہ وہ مجرم تھے اور ہم نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ

اور زمین کو اور جو کچھ اس کے درمیان میں ہے کھیل کے لئے نہیں بنایا ہم نے نہیں بنت

اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ

ہی مصلحت سے بنایا ہے لیکن اکثر ان میں سے نہیں جانتے بے شک فیصلہ کا

الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى

دن ان سب کے لئے مقرر ہو چکا ہے جس دن کوئی دوست کسی دوست

عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ

کے کچھ بھی کام نہیں آئے گا اور نہ انہیں مدد ملے گی مگر جس پر اللہ نے رحم

اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾

کیا بیشک وہ زبردست نہایت رحم والا ہے بے شک تھوہر کا درخت

طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾

گنہگاروں کا کھانا ہے پگھلے ہوئے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا

## ربط آیات

(۳۲) ہم نے بنی اسرائیل کو اپنے علم کی بنا پر جہان والوں پر فضیلت عطا فرمائی (۳۳) اور بہت سی نشانیاں عطا فرمائیں جن میں ان کا امتحان تھا کہ وہ شکر گزار ہوتے ہیں یا ناشکرے (۳۴، ۳۵) مشرکین مکہ کے خیالات ہیں۔ بنی اسرائیل کا واقعہ در اصل واقعہ فرعون کا تتمہ تھا مشرکین عرب کو واقعہ فرعون کے بعد واقعہ قوم تبع بتلایا جا رہا ہے (۳۶) اگر مرکر آدمی جی سکتا ہے تو ہمارے باپ زندہ کر کے دکھا دیجئے (۳۷) کیا مشرکین مکہ قوم تبع سے طاقتور اور تعداد میں زیادہ ہیں۔ جب ہم نے انہیں تباہ کر دیا تو یہ کس گنتی میں ہیں (۳۸) ہم نے زمین و آسمان کو کھیل تو نہیں بنایا (۳۹) ہم نے اسے انصاف پر مبنی کیا ہے کہ نیکو کاروں کو جزا اور بدکاروں کو سزا دی جانے والی (۴۰) آخری فیصلہ کا دن قیامت ہے جس میں سب حاضر ہوں گے۔ (۴۱) جس دن کوئی رشتہ دار کسی کے کام نہیں آئے گا۔ (۴۲) مگر جس پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ (۴۳) تا (۴۶) مجرمین

ع ۳
۱۵

خلاصہ رکوع ۳
احکام الٰہی سے انکار کرنے والوں کے لئے عذاب آخرت کا اعلان۔
ماخذ آیت ۴۳ ۔ ۳۲ •

کی بیہ خوراک ہے •



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٤٧﴾

جیسے اُبلتا ہوا پانی کھولتا ہے اسے پکڑو پس لے دوزخ کے درمیان دھکیل کر لے جاؤ

ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ

پھر اس کے سر پر عذاب کا کھولتا ہوا پانی ڈالو چکھ

إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ﴿٤٩﴾ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ ﴿٥٠﴾

بیشک تُو تو بڑا عزت والا بزرگی والا ہے بے شک یہی ہے جس کی نسبت تم شک کیا کرتے تھے

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٍ ﴿٥١﴾ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٥٢﴾

بیشک پرہیزگار امن کی جگہ میں ہوں گے باغوں اور چشموں میں

يَلْبَسُونَ مِن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَابِلِينَ ﴿٥٣﴾

باریک ریشم اور گاڑھا پہن کر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے

كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُونَ فِيهَا

یونہی ہوگا اور ہم ان کا نکاح بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیں گے وہ اس میں ہر قسم کا

بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا

میوہ امن و اطمینان سے طلب کریں گے وہاں پہلی موت کے سوا

الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ

اور موت کا مزہ نہ چکھیں گے اور انہیں اللہ دوزخ کے عذاب

الْجَحِيمِ ﴿٥٦﴾ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

سے بچالے گا یہ آپ کے رب کا فضل ہوگا یہی وہ بڑی

الْعَظِيمُ ﴿٥٧﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

کامیابی ہے اس قرآن کو ہم نے آپ کی زبان میں آسان کر دیا تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾ فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ﴿٥٩﴾ ع ۳ ۱۶

سمجھیں بس آپ انتظار کیجیے بیشک وہ بھی انتظار کر رہے ہیں

### ربط آیات

(۴۶) پچھلے صفحہ پر (۴۷) مجرم کو وسط دوزخ میں جا پھینکو۔ (۴۸) پھر اس کے سر پر گرم پانی ڈالو (۴۹) چکھو۔ تم بڑے معزز تھے۔ (۵۰) یہی وہ عذاب ہے جس کے متعلق تمہیں شک تھا۔ (۵۱، ۵۲) متقین کا یہ مقام ہے (۵۳) یہ ان کا لباس ہوگا (۵۴) یہ ان کے ازواج ہیں (۵۵) تمام [illegible] بے خوف ہو کر ان میوہ جات کا استعمال کریں گے (۵۶) موت دُنیا میں دیکھ چکے۔ اب انہیں موت نہیں آئے گی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں عذاب دوزخ سے بچالیا ہے (۵۷) یہ تیرے رب کا ان پر فضل ہوگا (۵۸) ہم نے عربی میں قرآن کو آسان بنایا تاکہ یہ لوگ فائدہ اٹھا سکیں۔ (۵۹) اگر نہیں مانتے تو اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کا آپ اور وہ انتظار کریں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ

اٰیاتہا (۳۷) (۴۵) رکوعاتہا (۴)

آیتیں ۳۷ سورہ جاثیہ مکی ہے رکوع ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ② اِنَّ

یہ کتاب اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے بیشک

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ③ وَفِيْ

آسمانوں اور زمین میں ایمان داروں کے لئے نشانیاں ہیں اور (نیز)

خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ④

تمہارے پیدا کرنے میں اور جانوروں کے پھیلانے میں یقین والوں کے لئے نشانیاں ہیں

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

اور (نیز) رات اور دن کے بدل کر آنے میں اور اس میں جو اللہ نے آسمان سے رزق (پانی)

مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ

نازل کیا پھر اس کے ذریعے سے زمین کو اس کے مرجانے کے بعد زندہ کیا اور ہواؤں

الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑤ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

کے بدل کر لانے میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں یہ اللہ کی آیات ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَ اللّٰهِ

جو ہم آپ کو بالکل ٹھیک پڑھ کر سناتے ہیں پس اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس

وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ⑥ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ⑦

بات پر ایمان لائیں گے ہر سخت جھوٹے گنہگار کے لئے تباہی ہے

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا

جو آیاتِ الٰہی سنتا ہے جو اس پر پڑھی جاتی ہیں پھر ناحق تکبر کی وجہ سے اصرار کرتا ہے

## ربط آیات

### سُورۃ الجاثیہ

(موضوع سورۃ)

دعوت الی القرآن

### تفصیل موضوع

اتباع کتاب اللہ میں عزت محدود ہے

**خلاصہ رکوع ۱**

ترک اتباع کتاب اللہ سے ذلت لازمی ہے۔

ماخذ آیت ۲ تا ۱۱

(۱) حروف مقطعات ہیں جن کی تفصیل سورۃ بقرہ کے ابتدا میں ملاحظہ ہو (۲) اس کتاب کا نزول اللہ تعالیٰ غالب حکمت والے کی طرف سے ہے (۳) آسمان اور زمین میں مومنین کے لئے نشانیاں ہیں (۴) ان کے علاوہ تمہاری اپنی پیدائش اور زمین کے تمام جانوروں میں قدرت الٰہی کی نشانیاں ہیں۔ (۵) عقلمندوں کے لئے ان چیزوں میں بھی بہت سی نشانیاں ہیں (۶) عبرت کے لئے یہ کافی ہیں۔ ان کے علاوہ اور کیا انہیں پیش کیا جائے (۷) اس کے بعد ان کذابوں کے لئے جہنم ہی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٨﴾ وَاِذَا
گویا کہ اس نے سنا ہی نہیں پس اسے دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو اور جب
عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
ہماری آیتوں میں سے کسی کو سن لیتا ہے تو اس کی ہنسی اُڑاتا ہے ایسوں کے لئے ذلت
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩﴾ ؕ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ
کا عذاب ہے ان کے سامنے جہنم ہے اور جو کچھ انہوں نے
عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
کمایا تھا ان کے کچھ بھی کام نہ آئے گا اور نہ وہ معبود کام آئیں گے جنہیں اللہ کے سوا حمایتی بنا
اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠﴾ ؕ هٰذَا هُدًى ۚ
رکھا تھا اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے یہ (قرآن) تو ہدایت ہے
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ
اور جو اپنے رب کی آیتوں کے منکر ہیں ان کے لئے سخت دردناک
رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ
عذاب ہے اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے سمندر کو تابع کر دیا تاکہ اس میں اس
الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
کے حکم سے جہاز چلیں اور تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم
تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
اس کا شکر کرو اور اس نے آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کو اپنے فضل سے
الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
تمہارے کام پر لگا دیا ہے بیشک اس میں فکر کرنے والوں کے لئے
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ
نشانیاں ہیں ان سے کہہ دو جو ایمان لائے کہ انہیں معاف کر دیں جو

ع ١ ١٧

## ربط آیات

(٨) آیات الٰہی سن کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے کبھی سنی ہی نہیں (٩) اور اگر کچھ آیات معلوم کر لیتا ہے تو ان پر تمسخر اُڑاتا ہے ایسے لوگوں کے لئے ذلت والا عذاب ہے۔ (١٠) ان کے آگے دوزخ ہے (١١) ہدایت قرآن ہی میں ہے اور منکرین کے لئے دردناک عذاب ہے (١٢) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے سمندر تمہارے تابع بنایا (١٣) زمین و آسمان کی سب چیزیں تمہارے کار آمد بنائیں۔

**خلاصہ رکوع ٢**

جو شریعت بذریعہ قرآن آپ کو ملی ہے آپ اسی کا اتباع کریں ان کفار کی خواہشات کا ساتھ نہ کریں۔
ماخذ آیت ١٨۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

کے ایک طریقہ پر مقرر کر دیا پس آپ اسی کی پیروی کیجئے اور ان کی خواہشوں کی پیروی

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ

نہ کیجئے جو علم نہیں رکھتے کیونکہ وہ اللہ کے سامنے آپ کے کچھ بھی کام نہ

اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ

آئیں گے اور بیشک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں

منزل ۶

Downloaded from ..:: Al-marifat.org ::..
ALMARIFAT



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٩﴾ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى

اور اللہ ہی پرہیزگاروں کا دوست ہے یہ قرآن لوگوں کے لئے بصیرت اور ہدایت ہے

وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا

اور یقین کرنے والوں کے لئے رحمت ہے کیا گناہ کرنے والوں نے یہ سمجھ لیا

السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہے کہ ہم ان کو ایمانداروں نیک کام کرنے والوں

الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا

کے برابر کردیں گے ان کا جینا اور مرنا برابر ہے وہ بہت ہی

يَحْكُمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ٢ ع ١٨

برا فیصلہ کرتے ہیں اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو جیسے چاہئیں بنایا ہے

وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾

اور تاکہ ہر نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمایا ہے اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى

بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن گیا اور اللہ نے باوجود سمجھ کے اسے

عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً

گمراہ کردیا اور اس کے کان اور دل پر مُہر کردی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا

فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَقَالُوْا

پھر اللہ کے بعد اسے کون ہدایت کرسکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں

مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا

ہمارا یہی دُنیا کا جینا ہے ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہمیں ہلاک

الدَّهْرُ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٢٤﴾

کرتا ہے حالانکہ انہیں اس کی کچھ بھی حقیقت معلوم نہیں محض اٹکلیں دوڑاتے ہیں

### ربطِ آیات

(۱۹) یہ لوگ آپ کو اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچا نہیں سکیں گے اور اللہ تعالیٰ فقط متقین کا دوست ہے۔ (۲۰) لوگوں کے لئے اس تعلیم میں بصیرتیں ہیں۔ (۲۱) کیا بدکار اس قسم کا غلط فیصلہ چاہتے ہیں۔ (۲۲) آسمان و زمین کی پیدائش کا یہ نظام اس لئے کیا گیا ہے تاکہ ہر شخص کر اپنے اعمال کی جزا لے۔ (۲۳) ہدایات الٰہیہ پر عمل پیرا نہ ہونے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے۔ (۲۴) فطرت سلیمہ کے مسخ ہو جانے کا یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کی ذات کا بھی قائل نہیں رہتا۔

**خلاصہ رکوع ۳**

ترک اتباع کتاب اللہ سے فطرت سلیمہ سلب ہو جاتی ہے۔

ماخذ آیت ۲۳۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَنْ
اور جب انہیں ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو سوائے اس کے ان کی اور کوئی دلیل نہیں ہوتی
قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللَّهُ
کہنے میں ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر تم سچے ہو کہہ دو اللہ ہی
يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ
تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تمہیں مارتا ہے پھر وہی تم سب کو قیامت تک جمع کرے گا جس میں کوئی
ع ۳ ۱۹ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ
شک نہیں لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے اور آسمانوں اور زمین
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ
کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن
يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ﴿٢٧﴾ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ
جھٹلانے والے نقصان اٹھائیں گے اور آپ ہر ایک جماعت کو گھٹنے ٹیکے ہوئے دیکھیں گے ہر ایک
تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾
جماعت اپنے نامۂ اعمال کی طرف بلائی جائے گی (کہا جائے گا) آج تمہیں تمہارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا
هَٰذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ
یہ ہمارا دفتر تم پر ٹھیک ٹھیک بول رہا ہے کیونکہ جو کچھ تم کیا کرتے تھے
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٩﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
اسے ہم لکھ لیا کرتے تھے پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے
الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ
نیک کام کئے انہیں ان کا پروردگار اپنی رحمت میں داخل کرے گا یہ صریح
الْفَوْزُ الْمُبِينُ ﴿٣٠﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ
کامیابی ہے اور وہ جنہوں نے کفر کیا (انہیں کہا جائے گا) کیا تمہیں

## ربط آیات

(۲۵) آیات الٰہی سن کر وہ لوگ اس قسم کی کج بحثی پر آجاتے ہیں۔ (۲۶) ان کج بحثوں کو یہ جواب دے دو۔ (۲۷) زمین و آسمان کی بادشاہی فقط اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ قیامت کے دن اس بادشاہت کے انکار کرنے والے نقصان اٹھائیں گے۔

**خلاصہ رکوع ۴**

آیات الٰہی پر تمسخر کرنے والے قیامت کے دن رحمت الٰہی سے محروم ہوں گے اور دوزخ میں داخل کئے جائیں گے۔

ماخذ آیت ۳۴-۳۵

(۲۸) ہر جماعت اس دن گھٹنے ٹیک کر بیٹھی ہوگی۔ اعلان ہوگا کہ آج ہر شخص کو اپنے اعمال کی جزا ملے گی۔ (۲۹) اس ہماری کتاب میں تمہارے تمام اعمال ضبط شدہ ہیں کیونکہ تمہارے اعمال ہم لکھا کرتے تھے۔ (۳۰) ایمانداروں کو رحمت الٰہی میں جگہ ملے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ءَايٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

ہماری آیتیں نہیں سنائی جاتی تھیں پھر تم نے غرور کیا اور تم نافرمان لوگ تھے

وَإِذَا قِيْلَ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ

اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کوئی شک

فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِىْ مَا السَّاعَةُ إِنْ نَّظُنُّ إِلَّا

نہیں تو تم کہتے تھے ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے ہم تو اس کو محض خیالی بات

ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ

جانتے ہیں اور ہمیں یقین نہیں اور ان پر ان کے اعمال کی برائی

مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ

ظاہر ہو جائے گی اور ان پر وہ آفت آپڑے گی جس سے ٹھٹھا کرتے تھے اور کہا جائے گا

الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَ

آج ہم تمہیں فراموش کر دیں گے جیسا تم نے اپنے اس دن کے ملنے کو فراموش کر دیا تھا اور

مَأْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِأَنَّكُمُ

تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں یہ اس لئے کہ تم

اتَّخَذْتُمْ ءَايٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ج

اللہ کی آیتوں کی ہنسی اڑایا کرتے تھے اور تمہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا تھا

فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ

پس آج وہ اس سے نہ نکالے جائیں گے اور نہ ان سے توبہ طلب کی جائے گی پس سب

الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَ

تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب سارے جہانوں کا رب ہے اور

لَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۲۰

آسمانوں اور زمین میں اسی کی عزت ہے اور وہی زبردست حکمت والا ہے

## ربط آیات

(۳۱) انکار کو کہا جائے گا، کیا میری آیتیں تم پر پڑھی نہیں جاتی تھیں، پھر تم ان کے تسلیم کرنے سے تکبر کرتے تھے۔ (۳۲) اور قیامت کے متعلق تم کہتے تھے کہ ہمیں یقین نہیں۔ (۳۳) تا (۳۴) بداعمالی کی شامت ان کے سامنے آئے گی اور وہ عذاب نازل ہو گا جس پر استہزاء کیا کرتے تھے (۳۴) انہیں کہا جائے گا، آج ہم تمہیں بھلا دیں گے جس طرح تم نے آج کی ملاقات کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے۔ (۳۵) استہزاء آیات کے باعث یہ سزا مل رہی ہے۔ (۳۶) اس فیصلہ میں رب السموات والارض رب العالمین بالکل حق بجانب ہے۔
(۳۷) آسمان و زمین میں برائی فقط اسی کے شایان شان ہے۔



Downloaded from ... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**************

| رکوعاتها ۴ | سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ (۶۶) | (۴۶) اٰیاتها ۳۵ |
|---|---|---|

آیتیں ۳۵ سورۂ احقاف مکی ہے رکوع ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲

یہ کتاب اللہ کی طرف سے اُتاری گئی ہے جو غالب حکمت والا ہے

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ

ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان دونوں کے درمیان ہے کسی مصلحت ہی سے اور ایک خاص

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳

وقت تک کے لئے پیدا کیا ہے اور کافروں کو جس چیز سے ڈرایا جاتا ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا

کہو و بھلا بتاؤ تو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں

مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ

کونسی چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں میں ان کا کوئی حصہ ہے میرے پاس اس سے پہلے

مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴

کی کوئی کتاب لاؤ یا کوئی علم چلا آتا ہو وہ لاؤ اگر تم سچے ہو

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ

اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو اللہ کے سوا اسے پکارتا ہے جو قیامت تک اس کے

لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝۵ وَاِذَا

پکارنے کا جواب نہ دے سکے اور انہیں ان کے پکارنے کی خبر بھی نہ ہو اور جب

الجزء السادس والعشرون ۲۶

**ربط آیات**

**سُورۃ الاحقاف**

(موضوع سورۃ)

دعوت کے بعد صفت کا بیان سنت اللہ میں داخل ہے۔ (۱) حروف مقطعات میں سے ہے۔ ان کی تفصیل ابتداء سورہ بقرہ میں ملاحظہ ہو (۲) اس قرآن کا نزول غالب حکمت والے کی طرف سے ہے (۳) حضرت،

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱ |
| ہر چیز کی اجل متعین ہے لہٰذا کفار کے اعراض پر ان کی تباہی کی بھی ایک مدت متعین ہے۔ |
| ماخذ آیت ۲-۳ |

ارض کی پیدائش خاص مقصد کے تحت ہے اور ہر چیز کی ایک اجل متعین ہے۔ کافر قرآن میں جس چیز سے ڈرائے گئے ہیں اس سے اعراض کر رہے ہیں۔ اب ان کی تباہی کی بھی ایک اجل متعین ہے (۴) اتنا کہے معبود من دون اللہ نے کوئی چیز بنائی بھی ہے اس چیز کا تمہارے پاس کوئی ثبوت ہے (۵) ایسے شخص سے بڑھ کر کون گمراہ ہو سکتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶
لوگ جمع کئے جائیں گے تو وہ ان کے دشمن ہو جائیں گے اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے
وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ
اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کافر حق کو کہتے ہیں جب وہ ان کے پاس
لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ
آپہنچا کہ یہ تو کھلا جادو ہے کیا وہ کہتے ہیں کہ آپ نے اسے خود بنا لیا ہے کہہ دو
اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا
اگر میں نے اسے خود بنا لیا ہے تو تم مجھے اللہ سے بچانے کی کچھ بھی طاقت نہیں رکھتے وہی بہتر جانتا ہے جو
تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
باتیں تم اس میں بناتے ہو میرے اور تمہارے درمیان وہی گواہ کافی ہے اور وہ بخشنے والا
الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا
نہایت رحم والا ہے کہہ دو میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے
يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ
ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ تمہارے ساتھ میں نہیں پیروی کرتا مگر اسی کی جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اور میں تو نہیں مگر
مُّبِيْنٌ ۝۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ
میں کھلا ڈرانے والا ہوں کہہ دو بتاؤ تو سہی اگر یہ کتاب اللہ کی طرف سے ہو اور تم اس کے منکر
بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ
ہو اور بنی اسرائیل کا ایک گواہ ایک ایسی کتاب پر گواہی دے کر ایمان بھی لے آیا
وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ ع
اور تم اکڑے ہی رہے بیشک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا
اور کافروں نے ایمانداروں سے کہا اگر یہ دین بہتر ہوتا تو یہ

## ربط آیات

(۶) قیامت کے دن ان کے معبود اپنے عابدوں کے دشمن ہو جائیں گے (۷) کافر قرآن کو سحر مبین کہتے ہیں (۸) کبھی کہتے ہیں منزل من اللہ نہیں۔ خود ساختہ ہے (۹) میں کوئی نیا تو نہیں ہوں۔ کیا پہلے انبیاء علیہم السلام کو کبھی بذریعہ وحی احکام نہیں ملے (۱۰) اگر یہ قرآن کریم اللہ کی طرف سے ہو اور شاہد بھی موجود ہو پھر بھی تم انکار کرو تو تمہارے حق میں کیا نتیجہ نکلے گا۔

**خلاصہ رکوع ۲**
اعراض کے بعد سعت کو محبت اللہ میں داخل ہے۔
ماخذ آیت ۱۰۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ
اس پر ہم سے پہلے نہ دوڑ کر جاتے اور جب انہوں نے اس کے ذریعے سے ہدایت نہیں پائی تو کہیں گے یہ تو
اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝۱۱ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ
پرانا جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو رہنما اور رحمت تھی
وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ
اور یہ کتاب ہے جو اسے سچا کرتی ہے عربی زبان میں ظالموں کو ڈرانے
ظَلَمُوْا ڰ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا
کے لئے اور نیکوں کو خوشخبری دینے کے لئے بیشک جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ
اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۱۳
ہے پھر اسی پر جمے رہے پس ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے
اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا
یہی بہشتی ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے بدلے ان کاموں کے جو
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۴ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ
وہ کیا کرتے تھے اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی تاکید کی
حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ
کہ اسے اس کی ماں نے تکلیف سے اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف سے جنا اور اس کا حمل اور دودھ چھڑانا
ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ
تیس مہینے ہیں یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور چالیس سال کی عمر کو پہنچا
قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ
تو اس نے کہا اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر انعام
عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ
کی اور میرے والدین پر اور میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور میرے لئے

### ربط آیات

(۱۱) اگر اسلام اچھی چیز ہوتی تو یہ غرباء ہم سے کبھی اس میں سبقت نہ لے جاتے۔ لہٰذا ان کا خیال ہے کہ قرآن جھوٹا ہے (نعوذ باللہ) (۱۲) حالانکہ قرآن حکیم تورات کا پورا موافق ہے۔ اسے منزل من اللہ جانتے ہیں اور اس کے ماننے سے انکار ہے۔ (۱۳) یہ منصور و مرحوم ہستیاں ہیں جن کی صفات اس آیت میں ذکر ہوئیں (۱۴) انہیں لوگوں کو اعمال صالحہ کی برکت سے جنت ملے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۚ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٥﴾

میری اولاد میں اصلاح کر بیشک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور بیشک میں فرمانبرداروں میں ہوں

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ

یہی وہ لوگ ہیں جن سے ہم وہ نیک عمل قبول کرتے ہیں جو انہوں نے کئے اور بہشتیوں میں شامل

عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ فِي أَصْحَابِ الْجَنَّةِ ۖ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِي

کرکے ان کے گناہوں سے درگزر کرتے ہیں یہ اس سچے وعدے کے مطابق ہے جو

كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿١٦﴾ وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا

ان سے کیا گیا تھا اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم پر تف ہے

أَتَعِدَانِنِي أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ مِنْ قَبْلِي

کیا تم مجھے یہ وعدہ دیتے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر گئیں

وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ

اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کر رہے ہیں کہ ارے تیرا ناس ہو ایمان لا بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے

فَيَقُولُ مَا هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٧﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

پھر وہ کہتا ہے یہ ہے کیا مگر پہلوں کے افسانے یہ وہ لوگ ہیں کہ ان

حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ

کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن اور

الْجِنِّ وَالْإِنْسِ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ ﴿١٨﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ

انسان ہو گزرے ہیں بیشک وہی خسارہ اٹھانے والے ہیں اور ہر ایک کے لئے اپنے اپنے

مِمَّا عَمِلُوا ۖ وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٩﴾ وَيَوْمَ

اعمال کے مطابق درجے ہیں تاکہ اللہ انکے اعمال کا انہیں پورا عوض دے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہ ہو گا اور جس دن

يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ

کافر آگ کے روبرو لائے جائیں گے ان سے کہا جائے گا تم اپنا حصہ پاک چیزوں میں سے اپنی

## ربط آیات

(۱۵) جب چھوٹے درجہ کے محسن یعنی والدین کے ساتھ اس قدر حسن سلوک، رواداری اور اطاعت کا حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو رہا ہے تو خود سمجھ لو کہ اس محسن حقیقی جس کی بے انتہا نعمتیں ہم پر ہیں اس کا کتنا حق ہو گا اسی کے حقوق کی اطلاع کے لئے قرآن حکیم نازل ہوا ہے جس کے تسلیم کرنے سے انہیں انکار ہے (۱۶) اس قسم کے لوگوں کی نیکیاں قبول ہوں گی جو اپنے محسن کی اطاعت کا پورا خیال رکھتے ہیں اور ان کی غلطیاں معاف ہو جائیں گی۔ (۱۷) اور جو شخص والدین کی اطاعت اور اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہو اور قرآن کو پہلے لوگوں کے افسانے خیال کرنے والا ہے (۱۸) اس قسم کے لوگ سب کے سب یا پچھلے ہوں نقصان اٹھانے والے ہیں (۱۹) ہر ایک اپنے اعمال کے لحاظ سے نتائج پائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ
دنیا کی زندگی میں لے چکے اور تم ان سے فائدہ اٹھا چکے پس آج تمہیں ذلت کا عذاب
عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ
دیا جائے گا بدلے اس کے جو تم زمین میں ناحق اکڑا کرتے
الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿٢٠﴾ ع ۳ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ
تھے اور بدلے اس کے جو تم نافرمانی کیا کرتے تھے اور قوم عاد کے بھائی کا ذکر کر جب اس نے
قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ
اپنی قوم کو (وادی) احقاف میں ڈرایا اور اس سے پہلے اور پیچھے کئی ڈرانے والے گزرے
وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تم پر ایک بڑے
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٢١﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ
دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں انہوں نے کہا کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ تو ہمیں
اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٢﴾
ہمارے معبودوں سے بہکا دے پس ہم پر وہ عذاب لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچا ہے
قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ڮ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْٓ
اس نے کہا کہ اس کا علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تمہیں وہ پیغام پہنچاتا ہوں جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں لیکن میں
اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ
تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم ایک جاہل قوم ہو پھر جب انہوں نے دیکھا کہ وہ ایک ابر ہے جو ان کے میدانوں کی
اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ
طرف بڑھا چلا آ رہا ہے کہنے لگے کہ یہ تو ابر ہے جو ہم پر برسے گا (نہیں) بلکہ یہ وہی ہے جسے تم جلدی چاہتے
بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٤﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ
تھے یعنی آندھی جس میں دردناک عذاب ہے وہ اپنے رب کے حکم سے ہر ایک چیز کو برباد

## ربط آیات

(۲۰) مخاطبین جن کو دوزخ میں داخل کرتے وقت یہ کہا جائے گا تم نے اپنی نیکیوں کا بدلہ دنیا میں پا لیا ہے۔ آج دنیا میں تکبر بے جا کرنے کی وجہ سے ذلت کا عذاب دیا جائے گا۔ علاوہ اس کے تم قانون الٰہی کو توڑتے تھے۔ (۲۱) ہود علیہ السلام کی

**خلاصہ رکوع ۳**

ذکر قوم عاد بطور تذکیر ... اللہ کی بندگی سے انکار پر منکر عذاب میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔
ماخذ آیت ۲۱--۲۵

قوم کا واقعہ دیکھو کہ جس نے دعوت الی التوحید دی اور قوم نے تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ (۲۲) کیا ہمیں اپنے معبودوں سے ہٹانا چاہتے ہو جس عذاب کا وعدہ دیتے ہو وہ لے آؤ۔ (۲۳) ہود علیہ السلام نے فرمایا! میں تو احکام الٰہی پہنچا رہا ہوں باقی رہا عذاب کا آنا اور اس کے آنے کا وقت یہ میرے اختیار میں نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔ (۲۴) جب عذاب جو بصورت بادل آیا! انہوں نے خیال کیا کہ یہ بارش ہے حقیقت میں وہ عذاب تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي

کردے گی پس وہ صبح کو ایسے ہو گئے کہ سوائے انکے گھروں کے کچھ نظر نہ آتا تھا ہم اسی طرح مجرم

الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ

لوگوں کو سزا دیا کرتے ہیں اور ہم نے ان لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تمہیں ان باتوں میں

فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا

قدرت نہیں دی اور ہم نے انہیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے تھے پھر نہ تو ان

أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُم

کے کان ہی کام آئے اور نہ ان کی آنکھیں ہی کام آئیں اور نہ ان کے دل ہی کچھ کام آئے

مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِم

کیونکہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار ہی کرتے رہے اور جس عذاب کا وہ

ع ۳ ۳ مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم

ٹھٹھا اڑایا کرتے تھے ان پر آن پڑا اور ہم ہلاک کر چکے ہیں جو تمہارے آس پاس

مِّنَ الْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢٧﴾

بستیاں ہیں اور طرح طرح کے اپنے نشان قدرت بھی دکھائے تاکہ وہ باز آ جائیں

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً

پھر ان معبودوں نے کیوں نہ مدد کی جن کو انہوں نے اللہ کے سوا تقرب حاصل کرنے کے لئے معبود بنا رکھا تھا

بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ ۚ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٨﴾ وَ

بلکہ وہ تو ان سے کھوئے گئے تھے اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور جو کچھ وہ ڈھکوسلے بنایا کرتے تھے اور

إِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ

جب ہم نے آپ کی طرف چند ایک جنوں کو پھیر دیا جو قرآن سن رہے تھے

فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ

پس جب وہ آپ کے پاس حاضر ہوئے تو کہنے لگے چپ رہو پھر جب ختم ہو گیا تو اپنی قوم کی طرف واپس

## ربط آیات

(۲۵) اس عذاب نے ہر چیز تباہ کردی۔ احکام الٰہی سے انکار کرنے والوں کو اسی طرح سزا ملا کرتی ہے۔ (۲۶) جو چیزیں قوم عاد کو عطا ہوئی تھیں تم کو نصیب بھی نہیں ہوئیں۔ آیات الٰہی کے انکار کے باعث وہ عذاب الٰہی سے نہ بچ سکے تم کیا چیز ہو۔ (۲۷) اے کفار مکہ تمہارے چاروں طرف ہلاک شدہ قوموں (عاد، ثمود، قوم لوط علیہ السلام) کے کھنڈرات موجود ہیں۔ ان سے عبرت نہیں حاصل کرتے۔

**خلاصہ رکوع ۴**

اعراض عن کتاب کے وقت عذاب الٰہی سے بچنا ناممکن ہے بطریقہ سنت خصوصی واقع ہے

ماخذ آیت ۲۴۔۲۸۔۳۲۔ ۳۵۔

(۲۸) انہیں جب احکام الٰہی سے انکار کے باعث عذاب نے گھیرا تو معبودان من دون اللہ نے کیوں نہ چھڑایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

[illegible] اور اس پر ایمان لے آؤ وہ تمہارے گناہ [illegible]

يُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣١﴾ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ

تمہیں دردناک عذاب سے بچائے گا اور جو اللہ کی طرف بلانے والے کو نہ

اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ

مانے گا تو وہ زمین میں اسے عاجز نہیں کر سکے گا اور اللہ کے سوا اس کا کوئی مددگار

أَوْلِيَاءُ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٢﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ

نہ ہوگا یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جس

الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ

اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے میں نہیں تھکا وہ اس پر

عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٣﴾

قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کرے کیوں نہیں وہ تو ہر ایک چیز پر قادر ہے

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَٰذَا

اور جس دن کافر آگ کے سامنے لائے جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا یہ امر واقعی نہیں

بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ

ہے کہیں گے ہاں اپنے رب کی قسم ضرور امر واقعی ہے ارشاد ہوگا تو اپنے کفر کے بدلے اس

[illegible] ہیں (۳۰) دیکھیے قرآن کے
متعلق ان کا کیا عمدہ فیصلہ ہے
کہ یہ قرآن تورات کا مصدق ہے
اور طریق مستقیم کی رہنمائی کرتا ہے
(۳۱) قرآن سن کر انہوں نے
اپنی قوم کو جا کر اس پر ایمان لانے
کی دعوت دی ہے اور کہتے
ہیں کہ اس پر ایمان لانے سے
گناہ معاف ہوں گے اور عذاب
سے پناہ ملے گی (۳۲) اور
کہتے ہیں کہ اس دعوت کی
اجابت نہ کی تو یہ نتائج نکلیں
گے (۳۳) کیا خدا
تعالیٰ کو اس پر قادر نہیں خیال
کرتے کہ مرنے کے بعد ہمیں
اٹھائے گا اور حساب کتاب
لے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٤﴾ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ

کا عذاب چکھو پھر صبر کر جیسا کہ عالی ہمت رسولوں نے

مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ

کیا ہے اور ان کے لئے جلدی نہ کر گویا کہ وہ جس دن عذاب

يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ

دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (تو انہیں ایسا معلوم ہوگا کہ) ایک دن میں سے ایک گھڑی

نَّهَارٍ ۭ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ ع

بھر رہے تھے آپ کا کام پہنچا دینا تھا سو کیا نافرمان لوگوں کے سوا اور کوئی ہلاک ہوگا

## اٰیاتها (٤٧) سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ (٩٥) رکوعاتها

آیتیں ٣٨ سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مدنی ہے رکوع ٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿١﴾

وہ لوگ جو منکر ہوئے اور انہوں نے لوگوں کو بھی اللہ کے راستہ سے روکا تو اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیئے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى

اور وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام بھی کئے اور جو کچھ محمدؐ پر نازل کیا گیا اس پر بھی

مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ

ایمان لائے حالانکہ وہ ان کے رب کی طرف سے برحق بھی ہے تو اللہ ان کی برائیوں کو مٹا دیگا اور ان کا حال

بَالَهُمْ ﴿٢﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ

درست کرے گا یہ اس لئے کہ جو لوگ منکر ہیں انہوں نے جھوٹ کی پیروی کی اور جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی اسی طرح اللہ لوگوں کے لئے ان

### ربط آیات

(٣٤) جب جہنم سامنے آئے گی پھر کہیں گے کہ یہ ٹھیک ہے لیکن اس دن نجات محال ہوگی۔ (٣٥) آپ ذرا صبر کریں جس طرح پہلے اولوالعزم انبیاء علیہم السلام نے صبر کیا۔ ان کے متعلق عذاب کی جلدی نہ کریں۔

سورہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

(موضوع سورۃ)

تقابل اسلام بالکفر والنفاق۔

(١) آخرت میں کفار کے اعمال کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا (٢) ایمان والوں کی لغزشیں معاف

خلاصہ رکوع ١

تقابل الاسلام بالکفر۔

ماخذ کفر آیت ١، ٣، ٤، ٨، ٩، ١١۔

ماخذ اسلام آیت ٢، ٣، ٤، ٥، ١٢۔

اور ان کے حالات کی اصلاح کا وعدہ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
ALMARIFAT

لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ﴿۳﴾ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ

کی مثالیں بیان کرتا ہے پس جب تم ان کے مقابل ہو جو کافر ہیں تو ان کی

الرِّقَابِ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا

گردنیں مارو یہاں تک کہ جب تم ان کو خوب مغلوب کرلو تو ان کی مشکیں کس لو پھر یا تو اس کے

مَنًّاۢ بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ۟ۛ

بعد احسان کرو یا تاوان لے لو یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار ڈال دے

ذٰلِكَ ؕۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۠

یہی حکم ہے اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے خود ہی بدلہ لے لیتا لیکن وہ تمہارا ایک دوسرے

بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ

کے ساتھ امتحان کرنا چاہتا ہے اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں اللہ ان

يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿۵﴾ ۚ

کے اعمال برباد نہیں کرے گا جلدی انہیں راہ دکھائے گا اور ان کا حال درست کر دے گا

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور انہیں بہشت میں داخل کرے گا جس کی حقیقت انہیں بتا دی ہے اے ایمان

اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿۷﴾

والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جمائے رکھے گا

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ

اور جو منکر ہیں سو ان کے لیے تباہی ہے اور وہ ان کے اعمال اکارت کرے گا یہ

بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۹﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

اس لیے کہ انہوں نے ناپسند کیا جو اللہ نے اتارا ہے سو اس نے ان کے اعمال ضائع کر دیئے کیا انہوں نے زمین میں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

سیر نہیں کی وہ دیکھتے ان کا انجام کیسا ہوا جو ان سے



## ربط آیات

۳ ایہ فرق اس لئے ہے کہ کافر باطل پرست اور مومن حق پرست ہیں ۴ جب کفار سے میدان جنگ میں ملاقات ہو تو ان کی گردنیں اڑا دو۔ اس کے بعد قید کرو پھر جس طرح جی چاہے چھوڑ دو اور اللہ کی راہ میں مرنے والوں کے اعمال ضائع نہیں ہوں گے اجر اعمال کے دن پورا اجر ملے گا ۵ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کی دستگیری فرمائے گا اور ان کے حال کی اصلاح کرے گا ۶ آخرت میں ان کا داخلہ جنت میں ہوگا ۷ اے ایمان والو! اگر تم اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ دین کی مدد کرو گے تو اللہ تمہاری مدد کرے گا ۸ تمہارے مقابلہ میں کفار کی ہلاکت اور محنت کے رائیگاں کرنے کا اعلان کیا جاتا ہے ۹ ان کی تباہی کا یہ سبب ہے کہ وہ منزل من اللہ تعلیم کے مخالف ہیں۔

۱۲ عمل الفعل مصدر ۱۲

۱۲ ای ذالک فافعلوا ۱۲ ... لکن الصلاۃ ... لیبلو ۱۲

قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۡ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ⑩ ذٰلِكَ

پہلے تھے اللہ نے انہیں ہلاک کر دیا اور منکروں کے لئے ایسی ہی (سزائیں) ہیں یہ

بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى

اس لئے کہ اللہ ان کا حامی ہے جو ایمان لائے اور کفار کا کوئی بھی حامی

لَهُمْ ⑪ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ع ١ / ٥

نہیں بیشک اللہ انہیں داخل کریگا جو ایمان لائے اور نیک کام کئے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو کافر ہیں

يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى

وہ عیش کر رہے ہیں اور اس طرح کھاتے ہیں جس طرح چارپائے کھاتے ہیں اور دوزخ ان کا ٹھکانا

لَّهُمْ ⑫ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ

ہے اور کتنی ہی بستیاں تھیں جو آپ کی اس بستی سے طاقت میں بڑھ کر تھیں جس کے

الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ⑬ اَفَمَنْ

رہنے والوں نے آپ کو نکال دیا ہے ہم نے انہیں ہلاک کر دیا تو ان کا کوئی بھی مددگار نہ ہوا پس کیا وہ شخص جو

كَانَ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ

اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہو وہ اس جیسا ہو سکتا ہے جسے اس کے برے عمل اچھے کر دکھلائے گئے

وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ ⑭ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ

ہوں اور انہوں نے اپنی ہی خواہشوں کی پیروی کی ہو اس جنت کی کیفیت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے یہ

فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ

ہے کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں ہوں گی جو بگڑنے والا نہیں اور کچھ دودھ کی نہریں جن کا مزہ کبھی نہیں

يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ڬ ۚ

بدلے گا اور کچھ نہریں ایسے شراب کی جو پینے والوں کے لئے خوش ذائقہ ہوگا

## ربط آیات

(١٠) یہ کافر زمین میں سیر کر کے دیکھ لیں کہ مخالفین حق کو حق کے

**خلاصہ رکوع ٢**

تقابل الاسلام بالکفر۔

ماخذ کفر آیت ١٢-١٣-١٥-١٦۔

• اسلام آیت ١٣، ١٤، ١٥، ١٧

مقابلہ میں ہمیشہ شکست فاش ہوئی ہے یا نہیں اور آئندہ بھی یہی ہوگا (١١) مقابلہ کے وقت شکست اس لئے ہوئی کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا پشت پناہ تھا اور کفار کا پشت پناہ کوئی نہ تھا (١٢) ایمان والوں کا ٹھکانا جنت اور کفار کا دوزخ ہوگا۔ (١٣) کفار مکہ سے کئی زبردست طاقتور بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا ہے یہ کیا چیز ہیں (١٤) کیا یہ دونوں گروہ برابر ہو سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ

اور کچھ نہریں صاف شہد کی اور ان کے لئے وہاں ہر قسم کے میوے ہوں گے

وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا

اور اپنے رب کی بخشش (کیا وہ) ان جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور انہیں کھولتا ہوا

مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

پانی پلایا جائے گا سو وہ ان کی آنتوں کے ٹکڑے کر ڈالے گا اور ان میں بعض وہ ہیں جو آپ کی بات سنتے ہیں

حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

یہاں تک کہ جب آپ کے پاس سے نکل جاتے ہیں تو ان سے کہتے ہیں جنہیں علم دیا گیا ہے

مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۟ قف اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

اس نے ابھی کیا کہا یہی لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے

وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى

اور انہوں نے اپنی خواہشوں کی پیروی کی ہے اور جو راستہ پر آگئے ہیں اللہ انہیں اور زیادہ ہدایت دیتا

وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ

اور انہیں پرہیزگاری عطا کرتا ہے پھر کیا وہ اس گھڑی کا انتظار کرتے ہیں کہ

تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ

ان پر ناگہاں آئے پس تحقیق اس کی علامتیں تو ظاہر ہو چکی ہیں پھر جب وہ آگئی تو ان کا سمجھنا کیا فائدہ

ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ

دے گا پس جان لو کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور اپنے اور مسلمان مردوں اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع

مسلمان عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگیے اور اللہ ہی تمہارے لوٹنے اور آرام کرنے کی جگہ کو جانتا ہے

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ

اور کہتے ہیں وہ لوگ جو ایمان لائے کوئی سورت کیوں نہیں نازل ہوئی سو جس وقت کوئی صاف

ع ۸ ۲ ۶

**ربط آیات**

(۱۵) ایمان والوں کا ٹھکانا جنت ہے جس کی صفات بیان ہوئیں ناقرمانوں کا ٹھکانا دوزخ جس کے اندر یہ عذاب ہیں (۱۶) منافقین بے ایمان قرآن سن کر بھی کچھ نہیں سمجھتے (۱۷) ایمان والوں کو قرآن کی آواز سننے سے ہدایت ہوتی ہے (۱۸) اب اتنے سخ ہو چکے ہیں کہ قیامت کے آنے پر ہی ان کی آنکھیں کھلیں گی (۱۹) آپ توحید پر پکے رہیں اپنے اور اپنے متبعین کے لئے بارگاہ الٰہی سے استغفار کیا کریں۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳ |
| تقابل اسلام بالکفر والنفاق۔ |
| ماخذ کفر آیت ۲۰۔ |
| اسلام آیت ۲۰۔ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ

مضمون کی یا سورت نازل ہوتی ہے اور اس میں جہاد کا بھی ذکر ہوتا ہے تو جن لوگوں کے دلوں میں

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ

بیماری (نفاق) ہے آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے کسی پر موت کی

مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ (۲۰) طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا

بیہوشی طاری ہو پس ایسے لوگوں کے لئے تباہی ہے حکم ماننا اور نیک بات کہنا (لازم ہے) پس جب

عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (۲۱) فَهَلْ

بات قرار پا جائے تو اگر وہ اللہ سے سچے رہے تو ان کے لئے بہتر ہے پھر تم سے یہ

عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا

بھی توقع ہے کہ اگر تم ملک کے حاکم ہو جاؤ تو ملک میں فساد مچانے اور قطع رحمی

اَرْحَامَكُمْ (۲۲) اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى

کرنے لگو یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے پھر انہیں بہرہ اور اندھا

اَبْصَارَهُمْ (۲۳) اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰي قُلُوْبٍ

بھی کر دیا ہے پھر کیوں قرآن میں غور نہیں کرتے کیا ان کے دلوں پر قفل پڑے

اَقْفَالُهَا (۲۴) اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ

ہوئے ہیں بیشک جو لوگ پیچھے کی طرف الٹے پھر گئے بعد اس کے کہ ان پر

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ (۲۵)

سیدھا راستہ ظاہر ہو چکا شیطان نے ان کے سامنے برے کاموں کو بھلا کر دکھایا اور انہیں آرزو دلائی

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ

یہ اس لئے کہ وہ ان لوگوں سے کہنے لگے جنہوں نے اسے ناپسند کیا اس کو جو اللہ نے نازل کیا ہے کہ بعض باتوں میں

فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ښ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ (۲۶) فَكَيْفَ اِذَا

ہم تمہارا کہا مانیں گے اور اللہ ان کی رازداری کو جانتا ہے پھر کیا حال ہو گا جب

## ربط آیات

(۲۰) مومن تو حکم الٰہی کے منتظر رہتے ہیں اور حکم قتال نازل ہونے کے بعد منافقین کی یہ حالت ہوتی ہے جو آیت میں مذکور ہے (۲۱) زبانی جمع خرچ ترک کیجئے ہیں، عمل کرکے دکھائیں تو ان کے حق میں بہتر ہو (۲۲) اگر تم قرآن سے اعراض کرو گے تو جیسے زمانہ جاہلیت میں تھے ممکن ہے ویسے ہو جاؤ (۲۳) ایسے بدبختوں پر پھر اللہ تعالیٰ کی لعنت پڑتی ہے (۲۴) قرآن کے مصالح و حکم میں کیوں غور نہیں کرتے (۲۵) قرآن حکیم کے نازل ہونے کے بعد جو لوگ پھر گئے ہیں وہ شیطان کے پیچھے جا لگے ہیں۔ وہی ان کے قبیح اعمال کو آراستہ کرکے دکھاتا ہے (۲۶) اللہ تعالیٰ اس سے خبردار ہے کہ وہ شیطان کے پنجہ میں آگئے ہیں کیونکہ ان منافقین نے مشرکوں سے کہہ رکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت میں ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی رازداری کی باتیں خوب جانتا ہے۔



Downloaded from ..... Al-marifat.org
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

ان کی (روحیں) فرشتے قبض کریں گے ان کے مونہوں اور پیٹھوں پر مارتے ہوں گے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ

یہ اس لئے کہ یہ اس پر چلے جس پر اللہ ناراض ہے اور انھوں نے اللہ کی رضامندی کو بُرا

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

جانا پھر اس نے بھی انکے اعمال اکارت کر دیئے کیا وہ لوگ کہ جن کے دلوں میں مرض (نفاق) ہے یہ سمجھے ہوئے

مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ

ہیں کہ اللہ ان کی دلی دشمنی ظاہر نہ کرے گا اور اگر ہم چاہتے

لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ

تو آپکو وہ لوگ دکھا دیتے پس آپ اچھی طرح سے انہیں انکے نشان سے پہچان لیتے اور آپ انہیں طرزِ کلام سے پہچان

الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ

لیں گے اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے اور ہم تمہیں آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم تم میں سے

الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

جہاد کرنے والوں کو اور صبر کرنے والوں کو معلوم کر لیں اور تمہارے حالات کو جانچ لیں

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا

بیشک جنہوں نے انکار کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول کی

الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ

مخالفت کی بعد اس کے کہ ان پر سیدھا راستہ واضح ہو چکا وہ اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ

شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا

سکیں گے اور وہ ان کے اعمال کو اکارت کر دے گا اے ایمان والو اللہ کا حکم

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مانو اور اس کے رسول کا حکم مانو اور اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو بیشک جنہوں نے

ع ۳

## ربط آیات

(۲۷) جب عذاب والے فرشتے ان کی روح قبض کریں گے اس وقت ان بے ایمانوں کی کیا حالت ہوگی (۲۸) عذاب والے فرشتے اس لئے ہیں کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کو غضبناک کرنے والے راستہ پر پڑے رہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کو ناپسند کیا (۲۹) کیا منافق خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے کینے ظاہر نہیں کرے گا (۳۰) اگر ہم چاہیں تو آپ کو دکھا دیں لیکن آپ انہیں علامتوں سے تو پہچانتے ہیں (۳۱) ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے تاکہ کھرے اور کھوٹے ممتاز ہو جائیں (۳۲) کفار اللہ تعالیٰ کا کیا نقصان کر سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال ضائع کرے گا (۳۳) اے مسلمانو! تم اپنا صحیح مسلک محفوظ رکھو اور وہ یہ ہے۔

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۳ |
| تقابل الاسلام بالکفر والنفاق۔ |
| ماخذ کفر آیت ۳۲۔ |
| اسلام آیت ۳۵۔ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ

انکار کیا اور اللہ کی راہ سے روکا پھر مر گئے در آنحالیکہ وہ

كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا

کافر تھے سو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا پس تم شکست نہ ہو اور نہ صلح کی

إِلَى السَّلْمِ ۖ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ ۖ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَنْ

طرف بلاؤ اور تم ہی غالب رہو گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز

يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٥﴾ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۚ

تمہارے اعمال میں نقصان نہیں دیگا بلاشبہ دنیا کی زندگی تو کھیل اور تماشا ہے

وَإِنْ تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ

اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری اختیار کرو تو تمہیں تمہارے اجر دے گا اور تم سے تمہارے مال نہیں

أَمْوَالَكُمْ ﴿٣٦﴾ إِنْ يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَ

مانگے گا اور اگر وہ تم سے وہ (مال) مانگے پھر تمہیں تنگ کرے تو تم بخل کرنے لگو اور

يُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ ﴿٣٧﴾ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ

تمہارے دل کے کینے ظاہر کر دے خبردار تم وہ لوگ ہو کہ اللہ کی راہ

لِتُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَمِنْكُمْ مَنْ يَبْخَلُ ۖ وَمَنْ

میں خرچ کرنے کو بلائے جاتے ہو تو کوئی تم میں سے وہ ہے جو بخل کرتا ہے اور جو

يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَفْسِهِ ۚ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَ

بخل کرتا ہے سو وہ اپنی ہی ذات سے بخل کرتا ہے اور اللہ بے پرواہ ہے اور

أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ ۚ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ

تم ہی محتاج ہو اور اگر تم نہ مانو گے تو وہ اور قوم کو تمہارے بدلے بدل دے گا

ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ ﴿٣٨﴾ ع ۴

پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے

## ربط آیات

(۳۴) کفار کو مغفرت بعد از موت ہرگز نصیب نہیں ہوگی۔ (۳۵) اے مسلمانو تم شکست نہ ہو اور کفار کو صلح کی دعوت مت دو تم ہمیشہ غالب رہو گے (۳۶) دنیا کی زندگی کو مختصر وقت جانیں۔ اس کا حاصل تو کھیل تماشا ہے ایمان اور تقویٰ کی زیادتی میں کوشش کرو۔ اللہ تعالیٰ تم سے خزانے نہیں چاہتا (۳۷) زیادہ مال نہ مانگنے کے بہت مصالح ہیں (۳۸) انفاق فی سبیل اللہ سے مراد جہاد وغیرہ میں خرچ کرنے کے لئے ترغیب دلائی جاتی ہے اس میں بھی بعض لوگ بخل کرتے ہیں۔ ہمت سے کام کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم کو کھڑا کر دے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## اٰيَاتُهَا (۴۸) سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ رُكُوْعَاتُهَا

آیتیں ۲۹ سورة فتح مدنی ہے رکوع ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

بیشک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح دی تاکہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ

ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا

معاف کر دے اور اپنی نعمت آپ پر تمام کر دے اور تاکہ آپ کو سیدھے

مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲﴾ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

راستہ پر چلائے اور تاکہ اللہ آپ کی زبردست مدد کرے وہی تو ہے جس نے

اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا

ایمانداروں کے دلوں میں اطمینان اُتارا تاکہ ان کا ایمان اور

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

زیادہ ہو جائے اور آسمانوں اور زمین کے لشکر سب اللہ ہی کے ہیں اور اللہ

اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

خبردار حکمت والا ہے تاکہ ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بہشتوں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ

میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہیں گے اور ان پر سے

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۵﴾ وَّ

ان کے گناہ دُور کر دے گا اور اللہ کے ہاں یہ بڑی کامیابی ہے اور

يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

تاکہ منافق مردوں اور عورتوں کو اور مشرک مردوں اور عورتوں کو عذاب دے

### ربط آیات
### سُورۃ الفتح

(مضمون سورۃ)

بشارت فتح اسلام مع شرائط فتح (۱) صلح حدیبیہ فتح مبین ہے کیونکہ کفار کو صلح میں حقیقہ پہنچے جس کے شرائط وہ نباہ نہیں سکیں گے۔ بالآخر فسخ معاہدہ کے باعث جنگ ہوگی جس میں فتح مکہ ہوگی (۲۔۳) چونکہ فتح مکہ آپ کی محنت کا نتیجہ ہے اس لئے مواعید مغفرت، اتمام نعمت، ہدایت الصراط المستقیم نصر عزیز سے سرفراز فرمایا گیا (۴) مومنوں پر سکینہ (اطمینان قلب) اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی تھی تاکہ ان کے ایمانوں میں مضبوطی پیدا ہو۔ (۵) مومنوں کو سکینت عطا فرما کر ان سے خطاب اسلام لینی ہیں۔ تاکہ ان کے اعمال کے یہ نتائج حسنہ بخشیں۔

**خلاصہ رکوع ۱**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرائض میں مواعید و وعید کا ذکر اور منافقین و مشرکین پر غضب و لعنت الٰہی اور واخروجہنم کی پیشی گوئی۔

ماخذ (۱) آیت ۳

(۲) آیت ۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الظَّآنِّیْنَ بِاللّٰہِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَیْہِمْ دَآئِرَۃُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ

جو اللہ کے بارے میں بُرا گمان رکھتے ہیں انہیں پر بُری گردش ہے اور اللہ نے ان

اللّٰہُ عَلَیْہِمْ وَلَعَنَہُمْ وَاَعَدَّ لَہُمْ جَہَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا ۝۶

پر غضب نازل کیا اور ان پر لعنت کی اور ان کے لئے دوزخ تیار کر رکھا ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے

وَلِلّٰہِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا

اور اللہ ہی کے سب لشکر آسمانوں اور زمین میں ہیں اور اللہ بڑا غالب حکمت والا

حَکِیْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاہِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝۸

ہے بیشک ہم نے آپ کو گواہ بنا کر بھیجا اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ ؕ وَتُسَبِّحُوْہُ

تاکہ تم اللہ پر اور اس کے رسُول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی عزت کرو اور صبح اور

بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ۝۹ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا

شام اس کی پاکی بیان کرو بیشک جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں وہ اللہ ہی

یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ؕ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْہِمْ ۚ فَمَنْ

سے بیعت کر رہے ہیں ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے پس جو اس عہد

نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا

کو توڑے گا سو توڑنے کا وبال خود اسی پر ہو گا اور جو وہ عہد پُورا کرے گا جو اس

عٰہَدَ عَلَیْہُ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا ۝۱۰ سَیَقُوْلُ

نے اللہ سے کیا ہے سو عنقریب وہ اسے بہت بڑا اجر دے گا عنقریب آپ سے

لَکَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا

وہ لوگ کہیں گے جو بدویوں میں سے پیچھے رہ گئے تھے کہ ہمیں ہمارے مالوں اور اہل و عیال

وَاَہْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِہِمْ مَّا لَیْسَ

نے مشغول رکھا سو آپ ہمارے لئے مغفرت مانگیے وہ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں

ع ۹

**ربط آیات**

(۶) سکینہ منافقین کو عطا نہیں ہوئی۔ اس نقصان کی بداعمال کے نتائج بصورت عذاب جہنم ان پر خدا کا غضب، لعنت اور ان کے لئے جہنم ہو گی۔ (۷) ان کی تباہی کے لئے خدائی لشکر زمین و آسمان میں موجود ہیں۔ (۸) ہم نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ یہ فرض ڈالا ہے (۹) اور مسلمانوں کے ذمہ یہ فرض ہے (۱۰) جن لوگوں نے فرض منصبی ادا کرنے کے لئے آپ سے بیعت کی تو گویا اللہ تعالیٰ سے بیعت کی جو لوگ اس بیعت کو پُورا کر دکھائیں گے۔ وہ اجر عظیم پائیں گے۔

خلاصہ رکوع ۲
منافقین اور ماجروں کا ذکر۔
ماخذ آیت: ۱۱ ، ۱۲ ، ۔
(۲) آیت ۱۷ ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ

میں نہیں ہے کہہ دو وہ کون ہے جو اللہ کے سامنے تمہارے لئے کسی چیز کا کچھ بھی اختیار رکھتا ہو اگر

اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

اللہ تمہیں کوئی نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے بلکہ اللہ تمہارے سب اعمال

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

پر خبردار ہے بلکہ تم نے خیال کیا تھا کہ رسول اللہ اور مسلمان اپنے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ

گھر والوں کی طرف کبھی بھی واپس نہ لوٹیں گے اور تمہارے دلوں میں یہ بات اچھی معلوم ہوئی اور

ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ښ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ

تم نے بہت برا گمان کیا اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے اور جو لوگ اللہ

يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لائے سو ہم نے ایسے کافروں کے لئے بھڑکتی ہوئی آگ

سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ

تیار کر رکھی ہے اور آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ ہی کے لئے ہے وہ جسے چاہے

لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

بخشے اور جسے چاہے عذاب دے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى

بڑا مہربان ہے عنقریب کہیں گے وہ لوگ جو پیچھے رہ گئے تھے جب تم غنیمتوں کی طرف ان کے

مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

لینے کے لئے جانے لگو گے کہ ہمیں چھوڑ دو ہم تمہارے ساتھ چلیں وہ چاہتے ہیں کہ

يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ

اللہ کا حکم بدل دیں کہہ دو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہ چلو گے اللہ نے اس سے

**ربط آیات**

(۱) مخلفین ناجائز بہانوں سے
اپنے تخلف کو حق بجانب ثابت
کرنا چاہتے ہیں (۲) تمہارا کوئی
عذر معقول نہیں تھا۔ تمہارے دل
میں یہ فاسد خیال تھا (۳) جو
شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا
نہ مانے اس کے لئے دوزخ
ہے (۴) اس کے نہ ماننے
سے کون سی کمی آجائے گی۔
سارا جہان تو اسی کا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ

پہلے ہی ایسا فرمایا ہے پس وہ کہیں گے کہ (نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو بلکہ

كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ

وہ لوگ بات ہی کم سمجھتے ہیں ان پیچھے رہ جانے والے بدوؤں سے

مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ

کہہ دو کہ بہت جلد تمہیں ایک سخت جنگجو قوم سے لڑنے کے لئے بلایا جائے گا

شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِنْ تُطِيعُوا

تم ان سے لڑو گے یا وہ اطاعت قبول کرے گی پھر اگر تم نے حکم مان لیا

يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ

تو اللہ تمہیں بہت ہی اچھا انعام دے گا اور اگر تم پھر گئے جیساکہ پہلے پھر گئے تھے

مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦﴾ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ

تو تمہیں سخت عذاب دے گا نہ اندھے پر کچھ گناہ ہے

حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ

اور نہ لنگڑے ہی پر کچھ گناہ ہے اور نہ بیمار ہی پر کچھ گناہ ہے

وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا تو اسے ایسے باغوں میں داخل کریگا جن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَمَنْ يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٧﴾

نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو نافرمانی کرے گا اسے سخت سزا دے گا

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ

بے شک اللہ مسلمانوں سے راضی ہوا جب وہ آپ سے درخت کے نیچے بیعت

الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ

کر رہے تھے پھر اس نے جان لیا جو کچھ ان کے دلوں میں تھا پس اس نے ان پر اطمینان نازل کر دیا

## ربط آیات

(۱۵) آئندہ جانے کی اجازت میں تو بھی نہ دی جائے۔ (۱۶) مخلفین سے کہ دو آئندہ ایک جنگجو قوم کے مقابلے میں تمہیں بلایا جائے گا۔ اس وقت تمہارے ایمان کا پھر امتحان ہو جائے گا۔ (۱۷) معذور لوگ مخلفین کے وعید سے مستثنیٰ ہیں۔

الرکوع ۲ / ۱۰

**خلاصہ رکوع ۳**

تذکرہ بیعت الرضوان

ماخذ آیت ۱۸ تا ۲۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ

اور انہیں جلدی ہی فتح دے دی اور بہت سی غنیمتیں بھی دے گا جنہیں وہ لیں گے

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

اور اللہ زبردست حکمت والا ہے اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ

کیا ہے جنہیں تم حاصل کرو گے پھر تمہیں اس نے یہ جلدی دے دی اور اس نے تم سے لوگوں

النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ

کے ہاتھ روک دیئے اور تاکہ ایمان لانے والوں کے لئے یہ ایک نشان ہو اور تاکہ تمہیں سیدھے

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ

راستہ پر چلائے اور بھی فتوحات ہیں کہ جو اب تک تمہارے بس میں نہیں آئیں

اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ

البتہ اللہ کے بس میں ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور اگر

قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ

کافر تم سے لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ پڑتے پھر نہ کوئی حمایتی پاتے

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖۚ

نہ کوئی مددگار اللہ کا قدیم دستور پہلے سے یونہی چلا آتا ہے

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

اور تو اس کے دستور کو بدلا ہوا نہ پائے گا اور وہی ہے جس نے وادئ مکہ میں ان کے

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ

ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے اس کے بعد کہ اس نے تمہیں ان پر

عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ

غالب کر دیا تھا اور اللہ ان سب باتوں کو جو تم کر رہے تھے دیکھ رہا تھا وہ تو وہی ہیں جنہوں نے

**ربط آیات**

۱۸ تا ۲۱ مومنین کی مخلصانہ بیعت سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔ اس اخلاص کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بہت سی فتوحات عطا فرمائیں۔ ۲۲ اگر کفار لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے ۲۳ ہمیشہ سے قانون الٰہی یہی ہے ۲۴ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر لڑائی سے محفوظ رکھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ
انکار کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانوروں
مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ
کو روکے رکھا اس سے کہ وہ اپنی قربانگاہ تک پہنچیں اور اگر کچھ مرد ایمان والے اور
نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ
عورتیں ایمان والی نہ ہوتیں جنہیں تم نہیں جانتے تھے کہ تم انہیں پامال کر دیتے پھر ان کی طرف سے
مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ
تم پر نادانستگی سے الزام آتا (تو تمہیں لڑنے سے نہ روکا جاتا) تاکہ اللہ اپنی رحمت میں جسے چاہے داخل
يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ
کرے اگر وہ ٹل گئے ہوتے تو ہم ان میں سے جو کافر ہیں انہیں
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ
دردناک عذاب دیتے جب کہ کافروں نے اپنے دل میں سخت جوش پیدا کیا تھا
الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى
جاہلیت کا جوش تھا پھر اللہ نے بھی اپنی تسکین اپنے
رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ
رسول پر اور ایمان والوں پر نازل کر دی اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور
كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع ۳
وہ اسی کے لائق اور قابل بھی تھے اور اللہ ہر چیز کو جانتا ہے
لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ
بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچا کر دکھایا کہ اگر اللہ نے چاہا
الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ
تو تم امن کے ساتھ مسجد حرام میں ضرور داخل ہو گے اپنے سر منڈاتے



## ربطِ آیات

(۲۵) کفار گو بہت سے جرموں کے مجرم ہیں لیکن موانع مذکورہ کی وجہ سے قتال نہیں ہوا۔

(۲۶) جب کفار کے دل میں حمیت الجاہلیت موجزن تھی تو اللہ تعالیٰ نے مومنین کو سکینت عطا فرمائی۔ اگر لڑائی ہوتی تو مسلمان یقیناً فتح پاتے۔

### خلاصہ رکوع ۳

اسلام کی سرفرازی کا اعلان عام۔
متبعین رسول صلعم کے لئے ایک نئے اصول کی تعیین کہ ہمیشہ اشداء علی الکفار رحماء بینہم رہیں۔
ماخذ (۱) آیت ۳۰۔
(۲) آیت ۲۹۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ

ہو گے اور بال کتراتے ہوئے بے خوف و خطر ہونگے پس جس بات کو تم نہ جانتے تھے

تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

اس نے اسے جان لیا تھا پھر اس نے اس سے پہلے ہی ایک فتح بہت جلدی کر دی وہی تو ہے جس نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى

اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تاکہ اسے ہر ایک دین پر

الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٢٨﴾ ؕ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ

غالب کرے اور اللہ کی شہادت کافی ہے محمد اللہ کے رسول ہیں اور

الَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ

جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں کفار پر سخت ہیں آپس میں رحم دل ہیں تو انہیں دیکھے گا

رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز

کہ رکوع و سجود کر رہے ہیں اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی تلاش کرتے ہیں

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ

ان کی شناخت ان کے چہروں میں سجدہ کا نشان ہے یہی وصف ان کا

فِي التَّوْرٰىةِ ۚۖ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ۫ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ

تورات میں ہے اور انجیل میں ان کا وصف ہے مثل اس کھیتی کے جس نے اپنی

شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

سوئی نکالی پھر اسے قوی کر دیا پھر موٹی ہو گئی پھر اپنے تنہ پر کھڑی ہو گئی کسانوں کو

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خوش کرنے لگی تاکہ اللہ ان کی وجہ سے کفار کو غصہ دلائے اللہ نے ان میں سے ایمان داروں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾ ع

اور نیک کام کرنے والوں کے لئے بخشش اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے

**ربطِ آیات**

(۲۷) اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں جو کچھ دکھایا تھا کہ مسجد حرام کا داخلہ ہو گا وہ پورا کر دیا۔ البتہ خواب میں بھی اس کی تاریخ متعین نہیں تھی۔ لہٰذا پہلے صلح حدیبیہ ہوئی اور پھر داخلہ ہوا۔
(۲۸) غلبہ اسلام کا دائمی اعلان۔ (۲۹) ایک زریں اصول ہے جس سے ہمیشہ مسلمان دُنیا میں غالب رہ سکتے ہیں۔

منزل ۷

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## آیاتہا (۱۸) سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۶) (۴۹) رکوعاتہا (۲)

آیتیں ۱۸ — سورۂ حجرات مدنی ہے — رکوع ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کے سامنے پہل

رَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا

والو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کیا کرو اور نہ

تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ

بلند آواز سے رسول سے بات کیا کرو جیسا کہ تم ایک دوسرے سے کیا کرتے ہو کہیں تمہارے اعمال

اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ② اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ

برباد نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو بیشک جو لوگ اپنی آوازیں

اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ

رسول اللہ کے حضور میں دھیمی کر لیتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے

اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③

دلوں کو پرہیزگاری کے لئے جانچ لیا ہے ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا

بیشک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں اکثر ان میں سے

يَعْقِلُوْنَ ④ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ

عقل نہیں رکھتے اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ان کے پاس نکل کر آتے تو ان کے

### ربط آیات

### سورۃ الحجرات

(موضوع شخصیت)

مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کا دستور العمل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب سکھایا۔

**خلاصہ رکوع ۱**

اللہ کے ساتھ تعلق کیسے ہوں۔ مرکز سے دور افتادہ جماعتوں کے ساتھ تعلقات کیسے ہوں۔ مرکز میں رہنے والوں کے ساتھ تعلقات کس طرح ہوں اور گروہ جاتی ترجیح کی اصلاح کیسے ہو۔

ماخذ آیات ۱ تا ۵، ۶، ۷ ... ۱۳، ۹-۱۰

گیا ہے اس سے مستنبط ادب ... امیر بلائے جائیں گے ... چلو ادب۔ آپ کی مجلس میں ادب سے خاموش بیٹھو، بات کرنے میں پیشقدمی نہ کرو۔ دوسرا ادب آپ کے سامنے بات کرتے وقت بلند آواز نہ نکالو۔ تیسرا ادب اور بلاتے وقت اس طرح مت بلاؤ جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو بے تکلفی سے بلاتے ہو ۲ تا ۳ آپ کے سامنے پست آواز سے بولنے والے متقی ہیں ۳ - ۵ چوتھا ادب جب آپ گھر تشریف لے جائیں تو باہر سے مت بلاؤ جب تک کہ خود تشریف نہ لائیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٥﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ

لئے بہتر ہوتا اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اے ایمان والو اگر

جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ

کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی سی خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کیا کرو کہیں کسی قوم پر بےخبری سے نہ جا پڑو

فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ﴿٦﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ

پھر اپنے کئے پر پشیمان ہونے لگو اور جان لو کہ تم میں

رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ

اللہ کا رسول موجود ہے اگر وہ بہت سی باتوں میں تمہارا کہا مانے تو تم پر مشکل پڑ جائے لیکن

اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ

اللہ نے تمہارے دلوں میں ایمان کی محبت ڈال دی ہے اور اس کو تمہارے دلوں میں اچھا کر دکھایا ہے اور

اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

تمہارے دل میں کفر اور گناہ اور نافرمانی کی نفرت ڈال دی ہے یہی لوگ

الرّٰشِدُوْنَ ﴿٧﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

ہدایت یافتہ ہیں اللہ کے فضل اور احسان سے اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمٌ ﴿٨﴾ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا

حکمت والا ہے اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى

تو ان کے درمیان صلح کرا دو پس اگر ایک ان میں دوسرے پر ظلم کرے

فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ

تو اس سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع کرے پھر اگر وہ رجوع کرے

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٩﴾

تو ان دونوں میں انصاف سے صلح کرا دو اور انصاف کرو بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

**ربط آیات**

(۵) پچھلے صفحہ پر (۶) اگر مرکز سے دور افتادہ مجاہدوں کے متعلق کوئی خبر آئے تو فوراً فیصلہ نہ کرو، پہلے پوری تحقیق کر لو (۷) اگر اس طرح ہو کہ جو خبر آئے بغیر تحقیق کے آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کر کے اپنی مرضی کے مطابق فیصلہ کرائیں تو آپ لوگ ہلاک ہو جائیں لیکن تمہیں بھی ایمان پیارا ہے اور کفر و فسوق اور عصیان کو ناپسند کرتے ہو یہی رشد کے آثار ہیں (۸) یہ اللہ تعالیٰ کا تم پر بہت بڑا فضل ہے (۹) اگر مرکز میں رہنے والے مسلمانوں میں لڑائی ہو جائے تو ان کی صلح کرا دو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ
بیشک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں سو اپنے بھائیوں میں صلح کرا دو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر
تُرْحَمُونَ ﴿١٠﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن
رحم کیا جائے اے ایمان والو ایک قوم دوسری قوم سے ٹھٹھا نہ
قَوْمٍ عَسَىٰ أَن يَكُونُوا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِّسَاءٍ
کرے عجب نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے
عَسَىٰ أَن يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۖ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَ
ٹھٹھا کریں کچھ بعید نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور ایک دوسرے کو طعنے نہ دو اور
لَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ ۖ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ
نہ ایک دوسرے کے نام دھرو فسق کے نام لینے ایمان لانے کے بعد بہت
الْإِيمَانِ ۚ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا
برے ہیں اور جو باز نہ آئیں سو وہی ظالم ہیں اے
الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ
ایمان والو بہت سی بدگمانیوں سے بچتے رہو کیونکہ بعض گمان تو
إِثْمٌ ۖ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضًا ۚ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ
گناہ ہیں اور ٹٹول بھی نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کیا کرے کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے
أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ
کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے سو اس کو تو تم ناپسند کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ
تَوَّابٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَ
بڑا توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے اے لوگو ہم نے تمہیں ایک ہی مرد اور عورت سے پیدا
أُنثَىٰ وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا ۚ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ
کیا ہے اور تمہارے خاندان اور قومیں جو بنائی ہیں تاکہ تمہیں آپس میں پہچان ہو بیشک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ

الربع ١٢

**خلاصہ رکوع ۲**
آپس میں طرزِ معاشرت ایسا اختیار کریں کہ تعلقات میں کشیدگی ہونے نہ پائے۔
ماخذ آیت ۱۱ ، ۱۲

## ربط آیات

(۱۰) مومن سب آپس میں بھائی ہیں۔ اس لئے ان میں ہمیشہ صلح ہونی چاہیئے (۱۱) آپس میں طرزِ معاشرت اختیار کرو تاکہ کشیدگی پیدا ہی نہ ہونے پائے (۱۲) کسی کے متعلق کوئی بدگمانی نہ کرو۔ کسی کے حالات کا تجسس نہ کرو اور کسی کی غیبت نہ کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿١٣﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ

کے نزدیک وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا باخبر ہے بدویوں نے کہا ہم ایمان لے آئے ہیں

قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ

کہہ دو تم ایمان نہیں لائے لیکن تم کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں اور ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ

داخل نہیں ہوا اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو تو تمہارے اعمال میں سے کچھ

اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

بھی کم نہیں کرے گا بیشک اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے بیشک سچے مسلمان تو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا

وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر انہوں نے شک نہ کیا

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ

وہی سچے (مسلمان) ہیں کہہ دو کیا تم اللہ کو اپنی دینداری جتاتے ہو

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ

اور اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا

ہر چیز کو جاننے والا ہے آپ پر اپنے اسلام لانے کا احسان جتاتے ہیں کہہ دو مجھ پر

تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ

اپنے اسلام لانے کا احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے

هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

ایمان کی طرف تمہاری رہنمائی کی اگر تم سچے ہو بیشک اللہ آسمانوں

## ربط آیات

(١٣) تمہیں ایک دوسرے کو حقیر سمجھنے کا حق ہی نہیں۔ تم سب کا ماں باپ تو ایک ہے معزز تو وہ ہے جو اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرتا ہے (١٤) ایمان کامل تب ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو دل سے مان لیا جائے۔ لہٰذا جو تعلیم دی جا رہی ہے اسے قبول کرنے سے ایمان کامل ہوگا (١٥) کامل مومن وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی ہر بات کو تہ دل سے تسلیم کریں اور پھر اس میں کبھی شک نہ لائیں اور اپنے مالوں اور جانوں کے خرچ کرنے سے بھی دریغ نہ کریں (١٦) زبانی کہنے کے بغیر بھی اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا علم ہے وہ تمہارے ایمانوں کے بھیدوں کو خوب جانتا ہے۔ (١٧) بعض آدمی اسلام لانے کا احسان آپ پر جتلاتے ہیں ان سے کہہ دو بلکہ اللہ تعالیٰ کا تم پر احسان ہے کہ اس نے ایمان کی رہنمائی فرمائی +



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عٰلِمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۱۴

اور زمین کی سب مخفی چیزیں جانتا ہے اور اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کر رہے ہو

## اٰیاتہا ۴۵ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ (۵۰) (۳۴) رکوعاتہا ۳

آیتیں ۴۵ سورۂ ق مکی ہے رکوع ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قٓ ۣۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ

اس قرآن کی قسم جو بڑا شان والا ہے بلکہ وہ تعجب کرتے ہیں کہ ان کے پاس انہیں میں

مُنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ

سے ایک ڈرانے والا آیا پس کافروں نے کہا کہ یہ تو ایک عجیب

عَجِيْبٌ ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ

بات ہے کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے یہ دوبارہ زندگی بعید از قیاس

بَعِيْدٌ ﴿۳﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَ

ہے ہمیں معلوم ہے جو زمین ان میں سے کم کرتی ہے اور

عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿۴﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ انکے پاس آیا

فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿۵﴾ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَاۗءِ

پس وہ ایک الجھی ہوئی بات میں پڑے ہوئے ہیں پس کیا انہوں نے غور سے اپنے اوپر آسمان کو

فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿۶﴾

نہیں دیکھا کہ ہم نے کس طرح اسے بنایا اور آراستہ کیا ہے اور اس میں کوئی بھی شگاف نہیں

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا

اور ہم نے زمین کو بچھا دیا اور اس میں مضبوط پہاڑ ڈال دیئے اور اس میں ہر

### ربط آیات

(۱۸) اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ کون سے قلوب ایمان لانے کے اہل ہیں۔

### سورۂ ق

(موضوعِ سورۃ)

اثباتِ معاد

**خلاصہ رکوع ۱**

اگر یہ لوگ قرآن حکیم میں غور کرتے تو انہیں منصبِ رسالت میں شک نہ رہتا اور قبل انکار کا باعث تکبر ہے۔ اگر یہ لوگ سابقہ قوموں کی تباہی میں غور کرتے تو سمجھ جاتے کہ ان کی تباہی کا سبب تکذیب رسل ہی تھا۔ ماخذ (۱) آیت ۱، (۲) آیت ۳، (۳) آیت ۱۲-۱۳۔

(۱) قرآن مجید گواہ ہے کہ آپ مرسل من اللہ ہیں (۲) کفار آپ کی رسالت کو تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں (۳) بعث بعد الموت کو بھی تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں (۴) ہمیں تو ان کے مرنے کے بعد بھی ان کے وجود کے ذرہ ذرہ کا علم ہے (۵) یہ لوگ ایک واقعی امر کی تکذیب کر رہے ہیں (۶) کیا آسمان کی پیدائش سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔

المنزل السابع



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيجٍ ﴿٧﴾ تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ

قسم کی خوشنما چیزیں اُگائیں ہر رجوع کرنے والے بندے کے

لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ﴿٨﴾ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

لئے بصیرت اور نصیحت ہے اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی

مُّبَٰرَكًا فَأَنۢبَتْنَا بِهِۦ جَنَّٰتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ ﴿٩﴾ وَ

اُتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے سے باغ اُگائے اور اناج جن کے کھیت کاٹے جاتے ہیں اور

النَّخْلَ بَاسِقَٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيدٌ ﴿١٠﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ

لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہ بہ تہ ہیں بندوں کے لئے روزی

وَأَحْيَيْنَا بِهِۦ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ ﴿١١﴾

اور ہم نے اس سے ایک مُردہ بستی کو زندہ کیا دوبارہ نکلنا اسی طرح ہے

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَٰبُ الرَّسِّ وَ

ان سے پہلے قوم نوح اور کنوئیں والوں نے اور قوم ثمود

ثَمُودُ ﴿١٢﴾ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَٰنُ لُوطٍ ﴿١٣﴾ وَ

نے جھٹلایا اور قوم عاد اور فرعون اور قوم لوط نے اور

أَصْحَٰبُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ

بن والوں اور قوم تبع نے ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا

فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾ أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ بَلْ

تو ہمارا وعدۂ عذاب ثابت ہوا کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے میں تھک گئے ہیں (نہیں) بلکہ

هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

وہ از سرِ نو پیدا کرنے کے متعلق شک میں ہیں اور بیشک ہم نے انسان کو

الْإِنسَٰنَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِۦ نَفْسُهُۥ وَنَحْنُ

پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ اس کے دل میں گزرتا ہے اور ہم

ع ۱
۱۵

### رابط آیات

(۷) زمین کو دیکھیں (اس میں پہاڑ) اور کو دیکھیں کیا ان چیزوں کا پیدا کرنا مشکل ہے؟ انسان کا (۸) یہ چیزیں انابت والے اللہ والوں کے لئے نصیحت کا کام دے سکتی ہیں (۹ تا ۱۱) جس طرح ہم پانی نازل کر کے اشیاء بطور رزق پیدا کرتے ہیں اسی طرح انسانوں کو بھی مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کر سکتے ہیں۔ (۱۲ تا ۱۴) ان گزشتہ قوموں نے بھی تکذیب رسل ہی کے باعث یہ سزا پائی۔ تم بھی وہی جرم کر رہے ہو اور اپنے آپ کو اسی قسم کی سزا کے مستحق ٹھہرا رہے ہو۔ (۱۵) کیا پہلی دفعہ ہم انسانوں کو پیدا کر کے تھک گئے ہیں۔



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿١٦﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ

اس سے اس کی رگ گلو سے بھی زیادہ قریب ہیں جب کہ ضبط کرنے والے داہنے اور

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿١٧﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ

بائیں بیٹھے ہوئے ضبط کرتے جاتے ہیں وہ منہ سے کوئی بات نہیں

قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿١٨﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ

نکالتا مگر اس کے پاس ایک ہوشیار محافظ ہوتا ہے اور موت کی بے ہوشی تو ضرور

الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ

آ کر رہے گی یہی ہے وہ جس سے تو گریز کرتا تھا اور صور میں

فِي الصُّوْرِ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ

پھونکا جائے گا وعدۂ عذاب کا دن یہی ہے اور ہر ایک شخص آئے گا

مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿٢١﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ

اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہی دینے والا ہو گا بیشک تو تو اس دن سے غفلت میں

هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾

رہا پس ہم نے تجھ سے تیرا پردہ دور کر دیا پس تیری نگاہ آج بڑی تیز ہے

وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ

اور اس کا ساتھی کہے گا یہ ہے جو میرے پاس تیار ہے (حکم ہو گا) تم دونوں ہر کافر سرکش

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿٢٥﴾

کو دوزخ میں ڈال دو جو نیکی سے روکنے والا حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا ہے

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ

جس نے اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود ٹھہرایا پس اسے سخت عذاب میں

الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ

ڈال دو اس کا ہم نشین کہے گا اے ہمارے رب میں نے اسے گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ



**خلاصہ رکوع ۲**

یہ تو مجازات کے منکر ہیں تو ہماری طرف سے ہر لمحہ مجازات کی تیاری ہو رہی ہے اس دن ضال اور مضل ایک دوسرے کے سر تھوپیں گے۔ یہ مخاصمت بیکار ہو گی۔ ملخصہ (۱) آیت ۱۰۔ (۲) آیت ۲۳ تا ۲۸۔

## ربط آیات

(۱۶) ہم انسان کے وساوس کو بھی جانتے ہیں اور ہم اس کی شاہ رگ سے زیادہ قریب ہیں (۱۷) علاوہ اس کے دو محافظ ہماری طرف سے انسان کے دائیں اور بائیں بیٹھے رہتے ہیں (۱۸) جو بولتا ہے فوراً لکھ لیتے ہیں (۱۹) موت کی بے ہوشی انسان پر آئے گی۔ اس وقت اسے یہ کہا جائے گا (۲۰-۲۱) نفخ فی الصور کے بعد ہر انسان میدان محشر میں آئے گا۔ سائق ملائکہ عظام میں سے اور شہید ہاتھ اور پاؤں وغیرہ ساتھ لائے گا۔ (۲۲) وہاں حاضر ہونے کے بعد اسے یہ کہا جائے گا (۲۳) فرشتہ عرض کرے گا میرے پاس اس کا اعمال نامہ موجود ہے۔ (۲۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ہو گا (۲۵-۲۶) خیر کے کاموں سے روکنے والے مشرک کو جہنم میں جھونک دو۔

كَانَ فِي ضَلَٰلٍۭ بَعِيدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ

وہ خود ہی بڑی گمراہی میں پڑا ہوا تھا   فرمائے گا تم میرے پاس مت جھگڑو

وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُم بِالْوَعِيدِ ﴿٢٨﴾ مَا يُبَدَّلُ

اور میں تو پہلے تمہاری طرف اپنے عذاب کا وعدہ بھیج چکا تھا   میرے ہاں کی بات

الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّٰمٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ

بدلی نہیں جاتی   اور نہ ہی میں بندوں کے لئے ظالم ہوں   جس دن

نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ

ہم جہنم سے کہیں گے   کیا تو بھر چکی   اور وہ کہے گی   کیا کچھ

مِن مَّزِيدٍ ﴿٣٠﴾ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ

اور بھی ہے   اور بہشت پرہیزگاروں کے لئے قریب لائی جائے گی

غَيْرَ بَعِيدٍ ﴿٣١﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ

کہ کچھ فاصلہ نہ ہوگا   یہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا   ہر رجوع کرنے والے اور

حَفِيظٍ ﴿٣٢﴾ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ

حفاظت کرنے والے کے لئے   جو کوئی اللہ سے بن دیکھے   ڈرا   اور رجوع

بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ ﴿٣٣﴾ ادْخُلُوهَا بِسَلَٰمٍ ذَٰلِكَ يَوْمُ

کرنے والا دل لے کر آیا   اس میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ   ہمیشہ رہنے کا دن

الْخُلُودِ ﴿٣٤﴾ لَهُم مَّا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا

یہی ہے   انہیں جو کچھ وہ چاہیں گے وہاں ملے گا   اور ہمارے پاس

مَزِيدٌ ﴿٣٥﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ

اور بھی زیادہ ہے   اور ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں   جو

أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن

قوت میں ان سے بڑھ کر تھیں   پھر عذاب کے وقت شہروں میں دوڑنے پھرنے لگے   کہ کوئی

### ربط آیات

(۲۷) شیطان بہک گیا (۲۸) اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے پاس مت جھگڑو میں نے تمہیں پہلے وعید سنا دیا تھا (۲۹) میرا فیصلہ تبدیل نہیں ہوا کرتا اور میں نے

۲ ع ۱۶

**خلاصہ رکوع ۱۷**

اس عذاب سے بچنے کے لئے اوب نہایت الی اللہ کی ضرورت ہے اگر یہ لوگ باز آجائیں تو آپ دینا متعلق باللہ شب و روز تسبیح سے اضطراب قلب میں اور تشریحوں کی تربیت فرمائیں۔

ماخذ [illegible]

آیت ۲۹۔۳۰ (۳) آیت ۳۵

بندوں پر کوئی ظلم نہیں کرتا (۳۰) جہنم کو قیامت کے دن کم نہیں آئے گا (۳۱) اور جنت متقین کے قریب کی جائے گی (۳۲) یہی ہے وہ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا (۳۳) جنت کے مستحق اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہر شخص (۳۴) اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے کو حکم ہوگا کہ سلامتی سے جنت میں داخل ہو جاؤ (۳۵) وہاں جو چاہیں گے ملے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَّحِيصٍ ﴿٣٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ

پناہ کی جگہ بھی ہے بیشک اس میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جس کے پاس (فہیم)

قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

دل ہو یا وہ متوجہ ہو کر (بات کی طرف) کان ہی لگا دیتا ہو اور بیشک ہم نے آسمانوں

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَمَا

اور زمین کو پیدا کیا اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے چھ دن میں اور ہمیں

مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ ﴿٣٨﴾ فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ

کچھ بھی تھکان نہ ہوئی پس ان باتوں پر صبر کر جو وہ کہتے ہیں اور اپنے

بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ ﴿٣٩﴾

رب کی پاکیزگی بیان کر تعریف کے ساتھ دن نکلنے سے پہلے اور دن چھپنے سے پہلے

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ ﴿٤٠﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ

اور رات میں بھی اس کی تسبیح کر اور نماز کے بعد بھی اور توجہ سے سنئے جس دن

يُنَادِ الْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ ﴿٤١﴾ يَوْمَ يَسْمَعُونَ

پکارنے والا پاس سے پکارے گا جس دن وہ ایک چیخ کو

الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ ﴿٤٢﴾ إِنَّا نَحْنُ

بخوبی سنیں گے یہ دن قبروں سے نکلنے کا ہوگا بیشک ہم ہی

نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ

زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے جس دن ان پر سے زمین پھٹ جائے گی

سِرَاعًا ۚ ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ﴿٤٤﴾ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ ۖ وَ

لوگ دوڑتے ہوئے نکل آئیں گے یہ لوگوں کا جمع کرنا ہمیں بہت آسان ہے ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور

مَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ ۖ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ﴿٤٥﴾ ع ۳ / ۱۷

آپ ان پر کچھ زبردستی کرنے والے نہیں پھر آپ قرآن سے اس کو نصیحت کیجئے جو میرے عذاب سے ڈرتا ہو

## ربط آیات

(۳۶) ان سے پہلے ہم منکرین کی کتنی نسلیں ہلاک کر چکے ہیں۔ (۳۷) ان باتوں سے صاحب دل کو فائدہ ہو سکتا ہے (۳۸) ہم نے چھ دن میں سارا جہان بنایا اور کوئی تھکان نہیں ہوئی۔ اب ان کے دوبارہ پیدا کرنے سے ہم کس طرح عاجز ہو سکتے ہیں (۳۹۔۴۰) ان کی باتوں پر صبر کریں اور اپنا تعلق باللہ مضبوط کرتے رہیں (۴۱۔۴۲) ان کی اصلاح اور بیداری کے متعلق قیامت کے دن کا منظر کھینچئے۔ ان کی آنکھیں اس دن کھلیں گی (۴۳) موت و حیات ہمارے قبضہ میں ہے یہ لوگ ہماری طرف ہی لوٹ کر آئیں گے (۴۴) حشر کے دن زمین پھٹ جائے گی اور سب نکل کر اکٹھے ہو جائیں گے (۴۵) جو کچھ مجازات کے متعلق یہ کہتے ہیں ہمیں خوب علم ہے۔ جو لوگ اللہ کے عذاب سے ڈرتے ہیں، فقط انہیں قرآن حکیم کے ذریعہ سے نصیحت کیجئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## اٰیَاتُهَا ۶۰ (۵۱) سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (۶۷) رُكُوْعَاتُهَا ۳

آیتیں ۶۰ سورۃ الذّٰریٰت مکی ہے رکوع ۳

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝۱ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝۲ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝۳

قسم ہے ان ہواؤں کی جو غبار وغیرہ کو اڑانے والی ہیں پھر ان بادلوں کی جو بوجھ (بارش) کا اٹھانے والے ہیں پھر ان کشتیوں کی جو نرمی سے چلنے والی ہیں

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝۴ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝۵ وَّاِنَّ

پھر ان فرشتوں کی جو حکم کے موافق چیزیں تقسیم کرنے والے ہیں بیشک جس قیامت کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچ ہے اور بیشک

الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۝۶ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝۷ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ

اعمال کی جزا ضرور ہونے والی ہے آسمان جالی دار کی قسم ہے البتہ تم پیچیدہ بات میں پڑے

مُّخْتَلِفٍ ۝۸ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝۹ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝۱۰

ہوئے ہو قرآن سے وہی روکا جاتا ہے جو ازل سے گمراہ ہے اٹکل پچو باتیں بنانے والے غارت ہوں

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝۱۱ يَسْــَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝۱۲

وہ جو غفلت میں بھولے ہوئے ہیں پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب ہوگا

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۝۱۳ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ

جس دن وہ آگ پر عذاب دیئے جائیں گے اپنی شرارت کا مزہ چکھو یہی ہے وہ (عذاب) جس

بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۱۴ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۱۵

کی تم جلدی کرتے تھے بیشک پرہیزگار باغات اور چشموں میں ہوں گے

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝۱۶

لے رہے ہوں گے جو کچھ انہیں ان کا رب عطا کرے گا بیشک وہ اس سے پہلے نیکوکار تھے

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝۱۷ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ

وہ رات کے وقت تھوڑا سا سویا کرتے تھے اور آخر رات میں

---

### ربط آیات

سورۃ الذّٰریٰت (موضوع سورت) جزائے اعمال یقینی ہے (۱ تا ۵) جس طرح ہوائیں ذریعہ ہے بخارات کرنے کے گزرتی ہیں پھر جہاں اللہ تعالیٰ چاہتا ہے وہاں تقسیم کرکے مینہ برساتی ہیں اسی طرح فرشتوں کے اعمال آسمان میں اللہ تعالیٰ کے ہاں جمع ہوتے ہیں پھر وہ جزائے اعمال کی صورت میں انسان کے سامنے آئیں گے واللہ اعلم (۶-۷) جزائے اعمال ہونے والی ہے (۸-۹) تمہاری باتیں قرآن اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو ہیں ان پر جو قائم ہیں معلوم ہے محروم رکھا گیا ہے (۱۰) قیامت پر ایمان نہیں (۱۰) اور ان کذاب چونکہ ہونے کے قابل ہیں (۱۱) جو غفلت میں سرشار ہیں (۱۲) یہ سوال کرتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی (۱۳) اس دن جبکہ جس دن انہیں دوزخ میں عذاب کیا جائے گا (۱۴) کہا جائے گا اس کا مزہ چکھو (۱۵) متقین کو جنت میں داخل کیا جائے گا (۱۶) یہ داخلہ سابقہ نیکو کاری کے باعث ہے (۱۷) یہ لوگ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے

### خلاصہ رکوع ۱

جزائے اعمال یقینا ہونے والی ہے۔ ماخذ آیات ۵ تا ۹ ۔ ۱۵ ۔ ۱۶ ۔ ۲۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿١٩﴾

مغفرت مانگا کرتے تھے اور ان کے مالوں میں سوال کرنے والے اور محتاج کا حق ہوتا تھا

وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا

اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں اور خود تمہارے نفسوں میں بھی پس کیا تم

تُبْصِرُوْنَ ﴿٢١﴾ وَفِي السَّمَاۗءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ فَوَرَبِّ

غور سے نہیں دیکھتے اور تمہاری روزی آسمان میں ہے اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے پس آسمان اور

السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿٢٣﴾ هَلْ

زمین کے مالک کی قسم ہے بیشک یہ (قرآن) برحق ہے جیسا تم باتیں کرتے ہو کیا

اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٤﴾ اِذْ دَخَلُوْا

آپ کو ابراہیم کے معزز مہمانوں کی بات پہنچی ہے جب کہ وہ اس پر

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٢٥﴾

داخل ہوئے پھر انہوں نے سلام کیا ابراہیم نے سلام کا جواب دیا (خیال کیا) کچھ اجنبی سے لوگ ہیں

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿٢٦﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ

پس چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گیا اور ایک موٹا بچھڑا (تلا ہوا) لایا پھر ان کے سامنے لا رکھا

قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا

فرمایا کیا تم کھاتے نہیں پھر ان سے خوف محسوس کیا انہوں نے کہا تم ڈرو

تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ

نہیں اور انہوں نے اسے ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دی پھر ان کی بیوی شور مچاتی ہوئی آگے

صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿٢٩﴾

بڑھی اور اپنا ماتھا پیٹ کر کہنے لگی کیا بڑھیا بانجھ جنے گی

قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٠﴾

انہوں نے کہا تیرے رب نے یونہی فرمایا ہے بیشک وہ حکمت والا دانا ہے



ع ۲
۱۸

## ربط آیات

(۱۸) سحر کو اٹھ کر اپنا سابقہ اللہ تعالیٰ سے معاف کرایا کرتے تھے (۱۹) انفاق فی سبیل اللہ بھی کیا کرتے تھے (۲۰) ایمان والوں کیلئے زمین میں مجازات کی بہتیری نشانیاں ہیں (۲۱) خود انسان کے وجود کے اندر نشانیاں موجود ہیں (۲۲) تمہارا رزق اور جزا و سزا کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے (۲۳) آسمان و زمین کا رب شاہد ہے اس پر کہ مجازات ایسی یقینی ہے جس طرح تمہیں اپنے کلام پر یقین ہے (۲۵،۲۴) ابراہیم علیہ السلام کے پاس وہ فرشتے بصورت مہمان آئے جو لوط علیہ السلام کی قوم کو تباہ کرنے کے لئے جا رہے ہیں۔ یہاں آنے کی حکمت معلوم ہوتی ہے کہ حضرت لوط

> **خلاصہ رکوع ۲**
> جزا و اعمال یقینی ہے۔
> ماخذ بیت ۳۲، ۳۰ تا ۲۰، ۲۱۔
> ۳۲، ۳۳ تا ۳۵، ۳۶۔

علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کی روحانی نسل میں ہیں اور ان کی تحت بالواسطہ نسل روحانی ہے۔ اس روحانی نسل کے متعلق ہونے سے ابراہیم علیہ السلام کو سخت صدمہ ہوگا اور ابراہیم خلیل اللہ ہیں بس تھے ان کی تسلی خاطر کے لئے پہلے بیٹے کی خوشخبری سنا کر پھر بس لوط کو تباہ کرتے ہیں۔ والله اعلم (۲۶) ابراہیم علیہ السلام گھر جا کر بھنے ہوئے بچھڑے کا گوشت لے آئے (۲۷) ان کے سامنے لا کر رکھا اور فرمایا کھاتے کیوں نہیں (۲۸) ابراہیم ان کے نہ کھانے سے خائف ہوئے انہوں نے فرمایا کہ آپ ڈریں نہیں اور ایک عالم بیٹے کی خوشخبری سنائی (۲۹) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی محترمہ نے تعجب کیا کہ بڑھیا اور بانجھ سے کس طرح بیٹا ہوگا۔ (۳۰) انہوں نے کہا تیرے رب کا فیصلہ یہی ہے۔ لہٰذا ضرور ہوگا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿٣١﴾ قَالُوا

فرمایا اے رسولو! تمہارا کیا مطلب ہے انہوں نے کہا

إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً

ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ ہم ان پر مٹی کے

مِنْ طِينٍ ﴿٣٣﴾ مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ﴿٣٤﴾ فَأَخْرَجْنَا

پتھر برسائیں وہ آپ کے رب کی طرف سے حد سے بڑھنے والوں کیلئے مقرر ہو چکے ہیں پھر ہم نے نکال دیا

مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٣٥﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ

جو بھی وہاں ایمان دار تھا پھر ہم نے وہاں سوائے

بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِلَّذِينَ

مسلمانوں کے ایک گھر کے نہ پایا اور ہم نے اس واقعہ میں ایسے لوگوں کیلئے ایک عبرت

يَخَافُونَ الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٣٧﴾ وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ

رہنے دی جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں اور موسیٰ کے قصہ میں بھی عبرت ہے جبکہ ہم نے

فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾ فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ

اس کو فرعون کے پاس ایک کھلی ہوئی دلیل دے کر بھیجا سو اس نے مع اپنے ارکان سلطنت کے سرتابی کی اور کہا یہ

مَجْنُونٌ ﴿٣٩﴾ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ

جادوگر یا دیوانہ ہے پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑ لیا، پھر ہم نے انہیں سمندر میں پھینک دیا اور اس

مُلِيمٌ ﴿٤٠﴾ وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ ﴿٤١﴾

نے کام ہی ملامت کا کیا تھا اور قوم عاد میں بھی (عبرت ہے) جب ہم نے ان پر سخت آندھی بھیجی

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ﴿٤٢﴾ وَ

جو کسی چیز کو نہ چھوڑتی جس پر سے وہ گزرتی مگر اسے بوسیدہ ہڈیوں کی طرح کر دیتی اور

## ربطِ آیات

(۳۱) ابراہیم علیہ السلام نے اُن سے پوچھا کہ کس طرح آئے ہو۔ (۳۲) جواب دیا کہ ہم مجرموں کی ایک قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ (۳۳، ۳۴) تاکہ اُن پر پتھر برسائیں جو مشرکین کے لئے مخصوص شدہ ہیں۔ (۳۵) مؤمنوں کو ہم نے نکال لیا۔ (۳۶) سوائے ایک لوط علیہ السلام کے اور کوئی گھر مؤمن نہ تھا۔ (۳۷) لوط علیہ السلام کی بستی میں عذابِ الٰہی سے ڈرنے والوں کے لئے عبرت ہے۔ (۳۸) موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے واقعہ میں بھی عبرت ہے کہ جزا سزا اعمال یقینی ہے۔ (۳۹) اپنے لشکروں کے گھمنڈ میں وہ بھی ایمان نہ لایا اور موسیٰ علیہ السلام پر ساحر یا مجنون کا الزام لگایا۔ (۴۰) ہم نے اُسے لشکر سمیت سمندر میں غرق کر دیا۔ (۴۱) قومِ عاد میں بھی عبرت ہے کہ جزائے اعمال یقینی ہے ہم نے اُن پر تیز ہوا بھیجی۔ (۴۲) ہر چیز کو وہ تباہ کر گئی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٤٣﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ
قوم ثمود میں بھی (عبرت ہے) جبکہ اُن سے کہا گیا ایک وقت معین تک فائدہ اٹھاؤ پھر انہوں نے اپنے رب کے حکم سے

رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا
سرتابی کی تو اُن کو بجلی نے آپکڑا اور وہ دیکھ رہے تھے پھر نہ تو وہ اُٹھ ہی سکے

مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ
اور نہ وہ بدلہ ہی لے سکے اور قوم نوح کو اس سے پہلے (ہلاک کر دیا)

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا
بے شک وہ نافرمان لوگ تھے اور ہم نے آسمان کو قدرت سے بنایا اور ہم وسیع

لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَ
قدرت والے ہیں اور ہم نے ہی زمین کو بچھایا پھر ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں اور

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَفِرُّوْٓا
ہم نے ہی ہر چیز کا جوڑا پیدا کیا تاکہ تم غور کرو پھر اللہ کی

اِلَى اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ
طرف دوڑو بے شک میں تمہارے لئے اللہ کی طرف سے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں اور اللہ کے ساتھ کوئی

اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥١﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى
دوسرا معبود نہ ٹھیراؤ بے شک میں تمہارے لئے اس کی طرف سے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں اسی طرح ان سے پہلوں

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٥٢﴾
کے پاس بھی جب کوئی رسول آیا تو انہوں نے یہی کہا کہ یہ جادوگر یا دیوانہ ہے

اَتَوَاصَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ
کیا ایک دوسرے سے یہی کہہ مرے تھے نہیں بلکہ وہ خود ہی سرکش ہیں پس آپ ان کی پروا نہ کیجیے آپ

اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿٥٤﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾
کوئی الزام نہیں اور نصیحت کرتے رہیے بے شک ایمان والوں کو نصیحت نفع دیتی ہے

منزل ۷

## ربط آیات

(۴۳) قوم ثمود کا واقعہ بھی عبرت ہے کہ جزاء اعمال یقینی ہے۔ (۴۴) ان پر بھی نافرمانی کے باعث مہلک عذاب آیا (۴۵) اپنی جگہ سے اُٹھ بھی نہ سکے اور عذاب الٰہی نے تباہ کر دیا۔ (۴۶) قوم نوح علیہ السلام کا واقعہ بھی اسی حقیقت کی ایک نظیر ہے۔ (۴۷) آسمان کو ہم نے بنایا۔ (۴۸) اور

ع ۲ / ۳ / ۱

خلاصہ رکوع ۳ - (۱) جزاء اعمال یقینی ہے۔ (۲) جن اور انسان کی پیدائش کی غرض۔ ماخذ (۱) ۴۹، (۲) ۵۶ ۔

زمین کو ہم نے بچھایا (۴۹) اور ہر چیز کا ہم نے جوڑا بنایا (لہٰذا دنیا کا جوڑا آخرت ہوگی جہاں ہر شخص کو جزائے اعمال ملے گی) (۵۰) اگر گرفت سے بچنا چاہتے ہو تو بھاگ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاؤ (۵۱) اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ۔ (۵۲) پہلی امتوں نے بھی اپنے انبیاء علیہم السلام پر ساحر یا مجنون کا الزام لگایا۔ (۵۳) کیا پہلے سرکش پچھلے آنے والوں کے لئے وصیت کر گئے تھے۔ (۵۴) نہیں مانتے تو چھوڑ دیجئے۔ (۵۵) ایمان والے اس نصیحت سے نفع پائیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ

اور میں نے جن اور انسان کو جو بنایا ہے تو صرف اپنی بندگی کے لئے میں اُن سے کوئی

مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ﴿٥٧﴾ إِنَّ اللَّهَ هُوَ

روزی نہیں چاہتا ہوں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں بے شک اللہ ہی بڑا

الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ ﴿٥٨﴾ فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

روزی دینے والا زبردست طاقت والا ہے پس بے شک ان کے لئے جو ظالم ہیں

ذَنُوبًا مِثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ﴿٥٩﴾ فَوَيْلٌ

حصہ ہے جیسا کہ اُن کے ساتھیوں کا حصہ تھا تو وہ مجھ سے جلدی کا تقاضا نہ کریں پس ہلاکت ہے

لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ يَوْمِهِمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٦٠﴾

اُن کے لئے جو کافر ہیں اُس دن جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے

## آیاتها ۴۹ (۵۲) سُورَةُ الطُّورِ مَكِّيَّةٌ (۷۶) رکوعاتها ۲

سورۂ طور مکی ہے اور اس میں انچاس آیتیں اور دو رکوع ہیں

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالطُّورِ ﴿١﴾ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ ﴿٢﴾ فِي رَقٍّ مَنْشُورٍ ﴿٣﴾ وَ

قسم ہے طور کی اور اس کتاب کی جو لکھی گئی ہے کشادہ ورقوں میں اور

الْبَيْتِ الْمَعْمُورِ ﴿٤﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ ﴿٥﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ ﴿٦﴾

آباد گھر کی قسم ہے اور اونچی چھت کی اور جوش مارتے ہوئے سمندر کی

إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ مَا لَهُ مِنْ دَافِعٍ ﴿٨﴾ يَوْمَ

بے شک آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا اُسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے جس دن

تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا ﴿٩﴾ وَتَسِيرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَيْلٌ

آسمان تھرتھرا کر لرزنے لگے گا اور پہاڑ تیزی سے چلنے لگیں گے پس اس دن



### ربطِ آیات

(۵۶) جن اور انسان کی خلقت کی یہ غرض ہے۔
(۵۷) میں ان سے رزق نہیں چاہتا۔ (۵۸) بلکہ اللہ تعالیٰ ان کا رازق ہے۔
(۵۹) عذابِ الٰہی میں جو تاخیر ہو رہی ہے اس کا ذریعہ یہی حقیقت ہے جس طرح پہلی تباہ شدہ امتوں کا تقاضا تھا یہ لوگ جلدی نہ کریں۔ (۶۰) آخر کے دن یا دُنیا میں ان پر ہلاکت آ جائے گی۔

### سورۃ الطور

(موضوعِ سورت)

بداعمال کی سزا یقینی ہے
ع ۱۴ / ۲
(۱، ۲، ۳) جب تورات بنی اسرائیل کو دی گئی اور انہوں نے عصینا کہا اور اُن پر طور اٹھایا گیا کہ ان لو ورنہ پیس دیے جاؤ گے۔ یہ واقعہ شاہد ہے کہ بداعمال کو سزا ضرور دی جاتی ہے
(۴) خانہ کعبہ کا واقعہ اصحاب فیل بھی اس امر پر شاہد ہے۔
(۵، ۶) آسمان گواہ ہے کہ

| |
|---|
| خلاصۂ رکوع ۱ ۔ سورۂ طور میں پہلا آنے والا ہے۔ ملاحظہ آیت ۷، ۸، ۱۰۔ |
| ۱۳۔۱۴۔۱۵۔ |

بداعمال قوموں پر آسمان کی طرف سے عذاب آیا مثلاً قوم لوط علیہ السلام پر پتھراؤ۔ سمندر بھی اس پر گواہ ہے کہ بداعمال لوگوں پر پانی کا عذاب آیا مثلاً فرعون (۷) یہ جواب قسم ہے کہ آئندہ عذاب یقیناً آنے والا ہے۔ (۸) اسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔ (۹) وہ عذاب اُس دن آئے گا جس دن آسمان چکر کھائے گا۔ (۱۰) اور پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ۝١١ الَّذِينَ هُمْ فِي خَوْضٍ يَلْعَبُونَ ۝١٢

جھٹلانے والوں کے لئے ہلاکت ہے جو جھوٹی باتوں میں لگے ہوئے کھیل رہے ہیں

يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَىٰ نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝١٣ هَٰذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنتُم

جس دن وہ دوزخ کی آگ کی طرف بُری طرح سے دھکیلے جائیں گے یہی وہ آگ ہے جسے تم

بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝١٤ أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ۝١٥

دُنیا میں جھٹلاتے تھے پس کیا یہ جادو ہے یا تم دیکھتے نہیں

اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ ۖ إِنَّمَا

اس میں داخل ہو جاؤ پس تم صبر کرو یا نہ کرو تم پر برابر ہے تمہیں تو

تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝١٦ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ۝١٧

ویسا ہی بدلہ دیا جائے گا جیسا تم کرتے تھے بے شک پرہیزگار باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے

فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝١٨

محظوظ ہو رہے ہوں گے اس سے جو انہیں ان کے رب نے عطا کی ہے اور ان کو ان کے رب نے عذابِ دوزخ سے بچا دیا ہے

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝١٩ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ

مزے سے کھاؤ اور پیو بدلے ان (اعمال) کے جو تم کیا کرتے تھے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے

سُرُرٍ مَّصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝٢٠ وَالَّذِينَ آمَنُوا

جو قطاروں میں بچھے ہوئے ہیں اور ہم ان کا نکاح بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے کر دیں گے اور جو لوگ ایمان

وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُم

لائے اور ان کی اولاد نے ایمان میں ان کی پیروی کی ہم ان کے ساتھ ان کی اولاد کو بھی (جنت میں) ملا دیں گے

مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ۝٢١

اور ان کے عمل میں سے کچھ بھی کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے عمل کے ساتھ وابستہ ہے

وَأَمْدَدْنَاهُم بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝٢٢ يَتَنَازَعُونَ

اور ہم انہیں اور زیادہ میوے دیں گے اور گوشت جو وہ چاہیں گے وہاں ایک دوسرے سے

وقفِ لازم

### ربطِ آیات

(۱۱) مکذبین کے لئے وہ ہلاکت کا دن ہے۔ (۱۲) جو باطل میں محو رہتے ہیں۔ (۱۳) اس دن جہنم میں دھکیلے جائیں گے (۱۴) یہی وہ آگ ہے جسے جھٹلایا کرتے تھے۔ (۱۵) کیا یہ جادو ہے (۱۶) جاؤ تمہارے اعمال کی یہی سزا ہے۔ (۱۷) طرزِ الطاف متقین کا ذکرِ خیر آیا ہے۔ یہ حضرات بہشتوں میں سہل گئے (۱۸) اپنے رب کی دی ہوئی جنتوں میں آرام پائیں گے اور عذابِ جہنم سے محفوظ رکھے جائیں گے۔ (۱۹) کھاؤ اور پیو۔ یہ تمہارے اعمال کا بدلہ ہے (۲۰) تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ (۲۱) مومنوں کی اولاد اگر ایمان دار ہوگی وہ بھی ان کے ساتھ کر دی جائے گی۔ (۲۲) میوہ اور گوشت جس چیز کا چاہیں گے ملے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿٢٣﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

شراب کا پیالہ لیں گے جس میں نہ بکواس ہو گی نہ گناہ کا کام اور اُن کے پاس لڑکے اُن کی

غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٢٤﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

خدمت کے لئے پھر رہے ہوں گے گویا وہ غلافوں میں رکھے ہوئے موتی ہیں اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ

ہو کر آپس میں پوچھیں گے کہیں گے ہم تو اس سے پہلے اپنے گھروں میں

اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ

ڈرا کرتے تھے پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں لُو کے عذاب

السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

سے بچا لیا بے شک ہم اس سے پہلے اسے پکارا کرتے تھے بے شک وہ بڑا ہی

الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿٢٨﴾ ع فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ

احسان کرنے والا نہایت رحم والا ہے پس نصیحت کرتے رہئے کہ آپ اپنے رب کے فضل سے

بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿٢٩﴾ ؕ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ

نہ کاہن ہیں نہ دیوانہ ہیں کیا وہ کہتے ہیں کہ وہ شاعر ہے ہم اس پر

بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿٣٠﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ

گردشِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں کہہ دو تم انتظار کرتے رہو بے شک میں بھی تمہارے

الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿٣١﴾ ؕ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ

ساتھ منتظر ہوں کیا اُن کی عقلیں انہیں اس بات کا حکم دیتی ہیں یا وہ خود ہی

طَاغُوْنَ ﴿٣٢﴾ ج اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ ج

سرکش ہیں یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنا لیا ہے بلکہ وہ ایمان ہی نہیں لاتے

فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ ؕ اَمْ

پس کوئی کلام اس جیسا لے آئیں اگر وہ سچے ہیں کیا

## ربط آیات

(۲۳) اہلِ جنت خوبیوں والا شراب ایک دوسرے کو دیں گے۔ (۲۴) اہلِ جنتیوں کے غلام خدمت پر ہوں گے۔ (۲۵) ایک دوسرے کو یہ کہیں گے (۲۶) کہ ہم دنیا میں اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرتے تھے۔ (۲۷) اللہ تعالیٰ نے ہم پر بڑا احسان کیا اور ہمیں جہنم سے بچایا۔ (۲۸) ہم تو پہلے ہی سے اسی کی عبادت کرتے تھے۔ (۲۹) آپ تبلیغ کا فرض ادا کرتے رہیں۔ آپ خدا نخواستہ کاہن یا مجنون نہیں۔

ع ۴

خلاصہ رکوع ۲۔ آپ تبلیغ کا مشن جاری رکھیں، کیا آپ کو شاعر کہنے میں انہیں ضد ہے، ہمیں قرآن لانے ہیں۔

(۳۰) کیا دیوانہ بتاتے ہیں جب ہیں۔ (۳۱) انہیں کہہ دو اچھا انتظار کرو، دیکھو گردش کس پر پڑتی ہے۔ (۳۲) کیا ان کی عقلوں کا یہی فیصلہ ہے۔ (۳۳) کیا اسے خود ساختہ خیال کرتے ہو۔ (۳۴) تم بھی ویسا بنا کر دکھا دو۔

منزل ۷

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخٰلِقُونَ (۳۵) أَمْ خَلَقُوا

وہ بغیر کسی خالق کے پیدا ہو گئے ہیں یا وہ خود خالق ہیں یا اُنہوں نے

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بَلْ لَّا يُوقِنُونَ (۳۶) أَمْ عِنْدَهُمْ

آسمانوں اور زمین کو بنایا ہے نہیں بلکہ وہ یقین ہی نہیں کرتے کیا اُن کے پاس آپ کے

خَزَآئِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ (۳۷) أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ

رب کے خزانے ہیں یا وہ داروغہ ہیں کیا اُن کے پاس کوئی

يَّسْتَمِعُونَ فِيهِ فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِينٍ (۳۸)

سیڑھی ہے کہ وہ اس پر چڑھ کر سن آتے ہیں تو لے آئے اُن میں سے سننے والا کوئی دلیل واضح

أَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ (۳۹) أَمْ تَسْـَٔلُهُمْ أَجْرًا فَهُمْ

کیا اُس کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور تمہارے لئے بیٹے کیا آپ اُن سے کوئی صلہ مانگتے ہیں

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ (۴۰) أَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

کہ وہ تاوان سے دبے جا رہے ہیں یا ان کے پاس علم غیب ہے کہ وہ اُسے

يَكْتُبُونَ (۴۱) أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ

لکھتے رہتے ہیں کیا وہ کوئی داؤ کرنا چاہتے ہیں پس جو منکر ہیں وہی داؤ میں

الْمَكِيدُونَ (۴۲) أَمْ لَهُمْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

آئے ہوئے ہیں کیا سوائے اللہ کے اُن کا کوئی اور معبود ہے اللہ اُس سے پاک ہے جو

يُشْرِكُونَ (۴۳) وَإِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا

وہ شریک ٹھہراتے ہیں اگر وہ ایک ٹکڑا آسمان سے گرتا ہوا دیکھ لیں

يَّقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ (۴۴) فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوا يَوْمَهُمُ

تو کہہ دیں گے کہ تہ بہ تہ جما ہوا بادل ہے پس آپ انہیں چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ وہ اپنا وہ دن

الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ (۴۵) يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ

دیکھ لیں جس میں وہ بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے جس دن اُن کا داؤ اُن کے کچھ بھی کام



## ربطِ آیات

(۳۵) کیا یہ بن خالق بنے ہیں کہ انہیں خالق کے احکام کی ضرورت نہیں یا یہ خود اپنے خالق ہیں (۳۶) کیا زمین اور آسمان انہوں نے بنایا ہے۔ (۳۷) کیا ان کے پاس تیرے رب کے خزانے ہیں لہٰذا اس خزانہ علم کی انہیں ضرورت نہیں رہی۔ (۳۸) یا ان کے پاس سیڑھی ہے کہ خود جا کر اپنے متعلق احکام لے آتے ہیں۔ (۳۹) نبی سے تعلق نہ رکھنے سے کیا ایسے عمل تیسے ٹھیک ہیں۔ (۴۰) کیا فیس سے ڈر کر ایمان نہیں لاتے (۴۱) یا خزانہ غیب تمہارے پاس موجود ہے لہٰذا اب ضرورت نہیں رہی (۴۲) یا اس تدبیر کے متعلق غور کی تجویز کرنا چاہتے ہو۔ یاد رکھو وہ ضرور تم ہی پر جا پڑے گا۔ (۴۳) یا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی تمہارا معبود ہے۔ (۴۴) ان کی نظر میں ایسی مسخ ہو چکی ہیں کہ عذاب کو آتا ہوا سامنے دیکھیں تو بھی نہ سمجھیں۔ (۴۵) ایسے نالائقوں کو قیامت تک چھوڑ دیں۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝٤٦ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا
نہ آئے گا اور نہ انہیں مدد دی جائے گی اور بے شک ان ظالموں کو علاوہ اس کے ایک عذاب
دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٤٧ وَاصْبِرْ
(دُنیا میں) ہوگا لیکن اکثر ان میں سے نہیں جانتے اور اپنے رب کا
لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ
حکم آنے تک صبر کر کیونکہ بے شک آپ ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح
تَقُوْمُ ۝٤٨ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝٤٩ ع ۲
کیجئے جب آپ اُٹھا کریں اور کچھ حصہ رات میں بھی اس کی تسبیح کیا کیجئے اور ستاروں کے غروب ہونے کے بعد بھی

## (٥٣) سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ (٢٣)
آیاتها ٦٢ — رکوعاتها ٣

سورۃ النجم مکی ہے اور اس میں باسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝١ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝٢
ستارے کی قسم ہے جب وہ ڈوبنے لگے تمہارا رفیق نہ گمراہ ہوا ہے اور نہ بہکا ہے
وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝٣ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝٤
اور نہ وہ اپنی خواہش سے کچھ کہتا ہے یہ تو وحی ہے جو اس پر آتی ہے
عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝٥ ذُوْ مِرَّةٍ ۭ فَاسْتَوٰى ۝٦ وَهُوَ
بڑے طاقتور (جبرائیل) نے اُسے سکھایا ہے جو بڑا زور آور ہے پس وہ قائم ہوا (اصلی صورت میں) اور وہ
بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝٧ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝٨ فَكَانَ قَابَ
(آسمان کے) اونچے کنارے پر تھا پھر نزدیک ہوا پھر اور بھی قریب آیا پھر فاصلہ دو کمان کے
قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝٩ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝١٠ مَا
برابر تھا یا اس سے بھی کم پھر اُس نے اللہ کے بندے کے دل میں القا کیا جو کچھ القا کیا دل نے

### ربطِ آیات
(۴۶) جس دن انہیں کوئی تدبیر کام نہیں آئے گی اور نہ کہیں سے مدد مل سکے گی (۴۷) ان کے لئے تو آخرت سے پہلے دُنیا میں بھی عذاب ہے (۴۸-۴۹) آپ اللہ تعالیٰ کے فیصلے کا انتظار کریں اور یادِ الٰہی میں دن رات مشغول رہیں۔

### سورۃ النجم
(موضوعِ سورت)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات وحی الٰہی ہیں اور مشرکانہ معتقدات ظن و تخمین پر مبنی ہیں (۱) جس طرح ستارے بوقت ضرورت اپنی جگہ سے ہٹ جاتے ہیں

خلاصہ رکوع ۱ — [illegible] وحی الٰہی ہیں اور مشرکانہ [illegible]
ماخذ آیت ۲، ۴، ۵، ... ۲۳

اسی طرح فرشتے مقام القدس کے لئے اپنی جگہ سے نزول فرماتے ہیں۔ (۲) آپ غلطی پر نہیں ہیں (۳-۴) اپنی خواہش سے نہیں فرماتے بلکہ ارشادات نبوت بذریعہ وحی آتے ہیں۔ (۵-۶-۷) یہ وحی زبردست طاقت والا فرشتہ لایا ہے جسے آپ نے اُفق اعلیٰ آسمان میں اصلی صورت میں بھی مشاہدہ فرمایا ہوا ہے۔ (۸-۹-۱۰) حامل وحی نے اتنا قریب ہو کر بندۂ خدا کی طرف وحی کی۔


Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿١١﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾

جھوٹ نہیں کہا تھا   جو دیکھا تھا   پھر جو کچھ اُس نے دیکھا تم اُس میں جھگڑتے ہو

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿١٣﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾

اور اُس نے اُس کو ایک بار اور بھی دیکھا ہے   سدرۃ المنتہیٰ   کے پاس

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿١٥﴾ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾

جس کے پاس   جنت الماویٰ ہے   جبکہ اُس سدرہ پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا (یعنی نور)

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ

نہ تو نظر بہکی   نہ حد سے بڑھی   بے شک اُس نے اپنے رب کی   بڑی بڑی نشانیاں

الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

دیکھیں   پھر کیا تم نے لات اور عزیٰ کو بھی دیکھا ہے   اور تیسرے منات گھٹیا کو

الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ

(دیکھا ہے)   کیا تمہارے لئے بیٹے اور اُس کے لئے بیٹیاں ہیں   تب تو یہ بہت ہی

ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ

بُری تقسیم ہے   یہ تو صرف نام ہی نام ہیں   جو تم نے   اور تمہارے باپ دادا نے

اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

گھڑ لئے ہیں   جن پر خدا نے کوئی سند بھی نہیں اُتاری   وہ محض وہم   اور اپنی

اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ

خواہش کی   پیروی کرتے ہیں   حالانکہ اُن کے پاس اُن کے رب کے ہاں سے

رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿٢٣﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿٢٤﴾ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَ

ہدایت آ چکی ہے   پھر کیا انسان کو وہی مل جاتا ہے جس کی تمنا کرتا ہے   پس آخرت اور

الْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾ ع وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِىْ شَفَاعَتُهُمْ

دُنیا اللہ ہی کے اختیار میں ہے   اور بہت سے فرشتے آسمان میں ہیں کہ جن کی شفاعت کسی کے کچھ بھی کام

### ربطِ آیات

(۱۱) آپ کے قلب نے دیکھنے میں کوئی غلطی نہیں کی (۱۲) کیا اس کے دیکھنے پر تم جھگڑا کرتے ہو۔ (۱۳-۱۴) آپ نے دوسری مرتبہ جبریل علیہ السلام کو سدرۃ المنتہیٰ کے قریب بھی دیکھا تھا۔ (۱۵) اس سدرۃ کے پاس جنت بھی ہے (۱۶-۱۷) سدرہ پر جو چیز چھائی ہوئی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر مُبارک نے اُس کے دیکھنے میں غلطی نہیں کھائی (۱۸) وہاں اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں (۱۹-۲۰) کیا تم نے بھی اپنے معبودوں سے کبھی کچھ استفادہ کیا ہے۔ (۲۱) کیا ان سے یہ تقسیم پائی ہے کہ بُری چیز اللہ تعالیٰ کے لئے اور اچھی چیز تمہارے لئے (۲۲) یہ کیسی بُری تقسیم ہے۔ (۲۳) یہ تمہارے خود ساختہ معبودوں کے نام ہیں جن کا کوئی ثبوت تمہارے پاس نہیں اور اصلی ہدایت تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس آ چکی ہے۔ (۲۴) کفار کا کیا خیال ہے کہ انسان جو چاہے اپنی نجات کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ جسے چاہے معبود بنالے اور جسے چاہے شفیع بنالے۔ (۲۵) (ہرگز نہیں) بلکہ دُنیا اور آخرت کے سارے فیصلے اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں۔

ع ٢٥



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

شَيْـًٔا إِلَّا مِنۢ بَعْدِ أَن يَأْذَنَ ٱللَّهُ لِمَن يَشَآءُ وَيَرْضَىٰٓ ﴿٢٦﴾

نہیں آتی مگر اس کے بعد کہ اللہ جس کے لئے چاہے اجازت دے اور پسند کرے

إِنَّ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِٱلْءَاخِرَةِ لَيُسَمُّونَ ٱلْمَلَٰٓئِكَةَ

بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کے عورتوں کے سے

تَسْمِيَةَ ٱلْأُنثَىٰ ﴿٢٧﴾ وَمَا لَهُم بِهِۦ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا

نام رکھتے ہیں اور اُن کو اس بات کی کچھ بھی نہیں جانتے محض وہم پر

ٱلظَّنَّ ۖ وَإِنَّ ٱلظَّنَّ لَا يُغْنِى مِنَ ٱلْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿٢٨﴾ فَأَعْرِضْ

چلتے ہیں اور وہم حق بات کی جگہ کچھ بھی کام نہیں آتا پھر تم اُس کی

عَن مَّن تَوَلَّىٰ عَن ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا ﴿٢٩﴾

پرواہ نہ کرو جس نے ہماری یاد سے منہ پھیر لیا ہے اور بجز دنیا ہی کی زندگی چاہتا ہے

ذَٰلِكَ مَبْلَغُهُم مِّنَ ٱلْعِلْمِ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ

اُن کی سمجھ کی یہیں تک رسائی ہے بے شک آپ کا رب اس کو خوب جانتا ہے جو اس کے

عَن سَبِيلِهِۦ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ ٱهْتَدَىٰ ﴿٣٠﴾ وَلِلَّهِ مَا فِى

راستہ سے بھٹکا اور اس کو بھی خوب جانتا ہے جو راہ پر آیا اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ

ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ لِيَجْزِىَ ٱلَّذِينَ أَسَٰٓـُٔوا۟ بِمَا عَمِلُوا۟ وَ

آسمانوں اور زمین میں ہے تاکہ بُرا کرنے والوں کو اُن کے کام کا بدلہ دے اور

يَجْزِىَ ٱلَّذِينَ أَحْسَنُوا۟ بِٱلْحُسْنَى ﴿٣١﴾ ٱلَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَٰٓئِرَ

نیکی کرنے والوں کو نیک بدلہ دے وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائی

ٱلْإِثْمِ وَٱلْفَوَٰحِشَ إِلَّا ٱللَّمَمَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ وَٰسِعُ ٱلْمَغْفِرَةِ ۚ

کی باتوں سے بچتے ہیں مگر صغیرہ گناہوں سے بے شک آپ کا رب بڑی وسیع بخشش والا ہے

هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ ٱلْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ

وہ تمہیں خوب جانتا ہے جبکہ تمہیں زمین سے پیدا کیا تھا اور جبکہ تم اپنی ماں کے

منزل ۷

خلاصۂ رکوع ۲ ... ان کے منکرات
منکرین کی تمام باتیں بے بنیاد ہیں
ماخذ آیت ۲۷، ۲۸، ۲۹

### ربط آیات

(۲۶) دین کے خود ساختہ معبودوں کی شفاعت تو بجائے خود رہی، بارگاہ الٰہی میں تو ملائکہ عظام مقربین بھی بلا اجازت شفاعت نہیں کر سکتے۔

(۲۷) دین بے ایمانوں نے ملائکہ عظام کو عورتوں کے نام سے موسوم کر رکھا ہے۔

(۲۸) ان مزعومات میں سوائے ظن کے اور کوئی ان کے پاس ثبوت نہیں (۲۹) آپ ان کی پروا نہ کریں۔ (۳۰) ایمان کے علم کی حد ہے۔ (۳۱) زمین اور آسمان میں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی مالک نہیں وہی ہر انسان کو مناسب اعمال کی جزا و سزا دے گا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ

پیٹ میں بچے تھے پس اپنے آپ کو پاک نہ سمجھو وہ پرہیزگار کو خوب

اتَّقَىٰ ﴿٣٢﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ﴿٣٣﴾ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَ

جانتا ہے بھلا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے منہ پھیر لیا اور تھوڑا سا دیا اور

أَكْدَىٰ ﴿٣٤﴾ أَعِندَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ﴿٣٥﴾ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ

سخت دل ہو گیا کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے کیا اسے ان باتوں کی

بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَىٰ ﴿٣٦﴾ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ﴿٣٧﴾ أَلَّا تَزِرُ

خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ کے صحیفوں میں ہیں اور ابراہیم کے جس نے (اپنا عہد) پورا کیا وہ یہ کہ کوئی

وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ﴿٣٨﴾ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ﴿٣٩﴾

کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جو کرتا ہے

وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ﴿٤٠﴾ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ﴿٤١﴾ وَ

اور یہ کہ اس کی کوشش جلد دیکھی جائے گی پھر اسے پورا بدلہ دیا جائے گا اور

أَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ﴿٤٢﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ﴿٤٣﴾ وَ

یہ کہ سب کو آپ کے رب ہی کی طرف پہنچنا ہے اور یہ کہ وہی ہنساتا اور رلاتا ہے اور

أَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ﴿٤٤﴾ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ

یہ کہ وہی مارتا اور زندہ کرتا ہے اور یہ کہ اسی نے جوڑا نر اور مادہ کا

وَالْأُنثَىٰ ﴿٤٥﴾ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ﴿٤٦﴾ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ

پیدا کیا ہے ایک بوند سے جبکہ وہ ٹپکائی جاتی ہے اور یہ کہ دوسری بار زندہ کر کے اٹھانا

الْأُخْرَىٰ ﴿٤٧﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ ﴿٤٨﴾ وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ

اسی کے ذمہ ہے اور یہ کہ وہی غنی اور سرمایہ دار کرتا ہے اور یہ کہ وہی شعریٰ کا

الشِّعْرَىٰ ﴿٤٩﴾ وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولَىٰ ﴿٥٠﴾ وَثَمُودَ فَمَا

رب ہے اور یہ کہ اسی نے عاد اولیٰ کو ہلاک کیا تھا اور ثمود کو پس اسے



## رابطۂ آیات

(۳۲) ان صفات والے نیکوکاروں کو اپنی وسیع مغفرت سے ڈھانپ لے گا۔ (۳۳) کیا آپ نے منہ موڑنے والے کو دیکھا۔ (۳۴) تھوڑا سا دے کر باقی سے بخل کیا۔ (۳۵) کیا

خلاصہ رکوع ۳۔ کیا انہیں علم نہیں ہے کہ ہر شخص اپنے اعمال کی جزا پائے گا اور بیشک اللہ تعالیٰ ہی نے عاد، ثمود، قوم نوح اور قوم لوط کو شامت اعمال کے باعث تباہ کیا۔
ماخذ آیت (۱) ۳۶ تا ۴۰ –
(۲) ۵۰ تا ۵۴۔

اس کے پاس علم غیب ہے۔ (۳۶-۳۷-۳۸) کیا اسے موسیٰ علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں کا فیصلہ معلوم نہیں کہ کوئی شخص دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ (۳۹) اور ہر شخص اپنی کوشش کی جزا پائے گا۔ (۴۰) اور اس کی سعی کا اللہ تعالیٰ ملاحظہ فرمائے گا۔ (۴۱) پھر پوری جزا دیا جاوے گا۔ (۴۲) آخر سارے فیصلے اللہ تعالیٰ ہی کرے گا۔ (۴۳-۴۴-۴۵-۴۶) کیا اس منکر کو یہ معلوم نہیں کہ منی کے قطرہ سے نر اور مادہ بنا کر اللہ تعالیٰ نے ہی پیدا کیا ہے اور انسان کے تمام حالات پر اللہ تعالیٰ کا قابو ہے۔ (۴۷) کیا اُسے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ دوبارہ اٹھائے گا۔ (۴۸) اللہ تعالیٰ ہی غنی کرتا ہے اور خزانے عطا فرماتا ہے (۴۹) اور وہ آسمان کے ستارہ کا بھی رب ہے۔ (۵۰-۵۱-۵۲-۵۳-۵۴) اور ان تمام قوموں اور بستیوں پر اللہ تعالیٰ ہی نے عذاب نازل کیا تھا۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَبْقَىٰ ﴿٥١﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَ

باقی نہ چھوڑا اور اس سے پہلے نوح کی قوم کو بے شک وہ زیادہ ظالم اور

أَطْغَىٰ ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَىٰ ﴿٥٣﴾ فَغَشَّاهَا مَا غَشَّىٰ ﴿٥٤﴾ فَبِأَيِّ

زیادہ سرکش تھے اور الٹی بستی کو اس نے دے پٹکا پس اس پر وہ (تباہی) چھا گئی جو چھا گئی پس

آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ ﴿٥٦﴾

اپنے رب کی کون کون سی نعمت میں تو شک کرے گا یہ بھی ایک ڈرانے والا ہے پہلے ڈرانے والوں میں سے

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾

آنے والی قریب آپہنچی سوائے اللہ کے اسے کوئی ہٹانے والا نہیں

أَفَمِنْ هَٰذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُونَ وَلَا

پس کیا اس بات سے تم تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے

تَبْكُونَ ﴿٦٠﴾ وَأَنتُمْ سَامِدُونَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩ ﴿٦٢﴾

نہیں اور تم کھیل رہے ہو پس اللہ کے آگے سجدہ کرو اور اس کی عبادت کرو

آیاتها ٥٥ — (٥٤) سُورَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ (٣٧) — رکوعاتها ٣

سورۂ قمر مکی ہے اور اس میں پچپن آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانشَقَّ الْقَمَرُ ﴿١﴾ وَإِن يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا

قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا اور اگر وہ کوئی معجزہ دیکھ لیں تو اس سے منہ

وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿٢﴾ وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَ

موڑ لیں اور کہیں یہ تو ہمیشہ سے چلا آتا جادو ہے اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور

كُلُّ أَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣﴾ وَلَقَدْ جَاءَهُم مِّنَ الْأَنبَاءِ مَا فِيهِ

ہر بات کے لئے ایک وقت مقرر ہے اور ان کے پاس وہ خبریں آچکی ہیں جن میں

## ربطِ آیات

(۵۵) اے منکر! تجھے اب تک اللہ تعالیٰ کی کون سی قدرت میں شک ہے۔ (۵۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ڈرانے والوں کی طرح ایک ڈرانے والے ہیں۔ (۵۷) قیامت قریب آچکی ہے۔ (۵۸) اور اس کا صحیح فیصلہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہیں۔ (۵۹-۶۰) کیا اس قرآن حکیم پر تعجب کرتے ہو اور تمسخر اڑاتے ہو اور روتے نہیں (۶۱) اور تم غافل ہو۔ (۶۲) اگر نجات چاہتے ہو تو اللہ تعالیٰ کا سجدہ اور اسی کی عبادت کرو۔

ع ۳ — سجدہ

## سورۃ القمر

(موضوعِ سورت)

رفعِ استبعادِ قیامت (قیامت نظامِ عالم کی بربادی کا نام ہے نظامِ عالم میں ایک بڑے رکن کی شکست ہی یہ حال ہے کہ یقینی ارکان میں بھی تو انحلال واقع ہو سکتا ہے۔

سورۂ قمر رکوع ۱ — شروع ... قیامت ... آیت ۱ ... (۲) ... ۱۶-۱۸

(۱) قیامت قریب آچکی ہے اور یہی نظامِ عالم کا ٹوٹ جانا انشقاقِ قمر سے مشاہدہ کر چکے ہو۔ (۲) تو ہر ایک علامت قدرت الٰہی کو سحر سے ہی تعبیر کرتے ہیں۔ (۳) یہ لوگ اپنی خواہشات کے متبع ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُزْدَجَرٌ ۴ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۵ فَتَوَلَّ
کافی تنبیہ ہے اور پوری دانائی بھی ہے پر ان کو ڈرانے والی نے فائدہ نہیں پہنچایا پس ان سے منہ
عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُكُرٍ ۶ خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ
موڑ لے جس دن پکارنے والا ایک ناپسند چیز کے لئے پکارے گا اپنی آنکھیں نیچی کئے ہوئے
يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنْتَشِرٌ ۷ مُهْطِعِينَ
قبروں سے نکل پڑیں گے جیسے ٹڈیاں پھیل پڑی ہوں بلانے والے کی
إِلَى الدَّاعِ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۸ كَذَّبَتْ
طرف بھاگے جارہے ہوں گے یہ کافر کہہ رہے ہوں گے یہ تو بڑا ہی سخت دن ہے ان سے پہلے
قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَ
قوم نوح نے بھی جھٹلایا تھا پس انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا دیوانہ ہے اور
ازْدُجِرَ ۹ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ۱۰ فَفَتَحْنَا
اسے جھڑک دیا گیا پھر نوح نے اپنے رب کو پکارا کہ میں تو مغلوب ہو گیا تو میری مدد کر پھر ہم نے
أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ ۱۱ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا
موسلا دھار پانی سے آسمان کے دروازے کھول دیئے اور ہم نے زمین سے چشمے جاری کر دیئے
فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۱۲ وَحَمَلْنَاهُ عَلَىٰ ذَاتِ
پھر جہاں تک پانی کا چڑھاؤ چڑھنا ٹھہر چکا تھا چڑھ آیا اور ہم نے نوح کو تختوں اور کیلوں والی
أَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ ۱۳ تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِمَنْ كَانَ كُفِرَ ۱۴
کشتی پر سوار کیا جو ہماری عنایت سے چلتی تھی یہ اس کا بدلہ تھا کہ جس کا انکار کیا گیا تھا
وَلَقَدْ تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۱۵ فَكَيْفَ كَانَ
اور ہم نے اس کو ایک نشان بنا کر چھوڑ دیا پس کیا کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے پھر (دیکھا) ہمارا عذاب
عَذَابِي وَنُذُرِ ۱۶ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ
اور ڈرانا کیسا تھا اور البتہ ہم نے تو سمجھنے کے لئے قرآن کو آسان کر دیا پھر کوئی ہے

وقف لازم

## ربط آیات

(۴) حالانکہ ان کے پاس پہلی تباہ شدہ امتوں کے حالات آچکے ہیں (۵) یہ قرآن حکیم بڑی حکمت والی کتاب ہے لیکن جب یہ لوگ نہ مانیں تو ڈرانے والے کیا کریں (۶) انہیں قیامت آنے تک چھوڑ دیجئے۔

(۷) نگاہیں نیچی کرکے اس طرح آئیں گے (۸) گروہ در گروہ اٹھتے ہوئے جلدی جانے والے کے پاس آجائیں گے (۹) قوم نوح علیہ السلام نے ان کے پیغمبر کو جھٹلایا اور انہیں پاگل بتایا۔

(۱۰) نوح علیہ السلام نے اپنے رب سے فریاد کی۔ (۱۱-۱۲) پھر زمین و آسمان سے ان پر پانی آیا (۱۳) ہم نے نوح علیہ السلام کو کشتی پر اٹھایا۔ (۱۴) کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے تیر رہی تھی۔ یہ عذاب نافرمانوں کی شامت اعمال تھی (۱۵) ہم نے اس واقعہ کو عبرت بنایا۔ (۱۶) دیکھا کہ میرا عذاب کس طرح آیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾

کر بیٹھے — قوم عاد نے بھی جھٹلایا تھا پھر (دیکھو) ہمارا عذاب اور ڈرانا کیسا تھا

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾

بے شک ہم نے ان پر ایک دن سخت آندھی بھیجی تھی — جس کی نحوست — دائمی تھی

تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَكَيْفَ كَانَ

جو لوگوں کو ایسا پھینکتی تھی کہ گویا وہ کھجور کے جڑ سے اکھڑے ہوئے پیڑ ہیں — پھر (دیکھو) ہمارا عذاب

عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن

اور ڈرانا کیسا تھا — اور البتہ ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے پھر ہے کوئی

مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوا أَبَشَرًا مِّنَّا

کر بیٹھے — قوم ثمود نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا تھا — پس کہا کیا ہم اپنے میں سے

وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ

ایک آدمی کے کہنے پر چلیں گے — تب تو ہم ضرور گمراہی اور دیوانگی میں جا پڑیں گے — کیا ہم میں سے اسی

عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ﴿۲۵﴾ سَيَعْلَمُونَ غَدًا

پر وحی بھیجی گئی — بلکہ وہ بڑا جھوٹا (اور) شیخی خورہ ہے — عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا

مَّنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ﴿۲۶﴾ إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

کہ کون بڑا جھوٹا (اور) شیخی خورہ ہے — بے شک ہم ان کی آزمائش کے لئے اونٹنی بھیجنے والے ہیں

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ

پس (اے صالح) ان کا انتظار کر اور صبر کر — اور انہیں کہہ دو کہ پانی ان میں بٹ گیا ہے

كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾

ہر ایک اپنی باری سے پانی پلایا کرے پھر انہوں نے اپنے رفیق کو بلایا تب اس نے ہاتھ بڑھایا اور (اس کی)

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً

کونچیں کاٹ ڈالیں پھر (دیکھو) ہمارا عذاب اور ڈرانا کیسا تھا — بے شک ہم نے ان پر ایک زور کی چیخ کا عذاب بھیجا

## ربطِ آیات

(۱۷) اس قسم کے عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو قرآن جو آسان ہے اس سے نصیحت حاصل کرو۔ (۱۸) قوم عاد نے بھی جھٹلایا دیکھو ان پر میرا عذاب کس طرح آیا۔ (۱۹-۲۰-۲۱) ان پر سخت آندھی کا عذاب آیا۔ کھجور کے تنوں کی طرح اکھاڑ کر انہیں رکھ دیا۔ دیکھا میرا عذاب کس طرح آیا۔ (۲۲) اس

ع ۲۲ / ۸

خلاصہ رکوع ۲ - مذکرین ... ماخذ ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۳۱

قسم کے عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو قرآن سے نصیحت حاصل کرو جو آسان ہے (۲۳) ثمود نے منذرین کو جھٹلایا۔ (۲۴) یہ عذر کیا کہ کیا ایک انسان کا اتباع کریں۔ (۲۵) کیا ذکر وحی اسی پر نازل کیا گیا ہے بلکہ یہ جھوٹا ہے (۲۶) عنقریب اس اتہام کا فیصلہ ہو جائے گا (۲۷) ہم اونٹنی سے ان کا امتحان لینا چاہتے ہیں (۲۸) یہ انہیں کہہ دو کہ چشمے کا پانی تقسیم شدہ ہے۔ (۲۹) انہوں نے اپنا ساتھی بلایا۔ اس نے پکڑ کر اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں (۳۰) دیکھو میرا عذاب کس طرح ان پر آیا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
پھر وہ ایسے ہو گئے جیسا کانٹوں کی باڑ کا چورا اور البتہ ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے
مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ
پھر ہے کوئی سمجھنے والا قوم لوط نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا تھا بے شک ہم نے ان پر پتھر برسانے
حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا
سوائے لوط کے گھر والوں کے ہم نے انہیں پچھلی رات نجات دی یہ ہماری طرف سے فضل ہے
كَذَٰلِكَ نَجْزِي مَن شَكَرَ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا
جو شکر کرتا ہے ہم اسے ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور وہ انہیں ہماری پکڑ سے ڈرا چکا تھا پس وہ ڈرانے
بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ
میں شک کرنے لگے اور البتہ اس سے اس کے مہمانوں کا مطالبہ کرنے لگے تو ہم نے ان کی آنکھیں
فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ
مٹا دیں پس چکھو میرا عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو اور بے شک صبح کو ان پر ایک عذاب نہ ٹلنے والا
مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ
آ پڑا پس میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو اور البتہ ہم نے سمجھنے کے لئے قرآن
لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾
کو آسان کر دیا ہے پھر ہے کوئی سمجھنے والا اور البتہ فرعون کے خاندان کے پاس بھی ڈرانے والے آئے تھے
كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾
انہوں نے ہماری سب نشانیوں کو جھٹلایا پھر ہم نے انہیں بڑی زبردست پکڑ سے پکڑا
أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ أَمْ
کیا تمہارے منکر ان لوگوں سے اچھے ہیں یا تمہارے لئے کتابوں میں نجات لکھی ہے کیا
يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ
وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم زبردست جماعت ہیں عنقریب یہ جماعت بھی شکست کھائے گی اور

## ربطِ آیات

(۳۱) ایک آواز سے سب چوک کر دیئے گئے۔ (۳۲) اس قسم کے عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو قرآن سے نصیحت حاصل کرو جو آسان ہے۔ (۳۳) قوم لوط علیہ السلام نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا۔ (۳۴) لوط علیہ السلام کے اہل و عیال کے سوا ان پر ہم نے پتھروں کی بارش برسائی۔ (۳۵) ان کا بچنا ہمارے فضل سے تھا۔ شکر گزاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ (۳۶) لوط علیہ السلام نے انہیں ہماری گرفت سے ڈرایا۔ (۳۷) انہوں نے مہمانوں کے متعلق مطالبہ کیا۔ ہم نے انہیں اندھا کر دیا۔ (۳۸) صبح کے وقت ان پر دائمی عذاب آگیا۔ (۳۹) کہا گیا میرے عذاب کا مزہ چکھو۔ (۴۰) اس قسم کے عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو قرآن سے نصیحت حاصل کرو جو آسان ہے۔ (۴۱) فرعون کے پاس بھی ڈرانے والے آئے۔

ع ۲

(۴۲) انہوں نے بھی ہماری آیتوں کو جھٹلایا پھر ہم نے ان پر

خلاصہ رکوع ۲ [illegible]
ماخذ آیت ۴۲

غالب قدرت رکھنے والے کی سی گرفت کی۔ (۴۳) اے مخاطبین قرآن کیا تمہارے کافر ان سے اچھے ہیں کہ انہیں گرفت نہیں ہو گی، تمہارے پاس نجات کا کوئی پروانہ ہے۔ (۴۴) یا انہیں اپنی جماعت پر گھمنڈ ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُوَلُّونَ الدُّبُرَ ۝۴۵ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ

پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے بلکہ قیامت اُن کے وعدے کا وقت ہے اور قیامت زیادہ دہشت ناک

وَأَمَرُّ ۝۴۶ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝۴۷ يَوْمَ

اور تلخ تر ہے بے شک مجرم گمراہی اور جنون میں ہیں جس دن

يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ۝۴۸

اپنے مُنہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (کہا جائے گا) آگ لگنے کا مزہ چکھو

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ ۝۴۹ وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ

بے شک ہم نے ہر چیز اندازے سے بنائی ہے اور ہمارا حکم تو ایک ہی بات ہوتی ہے

كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ۝۵۰ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ

جیسا کہ پلک کا جھپکنا اور البتہ ہم تمہارے جیسوں کو غارت کر چکے ہیں پھر کیا کوئی

مِنْ مُدَّكِرٍ ۝۵۱ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ۝۵۲ وَكُلُّ

سمجھنے والا ہے اور ہر چیز جو کچھ بھی انہوں نے کیا ہے وہ اعمال ناموں میں موجود ہے اور ہر

صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُسْتَطَرٌ ۝۵۳ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَ

چھوٹا اور بڑا کام لکھا ہوا ہے بے شک پرہیزگار باغوں اور نہروں میں

نَهَرٍ ۝۵۴ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ ۝۵۵ ع

ہوں گے عزت کے مقام میں قادرِ مطلق بادشاہ کے حضور میں

## رکوعاتها (۹۷) سُورَةُ الرَّحْمَٰنِ مَدَنِيَّةٌ (۵۵) اٰیاتها

سورۂ رحمٰن مدنی ہے اور اس میں اٹھتر آیتیں اور تین رکوع ہیں

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الرَّحْمَٰنُ ۝۱ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ۝۲ خَلَقَ الْإِنْسَانَ ۝۳ عَلَّمَهُ

رحمٰن ہی نے قرآن سکھایا اُس نے انسان کو پیدا کیا اسے بولنا

وقف لازم

ع ۳ / ۱۵ / ۱۰

### ربطِ آیات

(۴۵) مخالفینِ قرآن کی جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے (۴۶) مگر ان کے عذاب کا حقیقی وعدہ تو قیامت میں ہے (۴۷) مجرم دُنیا میں گمراہ اور آخرت میں دوزخ میں ہوں گے (۴۸) وہ آگ میں منہ کے بل گھسیٹے جائیں گے (۴۹) ہم نے ہر کام کا ایک اندازہ کیا ہوا ہے۔

(۵۰) ہمارا ہر کام کلمۂ کُن سے آنکھ جھپکنے کی دیر میں ہو جاتا ہے (۵۱) ہم نے تم جیسے کفار کو پہلے تباہ کیا ہے۔ آیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے (۵۲) اور ان کا ہر عمل اعمال نامہ میں محفوظ ہے (۵۳) ہر چھوٹا بڑا کام لکھا ہوا ہے (۵۴) متقی بہشتوں میں ہوں گے (۵۵) اچھی جگہ پر قدرت والے بادشاہ کے پاس۔

### سورۃ الرحمٰن

(موضوعِ سورت)

کفار نے کہا تھا ما الرحمٰن اس اعتراض کا جواب ہے واللہ اعلم۔

(۱-۲) رحمٰن وہ ذات ہے جس نے قرآن سکھایا (۳-۴) جس نے انسان کو پیدا کر کے بولنا سکھایا۔

خلاصہ رکوع ۱: تذکیر آلاء اللہ
ماخذ آیت ۱۔۲۔۳۔۴۔۶۔۱۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْبَيَانَ ﴿٤﴾ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾ وَّالنَّجْمُ وَ
سکھایا — سورج اور چاند ایک حساب سے چل رہے ہیں — اور بیلیں — اور

الشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ﴿٦﴾ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ﴿٧﴾
درخت سجدہ کر رہے ہیں — اور آسمان کو اُس نے بلند کر دیا اور ترازو قائم کی

أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ﴿٨﴾ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا
تاکہ تم تولنے میں زیادتی نہ کرو — اور انصاف سے تولو — اور تول

تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيهَا
نہ گھٹاؤ — اور اُس نے خلقت کے لئے زمین کو بچھا دیا — اُس میں

فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ
میوے — اور غلافوں والی کھجوریں ہیں — اور بھوسے دار اناج — اور پھول

وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ
خوشبودار ہیں — پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے — اُس نے

الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَانَّ
انسان کو ٹھیکری کی طرح بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا — اور اُس نے جنوں کو

مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٦﴾
آگ کے شعلے سے پیدا کیا — پھر تم (اے گروہ جن و انس) اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ
وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک ہے — پھر تم اپنے رب کی کس کس

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا
نعمت کو جھٹلاؤ گے — اُس نے دو سمندر ملا دیئے جو باہم ملتے ہیں — ان دونوں میں

بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ ﴿٢٠﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢١﴾
پردہ ہے کہ وہ حد سے تجاوز نہیں کر سکتے — پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

## ربطِ آیات

(۴) کے لئے دیکھیں صفحہ ۸۴۷۔
(۵) سورج اور چاند کو حساب مناسب اُس نے جاری کیا۔
(۶) بیل اور درخت اُسی کے سامنے سربسجود ہیں (۷) آسمان کو اسی نے بلند کیا اور میزان اُسی نے اُتاری۔ (۸) تاکہ تم میزان میں کمی بیشی نہ کرو۔
(۹) اور وزن پورا کرو۔
(۱۰) لوگوں کے لئے زمین بھی اُسی نے بنائی۔ (۱۱) یہ میوہ جات اُسی نے بنائے ہیں (۱۲) بھوسہ والے اناج اور پھول اُسی نے بنائے ہیں (۱۳) اللہ تعالیٰ کے کون کون سے عجائباتِ قدرت کا انکار کرسکتے ہو۔ (۱۴) انسان کو اسی نے کھنکھناتے ہوئے گارے سے پیدا کیا (۱۵) اور جنوں کو آگ کے شعلے سے بنایا
(۱۶) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو
(۱۷) گرمی اور سردی کے مشرق اور مغرب کا رب وہی ہے۔
(۱۸) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو۔
(۱۹-۲۰) یہ بھی اُسی کی عجائباتِ قدرت ہیں۔
(۲۱) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ان دونوں میں سے موتی اور مونگا نکلتا ہے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾

جھٹلاؤ گے اور سمندر میں پہاڑوں جیسے کھڑے ہوئے جہاز اسی کے ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے جو کوئی زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہے

وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَيِّ

اور آپ کے پروردگار کی ذات باقی رہے گی جو بڑی شان اور عظمت والا ہے پھر تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اُس سے مانگتے ہیں جو آسمانوں اور

الْاَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

زمین میں ہیں ہر روز وہ ایک کام میں ہے پھر تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَيِّ

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اے جن و انس ہم تمہارے لئے جلدی ہی فارغ ہو جائیں گے پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اے جنوں اور انسانوں کے گروہ اگر تم

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں اور زمین کی حدود سے باہر نکل سکتے ہو

فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿٣٣﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

تو نکل جاؤ تم بغیر زور کے نہ نکل سکو گے (اور وہ ہے نہیں) پھر تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے گا پھر

النصف

ع ۵/۱۱

## ربطِ آیات

(۲۲) سمندر سے ہی موتی اور مرجان نکلتے ہیں (۲۳) پس کن کن سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۲۴) اور بڑی بڑی کشتیاں پہاڑوں کی طرح سمندر میں اسی کے حکم سے چلتی ہیں (۲۵) پس کن کن کی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۲۶) ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ (۲۷) سوائے رب ذوالجلال والاکرام کے اور کوئی باقی نہیں رہے گا۔

خلاصہ رکوع ۲ - ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ جن و انس ہر چیز کے محتاج ہیں ... نکلنے میں قادر نہیں تو حساب سے کیونکر بچ سکتے ہیں۔
ماخذ: [illegible]

(۲۸) پس کن کن سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرتے ہو۔ (۲۹) ہر چیز اس کے در کی سائل ہے۔ (۳۰) پس کن کن سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرتے ہو۔ (۳۱) اے جن و انس! تمہارے حساب کتاب کے لئے ہم عنقریب فارغ ہوں گے (۳۲) پس کن کن سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۳۳) اے جن و انس! اگر اللہ تعالیٰ کے ملک سے نکل سکتے ہو تو نکل جاؤ۔ (۳۴) پس کن کن سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾
تم بچ نہ سکو گے    پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً کَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ
پھر جب آسمان پھٹ جائے گا اور پھٹ کر گلابی تیل کی طرح سرخ ہو جائے گا    پھر تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ
رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    پس اُس دن اپنے گناہ کی بابت نہ کوئی انسان اور

اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ یُعْرَفُ
نہ کوئی جن پوچھا جائے گا    پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    مجرم اپنے

الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾
چہرے کے نشان سے پہچانے جائیں گے    پس پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑے جائیں گے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُکَذِّبُ
پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    یہی وہ دوزخ ہے    جسے مجرم

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾
جھٹلاتے تھے    گناہ گار جہنم میں اور کھولتے ہوئے پانی میں تڑپتے پھریں گے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ
پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    اور اُس کے لئے جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے

جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾
ڈرتا ہے دو باغ ہوں گے    پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    جن میں بہت سی شاخیں ہوں گی

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ﴿۵۰﴾
پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    ان دونوں میں    دو چشمے جاری ہوں گے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِیْهِمَا مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾
پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے    ان دونوں میں ہر میوہ کی    دو قسمیں ہوں گی

وقف لازم

ع ۲ ۱۲

## ربطِ آیات

(۳۵) قیامت میں تمہیں یہ سزا ملے گی اور کوئی تمہاری مدد نہیں کر سکے گا۔ (۳۶) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۳۷) آسمان پھر کر اُس دن تیل کی طرح ہو جائے گا۔ (۳۸) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۳۹) اُس دن کسی انسان یا جن سے پوچھا نہیں جائے گا کہ یہ کام تم نے کیا ہے یا نہ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود جانتا ہے۔ (۴۰) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۴۱) مجرم اپنی علامت سے پہچانے جائیں گے پیشانیوں اور قدموں سے پکڑے جائیں گے۔ (۴۲) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۴۳) یہ وہ دوزخ ہے جس کا مجرم انکار کیا کرتے تھے (۴۴) دوزخ اور گرم کھولتے ہوئے پانی میں ان کی آمد و رفت ہوگی۔ (۴۵) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۴۶) اللہ تعالیٰ کے روبرو حساب کتاب دینے سے جو ڈرتا تھا اس کے لئے دو بہشت ہوں گے (۴۷) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۴۸) وہ

> خلاصۂ رکوع ۳۔ خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو برمحل صرف کرنے والا جنت کا مستحق ہے۔ ماخذ آیت ۴۶ - ۴۸ ۔

بہشت سایہ دار ٹہنیوں والے ہوں گے۔ (۴۹) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۵۰) وہاں دو چشمے بھی جاری ہوں گے (۵۱) پس کون سی عجائباتِ قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۵۲) وہاں ہر میوہ کی دو دو قسمیں ہوں گی



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ایسے فرشوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے

بَطَآٮِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

کہ جن کا استر مخملی ہوگا اور دونوں باغوں کا میوہ جھک رہا ہوگا

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِۙ

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اُن میں نیچی نگاہوں والی عورتیں ہوں گی

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ

نہ تو انہیں ان سے پہلے کسی انسان نے اور نہ کسی جن نے چھوا ہوگا پھر تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے گویا کہ وہ یاقوت اور مونگا ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا

اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَ

اور کیا ہے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اور

مِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾

ان دو کے علاوہ اور دو باغ ہوں گے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾

وہ دونوں بہت ہی سبز ہوں گے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

ان دونوں میں دو چشمے اُبلتے ہوئے ہوں گے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾

جھٹلاؤ گے ان دونوں میں میوے اور کھجوریں اور انار ہوں گے

## ربطِ آیات

(۵۳) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۵۴) اس قسم کے فرشوں پر تکیہ لگانے والے ہوں گے۔ (۵۵) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۵۶) ان کو حوریں بھی پہلی بار انہیں ملیں گی۔ (۵۷) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۵۸) گویا کہ وہ عورتیں یاقوت اور مرجان ہیں۔ (۵۹) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۶۰) ان محسنین کے احسان کا بدلہ انہیں مل جائے گا۔ (۶۱) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۶۲) ان کے سوا اور باغ بھی انہیں ملیں گے۔ (۶۳) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۶۴) جن کی سبزی سیاہی مائل ہوگی۔ (۶۵) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو۔ (۶۶) ان دونوں میں دو چشمے پانی کے نکل رہے ہوں گے۔ (۶۷) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کر سکتے ہو (۶۸) ان میں ہر قسم کے میوہ جات ہوں گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ان میں نیک خو خوبصورت عورتیں ہوں گی

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے وہ حوریں جو خیموں میں

فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ

بند ہوں گی پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے نہ

یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

انہیں ان سے پہلے کسی انسان نے اور نہ کسی جن نے چھوا ہوگا پھر تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے قالینوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے جو سبز اور

عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

نہایت قیمتی نفیس ہوں گے پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع

آپ کے رب کا نام بابرکت ہے جو بڑی شان اور عظمت والا ہے

## اٰیاتها ۹۶ ﴿۵۶﴾ سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّیَّةٌ ﴿۴۶﴾ رکوعاتها ۳

سورۂ واقعہ مکی ہے اور اس میں چھیانویں آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَیْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾

جب واقع ہونے والی واقع ہوگی جس کے واقع ہونے میں کچھ بھی جھوٹ نہیں

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾

پست کرنے والی اور بلند کرنے والی جبکہ زمین بڑے زور سے ہلائی جائے گی

### ربطِ آیات

(۶۹) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو (۷۰) ان باغوں میں عورتیں عمدہ اخلاق والی خوبصورت ہوں گی (۷۱) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو۔ (۷۲) ان بہشتوں میں حوریں خیموں میں بند ہونے والی ہوں گی۔ (۷۳) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو۔ (۷۴) ان بہشتیوں سے پہلے کسی انسان و جن نے انہیں ہاتھ نہیں لگایا ہوگا۔ (۷۵) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو۔ (۷۶) سبز فرش اور خوبصورت بستروں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے (۷۷) پس کون سی عجائبات قدرتِ الٰہی کا انکار کرسکتے ہو (۷۸) تیرے رب ذوالجلال و الاکرام کا نام بڑا بابرکت ہے

ع ۳ / ۲۲ / ۱۳

### سُورۂ واقعہ
(موضوع سورت)

قیامت میں انسانوں کی تین قسمیں ہوں گی۔ ذوناجی ایک ہلاک

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۔ اجمالی اقسام خلق۔ مقربین و اصحاب الیمین کی جنتوں کا ذکر۔ |
| ماخذ آیات ۱ تا ۴۲ + ۲۲ |

وقف لازم

(۱) جب قیامت آجائیگی (۲) کہ اس کے آنے میں تخلف نہیں ہوگا۔ (۳) کسی کو نیچے کرنے والی کسی کو بلند کرنے والی (۴) جب زمین میں لرزہ آجائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿٦﴾ وَّكُنْتُمْ

اور پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر چورا چورا ہو جائیں گے سو وہ غبار ہو کر اڑتے پھریں گے اور (اُس وقت)

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾

تمہاری تین جماعتیں ہو جائیں گی پھر داہنے والے کیا ہی خوب ہیں داہنے والے

وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ

اور بائیں والے کیسے برے ہیں بائیں والے اور سب سے اول ایمان لانے والے

السّٰبِقُوْنَ ﴿١٠﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿١١﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿١٢﴾

سب سے اول داخل ہونے والے ہیں وہ اللہ کے ساتھ خاص قرب رکھنے والے ہیں نعمت کے باغات میں ہوں گے

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٤﴾ عَلٰى سُرُرٍ

پہلوں میں سے بہت سے اور پچھلوں میں سے تھوڑے سے تختوں پر جو

مَّوْضُوْنَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿١٦﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

جڑاؤ ہوں گے آمنے سامنے تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے ان کے پاس ایسے لڑکے جو

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿١٧﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ۬ وَكَاْسٍ مِّنْ

ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے آمد و رفت کیا کریں گے آبخورے اور آفتابے اور ایسا جام شراب سے کر جو بہتی ہوئی

مَّعِيْنٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ

شراب سے بھرا جائے گا نہ اس سے ان کو درد سر ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا اور

فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾

میوے جنہیں وہ پسند کریں گے اور پرندوں کا گوشت جو ان کو مرغوب ہو گا

وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءًۢ بِمَا

اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں جیسے موتی کئی تہوں میں رکھے ہوئے ہوں بدلے اس کے جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾

وہ کیا کرتے تھے وہ وہاں کوئی لغو اور گناہ کی بات نہیں سنیں گے



## ربطِ آیات

(۵) اور پہاڑ اُڑا دیئے جائیں گے (۶) پس غبار منتشر ہو جائیں گے (۷) تم تین جماعتیں ہو گئے (۸) یہ ایک قسم ہے (۹) یہ دوسری قسم ہے۔ (۱۰) یہ تیسری قسم ہے۔ (۱۱) سابقون کا یہ لقب ہے (۱۲) بہشتوں میں ہوں گے (۱۳-۱۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے پہلے لوگوں میں سے ایک بہت بڑی جماعت ہوگی اور پچھلے لوگوں میں سے بہت تھوڑے اس درجہ کے ہوں گے (۱۵-۱۶ آ ۱۷-۱۸-۱۹-۲۰-۲۱-۲۲-۲۳) السابقون السابقون ان نعمتوں سے ممتاز کیے جائیں گے (۲۴) یہ سب نعمتیں ان کے اعمال کی جزا ہیں (۲۵-۲۶) سلاماً سلاماً کے سوا کوئی بے ہودہ یا گناہ کی بات وہاں نہیں سنیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَّا قِيلًا سَلَٰمًا سَلَٰمًا ﴿٢٦﴾ وَأَصْحَٰبُ ٱلْيَمِينِ مَآ أَصْحَٰبُ

مگر سلام سلام کہنا ـ اور داہنے والے ـ کیسے اچھے ہوں گے

ٱلْيَمِينِ ﴿٢٧﴾ فِى سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ﴿٢٨﴾ وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ ﴿٢٩﴾ وَ

داہنے والے ـ وہ بے کانٹے کی بیریوں میں ہوں گے ـ اور گتھے ہوئے کیلوں میں

ظِلٍّ مَّمْدُودٍ ﴿٣٠﴾ وَمَآءٍ مَّسْكُوبٍ ﴿٣١﴾ وَفَٰكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ﴿٣٢﴾

اور لمبے سایوں میں ـ اور پانی کی آبشاروں میں ـ اور بافراط میووں میں

لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ﴿٣٤﴾ إِنَّآ

جو نہ کبھی منقطع ہوں گے اور نہ اُن میں روک ٹوک ہوگی ـ اور اونچے فرشوں میں ـ بے شک ہم نے

أَنشَأْنَٰهُنَّ إِنشَآءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا

اُنہیں (حوروں کو) ایک عجیب انداز سے پیدا کیا ہے پس ہم نے اُنہیں کنواریاں بنا دیا ہے ـ دل لبھانے والی

أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ع ثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَ

ہم عمر بنایا ہے ـ داہنے والوں کے لئے ـ بہت سے پہلوں میں سے ہوں گے ـ اور

ثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْءَاخِرِينَ ﴿٤٠﴾ وَأَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ مَآ أَصْحَٰبُ

بہت سے پچھلوں میں سے ـ اور بائیں والے ـ کیسے بُرے ہیں

ٱلشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِى سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾

بائیں والے ـ وہ لوؤں اور کھولتے پانی میں ہوں گے ـ اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں

لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾

جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ راحت بخش ـ بے شک وہ اس سے پہلے ـ خوش حال تھے

وَكَانُوا۟ يُصِرُّونَ عَلَى ٱلْحِنثِ ٱلْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا۟ يَقُولُونَ

اور بڑے گناہ (شرک) پر اصرار ـ کیا کرتے تھے ـ اور کہا کرتے تھے

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾

کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم پھر اُٹھائے جائیں گے

## ربطِ آیات

(۲۶ کے لئے دیکھو صفحہ ۸۵۳) (۲۷) اب اصحاب الیمین کی نعمتوں کا ذکر شروع ہوتا ہے (۲۸ تا ۳۸) یہ نعمتیں اصحاب الیمین کے حصہ کی ہیں۔ (۳۹) اصحاب الیمین کی ایک بہت بڑی جماعت اُمت کے ابتدائی حصہ میں سے ہوگی۔ (۴۰) اور ایک بڑی جماعت اُمت کے پچھلے حصہ میں سے ہوگی۔ (۴۱ تا ۴۴) بعض اصحاب الشمال اس عذاب میں مبتلا

ع ۱۴

تمہید حصہ ٔ رکوع ۲ ۔ اصحاب الشمال کے شرک کا ذکر ردو ترغیب ۔ تنبیہ بشارت ۔ تنبیہ ۔ ماخذ [illegible]

ہوں گے۔ (۴۵) یہ دُنیا میں بڑے آسودہ حال تھے۔ (۴۶) یہ لوگ شرک میں مبتلا تھے اور قیامت کے منکر تھے۔ (۴۷-۴۸) قیامت کے متعلق اُن کا یہ خیال تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی — کہہ دو بے شک پہلے بھی — اور پچھلے بھی

لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ

ایک متعین تاریخ کے وقت پر — جمع کئے جاویں گے — پھر بے شک تمہیں

أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾ لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ

اے گمراہو — جھٹلانے والو — البتہ کھانا ہوگا — درخت

مِنْ زَقُّومٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٥٣﴾ فَشَارِبُونَ

کھانا ہوگا — پھر اس سے پیٹ بھرنے ہوں گے — پھر اس پر

عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ﴿٥٤﴾ فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا

کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا — پھر پینا ہوگا پیاسے اونٹوں کا سا پینا — قیامت

نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ ﴿٥٧﴾

کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی — ہم نے ہی تمہیں پیدا کیا ہے پس کیوں تم تصدیق نہیں کرتے

أَفَرَأَيْتُمْ مَا تُمْنُونَ ﴿٥٨﴾ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ

بھلا دیکھو تو (منی) جو تم ٹپکاتے ہو — کیا تم اسے پیدا کرتے ہو — یا ہم ہی

الْخَالِقُونَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا

پیدا کرنے والے ہیں — ہم نے ہی تمہارے درمیان موت مقرر کر دی ہے — اور

نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ﴿٦٠﴾ عَلَىٰ أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَ

ہم عاجز نہیں ہیں — اس بات سے کہ ہم تم جیسے لوگ بدل لائیں اور

نُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ

تمہیں ایسی صورت میں بنا کھڑا کریں جو تم نہیں جانتے — اور تم پہلی پیدائش کو جان چکے ہو

الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾

پھر کیوں تم غور نہیں کرتے — بھلا دیکھو جو کچھ تم بوتے ہو

## ربطِ آیات

(۴۸) کے لئے دیکھیے صفحہ ۸۵۴

(۴۹-۵۰) انہیں کہہ دو کہ پہلے اور پچھلے سب جمع کئے جائیں گے۔ (۵۱ تا ۵۴) جھٹلانے کے سبب تم جیسے کفر میں قیامت کی تھوہر و زقوم کی چیزیں پیو گے (۵۵) اس پیاسے اونٹوں کی طرح پانی پیو گے جیسے پیاسا بیماری ہوتی ہے کہ پانی پیتے پیتے سیر نہیں ہوتا اور مر جاتے ہیں۔

(۵۶) قیامت کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی۔ (۵۷) ہم نے پہلی دفعہ تمہیں پیدا کیا تو دوبارہ پیدا ہونے کی کیوں تصدیق نہیں کرتے۔ (۵۸-۵۹) منی سے تم انسان بنتے ہو یا ہماری قدرت سے بنتے ہو (۶۰-۶۱) ہم نے تمہاری موت کا اندازہ کیا ہوا ہے اور ہم تمہیں دوبارہ پیدا کرنے سے عاجز نہیں ہو سکتے (۶۲) پہلی پیدائش کو تمہیں علم ہے جس کو ذرا اور آگے چلا ہے۔ اس سے یہ سبق کیوں نہیں حاصل کرتے کہ دوبارہ بھی آدمی پیدا ہو سکتا ہے۔

(۶۳) اور نظیریں سن کر کھیتی کو دیکھو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ
کیا تم اُسے اُگاتے ہو — یا ہم اُگانے والے ہیں — اگر ہم چاہیں

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾
تو اُسے چورا چورا کر دیں — پھر تم تعجب کرتے رہ جاؤ — کہ بے شک ہم پر تو تاوان پڑ گیا

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾
بلکہ ہم — بے نصیب ہو گئے — بھلا دیکھو تو سہی — وہ پانی جو تم پیتے ہو

ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ
کیا تم نے اُسے — بادل سے اُتارا ہے — یا ہم اُتارنے والے ہیں — اگر

نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ
ہم چاہیں — تو اُسے کھاری کر دیں — پس کیوں تم شکر نہیں کرتے — بھلا دیکھو تو سہی

النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ
وہ آگ — جو — تم سلگاتے ہو — کیا تم نے اُس کا درخت پیدا کیا ہے — یا

نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا
ہم — پیدا کرنے والے ہیں — ہم نے اُسے یادگار — اور مسافروں کے لئے فائدہ

لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ اُقْسِمُ
کی چیز بنا دیا ہے — پس اپنے رب کے نام کی تسبیح کر جو بڑا عظمت والا ہے — پھر میں تاروں کے

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾
ڈوبنے کی — قسم کھاتا ہوں — اور بے شک اگر سمجھو تو — یہ بڑی — قسم ہے

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ
کہ بے شک یہ قرآن بڑی شان والا ہے — ایک پوشیدہ کتاب میں لکھا ہوا ہے — جسے بغیر پاک لوگوں کے

اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾
اور کوئی نہیں چھوتا — پروردگارِ عالم کی طرف سے — نازل ہوا ہے

## ربط آیات

(۶۴) کیا تم اُسے اُگاتے ہو یا ہم اُگاتے ہیں۔ (۶۵) اگر ہم چاہیں تو اُسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔ پھر تم اپنی محنت پر ندامت کرو۔ (۶۶-۶۷) تم کہو کہ محنت رائیگاں گئی اور ہاتھ کچھ نہ آیا۔ (۶۸-۶۹) جو پانی پیتے ہو کیا تم اسے نازل کرتے ہو یا ہم۔ (۷۰) اگر ہم چاہیں تو اسے سخت کڑوا کر دیں کہ پینے کے قابل ہی نہ رہے۔ (۷۱-۷۲) کیا جو آگ جلاتے ہو اس کا درخت تم نے پیدا کیا ہے (جب یہ چیزیں ساری ہم پیدا کرتے ہیں تو تمہارا دوبارہ پیدا کرنا کون سا مشکل امر ہے) (۷۳) دنیا کی آگ کو ہم نے دوزخ کی یاد کے لئے مذکر و بنایا ہے (۷۴) یہ امیں یا نہ امیں آپ اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح پڑھئے (۷۵ تا ۷۷) ستاروں کو بطور گواہ کے پیش کیا جاتا ہے کہ قرآن حکیم لوح محفوظ سے نازل شدہ ہے۔ جس طرح ستارے ضرورت کے وقت اپنی جگہ سے ہٹ

خلاصہ رکوع ۳ ... اقسام قرآن کی حکمت ... ماخذ آیت ۸۰ تا ۹۶

آتے ہیں اسی طرح قرآن حکیم بوقت ضرورت خلق اللہ کے لئے لوح محفوظ سے اتارا گیا ہے (۷۸) لوح محفوظ میں قرآن محفوظ تھا۔ (۷۹) اپنے مرکز میں اس کے محافظ پاک فرشتے ہیں (۸۰) رب العالمین کی ربوبیت نے اس کے نازل کرنے کا تقاضا کیا تا کہ خلق اللہ کو ہدایت

ع ۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَفَبِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُونَ

سو کیا تم اس کلام کو سرسری بات سمجھتے ہو اور اپنا حصہ

رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ

یہی لیتے ہو کہ اسے جھٹلاتے ہو پھر کس لئے روح کو روک نہیں لیتے

الْحُلْقُومَ ﴿٨٣﴾ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ

جبکہ وہ گلے تک آجاتی ہے اور تم اس وقت دیکھا کرتے ہو اور ہم تم سے

أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَا

زیادہ اس کے قریب ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھتے پس اگر

إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ

تمہارا حساب کتاب ہونے والا نہیں ہے تو تم اس روح کو کیوں نہیں لوٹا دیتے

صَادِقِينَ ﴿٨٧﴾ فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٨٨﴾

اگر تم سچے ہو پھر (جب قیامت آئے گی) اگر وہ مقربین میں سے ہے

فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ﴿٨٩﴾ وَأَمَّا إِن كَانَ

تو (اس کے لئے) راحت اور خوشبوئیں اور عیش کے باغ ہیں اور اگر وہ داہنے

مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٩٠﴾ فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٩١﴾

والوں میں سے ہے تو اے شخص تو جو داہنے والوں میں سے ہے تجھ پر سلام ہو

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ

اور اگر وہ جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہے تو کھولتا ہوا

مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٩٣﴾ وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ﴿٩٤﴾ إِنَّ هَٰذَا

پانی مہمانی ہے اور دوزخ میں داخل ہونا ہے بے شک یہ

لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٩٦﴾

تحقیقی یقینی بات ہے پس اپنے رب کے نام کی تسبیح کر جو بڑا عظمت والا ہے

ع ۱۶/۳

**ربطِ آیات**

(۸۱) اس کی تکذیب کرتے ہو (۸۲) تم نے اس پاک کتاب سے اپنا یہی حصہ مقرر کیا ہے کہ اس کی تکذیب کریں۔ (۸۳-۸۴) جس وقت روح حلقوم تک آپہنچی ہے اور تم اس کو دیکھ رہے ہو۔ (۸۵) اور ہم اس وقت اس میت سے تم سے بھی زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھتے۔ (۸۶-۸۷) اگر تم لوگ ہمارے قبضہ میں نہیں ہو تو اس وقت اس میت کی روح کو واپس کیوں نہیں کر لیتے۔ (۸۸، ۹۰) اگر مُردہ مقربین میں سے ہے تو اس کے ساتھ یہ سلوک ہوتا ہے (۹۱-۹۲) اصحاب یمین میں سے ہوتا ہے تو یہ سلوک ہوتا ہے (۹۳-۹۴) اور اگر مکذبین میں سے ہو تو اس کے ساتھ یہ سلوک ہوتا ہے۔ (۹۵) مرنے والوں کے ساتھ حسب مراتب اس سلوک کا ہونا یقینی ہے۔ (۹۶) اپنے ربِّ عظیم کی تسبیح پڑھو کیونکہ وہ ظلم سے پاک ہے۔ ہر شخص کو اس کے اعمال کے لحاظ سے جزا و سزا دیتا ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رکوعاتہا ۴ | (۹۴) سُورَةُ الْحَدِيدِ مَدَنِيَّةٌ (۵۷) | آیاتہا ۲۹

سورۂ حدید مدنی ہے اور اس میں انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست

الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ

حکمت والا ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اسی کے لئے ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَ

وہ ہر چیز پر قادر ہے وہی سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور ظاہر اور

الْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ

پوشیدہ ہے اور وہی ہر چیز کو جاننے والا ہے وہی ہے جس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

اور زمین کو چھ دن میں بنایا پھر وہ عرش پر

الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا

قائم ہوا وہ جانتا ہے جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اور جو اس سے نکلتی ہے اور جو

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا

آسمان سے اترتی ہے اور جو اس میں اوپر چڑھتی ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں

كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

کہیں تم ہو اور اللہ اس کو جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے آسمانوں اور زمین کی حکومت

الْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۵﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

اسی کے لئے ہے اور سب امور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے

## ربطِ آیات

سورۃ الحدید

(بعد شروع سورت)

طریقِ حصولِ سلطنت

(۱) اگر عزت چاہتے ہو تو عزیز کی تابعداری کرو۔ (۲) سارے جہان کی بادشاہی اسی کے قبضہ میں ہے۔ احیاء و اماتتِ افراد و اقوام اسی کے قبضہ میں ہے لہٰذا احیائے قومی چاہتے ہو تو اس کے ارادہ میں کرتے رہنی کی

| |
|---|
| خلاصہ رکوع ۱۔ اگر عزت اور غلبہ چاہتے ہو تو اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور ان سبیل نشر کرو ... ماخذ آیت ۷ |
| ۳ ۲ (۲) آیت ۱۰ |

طریق نقل و حرکت شروع کرو تو ہم گردن نہ جھکاؤ اور بیچ کر گردن نہ پھیلاؤ تو بیچ

(۳) اول و آخر اور ظاہر و باطن وہی ہے لہٰذا جو شخص اس کے ارادہ مظہر بن جائے اس کے اندر اسی کا جلوہ نظر آتا ہوگا اور وہی غالب ہوگا۔ احیاء کرنی قوم ہو یا فرد وہو بکل شیء علیم، ایک کا تباہ کرنا اور دوسرے کو سرفراز کرنا ترجیح بلا مرجح نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کی استعداد جان کر تباہ یا سرفراز کرتا ہے (۴) سب چیزوں کا خالق وہی ہے اور سب کے حالات سے پورا آگاہ ہے لہٰذا جو شخص اپنے آپ کو اہل بنائے گا اسے یقیناً سرفراز فرمائے گا (۵) سارے جہان کی بادشاہی کا وہی مالک ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٦﴾

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ سینوں کے بھید خوب جانتا ہے

آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ

اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اُس میں سے خرچ کرو جس میں اُس نے تمہیں پہلوں کا

فِيهِ ۖ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَأَنفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾

جانشین بنایا ہے پس جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور اُنہوں نے خرچ کیا اُن کے لئے بڑا اجر ہے

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۙ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ

اور تمہیں کیا ہوا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور رسول تمہیں تمہارے رب پر ایمان لانے کے لئے بلا رہا ہے

وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ

اور وہ تم سے عہد بھی لے چکا ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو وہی ہے جو اپنے بندے پر

عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ

کھلی کھلی آیتیں نازل کرتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں میں سے نکال کر روشنی میں لائے

وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٩﴾ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي

اور بے شک اللہ تم پر بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے اور تمہیں کیا ہو گیا جو اللہ کی راہ میں

سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا يَسْتَوِي

خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمانوں اور زمین کا ورثہ تو اللہ ہی کے لئے ہے تم میں سے اور

مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ

کوئی اُس کے برابر نہیں ہو سکتا جس نے فتح مکہ سے پہلے خرچ کیا اور جہاد کیا یہ وہی ہیں کہ اللہ کے

دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ

نزدیک جن کا بڑا درجہ ہے اُن لوگوں پر جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور جہاد کیا اور اللہ نے

ع ۱ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١٠﴾ مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ

ہر ایک سے نیک جزا کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے ایسا کون ہے جو

### ربطِ آیات

(۶) مردہ قوم کو زندہ بنانا اور زندہ کو بداعمالی کے باعث مردہ کر دینا اس کا کام ہے (۷) یعنی تاکید یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے احکام کو تسلیم کرو اور مال خرچ کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے والوں کو بڑا اجر ہے۔ (۸) ایمان لا کر پیغمبر کے ہر حکم کو مانا ہی تھا (۹) قرآن عظیم اللہ تعالیٰ ہی نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں ظلمت سے نکال کر نور کی طرف لے جائے (۱۰) اور کیوں نہیں خرچ کرو گے حالانکہ سب چیزوں کا بالآخر وارث تو اللہ تعالیٰ ہی ہونے والا ہے انفاق فی سبیل اللہ کرنے والوں کے درجے بلند ہوں گے کہ انہیں اپنے مال کی بجائے اللہ تعالیٰ پر اعتماد زیادہ ہو گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾

اللہ کو اچھا قرض دے پھر وہ اس کو اس کے لئے دُگنا کر دے اور اس کے لئے عمدہ بدلہ ہے

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ

جس دن آپ ایماندار مردوں اور عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نُور اُن کے سامنے اور ان کے داہنے

اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

دوڑ رہا ہوگا تمہیں آج ایسے باغوں کی خوشخبری ہے کہ اُن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾

نہریں چلتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے یہی وہ بڑی کامیابی ہے

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں اُن سے کہیں گے جو ایمان لائے ہیں

انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ

کہ ہمارا انتظار کرو کہ ہم بھی تمہارے نور سے روشنی لے لیں کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹ جاؤ

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۗ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۗ

پھر روشنی تلاش کرو پس اُن کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی

بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿۱۳﴾

جس میں ایک دروازہ ہوگا اُس کے اندر تو رحمت ہوگی اور اس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۗ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ

وہ انہیں پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں لیکن تم نے

فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ

اپنے آپ کو فتنہ میں ڈالا اور راہ دیکھتے اور شک کرتے رہے اور تمہیں آرزوؤں

الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾

نے دھوکہ دیا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں شیطان نے دھوکہ دیا

### ربطِ آیات

(۱۱) انفاق فی سبیل اللہ سے برکت ہوگی (۱۲) انفاق فی سبیل اللہ کرنے والوں کو آخرت میں نور اور جنت نصیب ہوگی۔

(۱۳) ترک انفاق کرنے والے منافق اس دن نور سے محروم ہوں گے۔ (۱۴) مومن کہیں گے تم ہمارے ساتھ دنیا میں تھے لیکن تمہیں احکام اسلام پر پورا یقین نہیں تھا اور تمہیں شیطان نے دھوکا میں ڈال رکھا تھا اور انفاق سے بھی چراتے تھے۔ چنانچہ سورۂ منافقون میں آتا ہے ھم الذین یقولون لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا

خلاصۂ رکوع ۲۔ (۱) انفاق سے دنیا میں ترقی ایمان اور آخرت میں نور حاصل ہوگا۔ (۲) اور ترک انفاق سے دنیا میں نفاق اور آخرت میں نور سے محرومی۔ ماخذ (۱) آیت ۱۲ (۲) آیت ۱۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

پس آج نہ تم سے کوئی تاوان لیا جائے گا اور نہ اُن سے جنہوں نے

كَفَرُوْا ۭ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ۭ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۭ وَبِئْسَ

انکار کیا تھا تمہارا سب کا ٹھکانا دوزخ ہے وُہی تمہارا رفیق ہے اور بہت ہی

الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ

بُری جگہ ہے کیا ایمان والوں کے لئے اس بات کا وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی نصیحت

لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اور جو دینِ حق نازل ہوا ہے اُس کے سامنے جھک جائیں اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ

جنہیں ان سے پہلے کتاب (آسمانی) ملی تھی پھر ان پر مدت لمبی ہو گئی

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

تو ان کے دل سخت ہو گئے اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں اور جان لو کہ اللہ ہی

يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

زمین کو اُس کے مرنے پیچھے زندہ کرتا ہے ہم نے تو تمہارے لئے کھول کھول کر نشانیاں بیان

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ

کر دی ہیں تاکہ تم سمجھو بے شک خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں

وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ

اور جنہوں نے اللہ کو اچھا قرض دیا اُن کے لئے دُگنا کیا جائے گا اور اُنہیں

اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ

عمدہ بدلہ ملے گا اور جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ڰ وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ

وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں

### ربطِ آیات

(۱۵) آج منافقین اور کفار سے کوئی جرمانہ وصول نہیں کیا جائے گا اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہو گا۔ (۱۶) ایمان والوں کا فرض ہے کہ ان کے قلوب ذکرِ اللہ اور قرآنِ حکیم میں مشاغل رہیں اور اہلِ کتاب کی طرح لمبی لمبی امید نہ باندھیں ورنہ ان کے قلوب بھی ان کی طرح سخت ہو جائیں گے اور پھر فسق و فجور کی بو نہیں رہے گی۔ (۱۷) جس طرح زمین کو پانی نازل فرما کر زندہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح مومنین کے دلوں کو بذریعہ ہدایاتِ آسمانی (یعنی قرآن) زندہ کرتا ہے۔ (۱۸) انفاق فی سبیل اللہ کرنے والوں کے لئے بہت اچھا اجر ہے اور رزق میں بھی برکت ہو گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا
اُن کے لئے اُن کا اجر اور اُن کی روشنی ملے گی اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا
أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١٩﴾ ع اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا
یہی لوگ دوزخی ہیں جان لو کہ یہ دُنیا کی زندگی محض
لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ
کھیل اور تماشا اور زیبائش اور ایک دوسرے پر آپس میں فخر کرنا اور ایک دوسرے پر
فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ
مال اور اولاد میں زیادتی چاہنا ہے جیسے بارش کی حالت کہ اُس کی سبزی نے
نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ
کسانوں کو خوش کر دیا پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تو اُسے زرد شدہ دیکھتا ہے پھر وہ
حُطَامًا ۖ وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ
چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور اللہ کی مغفرت
مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ ۚ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ
اور اُس کی خوشنودی ہے اور دُنیا کی زندگی سوائے دھوکے کے اسباب کے
الْغُرُورِ ﴿٢٠﴾ سَابِقُوا إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ
اور کیا ہے اپنے رب کی مغفرت کی طرف دوڑو اور جنت کی طرف
عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ
جس کا عرض آسمان اور زمین کے عرض کے برابر ہے اُن کے لئے
لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ
تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے یہ اللہ کا فضل ہے
يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٢١﴾
وہ جسے چاہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے

ع ۳ ۱۸

خلاصہ رکوع ۳ [illegible]
[illegible]
[illegible]

## ربطِ آیات

(۱۹) اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کرنے والے اپنے اپنے اعمال کے لحاظ سے اعلیٰ مدارج پر پہنچ جائیں گے۔ (۲۰) ترکِ انفاق فی سبیل اللہ سے برے نتائج دُنیا میں نکلیں گے اور آخرت میں عذابِ شدید ہوگا۔

(۲۱) بجائے دُنیا کی تکاثر و تفاخر کے تمہیں مغفرتِ الٰہی اور جنت کی طرف سبقت کرنی چاہیے (وہ جنت جس کے اجسام کے ابعاد ایسے پھیل سکیں گے اور یہ اجسام ابعادِ ثلٰثہ والے سب اس کا عرض ہونگے جس طرح نقطہ خط کا عرض ہے اور خط سطح کا)۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ
جو کوئی مصیبت زمین پر یا خود تم پر پڑتی ہے وہ اس سے پیشتر کہ

إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ
ہم اسے پیدا کریں کتاب میں لکھی ہوتی ہے بے شک یہ اللہ کے نزدیک

يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ
آسان بات ہے تاکہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے اس پر رنج نہ کرو اور جو تمہیں دے اس پر اتراؤ نہیں

وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿٢٣﴾ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ
اور اللہ کسی اترانے والے شیخی خورے کو پسند نہیں کرتا جو خود بھی بخل کرتے ہیں

وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ
اور لوگوں کو بھی بخل کا حکم دیتے ہیں اور جو کوئی منہ موڑے تو اللہ بھی

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا
بے پروا خوبیوں والا ہے البتہ ہم نے اپنے رسولوں کو نشانیاں دے کر بھیجا اور ان کے

مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ وَ
ہمراہ ہم نے کتاب اور ترازو (عدل) بھی بھیجی تاکہ لوگ انصاف کو قائم رکھیں۔ اور

أَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ
ہم نے لوہا بھی اتارا جس میں سخت جنگ کے سامان اور لوگوں کے فائدے بھی ہیں اور

لِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ
تاکہ اللہ معلوم کرے کہ کون اس کی اور اس کے رسولوں کی غائبانہ مدد کرتا ہے بے شک اللہ بڑا

ع ۳ ۱۹ عَزِيزٌ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي
زور آور غالب ہے اور ہم نے نوح اور ابراہیم کو بھیجا تھا اور ہم نے ان دونوں کی

ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ۖ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ
اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی تھی پس بعض تو ان میں راہِ راست پر رہے اور بہت سے

## ربطِ آیات

(۲۲) مغفرت اور جنت کو نصب العین بنانے کے بعد یہ خیال نہ کریں کہ مصائب نہیں آئیں گے۔ مصائب کا فیصلہ تو پہلے سے ہو چکا ہے۔ (۲۳) یہ اعلان اس لئے کر دیا ہے کہ کسی نقصان سے طبیعت رنجیدہ نہ ہو اور کسی نفع پر مغرور نہ ہو جائے (۲۴) اللہ تعالیٰ ان بخیلوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ (۲۵) کامیابی کا مکمل قانون یہی ہے کہ انسان ارادہ الٰہی کے ماتحت ہو کر پہلے انفاق فی سبیل اللہ کرے یہ وہ چیزیں ہیں جو پہلے چکی ہیں۔ علاوہ اس کے اپنی اور اپنے ایمان و اسلام کی حفاظت کے لیے لوہے سے کام لے دشمن کے مقابلہ کے لیے جس طرح ہر علم آئندہ ہتھیاروں کے مقابل کے لئے بھی پتہ لگ جائے گا کہ کون شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مدد کرتا ہے۔ اور فتح اسی خدا پرست جماعت کو ہوگی۔

خلاصہ رکوع ۳: تحریر ہر مصیبت و رحمت پہلے سے مقدر ہے۔ اور منزل من اللہ قانون میں اختلاف ہو جاتے ہیں ... مواخذہ آیت ۲۵



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مِنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ
ان میں سے نافرمان ہیں پھر ان کے بعد ہم نے اپنے اور رسول بھیجے اور
قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا
عیسیٰ ابن مریم کو بعد میں بھیجا اور اُسے ہم نے انجیل دی اور جس کے
فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ
ماننے والوں کے دلوں میں ہم نے نرمی اور مہربانی رکھ دی اور ترک دُنیا جو انہوں
ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ
نے خود ایجاد کی ہم نے وہ ان پر فرض نہیں کی تھی مگر انہوں نے رضائے الٰہی حاصل کرنے کے لئے
فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ
ایسا کیا پس اُسے نباہ نہ سکے جیسا نباہنا چاہئے تھا تو ہم نے انہیں جو ان میں سے ایمان لائے اُن کا
اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
اجر دے دیا اور بہت سے تو ان میں بدکار ہی ہیں اے ایمان والو
اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ
اللہ سے ڈرو اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دوہرا حصّہ
رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ
دے گا اور تمہیں ایسا نور عطا کرے گا کہ تم اس کے ذریعہ سے چلو اور تمہیں معاف کر دے گا
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا
اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے تاکہ اہل کتاب یہ نہ سمجھیں کہ (مسلمان)
يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ
اللہ کے فضل میں سے کچھ بھی حاصل نہیں کر سکتے اور یہ کہ فضل تو اللہ ہی کے
اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع ۴ ۲۰
ہاتھ میں ہے جس کو چاہے دے اور اللہ بڑا فضل کرنے والا ہے

## ربطِ آیات

(۲۶) طبائعِ انسانی کا ہمیشہ دستور یہی رہا ہے کہ بعض ہدایت پانے اور بعض اعراض کرنے والے ہوتے ہیں۔ (۲۷) نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کے بعد ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔ انہیں انجیل دی۔ اُن کے متبعین کے دلوں میں رأفت اور رحمت ڈالی اور رہبانیت کی بدعت اُن میں رائج ہوگئی تھی۔ ہم نے تو فقط رضائے الٰہی کا طلب کرنا اُن پر فرض کیا تھا۔ (۲۸) اہلِ کتاب کے مومنوں سے خطاب ہے کہ تمہیں اپنی اپنی کتاب اور نبی پر ایمان لانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پر ایمان لانے کی وجہ سے اجر دوگنا ملے گا اور تمہیں قیامت کے دن نور عطا ہوگا اور مغفرت نصیب ہوگی۔ (۲۹) یہ دو اجر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والوں کو نصیب ہوں گے اور جو اہلِ کتاب ایمان نہیں لائے اُن کے لئے کوئی اجر نہیں ہوگا وہ ایک اجر سے بھی محروم رہیں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

**آیاتہا ۲۲ (۵۸) سُوْرَۃُ الْمُجَادَلَۃِ مَدَنِیَّۃٌ (۱۰۵) رکوعاتہا ۳**

آیتیں ۲۲ سورۃ مجادلہ مدنی ہے رکوع ۳

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا

بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی ہے جو آپ سے اپنے خاوند کے بارے میں جھگڑتی تھی

وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

اور اللہ کی جناب میں شکایت کرتی تھی اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا بیشک اللہ سب کچھ سننے والا

بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ

دیکھنے والا ہے جو لوگ تم میں سے اپنی عورتوں سے ظہار کرتے ہیں وہ ان کی

اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗىِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ

مائیں نہیں ہو جاتیں ان کی مائیں تو وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا ہے اور بیشک وہ لوگ ایک

مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ

بیہودہ اور جھوٹی بات منہ سے نکالتے ہیں اور بیشک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے اور جو لوگ

يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ

اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں پھر اس کہی ہوئی بات سے پھرنا چاہیں تو ایک غلام ایک

رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ

دوسرے کو ہاتھ لگانے سے پہلے آزاد کریں یہ اس لئے کہ اس سے تمہیں نصیحت ہو اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ

جو کچھ تم کرتے ہو اس کی خبر رکھتا ہے پس جو شخص نہ پائے تو دو مہینے کے لگاتار روزے



الجزء الثامن والعشرون ۲۸

**ربط آیات**

**سُورۃ المجادلہ**

(موضوع سورت)

(۱) مسلمانوں کی سیاسی جماعت کے فرائض (۲) اور ان کا دائرہ اختیار (۳) اور جماعت سیاسی کا انتخاب صدر (۴) اور تعمیل حکم صدارت (۵) اور ان نااہل لوگوں کا ذکر جو سیاسی جماعت میں داخل ہو گئے

**خلاصہ رکوع ۱**

اہل حل وعقد کو شکایات سننے کے لئے علیحدہ بیٹھنا جائز ہے۔

ماخذ آیت ۱ ۔

کے قابل نہیں۔

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں ایک طرف تشریف فرما تھے اس سے معلوم ہوا کہ شکایات سننے کے لئے اہل حل وعقد علیحدہ بیٹھ سکتے ہیں۔ واللہ اعلم اس کے بعد سارے رکوع میں قانون ظہار ہے (۲) ظہار والی عورت حقیقی ماں نہیں بن جاتی (۳)۔ (۴) مظاہر کی یہ سزا ہے۔ اس سزا بھگتنے کے بعد بیوی کے ساتھ رہ سکتا ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ۖ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ
رکھے اس سے پہلے کہ ایک دُوسرے کو چھوئیں پس جو کوئی ایسا نہ کر سکے تو ساٹھ
سِتِّينَ مِسْكِينًا ۚ ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ وَتِلْكَ حُدُودُ
مسکینوں کو کھانا کھلائے یہ اس لئے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور یہ اللہ کی حدیں
اللَّهِ ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ
ہیں اور منکروں کے لئے دردناک عذاب ہے بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی
وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَقَدْ أَنْزَلْنَا
مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کئے جائیں گے جس طرح ذلیل کئے گئے وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے اور ہم نے تو
آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۚ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُهِينٌ ﴿٥﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ
صاف صاف آیتیں نازل کر دی ہیں اور منکروں کے لئے ذلّت کا عذاب ہے جس دن ان سب کو اللہ قبروں
جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ أَحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ ۚ وَاللَّهُ
سے اٹھائے گا پھر ان کو بتائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے جس کو اللہ نے یاد رکھا ہے اور وہ بھول گئے ہیں اور اللہ
عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿٦﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي
کے سامنے ہر چیز موجود ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ
السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ
آسمانوں اور زمین میں ہے (یہاں تک) کہ جو کوئی مشورہ تین آدمیوں میں ہوتا ہے
إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ
تو وہ چوتھا ہوتا ہے اور جو پانچ میں ہوتا ہے تو وہ چھٹا ہوتا ہے اور خواہ اس سے
مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ
کم کی سرگوشی ہو یا زیادہ کی مگر وہ ہر جگہ ان کے ساتھ ہوتا ہے پھر انہیں قیامت
بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٧﴾
کے دن جتائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے بیشک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے

## ربط آیات

(۴) پچھلے صفحہ پر

(۵) احکام الٰہی کی مخالفت کرنے والے ذلیل و رسوا کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا مخالفت نہ کیا کریں۔ مخالفین حق کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں عذاب مہین ہے۔

(۶) ان منکرین کو ان کے اعمال سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آگاہ کرے گا۔ (۷) اہل حل و عقد کو خصوصاً اور باقی مومنین کو عموماً اس امر کا لحاظ رہے تاکہ کسی کا نقصان نہ کر بیٹھیں۔

ع ۱ ۶ ۱

**خلاصہ رکوع ۲**

اہل حل و عقد اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر خیال کریں اور ان کا دائرہ اختیار اس جماعت کو صحیح علم ہونا چاہئے۔ الاطاعت صدر۔

ماخذ ۱۔ آیت ۷، ۲۔ آیت ۱۰، ۳۔ آیت ۱۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا

کیا آپ نے ان کو نہیں دیکھا جو سرگوشی کرنے سے روکے گئے تھے پھر وہ اسی بات کی طرف لوٹتے ہیں

عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

جس سے انہیں روکا گیا تھا اور گناہ اور سرکشی اور رسُول کی نافرمانی کی سرگوشی کرتے

الرَّسُولِ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَ

ہیں اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو ایسے لفظوں سے سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپکو

يَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ

سلام نہیں دیا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ اس پر کیوں عذاب نہیں دیتا جو ہم کہہ رہے ہیں

حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا

ان کے لئے دوزخ کافی ہے وہ اس میں داخل ہونگے پس وہ کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے اے

الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَ

ایمان والو جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور سرکشی اور رسُول کی

الْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ

نافرمانی کی سرگوشی نہ کرو اور نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کرو

وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٩﴾ إِنَّمَا النَّجْوَىٰ مِنَ

اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے (بُری) سرگوشی تو صرف

الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا

شیطانی بات ہے تاکہ ایمان داروں کو غمناک کر دے حالانکہ بغیر حکم اللہ کے کچھ بھی

إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٠﴾ يَا أَيُّهَا

ضرر نہیں دے سکتی اور ایمان والے تو اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اے

الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ

ایمان والو جب تمہیں مجلسوں میں کھُل کر بیٹھنے کو کہا جائے

## ربط آیات

(۸) یہود اور منافقین کی بد اعمالی والی مناجات کا ذکر ہے (۹) اے مسلمانو! تمہاری مناجات ان اصول پر مبنی ہو (۱۰) مناجات یہود و منافقین شیطانی ہے کیونکہ اس کا مقصد اثم، عدوان اور معصیت الرسول ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَإِذَا قِيلَ انْشُزُوا فَانْشُزُوا
تو کھل کر بیٹھو اللہ تمہیں فراخی دے گا اور جب کہا جائے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جاؤ
يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ
تم میں سے اللہ ایمان والوں کے اور ان کے جنہیں علم دیا گیا ہے درجے بلند
دَرَجَاتٍ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
کرے گا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے اے ایمان
آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ
والو جب تم رسول سے سرگوشی کرو تو اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دے
نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۚ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا
لیا کرو یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ بات ہے پس اگر نہ پاؤ
فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ أَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوا
تو اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے کیا تم اپنی سرگوشی سے پہلے
بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ ۚ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ
صدقہ دینے سے ڈر گئے پھر جب تم نے نہ کیا اور اللہ نے تمہیں
اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا
معاف بھی کر دیا تو (بس) نماز ادا کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے
اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٣﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى ع ۲
رسول کی اطاعت کرو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے کیا آپ نے ان کو نہیں
الَّذِينَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ مِنْكُمْ
دیکھا جنہوں نے اس قوم سے دوستی رکھی ہے جن پر اللہ کا غضب ہے نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ
وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤﴾
ان میں سے اور وہ جان بوجھ کر جھوٹ پر قسمیں کھاتے ہیں

### ربط آیات

(۱) اہل علم تمہارا صدر ہونا چاہیے اور اس کی اطاعت ضروری ہے (۲) یہ صدقہ مقصود بالذات نہیں تھا بلکہ اس لئے مقرر کیا گیا تھا کہ منافقین حضور انور کی خواہ مخواہ سمع خراشی نہ کرتے رہیں۔ نہ وہ صدقہ دیں گے نہ تخلیہ میں آپ کا وقت ضائع کریں گے واللہ اعلم (۳) اگر تمہیں وسعت نہیں تو معاف ہے۔ بشرطیکہ اقامت الصلوٰۃ، ایتاء الزکوٰۃ، اطاعت اللہ والرسول کا جذبہ ہو (۴-۵) اعدائے اسلام سے دوستی رکھنے والے تمہاری جماعت میں شمار کرنے کے قابل نہیں۔

**خلاصہ رکوع ۳**

اعدائے اسلام سے دوستی کرنے والے جماعت شوریٰ میں داخل نہیں ہو سکتے۔

ماخذ آیت ۱۴ تا ۱۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ إِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوا
اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ بیشک وہ بہت ہی برا ہے جو کچھ وہ

يَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ اِتَّخَذُوٓا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَنْ
کرتے ہیں انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے پس وہ لوگوں کو اللہ کی را

سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ
سے روکتے ہیں تو ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ اللہ کے مقابلہ میں نہ تو ان

أَمْوَالُهُمْ وَلَآ أَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۚ أُولٰٓئِكَ
کے مال ہی کچھ کام آئیں گے اور نہ ان کی اولاد کچھ کام آئے گی یہ دوزخی

أَصْحٰبُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ
لوگ ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں جس دن اللہ ان سب کو قبروں

جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ
سے اٹھائے گا تو اس کے سامنے بھی ایسی ہی قسمیں کھائیں گے جیسی کہ تمہارے سامنے کھاتے ہیں اور سمجھتے

أَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ۚ أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُونَ ﴿١٨﴾ اِسْتَحْوَذَ
ہیں کہ ہم رستے پر ہیں خبردار بیشک وہی جھوٹے ہیں ان پر

عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَأَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۚ أُولٰٓئِكَ حِزْبُ
شیطان نے غلبہ پا لیا ہے پس اس نے انہیں اللہ کا ذکر بھلا دیا ہے یہی شیطان کا

الشَّيْطٰنِ ۚ أَلَآ إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُونَ ﴿١٩﴾
گروہ ہے خبردار بیشک شیطان کا گروہ ہی نقصان اٹھانے والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ يُحَآدُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُٓ أُولٰٓئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾
بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں یہی لوگ ذلیلوں میں ہیں

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ
اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ہی غالب رہیں گے بیشک اللہ زور آور

### ربط آیات

(۱۵) پچھلے صفحہ پر
(۱۶) دراصل وہ کفار کے ساتھ ہیں۔ بظاہر قسمیں کھا کر تمہیں دھوکا دیتے ہیں۔ (۱۷) ان کے مال و اولاد اللہ تعالیٰ کے عذاب سے انہیں بچا نہیں سکیں گے
(۱۸) قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے روبرو جھوٹ بولیں گے
(۱۹) شیطان ان پر غالب آگیا ہے۔ اس نے خدا کی یاد سے انہیں غافل کر دیا ہے۔
(۲۰) خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے والے کبھی عزت نہیں پا سکتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
زبردست ہے آپ ایسی کوئی قوم نہ پائیں گے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا
رکھتی ہو اور ان لوگوں سے بھی دوستی رکھتے ہوں جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں گو وہ

آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ
ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبے کے لوگ ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں

كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُمْ بِرُوحٍ مِنْهُ ۖ
جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے اور ان کو اپنے فیض سے قوت دی ہے

وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
اور وہ انہیں بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی

خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ
وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہی

حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٢٢﴾ ع ٤
اللہ کا گروہ ہے خبردار بیشک اللہ کا گروہ ہی کامیاب ہونے والا ہے

آیاتہا ۲۴ (۵۹) سُورَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۱) رکوعاتہا ۳

آیتیں ۲۴ سورت حشر مدنی ہے رکوع ۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ
جو مخلوقات آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اور وہی غالب

الْحَكِيمُ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ
حکمت والا ہے وہی ہے جس نے اہل کتاب کے کافروں کو ان کے گھروں سے

### ربط آیات

(۲۱) اللہ تعالیٰ کا قطعی فیصلہ ہے (۲۲) خدا پرست جماعت جب اس ذوق جمیں جماعت منافقین سے سلام وکلام روا نہیں رکھتی تو انہیں اہل حقہ میں کب لیا جا سکتا ہے۔

سُورَةُ الحشر

(موضوع سورۃ)

اس میں پانچ چیزیں آئیں گی (۱) مسلمانوں کی سلطنت کی ابتداء (۲) اسباب تجارۃ (۳) اسباب فن (۴) قرآن پر عامل ہو کر دنیا میں ذلیل ہو کر رہنا نا ممکن ہے (۵) شرائط استفادہ من القرآن۔

(۱) آئندہ جو قانون اس سورۃ میں دیا جائے گا اللہ تعالیٰ کو اس کی ضرورت نہیں مسلمانوں کو ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ضرورت سے پاک ہے۔

خلاصہ رکوع ۱
(۱) مسلمانوں کی سلطنت کی ابتداء کس طرح ہوئی (۲) اور اسباب فتح کیا ہیں ماخذ (۱) آیت (۲) آیت ۱۰ تا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24
Downloaded from :::: Al-marifat.org ::::
ALMARIFAT

الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۚ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا

پہلی لشکر جمع کرنے کے وقت نکال دیا حالانکہ تمہیں ان کے نکلنے کا گمان بھی نہ

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ

تھا اور وہ یہی سمجھ رہے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے بچا لیں گے پھر اللہ کا عذاب ان پر

مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۖ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ

وہاں سے آیا کہ جہاں کا ان کو گمان بھی نہ تھا اور ان کے دلوں میں ہیبت ڈال دی

يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۖ فَاعْتَبِرُوْا

کہ اپنے گھروں کو اپنے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے آپ اجاڑنے لگے پس اے

يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ② وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۗءَ

آنکھوں والو عبرت حاصل کرو اور اگر اللہ نے ان کے لئے دیس نکالا نہ لکھ دیا ہوتا

لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③

تو انہیں دنیا ہی میں سزا دیتا اور آخرت میں تو ان کے لئے آگ کا عذاب ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ

یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ کی مخالفت کرے تو بیشک

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا

اللہ سخت عذاب دینے والا ہے مسلمانو تم نے جو کھجور کا پیڑ کاٹ ڈالا یا اس کو اس کی

قَاۗىِٕمَةً عَلٰٓي اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

جڑوں پر کھڑا رہنے دیا یہ سب اللہ کے حکم سے ہوا اور تاکہ وہ نافرمانوں کو ذلیل کرے

وَمَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلٰي رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ

اور جو کچھ اللہ نے اپنے رسول کو ان سے مفت دلا دیا سو تم نے اس پر گھوڑے نہیں

خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

دوڑائے اور نہ اونٹ لیکن اللہ اپنے رسولوں کو غالب کر دیتا ہے جس پر چاہے

منزل ۷

### ربط آیات

(۲) پہلی لشکر کشی میں مسلمانوں کو بغیر لڑے اللہ تعالیٰ نے فتح دی اور بظاہر سب اسباب ان کے خلاف تھے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کے خیال سے نکلے، تو اللہ تعالیٰ نے پوری فتح دی اور آئندہ بھی فتح ان کی ہوگی (۳) اگر تقدیر الٰہی میں جلاوطنی کا فیصلہ نہ ہوتا، تو انہیں عذاب الٰہی میں مبتلا کیا جاتا (۴) اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا اصل باعث ان پر بیجا ہے (۵) ان کے جو درخت آپ نے کاٹے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے تھے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٦﴾ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے جو مال اللہ نے اپنے رسول کو دیہات والوں

اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

سے مفت دلایا سو وہ اللہ اور رسول اور قرابت والوں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ

اور مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے تاکہ وہ تمہارے دولتمندوں میں نہ

الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ

پھرتا رہے اور جو کچھ تمہیں رسول دے اسے لے لو اور جس سے منع

عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٧﴾

کرے اس سے باز رہو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ

وہ مال وطن چھوڑنے والے مفلسوں کے لئے بھی ہے جو اپنے گھروں اور مالوں سے

اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ

نکالے گئے اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی چاہتے ہیں اور وہ اللہ اور

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿٨﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو

اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔ یہی سچے (مسلمان) ہیں اور وہ (مال) ان کے لئے

الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ

بھی ہے کہ جنہوں نے ان سے پہلے (مدینہ میں) گھر اور ایمان حاصل کر رکھا ہے جو ان کے پاس وطن چھوڑ کر آتا

اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا

ہے اس سے محبت کرتے ہیں اور اپنے سینوں میں اس کی نسبت کوئی خلش نہیں پاتے جو مہاجرین کو دیا جائے

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ړ

اور وہ اپنی جانوں پر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ ان پر فاقہ ہو

وقف لازم

### ربط آیات

(۶) مال فے میں تنازع کوئی حق نہیں، کیونکہ وہ لڑائی سے حاصل نہیں ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے حکم سے جس طرح چاہیں تقسیم فرمائیں (۷) فے کے یہ مصارف ہیں (۸) مساکین میں سے پہلے فقراء مہاجرین کا حق ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۹﴾ ج

اور جو اپنے نفس کے لالچ سے بچایا جائے پس وہی لوگ کامیاب ہیں

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ

اور ان کے لئے بھی جو مہاجرین کے بعد آئے اور دعا مانگا کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں اور ہمارے

لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ

ان بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمانداروں

قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع

کی طرف سے کینہ قائم نہ ہونے پائے اے ہمارے رب بیشک تو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ

کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے اہل کتاب کے کافر بھائیوں

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ

سے کہتے ہیں کہ اگر تم نکالے گئے تو ضرور ہم بھی تمہارے ساتھ

مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ

نکلیں گے اور تمہارے معاملہ میں کبھی کسی کی بات نہ مانیں گے اور اگر تم سے لڑائی ہوگی تو

لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا

ہم تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ سراسر جھوٹے ہیں اگر وہ نکالے گئے

لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَ

تو یہ ان کے ساتھ نہ نکلیں گے اور اگر ان سے لڑائی ہوئی تو یہ ان کی مدد بھی نہ کریں گے اور

لَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

اگر ان کی مدد کریں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے پھر ان کو مدد نہ دی جائے گی

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

البتہ تمہارا خوف ان کے دلوں میں اللہ کے خوف سے زیادہ ہے یہ اس لئے کہ

منزل ۷

## ربط آیات

۹ اس کے بعد فقراء الانصار کا حق ہے ۱۰ اس کے بعد بعد کے آنے والے مسلمین کا حق ہے ۱۱ منافق درپردہ اعدائے اسلام کے خیر خواہ ہیں

ع ۲ / ۱ / ۳

### خلاصہ رکوع ۲

فنائے سلطنت کے اسباب ماخذ آیت ۱۱ تفصیل یہ ہے کہ جس وقت کسی قوم میں منافق پیدا ہو جائیں جو بظاہر اپنی قوم سے ملے رہیں اور درپردہ اپنی قوم کے دشمنوں سے ساز باز رکھیں اور بجائے اپنی قوم کے دشمنوں کی خیر خواہی میں منہمک رہیں ایسے وقت میں اس قوم کی سلطنت کو زوال آتا ہے لہٰذا اس رکوع میں مسلمانوں کو اس نالائق طبقے کے حالات سے مطلع کیا گیا ہے تاکہ ان سے بچیں۔

نفاق چونکہ بزدلی سے پیدا ہوتا ہے اس لئے یہ لوگ ان کی مدد بھی نہیں کریں گے ۱۲ ان کی مدد بھی نہیں کریں گے اور اگر مدد کے نکلیں گے تو میدان سے بھاگ آئیں گے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٣﴾ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى

وہ لوگ سمجھتے نہیں وہ تم سے سب مل کر بھی نہیں لڑ سکتے مگر محفوظ

مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاءِ جُدُرٍ ۚ بَأْسُهُم بَيْنَهُمْ

بستیوں میں یا دیواروں کی آڑ میں ان کی لڑائی تو آپس میں

شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ

سخت ہے آپ ان کو متفق سمجھتے ہیں حالانکہ ان کے دل الگ الگ ہیں یہ اس لئے

بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ﴿١٤﴾ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

کہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے ان کا حال تو پہلوں جیسا ہے

قَرِيبًا ۖ ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٥﴾

کہ جنہوں نے ابھی اپنے کام کی سزا پائی ہے اور ان کے لئے (آخرت میں) دردناک عذاب ہے

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ

(اور) مثال شیطان کی سی ہے کہ وہ آدمی سے کہتا ہے کہ تو منکر ہو جا پھر جب وہ منکر ہو جاتا ہے تو

إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾ فَكَانَ

کہتا ہے بیشک میں تم سے بری ہوں کیونکہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سارے جہان کا رب ہے پس ان دونوں

عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ

کا انجام یہ ہوتا ہے کہ وہ دونوں دوزخ میں ہونگے اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ظالموں کی

جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿١٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ

یہی سزا ہے اے ایمان والو اللہ سے ڈرو

وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ

اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیئے کہ اس نے کل کے لئے کیا آگے بھیجا ہے اور اللہ سے ڈرو کیونکہ

اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٨﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا

اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے اور ان کی طرح نہ ہو جنہوں نے اللہ کو

ع ۲ / ۷ / ۵

## ربط آیات

(۱۳) ان بیوقوفوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر مسلمانوں کا ڈر ہے (۱۴) مسلمانوں کے سامنے آکر نہیں لڑ سکتے البتہ آڑ میں لڑ سکتے ہیں۔ یہ لڑیں گے کیا آپس میں ان کا بگاڑ ہے۔ (۱۵) ان کا حال کفار مکہ کا سا ہو گا جس طرح انہوں نے غزوہ بدر میں سزا کی کمائی (۱۶) ان منافقوں کی مثال شیطان کی سی ہے کہ پہلے انسان کو گمراہ کرتا ہے پھر بھاگ جاتا ہے۔ یہ بھی بنو نضیر کو اسلام کے خلاف مدد دینے کا وعدہ کرتے رہے لیکن وقت پر بھاگ جائیں گے (۱۷) نتیجہ یہ نکلے گا کہ ضال اور مضل دونوں دوزخ میں جائیں گے (۱۸) اے مسلمانو! خدا تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے نتائج اعمال کا خیال رکھا کرو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۱۹) ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے خدا تعالیٰ کو بھلا دیا تو

**خلاصہ رکوع ۳**

(۱) قرآن حکیم پر عامل ہونا اور دنیا میں ذلت اٹھانا ناممکن ہے (۲) شرائط استفادہ من القرآن جب تک اللہ تعالیٰ کے متعلق ایک خاص حسن عقیدت دل میں نہ ہو اور اس کی طاقت اور زور کا اندازہ معلوم نہ ہو اس وقت تک انسان اس کے قانون اور فرامین سے پورا استفادہ حاصل نہیں کر سکتا۔

ماخذ (۱) آیت ۲۰

(۲) آیت ۲۲-۲۳ ۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے نفسوں کی بھلائی کی عقل بھی ان سے سلب کر لی۔ (۲۰) جنتی اور دوزخی برابر نہیں ہو سکتے۔ جنتی کامیاب ہونے والے ہیں۔ یہ کامیابی عام ہے دنیا میں ہو یا آخرت میں۔ کیونکہ اعلان مطلق ہے۔ لہٰذا اہل حق ہو کر قرآن کا پابند ہو اور حکمت الٰہی میں ذلیل ہو کر رہنا ناممکن ہے (۲۱) قرآن ایسی مؤثر چیز ہے کہ پہاڑ کو بھی ٹکڑے ٹکڑے کر سکتی ہے۔ یہ مثالیں لوگوں کے غور و تفکر کے لئے بیان ہو رہی ہیں (۲۲ تا ۲۴) اس قرآن حکیم کا نازل کرنے والا اللہ ان صفات سے متصف ہے۔ لہٰذا جو شخص ان صفات الٰہیہ کا پورا مومن ہو گا وہ قرآن کی قدر کر سکتا ہے اور فائدہ بھی تب ہی حاصل ہو سکتا ہے۔

ع ۳ / ۷

اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾

بھلا دیا پھر اللہ نے بھی ان کو (ایسا کر دیا) کہ وہ اپنے آپ ہی کو بھول گئے یہی لوگ نافرمان ہیں

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

دوزخی اور جنتی برابر نہیں ہو سکتے جنتی ہی

هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ

بامراد ہیں اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ اسے دیکھتے

خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

کہ اللہ کے خوف سے جھک کر پھٹ جاتا اور ہم یہ مثالیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ

لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں وہی اللہ ہے کہ اس

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ

کے سوا کوئی معبود نہیں سب چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے والا ہے وہ بڑا مہربان

الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

نہایت رحم والا ہے وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بادشاہ

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

پاک ذات سلامتی دینے والا امن دینے والا نگہبان زبردست خرابی کا درست کرنے والا

الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ

بڑی عظمت والا ہے اللہ پاک ہے اس سے جو اس کے شریک ٹھہراتے ہیں وہی اللہ ہے

الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ

پیدا کرنے والا ٹھیک ٹھیک بنانے والا صورت دینے والا اسی کے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں اس

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ١٣ (٦٠) سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ (٩١) رکوعاتها ٢

آیتیں ١٣ سورت ممتحنہ مدنی ہے رکوع ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ

اے ایمان والو میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست

اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا

نہ بناؤ کہ ان کے پاس دوستی کے پیغام بھیجتے ہو حالانکہ تمہارے پاس جو سچا دین آیا ہے

جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ

اس کے یہ منکر ہو چکے ہیں رسول کو اور تمہیں اس بات پر نکالتے ہیں کہ تم

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ

اللہ اپنے رب پر ایمان لاتے ہو اگر تم جہاد کے لئے میری راہ میں اور میری رضا جوئی

وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۖ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَاَنَا اَعْلَمُ

کے لئے نکلے ہو تو ان کو دوست نہ بناؤ تم ان کے پاس پوشیدہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو حالانکہ میں خوب جانتا ہوں

بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ

جو کچھ تم مخفی اور ظاہر کرتے ہو اور جس نے تم میں سے یہ کام کیا تو وہ سیدھے

سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١﴾ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّ

راستہ سے بھٹک گیا اگر وہ تم پر قابو پا جائیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں اور

يَبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا

تم پر اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں برائی سے دراز کریں اور چاہتے ہیں کہ

لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٢﴾ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ

کہیں تم کافر ہو جاؤ نہ تمہیں تمہارے رشتے ناطے اور نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن نفع

منزل ٧

ربط آیات

سورۃ الممتحنہ

(موضوع سورۃ)

(مقاطعہ عن الکفار)

خلاصہ رکوع ١

اسباب مقاطعہ۔

ماخذ آیت ١

(١) اس آیت میں مقاطعہ کے چار سبب ذکر کئے گئے ہیں اللہ تعالیٰ کے دشمن ہیں عدوی وعدو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہیں یخرجون الرسول، قرآن حکیم کے دشمن ہیں وقد کفروا بما جاءکم من الحق اور تمہارے دشمن ہیں وعدوکم اللہ انطباہر یا ہرگز دوستی رکھنے کے قابل نہیں

(٢) اگر موقع پائیں تو ایذا رسانی سے عداوت کا حق ادا کر کے رہیں

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

١٦
مع
متقدمین

السبا ٤
الوقف
علی القیمۃ

الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣﴾
دیں گے وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھتا ہے

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ
بیشک تمہارے لئے ابراہیم میں اچھا نمونہ ہے اور ان لوگوں میں جو اس کے ہمراہ تھے

اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ بیشک ہم تم سے بیزار ہیں اور ان سے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے

اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ
ہو ہم نے تمہارا انکار کر دیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور بیر ہمیشہ کے لئے ظاہر

اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ
ہو گیا یہاں تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان لاؤ مگر ابراہیم کا اپنے باپ سے کہنا کہ

لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا
میں تمہارے لئے معافی مانگوں گا اور میں اللہ کی طرف سے تمہارے لئے کسی بات کا مالک بھی نہیں ہوں اے ہمارے

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا
رب ہم نے تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے اے ہمارے رب ہمیں

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
ان کا تختۂ مشق نہ بنا جو کافر ہیں اور اے ہمارے رب ہمیں معاف کر بیشک تو ہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٥﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ
غالب حکمت والا ہے البتہ تمہارے لئے ان میں ایک نیک نمونہ ہے اس کے

كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ
لئے جو اللہ اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہو اور جو کوئی منہ موڑے تو بیشک اللہ بھی

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦﴾ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ
بے پرواہ خوبیوں والا ہے شاید کہ اللہ تم میں اور ان میں کہ جن سے تمہیں دشمنی ہے

## ربط آیات

(٣) اگر اولاد یا رشتہ داری کے نفع کے خیال سے تم نے دوستی رکھی تو قیامت کے دن یہ چیزیں کام نہیں آئیں گی اور اس جرم کا وبال پڑ جائے گا۔ (٤) کفار سے تعلقات رکھنے میں تمہیں ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا نمونہ پیش نظر رکھنا چاہیئے جنہوں نے علی الاعلان کفار سے عداوت اور بغضاء کا اظہار کر دیا تھا کہ جب تک تم ایمان نہیں لاؤ گے ہمارا تم سے کوئی تعلق نہیں۔ اور انہوں نے دعا کی اے رب ہمارے ہم نے کفار سے قطع تعلق کر کے تیری ذات پر بھروسہ کیا ہے اور تیری طرف رجوع کیا اور پھر بھی تیری طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (٥) اور یہ بھی انہوں نے دعا کی اے اللہ ہمیں کفار کے ظلم و ستم کا تختۂ مشق نہ بنا اور ہمارے گناہ ہمیں معاف فرما۔ (٦) خدا پرستوں کے لئے ان حضرات کا مسلک بہترین نمونہ ہے۔

ع ١
٧



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑦

دوستی قائم کر دے اور اللہ قادر ہے اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ

اللہ تمہیں ان لوگوں سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑتے اور نہ انہوں نے تمہیں تمہارے

مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

گھروں سے نکالا ہے اس بات سے کہ تم ان سے بھلائی کرو اور ان کے حق میں انصاف کرو بیشک اللہ انصاف

الْمُقْسِطِيْنَ ⑧ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي

کرنے والوں کو پسند کرتا ہے تمہیں اللہ انہیں سے منع کرتا ہے کہ جو دین میں تم سے

الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ

لڑے اور انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکال دیا اور تمہارے نکالنے پر (لوگوں کی) مدد بھی کی

اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑨ يٰٓاَيُّهَا

کہ ان سے دوستی کرو اور جس نے ان سے دوستی کی تو پھر وہی ظالم بھی ہیں اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ

ایمان والو جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو ان کی جانچ کر لو

اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا

اللہ ہی ان کے ایمان کو خوب جانتا ہے پس اگر تم انہیں مومن معلوم کرو تو انہیں

تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ

کفار کی طرف نہ لوٹاؤ نہ وہ (عورتیں) ان کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان کے لئے

لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ

حلال ہیں اور ان کفار کو دے دو جو کچھ انہوں نے خرچ کیا اور تم پر گناہ نہیں کہ تم ان سے نکاح کر لو جب

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ

تم انہیں ان کے مہر دے دو اور کافر عورتوں کے ناموس کو قبضہ میں نہ رکھو اور جو تم نے ان

**خلاصہ رکوع ۲**

اقسام کفار (کفار کی دو قسمیں ہیں) ایک کے ساتھ صلح تو جائز۔ اور دوسری کے ساتھ یہ (ناجائز نہیں)

ماخذ (۱) آیت ۸۔

(۲) آیت ۹۔

**ربط آیات**

۱۷ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ انہیں ہدایت کر دے اور پھر دوستی کے قابل ہو جائیں (۸) اس قسم کے کفار سے نرمی اور رواداری کرنی چاہیے تاکہ تالیف قلوب سے ممکن ہے، مائل بہ اسلام ہو جائیں۔ (۹) ان دشمنان اسلام سے کسی قسم کی دوستی نہیں ہونی چاہیے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَآ أَنْفَقُوا ۚ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ

عورتوں پر خرچ کیا تھا مانگ لو اور جو انہوں نے خرچ کیا وہ مانگ لیں اللہ کا یہی حکم ہے جو تمہارے لئے صادر فرمایا

وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾ وَإِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے اور اگر کوئی عورت تمہاری عورتوں میں سے کفار کے پاس نکل گئی ہے

فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُمْ مِثْلَ مَآ أَنْفَقُوا ۚ

پھر تمہاری باری آجائے تو تم ان مسلمانوں کو دے دو جن کی بیویاں چلی گئی ہیں اتنا جتنا کہ انہوں نے دیا تھا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا

اور اس اللہ سے ڈرو کہ جس پر تم ایمان لائے ہو اے نبی جب

جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ

آپ کے پاس ایمان والی عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گی

شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَ

اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور

لَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ

نہ بہتان کی اولاد لائیں گی جسے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان (نطفۂ شوہر سے) جنی ہوئی بنالیں

وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ ۙ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ

اور نہ کسی نیک بات میں آپ کی نافرمانی کریں گی تو ان کی بیعت قبول کرا اور ان کے لئے اللہ سے

اللّٰهَ ۖ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

بخشش مانگ بیشک اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اے ایمان والو

لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ

اس قوم سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب ہوا وہ تو آخرت سے ایسے نا امید

الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ ﴿١٣﴾ ع

ہو گئے کہ جیسے کافر اہل قبور سے نا امید ہو گئے

## ربط آیات

(۱۰) اگلی آیت تعریف ہے جیسا عمل کرنا چاہیے ان کی شان ہے۔ واللہ اعلم۔ اگر وہ عورتیں ایمان لے آویں تو انہیں رکھ لو اور جو روپیہ کفار کا لائیں وہ واپس کر دو بلکہ جو مہر کفار نے انہیں دیا تھا وہ بھی دے دو اور پھر ان سے نکاح کر لو (۱۱) اور اگر کوئی مسلمان عورت مرتد ہو کر کفار کے مل چلی جائے تو مال غنیمت میں سے اس کے شوہر کو اتنا دیہ ادا کر دو جتنا اس نے خرچ کیا تھا۔ (۱۲) اگر عورتیں ان شرائط کو قبول کریں تو انہیں دائرہ اسلام میں داخل کر لو اور ان کے سابقہ گناہوں کے متعلق استغفار کرو۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہ بخش دے گا (۱۳) اے مسلمانو! کفار سے ہرگز دوستی نہ رکھو۔

۲ ع ۷ ۸ النصف



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتہا ۱۴ (۶۱) سُورَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۹) رکوعاتہا ۲

آیتیں ۱۴ سورت صف مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

جو مخلوقات آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اور وہی غالب حکمت والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ② كَبُرَ مَقْتًا

اے ایمان والو کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں اللہ کے نزدیک بڑی

عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ

ناپسند بات ہے جو کہو اس کو کرو نہیں بیشک اللہ تو ان کو پسند کرتا ہے

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④ وَ

جو اس کی راہ میں صف باندھ کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے اور

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم مجھے کیوں ستاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو

اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۖ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۗ وَاللّٰهُ

کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں پس جب وہ پھر گئے تو اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اے بنی اسرائیل بیشک میں اللہ کا تمہاری طرف رسول ہوں تورات جو مجھ سے پہلے ہے اس

يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ

کی تصدیق کرنے والا ہوں اور ایک رسول کی خوشخبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا اور اس کا نام

ربط آیات

سورۃ الصف

(موضوع سورۃ)

فرائض سرفروشاں

ہر قوم میں تین جماعتیں کام کرتی ہیں۔ اہل علم، اہل دولت سرفروش اگر تینوں اپنے فرائض ادا کریں تو قوم زندہ ہو جاتی ہے۔ اگر ایک بھی اپنا فرض ادا کرنا چھوڑ دے تو

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) عند اللہ سرفرازی کا وجہ (۲) ادا نہ کرنے کی حالت میں مسلمانوں (۳) فرض کے ادا کرنے کا میدان ماخذ (۱) آیت ۳ (۲) آیت ۵ (۳) آیت ۷

قوم مٹ جاتی ہے لہٰذا سورۃ صف میں فرائض سرفروشاں ہیں اور سورۃ جمعہ میں فرائض اہل علم اور سورۃ منافقین میں فرائض اہل دولت آئیں گے۔

(۱) آسمان و زمین اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں، وہ ہر ضرورت سے مستغنی ہے لہٰذا سورۃ صف کے قانون پر عمل کرنے سے مسلمانوں کو نفع ہوگا (۲) اے مسلمانو! جب الاعمال الی اللہ پوچھتے ہو۔ ایسا نہ ہو کہ جواب ملنے کے بعد عمل نہ کرو (۳) اپنے منہ مانگ کر قانون لینا اور پھر عمل نہ کرنا اس سے غضب الٰہی بھڑکتا ہے۔ (۴) احب الاعمال الی اللہ قتال فی سبیل اللہ ہے (۵) نبی کی نبوت تسلیم کرنے کے بعد اس کے احکام کی مخالفت کرنے سے زیغ فی القلوب پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ بنی اسرائیل کے قلوب میں زیغ پیدا ہوا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦﴾

احمد ہوگا پس جب وہ واضح دلیلیں لے کر ان کے پاس آگیا تو کہنے لگے یہ تو صریح جادو ہے

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى

اور اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالانکہ اسلام کی طرف

اِلَى الْاِسْلَامِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧﴾ يُرِيْدُوْنَ

اسے بلایا جارہا ہو اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا وہ چاہتے ہیں

لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ

کہ اللہ کا نور اپنے مونہوں سے بجھادیں اور اللہ اپنا نور پورا کرکے رہے گا اگرچہ کافر بُرا

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨﴾ هُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

مانیں وہی تو ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچا دین دے کر

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٩﴾ ع ۱ ۹

بھیجا تاکہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرک ناپسند کریں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ

اے ایمان والو کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں دردناک عذاب

عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿١٠﴾ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِىْ

سے نجات دے تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور تم اللہ کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۗ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ

تم جانتے ہو وہ تمہارے لئے تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل کریگا

تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِىْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۗ

جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور پاکیزہ مکانوں میں ہمیشہ رہنے کے باغوں میں

## ربط آیات

(۶) اس زریں تعلیم کا نتیجہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام باوجودیکہ بنی اسرائیل کے نبی ہیں تورات کے مصدق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشخبری سناتے ہیں لیکن یہود دونوں چیزوں کی مخالفت کرتے ہیں (۷) واحب الاعمال الی اللہ الجہاد، کا میدان عمل مخالفین اسلام ہیں (۸) وہ نور الٰہی (اسلام) کو بجھانا چاہتے ہیں اور اللہ تعالے اسے پورا کرنا چاہتا ہے۔ لہٰذا اللہ والوں کی جماعت کفار کی کوششوں کے مقابلہ میں سینہ سپر ہوگی (۹) اللہ تعالیٰ اس دین حق کو ساری دنیا کے ادیان پر غالب کرنے کا فیصلہ کرچکا ہے لہٰذا خدا پرست سرفروش جماعت اس وقت تک چین نہیں لے گی

**خلاصہ رکوع ۲**
حبذا احب الاعمال الی اللہ۔
ماخذ آیت ۱۲-۱۳ ◆

جب تک دین الٰہی کو یہ عزت حاصل نہ ہوگی (۱۰-۱۱) عذاب الیم سے نجات دینے والی چیز ایمان باللہ و بالرسول کے بعد قتال فی سبیل اللہ ہے۔ ان تینوں چیزوں سے نجات کا حصول قطعی ہے ◆



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ
یہ بڑی کامیابی ہے اور دوسری بات جو تم پسند کرتے ہو اللہ کی طرف سے مدد ہے اور

فَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا
جلدی فتح اور ایمان والوں کو خوشخبری دے دے اے ایمان والو اللہ کے

اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ
مددگار ہو جاؤ جیسا کہ عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا تھا کہ اللہ کی راہ

اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ
میں میرا مددگار کون ہے حواریوں نے کہا ہم اللہ کے مددگار ہیں

فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ
پھر ایک گروہ بنی اسرائیل کا ایمان لایا اور ایک گروہ کافر ہو گیا

فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع
پھر ہم نے ایمان داروں کو ان کے دشمنوں پر غالب کر دیا پھر تو وہی غالب ہو کر رہے

اٰیاتُہا (۱۱) سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ (۶۲) (۱۱۰) رکوعاتہا (۲)

آیتیں ۱۱ سورت جمعہ مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ
جو مخلوقات آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے وہ بادشاہ پاک ذات

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ
غالب حکمت والا ہے وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ایک رسول انہیں میں سے مبعوث فرمایا

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۤ
جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتا ہے

## ربط آیات

(۱۲) یہ اس کی جزا خیر ہے ممکنا کا حضور چونکہ نجات آخرت ہے اس لئے اس کا ذکر پہلے آیا۔ اور دوسری جزا فتح دنیا ہے۔

(۱۳) احب الاعمال الی اللہ کی ابتدا اسی طرح ہو گی جس طرح حواریین عیسیٰ علیہ السلام نے کام شروع کیا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے پہلے تبلیغ شروع کی۔ اس کے بعد دشمن دو کا وجود جماعتیں پیدا ہو گئیں۔ دونوں کے مقاصد میں چونکہ تضاد تھا، دونوں آگے چل کر ٹکرائیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو فتح عطا فرمائی۔

ع ۵ / ۱۰

**سورۃ الجمعہ**

(۱) مرضوع سورۃ
فرائض علماء کرام
(۱) تسبیح کا مضمون سورۂ صف کے ابتداء میں ملاحظہ ہو۔

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) فرض علمائے کرام، ۲ مذا دا کرنے کی حالت میں سرانجام دینے ادا کرنے کا معیار۔
ماخذ (۱) آیت ۲، ۲ آیت ۵
(۳) آیت ۶



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا
اور بیشک وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے اور دوسروں کے لئے بھی جو ابھی

یَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۳ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ
ان سے نہیں ملے اور وہ زبردست حکمت والا ہے یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے

مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝۴ مَثَلُ الَّذِیْنَ
دے اور اللہ بڑا فضل کرنے والا ہے ان لوگوں کی مثال جنہیں

حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ یَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ
تورات اٹھوائی گئی پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا گدھے کی سی مثال ہے جو کتابیں

اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ وَ
اٹھاتا ہے ان لوگوں کی بہت بری مثال ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور

اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝۵ قُلْ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ
اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا کہہ دو اے لوگو جو

هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِیَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ
یہودی ہو اگر تم خیال کرتے ہو کہ تم ہی اللہ کے دوست ہو سوائے دوسرے لوگوں

النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۶ وَ
کے تو موت کی آرزو کرو اگر تم سچے ہو اور

لَا یَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ
وہ لوگ اس کی کبھی بھی تمنا نہ کریں گے بسبب ان (عملوں) کے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے اور اللہ

عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ
ظالموں کو خوب جانتا ہے کہہ دو بیشک وہ موت جس سے تم بھاگتے

مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰی عٰلِمِ الْغَیْبِ وَ
ہو سو وہ تو ضرور تمہیں ملنے والی ہے پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو ہر چھپی اور کھلی بات کا

## ربط آیات

(۲) سید المرسلین خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چار فرض تھے: تلاوت آیات، تزکیہ نفوس، تعلیم کتاب، تعلیم حکمت۔ یہی علماء کرام ورثۃ الانبیاء کے فرائض ہوں گے (۳) حضور انور کی بعثت آپ کے زمانہ کے بعد آنے والوں کے لئے بھی ہے (۴) یہ مرتبہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے (۵) یہود نے تورات کی تبلیغ و تعمیل کا حق ادا نہ کیا اور گدھے کہلائے اسی طرح جو امت اپنی کتاب اللہ کا حق ادا نہ کرے گی اسی لقب کی مستحق ہو گی (۶) تبلیغ کا حق ادا کرنے والی قوم مرنے سے نہیں ڈرا کرتی۔ کیونکہ اسے معلوم ہے کہ مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے ہاں جنت اور مغفرت ہے (۷) یہود اپنی بداعمال کے باعث موت کے لئے کبھی بھی تیار نہیں ہو سکتے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا ع ۱ / ۱۱
جاننے والا ہے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کیا کرتے تھے اے
الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ
ایمان والو جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو
فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن
ذکر الٰہی کی طرف لپکو اور خرید و فروخت چھوڑ دو تمہارے لئے یہی بات بہتر ہے اگر
كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩﴾ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا
تم علم رکھتے ہو پس جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں
فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ
چلو پھرو اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت یاد
كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا
کرو تاکہ تم فلاح پاؤ اور جب وہ لوگ تجارت یا تماشہ دیکھتے ہیں
انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا ۚ قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ
تو اس پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ جاتے ہیں کہہ دو جو اللہ کے پاس ہے وہ تماشا
مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۚ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١﴾ ع ۲ / ۱۴
اور تجارت سے کہیں بہتر ہے اور اللہ بہتر روزی دینے والا ہے

آیاتها ١١ (٦٣) سُورَةُ الْمُنَافِقُونَ مَدَنِيَّةٌ (١٠٤) رکوعاتها ٢

آیتیں ۱۱ سورۃ منافقون مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ
جب آپ کے پاس منافق آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں

**خلاصہ رکوع ۲**
تبلیغ قرآن کا دن جمعہ ہے ہر مسلم کو فرض ہے کہ اس میں شریک ہو۔
ماخذ آیت ۹

## ربط آیات

(۸) اگر تم موت سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان نہیں دیتے تو بالآخر مر کر جاؤ گے اس ہی آؤ گے پھر تمہاری تمام بد اعمالیاں سامنے رکھ دی جائیں گی (۹) جمعے کی اذان کے بعد جب کام چھوڑ کر فوراً مسجد میں ذکر الٰہی سننے کے لئے حاضر ہو جاؤ (۱۰) جب نماز ختم ہو جائے تو پھر جاؤ کاروبار کرو اور پھر بھی ذکر الٰہی کا شغل کرتے رہو اسے نہ بھلاؤ۔ (۱۱) جمعہ کے وقت کوئی خرید و فروخت نہ ہونے پائے۔ اس وقت کو یاد الٰہی میں صرف کرنے سے جو اجر ملے گا وہ تجارت کے نفع سے بدرجہا بہتر ہے۔

**سورۃ المنافقون**
(موضوع سورۃ)
فرائض اہل دولت

نصف

**خلاصہ رکوع ۱**
اہل دولت گمراہ دوست جنہیں کے منافق فی سبیل اللہ ذکر یں تو ان پر نفاق کا حکم لگتا ہے۔
ماخذ آیت ۱۰



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۱) منافق رسالت کی زبانی شہادت دیتے ہیں لیکن دل میں آپ کی رسالت کے منکر ہیں۔ (۲) یہ بے ایمان جھوٹی قسمیں کھا کر اپنے آپ کو شمشیر اسلام سے بچا لیتے ہیں اور پھر لوگوں کو اسلام سے بہکاتے رہتے ہیں۔ (۳) مرض نفاق ان میں کس طرح پیدا ہوا ہے۔ (۴) ان کی صورت اور باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پکے مسلمان ہیں۔ درحقیقت انہیں اسلام سے کوئی تعلق نہیں چونکہ ان میں اسلام تو نمائشی ہے لہٰذا جو اصلاح کی بات کہی جائے یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم پر چوٹ کی جا رہی ہے کفار سے بڑھ کر اسلام کے اصلی دشمن یہی ہیں۔ (۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہو کر سابقہ غلطیوں سے توبہ کر کے صحیح اسلام کا پابند بننے کی جب دعوت دی جاتی ہے تو منہ موڑ لیتے ہیں اور تکبر سے اعراض کرتے ہیں۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اللہ جانتا ہے کہ بیشک آپ اس کے رسول ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بے شک منافق
لَكٰذِبُوْنَ ① اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ
جھوٹے ہیں انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے پھر (لوگوں کو) اللہ کی راہ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
سے روکتے ہیں بیشک کیسا برا کام ہے جو وہ کر رہے ہیں یہ اس لئے کہ وہ
اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③
ایمان لائے پھر منکر ہو گئے پس ان کے دلوں پر مہر کر دی گئی پس وہ نہیں سمجھتے
وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ
اور جب آپ ان کو دیکھیں تو آپ کو ان کے ڈیل ڈول اچھے لگیں اور اگر وہ بات کریں تو آپ ان کی
لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ
بات سن لیں گویا کہ وہ دیوار سے لگی ہوئی لکڑیاں ہیں وہ ہر آواز کو اپنے ہی اوپر خیال
عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ز اَنّٰى
کرتے ہیں وہی دشمن ہیں پس ان سے ہوشیار رہیئے اللہ انہیں غارت کرے کہاں وہ
يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ
بہکے جا رہے ہیں اور جب ان سے کہا جائے کہ آؤ تمہارے لئے رسول اللہ
رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ
مغفرت طلب کریں تو اپنے سر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ رکتے ہیں ایسے
وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ⑤ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ
حال میں کہ وہ تکبر کرنے والے ہیں برابر ہے خواہ آپ ان کے لئے معافی مانگیں
لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ
یا نہ مانگیں اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِينَ ۝٦ هُمُ الَّذِينَ
بیشک اللہ بدکار قوم کو ہدایت نہیں کرتا وہی لوگ ہیں جو
يَقُولُونَ لَا تُنْفِقُوا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ
کہتے ہیں کہ ان پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ کے پاس ہیں
حَتّٰى يَنْفَضُّوا ۘ وَلِلّٰهِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ
یہاں تک کہ وہ تتر بتر ہو جائیں اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے لئے ہیں
لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ ۝٧ يَقُولُونَ لَئِنْ رَّجَعْنَا
لیکن منافق نہیں سمجھتے وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ کی طرف
إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ ۚ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ
لوٹ کر گئے تو اس میں سے عزت والا ذلیل کو ضرور نکال دے گا اور عزت تو اللہ اور
وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝٨ ع ۱ ۸ ۱۴
اس کے رسول اور مومنین ہی کے لئے ہے لیکن منافق نہیں جانتے
يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ
اے ایمان والو تمہیں تمہارے مال اور تمہاری اولاد اللہ کے ذکر
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَأُولٰئِكَ هُمُ
سے غافل نہ کر دیں اور جو کوئی ایسا کرے گا سو وہی
الْخٰسِرُونَ ۝٩ وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنٰكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ
نقصان اٹھانے والے ہیں اور اس میں سے خرچ کرو جو ہم نے تمہیں روزی دی ہے اس سے پہلے کہ
يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلٰى
کسی کو تم میں سے موت آ جائے تو کہے اے میرے رب تو نے مجھے تھوڑی مدت کے لئے
أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصّٰلِحِينَ ۝١٠ وَلَنْ
ڈھیل کیوں نہ دی کہ میں خیرات کرتا اور نیک لوگوں میں ہو جاتا اور اللہ

## ربط آیات

(۶) چونکہ یہ خود معافی مانگنے کے لئے تیار نہیں اس لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے حق میں استغفار کریں تو بھی انہیں کوئی نفع نہیں ہوگا۔ (۷) ان کی عداوت اسلام ملاحظہ ہو۔ (۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود اقدس کے جانی دشمن ہیں۔ (۹) اے مسلمانو! تمہیں مال اور اولاد یاد الٰہی سے غافل نہ کرنے پائیں۔ (۱۰) اور مرنے سے پہلے انفاق فی سبیل اللہ کی مشق ہے تاکہ موت کے وقت حسرت باقی نہ رہے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

مسلمانوں کو بیداری کی تلقین۔ تاکہ ان کے اندر مرض نفاق کے اسباب پیدا نہ ہوں۔

ماخذ آیت ۹، ۱۰۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يُؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا ۚ وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١١﴾ ع

کسی نفس کو ہرگز مہلت نہیں دیگا جب اس کی اجل آجائے گی اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو

آیاتها ۱۸ — سُورَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ (۶۴) (۱۰۸) — رکوعاتها ۲

آیتیں ۱۸ سورۃ تغابن مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ لَهُ الْمُلْكُ وَ

جو مخلوقات آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اسی کی حکومت ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِي

اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اسی نے تو تمہیں

خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَمِنْكُمْ مُؤْمِنٌ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا

پیدا کیا ہے پھر کوئی تم میں سے کافر ہے اور کوئی مومن اور جو کچھ تم کر

تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٢﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

رہے ہو اللہ دیکھ رہا ہے اسی نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر

بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿٣﴾

بنایا ہے اور تمہاری صورت بنائی پھر تمہاری صورتیں اچھی بنائیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا

وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ جانتا ہے جو تم

تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ

چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور اللہ ہی سینوں کے بھید

الصُّدُورِ ﴿٤﴾ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَبْلُ ۫

جانتا ہے کیا تمہارے پاس ان کی خبر نہیں پہنچی جو اس سے پہلے منکر ہوئے

منزل ۷

**ربط آیات**

ع ۲ / ۱۴

(۱) اگر پہلے منافق فی سبیل اللہ کیا تو موت کے وقت ہرگز مہلت نہیں ملے گی، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ تم منافقت شعار ہو۔

**سورۃ التغابن**

موضوع سورت:

(۱) آیات نفس و آفاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کے لئے مجبور کرتی ہیں (۲) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع سے قیامت کے دن فوز عظیم حاصل ہوگا۔ (۳)

**خلاصہ رکوع ۱**

آیات نفس و آفاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کے لئے مجبور کرتی ہیں اور آپ کے اتباع سے قیامت کے دن فوز عظیم حاصل ہوگا۔ ماخذ آیات نفس آیت ۲، آیات آفاق آیت ۵، فوز قیامت آیت ۹۔

ربط مضامین:

(۱) اس کی ترتیب سورہ تحفہ کے ابتداء میں ملاحظہ ہو (۲) جذبات فطرت تو خدائے فطرت کے حصول کے تشنہ ہیں (۳) خدائے فطرت وہی بنا سکتا ہے جس نے فطرت بنائی ہے کیونکہ وہی اس کا محرم اسرار ہوگا اور وہ اللہ تعالیٰ ہے جس نے زمین و آسمان بنایا اور تمہیں ماں کے رحم میں صورت عطا فرمائی (۴) اس کا علم زمین و آسمان پر حاوی ہے اور تمہاری استعدادات مخفیہ اور اعمال ظاہری کو بھی اچھی طرح جانتا ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵

پس انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

یہ اس لئے کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں لے کر آتے تھے

فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى

تو وہ کہا کرتے تھے کہ کیا آدمی ہم کو راہ دکھائیں گے پس انہوں نے انکار کیا اور منہ موڑ لیا اور اللہ نے پروا

اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ

نہ کی اور اللہ بے نیاز تعریف کیا ہوا ہے کافروں نے سمجھ لیا کہ

لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ

قبروں سے اٹھائے نہ جائیں گے کہہ دو کیوں نہیں مجھے اپنے رب کی قسم ہے ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر

لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷

تمہیں بتلایا جائے گا جو کچھ تم نے کیا تھا اور یہ بات اللہ پر آسان ہے

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ

پس اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا ہے اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ

اس سے جو تم کرتے ہو خبردار ہے جس دن تمہیں جمع ہونے کے دن جمع کریگا وہ

يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

دن ہار جیت کا ہے اور جو کوئی اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے

يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اللہ اس سے اس کی برائیاں دور کردے گا اور اسے بہشتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں بہ رہی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

ہوں گی ان میں ہمیشہ رہیں گے یہی بڑی کامیابی ہے

## ربط آیات

(۵) کیا پہلے مخاطبین حق کے واقعات تمہیں نہیں پہنچے کہ ان کی تباہی کیوں آئی (۶) انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی تعلیم سے فائدہ نہ اٹھایا اور منہ موڑ لیا۔ (۷) اعراض کا باعث اصل انکار قیامت تھا۔ انہوں نے خیال کیا کہ اس پابندی کی کیا ضرورت ہے (۸) اللہ نے مخاطبین قرآن تم اس غلطی کو دور کرو۔ اللہ تعالیٰ کے فرستادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بصورت قرآن پہنچا ہے جس میں انہیں مان جاؤ (۹) ہار جیت کا ایک دن آ رہا ہے اس دن کی جیت ایمان باللہ اور عمل صالح کے باعث ہوگی اور اس دن کی کامیابی بہت بڑی کامیابی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ
اور جنھوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۰﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ
اس میں ہمیشہ رہیں گے اور وہ بُری جگہ ہے اللہ کے حکم کے بغیر

مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ
کوئی مصیبت بھی نہیں آتی اور جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے وہ اس کے دل کو

قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا
ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر چیز جاننے والا ہے اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ
کرو پھر اگر تم نے منہ موڑ لیا تو ہمارے رسُول پر بھی صرف کھول کر

الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
پہنچا دینا ہی ہے اللہ ہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی پر ایمانداروں کو بھروسہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ
رکھنا چاہیئے اے ایمان والو بیشک تمہاری بیویوں اور اولاد

وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَ
میں سے بعض تمہارے دشمن بھی ہیں سو ان سے بچتے رہو اور اگر تم معاف کرو اور

تَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ
درگزر کرو اور بخش دو تو اللہ بھی بخشنے والا نہایت رحم والا ہے تمہارے

اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ
مال اور اولاد تمہارے لئے محض آزمائش ہیں اور اللہ کے پاس تو بڑا

عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا
اجر ہے پس جہاں تک تم سے ہو سکے اللہ سے ڈرو اور سنو

## ربط آیات

ع ۲ ۱۶ ۱۵

(۱۰) ایمان باللہ اور عمل صالح سے انکار کرنے والے دوزخی ہیں اور وہ بُرا ٹھکانا ہے (۱۱) مقصد زندگی یوم التغابن کی فوز عظیم ہو اور دنیا میں جو مصائب آئیں ان سے سبق ہدایت حاصل کیا جائے (۱۲) اس مقصد سے آدمی ادھر اُدھر نہ بھٹکنے پائے۔ ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا فرض ادا فرما چکے ہیں (۱۳) بجائے اپنے قوٰی پر اعتماد کرنے کے ہر کام میں اعتماد علی اللہ ہونا چاہیئے جب جلوت و خلوت میں یہ خیال رہے گا تب اطاعت خدا اور اطاعت رسُول کا حق ادا ہو سکے گا (۱۴) اے مسلمانو! ادائے فرض منصبی میں ازواج اور اولاد حارج نہ ہونے پائیں اور ان کی حرکات قبیحہ پر صبر کیا جائے۔ (۱۵) اموال اور اولاد فتنہ یعنی امتحان ہیں لہٰذا ان سے قطع تعلق بھی نہ کیا جائے ورنہ رہبانیت لازم آئے گی اور ان کے پھندے میں پھنس کر فرض منصبی سے بھی انسان غافل نہ ہونے پائے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

ابتلاء و آزمائش میں مصائب پیش آتی ہیں گو ایسے وقت میں اتباع حق سے منہ نہ موڑا جائے۔ رنج پر رنج یعنی جو رنج ایمان اور عمل صالح میں پیش آسکتے ہیں۔
ماخذ آیت ۷، ۱۳، ۱۵۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ

اور حکم مانو اور اپنے بھلے کے لئے خرچ کرو اور جو شخص اپنے دل کے لالچ سے

نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ

محفوظ رکھا گیا سو وہی فلاح بھی پانے والے ہیں اگر تم اللہ کو نیک قرض

قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ

دو تو وہ اسے تمہارے لئے دُگنا کردے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑا قدردان

حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع

حلم والا ہے سب چھپی اور کھلی کا جاننے والا غالب حکمت والا ہے

## آیاتها ۱۲ (۶۵) سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ (۹۹) رکوعاتها ۲

آیتیں ۱۲ سورۂ طلاق مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ

اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے موقع پر طلاق دو

وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ

اور عدت گنتے رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے، نہ تم ہی ان کو ان کے

مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ

گھروں سے نکالو اور نہ وہ خود ہی نکلیں مگر جب کھلم کھلا کوئی بےحیائی کا کام

مُّبَيِّنَةٍ ۗ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ

کریں اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ کی حدوں سے بڑھا

فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۗ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ

تو اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا آپ کو کیا معلوم کہ شاید اللہ اس کے بعد اور کوئی نئی بات

ع ۲ / ۱۴

### ربط آیات

(۱۶) اپنی استطاعت کے مطابق تقویٰ اور سمع و اطاعت میں فرق نہ آنے پائے۔ (۱۷) جو انفاق فی سبیل اللہ ہو گا اس کا کئی گنا اجر ملے گا۔ علاوہ ازیں مغفرت نصیب ہو گی۔ اللہ تعالیٰ قدردان ہے کسی کا حق تلف نہیں کرتا۔

(۱۸) وہ جانتا ہے کہ کون اس کے لئے وقت اور روپیہ خرچ کرتا ہے اور صاحب اخلاص ہے اور کون خود سے اغراض پیش نظر رکھے ہوئے ہے۔

### سورۃ الطلاق

(مضمون) صورت، حقوق العباد میں ترحم و تسامح جائز نہیں۔

خلاصہ رکوع ۱
مسائل طلاق۔
ماخذ آیت ۱۔



Downloaded from almarifat.org
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذٰلِكَ اَمْرًا ⑴ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

پیدا کر دے — پس جب وہ اپنی عدت کو پہنچ جائیں — تو انہیں دستور سے

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَىْ

رکھ لو — یا انہیں دستور سے چھوڑ دو — اور دو معتبر آدمی اپنے میں

عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ

سے گواہ کر لو — اور اللہ کے لئے گواہی پوری دو — یہ نصیحت کی باتیں انہیں کہی جاتی

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ

جاتی ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں — اور جو اللہ سے ڈرتا ہے

يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ⑵ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

اللہ اس کے لئے نجات کی صورت نکال دیتا ہے اور اسے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہو

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے — سو وہی اس کو کافی ہے — بیشک اللہ اپنا حکم پورا

اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىْءٍ قَدْرًا ⑶ وَالّٰٓـىِٔ

کرنے والا ہے — اللہ نے ہر چیز کے لئے ایک اندازہ مقرر کر دیا ہے — اور تمہاری عورتوں

يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ

میں سے جن کو حیض کی امید نہیں رہی ہے — اگر تمہیں شبہ ہو تو

فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـىِٔ لَمْ يَحِضْنَ وَاُولَاتُ

ان کی عدت تین مہینے ہیں — اور ان کی بھی جنہیں ابھی حیض نہیں آیا — اور حمل والیوں

الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَنْ يَّتَّقِ

کی عدت — ان کے بچہ جننے تک ہے — اور جو اللہ سے ڈرتا

اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ⑷ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ

ہے وہ اس کے کام آسان کر دیتا ہے — یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری

### ربط آیات

(۱) طلاق طہر میں ہونی چاہیئے اور عدت خاوند کے گھر میں بسر کرو اگر خدانخواستہ زنا اس عورت سے سرزد ہو تو اجرائے حد کے لئے باہر نکالا جائے (۲) طلاق رجعی کی مدت قریب اختتام ہو۔ اس وقت رکھنا چاہتے ہو تو رکھ لو ورنہ عزت سے رخصت کر دو اور رجعت پر دو گواہ مقرر کر دو (۳) قانون الٰہی کی پابندی کرنے والے مرد کی ضرورت اللہ تعالیٰ پوری کرے گا۔ جہاں سے اس کا وہم و گمان بھی نہ ہو گا۔ البتہ ہر چیز کا اندازہ ہے جب وقت آئے گا تب کام ہو گا۔ (۴) حیض سے مایوس ہونے والی عورت کی عدت تین ماہ ہے اور حاملہ کی وضع حمل تک ہے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِلَيْكُمْ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ لَهُ

طرف نازل کیا ہے اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس سے اس کی برائیاں دور کر دیتا ہے اور اسے بڑا اجر بھی

أَجْرًا ۝٥ أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُجْدِكُمْ

دیتا ہے طلاق دی ہوئی عورتوں کو وہیں رکھو جہاں تم اپنے مقدور کے موافق رہتے ہو

وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ

اور انہیں ایذا نہ دو انہیں تنگ کرنے کے لئے اور اگر وہ

حَمْلٍ فَأَنْفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَإِنْ

حاملہ ہوں تو انہیں نان و نفقہ دو جب تک وہ وضع حمل کریں پس اگر

أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُمْ

پلائیں دودھ تمہارے لئے تو دو ان کو ان کی اجرت دو اور آپس میں دستور کے مطابق

بِمَعْرُوفٍ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝٦

مشورہ کر لو اور اگر تم آپس میں تنگی کرو تو اس کے لئے دوسری عورت دودھ پلائے گی

لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ

مقدور والا اپنے مقدور کے موافق خرچ کرے اور اگر تنگ دست ہو

فَلْيُنْفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا

تو جو کچھ اللہ نے اسے دیا ہے اس میں سے خرچ کرے اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی قدر جو اسے دے رکھا ہے

سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝٧ وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ ع ۱۶

عنقریب اللہ تنگی کے بعد آسانی کر دے گا اور کتنی ہی بستیاں

عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا

اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے سرکش ہو گئیں پھر ہم نے بھی ان سے سخت حساب لیا

وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُكْرًا ۝٨ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا

اور ان کو بری سزا دی پس ان بستیوں نے اپنے کام کا وبال چکھا

## ربط آیات

(۵) یہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے (۶) مطلقہ کو اپنی وسعت کے مطابق ٹھہراؤ اور انہیں تنگ نہ کرو اور حاملہ پر وضع حمل تک خرچ کرو (۷) ہر شخص قانون سابق پر عمل کرنے میں اپنی خداداد وسعت سے کام لے (۸) اس ماقبل احکام طلاق تھے اس کے بعد بیان کیا جاتا ہے کہ بہت سی بستیاں اپنے رب کے فرمان اور انبیاء علیہم السلام کا اتباع نہ کرنے کے باعث سخت عذاب میں مبتلا ہوئیں۔ لہٰذا ربط یہی ہوگا کہ احکام طلاق جو اس سبق میں ذکر کئے گئے ہیں اگر ان کی مخالفت ہوئی تو ویسی سزا ملے گی جس طرح حقوق اللہ تعالیٰ کی مخالفت کے باعث بلا کرتی ہے۔ واللہ اعلم

**خلاصہ رکوع ۲**

حقوق العباد میں ترمیم و تنسیخ کرنے سے بھی عذاب الٰہی آتا ہے

ماخذ آیت ۸



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ

اور ان کا انجام کار بربادی ہوئی اللہ نے ان کے لئے سخت

مع عَذَابًا شَدِيدًا ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۚ

عذاب تیار کر رکھا ہے پھر اے عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو

الَّذِينَ آمَنُوا ۚ قَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿١٠﴾ رَسُولًا

جو ایمان لا چکے ہو بیشک اللہ نے تمہاری طرف نصیحت نازل کی ہے یعنی ایک رسول

يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَ الَّذِينَ

جو تمہیں اللہ کی واضح آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تاکہ جو ایمان لائے اور

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ

انہوں نے نیک کام بھی کئے انہیں اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے جائے

وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ

اور جو اللہ پر ایمان لائے اور اس نے نیک کام بھی کئے تو اسے ایسے باغوں میں داخل کرے گا

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ ان میں سدا رہیں گے

قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ﴿١١﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ

اللہ نے اس کو بہت اچھی روزی دی ہے اللہ ہی ہے جس نے سات آسمان

سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ

پیدا کئے اور زمینیں بھی اتنی ہی ان میں حکم نازل ہوتا

بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

کرتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

ع ٢ / ١٨ وَأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾

اور اللہ نے ہر چیز کو علم سے احاطہ کر رکھا ہے

**ربط آیات**

(۹) انہوں نے اپنے کیے کی سزا پائی: (۱۰) ان کے لئے سخت عذاب تیار ہے۔ اے مسلمانو! تم اس غلطی سے اپنے آپ کو بچا نا (۱۱) اس قسم کی غلطی سے بچنے کی فقط ایک تدبیر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کیا جائے۔ (۱۲) اللہ تعالیٰ نے سات آسمان اور اتنی ہی زمینیں پیدا کی ہیں۔ ان زمینوں میں امر الٰہی نازل ہوتا ہے یعنی ان احکام مذکورۃ الصدر کو آہستہ آہستہ تبلیغ کر کے سمجھایا جائے تاکہ ارادہ الٰہی پورا ہو جانے کے جیسے زمین پر حکم الٰہی پہنچ جائے۔ واللہ اعلم۔

منزل ۷

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۱۲ (۶۶) سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۷) رکوعاتها ۲

آیتیں ۱۲ سورۃ تحریم مدنی ہے رکوع ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ

اے نبی آپ کیوں حرام کرتے ہیں جو اللہ نے آپکے لئے حلال کیا ہے آپ اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَ

اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اللہ نے تمہارے لئے اپنی قسموں کا توڑ دینا فرض کر دیا ہے اور

اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝۲ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ

اللہ ہی تمہارا مالک ہے اور وہی سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے اور جب نبی نے چھپا کر اپنی کسی بیوی سے

اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ

ایک بات کہہ دی اور پھر جب اس بیوی نے وہ بات بتا دی اور اللہ نے اس کو نبی پر ظاہر کر دیا تو

بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ

نبی نے اس میں سے کچھ بات جتلا دی اور کچھ ٹال دی پس جب پیغمبر نے اسکو وہ بات جتلا دی تو بولی آپکو کس نے یہ بات

هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۳ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

بتادی آپ نے فرمایا مجھے خدائے علیم وخبیر نے بتلائی اگر تم دونوں اللہ کی جناب میں توبہ کرو تو بہتر ورنہ بے شک

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَ

دل تو مائل ہو ہی چکے ہیں اور اگر تم آپکے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرو گی تو بیشک اللہ آپ کا مددگار ہے اور

جِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝۴

جبرئیل اور نیک بخت ایمان والے بھی اور سب فرشتے اس کے بعد آپ کے حامی ہیں

عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ

اگر نبی تمہیں طلاق دے دے تو بہت جلد اس کا رب اس کے بدلے میں تم سے اچھی بیویاں دے دے گا

منزل ۷

---

### ربط آیات

سورۃ التحریم

(موضوع سورت)

انسان کے فرض منصبی میں کوئی چیز خارج نہیں ہونی چاہیے۔

(۱) آپ کا فرض منصبی یہ ہے کہ حلال اور حرام کرنے اپنے درجہ میں مت کر بیٹھیں فرمائیں۔ لہٰذا حلال کو حرام بنانا فرض منصبی کے خلاف ہوگا۔ اور اس کا موجب ازواج

**خلاصہ رکوع ۱**

اگر ازواج مطہرات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرض منصبی میں حارج ہوں گی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں طلاق دے دیں گے علی ہذا القیاس مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے ساتھ اہل و عیال کو بھی جہنم سے بچائیں کہ انہیں فرض منصبی اسلام میں حارج نہ ہونے دیں۔

ملخص ۱۱۱، ۵۰، ۴، ۶، ۲، ۵۔

مطہرات میں سے بعض ازواج ہو رہی ہیں۔ لہٰذا اجتناب ہونا ہے کہ اس طرح نہیں ہونا چاہیے (۲) اگر خلاف مصلحت قسم بھی کھائی جائے تو کفارہ دے کر نقصان حلال ہو جائے (۳) شہد کا استعمال قطعی ترک کرنے کا ارادہ فرمایا اور بعض ازواج نے اطلاع پائی تو آپ نے انہیں ظاہر کرنے سے منع فرمایا۔ انہوں نے آگے یہ بات کہہ دی اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعے سے مطلع فرمایا (۴) اگر تم دونوں اس قسم کی حرکتوں سے باز آ جاؤ تو بہتر ہے۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ
فرمانبردار ایمان والیاں نمازی توبہ کرنے والی عبادت گزار روزہ دار بیوائیں اور
اَبْكَارًا ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا
کنواریاں اے ایمان والو اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ سے بچاؤ
وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ
جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اس پر فرشتے سخت دل قوی ہیکل مقرر ہیں
لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦
وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے جو وہ انہیں حکم دے اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ
اے کافرو آج بہانے نہ بناؤ تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى
جو تم کیا کرتے تھے اے ایمان والو اللہ کے سامنے
اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ
خالص توبہ کرو کچھ بعید نہیں کہ تمہارا رب تم سے تمہارے گناہ دور کر دے
وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي
اور تمہیں بہشتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جس دن اللہ اپنے نبی کو
اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
اور ان کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے رسوا نہیں کرے گا ان کا نور ان کے آگے اور ان کے
وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا
دائیں دوڑ رہا ہوگا وہ کہہ رہے ہوں گے اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر اور ہمیں بخش دے
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ
بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے نبی کافروں

### ربطِ آیات

(۵) ورنہ آپ تمہیں طلاق دے دیں گے اور اللہ تعالیٰ آپ کو اور ازواج تبدیل فرما دے گا۔ (۶) اے مسلمانو! گزشتہ واقعے سے تمہیں بھی سبق حاصل کرنا چاہیے کہ تمہاری ازواج اولاد یا بعض شخصیں میں حارج نہ ہونے پائیں ورنہ سخت سزا ملے گی (۷) اور قیامت کے دن کوئی عذر نہیں سنا جائے گا (۸) صحیح معنی میں انابت الی اللہ کے یہ نتائج ہیں۔

ع ۱
۱۹

**خلاصہ رکوع ۲**

تسبیح، ہر شئی اللہ کی جزائے خیر
مغفرت الٰہی کے ساتھ نسبت دینا وابستہ
بغیر اتباع کوئی چیز نہیں ہے۔
ماخذ (۱) آیت ۸۔
(۲) آیت ۱۰۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

اور منافقوں سے جہاد کر اور ان پر سختی کر اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا

اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے اللہ کافروں کے لئے ایک مثال بیان کرتا ہے

امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ

نوح اور لوط کی بیوی کی وہ ہمارے دو نیک بندوں

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا

کے نکاح میں تھیں پھر ان دونوں نے ان کی خیانت کی سو وہ اللہ کے غضب سے بچانے

مِنَ اللّٰهِ شَيْــــًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝

میں انکے کچھ بھی کام نہ آئے اور کہا جائے گا دونوں دوزخ میں داخل ہونے والوں کے ساتھ داخل ہو جاؤ

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ

اور اللہ ایمان داروں کے لئے فرعون کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے

اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

جب اس نے کہا کہ اے میرے رب میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ

اور مجھے فرعون اور اس کے کام سے نجات دے اور مجھے ظالموں کی

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ

قوم سے نجات دے اور مریم عمران کی بیٹی (کی مثال بیان کرتا ہے) جس نے

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ

اپنی عصمت کو محفوظ رکھا پھر ہم نے اس میں اپنی طرف سے روح پھونکی اور اس نے اپنے

بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝ ع ٢ ٢٠

رب کی باتوں کو اور اس کی کتابوں کو سچ جانا اور وہ عبادت کرنے والوں میں سے تھی

### ربطِ آیات

(۹) جس جماعت میں رجوع الی اللہ کا صحیح جذبہ پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کی معاندین حق سے علیحدگی لازمی ہے۔ (۱۰) ظاہری نسبت دُنیا سے یہ دونوں ازواج انبیاء علیہم السلام کی نجات نہیں پا سکتیں اور دُوسرے معذبین کے ساتھ جہنم میں جائیں گی۔ (۱۱) فرعون کی بیوی کا بظاہر تعلق فرعون جیسے بد دماغ بے ایمان شوہر کے ساتھ ہے لیکن دل سے وہ اللہ تعالیٰ کی مخلص فرمانبردار لونڈی ہے تو وہ اپنے اعمال کے باعث جنت میں جائے گی۔ (۱۲) ایسی خدا پرست جماعت کی تمام ضروریات کا اللہ تعالیٰ کفیل ہے جس طرح مریم علیہا السلام کی ہر ضرورت با مراتبی پوری ہوتی رہی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ٣٠ (٦٧) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (٧٧) رکوعاتها ٢

آیتیں ۳۰ سورۃ ملک مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

وہ ذات بابرکت ہے جس کے ہاتھ میں سب حکومت ہے اور وہ ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرُۨ ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

قادر ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں

اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

کس کے کام اچھے ہیں اور وہ غالب بخشنے والا ہے جس نے سات آسمان

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ

اوپر تلے بنائے تو رحمٰن کی اس صنعت میں کوئی خلل نہ دیکھے گا

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

تو پھر نگاہ دوڑا کیا تجھے کوئی شگاف دکھائی دیتا ہے پھر دوبارہ نگاہ کر

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝٤ وَلَقَدْ

تیری طرف نگاہ ناکام لوٹ آئے گی اور وہ تھکی ہوئی ہوگی اور ہم

زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ

نے دنیا کے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا ہے اور ہم نے انہیں شیطانوں کو مارنے کیلئے آلہ بنایا ہے

وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝٥ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ

اور ہم نے ان کیلئے بھڑکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا ہے ان کیلئے جہنم

الجزء التاسع والعشرون ٢٩

## ربط آیات

### سورۃ الملک

موضوع سورۃ

مخالفین سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس نظام عالم کا بادشاہ مان کر فرمانبرداری کو ترجیح دو (۱) وہ ذات بابرکت ہے جس کے قبضہ میں بادشاہی ہے اور ہر چیز پر قادر ہے (۲) موت و حیات انسان کی آزمائش کیلئے

خلاصہ رکوع ۱

اللہ تعالیٰ اس سارے جہان کا بادشاہ ہے کیونکہ اسی نے بنایا ہے۔ جو اس بادشاہ سے بغاوت کرے گا جہنم میں جائے گا اور وہ جہنم ہے اور جو فرمانبرداری کریں گے وہ مغفرت اور اجر کبیر پائیں گے۔

ماخذ: آیت ۱، ۲، ۳، ۱۲، ۱۳، ۱۴

میں ہے (۳) اسی نے سات آسمان طبقے اوپر نیچے بنائے کوئی خلل نہیں (۴) اسی طرح تم غور کر کے دیکھو اس میں کوئی نقص نہیں دیکھو گے (۵) اور دنیا کے آسمان کو ستاروں سے سجایا اور انہیں شیطانوں کے لیے رجم بنایا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٦﴾ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا
کا عذاب ہے اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے جب اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کے شور کی آواز سنیں گے
وَهِيَ تَفُورُ ﴿٧﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ
اور وہ جوش مارتی ہوگی ایسا معلوم ہوگا کہ جوش کی وجہ سے ابھی پھٹ پڑے گی جب اس میں ایک گروہ ڈالا جائیگا
سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا
تو ان سے دوزخ کے داروغہ پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں بیشک ہمارے پاس
نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي
ڈرانے والا آیا تھا پر ہم نے جھٹلا دیا اور کہہ دیا کہ اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا تم خود بڑی گمراہی میں
ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ
پڑے ہوئے ہو اور کہیں گے کہ اگر ہم نے سنا یا سمجھا ہوتا تو ہم دوزخیوں میں
السَّعِيرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾ إِنَّ
نہ ہوتے پھر وہ اپنے گناہ کا اقرار کریں گے سو دوزخیوں پر پھٹکار ہے بیشک
الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ وَ
جو لوگ اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے اور
أَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٣﴾
تم اپنی بات کو چھپاؤ یا ظاہر کرو بیشک وہ سینوں کے بھید خوب جانتا ہے
أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿١٤﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ
بھلا وہ نہیں جانتا جس نے سب کو پیدا کیا اور وہ بڑا باریک بین خبردار ہے وہی تو ہے کہ جس نے تمہارے لئے
الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ
زمین کو نرم کر دیا سو تم اس کے رستوں میں چلو پھرو اور اللہ کے رزق میں سے کھاؤ اور اسی کے پاس
النُّشُورُ ﴿١٥﴾ أَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ
پھر کر جانا ہے کیا تم اس سے ڈرتے نہیں جو آسمان میں ہے کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے

ع ۱

## ربط آیات

(۶) بغاوت کرنے والوں کیلئے جہنم ہے (۷) جب اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی گرج کی سی آوازیں سنیں گے (۸) قریب ہوگی کہ غصہ سے پھٹ جائے۔ جب کوئی جماعت اس میں ڈالی جائے گی تو دربان دوزخ سے یہ کلام ہوگا۔ کیا تمہارے پاس نذیر نہیں آئے تھے (۹) یہ لوگ اپنی بے راہروی کو تسلیم کریں گے (۱۰) بدشامت اعمال کہ جہنم رسید ہونے کے سبب ان بس گے (۱۱) اپنے گناہوں کا اقرار کریں گے (۱۲) وفاداری کرنے والوں کی یہ جزائے خیر ہوگی (۱۳) تمہارے تمام حالات سے اللہ تعالیٰ پورا باخبر ہے (۱۴) جس ذات نے اس مشین انسانی کے پرزے بنائے ہیں کیا وہ اس کے افعال سے آگاہ نہیں ہو سکتا (۱۵) الخ

**خلاصہ رکوع ۲**

دوزخ و زمین و آسمان سے گرنا اور عذاب بھیجنے پر قادر ہے۔ منافقین لشکر اس کے لشکروں کے مقابلہ میں کام نہیں آسکتے۔

ماخذ: (۱) آیت ۱۴،۱۲ آیت ۱۵
(۲) آیت ۲۰ •

زمین کو تابع فرمان بنایا ہے •



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ﴿١٦﴾ أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ
پس یکایک وہ لرزنے لگے کیا تم اس سے نڈر ہو گئے ہو جو آسمان میں ہے کہ وہ تم پر پتھر
حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ﴿١٧﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ
برسا دے پھر تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور ان سے پہلے لوگ بھی
مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿١٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ
جھٹلا چکے ہیں پھر ہماری ناراضگی کا کیا نتیجہ ہوا اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کو
فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ
پر کھولتے اور سکیڑتے ہوئے نہیں دیکھا جنہیں رحمٰن کے سوا کوئی نہیں تھام رہا
إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ﴿١٩﴾ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ
بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا وہ تمہارا کونسا لشکر ہے
لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا
جو رحمٰن کے مقابلہ میں تمہاری مدد کرے گا کچھ نہیں کافر تو دھوکے
فِي غُرُورٍ ﴿٢٠﴾ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ
میں پڑے ہوئے ہیں بھلا وہ کون ہے جو تم کو روزی دے گا اگر وہ اپنی روزی
رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ﴿٢١﴾ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا
بند کر لے کچھ نہیں بلکہ وہ سرکشی اور نفرت میں اڑے بیٹھے ہیں پس کیا وہ شخص جو اپنے منہ کے
عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ
بل اوندھا چلتا ہے وہ زیادہ راہ راست پر ہے یا وہ جو سیدھے راستہ پر سیدھا چلا
مُّسْتَقِيمٍ ﴿٢٢﴾ قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ
جاتا ہے کہہ دو اسی نے تو تمہیں پیدا کیا ہے اور تمہارے لئے کان اور
وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ
آنکھ اور دل بھی بنائے ہیں مگر تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو کہہ دو اسی نے

### ربط آیات

(۱۶۔۱۷) کیا تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ان عذابوں سے امون و محفوظ ہو چکے ہو
وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل
(۱۸) پہلے لوگوں نے جب جھٹلایا تو دیکھو کیسی سزا پائی۔
(۱۹) زمین و آسمان کے علاوہ عالم جو کی تمام اشیاء بھی اسی کے تابع فرمان ہیں۔ جسے چاہے تم پر مسلط کر دے۔
(۲۰) کیا تمہارے بے لشکر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچا سکتے ہیں۔
(۲۱) اگر اللہ تعالیٰ تمہارا رزق بند کر دے تو بتلاؤ تمہیں کون رزق دے سکتا ہے
(۲۲) بتلاؤ کہ ایسے مالک سے تعلق درست کرنے والا بہتر یا بگاڑ پیدا کر کے اوندھا جانے والا بہتر ہے
(۲۳) اسی نے تمہیں بنایا اور کان آنکھیں اور دل عطا فرمائے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝٢٤

تمہیں زمین میں پھیلایا ہے اور اسی کے پاس جمع کر کے لائے جاؤ گے

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم

صَادِقِينَ ۝٢٥ قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا

سچے ہو کہہ دو اس کی خبر تو اللہ ہی کو ہے اور میں

أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝٢٦ فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ

تو صاف صاف ڈرانے والا ہوں پھر جب وہ اسے بالکل قریب دیکھیں گے تو ان کی

وُجُوهُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَقِيلَ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم

صورتیں بگڑ جائیں گی جو کافر ہیں اور کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جسے تم دنیا میں

بِهِ تَدَّعُونَ ۝٢٧ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَ

مانگا کرتے تھے کہہ دو بھلا دیکھو تو سہی اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھ والوں کو

مَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ

ہلاک کرے یا ہم پر رحم کرے پھر وہ کون ہے جو منکروں کو دردناک عذاب

عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝٢٨ قُلْ هُوَ الرَّحْمَٰنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ

سے بچا سکے کہہ دو وہی رحمان ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر ہم نے

تَوَكَّلْنَا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝٢٩

بھروسہ بھی کر رکھا ہے پس عنقریب تم جان لوگے کہ کون صریح گمراہی میں ہے

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن

کہہ دو بھلا دیکھو تو سہی اگر تمہارا پانی خشک ہو جائے تو وہ کون ہے

يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ ۝٣٠ ع

جو تمہارے پاس صاف پانی لے آئے گا

## ربط آیات

(۲۴) اسی نے تمہیں زمین میں بنایا اور دوبارہ اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے (۲۵) پوچھتے ہیں کہ یہ جمع ہونے والا واقعہ کب ہوگا۔ (۲۶) اس کے وقت کا علم فقط اللہ تعالیٰ ہی کو ہے (۲۷) جب عذاب الٰہی قریب دیکھیں گے تو ان کے منہ سیاہ ہو جائیں گے۔ اس وقت کہا جائے گا یہی وہ چیز ہے جو تم چاہتے تھے (۲۸) بجائے تمہیں ہمارا خیال چھوڑ کر اپنے بچاؤ کی کوئی صورت ضرور سوچ لینی چاہیئے (۲۹) ہمارا تو اس رحمان پر ایمان ہے اور اسی پر بھروسہ ہے تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون گمراہی میں تھا (۳۰) تم اس قدر محتاج ہو کہ اگر پانی خشک ہو جائے تو اس کے سوا تمہیں پانی کا گھونٹ کہیں سے نہ مل سکے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۵۲ سُورَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ۶۸ (۲) رکوعاتها

آیتیں ۵۲ سورت قلم مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲﴾

قلم کی قسم ہے اور اس کی جو اس سے لکھتے ہیں آپ اللہ کے فضل سے دیوانہ نہیں ہیں

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿۳﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾

اور آپ کے لئے تو بے شمار اجر ہے اور بیشک آپ تو بڑے ہی خوش خلق ہیں

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ﴿۵﴾ بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ

پس عنقریب آپ بھی دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے بیشک آپ کا رب ہی

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۷﴾

خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ سے بھٹکا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو بھی خوب جانتا ہے

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾

پس آپ جھٹلانے والوں کا کہنا نہ مانیں وہ تو چاہتے ہیں کہ کہیں آپ نرمی کریں تو وہ بھی نرمی کریں

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۢ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾

اور ہر قسمیں کھانے والے ذلیل کا کہا نہ مان جو طعنے دینے والا چغلی کھانے والا ہے

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾

نیکی سے روکنے والا حد سے بڑھا ہوا گنہگار ہے بڑا اجڈ اس کے بعد بد اصل بھی ہے

اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا

اس لئے کہ وہ مال اور اولاد والا ہے جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا

تو کہتا ہے پہلوں کی کہانیاں ہیں عنقریب ہم اس کی ناک پر داغ لگائیں گے بیشک ہم نے

## ربطِ آیات

### سورۃ القلم

(موضوعِ سورت)

اگر اس دین کو خودساختہ سمجھتے ہو تو تمہارے ہاتھ میں بھی قلم ہے ایسا قرآن لکھ کر لا دو۔

(۱-۲) قلم اور جو لکھتے ہیں یہ گواہ ہے کہ آپ مجنون نہیں ورنہ یہ بھی اس قسم کی کوئی سورت لکھ کر دکھائیں جب نہیں لا سکتے تو مسلم ہوا کہ یہ اعلیٰ درجہ

> **خلاصہ رکوع ۱**
>
> آپ پر بیہودہ الزامات لگائے ہیں۔ آپ کو اجر بے انتہا ملے گا آپ ان کی کوئی بات نہ مانیں یہ لوگ باغ والوں کی طرح بالآخر نقصان اٹھائیں گے
>
> ماخذ (۱) آیت ۲ (۲) آیت ۳ (۳) آیت ۸ (۴) آیت ۱۷

کی تعلیم ہے جس کے مقابلہ سے یہ عاجز ہیں (۳) آپ کو بے انتہا اجر ملے گا (۴) آپ خلقِ عظیم کے حامل ہیں (۵) عنقریب سب دیکھ لیں گے کہ کیا نتائج نکلتے ہیں (۶) کون مفتون اور مجنون ہے (۷) اللہ تعالیٰ گمراہوں اور ہدایت والوں کو خوب جانتا ہے (۸) آپ ان مکذبین کی پرواہ نہ کریں (۹) وہ تو آپ کو مداہن بنانا چاہتے ہیں۔ (۱۰ تا ۱۴) آپ اس قسم کے بداخلاقوں کی کوئی پرواہ نہ کریں۔ (۱۵) ہماری آیات کو وہ افسانے خیال کرتا ہے (۱۶) قریب ہے کہ اس کی ناک پر داغ دیں گے یعنی ذلیل کریں گے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا
ان کو آزمایا ہے جیسا کہ ہم نے باغ والوں کو آزمایا تھا جب انہوں نے قسم کھائی تھی کہ وہ ضرور صبح ہوتے
مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ
ہی اس کا پھل توڑ لیں گے اور انشاء اللہ بھی نہ کہا تھا پھر تو اس پر رات ہی میں آپ کے رب کی طرف سے
مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾
ایک جھونکا چل گیا در آنحالیکہ وہ سونے والے تھے پھر وہ کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہو گیا
فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ
پھر وہ صبح کو پکارنے لگے کہ اپنے کھیت پر سویرے چلو اگر
كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا
تم نے پھل توڑنا ہے پھر وہ آپس میں چپکے چپکے یہ کہتے ہوئے چلے کہ تمہارے
يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ
باغ میں آج کوئی محتاج نہ آنے پائے اور وہ سویرے ہی چل دیئے اسے پھل توڑنے کی قدرت
قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ
کا خیال کرکے چل پڑے پس جب انہوں نے اسے دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم تو راہ بھول گئے ہیں بلکہ ہم تو
مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾
بدنصیب ہیں پھر ان میں سے اچھے آدمی نے کہا کیا میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ تم کس لئے تسبیح نہیں کرتے
قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى
انہوں نے کہا ہمارا رب پاک ہے، بیشک ہم ظالم تھے پھر ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر
بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾
آپس میں ملامت کرنے لگے انہوں نے کہا ہائے افسوس بیشک ہم سرکش تھے
عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا
شاید ہمارا رب ہمارے لئے اس سے بہتر باغ بدل دے بیشک ہم اپنے رب کی طرف

## ربط آیات

(۱۷) ہم نے ان کفار کو باغ والوں کی طرح آزمایا ہے۔ جس طرح انہوں نے نقصان اٹھایا تھا اسی طرح یہ بھی اٹھائیں گے انہوں نے قسم کھائی تھی کہ باغ کا میوہ صبح ہونے سے پہلے کاٹ لیں گے (۱۸) اور مشیت الٰہی پر انہوں نے محمول نہیں کیا۔ (۱۹) ان کے سوتے ہی رات کے وقت عذاب الٰہی آیا (۲۰) اور باغ جل کر خاک سیاہ ہو گیا (۲۱) صبح سویرے انہوں نے ایک دوسرے کو بلایا (۲۲) اگر پھل چننا ہے تو جلدی چلو (۲۳) آپس میں آہستہ آہستہ گفتگو کرتے جا رہے تھے (۲۴) کہ آج کوئی مسکین نہ آنے پائے (۲۵) بخل کی نیت سے صبح سویرے گئے (۲۶) باغ کو دیکھ کر کہنے لگے کہ شاید ہم راستہ بھول گئے ہیں (۲۷) پھر سمجھ گئے کہ خدا تعالیٰ نے ہمیں باغ سے محروم کر دیا ہے (۲۸) ان میں سے جو سب سے بہتر تھا اس نے کہا میں نے پہلے ہی تم سے کہہ دیا تھا کہ انشاء اللہ کیوں نہیں کہتے (۲۹) انہوں نے اپنی غلطی کا اقرار کیا (۳۰) پھر ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے (۳۱) اپنی سرکشی کا اعلان کیا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۖ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ
رجوع کرنے والے ہیں۔ عذاب یونہی ہوا کرتا ہے اور البتہ آخرت کا عذاب تو کہیں بڑھ کر ہے

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ
کاش وہ جانتے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے ہاں

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾
نعمت کے باغ ہیں۔ پس کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں کی طرح کر دیں گے

مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾
تمہیں کیا ہو گیا کیسا فیصلہ کر رہے ہو۔ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو

اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ
کہ بیشک تمہیں آخرت میں ملے گا جو تم پسند کرتے ہو۔ کیا تمہارے لئے ہم نے قسمیں کھا لی ہیں جو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ
قیامت تک چلی جائیں گی کہ بیشک تمہیں وہی ملے گا جو تم حکم کرو گے۔ ان سے پوچھئے کون سا ان

بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ
میں اس بات کا ذمہ دار ہے۔ کیا ان کے معبود ہیں۔ پھر اپنے معبودوں کو لے آئیں

اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ
اگر وہ سچے ہیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائے گی اور وہ سجدہ کرنے

اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۴۲﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ
کو بلائے جائیں گے تو وہ نہ کر سکیں گے۔ ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَ
ان پر ذلت چھا رہی ہوگی اور وہ پہلے (دنیا میں) سجدہ کے لئے بلائے جاتے تھے حالانکہ

هُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ
وہ صحیح سالم ہوتے تھے۔ پس مجھے اور اس کلام کے جھٹلانے والوں کو چھوڑ دو

### رابطہ آیات

(۳۲) ہم اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں ممکن ہے کہ وہ اس سے بہتر باغ ہمیں عطا فرمائے (۳۳) عذاب اسی طرح آتا ہے اور آخرت کا عذاب اس سے بھی زیادہ سخت ہے (۳۴) متقین کی یہ جزائے خیر ہے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

اللہ کے ہاں موافق اور مخالف برابر نہیں ہو سکتے۔ قرآن پر ایمان لائے ہیں کیا مندرجہ ذیل رکاوٹیں انہیں پیش آ رہی ہیں۔

ماخذ (۱) ۳۴، ۳۵ (۲) ۳۶، ۳۷، ۳۹، ۴۰، ۴۱، ۴۲

(۳۵) کیا فرمانبردار اور نافرمان دونوں ہمارے ہاں برابر ہو سکتے ہیں (۳۶) کیسے غلط فیصلے کرتے ہو (۳۷، ۳۸) کیا تمہاری خواہشات کے مطابق کوئی نازل شدہ کتاب تمہارے پاس ہے (۳۹) یا اللہ تعالیٰ سے تم نے عہد و پیمان لے رکھا ہے کہ جو چاہو گے وہی ہوگا (۴۰) کون شخص اس کا کفیل ہے کہ ان کے ساتھ بھی اس جہان میں ایسے سلوک ہوں گے (۴۱) یا اس کے شریک اس حسن سلوک کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں وہ شریک کہاں گئے (۴۲) چونکہ دنیا میں انہوں نے سجدہ نہیں کیا اس لئے قیامت کے دن سجدے کے لئے کہا جائے گا تو نہیں کر سکیں گے (۴۳) ان کی آنکھیں شرم کے مارے نیچے جھک جائیں گی اور ذلت چھائی ہوگی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۴۴﴾ وَأُمْلِي لَهُمْ

ہم انہیں بتدریج جہنم کی طرف لے جائیں گے اس طور پر کہ انہیں خبر بھی نہیں ہوگی اور ہم انکو ڈھیل دیتے ہیں

إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ﴿۴۵﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ

بیشک ہماری تدبیر زبردست ہے کیا آپ ان سے کچھ اجرت مانگتے ہیں کہ جس کے تاوان کا ان پر

مُّثْقَلُونَ ﴿۴۶﴾ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿۴۷﴾ فَاصْبِرْ

بوجھ پڑ رہا ہے یا ان کے پاس غیب کی خبر ہے کہ وہ اسے لکھ لیتے ہیں پھر آپ

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ

اپنے رب کے حکم کا انتظار کریں اور مچھلی والے جیسے نہ ہو جائیں جبکہ اس نے اپنے رب کو پکارا اور وہ

مَكْظُومٌ ﴿۴۸﴾ لَّوْلَا أَن تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِّن رَّبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ

بہت ہی غمگین تھا اگر اس کے رب کی رحمت اسے سنبھال لیتی تو وہ برے حال سے چٹیل میدان میں

مَذْمُومٌ ﴿۴۹﴾ فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۵۰﴾ وَإِن

پھینکا جاتا پس اسے اس کے رب نے نوازا پھر اسے نیک بختوں میں کر دیا اور بالکل

يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ

قریب تھا کہ کافر آپ کو اپنی تیز نگاہوں سے پھسلا دیں جبکہ انہوں نے قرآن سنا

وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿۵۲﴾

اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے اور حالانکہ یہ قرآن تمام دنیا کے لئے صرف نصیحت ہے

## آیاتہا ۵۲ — سُورَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ (۷۸) — رکوعاتہا ۲

آیتیں ۵۲ سورۃ حاقہ مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَاقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ

قیامت قیامت کیا چیز ہے اور تمہیں کس چیز نے بتایا کہ قیامت کیا ہے ثمود اور

### ربط آیات

(۴۴) ان کو جو قرآن کو جھٹلاتے ہیں چھوڑ دیجئے (۴۵) میں انہیں کچھ مدت مہلت دوں گا میری تدبیر زبردست ہے (۴۶) کیا آپ ان سے مزدوری مانگتے ہیں اس لئے قرآن کو نہیں مانتے (۴۷) کیا یہ لوگ لوح محفوظ سے براہ راست لے لیتے ہیں (۴۸) آپ صبر کریں اور حضرت یونس علیہ السلام کی طرح عجلت نہ کریں (۴۹) اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اس کے شامل حال نہ ہوتا تو کہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا (۵۰) اللہ تعالیٰ نے ان پر فضل کیا اور انہیں چن لیا اور نیکوکاروں میں سے بنایا (۵۱) کفار آپ پر نظر لگانا چاہتے ہیں اور جب قرآن سنتے ہیں تو کہتے ہیں یہ مجنون ہے (۵۲) حالانکہ قرآن سارے جہان والوں کے لئے نصیحت بنا کر بھیجا گیا ہے۔

وقف لازم — ع ۲ / ۸

### سورۃ الحاقہ

(موضوع سورت)

جزائے اعمال دنیا اور آخرت دونوں جگہ ملتی ہے۔

(۱ تا ۳) تمہیں معلوم ہے کہ قیامت کیا چیز ہے۔

**خلاصہ رکوع ۱**

ثمود، عاد اور فرعون وغیرہ کو دنیا میں بھی سزا ملی اور آخرت میں بھی ملے گی۔

ماخذ: (۱ تا ۵، ۶ تا ۸، ۹ تا ۱۲، ۱۳ تا ۱۸، ۱۹ تا ۲۴، ۲۵ تا ۳۷۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ ۝۴ فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا

عاد نے قیامت کو جھٹلایا تھا سو ثمود تو سخت ہیبت ناک چیخ سے

بِالطَّاغِيَةِ ۝۵ وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝۶

ہلاک کئے گئے اور لیکن قوم عاد سو وہ ایک سخت آندھی سے ہلاک کئے گئے

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى

وہ ان پر سات راتیں اور آٹھ دن لگاتار چلتی رہی (اگر تو موجود ہوتا) اس قوم کو

الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝۷ فَهَلْ

اس طرح گرا ہوا دیکھتا کہ گویا گری ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں سو کیا

تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ ۝۸ وَجَاءَ فِرْعَوْنُ وَمَن قَبْلَهُ

تمہیں ان میں کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے اور فرعون اور اس سے پہلے کے لوگ

وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝۹ فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ

اور الٹی ہوئی بستیوں والے گناہ کے مرتکب ہوئے پس انہوں نے اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی

فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَّابِيَةً ۝۱۰ إِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي

تو اللہ نے انہیں سخت پکڑ لیا بیشک ہم نے جب پانی حد سے گزر گیا تھا تمہیں کشتی

الْجَارِيَةِ ۝۱۱ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ ۝۱۲

میں سوار کر لیا تھا تاکہ ہم اسے تمہارے لئے ایک یادگار بنائیں اور اس کو کان یاد رکھنے والے یاد رکھیں

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ ۝۱۳ وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ

پھر جب صور میں پھونکا جائے گا ایک بار پھونکا جانا اور زمین اور پہاڑ اٹھائے

وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً ۝۱۴ فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ

جائیں گے پس وہ دونوں ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے پس اس دن قیامت

الْوَاقِعَةُ ۝۱۵ وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ۝۱۶

ہوگی اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اس دن بودا ہوگا

### ربط آیات

۴ یہ دونوں قومیں قیامت کی منکر تھیں، اس لئے انہوں نے دنیا میں اپنے اعمال کی کوئی اصلاح نہیں کی تھی، اس لئے دنیا میں بھی شامت اعمال ان پر پڑی، اور آخرت میں بھی پڑے گی ۵ ثمود ایک سخت آواز سے ہلاک کئے گئے ۶ اور عاد سخت آندھی سے ہلاک کئے گئے ۷ جو سات رات اور آٹھ دن مسلسل چلتی رہی ۸ کیا ان کا کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے ۹ فرعون اور اس سے پہلے کی الٹی بستیوں والے سب کے سب خطا کرتے تھے ۱۰ ہر ایک نے اپنے اپنے رسول کی مخالفت کی تو سخت گرفت ان پر ہوئی ۱۱ طوفان نوح میں ہم نے تمہارے باپ دادا کو کشتی میں اٹھایا ۱۲ تاکہ یہ واقعہ تمہارے لئے عبرت ہو ۱۳ دنیا میں بھی کسی قسم کی سزائیں ہیں اور جب آئندہ نفخ کی صور ہوگا ۱۴ زمین اور پہاڑ کوٹ کے ٹکڑے کر دیئے جائیں گے ۱۵ وہ دن قیامت کا ہے ۱۶ آسمان پھٹ جائے گا اور کمزور ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآىِٕهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ

اور اس کے کناروں پر فرشتے ہونگے اور عرش الٰہی کو اپنے اوپر اس دن آٹھ فرشتے

يَوْمَىِٕذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝١٧ يَوْمَىِٕذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ

اٹھائیں گے اس دن تم پیش کئے جاؤ گے تمہارا کوئی راز مخفی نہ

خَافِيَةٌ ۝١٨ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَاۗؤُمُ

رہے گا جس کو اس کا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا سو وہ کہے گا لو

اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝١٩ اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝٢٠ فَهُوَ

میرا اعمال نامہ پڑھو بیشک میں سمجھتا تھا کہ میں اپنا حساب دیکھوں گا سو وہ

فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝٢١ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝٢٢ قُطُوْفُهَا

دل پسند عیش میں ہوگا بلند بہشت میں جس کے میوے جھکے

دَانِيَةٌ ۝٢٣ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْۗئًۢا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ

ہوں گے کھاؤ اور پیئو ان کاموں کے بدلے میں جو تم نے گزشتہ دنوں میں

الْخَالِيَةِ ۝٢٤ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ڏ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ

آگے بھیجے تھے اور جس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا گیا تو کہے گا اے کاش

لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝٢٥ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝٢٦ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ

میرا اعمال نامہ نہ ملتا اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے کاش وہ (موت) خاتمہ

الْقَاضِيَةَ ۝٢٧ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۝٢٨ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ۝٢٩

کرنے والی ہوتی میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا مجھ سے میری حکومت بھی جاتی رہی

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝٣٠ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝٣١ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ

اسے پکڑ لو اسے طوق پہنا دو پھر اسے دوزخ میں ڈال دو پھر ایک زنجیر میں

ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝٣٢ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ

جس کا طول ستر گز ہے اسے جکڑ دو بیشک وہ اللہ پر یقین نہیں رکھتا

## ربطِ آیات

(۱۷) اور فرشتے عظام اس کے کناروں پر ہوں گے اور تیرے رب کے عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اُٹھانے والے ہوں گے (۱۸) اس دن تمہارے اعمال سامنے لائے جائیں گے (۱۹) جسے اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں ملے گا وہ بلا کر دوسروں کو دکھائے گا۔ (۲۰) مجھے پہلے اس کا یقین تھا۔ (۲۱) وہ شخص بڑا خوش ہوگا (۲۲) اُونچے بہشتوں میں ہوگا (۲۳) جن کے میوے قریب ہوں گے (۲۴) یہ تمہارے دُنیا کے اعمال صالحہ کے نتائج ہیں۔ لہٰذا کھاؤ پیو (۲۵) جسے اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں ملے گا۔ کاش مجھے یہ نہ ملتا (۲۶) اور میں اپنا حساب کتاب نہ دیکھتا (۲۷) کاش کہ موت خاتمہ کرنے والی ہوتی۔ (۲۸) میرے مال نے بھی مجھے کوئی فائدہ نہ دیا (۲۹) میرا منصب وغیرہ سب خاک میں مل گیا (۳۰) اسے پکڑو اور ہاتھ گلے میں باندھ دو (۳۱) پھر اسے دوزخ میں ڈال دو (۳۲) ایک ستر ہاتھ لمبی زنجیر اس میں ڈال دو۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳۴﴾

تھا جو عظمت والا ہے اور نہ وہ مسکین کے کھانا کھلانے کی رغبت دیتا تھا

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ

سو آج اس کا یہاں کوئی دوست نہیں اور نہ کھانا ہے مگر زخموں کا

غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾ لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا

دھوون اسے سوائے گنہگاروں کے کوئی نہیں کھائے گا سو میں ان چیزوں کی قسم

تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۴۰﴾

کھاتا ہوں جو تم دیکھتے ہو اور ان کی جو تم نہیں دیکھتے کہ بیشک یہ (قرآن) رسول کریم کی زبان سے نکلا ہے

وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ؕ

اور وہ کسی شاعر کا قول نہیں، مگر تم بہت ہی کم یقین کرتے ہو اور نہ ہی کسی جادوگر کا قول ہے

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ

تم بہت ہی کم غور کرتے ہو وہ پروردگار عالم کا نازل کیا ہوا ہے اور اگر وہ کوئی

عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿۴۵﴾

بناوٹی بات ہمارے ذمہ لگاتا تو ہم اس کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ

پھر ہم اس کی رگِ گردن کاٹ ڈالتے پھر تم میں سے کوئی بھی اس سے روکنے

حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ

والا نہ ہوتا اور بیشک وہ تو پرہیزگاروں کے لئے ایک نصیحت ہے، اور بیشک ہم جانتے ہیں

اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾

کہ بعض تم میں سے جھٹلانے والے ہیں اور بیشک وہ کفار پر باعث حسرت ہے

وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾

اور بیشک وہ یقین کرنے کے قابل ہے۔ پس اپنے رب کے نام کی تسبیح کر جو بڑا عظمت والا ہے

## ربط آیات

(۳۳) یعنی اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ لانے کی ہے (۳۴) انفاق فی سبیل اللہ پر رغبت نہیں دلاتا تھا (۳۵) (۳۶) اور وہ زخموں کی پیپ کے سوا اور کوئی کھانا نہیں (۳۷) ایسے خطاکار ہی کھائیں گے (۳۸) (۳۹) عالم مشہود اور غائب دونوں گواہ ہیں کہ یہ قرآن معزز رسول لایا ہے یہ شاعر کا کلام نہیں (۴۲) (۴۳) نجومی کا کلام نہیں

ع ۵

**خلاصہ رکوع ۲**

یہ قرآن معزز رسول ہمیشہ علیہ السلام لایا ہے اور رب العالمین نے نازل فرمایا ہے۔ جتنے فائدے متقین اس سے اٹھاتے ہیں۔

ماخذ: ۱۱، ۳۰، ۴۲، ۴۳، ۴۷، ۴۸

۴۰، ۵

کلام ہے بلکہ تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو (۴۴) مخالفین کی طرف کے نازل شدہ ہے (۴۴ تا ۴۶) کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی طرف سے بناتے تو ہم انہیں سخت سزا دیتے۔ (۴۷) کوئی سے بچا سکتا ہو (۴۸) اور یہ قرآن متقین کے لئے نصیحت ہے (۴۹) اور ہمیں معلوم ہے کہ بعض تم میں سے اس کے جھٹلانے والے ہیں (۵۰) قیامت کے دن کافر حسرت کھائیں گے کہ ہم اس پر کیوں ایمان نہ لائے (۵۱) اور یہ قرآن واقعی منزل من اللہ ہے (۵۲) اپنے رب کے نام کی تسبیح پڑھا کرو۔

ع ۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## اٰیَاتُهَا (۴۴) سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ (۷۹) رُكُوْعَاتُهَا (۲) (۷۰)

آیتیں ۴۴ سورۃ معارج مکی ہے رکوع ۲

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۝۱ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۝۲

ایک سوال کرنے والے نے اس عذاب کا سوال کیا جو واقع ہونے والا ہے کافروں کے لئے کہ اس کا کوئی ٹالنے والا نہیں

مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝۳ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ

جو اللہ کی طرف سے واقع ہوگا جو سیڑھیوں کا (یعنی آسمانوں کا) مالک ہے جن سیڑھیوں سے فرشتے اور اہل ایمان کی روحیں اس کے

فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝۴ فَاصْبِرْ

پاس چڑھ کر جاتی ہیں (اور وہ عذاب) اس دن ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہے آپ اچھی طرح

صَبْرًا جَمِيْلًا ۝۵ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۝۶ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ۝۷

سے صبر کئے رہیں بیشک وہ اسے دُور دیکھتے ہیں اور ہم اسے قریب دیکھتے ہیں

يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۝۸ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝۹

جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہوگا اور پہاڑ دھنکی ہوئی رنگدار اون کی طرح ہوں گے

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۝۱۰ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ

اور کوئی دوست کسی دوست کو نہیں پوچھے گا۔ وہ انہیں دکھائے جائیں گے مجرم چاہے گا کہ کاش اس دن

مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۢ بِبَنِيْهِ ۝۱۱ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝۱۲ وَ

کے عذاب کے بدلے میں اپنے بیٹوں کو دے دے اور اپنی بیوی اور اپنے بھائی کو اور

فَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۝۱۳ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۝۱۴

اپنے اس کنبہ کو جو اسے پناہ دیتا تھا اور ان سب کو جو زمین میں ہیں پھر اپنے آپ کو بچا لے

كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۝۱۵ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝۱۶ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۝۱۷

ہرگز نہیں بیشک وہ تو ایک آگ ہے کھال کو اتارنے والی اس کو بلائے گی جس نے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا

## ربط آیات

سورۃ المعارج

(موضوع سورۃ)

(تشریح یوم المجازات)

(۱۔۲) جب کفار کو عذاب سنایا گیا تو پوچھتے ہیں کہ یہ عذاب کس شخص کو ہوگا۔ انہیں کہا وہ کفار

**خلاصہ رکوع ۱**
تشریح یوم المجازات اور مشتبہوں کے اوصاف حمیدہ۔
ماخذ (۱) آیت ۸ تا ۱۴۔ (۲) آیت ۲۲ تا ۳۴

کو ہوگا اور اسے کوئی ٹال نہیں سکے گا۔ (۳) اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے گا جو آسمانوں کا مالک ہے (۴) وہ دن قیامت کا گنتی کے لحاظ سے پچاس ہزار سال کا ہوگا (۵) آپ صبر کریں (۶۔۷) ان کے خیال میں وہ دن دور ہے اور ہمارے خیال میں قریب ہے (۸۔۹) اس دن آسمان اور پہاڑوں کی یہ کیفیت ہوگی۔ (۱۰ تا ۱۴) کوئی دوست کسی سے کوئی سوال نہیں کرے گا۔ حالانکہ ایک دوسرے کو دیکھیں گے مجرم اس دن سارے رشتہ دار اور زمین کے سارے رہنے والے دے کر بھی جان چھڑانے کی تمنا کرے گا (۱۵) وہ آگ شعلہ والی ہے۔ (۱۶) چمڑا اور کھال اتار دینے والی ہے (۱۷) حق سے اعراض کرنے والوں کو بلائے گی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿۱۸﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ﴿۱۹﴾ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

اور مال جمع کیا اور گن گن کر رکھا بیشک انسان کم ہمت پیدا ہوا ہے جب اسے تکلیف پہنچتی ہے

جَزُوْعًا ﴿۲۰﴾ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ﴿۲۱﴾ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ﴿۲۲﴾

تو چلا اٹھتا ہے اور جب اسے مال ملتا ہے تو بڑا بخیل ہے مگر وہ نمازی

الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ

جو اپنی نماز پر ہمیشہ قائم رہیں اور وہ جن کے مالوں میں

حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ﴿۲۴﴾ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۲۵﴾ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ

حصہ معین ہے سائل اور غیر سائل کے لئے اور وہ جو قیامت کے دن کا

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

یقین رکھتے ہیں اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿۲۸﴾ وَّالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۲۹﴾

بیشک ان کے رب کے عذاب کا خطرہ لگا ہوا ہے اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں

اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۰﴾

مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں سے سو بے شک انہیں کوئی ملامت نہیں

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَالَّذِيْنَ

پس جو کوئی اس کے سوا چاہے سو وہی لوگ حد سے بڑھنے والے ہیں اور وہ جو

هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ

اپنی امانتوں اور عہدوں کی رعایت رکھتے ہیں اور وہ جو اپنی گواہیوں پر

قَآئِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۳۴﴾

قائم رہتے ہیں اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ ع

وہی لوگ باغوں میں عزت سے رہیں گے پس کافروں کو کیا ہوگیا کہ آپ کی طرف

**ربط آیات**

(۱۸) جس نے مال جمع کیا اور راہِ حق میں خرچ نہیں کیا (۱۹) انسان کی طبیعت کا بیان (۲۰) جب مصیبت آئے تو چیخ پکار کرنے والا (۲۱) اور مال حاصل ہو تو خرچ نہیں کرتا۔ (۲۲ تا ۳۵) وارثین جنت اور عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے والوں کے بیان اوصاف ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُهْطِعِيْنَ ۝۳۶ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۝۳۷ اَيَطْمَعُ

دوڑے آرہے ہیں دائیں اور بائیں سے ٹولیاں بنا کر کیا ہر ایک

كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ۝۳۸ كَلَّا ۭ اِنَّا

ان میں سے طمع رکھتا ہے کہ وہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جاویگا ہرگز نہیں بیشک ہم نے

خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۳۹ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَ

انہیں اس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ بھی جانتے ہیں پس میں مشرقوں اور مغربوں کے پروردگار کی قسم کھاتا

الْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۝۴۰ عَلٰٓي اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا

ہوں (یعنی اپنی ذات کی) کہ ہم ضرور قادر ہیں اس بات پر کہ ہم ان سے بہتر لوگ بدل کر لاسکتے ہیں اور ہم

نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝۴۱ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا

عاجز بھی نہیں ہیں پھر انہیں چھوڑ دو کہ وہ بیہودہ باتوں اور کھیل میں لگے رہیں یہاں تک کہ وہ

يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝۴۲ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ

دن دیکھ لیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے جس دن وہ دوڑتے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ۝۴۳ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

گویا کہ وہ ایک نشان کی طرف دوڑے چلے جارہے ہیں ان کی نگاہیں جھکی ہوں گی

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝۴۴ ع ۲

ان پر ذلت چھارہی ہوگی یہی وہ دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا

اٰیاتُھا (۲۸) سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ (۷۱) رُكوعاتُھا (۲)

آیتیں ۲۸ سورۃ نوح مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ

بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تھا کہ اپنی قوم کو ڈرا اس سے پہلے کہ

**ربط آیات**

(۳۶ - ۳۷) یہ کفار آپ کے دائیں بائیں کیوں پھرتے ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۲**
منکرین قیامت کو اپنے خوض و لعب میں چھوڑ دیں۔ قیامت میں ہر کر سب کچھ خود دیکھ لیں گے۔
ماخذ آیت ۴۲ تا ۴۴ ۔

(۳۸) کیا ان کا یہ خیال ہے۔
(۳۹) جس چیز سے ہم نے انہیں پیدا کیا ہے انہیں منی سے ہے جانتے تو ہیں۔ جنت اور قرب الٰہی کے مدارج یا الٰہی سے ملتے ہیں۔ اس کے یہ منکر ہیں۔
(۴۰ - ۴۱) مشارق و مغلب کا رب انہیں تباہ کرکے دوسرے لوگ ان سے بہتر پیدا کرسکتا ہے۔
(۴۲) انہیں قیامت تک مہلت دی جاتی ہے (۴۳) جس دن قبروں سے نکل کر آئیں گے۔
(۴۴) ان کی نگاہیں ندامت کے اسے نیچی ہوں گی۔ ذلت ان پر چھائی ہوئی ہوگی۔

**سورۂ نوح**
موضوع سورۃ
طریقۂ تبلیغ انبیاء علیہم السلام



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١﴾ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ

ان پر دردناک عذاب آپڑے اس نے کہا اے میری قوم بیشک میں تمہارے لئے

مُبِينٌ ﴿٢﴾ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ ﴿٣﴾ يَغْفِرْ

کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہا مانو وہ تمہارے لئے

لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ إِنَّ أَجَلَ

تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایک وقت مقرر تک مہلت دیگا بیشک اللہ کا وقت ٹھہرایا

اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ ۖ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٤﴾ قَالَ رَبِّ

ہوا ہے جب آجائے گا تو اس میں تاخیر نہ ہوگی کاش تم جانتے کہا اے میرے رب

إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلًا وَنَهَارًا ﴿٥﴾ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَائِي

میں نے اپنی قوم کو رات اور دن بلایا پھر وہ میرے بلانے سے اور بھی زیادہ

إِلَّا فِرَارًا ﴿٦﴾ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا

بھاگتے رہے اور بیشک جب کبھی میں نے انہیں بلایا تاکہ تو انہیں معاف کردے تو انہوں نے

أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا

اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں رکھ لیں اور انہوں نے اپنے کپڑے اوڑھ لئے اور ضد کی

وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿٧﴾ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿٨﴾

اور بہت بڑا تکبر کیا پھر میں نے انہیں کھلم کھلا بھی بلایا

ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنْتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ﴿٩﴾ فَقُلْتُ

پھر میں نے انہیں علانیہ بھی کہا اور مخفی طور پر بھی کہا پس میں نے کہا

اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ﴿١٠﴾ يُرْسِلِ السَّمَاءَ

اپنے رب سے بخشش مانگو بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے وہ آسمان سے تم پر موسلا دھار

عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ﴿١١﴾ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ

مینہ برسائے گا اور مال اور اولاد سے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لئے

خلاصہ رکوع ۱

مقصد تبلیغ، مشغولِ تبلیغ در روز و شب۔ قبولیتِ احکام پر نتائج حسنہ کا ترتب۔

ماخذ (۱) آیت ۲-۳ (۲) آیت ۴ (۳) آیت ۱۰ تا ۱۲

### ربط آیات

(۱) نوح علیہ السلام اپنی قوم کی طرف بھیجے گئے (۲-۳) انہوں نے آکر یہ پیغام پہنچایا۔ (۴) اگر میری اطاعت کروگے تو یہ نتیجہ نکلے گا (۵-۶) نوح علیہ السلام نے بارگاہِ الٰہی میں شکایت کی (۷) میری دعوت پر یہ شرارت کرتے ہیں (۸-۹) میں نے انہیں جلوت و خلوت میں ہر طرح سے سمجھایا ہے (۱۰) میں نے کہا ہے کہ خدا تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگو تو آئندہ نعمتیں نصیب ہو سکتی ہیں اور موجودہ مصیبتیں ٹل سکتی ہیں۔ (۱۱-۱۲) یہ نعمتیں نصیب ہو سکتی ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ؕ ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ
باغ بنا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بنا دے گا تمہیں کیا ہو گیا تم اللہ کی عظمت کا خیال
وَقَارًا ۚ ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ
نہیں رکھتے حالانکہ اس نے تمہیں کئی طرح سے بنایا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے سات آسمان
اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۙ ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا
اُوپر تلے (کیسے) بنائے ہیں اور ان میں چاند کو چمکتا ہوا بنایا
وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
اور آفتاب کو چراغ بنا دیا اور اللہ ہی نے تمہیں زمین سے ایک خاص طور پر
نَبَاتًا ۙ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ
پیدا کیا پھر وہ تمہیں اسی میں لوٹائے گا اور اسی میں سے (پھر) باہر نکالے گا اور اللہ ہی
جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۙ ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا
نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا ہے تاکہ تم اس کے کھلے راستوں
فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ
میں چلو نوح نے کہا اے میرے رب بیشک انہوں نے میرا کہنا نہ مانا اور ایسے کو مانا جس کو اس
يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ۚ ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۚ ﴿۲۲﴾ وَ
کے مال اور اولاد نے نقصان کے سوا کچھ بھی فائدہ نہیں دیا اور انہوں نے بڑی زبردست چال چلی اور
قَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّ
کہا تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑو اور نہ ود اور سواع
لَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۚ ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَ
اور یغوث اور یعوق اور نسر کو چھوڑو اور انہوں نے بہتوں کو گمراہ کر دیا اور
لَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓئٰتِهِمْ اُغْرِقُوْا
(اب آپ) ان ظالموں کی گمراہی اور بڑھا دیجئے وہ اپنے گناہوں کے سبب غرق کر دیئے گئے

ع ۱ / ۹

## ربط آیات

۱۲، پچھلے صفحہ پر۔ ۱۳، تم اللہ تعالیٰ کی عظمت کا خیال کیوں نہیں کرتے؟ ۱۴، اسی نے تو مختلف درجے طے کرا کر تمہیں انسان بنایا ہے۔ (۱۵۔۱۶) کیا خدا تعالیٰ کی قدرت کے یہ کرشمے ان کے مشاہدہ میں نہیں آتے؟ ۱۷۔ ۱۸، خدا تعالیٰ نے تمہیں زمین سے نباتات کی طرح اگایا ہے پھر اسی میں لوٹائے گا اور دوبارہ اسی سے نکالے گا۔ ۱۹۔۲۰، خدا تعالیٰ نے زمین کو بچھایا تاکہ اس کے کشادہ راستوں میں چلو۔ (۲۱، ۲۲) نوح علیہ السلام نے شکایت کی کہ اے اللہ میرے مقابلہ میں ان کا فیصلہ حتمی ہو چکا ہے ۲۳، ۲۴، انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا۔

**خلاصہ رکوع ۲**

مخاطبین گروہ ہی اللہ کے اخلاص کی قدر کریں تو چاہئیں مظلوم کے دل کی آہ بھی تو پہنچ رہی ہے۔

ماخذ آیت ۲۵-۲۶ د



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
پھر دوزخ میں داخل کئے گئے پس انہوں نے اپنے لئے سوائے اللہ کے کوئی مددگار
اَنْصَارًا ۝٢٥ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ
نہ پایا اور نوح نے کہا اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے
مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝٢٦ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا
کوئی رہنے والا نہ چھوڑ اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو تیرے بندوں کو گمراہ
عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝٢٧ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ
کر دیں گے اور نسل بھی جو ہوگی تو فاجر اور کافر ہی ہوگی اے میرے رب مجھے اور
وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ
میرے ماں باپ کو بخش دے اور اس کو جو میرے گھر میں ایماندار ہو کر داخل ہو جائے اور ایماندار مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝٢٨ ع
اور عورتوں کو اور ظالموں کو تو بربادی کے سوا اور کچھ زیادہ نہ کر

اٰيَاتُهَا ٢٨ | سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ (٤٠) | رُكُوْعَاتُهَا ٢

آیتیں ٢٨ سورۃ جن مکی ہے رکوع ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا
کہہ دو کہ مجھے اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے قرآن پڑھتے سنا تو کہنے لگے (پھر اپنی قوم کو جا کر کہا) کہ ہم نے
سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝١ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ
عجیب قرآن سنا ہے جو نیکی کی طرف راہنمائی کرتا ہے سو ہم اس پر ایمان لے آئے
وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝٢ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا
اور ہم اپنے رب کا کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے اور ہمارے رب کی شان بلند ہے



## ربط آیات

(٢٥) مخالفت توحید کے باعث غرق کئے گئے (٢٦) نوح علیہ السلام نے ان کے حق میں یہ بددعا کی (٢٧) اگر تو نے انہیں چھوڑا تو ان کی نسل میں سے جو پیدا ہوگا وہ کافر ہی ہوگا۔ (٢٨) اے اللہ مجھے اور میرے والدین کو اور جو میرے گھر میں داخل ہو جائے سب کی مغفرت فرما۔

سورۃ الجن

موضوع سورۃ

جس طرح فطرت سلیمہ والے انسان قرآن کے آب حیات کے پیاسے تشنہ لب ہیں، اسی طرح سے جن بھی قرآن کریم کے لئے چشم براہ ہیں۔

(١) جنوں کا قرآن سننا بذریعہ وحی بتلایا گیا ہے اور وہ سن کر فوراً متاثر ہو گئے لیکن انہوں نے فوراً قرآن حکیم کے متعلق یہ نتیجہ ظاہر کر دیا ہے کہ یہ بہت ہی عجیب چیز ہے (٢، ٣، ٤) یہ ساری قرآن سننے والے جنوں کی تقریر ہے جس طرح ریت پانی کو پی جاتی ہے فوراً گرتے ہی جذب ہو جاتا ہے اسی طرح فطرت سلیمہ کے جن بھی قرآن حکیم کو سنتے ہی فوراً ہدایت پا گئے ہیں۔ جنوں کے خیالات کی زبردست تبدیلی ایک دفعہ قرآن حکیم سننے کا ہی معجزہ ہے

**خلاصہ رکوع ١**
جنوں کا قرآن سن کر فوراً متاثر ہونا اور اپنی قوم کو جا کر تبلیغ کرنا۔
ماخذ (١) آیت ١
(٢) آیت ٢، ٣، ٤

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ
نہ اس کی کوئی بیوی ہے اور نہ بیٹا اور ہم میں سے بعض بیوقوف ہیں جو
سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ
اللہ پر جھوٹی باتیں بنایا کرتے تھے اور ہمیں خیال تھا کہ انسان اور جن اللہ
الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۵﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ
پر ہرگز جھوٹ نہ بولیں گے اور کچھ آدمی جنوں کے
مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ
مردوں سے پناہ لیا کرتے تھے سو انہوں نے ان کی سرکشی
رَهَقًا ﴿۶﴾ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ
اور بڑھا دی اور وہ بھی سمجھے ہوئے تھے جیسا کہ تم نے سمجھ رکھا ہے کہ اللہ ہرگز کسی کو رسول بنا کر
اَحَدًا ﴿۷﴾ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ
نہ بھیجے گا اور ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو ہم نے اسے سخت پہروں اور
حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ﴿۸﴾ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا
شعلوں سے بھرا ہوا پایا اور ہم اس کے ٹھکانوں میں سننے کے
مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا
لئے بیٹھا کرتے تھے پس جو کوئی اب کان دھرتا ہے تو وہ اپنے لئے ایک انگارہ تاک لگانے
رَّصَدًا ﴿۹﴾ وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ
ہوئے پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ زمین والوں کے ساتھ نقصان کا ارادہ کیا گیا ہے
اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ
یا ان کی نسبت انکے رب نے راہ راست پر لانے کا ارادہ کیا ہے اور کچھ تو ہم میں سے نیک ہیں
وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ
اور کچھ اور طرح کے ہم بھی مختلف طریقوں پر تھے اور بیشک ہم نے سمجھ لیا ہے

ربط آیات
(۳ تا ۱۱ صفحہ ۹۱۳ پر)



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَنْ لَنْ نُعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَنْ نُعْجِزَهُ هَرَبًا ﴿١٢﴾

کہ ہم اللہ کو زمین میں کبھی عاجز نہ کر سکیں گے اور نہ ہی ہم بھاگ کر عاجز کر سکیں گے

وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَنْ يُؤْمِنْ بِرَبِّهِ

اور جب ہم نے ہدایت کی بات سنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے پھر جو اپنے رب پر ایمان لے آیا

فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَلَا رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ

تو نہ اسے نقصان کا ڈر رہے گا اور نہ ظلم کا اور کچھ تو ہم میں سے فرمانبردار ہیں

وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾

اور کچھ نافرمان پس جو کوئی فرمانبردار ہو گیا سو ایسے لوگوں نے سیدھا رستہ تلاش کر لیا

وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿١٥﴾ وَأَنْ

اور لیکن جو ظالم ہیں سو وہ دوزخ کا ایندھن ہوں گے اور اگر (کفار یہ لوگ)

لَوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُمْ مَاءً غَدَقًا ﴿١٦﴾

سیدھے راستہ پر قائم رہتے تو ہم ان کو بافراط پانی سے سیراب کرتے

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَنْ يُعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ

تاکہ اس (فراخی) میں ان کا امتحان کریں اور جس نے اپنے رب کی یاد سے منہ موڑا تو وہ اسے سخت

عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا

عذاب میں ڈالے گا اور بے شک مسجدیں اللہ کے لئے ہیں پس تم اللہ کے

مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ﴿١٨﴾ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ

ساتھ کسی کو نہ پکارو اور جب اللہ کا بندہ (نبی) اس کو پکارنے کھڑا ہوتا ہے

كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو

تو لوگ اس پر جمگھٹا کرنے لگتے ہیں کہہ دو میں تو اپنے رب ہی کو

رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا ﴿٢٠﴾ قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ

پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا کہہ دو میں نہ تمہارے کسی ضرر کا اختیار

ع ۱۱

### ربط آیات

(۱۲ تا ۱۴) صفحہ ۳۰ پر
(۱۵) کافر جہنم کا ایندھن ہوں گے
(۱۶) اگر یہ کفار ثابت قدمی اصلاح کر لیں تو ہم انہیں رزق کشادہ فرمائیں (۱۷) اور مگر رزق سے کر انہیں آزمائیں (۱۸) مساجد فقط کلمۂ توحید بلند کرنے کے لئے بنائی گئی ہیں نہ کہ اشاعت شرک کے لئے (۱۹) اور جب بندۂ خدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے لگا یعنی قرآن پڑھنے لگا تو جنوں نے بہت زیادہ ہجوم کیا۔ تاکہ قرآن حکیم کو سن سکیں (۲۰) پیر مقصد دعوت الی اللہ اور توحید شرک
بے ۰

**خلاصہ رکوع ۲**
مقصد تبلیغ دعوت الی اللہ ہے۔
انبیاء علیہم السلام کسی کے نفع نقصان کے مالک نہیں ہوتے ان کا کام تبلیغ احکام الٰہی ہے۔
ماخذ (۱) آیت ۲۰، ۲۱، آیت ۲۲، ۲۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿٢١﴾ قُلْ اِنِّىْ لَنْ يُّجِيْرَنِىْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ

رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا کہہ دو مجھے اللہ سے کوئی نہیں بچا سکے گا

وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٢﴾ اِلَّا بَلٰغًا

اور نہ مجھے اس کے سوا پناہ ملے گی مگر اللہ کا پیغام

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور اس کا حکم پہنچانا ہے اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا

فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿٢٣﴾ حَتّٰٓى

تو اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ سدا رہے گا یہاں تک کہ

اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ

جب وہ (عذاب) دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو وہ جان لیں گے کہ کس کے مددگار

نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿٢٤﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ

کمزور اور شمار میں کم ہیں کہہ دو مجھے خبر نہیں جس کا تم سے وعدہ کیا

مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿٢٥﴾ عٰلِمُ

گیا ہے وہ قریب ہے یا اس کے لئے میرا رب کوئی مدت ٹھہراتا ہے وہ غیب

الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰي غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ اِلَّا مَنِ

جاننے والا ہے اپنے غائب کی باتوں پر کسی کو واقف نہیں کرتا مگر اپنے

ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ

پسندیدہ رسول کو پھر اس کے آگے اور پیچھے محافظ

وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ

مقرر کر دیتا ہے تاکہ وہ بظاہر جان لے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیغامات

رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿٢٨﴾ ع ۲ ۱۲

پہنچا دیئے اور اللہ نے تمام کاموں کو اپنے قبضہ میں کر رکھا ہے اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے

## ربط آیات

(۲۱) میں تمہارے نفع یا نقصان کا مالک نہیں (۲۲) اگر بخدا نخواستہ مجھ پر بھی گرفت ہو تو مجھے اللہ تعالیٰ سے کوئی بچا نہیں سکتا (۲۳) میرا کام تبلیغ احکام الٰہی ہے (۲۴) ان منکرین قیامت کو اس دن خود ہی پتہ لگ جائے گا کہ کون شخص مددگاروں اور گنتی کے لحاظ سے کمزور ہے (۲۵) مجھے تمہارے عذاب کے متعلق کوئی علم نہیں (۲۶-۲۷) ان حالات کا جاننے والا فقط اللہ تعالیٰ ہے وہ کسی کو حالات مخفیہ پر مطلع نہیں فرماتا۔ الا انبیاء علیہم السلام کو جو چاہے بتلائے۔ پھر اس وقت بھی جب انبیاء علیہم السلام کی طرف وحی فرماتا ہے تو ملائکہ محافظ بھیجتا ہے تاکہ شیاطین چوری نہ کرنے پائیں (۲۸) تاکہ اللہ تعالیٰ ظاہر کر دے کہ انبیاء علیہم السلام نے احکام الٰہی کی تبلیغ کر دی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ

ایاتہا ۲۰ ۷۳ رکوعاتہا ۲

آیتیں ۲۰ سورۃ مزمل مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝۱ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲ نِّصْفَهٗٓ اَوِ

اے چادر اوڑھنے والے رات کو قیام کر مگر تھوڑا سا حصہ آدھی رات یا

انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝۳ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

اس میں سے تھوڑا سا حصہ کم کر دے یا اس پر زیادہ کر دو اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر

تَرْتِيْلًا ۝۴ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝۵ اِنَّ

پڑھا کرو ہم عنقریب آپ پر ایک بھاری بات (کا بوجھ) ڈالنے والے ہیں بیشک

نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝۶ اِنَّ لَكَ

رات کا اٹھنا نفس کو خوب زیر کرتا ہے اور بات بھی صحیح نکلتی ہے بیشک دن

فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝۷ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

میں آپ کے لئے بڑا کام ہے اور اپنے رب کا نام لیا کرو اور سب سے الگ

اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝۸ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

ہو کر اسی کی طرف آ جاؤ وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اس کے سوا اور کوئی معبود

هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝۹ وَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ

نہیں پس اسی کو کارساز بنا لو اور کافروں کی باتوں پر صبر کرو اور انہیں

هَجْرًا جَمِيْلًا ۝۱۰ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ

عمدگی سے چھوڑ دو اور مجھے اور جھٹلانے والے دولتمندوں کو چھوڑ دو

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝۱۱ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝۱۲

اور انہیں تھوڑی سی مدت مہلت دو بیشک ہمارے پاس بیڑیاں اور جہنم ہے

### ربط آیات

**سورۃ المزمل**

موضوع سورت

(دستور العمل مبلغ)

(۱ تا ۴) اے کپڑوں میں لپٹنے والے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) رات کا اتنا حصہ کہ نصف سے کم یا زیادہ قرآن پڑھا کرو (۵) ہم آپ پر ایک

**خلاصہ رکوع ۱**

قبل از تبلیغ مبلغ کی تیاری۔ تقسیم اوقات مبلغ۔ مبلغ کا تعلق باللہ۔ تبلیغ کے بعد مخالفین کی بربادی۔

ماخذ: آیت ۲ تا ۴ (۲)

آیت ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲

ثقیل (بھاری) کلام (قرآن) نازل کرنے والے ہیں (۶) رات کو قرآن پڑھنے میں یہ فوائد ہیں (۷) دن میں آپ کو بہت زیادہ مصروفیت ہے (یعنی تبلیغ کا کام) جو پورا کرنا پڑتا ہے (۸) اپنے رب کا نام لو اور سب سے منقطع ہو کر اسی کے ہو جاؤ (۹) مشرق اور مغرب کا وہی رب ہے۔ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ اسی کو اپنا کارساز بنا۔ (۱۰) مخالفین حق جو کچھ کہتے ہیں وہ صبر سے برداشت کرو (۱۱) اور مکذبین قرآن کو میرے سپرد کر دو (۱۲) ہمارے ہاں ان کے لئے یہ سزا تیار ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ

اور گلے میں اٹکنے والا کھانا اور دردناک عذاب جس دن زمین اور

الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا ﴿١٤﴾

پہاڑ لرزیں گے اور پہاڑ ریگِ رواں کے تودے ہو جائیں گے

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا

ہم نے تمہاری طرف تم پر گواہی دینے والا ایک رسول اس طرح سے بھیجا ہے کہ جس طرح فرعون کی

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ﴿١٥﴾ فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ

طرف ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کی نافرمانی کی

فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ

تو ہم نے اسے سخت پکڑ سے پکڑ لیا پھر تم کس طرح بچو گے اگر تم نے بھی انکار کیا

يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ﴿١٧﴾ السَّمَاءُ مُنفَطِرٌ بِهِ

اس دن جو لڑکوں کو بوڑھا کر دے گا اس دن آسمان پھٹ جائے گا

كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ﴿١٨﴾ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ

اس کا وعدہ ہو کر رہے گا بیشک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے پھر جو چاہے

اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿١٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ ع ۱۹ ۱۳

اپنے رب کی طرف آنے کا راستہ بنا لے بیشک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ اور جو لوگ

أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ

آپ کے ساتھ ہیں (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور کبھی آدھی رات اور کبھی تہائی رات سے

الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن

(نماز تہجد میں) کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ ہی رات اور دن کا اندازہ کرتا ہے اُسے معلوم ہے کہ تم اس کو

تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ

نباہ نہیں سکتے سو اس نے تم پر رحم کیا پس پڑھو جتنا قرآن میں سے آسان ہو

### ربط آیات

(۱۳) پچھلے صفحہ پر۔ (۱۴) یہ سزائیں قیامت کے دن ملے گی (۱۵) ہم نے تمہاری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح بھیجا ہے جس طرح فرعون کے ہاں رسول (موسیٰ علیہ السلام) بھیجا تھا (۱۶) فرعون نے انکار کیا اور ہم نے اس پر سخت گرفت کی (۱۷۔۱۸) اگر قرآن کریم پر ایمان نہیں لائے تو اس دن کے بچاؤ کی تم نے کونسی تدبیر کر رکھی ہے (۱۹) یہ قرآن فرائض و حقوق انسانی کے لئے نصیحت ہے جس کا جی چاہے اپنے رب کی طرف اس کے ذریعے سے راہ پائے۔

**خلاصہ رکوع ۲**

چونکہ آپ کی امت کا واسطہ زیادہ وسیع ہونے والا تھا اس لئے عبادت میں تخفیف کر دی گئی۔

ماخذ آیت ۲۰۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَ اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى

اسے علم ہے کہ تم میں سے کچھ بیمار ہوں گے اور کچھ اور لوگ بھی جو اللہ کا فضل تلاش

الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَ اٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ

کرتے ہوئے زمین پر سفر کریں گے اور کچھ اور لوگ ہونگے جو اللہ کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ

جہاد کریں گے پس پڑھو جو اس میں سے آسان ہو اور نماز قائم کرو اور

اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا

زکوٰۃ دو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص سے) قرض دو اور جو کچھ نیکی

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ

آگے بھیجو گے اپنے واسطے تو اس کو اللہ کے ہاں بہتر اور بڑے اجر کی

اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

چیز پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو بیشک اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

## اٰیاتہا (۵۶) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ (۷۴) رکوعاتہا (۲)

آیتیں ۵۶ سورۂ مدثر مکی ہے رکوع ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿۲﴾ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿۳﴾ وَ ثِيَابَكَ

اے کپڑے میں لپٹنے والے اٹھو پھر کافروں کو ڈراؤ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو اور اپنے کپڑے

فَطَهِّرْ ﴿۴﴾ وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾ وَ لَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾ وَ

پاک رکھو اور میل کچیل دور کرو اور بدلہ پانے کی غرض سے احسان نہ کرو اور

لِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ﴿۷﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِى النَّاقُوْرِ ﴿۸﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ

اپنے رب کے لئے صبر کرو پھر جب صور میں پھونکا جائے گا پس وہ اس دن بڑا کٹھن

### ربط آیات

(۲۰) چونکہ آپ کی اُمت کا دائرہ وسیع ہونے والا ہے اور ساری اُمت اتنی رات تک عبادت نہیں کرسکے گی اس لئے تخفیف کردی گئی ہے۔

### سُورۃ المدثر

موضوع سُورت

آپ خلق اللہ میں تبلیغ حق فرمائیں اور مخالفین کی بربادی ہمارے سپرد کردیں (یہ مضمون سورۃ مزمل اور مدثر میں مشترک ہے)

(۱ ۲۰) اے چادر لپیٹنے والے اٹھ۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو ڈرا (۳) اپنے رب کی بڑائی بیان کر (۴) اور کپڑے پاک رکھ۔ (۵) اور پلیدی سے بچ (۶) اس خیال سے کسی پر احسان نہ کر (۷) اور لوگوں کے ایذا پر صبر کر (۸ تا ۱۰) قیامت کا دن کفار پر بڑا سخت ہوگا۔

۲ ع ۱ ۱۴

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) آپ تبلیغ حق فرمائیں (۲) اور مخالفین کو میرے سپرد کردیں۔

ماخذ ۱ آیت ۱۲۲ آیت۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ ﴿۹﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ

دن ہوگا کافروں پر وہ آسان نہ ہوگا مجھے اور اس کو چھوڑ دو کہ جس

خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۙ ﴿۱۱﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۙ ﴿۱۲﴾ وَّبَنِيْنَ

کو میں نے اکیلا پیدا کیا اور اس کو بڑھنے والا مال دیا اور حاضر رہنے

شُهُوْدًا ۙ ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۙ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۙ ﴿۱۵﴾

والے بیٹے دیئے اور اس کے لئے ہر طرح کا سامان تیار کر دیا پھر وہ طمع کرتا ہے کہ میں اور بڑھا دوں

كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۭ ﴿۱۶﴾ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾

ہرگز نہیں بیشک وہ ہماری آیات کا سخت مخالف ہے عنقریب میں اسے اونچی گھاٹی پر چڑھاؤں گا

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۙ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۙ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۙ ﴿۲۰﴾

بیشک اس نے سوچا اور اندازہ لگایا پھر اسے اللہ کی مار اس نے کیسا اندازہ لگایا پھر اسے اللہ کی مار اس نے کیسا اندازہ لگایا

ثُمَّ نَظَرَ ۙ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۙ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۙ ﴿۲۳﴾

پھر اس نے دیکھا۔ پھر اس نے تیوری چڑھائی اور منہ بنایا پھر پیٹھ پھیر لی اور تکبر کیا

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۙ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ

پھر کہا یہ تو ایک جادو ہے جو چلا آتا ہے یہ تو ہو نہ ہو آدمی کا

الْبَشَرِ ۭ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۭ ﴿۲۷﴾ لَا

کلام ہے عنقریب اس کو دوزخ میں ڈالوں گا اور آپ کو کیا خبر کہ دوزخ کیا ہے نہ

تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ

باقی رکھے اور نہ چھوڑے آدمی کو جھلس دے اس پر انیس (فرشتے)

عَشَرَ ۭ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰۗىِٕكَةً ۠ وَّمَا جَعَلْنَا

مقرر ہیں اور ہم نے دوزخ پر فرشتے ہی رکھے ہیں اور ان کی

عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ

تعداد کافروں کے لئے آزمائش بنائی ہے تاکہ جن کو کتاب دی گئی ہے

## ربط آیات

(۹-۱۰) پچھلے صفحہ پر۔ (۱۱ تا ۱۵) ایسا شخص جس پر ہم نے اس قدر احسانات کئے ہیں وہ ہماری آواز اٹھا سے دین کی مخالفت کرتا ہے اور اس کی بربادی کا ذکر ہم کیا ہو رہا (۱۶) یہ ہمارے احکام کا ساتھ دیتا ہے۔ (۱۷) جہنم کی گھاٹی صعود پر اسے چڑھاؤں گا (۱۸ تا ۲۴) اس نالائق نے سوچ سوچ کر قرآن کے متعلق کیسی غلط رائے قائم کی ہے کہ یہ سحر ہے جو بڑوں سے منقول کیا گیا ہے (۲۵) کہتا ہے یہ انسان کا کلام ہے (۲۶ تا ۲۹) اس نالائق کو ان صفات والی جہنم میں ڈالوں گا (۳۰) اس دوزخ پر انیس فرشتے مقرر ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا وَلَا يَرْتَابَ
وہ یقین کرلیں اور ایمانداروں کا ایمان بڑھے اور تاکہ اہل کتاب

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ
اور ایمان دار شک نہ کریں اور تاکہ جن کے دلوں میں (نفاق کی)

فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا
بیماری ہے اور کافر یہ کہیں کہ اللہ کی اس بیان سے کیا غرض ہے

مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ
اور اللہ اس طرح سے جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت

يَشَاءُ ۚ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا
کرتا ہے اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اور دوزخ کا حال بیان کرنا صرف

ع ۱۵ ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ (۳۱) كَلَّا وَالْقَمَرِ (۳۲) وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ (۳۳)
آدمیوں کی نصیحت کے لئے ہے۔ نہیں نہیں قسم ہے چاند کی اور رات کی جب وہ ڈھلے

وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ (۳۴) إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ (۳۵) نَذِيرًا
اور صبح کی جب وہ روشن ہو جائے کہ وہ دوزخ بڑی بڑی مصیبتوں میں سے ایک ہے انسان کو

لِلْبَشَرِ (۳۶) لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ (۳۷)
ڈرانے والی ہے تم میں سے ہر ایک کے لئے خواہ کوئی اس کے آگے آئے یا پیچھے ہٹے

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ (۳۸) إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ (۳۹)
ہر شخص اپنے اعمال کے سبب گروی ہے مگر داہنے والے

ع ۱۶ فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءَلُونَ (۴۰) عَنِ الْمُجْرِمِينَ (۴۱) مَا سَلَكَكُمْ
باغوں میں ہونگے ایک دوسرے سے پوچھیں گے گناہگاروں کی نسبت کس چیز نے تمہیں

فِي سَقَرَ (۴۲) قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ (۴۳) وَلَمْ نَكُ
دوزخ میں ڈالا وہ کہیں گے ہم نمازی نہ تھے اور نہ ہم

## ربط آیات

(۳۱) یہ تعداد مومنوں کے ایمان کو بڑھائے گی کہ ان کی بیشتر میں خوف خدا پیدا ہوگا اور منافق اور کافر اس سے بول پڑیں گے کہ اس تعداد کی کیا ضرورت ہے (۳۲ تا ۳۵) جس طرح عالم ناسوت میں یہ مشاہدے ہیں اسی طرح عالم آخرت کے لیے آپ کی تبلیغ ضرور ہے (۳۶) آپ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرانے والے ہیں (۳۷) اب انذار کے بعد جس کا جی چاہے خیر میں قدم بڑھائے اور جس کا جی چاہے پیچھے قدم ہٹائے (۳۸) ہر شخص شامت اعمال کے باعث جہنم میں جائے گا (۳۹) مگر اصحاب الیمین جہنم سے بچ جائیں گے۔

**خلاصہ رکوع ۲**
اگر انکار رسالت رہا اور عبادت خیر اور زیادہ سے تغافل رہا تو داخلۂ دوزخ یقینی اور نجات ناممکن ہوگی۔
ماخذ آیت ۳۴ تا ۳۸

چونکہ ان کے اعمال صالحہ ہیں۔ (۴۰ تا ۴۳) جنتی دوزخیوں سے دوزخ کا سبب دریافت کریں گے تو وہ جواب دیں گے کہ ہم تو دم تک ان گناہوں میں مبتلا رہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ﴿٤٥﴾

مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے اور ہم بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٤٦﴾ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ﴿٤٧﴾

اور ہم انصاف کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے یہاں تک کہ ہمیں موت آ پہنچی

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ﴿٤٨﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ

پس ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش نفع نہ دے گی پس انہیں کیا ہو گیا کہ وہ

التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ﴿٤٩﴾ كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُسْتَنْفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ

نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں گویا کہ وہ بدکنے والے گدھے ہیں جو شیر

مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُؤْتَىٰ

سے بھاگے ہیں بلکہ ہر ایک آدمی ان میں سے چاہتا ہے کہ اسے کھلے

صُحُفًا مُنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ۖ بَلْ لَا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿٥٣﴾

ہوئے صحیفے دیئے جائیں ہرگز نہیں بلکہ وہ آخرت سے نہیں ڈرتے

كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ ﴿٥٥﴾ وَمَا يَذْكُرُونَ

ہرگز نہیں بے شک یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے پس جو چاہے اس کو یاد کر لے اور کوئی بھی یاد نہیں کر سکتا

إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ ۚ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

مگر جبکہ اللہ ہی چاہے وہی ہے جس سے ڈرنا چاہیے اور وہی بخشنے والا ہے

## آیاتها ۴۰ (۷۵) سُورَةُ الْقِيَامَةِ مَكِّيَّةٌ (۳۱) رکوعاتها ۲

آیتیں ۴۰ سورۃ قیامت مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ﴿١﴾ وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿٢﴾

قیامت کے دن کی قسم ہے اور پشیمان ہونے والے شخص کی قسم ہے

### ربط آیات

(۴۴ تا ۴۷) پچھلے صفحہ پر (۴۸) چونکہ خود انہوں نے کوئی عمل صالح نہیں کیا اس لیے آج انہیں شفیع بھی نہیں ملے گا۔ (۴۹ تا ۵۱) قرآن حکیم سے انہیں اس قدر نفرت ہے (۵۲) یہ چاہتے ہیں کہ ہر ایک کو لکھے ہوئے صحیفے ملیں، تب آپ کی تصدیق کریں۔ وہ صحیفے خدا تعالیٰ کی طرف سے آئیں اور ان میں لکھا ہوا ہو کہ آپ نبی ہیں اور آپ واجب الاتباع ہیں (۵۳) ہرگز صحیفے نہیں مل سکتے۔ اگر انہیں آخرت کا ڈر ہوتا تو اس تعلیم کو فوراً مان جاتے اور اس قسم کے لغو سوالات نہ کرتے۔ (۵۴ تا ۵۶) یہ قرآن نصیحت ہے جس کا جی چاہے نصیحت حاصل کرے اللہ تعالیٰ ہی چاہے تو یہ لوگ ہدایت پا سکتے ہیں۔

### سورۃ القیامۃ

موضوع سورت

(اثبات قیامت)

ع ۲

(۱، ۲) علامات قیامت قیامت کے قریب آنے کے شاہد ہیں اور جس طرح ہر انسان میں ایک نفس لوامہ ہے جب انسان برائی کرتا ہے تو وہ اسے ملامت کرتا ہے۔ اسی طرح نوع انسانی کا ایک نفس لوامہ ہے۔ جس دن سارا نوع ایک میدان میں موجود ہوگا اس دن وہ اپنے افراد کو ان غلطیوں کے متعلق ملامت کرے گا جن کا تعلق نوع انسانی سے تھا۔ واللہ اعلم۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَلَّنْ نَجْمَعَ عِظَامَهُ ۝٣ بَلَىٰ قَادِرِينَ

کیا انسان سمجھتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے ہاں ہم تو اس پر قادر

عَلَىٰ أَنْ نُسَوِّيَ بَنَانَهُ ۝٤ بَلْ يُرِيدُ الْإِنْسَانُ لِيَفْجُرَ

ہیں کہ اس کی پور پور درست کر دیں بلکہ انسان تو چاہتا ہے کہ آیندہ بھی نافرمانی

أَمَامَهُ ۝٥ يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ ۝٦ فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧

کرتا رہے پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگا پس جب آنکھیں چندھیا جائیں گی

وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝٩ يَقُولُ

اور چاند بے نور ہو جائے گا اور سورج اور چاند اکٹھے کئے جائیں گے اس دن

الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ ۝١٠ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝١١ إِلَىٰ رَبِّكَ

انسان کہے گا کہ بھاگنے کی جگہ کہاں ہے ہرگز نہیں کہیں پناہ نہیں اس دن آپ کے

يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ ۝١٢ يُنَبَّأُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا

رب ہی کی طرف ٹھکانا ہے اس دن انسان کو بتا دیا جائے گا کہ وہ

قَدَّمَ وَأَخَّرَ ۝١٣ بَلِ الْإِنْسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ ۝١٤

کیا لایا اور کیا چھوڑ آیا بلکہ انسان اپنے اوپر خود شاہد ہے

وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ۝١٥ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ

گو وہ کتنے ہی بہانے پیش کرے آپ وحی کے ختم ہونے سے پہلے (قرآن) پر اپنی زبان ہلایا کیجئے تاکہ

بِهِ ۝١٦ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ۝١٧ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ

آپ اسے جلدی جلدی لیں بیشک اس کا جمع کرنا اور پڑھا دینا ہمارے ذمہ ہے پھر جب ہم اس کی قرأت کر چکیں تو

فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ۝١٨ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ۝١٩ كَلَّا بَلْ

اس کی قرأت کا اتباع کیجئے پھر بیشک اس کا کھول کر بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے ہرگز نہیں بلکہ

تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ ۝٢٠ وَتَذَرُونَ الْآخِرَةَ ۝٢١ وَجُوهٌ

تم تو دنیا کو چاہتے ہو اور آخرت کو چھوڑتے ہو کئی چہرے



## ربط آیات

(۳) کیا انسان کا یہ خیال ہے (۴) ہم تو اس کی انگلیاں بھی درست کرکے لانے پر قادر ہیں (۵) انکار قیامت سے انسان اپنا مستقبل خراب کرنا چاہتا ہے (۶) قیامت کے متعلق پوچھتا ہے کہ کب ہوگی۔ (۷، ۹) قیامت کے پیش خیمہ ہیں (۱۰) اس دن کافر کہے گا۔ اب کہاں پناہ لوں (۱۱۔۱۲) آج تیرے رب کے اور کوئی جائے پناہ نہیں (۱۳) انسان کو سب کے اعمال کی اس دن اطلاع دی جائیگی (۱۴۔۱۵) اسے اس دن خود بھی بصیرت ہوگی اگرچہ عذر پیش کریگا۔ لیکن کشف اعضا بھی اس کے اپنے ہوں گے (۱۶۔۱۷) اس قیامت کے عذاب سے نجات دلانے والی تعلیم آپ کو دی جارہی ہے آپ جبرائیل علیہ السلام سے سنتے وقت زبان بند رکھا کریں۔ ہمارا ذمہ ہے کہ تیرے سینہ میں جمع کردیں اور زبان سے پڑھوا دیں (۱۸) لہٰذا جب ہماری طرف سے جبرائیل علیہ السلام پڑھ کر سنائیں آپ خاموش رہیں (۱۹) اس کا بیان کرنا ہمارا کام ہے یعنی آپ کی زبان مبارک پر اجراء ہمارے ذمہ ہے (۲۰۔۲۱) ہم نے نجات آخرت کے لئے آپ کو تعلیم دی ہے لیکن تم لوگ دنیا چاہتے ہو اور آخرت کو چھوڑتے ہو۔

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) اثبات قیامت بآیات انفس (۲) نقصان انکار قیامت (۳) سبب انکار قیامت (۴) اقسام انسان یوم القیامۃ۔

ماخذ: (۱) آیت ۱ تا ۴ (۲) آیت ۵ (۳) آیت ۲۰۔۲۱ (۴) آیت ۲۲۔۲۳۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۢ

اس دن تروتازہ ہوں گے | اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے | اور کتنے چہرے اس دن

بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾ كَلَّآ اِذَا

اداس ہوں گے | خیال کررہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑنے والی سختی کی جائے گی | نہیں نہیں جب کہ

بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿٢٧﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ

جان گلے تک پہنچ جائے گی | اور لوگ کہیں گے کوئی جھاڑنے والا ہے | اور وہ خیال کریگا کہ یہ وقت

الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾ اِلٰى رَبِّكَ

جدائی کا ہے | اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے گی | تیرے رب کی طرف

يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿٣١﴾ وَلٰكِنْ ع ١ ١٧

اس دن | چلنا | ہوگا | پھر نہ تو اس نے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی | بلکہ

كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٣٢﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿٣٣﴾

جھٹلایا | اور منہ موڑا | پھر اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿٣٤﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿٣٥﴾ اَيَحْسَبُ

اے انسان! تیرے لئے افسوس پر افسوس ہے پھر تیرے لئے افسوس پر افسوس ہے | کیا انسان یہ سمجھ

الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿٣٦﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً

رہا ہے | کہ وہ یونہی | چھوڑ دیا جائے گا | کیا وہ | ٹپکتی | منی | کی

مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿٣٧﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٣٨﴾

ایک | بوند | نہ تھا | پھر وہ لوتھڑا بنا | پھر اللہ نے اسے بنا کر ٹھیک کیا

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾ اَلَيْسَ

پھر اس نے | مرد و عورت | کا | جوڑا | بنایا | پھر کیا وہ

ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾ ع ٢ ١٨

اللہ | مُردے | زندہ | کردینے | پر | قادر | نہیں | ہے

## ربط آیات

(٢٢ تا ٢٥) اس دن انسانوں کی دو قسمیں ہوں گی۔ (٢٦ تا ٣٠) یہ واقعہ ہے کہ ایک دن انسان کی یہ حالت ہونے والی ہے اور اس دن اپنے رب کے ہاں جانا ہوگا (٣١) اب جبکہ ایسا ہوگا لیکن کافر نے کوئی تیاری کی نہیں تھی نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی (٣٢، ٣٣) بلکہ یہ کام کیا تھا (٣٤، ٣٥) افسوس ہے کہ تمہیں مہلت ملی لیکن تم نے کوئی تیاری نہیں کی۔ (٣٦) کیا انسان کا یہ خیال ہے کہ اسے مہمل چھوڑ دیا جائے گا۔ (٣٧ تا ٣٩) جس اللہ نے تمہیں ان خسیس چیزوں سے انسان بنایا ہے (٤٠) کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ مردہ کو زندہ کرسکے؟

**خلاصہ رکوع ٢**
رفع استبعاد قیامت۔
ماخذ آیت ٣٦ تا ٤٠



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# آیاتہا ۳۱ (۷۶) سُورَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ (۹۸) رکوعاتہا ۲

آیتیں ۳۱ سُورۃ دہر مدنی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنْسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ

انسان پر ضرور ایک ایسا زمانہ بھی آیا ہے کہ اس کا کہیں کچھ بھی

شَيْئًا مَّذْكُورًا ﴿١﴾ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ

ذکر نہ تھا بیشک ہم نے انسان کو ایک مرکب بوند سے

أَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٢﴾ إِنَّا

پیدا کیا ہم اس کی آزمائش کرنا چاہتے تھے پس ہم نے اسے سننے والا دیکھنے والا بنا دیا بیشک

هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ﴿٣﴾ إِنَّا

ہم نے اسے راستہ دکھا دیا یا تو وہ شکر گزار ہے اور یا ناشکرا بیشک

أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ﴿٤﴾

ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِنْ كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ﴿٥﴾

بیشک نیک ایسی شراب کے پیالے پئیں گے جس میں چشمہ کافور کی آمیزش ہوگی

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ﴿٦﴾

وہ ایک چشمہ ہوگا جس میں سے اللہ کے بندے پئیں گے اس کو آسانی سے بہا کر لے جائیں گے

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ

وہ اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس کی مصیبت ہر جگہ

مُسْتَطِيرًا ﴿٧﴾ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا

پھیلی ہوئی ہوگی اور وہ اس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور قیدی

---

**ربط آیات**

سُورۃ الدہر

موضوع سُورۃ

دنفی دہریت

(۱) کیا ایسا وقت بھی انسان پر گزرا ہے کہ اس کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ اس کے بعد اسے اللہ تعالیٰ نے بنایا معلوم ہوا کہ ساخت اشیاء میں مشیت ایزدی کا دخل ہے (۲) اللہ تعالیٰ نے اسے نطفہ سے بنایا (۳) انسانوں کی دو قسمیں ہیں شاکر اور کفور (۴) کفور کی یہ سزا ہے (۵-۶) شاکر کی یہ جزا نے خیر ہے (۷ تا ۱۰) شاکرین کے یہ اوصاف ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) اثبات صانع (۲) اقسام الانس (۳) تاثیر صانع کے اوصاف (۴) اور ان کی جزئے اعمال

ماخذ (۱) آیت (۲) آیت ۳ (۳) آیت ۲ تا ۱۰ (۴) آیت ۱۱ تا ۲۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ
کو کھانا کھلاتے ہیں ہم جو تمہیں کھلاتے ہیں تو خاص اللہ کے لئے نہ ہمیں تم سے
مِنكُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ﴿٩﴾ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا
بدلہ لینا مقصود ہے اور نہ شکرگزاری ہم تو اپنے رب سے ایک اُداس (اور
يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ﴿١٠﴾ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ
ہولناک دن سے ڈرتے ہیں پس اللہ اس دن کی مصیبت سے انہیں بچا
الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ﴿١١﴾ وَجَزَاهُم
لے گا اور ان کے سامنے تازگی اور خوشی لائے گا اور ان کے صبر کے بدلے
بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى
ان کو جنت اور ریشمی پوشاکیں دے گا اس میں تختوں پر تکیہ لگائے
الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ﴿١٣﴾
ہوئے ہوں گے نہ وہاں دھوپ دیکھیں گے اور نہ سردی
وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿١٤﴾
اور ان پر اس کے سائے جھک رہے ہوں گے اور پھلوں کے گچھے بہت ہی قریب لٹک رہے ہونگے
وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ
اور ان پر چاندی کے برتن اور شیشے کے آبخوروں کا دور
كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿١٥﴾ قَوَارِيرَا مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا
چل رہا ہوگا شیشے بھی چاندی کے شیشے جو ایک خاص انداز پر ڈھالے
تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا
گئے ہوں گے اور انہیں وہاں ایسی شراب کا پیالہ پلایا جائے گا جس میں سونٹھ کی
زَنجَبِيلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوفُ
آمیزش ہوگی وہ وہاں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے پاس

ربط آیات
(۸ تا ۱۰) پچھلے صفحہ پر۔
(۱۱ تا ۲۲) شاکرین کی مزید
جزائے خیر کا ذکر۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ۚ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ
سدا رہنے والے لڑکے (خادم) گھومتے ہوں گے جب تو ان کو دیکھے گا تو خیال کرے گا کہ وہ
لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿١٩﴾ وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَ
بکھرے ہوئے موتی ہیں اور جب تو وہاں دیکھے گا تو نعمت اور
مُلْكًا كَبِيرًا ﴿٢٠﴾ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ
بڑی سلطنت دیکھے گا ان پر باریک سبز اور موٹے ریشم کے لباس
وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ
ہوں گے اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور انہیں ان کا
رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿٢١﴾ إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً
رب پاک شراب پلائے گا بیشک یہ تمہارے (نیک اعمال کا) بدلہ ہے
وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُورًا ﴿٢٢﴾ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ
اور تمہاری کوشش مقبول ہوئی بیشک ہم نے ہی آپ پر یہ قرآن
الْقُرْآنَ تَنزِيلًا ﴿٢٣﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ
تھوڑا تھوڑا اتارا ہے پھر آپ اپنے رب کے حکم کا انتظار کیا کریں اور ان میں سے
مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا ﴿٢٤﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً
کسی بدکار یا ناشکرے کا کہا نہ مانا کریں اور اپنے رب کا نام صبح اور شام
وَأَصِيلًا ﴿٢٥﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا
یاد کیا کریں اور کچھ حصہ رات میں بھی اس کو سجدہ کیجئے اور رات میں دیر تک اس کی
طَوِيلًا ﴿٢٦﴾ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ
تسبیح کیجئے بیشک یہ لوگ دنیا کو چاہتے ہیں اور اپنے پیچھے
وَرَاءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيلًا ﴿٢٧﴾ نَّحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ
ایک بھاری دن کو چھوڑتے ہیں ہم ہی نے انہیں پیدا کیا اور ان کے جوڑ بند مضبوط کر دیئے

ع ۲ / ۱۹

**ربط آیات**

(۱۹ تا ۲۲) پچھلے سے مربوط (۲۳) قرآن حکیم ہم نے نازل فرمایا ہے (۲۴، ۲۵، ۲۶) اپنا مسلک آپ یہ رکھیں (۲۷) یہ لوگ دنیا کے دوست ہیں اور اس سخت دن کے خیال کو پیچھے چھوڑے بیٹھے ہیں۔

**خلاصہ رکوع ۲**
(۱) مسلک مطیعین، صانع و بیان اجزاء مغفرت۔
ماخذ (۱) آیت ۲۳ تا ۲۰
(۲) آیت ۲۸



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا ﴿٢٨﴾ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ

اور جب ہم چاہیں ان جیسے ان کے بدلے اور لا سکتے ہیں بیشک یہ ایک نصیحت ہے

فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿٢٩﴾ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَن

پس جو کوئی چاہے اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کرے اور تم جب ہی چاہو گے جب

يَشَاءَ اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٣٠﴾ يُدْخِلُ مَن

اللہ چاہے گا بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی

ع ۲ ۲۰ يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿٣١﴾

رحمت میں داخل کرتا ہے اور ظالموں کے لئے تو اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے

## آیاتہا ٥٠ (٧٧) سُورَةُ الْمُرْسَلَاتِ مَكِّيَّةٌ (٣٣) رکوعاتہا ٢

آیتیں ۵۰ سورۃ مرسلات مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا ﴿١﴾ فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفًا ﴿٢﴾ وَالنَّاشِرَاتِ

ان ہواؤں کی قسم جو نفع پہنچانے کیلئے بھیجی جاتی ہیں پھر ان ہواؤں کی جو تندی سے چلتی ہیں۔ اور ان ہواؤں کی جو بادلوں کو اٹھا کر

نَشْرًا ﴿٣﴾ فَالْفَارِقَاتِ فَرْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْرًا ﴿٥﴾ عُذْرًا أَوْ

پھیلاتی ہیں پھر ان ہواؤں کی جو بادلوں کو متفرق کرتی ہیں پھر ان ہواؤں کی جو دل میں اللہ کی یاد کا القا کرتی ہیں الزام

نُذْرًا ﴿٦﴾ إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ ﴿٨﴾ وَ

اتارنے یا ڈرانے کے لئے جس کام کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور ہونے والی ہے پس جب ستارے مٹا دیئے جائیں گے اور

إِذَا السَّمَاءُ فُرِجَتْ ﴿٩﴾ وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿١٠﴾ وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ ﴿١١﴾

جب آسمان پھٹ جائیں گے اور جب پہاڑ اڑتے جائیں گے اور جب رسول وقت معین پر جمع کئے جائیں گے

لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ ﴿١٢﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿١٣﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا

کس دن کے لئے تاخیر کی گئی تھی فیصلہ کے دن کے لئے اور آپ کو کیا معلوم کہ

### ربط آیات

(۲۸) ہم نے انہیں پیدا کیا اور اگر چاہیں تو انہیں مٹا دیں اور دوسرے لوگ یہاں بسا دیں۔ (۲۹) یہ قرآن حکیم تذکرہ ہے۔ جس کا جی چاہے نصیحت حاصل کرے (۳۰) اور تم جب نصیحت حاصل کرو جب اللہ تعالیٰ چاہے ہماری شامت اعمال کے باعث ادھر سے منظوری نہیں آتی (۳۱) جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل فرمائے اور ظالموں کیلئے دردناک عذاب

### سورۃ المرسلات

موضوع سورت

(مشہد مجازاۃ)

(۱ تا ۷) ان صفات والی ہوائیں جس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ جزا کے

اعمال کا جو وعدہ ہو رہا ہے یقیناً واقع ہو گا جس طرح ہوائیں بیسیوں مختلف طرح سے پھیلتی ہیں اسی طرح اعمال انسانی انسان ہی سے پیدا ہو کر پھیلیں اور جزا بھی اسی پر وارد ہوگی۔ واللہ اعلم (۸، ۹)

**خلاصہ رکوع ۱**

(۱) اثبات مجازاۃ۔ (۲) تشریح یوم المجازاۃ۔ (۳) نتائج تقسیم مکذبین یوم المجازاۃ۔

ماخذ (۱) آیت ۱ تا ۷ (۲) آیت ۸ تا ۱۵ (۳) آیت ۱۶ تا ۵۰

یوم مجازاۃ میں یہ انقلاب ہو گا (۱۰-۱۱) یوم مجازات کو پہاڑ بھی یہ انقلاب آئے گا اور انبیاء علیہم السلام کو شہادت کے لئے بلایا جائے گا (۱۲) یہ واقعات کس دن کے لئے مؤخر کئے جا رہے ہیں۔ (۱۳) یوم الفصل کے لئے مؤخر ہو رہے ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿١٤﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٥﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ
فیصلہ کا دن کیا ہے — اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے — کیا ہم نے پہلوں کو ہلاک

الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٧﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ
نہیں کر ڈالا — پھر ہم ان کے پیچھے دوسروں کو چلائیں گے — مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ
برتاؤ کرتے ہیں — اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے — کیا ہم نے تمہیں ایک ذلیل

مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿٢١﴾ اِلٰى قَدَرٍ
پانی سے نہیں پیدا کیا — پھر ہم نے اس کو ایک محفوظ ٹھکانے میں رکھ دیا — ایک معین

مَّعْلُوْمٍ ﴿٢٢﴾ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
اندازے تک — پھر ہم نے اندازہ لگایا تو ہم کیسے اچھے اندازہ لگانے والے ہیں — اس دن جھٹلانے والوں

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿٢٥﴾ اَحْيَآءً وَّ
کے لئے تباہی ہے — کیا ہم نے زمین کو جمع کرنے والی نہیں بنایا — زندوں اور

اَمْوَاتًا ﴿٢٦﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً
مُردوں کو — اور ہم نے اس میں مضبوط اُونچے اُونچے پہاڑ رکھ دیئے — اور ہم نے تمہیں میٹھا

فُرَاتًا ﴿٢٧﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى
پانی پلایا — اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے — اس دوزخ کی طرف چلو

مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ
جسے تم جھٹلایا کرتے تھے — ایک سائبان کی طرف چلو جس کے

ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿٣٠﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿٣١﴾
تین حصے ہیں — نہ وہ سایہ کرے اور نہ تپش سے بچائے

اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿٣٣﴾
بیشک وہ محل جیسے انگارے پھینکے گی — گویا کہ وہ زرد اُونٹ ہیں

## ربط آیات

۱۴ ا تمہیں معلوم ہے کہ یوم فصل کیا چیز ہے ۱۵ ا مکذبین کے لئے ہلاکت کا دن ہوگا ۱۶ تا ۱۹ ا کیا یہ لوگ ان واقعات سے بھی عبرت حاصل نہیں کرتے اچھا مکذبین کے لئے ہلاکت ہوگا ۲۰ تا ۲۴ کیا ہماری قدرت کے کرشمے جو ان کی پیدائش میں صرف ہوگئے ہیں ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے کہ دوبارہ ہم پیدا نہیں بنا سکتے ہیں، اچھا قیامت کے دن مکذبین کے لئے ہلاکت ہے ۲۵ تا ۲۸ کیا ہماری قدرت کے کرشمے مشاہدہ نہیں کرتے جس طرح ہم نے یہ کام کئے اسی طرح اس جہان کو فنا کرکے قیامت لے آئیں گے اور اس دن مکذبین کے لئے ہلاکت ہوگی ۲۹ تا ۳۴ اس دن مکذبین کو اس عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾
اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے یہ وہ دن ہے جس میں بات بھی نہ کر سکیں گے

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
اور نہ انہیں عذر کرنے کی اجازت ہوگی اس دن جھٹلانے والوں کے لئے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾
تباہی ہے یہ فیصلہ کا دن ہے ہم تمہیں اور پہلوں کو جمع کریں گے

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
پس اگر تمہارے پاس کوئی تدبیر ہے تو مجھ پر کر دیکھو اس دن جھٹلانے والوں کے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾
لئے تباہی ہے بیشک پرہیزگار ٹھنڈی چھاؤں اور چشموں میں ہوں گے

وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَا
اور میووں میں جو وہ چاہیں گے مزے سے کھاؤ اور پیو ان کاموں کے بدلے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾
جو تم کرتے رہے بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو بدلہ دیتے ہیں

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا
اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے کھاؤ اور چند روز فائدہ اٹھاؤ

اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾
بیشک تم مجرم ہو اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
اور جب ان سے کہا جاتا تھا کہ رکوع کرو تو رکوع نہ کرتے تھے اس دن جھٹلانے والوں کے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾
لئے تباہی ہے پس اس کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے

## ربط آیات

(۳۴) پچھلے صفحہ پر۔
(۳۵ ، ۳۶) مکذبین کو بولنے اور معذرت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی (۳۸) یہی یوم الفصل ہے ہم نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے (۳۹) اگر کوئی کر سکتے ہو چل سکتا ہے تو کر کے دیکھ لو (۴۰) مکذبین کے لئے اس دن ہلاکت ہوگی (۴۱ تا ۴۴) مجازاۃ کو تسلیم کر کے تحقق بالشد درست کرنے والوں کی جزائے خیر ہے (۴۵) مکذبین کے لئے اس دن ہلاکت ہے

ع ۱ / ۲۱

| خلاصہ رکوع ۲ |
| --- |
| یوم المجازاۃ کو ماننے والوں کی جزائے خیر (۲) اعادہ انذار۔ |
| ماخذ (۱) آیت ۴۱ تا ۴۴ |
| (۲) آیت ۴۶ تا ۵۰ |

(۴۶) چند روز دنیا میں کھا پی لو (۴۷) قیامت کے دن مکذبین کے لئے ہلاکت ہے (۴۸) خدا تعالیٰ کے سامنے سر نہیں جھکاتے تھے (۴۹) قیامت کے دن مکذبین کے لئے ہلاکت ہے (۵۰) اگر قرآن پر ایمان نہیں لاتے تو اور کس چیز پر ایمان لائیں گے

ع ۲ / ۲۲



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۴۰ (۷۸) سُورَةُ النَّبَإِ مَكِّيَّةٌ (۸۰) رکوعاتها ۲

آیتیں ۴۰ سورت نبا مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ۝١ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ ۝٢

کس چیز کی بابت وہ آپس میں سوال کرتے ہیں اس بڑی خبر کے متعلق

الَّذِي هُمْ فِيهِ مُخْتَلِفُونَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا

جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں ہرگز ایسا نہیں عنقریب جان لیں گے پھر ہرگز ایسا نہیں

سَيَعْلَمُونَ ۝٥ أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَادًا ۝٦ وَالْجِبَالَ

عنقریب وہ جان لیں گے کیا ہم نے زمین کو فرش نہیں بنایا اور پہاڑوں

أَوْتَادًا ۝٧ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ۝٨ وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَ

کو میخیں اور ہم نے تمہیں جوڑے جوڑے پیدا کیا اور تمہاری نیند کو راحت کا باعث بنایا اور

جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَبَنَيْنَا

رات کو پردہ پوش بنایا اور دن کو روزی کمانے کے لئے بنایا اور ہم نے

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا ۝١٣ وَأَنْزَلْنَا

تمہارے اوپر سات سخت آسمان بنائے اور ایک چمکتا ہوا چراغ بنایا اور ہم نے

مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا ۝١٤ لِنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا وَنَبَاتًا ۝١٥

بادلوں سے زور کا پانی اُتارا تاکہ ہم اس سے اناج اور گھاس اُگائیں

وَجَنَّاتٍ أَلْفَافًا ۝١٦ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا ۝١٧ يَوْمَ

اور گھنے باغ اُگائیں بیشک فیصلہ کا دن معین ہو چکا ہے جس دن

**ربط آیات**

**سورۃ النبا**

موضوع سورت

یوم المجازات کی آتشیں کا شکوک کے ازالہ پر۔

۱ تا ۳ ایک بہت بڑی خبر یعنی قیامت کے متعلق ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں اس کے متعلق ان میں اختلاف ہے۔

الجزء الثلاثون ۳۰

**خلاصہ رکوع ۱**

جس طرح کھیتی کا عنصر و ہ قوت ہوتی ہے اس کی شکاری کرکے آزمائش کئے جاتے ہیں۔ اسی طرح اس نظام عالم میں خلاصہ انسان موجود ہے اور بقیہ نظام اس کے لئے ہے جس طرح کھیتی کے لئے یوم فصل ہوتا ہے جس میں اناج اور بھوسہ الگ کیا جاتا ہے اسی طرح یہاں بھی ایک یوم الفصل ہونا چاہیے جس میں دونوں قسم کے انسانوں کو جدا جدا کیا جائے۔

ماخذ ۸،۱۱ تا ۱۲،۱۴،۱۶۔

۴ ۔ ۵ یہ کوئی چیز قابل اختلاف نہیں ہے عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔ ۶ تا ۱۶ یہ سارا نظام محض انسان کے لئے ہے اب اس امر کے سمجھنے کی ضرورت ہے کہ انسانی صورت میں کتنے ہیولے ہیں جنہوں نے انسانیت کا فرض ادا کیا اور کتنے ہیں جو ہیزم دوزخ ہیں۔ ۱۷ ان دونوں کے امتیاز کا دن معین ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَّنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ
صُور میں پھونکا جائے گا پھر تم گروہ در گروہ چلے آؤ گے   اور آسمان کھولا جائے گا تو (اس میں) دروازے

اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ
ہو جائیں گے   اور پہاڑ اُڑائے جائیں گے تو ریت ہو جائیں گے   بیشک دوزخ گھات میں

مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا
لگی ہے   سرکشوں کے لئے ٹھکانا ہے   کہ وہ اس میں ہمیشہ پڑے رہیں گے   نہ

يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾
وہاں کسی ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کسی پینے کی چیز کا   مگر گرم پانی اور بہتی پیپ

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا
پورا پورا بدلہ ملے گا   بیشک وہ حساب کی   اُمید نہ رکھتے تھے   اور ہماری آیتوں

بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ
کو بہت جھٹلایا کرتے تھے   اور ہم نے ہر چیز کو کتاب میں شمار کر رکھا ہے   پس چکھو سو ہم تمہارے لئے

نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ ع اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ
عذاب ہی زیادہ کرتے رہیں گے   بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے   باغ

وَاَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا
اور انگور   اور نوجوان ہم عمر عورتیں   اور پیالے چھلکتے ہوئے   نہ

يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً
وہاں بیہودہ باتیں سُنیں گے   اور نہ جھوٹ   آپ کے رب کی طرف سے حسب اعمال

حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ
بدلہ عطا ہو گا   جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بڑا مہربان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
کہ وہ اس سے بات نہیں کر سکیں گے   جس دن جبرائیل اور سب فرشتے صف باندھ کر

## ربط آیات

(۱۸ تا ۲۰) یوم الفصل کی کیفیت کذائی یہ ہے (۲۱ تا ۲۶) جنہوں نے فرضِ انسانیت ادا نہیں کیا ان کا ٹھکانا دوزخ ہو گا اور یہ ان کے اعمال کی صحیح جزا ہے (۲۷) انہیں محاسبۂ الٰہی کا خیال بھی نہیں تھا اس لئے تیاری بھی نہیں کی تھی (۲۸) اور ہمارے احکام کو جھٹلاتے تھے جو اس دن کی نجات کا طریق بتلاتے تھے (۲۹) اور ہم نے ان کے سارے اعمال محفوظ کر رکھے تھے (۳۰) لہٰذا اپنی بداعمالی کی سزا چکھو (۳۱ تا ۳۶) رب السمٰوٰت والارض کی طرف سے متقیوں کو یہ جزائے اعمال ملے گی۔

ع ۱

**خلاصہ رکوع ۲**

(۱) متقین کو جو پیداوار اناج کے پیدا کی گئی جزائے خیر (۲) اور جزا کے علاوہ عطا بھی ان پر ہو گی۔
ماخذ آیت ۳۱ تا آیت ۳۶



ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## ربط آیات

(۳۸) قیامت کے دن رُوح اور ملائکہ غلام در تجلی الٰہی میں صف بستہ ہوں گے (۳۹) یہ دن یقیناً آنے والا ہے جو چاہے اپنے رب کے ہاں ٹھکانا بنا لے (۴۰) ہم نے اس دن سے ڈرا دیا ہے جس میں انسان اپنے ہاتھوں کی کمائی دیکھ لے گا اور کافر کہے گا۔ کاش میں مٹی رہتا تو اچھا تھا۔

صَفًّا ۖ لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾

کھڑے ہوں گے کوئی نہیں بولے گا مگر وہ جس کو رحمٰن اجازت دے گا اور وہ بات ٹھیک کہے گا

ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۖ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ مَآبًا ﴿۳۹﴾

یہ یقینی دن ہے پس جو چاہے اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنا لے

إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ

بیشک ہم نے تمہیں ایک عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرایا ہے جس دن آدمی دیکھے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے

يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنتُ تُرَابًا ﴿۴۰﴾ ع

آگے بھیجا تھا اور کافر کہے گا اے کاش میں مٹی ہو گیا ہوتا

## سورۃ النزعٰت

موضوع سورت

(مجازاۃ)

ع ۲ ۲

(۱) ان فرشتوں کی قسم جو ڈوب کر کفار کی روح کو قبض کرنے والے ہیں (۲) ان فرشتوں کی قسم جو مومن کی روح نکالتے وقت بند کھولنے والے ہیں (۳) ان فرشتوں کی قسم جو تیرنے والے ہیں اور مومن کی روح لے کر آسمان پر اڑ جاتے ہیں (۴) پھر ان فرشتوں کی قسم جو مومن کی

آیاتہا ۴۶ | ۷۹ سُورَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ ۸۱ | رکوعاتہا ۲

آیتیں ۴۶ سورت نزعٰت مکی ہے رکوع ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَالسَّابِحَاتِ

جوڑوں میں گھس کر نکالنے والوں کی قسم ہے اور بند کھولنے والوں کی اور تیزی سے تیرنے

سَبْحًا ﴿۳﴾ فَالسَّابِقَاتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا ﴿۵﴾ يَوْمَ

والوں کی پھر دوڑ کر آگے بڑھ جانے والوں کی پھر ہر امر کی تدبیر کرنے والوں کی جس دن

تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾ قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ

کانپنے والی کانپے گی اس کے پیچھے آنے والی پیچھے آئے گی کتنے دل اس دن دھڑک

وَاجِفَةٌ ﴿۸﴾ أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾ يَقُولُونَ أَإِنَّا

رہے ہوں گے ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی وہ کہتے ہیں کیا ہم

لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾ أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

پہلی حالت میں لوٹائے جائیں گے کیا جب ہم بوسیدہ ہڈیاں ہو جائیں گے

**خلاصہ رکوع ۱**

رفع استبعاد قیامت۔

ماخذ آیت ۶ تا ۸، ۹، ۱۰ دو سال کے انقلاب زندگی شخصی دکھایا گیا ہے۔ پہلی بار انسان کے جسم سے ایک آن واحد میں سب چیزیں جسم سے نکل جاتی ہے۔ یہ جسمانی انقلاب ہے۔ اور دوسری شکل میں ایک روحانی فوری انقلاب کی پایا ہے تو جس طرح انقلاب شخصی شب و روز دیکھتے ہو انقلاب ملی یا انقلاب عالم کو اسی پر قیاس کر لو۔

وقف لازم

وقف لازم

وقف لازم

(۵) مومن کی روح کو اللہ تعالیٰ کے حضور میں لے جانے میں ایک دوسرے سے سبقت کر جاتے ہیں (۵) پھر ان فرشتوں کی قسم جو تدبیر امور یا امر الٰہی کرنے والے ہیں۔ جواب قسم ان کا محذوف ہے تم ضرور بعث بعد الموت (۶۔۷) وہ بعث اس دن ہو گی (۸) انکار قیامت کرنے والے دل

منزل ۷

جس دن صُور نے والے ہوں گے (۹) ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی (۱۰۔۱۱) کفار کا استبعاد بعث بعد الموت۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿١٢﴾ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ ﴿١٣﴾
کہتے ہیں کہ یہ تو اس وقت خسارہ کا لوٹنا ہوگا   پھر وہ واقعہ صرف ایک ہی ہیبت ناک آواز ہے
فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ ﴿١٤﴾ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ﴿١٥﴾
پس وہ اسی وقت میدان میں آموجود ہوں گے   کیا آپ کو موسیٰ کا حال معلوم ہوا ہے
إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾ اذْهَبْ إِلَىٰ
جبکہ مقدس وادی طوی میں اس کے رب نے اُسے پکارا   فرعون کے پاس
فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿١٧﴾ فَقُلْ هَل لَّكَ إِلَىٰ أَن تَزَكَّىٰ ﴿١٨﴾
جاؤ کیونکہ اس نے سرکشی کی ہے   پس کہو کیا تیری خواہش ہے کہ تو پاک ہو
وَأَهْدِيَكَ إِلَىٰ رَبِّكَ فَتَخْشَىٰ ﴿١٩﴾ فَأَرَاهُ الْآيَةَ الْكُبْرَىٰ ﴿٢٠﴾
اور میں تجھے تیرے رب کی طرف راہ بتاؤں کہ تو ڈرے   پس اس نے اس کو بڑی نشانی دکھائی
فَكَذَّبَ وَعَصَىٰ ﴿٢١﴾ ثُمَّ أَدْبَرَ يَسْعَىٰ ﴿٢٢﴾ فَحَشَرَ فَنَادَىٰ ﴿٢٣﴾
تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی   پھر کوشش کرتا ہوا واپس لوٹا   پھر اس نے سب کو جمع کیا پھر پکارا
فَقَالَ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَىٰ ﴿٢٤﴾ فَأَخَذَهُ اللَّهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ
پھر کہا کہ میں تمہارا سب سے برتر رب ہوں   پھر اللہ نے اس کو آخرت اور دُنیا کے عذاب میں
وَالْأُولَىٰ ﴿٢٥﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَن يَخْشَىٰ ﴿٢٦﴾ أَأَنتُمْ
پکڑ لیا   بیشک اس میں اس کے لئے عبرت ہے جو ڈرتا ہے   کیا تمہارا بنانا
أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ ۚ بَنَاهَا ﴿٢٧﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا ﴿٢٨﴾
بڑی بات ہے یا آسمان کا؟ جس کو ہم نے بنایا ہے   اس کی چھت بلند کی پھر اس کو سنوارا
وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا ﴿٢٩﴾ وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَٰلِكَ
اور اس کی رات اندھیری کی اور اس کے دن کو ظاہر کیا   اور اس کے بعد زمین کو
دَحَاهَا ﴿٣٠﴾ أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا ﴿٣١﴾ وَالْجِبَالَ
بچھا دیا   اس سے اس کا پانی اور اس کا چارا نکالا   اور پہاڑوں کو

## ربط آیات

(۱۲) کفار کہتے ہیں کہ اگر بالفرض بعثت ثانیہ ہوئی تو پھر ہمارے حق میں خسارہ ہوگا (۱۳-۱۴) فقط ایک ڈانٹ سے سب سطح زمین پر آجائیں گے (۱۵ تا ۱۷) ایک آن واحد میں وحی ربانیہ نبوت عطا ہو جاتا ہے اور فرعون کی طرف موسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوتے ہیں۔ اسی طرح ایک آن واحد میں اللہ تعالیٰ سب کو قیامت کے دن پیدا کرے گا (۱۸-۱۹) فرعون کو جاکر کہو (۲۰-۲۱) باوجود کہ موسیٰ علیہ السلام نے معجزات دکھائے لیکن فرعون نے تکذیب کی اور نافرمان رہا (۲۲-۲۳) پھر اپنی طاقت جمع کی اور اعلان کیا (۲۴) کہ میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں (۲۵) اللہ تعالیٰ نے اسے دُنیا اور آخرت کے عذاب میں مبتلا کیا (۲۶) اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لئے اس واقعہ میں عبرت ہے (۲۷-۳۳) تمہارا دوبارہ پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا ان چیزوں کا پہلی مرتبہ پیدا کرنا۔

ع ۲

**خلاصہ رکوع ۲**

رفع استبعاد قیامت اور قیامت میں انسانوں کی دو قسمیں ہوں گی۔
ماخذ: (۱) آیت ۲۷ تا ۳۳
(۲) آیت ۳۷ تا ۴۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَرْسٰىهَا (٣٢) مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ (٣٣) فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ

خوب جما دیا تمہارے لئے اور تمہارے چارپایوں کیلئے سامان حیات کے پس جب وہ بڑا حادثہ

الْكُبْرٰى (٣٤) يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَا سَعٰى (٣٥) وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ

آئے گا جس دن انسان اپنے کئے کو یاد کرے گا اور ہر دیکھنے والے کے لئے دوزخ

لِمَنْ يَّرٰى (٣٦) فَأَمَّا مَنْ طَغٰى (٣٧) وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (٣٨) فَإِنَّ

سامنے لائی جائے گی سو جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی سو بیشک

الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَأْوٰى (٣٩) وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

اس کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے اور لیکن جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اور اس نے

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى (٤٠) فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوٰى (٤١)

اپنے نفس کو بری خواہش سے روکا سو بیشک اس کا ٹھکانا بہشت ہی ہے

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰىهَا (٤٢) فِيْمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا (٤٣)

آپ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کا قیام کب ہوگا؟ آپ کو اس کے ذکر سے کیا واسطہ

إِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا (٤٤) إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا (٤٥)

اس کے علم کی انتہا آپ کے رب ہی کی طرف ہے۔ بیشک آپ تو صرف اس کو ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرتا ہے

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحٰىهَا (٤٦) ع

جس دن اسے دیکھ لیں گے (تو یہی سمجھیں گے کہ دنیا میں) گویا ہم ایک شام یا اس کی صبح تک ٹھہرے تھے

اٰیاتها ٤٢ (٨٠) سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ (٢٤) رکوعها ١

آیتیں ٤٢ سورۃ عبس مکی ہے رکوع ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰى (١) أَنْ جَآءَهُ الْأَعْمٰى (٢) وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ

پیغمبر چیں بجبیں ہوئے اور منہ موڑ لیا کہ ان کے پاس ایک اندھا آیا اور آپ کو کیا معلوم کہ شاید وہ

## ربط آیات

(٣٤، ٣٥) قیامت کے دن انسان اپنے اعمال دیکھ لے گا۔ (٣٦) یعنی میدان حشر میں دوزخ سامنے آجائے گا (٣٧ تا ٣٩) دنیا میں طغیان وسرکشی کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ ہوگا (٤٠، ٤١) دنیا میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کا ٹھکانا جنت ہوگا (٤٢) قیامت کی تاریخ پوچھتے ہیں (٤٣) آپ کو اس کا کیا علم ہے (٤٤) تعین تاریخ قیامت کا علم فقط اللہ تعالیٰ کو ہے (٤٥) قیامت سے ڈرنے والوں کے لئے آپ منذر ہیں کہ انہیں اس دن کے حالات پورے طور پر آگاہ فرمائیں (٤٦) قیامت کے دن دنیا کی زندگی انہیں اتنی نظر آئے گی۔

## سورۃ عبس

موضوع سورت

مساوات فی التعلیم

(١ تا ١٢) ترک مساوات فی التعلیم پر تنبیہ ہوئی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَزَّكّٰىٓ ﴿۳﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾

پاک ہوجائے یا وہ نصیحت پکڑے تو اس کو نصیحت نفع دے لیکن وہ جو پروا نہیں کرتا

فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ

سو آپ اس کے لئے توجہ کرتے ہیں حالانکہ آپ پر اس کے نہ سدھرنے کا کوئی الزام نہیں اور لیکن جو آپ کے

جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿۱۰﴾ كَلَّآ

پاس دوڑتا ہوا آیا اور وہ ڈر رہا ہے تو آپ اس سے بے پروائی کرتے ہیں ایسا نہیں چاہیئے

اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِىْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾

بیشک یہ تو ایک نصیحت ہے پس جو چاہے اس کو یاد کرے وہ عزت والے صحیفوں میں ہے

مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

جو بلند مرتبہ اور پاک ہیں ان لکھنے والوں کے ہاتھوں میں جو بڑے بزرگ نیکوکار ہیں

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ

انسان پر خدا کی مار وہ کیسا ناشکرا ہے اس نے کس چیز سے اس کو بنایا ایک

نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ

بوند سے اس کو بنایا پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا پھر اس پر راستہ آسان کر دیا پھر اس کو موت دی

فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾

پھر اس کو قبر میں رکھوایا پھر جب چاہے گا اس کو اٹھا کھڑا کرے گا ایسا نہیں چاہیئے اس نے تعمیل نہیں کی جو اس کو حکم دیا تھا

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾

پس انسان کو اپنے کھانے کی طرف غور کرنا چاہیئے کہ ہم نے اوپر سے مینہ برسایا

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا

پھر ہم نے زمین کو چیر کر پھاڑا پھر ہم نے اس میں اناج اگایا اور انگور

وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً

اور ترکاریاں اور زیتون اور کھجور اور گھنے باغ اور میوے



وقف لازم

## ربط آیات

(۳-۴) پچھلے صفحہ پر (۵ تا ۷) ان نالائقوں کی خاص رعایت رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں (۸ تا ۱۰) اس قسم کے

**خلاصہ رکوع**

تعلیم دین میں دنیاوی کی رعایت نہیں کرنی چاہیئے صحف قرآن کا رتبہ۔ ابتدائے خلقت اور انسان کے زندگی اور معاشرت کی ضروریات جب ایک طریقہ سے پوری ہوتی ہیں جس سے امیر و غریب یکساں نفع اٹھاتے ہیں تو تعلیم میں کیوں مساوات نہ ہو۔

ماخذ: (۱) آیت ۳، (۲) آیت ۱۱ تا ۱۴، (۳) آیت ۱۸، (۴) آیت ۲۱ تا ۳۱، (۵) آیت ۳۰ تا ۳۲۔

شائق تعلیم سے بے توجہی نہیں ہونی چاہیئے (۱۱-۱۲) اس تعلیم میں ہر شخص کو یکساں حق ہے (۱۳-۱۴) صحف قرآن اس قدر بلند مرتبہ ہیں (۱۵-۱۶) ان صحف کے محافظ ایسے پاکیزہ ترین فرشتے ہیں (۱۷) یہ کیسا ناشکرا ہے۔ اپنے مبدأ اور معاد پر غور نہیں کرتا (۱۸ تا ۲۰) سب کی پیدائش نطفہ سے ہے (۲۱) پھر سب قبروں میں دفن ہوں گے (۲۲) پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا سب کو اٹھائیگا (حب ان حالتوں میں سب برابر ہیں تو روحانی تعلیم پانے میں کیوں غربا سے علیحدگی چاہتے ہیں (۲۳) ہرگز نہیں انسان نے اپنا فرض ادا نہ کیا (۲۴ تا ۲۹) دیکھیے یہ رزق بارگاہِ الٰہی سے سب کے لئے یکساں پیدا ہوتا ہے یا امیر غریب کے رزق کا کوئی فرق ہے (۳۰ تا ۳۲) کیا ان میوہ جات کے پیدا ہونے میں امیر و غریب کا فرق ہے۔ کیا ایک ہی پانی سے پیدا نہیں ہوتے۔ جب ابتدا، انتہا اور معاشرت میں یکساں ہو تو تعلیم میں کیوں امتیاز چاہتے ہو۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَّ اَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَ لِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾

اور گھاس تمہارے لئے اور تمہارے چارپایوں کے لئے سامان حیات پھر جس وقت کانوں کا بہرا کرنے والا شور برپا ہوگا

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَ صَاحِبَتِهٖ

جس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی

وَ بَنِيْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

اور اپنے بیٹوں سے ہر شخص کی ایسی حالت ہوگی جو اس کو اوروں کی طرف سے بے پروا کر دے گی

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾

کچھ چہرے اس دن چمک رہے ہوں گے ہنستے ہوئے خوش و خرم

وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾

اور کچھ چہرے اس دن ایسے ہوں گے کہ ان پر گرد پڑی ہوگی ان پر سیاہی چھا رہی ہوگی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ ع

یہی لوگ ہیں منکر نافرمان

آیاتها ۲۹ (۸۱) سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ (۷) رکوعها ۱

آیتیں ۲۹ سورت تکویر مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿۱﴾ وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿۲﴾ وَ اِذَا

جب سورج کی روشنی لپیٹی جائے اور جب ستارے گر جائیں اور جب

الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿۳﴾ وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿۴﴾ وَ اِذَا الْوُحُوْشُ

پہاڑ چلائے جائیں اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں اور جب جنگلی جانور

حُشِرَتْ ﴿۵﴾ وَ اِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ﴿۶﴾ وَ اِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿۷﴾

اکٹھے ہو جائیں اور جب سمندر جوش دیئے جائیں اور جب جانیں جسموں سے ملائی جائیں

## ربط آیات

(۳۱، ۳۲) پچھلے صفحہ پر۔
(۳۳) جس دن قیامت کی آواز آئے گی (۳۴ تا ۳۷) قیامت کے دن یہ خاندانی گھمنڈ سارے چھوڑنے پڑیں گے بلکہ اپنے خاندان سے انسان کو نفرت ہوگی جب آئندہ یہ غرور ٹوٹے گا تو آج ہی کیوں اسے توڑ کر انسان سیدھا نہ ہو جائے۔ (۳۸، ۳۹) جنہوں نے غرور چھوڑا اور صحیح تعلیم پر اصلاح کر لی ان کی جنت ہوگی (۴۰ تا ۴۲) جنہوں نے آج دنیا میں غرور نہیں توڑا اور صحیح تعلیم نہیں پائی ان کی قیامت کے دن یہ حالت ہوگی۔

ع ۱ ۲ ۵

## سورۃ التکویر

(۱ تا ۹) بذریعہ قرآن منزل من اللہ

**خلاصہ رکوع**

نبی کے پاس علم کس طرح آتا ہے اور کہاں سے آتا ہے۔

ماخذ آیت ۱۹، ۲۰

علم الٰہی اس دن کام آئے گا جس دن یہ واقعات ظہور پذیر ہوں گے



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

رابطہ آیات (۸-۹) پچھلے صفحہ پر ۱ تا ۷ آیات میں ان ... یہ واقعات متحقق ہوں گے اس دن انسان سارے اعمال جزا و سزا کے لئے حاضر پائے گا۔ لہٰذا ہمیں اعمال صالحہ سے نجات مل سکتی ہے



وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ۝٨ بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَإِذَا
اور جب زندہ درگور لڑکی سے پوچھا جائے کہ کس گناہ پر ماری گئی تھی اور جب
الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝١١ وَإِذَا
اعمال نامے کھل جائیں اور آسمان کا پوست اتارا جائے اور جب
الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝١٢ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۝١٣ عَلِمَتْ
دوزخ دھکائی جائے اور جب جنت قریب لائی جائے تو ہر شخص جان
نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ۝١٤ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝١٥ الْجَوَارِ
لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے پس میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے سیدھے چلنے والے
الْكُنَّسِ ۝١٦ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۝١٧ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝١٨
غیب ہو جانے والے ستاروں کی اور قسم ہے رات کی جب جانے لگے اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے
إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝١٩ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ
بیشک یہ قرآن ایک معزز رسول کا لایا ہوا ہے جو قوت والا ہے عرش کے مالک کے نزدیک بڑے رتبہ
مَكِينٍ ۝٢٠ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝٢١ وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ۝٢٢
والا ہے وہاں کا سردار امانت دار ہے اور تمہارا رفیق کوئی دیوانہ نہیں ہے
وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝٢٣ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ
اور اس نے اس کو کھلے کنارے پر دیکھا بھی ہے اور وہ غیب کی باتوں پر
بِضَنِينٍ ۝٢٤ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝٢٥ فَأَيْنَ
بخیل نہیں ہے اور وہ کسی شیطان مردود کا قول نہیں ہے پس تم کہاں
تَذْهَبُونَ ۝٢٦ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝٢٧ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن
چلے جا رہے ہو یہ تو جہان بھر کے لئے نصیحت ہی نصیحت ہے اس کے لئے جو تم میں سے سیدھا
يَسْتَقِيمَ ۝٢٨ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝٢٩
چلنا چاہے اور تم تب ہی چاہو گے کہ جب اللہ چاہے گا جو تمام جہان کا رب ہے

ع ۱ ۲

منزل ۷

وسطی میں بیان ہے کہ ... اعمال جنیہ سے برکت ہوا دی ہوں ابکی تفصیل بھی قرآن کریم سے معلوم ہوگی ۱۵ تا ۱۸ جس طرح نظام مادی کے دو حصے ہیں ایک ظاہر اور دوسرا غیر ظاہر ... ایک پہچانا جاتا ہے اور غیر ظاہر ... ہر شخص جانتا ہے ... نظام سب مانتے ہیں۔ لیکن عوام الناس ان کی حرکات کے قواعد و ضوابط سے آشنا نہیں اور دوسرا حصہ نظام ... ہر شخص سمجھتا ہے۔ اسی طرح تعلیم روحانی کے نظام کے بھی دو حصے ہیں ایک ظاہر دوسرا غیر ظاہر ۱۹ تا ۲۱ نظام تعلیم روحانی کا یہ حصہ غیر ظاہر ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو پوری طرح جانتے اور پہچانتے ہیں اور آپ الصادق المصدوق ہیں۔ لہٰذا اس حصہ کا تفہیم آپ کی تصدیق پر یقین ہونا چاہیے ۲۲ نظام تعلیم روحانی کا یہ دوسرا حصہ ہے یعنی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مسعود، اس حصہ کو تم خود بھی اچھی طرح جانتے ہو لہٰذا تمہیں اس تعلیم روحانی کی تصدیق کرنی چاہیے اور اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے ۲۳ آپ نے جبرئیل علیہ السلام کو اصلی حالت میں بھی دیکھا ہے۔ لہٰذا جبرئیل ... سے آپ پہچان سکتے ہیں ۲۴ اور آپ اس علم پر بخیل نہیں جو غیب سے آرہا ہے ۲۵ اور یہ ... شیطان مردود کا کلام نہیں ہے ۲۶ تا ۲۸ یہ قرآن اس شخص کے لئے نصیحت ہے جو سیدھے راستہ پر چلنا چاہتا ہے ۲۹ اصل بات یہ ہے کہ مشیت ایزدی چاہیے تو تم اسے قبول کرو۔ تمہاری شامت اعمال کے باعث وہ نہیں چاہتا کہ ... ہم ایسے گروہوں کے گھیرے میں ڈالے جائیں۔

Downloaded from Al-mamrifat.org

## آیاتها ۱۹ (۸۲) سُورَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ (۸۲) رکوعها ۱

آیتیں ۱۹ سورت انفطار مکی ہے رکوع ۱

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا
جب آسمان پھٹ جائے اور جب تارے جھڑ جائیں اور جب
الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا
سمندر اُبل پڑیں اور جب قبریں اُکھاڑ دی جائیں تب ہر شخص جان لے گا کہ کیا
قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾ یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ﴿۶﴾
آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑ آیا اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارے میں کس چیز نے مغرور کر دیا
الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ
جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا پھر تجھے برابر کیا جس صورت میں چاہا تیرے اعضاء کو
رَكَّبَكَ ﴿۸﴾ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ ﴿۹﴾ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ
جوڑ دیا نہیں نہیں بلکہ تم جزا کو نہیں مانتے اور بیشک تم پر
لَحٰفِظِیْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ ﴿۱۱﴾ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾
محافظ ہیں عزت والے اعمال لکھنے والے وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو
اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ ﴿۱۴﴾
بیشک نیک لوگ نعمت میں ہوں گے اور بیشک نافرمان دوزخ میں ہوں گے
یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَاۤ
انصاف کے دن اس میں داخل ہوں گے اور وہ اس سے کہیں جانے نہ پائیں گے اور تجھے
اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۱۸﴾
کیا معلوم انصاف کا دن کیا ہے پھر تجھے کیا خبر کہ انصاف کا دن کیا ہے

### ربط آیات

**سورۃ الانفطار**

(۱ تا ۵) قیامت کے دن جب یہ واقعات ظاہر ہوں گے اس دن انسان اپنے پہلے بھیجے ہوئے اور اس کے مرنے کے بعد نتائج اعمال جو نتیجے ہوں گے سب حاضر پائے گا (۶ تا ۸) اے انسان تیرے ایسے مالک و خالق سے تعلق بگاڑنے کے لئے کس نے بہکایا (۹) در اصل یوم القیامت کا انکار تمہاری اس غرابی کا باعث ہے ورنہ انکار بہت بری چیز ہے (۱۰) تم قیامت کے دن کے منکر ہو حالانکہ اسی دن کی تیاری کے لئے تم پر محافظ معین ہیں جو تمہاری ہر نقل و حرکت کو ضبط کر رہے ہیں (۱۱) نہایت معزز لکھنے والے ہیں ہر چیز وہ امانت سے پوری لکھیں گے (۱۲) وہ تمہاری ہر نقل و حرکت سے آگاہ ہیں (۱۳ تا ۱۵) اس دن فیصلہ یہ ہوگا (۱۶) فجار اس جہنم سے چھپ نہیں سکیں گے (۱۷ تا ۱۹) یوم الدین وہ دن ہے جس دن رحمت و رنج عذاب و ثواب کی باگ فقط اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہوگی اور کوئی شخص کسی کے کام نہیں آسکے گا۔

**خلاصہ رکوع**

(۱) اپنے بنانے والے سے تعلق بگاڑنا نہ چاہیے ورنہ یوم المجازات میں بھلائی کی کوئی امید نہیں (۲) تعلق باللہ خراب ہونے کی حالت میں کوئی معین و ناصر نہیں ہو گا۔

ماخذ: (۱) آیت ۶ (۲) آیت ۱۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۖ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ ﴿١٩﴾ ع

جس دن کوئی کسی کے لئے کچھ بھی نہ کر سکے گا اور اس دن اللہ ہی کا حکم ہوگا

## آیاتہا ٣٦ (٨٣) سُورَةُ الْمُطَفِّفِينَ مَكِّيَّةٌ (٨٦) رکوعہا ١

آیتیں ٣٦ سورت مطففین مکی ہے رکوع ١

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ﴿١﴾ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ
کم تولنے والوں کے لئے تباہی ہے وہ لوگ کہ جب لوگوں سے ناپ کر لیں
يَسْتَوْفُونَ ﴿٢﴾ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ﴿٣﴾
تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں
أَلَا يَظُنُّ أُولَٰٓئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ﴿٤﴾ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٥﴾ يَوْمَ
کیا وہ خیال نہیں کرتے کہ وہ اٹھائے جائیں گے اس بڑے دن کے لئے جس دن
يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَٰلَمِينَ ﴿٦﴾ كَلَّآ إِنَّ كِتَٰبَ الْفُجَّارِ
سب لوگ ربّ العٰلمین کے سامنے کھڑے ہوں گے ہرگز ایسا نہیں چاہیئے بیشک نافرمانوں کے
لَفِي سِجِّينٍ ﴿٧﴾ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا سِجِّينٌ ﴿٨﴾ كِتَٰبٌ مَّرْقُومٌ ﴿٩﴾
اعمال نامے سجین میں ہیں اور آپ کو کیا خبر کہ سجین کیا ہے ایک دفتر ہے جس میں لکھا جاتا ہے
وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ﴿١٠﴾ الَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِيَوْمِ
اس دن جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے وہ جو انصاف کے دن کو جھٹلاتے
الدِّينِ ﴿١١﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهِۦٓ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ﴿١٢﴾ إِذَا
ہیں اور اس کو وہی جھٹلاتا ہے جو حد سے بڑھا ہوا گنہگار ہے جب
تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ كَلَّا ۖ بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ
اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے پہلوں کی کہانیاں ہیں ہرگز نہیں بلکہ ان کے بُرے کاموں

### ربط آیات
سورۃ مطففین

(١) مطفف کے لئے ہلاکت ہے (٢-٣) جو اپنا حق پورا لیتے ہیں اور دوسرے کا حق ناقص کر کے دیتے ہیں (٤-٥) کیا انہیں اس جی اٹھنے کا خیال نہیں (٦) جس دن حساب کتاب دینے کے لئے رب العلمین کے سامنے کھڑے ہوں گے (٧ تا ١١) فجار کا اعمال نامہ سجین میں ہوگا اور منکرین قیامت کے لئے اس دن ہلاکت ہوگی (١٢ ۔ ١٣) حدود الٰہیہ سے تجاوز کرنے والا گنہگار ہی اس دن کا انکار کر سکتا ہے جس کی آیات الٰہیہ کے متعلق یہ بُری رائے ہو۔

**خلاصہ رکوع**
وعید تطفیف۔ تطفیف سے مراد اپنا حق پورا لینا اور دوسرے کا حق دیتے وقت نقصان پہنچانا ہے۔
ماخذ ١ تا ٣۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿١٤﴾ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

سے ان کے دلوں پر زنگ لگ گیا ہے ہرگز نہیں بیشک وہ اپنے رب سے اس دن روک دیئے

لَّمَحْجُوبُونَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا

جائیں گے پھر بیشک وہ دوزخ میں گرنے والے ہیں پھر کہا جائے گا کہ یہی ہے وہ

الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾ كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي

جسے تم جھٹلاتے تھے ہرگز نہیں بیشک نیکوں کے اعمال نامے

عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾

علیین میں ہیں اور آپ کو کیا خبر کہ علیین کیا ہے ایک دفتر ہے جس میں لکھا جاتا ہے

يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ

اُسے مقرب فرشتے دیکھتے ہیں بیشک نیکوکار جنت میں ہوں گے تختوں پر بیٹھے

يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ

دیکھ رہے ہوں گے آپ ان کے چہروں میں نعمت کی تازگی معلوم کریں گے ان کو خالص

مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ

شراب مہر لگی ہوئی پلائی جائے گی اس کی مہر مشک کی ہوگی اور رغبت کرنے والوں کو اس کی

الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ

رغبت کرنی چاہیئے اور اس میں تسنیم ملی ہوگی وہ ایک چشمہ ہے اس میں سے

بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ

مقرب پئیں گے بیشک نافرمان (دُنیا میں) ایمان داروں سے

آمَنُوا يَضْحَكُونَ ﴿٢٩﴾ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ﴿٣٠﴾

ہنسی کیا کرتے تھے اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو آپس میں آنکھ سے اشارے کرتے تھے

وَإِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انقَلَبُوا فَكِهِينَ ﴿٣١﴾ وَإِذَا رَأَوْهُمْ

اور جب اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جاتے تو ہنستے ہوئے جاتے تھے اور جب ان کو دیکھتے

## ربط آیات

۱۴ ۱۳ آیات الٰہی افسانے نہیں۔ ان کے گناہوں کی سیاہی دلوں پر غالب آگئی ہے اس لئے یہ اس کی قدر نہیں کرتے (۱۵) قیامت کے دن یہ لوگ دیدار الٰہی سے محجوب ہوں گے (۱۶) پھر دوزخ میں داخل ہوں گے (۱۷) یہی وہ چیز ہے جس کی تکذیب کرتے تھے (۱۸ تا ۲۱) ابرار کا نامہ اعمال علیین میں ہوگا اور "علیین" دفتر ہے جہاں مقربین الٰہی رہتے ہیں (۲۲، ۲۳) ابرار تختوں پر ہوں گے تختوں پر بیٹھے سیر تماشا دیکھ رہے ہوں گے (۲۴) ان کے چہروں میں نعمتوں کی تازگی پہچانی جائے گی (۲۵-۲۶) اس قسم کی شراب پلائے جائیں گے (۲۷) اس شراب میں تسنیم کی ملاوٹ ہوگی (۲۸) تسنیم وہ چشمہ ہے جس سے مقرب الٰہی پئیں گے (۲۹ تا ۳۲) مطففین یا عام مجرمین نے نیکوں کا دنیا میں یہ مشغلہ تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

قَالُوٓا إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّونَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ
تو کہتے بیشک یہی گمراہ ہیں حالانکہ وہ ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے
حٰفِظِينَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِينَ اٰمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ﴿۳۴﴾
گئے تھے پس آج وہ لوگ جو ایمان لائے کفار سے ہنس رہے ہوں گے
عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُونَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿۳۶﴾
تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے آیا کافروں کو بدلہ دیا گیا ہے ان اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے

## سُورَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ
اٰيَاتُهَا ۲۵ | ۸۴ | ۸۳ | رُكُوعُهَا ۱

آیتیں ۲۵ سورت انشقاق مکی ہے رکوع ۱

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَإِذَا
جب آسمان پھٹ جائے گا اور اپنے رب کا حکم سن لے گا اور وہ اسی لائق ہے اور جب
الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَأَذِنَتْ
زمین پھیلا دی جائے گی اور جو کچھ اس میں ہے ڈال دے گی اور خالی ہو جائے گی اور اپنے رب کا حکم
لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ يٰٓأَيُّهَا الْإِنْسٰنُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلٰى رَبِّكَ
سن لے گی اور وہ اسی لائق ہے اے انسان تو اپنے رب کے پاس پہنچنے تک کام میں کوشش کر رہا ہے
كَدْحًا فَمُلٰقِيهِ ﴿۶﴾ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتٰبَهُ بِيَمِينِهِ ﴿۷﴾ فَسَوْفَ
پھر اس سے جا ملے گا پھر جس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا گیا تو اس سے
يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ﴿۸﴾ وَيَنْقَلِبُ إِلٰى أَهْلِهِ مَسْرُورًا ﴿۹﴾
آسانی کے ساتھ حساب لیا جائے گا اور وہ اپنے اہل و عیال میں خوش واپس آئے گا
وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتٰبَهُ وَرَآءَ ظَهْرِهِ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوا ثُبُورًا ﴿۱۱﴾
اور لیکن جس کو نامۂ اعمال پیٹھ پیچھے سے دیا گیا تو وہ موت کو پکارے گا

### ربط آیات
(۳۲) پچھلے صفحہ پر۔
(۳۳) حالانکہ ان مجرموں کو ابرار پر محافظ نہیں بنایا گیا تھا (۳۴) آج ابرار مجرموں پر ہنسیں گے۔
(۳۵) تختوں پر بیٹھے دیکھتے
(۳۶) کیا کفار کو بد اعمال کی سزا مل گئی ہے۔

ع ۸

### سورۃ الانشقاق
(۱ تا ۵) جس دن یہ واقعات متحقق ہوں گے اس دن تم سے حساب لیا جائے گا (۶) انسان

**خلاصہ رکوع**
یوم الجزاء میں اطاعت کی تشریح
ماخذ آیت ۷ تا ۱۲

دنیا میں اس کام کے لئے آیا ہے کہ اطاعت و انقیاد کی محنت کر کے جائے اور رب سے اس کا اجر پائے (۷ تا ۹) اطاعت و انقیاد کا حق ادا کرنے والوں سے یہ سلوک ہوگا (۱۰ تا ۱۲) عصیان و عدوان کو شیوہ بنانے والوں سے یہ سلوک ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿١٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿١٣﴾ اِنَّهٗ

اور دوزخ میں داخل ہوگا ۔ بیشک وہ اپنے اہل وعیال میں بڑا خوش وخرم تھا ۔ بیشک اس نے

ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿١٤﴾ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿١٥﴾

سمجھ لیا تھا کہ ہرگز نہ لوٹ کر جائے گا ۔ کیوں نہیں بیشک اس کا رب تو اس کو دیکھ رہا تھا

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿١٦﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿١٧﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا

پس شام کی سرخی کی قسم ہے ۔ اور رات کی اور جو کچھ اس نے سمیٹا ۔ اور چاند کی جب کہ وہ

اتَّسَقَ ﴿١٨﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿١٩﴾ فَمَا لَهُمْ لَا

پورا ہو جائے ۔ کہ تمہیں ایک منزل سے دوسری منزل پر چڑھنا ہوگا ۔ پھر انہیں کیا ہوگیا کہ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿٢١﴾

ایمان نہیں لاتے ۔ اور جب ان پر قرآن پڑھا جائے ۔ تو سجدہ نہیں کرتے

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

بلکہ جو لوگ منکر ہیں جھٹلاتے ہیں ۔ اور اللہ خوب جانتا ہے وہ جو

يُوْعُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٤﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

(دل میں محفوظ) رکھتے ہیں ۔ پس انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو ۔ مگر جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿٢٥﴾ ع

ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ۔ ان کے لئے ۔ بے انتہا اجر ہے

## آیاتها ٢٢ ﴿٨٥﴾ سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ ﴿٢٧﴾ رکوعها ١

آیتیں ٢٢ ۔ سورت بروج ۔ مکی ہے ۔ رکوع ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿١﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿٢﴾ وَشَاهِدٍ وَّ

آسمان کی قسم ہے جس میں برج ہیں ۔ اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے اور اس دن کی جو حاضر ہوتا

---

نصف

السجدة ١٣

ع ٩

### ربط آیات

(١٣،١٢) دنیا میں یہ شخص ملامت و احتساب دلی سے آزاد ہو کر خوش و خرم رہتا تھا (١٤) اس کا خیال تھا کہ ہرگز اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع نہیں ہوگا (١٥) رجوع تو یقینا ہونا تھا۔ اس کا رب اس کے تمام اعمال کو دیکھ رہا تھا (١٦ تا ١٩) جس طرح شفق غروب آفتاب کے بعد آتی ہے اس کے بعد رات چھا جاتی ہے اور چاند مکمل آتا ہے اسی طرح انسان پر بھی حالات مختلف وارد ہوتے رہیں گے۔ یہ بھی ایک حالت پر رہنے والا نہیں (٢٠) یہ لوگ کیوں ان حقائق کو تسلیم نہیں کرتے (٢١) قرآن جب انہیں سنایا جاتا ہے تو تسلیم نہیں ہوتے (٢٢) بلکہ قرآن کے حقائق کو جھٹلاتے ہیں (٢٣) اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال جمع شدہ کو خوب جانتا ہے (٢٤) انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیں (٢٥) اگر ایمان والے عذاب الٰہی سے محفوظ رہیں گے اور بے انتہا اجر پائیں گے۔

### سورۃ البروج

(١ تا ٣) آسمان ستاروں والا۔ قیامت کا دن، جمعہ کا دن اور عرفہ کا دن یہ سب چیزیں اس امر پر گواہ ہیں کہ خندقوں والے ہلاک کئے گئے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مَشْهُوْدٍ ۝۳ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝۴ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝۵

ہے اور اس کی کہ جس کے پاس حاضر ہوتے ہیں خندقوں والے ہلاک ہوئے جس میں آگ تھی بہت ایندھن والی

اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝۶ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

جبکہ وہ اس کے کناروں پر بیٹھے ہوئے تھے اور وہ ایمانداروں سے جو کچھ کر رہے تھے اس کو

شُهُوْدٌ ۝۷ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۸

دیکھ رہے تھے اور ان سے اسی کا تو بدلہ لے رہے تھے کہ وہ اللہ زبردست خوبیوں والے پر ایمان لائے تھے

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وہ کہ جس کے قبضہ میں آسمان اور زمین ہیں اور اللہ ہر چیز پر

شَهِيْدٌ ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ

شاہد ہے بیشک جنہوں نے ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو ستایا پھر

لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۝۱۰

توبہ نہ کی تو ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لئے جلانے والا عذاب ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام بھی کئے ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝۱۱ اِنَّ بَطْشَ

نہریں بہتی ہوں گی یہ بڑی کامیابی ہے بیشک تیرے رب

رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝۱۲ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝۱۳ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

کی پکڑ بھی سخت ہے بیشک وہی پہلے پیدا کرتا ہے اور دوبارہ پیدا کرے گا اور وہی ہے بخشنے والا

الْوَدُوْدُ ۝۱۴ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝۱۵ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝۱۶

محبت کرنے والا عرش کا مالک بڑی شان والا جو چاہے کرنے والا

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝۱۷ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝۱۸

کیا آپ کے پاس لشکروں کا حال پہنچا فرعون اور ثمود کے

**خلاصہ**

خداپرستوں کی دل آزاری کرنے والے گرفتِ الٰہی سے بچ نہیں سکتے

ماخذ آیت ۱۰

## ربط آیات

(۳-۴) پچھلے صفحہ پر

(۵-۶) اسی آگ میں ہلاک کئے گئے جس پر وہ بیٹھے ہوئے تھے

(۷) اور جب وہ مومنوں کی اس تکلیف کا مشاہدہ کر رہے تھے جو انہیں دے رہے تھے (۸-۹) مومنین کی تکلیف کا سبب فقط یہ تھا (۱۰) اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے مفسدوں کی سزا یہ ہے (۱۱) خدا پرستوں کی یہ جزا ہے (۱۲) اللہ تعالیٰ کی گرفت بڑی سخت ہے (۱۳) جو کہ مبدا و معاد و ناظم عالم پر وہی قابض ہے اس لئے ظالمین کا اس کی گرفت سے بچنا ناممکن ہے (۱۴) اور فرمانبرداروں کے لئے ان صفات سے متصف ہے۔ (۱۵) وہ عزیز ذات عرش سے لے کر فرش تک ملک کا مالک ہے (۱۶) جو چاہے کرے (۱۷-۱۸) کیا ان نافرمانوں پر اس کی گرفت کے واقعات تمہیں معلوم نہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآىِٕهِمْ

بلکہ منکر تو جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ ہر طرف سے ان کو گھیرے

مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ع

ہوئے ہے بلکہ وہ قرآن ہے بڑی شان والا لوح محفوظ میں (لکھا ہوا ہے)

## آیاتها ۱۷ سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ (۸۶) (۳۶) رکوعها ۱

آیتیں ۱۷ سورت طارق مکی ہے رکوع ۱

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ

آسمان کی قسم ہے اور رات کو آنے والے کی اور آپ کو کیا معلوم کہ رات کو آنے والا کیا ہے وہ چمکتا ہوا

الثَّاقِبُ ﴿۳﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْيَنْظُرِ

ستارہ ہے ایسی کوئی بھی جان نہیں کہ جس پر ایک محافظ مقرر نہ ہو پس انسان کو دیکھنا

الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْ

چاہیئے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے ایک اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پیٹھ اور سینے

بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآىِٕبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾

کی ہڈیوں کے درمیان میں سے نکلتا ہے بیشک وہ اس کے لوٹانے پر قادر ہے

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآىِٕرُ ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ

جس دن بھید ظاہر کئے جائیں گے تو اس کے لئے نہ کوئی طاقت ہوگی اور نہ کوئی مددگار آسمان بارش

ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ

والے کی قسم ہے اور زمین کی جو پھٹ جاتی ہے بیشک قرآن قطعی

فَصْلٌ ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّ

بات ہے اور وہ ہنسی کی بات نہیں ہے بیشک وہ ایک تدبیر کر رہے ہیں اور

### ربط آیات

(۱۹-۲۰) کفار محض تکذیب میں مبتلا ہیں اور وہ ان پر پورا قابض ہے۔ (۲۱-۲۲) اس قرآن کا یہ کیا بگاڑ سکتے ہیں۔ وہ لوح محفوظ میں محفوظ ہے۔

ع ۱ ۲۴ ۱۰

### سورۃ الطارق

(۱ تا ۳) آسمان اور ستارے شاہد ہیں (۴) کہ ہر نفس پر ایک محافظ معین ہے (۵) پھر انسان اپنی پہلی پیدائش پر غور کرے۔ (۸) تو اسے یہ سمجھ میں آجائے کہ اللہ تعالیٰ دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے (۹-۱۰) جس دن دوبارہ انسان پیدا ہوگا۔ اس کے

**خلاصہ**
رفع استبعاد قیامت۔
ماخذ آیت ۰ تا ۸

مخفی راز ظاہر کئے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچنے کے لئے کوئی طاقت اور کوئی مددگار اس کا نہیں ہوگا (۱۱ تا ۱۳) جس طرح آسمان اور زمین کی قوتوں سے روزانہ کام لے کر نباتات پیدا کئے جاتے ہیں اسی طرح انہیں قوتوں سے کام لے کر دوبارہ انسان بنایا جائے گا۔ (۱۴) بعث بعد الموت واقعی ہے مذاق نہیں (۱۵ تا ۱۷) یہ اس مسئلہ کی تردید کے لئے تدبیر کرتے ہیں۔ اور ہم اس کے ذہن نشین کرانے کے درپے ہیں انہیں گرفت ہونے میں چند روزہ مہلت ہی باقی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

أَكِيدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾ ع

میں بھی ایک تدبیر کر رہا ہوں پس کافروں کو تھوڑے دنوں کی مہلت دے دو

## ایاتہا ١٩ ‏ سُورَةُ الْأَعْلَىٰ مَكِّيَّةٌ ٨٧ ‏ رکوعہا ١

آیتیں ١٩ ‏ سورت اعلیٰ مکی ہے ‏ رکوع ١

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ﴿١﴾ الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّىٰ ﴿٢﴾ وَالَّذِي

اپنے رب کے نام کی تسبیح کیا کر جو سب سے اعلیٰ ہے وہ جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک بنایا اور جس نے اندازہ

قَدَّرَ فَهَدَىٰ ﴿٣﴾ وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعَىٰ ﴿٤﴾ فَجَعَلَهُ غُثَاءً

ٹھہرایا پھر راہ دکھائی اور وہ جس نے چارہ نکالا پھر اس کو خشک چورا

أَحْوَىٰ ﴿٥﴾ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰ ﴿٦﴾ إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ

سیاہ کر دیا البتہ ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہ بھولیں گے مگر جو اللہ چاہے بیشک وہ

يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَىٰ ﴿٧﴾ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَىٰ ﴿٨﴾ فَذَكِّرْ إِن

ہر ظاہر اور چھپی بات کو جانتا ہے اور ہم آپ کو آسان شریعت کے سمجھنے کی توفیق دیں گے پس آپ نصیحت

نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ﴿٩﴾ سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ﴿١٠﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا

کیجئے اگر نصیحت فائدہ دے جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ جلدی سمجھ جائے گا اور اس سے بڑا بدنصیب

الْأَشْقَى ﴿١١﴾ الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ ﴿١٢﴾ ثُمَّ لَا يَمُوتُ

الگ رہے گا جو سخت آگ میں داخل ہوگا پھر اس میں نہ تو مرے گا

فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿١٣﴾ قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ

اور نہ جیئے گا بیشک وہ کامیاب ہوا جو پاک ہوگیا اور اپنے رب کا نام یاد کیا

فَصَلَّىٰ ﴿١٥﴾ بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٧﴾

پھر نماز پڑھی بلکہ تم تو دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت بہتر اور زیادہ پائیدار ہے

### ربط آیات

(١٦-١٧) پچھلے صفحہ پر۔

**سورۃ الاعلیٰ**

(١، ٢) اس رب اعلیٰ کے نام کی تسبیح پڑھ جس نے پیدا کیا۔ (٣) اس نے پہلے تقدیر کی پھر اس کے مطابق رہنمائی فرمائی (٤) جس نے چراگاہ بنائے (٥) پھر اسے سیاہ خس و خاشاک بنا دیا۔ (٦) جس نے جانوروں کے لئے گھاس بنائی ہے وہی تمہیں خلق اللہ کی ہدایت کے لئے علم سکھائے گا (٧) جو اللہ تعالیٰ چاہے گا وہ آپ

> خلاصہ :۔
> (١) ضرورت نبوت (٢) اور طریقہ تسبیح
> ماخذ (١) آیت ١ تا ٦
> (٢) آیت ٩

آپ مبارک سے خود محو ہو جائے گا۔ (٨) اس آسان شریعت پر چلنے کے لئے ہم آپ کو توفیق دیں گے (٩) نصیحت جہاں نفع اور سود مند ہو فرمائیں (١٠) خوف رکھنے والے اس سے یقیناً مستفید ہوں گے (١١) بدبخت محروم رہیں گے (١٢) جن کا ٹھکانہ جہنم میں ہونے والا ہے۔ (١٣) داخلہ کے بعد ان کی حالت ہوگی (١٤) تزکیہ نفس کرنے والے نجات پائیں گے (١٥) تزکیہ نفس کرنے والے حضرات وہ ہیں۔ (١٦) تمہیں تزکیہ کے بجائے دنیا پیاری ہے (١٧) حالانکہ آخرت بہتر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

إِنَّ هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ﴿١٨﴾ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ﴿١٩﴾ ع ١ / ١٢

بےشک یہی پہلے صحیفوں میں ہے (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں

## آياتها ٢٦ (٨٨) سُورَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ (٦٨) ركوعها ١

آیتیں ٢٦ سورۃ غاشیہ مکی ہے رکوع ١

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾

کیا آپکے پاس سب پر چھا جانے والی (قیامت) کا حال پہنچا کئی چہروں پر اس دن ذلت برس رہی ہوگی

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿٣﴾ تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً ﴿٤﴾ تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ

محنت کرنے والے تھکنے والے دھکتی ہوئی آگ میں گریں گے انہیں اُبلتے ہوئے چشمے سے

آنِيَةٍ ﴿٥﴾ لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ ﴿٦﴾ لَّا يُسْمِنُ

پلایا جائے گا ان کیلئے کوئی کھانا سوائے کانٹے دار جھاڑی کے نہ ہوگا جو نہ فربہ کرتی ہے

وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ ﴿٧﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿٨﴾ لِّسَعْيِهَا

اور نہ بھوک کو دور کرتی ہے کئی مُنہ اس دن بشاش بشاش ہوں گے اپنی کوشش سے

رَاضِيَةٌ ﴿٩﴾ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿١٠﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ﴿١١﴾ فِيهَا

خوش ہوں گے اُونچے باغ میں ہوں گے وہاں کوئی لغو بات نہیں سنیں گے وہاں ایک

عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿١٢﴾ فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ ﴿١٣﴾ وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ﴿١٤﴾

چشمہ جاری ہوگا وہاں اُونچے اُونچے تخت ہوں گے اور آبخورے سامنے چُنے ہوئے

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ﴿١٥﴾ وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ﴿١٦﴾ أَفَلَا يَنظُرُونَ

اور گاؤ تکیے قطار سے لگے ہوئے اور مخملی فرش بچھے ہوئے پھر کیا وہ اونٹوں کی طرف نہیں

إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾

دیکھتے کہ کیسے بنائے گئے ہیں اور آسمان کی طرف کہ کیسے بلند کئے گئے ہیں

### ربط آیات

(١٨، ١٩) ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحائف میں بھی اس کا اعلان ہو چکا ہے۔

سورۃ الغاشیہ

**خلاصہ**

غاشیہ کے قسام مع نتائج اعمال ماخذ آیت ٢ تا ٢٦۔

(١) اے مخاطب کیا قیامت کا حال معلوم ہے (٢ تا ٧) اس دن انسانوں کی ایک جماعت کا یہ حال ہوگا (٤ تا ٧) جہنم کا داخلہ اور خورد و نوش ان کی سزا ہوگی (٨، ٩) دوسری جماعت انسانوں کی نہایت خوش ہوگی۔ اپنی کوشش سے راضی ہوگی (١٠ تا ١٦) اس جماعت کا مقام جنت ہوگا اور وہاں ان کے آرام کے سامان یہاں گے (١٧ تا ٢٠) کام کرنے والی جماعت کو اپنی صفات پیدا کرنی چاہئیں سواری کی برداشت کی سی، بلند مقصد آسمان کی طرح استقامت پہاڑوں کی سی اور فروتنی زمین کی سی۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ

اور پہاڑوں کی طرف کہ کیسے کھڑے کئے گئے ہیں اور زمین کی طرف کہ کیسے بچھائی

سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَّسْتَ عَلَيْهِم

گئی ہے پس آپ نصیحت کیجئے بیشک آپ تو نصیحت کرنے والے ہیں آپ ان پر کوئی

بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ

داروغہ نہیں ہیں مگر جس نے منہ موڑا اور انکار کیا سو اسے اللہ بہت بڑا عذاب

الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ﴿٢٦﴾

دے گا بیشک ہماری طرف ہی ان کو لوٹ کر آنا ہے پھر ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے

## آياتها ٣٠ — سُورَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ٨٩ (١٠) — ركوعها ١

آیتیں تیس سورۃ فجر مکی ہے رکوع ١

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا

فجر کی قسم ہے اور دس راتوں کی اور جفت اور طاق کی اور رات کی جب وہ

يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِي حِجْرٍ ﴿٥﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ

گزر جائے ان چیزوں کی قسم عقلمندوں کے واسطے معتبر ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے

فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿٧﴾ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ

رب نے عاد کے ساتھ کیا سلوک کیا جو نسل ارم سے ستونوں والے تھے کہ ان جیسا شہروں میں پیدا

مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿٨﴾ وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿٩﴾

نہیں کیا گیا اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے پتھروں کو وادی میں تراشا تھا

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿١٠﴾ الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿١١﴾

اور فرعون میخوں والے کے ساتھ ان سب نے ملک میں سرکشی کی

### ربط آیات

(۱۹، ۲۰) پچھلے سے ربط ہے۔ (۲۱) آپ کا کام فقط تذکیر ہے۔ (۲۲) آپ عمل کرانے کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ (۲۳، ۲۴) استثنا منقطع ہے: تذکیر کے بعد جس نے تولی اختیار کی اور کفر کیا اس کی یہ سزا ہے اور سزا یقینی ہے کیونکہ سب کا رجوع حق تعالیٰ کی طرف ہے اور حساب کتاب اسی نے لینا ہے۔

ع ٢ — الخمس ١

### سورۃ الفجر

(۱ تا ۵) عقلمندوں کے لئے ان واقعات میں کافی شہادت ہے

> **خلاصہ**
>
> دشمنوں کی جزا و سزا دنیا میں شروع ہو جاتی ہے اور حساب کتاب دنیا و آخرت میں پورا ہوتا ہے جن کا حال سے بچنا ہے۔
>
> ماخذ: (۱) آیت ۱۱ تا ۱۳۔ (۲) آیت ۱۷ تا ۲۰۔

کہ جزا و سزا کل کرتی ہے (۶) تا (۸) اجمالی تنبیہ ہے جو اسی قاعدہ کی ایک مثال ہے (۹) (۱۰) یہ واقعات بھی اسی قاعدہ کی مثالیں ہیں۔ (۱۱ تا ۱۳) ان قوموں کی تباہی کا اصل سبب خدا تعالیٰ کے ملک میں فساد پھیلانا تھا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿١٢﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ

پھر انہوں نے بہت فساد پھیلایا — پھر ان پر تیرے رب نے عذاب — کا کوڑا

عَذَابٍ ﴿١٣﴾ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا

پھینکا — بیشک آپ کا رب تاک میں ہے — لیکن انسان تو ایسا ہے — کہ جب

مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿١٥﴾

اسے اس کا رب آزماتا ہے پھر اسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت بخشی ہے

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي

لیکن جب اسے آزماتا ہے پھر اس پر اس کی روزی تنگ کرتا ہے تو کہتا ہے — میرے رب نے مجھے

أَهَانَنِ ﴿١٦﴾ كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿١٧﴾ وَلَا تَحَاضُّونَ

ذلیل کر دیا — ہرگز نہیں بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے — اور نہ مسکین کو کھانا

عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿١٨﴾ وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾

کھلانے کی ترغیب دیتے ہو — اور میت کا ترکہ سب سمیٹ کر کھا جاتے ہو

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا

اور مال سے بہت زیادہ محبت رکھتے ہو — ہرگز نہیں جب زمین کوٹ کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دی

دَكًّا ﴿٢١﴾ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾ وَجِيءَ

جائے گی — اور آپ کے رب کا تخت آ جائے گا اور فرشتے بھی صف بستہ چلے آئیں گے — اور اس دن

يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ

دوزخ لائی جائے گی — اس دن انسان سمجھے گا — اور اس وقت اس کو

الذِّكْرَىٰ ﴿٢٣﴾ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ﴿٢٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ

سمجھنا کیا فائدہ دے گا — کہے گا اے کاش میں اپنی زندگی کے لئے کچھ آگے بھیجتا — پس اس دن

لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ﴿٢٥﴾ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ﴿٢٦﴾

اس کا سا عذاب کوئی بھی نہ دے گا — اور نہ اس کے جکڑنے کے برابر کوئی جکڑنے والا ہو گا

## ربطِ آیات

(۱۲-۱۳) پچھلے صفحہ پر
(۱۴) اللہ تعالیٰ ہر بندے کے
افعال پر پوری پوری نگرانی رکھتے ہیں (۱۵)
کبھی تو اعمالِ صالحہ کی برکت سے
اسے اکرام ملتا ہے (۱۶) اور
کبھی بد اعمال کی شامت کے
باعث تنگی پہنچتی ہے لیکن انسان
بجائے اپنے اعمال کے خدا تعالیٰ
کو ملزم قرار دیتا ہے (۱۷ تا
۲۰) اس تکلیف کا سبب تمہاری
اپنی بد اعمالی ہے (۲۱ تا ۲۳)
ان غافلوں کی آنکھ قیامت کے
دن کھلے گی (۲۴) اس دن
دستِ حسرت مل رہے گا۔
(۲۵-۲۶) خدا تعالیٰ کے
نافرمانوں کو ایسی سخت سزا دیگا



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

يَٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفْسُ ٱلْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾ ٱرْجِعِىٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً

(ارشاد ہوگا) اے اطمینان والی رُوح اپنے رب کی طرف لوٹ چل تو اس سے راضی

مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾ فَٱدْخُلِى فِى عِبَٰدِى ﴿٢٩﴾ وَٱدْخُلِى جَنَّتِى ﴿٣٠﴾

وہ تجھ سے راضی پس میرے بندوں میں شامل ہو اور میری جنت میں داخل ہو

## آیاتہا ٢٠ (٩٠) سُورَةُ ٱلْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ (٣٥) رکوعہا ١

آیتیں ٢٠ سورت بلد مکی ہے رکوع ١

## بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ أُقْسِمُ بِهَٰذَا ٱلْبَلَدِ ﴿١﴾ وَأَنتَ حِلٌّۢ بِهَٰذَا ٱلْبَلَدِ ﴿٢﴾ وَ

اس شہر کی قسم ہے حالانکہ آپ اس شہر میں مقیم ہیں اور

وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ ﴿٣﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ فِى كَبَدٍ ﴿٤﴾

باپ کی اور اس کی اولاد کی قسم ہے کہ بیشک ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے

أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ ﴿٥﴾ يَقُولُ أَهْلَكْتُ

کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کوئی بھی ہرگز قابو نہ پا سکے گا کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں

مَالًا لُّبَدًا ﴿٦﴾ أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُۥٓ أَحَدٌ ﴿٧﴾ أَلَمْ نَجْعَل

مال برباد کر ڈالا کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اسے کسی نے بھی نہیں دیکھا کیا ہم نے اس کے

لَّهُۥ عَيْنَيْنِ ﴿٨﴾ وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ ﴿٩﴾ وَهَدَيْنَٰهُ ٱلنَّجْدَيْنِ ﴿١٠﴾

لئے دو آنکھیں نہیں بنائیں اور زبان اور دو ہونٹ اور ہم نے اسے دونوں راستے دکھائے

فَلَا ٱقْتَحَمَ ٱلْعَقَبَةَ ﴿١١﴾ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا ٱلْعَقَبَةُ ﴿١٢﴾ فَكُّ

پس وہ (دین کی) گھاٹی میں سے نہ ہو کر نکلا اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ گھاٹی کیا ہے گردن کا

رَقَبَةٍ ﴿١٣﴾ أَوْ إِطْعَٰمٌ فِى يَوْمٍ ذِى مَسْغَبَةٍ ﴿١٤﴾ يَتِيمًا

چھڑانا یا بھوک کے دن میں کھلانا کسی رشتہ دار

### ربط آیات

ع ١ ١٣

(٢٧ تا ٣٠) مرتے وقت نفس مطمئنہ کو یہ پیغام بشارت آئے گا۔

**سُورَةُ البلد**

(١-٢) آپ کے قیام کو مکہ (٣) اور بچہ پیدا ہونے کے وقت ماں بچہ کی حالت (٤) اس لحاظ پر گراہ ہے کہ دنیا میں انسان آرام پانے کے لئے نہیں آیا ہے (٥) کیا انسان کا یہ خیال ہے اس لئے بے فکر ہے (٦)

> **خلاصہ**
>
> انسان دنیا میں آرام پانے نہیں بلکہ کام کرنے آیا ہے۔
>
> ماخذ آیت ٤۔

تسلی سے یہ کہتا ہے (٧) کیا باطل پرست اس خیال میں مگن ہے (٨-٩) ان ذرائع سے کام لے اور حق کی تلاش کرے (١٠) ہم نے نیک و بد کی تمیز اس کے اندر پیدا کر دی ہے (١١)۔ (١٢) انسان اپنے فرض منصبی کی دشوار گذار گھاٹی پر نہیں چڑھا (١٣ تا ١٦) فرائض انسانی یہ ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿١٥﴾ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿١٦﴾ ثُمَّ كَانَ

یتیم کو یا کسی خاک نشین مسکین کو پھر وہ ان میں سے ہو

مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿١٧﴾

جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی اور رحم کرنے کی وصیت کی

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ

یہی لوگ دائیں والے ہیں اور جنہوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا وہی

أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿١٩﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾ ع ١ / ١٥

بائیں والے ہیں انہیں پر چاروں طرف سے بند کی ہوئی آگ ہوگی

## آیاتها ١٥ (٩١) سُورَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ (٢٦) ركوعها ١

آیتیں ۱۵ سورت شمس مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ﴿١﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ﴿٢﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا

سورج کی اور اس کی دھوپ کی قسم ہے اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے اور دن کی جب وہ اس کو

جَلَّاهَا ﴿٣﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ﴿٤﴾ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ﴿٥﴾

روشن کرے اور رات کی جب کہ وہ اس کو ڈھانپ لے اور آسمان کی اور اس کی جس نے اس کو بنایا

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا ﴿٦﴾ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ﴿٧﴾ فَأَلْهَمَهَا

اور زمین اور اس کی جس نے اس کو بچھایا اور جان کی اور اس کی جس نے اس کو درست کیا پھر اس کو اس کی

فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ﴿٨﴾ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ﴿٩﴾ وَقَدْ خَابَ

بدی اور نیکی سمجھائی بیشک وہ کامیاب ہوا جس نے اپنی روح کو پاک کر لیا اور بیشک وہ غارت ہوا

مَنْ دَسَّاهَا ﴿١٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ﴿١١﴾ إِذِ انْبَعَثَ

جس نے اس کو آلودہ کر لیا ثمود نے اپنی سرکشی سے صالح کو جھٹلایا تھا جبکہ ان میں کا بڑا

### ربط آیات

(۱۷) انفاق فی سبیل اللہ کے بعد ایمان وغیرہ یہ چیزیں بھی ہوں۔ (۱۸) اب ان مقربین الٰہی میں جگہ ملے گی (۱۹، ۲۰) مخالفین قرآن و غیر انفاقی کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

### سورۃ الشمس

(۱ تا ۸) ذات باری جل مجدہٗ اور نظام عالم کے بڑے بڑے ارکان اور خود نفس انسان اس بات پر گواہ ہے (۹-۱۰) کہ انسان فلاح تزکیہ نفس سے پاتا ہے اور تباہی و خسران تب آتی ہے جب فسق و فجور سے اپنے آپ کو ڈھانپ لے (۱۱-۱۲) قوم ثمود کا واقعہ سابقہ قاعدہ کی ایک مثال ہے۔

**خلاصہ**

مظاہر قدرت نے ابتدائے عالم سے مشاہدہ کرا دیا ہے کہ اخلاق حمیدہ والی قوموں نے نجات پائی اور بد خلق قومیں ہمیشہ قعر ذلت میں گرتی رہیں جن کی ایک مثال قوم ثمود ہے۔
ماخذ آیت ۹ تا ۱۱



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اَشْقٰىهَا ﴿۱۲﴾ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾

بدبخت اُٹھا پس ان سے اللہ کے رسول نے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے بچو

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

پس انہوں نے اس کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر ان پر ان کے ربّ نے ان کے گناہوں کے بدلے ہلاکت

بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾ ع ۱ / ۱۲

نازل کی پھر ان کو برابر کردیا اور اس نے اس کے انجام کی پروا نہ کی

## اٰیاتها ۲۱ (۹۲) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (۹) رکوعها ۱

آیتیں ۲۱ سُورت لیل مکی ہے رکوع ۱

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ

رات کی قسم ہے جبکہ وہ چھا جائے اور دن کی جبکہ وہ روشن ہو اور اس کی قسم کہ جس نے

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى

نر و مادہ کو بنایا بیشک تمہاری کوشش مختلف ہے، پھر جس نے دیا

وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾

اور پرہیزگاری کی اور نیک بات کی تصدیق کی تو ہم اس کے لئے جنت کی راہیں آسان کردیں گے

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿۸﴾ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ

اور لیکن جس نے بخل کیا اور بے پروا رہا اور نیک بات کو جھٹلایا تو ہم اس کے لئے جہنم کی راہیں

لِلْعُسْرٰى ﴿۱۰﴾ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾ اِنَّ عَلَيْنَا

آسان کردیں گے اور اس کا مال اس کے کچھ بھی کام نہ آئے گا جبکہ وہ گڑھے میں گرے گا بیشک ہمارے ذمے

لَلْهُدٰى ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ

راہ دکھانا ہے اور بیشک ہمارے ہی ہاتھ میں آخرت بھی اور دنیا بھی ہے پس میں نے تمہیں خبر کردی ہو ئی.

## ربط آیات

(۱۲) پچھلے صفحہ پر۔
(۱۳، ۱۴) ان کے رسول صالح علیہ السلام نے انہیں برائی سے منع کیا لیکن وہ باز نہ آئے (۱۵) پھر اللہ تعالیٰ کا عذاب ان سب پر آیا اور اللہ تعالیٰ کو اس عذاب کی عاقبت کا کوئی خطرہ نہ تھا.

### سورۃ اللیل

(۱ تا ۳) ان چیزوں میں غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے (۴) کہ انسانوں کی کوشش میں اختلاف ہے (۵، ۶) جس کی سعی کا یہ طریقہ ہے (۷) اس کے یہ نتائج نکلیں گے (۸، ۹) اور جس کی سعی کا یہ مسلک ہے (۱۰) اس کے نتائج یہ نکلیں گے (۱۱) اس مکذب کو مال کوئی نفع نہیں دیگا. (۱۲) ہدایت کا واضح کرنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے (۱۳) علاوہ اس کے دنیا اور آخرت کے تمام امور کی باگ ڈور اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے۔

### خلاصہ

قرآن طیبہ کے اختلاف اور بعض اشرات اتحاد جیسے کہ اختلاف ہے اعمال انسانی میں اختلاف لازمی ہے اعمال حسنہ والوں کے لئے دنیوی اور اخروی نجات لازمی ہے اور بداخلاقوں کے لئے دنیوی اور اخروی ذلت لازمی ہے
ماخذ (۱) آیت ۱، ۲، ۳، ۴.
(۲) آیت ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰.



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

نَارًا تَلَظّٰى ﴿١٤﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿١٥﴾ الَّذِيْ كَذَّبَ

آگ سے ڈرا دیا ہے جس میں صرف وہی بدبخت داخل ہوگا جس نے جھٹلایا اور

وَتَوَلّٰى ﴿١٦﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ

منہ موڑا اور اس آگ سے وہ بڑا پرہیزگار دور رہے گا جو اپنا مال دیتا ہے تاکہ وہ

يَتَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰىٓ ﴿١٩﴾

پاک ہوجائے اور اس پر کسی کا کوئی احسان نہیں کہ جس کا بدلہ دیا جائے

اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿٢١﴾

وہ تو صرف اپنے سب سے برتر رب کی رضامندی کے لئے دیتا ہے اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا

ع ۱ / ۱۷

## اٰیاتھا (۱۱) سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ (۹۳) رکوعھا ۱

آیتیں ۱۱ سورت ضحیٰ مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿١﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿٢﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿٣﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

دن کی روشنی کی قسم ہے اور رات کی جب وہ چھا جائے آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ بیزار ہوا ہے اور البتہ آخرت

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿٤﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿٥﴾

آپ کے لئے دنیا سے بہتر ہے اور آپ کا رب آپ کو (اتنا) دے گا کہ آپ خوش ہوجائیں گے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿٦﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿٧﴾

کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا تھا پھر جگہ دی اور آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا پھر (شریعت کا) راستہ بتایا

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿٨﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿٩﴾

اور اس نے آپ کو تنگدست پایا پھر غنی کر دیا پھر یتیم کو دبایا نہ کرو

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿١٠﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿١١﴾

اور سائل کو جھڑکا نہ کرو اور ہر حال میں اپنے رب کے احسان کا ذکر کیا کرو

ع ۱ / ۱۸

### ربط آیات

(۱۴ تا ۱۶) آگ میں داخل ہونے والے مکذب اور حق سے اعراض کرنے والے ہوں گے (۱۷ ـ ۱۸) اس جہنم سے بچنے والوں کے یہ اوصاف ہیں (۱۹ ـ ۲۰) نجات پانے والے محض اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے بندگان خدا کی خدمت کرتے ہیں (۲۱) ایسے بندوں کو اللہ تعالیٰ عنقریب راضی کر دے گا۔

### سورۃ الضحیٰ

(۱ ـ ۲) یہ چیزیں اس امر پر گواہ ہیں (۳) کہ آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ بیزار ہوا ہے (۴) وحی بند ہونے کے بعد دوبارہ جب وحی نازل ہوگی تو وہ حالت آپ کے لئے پہلی سے بہتر ہوگی (۵) آپ کو اللہ تعالیٰ اجر عطا فرمائے گا۔ تب آپ بہت خوش ہوں گے۔ (۶ تا ۸) کیا ان مصائب میں اللہ تعالیٰ نے پہلے کبھی آپ کا ساتھ چھوڑا ہے ہرگز نہیں (۹ ـ ۱۰) فترۃ الوحی کے وقت ان مساکین کی خدمت کیجئے واللہ اعلم (۱۱) اور نعمت رب یعنی قرآن کو پڑھایئے۔ واللہ اعلم۔

**خلاصہ**

زمانہ فترۃ الوحی تو ثبوت ایمانیہ کے لئے موجب تکمیل ہے۔

ماخذ آیت ۱ تا ۳



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۸ سُورَةُ الْمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ (۱۲) (۹۴) رکوعها ۱

آیتیں ۸ سورت الم نشرح کی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿۲﴾

کیا ہم نے آپ کا سینہ نہیں کھول دیا اور کیا آپ سے آپ کا وہ بوجھ نہیں اتار دیا

الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۭ﴿۴﴾

جس نے آپ کی کمر جھکا دی تھی اور ہم نے آپ کا ذکر بلند کر دیا

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۭ﴿۶﴾

پس بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ﴿۸﴾ ع ۱ ۱۹

پس جب آپ تبلیغ احکام سے فارغ ہوں تو ریاضت کیجئے اور اپنے رب کی طرف دل لگائیے

آیاتها ۸ سُورَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ (۲۸) (۹۵) رکوعها ۱

آیتیں ۸ سورت تین کی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ

انجیر اور زیتون کی قسم ہے اور طور سینا کی اور اس شہر (مکہ) کی جو

الْاَمِيْنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۡ﴿۴﴾

امن والا ہے بیشک ہم نے انسان کو بڑے عمدہ انداز میں پیدا کیا ہے

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

پھر ہم نے اسے سب سے نیچے پھینک دیا ہے مگر جو ایمان لائے اور نیک

---

**ربط آیات**

**سورۃ الم نشرح**

(۱) اللہ تعالیٰ آپ کے اصحاب کے بوجھ بیزار کیسے ہو بلکہ اس نے تو آپ کی شرح صدر فرمائی ہے (۲)۔

| |
|---|
| خلاصہ |
| تحت سورۃ والضحیٰ۔ |
| ماخذ آیت ۱، ۴ |

(۳) اور علاوہ اس کے یہ انعام بھی کیا کہ اصلاح امت کے نئے حسین قانون کی ضرورت تھی وہ عطا فرما کر آپ کا بوجھ اتار دیا (۴) اور آپ کا ذکر خیر شرط ایمان میں ہے (۵۔۶) آپ نہ گھبرائیں عسر کے بعد یسر لازمی ہے۔ (۷۔۸) تبلیغ رسالت سے فراغت کے وقت یہ کام کیا کیجئے۔

**سورۃ التین**

(۱ تا ۴) یہ اشیاء انسان کے احسن تقویم ہونے پر گواہ ہیں (۵) اگر انسان فرض منصبی ادا نہ کرے تو

| |
|---|
| خلاصہ |
| انسان اگر فرض منصبی ادا کرے تو بہترین مخلوقات اور اگر فرض منصبی ادا نہ کرے تو بدترین مخلوقات۔ |
| ماخذ آیت ۵۔۶ |

پھر اس سے بدتر کوئی چیز نہیں



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦ فَمَا يُكَذِّبُكَ

کام کئے سو ان کے لئے تو بے انتہا بدلہ ہے پھر اس کے بعد آپ کو

بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨ ع

قیامت کے معاملہ میں کون جھٹلا سکتا ہے۔ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں (ضرور ہے)

## اٰيَاتُهَا ١٩ (٩٦) سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ (١) رُكُوْعُهَا ١

آیتیں ۱۹ سورت علق مکی ہے رکوع ۱

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝١ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

اپنے رب کے نام سے پڑھیئے جس نے سب کو پیدا کیا انسان کو خون بستہ سے

عَلَقٍ ۝٢ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝٣ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤

پیدا کیا پڑھیئے اور آپ کا رب سب سے بڑھ کر کرم والا ہے جس نے قلم سے سکھایا

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦

انسان کو سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا ہرگز نہیں بیشک آدمی سرکش ہو جاتا ہے

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝٨ اَرَءَيْتَ

جبکہ اپنے آپ کو غنی پاتا ہے بیشک آپ کے رب ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے کیا آپ نے اس کو

الَّذِيْ يَنْهٰى ۝٩ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝١٠ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى

دیکھا جو منع کرتا ہے ایک بندے کو جبکہ وہ نماز پڑھتا ہے بھلا دیکھو تو سہی اگر وہ

الْهُدٰٓى ۝١١ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝١٢ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝١٣

راہ پر ہوتا یا پرہیزگاری سکھاتا بھلا دیکھو تو سہی اگر اس نے جھٹلایا اور منہ موڑ لیا

اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝١٤ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۵

تو کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ دیکھ رہا ہے ہرگز ایسا نہیں چاہیئے اگر وہ باز نہ آیا

### ربط آیات

(۶ء) ایمان دار خلقت کے لحاظ سے بھی بہتر اور نتائج کے لحاظ سے بھی بہتر ہوں گے (۷۔۸) تمہیں اب تک قیامت کا یقین نہیں آتا۔ کیا اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین نہیں ہے کہ جو چاہے کرے۔

ع ۱
۲۰

### سُوْرَةُ الْعَلَقِ

(۱۔۲) اس رب کے نام سے پڑھ جس نے انسان کو بنایا (۳) پڑھ اور تیرا رب بڑا معزز ہے۔ (۴) جس نے انسان کو قلم کے ذریعہ سے علوم سکھائے (۵) انسان کو جن چیزوں کا علم نہیں تھا وہ سکھائیں (۶۔۷) انسان اپنے آپ کو مستغنی خیال کر کے سرکش ہو جاتا ہے (۸) حالانکہ اس کا رجوع اللہ تعالیٰ کے ہاں ہونے والا ہے (۹۔۱۰) کیا اس معاند حق کو آپ نے دیکھا (۱۱۔۱۲) بجائے حالت سابقہ کے یہ بہتر ہوتی تو اس کے لئے مفید تھی (۱۳۔۱۴) تکذیب کے وقت اسے یہ خیال نہیں آیا کہ مالک الملک دیکھ رہا ہے۔

**خلاصہ**

آپ تبلیغ کے لئے کمربستہ رہیں اور دشمنِ اسلام کی سرکوبی ہمارے سپرد کیجئے۔

ماخذ: (۱) آیت ۱ تا ۵۔ (۲) آیت ۱۵ ۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ﴿۱۷﴾

تو ہم پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے پیشانی جھوٹی خطاکار پس وہ اپنی مجلس والوں کو بلالے

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿۱۸﴾ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾ السجدۃ

ہم بھی مؤکلین دوزخ کو بلالیں گے ہرگز ایسا نہیں چاہیے آپ اس کا کہا نہ مانیے اور سجدہ کیجیے اور قرب حاصل کیجیے

## سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ (۹۷) آیاتہا ۵ رکوعہا ۱ (۲۵)

آیتیں ۵ سورت قدر مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ

بیشک ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں اتارا ہے اور آپ کو کیا معلوم کہ شب قدر

الْقَدْرِ ﴿۲﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿۳﴾

کیا ہے شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ

اس میں فرشتے اور روح نازل ہوتے ہیں اپنے رب کے حکم سے ہر کام

كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾ ع

پر وہ صبح روشن ہونے تک سلامتی کی رات ہے

## سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ (۹۸) آیاتہا ۸ رکوعہا ۱ (۱۰۰)

آیتیں ۸ سورت بیّنہ مدنی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب میں سے کافر اور مشرک لوگ باز آنے والے نہیں تھے

### ربط آیات

(۱۵-۱۶) اگر یہ اپنی ناشائستہ حرکتوں سے باز نہ آیا تو اسے پیشانی کے بل گھسیٹ کر دوزخ میں پھینک دیں گے (۱۷) تا (۱۹) یہ بھی اپنے مجلسیوں کو بلائے ہم بھی دوزخ کے فرشتوں کو اس کے لئے بلالیں گے۔ آپ خدا تعالیٰ سے اپنا تعلق درست رکھیں اور ان کی پرواہ نہ کریں۔

**خلاصہ**

لیلۃ القدر میں قرآن مجید کا نزول لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر ہوا اور پھر تھوڑا تھوڑا حسب ضرورت نازل ہوتا رہا۔

ماخذ آیت ۱ تا ۵

### سورۃ القدر

(۱) اس قرآن حکیم کا نزول لیلۃ القدر میں ہوا ہے۔ لہٰذا اس مبارک رات کی برکتوں کا یہ حال ہے (۲ تا ۵) لیلۃ القدر کی بارگاہ الٰہی میں بہ قدر ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

مُنفَكِّينَ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ① رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُو

یہاں تک کہ ان کے پاس کھلی دلیل آئے یعنی ایک رسول اللہ کی طرف سے آئے جو ایک

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ② فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ③ وَمَا تَفَرَّقَ

صحیفے پڑھ کر سنائے جن میں درست مضامین لکھے ہوں اور اہل کتاب نے جو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ④

اختلاف کیا تو واضح دلیل آنے کے بعد

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ

اور انہیں صرف یہی حکم دیا گیا تھا کہ اللہ کی عبادت کریں ایک رخ ہو کر خالص اسی کی اطاعت کی نیت سے

وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ⑤

اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اور یہی محکم دین ہے

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي

بیشک جو لوگ اہل کتاب میں سے منکر ہوئے اور مشرکین وہ دوزخ

نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ أُولَٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ⑥

کی آگ میں ہوں گے اس میں ہمیشہ رہیں گے یہی لوگ بدترین مخلوقات ہیں

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے یہی لوگ بہترین

الْبَرِيَّةِ ⑦ جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي

مخلوقات ہیں ان کا بدلہ ان کے رب کے ہاں ہمیشہ رہنے کے بہشت ہیں ان کے نیچے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَّضِيَ اللَّهُ

نہریں بہتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے

عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ⑧ ع ١ ٢٢

راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوگئے یہ اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے۔

## ربط آیات

### سورۃ البینہ

(١-٢) اہل کتاب اور مشرک ابھی

**خلاصہ**

ضرورت بعثت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام (١) آپ کا دین اور ایمان سابقہ ادیان سے متفق ہے تعلیم اسلام کے (٢) مومن خیر البریہ اور مخالف شر البریہ ہیں (١) تا حنفاء (١) آیت ١ (٢) آیت ٥- (٣) آیت ٦-٧۔

تک غرور اور کفر سے باز آنے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس اللہ تعالیٰ کا رسول نہ آتا (٣) رسول ایسے صحیفے پڑھ کر سناتا ہے جن میں احکام محکم و صحیح لکھا ہیں (٤) اہل کتاب جو منکر رسول کے آنے کے بعد مختلف گروہ بن گئے (٥) حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم اصولاً ان کی سابقہ تعلیم سے متحد ہے (٦) نہ ماننے والوں کا ٹھکانا دوزخ اور وہ بدترین مخلوقات ہیں (٧) ایمان لانے والے بہترین مخلوقات ہیں (٨) اور ان کی جزا خیر جنت اور رضائے الٰہی ہے۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتها ۸ (۹۹) سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ (۹۳) رکوعها ۱

آیتیں ۸ سورت زلزال مدنی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ① وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ
جب زمین بڑے زور سے ہلا دی جائے گی اور زمین اپنے بوجھ نکال
اَثْقَالَهَا ② وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ③ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ
پھینکے گی اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہو گیا اس دن وہ اپنی خبریں بیان
اَخْبَارَهَا ④ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ⑤ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ
کرے گی اس لئے کہ آپکا رب اس کو حکم دے گا اس دن لوگ مختلف حالتوں میں
اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ⑥ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ
لوٹیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں پھر جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہے وہ اس
خَيْرًا يَّرَهٗ ⑦ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ⑧ ع ۱ / ۲۲
کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہے وہ اس کو دیکھ لے گا

آیاتها ۱۱ (۱۰۰) سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (۱۴) رکوعها ۱

آیتیں ۱۱ سورۃ عدیت مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ① فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ② فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ③
ان گھوڑوں کی قسم جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں پھر پتھروں پر ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں پھر صبح کے وقت دھاوا کرتے ہیں
فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ④ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ⑤ اِنَّ الْاِنْسَانَ
پھر اس وقت غبار اڑاتے ہیں پھر اس وقت دشمنوں کی جماعت میں جا گھستے ہیں بیشک انسان

**ربط آیات**

**سورۃ الزلزال**

۱، ۲ قیامت کے دن زلزلہ آئیگا اس سے سارے آدمی زمین سے باہر آجائیں گے ۳ انسان تعجب

خلاصہ
ابتداء و خاتمہ قیامت۔
ماخذ آیت ۱ تا ۸

کرے گا ۴ اس دن زمین سارے حالات بیان کرے گی ۵ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسے حکم ہوگا ۶ اس دن لوگ قبروں سے اٹھ کر مختلف گروہ ہو کر محشر میں آئیں گے (۷، ۸) فیصلہ اس طرح ہوگا۔

**سورۃ العدیت**

۱ تا ۵ گھوڑے کے ان حالات میں غور کرنے سے معلوم ہو جائیگا

خلاصہ
میثاق، مزاج، سبب، مرض، علاج، مرض
ماخذ (۱) آیت ۶ (۲) آیت ۷
(۳) آیت ۹



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ ﴿٦﴾ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ ﴿٧﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ
اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے اور بیشک وہ اس بات پر خود شاہد ہے اور بیشک وہ مال کی محبت میں

لَشَدِيْدٌ ؕ ﴿٨﴾ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۙ ﴿٩﴾ وَحُصِّلَ
بڑا سخت ہے پس کیا وہ نہیں جانتا جب اکھاڑ جائے گا جو کچھ قبروں میں ہے اور جو دلوں میں ہے

مَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ ﴿١٠﴾ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ﴿١١﴾ ع
وہ ظاہر کیا جائے گا بیشک ان کا رب ان سے اس دن خوب خبردار ہوگا

آیاتہا ١١ (١٠١) سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ (٣٠) رکوعہا ١
آیتیں سورت قارعہ مکی ہے رکوع ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ۙ ﴿١﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ ﴿٢﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ؕ ﴿٣﴾
کھڑکھڑانے والی وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے اور آپ کو کیا خبر کہ وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ ﴿٤﴾ وَ
جس دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے اور

تَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ؕ ﴿٥﴾ فَاَمَّا مَنْ
پہاڑ رنگی ہوئی دھنی ہوئی اون کی طرح ہوں گے تو جس کے اعمال (نیک)

ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ؕ ﴿٧﴾ وَ
تول میں زیادہ ہوں گے تو وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا اور

اَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ ﴿٨﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ ﴿٩﴾
جس کے اعمال (نیک) تول میں کم ہوں گے تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ؕ ﴿١٠﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾ ع
اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ کیا چیز ہے وہ دہکتی ہوئی آگ ہے

ع ١١ / ٢٥

ع ١ / ٢٦

## ربط آیات

(٦) کہ انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے (٧) اور وہ اس پر گواہ ہے (٨) ناشکری کا باعث حب مال ہے (٩ تا ١١) تذکیر مابعد الموت تاکہ انسان اپنی اصلاح کرے۔

سُورۃ القارعہ

(١ تا ٣) قیامت کی عظمت شان کے لئے بار بار سوال کیا گیا ہے

| |
|---|
| خلاصہ |
| بیان واقعہ قیامت |
| ماخذ آیت ١ تا ٩ |

(٤) قیامت کے دن انسان کی یہ حالت ہوگی (٥) اور پہاڑوں کی یہ حالت ہوگی (٦-٧) اعمال صالحہ جن کے زیادہ ہوں گے ان کی یہ جزا ہوگی (٨ تا ١١) اور جن کے برے اعمال غالب ہوں گے ان کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

آیاتہا ۸ (۱۰۲) سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ (۱۶) رکوعہا ۱

آیتیں ۸ سُورت تکاثر مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝۱ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝۲ كَلَّا

تمہیں حرص نے غافل کر دیا یہاں تک کہ قبریں جا دیکھیں ایسا نہیں چاہیے

سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۳ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۴

آئندہ تم جان لو گے پھر ایسا نہیں چاہیے آئندہ تم جان لو گے

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝۵ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝۶

ایسا نہیں چاہیے کاش تم یقینی طور پر جانتے البتہ تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝۷ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ

پھر تم اسے ضرور بالکل یقینی طور پر دیکھو گے پھر اس دن تم سے

يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝۸ ع

نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا

ع ۱ / ۲۷

آیاتہا ۳ (۱۰۳) سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ (۱۳) رکوعہا ۱

آیتیں ۳ سُورت العصر مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

زمانہ کی قسم ہے بیشک انسان گھاٹے میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳ ع

نیک کام کیے اور حق پر قائم رہنے کی اور صبر کرنے کی آپس میں وصیت کرتے رہے

ع ۱ / ۲۸

## ربط آیات

### سُورۃ التکاثر

(۱) فرض منصبی سے غافل کرنے والی چیز کثرت طلبی مال ہے (۲) اور یہ غفلت عموماً موت تک رہتی ہے (۳، ۴) اس غلطی کا تمہیں عنقریب احساس ہو جائے گا۔ (۵، ۶) اگر ان ارشادات الٰہیہ پر یقین کرتے تو تمہیں ایسا معلوم ہوتا کہ گویا دوزخ سامنے ہے (۷) پھر مرنے کے بعد اسے اپنی آنکھوں سے بخوبی مشاہدہ کر لیتے (۸) یاد رکھو قیامت کے دن تم سے تمام نعمتوں کے متعلق حساب لیا جائے گا۔

خلاصہ
فرض منصبی سے غافل کرنے والا مرض تکاثر اموال ہے۔
ماخذ آیت ۱

### سُورۃ العصر

(۱۔۲) زمانہ گواہ ہے کہ انسان نے ہمیشہ نقصان اٹھایا (۳) مگر ان اصول اربعہ کے پابند ہمیشہ کامیاب ہوئے۔

خلاصہ
تقوم عالم کی کامیابی کے اصول اربعہ
ماخذ آیت ۰۳



ALMARIFAT
1015
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

## سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ۹ — (۱۰۴) — (۳۲) — رکوعہا ۱

آیتیں ۹ — سورت ہُمزہ مکی ہے — رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۨ ۝١ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا

ہر غیبت کرنے والے طعنہ دینے والے کے لئے ہلاکت ہے جو مال کو جمع کرتا ہے

وَّعَدَّدَهٗ ۝٢ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝٣ كَلَّا

اور اسے گنتا رہتا ہے وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اسے سدا رکھے گا ہرگز نہیں

لَيُنْۢبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ ۝٤ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝٥

وہ ضرور حطمہ میں پھینکا جائے گا اور آپ کو کیا معلوم حطمہ کیا ہے

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧

وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے جو دلوں تک جا پہنچتی ہے

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩ ع

بیشک وہ ان پر چاروں طرف سے بند کردی جائے گی لمبے لمبے ستونوں میں

## سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ۵ — (۱۰۵) — (۱۹) — رکوعہا ۱

آیتیں ۵ — سورت فیل مکی ہے — رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝١

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں سے کیا برتاؤ کیا

اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِىْ تَضْلِيْلٍ ۝٢ وَّاَرْسَلَ

کیا اس نے ان کی تدبیر کو بے کار نہیں بنا دیا تھا اور اس نے

### ربط آیات

**سورۃ الھمزہ**

(۱) ان بری صفتوں والے کے لئے ہلاکت ہے (۲)

**خلاصہ**

زر پرستوں سے سلوک الٰہی۔

ماخذ آیت ۱، ۲

جسے اخلاق مطلوب نہیں ہیں جمع مال زندگی کا مقصد ہے خواہ بد اخلاقی سے ہو۔ (۳) یہ مال کو ہر مصیبت کا علاج خیال کرتا ہے (۴) اس کا یہ خیال غلط ہے بلکہ یہ شخص اور اس کا مال دونوں دوزخ میں جائیں گے۔ (۵-۶) حطمہ دوزخ کا نام ہے (۷) چونکہ دل سب زیادہ مجرم ہے اس لئے دل پر اس کا اثر ہوگا۔ (۸-۹) وہ آگ لمبے لمبے ستونوں میں بند کی جاوے گی تاکہ زیادہ تکلیف ہو۔

ع ۱ ۲۹

**سورۃ الفیل**

(۱) تمہیں معلوم نہیں کہ تیرے رب نے اصحاب فیل کے ساتھ کیا سلوک کیا (۲) کیا دین کعبہ کے متعلق ان کی تدابیر بیکار نہ کردی تھیں۔

**خلاصہ**

توہین شعائر اللہ سے دائمی ذلت کا لزوم۔

ماخذ آیت ۱۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝٣ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٤

ان پر غول کے غول پرندے بھیجے جہاں پر پتھر کنکر کی قسم کے پھینکتے تھے

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

پھر انہیں کھائے ہوئے بھس کی طرح کر ڈالا

اٰیاتها ۴ سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ (۲۹) ۱۰۶ رکوعها ۱

آیتیں ۴ سورت قریش مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ

اس لئے کہ قریش کو مانوس کر دیا ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس

الصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝٣

کرنے کے باعث ان کو اس گھر کے مالک کی عبادت کرنی چاہیئے

الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٤

جس نے ان کو بھوک میں کھلایا اور ان کو خوف سے امن دیا

اٰیاتها ۷ سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ (۱۷) ۱۰۷ رکوعها ۱

آیتیں ۷ سورت ماعون مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝١ فَذٰلِكَ

کیا آپ نے اس کو دیکھا جو روز جزا کو جھٹلاتا ہے پس، وہ

الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝٢ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ

وہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور مسکین کو کھانا کھلانے کی

**ربط آیات**

(۳ تا ۵) اور ان پر عذاب نازل ہوا تھا۔

ع ۳۰ | ع ۳۱

**سورۃ القریش**

**خلاصہ**

قریش پر خصوصی احسانات کرام و شرفا، عظام

ماخذ آیت ۲-۳-۴

(۱-۲) قریش پر اللہ تعالیٰ کا یہ احسان ہے (۳-۴) اس لئے ان کا فرض منصبی ہے کہ اس گھر کے رب کی عبادت کریں۔

**خلاصہ**

اوصاف مکذبین قیامت۔

ماخذ آیت ۱ تا ۳

**سورۃ الماعون**

(۱ تا ۳) منکرین قیامت کے یہ اوصاف ہیں۔



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

الْمِسْكِيْنِ ۞ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۞ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ

ترغیب نہیں دیتا پس ان نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے جو اپنی نماز

صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۞ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۞

سے غافل ہیں جو دکھلاوا کرتے ہیں

وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۞

اور برتنے کی چیز تک روکتے ہیں

**ربط آیات**

(۳) پچھلے صفحہ پر۔ (۴ تا ۷) نمازی ہو کر اگر خلق خدا تعالیٰ کی دل آزاری کرے اور اس کی حقیر سی خدمت بھی نہ کرے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس نے نماز کا مقصد ہی نہیں سمجھا اور یہ بھی مکذب کی طرح دوزخ میں جائے گا۔

ع ۱ ۳۲

## سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ۳ (۱۰۸) (۱۵) رکوعہا ۱

آیتیں ۳ سورت کوثر کی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۞ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۞

بے شک ہم نے آپ کو کوثر دی پس اپنے رب کے لئے نماز پڑھیے اور قربانی کیجئے

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۞

بے شک آپ کا دشمن ہی بے نام و نشان ہے

**سُورۃ الکوثر**

(۱) ہم نے آپ کو خیر کثیر (قرآن حکیم) عطا فرمایا ہے۔ (۲) لہٰذا یہ کام بالالتزام کیجئے (۳) آپ کے دشمن ہی ذلیل و رسوا ہوں گے اور ان کی تحریک خود بخود فنا ہو جائے گی۔

| خلاصہ |
|---|
| وصول ہزیمت اعدائے اسلام۔ |
| ماخذ آیت ۳۰۲ |

ع ۱ ۳۰

## سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

آیاتہا ۶ (۱۰۹) (۱۸) رکوعہا ۱

آیتیں ۶ سورت کافرون کی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۞ لَآ اَعْبُدُ مَا

کہہ دو اے کافرو نہ تو میں تمہارے معبودوں

تَعْبُدُوْنَ ۞ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۞

کی عبادت کرتا ہوں اور نہ تم ہی میرے معبود کی عبادت کرتے ہو

**سُورۃ الکٰفرون**

(۱ - ۲) اے کافرو مجھے تمہارا مسلک ہرگز پسند نہیں (۳) اور نہ تمہیں میرا مسلک پسند ہے۔

| خلاصہ |
|---|
| مقاطعہ عن الکفار۔ |
| ماخذ آیت ۶ |



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
اور نہ میں تمہارے معبودوں کی عبادت کروں گا اور نہ تم میرے معبود کی عبادت

مَآ اَعْبُدُ ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾ ع
کروگے تمہارے لئے تمہارا دین ہے اور میرے لئے میرا دین

| رکوعها ۱ | (۱۱۴) | سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ | (۱۱۰) | اٰياتها ۳ |
|---|---|---|---|---|

آیتیں ۳ سورت نصر مدنی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿۱﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ
جب اللہ کی مدد اور فتح آ چکی اور آپ نے لوگوں کو اللہ کے

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ
دین میں جوق در جوق داخل ہوتے دیکھ لیا تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾ ع
کیجیے اور اس سے معافی مانگیے بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے

| رکوعها ۱ | (۶) | سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ | (۱۱۱) | اٰياتها ۵ |
|---|---|---|---|---|

آیتیں ۵ سورت لہب مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿۱﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ
ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوگیا اس کا مال اور جو کچھ اس نے کمایا

وَمَا كَسَبَ ﴿۲﴾ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴿۳﴾ وَّامْرَاَتُهٗ
اس کے کام نہ آیا وہ بھڑکتی ہوئی آگ میں پڑے گا اور اس کی عورت بھی



---

**ربط آیات**

(۴) اور نہ آئندہ مجھ سے تمہارے مسلک شرک سے کبھی اتفاق ہو سکتا ہے۔ (۵) اور نہ یہ توقع بھی نظر نہیں آتی کہ تم شرک سے باز آجاؤ گے (۶) لہٰذا آئندہ میرا تمہارا قطع تعلق ہے۔

ع ۱ ۲۲

**سورۃ النصر**

(۱-۲) جب اسلام اس درجہ مکمل غالب آجائے (۳) تو پھر آپ تسبیح و تحمید و استغفار میں شاغل ہوں اور حضور الٰہی میں حاضری کے لئے تیار ہو جائیں۔

**خلاصہ**
رسول اللہ صلعم کی کامیاب زندگی کی مدد اور انتقال پر ملال کی خبر دی گئی
ماخذ آیت ۱ تا ۳۔

ع ۱ ۲۵

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

**سورۃ اللھب**

(۱) ابولہب عداوت اسلام کے باعث ہلاک ہوا۔ (۲) اور اس کے مال و متاع نے اسے عذاب الٰہی سے نہیں بچایا (۳) عنقریب دوزخ میں داخل ہو جائے گا۔

**خلاصہ**
تبلیغ حق میں مدِ مقابل ابی لہب میں داخل ہے
ماخذ آیت ۱۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝۴ فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝۵

جو ایندھن اٹھائے پھرتی تھی اس کی گردن میں مونج کی رسّی ہے

اٰیاتھا ۴ سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ (۱۱۲) (۲۲) رکوعھا ۱

آیتیں ۴ سورت اخلاص مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ

کہہ دو وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد ہے

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور اس کے برابر کا کوئی نہیں ہے

اٰیاتھا ۵ سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ (۱۱۳) (۲۰) رکوعھا ۱

آیتیں ۵ سورت فلق مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا

کہہ دو صبح کے پیدا کرنے والے کی پناہ مانگتا ہوں اس کی مخلوقات کے

خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ

شر سے اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے اور گرہوں

شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

میں پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے

اِذَا حَسَدَ ۝۵

جب وہ حسد کرے

منزل ۷

---

ربط آیات

(۴) اور اس کی بیوی بھی اپنی عداوت اسلام کے باعث (۵) دوزخ میں اس کی یہ حالت ہوگی۔

سُورۃ الاخلاص

**خلاصہ**
حق تعالیٰ توحید اسلام کا ذکر۔ ماخذ آیت ۱ تا ۴۔

(۱) اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے (۲) وہ سب سے بے نیاز ہے (۳، ۴) نہ اس کا کوئی مولود ہے نہ والد نہ کوئی عزیز و قریب۔

سُورۃ الفلق

(۱) جس خالق نے انسان کو بنایا ہے جسمانی ضرر رسانوں سے بچنے کے لئے اس کی

**خلاصہ**
مضرات جسمانی سے بچ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کی تلقین۔ ماخذ آیت ۱ تا ۵۔

پناہ میں آنے کی تلقین، (۲) تا (۵) تفصیل اشیاء ضارہ۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

اٰیَاتُہَا ۶ سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ ۲۱ ۱۱۴ رُکُوْعُہَا ۱

آیتیں ۶ سورت ناس مکی ہے رکوع ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳

کہہ دو میں لوگوں کے رب کی پناہ میں آیا لوگوں کے بادشاہ کی لوگوں کے معبود کی

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ

اس شیطان کے شر سے جو وسوسہ ڈال کر چھپ جاتا ہے جو لوگوں کے سینوں میں

فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

وسوسہ ڈالتا ہے جنوں اور انسانوں میں سے

# دُعَاءُ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

دُعائے ختم القرآن

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ. اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَ

اے خدا! میری قبر میں میری پریشانی کو دور فرما اور قرآن عظیم کے وسیلہ سے مجھ پر رحم فرما اور

اجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً. اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا

قرآن کو میرے لئے پیشوا، باعث نور اور سبب ہدایت و رحمت فرما اور قرآن میں سے جو کچھ میں

نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ الَّيْلِ وَ

بھول گیا ہوں یاد دلا اور جو کچھ قرآن میں میں نہیں جانتا وہ سکھا دے اور رات دن مجھے اس کی تلاوت

اٰنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ.

نصیب کر اور قیامت کے روز اس کو میرے لئے دلیل بنا اے عالم کے پرورش کرنے والے میری یہ دعا قبول فرما

ربط آیات

سورۃ النّاس

(۱ تا ۶) دونوں قسم کے شیطانوں (جن اور انسان) سے بچنے کے لئے رب ناس کی پناہ لینے کی تعلیم۔

خلاصہ

معوذات روحانی سے بچ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کی تعلیم

ماخذ آیت (۱ تا ۶)۔

ملک الناس، الٰہ الناس کی پناہ لینے کی تعلیم۔

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

Downloaded from ..:: Al-marifat.org ::..



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بسم اللہ تعالیٰ

لی کہ قرآن مجید مترجم حضرت الامام لاہوری قدس سرہ،

لی انتظار کے بعد پھر تیار ہو گیا ہے۔

تصحیح میں امکانی حد تک بھرپور کوشش کی گئی، اس

میں کوئی کمی بیشی نظر آئے، تو اطلاع دے کر

رمائیں۔

ناظمِ انجمن

Downloaded from ...: Al-marifat.org :...
ALMARIFAT
Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بسم اللہ تعالیٰ

الحمد للہ تعالیٰ کہ قرآنِ مجید مترجم حضرت الامام لاہوری قدس سرہ،

ایک عرصہ کی انتظار کے بعد پھر تیار ہو گیا ہے۔

متن و ترجمہ کی تصحیح میں امکانی حد تک بھرپور کوشش کی گئی، اس

کے باوجود کہیں کوئی کمی بیشی نظر آئے، تو اطلاع دے کر

مشکور فرمائیں۔

ناظمِ انجمن



Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

# انجمن خدام الدین لاہور پاکستان

ایکٹ ایل، آئی، وی مجریہ ۱۹۷۳ء کے تحت بطور ناشر قرآن

باقاعدہ رجسٹرڈ ادارہ ہے۔ جس کا رجسٹریشن ۶۶ ہے۔ بذریعہ

چٹھی نمبری ڈی، یو، اے ۲ (۱۴) الیف (۷۴) ۳۹۸۹

ر، ن، ق ۱۶۶ ———— ۲۷۔دسمبر ۱۹۷۴

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حَامِدًا وَّ مُصَلِّیًا وَّ مُسَلِّمًا

امّا بعد

# قولہ تعالیٰ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَخُوۡنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوۡلَ وَ تَخُوۡنُوۡۤا اَمٰنٰتِكُمۡ وَ اَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۝ سورۃ الانفال آیت ۲۷

اللہ تعالیٰ نے بندہ سے قرآنِ حکیم کی ایک نئی خدمت لی ہے یعنی ہر سورۃ کا عنوان ہر رکوع کا خلاصہ اس کا ماخذ اور بالالتزام ربطِ آیات میں نے اس کا حقِ تصنیف انجمنِ خدام الدین کو دیدیا ہے تاکہ بوقتِ ضرورت ہر دفعہ عمدہ طور پر طبع کرا کر خلق اللہ کے ہاتھوں میں پہنچایا جائے اور اس کا نفع دوسرے دینی کاموں میں لگایا جائے اور بغرضِ تجارت جلبِ زر کرنے والے ہاتھوں میں یہ چیز نہ جائے۔ لہٰذا سوائے انجمنِ موصوف کے کسی صاحب کو ان مضامین کے شائع کرنے کی اجازت نہیں

احقر الانام

احمد علی عفی عنہ

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24

جس قرآنِ مجید پر انجمن خدام الدین کا رجسٹر نمبر
اور امیرِ انجمن کے قلمی دستخط نہ ہوں
وہ سرقہ سمجھا جائے

رجسٹرڈ نمبر ۱۲۰۷

دستخط

انجمن خدام الدین شیرانوالہ دروازہ۔ لاہور۔ پاکستان

Downloaded From https://bit.ly/QuranAziz24